فہرست سنن ابوداؤد مترجم و محشی جلد دوم

باب	مضمون	صفحہ
	فہرست	۳

پارہ ــــ ۱۱

باب	مضمون	صفحہ
۱	اونٹ کو کیسے نحر کرے	۱۹
۲	احرام باندھنے کا وقت	۲۰
۳	حج میں شرط لگانا	۲۲
۴	حج مفرد کا بیان	〃
۵	حج قران کا بیان	۲۹
۶	حج کا احرام باندھ کر اسے عمرہ بنا لینا	۳۳
۷	دوسرے کی طرف سے حج کرنا	〃
۸	لبیک کیسے کہے	۳۵
۹	لبیک کہنا کب موقوف کرے	۳۶
۱۰	عمرہ کرنے والا لبیک کہنا کب موقوف کرے	〃
۱۱	احرام باندھنے والے کا اپنے غلام کو پیٹنا	۳۷
۱۲	محرم کا سلے ہوئے کپڑے اتارنا	〃
۱۳	محرم کیا پہنے	۳۹
۱۴	محرم کا ہتھیار اٹھانا	۴۰
۱۵	محرم کا اپنا منہ چھپانا	〃
۱۶	محرم پر سایہ کرنا	۴۲
۱۷	محرم کا پچھنے لگوانا	〃
۱۸	محرم کا سرمہ لگانا	〃
۱۹	محرم کا غسل کرنا	۴۳
۲۰	محرم کا نکاح کرنا	〃
۲۱	محرم کن جانوروں کو مار سکتا ہے	۴۵
۲۲	محرم کے لیے شکار کا گوشت	〃
۲۳	محرم کے لیے ٹڈی	۴۷
۲۴	فدیہ کا بیان	۴۸
۲۵	حج سے رُک جانا	۴۹
۲۶	مکہ مکرمہ میں داخل ہونا	۵۰
۲۷	بیت اللہ کو دیکھ کر ہاتھ اٹھانا	۵۱
۲۸	حجر اسود کو بوسہ دینا	۵۲
۲۹	ارکان کو ہاتھ لگانا	〃
۳۰	واجب طواف	۵۳
۳۱	طواف کے وقت اضطباع کرنا	۵۴
۳۲	دوڑنے کا بیان	۵۵
۳۳	طواف کے وقت دعا کرنا	۵۸
۳۴	عصر کے بعد طواف کرنا	〃
۳۵	قران والے کا طواف	〃
۳۶	ملتزم کا بیان	۵۹
۳۷	صفا و مروہ کے متعلق حکم	۶۰
۳۸	نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حج کا حال	۶۱
۳۹	عرفات میں ٹھہرنا	۶۸
۴۰	منیٰ کی طرف جانا	۶۹

پارہ ــــ ۱۲

باب	مضمون	صفحہ
۴۱	عرفات کے لیے نکلنا	۷۰

www.sirat-e-mustaqeem.com

باب	مضمون	صفحہ
۴۲	عرفات کی جانب روانہ ہونا	۷۰
۴۳	عرفات میں خطبہ دینا	۷۱
۴۴	عرفات میں ٹھہرنے کی جگہ	"
۴۵	عرفات سے لوٹنا	۷۲
۴۶	مزدلفہ کی نماز	۷۴
۴۷	مزدلفہ سے جلد لوٹنا	۷۸
۴۸	حج اکبر کا دن	۷۹
۴۹	حرمت والے مہینے	۸۰
۵۰	جس نے وقوفِ عرفات نہ پایا	"
۵۱	منیٰ میں اترنا	۸۱
۵۲	منیٰ میں کس روز خطبہ دیا جائے	"
۵۳	جس نے کہا کہ خطبہ یوم النحر کو دے	۸۲
۵۴	یوم النحر کو کس وقت خطبہ پڑھے	
۵۵	منیٰ کے خطبے میں امام کیا بیان کرے	۸۳
۵۶	منیٰ کی راتوں میں مکہ مکرمہ کے اندر رات گزارنا	"
۵۷	منیٰ کی نماز	"
۵۸	مکہ معظمہ والوں کا قصر پڑھنا	۸۴
۵۹	رمی جمار کا بیان	۸۵
۶۰	بال منڈوانا اور چھوٹے کروانا	۸۷
۶۱	عمرہ	۹۰
۶۲	عمرہ کا احرام باندھنے والی کو حیض آجائے تو عمرہ کو توڑ کر حج کا احرام باندھ لے۔ کیا وہ عمرے کی قضا ادا کرے گی۔	۹۴
۶۳	عمرے کے دوران اقامت	۹۵
۶۴	حج کا طواف افاضہ	"
۶۵	رخصت ہونا	۹۶
۶۶	حائضہ طواف افاضہ کے بعد نکلے	۹۷
۶۷	رخصت ہوتے وقت طواف کرنا	"

باب	مضمون	صفحہ
۶۸	محصب میں اترنا	۹۸
۶۹	حج میں کسی رکن کا آگے پیچھے ہو جانا	۱۰۰
۷۰	مکہ معظمہ کا بیان	۱۰۱
۷۱	مکہ معظمہ کو حرم بنانا	"
۷۲	سبیل نبیذ کا بیان	۱۰۲
۷۳	مکہ مکرمہ میں ٹھہرنا	۱۰۳
۷۴	کعبہ میں نماز پڑھنا	"
۷۵	کعبے کے مال کا بیان	۱۰۵
۷۶	مدینہ منورہ کی حاضری کا بیان	۱۰۶
۷۷	مدینہ منورہ کو حرم بنانا	"
۷۸	قبروں کی زیارت کرنا	۱۰۸

۷۔ کتاب النکاح

باب	مضمون	صفحہ
۷۹	نکاح کی رغبت دلانا	۱۱۱
۸۰	دیندار عورت سے نکاح کرنے کا حکم دیا گیا ہے	"
۸۱	کنواری لڑکیوں سے نکاح کا بیان	۱۱۲
۸۲	ارشادِ ربانی کہ زانی زانیہ سے نکاح کرے	"
۸۳	لونڈی کو آزاد کرکے اس کے ساتھ نکاح کر لینا	۱۱۳
۸۴	جو نسب سے حرام ہیں وہی رشتے رضاعت سے حرام ہو جاتے ہیں۔	"
۸۵	مرد سے دودھ کے رشتے کا بیان	۱۱۴
۸۶	بڑے آدمی کا دودھ پینا	"
۸۷	اس کے ذریعے حرمت	۱۱۵
۸۸	کیا پانچ دفعہ سے کم دودھ پلانے سے حرمت ثابت ہو جاتی ہے؟	۱۱۶
۸۹	دودھ چھڑاتے وقت انعام دینا	۱۱۷
۹۰	جن عورتوں کا جمع کرنا مناسب نہیں	"

www.sirat-e-mustaqeem.com

باب	مضمون	صفحہ
۹۱	نکاح متعہ کا بیان	۱۲۰
۹۲	شغار کا بیان	″
۹۳	حلالہ کا بیان	۱۲۱
۹۴	غلام کا مولیٰ کی اجازت کے بغیر نکاح کرنا	″
۹۵	اپنے بھائی کے پیغام پر پیغام دینا مناسب نہیں ہے	۱۲۲
۹۶	جس عورت سے نکاح کرنے کا ارادہ ہو اسے دیکھنا	″
۹۷	ولی کا بیان	″
۹۸	عورتوں کو نکاح سے روکنے کا بیان	۱۲۳

پارہ ——— ۱۳

باب	مضمون	صفحہ
۹۹	جب عورت کا نکاح دو ولی کریں	۱۲۵
۱۰۰	ارشاد باری تعالیٰ: تمہارے لیے جائز نہیں ہے کہ عورتوں کے زبردستی وارث بن جاؤ۔	″
۱۰۱	عورت سے اجازت لینا	۱۲۶
۱۰۲	جب کنواری لڑکی کا نکاح اس کا باپ اجازت لیے بغیر کردے۔	۱۲۷
۱۰۳	شوہر دیدہ کا بیان	۱۲۸
۱۰۴	کفو کا بیان	۱۲۹
۱۰۵	پیدائش سے پہلے نکاح کردینا	″
۱۰۶	مہر کا بیان	۱۳۰
۱۰۷	کم از کم مہر	۱۳۱
۱۰۸	کسی کام کے بدلے نکاح کرنا	۱۳۲
۱۰۹	کسی نے بغیر مہر مقرر کیے نکاح کیا اور مر گیا	۱۳۳
۱۱۰	خطبہ نکاح کا بیان	۱۳۵
۱۱۱	چھوٹی بچیوں کا نکاح کرنا	۱۳۷
۱۱۲	کنواری کے پاس کتنے دن رہے	″
۱۱۳	صحبت کرنے سے پہلے عورت کو کچھ دینے کا بیان	۱۳۸

باب	مضمون	صفحہ
۱۱۴	دولہا سے کیا کہنا چاہیئے	۱۳۹
۱۱۵	عورت سے نکاح کرے تو اسے حاملہ پائے	″
۱۱۶	عورتوں کے درمیان باری	۱۴۰
۱۱۷	جب عورت آدمی سے گھر کی شرط کرے	۱۴۲
۱۱۸	خاوند کا بیوی پر حق	″
۱۱۹	عورت کا اپنے خاوند پر حق	۱۴۴
۱۲۰	عورتوں کو پیٹنے کا بیان	۱۴۵
۱۲۱	نگاہیں نیچی رکھنے کا حکم	۱۴۶
۱۲۲	قیدی لونڈیوں سے صحبت کرنا	۱۴۸
۱۲۳	نکاح کے متفرق مسائل	۱۴۹
۱۲۴	حائضہ سے مباشرت کرنے کا بیان	۱۵۱
۱۲۵	حائضہ سے جماع کرنے کا کفارہ	۱۵۲
۱۲۶	عزل کا بیان	۱۵۳
۱۲۷	میاں بیوی کا دوسروں سے اپنی صحبت کا حال بیان کرنے کی کراہت	۱۵۴

۸۔ کتاب الطلاق

باب	مضمون	صفحہ
۱۲۸	طلاق کے احکام	۱۵۷
۱۲۹	جو بیوی کو اس کے خاوند سے دل برداشتہ کرے	″
۱۳۰	جو عورت اپنے ہونے والے خاوند سے اس کی بیوی کی طلاق کا مطالبہ کرے۔	″
۱۳۱	طلاق کی برائی کا بیان	۱۵۹
۱۳۲	طلاق کا مسنون طریقہ	″
۱۳۳	تین طلاقوں کے بعد مراجعت نہیں ہو سکتی	۱۶۰
۱۳۴	غلام کی طلاق کا مسنون طریقہ	۱۶۱
۱۳۵	نکاح سے پہلے طلاق دینا	۱۶۲
۱۳۶	غصے میں طلاق دینا	″

باب	مضمون	صفحہ
۱۳۷	ہنسی مذاق میں طلاق دینا	۱۶۳
۱۳۸	تین طلاقوں کے بعد مراجعت نہ ہونے کا باقی بیان	〃
۱۳۹	طلاق کا کنایہ اور نیتوں کا بیان	۱۶۹
۱۴۰	عورت کو اختیار دینا	۱۷۰
۱۴۱	کہنا کہ تیرا معاملہ تیرے ہاتھ میں ہے	〃
۱۴۲	تین طلاقوں کا بیان	〃
۱۴۳	طلاق کے وسوسے کا بیان	۱۷۱
۱۴۴	آدمی کا اپنی بیوی کو بہن کہہ دینا	〃
۱۴۵	ظہار کا بیان	۱۷۳
۱۴۶	خلع کا بیان	۱۷۶

پارہ ــــــ ۱۴

باب	مضمون	صفحہ
۱۴۷	لونڈی کا آزاد ہونا جو آزاد یا غلام کے قبضے میں تھی	۱۷۹
۱۴۸	جس نے اسے آزاد کہا ہے	۱۸۰
۱۴۹	عورت کے لیے کب تک اختیار ہے	〃
۱۵۰	میاں بیوی دونوں اکٹھے آزاد ہوں تو کیا عورت کو اختیار ہوگا؟	۱۸۱
۱۵۱	جب میاں بیوی میں سے ایک مسلمان ہو جائے	〃
۱۵۲	عورت کب تک اس کی طرف لوٹائی جا سکتی ہے جبکہ مرد عورت کے بعد مسلمان ہو؟	۱۸۲
۱۵۳	جو اسلام قبول کرلے اور اس کی چار سے زیادہ بیویاں ہوں۔	〃
۱۵۴	جب ماں باپ میں سے ایک مسلمان ہو جائے تو اولاد کس کے پاس رہے گی؟	۱۸۳
۱۵۵	لعان کا بیان	۱۸۴
۱۵۶	جب لڑکے کے متعلق شک ہو	۱۹۱
۱۵۷	نسب سے انکار کرنے کی ممانعت	۱۹۲

باب	مضمون	صفحہ
۱۵۸	ولد الزنا ہونے کا دعویٰ کرنا	۱۹۳
۱۵۹	قیافہ کا بیان	۱۹۴
۱۶۰	لڑکے کے متعلق جھگڑا ہو تو قرعہ ڈالا جائے	〃
۱۶۱	دورِ جاہلیت میں نکاح کن کن طریقوں سے ہوتے تھے۔	۱۹۵
۱۶۲	لڑکا اسی کا ہے جس کے بستر پر ہوا	۱۹۶
۱۶۳	لڑکے کا زیادہ حقدار کون ہے	۱۹۸
۱۶۴	مطلقہ کی عدت کا بیان	۲۰۰
۱۶۵	مطلقات کی عدت سے جو منسوخ ہو کر مستثنیٰ ہوا	〃
۱۶۶	رجعت کا بیان	〃
۱۶۷	طلاق بتہ والی کے نفقے کا بیان	۲۰۱
۱۶۸	جس نے فاطمہ کی اس بات کا انکار کیا	۲۰۴
۱۶۹	طلاق بتہ والی کا دن میں نکلنا	۲۰۶
۱۷۰	متوفی کے مال سے فائدہ پہنچانا میراث کے حکم سے منسوخ ہو گیا۔	〃
۱۷۱	بیوی کو اپنے خاوند کا سوگ کرنا	〃
۱۷۲	کیا متوفی کی بیوی مکان بدل سکتی ہے	۲۰۸
۱۷۳	جس نے مکان بدلنا جائز کہا ہے	〃
۱۷۴	دورانِ عدت کن چیزوں سے بچنا چاہیئے	۲۰۹
۱۷۵	حاملہ کی عدت کا بیان	۲۱۰
۱۷۶	اُمِّ ولد کی عدت کا بیان	۲۱۲
۱۷۷	جس کو تین طلاقیں دی گئیں اس سے رجوع نہیں ہو سکتا یہاں تک کہ دوسرے خاوند سے نکاح کرے۔	〃
۱۷۸	زنا کا گناہ عظیم ہونا	〃

۹۔ کتاب الصیام

www.sirat-e-mustaqeem.com

باب	مضمون	صفحہ
١٧٩	روزے کیسے فرض ہوئے	٢١٣
١٨٠	صاحب استطاعت کے فدیے کا منسوخ ہونا	٢١٥
١٨١	جس نے کہا کہ فدیے کا حکم بوڑھے اور حاملہ کے لیے ثابت ہے۔	〃
١٨٢	مہینہ انتیس دنوں کا بھی ہوتا ہے	٢١٦
١٨٣	جب چاند دیکھنے میں لوگوں سے غلطی ہو جائے	٢١٧
١٨٤	جب رمضان کا چاند نظر نہ آئے	٢١٨
١٨٥	چاند نظر نہ آئے تو تیس روزے پورے کریں	〃
١٨٦	رمضان کی تیاری کا بیان	٢١٩
١٨٧	جب ایک شہر میں دوسرے سے ایک رات پہلے چاند دیکھا گیا۔	٢٢٠
١٨٨	یوم شک کے روزے کی کراہیت	〃
١٨٩	جو شعبان اور رمضان کے روزوں کو ملائے	٢٢١
١٩٠	اس کی کراہیت کا بیان	〃
١٩١	جب شوال کے چاند کی دو آدمی گواہی دیں	〃
١٩٢	رمضان کے چاند کی ایک گواہی کا بیان	٢٢٢
١٩٣	سحری کی تاکید	٢٢٣
١٩٤	جو سحری کو صبح کا کھانا کہے	٢٢٤

پارہ — ١٥

باب	مضمون	صفحہ
١٩٥	سحری کا وقت	٢٢٥
١٩٦	صبح کی اذان سے اور برتن ہاتھ میں ہو	٢٢٦
١٩٧	روزہ افطار کرنے کا وقت	٢٢٧
١٩٨	افطاری میں جلدی کرنا مستحب ہے	〃
١٩٩	کس چیز سے روزہ افطار کرے	٢٢٨
٢٠٠	افطار کے وقت کی دعا	٢٢٩
٢٠١	سورج غروب ہونے سے پہلے افطار کر لینا	〃
٢٠٢	وصال کے روزوں کا ذکر	٢٣٠
٢٠٣	روزہ دار کا غیبت کرنا	〃
٢٠٤	روزہ دار کا مسواک کرنا	٢٣١
٢٠٥	روزہ دار کا پیاس کے باعث اپنے اوپر پانی ڈالنا اور ناک میں پانی لیتے ہوئے مبالغہ کرنا۔	〃
٢٠٦	روزے دار کا پچھنے لگوانا	٢٣٢
٢٠٧	اس کی اجازت	٢٣٣
٢٠٨	رمضان میں روزہ دار کو اگر احتلام ہو جائے	٢٣٤
٢٠٩	سوتے وقت سرمہ لگانے کا بیان	〃
٢١٠	روزہ دار کا قصداً قے کرنا	٢٣٥
٢١١	روزہ دار کا بوسہ دینا	〃
٢١٢	روزہ دار کا رال نگلنا	٢٣٦
٢١٣	جوان آدمی کے لیے مکروہ ہونا	٢٣٧
٢١٤	جو رمضان میں حالت جنابت میں بیدار ہو	〃
٢١٥	رمضان میں بیوی سے صحبت کرنے کا کفارہ	٢٣٨
٢١٦	قصداً روزہ توڑنے کی سزا	٢٤١
٢١٧	جو بھول کر کھا بیٹھے	〃
٢١٨	روزوں کی قضا میں دیر کرنا	٢٤٢
٢١٩	جو فوت ہو جائے اور اس پر روزے ہوں	〃
٢٢٠	سفر میں روزے رکھنا	〃
٢٢١	جو سفر میں روزہ نہ رکھے	٢٤٤
٢٢٢	جو سفر میں روزے رکھے	٢٤٥
٢٢٣	مسافر کب روزہ رکھنا چھوڑے	٢٤٦
٢٢٤	کتنے سفر پر روزہ نہ رکھے؟	〃
٢٢٥	جو کہے کہ میں نے سارے رمضان کے روزے رکھے۔	٢٤٧
٢٢٦	عیدین کے روزے رکھنا	〃
٢٢٧	ایام تشریق کے روزے	٢٤٨

www.sirat-e-mustaqeem.com

باب	مضمون	صفحہ
٢٢٨	جمعہ کو روزے کے لیے خاص کر لینے کی ممانعت	٢٤٨
٢٢٩	ہفتے کو روزے کے لیے خاص کر لینے کی ممانعت	٢٤٩
٢٣٠	اس کی اجازت	//
٢٣١	ہمیشہ نفلی روزے رکھنا	٢٥٠
٢٣٢	حرمت والے مہینوں کے روزے رکھنا	٢٥١
٢٣٣	محرم کے روزے رکھنا	٢٥٢
٢٣٤	رجب کے روزے رکھنا	//
٢٣٥	شعبان کے روزے رکھنا	٢٥٣
٢٣٦	شوال کے چھ روزے رکھنا	//
٢٣٧	نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کیسے روزے رکھتے تھے۔	٢٥٤
٢٣٨	پیر اور جمعرات کے روزے کا بیان	//
٢٣٩	اس عشرہ کے روزے رکھنا	٢٥٥
٢٤٠	روزے نہ رکھنا	//
٢٤١	عرفہ کے روز عرفات میں روزہ رکھنا	//
٢٤٢	عاشورہ کے روز روزہ رکھنا	٢٥٦
٢٤٣	جس کے نزدیک عاشورہ نویں دن ہے	٢٥٧
٢٤٤	اس کے روزے کی فضیلت	//
٢٤٥	ایک دن روزہ رکھنا اور ایک دن نہ رکھنا	٢٥٨
٢٤٦	ہر مہینے میں تین روزے رکھنا	//
٢٤٧	جس نے کہا کہ پیر اور جمعرات کو روزہ رکھے	//
٢٤٨	جس نے کہا جس دن چاہے روزہ رکھے	٢٥٩
٢٤٩	روزے کی نیت کرنا	//
٢٥٠	اس کی اجازت	//
٢٥١	جس کے نزدیک روزے کی قضا ہے۔	٢٦٠
٢٥٢	عورت کا خاوند کی اجازت کے بغیر روزہ رکھنا	٢٦١
٢٥٣	جب روزہ دار کو ولیمہ میں بلایا جائے	٢٦٢
٢٥٤	اعتکاف	//
٢٥٥	اعتکاف کہاں کرے؟	٢٦٣
٢٥٦	معتکف کا قضائے حاجت کے لیے گھر میں داخل ہونا۔	//
٢٥٧	معتکف کو مریض کی عیادت کرنا	٢٦٥
٢٥٨	مستحاضہ اعتکاف کرسکتی ہے	٢٦٦

١٠۔ کتاب الجہاد

باب	مضمون	صفحہ
٢٥٩	ہجرت کا بیان	٢٦٧
٢٦٠	کیا ہجرت ختم ہو گئی ہے؟	//
٢٦١	شام کی سکونت	٢٦٨
٢٦٢	جہاد کا حکم دائمی ہے	٢٦٩
٢٦٣	جہاد کے ثواب کا بیان	//
٢٦٤	سیاحت کی ممانعت	٢٧٠
٢٦٥	جہاد سے لوٹنے کی فضیلت	//
٢٦٦	دیگر اقوام کے علاوہ رومیوں سے لڑنے کی فضیلت	//
٢٦٧	جہاد کے لیے بحری سفر	٢٧١

پارہ — ١٦

باب	مضمون	صفحہ
٢٦٨	کافر کو قتل کرنے کی فضیلت	٢٧٣
٢٦٩	مجاہدین کی بیویوں کا احترام	//
٢٧٠	مجاہدین کا مالِ غنیمت کے بغیر لوٹنا	٢٧٥
٢٧١	جہاد کے دوران ذکر الٰہی کی فضیلت	//
٢٧٢	جو جہاد کرتا ہوا مر جائے	//
٢٧٣	مورچہ بندی کی فضیلت	٢٧٦
٢٧٤	دورانِ جہاد پہرہ دینے کی فضیلت	//

www.sirat-e-mustaqeem.com

باب	مضمون	صفحہ	باب	مضمون	صفحہ
۲۷۵	جہاد ترک کرنے کی مذمت	۲۷۷	۳۰۲	گھوڑوں کے کونسے رنگ عمدہ ہیں	۲۹۳
۲۷۶	جہاد کی عام شمولیت کا خاص حکم سے منسوخ ہونا	۲۷۸	۳۰۳	ناپسندیدہ گھوڑے	۲۹۴
۲۷۷	عذر کے باعث جہاد میں شامل نہ ہونے کی اجازت	۲۷۹	۳۰۴	جانوروں اور مویشیوں کی خبر گیری کا حکم	۲۹۵
۲۷۸	دوسروں کو جہاد کا ثواب ملنا	۲۸۰	۳۰۵	منزلوں پر اترنا	۲۹۶
۲۷۹	شجاعت اور بزدلی کا بیان	۲۸۱	۳۰۶	گھوڑے کو تانت والے ہار پہنانا	۲۹۷
۲۸۰	ارشاد ربانی۔ اپنی جانوں کو اپنے ہاتھوں ہلاکت	"	۳۰۷	گھوڑوں کی مناسب دیکھ بھال	"
	میں نہ ڈالو۔		۳۰۸	گھنٹی لٹکانے کا بیان	"
۲۸۱	تیر اندازی کا بیان	"	۳۰۹	فضلہ خور جانور پر سوار ہونا	۲۹۸
۲۸۲	جو دنیا کے مال کی خاطر جہاد کرے	۲۸۲	۳۱۰	اپنی سواری کا نام رکھنا	"
۲۸۳	فضیلتِ شہادت	۲۸۳	۳۱۱	کوچ کے وقت	"
۲۸۴	جنت میں کون جائیں گے	۲۸۵	۳۱۲	جانور پر لعنت کرنے کی ممانعت	۲۹۹
۲۸۵	شہید شفاعت کرے گا	"	۳۱۳	جانوروں کو آپس میں لڑانا	"
۲۸۶	شہید کی قبر پر باران نور	۲۸۶	۳۱۴	جانوروں پر نشانی لگانا	"
۲۸۷	شہداء کے درجات	"	۳۱۵	چہرے پر نشانی لگانے اور مارنے کی ممانعت	"
۲۸۸	اجرت لے کر جہاد کرنا	"	۳۱۶	گدھے کو گھوڑی پر چڑھانے میں کراہیت ہے	۳۰۰
۲۸۹	اجرت لینے کی اجازت	۲۸۷	۳۱۷	تین آدمیوں کا ایک جانور پر سوار ہونا	"
۲۹۰	مجاہد کا خدمت کے لیے کسی کو اجرت پر لے جانا	"	۳۱۸	سواری پر بیکار لدے رہنا	"
۲۹۱	والدین کی ناراضگی کے باوجود جہاد کرنا	"	۳۱۹	کوتل اونٹوں کا بیان	۳۰۱
۲۹۲	عورتوں کا جہاد میں حصہ لینا	۲۸۸	۳۲۰	جلدی چلنے کا بیان	"
۲۹۳	ظالم حاکم کی معیت میں جہاد کرنا	۲۸۹	۳۲۱	اندھیرے میں چلنا	"
۲۹۴	دوسرے کی سواری کے سہارے جہاد کرنا	"	۳۲۲	جانور کا مالک آگے بیٹھنے کا زیادہ حقدار ہے	۳۰۲
۲۹۵	جو ثواب اور غنیمت کے لیے جہاد کرے	۲۹۰	۳۲۳	لڑائی میں جانور کی کونچیں کاٹ دینا	"
۲۹۶	جو اپنی جان خدا کو بیچ دے	"	۳۲۴	سبقت لے جانے کا بیان	۳۰۳
۲۹۷	جو مسلمان ہو اور راہ خدا میں مارا گیا	۲۹۱	۳۲۵	مرد سے سبقت لے جانا	"
۲۹۸	جو اپنے ہی ہتھیار سے مر جائے	"	۳۲۶	تیسرے کے شریک ہونے کا بیان	"
۲۹۹	تصادم کے وقت کی دعا	۲۹۲	۳۲۷	گھڑ دوڑ میں کسی کو اپنے گھوڑے کے پیچھے رکھنا	۳۰۴
۳۰۰	جو اللہ تعالیٰ سے شہادت مانگے	۲۹۳	۳۲۸	تلوار پر چاندی چڑھانا	"
۳۰۱	گھوڑوں کی پیشانی کے اور دم کے بال کاٹنے کی ممانعت	"	۳۲۹	تیر کمان لے کر مسجد میں داخل ہونا	۳۰۵

باب	مضمون	صفحہ
۳۳۰	ننگی تلوار دینے کی ممانعت	۳۰۵
۳۳۱	زرہ پہننے کا بیان	۳۰۶
۳۳۲	جھنڈے اور نشانات	〃
۳۳۳	بے کس اور بے بس لوگوں کے وسیلے سے مدد مانگنا	۳۰۷
۳۳۴	مقررہ نشانی کے ذریعے پکارنا	〃
۳۳۵	سفر کے وقت کیا دعا کرنی چاہیے	۳۰۸
۳۳۶	رخصت ہوتے وقت کی دعا	۳۰۹
۳۳۷	سوار ہوتے وقت کیا کہے	〃
۳۳۸	منزل پر اترتے وقت کیا کہے	۳۱۰
۳۳۹	رات کے ابتدائی حصے میں سفر کی کراہیت	〃
۳۴۰	کس روز سفر کرنا بہتر ہے	〃
۳۴۱	دن کے پہلے حصے میں سفر کرنا	۳۱۱
۳۴۲	جو تنہا سفر کرے	〃
۳۴۳	لوگوں کا ایک کو اپنا امیر بنا لینا	〃
۳۴۴	دشمن کی سرزمین میں قرآن مجید لے کر سفر کرنا	۳۱۲
۳۴۵	فوجیوں، رفقاء اور فوجی ٹولیوں کی کتنی تعداد بہتر ہے	〃
۳۴۶	مشرکوں کو دعوت اسلام دینا	〃
۳۴۷	دشمن کے شہروں کو جلانے کا بیان	۳۱۴
۳۴۸	جاسوس روانہ کرنے کا بیان	〃
۳۴۹	مسافر کھجوریں کھا لے، دودھ پی لے، جب ان کے پاس سے گزرے۔	〃
۳۵۰	جس نے کہا کہ دودھ نہ دوہے	۳۱۶
۳۵۱	حکم بجا لانا	〃
۳۵۲	فوجیوں کا باہمی رابطہ	۳۱۷
۳۵۳	دشمن سے ٹکرانے کی تمنا کرنا اچھا نہیں ہے	۳۱۸
۳۵۴	ٹکراؤ کے وقت کیا دعا کرے؟	〃
۳۵۵	مشرکوں کو دعوت اسلام دینا	۳۱۹
۳۵۶	لڑائی میں دھوکا دینا	
۳۵۷	شب خون کا بیان	۳۲۰
۳۵۸	کمزور دستے کی نگرانی	〃
۳۵۹	مشرکوں سے کس بات پر لڑنا چاہیے	〃
۳۶۰	سجدے میں پڑے ہوئے کو قتل کرنے کی ممانعت	۳۲۲
۳۶۱	مقابلے کے وقت پیٹھ دکھانا	۳۲۳

پارہ — ۱۷

باب	مضمون	صفحہ
۳۶۲	جو قیدی کفر پر مجبور کیا جائے	۳۲۵
۳۶۳	جاسوس کا حکم جبکہ وہ مسلمان ہو	۳۲۶
۳۶۴	ذمی جاسوس کا حکم	۳۲۷
۳۶۵	مستامن جاسوس کا حکم	〃
۳۶۶	جنگ کس وقت شروع کرنی چاہیے	۳۲۹
۳۶۷	تصادم کے وقت خاموشی کا کیا حکم ہے	〃
۳۶۸	جنگ کے وقت پیدل ہو جانے والا	۳۳۰
۳۶۹	جنگ کے دوران خود نمائی	〃
۳۷۰	جسے قیدی بنا لیا جائے	۳۳۱
۳۷۱	پناہ گاہوں کا بیان	۳۳۲
۳۷۲	صف بندی کا بیان	۳۳۳
۳۷۳	تصادم کے وقت تلواریں سنبھالنا	〃
۳۷۴	مبارزت کا بیان	〃
۳۷۵	مثلہ کرنے کی ممانعت	۳۳۴
۳۷۶	عورتوں کو قتل کرنے کا بیان	۳۳۵
۳۷۷	دشمن کو آگ سے جلانا اچھا نہیں ہے	۳۳۶
۳۷۸	جو اپنا جانور کرائے یا حصے پر دے	۳۳۷
۳۷۹	جس قیدی کو مضبوطی سے باندھا جائے	۳۳۸
۳۸۰	قیدی کے ساتھ مار پٹائی کرنا اور فرار ہونا	۳۴۰
۳۸۱	قیدی کو اسلام پر مجبور کرنے کا بیان	۳۴۱

www.sirat-e-mustaqeem.com

www.sirat-e-mustaqeem.com

باب	مضمون	صفحہ
۳۸۲	قیدی کو قتل کر دینا اور اس پر اسلام پیش نہ کرنا	۳۴۲
۳۸۳	قیدی کو پکڑ کر قتل کر دینا	۳۴۳
۳۸۴	قیدی کو باندھ کر تیر اندازی کرنا	〃
۳۸۵	قیدی کو فدیہ لیے بغیر چھوڑ دینا	۳۴۴
۳۸۶	قیدی سے مال فدیہ لینا	〃
۳۸۷	دشمن پر غالب آنے پر امام ان کے میدان میں ٹھہرے	۳۴۷
۳۸۸	قیدیوں میں جدائی کر دینا	۳۴۸
۳۸۹	جوان قیدیوں کو جدا کرنے کی اجازت	〃
۳۹۰	کافروں نے مسلمان کا مال چھینا، پھر وہ مالک کو مال غنیمت میں ملے۔	۳۴۹
۳۹۱	کفار کے جو غلام مسلمانوں سے آملیں اور مسلمان ہو جائیں۔	۳۵۰
۳۹۲	دشمن کی سرزمین سے جو غلہ ہاتھ آئے	〃
۳۹۳	اگر دشمن کی سرزمین میں غلے کی قلت ہو جائے تب بھی ذخیرہ کرنے کی اجازت نہیں۔	۳۵۱
۳۹۴	دشمن کی سرزمین میں غلہ لے جانا	〃
۳۹۵	دشمن کی سرزمین میں زائد غلہ بیچ دینا	۳۵۲
۳۹۶	مال غنیمت کی کسی چیز کو کام میں لانا	〃
۳۹۷	کفار کے ہتھیاروں سے معرکہ آرا ہونا	۳۵۳
۳۹۸	مالِ غنیمت سے کچھ چرا لینا	〃
۳۹۹	جب کوئی معمولی چیز چرائے تو امام کا اسے چھوڑ دینا اور اس کا سامان نہ جلانا۔	۳۵۵
۴۰۰	چرانے والے کی سزا	〃
۴۰۱	غنیمت سے چرانے والے کی پردہ پوشی نہ کرنا	۳۵۶
۴۰۲	مقتول کا سامان قاتل کو دیا جائے گا	۳۵۷
۴۰۳	امام چاہے تو قاتل کو سامان نہ دے اور گھوڑا اور ہتھیار بھی سامان ہیں۔	۳۵۸
۴۰۴	مقتول کے سامان میں خمس نہیں ہے	۳۶۰

باب	مضمون	صفحہ
۴۰۵	جس نے زخمی کافر کو قتل کیا، کیا اسے بھی مقتول کے سامان سے کچھ ملے گا؟	۳۶۰
۴۰۶	جو مال غنیمت تقسیم ہونے کے بعد شامل ہوا اس کا کوئی حصہ نہیں۔	〃
۴۰۷	کیا عورت اور غلام کو بھی مال غنیمت سے کچھ حصہ ملے گا	۳۶۲
۴۰۸	کیا مشرک کو حصہ ملے گا؟	۳۶۴
۴۰۹	گھوڑے کے دو حصوں کا بیان	〃
۴۱۰	جس کے نزدیک گھوڑے کا ایک حصہ ہے	۳۶۵
۴۱۱	مال غنیمت سے انعام دینا	۳۶۶
۴۱۲	فوج کے کسی سریہ کو کچھ انعام دینا	۳۶۷
۴۱۳	جس نے کہا کہ خمس انعام دینے سے پہلے نکالا جائے گا	۳۶۹
۴۱۴	اس دستے کا بیان جو فوج میں آملا	۳۷۰
۴۱۵	سونے چاندی میں سے انعام دینا اور پہلے مال غنیمت سے۔	۳۷۲
۴۱۶	امام فیٔ سے جس چیز کو چاہے اپنے لیے رکھ لے	۳۷۳
۴۱۷	وعدہ پورا کرنا	〃
۴۱۸	امام نے عہد کیا تو لوگوں پر اس کی پابندی ضروری ہے	〃
۴۱۹	امام کا دشمن سے معاہدہ ہو تو ان کے ملک میں جانا	۳۷۴
۴۲۰	معاہدہ نبھانا چاہیئے اور دغا کی حرمت	۳۷۵
۴۲۱	قاصدوں کا بیان	〃
۴۲۲	عورت کا امان دینا	۳۷۶
۴۲۳	دشمن سے صلح کرنے کا بیان	〃

پارہ ــــ ۱۸

باب	مضمون	صفحہ
۴۲۴	دھوکا دے کر اور ان کا بھیس بدل کر دشمن کے پاس جانا۔	۳۷۹
۴۲۵	سفر میں چڑھائی چڑھتے وقت تکبیر کہنا	۳۸۱

www.sirat-e-mustaqeem.com

باب	مضمون	صفحہ
۴۲۶	ممانعت کے بعد جہاد سے لوٹنے کی اجازت	۳۸۱
۴۲۷	خوشخبری دینے والا بھیجنا	″
۴۲۸	خوشخبری دینے والے کو انعام دینا	۳۸۲
۴۲۹	سجدہ شکر کا بیان	۳۸۴
۴۳۰	دعا کے وقت ہاتھ اٹھانا	″
۴۳۱	رات کے وقت واپس لوٹنا	۳۸۵
۴۳۲	استقبال کرنے کا بیان	۳۸۶
۴۳۳	سامانِ جہاد تیار کر کے جا نہ سکے تو کیا کرے؟	″
۴۳۴	سفر سے واپس آنے پر نماز پڑھنا	″
۴۳۵	تقسیم کرنے والے کی مزدوری	۳۸۷
۴۳۶	دورانِ جہاد تجارت کرنا	″
۴۳۷	دشمن کے ملک میں ہتھیار جانے دینا	۳۸۸
۴۳۸	شرک کی جگہ میں رہنا	″

۱۱- کتاب الضحایا

باب	مضمون	صفحہ
۴۳۹	قربانی کے واجب ہونے کا بیان	۳۹۱
۴۴۰	میت کی طرف سے قربانی کرنا	″
۴۴۱	قربانی کرنے والے کا دس دن تک بال نہ کتروانا	۳۹۲
۴۴۲	قربانی کے لیے کیسے جانور بہتر ہیں	″
۴۴۳	کس عمر کے جانور کی قربانی جائز ہے	۳۹۴
۴۴۴	کونسے جانوروں کی قربانی مکروہ ہے	۳۹۶
۴۴۵	گائے اور اونٹ کتنے آدمیوں کی طرف سے کفایت کرتے ہیں۔	۳۹۸
۴۴۶	پوری جماعت کی طرف سے ایک بکری کی قربانی کرنا	″
۴۴۷	امام عیدگاہ میں ذبح کرے	۳۹۹
۴۴۸	قربانی کے گوشت کو جمع کر کے رکھنا	″
۴۴۹	قربانی کے جانور پر نرمی کرو	۴۰۰
۴۵۰	مسافر کا قربانی کرنا	۴۰۰
۴۵۱	اہل کتاب کے ذبیحے کا بیان	″
۴۵۲	اعرابی کے فخریہ ذبح کیے ہوئے کو کھانے کا حکم	۴۰۱
۴۵۳	سفید پتھر سے ذبح کرنا	″
۴۵۴	اوپر سے گرے ہوئے جانور کو ذبح کرنا	۴۰۳
۴۵۵	پوری طرح ذبح کرنا چاہیے	″
۴۵۶	ذبیحے کے بچے کو پاک کرنے کا بیان	۴۰۴
۴۵۷	نامعلوم گوشت کہ اس پر اللہ کا نام لیا گیا یا نہ لیا گیا	″
۴۵۸	عتیرہ کا بیان	۴۰۵
۴۵۹	عقیقے کا بیان	۴۰۶

۱۲- کتاب الصید

باب	مضمون	صفحہ
۴۶۰	شکار وغیرہ کی خاطر کتا رکھنا	۴۰۹
۴۶۱	شکار کا بیان	″
۴۶۲	جب زندہ شکار کا ایک ٹکڑا کاٹ لیا گیا	۴۱۳
۴۶۳	شکار کا پیچھا کرنا	″

۱۳- کتاب الوصایا

باب	مضمون	صفحہ
۴۶۴	وصیت کرنے کی تاکید کا بیان	۴۱۴
۴۶۵	موصی کو اپنے مال سے جو وصیت جائز نہیں	″
۴۶۶	تندرستی میں صدقہ دینے کی فضیلت	۴۱۵
۴۶۷	وصیت کے ذریعے نقصان پہنچانے کی کراہیت	۴۱۶
۴۶۸	وصایا میں شامل ہونے کا بیان	″
۴۶۹	والدین اور اقربا کے لیے وصیت کرنا منسوخ ہے	″
۴۷۰	وارث کے لیے وصیت کرنے کا حکم	۴۱۷
۴۷۱	یتیم کو کھانے میں شریک کرنا	″

www.sirat-e-mustaqeem.com

باب	مضمون	صفحہ
۴۷۲	یتیم کے مال سے اس کا ولی کتنا مال لے سکتا ہے	۴۱۷
۴۷۳	یتیم ہونے کی مدت کب ختم ہوتی ہے؟	۴۱۸
۴۷۴	یتیم کا مال کھانا کتنا بڑا گناہ ہے	〃
۴۷۵	کفن بھی مردے کے مال ہی میں شمار ہوتا ہے	۴۱۹
۴۷۶	کوئی چیز ہبہ کر دی جائے پھر وہی آدمی اسے وصیت یا میراث میں پائے۔	〃
۴۷۷	جس نے کوئی چیز وقف کر دی	〃
۴۷۸	میت کی طرف سے صدقہ دینا	۴۲۱
۴۷۹	جو بغیر وصیت کیے مر جائے اس کی طرف سے صدقہ دینا۔	〃
۴۸۰	حربی کافر کی وصیت کے مطابق مسلمان اس کا وارث ہوا۔ کیا وہ وصیت پوری کرے؟	۴۲۲
۴۸۱	جو مر جائے جبکہ اس پر قرض ہو اور مال چھوڑے تو قرض خواہ انتظار کریں اور وارثوں سے نرمی برتیں۔	〃

۱۴۔ کتاب الفرائض

باب	مضمون	صفحہ
۴۸۲	علم میراث سیکھنا	۴۲۳
۴۸۳	کلالہ کا بیان	〃
۴۸۴	جس کا بیٹا نہ ہو اور بہنیں ہوں	〃
۴۸۵	صلبی اولاد کی میراث کا حکم	۴۲۵
۴۸۶	دادی اور نانی کی میراث	۴۲۷
۴۸۷	دادا کی میراث کا حکم	۴۲۸
۴۸۸	عصبات کی میراث کا بیان	〃
۴۸۹	ذوی الارحام کی میراث کا بیان	〃
۴۹۰	ملاعنہ کے بیٹے کی میراث	۴۳۱
۴۹۱	کیا مسلمان کافر کا وارث ہو سکتا ہے	〃
۴۹۲	جو میراث تقسیم ہونے سے پہلے مسلمان ہوا	۴۳۳
۴۹۳	ولاء کا بیان	۴۳۳
۴۹۴	جو دوسرے آدمی کے ہاتھ پر اسلام لائے	۴۳۴
۴۹۵	ولاء کو بیچنے کا بیان	۴۳۵
۴۹۶	جو زندہ پیدا ہو کر مر جائے	〃
۴۹۷	معاہدے کی میراث کو رشتے کی میراث نے منسوخ کر دیا ہے۔	〃
۴۹۸	قسم کھانے کا بیان	۴۳۶
۴۹۹	عورت اپنے خاوند کی میراث سے دیت کا حصہ بھی پائے گی۔	۴۳۷

پارہ ــــ ۱۹

۱۵۔ کتاب الخراج

باب	مضمون	صفحہ
۵۰۰	امام پر رعایا کے کیا حقوق ہیں	۴۳۸
۵۰۱	حکومت طلب کرنے کا حکم	〃
۵۰۲	نابینا کو حاکم مقرر کرنا	۴۳۹
۵۰۳	وزیر بنانے کا بیان	〃
۵۰۴	عرافت کا بیان	۴۴۰
۵۰۵	منشی رکھنے کا بیان	۴۴۱
۵۰۶	زکوٰۃ وصول کرنے کا ثواب	〃
۵۰۷	خلیفہ کا کسی کو جانشین مقرر کرنا	۴۴۲
۵۰۸	بیعت کا حکم	۴۴۳
۵۰۹	عمال کی تنخواہ کا بیان	۴۴۴
۵۱۰	عمال کے تحفوں کا بیان	۴۴۵
۵۱۱	مال زکوٰۃ سے چرانے کا بیان	〃
۵۱۲	امام پر رعایا کے کیا حقوق ہیں اور ان سے احتجاب کرنا	〃

باب	مضمون	صفحہ
۵۱۳	فئی تقسیم کرنے کا بیان	۴۴۷
۵۱۴	اولاد کی گزر اوقات کا بندوبست کرنا	۴۴۸
۵۱۵	جہاد میں کب حصہ لینا فرض ہے	۴۴۹
۵۱۶	آخری زمانے میں حکام کے عطیات نہ لیے جائیں	"
۵۱۷	عطیات کا ریکارڈ رکھنا	۴۵۰
۵۱۸	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اموال سے اپنے لیے جو چن لیے تھے۔	۴۵۱
۵۱۹	خمس کو کہاں تقسیم کیا جاتا تھا	۴۵۹
۵۲۰	حضور کے خاص حصے کا بیان	۴۶۹
۵۲۱	یہود کو مدینہ منورہ سے کیسے نکالا گیا؟	۴۷۱
۵۲۲	بنو نضیر کا حال	۴۷۴
۵۲۳	خیبر کی زمین کا حکم	۴۷۶
۵۲۴	مکہ مکرمہ کا حال	۴۸۲
۵۲۵	فتح طائف کا حال	۴۸۴
۵۲۶	یمن کی زمین کا حکم	۴۸۵
۵۲۷	یہود کو جزیرۂ عرب سے نکالنے کا بیان	۴۸۶
۵۲۸	کافروں کی زمین کو تقسیم کرنے کا بیان	۴۸۸
۵۲۹	جزیہ لینے کا بیان	"
۵۳۰	آتش پرستوں سے جزیہ لینے کا بیان	۴۹۰

پارہ ــــــ ۲۰

باب	مضمون	صفحہ
۵۳۱	جزیہ وصول کرنے میں سختی کرنا	۴۹۲
۵۳۲	ذمی جب مالِ تجارت لے کر پھریں تو ان سے دسواں حصہ لیا جائے گا۔	"
۵۳۳	ذمی اگر مسلمان ہو جائے تو کیا اس سال کا جزیہ بھی دے گا؟	۴۹۵
۵۳۴	کیا امام مشرکین کے ہدایہ قبول کرلے؟	۴۹۶
۵۳۵	کسی کو قطعۂ زمین بخشنا	۴۹۸
۵۳۶	بنجر زمین کو قابلِ کاشت بنانا	۵۰۵
۵۳۷	خراجی زمین میں رہنے کا حکم	۵۰۷
۵۳۸	امام یا کوئی شخص جس زمین کو خاص چراگاہ بنالے	۵۰۸
۵۳۹	دفینہ کا حکم	۵۰۹
۵۴۰	پرانی قبروں کا کھودنا	"

۱۶۔ کتاب الجنائز

باب	مضمون	صفحہ
۵۴۱	گناہوں کو دور کرنے والی بیماریاں	۵۱۱
۵۴۲	آدمی نیک کام کرتا ہو لیکن بیماری یا سفر کے باعث نہ کر سکے۔	۵۱۲
۵۴۳	عورتوں کی بیمار پُرسی	"
۵۴۴	بیمار پُرسی کا بیان	۵۱۳
۵۴۵	ذمی کی بیمار پُرسی کا بیان	۵۱۴
۵۴۶	بیمار پُرسی کے لیے پیدل جانا	"
۵۴۷	باوضو عیادت کرنے کی فضیلت	۵۱۵
۵۴۸	بار بار عیادت کرنا	"
۵۴۹	آشوب چشم کی عیادت کرنا	۵۱۶
۵۵۰	طاعون کی جگہ سے نکلنا	"
۵۵۱	عیادت کے وقت مریض کی تندرستی کے لیے دعا کرنا۔	"
۵۵۲	وقت عیادت مریض کے لیے دعا کرنا	۵۱۷
۵۵۳	موت چاہنے کی کراہیت	۵۱۸
۵۵۴	ناگہانی موت	"
۵۵۵	طاعون سے مرنے کی فضیلت	۵۱۹
۵۵۶	مریض کا ناخن کاٹنا اور موئے زیرناف مونڈنا	"
۵۵۷	مرتے وقت اللہ سے اچھا گمان رکھنا چاہیے	۵۲۰

www.sirat-e-mustaqeem.com

باب	مضمون	صفحہ
۵۵۸	مرتے وقت میت کو صاف کپڑے پہنائے جائیں	۵۲۰
۵۵۹	میت کے پاس کیسا کلام کرنا چاہیے	۵۲۱
۵۶۰	تلقین کا بیان	〃
۵۶۱	میت کی آنکھیں بند کرنا	۵۲۲
۵۶۲	استرجاع کا بیان	۵۲۳
۵۶۳	میت کو ڈھانپنے کا بیان	〃
۵۶۴	میت کے پاس قرآن مجید پڑھنا	〃
۵۶۵	مصیبت کے وقت بیٹھنا	۵۲۴
۵۶۶	تعزیت کا بیان	〃
۵۶۷	مصیبت کے وقت صبر کرنا	۵۲۵
۵۶۸	میت پر رونا	〃
۵۶۹	نوحہ کرنے کا بیان	۵۲۶
۵۷۰	میت والوں کے لیے کھانا تیار کرنا	۵۲۷
۵۷۱	کیا شہید کو غسل دیا جائے	〃
۵۷۲	غسل کے وقت میت کا ستر چھپانا	۵۲۹
۵۷۳	میت کو کیسے غسل دیا جائے	۵۳۰
۵۷۴	کفن کا بیان	۵۳۱
۵۷۵	گراں مایہ کفن کی کراہیت	۵۳۳
۵۷۶	عورت کے کفن کا بیان	۵۳۴
۵۷۷	میت کو مشک لگانا	〃
۵۷۸	کفن دفن میں جلدی کرنا	〃
۵۷۹	غسال کا جلدی کرنا	۵۳۵
۵۸۰	میت کو بوسہ دینا	۵۳۶
۵۸۱	ساعت میں دفن کرنے کا بیان	〃
۵۸۲	میت کو ایک ملک سے دوسرے میں لے جانا	〃
۵۸۳	نماز جنازہ کے لیے صفیں	〃
۵۸۴	عورتوں کا جنازے کے پیچھے جانا	۵۳۷
۵۸۵	جنازے کی نماز پڑھنے اور اس کے ساتھ جانے کی فضیلت۔	〃
۵۸۶	جنازے کے پیچھے آگ لے جانا	۵۳۸
۵۸۷	جنازے کے لیے کھڑے ہونا	〃
۵۸۸	جنازے کے ساتھ سوار ہونا	۵۳۹
۵۸۹	جنازے کے آگے آگے چلنا	۵۴۰
۵۹۰	جنازے کو جلدی لے چلنا	〃
۵۹۱	کیا امام خودکشی کرنے والے کی نماز جنازہ پڑھائے	۵۴۱
۵۹۲	شرعی حد میں قتل ہونے والے کی نماز جنازہ	۵۴۲
۵۹۳	بچے کی نماز جنازہ	〃
۵۹۴	مسجد میں نماز جنازہ پڑھنا	۵۴۳
۵۹۵	سورج طلوع یا غروب ہوتے وقت دفن کرنا	〃
۵۹۶	جب مردوں اور عورتوں کے جنازے حاضر ہوں تو کس کو حاضر کیا جائے۔	۵۴۴
۵۹۷	نماز جنازہ کے وقت امام میت کے کس حصے کے سامنے کھڑا ہو؟	〃
۵۹۸	نماز جنازہ کی تکبیریں	۵۴۶
۵۹۹	جنازے پر کیا پڑھے؟	〃
۶۰۰	میت کے لیے دعا کرنا	۵۴۷
۶۰۱	قبر پر نماز جنازہ پڑھنا	۵۴۸
۶۰۲	مشرکوں کے شہر میں مرنے والے مسلمان کی نماز جنازہ۔	〃
۶۰۳	ایک قبر میں کئی آدمی دفن کرنا اور قبر پر نشانی لگانا	۵۴۹

پارہ ــــ ۲۱

باب	مضمون	صفحہ
۶۰۴	گورکن مردے کی ہڈی پائے تو کیا اس جگہ قبر نہ کھودے	۵۵۱
۶۰۵	لحد کا بیان	〃
۶۰۶	کتنے آدمی قبر میں داخل ہوں؟	〃

www.sirat-e-mustaqeem.com

باب	مضمون	صفحہ
۴۰۷	میت کو قبر میں کس طرح داخل کرنا چاہیئے	۵۵۲
۴۰۸	قبر کے پاس کس طرح بیٹھے	〃
۴۰۹	قبر میں رکھتے وقت میت کے لیے کیا دعا مانگے؟	۵۵۳
۴۱۰	جس کا قرابت دار مشرک مر جائے	〃
۴۱۱	قبر کی گہرائی کا بیان	۵۵۴
۴۱۲	قبر کو مساوی کرنا	〃
۴۱۳	لوٹتے وقت قبر کے پاس میت کی بخشش کے لیے دعا کرنا۔	۵۵۵
۴۱۴	قبر کے پاس ذبح کرنا مکروہ ہے	۵۵۶
۴۱۵	ایک مدت بعد قبر پر نماز جنازہ پڑھنا	〃
۴۱۶	قبر پر عمارت بنانا	〃
۴۱۷	قبر پر بیٹھنے کی ممانعت	۵۵۷
۴۱۸	جوتے پہن کر قبروں کے درمیان چلنا	〃
۴۱۹	میت کو اس کی قبر سے ضرورتاً دوسری جگہ منتقل کرنا	۵۶۰
۴۲۰	میت کی تعریف کرنے کا بیان	〃
۴۲۱	قبروں کی زیارت کرنے کا بیان	〃
۴۲۲	عورتوں کا قبروں کی زیارت کرنا	۵۶۱
۴۲۳	قبروں کے پاس سے گزرے تو کیا کہے؟	〃
۴۲۴	محرم مر جائے تو اس کے ساتھ کیا کیا جائے؟	〃

۱۷۔ کتاب الایمان

باب	مضمون	صفحہ
۴۲۵	جھوٹی قسم کھانے کا عذاب	۵۶۳
۴۲۶	کسی کا مال ہڑپ کرنے کے لیے قسم کھانا	〃
۴۲۷	منبر رسول کے پاس قسم کھانا عظیم گناہ ہے	۵۶۴
۴۲۸	اللہ کے سوا کسی اور کی قسم کھانا	۵۶۵
۴۲۹	آباؤ اجداد کی قسم کھانا منع ہے	〃
۴۳۰	امانت کی قسم کھانا منع ہے	۵۶۶
۴۳۱	قسم میں پہلو نکال کر بچنا	۵۶۶
۴۳۲	اسلام کے سوا کسی ملت سے بری ہونے کی قسم کھانا	۵۶۷
۴۳۳	جو قسم کھائے کہ سالن نہیں کھائے گا	۵۶۸
۴۳۴	قسم میں ان شاء اللہ کہنا	〃
۴۳۵	نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کس طرح قسم کھایا کرتے تھے۔	〃
۴۳۶	بھلائی کی وجہ سے قسم توڑ دینا	۵۶۹
۴۳۷	کیا لفظ قسم بھی قسم کھانے میں شمار ہوتا ہے	۵۷۰
۴۳۸	جان بوجھ کر جھوٹی قسم کھانا	۵۷۱
۴۳۹	کفارہ کتنے صاع ہے	〃
۴۴۰	مسلمان لونڈی کا بیان	۵۷۲
۴۴۱	نذر کی ممانعت	۵۷۳
۴۴۲	گناہ کی نذر ماننا	〃
۴۴۳	جس کے نزدیک معصیت کی قسم توڑنے پر کفارہ ہے۔	〃
۴۴۴	جس نے بیت المقدس میں نماز پڑھنے کی منت مانی	۵۷۶
۴۴۵	میت کی طرف سے نذر پوری کرنا	۵۷۷
۴۴۶	نذر پوری کرنے کا حکم	۵۷۸
۴۴۷	اس چیز کی قسم کھانا جو اپنے اختیار میں نہیں	۵۷۹
۴۴۸	اپنا مال راہ خدا میں دینے کی نذر کرنا	۵۸۰
۴۴۹	زمانۂ کفر میں منت مانی پھر مسلمان ہو گیا	۵۸۱
۴۵۰	غیر معین نذر ماننا	〃
۴۵۱	فضول قسم	۵۸۲
۴۵۲	جس نے قسم کھائی کہ کھانا نہیں کھائے گا	〃
۴۵۳	رشتہ توڑنے کی قسم کھانا	۵۸۳
۴۵۴	قسم کھانے کے بعد ان شاء اللہ کہنا	〃
۴۵۵	ایسی منت ماننا جو بس سے باہر ہو	۵۸۴

۱۸۔ کتاب البیوع

باب	مضمون	صفحہ
۶۵۶	تجارت میں قسم اور غلط بیانی کو شامل کرنا	۵۸۶
۶۵۷	کان سے دھات نکالنا	"
۶۵۸	شبہات سے بچنا	۵۸۷
۶۵۹	سود کھانے اور کھلانے کا بیان	۵۸۹
۶۶۰	سود معاف کرنا	"
۶۶۱	تجارت میں قسم کھانے کی ممانعت	"
۶۶۲	جھکتا ہوا تولنا اور تولنے کی مزدوری لینا	۵۹۰
۶۶۳	فرمان رسالت کہ ماپ مدینہ والوں کی معتبر ہے	"
۶۶۴	قرض کی مصیبت کا بیان	۵۹۱
۶۶۵	ادائیگی میں دیر کرنا	۵۹۲
۶۶۶	اچھے طریقے سے ادا کرنا	۵۹۳
۶۶۷	بیع صرف کا بیان	"
۶۶۸	تلوار کی چاندی کو روپوں سے بیچنا	۵۹۴
۶۶۹	چاندی کے بدلے سونا لینا	۵۹۵
۶۷۰	جانور کے بدلے جانور ادھار لینا	۵۹۶
۶۷۱	اس کی اجازت	"
۶۷۲	اس کی اجازت جبکہ ہاتھوں ہاتھ ہو	۵۹۷
۶۷۳	کھجوروں کے بدلے کھجوریں	۵۹۷
۶۷۴	بیع مزابنہ کا بیان	"
۶۷۵	بیع عرایا کا بیان	۵۹۸
۶۷۶	بیع عریہ کی مقدار	"
۶۷۷	عرایا کے معانی	۵۹۹
۶۷۸	پھلوں کو پختگی اور صلاحیت ظاہر ہونے سے پہلے بیچنا۔	"
۶۷۹	کئی سالوں کا پھل بیچنا	۶۰۱
۶۸۰	بیع غرر کا بیان	"
۶۸۱	بیع مضطر کا بیان	۶۰۲
۶۸۲	شرکت کا بیان	۶۰۳
۶۸۳	مضارب کا خلاف ہدایت تصرف	"
۶۸۴	اجازت کے بغیر دوسرے کے مال سے تجارت کرنا۔	۶۰۴
۶۸۵	راس المال کے بغیر ساجھی بننا	۶۰۵
۶۸۶	مزارعت کا بیان	"
	جدول	۶۰۶
	قطعۂ تاریخ	۶۰۹

www.sirat-e-mustaqeem.com

www.sirat-e-mustaqeem.com

پارہ ــــــ ۱۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے

۱۔ حَدَّثَنَا هَارُوْنُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ نَا مُحَمَّدٌ وَيَعْلَى ابْنَا عُبَيْدٍ قَالَا نَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحٰقَ عَنِ ابْنِ أَبِي نَجِيْحٍ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ ابْنِ أَبِي لَيْلٰى عَنْ عَلِيٍّ قَالَ لَمَّا نَحَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بُدْنَهٗ فَنَحَرَ ثَلٰثِيْنَ بِيَدِهٖ وَأَمَرَنِيْ فَنَحَرْتُ سَائِرَهَا۔

ہارون بن عبد اللہ، محمد اور یعلی پسران عبید، محمد بن اسحٰق ابن ابی نجیح، مجاہد، عبد الرحمٰن بن ابو لیلیٰ سے روایت ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اونٹ نحر فرمائے تو تیس کو اپنے دست مبارک سے نحر کیا اور مجھے حکم فرمایا تو باقی میں نے نحر کیے۔ ف

ف۔ اُونٹ کو نحر اور گائے بکری بھیڑ وغیرہ چھوٹے جانوروں کو ذبح کیا جاتا ہے۔ اگر کسی حدیث میں گائے کے متعلق نحر کا لفظ آیا ہے تو اُس سے مراد بھی ذبح کرنا ہے۔ اُونٹ کو ذبح بھی کیا جا سکتا ہے۔ لیکن اُس کو نحر کرنا ہی سنّت ہے۔ واللہ اعلم

۲۔ حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُوْسَى الرَّازِيُّ وَ مُسَدَّدٌ قَالَا نَا عِيْسٰى وَهٰذَا لَفْظُ إِبْرَاهِيْمَ عَنْ ثَوْرٍ عَنْ رَاشِدِ بْنِ سَعْدٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَامِرِ بْنِ لُحَيٍّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ قُرْطٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِنَّ أَعْظَمَ الْأَيَّامِ عِنْدَ اللّٰهِ يَوْمُ النَّحْرِ ثُمَّ يَوْمُ الْقَرِّ وَهُوَ الْيَوْمُ الثَّانِيْ وَ قَالَ قُرِّبَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَدَنَاتٌ خَمْسٌ أَوْ سِتٌّ فَطَفِقْنَ يَزْدَلِفْنَ إِلَيْهِ بِأَيَّتِهِنَّ يَبْدَأُ فَلَمَّا وَجَبَتْ جُنُوْبُهَا قَالَ فَتَكَلَّمَ بِكَلِمَةٍ خَفِيَّةٍ لَمْ أَفْهَمْهَا فَقُلْتُ مَا قَالَ قَالَ مَنْ شَاءَ اقْتَطَعَ۔

عامر بن لحی نے حضرت عبد اللہ بن قرط رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ سب سے بڑا دن اللہ تعالیٰ کے نزدیک یوم النحر ہے (دس ذی الحجہ)۔ پھر یوم القر ہے یعنی اگلا روز اور فرمایا کہ پانچ یا چھ اونٹ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں پیش کیے گئے۔ ہر اونٹ دوسروں سے آپ کے نزدیک تر ہو جاتا کہ ابتدا اس سے فرمائی جائے۔ جب وہ اپنی کروٹوں پر لیٹ گئے تو آپ نے آہستہ سے کچھ ارشاد فرمایا جو میں سمجھ نہ سکا عرض گزار ہوا کہ کیا ارشاد فرمایا ہے؟ فرمایا کہ جو چاہے (ان کا گوشت) کاٹ کر لے جائے۔ ف

ف۔ رحمتِ دوعالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں چھ سات اونٹ کا پیش کیا جانا۔ نحر ہونے سے پہلے ہر اونٹ کا یہ کوشش کرنا کہ حبیبِ خدا کے ہاتھوں نحر ہونے کا سب سے پہلے شرف مجھے حاصل ہو، اس لئے ہر اونٹ کا دوسرے سے آگے ہونے کی کوشش کرنا واضح کر رہا ہے کہ وہ جانور بھی دستِ اقدس کی برکت اور مقامِ مصطفیٰ سے کس درجہ آگاہ تھے، کاش! آج مسلمان کہلانے والے فَاتَّبِعُوْنِيْ يُحْبِبْكُمُ اللّٰهُ کا مطلب اُن جیسے جانوروں سے معلوم کر کے دامنِ مصطفیٰ سے وابستہ ہونے کی کوشش کریں کیونکہ پورے

www.sirat-e-mustaqeem.com

دین کا نچوڑ یہی ہے ۔

بمصطفےٰ برساں خویش را کہ دیں ہمہ اوست
اگر باو نرسیدی تمام بولہبی است

٣ـ حدثنا محمد بن حاتم نا عبد الرحمن ابن مهدي نا عبد الله بن المبارك عن حرملة ابن عمران عن عبد الله بن الحارث الأزدي قال سمعت عرفة بن الحارث الكندي قال شهدت رسول الله صلى الله عليه وسلم في حجة الوداع وأتي بالبدن فقال ادعوا لي أبا حسن فدعي له علي فقال له خذ بأسفل الحربة وأخذ رسول الله صلى الله عليه وسلم بأعلاها ثم طعنا بها البدن فلما فرغ ركب بغلته وأردف عليا رضي الله عنه.

عبداللہ بن حارث ازدی کا بیان ہے کہ میں نے حضرت عرفہ بن حارث کندی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا کہ حجۃ الوداع کے موقع پر میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں موجود تھا کہ آپ کی بارگاہ میں قربانی کے اونٹ پیش کیے گئے۔ فرمایا کہ ابوالحسن (حضرت علی) کو میرے پاس بلا کر لاؤ۔ پس حضرت علی بلا لیے گئے۔ ان سے فرمایا کہ تم برچھی کا نیچے والا حصہ پکڑو اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اوپر والا حصہ پکڑا۔ پھر اس سے اونٹ نحر کیے۔ فارغ ہونے پر آپ اپنے خچر پر سوار ہو گئے اور حضرت علی رضی اللہ عنہ کو اپنے پیچھے بٹھا لیا۔

باب كيف تنحر البدن.

اونٹ کو کیسے نحر کرے

٤ـ حدثنا عثمان ابن أبي شيبة نا أبو خالد الأحمر عن ابن جريج عن أبي الزبير عن جابر وأخبرني عبد الرحمن بن سابط أن النبي صلى الله عليه وسلم وأصحابه كانوا ينحرون البدنة معقولة اليسرى قائمة على ما بقي من قوائمها.

ابو الزبیر نے حضرت جابر سے روایت کی ہے کہ مجھے حضرت عبدالرحمٰن بن سابط رضی اللہ عنہ نے بتایا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور آپ کے اصحاب اونٹ کو نحر کرتے تو اس کے بائیں پیر کو باندھ دیتے اور اس کو باقی پیروں پر کھڑا رکھتے۔

٥ـ حدثنا أحمد بن حنبل نا هشيم أنا يونس أخبرني زياد بن جبير قال كنت مع ابن عمر بمنى فمر برجل وهو ينحر بدنته وهي باركة فقال ابعثها قياما مقيدة سنة محمد صلى الله عليه وسلم.

زیاد بن جبیر نے فرمایا کہ میں منیٰ میں حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے ساتھ تھا جبکہ وہ ایک آدمی کے پاس سے گزرے جو اپنے اونٹ کو بٹھا کر نحر کرنے لگا تھا۔ انہوں نے فرمایا کہ اسے کھڑا کر کے ایک پیر باندھ دو کیونکہ محمد مصطفےٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی سنت یہی ہے۔

٦ـ حدثنا عمرو بن عون أنا سفيان يعني ابن عيينة عن عبد الكريم الجزري عن مجاهد عن عبد الرحمن بن أبي ليلى عن علي قال أمرني رسول الله صلى الله عليه وسلم أن أقوم على بدنه وأقسم جلودها وجلالها وأمرني أن لا أعطي الجزار منها شيئا وقال نحن نعطيه

مجاہد نے عبدالرحمٰن بن ابی لیلیٰ سے روایت کی ہے کہ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مجھے اپنے اونٹوں کے پاس کھڑے ہونے کا حکم فرمایا اور ان کی جھولوں اور کھالوں کو تقسیم کرنے کا اور مجھے حکم فرمایا کہ قصاب کو اس میں سے کچھ نہ دیا جائے چنانچہ (حضرت علی نے) فرمایا کہ اس کی مزدوری ہم اپنے پاس سے دیا کرتے تھے

مِنْ عِنْدِنَا۔

باب ٢ وقت الاحرام۔

٧۔ حدثنا محمد بن منصور نا يعقوب يعني ابن ابراهيم نا ابي عن ابن اسحق حدثني خصيف بن عبد الرحمن الجزري عن سعيد بن جبير قال قلت لعبد الله بن عباس يا ابا العباس عجبت لاختلاف اصحاب رسول الله صلى الله عليه وسلم في اهلال رسول الله صلى الله عليه وسلم حين اوجب فقال اني لاعلم الناس بذلك انها انما كانت من رسول الله صلى الله عليه وسلم حجة واحدة فمن هناك اختلفوا خرج رسول الله صلى الله عليه وسلم حاجا فلما صلى في مسجده بذي الحليفة ركعتيه اوجب في مجلسه فاهل بالحج حين فرغ من ركعتيه فسمع ذلك منه اقوام فحفظته عنه ثم ركب فلما استقلت به ناقته اهل وادرك ذلك منه اقوام وذلك ان الناس انما كانوا ياتون ارسالا فسمعوه حين استقلت به ناقته يهل فقالوا انما اهل حين استقلت به ناقته ثم مضى رسول الله صلى الله عليه وسلم فلما علا على شرف البيداء اهل وادرك ذلك منه اقوام فقالوا انما اهل حين علا على شرف البيداء وايم الله لقد اوجب في مصلاه واهل حين استقلت به ناقته واهل حين علا على شرف البيداء فمن اخذ بقول ابن عباس اهل في مصلاه اذا فرغ من ركعتيه۔

٨۔ حدثنا القعنبي عن مالك عن موسى ابن عقبة عن سالم بن عبد الله عن ابيه انه قال بيداؤكم هذه التي تكذبون على رسول

احرام باندھنے کا وقت

سعید بن جبیر کا بیان ہے کہ میں حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی خدمت میں عرض گزار ہوا کہ اے ابو العباس! میں آپ کی خدمت میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اصحاب کے اختلاف کی وجہ سے حاضر ہوا ہوں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے واجب ہونے پر احرام کب باندھا تھا؟ فرمایا کہ دوسرے لوگوں کی نسبت مجھے یہ بات زیادہ معلوم ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک ہی مرتبہ حج کیا ہے اختلاف اسی وجہ سے رونما ہوا۔ چنانچہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم حج کے ارادے سے نکلے۔ جب آپ نے ذوالحلیفہ کو اپنی مسجد میں دو رکعتیں پڑھ لیں تو اسی مجلس میں اپنے اوپر واجب کر لیا یعنی دو رکعتوں سے فارغ ہو کر حج کا اہلال کیا۔ پس بعض لوگوں نے سنا اور اس بات کو یاد رکھا۔ پھر آپ سوار ہو گئے اور جب آپ کا اونٹ سیدھا ہو گیا تو اہلال کیا۔ چنانچہ بعض لوگوں نے اسے سنا کیونکہ لوگ گروہوں میں بٹے ہوئے تھے لہٰذا انہوں نے اونٹ کے سیدھا ہوتے وقت اہلال کرتے ہوئے سنا۔ پھر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم روانہ ہوئے اور جب بیداء کی چڑھائی پر چڑھے تو اہلال کیا۔ چنانچہ کتنے ہی حضرات نے اس وقت سنا جبکہ آپ بیداء کی بلندی پر چڑھ رہے تھے۔ حالانکہ خدا کی قسم، آپ نے مصلے پر واجب کر لیا تھا اور اہلال کیا جبکہ اپنے اونٹ پر سوار ہوئے اور اہلال کیا جبکہ آپ بیداء کی بلندی پر چڑھے۔ سعید بن جبیر نے فرمایا کہ بعض نے حضرت ابن عباس کے قول کو لیا ہے کہ اہلال کیا اپنے مصلے پر جبکہ دو رکعتوں سے فارغ ہو گئے۔

سالم بن عبد اللہ سے ان کے والد ماجد نے فرمایا کہ بیداء وہ مقام ہے جس سے متعلق تم رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی طرف غلط نسبت کرتے ہو حالانکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

اللہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فِیْہَا مَا أَھَلَّ رَسُوْلُ
اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِلَّا مِنْ عِنْدِ الْمَسْجِدِ
یَعْنِیْ مَسْجِدَ ذِی الْحُلَیْفَۃِ۔

۹۔ حَدَّثَنَا الْقَعْنَبِیُّ عَنْ مَالِکٍ عَنْ سَعِیْدِ
ابْنِ اَبِیْ سَعِیْدٍ الْمَقْبُرِیِّ عَنْ عُبَیْدِ بْنِ جُرَیْجٍ اَنَّہٗ
قَالَ لِعَبْدِ اللّٰہِ بْنِ عُمَرَ یَا اَبَا عَبْدِ الرَّحْمٰنِ رَاَیْتُکَ
تَصْنَعُ اَرْبَعًا لَمْ اَرَ اَحَدًا مِنْ اَصْحَابِکَ یَصْنَعُہَا قَالَ
مَا ھُنَّ یَا ابْنَ جُرَیْجٍ قَالَ رَاَیْتُکَ لَا تَمَسُّ مِنَ
الْاَرْکَانِ اِلَّا الْیَمَانِیَیْنِ وَرَاَیْتُکَ تَلْبَسُ النِّعَالَ
السِّبْتِیَّۃَ وَرَاَیْتُکَ تَصْبُغُ بِالصُّفْرَۃِ وَرَاَیْتُکَ
اِذَا کُنْتَ بِمَکَّۃَ اَھَلَّ النَّاسُ اِذَا رَاَوُا الْھِلَالَ وَ
لَمْ تُھِلَّ اَنْتَ حَتّٰی کَانَ یَوْمُ التَّرْوِیَۃِ فَقَالَ عَبْدُ اللّٰہِ
ابْنُ عُمَرَ اَمَّا الْاَرْکَانُ فَاِنِّیْ لَمْ اَرَ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی
اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَمَسُّ اِلَّا الْیَمَانِیَیْنِ وَاَمَّا النِّعَالُ
السِّبْتِیَّۃُ فَاِنِّیْ رَاَیْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ
سَلَّمَ یَلْبَسُ النِّعَالَ الَّتِیْ لَیْسَ فِیْہَا شَعَرٌ وَیَتَوَضَّاُ
فِیْہَا فَاَنَا اُحِبُّ اَنْ اَلْبَسَہَا وَاَمَّا الصُّفْرَۃُ فَاِنِّیْ
رَاَیْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَصْبُغُ بِہَا
فَاَنَا اُحِبُّ اَنْ اَصْبُغَ بِہَا وَاَمَّا الْاِھْلَالُ فَاِنِّیْ
لَمْ اَرَ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یُھِلُّ
حَتّٰی تَنْبَعِثَ بِہٖ رَاحِلَتُہٗ۔

۱۰۔ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ نَا مُحَمَّدُ
ابْنُ بَکْرٍ نَا ابْنُ جُرَیْجٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْکَدِرِ
عَنْ اَنَسٍ قَالَ صَلّٰی رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ
وَسَلَّمَ الظُّھْرَ بِالْمَدِیْنَۃِ اَرْبَعًا وَصَلَّی الْعَصْرَ بِذِی
الْحُلَیْفَۃِ رَکْعَتَیْنِ ثُمَّ بَاتَ بِذِی الْحُلَیْفَۃِ
حَتّٰی اَصْبَحَ فَلَمَّا رَکِبَ رَاحِلَتَہٗ وَاسْتَوَتْ بِہٖ اَھَلَّ

۱۱۔ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ نَا رَوْحٌ نَا
اَشْعَثُ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِکٍ اَنَّ

نے احرام نہیں باندھا مگر مسجد کے پاس یعنی مسجد ذوالحلیفہ میں۔

عبید بن جریج کا بیان ہے کہ میں حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی خدمت میں عرض گزار ہوا کہ اے ابوعبدالرحمٰن میں چار کام آپ کو ایسے کرتے ہوئے دیکھتا ہوں جنہیں آپ کے ساتھی نہیں کرتے۔ فرمایا اے ابن جریج! وہ کیا ہیں؟ عرض کی کہ میں دیکھتا ہوں کہ آپ صرف رکن یمانی اور حجر اسود ہی کو چھوتے ہیں اور میں آپ کو سبتی جوتے پہنتے دیکھتا ہوں اور میں آپ کو زرد خضاب کیے ہوئے دیکھتا ہوں اور میں دیکھتا ہوں کہ جب آپ مکہ مکرمہ میں ہوتے ہیں تو لوگ چاند دیکھ کر احرام باندھ لیتے ہیں لیکن آپ احرام نہیں باندھتے مگر آٹھویں ذی الحجہ کو حضرت عبداللہ بن عمر نے فرمایا کہ ارکان کی بات یہ ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو نہیں دیکھا مگر دو رکن یمانی ارکان کو چھوتے ہوئے سبتی جوتوں کی بات یہ ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو ایسے نعلین مبارک پہنتے دیکھا جن پر بال نہ ہوتے اور ان میں وضو فرمالیا کرتے تو میں انہیں پہننا پسند کرتا ہوں زردی کی بات یہ ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو اس رنگ کا خضاب کیے ہوئے دیکھا تو میں بھی یہی خضاب لگانا پسند کرتا ہوں۔ رہی احرام باندھنے کی بات تو میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو احرام باندھتے ہوئے نہیں دیکھا مگر جب آپ کی [illegible]

محمد بن منکدر سے روایت ہے کہ حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مدینہ منورہ میں ظہر کی چار رکعتیں پڑھیں اور ذوالحلیفہ میں عصر کی دو رکعتیں پھر ذوالحلیفہ میں رات گزاری، یہاں تک کہ صبح ہو گئی۔ جب سوار ہوئے اور جم کر سواری پر بیٹھ گئے تو لبیک کہا۔

حسن نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نماز ظہر پڑھ کر

www.sirat-e-mustaqeem.com

النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّى الظُّهْرَ ثُمَّ رَكِبَ رَاحِلَتَهُ فَلَمَّا عَلَا عَلَى جَبَلِ الْبَيْدَاءِ أَهَلَّ۔

اپنی سواری پر سوار ہو گئے جب بیدا آ کی پہاڑی پر چڑھے تو لبیک کہا۔

۱۲۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا وَهْبٌ يَعْنِي ابْنَ جَرِيرٍ نَا أَبِي قَالَ سَمِعْتُ مُحَمَّدَ بْنَ إِسْحَاقَ يُحَدِّثُ عَنْ أَبِي الزِّنَادِ عَنْ عَائِشَةَ بِنْتِ سَعْدِ بْنِ أَبِي وَقَّاصٍ قَالَتْ قَالَ سَعْدٌ كَانَ نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا أَخَذَ طَرِيقَ الْفُرْعِ أَهَلَّ إِذَا اسْتَقَلَّتْ بِهِ رَاحِلَتُهُ وَإِذَا أَخَذَ طَرِيقَ أُحُدٍ أَهَلَّ إِذَا أَشْرَفَ عَلَى جَبَلِ الْبَيْدَاءِ۔

ابو الزناد نے عائشہ بنت سعد بن ابی وقاص سے روایت کی ہے کہ حضرت سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب فرع کی جانب سے راستہ اختیار کرتے تو اپنی سواری کے سیدھے ہونے پر احرام باندھ لیتے اور جب کوہ احد کی جانب سے راستہ اختیار فرماتے تو کوہ بیدا کی بلندی پر چڑھ کر احرام باندھتے۔

باب ۳۔ الْاِشْتِرَاطِ فِي الْحَجِّ۔

حج میں شرط لگانا

۱۳۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ نَا عَبَّادُ بْنُ الْعَوَّامِ عَنْ هِلَالِ بْنِ خَبَّابٍ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ ضُبَاعَةَ بِنْتَ الزُّبَيْرِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ أَتَتْ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ يَا رَسُولَ اللّٰهِ إِنِّي أُرِيدُ الْحَجَّ أَشْتَرِطُ قَالَ نَعَمْ قَالَتْ فَكَيْفَ أَقُولُ قَالَ قُولِي لَبَّيْكَ اللّٰهُمَّ لَبَّيْكَ وَمَحِلِّي مِنَ الْأَرْضِ حَيْثُ حَبَسْتَنِي۔

عکرمہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں ضباعہ بنت زبیر بن عبد المطلب حاضر ہو کر عرض گزار ہوئی یا رسول اللہ! میں حج کا ارادہ رکھتی ہوں؟ فرمایا ہاں۔ عرض کی کس طرح کہوں؟ فرمایا تم یوں کہو:۔ لَبَّيْكَ اللّٰهُمَّ لَبَّيْكَ اور میرے احرام کھولنے کی وہی جگہ ہے جہاں تو مجھے روک دے۔

باب ۴۔ فِي إِفْرَادِ الْحَجِّ۔

حج مفرد کا بیان

۱۴۔ حَدَّثَنَا الْقَعْنَبِيُّ نَا مَالِكٌ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْقَاسِمِ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَائِشَةَ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَفْرَدَ بِالْحَجِّ۔

عبد الرحمٰن بن قاسم کے والد ماجد نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حج مفرد کیا۔

۱۵۔ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ نَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ ح وَنَا مُوسَى بْنُ إِسْمَاعِيلَ نَا حَمَّادٌ يَعْنِي ابْنَ سَلَمَةَ ح وَنَا مُوسَى نَا وُهَيْبٌ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَائِشَةَ أَنَّهَا قَالَتْ خَرَجْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُوَافِينَ هِلَالَ ذِي الْحِجَّةِ فَلَمَّا كَانَ بِذِي الْحُلَيْفَةِ قَالَ مَنْ شَاءَ أَنْ يُهِلَّ بِحَجٍّ فَلْيُهِلَّ

سلیمان بن حرب، حماد بن زید۔ موسیٰ بن اسمٰعیل، حماد ابن سلمہ۔ موسیٰ، وہیب، ہشام بن عروہ نے اپنے والد ماجد سے روایت کی ہے کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا کہ ہم رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ نکلے جبکہ ذی الحجہ کا چاند نظر آنے والا تھا۔ جب ہم ذوالحلیفہ کے مقام پر تھے تو فرمایا۔ جو حج کا احرام باندھنا چاہے تو باندھ لے اور جو چاہے وہ عمرہ کا احرام باندھ لے۔ موسیٰ نے حدیث وہیب

وَمَنْ شَاءَ أَنْ يُهِلَّ بِعُمْرَةٍ قَالَ مُوسَى فِي حَدِيثِ وُهَيْبٍ فَإِنِّي لَوْلَا أَنِّي أَهْدَيْتُ لَأَهْلَلْتُ بِعُمْرَةٍ وَقَالَ فِي حَدِيثِ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ وَأَمَّا أَنَا فَأُهِلُّ بِالْحَجِّ فَإِنَّ مَعِيَ الْهَدْيَ ثُمَّ اتَّفَقُوا فَكُنْتُ فِيمَنْ أَهَلَّ بِعُمْرَةٍ فَلَمَّا كَانَ فِي بَعْضِ الطَّرِيقِ حِضْتُ فَدَخَلَ عَلَيَّ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَنَا أَبْكِي فَقَالَ مَا يُبْكِيكِ قُلْتُ وَدِدْتُ أَنِّي لَمْ أَكُنْ خَرَجْتُ الْعَامَ قَالَ ارْفُضِي عُمْرَتَكِ وَانْقُضِي رَأْسَكِ وَامْتَشِطِي قَالَ مُوسَى وَأَهِلِّي بِالْحَجِّ وَقَالَ سُلَيْمَانُ وَاصْنَعِي مَا يَصْنَعُ الْمُسْلِمُونَ فِي حَجِّهِمْ فَلَمَّا كَانَ لَيْلَةُ الصَّدَرِ أَمَرَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَبْدَ الرَّحْمَنِ فَذَهَبَ بِهَا إِلَى التَّنْعِيمِ زَادَ مُوسَى فَأَهَلَّتْ بِعُمْرَةٍ مَكَانَ عُمْرَتِهَا وَطَافَتْ بِالْبَيْتِ فَقَضَى اللَّهُ عُمْرَتَهَا وَحَجَّهَا قَالَ هِشَامٌ وَلَمْ يَكُنْ فِي شَيْءٍ مِنْ ذَلِكَ هَدْيٌ زَادَ مُوسَى فِي حَدِيثِ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ فَلَمَّا كَانَتْ لَيْلَةُ الْبَطْحَاءِ طَهُرَتْ عَائِشَةُ۔

میں کہا کہ اگر میں قربانی ساتھ نہ لاتا تو عمرہ کا احرام باندھتا اور حماد بن سلمہ کی حدیث میں کہا کہ میں تو حج کا احرام باندھ رہا ہوں کیونکہ میرے پاس ہدی ہے پھر سب متفق ہو گئے۔ میں (حضرت عائشہ) ان میں تھی جنہوں نے عمرہ کا احرام باندھا تھا جب ہم راستے ہی میں تھے تو مجھے حیض آگیا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میرے پاس تشریف لائے تو میں رو رہی تھی۔ فرمایا کہ تم کیوں رو رہی ہو؟ عرض کی۔ کاش! میں اس سال نہ نکلتی۔ فرمایا کہ اپنے عمرہ کو چھوڑ دو، اپنے سر کو کھول کر کنگھی کر لو۔ موسیٰ راوی نے کہا کہ حج کا احرام باندھ لو۔ سلیمان راوی نے کہا کہ وہی کرو جو مسلمان اپنے حج میں کرتے ہیں۔ جب اگلی رات آئی تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت عبدالرحمٰن بن ابوبکر کو حکم دیا تو وہ انہیں تنعیم لے گئے راوی نے یہ بھی کہا میں نے اس عمرہ کی جگہ دوسرے عمرے کا احرام بھی باندھا اور بیت اللہ کا طواف کیا۔ پس اللہ تعالیٰ نے میرا عمرہ اور حج پورا کروا دیا۔ ہشام راوی نے کہا کہ اس میں کوئی ہدی لازم نہیں آئی۔ موسیٰ راوی نے حماد بن سلمہ کی حدیث میں یہ بھی کہا کہ جب منیٰ کی رات آئی تو حضرت عائشہ پاک ہو گئیں۔

۱۶۔ حَدَّثَنَا الْقَعْنَبِيُّ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مَسْلَمَةَ عَنْ مَالِكٍ عَنْ أَبِي الْأَسْوَدِ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ ابْنِ نَوْفَلٍ عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ عَنْ عَائِشَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَتْ خَرَجْنَا مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَامَ حَجَّةِ الْوَدَاعِ فَمِنَّا مَنْ أَهَلَّ بِعُمْرَةٍ وَمِنَّا مَنْ أَهَلَّ بِحَجٍّ وَعُمْرَةٍ وَمِنَّا مَنْ أَهَلَّ بِالْحَجِّ وَأَهَلَّ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْحَجِّ وَأَمَّا مَنْ أَهَلَّ بِالْحَجِّ أَوْ جَمَعَ الْحَجَّ وَالْعُمْرَةَ فَلَمْ يَحِلُّوا حَتَّى كَانَ يَوْمُ النَّحْرِ۔

عروہ بن زبیر سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی زوجۂ مطہرہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا:۔ حجۃ الوداع کے سال ہم رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ہمراہ نکلے۔ ہم میں سے بعض نے عمرہ کا احرام باندھا، بعض نے حج اور عمرہ کا اور بعض نے حج کا احرام باندھا جبکہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حج کا احرام باندھا تھا۔ پس جنہوں نے حج کا یا حج و عمرہ دونوں کا احرام باندھا تھا انہوں نے یوم النحر کو احرام کھولا۔

۱۷۔ حَدَّثَنَا ابْنُ السَّرْحِ أَنَا ابْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي مَالِكٌ عَنْ أَبِي الْأَسْوَدِ بِإِسْنَادِهِ مِثْلَهُ زَادَ فَأَمَّا مَنْ أَهَلَّ بِعُمْرَةٍ فَأَحَلَّ۔

مالک نے ابی الاسود سے اپنی اسناد کے ساتھ اسی طرح روایت کرتے ہوئے یہ بھی کہا۔ جنہوں نے عمرہ کا احرام باندھا تھا انہوں نے کھول دیا۔

۱۸- حَدَّثَنَا الْقَعْنَبِيُّ عَنْ مَالِكٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ عَنْ عَائِشَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهَا قَالَتْ خَرَجْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي حَجَّةِ الْوَدَاعِ فَأَهْلَلْنَا بِعُمْرَةٍ ثُمَّ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ كَانَ مَعَهُ هَدْيٌ فَلْيُهْلِلْ بِالْحَجِّ مَعَ الْعُمْرَةِ ثُمَّ لَا يَحِلُّ حَتَّى يَحِلَّ مِنْهُمَا جَمِيعًا فَقَدِمْتُ مَكَّةَ وَأَنَا حَائِضٌ وَلَمْ أَطُفْ بِالْبَيْتِ وَلَا بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ فَشَكَوْتُ ذٰلِكَ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ انْقُضِي رَأْسَكِ وَامْتَشِطِي وَأَهِلِّي بِالْحَجِّ وَدَعِي الْعُمْرَةَ قَالَتْ فَفَعَلْتُ فَلَمَّا قَضَيْنَا الْحَجَّ أَرْسَلَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَعَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ أَبِي بَكْرٍ إِلَى التَّنْعِيمِ فَاعْتَمَرْتُ فَقَالَ هٰذِهِ مَكَانُ عُمْرَتِكِ قَالَتْ فَطَافَ الَّذِينَ أَهَلُّوا بِالْعُمْرَةِ بِالْبَيْتِ وَبَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ ثُمَّ حَلُّوا ثُمَّ طَافُوا طَوَافًا آخَرَ بَعْدَ أَنْ رَجَعُوا مِنْ مِنًى لِحَجِّهِمْ وَأَمَّا الَّذِينَ كَانُوا جَمَعُوا الْحَجَّ وَالْعُمْرَةَ فَإِنَّمَا طَافُوا طَوَافًا وَاحِدًا۔

عروہ بن زبیر سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی زوجۂ مطہرہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا۔ حجۃ الوداع کے موقع پر ہم رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ہمراہ نکلے۔ ہم نے عمرہ کا احرام باندھ لیا۔ پھر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جس کے پاس ہدی ہو وہ عمرہ کے ساتھ حج کا احرام بھی باندھ لے۔ پھر احرام نہ کھولے جب تک دونوں سے حلال نہ ہو جائے، جب میں مکہ مکرمہ میں پہنچی تو مجھے حیض آگیا اور میں نے بیت اللہ کا طواف نہیں کیا تھا اور نہ صفا و مروہ کا پس میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے اس کی شکایت کی تو فرمایا۔ اپنا سر کھول کر کنگھی کر لو، حج کا احرام باندھ لو اور عمرہ چھوڑ دو۔ چنانچہ میں نے یہی کیا۔ جب ہم حج سے فارغ ہو گئے تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مجھے عبد الرحمن بن ابوبکر کے ساتھ تنعیم بھیج دیا۔ میں نے عمرہ ادا کیا۔ فرمایا کہ تمہارے عمرہ کا مقام یہی ہے۔ حضرت عائشہ نے فرمایا جنہوں نے عمرہ کا احرام باندھا تھا انہوں نے بیت اللہ کا طواف اور صفا و مروہ کے درمیان سعی کر کے احرام کھول دیا۔ پھر حلال ہونے پر دوسرا طواف کیا۔ اپنے حج کے باعث منیٰ سے لوٹنے کے بعد اور جنہوں نے حج و عمرہ کو جمع کیا تھا انہوں نے ایک ہی طواف کیا۔ ف

ف۔ حضرت عبد الرحمن بن ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہما حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے والد محترم اور والدۂ ماجدہ دونوں کی جانب سے حقیقی بھائی تھے۔ حضرت عائشہ نے تنعیم کے جس مقام سے عمرہ کا احرام باندھا وہاں مسجد تعمیر کی گئی تھی اور اس کا نام مسجد عائشہ رکھا گیا تھا۔ بزرگوں کی یاد تازہ رکھنا من حیث القوم زندہ رہنے کی نشانی ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

۱۹- حَدَّثَنَا أَبُو سَلَمَةَ مُوسَى بْنُ إِسْمٰعِيلَ نَا حَمَّادٌ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْقَاسِمِ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَائِشَةَ أَنَّهَا قَالَتْ لَبَّيْنَا بِالْحَجِّ حَتَّى إِذَا كُنَّا بِسَرِفَ حِضْتُ فَدَخَلَ عَلَيَّ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَنَا أَبْكِي فَقَالَ مَا يُبْكِيكِ يَا عَائِشَةُ فَقُلْتُ حِضْتُ لَيْتَنِي لَمْ أَكُنْ حَجَجْتُ فَقَالَ سُبْحَانَ اللّٰهِ إِنَّمَا ذٰلِكَ شَيْءٌ كَتَبَهُ اللّٰهُ عَلَى

عبد الرحمن بن قاسم نے اپنے والد ماجد سے روایت کی ہے کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا۔ ہم نے حج کا تلبیہ کہا، یہاں تک کہ جب ہم سرف کے مقام پر پہنچے تو مجھے حیض آگیا۔ پس رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میرے پاس تشریف لائے اور میں رو رہی تھی۔ فرمایا کہ اے عائشہ! کیوں روتی ہو؟ عرض گزار ہوئی کہ مجھے حیض آگیا ہے۔ کاش! میں حج نہ کرتی۔ آپ نے سبحان اللہ کہتے ہوئے فرمایا۔ یہ چیز تو اللہ تعالیٰ

بنات آدم فقال اقضی المناسک کلها غیر أن لا تطوفی بالبیت فلما دخلنا مکة قال رسول الله صلی الله علیه وسلم من شاء أن یجعلها عمرة فلیجعلها عمرة إلا من کان معه الهدی قالت وذبح رسول الله صلی الله علیه وسلم عن نسائه البقر یوم النحر فلما کانت لیلة البطحاء وطهرت عائشة قالت یا رسول الله أترجع صواحبی بحج وعمرة وأرجع أنا بالحج فأمر رسول الله صلی الله علیه وسلم عبد الرحمن بن أبی بکر فذهب بها إلی التنعیم فلبت بالعمرة۔

۲۰۔ حدثنا عثمان بن أبی شیبة نا جریر عن منصور عن إبراهیم عن الأسود عن عائشة قالت خرجنا مع رسول الله صلی الله علیه وسلم لا نری إلا أنه الحج فلما قدمنا تطوفنا بالبیت فأمر رسول الله صلی الله علیه وسلم من لم یکن ساق الهدی أن یحل فأحل من لم یکن ساق الهدی

۲۱۔ حدثنا محمد بن یحیی بن فارس نا عثمان بن عمر أنا یونس عن الزهری عن عروة عن عائشة أن رسول الله صلی الله علیه وسلم قال لو استقبلت من أمری ما استدبرت لما سقت الهدی قال محمد أحسبه قال ولحللت مع الذین أحلوا من العمرة قال أراد أن یکون أمر الناس واحدا

۲۲۔ حدثنا قتیبة بن سعید نا اللیث عن أبی الزبیر عن جابر قال أقبلنا مهلین مع رسول الله صلی الله علیه وسلم بالحج مفردا وأقبلت عائشة مهلة بعمرة حتی إذا کانت بسرف عرکت حتی إذا قدمنا طفنا بالکعبة وبالصفا والمروة فأمرنا رسول الله صلی الله علیه وسلم

نے حضرت آدم کی بیٹیوں کے لیے لکھ دی ہے۔ تم تمام مناسک ادا کرو صرف بیت اللہ کا طواف نہ کرنا۔ جب ہم مکہ مکرمہ میں داخل ہوئے تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جو عمرہ بنانا چاہے تو بنا لے سوائے اس کے جس کے پاس ہدی ہو حضرت عائشہ کا بیان ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے دسویں ذی الحجہ کو اپنی ازواج مطہرات کی طرف سے گائے ذبح کی۔ جب بطحا کی رات آئی اور حضرت عائشہ پاک ہو گئیں تو عرض گزار ہوئیں۔ یا رسول اللہ! کیا ہمارے ساتھی حج اور عمرہ کرکے لوٹیں گے اور میں صرف حج کرکے لوٹوں گی؟ پس رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت عبد الرحمن بن ابو بکر کو حکم فرمایا

اسود سے روایت ہے کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا۔ ہم رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ہمراہ نکلے اور ہم حج ہی سمجھتے تھے۔ جب ہم پہنچ گئے اور بیت اللہ کا طواف کر لیا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم فرمایا کہ جن کے پاس ہدی نہ ہو وہ حلال ہو جائیں۔ پس جن کے پاس قربانی نہ تھی انہوں نے احرام کھول دیئے۔

عروہ نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا اگر پہلے سے مجھے یہ صورت حال معلوم ہوتی تو میں ہدی ساتھ نہ لاتا۔ راوی نے کہا کہ عمرہ والوں کے ساتھ میں بھی احرام کھول دیتا۔ راوی کا بیان ہے کہ اس سے آپ کی یہ مراد تھی کہ لوگوں کا معاملہ ایک جیسا ہو جاتا۔

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ ہم حج مفرد کا احرام باندھ کر چلے اور حضرت عائشہ نے عمرہ کا احرام باندھا۔ سرف کے مقام پر پہنچ کر انہیں حیض آ گیا۔ جب ہم پہنچ گئے تو کعبے کا طواف کیا اور صفا و مروہ کے درمیان بھی۔ پس رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حکم فرمایا کہ ہم میں سے وہ لوگ احرام کھول دیں

www.sirat-e-mustaqeem.com

اَنْ يَحِلَّ مِنَّا مَنْ لَمْ يَكُنْ مَعَهُ هَدْيٌ قَالَ فَقُلْنَا حِلٌّ مَاذَا قَالَ الْحِلُّ كُلُّهُ فَوَاقَعْنَا النِّسَاءَ وَتَطَيَّبْنَا بِالطِّيْبِ وَلَبِسْنَا ثِيَابَنَا وَلَيْسَ بَيْنَنَا وَبَيْنَ عَرَفَةَ اِلَّا اَرْبَعُ لَيَالٍ ثُمَّ اَهْلَلْنَا يَوْمَ التَّرْوِيَةِ ثُمَّ دَخَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى عَائِشَةَ فَوَجَدَهَا تَبْكِيْ فَقَالَ مَا شَانُكِ قَالَتْ شَانِيْ اَنِّيْ قَدْ حِضْتُ وَقَدْ حَلَّ النَّاسُ وَلَمْ اَحْلِلْ وَلَمْ اَطُفْ بِالْبَيْتِ وَالنَّاسُ يَذْهَبُوْنَ اِلَى الْحَجِّ الْاٰنَ قَالَ اِنَّ هٰذَا اَمْرٌ كَتَبَهُ اللّٰهُ عَلٰى بَنَاتِ اٰدَمَ فَاغْتَسِلِيْ ثُمَّ اَهِلِّيْ بِالْحَجِّ فَفَعَلَتْ وَوَقَفَتِ الْمَوَاقِفَ حَتّٰى اِذَا طَهُرَتْ طَافَتْ بِالْبَيْتِ وَبِالصَّفَا وَالْمَرْوَةِ ثُمَّ قَالَ قَدْ حَلَلْتِ مِنْ حَجِّكِ وَعُمْرَتِكِ جَمِيْعًا قَالَتْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّيْ اَجِدُ فِيْ نَفْسِيْ اَنِّيْ لَمْ اَطُفْ بِالْبَيْتِ حِيْنَ حَجَجْتُ قَالَ فَاذْهَبْ بِهَا يَا عَبْدَ الرَّحْمٰنِ فَاَعْمِرْهَا مِنَ التَّنْعِيْمِ وَذٰلِكَ لَيْلَةَ الْحَصْبَةِ۔

جن کے پاس ہدی نہ ہو۔ ہم عرض گزار ہوئے کہ کیا چیزیں حلال ہو جائیں گی؟ فرمایا کہ سب کچھ حلال۔ پس ہم نے عورتوں سے صحبت کی، خوشبو لگائی اور اپنے کپڑے پہنے اور عرفہ میں صرف چار راتیں باقی تھیں۔ پھر ہم نے آٹھویں تاریخ کو احرام باندھ لیا۔ پھر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم حضرت عائشہ کے پاس تشریف لے گئے۔ دیکھا تو وہ رو رہی ہیں۔ فرمایا کیا حال ہے؟ عرض کی کہ مجھے حیض آگیا ہے۔ لوگوں نے احرام کھول دیا اور میں نے نہیں کھولا اور نہ بیت اللہ کا طواف کیا ہے جبکہ لوگ حج کرنے جا رہے ہیں۔ فرمایا کہ یہ بات تو اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم کی بیٹیوں کے لیے لکھ دی ہے تو غسل کرکے حج کا احرام باندھ لینا۔ انہوں نے ایسا ہی کیا اور مواقف میں ٹھہری رہیں۔ جب پاک ہو گئیں تو بیت اللہ کا طواف کیا اور صفا و مروہ کا۔ پھر فرمایا! تم اپنے حج اور عمرہ دونوں سے حلال ہو چکی ہو۔ عرض گزار ہوئیں کہ یا رسول اللہ! میں تو اپنے دل میں سوچتی تھی کہ میں نے حج کے موقع پر بیت اللہ کا طواف نہیں کیا۔ فرمایا کہ عبدالرحمن! انہیں لے جاؤ اور تنعیم سے عمرہ کروا لاؤ اور یہ حصبہ کی رات تھی۔

۲۳۔ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ نَا يَحْيَى ابْنُ سَعِيْدٍ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ اَخْبَرَنِيْ اَبُو الزُّبَيْرِ اَنَّهُ سَمِعَ جَابِرًا بِبَعْضِ هٰذِهِ الْقِصَّةِ قَالَ عِنْدَ قَوْلِهِ وَاَهِلِّيْ بِالْحَجِّ ثُمَّ حُجِّيْ وَاصْنَعِيْ مَا يَصْنَعُ الْحَاجُّ غَيْرَ اَنْ لَا تَطُوْفِيْ بِالْبَيْتِ وَلَا تُصَلِّيْ۔

ابوالزبیر نے حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے اس واقعے کے بعض حصے سنے۔ انہوں نے فرمانِ رسالت کے بارے میں فرمایا۔ حج کا احرام باندھ کر حج کر لو اور جو دوسرے حاجی کرتے ہیں تم بھی وہی کرنا مگر بیت اللہ کا طواف نہ کرنا اور نماز نہ پڑھنا۔

۲۴۔ حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْوَلِيْدِ بْنِ مَزْيَدٍ اَخْبَرَنِيْ اَبِيْ قَالَ حَدَّثَنَا الْاَوْزَاعِيُّ حَدَّثَنِيْ مَنْ سَمِعَ عَطَاءَ بْنَ اَبِيْ رَبَاحٍ حَدَّثَنِيْ جَابِرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ اَهْلَلْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْحَجِّ خَالِصًا لَا يُخَالِطُهُ شَيْءٌ فَقَدِمْنَا مَكَّةَ لِاَرْبَعِ لَيَالٍ خَلَوْنَ مِنْ ذِي الْحِجَّةِ فَطُفْنَا وَسَعَيْنَا ثُمَّ اَمَرَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ نَحِلَّ وَقَالَ لَوْلَا هَدْيِيْ لَحَلَلْتُ ثُمَّ قَامَ سُرَاقَةُ بْنُ مَالِكٍ فَقَالَ

عطاء بن ابو رباح سے روایت ہے کہ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا۔ ہم نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ حج کا احرام باندھا اور اس کے ساتھ کسی دوسری چیز کو شامل نہیں کیا تھا۔ ہم ذی الحجہ کی چار راتیں گزرنے پر مکہ مکرمہ میں پہنچے۔ پس ہم نے طواف کیا اور سعی کی۔ پھر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ہمیں احرام کھول دینے کا حکم فرمایا اور ارشاد ہوا کہ اگر ہدی نہ لاتا تو میں بھی احرام کھول دیتا۔ حضرت سراقہ بن مالک کھڑے ہو کر عرض گزار ہوئے۔ یا رسول اللہ!

www.sirat-e-mustaqeem.com

يَا رَسُولَ اللّٰهِ أَرَأَيْتَ مُتْعَتَنَا هٰذِهِ أَلِعَامِنَا هٰذَا أَمْ لِلْأَبَدِ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَلْ هِيَ لِلْأَبَدِ قَالَ الْأَوْزَاعِيُّ سَمِعْتُ عَطَاءَ بْنَ أَبِي رَبَاحٍ يُحَدِّثُ بِهٰذَا فَلَمْ أَحْفَظْهُ حَتّٰى لَقِيتُ ابْنَ جُرَيْجٍ فَأَثْبَتَهُ لِي۔

یہ رعایت ہمارے لیے اسی سال ہے یا ہمیشہ کے لیے ہے؟ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ یہ ہمیشہ کے لیے ہے امام اوزاعی نے فرمایا کہ یہ حدیث میں نے عطا بن ابی رباح سے سنی لیکن مجھے اچھی طرح یاد نہ ہوئی یہاں تک کہ میں ابن جریج سے ملا تو انہوں نے مجھے اچھی طرح یاد کروا دی۔

۲۵۔ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْمٰعِيلَ نَا حَمَّادٌ عَنْ قَيْسِ بْنِ سَعْدٍ عَنْ عَطَاءِ بْنِ أَبِي رَبَاحٍ عَنْ جَابِرٍ قَالَ قَدِمَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَصْحَابُهُ لِأَرْبَعٍ خَلَوْنَ مِنْ ذِي الْحِجَّةِ فَلَمَّا طَافُوا بِالْبَيْتِ وَبِالصَّفَا وَالْمَرْوَةِ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اجْعَلُوهَا عُمْرَةً إِلَّا مَنْ كَانَ مَعَهُ الْهَدْيُ فَلَمَّا كَانَ يَوْمُ التَّرْوِيَةِ أَهَلُّوا بِالْحَجِّ فَلَمَّا كَانَ يَوْمُ النَّحْرِ قَدِمُوا فَطَافُوا بِالْبَيْتِ وَلَمْ يَطُوفُوا بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ۔

عطاء بن ابی رباح سے روایت ہے کہ حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور آپ کے اصحاب اس وقت پہنچے جب ذی الحجہ کی چار راتیں گزر چکی تھیں۔ جب بیت اللہ کا طواف اور صفا و مروہ کے درمیان سعی کر لی گئی تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا اسے عمرہ بنا لو ما سوائے اس کے جس کے پاس ہدی ہو۔ جب ذی الحجہ کی آٹھویں تاریخ ہوئی تو لوگوں نے حج کا احرام باندھ لیا جب ذی الحجہ کی دسویں تاریخ ہوئی تو انہوں نے آکر بیت اللہ کا طواف کیا لیکن صفا و مروہ کے درمیان سعی نہ کی۔

۲۶۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ نَا عَبْدُ الْوَهَّابِ الثَّقَفِيُّ نَا حَبِيبٌ يَعْنِي الْمُعَلِّمَ عَنْ عَطَاءٍ حَدَّثَنِي جَابِرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَهَلَّ هُوَ وَأَصْحَابُهُ بِالْحَجِّ وَلَيْسَ مَعَ أَحَدٍ مِنْهُمْ يَوْمَئِذٍ هَدْيٌ إِلَّا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَطَلْحَةَ وَكَانَ عَلِيٌّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَدِمَ مِنَ الْيَمَنِ وَمَعَهُ الْهَدْيُ فَقَالَ أَهْلَلْتُ بِمَا أَهَلَّ بِهِ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَإِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَمَرَ أَصْحَابَهُ أَنْ يَجْعَلُوهَا عُمْرَةً يَطُوفُوا ثُمَّ يُقَصِّرُوا وَيَحِلُّوا إِلَّا مَنْ كَانَ مَعَهُ الْهَدْيُ فَقَالُوا أَنَنْطَلِقُ إِلٰى مِنًى وَذُكُورُنَا تَقْطُرُ فَبَلَغَ ذٰلِكَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَوْ أَنِّي اسْتَقْبَلْتُ مِنْ أَمْرِي مَا اسْتَدْبَرْتُ مَا أَهْدَيْتُ وَلَوْلَا أَنَّ مَعِيَ الْهَدْيَ لَأَحْلَلْتُ۔

عطاء نے حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور آپ کے اصحاب نے حج کا احرام باندھا اور ان میں سے اس روز کسی کے پاس ہدی نہ تھی سوائے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور حضرت طلحہ کے اور حضرت علی اپنے ساتھ یمن سے ہدی لائے تھے۔ انہوں نے کہا کہ میں نے بھی اسی چیز کا احرام باندھ لیا جس کا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے باندھا ہے اور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنے اصحاب کو حکم فرمایا کہ اسے عمرہ بنا لو۔ طواف کر کے بال کتروا لو اور حلال ہو جاؤ۔ ما سوائے اس کے جس کے پاس ہدی ہو۔ لوگوں نے کہا کہ ہم منیٰ اس حالت میں جائیں کہ ہماری شرمگاہوں سے منی ٹپک رہی ہو؟ یہ بات رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تک پہنچی تو فرمایا۔ اگر اس بات کا مجھے قبل ازیں پتہ ہوتا تو میں ہدی نہ لاتا اور اگر میرے ساتھ ہدی نہ ہوتی تو میں بھی احرام کھول دیتا۔

۲۷۔ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ أَنَّ مُحَمَّدَ

مجاہد نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے

www.sirat-e-mustaqeem.com

ابْنَ جَعْفَرٍ حَدَّثَهُمْ عَنْ شُعْبَةَ عَنِ الْحَكَمِ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ هٰذِهِ عُمْرَةٌ اسْتَمْتَعْنَا بِهَا فَمَنْ لَمْ يَكُنْ عِنْدَهُ هَدْيٌ فَلْيُحِلَّ الْحِلَّ كُلَّهُ وَقَدْ دَخَلَتِ الْعُمْرَةُ فِي الْحَجِّ إِلَى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ قَالَ أَبُو دَاوُدَ هٰذَا مُنْكَرٌ إِنَّمَا هُوَ قَوْلُ ابْنِ عَبَّاسٍ۔

روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ یہ عمرہ ہے جس کے ساتھ ہم نے تمتع کر لیا ہے لہٰذا جس کے پاس ہدی نہیں ہے وہ پوری طرح حلال ہو جائے اور عمرہ کو حج میں قیامت تک کے لیے شامل کر دیا ہے۔ امام ابو داؤد نے فرمایا کہ یہ حدیث منکر ہے کیونکہ یہ حضرت ابن عباس کا قول ہے۔

۲۸۔ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللهِ بْنُ مُعَاذٍ حَدَّثَنِي أَبِي نَا النَّهَّاسُ عَنْ عَطَاءٍ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِذَا أَهَلَّ الرَّجُلُ بِالْحَجِّ ثُمَّ قَدِمَ مَكَّةَ فَطَافَ بِالْبَيْتِ وَبِالصَّفَا وَالْمَرْوَةِ فَقَدْ حَلَّ وَهِيَ عُمْرَةٌ قَالَ أَبُو دَاوُدَ رَوَاهُ ابْنُ جُرَيْجٍ عَنْ رَجُلٍ عَنْ عَطَاءٍ دَخَلَ أَصْحَابُ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُهِلِّينَ بِالْحَجِّ خَالِصًا فَجَعَلَهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عُمْرَةً۔

عطاء نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جب کوئی حج کا احرام باندھ کر مکہ مکرمہ میں حاضر ہو پس وہ بیت اللہ کا طواف اور صفا و مروہ کی سعی کرے تو حلال ہو جائے کیونکہ یہ عمرہ ہو جاتا ہے۔ امام ابو داؤد نے فرمایا کہ روایت کیا اسے ابن جریج، ایک آدمی عطاء سے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اصحاب صرف حج کا احرام باندھ کر داخل ہوئے تھے تو نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اسے عمرہ میں بدل دیا۔

۲۹۔ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ شَوْكَرٍ وَأَحْمَدُ ابْنُ مَنِيعٍ قَالَا نَا هُشَيْمٌ عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي زِيَادٍ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ أَهَلَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْحَجِّ فَلَمَّا قَدِمَ طَافَ بِالْبَيْتِ وَبَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ وَقَالَ ابْنُ شَوْكَرٍ وَلَمْ يُقَصِّرْ وَلَمْ يَحِلَّ مِنْ أَجْلِ الْهَدْيِ وَأَمَرَ مَنْ لَمْ يَكُنْ سَاقَ الْهَدْيَ أَنْ يَطُوفَ وَأَنْ يَسْعَى وَيُقَصِّرَ ثُمَّ يَحِلَّ زَادَ ابْنُ مَنِيعٍ أَوْ يَحْلِقَ ثُمَّ يَحِلَّ۔

مجاہد سے روایت ہے کہ حضرت ابن عباس نے فرمایا۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حج کا احرام باندھا۔ جب پہنچ گئے تو طواف کیا بیت اللہ کا اور صفا و مروہ کے درمیان ابن شوکر کا بیان ہے کہ ہدی کے باعث آپ نے بال نہ کتروائے اور نہ حلال ہوئے اور حکم فرمایا کہ جس کے پاس ہدی نہ ہو وہ طواف اور سعی کر کے بال کتروائے، پھر احرام کھول دے۔ ابن منیع نے یہ بھی کہا یا سر منڈوالے، پھر احرام کھول دے۔

۳۰۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ نَا عَبْدُ اللهِ ابْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي حَيْوَةُ أَخْبَرَنِي أَبُو عِيسَى الْخُرَاسَانِيُّ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ الْقَاسِمِ عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ أَنَّ رَجُلًا مِنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَتَى عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ فَشَهِدَ عِنْدَهُ أَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي مَرَضِهِ الَّذِي قُبِضَ فِيهِ يَنْهَى عَنِ الْعُمْرَةِ

عبداللہ بن قاسم نے سعید بن مسیب سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے صحابہ کرام میں سے ایک آدمی حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا اور ان کے پاس گواہی دی کہ اس نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے آپ کے اس مرض میں سنا جس کے اندر وصال ہوا تھا کہ آپ نے حج سے پہلے عمرہ کرنے سے منع فرمایا تھا۔

---

www.sirat-e-mustaqeem.com

قَبْلَ الْحَجِّ.

۳۱- حَدَّثَنَا مُوسَى أَبُو سَلَمَةَ نَا حَمَّادٌ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ أَبِي شَيْخٍ الْهُنَائِيِّ خَيْوَانَ بْنِ خَلْدَةَ مِمَّنْ قَرَأَ عَلَى أَبِي مُوسَى الْأَشْعَرِيِّ مِنْ أَهْلِ الْبَصْرَةِ أَنَّ مُعَاوِيَةَ بْنَ أَبِي سُفْيَانَ قَالَ لِأَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَلْ تَعْلَمُونَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْ كَذَا وَكَذَا وَرُكُوبِ جُلُودِ النُّمُورِ قَالُوا نَعَمْ قَالَ فَتَعْلَمُونَ أَنَّهُ نَهَى أَنْ يُقْرَنَ بَيْنَ الْحَجِّ وَالْعُمْرَةِ فَقَالُوا أَمَّا هَذَا فَلَا فَقَالَ أَمَا إِنَّهَا مَعَهُنَّ وَلَكِنَّكُمْ نَسِيتُمْ.

خیوان بن خلدہ سے روایت ہے جنہوں نے بصرہ والوں میں سے حضرت ابو موسیٰ اشعری سے قرآن مجید پڑھا تھا کہ حضرت معاویہ بن ابو سفیان رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اصحاب سے کہا۔ کیا آپ جانتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فلاں فلاں کام سے منع فرمایا ہے اور چیتے کی کھال پر بیٹھنے سے؟ انہوں نے کہا ہاں۔ فرمایا کیا آپ جانتے ہیں کہ حضور نے حج اور عمرہ کو جمع کرنے سے منع فرمایا ہے؟ انہوں نے کہا کہ ایسا نہیں ہے۔ فرمایا کہ یہ مذکورہ باتوں کے ساتھ ہے لیکن آپ بھول گئے ہیں۔

بَابٌ فِي الْإِقْرَانِ.

حج قران کا بیان

۳۲- حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ نَا هُشَيْمٌ أَنَا يَحْيَى بْنُ أَبِي إِسْحَاقَ وَعَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ صُهَيْبٍ وَحُمَيْدٌ الطَّوِيلُ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ أَنَّهُمْ سَمِعُوهُ يَقُولُ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُلَبِّي بِالْحَجِّ وَالْعُمْرَةِ جَمِيعًا يَقُولُ لَبَّيْكَ عُمْرَةً وَحَجًّا لَبَّيْكَ عُمْرَةً وَحَجًّا.

یحییٰ ابن ابو اسحٰق، عبد العزیز بن صہیب اور حمید الطویل نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو حج اور عمرہ کا اکٹھا تلبیہ کہتے ہوئے سنا، چنانچہ آپ لَبَّيْكَ عُمْرَةً وَّحَجًّا، لَبَّيْكَ عُمْرَةً وَّحَجًّا کہتے تھے۔ ف

ف۔ حج اور مناسکِ حج کی ادائیگی کے تین طریقے ہیں۔ اولاً مفرد ہے کہ صرف حج یا عمرہ کے لیے احرام باندھے۔ ثانیاً قارن کہ حج و عمرہ دونوں کا احرام باندھے۔ ثالثاً متمتع یعنی حج سے عمرہ یا عمرہ سے حج ملا لینے کا فائدہ حاصل کرنا۔ یعنی پہلے عمرہ کر لے۔ اگر ہدی لایا ہے تو احرام برقرار رکھے ورنہ احرام کھول دے اور مکہ مکرمہ میں رہنے لگے۔ آٹھویں ذی الحجہ کو حج کا احرام باندھ لے اور حج کرے۔ اس صورت میں متمتع کو یہ فضیلت ہے کہ ایک ہی سال میں حج و عمرہ دونوں ہو جاتے ہیں۔ مختلف روایات کو سامنے رکھ کر کتنے ہی اہلِ علم حضرات نے قران کو ترجیح دی ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

۳۳- حَدَّثَنَا أَبُو سَلَمَةَ مُوسَى بْنُ إِسْمَاعِيلَ نَا وُهَيْبٌ نَا أَيُّوبُ عَنْ أَبِي قِلَابَةَ عَنْ أَنَسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَاتَ بِهَا يَعْنِي بِذِي الْحُلَيْفَةِ حَتَّى أَصْبَحَ ثُمَّ رَكِبَ حَتَّى إِذَا اسْتَوَتْ بِهِ عَلَى الْبَيْدَاءِ حَمِدَ اللَّهَ وَسَبَّحَ وَكَبَّرَ ثُمَّ أَهَلَّ بِحَجٍّ وَعُمْرَةٍ وَأَهَلَّ النَّاسُ بِهِمَا فَلَمَّا قَدِمْنَا أَمَرَ النَّاسَ فَحَلُّوا حَتَّى إِذَا كَانَ يَوْمُ التَّرْوِيَةِ أَهَلُّوا بِالْحَجِّ وَ

ابو قلابہ نے حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ذو الحلیفہ میں رات گزاری۔ جب صبح ہوئی تو آپ سوار ہو گئے یہاں تک کہ جب بیداء پہنچے تو اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ، سُبْحَانَ اللّٰہِ اور اَللّٰہُ اَکْبَرُ کہہ کر حج و عمرہ کا احرام باندھ لیا اور لوگوں نے بھی دونوں کا احرام باندھا جب ذی الحجہ کی آٹھویں تاریخ ہوئی تو حج کا تلبیہ کہا اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے سات اونٹوں کو کھڑا کر کے اپنے

www.sirat-e-mustaqeem.com

نَحَرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَبْعَ بُدُنَاتٍ بِيَدِهٖ قِيَامًا۔

دست مبارک سے نحر فرمایا۔

۳۴۔ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مَعِينٍ نَا حَجَّاجٌ نَا يُونُسُ عَنْ اَبِي اِسْحٰقَ عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ قَالَ كُنْتُ مَعَ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ حِينَ اَمَّرَهٗ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الْيَمَنِ قَالَ فَاَصَبْتُ مَعَهٗ اَوَاقِيَ مِنْ ذَهَبٍ قَالَ فَلَمَّا قَدِمَ عَلِيٌّ مِنَ الْيَمَنِ عَلٰى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ وَجَدْتُ فَاطِمَةَ قَدْ لَبِسَتْ ثِيَابًا صَبِيغًا وَقَدْ نَضَحَتِ الْبَيْتَ بِنَضُوحٍ فَقَالَتْ مَا لَكَ فَاِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ اَمَرَ اَصْحَابَهٗ فَاَحَلُّوا قَالَ قُلْتُ لَهَا اِنِّي اَهْلَلْتُ بِاِهْلَالِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فَاَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لِي كَيْفَ صَنَعْتَ قَالَ قُلْتُ اَهْلَلْتُ بِاِهْلَالِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فَاِنِّي قَدْ سُقْتُ الْهَدْيَ وَقَرَنْتُ قَالَ فَقَالَ لِي انْحَرْ مِنَ الْبُدْنِ سَبْعًا وَسِتِّينَ اَوْ سِتًّا وَسِتِّينَ وَاَمْسِكْ لِنَفْسِكَ ثَلٰثًا وَثَلٰثِينَ اَوْ اَرْبَعًا وَثَلٰثِينَ وَاَمْسِكْ لِي مِنْ كُلِّ بَدَنَةٍ مِنْهَا بَضْعَةً۔

حضرت براء ابن عازب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ میں حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ساتھ تھا جبکہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے انہیں یمن کا امیر بنا کر بھیجا تھا۔ میں نے ان کے ساتھ کئی اوقیہ چاندی حاصل کی۔ جب حضرت علی یمن سے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے ان کا بیان ہے کہ میں نے حضرت فاطمہ کو پایا کہ رنگین کپڑے پہنے ہوئے ہیں اور گھر میں خوشبو لگائی ہوئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ آپ کو کیا ہوا جبکہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنے اصحاب کو احرام کھول دینے کا حکم فرمایا ہے؟ انہوں نے کہا کہ میں نے اس چیز کا احرام باندھا ہے جس کا نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم باندھے ہوئے ہیں۔ ان کا بیان ہے کہ پھر میں نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا۔ حضور نے مجھ سے فرمایا کہ تم نے کیسے کیا عرض کی کہ میں نے اسی چیز کا احرام باندھ لیا جس کا نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے باندھا ہے۔ فرمایا کہ میں تو ہدی ساتھ لایا ہوں اور قران کیا ہے۔ پس مجھ سے فرمایا کہ میرے لیے سڑسٹھ یا چھیاسٹھ اونٹ نحر کرو اور اپنے لیے تینتیس یا چونتیس رکھ لینا اور میرے لیے ہر اونٹ میں سے ایک حصہ رکھنا۔

۳۵۔ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ ابْنُ اَبِي شَيْبَةَ نَا جَرِيرُ ابْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ عَنْ مَنْصُورٍ عَنْ اَبِي وَائِلٍ قَالَ قَالَ الصُّبَيُّ بْنُ مَعْبَدٍ اَهْلَلْتُ بِهِمَا مَعًا فَقَالَ عُمَرُ هُدِيتَ لِسُنَّةِ نَبِيِّكَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔

منصور نے ابووائل سے روایت کی ہے کہ حضرت ضبی بن معبد نے فرمایا۔ میں نے دونوں (حج و عمرہ) کا اکٹھا احرام باندھا تھا تو حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ تم نے اپنے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی پیروی کی ہے۔

۳۶۔ حَدَّثَنَا النُّفَيْلِيُّ نَا مِسْكِينٌ عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ عَنْ يَحْيَى ابْنِ اَبِي كَثِيرٍ عَنْ عِكْرِمَةَ قَالَ سَمِعْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ يَقُولُ حَدَّثَنِي عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّهٗ سَمِعَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ اَتَانِي اللَّيْلَةَ اٰتٍ مِنْ عِنْدِ رَبِّي عَزَّ وَجَلَّ قَالَ وَهُوَ بِالْعَقِيقِ فَقَالَ صَلِّ فِي هٰذَا الْوَادِي

حضرت ابن عباس سے روایت ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا۔ اس رات میرے رب عزوجل کے پاس سے ایک آنے والا آیا جبکہ آپ عقیق میں تھے اور کہا کہ اس مبارک وادی میں نماز پڑھیے اور کہا کہ حج میں عمرہ ہے۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ روایت کیا ولید بن مسلم اور عمر بن عبدالواحد نے اس حدیث

www.sirat-e-mustaqeem.com

الْمُبَارَكِ وَقَالَ عُمْرَةٌ فِي حَجَّةٍ. قَالَ أَبُو دَاوُدَ رَوَاهُ الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ وَعُمَرُ بْنُ عَبْدِ الْوَاحِدِ فِي هَذَا الْحَدِيثِ عَنِ الْأَوْزَاعِيِّ وَقُلْ عُمْرَةٌ فِي حَجَّةٍ قَالَ أَبُو دَاوُدَ وَكَذَا رَوَاهُ عَلِيُّ بْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي كَثِيرٍ فِي هَذَا الْحَدِيثِ قَالَ وَقُلْ عُمْرَةٌ فِي حَجَّةٍ.

میں اوزاعی سے۔ "کہیے حج میں عمرہ ہے"۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ اسی طرح روایت کیا اس حدیث میں علی بن مبارک نے یحییٰ بن ابی کثیر سے۔ "کہیے حج میں عمرہ ہے"۔

۳۷۔ حَدَّثَنَا هَنَّادُ بْنُ السَّرِيِّ نَا ابْنُ أَبِي زَائِدَةَ نَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ حَدَّثَنِي الرَّبِيعُ بْنُ سَبْرَةَ عَنْ أَبِيهِ قَالَ خَرَجْنَا مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّى إِذَا كُنَّا بِعُسْفَانَ قَالَ لَهُ سُرَاقَةُ بْنُ مَالِكٍ الْمُدْلِجِيُّ يَا رَسُولَ اللَّهِ اقْضِ لَنَا قَضَاءَ قَوْمٍ كَأَنَّمَا وُلِدُوا الْيَوْمَ فَقَالَ إِنَّ اللَّهَ عَزَّ وَجَلَّ قَدْ أَدْخَلَ عَلَيْكُمْ فِي حَجِّكُمْ هَذَا عُمْرَةً فَإِذَا قَدِمْتُمْ فَمَنْ تَطَوَّفَ بِالْبَيْتِ وَبَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ فَقَدْ حَلَّ إِلَّا مَنْ كَانَ مَعَهُ هَدْيٌ.

ربیع بن سبرہ کے والد ماجد نے فرمایا کہ ہم رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ نکلے۔ یہاں تک کہ جب عسفان کے مقام پر پہنچے تو سراقہ بن مالک مدلجی عرض گزار ہوئے یا رسول اللہ ہم کو کوئی تازہ حکمی اعلان فرما دیجیے۔ فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے تمہارے اس حج میں عمرہ کو شامل فرما دیا ہے۔ لہٰذا جب تم پہنچ جاؤ تو جو بیت اللہ کا طواف کر لے اور صفا و مروہ کے درمیان بھی تو وہ حلال ہو گیا سوائے اس کے جس کے ساتھ ہدی ہو۔

۳۸۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ نَجْدَةَ نَا شُعَيْبُ بْنُ إِسْحَاقَ ح وَحَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ خَلَّادٍ نَا يَحْيَى الْمَعْنَى عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ أَخْبَرَنِي الْحَسَنُ بْنُ مُسْلِمٍ عَنْ طَاوُسٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ مُعَاوِيَةَ ابْنَ أَبِي سُفْيَانَ أَخْبَرَهُ قَالَ قَصَّرْتُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِشْقَصٍ عَلَى الْمَرْوَةِ أَوْ رَأَيْتُهُ يُقَصِّرُ عَنْهُ عَلَى الْمَرْوَةِ بِمِشْقَصٍ.

عبدالوہاب بن نجدہ، شعیب بن اسحٰق - ابوبکر بن خلاد، یحییٰ، ابن جریج، حسن بن مسلم، طاؤس نے حضرت ابن عباس سے روایت کی کہ حضرت معاویہ بن ابوسفیان رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے مجھے بتلاتے ہوئے کہا کہ میں نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے موئے مبارک تیر کی نوک سے کاٹے یا آپ کو تیر کی پیکان سے کاٹتے ہوئے دیکھا۔

۳۹۔ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ وَمُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الْمَعْنَى قَالَا نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ أَنَا مَعْمَرٌ عَنْ طَاوُسٍ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ مُعَاوِيَةَ قَالَ لَهُ أَمَا عَلِمْتَ أَنِّي قَصَّرْتُ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِشْقَصِ أَعْرَابِيٍّ عَلَى الْمَرْوَةِ زَادَ الْحَسَنُ فِي حَدِيثِهِ بِحَجَّتِهِ.

طاؤس کے والد ماجد نے حضرت ابن عباس سے روایت روایت کی ہے کہ حضرت معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کیا تمہیں معلوم نہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے موئے مبارک ایک اعرابی کے تیر کی پیکان سے کاٹے تھے حسن نے اپنی حدیث میں یہ بھی کہا۔ آپ کے حج میں۔

www.sirat-e-mustaqeem.com

۴۰۔ حَدَّثَنَا ابْنُ مُعَاذٍ أَنَا أَبِي أَنَا شُعْبَةُ عَنْ مُسْلِمٍ الْقُرِّيِّ سَمِعَ ابْنَ عَبَّاسٍ يَقُولُ أَهَلَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِعُمْرَةٍ وَأَهَلَّ أَصْحَابُهُ بِحَجٍّ۔

مسلم القری نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما کو فرماتے ہوئے سنا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے عمرہ کا احرام باندھا اور آپ کے اصحاب نے حج کا احرام باندھا تھا۔

۴۱۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ شُعَيْبِ بْنِ اللَّيْثِ حَدَّثَنِي أَبِي عَنْ عُقَيْلٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ قَالَ تَمَتَّعَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي حَجَّةِ الْوَدَاعِ بِالْعُمْرَةِ إِلَى الْحَجِّ فَأَهْدَى وَسَاقَ مَعَهُ الْهَدْيَ مِنْ ذِي الْحُلَيْفَةِ وَبَدَأَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَهَلَّ بِالْعُمْرَةِ ثُمَّ أَهَلَّ بِالْحَجِّ وَتَمَتَّعَ النَّاسُ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْعُمْرَةِ إِلَى الْحَجِّ فَكَانَ مِنَ النَّاسِ مَنْ أَهْدَى فَسَاقَ الْهَدْيَ وَمِنْهُمْ مَنْ لَمْ يُهْدِ فَلَمَّا قَدِمَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَكَّةَ قَالَ لِلنَّاسِ مَنْ كَانَ مِنْكُمْ أَهْدَى فَإِنَّهُ لَا يَحِلُّ لَهُ مِنْ شَيْءٍ حَرُمَ مِنْهُ حَتّٰى يَقْضِيَ حَجَّهُ وَمَنْ لَمْ يَكُنْ مِنْكُمْ أَهْدَى فَلْيَطُفْ بِالْبَيْتِ وَبِالصَّفَا وَالْمَرْوَةِ وَلْيُقَصِّرْ وَلْيَحْلِلْ ثُمَّ لْيُهِلَّ بِالْحَجِّ وَلْيُهْدِ فَمَنْ لَمْ يَجِدْ هَدْيًا فَلْيَصُمْ ثَلَاثَةَ أَيَّامٍ فِي الْحَجِّ وَسَبْعَةً إِذَا رَجَعَ إِلَى أَهْلِهِ وَطَافَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَ قَدِمَ مَكَّةَ فَاسْتَلَمَ الرُّكْنَ أَوَّلَ شَيْءٍ ثُمَّ خَبَّ ثَلَاثَةَ أَطْوَافٍ مِنَ السَّبْعِ وَمَشَى أَرْبَعَةَ أَطْوَافٍ ثُمَّ رَكَعَ حِينَ قَضَى طَوَافَهُ بِالْبَيْتِ عِنْدَ الْمَقَامِ رَكْعَتَيْنِ ثُمَّ سَلَّمَ فَانْصَرَفَ فَأَتَى الصَّفَا فَطَافَ بِالصَّفَا وَالْمَرْوَةِ سَبْعَةَ أَطْوَافٍ ثُمَّ لَمْ يَحِلَّ مِنْ شَيْءٍ حَرُمَ مِنْهُ حَتّٰى قَضَى حَجَّهُ وَنَحَرَ هَدْيَهُ يَوْمَ النَّحْرِ وَأَفَاضَ فَطَافَ بِالْبَيْتِ ثُمَّ حَلَّ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ حَرُمَ مِنْهُ وَفَعَلَ مِثْلَ فِعْلِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

سالم بن عبد اللہ سے روایت ہے کہ حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حجۃ الوداع میں حج کے ساتھ عمرہ کا تمتع کیا پس آپ نے ہدی دی اور ہدی آپ نے ذوالحلیفہ سے ساتھ لی اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے پہلے عمرہ کا احرام باندھا پھر حج کا احرام باندھ لیا اور لوگوں نے بھی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ عمرہ کے ساتھ حج کا تمتع کیا۔ لوگوں میں سے بعض ہدی لائے تھے انہوں نے پیش کیں اور بعض نہیں لائے تھے۔ جب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مکہ مکرمہ میں جلوہ افروز ہوئے تو لوگوں سے فرمایا۔ جو تم میں سے ہدی لایا ہے تو جو چیزیں اس پر حرام تھیں ان میں سے کوئی بھی حلال نہیں ہوگی، یہاں تک کہ حج پورا کرلے اور جس کے پاس ہدی نہیں ہے وہ بیت اللہ کا طواف اور صفا و مروہ کا کرکے بال کتروائے اور حلال ہو جائے۔ پھر حج کا احرام باندھ کر ہدی پیش کرے جس کے پاس ہدی نہ ہو وہ تین روزے ایام حج میں رکھے اور سات روزے اپنے گھر لوٹنے پر۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مکہ مکرمہ میں قدم رنجہ فرماتے ہی سب سے پہلے حجر اسود کو بوسہ دیا۔ پھر سات طوافوں میں سے تین کے اندر دوڑے اور چار طوافوں میں چلے۔ پھر بیت اللہ کے طواف سے فارغ ہو کر مقام ابراہیم کے پاس دو رکعتیں پڑھیں۔ پھر سلام پھیر کر فارغ ہوئے تو صفا اور مروہ کے درمیان سات پھیرے لگائے پھر جو چیزیں اس کے باعث حرام ہوئی تھی ان میں سے کوئی حلال نہ ہوئی یہاں تک کہ اپنا حج پورا کر لیا اور دسویں ذی الحجہ کو ہدی نحر کرلی اور لوٹتے وقت بیت اللہ کا طواف کر لیا تو وہ تمام چیزیں حلال ہو گئیں جو اس سے حرام ہوئی تھیں۔ جو ہدی لائے

مَنْ أَهْدَى وَسَاقَ الْهَدْيَ مِنَ النَّاسِ۔

تھے انھوں نے بھی نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی طرح کیا جبکہ بعض لوگ ہدی نہیں لائے تھے۔

۴۲ حَدَّثَنَا الْقَعْنَبِيُّ عَنْ مَالِكٍ عَنْ نَافِعٍ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ عَنْ حَفْصَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهَا قَالَتْ يَا رَسُوْلَ اللهِ مَا شَأْنُ النَّاسِ قَدْ حَلُّوْا وَلَمْ تَحْلِلْ أَنْتَ مِنْ عُمْرَتِكَ فَقَالَ إِنِّي لَبَّدْتُ رَأْسِي وَقَلَّدْتُ هَدْيِي فَلَا أَحِلُّ حَتَّى أَنْحَرَ الْهَدْيَ۔

حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی زوجۂ مطہرہ حضرت حفصہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا عرض گزار ہوئیں۔ یا رسول اللہ! لوگوں نے احرام کھول دیئے لیکن آپ نے عمرہ کا احرام نہیں کھولا؟ فرمایا میں نے اپنے سر کے بال جوڑے ہیں اور ہدی کو قلادہ پہنایا ہے لہٰذا میں ہدی نحر کرنے تک احرام نہیں کھول سکتا۔ ف

ف۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حکم سے عام صحابۂ کرام نے اپنے حج کو عمرہ میں تبدیل کر لیا تھا ماسوائے اُن حضرات کے جو ہدی لائے تھے جیسے حضرت علی اور حضرت ابو طلحہ۔ چونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بھی ہدی ساتھ لائے تھے، اس لیے آپ نے احرام نہ کھولا کیونکہ حکم یہی تھا کہ ہدی لانے والا جب تک نحر نہ کرے حلال نہ ہو۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

بَابُ الرَّجُلِ يُهِلُّ بِالْحَجِّ ثُمَّ يَجْعَلُهَا عُمْرَةً۔

حج کا احرام باندھ کر اسے عمرہ بنا لینا

۴۳ حَدَّثَنَا هَنَّادٌ يَعْنِي ابْنَ السَّرِيِّ عَنِ ابْنِ أَبِي زَائِدَةَ أَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحٰقَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْأَسْوَدِ عَنْ سُلَيْمِ بْنِ الْأَسْوَدِ أَنَّ أَبَا ذَرٍّ كَانَ يَقُوْلُ فِيْمَنْ حَجَّ ثُمَّ فَسَخَهَا بِعُمْرَةٍ لَمْ يَكُنْ ذٰلِكَ إِلَّا لِلرَّكْبِ الَّذِيْنَ كَانُوْا مَعَ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔

عبد الرحمٰن بن اسود نے سلیم بن اسود سے روایت کی ہے کہ حضرت ابو ذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ اس کے بارے میں فرمایا کرتے جس نے حج کی نیت کر کے اسے عمرہ میں بدل لیا کہ یہ اجازت صرف ان حضرات کے لیے تھی جنھوں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ حج کیا تھا۔

۴۴ حَدَّثَنَا النُّفَيْلِيُّ نَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ يَعْنِي ابْنَ مُحَمَّدٍ أَنَا رَبِيْعَةُ بْنُ أَبِي عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنِ الْحَارِثِ بْنِ بِلَالِ بْنِ الْحَارِثِ عَنْ أَبِيْهِ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللهِ فَسْخُ الْحَجِّ لَنَا خَاصَّةً أَوْ لِمَنْ بَعْدَنَا قَالَ بَلْ لَكُمْ خَاصَّةً۔

ربیعہ بن ابو عبد الرحمٰن سے روایت ہے کہ حارث بن بلال بن حارث کے والد ماجد عرض گزار ہوئے۔ یا رسول اللہ! کیا حج کا فسخ کرنا ہمارے ساتھ خاص ہے یا ہمارے بعد والوں کے لیے بھی ہے؟ فرمایا صرف تمہارے لیے ہے۔ ف

ف۔ حج کو فسخ کر کے اُسے عمرہ میں تبدیل کر لینا یہ مخصوص حالات میں صرف اُن حضرات ہی کو اُسی سال اجازت ملی، جنھوں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ حج کیا۔ اس کے بعد خود اُنہیں اور دوسروں کو ایسا کرنے کی اجازت نہ رہی جیسا کہ اس باب کی مذکورہ بالا دونوں احادیث سے مبرہن ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

بَابُ الرَّجُلِ يَحُجُّ عَنْ غَيْرِهِ۔

دوسرے کی طرف سے حج کرنا

www.sirat-e-mustaqeem.com

۴۵۔ حَدَّثَنَا الْقَعْنَبِيُّ عَنْ مَالِكٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ قَالَ كَانَ الْفَضْلُ بْنُ عَبَّاسٍ رَدِيفَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَجَاءَتْهُ امْرَأَةٌ مِنْ خَثْعَمٍ تَسْتَفْتِيهِ فَجَعَلَ الْفَضْلُ يَنْظُرُ إِلَيْهَا وَتَنْظُرُ إِلَيْهِ فَجَعَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَصْرِفُ وَجْهَ الْفَضْلِ إِلَى الشِّقِّ الْآخَرِ فَقَالَتْ يَا رَسُولَ اللّٰهِ إِنَّ فَرِيضَةَ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ عَلَى عِبَادِهِ فِي الْحَجِّ أَدْرَكَتْ أَبِي شَيْخًا كَبِيرًا لَا يَسْتَطِيعُ أَنْ يَثْبُتَ عَلَى الرَّاحِلَةِ أَفَأَحُجُّ عَنْهُ قَالَ نَعَمْ وَذٰلِكَ فِي حَجَّةِ الْوَدَاعِ۔

سلیمان بن یسار سے روایت ہے کہ حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا کہ فضل بن عباس سواری پر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پیچھے بیٹھے ہوئے تھے تو خثعم کی ایک عورت مسئلہ پوچھنے حاضر ہوئی۔ پس فضل اس کی طرف اور وہ ان کی طرف دیکھنے لگی۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فضل کا منہ دوسری جانب کر دیا۔ وہ عرض گزار ہوئی کہ یارسول اللہ! اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں پر جو حج فرض فرمایا ہے اسے میرے والد محترم نے اس وقت پایا جب وہ بہت بوڑھے ہو چکے ہیں اور سواری پر ٹک نہیں سکتے تو کیا میں ان کی طرف سے حج کر سکتی ہوں؟ فرمایا، ہاں۔ اور یہ حجۃ الوداع کے موقع کی بات ہے۔ ف

ف سنن ابو داؤد کے علاوہ یہ روایت بخاری، مسلم اور ترمذی وغیرہ میں بھی موجود ہے۔ حضرت فضل بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما چونکہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پیچھے سواری پر بیٹھے ہوئے تھے، سمجھا ہو گا کہ شاید میری یہ حرکت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر پوشیدہ رہے گی بایں وجہ مرتکب ہو گئے ہوں گے۔ لیکن محبوبِ خدا معجز نما کا جب یہ عالم تھا کہ اِنِّی لَاَرَاکُمْ مِنْ وَّرَاءِ ظَهْرِیْ تو یہ حرکت آپ سے پوشیدہ کیسے رہ سکتی تھی۔ لہٰذا ان کا منہ دوسری جانب پھیر دیا اور اس عورت کو مسئلہ بھی بتا دیا کہ تم اپنے مجبور والد کی طرف سے حج کر سکتی ہو۔ حج اُسی کی جانب سے دوسرا شخص کر سکتا ہے جس کی مجبوری کے رفع ہونے کی تا زیست اُمید نہ ہو ورنہ فرضیت کا بوجھ سر پر اسی طرح برقرار رہے گا۔ نفلی حج دوسرے سے کروایا جا سکتا ہے اس میں کسی کا اختلاف نہیں کیونکہ خرچ یا سامانِ سفر فراہم کر دینے والے کو اس کا ثواب ملے گا اور دوسرے کو مناسکِ حج ادا کرنے کا۔ حجِ بدل کے سلسلے میں ائمہ کرام کے درمیان کافی اختلاف ہے جس کے تفصیلی ذکر کی یہاں چنداں ضرورت نہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

۴۶۔ حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ وَمُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بِمَعْنَاهُ قَالَا نَا شُعْبَةُ عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ سَالِمٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ أَوْسٍ عَنْ أَبِي رَزِينٍ قَالَ حَفْصٌ فِي حَدِيثِهِ رَجُلٌ مِنْ بَنِي عَامِرٍ أَنَّهُ قَالَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ إِنَّ أَبِي شَيْخٌ كَبِيرٌ لَا يَسْتَطِيعُ الْحَجَّ وَالْعُمْرَةَ وَلَا الظَّعْنَ قَالَ احْجُجْ عَنْ أَبِيكَ وَاعْتَمِرْ۔

حفص بن عمر اور مسلم بن ابراہیم، شعبہ، نعمان بن سالم، عمرو بن اوس نے ابو رزین سے روایت کی ہے۔ حفص نے اپنی حدیث میں کہا کہ بنی عامر کا ایک شخص عرض گزار ہوا۔ یارسول اللہ! میرے والد محترم بہت بوڑھے ہو گئے ہیں۔ حج و عمرہ کا سفر کرنے کی طاقت نہیں رکھتے۔ کیا میں اپنے والد ماجد کی طرف سے حج و عمرہ کر لوں؟

۴۷۔ حَدَّثَنَا إِسْحٰقُ بْنُ إِسْمٰعِيلَ وَهَنَّادُ بْنُ السَّرِيِّ الْمَعْنٰى وَاحِدٌ قَالَ إِسْحٰقُ نَا عَبْدَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنِ ابْنِ أَبِي عَرُوبَةَ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ

اسحٰق بن اسمٰعیل اور ہناد بن سری۔ اسحٰق نے عبدہ بن سلیمان، ابن ابی عروبہ، قتادہ، عزرہ، سعید بن جبیر نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی کہ نبی کریم صلی اللہ

www.sirat-e-mustaqeem.com

عَزْرَةَ عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَمِعَ رَجُلًا يَقُولُ لَبَّيْكَ عَنْ شُبْرُمَةَ قَالَ مَنْ شُبْرُمَةُ قَالَ أَخٌ لِي أَوْ قَرِيبٌ لِي قَالَ حَجَجْتَ عَنْ نَفْسِكَ قَالَ لَا قَالَ حُجَّ عَنْ نَفْسِكَ ثُمَّ حُجَّ عَنْ شُبْرُمَةَ۔

تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک آدمی کو کہتے ہوئے سنا۔ لَبَّيْكَ عَنْ شُبْرُمَةَ فرمایا کہ شبرمہ کون ہے؟ عرض کی کہ میرا بھائی یا قریبی رشتہ دار ہے۔ فرمایا کیا تم نے اپنی طرف سے حج کر لیا ہے؟ عرض گزار ہوا کہ نہیں۔ فرمایا کہ پہلے اپنی طرف سے حج کرو اور پھر شبرمہ کی طرف سے۔

بَاب كَيْفَ التَّلْبِيَةُ۔

لبیک کیسے کہے؟

۴۸ - حَدَّثَنَا الْقَعْنَبِيُّ عَنْ مَالِكٍ عَنْ نَافِعٍ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ أَنَّ تَلْبِيَةَ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَبَّيْكَ اللَّهُمَّ لَبَّيْكَ لَبَّيْكَ لَا شَرِيكَ لَكَ لَبَّيْكَ إِنَّ الْحَمْدَ وَالنِّعْمَةَ لَكَ وَالْمُلْكَ لَا شَرِيكَ لَكَ قَالَ وَكَانَ عَبْدُ اللهِ بْنُ عُمَرَ يَزِيدُ فِي تَلْبِيَتِهِ لَبَّيْكَ لَبَّيْكَ لَبَّيْكَ وَسَعْدَيْكَ وَالْخَيْرُ بِيَدَيْكَ وَالرَّغْبَاءُ إِلَيْكَ وَالْعَمَلُ۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا تلبیہ یہ تھا: میں حاضر ہوں، اے اللہ! میں حاضر ہوں، میں حاضر ہوں، تیرا کوئی شریک نہیں، میں حاضر ہوں۔ بیشک تعریف، نعمت اور بادشاہی تیری ہے۔ تیرا کوئی شریک نہیں۔ حضرت عبداللہ بن عمر اپنے تلبیہ میں یہ اضافہ کیا کرتے۔ میں حاضر ہوں، میں حاضر ہوں، میں حاضر ہوں اور تیرے حضور مستعد ہوں۔ بھلائی تیرے ہاتھ میں ہے۔ رغبت اور عمل کی توفیق تیری طرف سے ہے۔ ف

ف۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بتائے اور سکھائے ہوئے الفاظ تلبیہ میں حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کا اپنی جانب سے اضافہ کر لینا اور صحابۂ کرام کا ان پر قطعاً معترض نہ ہونا واضح کر رہا ہے کہ سنت پر ہر اضافہ بدعت یا ناپسندیدہ نہیں ہے ورنہ صحابۂ کرام تو ہرگز ایسی جرأت نہ کرتے اور نہ کسی کو اپنے میں سے ایسا کرنے دیتے۔ اضافہ وہی ناپسندیدہ ہے اور بدعت ہے جو خلافِ سنت ہو اور سنت کو مٹاتے۔ ایسے اضافے اور ایجاد کے بدعت ہونے میں کلام نہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

۴۹ - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ نَا يَحْيَى ابْنُ سَعِيدٍ نَا جَعْفَرٌ نَا أَبِي عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ قَالَ أَهَلَّ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ التَّلْبِيَةَ مِثْلَ حَدِيثِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ وَالنَّاسُ يَزِيدُونَ ذَا الْمَعَارِجِ وَنَحْوَهُ مِنَ الْكَلَامِ وَالنَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْمَعُ فَلَا يَقُولُ لَهُمْ شَيْئًا۔

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما کا بیان ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے احرام باندھا۔ پھر حدیث ابن عمر کی طرح تلبیہ کا ذکر کر کے فرمایا۔ لوگ اس میں ذوالمعارج وغیرہ الفاظ کا اضافہ کر لیا کرتے تھے۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سنتے اور ان سے کچھ نہ فرماتے۔ ف

ف۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے تعلیم فرمودہ الفاظ پر صحابۂ کرام کا اضافہ کرنا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا خود ملاحظہ فرمانا اور ایسا کرنے سے انہیں منع نہ کرنا صورتِ حال کو واضح کر رہا ہے کہ اضافے کے الفاظ چونکہ بہتر تھے اور ان پر ثواب کی امید کی جا سکتی ہے، لہٰذا ممانعت کی ضرورت محسوس نہ فرمائی گئی۔ لہٰذا جو امور شرعاً قابلِ اعتراض نہ ہوں بلکہ باعثِ ثواب و رحمت ہوں وہ اگر رسول اللہ

www.sirat-e-mustaqeem.com

صلی اللہ علیہ وسلم نے تعلیم بھی نہ فرمائے ہوں، تب بھی اُنہیں ناجائز اور بدعت نہیں کہہ سکتے۔ اضافے وہی ناپسندیدہ ہیں جن کی اصل شریعت مطہرہ میں موجود نہ ہو اور وہ کسی سنت کو مٹاتے ہوں۔ جب یہ صورت ہوگی تو ایسے اُمور کا بدعت ہونا سب کے نزدیک مسلّم ہے ہاں ہر اضافے اور نئے کام کو خواہ وہ شرعاً کتنا ہی مفید کیوں نہ ہو اور صدیوں سے اہلِ اسلام کی نظروں میں مقبول و محمود ہو بلکہ جید اساطین علم کا معمول رہا ہو، اُسے بدعت بتانا سینہ زوری اور ستم ظریفی ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

۵۰۔ حَدَّثَنَا الْقَعْنَبِيُّ عَنْ مَالِكٍ عَنْ عَبْدِ اللهِ ابْنِ أَبِي بَكْرِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ حَزْمٍ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ ابْنِ أَبِي بَكْرِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْحَارِثِ ابْنِ هِشَامٍ عَنْ خَلَّادِ بْنِ السَّائِبِ الْأَنْصَارِيِّ عَنْ أَبِيهِ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ أَتَانِي جِبْرِيلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ فَأَمَرَنِي أَنْ آمُرَ أَصْحَابِي وَمَنْ مَعِي أَنْ يَرْفَعُوا أَصْوَاتَهُمْ بِالْإِهْلَالِ أَوْ قَالَ بِالتَّلْبِيَةِ يُرِيدُ أَحَدَهُمَا۔

قعنبی، مالک، عبداللہ بن ابوبکر بن محمد بن عمرو بن حزم، عبدالملک بن ابوبکر بن عبدالرحمٰن بن حارث بن ہشام، خلاد بن سائب انصاری نے اپنے والد ماجد سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ حضرت جبریل علیہ السلام میرے پاس آئے اور مجھ تک یہ حکم پہنچایا کہ اپنے صحابہ اور ساتھیوں کو حکم دیجیے کہ احرام باندھتے وقت اپنی آواز بلند رکھیں یا کہا کہ تلبیہ کے وقت دونوں میں سے ایک مراد ہے۔

بَابٌ مَتٰى يَقْطَعُ التَّلْبِيَةَ۔

لبّیک کہنا کب موقوف کرے

۵۱۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ نَا وَكِيعٌ نَا ابْنُ جُرَيْجٍ عَنْ عَطَاءٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ الْفَضْلِ بْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَبّٰى حَتّٰى رَمٰى جَمْرَةَ الْعَقَبَةِ۔

حضرت ابن عباس نے حضرت فضل بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے جمرۂ عقبہ پر کنکریاں مارنے تک تلبیہ کہا۔

۵۲۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ نَا عَبْدُ اللهِ ابْنُ نُمَيْرٍ نَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ أَبِي سَلَمَةَ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ عَنْ أَبِيهِ قَالَ غَدَوْنَا مَعَ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ مِنًى إِلَى عَرَفَاتٍ مِنَّا الْمُلَبِّي وَمِنَّا الْمُكَبِّرُ۔

عبداللہ بن ابوسلمہ نے عبداللہ بن عبداللہ بن عمر سے روایت کی ہے کہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا کہ ہم رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ دن میں منیٰ سے عرفات کی طرف چلے تو ہم میں سے کوئی تلبیہ اور کوئی تکبیر کہہ رہا تھا۔

بَابٌ مَتٰى يَقْطَعُ الْمُعْتَمِرُ التَّلْبِيَةَ۔

عمرہ کرنے والا لبیک کہنا کب موقوف کرے

۵۳۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا هُشَيْمٌ عَنِ ابْنِ أَبِي لَيْلٰى عَنْ عَطَاءٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يُلَبِّي الْمُعْتَمِرُ حَتّٰى يَسْتَلِمَ الْحَجَرَ قَالَ أَبُو دَاوُدَ رَوَاهُ عَبْدُ الْمَلِكِ عَنْ أَبِي سُلَيْمَانَ وَهَمَّامٌ عَنْ عَطَاءٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ

عطاء نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ عمرہ کرنے والا حجرِ اسود کو بوسہ دینے تک لبیک کہے۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ روایت کیا ہے اسے عبدالملک بن ابوسلیمان اور ہمام نے عطاء حضرت ابن عباس سے موقوفاً۔

www.sirat-e-mustaqeem.com

مَوْقُوْفًا۔

بَابُ الْمُحْرِمِ يُؤَدِّبُ غُلَامَهُ۔

۵۴۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ وَمُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ ابْنِ أَبِي رِزْمَةَ قَالَ أَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ إِدْرِيسَ أَنَا ابْنُ إِسْحَاقَ عَنْ يَحْيَى بْنِ عَبَّادِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ الزُّبَيْرِ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَسْمَاءَ بِنْتِ أَبِي بَكْرٍ قَالَتْ خَرَجْنَا مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حُجَّاجًا حَتَّى إِذَا كُنَّا بِالْعَرْجِ نَزَلَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنَزَلْنَا فَجَلَسَتْ عَائِشَةُ إِلَى جَنْبِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَجَلَسْتُ إِلَى جَنْبِ أَبِي وَكَانَتْ زِمَالَةُ أَبِي بَكْرٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ وَزِمَالَةُ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاحِدَةً مَعَ غُلَامٍ لِأَبِي بَكْرٍ فَجَلَسَ أَبُو بَكْرٍ يَنْتَظِرُ أَنْ يَطْلُعَ عَلَيْهِ فَطَلَعَ وَلَيْسَ مَعَهُ بَعِيرُهُ قَالَ أَيْنَ بَعِيرُكَ قَالَ أَضْلَلْتُهُ الْبَارِحَةَ قَالَ فَقَالَ أَبُو بَكْرٍ بَعِيرٌ وَاحِدٌ تُضِلُّهُ قَالَ فَطَفِقَ يَضْرِبُهُ وَرَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتَبَسَّمُ وَيَقُولُ انْظُرُوا إِلَى هَذَا الْمُحْرِمِ مَا يَصْنَعُ قَالَ ابْنُ أَبِي رِزْمَةَ فَمَا يَزِيدُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى أَنْ يَقُولَ انْظُرُوا إِلَى هَذَا الْمُحْرِمِ مَا يَصْنَعُ وَيَتَبَسَّمُ۔

بَابُ الرَّجُلِ يُحْرِمُ فِي ثِيَابِهِ۔

۵۵۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ أَنَا هَمَّامٌ قَالَ سَمِعْتُ عَطَاءً أَنَا صَفْوَانُ بْنُ يَعْلَى بْنِ أُمَيَّةَ عَنْ أَبِيهِ أَنَّ رَجُلًا أَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ بِالْجِعْرَانَةِ وَعَلَيْهِ أَثَرُ خَلُوقٍ أَوْ قَالَ صُفْرَةٍ وَعَلَيْهِ جُبَّةٌ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللَّهِ كَيْفَ تَأْمُرُنِي أَنْ أَصْنَعَ فِي عُمْرَتِي فَأَنْزَلَ اللَّهُ تَبَارَكَ وَتَعَالَى عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْوَحْيَ فَلَمَّا سُرِّيَ عَنْهُ قَالَ أَيْنَ السَّائِلُ عَنِ الْعُمْرَةِ

احرام والے کا اپنے غلام کو پیٹنا

عباد بن عبداللہ بن زبیر نے اپنے والد ماجد سے روایت کی ہے کہ حضرت اسماء بنت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا ہم رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ حج کی نیت سے نکلے۔ جب ہم عرج کے مقام پر پہنچے تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اترے اور ہم بھی اتر گئے۔ پس حضرت عائشہ تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پہلو میں بیٹھ گئیں اور میں اپنے والد ماجد کے پاس۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے خورد و نوش کا سامان مشترک تھا جو حضرت ابوبکر کے غلام کے پاس تھا۔ حضرت ابوبکر بیٹھ کر اس کا انتظار کرنے لگے وہ نظر تو آ گیا لیکن اس کے ساتھ اونٹ نہیں تھا۔ فرمایا تمہارا اونٹ کہاں ہے؟ عرض گزار ہوا کہ وہ رات کے وقت گم ہو گیا تھا۔ حضرت ابوبکر نے فرمایا کہ ایک ہی اونٹ تھا اور تم نے اسے گم کر دیا۔ پس یہ اسے پیٹنے لگے اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تبسم ریز ہو کر فرما رہے تھے۔ اس محرم کی طرف دیکھو کیا کر رہا ہے۔ ابن ابی رزمہ کا بیان ہے کہ اس سے زیادہ کچھ نہیں ہوا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرما رہے تھے کہ اس احرام والے کو دیکھو کیا کر رہا ہے اور آپ تبسم فرماتے رہے۔

محرم کا سلے ہوئے کپڑے اتارنا

صفوان بن یعلیٰ بن امیہ نے اپنے والد ماجد سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں ایک آدمی حاضر ہوا جبکہ آپ جعرانہ میں تھے اور اس کے اوپر خوشبو کا نشان تھا یا کہا کہ زردی تھی اور اس نے جبہ پہن رکھا تھا عرض گزار ہوا کہ یا رسول اللہ! آپ مجھے کیا حکم فرماتے ہیں کہ عمرہ میں کیا کروں؟ پس اللہ تعالیٰ نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر وحی نازل فرمائی۔ جب وحی نازل ہو چکی تو فرمایا۔ عمرہ کے متعلق پوچھنے والا کہاں ہے؟ خوشبو کے نشانات دھو ڈالو یا زرد

www.sirat-e-mustaqeem.com

اغْسِلْ عَنْكَ أَثَرَ الْخَلُوقِ أَوْ قَالَ أَثَرَ الصُّفْرَةِ وَاخْلَعِ الْجُبَّةَ عَنْكَ وَاصْنَعْ فِي عُمْرَتِكَ مَا صَنَعْتَ فِي حَجَّتِكَ۔

نشانات فرمایا نیز جُبّہ اتار دو اور اپنے عمرہ میں وہی کرو جو تم حج میں کرتے ہو۔

۵۶۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِيسَى نَا أَبُو عَوَانَةَ عَنْ أَبِي بِشْرٍ عَنْ عَطَاءٍ عَنْ يَعْلَى بْنِ أُمَيَّةَ وَهُشَيْمٌ عَنِ الْحَجَّاجِ عَنْ عَطَاءٍ عَنْ صَفْوَانَ بْنِ يَعْلَى عَنْ أُمَيَّةَ بِهٰذِهِ الْقِصَّةِ قَالَ فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اخْلَعْ جُبَّتَكَ فَخَلَعَهَا مِنْ رَأْسِهِ وَسَاقَ الْحَدِيثَ۔

محمد بن عیسیٰ، ابو عوانہ، ابو بشر، عطاء، یعلیٰ بن امیہ اور ہشیم، حجاج، عطاء نے صفوان بن یعلیٰ سے یہی واقعہ روایت کرتے ہوئے کہا کہ اس سے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ اپنا جُبّہ اتار دو۔ پس اس نے سر کی طرف سے اتار دیا باقی حدیث اسی طرح بیان کی۔

۵۷۔ حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ خَالِدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَوْهَبٍ الْهَمْدَانِيُّ الرَّمْلِيُّ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنْ عَطَاءِ بْنِ أَبِي رَبَاحٍ عَنْ صَفْوَانَ بْنِ يَعْلَى ابْنِ مُنْيَةَ عَنْ أَبِيهِ بِهٰذَا الْخَبَرِ قَالَ فِيهِ فَأَمَرَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يَنْزِعَهَا نَزْعًا وَيَغْتَسِلَ مَرَّتَيْنِ أَوْ ثَلَاثًا وَسَاقَ الْحَدِيثَ۔

یزید بن خالد بن عبد اللہ بن موہب ہمدانی رملی، لیث عطاء بن ابی رباح، صفوان بن یعلیٰ بن منیہ نے اپنے والد ماجد سے اس واقعے کو روایت کرتے ہوئے اس میں فرمایا۔ پس رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اسے حکم فرمایا کہ اسے اتار کر دو یا تین دفعہ دھو لو اور باقی حدیث اسی طرح بیان کی۔

۵۸۔ حَدَّثَنَا عُقْبَةُ بْنُ مُكْرَمٍ نَا وَهْبُ بْنُ جَرِيرٍ نَا أَبِي قَالَ سَمِعْتُ قَيْسَ بْنَ سَعْدٍ يُحَدِّثُ عَنْ عَطَاءٍ عَنْ صَفْوَانَ بْنِ يَعْلَى بْنِ أُمَيَّةَ عَنْ أَبِيهِ أَنَّ رَجُلًا أَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْجِعِرَّانَةِ وَقَدْ أَحْرَمَ بِعُمْرَةٍ وَعَلَيْهِ جُبَّةٌ وَهُوَ مُصَفِّرٌ لِحْيَتَهُ وَرَأْسَهُ وَسَاقَ الْحَدِيثَ۔

عقبہ بن مکرم، وہب بن جریر ان کے والد ماجد قیس بن سعد، عطاء، صفوان بن یعلیٰ بن امیہ نے اپنے والد ماجد سے روایت کی کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں جعرانہ کے مقام پر ایک آدمی حاضر ہوا جس نے عمرہ کا احرام باندھا ہوا اور جُبّہ پہنا ہوا تھا اور اپنی داڑھی اور سر پر زرد خوشبو لگائی ہوئی تھی۔ باقی اسی طرح۔ ف

ف: امام محمد رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک ایسے کپڑوں کا پہننا مکروہ ہے جو کسم، ورس یا زعفران سے رنگے ہوئے ہوں اور حالتِ احرام میں بھی اُن سے خوشبو آ رہی ہو۔ اگر خوشبو زائل ہو چکی تو اُن کے نزدیک پھر ایسے کپڑے کے پہننے میں مضائقہ نہیں۔ یہی مذہب امام ابو حنیفہ اور امام شافعی کا ہے۔ جمہور فقہاء اسی پر ہیں۔ امام مالک کا مذہب یہ ہے کہ اگر احرام باندھنے سے پہلے خوشبو لگائی اور حالتِ احرام میں بھی خوشبو کا اثر باقی رہا تو یہ مناسب نہیں۔ حضرت عمر نے حضرت معاویہ اور حضرت کثیر الصلت سے اس بارے میں جو فرمایا تھا امام مالک کا عمل اُس ارشاد پر ہے۔ امام ابو حنیفہ، امام شافعی اور امام احمد بن حنبل کے نزدیک پہلے لگائی ہوئی خوشبو کا اثر اگر حالتِ احرام میں بھی باقی رہے تب بھی کوئی مضائقہ نہیں۔ ان حضرات کا عمل اُس حدیثِ عائشہ پر ہے جس میں انہوں نے فرمایا کہ میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو احرام باندھنے سے پہلے خوشبو لگاتی اور احرام کھولنے کے لیے بیت اللہ کا طواف کرنے سے پہلے بھی (موطا امام مالک) واللہ تعالیٰ اعلم۔

www.sirat-e-mustaqeem.com

باب ۱۳ ـ مَا يَلْبَسُ الْمُحْرِمُ

۵۹ـ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ وَاَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ قَالَا نَا سُفْيَانُ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَالِمٍ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ سَأَلَ رَجُلٌ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا يَتْرُكُ الْمُحْرِمُ مِنَ الثِّيَابِ فَقَالَ لَا يَلْبَسُ الْقَمِيْصَ وَلَا الْبُرْنُسَ وَلَا السَّرَاوِيْلَ وَلَا الْعِمَامَةَ وَلَا ثَوْبًا مَسَّهُ وَرْسٌ وَلَا زَعْفَرَانٌ وَلَا الْخُفَّيْنِ اِلَّا لِمَنْ لَا يَجِدُ النَّعْلَيْنِ فَمَنْ لَمْ يَجِدِ النَّعْلَيْنِ فَلْيَلْبَسِ الْخُفَّيْنِ وَلْيَقْطَعْهُمَا حَتّٰى يَكُوْنَا اَسْفَلَ مِنَ الْكَعْبَيْنِ ـ

محرم کیا پہنے

سالم سے ان کے والد ماجد نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے ایک آدمی نے پوچھا کہ محرم کونسے کپڑے چھوڑ دے؟ فرمایا وہ قمیض نہ پہنے اور نہ ٹوپی، نہ شلوار، نہ پگڑی اور نہ ایسا کپڑا جس میں ورس یا زعفران لگایا ہو اور نہ موزے، سوائے اس کے جسے جوتے میسر نہ ہوں۔ اگر جوتے میسر نہ ہوں تو موزے پہن لے لیکن انہیں اس طرح کاٹ لے کہ ٹخنوں سے نیچے رہیں۔

۶۰ـ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ عَنْ مَالِكٍ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَعْنَاهُ ـ

عبد اللہ بن مسلمہ، مالک، نافع، حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے اسے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے معناً روایت کیا ہے۔

۶۱ـ حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ نَا اللَّيْثُ عَنْ نَافِعٍ وَزَادَ وَلَا تَنْتَقِبُ الْمَرْاَةُ الْحَرَامُ وَلَا تَلْبَسُ الْقُفَّازَيْنِ قَالَ اَبُوْ دَاوُدَ وَقَدْ رَوٰى هٰذَا الْحَدِيْثَ حَاتِمُ بْنُ اِسْمٰعِيْلَ وَيَحْيَى بْنُ اَيُّوْبَ عَنْ مُوْسَى بْنِ عُقْبَةَ عَنْ نَافِعٍ عَلٰى مَا قَالَ اللَّيْثُ وَرَوَاهُ مُوْسَى بْنُ طَارِقٍ عَنْ مُوْسَى بْنِ عُقْبَةَ مَوْقُوْفًا عَلَى ابْنِ عُمَرَ وَكَذٰلِكَ رَوَاهُ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ وَمَالِكٌ وَاَيُّوْبُ مَوْقُوْفًا وَاِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعِيْدٍ الْمَدِيْنِيُّ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمُحْرِمَةُ لَا تَنْتَقِبُ وَلَا تَلْبَسُ الْقُفَّازَيْنِ قَالَ اَبُوْ دَاوُدَ اِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعِيْدٍ الْمَدِيْنِيُّ شَيْخٌ مِنْ اَهْلِ الْمَدِيْنَةِ لَيْسَ لَهُ كَثِيْرُ حَدِيْثٍ ـ

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے معناً اسے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہوئے یہ بھی کہا: احرام والی عورت منہ نہ ڈھکے اور دستانے نہ پہنے۔ امام ابو داؤد نے فرمایا کہ روایت کیا اس حدیث کو حاتم بن اسمٰعیل اور یحییٰ بن ایوب موسیٰ ابن عقبہ، نافع سے جیسا کہ لیث نے کہا اور روایت کیا اسے موسیٰ بن طارق، موسیٰ بن عقبہ نے حضرت ابن عمر سے مرفوعاً اور اسی طرح روایت کیا اسے عبید اللہ بن عمر اور مالک اور ایوب نے مرفوعاً اور ابراہیم بن سعید مدینی، نافع، حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے روایت کی کہ محرمہ منہ نہ ڈھکے اور دستانے نہ پہنے۔ امام ابو داؤد نے فرمایا کہ ابراہیم بن سعید مدینی اہل مدینہ کے شیخ تھے لیکن ان سے زیادہ حدیثیں مروی نہیں ہیں۔

۶۲ـ حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ نَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعِيْدٍ الْمَدِيْنِيُّ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْمُحْرِمَةُ لَا تَنْتَقِبُ وَلَا تَلْبَسُ الْقُفَّازَيْنِ ـ

نافع نے حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ محرمہ منہ نہ ڈھکے اور دستانے نہ پہنے۔

www.sirat-e-mustaqeem.com

٦٣- حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ نَا يَعْقُوبُ نَا أَبِي عَنِ ابْنِ إِسْحٰقَ قَالَ فَإِنَّ نَافِعًا مَوْلَى عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ حَدَّثَنِي عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ أَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى النِّسَاءَ فِي إِحْرَامِهِنَّ عَنِ الْقُفَّازَيْنِ وَالنِّقَابِ وَمَا مَسَّ الْوَرْسُ وَالزَّعْفَرَانُ مِنَ الثِّيَابِ وَلْتَلْبَسْ بَعْدَ ذٰلِكَ مَا أَحَبَّتْ مِنْ أَلْوَانِ الثِّيَابِ مُعَصْفَرًا أَوْ خَزًّا أَوْ حُلِيًّا أَوْ سَرَاوِيلَ أَوْ قَمِيصًا أَوْ خُفًّا قَالَ أَبُو دَاوُدَ رَوَى هٰذَا عَنِ ابْنِ إِسْحٰقَ عَبْدَةُ وَمُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحٰقَ إِلَى قَوْلِهِ وَمَا مَسَّ الْوَرْسُ وَالزَّعْفَرَانُ مِنَ الثِّيَابِ لَمْ يَذْكُرَا مَا بَعْدَهُ.

نافع مولیٰ عبداللہ بن عمر سے روایت ہے کہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے سنا کہ آپ نے احرام والی عورتوں کو دستانے پہننے، نقاب ڈالنے اور ورس یا زعفران سے رنگے ہوئے کپڑے پہننے سے منع فرمایا اور اس کے بعد جس رنگ کے چاہے کپڑے پہنے زرد یا ریشمی یا زیور یا شلوار یا قمیص یا موزے۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ روایت کیا اسے ابن اسحٰق، عبدہ اور محمد بن سلمہ، محمد بن اسحٰق سے یہاں تک کہ جس کپڑے کو ورس یا زعفران لگا ہوا ہو اور اس کے بعد والی چیزوں کا ذکر نہیں کیا (یعنی ان حضرات کی روایت میں مُعَصْفَرًا سے خُفًّا تک جو چیزیں مذکور ہیں ان کا کوئی ذکر نہیں)۔

٦٤- حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْمٰعِيلَ نَا حَمَّادٌ عَنْ أَيُّوبَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّهُ وَجَدَ الْقُرَّ فَقَالَ أَلْقِ عَلَيَّ ثَوْبًا يَا نَافِعُ فَأَلْقَيْتُ عَلَيْهِ بُرْنُسًا فَقَالَ تُلْقِي عَلَيَّ هٰذَا وَقَدْ نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يَلْبَسَهُ الْمُحْرِمُ.

نافع سے روایت ہے کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو سردی محسوس ہوئی تو فرمایا۔ اے نافع! میرے اوپر کپڑا ڈال دو۔ پس میں نے انہیں لمبی ٹوپی پہنائی تو فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے محرم کو اس کے پہننے سے منع فرمایا ہے۔

٦٥- حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ نَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ زَيْدٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ السَّرَاوِيلُ لِمَنْ لَا يَجِدُ الْإِزَارَ وَالْخُفُّ لِمَنْ لَا يَجِدُ النَّعْلَيْنِ.

جابر بن زید سے روایت ہے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ شلوار اس کے لیے ہے جسے ازار نہ ملے اور موزے اس کے لیے ہیں جسے جوتے میسر نہ آئیں۔

٦٦- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ الْجُنَيْدِ الدَّامِغَانِيُّ نَا أَبُو أُسَامَةَ أَخْبَرَنِي عُمَرُ بْنُ سُوَيْدٍ الثَّقَفِيُّ حَدَّثَتْنِي عَائِشَةُ بِنْتُ طَلْحَةَ أَنَّ عَائِشَةَ أُمَّ الْمُؤْمِنِينَ حَدَّثَتْهَا قَالَتْ كُنَّا نَخْرُجُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى مَكَّةَ فَنُضَمِّدُ جِبَاهَنَا بِالسُّكِّ الْمُطَيَّبِ عِنْدَ الْإِحْرَامِ فَإِذَا عَرِقَتْ إِحْدَانَا سَالَ عَلَى وَجْهِهَا فَيَرَاهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ...

عائشہ بنت طلحہ سے روایت ہے کہ ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے ان سے فرمایا کہ ہم نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ مکہ مکرمہ کی جانب نکلتے تو احرام کے نزدیک ہم نے اپنی پیشانیوں پر خوشبو کا ضماد کیا تھا۔ جب ہم میں سے کسی کو پسینہ آتا تو خوشبو بہتی ہوئی اس کے چہرے پر آجاتی جسے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم دیکھتے لیکن آپ نے اس سے منع نہیں فرمایا۔ ف

www.sirat-e-mustaqeem.com

ف۔ اسی لیے امام ابو حنیفہ، امام شافعی اور امام احمد بن حنبل کا مذہب یہ ہے کہ احرام باندھنے سے پہلے اگر خوشبو لگائی گئی اور حالتِ احرام میں بھی خوشبو باقی رہے تب بھی کوئی مضائقہ نہیں ہے۔ امام محمد کے نزدیک احرام باندھنے سے پہلے لگائی ہوئی خوشبو کا اگر حالتِ احرام میں بھی اثر باقی رہے تو مناسب نہیں ہے۔ امام مالک کے نزدیک اس میں کراہت ہے اور اُن کا عمل حضرت عمر کے اس ارشادِ گرامی پر ہے جس میں اُنہوں نے حضرت معاویہ اور حضرت کثیر بن الصلت کو ایسا کرنے سے منع فرمایا تھا۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

۶۷۔ حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ نَا ابْنُ أَبِي عَدِيٍّ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحٰقَ قَالَ ذَكَرْتُ لِابْنِ شِهَابٍ فَقَالَ حَدَّثَنِي سَالِمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ يَعْنِي ابْنَ عُمَرَ كَانَ يَصْنَعُ ذٰلِكَ يَعْنِي يَقْطَعُ الْخُفَّيْنِ لِلْمَرْأَةِ الْمُحْرِمَةِ ثُمَّ حَدَّثَتْهُ صَفِيَّةُ بِنْتُ أَبِي عُبَيْدٍ أَنَّ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا حَدَّثَتْهَا أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ كَانَ رَخَّصَ لِلنِّسَاءِ فِي الْخُفَّيْنِ فَتَرَكَ ذٰلِكَ۔

سالم بن عبد اللہ کا بیان ہے کہ حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما محرمہ کے لیے موزوں کو کاٹ دیا کرتے تھے پھر صفیہ بنت ابو عبید نے کہا کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے ان سے حدیث بیان کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے موزوں کی عورتوں کے لیے اجازت دی ہے تو انہوں نے ایسا کرنا (محرمہ عورتوں کے لیے موزوں کو کاٹنا) چھوڑ دیا۔

بَابٌ الْمُحْرِمُ يَحْمِلُ السِّلَاحَ۔

محرم کا ہتھیار اُٹھانا

۶۸۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ نَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ نَا شُعْبَةُ عَنْ أَبِي إِسْحٰقَ قَالَ سَمِعْتُ الْبَرَاءَ يَقُوْلُ لَمَّا صَالَحَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَهْلَ الْحُدَيْبِيَةِ صَالَحَهُمْ عَلَى أَنْ لَا يَدْخُلُوْهَا إِلَّا بِجُلُبَّانِ السِّلَاحِ فَسَأَلْتُهُ مَا جُلُبَّانُ السِّلَاحِ قَالَ الْقِرَابُ بِمَا فِيْهِ۔

ابو اسحٰق کا بیان ہے کہ میں نے حضرت براء بن عازب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حدیبیہ والوں سے جب صلح کی تو انہوں نے یہ شرط رکھی کہ اس (مکہ مکرمہ) میں داخل نہ ہوں مگر ہتھیار غلاف میں لے کر۔ میں نے جُلُبَّانُ السِّلَاحِ کے متعلق پوچھا تو بتایا کہ وہ غلاف جس میں ہتھیار رکھا جاتا ہے۔

بَابٌ فِي الْمُحْرِمَةِ تُغَطِّيْ وَجْهَهَا۔

محرمہ کا اپنا منہ چھپانا

۶۹۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ نَا هُشَيْمٌ نَا يَزِيْدُ بْنُ أَبِي زِيَادٍ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ كَانَ الرُّكْبَانُ يَمُرُّوْنَ بِنَا وَنَحْنُ مُحْرِمَاتٌ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَإِذَا حَاذَوْا بِنَا سَدَلَتْ إِحْدَانَا جِلْبَابَهَا مِنْ رَأْسِهَا فَإِذَا جَاوَزُوْنَا كَشَفْنَاهُ۔

مجاہد سے روایت ہے کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا۔ سوار ہمارے پاس سے گزرتے تھے جبکہ ہم رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ احرام باندھے ہوئے تھیں جب وہ ہم میں سے کسی کے سامنے آتے تو وہ اپنی بڑی چادر کو سر سے نیچے کھسکا لیتی اور جب وہ چلے جاتے تو اُسے ہٹا لیتے۔ ف

ف۔ حالتِ احرام کے اندر عورت کو دستانے پہننا یا چہرے کے اُوپر نقاب ڈالے رکھنا جائز نہیں ہے۔ ہاں جو کپڑا چہرے سے علیحدہ رہے اُس کے ساتھ ضرورتاً اگر منہ چھپا لیا جائے یا نا قابلِ اعتبار لوگوں کی جانب سے دوسری طرف پھیر لیا جائے تو ایسا کرنے کی گنجائش ہے جیسا کہ اس حدیث سے واضح ہو رہا ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

www.sirat-e-mustaqeem.com

بَابٌ ٦ فِي الْمُحْرِمِ يُظَلَّلُ.

٧٠- حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ نَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ أَبِي عَبْدِ الرَّحِيمِ عَنْ زَيْدِ بْنِ أَبِي أُنَيْسَةَ عَنْ يَحْيَى بْنِ حُصَيْنٍ عَنْ أُمِّ الْحُصَيْنِ حَدَّثَتْهُ قَالَتْ حَجَجْنَا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَجَّةَ الْوَدَاعِ فَرَأَيْتُ أُسَامَةَ وَبِلَالًا وَأَحَدُهُمَا آخِذٌ بِخِطَامِ نَاقَةِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالْآخَرُ رَافِعٌ ثَوْبَهُ يَسْتُرُهُ مِنَ الْحَرِّ حَتَّى رَمَى جَمْرَةَ الْعَقَبَةِ.

محرم پر سایہ کرنا

یحییٰ بن حصین سے حضرت ام الحصین رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے حدیث بیان کرتے ہوئے فرمایا۔ حجۃ الوداع کے موقع پر ہم نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ حج کیا تو میں نے حضرت اسامہ اور حضرت بلال کو دیکھا کہ ان میں سے ایک نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ناقہ کی مہار پکڑی ہوئی تھی اور دوسرے نے دھوپ کے باعث آپ پر اپنا کپڑا تان رکھا تھا یہاں تک کہ آپ نے جمرہ عقبہ پر کنکریاں پھینک لیں۔

بَابٌ ٧ الْمُحْرِمُ يَحْتَجِمُ.

٧١- حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ نَا سُفْيَانُ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ عَنْ عَطَاءٍ وَطَاوُسٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ احْتَجَمَ وَهُوَ مُحْرِمٌ.

محرم کا پچھنے لگوانا

طاؤس نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حالتِ احرام میں پچھنے لگوائے۔

٧٢- حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ نَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ أَنَا هِشَامٌ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ احْتَجَمَ وَهُوَ مُحْرِمٌ فِي رَأْسِهِ مِنْ دَاءٍ كَانَ بِهِ.

عکرمہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حالتِ احرام میں پچھنے لگوائے کیونکہ آپ کے سر مبارک میں تکلیف تھی۔

٧٣- حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ أَنَا مَعْمَرٌ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ أَنَسٍ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ احْتَجَمَ وَهُوَ مُحْرِمٌ عَلَى ظَهْرِ الْقَدَمِ مِنْ وَجَعٍ كَانَ بِهِ.

قتادہ نے حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے پچھنے لگوائے جبکہ آپ حالتِ احرام میں تھے قدم مبارک کی پشت پر اس میں تکلیف کی وجہ سے۔

بَابٌ ٨ يَكْتَحِلُ الْمُحْرِمُ.

٧٤- حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ نَا سُفْيَانُ عَنْ أَيُّوبَ بْنِ مُوسَى عَنْ نُبَيْهِ بْنِ وَهْبٍ قَالَ اشْتَكَى عُمَرُ بْنُ عُبَيْدِ اللهِ بْنِ مَعْمَرٍ عَيْنَيْهِ فَأَرْسَلَ إِلَى أَبَانَ بْنِ عُثْمَانَ قَالَ سُفْيَانُ وَهُوَ أَمِيرُ الْمَوْسِمِ مَا يَصْنَعُ بِهِمَا قَالَ اضْمِدْهُمَا بِالصَّبِرِ فَإِنِّي سَمِعْتُ عُثْمَانَ يُحَدِّثُ ذَلِكَ عَنْ رَسُولِ

محرم کا سرمہ لگانا

نبیہ بن وہب کا بیان ہے کہ عمر بن عبید اللہ بن معمر کو آشوبِ چشم کی شکایت ہو گئی تو انہوں نے حضرت ابان بن عثمان کے لیے پیغام بھیجا۔ سفیان راوی کا بیان ہے کہ وہ امیر الحج تھے کہ میں کیا کروں؟ انہوں نے فرمایا کہ ان پر مصبر کا ضماد کرو کیونکہ میں نے اس کے متعلق حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی حدیث بیان کرتے ہوئے

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔

سُنا ہے۔

٧٥۔ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ ابْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا ابْنُ عُلَيَّةَ عَنْ أَيُّوبَ عَنْ نَافِعٍ عَنْ نُبَيْهِ بْنِ وَهْبٍ بِهٰذَا الْحَدِيثِ۔

عثمان بن ابوشیبہ، ابن علیہ، ایوب، نافع نے اس حدیث کو نبیہ بن وہب سے روایت کیا ہے۔

بَابُ الْمُحْرِمِ يَغْتَسِلُ۔

محرم کا غسل کرنا

٧٦۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ عَنْ مَالِكٍ عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ حُنَيْنٍ عَنْ أَبِيهِ أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَبَّاسٍ وَ الْمِسْوَرَ بْنَ مَخْرَمَةَ اخْتَلَفَا بِالْأَبْوَاءِ فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ يَغْسِلُ الْمُحْرِمُ رَأْسَهُ وَقَالَ الْمِسْوَرُ لَا يَغْسِلُ الْمُحْرِمُ رَأْسَهُ فَأَرْسَلَهُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبَّاسٍ إِلَى أَبِي أَيُّوبَ الْأَنْصَارِيِّ فَوَجَدَهُ يَغْتَسِلُ بَيْنَ الْقَرْنَيْنِ وَهُوَ يُسْتَرُ بِثَوْبٍ قَالَ فَسَلَّمْتُ عَلَيْهِ فَقَالَ مَنْ هٰذَا قُلْتُ أَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ حُنَيْنٍ أَرْسَلَنِي إِلَيْكَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبَّاسٍ أَسْأَلُكَ كَيْفَ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَغْسِلُ رَأْسَهُ وَهُوَ مُحْرِمٌ قَالَ فَوَضَعَ أَبُو أَيُّوبَ يَدَهُ عَلَى الثَّوْبِ فَطَأْطَأَهُ حَتّٰى بَدَا لِي رَأْسُهُ ثُمَّ قَالَ لِإِنْسَانٍ يَصُبُّ عَلَيْهِ اُصْبُبْ قَالَ فَصَبَّ عَلَى رَأْسِهِ ثُمَّ حَرَّكَ أَبُو أَيُّوبَ رَأْسَهُ بِيَدَيْهِ فَأَقْبَلَ بِهِمَا وَأَدْبَرَ ثُمَّ قَالَ هٰكَذَا رَأَيْتُهُ يَفْعَلُ۔

ابراہیم بن عبداللہ بن حنین نے اپنے والد ماجد سے روایت کی ہے کہ حضرت عبداللہ بن عباس اور حضرت مسور بن مخرمہ کے درمیان ابواء کے مقام پر اختلاف ہوا۔ حضرت ابن عباس نے کہا کہ محرم اپنا سر دھو سکتا ہے۔ حضرت مسور نے کہا کہ محرم اپنا سر نہ دھوئے۔ پس حضرت عبداللہ بن عباس نے انہیں (عبداللہ بن حنین کو) حضرت ابوایوب انصاری کے پاس بھیجا تو انہیں دو لکڑیوں کے درمیان غسل کرتے ہوئے پایا اور انہوں نے کپڑے سے پردہ کیا ہوا تھا۔ میں نے انہیں سلام کیا تو فرمایا کون ہے؟ عرض گزار ہوا کہ میں عبداللہ بن حنین ہوں اور مجھے حضرت عبداللہ بن عباس نے یہ دریافت کرنے کے لیے آپ کی خدمت میں بھیجا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم حالتِ احرام میں اپنا سر مبارک کس طرح دھویا کرتے تھے۔ ان کا بیان ہے کہ حضرت ابوایوب نے کپڑے پر ہاتھ رکھ کر اسے دبایا یہاں تک کہ مجھے ان کا سر نظر آنے لگا۔ پھر انہوں نے ایک پانی ڈالنے والے سے پانی ڈالنے کو کہا تو اس نے ان کے سر پر پانی ڈالا۔ پھر حضرت ابوایوب نے اپنے سر کو دونوں ہاتھوں سے حرکت دی۔ ہاتھوں کو آگے پیچھے لاتے رہے اور فرمایا کہ میں نے حضور کو دیکھا کہ ایسا ہی کرتے۔

بَابُ الْمُحْرِمِ يَتَزَوَّجُ۔

محرم کا نکاح کرنا

٧٧۔ حَدَّثَنَا الْقَعْنَبِيُّ عَنْ مَالِكٍ عَنْ نَافِعٍ عَنْ نُبَيْهِ بْنِ وَهْبٍ أَخِي بَنِي عَبْدِ الدَّارِ أَنَّ عُمَرَ ابْنَ عُبَيْدِ اللّٰهِ أَرْسَلَ إِلَى أَبَانَ بْنِ عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ يَسْأَلُهُ وَأَبَانُ يَوْمَئِذٍ أَمِيرُ الْحَاجِّ وَهُمَا مُحْرِمَانِ إِنِّي أَرَدْتُ أَنْ أُنْكِحَ طَلْحَةَ بْنَ عُمَرَ ابْنَةَ شَيْبَةَ ابْنِ جُبَيْرٍ فَأَرَدْتُ أَنْ تَحْضُرَ ذٰلِكَ فَأَنْكَرَ ذٰلِكَ عَلَيْهِ أَبَانُ وَقَالَ إِنِّي سَمِعْتُ أَبِي عُثْمَانَ بْنَ عَفَّانَ

عمر بن عبیداللہ نے ابان بن عثمان بن عفان کے لیے یہ پوچھتے ہوئے پیغام بھیجا اور ابان ان دنوں حاجیوں کے امیر تھے اور وہ دونوں احرام باندھے ہوئے تھے کہ میں طلحہ بن عمر کا شیبہ بن جبیر کی بیٹی سے نکاح کر دینے کا ارادہ رکھتا ہوں۔ پس میں چاہتا ہوں کہ آپ اس میں شمولیت فرمائیں۔ انہوں نے کہا کہ میں نے اپنے والد ماجد حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ محرم

www.sirat-e-mustaqeem.com

يَقُوْلُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَنْكِحُ الْمُحْرِمُ وَلَا يُنْكِحُ۔

نہ نکاح کرے اور نہ نکاح کروائے۔ ف

ف۔ اس حدیث سے حالتِ احرام میں اپنا یا دوسرے کا حالتِ احرام میں نکاح کرنے کی ممانعت ثابت ہوتی ہے۔ بلکہ صحیح مسلم کی روایت سے ولایت و وکالت اور خواستگاری یعنی منگنی تک کرنے کی ممانعت مترشح ہوتی ہے۔ امام مالک، امام شافعی، امام احمد بن حنبل اور امام اوزاعی کا اسی پر عمل ہے جب کہ امام ابو حنیفہ، امام ابو یوسف، امام محمد بن حسن شیبانی، امام ابراہیم نخعی اور امام سفیان ثوری کے نزدیک ان امُور کی حالتِ احرام میں ممانعت نہیں ہے۔ ان حضرات کے نزدیک حالتِ احرام میں ممانعت صرف جماع کی ہے۔ جیسا کہ اسی باب کی حدیث ۸۰ سے واضح ہو رہا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حالتِ احرام میں حضرت میمونہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے نکاح کیا تھا اور حدیث ۷۹ میں اُن کے بھتیجے یزید بن اصم نے جو حضرت میمونہ کا یہ ارشاد نقل کیا کہ "نکاح کیا مجھ سے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے سرف کے مقام پر جب کہ ہم دونوں حلال تھے۔" اور ایسا ہی صحیح مسلم میں ہے۔ علماء نے اس کی تاویل کی اور کہا کہ حدیثِ ابنِ عباس کے پیشِ نظر نکاح حالتِ احرام میں ہوا ہوگا اور سرف کے مقام پر دخول فرمایا جب کہ آپ دونوں حلال تھے۔ اس تاویل سے دونوں روایتوں کا تعارض اُٹھ جاتا ہے جب کہ سرف کے مقام پر تزویج سے دخول مراد لیا جائے۔ بہر حال حضرت ابنِ عباس کی حدیث کو یزید بن اصم کی حدیث پر اُسی طرح فوقیت ہے جیسے یزید بن اصم تابعی پر حفظ و اتقان و تفسیر و حدیث و فقہ کے بحرِ رواں حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما کو فضیلت حاصل ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

۷۸۔ حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ اَنَّ مُحَمَّدَ ابْنَ جَعْفَرٍ حَدَّثَهُمْ نَا سَعِيْدٌ عَنْ مَطَرٍ وَيَعْلَى بْنِ حَكِيْمٍ عَنْ نَافِعٍ عَنْ نُبَيْهِ بْنِ وَهْبٍ عَنْ اَبَانَ بْنِ عُثْمَانَ عَنْ عُثْمَانَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَكَرَ مِثْلَهُ زَادَ وَلَا يَخْطُبُ۔

قتیبہ بن سعید، محمد بن جعفر، سعید، مطر اور یعلی بن حکیم، نافع، نبیہ بن وہب، ابان بن عثمان، حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ پھر اسی طرح ذکر کرتے ہوئے یہ بھی کہا اور پیغامِ نکاح بھی نہ دے۔

۷۹۔ حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ اِسْمٰعِيْلَ نَا حَمَّادٌ عَنْ حَبِيْبِ بْنِ الشَّهِيْدِ عَنْ مَيْمُوْنِ بْنِ مِهْرَانَ عَنْ يَزِيْدَ بْنِ الْاَصَمِّ بْنِ اَخِيْ مَيْمُوْنَةَ قَالَتْ تَزَوَّجَنِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنَحْنُ حَلَالَانِ بِسَرِفَ۔

میمون بن مہران نے حضرت میمونہ کے بھتیجے یزید بن اصم سے روایت کی ہے کہ حضرت میمونہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے میرے ساتھ نکاح کیا جبکہ سرف کے مقام پر ہم دونوں احرام کھولے ہوئے تھے۔

۸۰۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ اَيُّوْبَ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَزَوَّجَ مَيْمُوْنَةَ وَهُوَ مُحْرِمٌ۔

عکرمہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت میمونہ سے نکاح کیا تو آپ احرام باندھے ہوئے تھے۔ ف

ف۔ امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کا مذہب یہی ہے کہ محرم نکاح کر سکتا ہے جیسا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت میمونہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے ساتھ نکاح کیا۔ امام ابو یوسف، امام محمد، امام ابراہیم نخعی اور امام سفیان ثوری کا یہی مذہب ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

www.sirat-e-mustaqeem.com

۸۱۔ حَدَّثَنَا ابْنُ بَشَّارٍ ثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ ابْنُ مَهْدِيٍّ نَا سُفْيَانُ عَنْ إِسْمٰعِيلَ بْنِ أُمَيَّةَ عَنْ رَجُلٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ قَالَ وَهِمَ ابْنُ عَبَّاسٍ فِي تَزْوِيجِ مَيْمُونَةَ وَهُوَ مُحْرِمٌ۔

ابن بشار، عبدالرحمٰن بن مہدی، سفیان، اسمٰعیل بن امیہ ایک آدمی سعید بن مسیب نے فرمایا کہ حضرت ابن عباس کو حضرت میمونہ کے نکاح کے بارے میں وہم ہوا کہ حضور احرام باندھے ہوئے تھے۔

بَابٌ۲۱ مَا يَقْتُلُ الْمُحْرِمُ مِنَ الدَّوَابِّ۔

محرم کن جانوروں کو مار سکتا ہے

۸۲۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ نَا سُفْيٰنُ ابْنُ عُيَيْنَةَ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَالِمٍ عَنْ أَبِيهِ سُئِلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَمَّا يَقْتُلُ الْمُحْرِمُ مِنَ الدَّوَابِّ فَقَالَ خَمْسٌ لَا جُنَاحَ فِي قَتْلِهِنَّ عَلَى مَنْ قَتَلَهُنَّ فِي الْحِلِّ وَالْحَرَمِ الْعَقْرَبُ وَالْغُرَابُ وَالْفَأْرَةُ وَالْحِدَأَةُ وَالْكَلْبُ الْعَقُورُ۔

سالم نے اپنے والد ماجد سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے پوچھا گیا کہ محرم کن جانوروں کو مار سکتا ہے۔ فرمایا کہ پانچ جانوروں کو مار دینے میں کوئی مضائقہ نہیں، خواہ انہیں کوئی حِل میں قتل کرے یا حرم میں۔ بچھو، کوّا، چوہا، چیل اور کاٹنے والے کُتّے کو۔

۸۳۔ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ بَحْرٍ نَا حَاتِمُ بْنُ إِسْمٰعِيلَ حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ عَجْلَانَ عَنِ الْقَعْقَاعِ ابْنِ حَكِيمٍ عَنْ أَبِي صَالِحٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ خَمْسٌ قَتْلُهُنَّ حَلَالٌ فِي الْحَرَمِ الْحَيَّةُ وَالْعَقْرَبُ وَالْحِدَأَةُ وَالْفَأْرَةُ وَالْكَلْبُ الْعَقُورُ۔

ابو صالح نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا پانچ جانوروں کو حرم میں قتل کر دینا بھی جائز ہے:۔ سانپ، بچھو، کوّا، چوہا اور کاٹنے والے کتّے کو۔

۸۴۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ نَا هُشَيْمٌ أَنَا يَزِيدُ بْنُ أَبِي زِيَادٍ نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ ابْنُ أَبِي نُعْمٍ الْبَجَلِيُّ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُئِلَ عَمَّا يَقْتُلُ الْمُحْرِمُ قَالَ الْحَيَّةُ وَالْعَقْرَبُ وَالْفُوَيْسِقَةُ وَيَرْمِي الْغُرَابَ وَلَا يَقْتُلُهُ وَالْكَلْبُ الْعَقُورُ وَالْحِدَأَةُ وَالسَّبُعُ الْعَادِي۔

عبدالرحمٰن بن ابو نعیم نے حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے پوچھا گیا۔ محرم کن جانوروں کو مار سکتا ہے؟ فرمایا کہ سانپ، بچھو، چوہا، کوّے کو بھگا دے اسے قتل نہ کرے۔ کاٹنے والا کتا، چیل اور حملہ کرنے والے ہر درندے کو۔

بَابٌ۲۲ لَحْمِ الصَّيْدِ لِلْمُحْرِمِ۔

محرم کے لیے شکار کا گوشت

۸۵۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ أَنَا سُلَيْمَانُ ابْنُ كَثِيرٍ عَنْ حُمَيْدٍ الطَّوِيلِ عَنْ إِسْحٰقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَارِثِ عَنْ أَبِيهِ وَكَانَ الْحَارِثُ خَلِيفَةَ عُثْمَانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عَلَى الطَّائِفِ فَصَنَعَ لِعُثْمَانَ

اسحٰق بن عبداللہ بن حارث نے اپنے والد ماجد سے روایت کی ہے کہ حارث طائف میں حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے خلیفہ تھے تو انہوں نے حضرت عثمان کے لیے کھانا تیار کیا جس میں چکور، ترچکوروں اور پرندوں کا گوشت

www.sirat-e-mustaqeem.com

طَعَامًا فِيهِ مِنَ الْحَجَلِ وَالْيَعَاقِيبِ وَلَحْمِ الْوَحْشِ فَبَعَثَ إِلَى عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فَجَاءَهُ الرَّسُولُ وَهُوَ يَخْبِطُ الْأَبَاعِرَ لَهُ فَجَاءَ وَهُوَ يَنْفُضُ الْخَبَطَ عَنْ يَدِهِ فَقَالُوا لَهُ كُلْ فَقَالَ أَطْعِمُوهُ قَوْمًا حَلَالًا فَإِنَّا حُرُمٌ فَقَالَ عَلِيٌّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ أَنْشُدُ اللّٰهَ مَنْ كَانَ هٰهُنَا مِنْ أَشْجَعَ أَتَعْلَمُونَ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَهْدَى إِلَيْهِ رَجُلٌ حِمَارَ وَحْشٍ وَهُوَ مُحْرِمٌ فَأَبَى أَنْ يَأْكُلَهُ قَالُوا نَعَمْ۔

تھا۔ انہوں نے وہ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی طرف بھیج دیا جب لے جانے والا پہنچا تو وہ اپنے اونٹوں کے لیے چارہ تیار کرنے میں مصروف تھے اور وہ اپنے ہاتھ سے پتے توڑ رہے تھے تو ان سے کہا کہ تناول فرمائیے۔ فرمایا کہ ایسے لوگوں کو کھلا دو جو حلال ہوں اور ہم تو احرام باندھے ہوئے ہیں۔ پس حضرت علی نے فرمایا کہ اشجع قبیلے کے جو لوگ یہاں ہیں انہیں قسم دیتا ہوں کہ کیا یہ بات آپ کے علم میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں ایک آدمی نے گورخر کا گوشت پیش کیا جبکہ آپ محرم تھے تو آپ نے اسے کھانے سے انکار کر دیا تھا؟ لوگوں نے کہا ہاں۔

۸۶۔ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْمَاعِيلَ نَا حَمَّادٌ عَنْ قَيْسٍ عَنْ عَطَاءٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّهُ قَالَ يَا زَيْدَ بْنَ أَرْقَمَ هَلْ عَلِمْتَ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أُهْدِيَ إِلَيْهِ عُضْوُ صَيْدٍ فَلَمْ يَقْبَلْهُ وَقَالَ إِنَّا حُرُمٌ قَالَ نَعَمْ۔

عطاء سے روایت ہے کہ حضرت ابن عباس نے کہا:۔ اے حضرت زید بن ارقم! کیا یہ بات آپ کے علم میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں شکار کا ایک ٹکڑا ہدیۃً پیش کیا گیا تو آپ نے قبول نہ کیا اور فرمایا کہ ہم احرام باندھے ہوئے ہیں فرمایا ہاں یہ بات ہے۔

۸۷۔ حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ نَا يَعْقُوبُ يَعْنِي الْإِسْكَنْدَرَانِيَّ عَنْ عَمْرٍو عَنِ الْمُطَّلِبِ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ صَيْدُ الْبَرِّ لَكُمْ حَلَالٌ مَا لَمْ تَصِيدُوهُ أَوْ يُصَادَ لَكُمْ قَالَ أَبُو دَاوُدَ إِذَا تَنَازَعَ الْخَبَرَانِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُنْظَرُ بِمَا أَخَذَ بِهِ أَصْحَابُهُ۔

جابر بن عبد اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما کا بیان ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ خشکی کا شکار تمہارے لیے حلال ہے جبکہ نہ تم نے شکار کیا ہو اور نہ تمہارے لیے شکار کیا گیا ہو۔ امام ابو داؤد نے فرمایا کہ جب نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے متعلقہ دو خبروں میں تضاد ہو تو دیکھا جائے گا کہ آپ کے اصحاب نے کس پر عمل کیا ہے۔ ف

ف۔ امام ابو داؤد رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کا یہ ارشاد۔ جب نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے دو متعارض خبریں وارد ہوں تو دیکھا جائے گا کہ صحابہ کرام کا عمل کس پر ہے " بعض ایسے امور شرعیہ میں اصل کی حیثیت رکھتا ہے۔ متضاد روایات کے وقت اسی زاویہ سے دیکھا جائے تو ایسے امور میں راہِ عمل بخوبی متعین اور واضح ہو جاتی ہے۔ امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کی کاوش کتاب الآثار کی شکل میں جو امتِ محمدیہ کے پاس ہے وہ اسی راہ کا تعین کرتی ہے اور اسی راستے پر چلتے ہوئے امام مالک رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے موطا کو مرتب کیا۔ بہر حال امتِ محمدیہ کے اندر اس میدان میں سب پر سبقت لے جانے کا شرف امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ ہی کو حاصل ہے۔ حالتِ احرام میں شکار کا گوشت کھانے اور نہ کھانے کے بارے میں بھی مختلف قسم کے روایات وارد ہوتی ہیں۔ جن کے پیشِ نظر آئمہ کرام کے درمیان اختلاف ہے۔ معلوم ہونا چاہیئے کہ محرم کا شکار کرنا، راستہ دکھانا، اشارہ کرنا اور مدد دینا،

سب کے نزدیک حرام ہے۔ اگر احرام والا ان میں سے کسی بات کا مرتکب ہوا تو جزا لازم آئے گی۔ شکار کا گوشت احرام والا کھائے اس میں اہلِ علم کا اختلاف ہے۔ خود شکار کرے یا احرام باندھنے والا کوئی دوسرا شکار کرے تو اس کے حرام ہونے پر بھی تمام ائمہ متفق ہیں۔ اگر غیر محرم اپنے لیے شکار کرے یا محرم کی اجازت کے بغیر اُس کے لیے شکار کرے تو اس کے متعلق اختلاف ہے۔ بعض علماء کے نزدیک صحیحین کی روایت یعنی حدیث صعب بن جثامہ کے پیش نظر محرم کے لیے اُس کا کھانا بھی حرام ہے۔ یہی مذہب ہے حضرت ابن عباس، طاؤس اور سفیان ثوری کا۔ امام مالک، امام شافعی اور امام احمد بن حنبل کے نزدیک تب حرام ہے جب کہ محرم نے خود شکار کیا یا اس کے واسطے شکار کیا یا اُس نے شکار کرنے کی اجازت دی ہو۔ لیکن غیر محرم شکار کرے اور تحفے کے طور پر اُس میں سے پیش کرے تو محرم کے لیے ان حضرات کے نزدیک اُس کا کھانا حلال ہے۔ امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ اور آپ کے اصحاب کا مذہب یہ ہے کہ دوسرے محرم کا شکار کیا ہوا بھی محرم کے لیے کھانا حلال ہے جب کہ نہ خود شکار کیا، نہ اپنے لیے شکار کرنے کا حکم دیا اور نہ اُس پر دلالت، اشارت اور اعانت کی ہو۔ صحیحین کی حدیث ابوقتادہ اس مذہب پر واضح دلالت کر رہی ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

٨٨ - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ مَسْلَمَةَ عَنْ مَالِكٍ عَنِ النَّضْرِ مَوْلَى عُمَرَ بْنِ عُبَيْدِ اللهِ التَّيْمِيِّ عَنْ نَافِعٍ مَوْلَى أَبِي قَتَادَةَ الْأَنْصَارِيِّ عَنْ أَبِي قَتَادَةَ أَنَّهُ كَانَ مَعَ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّى إِذَا كَانَ بِبَعْضِ طَرِيقِ مَكَّةَ تَخَلَّفَ مَعَ أَصْحَابٍ لَهُ مُحْرِمِينَ وَهُوَ غَيْرُ مُحْرِمٍ فَرَأَى حِمَارًا وَحْشِيًّا فَاسْتَوَى عَلَى فَرَسِهِ قَالَ فَسَأَلَ أَصْحَابَهُ أَنْ يُنَاوِلُوهُ سَوْطَهُ فَأَبَوْا فَسَأَلَهُمْ رُمْحَهُ فَأَبَوْا فَأَخَذَهُ ثُمَّ شَدَّ عَلَى الْحِمَارِ فَقَتَلَهُ فَأَكَلَ مِنْهُ بَعْضُ أَصْحَابِ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَبَى بَعْضُهُمْ فَلَمَّا أَدْرَكُوا رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَأَلُوهُ عَنْ ذَلِكَ فَقَالَ إِنَّمَا هِيَ طُعْمَةٌ أَطْعَمَكُمُوهَا اللهُ تَعَالَى۔

نافع مولیٰ ابوقتادہ انصاری نے حضرت ابوقتادہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ وہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ تھے یہاں تک کہ اپنے ساتھیوں سمیت مکہ مکرمہ کے راستے میں پیچھے رہ گئے اور ساتھیوں نے احرام باندھا ہوا تھا جب کہ یہ احرام کے بغیر تھے۔ پس انہوں نے ایک جنگلی گدھا (گورخر) دیکھا تو اپنے گھوڑے پر سوار ہو گئے۔ اپنے ساتھیوں سے کوڑا پکڑانے کو کہا تو انہوں نے انکار کر دیا۔ ان سے اپنا نیزہ مانگا تب بھی انہوں نے انکار کیا۔ پس انہوں نے خود لیا اور گورخر پر ٹوٹ پڑے اور اسے مار گرایا۔ پس اُس میں سے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بعض اصحاب نے کھایا اور بعض نے انکار کر دیا۔ جب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں پہنچے تو اس کے متعلق دریافت کیا۔ فرمایا کہ یہ کھانا ہے جو تمہیں اللہ تعالیٰ نے کھلایا ہے۔

باب ٢٣ الْجَرَادِ لِلْمُحْرِمِ

محرم کے لیے ٹڈی

٨٩ - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِيسَى نَا حَمَّادٌ عَنْ مَيْمُونِ بْنِ جَابَانَ عَنْ أَبِي رَافِعٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْجَرَادُ مِنْ صَيْدِ الْبَحْرِ۔

ابو رافع نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا ٹڈی دریائی شکار سے ہے۔

٩٠ - حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ وَعَبْدُ الْوَارِثِ عَنْ

ابو مہزم سے روایت ہے کہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ

www.sirat-e-mustaqeem.com

حَبِيْبٍ الْمُعَلِّمِ عَنْ اَبِي الْمُهَزِّمِ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ اَصَبْنَا صِرْمًا مِنْ جَرَادٍ فَكَانَ رَجُلٌ يَضْرِبُ بِسَوْطِهٖ وَهُوَ مُحْرِمٌ فَقِيْلَ لَهٗ اِنَّ هٰذَا لَا يَصْلُحُ فَذُكِرَ ذٰلِكَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اِنَّمَا هُوَ مِنْ صَيْدِ الْبَحْرِ سَمِعْتُ اَبَا دَاوٗدَ يَقُوْلُ اَبُو الْمُهَزِّمِ ضَعِيْفٌ وَالْحَدِيْثَانِ جَمِيْعًا وَهْمٌ۔

عنہ نے فرمایا: ہمیں ٹڈیوں کا ایک جھنڈ ملا تو ہم میں سے ایک انہیں اپنے کوڑے سے مارنے لگا حالانکہ اس نے احرام باندھا ہوا تھا۔ اس سے کہا گیا کہ یہ درست نہیں ہے۔ پس نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے اس کا ذکر کیا تو فرمایا کہ یہ دریائی شکار ہے۔ میں نے امام ابوداؤد کو فرماتے ہوئے سنا کہ ابوالمہزم ضعیف ہے اور یہ دونوں حدیثیں وہم ہیں۔ ف

ف: اس حدیث کے راوی ابو المہزم کو ضعیف بتا کر اور ٹڈیوں سے متعلق اس باب کی دونوں حدیثوں کے متعلق وَالْحَدِيْثَانِ جَمِيْعًا وَهْمٌ فرما کر امام ابوداؤد نے بات ہی صاف کر دی کہ یہ دونوں حدیثیں محض وہم ہیں۔ چونکہ ان دونوں حدیثوں میں وارد ہے کہ ٹڈیاں دریائی شکار ہیں اور ٹڈیوں کو علامہ وحید الزمان خان صاحب نے یوں دریائی شکار بنایا ہے کیونکہ سانپ اُن کو اُگل دیتا ہے، پھر دریا اُس کو کنارے پر پھینک دیتا ہے۔ موصوف نے جو بیان کیا یہ ہمارے لیے قطعاً نئی بات ہے۔ اگر علامہ صاحب اس کی کوئی عقلی و نقلی دلیل یا ذاتی مشاہدہ تحریر فرما دیتے تو کم از کم میرے جیسے کتنے ہی کم علم لوگوں کی معلومات میں اضافہ ہوتا کہ واقعی ٹڈی کو سانپ اُگلتا اور دریا کے کنارے پھینک دیتا ہے۔

بَابٌ ۲۴ - فِي الْفِدْيَةِ۔

فدیہ کا بیان

۹۱ - حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ عَنْ خَالِدٍ الطَّحَّانِ عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ عَنْ اَبِي قِلَابَةَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِي لَيْلٰى عَنْ كَعْبِ بْنِ عُجْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّ بِهٖ زَمَنَ الْحُدَيْبِيَةِ فَقَالَ قَدْ اٰذَاكَ هَوَامُّ رَاْسِكَ قَالَ نَعَمْ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ احْلِقْ ثُمَّ اذْبَحْ شَاةً نُسُكًا اَوْ صُمْ ثَلٰثَةَ اَيَّامٍ اَوْ اَطْعِمْ ثَلٰثَةَ اٰصُعٍ مِنْ تَمْرٍ عَلٰى سِتَّةِ مَسَاكِيْنَ۔

عبدالرحمٰن بن ابو لیلیٰ نے حضرت کعب بن عجرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ صلح حدیبیہ کے موقع پر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ان کے پاس سے گزرے تو فرمایا: تمہارے سر کی جوئیں تمہیں تکلیف دیتی ہوں گی؟ عرض گزار ہوئے کہ ہاں۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ سر منڈوا لو، پھر ایک بکری ذبح کر دینا یا تین روزے رکھ لینا یا تین صاع کھجوریں چھ مسکینوں کو کھلا دینا۔

۹۲ - حَدَّثَنَا مُوْسٰى بْنُ اِسْمٰعِيْلَ نَا حَمَّادٌ عَنْ دَاوٗدَ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ ابْنِ اَبِي لَيْلٰى عَنْ كَعْبِ بْنِ عُجْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَهٗ اِنْ شِئْتَ فَانْسُكْ نَسِيْكَةً وَاِنْ شِئْتَ فَصُمْ ثَلٰثَةَ اَيَّامٍ وَاِنْ شِئْتَ فَاَطْعِمْ ثَلٰثَةَ اٰصُعٍ مِنْ تَمْرٍ لِسِتَّةِ مَسٰكِيْنَ۔

عبدالرحمٰن بن ابو لیلیٰ نے حضرت کعب بن عجرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا: اگر تم چاہو تو ایک قربانی پیش کر دینا اور اگر تم چاہو تو تین روزے رکھ لینا اور اگر تم چاہو تو چھ مسکینوں کو تین صاع کھجوریں کھلا دینا (یعنی ان میں سے جو کام کر سکو، وہ کر لینا)۔

۹۳ - حَدَّثَنَا ابْنُ الْمُثَنّٰى نَا عَبْدُ الْوَهَّابِ

ابن مثنیٰ، عبدالوہاب - نصر بن علی، یزید بن زریع زریعہ

www.sirat-e-mustaqeem.com

٩٣- حدثنا نصر بن علي نا يزيد بن زريع ح و
هذا لفظ ابن المثنى عن داود عن عامر عن
كعب بن عجرة أن رسول الله صلى الله عليه
وسلم مر به زمن الحديبية فذكر القصة قال
أمعك دم قال لا قال فصم ثلاثة أيام أو تصدق
بثلاثة آصع من تمر على ستة مساكين بين
كل مسكينين صاع۔

حدیث ابن مثنیٰ کے لفظوں میں ہے، داؤد، عامر نے حضرت کعب بن عجرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ زمانۂ حدیبیہ میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ان کے پاس سے گزرے پس مذکورہ واقعہ بیان کیا۔ فرمایا کیا تمہارے پاس قربانی کا جانور ہے؟ عرض گزار ہوئے کہ نہیں۔ فرمایا کہ تین روزے رکھ لینا یا تین صاع کھجوریں چھ مسکینوں کو صدقہ دینا، یوں کہ ہر دو مسکینوں کے درمیان ایک صاع ہوں۔

٩٤- حدثنا قتيبة بن سعيد ثنا الليث
عن نافع أن رجلا من الأنصار أخبره عن كعب
ابن عجرة وكان قد أصابه في رأسه أذى فحلق
فأمره النبي صلى الله عليه وسلم أن
يهدي هديا بقرة۔

نافع کو ایک انصار کے آدمی نے بتایا کہ حضرت کعب بن عجرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے سر میں تکلیف ہو گئی تو انہوں نے سر منڈوا دیا۔ پس نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے انہیں ایک گائے کی قربانی دینے کا حکم فرمایا۔

٩٥- حدثنا محمد بن منصور نا يعقوب
حدثني أبي عن ابن إسحق قال حدثني أبان
يعني ابن صالح عن الحكم بن عتيبة عن
عبد الرحمن ابن أبي ليلى عن كعب بن عجرة
قال أصابني هوام في رأسي وأنا مع رسول الله
صلى الله عليه وسلم عام الحديبية حتى تخوفت
على بصري فأنزل الله عز وجل في فمن كان منكم
مريضا أو به أذى من رأسه الآية فدعاني رسول
الله صلى الله عليه وسلم فقال لي احلق رأسك
وصم ثلاثة أيام أو أطعم ستة مساكين فرقا من
زبيب أو انسك شاة فحلقت رأسي ثم
نسكت۔

حکم بن عتیبہ نے عبد الرحمٰن بن ابو لیلیٰ سے روایت کی ہے کہ حضرت کعب بن عجرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ میرے سر میں جوئیں پڑ گئیں اور میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ تھا۔ حدیبیہ کے سال اور میں اپنی بینائی کے لیے خطرہ محسوس کرنے لگا تو اللہ تعالیٰ نے آیت نازل فرمائی "جو تم میں سے بیمار ہو یا اس کے سر میں کوئی تکلیف ہو (۲: ۱۹۶) پس رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بلا کر مجھے فرمایا۔ اپنا سر منڈوا دو اور تین روزے رکھ لینا یا چھ مسکینوں کو ایک فرق (چار صاع) کشمش کھلا دینا یا ایک بکری کی قربانی۔ پس میں نے اپنا سر منڈوا دیا۔ پھر قربانی دی۔

باب ٢٥ الإحصار

حج سے رُک جانا

٩٦- حدثنا مسدد نا يحيى عن حجاج
الصواف حدثني يحيى ابن أبي كثير عن عكرمة
قال سمعت الحجاج بن عمرو الأنصاري قال
قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من كسر

عکرمہ نے حضرت حجاج بن عمرو انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جس کی ہڈی ٹوٹ جائے یا بیمار پڑ جائے تو وہ احرام کھول دے اور اگلے سال اس کے لیے حج کرنا ضروری ہے

أو عرج فقد حل وعليه الحج من قابل قال عكرمة فسألت ابن عباس وأبا هريرة عن ذلك فقالا صدق۔

عکرمہ کا بیان ہے کہ میں نے حضرت ابن عباس اور حضرت ابوہریرہ سے اس کے متعلق پوچھا تو دونوں نے فرمایا کہ سچ کہا ہے۔

٩٧۔ حدثنا محمد بن المتوكل العسقلاني نا عبد الرزاق عن معمر عن يحيى ابن أبي كثير عن عكرمة عن عبد الله بن رافع عن الحجاج بن عمرو عن النبي صلى الله عليه وسلم قال من كسر أو عرج أو مرض فذكر معناه۔

محمد بن متوکل عسقلانی، عبدالرزاق، معمر، یحییٰ بن ابوکثیر، عکرمہ، عبداللہ بن رافع، حضرت حجاج بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جس کی ہڈی ٹوٹ جائے یا لنگڑا ہو جائے یا بیمار پڑ جائے پس معناً ذکر کیا۔

٩٨۔ حدثنا النفيلي نا محمد بن سلمة عن محمد بن إسحق عن عمرو بن ميمون قال سمعت أبا حاضر الحميري يحدث عن أبي ميمون ابن مهران قال خرجت معتمرا عام حاصر أهل الشام ابن الزبير بمكة وبعث معي رجال من قومي بهدي فلما انتهينا إلى أهل الشام منعونا أن ندخل الحرم فنحرت الهدي مكاني ثم أحللت ثم رجعت فلما كان من العام المقبل خرجت لأقضي عمرتي فأتيت ابن عباس فسألته فقال أبدل الهدي فإن رسول الله صلى الله عليه وسلم أمر أصحابه أن يبدلوا الهدي الذي نحروا عام الحديبية في عمرة القضاء۔

ابو حاضر حمیری سے روایت ہے کہ ابو میمون بن مہران نے فرمایا کہ میں اس سال عمرہ کے ارادے نکلا۔ جب اہل شام نے مکہ مکرمہ میں حضرت ابن عمر کا محاصرہ کر رکھا تھا اور میرے ساتھ میری قوم کے کچھ لوگوں نے ہدی بھیجی تھی۔ جب ہم پہنچے تو شام والوں نے ہمیں حرم میں داخل ہونے سے روکا۔ پس میں نے اسی جگہ ہدی کو نحر کیا اور احرام کھول دیا۔ پھر لوٹ آیا۔ جب اگلے سال میں اپنے عمرہ کی قضا ادا کرنے نکلا تو حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا اور ان سے پوچھا۔ انہوں نے فرمایا کہ اپنی ہدی کو بدل دو کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنے اصحاب کو اس ہدی کو قضا کے عمرہ میں بدلنے کا حکم فرمایا تھا جو انہوں نے حدیبیہ کے سال نحر کی تھی۔

باب ٣٦ دخول مكة۔

مکہ مکرمہ میں داخل ہونا

٩٩۔ حدثنا محمد بن عبيد نا حماد ابن زيد عن أيوب عن نافع أن ابن عمر كان إذا قدم مكة بات بذي طوى حتى يصبح ويغتسل ثم يدخل مكة نهارا ويذكر عن النبي صلى الله عليه وسلم أنه فعله۔

نافع سے روایت ہے کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما جب مکہ مکرمہ آتے تو رات ذی طویٰ میں گزارتے۔ صبح ہو جاتی تو غسل کرتے اور دن کے وقت مکہ معظمہ میں داخل ہوتے وہ بیان فرماتے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایسا ہی کیا تھا۔

١٠٠۔ حدثنا عبد الله بن جعفر البرمكي

عبداللہ بن جعفر برمکی، معن، مالک۔ مسدد، ابن حنبل

www.sirat-e-mustaqeem.com

نَا مَعْنٌ عَنْ مَالِكٍ ح وَحَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا ابْنُ حَنْبَلٍ عَنْ يَحْيَى ح وَحَدَّثَنَا عُثْمَانُ ابْنُ أَبِي شَيْبَةَ نَا أَبُو أُسَامَةَ جَمِيعًا عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَدْخُلُ مَكَّةَ مِنَ الثَّنِيَّةِ الْعُلْيَا وَيَخْرُجُ مِنَ الثَّنِيَّةِ السُّفْلَى زَادَ الْبَرْمَكِيُّ يَعْنِي ثَنِيَّتَيْ مَكَّةَ.

١٠١- حَدَّثَنَا عُثْمَانُ ابْنُ أَبِي شَيْبَةَ نَا أَبُو أُسَامَةَ عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَخْرُجُ مِنْ طَرِيقِ الشَّجَرَةِ وَيَدْخُلُ مِنْ طَرِيقِ الْمُعَرَّسِ.

١٠٢- حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ نَا أَبُو أُسَامَةَ نَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ دَخَلَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَامَ الْفَتْحِ مِنْ كَدَاءٍ مِنْ أَعْلَى مَكَّةَ وَدَخَلَ فِي الْعُمْرَةِ مِنْ كُدًى وَكَانَ عُرْوَةُ يَدْخُلُ مِنْهُمَا جَمِيعًا وَأَكْثَرُ مَا كَانَ يَدْخُلُ مِنْ كُدًى وَكَانَ أَقْرَبَهُمَا إِلَى مَنْزِلِهِ.

١٠٣- حَدَّثَنَا ابْنُ الْمُثَنَّى نَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَائِشَةَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ إِذَا دَخَلَ مَكَّةَ دَخَلَ مِنْ أَعْلَاهَا وَخَرَجَ مِنْ أَسْفَلِهَا.

بَابٌ فِي رَفْعِ الْيَدِ إِذَا رَأَى الْبَيْتَ.

١٠٤- حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مَعِينٍ أَنَّ مُحَمَّدَ بْنَ جَعْفَرٍ حَدَّثَهُمْ نَا شُعْبَةُ سَمِعْتُ أَبَا قَزَعَةَ يُحَدِّثُ عَنِ الْمُهَاجِرِ الْمَكِّيِّ قَالَ سُئِلَ جَابِرُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ عَنِ الرَّجُلِ يَرَى الْبَيْتَ يَرْفَعُ يَدَيْهِ فَقَالَ مَا كُنْتُ أَرَى أَحَدًا يَفْعَلُ هَذَا إِلَّا الْيَهُودَ قَدْ حَجَجْنَا مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمْ يَكُنْ يَفْعَلُهُ.

یحییٰ۔ عثمان بن ابو شیبہ ابو اسامہ سارے ہی عبید اللہ۔ نافع نے حضرت ابن عمر سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مکہ مکرمہ میں ثنیۃ العلیا کی جانب سے داخل ہوتے اور ثنیۃ السفلیٰ کی طرف سے نکلتے۔ برمکی نے ثَنِیَّتَیْ مَکَّۃَ... بھی کہا ہے۔

نافع نے حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم شجرہ کی جانب سے داخل ہوتے اور معرس کی طرف سے نکلتے۔

ہشام بن عروہ نے اپنے والد ماجد سے روایت کی ہے کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا کہ فتح کے سال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مکہ مکرمہ میں کداء کی طرف سے داخل ہوئے یعنی اونچی جانب سے اور عمرہ میں کدیٰ کی طرف سے۔ عروہ بن زبیر دونوں طرف سے داخل ہوا کرتے تھے جبکہ اکثر کدیٰ کی طرف سے داخل ہوتے کیونکہ یہ راستہ ان کی سکونت گاہ سے نزدیک پڑتا تھا۔

ہشام بن عروہ کے والد ماجد نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب مکہ مکرمہ میں داخل ہوئے تو اس کی اونچائی کی جانب سے اور جب تشریف لے گئے تو نشیب کی طرف سے۔

بیت اللہ کو دیکھ کر ہاتھ اٹھانا

ابو قزعہ نے مہاجر مکی سے روایت کی ہے کہ حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے اس شخص کے متعلق پوچھا گیا جو بیت اللہ کو دیکھ کر اپنے ہاتھوں کو اٹھائے۔ فرمایا کہ میں نے یہود کے سوا ایسا کرتے ہوئے کسی ایک کو بھی نہیں دیکھا۔ ہم نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ حج کیا تو آپ نے ایسا نہیں کیا تھا۔

www.sirat-e-mustaqeem.com

۱۰۵۔ حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ نَا سَلَّامُ ابْنُ مِسْكِيْنٍ نَا ثَابِتٌ الْبُنَانِيُّ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ رَبَاحٍ الْاَنْصَارِيِّ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا دَخَلَ مَكَّةَ طَافَ بِالْبَيْتِ وَصَلّٰى رَكْعَتَيْنِ خَلْفَ الْمَقَامِ يَعْنِيْ يَوْمَ الْفَتْحِ۔

عبد اللہ بن رباح انصاری نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب مکہ مکرمہ میں داخل ہوئے تو بیت اللہ کا طواف کیا اور مقام ابراہیم کے پیچھے دو رکعتیں پڑھیں یعنی فتح مکہ کے بعد۔

۱۰۶۔ حَدَّثَنَا ابْنُ حَنْبَلٍ نَا بَهْزُ بْنُ اَسَدٍ وَهَاشِمٌ يَعْنِي ابْنَ الْقَاسِمِ قَالَا نَا سُلَيْمَانُ بْنُ الْمُغِيْرَةِ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ رَبَاحٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ اَقْبَلَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَدَخَلَ مَكَّةَ فَاَقْبَلَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى الْحَجَرِ فَاسْتَلَمَهُ ثُمَّ طَافَ بِالْبَيْتِ ثُمَّ اَتَى الصَّفَا فَعَلَاهُ حَيْثُ يَنْظُرُ اِلَى الْبَيْتِ فَرَفَعَ يَدَيْهِ فَجَعَلَ يَذْكُرُ اللهَ عَزَّ وَجَلَّ مَا شَاءَ اَنْ يَذْكُرَهُ وَيَدْعُوْهُ قَالَ وَالْاَنْصَارُ تَحْتَهُ قَالَ هَاشِمٌ فَدَعَا وَحَمِدَ اللهَ وَدَعَا بِمَا شَاءَ اَنْ يَدْعُوَ۔

عبد اللہ بن رباح سے روایت ہے کہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم آگے بڑھتے ہوئے مکہ مکرمہ میں داخل ہوئے اور آگے بڑھے تو حجر اسود کو بوسہ دیا۔ پھر بیت اللہ کا طواف کیا۔ پھر صفا پہاڑی کے اوپر چڑھے کہ بیت اللہ نظر آنے لگا۔ پھر اللہ تعالیٰ کا ذکر کیا جو چاہا اور دعا کی اور انصار نیچے ہی تھے۔ ہاشم نے کہا کہ آپ نے دعا کی اور اللہ تعالیٰ کی حمد وثنا کے ساتھ جو چاہی دعا کی۔

بَابٌ ۲۸ فِيْ تَقْبِيْلِ الْحَجَرِ۔

حجر اسود کو بوسہ دینا

۱۰۷۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيْرٍ اَنَا سُفْيَانُ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ عَابِسِ بْنِ رَبِيْعَةَ عَنْ عُمَرَ اَنَّهُ جَاءَ اِلَى الْحَجَرِ فَقَبَّلَهُ فَقَالَ اِنِّيْ اَعْلَمُ اَنَّكَ حَجَرٌ لَا تَنْفَعُ وَلَا تَضُرُّ وَلَوْلَا اَنِّيْ رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُقَبِّلُكَ مَا قَبَّلْتُكَ۔

عابس بن ربیعہ نے حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ وہ حجر اسود کے پاس آئے اسے بوسہ دیا اور کہا۔ میں جانتا ہوں کہ تو پتھر ہے جو نہ نفع پہنچائے نہ نقصان اگر تجھے بوسہ دیتے ہوئے میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو نہ دیکھا ہوتا تو میں تجھے بوسہ نہ دیتا۔

بَابٌ ۲۹ اِسْتِلَامِ الْاَرْكَانِ۔

ارکان کو ہاتھ لگانا

۱۰۸۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيْدِ الطَّيَالِسِيُّ نَا لَيْثٌ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ سَالِمٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ لَمْ اَرَ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَمْسَحُ مِنَ الْبَيْتِ اِلَّا الرُّكْنَيْنِ الْيَمَانِيَيْنِ۔

سالم سے روایت ہے کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا۔ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو مس کرتے ہوئے نہیں دیکھا مگر دونوں یمانی ارکان کو۔

۱۰۹۔ حَدَّثَنَا مَخْلَدُ بْنُ خَالِدٍ نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ

سالم نے حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت

انا معمر عن الزهري عن سالم عن ابن عمر انه اخبر بقول عائشة ان الحجر بعضه من البيت فقال ابن عمر والله اني لاظن عائشة ان كانت سمعت هذا من رسول الله صلى الله عليه وسلم اني لاظن رسول الله صلى الله عليه وسلم لم يترك استلامهما الا انهما ليسا على قواعد البيت ولا طاف الناس وراء الحجر الا لذلك۔

کی ہے کہ انہیں حضرت عائشہ صدیقہ کے اس ارشاد پر مطلع کیا گیا کہ کچھ حطیم درحقیقت بیت اللہ کا حصہ ہے تو حضرت ابن عمر نے فرمایا کہ خدا کی قسم حضرت عائشہ نے یہ بات رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے سنی ہو گی اور میرے خیال میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ان دونوں رکن شامی و رکن عراقی کا استلام اسی لیے نہیں فرماتے کہ یہ بنیادی بیت اللہ میں شمار نہیں ہیں اور لوگ حطیم کے پیچھے سے طواف نہیں کرتے مگر بایں وجہ۔

۱۱۰۔ حدثنا مسدد نا يحيى عن عبد العزيز ابن ابي رواد عن نافع عن ابن عمر قال كان رسول الله صلى الله عليه وسلم لا يدع ان يستلم الركن اليماني والحجر في كل طوافه قال وكان عبد الله ابن عمر يفعله۔

نافع سے روایت ہے کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کسی بھی طواف میں رکن یمانی اور حجر اسود کے استلام کو ترک نہیں فرماتے تھے راوی کا بیان ہے کہ حضرت عبد اللہ بن عمر بھی ایسا ہی کرتے ہیں۔

باب ۳۰۔ الطواف الواجب۔

واجب طواف

۱۱۱۔ حدثنا احمد بن صالح نا ابن وهب اخبرني يونس عن ابن شهاب عن عبيد الله بن عبد الله بن عتبة عن ابن عباس ان رسول الله صلى الله عليه وسلم طاف في حجة الوداع على بعير يستلم الركن بمحجن۔

عبید اللہ بن عبد اللہ بن عتبہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حجۃ الوداع میں اونٹ پر سوار ہو کر طواف کیا اور حجر اسود کا استلام ایک ٹیڑھی لکڑی سے فرمایا۔

۱۱۲۔ حدثنا مصرف بن عمرو اليامي نا ابن اسحق حدثني محمد بن جعفر ابن الزبير عن عبيد الله بن عبد الله بن ابي ثور عن صفية بنت شيبة قالت لما اطمأن رسول الله صلى الله عليه وسلم بمكة عام الفتح طاف على بعير يستلم الركن بمحجن في يده قالت وانا انظر اليه۔

عبید اللہ بن عبد اللہ بن ابو ثور سے روایت ہے کہ حضرت صفیہ بنت شیبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا کہ فتح کے سال جب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو مکہ مکرمہ میں اطمینان حاصل ہو گیا تو آپ نے اونٹ پر سوار ہو کر طواف فرمایا اور دست مبارک میں جو ٹیڑھی لکڑی تھی اس کے ساتھ حجر اسود کا استلام کیا۔ ان کا بیان ہے کہ میں آپ کی طرف دیکھ رہی تھی۔

۱۱۳۔ حدثنا هارون بن عبد الله ومحمد ابن رافع المعنى قالا نا ابو عاصم عن معروف يعني ابن خربوذ المكي نا ابو الطفيل عن ابن عباس قال رايت النبي صلى الله عليه وسلم

ابو الطفیل سے روایت ہے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ میں نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو اپنے اونٹ پر سوار ہو کر بیت اللہ کا طواف کرتے ہوئے دیکھا پھر ایک ٹیڑھی لکڑی سے حجر اسود کا استلام کرتے ہوئے اور

يَطُوفُ بِالْبَيْتِ عَلَى رَاحِلَتِهِ يَسْتَلِمُ الرُّكْنَ بِمِحْجَنِهِ ثُمَّ يُقَبِّلُهُ زَادَ مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ ثُمَّ خَرَجَ إِلَى الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ فَطَافَ سَبْعًا عَلَى رَاحِلَتِهِ۔

پھر اسے چومتے ہوئے۔ محمد بن رافع نے یہ بھی کہا کہ پھر آپ صفا مروہ کی جانب نکلے اور اپنی سواری پر سات طواف فرمائے۔

۱۱۴- حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ نَا يَحْيَى عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ أَخْبَرَنِي أَبُو الزُّبَيْرِ أَنَّهُ سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللَّهِ يَقُولُ طَافَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي حَجَّةِ الْوَدَاعِ عَلَى رَاحِلَتِهِ بِالْبَيْتِ وَبِالصَّفَا وَالْمَرْوَةِ لِيَرَاهُ النَّاسُ وَلِيُشْرِفَ وَلِيَسْأَلُوهُ فَإِنَّ النَّاسَ غَشُوهُ۔

ابو الزبیر نے حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما کو فرماتے ہوئے سنا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حجۃ الوداع میں اپنے اونٹ پر سوار ہو کر بیت اللہ کا طواف فرمایا اور صفا و مروہ کا، تاکہ لوگ آپ کو دیکھیں، مطلع ہوں اور دریافت کریں کیونکہ پروانوں نے شمع رسالت کو اپنے جھرمٹ میں لیا ہوا تھا۔

۱۱۵- حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا خَالِدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ نَا يَزِيدُ بْنُ أَبِي زِيَادٍ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدِمَ مَكَّةَ وَهُوَ يَشْتَكِي فَطَافَ عَلَى رَاحِلَتِهِ كُلَّمَا أَتَى عَلَى الرُّكْنِ اسْتَلَمَ الرُّكْنَ بِمِحْجَنٍ فَلَمَّا فَرَغَ مِنْ طَوَافِهِ أَنَاخَ فَصَلَّى رَكْعَتَيْنِ۔

عکرمہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب مکہ مکرمہ میں جلوہ افروز ہوئے تو آپ علیل تھے، اس لیے سوار ہو کر آپ نے طواف فرمایا۔ جب بھی حجر اسود کے پاس تشریف لاتے تو ایک ٹیڑھی لکڑی کے ساتھ استلام فرماتے۔ جب طواف سے فارغ ہوئے تو سواری کو بٹھایا اور دو رکعت نماز ادا کی۔

۱۱۶- حَدَّثَنَا الْقَعْنَبِيُّ عَنْ مَالِكٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ نَوْفَلٍ عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ عَنْ زَيْنَبَ بِنْتِ أَبِي سَلَمَةَ عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهَا قَالَتْ شَكَوْتُ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنِّي أَشْتَكِي فَقَالَ طُوفِي مِنْ وَرَاءِ النَّاسِ وَأَنْتِ رَاكِبَةٌ قَالَتْ فَطُفْتُ وَرَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَئِذٍ يُصَلِّي إِلَى جَنْبِ الْبَيْتِ وَهُوَ يَقْرَأُ بِالطُّورِ وَكِتَابٍ مَسْطُورٍ۔

زینب بنت ابو سلمہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی زوجہ مطہرہ حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا۔ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں علیل ہونے کی شکایت پیش کی تو فرمایا کہ لوگوں کے بعد تم سوار ہو کر طواف کر لینا۔ ان کا بیان ہے کہ میں طواف کر رہی تھی اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اس وقت بیت اللہ کے ایک گوشے میں نماز پڑھ رہے تھے اور آپ سورۂ والطور کی تلاوت فرما رہے تھے۔

بَابُ ۱۳ الْاِضْطِبَاعِ فِي الطَّوَافِ۔

طواف کے وقت اضطباع کرنا

۱۱۷- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ أَنَا سُفْيَانُ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنِ ابْنِ يَعْلَى عَنْ يَعْلَى قَالَ طَافَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُضْطَبِعًا بِبُرْدٍ أَخْضَرَ۔

ابن یعلیٰ سے روایت ہے کہ حضرت یعلیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے طواف کیا تو اپنی سبز چادر سے اضطباع فرمایا ہوا تھا۔

۱۱۸- حَدَّثَنَا أَبُو سَلَمَةَ مُوسَى نَا حَمَّادٌ

سعید بن جبیر نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما

عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ عُثْمَانَ بْنِ خُثَیْمٍ عَنْ سَعِیْدِ بْنِ جُبَیْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَاَصْحَابَہٗ اعْتَمَرُوْا مِنَ الْجِعِرَّانَۃِ فَرَمَلُوْا بِالْبَیْتِ وَجَعَلُوْا اَرْدِیَتَھُمْ تَحْتَ اٰبَاطِھِمْ ثُمَّ قَذَفُوْھَا عَلٰی عَوَاتِقِھِمُ الْیُسْرٰی۔

سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور آپ کے اصحاب نے جعرانہ سے عمرہ کیا اور بیت اللہ کا طواف رمل کے ساتھ کیا، پھر اپنی چادروں کو بغلوں کے نیچے سے نکال کر بائیں کندھے پر ڈال لیا۔ ف

ف۔ طواف کے وقت اضطباع کرنے کی حدیث ابوداؤد کے علاوہ ابن ماجہ اور دارمی میں بھی موجود ہے۔ چادر کو داہنی بغل کے نیچے سے نکال کر بائیں کندھے پر ڈال لینے کو عربی میں اضطباع کہتے ہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

بَابٌ ۳۲ فِی الرَّمَلِ۔

دوڑنے کا بیان

۱۱۹۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ سَلَمَۃَ مُوْسَی بْنُ اِسْمٰعِیْلَ نَا حَمَّادٌ نَا اَبُوْ عَاصِمٍ الْغَنَوِیُّ عَنْ اَبِی الطُّفَیْلِ قَالَ قُلْتُ لِابْنِ عَبَّاسٍ یَزْعُمُ قَوْمُکَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَدْ رَمَلَ بِالْبَیْتِ وَاَنَّ ذٰلِکَ سُنَّۃٌ قَالَ صَدَقُوْا وَکَذَبُوْا قُلْتُ وَمَا صَدَقُوْا وَمَا کَذَبُوْا قَالَ صَدَقُوْا قَدْ رَمَلَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَکَذَبُوْا لَیْسَ بِسُنَّۃٍ اِنَّ قُرَیْشًا قَالَتْ زَمَنَ الْحُدَیْبِیَۃِ دَعُوْا مُحَمَّدًا وَاَصْحَابَہٗ حَتّٰی یَمُوْتُوْا مَوْتَ النَّغَفِ فَلَمَّا صَالَحُوْہُ عَلٰی اَنْ یَجِیْئُوْا مِنَ الْعَامِ الْمُقْبِلِ فَیُقِیْمُوْا بِمَکَّۃَ ثَلٰثَۃَ اَیَّامٍ فَقَدِمَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَالْمُشْرِکُوْنَ مِنْ قِبَلِ قُعَیْقِعَانَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لِاَصْحَابِہٖ اُرْمُلُوْا بِالْبَیْتِ ثَلٰثًا وَلَیْسَ بِسُنَّۃٍ قُلْتُ یَزْعُمُ قَوْمُکَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ طَافَ بَیْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَۃِ عَلٰی بَعِیْرِہٖ وَاَنَّ ذٰلِکَ سُنَّۃٌ قَالَ صَدَقُوْا وَکَذَبُوْا قُلْتُ مَا صَدَقُوْا وَمَا کَذَبُوْا قَالَ صَدَقُوْا قَدْ طَافَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بَیْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَۃِ عَلٰی بَعِیْرِہٖ وَکَذَبُوْا لَیْسَتْ بِسُنَّۃٍ کَانَ النَّاسُ لَا یُدْفَعُوْنَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ

ابوالطفیل کا بیان ہے کہ میں حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی خدمت میں عرض گزار ہوا کہ آپ کی قوم یہ گمان کرتی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بیت اللہ کا طواف دوڑ کر کیا اور یہ سنت ہے۔ فرمایا کہ انہوں نے کچھ درست کہا اور کچھ غلط۔ میں عرض گزار ہوا کہ درست کیا ہے اور غلط کیا؟ فرمایا کہ یہ تو درست ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے دوڑ کر طواف کیا اور اس کا سنت ہونا غلط ہے کیونکہ قریش نے حدیبیہ کے زمانے میں کہا تھا کہ محمد اور ان کے ساتھیوں کو چھوڑ دو، یہاں تک کہ وہ بیمار اونٹ کی طرح خود ہی مر جائیں گے۔ جب انہوں نے اس شرط پر صلح کر لی کہ اگلے سال آجانا اور تین دن مکہ معظمہ میں ٹھہر جانا تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پہنچے اور مشرکین قعیقعان کی طرف سے آئے تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنے اصحاب سے فرمایا کہ بیت اللہ کے تین طواف دوڑ کر کرو، لہٰذا یہ سنت نہیں ہے۔ میں عرض گزار ہوا کہ آپ کی قوم کا یہ گمان ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے صفا و مروہ کے درمیان سعی اونٹ پر سوار ہو کر فرمائی لہٰذا سنت یہی ہے۔ فرمایا کہ کچھ درست کہا اور کچھ غلط کہا ہے۔ میں عرض گزار ہوا کہ درست کیا کہا اور کیا غلط کہا ہے؟ فرمایا کہ درست تو یہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے صفا و مروہ کے درمیان سعی اونٹ پر سوار ہو کر فرمائی تھی اور اسے

www.sirat-e-mustaqeem.com

وَسَلَّمَ وَلَا يُصْرَفُونَ عَنْهُ فَطَافَ عَلَى بَعِيْرٍ لِيَسْمَعُوْا كَلَامَهُ وَلِيَرَوْا مَكَانَهُ وَلَا تَنَالُهُ أَيْدِيهِمْ۔

سنت کہنا غلط ہے کیونکہ لوگ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے پرے ہٹتے نہ تھے اور آپ کے لیے راستہ نہیں چھوڑ رہے تھے تو آپ نے اونٹ پر سوار ہو کر پھیرے لگائے تاکہ لوگ آپ کے ارشادات سنیں، آپ کو دیکھیں اور ان کے ہاتھ آپ تک نہ پہنچ سکیں۔ ف

ف۔ پہلے تین پھیروں میں طواف کرتے وقت بالکل ہلکی رفتار سے دوڑنے یا تیز چلنے کو رمل کہتے ہیں۔ اختلافِ روایات کے باعث آئمہ کے درمیان اس کے متعلق بھی اختلاف ہے۔ تمام روایات کو سامنے رکھ کر صورتِ حال یہ سامنے آتی ہے کہ ہر اُس طواف کے لیے پہلے تین پھیروں میں رمل مسنون ہے۔ جس کے بعد سعی ہو۔ اس کے پیشِ نظر طوافِ عمرہ، طوافِ قدوم اور طوافِ افاضہ میں رمل مسنون ہے۔ طوافِ افاضہ میں بھی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا رمل نہ کرنا ثابت ہے۔ لیکن طوافِ وداع میں رمل مسنون نہیں ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

١٢٠۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ أَيُّوبَ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ أَنَّهُ حَدَّثَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَدِمَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَكَّةَ وَقَدْ وَهَنَتْهُمْ حُمَّى يَثْرِبَ فَقَالَ الْمُشْرِكُوْنَ إِنَّهُ يَقْدَمُ عَلَيْكُمْ قَوْمٌ قَدْ وَهَنَتْهُمُ الْحُمَّى وَلَقُوْا مِنْهَا شَرًّا فَأَطْلَعَ اللهُ تَعَالَى نَبِيَّهُ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى مَا قَالُوْا فَأَمَرَهُمْ أَنْ يَرْمُلُوا الْأَشْوَاطَ الثَّلٰثَةَ وَأَنْ يَمْشُوْا بَيْنَ الرُّكْنَيْنِ فَلَمَّا رَأَوْهُمْ رَمَلُوْا قَالُوْا هٰؤُلَاءِ الَّذِيْنَ ذَكَرْتُمْ أَنَّ الْحُمَّى قَدْ وَهَنَتْهُمْ هٰؤُلَاءِ أَجْلَدُ مِنَّا قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ وَلَمْ يَأْمُرْهُمْ أَنْ يَرْمُلُوا الْأَشْوَاطَ كُلَّهَا إِلَّا الْإِبْقَاءُ عَلَيْهِمْ۔

سعید بن جبیر سے روایت ہے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مکہ مکرمہ میں پہنچے تو مدینہ منورہ کے بخار نے لوگوں کو کمزور کر رکھا تھا مشرکوں نے کہا کہ تمہارے پاس ایسے لوگ آئے ہیں جنہیں بخار نے نڈھال کر رکھا ہے اور وہ مصیبت میں مبتلا ہیں تو اللہ تعالیٰ نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو ان کی گفتگو سے مطلع فرما دیا پس آپ نے لوگوں کو حکم فرمایا کہ تین پھیرے دوڑ کر لگائیں اور حجرِ اسود و رکن یمانی کے درمیان حسبِ معمول چلیں۔ جب انہوں نے مسلمانوں کو دوڑتے ہوئے دیکھا تو کہا کہ تم تو ان کے متعلق کہتے تھے کہ بخار نے انہیں کمزور کر دیا ہے لیکن یہ تو ہم سے چاک چوبند ہیں۔ حضرت ابن عباس نے فرمایا کہ آپ نے تمام پھیروں میں رمل کا انہیں حکم نہیں فرمایا بلکہ یہ بھی مشرکوں پر اثر ڈالنے کے لیے تھا۔

١٢١۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ نَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ عَمْرٍو نَا هِشَامُ بْنُ سَعْدٍ عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ عَنْ أَبِيْهِ قَالَ سَمِعْتُ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ يَقُوْلُ فِيْمَا الرَّمَلَانُ وَالْكَشْفُ عَنِ الْمَنَاكِبِ وَقَدْ أَطَّأَ اللهُ الْإِسْلَامَ وَنَفَى الْكُفْرَ وَأَهْلَهُ وَمَعَ ذٰلِكَ لَا نَدَعُ شَيْئًا كُنَّا نَفْعَلُهُ عَلَى عَهْدِ رَسُوْلِ اللهِ ...

زید بن اسلم کے والد ماجد نے فرمایا کہ میں نے حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا کہ اب رمل کرنے اور کندھے کھولنے کی ضرورت تو نہیں کیونکہ اللہ تعالیٰ نے اسلام کو مستحکم فرما دیا، کفر اور کافروں کو مٹا دیا لیکن اس کے باوجود ہم ان میں سے کسی فعل کو نہیں چھوڑتے جو ہم رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے مبارک عہد میں کیا کرتے تھے۔ ف

www.sirat-e-mustaqeem.com

ف۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے مبارک زمانے میں بعض کام کسی ضرورت یا مصلحت کے باعث بھی کئے گئے جب وہ ضرورت پوری ہوئی یا اُن کے کرنے میں کوئی مصلحت نہ رہی تو اُن کے ترک کر دینے میں کوئی قباحت نہ تھی لیکن قربان جائیں حضرات صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کی ایمانی فراست اور تعلق بارسول پر کہ پھر بھی اُن کاموں پر کاربند رہے کہ ضرورت یا مصلحت آج اُس کی متقاضی نہ سہی لیکن سنتِ رسول پر عمل کرنے کا ثواب تو ضرور ملے گا۔ لہٰذا اُن حضرات نے کسی عمل کو ترک نہ کیا جیسے وہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے زمانہ میں کرتے تھے۔ مثلاً رمل کرنا ایک وقتی ضرورت تھی کہ قریش کو اپنی طاقت دکھانا منظور تھی تاکہ اُن کے دلوں میں مسلمانوں کی دھاک بیٹھ جائے اور وہ اہلِ اسلام کو تر لقمہ نہ سمجھیں۔ واللہ اعلم

۱۲۲۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا عِيسَى بْنُ يُونُسَ نَا عُبَيْدُ اللهِ بْنُ أَبِي زِيَادٍ عَنِ الْقَاسِمِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّمَا جُعِلَ الطَّوَافُ بِالْبَيْتِ وَبَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ وَرَمْيُ الْجِمَارِ لِإِقَامَةِ ذِكْرِ اللهِ۔

قاسم بن محمد نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ بیت اللہ کا طواف اور صفا و مروہ کے درمیان دوڑنا اور کنکریاں مارنا۔ یہ یادِ الٰہی کے لیے مقرر فرمائے گئے ہیں۔ ف

ف۔ صفا و مروہ کے درمیان دوڑنا اور جمرہ پر کنکریاں مارنا در حقیقت حضرت اسمٰعیل علیہ السلام اور اُن کی والدۂ محترمہ کے مقدس افعال کی یاد تازہ رکھنا ہے۔ اس حدیث میں ان افعال کو زندہ رکھنے کے متعلق لِإِقَامَةِ ذِكْرِ اللهِ ارشاد ہوا ہے یعنی یہ اللہ کی یاد تازہ رکھنے کے لیے ہیں۔ معلوم ہُوا کہ اللہ والوں کے افعال کی پیروی کرنا بھی ذکرِ الٰہی ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

۱۲۳۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ الْأَنْبَارِيُّ نَا يَحْيَى بْنُ سُلَيْمٍ عَنِ ابْنِ خُثَيْمٍ عَنْ أَبِي الطُّفَيْلِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اضْطَبَعَ فَاسْتَلَمَ فَكَبَّرَ ثُمَّ رَمَلَ ثَلَاثَةَ أَطْوَافٍ وَكَانُوا إِذَا بَلَغُوا الرُّكْنَ الْيَمَانِيَ وَتَغَيَّبُوا مِنْ قُرَيْشٍ مَشَوْا ثُمَّ يَطْلُعُونَ عَلَيْهِمْ يَرْمُلُونَ تَقُولُ قُرَيْشٌ كَأَنَّهُمُ الْغِزْلَانُ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ فَكَانَتْ سُنَّةً۔

ابو الطفیل نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اضطباع و استلام کرکے تکبیر کہی، پھر تین طوافوں میں رمل کیا اور جب رکنِ یمانی پہنچ کر قریش کی نگاہوں سے پوشیدہ ہو جاتے تو حسبِ معمول چلتے اور جب انہیں نظر آنے لگتے تو رمل کرتے قریش کہتے کہ گویا یہ ہرن ہیں۔ حضرت ابن عباس نے فرمایا کہ سنت یہ ہے۔ ف

ف وَأَعِدُّوا لَهُمْ مَا اسْتَطَعْتُمْ مِنْ قُوَّةٍ (۸ : ۶۰) اور اُن (کافروں) کے لیے تیار رہو پوری قوت کے ساتھ جتنی تم سے ہو سکے۔ معلوم ہوا کہ پروردگارِ عالم تو یہی چاہتا ہے اہلِ اسلام کافروں پر غالب رہیں اور اُن کی قسمتوں کا فیصلہ اپنی نوکِ شمشیر سے کیا کریں لیکن جب مسلمانوں نے کفر اور کافروں کی نفرت اپنے دلوں سے نکال دی۔ کافروں کے نہ صرف دوست و غمخوار بن گئے بلکہ اُن سے مرعوب و مرہوب ہو کر کافروں کے رحم و کرم پر جینے کا تہیہ کر لیا تو ایسے حالات میں وہی ذلّت و خواری مقدر ہو کر رہتی جس کی منہ بولتی تصویر آج کے مسلمان پیش کر رہے ہیں۔ اور اہلِ اسلام کی اس رسوائی اور تنزّل کو مسلمانوں پر مسلط کرنے میں اسلامی ممالک کے سربراہوں کا سب سے زیادہ حصّہ ہے جو اسلامی تعلیمات سے ناآشنا اور دینی غیرت سے عاری ہونے کے باعث ملّتِ اسلامیہ کا رُخ حرم سے پھیر کر لندن، نیویارک، ماسکو، پیرس، پیکنگ، اور دہلی کی طرف کرتے رہے ہیں۔ مسلمانانِ عالم آج بھی دل کی گہرائیوں سے یہی دعا مانگتے ہیں ؎

www.sirat-e-mustaqeem.com

۱۲۴- حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْمٰعِيلَ نَا حَمَّادٌ أَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ خُثَيْمٍ عَنْ أَبِي الطُّفَيْلِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَصْحَابَهُ اعْتَمَرُوا مِنَ الْجِعِرَّانَةِ فَرَمَلُوا بِالْبَيْتِ ثَلَاثًا وَمَشَوْا أَرْبَعًا۔

ابو الطفیل نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور آپ کے اصحاب نے جعرانہ سے عمرہ کیا تو بیت اللہ کے تین پھیروں میں رمل کیا اور چار میں چلتے رہے۔

۱۲۵- حَدَّثَنَا أَبُو كَامِلٍ نَا سُلَيْمُ بْنُ أَخْضَرَ نَا عُبَيْدُ اللّٰهِ عَنْ نَافِعٍ أَنَّ ابْنَ عُمَرَ رَمَلَ مِنَ الْحَجَرِ إِلَى الْحَجَرِ وَذَكَرَ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَعَلَ ذٰلِكَ۔

نافع سے روایت ہے کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے حجر اسود سے حجر اسود تک رمل کیا اور بتایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایسا کیا تھا۔

بَابُ ۳۳ الدُّعَاءِ فِي الطَّوَافِ۔

طواف کے وقت دعا کرنا

۱۲۶- حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا عِيسَى بْنُ يُونُسَ نَا ابْنُ جُرَيْجٍ عَنْ يَحْيَى بْنِ عُبَيْدٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ السَّائِبِ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ مَا بَيْنَ الرُّكْنَيْنِ رَبَّنَا آتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَفِي الْآخِرَةِ حَسَنَةً وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ۔

یحییٰ بن عبید نے اپنے والد ماجد سے روایت کی کہ حضرت عبد اللہ بن سائب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو حجر اسود اور رکن یمانی کے درمیان کہتے ہوئے سنا۔ اے ہمارے رب! ہمیں دنیا میں بھلائی دے اور آخرت میں نیز ہمیں دوزخ کے عذاب سے بچا۔

۱۲۷- حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا يَعْقُوبُ عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ إِذَا طَافَ فِي الْحَجِّ وَالْعُمْرَةِ أَوَّلَ مَا يَقْدَمُ فَإِنَّهُ يَسْعَى ثَلَاثَةَ أَطْوَافٍ وَيَمْشِي أَرْبَعًا ثُمَّ يُصَلِّي سَجْدَتَيْنِ۔

نافع نے حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب حج یا عمرہ کے لیے پہلی مرتبہ تشریف لاتے تو تین طوافوں میں دوڑتے اور چار میں حسب معمول چلتے پھر دو رکعتیں پڑھتے۔

بَابُ ۳۴ الطَّوَافِ بَعْدَ الْعَصْرِ۔

عصر کے بعد دعا کرنا

۱۲۸- حَدَّثَنَا ابْنُ السَّرْحِ نَا سُفْيَانُ عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بَابَاهُ عَنْ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ يَبْلُغُ بِهِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تَمْنَعُوا أَحَدًا يَطُوفُ بِهٰذَا الْبَيْتِ وَيُصَلِّي أَيَّ سَاعَةٍ شَاءَ مِنْ لَيْلٍ أَوْ نَهَارٍ۔

عبد اللہ بن باباہ نے حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مرفوعاً روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کسی کو بیت اللہ کے طواف سے منع نہ کرو اور جس ساعت میں چاہے کوئی نماز پڑھے رات میں یا دن میں۔

بَابُ ۳۵ طَوَافِ الْقَارِنِ۔

قران والے کا طواف

۱۲۹- حَدَّثَنَا ابْنُ حَنْبَلٍ نَا يَحْيَى عَنْ

ابو الزبیر کا بیان ہے کہ میں نے حضرت جابر بن عبد اللہ

www.sirat-e-mustaqeem.com

ابْنِ جُرَيْجٍ قَالَ اَخْبَرَنِي اَبُو الزُّبَيْرِ قَالَ سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ يَقُولُ لَمْ يَطُفِ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَا اَصْحَابُهُ بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ اِلَّا طَوَافًا وَاحِدًا طَوَافَهُ الْاَوَّلَ۔

رضی اللہ تعالیٰ عنہما کو فرماتے ہوئے سنا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور آپ کے اصحاب میں سے کسی نے صفا و مروہ کا طواف نہیں کیا مگر ایک طواف یعنی پہلی مرتبہ۔

١٣٠- حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا مَالِكُ بْنُ اَنَسٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّ اَصْحَابَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الَّذِينَ كَانُوا مَعَهُ لَمْ يَطُوفُوا حَتّٰى رَمَوُا الْجَمْرَةَ۔

عروہ بن زبیر نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اصحاب نے جو آپ کے ساتھ تھے، جمرہ پر کنکریاں مارنے تک طواف نہ کیا۔

١٣١- حَدَّثَنَا الرَّبِيعُ بْنُ سُلَيْمَانَ الْمُؤَذِّنُ اَنَا الشَّافِعِيُّ عَنِ ابْنِ عُيَيْنَةَ عَنِ ابْنِ اَبِي نَجِيحٍ عَنْ عَطَاءٍ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَهَا طَوَافُكِ بِالْبَيْتِ وَبَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ يَكْفِيكِ لِحَجَّتِكِ وَعُمْرَتِكِ قَالَ الشَّافِعِيُّ كَانَ سُفْيَانُ رُبَّمَا قَالَ عَنْ عَطَاءٍ عَنْ عَائِشَةَ وَرُبَّمَا قَالَ عَنْ عَطَاءٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِعَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا۔

عطاء نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا بیت اللہ کا طواف اور صفا و مروہ کا تمہارے واسطے حج اور عمرہ دونوں کے لیے کافی ہے۔ شافعی نے فرمایا کہ سفیان کبھی عطاء کے واسطے سے حضرت عائشہ سے روایت کرتے اور کبھی عطاء سے روایت کرتے کہ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے فرمایا۔

بَابُ الْمُلْتَزَمِ۔

ملتزم کا بیان

١٣٢- حَدَّثَنَا عُثْمَانُ ابْنُ اَبِي شَيْبَةَ نَا جَرِيرُ ابْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ عَنْ يَزِيدَ بْنِ اَبِي زِيَادٍ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ صَفْوَانَ قَالَ لَمَّا فَتَحَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَكَّةَ قُلْتُ لَاَلْبَسَنَّ ثِيَابِي وَكَانَتْ دَارِي عَلَى الطَّرِيقِ فَلَاَنْظُرَنَّ كَيْفَ يَصْنَعُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَانْطَلَقْتُ فَرَاَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ خَرَجَ مِنَ الْكَعْبَةِ هُوَ وَاَصْحَابُهُ قَدِ اسْتَلَمُوا الْبَيْتَ مِنَ الْبَابِ اِلَى الْحَطِيمِ وَقَدْ وَضَعُوا خُدُودَهُمْ عَلَى الْبَيْتِ وَرَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَسَطَهُمْ۔

مجاہد سے روایت ہے کہ حضرت عبد الرحمن بن صفوان رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ جب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مکہ مکرمہ کو فتح کیا تو میں نے اپنے دل میں کہا کہ میں کپڑے پہنوں گا کیونکہ میرا گھر راستے میں پڑتا تھا اور ضرور دیکھوں گا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کیا کرتے ہیں۔ میں نے جاکر دیکھا تو نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور آپ کے اصحاب کعبہ مقدسہ سے باہر نکلے اور دروازے سے لے کر حطیم تک بیت اللہ کے ساتھ لپٹ گئے انہوں نے اپنے رخسار بیت اللہ پر رکھ دیئے اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ان کے درمیان میں تھے۔ ف

www.sirat-e-mustaqeem.com

ف۔ باب کعبہ اور حجرِ اسود کے درمیانی جگہ کو ملتزم کہتے ہیں۔ اس کے ساتھ لپٹ کر دعا کرنا قبولیت سے بہت نزدیک ہوتا ہے۔ واللہ تعالیٰ۔

۱۳۳۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا عِيسَى بْنُ يُونُسَ نَا الْمُثَنَّى ابْنُ الصَّبَاحِ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ أَبِيهِ قَالَ طُفْتُ مَعَ عَبْدِ اللهِ فَلَمَّا جِئْنَا دُبُرَ الْكَعْبَةِ قُلْتُ أَلَا تَتَعَوَّذُ قَالَ أَعُوذُ بِاللهِ مِنَ النَّارِ ثُمَّ مَضَى حَتَّى اسْتَلَمَ الْحَجَرَ وَأَقَامَ بَيْنَ الرُّكْنِ وَالْبَابِ فَوَضَعَ صَدْرَهُ وَوَجْهَهُ وَذِرَاعَيْهِ وَكَفَّيْهِ هٰكَذَا وَبَسَطَهُمَا بَسْطًا ثُمَّ قَالَ هٰكَذَا رَأَيْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَفْعَلُهُ۔

عمرو بن شعیب سے ان کے والد ماجد نے فرمایا کہ میں نے حضرت عبد اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ساتھ طواف کیا جب ہم کعبے کے پیچھے آئے تو میں عرض گزار ہوا۔ کیا آپ تعوذ نہیں پڑھتے کہا میں اللہ کی پناہ چاہتا ہوں دوزخ سے۔ پھر گئے اور حجرِ اسود کو بوسہ دیا پھر حجرِ اسود اور دروازے کے درمیان کھڑے ہو گئے تو اپنا سینہ، اپنا چہرہ، اپنی کلائیاں اور اپنی ہتھیلیاں اس پر خوب پھیلا کر رکھ دیں۔ پھر فرمایا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو اسی طرح کرتے ہوئے دیکھا ہے۔

۱۳۴۔ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ مَيْسَرَةَ نَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ نَا السَّائِبُ بْنُ عُمَرَ الْمَخْزُومِيُّ قَالَ حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ السَّائِبِ عَنْ أَبِيهِ أَنَّهُ كَانَ يَقُودُ ابْنَ عَبَّاسٍ فَيُقِيمُهُ عِنْدَ الشِّقَّةِ الثَّالِثَةِ مِمَّا يَلِي الرُّكْنَ الَّذِي يَلِي الْبَابَ فَيَقُولُ لَهُ ابْنُ عَبَّاسٍ أُنْبِئْتَ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُصَلِّي هٰهُنَا فَيَقُولُ نَعَمْ

محمد بن عبد اللہ بن سائب نے اپنے والد ماجد سے روایت کی ہے کہ وہ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما کو لے جایا کرتے اور تیسرے گوشے میں دروازے کے نزدیک حجرِ اسود کے پاس کھڑا کر دیا کرتے تھے۔ پھر حضرت ابن عباس ان سے فرماتے۔ کیا تمہیں معلوم ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اسی جگہ نماز پڑھا کرتے تھے؟ وہ عرض کرتے ہاں۔ پس یہ کھڑے ہوتے اور نماز پڑھتے۔

بَابُ ۳۷ أَمْرِ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ۔

صفا و مروہ کے متعلق حکم

۱۳۵۔ حَدَّثَنَا الْقَعْنَبِيُّ عَنْ مَالِكٍ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ ح وَحَدَّثَنَا ابْنُ السَّرْحِ نَا ابْنُ وَهْبٍ عَنْ مَالِكٍ عَنْ هِشَامٍ عَنْ أَبِيهِ أَنَّهُ قَالَ قُلْتُ لِعَائِشَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَنَا يَوْمَئِذٍ حَدِيثُ السِّنِّ أَرَأَيْتِ قَوْلَ اللهِ عَزَّ وَجَلَّ إِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مِنْ شَعَائِرِ اللهِ فَمَا أَرَى عَلَى أَحَدٍ شَيْئًا أَلَّا يَطَّوَّفَ بِهِمَا قَالَتْ عَائِشَةُ رَضِيَ اللهُ عَنْهَا كَلَّا لَوْ كَانَ كَمَا تَقُولُ كَانَتْ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِ أَنْ لَا يَطَّوَّفَ بِهِمَا إِنَّمَا أُنْزِلَتْ هٰذِهِ الْآيَةُ فِي الْأَنْصَارِ كَانُوا يُهِلُّونَ لِمَنَاةَ وَكَانَتْ مَنَاةُ حَذْوَ قُدَيْدٍ وَكَانُوا يَتَحَرَّجُونَ أَنْ يَطُوفُوا بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ فَلَمَّا

قعنبی، مالک، ہشام بن عروہ۔ ابن السرح، ابن وہب مالک، ہشام ان کے والد ماجد کا بیان ہے کہ میں نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی زوجۂ مطہرہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی خدمت میں عرض گزار ہوا اور ان دنوں میں نوعمر تھا کہ ارشادِ باری تعالیٰ إِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مِنْ شَعَائِرِ اللهِ کے بارے میں آپ کا خیال کیا ہے جبکہ میری نظر میں اگر کوئی ان دونوں کا طواف نہ کرے تو کوئی مضائقہ نہیں ہے۔ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا۔ ہرگز نہیں۔ اگر بات یوں ہوتی جیسا تم کہہ رہے ہو تو حکم یوں ہوتا۔ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِ أَنْ لَا يَطَّوَّفَ بِهِمَا۔ درحقیقت یہ آیت انصار کے بارے میں نازل فرمائی گئی جو منات بت کے لیے حج کیا کرتے اور منات قدید کے سامنے

جَآءَ الْإِسْلَامُ سَأَلُوْا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ ذٰلِكَ فَأَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ إِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مِنْ شَعَائِرِ اللّٰهِ۔

ہے اور وہ صفا و مروہ کا طواف کرنا بُرا سمجھتے تھے۔ جب اسلام کی جلوہ گری ہوئی تو انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے اس کے متعلق پوچھا تو اللہ تعالیٰ نے حکم نازل فرمایا کہ صفا و مروہ تو اللہ تعالیٰ کی نشانیوں میں سے ہیں (۲: ۱۵۸)۔

۱۳۶۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا خَالِدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ نَا إِسْمٰعِيْلُ بْنُ أَبِيْ خَالِدٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ أَبِيْ أَوْفٰى أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اعْتَمَرَ فَطَافَ بِالْبَيْتِ وَصَلّٰى خَلْفَ الْمَقَامِ رَكْعَتَيْنِ وَمَعَهُ مَنْ يَسْتُرُهُ مِنَ النَّاسِ فَقِيْلَ لِعَبْدِ اللّٰهِ أَدَخَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْكَعْبَةَ قَالَ لَا۔

اسمٰعیل بن ابو خالد نے حضرت عبد اللہ بن ابی اوفیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے عمرہ کیا تو بیت اللہ کا طواف فرمایا اور مقام ابراہیم کے پیچھے دو رکعتیں پڑھیں اور آپ کے ساتھ اتنے حضرات تھے جنہوں نے لوگوں سے آپ کو چھپایا ہوا تھا۔ حضرت عبد اللہ سے کہا گیا کہ کیا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کعبہ میں داخل ہوئے تھے؟

۱۳۷۔ حَدَّثَنَا تَمِيْمُ بْنُ الْمُنْتَصِرِ أَنَا إِسْحٰقُ ابْنُ يُوْسُفَ أَنَا شَرِيْكٌ عَنْ إِسْمٰعِيْلَ بْنِ أَبِيْ خَالِدٍ قَالَ سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ أَبِيْ أَوْفٰى بِهٰذَا الْحَدِيْثِ زَادَ ثُمَّ أَتَى الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ فَسَعٰى بَيْنَهُمَا سَبْعًا ثُمَّ حَلَقَ رَأْسَهُ۔

اسمٰعیل بن ابو خالد کا بیان ہے کہ میں نے اس حدیث کو حضرت عبد اللہ بن ابی اوفیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے سنا۔ اس میں یہ بھی ہے۔ پھر آپ صفا و مروہ کی طرف آئے ان کے درمیان سات دفعہ سعی فرمائی۔ پھر اپنا سر مبارک منڈایا۔

۱۳۸۔ حَدَّثَنَا النُّفَيْلِيُّ نَا زُهَيْرٌ نَا عَطَاءُ بْنُ السَّائِبِ عَنْ كَثِيْرِ بْنِ جُمْهَانَ أَنَّ رَجُلًا قَالَ لِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ يَا أَبَا عَبْدِ الرَّحْمٰنِ إِنِّيْ أَرَاكَ تَمْشِيْ وَالنَّاسُ يَسْعَوْنَ قَالَ إِنْ أَمْشِ فَقَدْ رَأَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَمْشِيْ وَإِنْ أَسْعَ فَقَدْ رَأَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْعٰى وَأَنَا شَيْخٌ كَبِيْرٌ۔

عطاء بن سائب نے کثیر بن جمہان سے روایت کی ہے کہ ایک آدمی صفا و مروہ کے درمیان حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی خدمت میں عرض گزار ہوا کہ اے ابو عبد الرحمٰن میں آپ کو حسب معمول چلتے ہوئے دیکھتا ہوں جبکہ دوسرے لوگ دوڑتے ہیں۔ فرمایا کہ اگر میں چلتا ہوں تو میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو چلتے ہوئے دیکھا ہے اور اگر میں دوڑتا ہوں تو میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو دوڑتے ہوئے

بَابٌ ۳۵ صِفَةُ حَجَّةِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔

نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حج کا حال

۱۳۹۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ النُّفَيْلِيُّ وَعُثْمَانُ ابْنُ أَبِيْ شَيْبَةَ وَهِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ وَسُلَيْمَانُ ابْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الدِّمَشْقِيَّانِ وَرُبَّمَا زَادَ بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضِ الْكَلِمَةَ وَالشَّيْءَ قَالُوْا نَا حَاتِمُ بْنُ

جعفر بن محمد کے والد ماجد نے فرمایا کہ ہم حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی خدمت میں گئے جب ان کے نزدیک ہوئے تو لوگوں سے پوچھا یہاں تک کہ میری باری آئی تو عرض گزار ہوا کہ میں محمد بن علی بن حسین ہوں۔ چنانچہ میرے

www.sirat-e-mustaqeem.com

عَلَى جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ فَلَمَّا انْتَهَيْنَا إِلَيْهِ سَأَلَ عَنِ الْقَوْمِ حَتَّى انْتَهَى إِلَيَّ فَقُلْتُ أَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ ابْنِ حُسَيْنٍ فَأَهْوَى بِيَدِهِ إِلَى رَأْسِي فَنَزَعَ زِرِّي الْأَعْلَى ثُمَّ نَزَعَ زِرِّي الْأَسْفَلَ ثُمَّ وَضَعَ كَفَّهُ بَيْنَ ثَدْيَيَّ وَأَنَا يَوْمَئِذٍ غُلَامٌ شَابٌّ فَقَالَ مَرْحَبًا بِكَ وَأَهْلًا يَا ابْنَ أَخِي سَلْ عَمَّا شِئْتَ فَسَأَلْتُهُ وَهُوَ أَعْمَى وَجَاءَ وَقْتُ الصَّلَاةِ فَقَامَ فِي نِسَاجَةٍ مُلْتَحِفًا بِهَا يَعْنِي ثَوْبًا مُلَفَّقًا كُلَّمَا وَضَعَهَا عَلَى مَنْكِبِهِ رَجَعَ طَرَفَاهَا إِلَيْهِ مِنْ صِغَرِهَا فَصَلَّى بِنَا وَرِدَاؤُهُ إِلَى جَنْبِهِ عَلَى الْمِشْجَبِ فَقُلْتُ أَخْبِرْنِي عَنْ حَجَّةِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ بِيَدِهِ فَعَقَدَ تِسْعًا ثُمَّ قَالَ إِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَكَثَ تِسْعَ سِنِينَ لَمْ يَحُجَّ ثُمَّ أَذَّنَ فِي النَّاسِ فِي الْعَاشِرَةِ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَاجٌّ فَقَدِمَ الْمَدِينَةَ بَشَرٌ كَثِيرٌ كُلُّهُمْ يَلْتَمِسُ أَنْ يَأْتَمَّ بِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَيَعْمَلَ بِمِثْلِ عَمَلِهِ فَخَرَجَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَخَرَجْنَا مَعَهُ حَتَّى أَتَيْنَا ذَا الْحُلَيْفَةِ فَوَلَدَتْ أَسْمَاءُ بِنْتُ عُمَيْسٍ مُحَمَّدَ بْنَ أَبِي بَكْرٍ فَأَرْسَلَتْ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَيْفَ أَصْنَعُ فَقَالَ اغْتَسِلِي وَاسْتَذْفِرِي بِثَوْبٍ وَأَحْرِمِي فَصَلَّى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ رَكِبَ الْقَصْوَاءَ حَتَّى إِذَا اسْتَوَتْ بِهِ نَاقَتُهُ عَلَى الْبَيْدَاءِ قَالَ جَابِرٌ نَظَرْتُ إِلَى مَدِّ بَصَرِي مِنْ بَيْنِ يَدَيْهِ مِنْ رَاكِبٍ وَمَاشٍ وَعَنْ يَمِينِهِ مِثْلَ ذٰلِكَ وَعَنْ يَسَارِهِ مِثْلَ ذٰلِكَ وَمِنْ خَلْفِهِ مِثْلَ ذٰلِكَ وَرَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَ أَظْهُرِنَا وَعَلَيْهِ يَنْزِلُ الْقُرْآنُ وَهُوَ يَعْلَمُ تَأْوِيلَهُ فَمَا عَمِلَ بِهِ مِنْ شَيْءٍ عَمِلْنَا بِهِ فَأَهَلَّ بِالتَّوْحِيدِ لَبَّيْكَ

پھر میرے سینے کے درمیان میں ہاتھ رکھا اور ان دنوں میں نوجوان تھا اور فرمایا۔ اے بھتیجے! خوش آمدید۔ جو چاہو پوچھو۔ میں نے ان سے سوال کیے اور ان کی بینائی جاتی رہی تھی اور نماز کا وقت ہو گیا تھا تو وہ اپنی چادر لپیٹ کر کھڑے ہوئے جب اسے کندھے پر ڈالتے تو چھوٹی ہونے کے باعث اس کا سرا گر پڑتا۔ انہوں نے ہمیں نماز پڑھائی اور پہلو میں ان کی چادر کھونٹی پر رکھی ہوئی تھی میں عرض گزار ہوا کہ ہمیں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حج کے متعلق بتائیے۔ انہوں نے اپنے ہاتھ سے نو گرہیں لگائیں اور فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نو سال رہے لیکن حج نہ کیا۔ دسویں سال اعلان کیا گیا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم حج کرنے والے ہیں تو مدینہ منورہ میں بہت سے لوگ جمع ہو گئے۔ سب پیروی کرنے اور آپ کے مطابق عمل کرنے کے متمنی تھے۔ پس رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نکلے اور ہم آپ کے ساتھ تھے جب ہم ذوالحلیفہ پہنچے تو حضرت اسماء بنت عمیس نے حضرت محمد بن ابوبکر کو جنم دیا۔ انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لیے پیغام بھیجا کہ میں کیا کروں؟ فرمایا کہ غسل کرو، مضبوطی سے لنگوٹ باندھ لو اور احرام پہن لو۔ پس رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے نماز پڑھی۔ پھر قصواء پر سوار ہوئے یہاں تک کہ آپ کی سواری بیداء میں پہنچی۔ حضرت جابر نے فرمایا کہ میں نے دیکھا تو سامنے حدِ نگاہ تک سوار اور پیدل نظر آئے۔ اسی طرح دائیں بائیں اور پیچھے نظر آئے اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہمارے درمیان میں تھے اور آپ پر قرآن کریم نازل ہوتا تو اس کا مفہوم آپ خود جانتے۔ جب آپ عمل کرتے تو ہم آپ کی پیروی کرتے۔ آپ نے توحید کے ساتھ تلبیہ کہا۔ میں حاضر ہوں، اے اللہ! میں حاضر ہوں، میں حاضر ہوں، تیرا کوئی شریک نہیں۔ میں حاضر ہوں۔ حمد، نعمت اور بادشاہی تیری ہے، تیرا کوئی شریک نہیں۔ آپ کی طرح لوگوں نے بھی تلبیہ کہا اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس سے

www.sirat-e-mustaqeem.com

اَللّٰهُمَّ لَبَّيْكَ لَبَّيْكَ لَا شَرِيْكَ لَكَ لَبَّيْكَ اِنَّ
الْحَمْدَ وَالنِّعْمَةَ لَكَ وَالْمُلْكَ لَا شَرِيْكَ
لَكَ وَاَهَلَّ النَّاسُ بِهٰذَا الَّذِيْ يُهِلُّوْنَ بِهٖ
فَلَمْ يَرُدَّ عَلَيْهِمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
شَيْئًا مِّنْهُ وَلَزِمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
تَلْبِيَتَهٗ قَالَ جَابِرٌ لَسْنَا نَنْوِيْ اِلَّا الْحَجَّ لَسْنَا نَعْرِفُ
الْعُمْرَةَ حَتّٰى اِذَا اَتَيْنَا الْبَيْتَ مَعَهُ اسْتَلَمَ الرُّكْنَ
فَرَمَلَ ثَلٰثًا وَمَشٰى اَرْبَعًا ثُمَّ تَقَدَّمَ اِلٰى مَقَامِ
اِبْرَاهِيْمَ فَقَرَاَ وَاتَّخِذُوْا مِنْ مَّقَامِ اِبْرَاهِيْمَ مُصَلًّى
فَجَعَلَ الْمَقَامَ بَيْنَهٗ وَبَيْنَ الْبَيْتِ قَالَ فَكَانَ
اَبِيْ يَقُوْلُ قَالَ ابْنُ نُفَيْلٍ وَعُثْمَانُ وَلَا اَعْلَمُهٗ ذَكَرَهٗ
اِلَّا عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ سُلَيْمَانُ
وَلَا اَعْلَمُهٗ اِلَّا قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ
وَسَلَّمَ يَقْرَاُ فِي الرَّكْعَتَيْنِ بِقُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ وَبِقُلْ
يٰاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ ثُمَّ رَجَعَ اِلَى الْبَيْتِ فَاسْتَلَمَ
الرُّكْنَ ثُمَّ خَرَجَ مِنَ الْبَابِ اِلَى الصَّفَا فَلَمَّا دَنَا
مِنَ الصَّفَا قَرَاَ اِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مِنْ شَعَآئِرِ
اللّٰهِ نَبْدَاُ بِمَا بَدَاَ اللّٰهُ بِهٖ فَبَدَاَ بِالصَّفَا فَرَقِيَ
عَلَيْهِ حَتّٰى رَاَى الْبَيْتَ فَكَبَّرَ اللّٰهَ وَوَحَّدَهٗ وَقَالَ
لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ
الْحَمْدُ يُحْيِيْ وَيُمِيْتُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ
لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ اَنْجَزَ وَعْدَهٗ وَنَصَرَ عَبْدَهٗ
وَهَزَمَ الْاَحْزَابَ وَحْدَهٗ ثُمَّ دَعَا بَيْنَ ذٰلِكَ وَقَالَ
مِثْلَ ذٰلِكَ ثَلٰثَ مَرَّاتٍ ثُمَّ نَزَلَ اِلَى الْمَرْوَةِ حَتّٰى
اِذَا انْصَبَّتْ قَدَمَاهُ رَمَلَ فِيْ بَطْنِ الْوَادِيْ حَتّٰى
اِذَا صَعِدَ مَشٰى حَتّٰى اَتَى الْمَرْوَةَ فَصَنَعَ عَلَى الْمَرْوَةِ
مِثْلَ مَا صَنَعَ عَلَى الصَّفَا حَتّٰى اِذَا كَانَ اٰخِرُ الطَّوَافِ
عَلَى الْمَرْوَةِ قَالَ اِنِّيْ لَوِ اسْتَقْبَلْتُ مِنْ اَمْرِيْ مَا
اسْتَدْبَرْتُ لَمْ اَسُقِ الْهَدْيَ وَلَجَعَلْتُهَا عُمْرَةً

منع نہ فرمایا اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم برابر تلبیہ
کہتے رہے۔ حضرت جابر کا بیان ہے کہ ہم نے حج کی نیت کی
تھی اور عمرہ کو ہم جانتے نہ تھے۔ جب آپ کے ساتھ ہم بیت اللہ
پہنچے۔ حجر اسود کو بوسہ دیا، تین پھیرے دوڑ کر اور چار چل کر
لگائے۔ پھر مقام ابراہیم کی طرف بڑھے تو پڑھا اور مقام ابراہیم
کو نماز کی جگہ بناؤ (۲: ۱۲۵)۔ پس آپ نے مقام ابراہیم کو اپنے اور
بیت اللہ کے درمیان رکھا۔ عثمان اور سلیمان نے مرفوعاً روایت
کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے دو رکعتیں پڑھیں
جن میں سورۂ اخلاص اور سورۂ الکافرون پڑھی۔ پھر بیت اللہ
کی طرف لوٹے تو حجر اسود کو بوسہ دیا۔ پھر دروازے سے صفا
کی جانب نکلے۔ جب صفا کے نزدیک پہنچے تو پڑھا۔ بیشک
صفا اور مروہ اللہ کی نشانیوں میں سے ہیں۔ ہم اسی سے ابتدا
کرتے ہیں جس سے اللہ تعالیٰ نے ابتدا فرمائی۔ پس آپ نے
صفا سے ابتدا کی اور اس پر چڑھ گئے تو بیت اللہ نظر آنے لگا
پس آپ نے اللہ اکبر اور الحمد للہ کے بعد کہا۔ نہیں کوئی معبود
مگر اللہ وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں۔ اسی کی بادشاہی ہے
اور اسی کی تعریف ہے۔ وہ زندہ رکھتا اور مارتا ہے اور وہ ہر
ایک چیز پر قدرت رکھتا ہے۔ نہیں ہے کوئی معبود مگر اللہ جو
اکیلا ہے۔ اس نے اپنا وعدہ پورا کیا، اپنے بندے کی مدد فرمائی
اور اکیلے نے لشکروں کو شکست دی۔ پھر اس کے درمیان دعا
کی اور تین مرتبہ اسی طرح کہا۔ پھر مروہ کی طرف اترے اور میدان
میں قدم مبارک پہنچے تو دوڑے اور چل کر مروہ پہاڑی پر چڑھے
لہٰذا مروہ پر بھی اسی طرح کیا جیسے صفا پر کیا تھا۔ جب مروہ پر
آخری پھیرا لگایا تو فرمایا۔ اگر مجھے یہ بات پہلے معلوم ہوتی تو ہدی
نہ لاتا اور اسے عمرہ بنا لیتا پس تم میں سے جس کے پاس ہدی نہ
ہو وہ احرام کھول دے اور اسے عمرہ بنا لے۔ پس تمام لوگوں
نے احرام کھول دیے اور بال کتروائے سوائے نبی کریم صلی اللہ
تعالیٰ علیہ وسلم کے اور جس کے پاس ہدی تھی۔ پس حضرت
سراقہ بن جعشم کھڑے ہو کر عرض گزار ہوئے۔ یا رسول اللہ! یہ

ومن كان منكم ليس معه هدي فليحلل وليجعلها عمرة فحل الناس كلهم وقصروا إلا النبي صلى الله عليه وسلم ومن كان معه هدي فقام سراقة بن جعشم فقال يا رسول الله ألعامنا هذا أم للأبد فشبك رسول الله صلى الله عليه وسلم أصابعه في الأخرى ثم قال دخلت العمرة في الحج هكذا مرتين لا بل لأبد أبد قال وقدم علي من اليمن ببدن رسول الله صلى الله عليه وسلم فوجد فاطمة ممن حل ولبست ثيابا صبيغا واكتحلت فأنكر علي ذلك عليها وقال من أمرك بهذا فقال أبي قال وكان علي رضي الله عنه يقول بالعراق ذهبت إلى رسول الله صلى الله عليه وسلم محرشا على فاطمة في الأمر الذي صنعته مستفتيا لرسول الله صلى الله عليه وسلم في الذي ذكرت عنه فأخبرته أني أنكرت ذلك عليها فقالت إن أبي أمرني بهذا فقال صدقت صدقت ماذا قلت حين فرضت الحج قال قلت اللهم إني أهل بما أهل به رسول الله صلى الله عليه وسلم قال فإن معي الهدي فلا تحلل قال فكان جماعة الهدي الذي قدم به علي من اليمن والذي أتى به النبي صلى الله عليه وسلم من المدينة مائة فحل الناس كلهم وقصروا إلا النبي صلى الله عليه وسلم ومن كان معه هدي قال فلما كان يوم التروية ووجهوا إلى منى أهلوا بالحج فركب رسول الله صلى الله عليه وسلم فصلى بمنى الظهر والعصر والمغرب والعشاء والصبح ثم مكث قليلا حتى طلعت الشمس وأمر بقبة له من شعر فضربت بنمرة فسار رسول الله صلى الله عليه وسلم

رعایت اسی سال ہے یا ہمیشہ کے لیے ہے؟ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنی مبارک انگلیاں ایک دوسری میں پیوست کر کے دو مرتبہ فرمایا۔ حج میں عمرہ اس طرح داخل ہو گیا ہے۔ یہ رعایت ہمیشہ کے لیے ہے۔ راوی کا بیان ہے کہ یمن سے حضرت علی آئے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اونٹ لے کر تو انہوں نے حضرت فاطمہ کو پایا کہ احرام کھولا ہوا ہے، رنگین کپڑے پہن رکھے ہیں اور سرمہ لگایا ہوا ہے۔ حضرت علی کو یہ بات اچھی نہ لگی اور فرمایا کہ تمہیں اس بات کا کس نے حکم دیا؟ کہا والد ماجد نے راوی کا بیان ہے کہ عراق میں حضرت علی کہتے کہ فاطمہ نے جو کیا میں اس کی شکایت لے کر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوا تا کہ جو مجھ سے کہا ہے اس کا حکم پوچھوں اور گزارش گزار کیا کہ مجھے یہ بات اچھی نہ لگی تو کہا کہ مجھے والد ماجد نے حکم فرمایا ہے۔ فرمایا ٹھیک کہا، ٹھیک کہا۔ اچھا حج کی نیت کرتے وقت تم نے کیا کہا تھا؟ عرض گزار ہوئے میں نے کہا، اے اللہ! میں اسی چیز کا احرام باندھتا ہوں جس کا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے باندھا ہے فرمایا کہ میرے پاس ہدی ہے لہٰذا تم بھی احرام نہ کھولنا۔ یمن سے حضرت علی کتنے ہی اونٹ لے کر حاضر ہوئے تھے اور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مدینہ منورہ سے لائے تھے تو سارے سو ہو گئے۔ لوگوں نے احرام کھول دیئے اور بال کتروائے سوائے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اور جس کے پاس ہدی تھی۔ آٹھویں ذی الحجہ کو لوگ منیٰ کی طرف متوجہ ہوئے حج کا احرام باندھ کر۔ پس رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سوار ہو گئے اور ظہر، عصر، مغرب، عشاء اور فجر کی نماز منیٰ میں پڑھی۔ تھوڑی دیر میں سورج طلوع ہو گیا تو آپ نے اپنے لیے بالوں والا خیمہ نصب کرنے کا حکم فرمایا۔ وہ نمرہ میں نصب کیا گیا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم چل دیئے اور قریش کا گمان یہی تھا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مزدلفہ میں مشعر الحرام کے پاس ٹھہریں گے جیسا کہ زمانۂ جاہلیت میں قریش کیا کرتے تھے۔ پس رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

www.sirat-e-mustaqeem.com

وَلَا تَشُكُّ قُرَيْشٌ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاقِفٌ عِنْدَ الْمَشْعَرِ الْحَرَامِ بِالْمُزْدَلِفَةِ كَمَا كَانَتْ قُرَيْشٌ تَصْنَعُ فِي الْجَاهِلِيَّةِ فَأَجَازَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّى أَتَى عَرَفَةَ فَوَجَدَ الْقُبَّةَ قَدْ ضُرِبَتْ لَهُ بِنَمِرَةَ فَنَزَلَ بِهَا حَتَّى إِذَا زَاغَتِ الشَّمْسُ أَمَرَ بِالْقَصْوَاءِ فَرُحِلَتْ لَهُ فَرَكِبَ حَتَّى أَتَى بَطْنَ الْوَادِي فَخَطَبَ النَّاسَ فَقَالَ إِنَّ دِمَاءَكُمْ وَأَمْوَالَكُمْ عَلَيْكُمْ حَرَامٌ كَحُرْمَةِ يَوْمِكُمْ هَذَا فِي شَهْرِكُمْ هَذَا فِي بَلَدِكُمْ هَذَا أَلَا إِنَّ كُلَّ شَيْءٍ مِنْ أَمْرِ الْجَاهِلِيَّةِ تَحْتَ قَدَمَيَّ مَوْضُوعٌ وَدِمَاءُ الْجَاهِلِيَّةِ مَوْضُوعَةٌ وَأَوَّلُ دَمٍ أَضَعُهُ دِمَاؤُنَا قَالَ عُثْمَانُ دَمُ ابْنِ رَبِيعَةَ وَقَالَ سُلَيْمَانُ دَمُ رَبِيعَةَ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ كَانَ مُسْتَرْضَعًا فِي بَنِي سَعْدٍ فَقَتَلَتْهُ هُذَيْلٌ وَرِبَا الْجَاهِلِيَّةِ مَوْضُوعٌ وَأَوَّلُ رِبًا أَضَعُ رِبَانَا رِبَا عَبَّاسِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ فَإِنَّهُ مَوْضُوعٌ كُلُّهُ فَاتَّقُوا اللهَ فِي النِّسَاءِ فَإِنَّكُمْ أَخَذْتُمُوهُنَّ بِأَمَانَةِ اللهِ وَاسْتَحْلَلْتُمْ فُرُوجَهُنَّ بِكَلِمَةِ اللهِ وَإِنَّ لَكُمْ عَلَيْهِنَّ أَنْ لَا يُوطِئْنَ فُرُشَكُمْ أَحَدًا تَكْرَهُونَهُ فَإِنْ فَعَلْنَ فَاضْرِبُوهُنَّ ضَرْبًا غَيْرَ مُبَرِّحٍ وَلَهُنَّ عَلَيْكُمْ رِزْقُهُنَّ وَكِسْوَتُهُنَّ بِالْمَعْرُوفِ وَإِنِّي قَدْ تَرَكْتُ فِيكُمْ مَا لَنْ تَضِلُّوا بَعْدَهُ إِنِ اعْتَصَمْتُمْ بِهِ كِتَابَ اللهِ وَأَنْتُمْ مَسْئُولُونَ عَنِّي فَمَا أَنْتُمْ قَائِلُونَ قَالُوا نَشْهَدُ أَنَّكَ قَدْ بَلَّغْتَ وَأَدَّيْتَ وَنَصَحْتَ ثُمَّ قَالَ بِإِصْبَعِهِ السَّبَّابَةِ يَرْفَعُهَا إِلَى السَّمَاءِ وَيَنْكُبُهَا إِلَى النَّاسِ اللَّهُمَّ اشْهَدْ اللَّهُمَّ اشْهَدْ اللَّهُمَّ اشْهَدْ ثُمَّ أَذَّنَ بِلَالٌ ثُمَّ أَقَامَ فَصَلَّى الظُّهْرَ ثُمَّ أَقَامَ فَصَلَّى الْعَصْرَ وَلَمْ يُصَلِّ بَيْنَهُمَا شَيْئًا ثُمَّ رَكِبَ الْقَصْوَاءَ حَتَّى أَتَى الْمَوْقِفَ فَجَعَلَ بَطْنَ نَاقَتِهِ الْقَصْوَاءِ إِلَى الصَّخَرَاتِ وَجَعَلَ حَبْلَ الْمُشَاةِ بَيْنَ

آگے بڑھے یہاں تک کہ عرفات میں جا پہنچے تو آپ نے نمرہ میں اپنا خیمہ نصب پایا لہٰذا اس میں جلوہ افروز ہوئے۔ جب سورج ڈھل گیا تو آپ نے قصواء کا حکم فرمایا تو اس پر پالان کسا گیا اور سوار ہو کر آپ وادی میں تشریف لائے اور لوگوں کو خطبہ دیتے ہوئے فرمایا۔ بیشک تمہارے خون اور تمہارے مال ایک دوسرے پر اسی طرح حرام ہیں جیسے اس دن اس مہینے اور اس شہر کی حرمت ہے۔ خبردار ہو جاؤ کہ جاہلیت کے تمام کام میرے قدموں کے نیچے پامال ہیں اور جاہلیت کے تمام خون معاف ہیں اور سب سے پہلے میں اپنے خون کو معاف کرتا ہوں۔ عثمان کا بیان ہے کہ ابن ربیعہ کا خون۔ سلیمان کا بیان ہے کہ ربیعہ بن حارث بن عبد المطلب کا خون جنہوں نے بنی سعد میں دودھ پیا اور ہذیل کے لوگوں نے جنہیں قتل کر دیا تھا اور جاہلیت کے سود معاف ہیں۔ سب سے پہلے میں عباس بن عبد المطلب کے سود کو معاف کرتا ہوں کیونکہ سب معاف ہیں۔ عورتوں کے بارے میں اللہ سے ڈرنا کیونکہ وہ تمہارے پاس اللہ تعالیٰ کی امانت ہیں اور اللہ کے کلمے سے ان کی شرمگاہیں تمہارے لیے حلال ہوتی ہیں اور تمہارا ان پر حق ہے کہ تمہارے بستر پر کسی کو نہ آنے دیں جسے تم ناپسند کرتے ہو اگر وہ ایسا کریں تو انہیں مارو لیکن ضرب کاری نہ ہو اور ان کا تم پر حق ہے کہ انہیں کھانے پہننے کو دستور کے مطابق دو اور میں تم میں ایسی چیز چھوڑ جاتا ہوں کہ بعد میں گمراہ نہ ہو سکو جبکہ تم نے اللہ کی کتاب کو مضبوطی سے پکڑا۔ تم سے میرے متعلق پوچھا جائے گا۔ بتاؤ تم کیا کہنے والے ہو؟ لوگ عرض گزار ہوئے کہ آپ نے خدا کے حکم پہنچا دیے، حق ادا کر دیا اور مکمل خیرخواہی فرمائی پھر انگشتِ شہادت آسمان کی جانب اٹھا کر لوگوں کی طرف اشارہ کر کے کہا۔ اے اللہ! گواہ رہنا۔ اے اللہ! گواہ رہنا اے اللہ! گواہ رہنا۔ پھر حضرت بلال نے اذان کہی، اقامت کہی اور نماز ظہر پڑھی۔ پھر اقامت کہی اور نماز عصر پڑھی اور ان دونوں کے درمیان اور کوئی نماز نہ پڑھی۔ پھر قصواء پر سوار ہو کر عرفات میں آئے [illegible]

يَدَيْهِ فَاسْتَقْبَلَ الْقِبْلَةَ فَلَمْ يَزَلْ وَاقِفًا حَتّٰى غَرَبَتِ الشَّمْسُ وَذَهَبَتِ الصُّفْرَةُ قَلِيْلًا حِيْنَ غَابَ الْقُرْصُ وَاَرْدَفَ اُسَامَةَ خَلْفَهُ فَدَفَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَدْ شَنَقَ لِلْقَصْوَاءِ الزِّمَامَ حَتّٰى اَنَّ رَاْسَهَا لَيُصِيْبُ مَوْرِكَ رَحْلِهِ وَهُوَ يَقُوْلُ بِيَدِهِ الْيُمْنٰى السَّكِيْنَةَ اَيُّهَا النَّاسُ السَّكِيْنَةَ اَيُّهَا النَّاسُ كُلَّمَا اَتٰى حَبْلًا مِّنَ الْحِبَالِ اَرْخٰى لَهَا قَلِيْلًا حَتّٰى تَصْعَدَ حَتّٰى اَتَى الْمُزْدَلِفَةَ فَجَمَعَ بَيْنَ الْمَغْرِبِ وَالْعِشَاءِ بِاَذَانٍ وَّاحِدٍ وَّاِقَامَتَيْنِ قَالَ عُثْمَانُ وَلَمْ يُسَبِّحْ بَيْنَهُمَا شَيْئًا ثُمَّ اتَّفَقُوْا ثُمَّ اضْطَجَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى طَلَعَ الْفَجْرُ فَصَلَّى الْفَجْرَ حِيْنَ تَبَيَّنَ لَهُ الصُّبْحُ قَالَ سُلَيْمَانُ بِنِدَاءٍ وَّاِقَامَةٍ ثُمَّ اتَّفَقُوْا ثُمَّ رَكِبَ الْقَصْوَاءَ حَتّٰى اَتَى الْمَشْعَرَ الْحَرَامَ فَرَقِيَ عَلَيْهِ قَالَ عُثْمَانُ وَسُلَيْمَانُ فَاسْتَقْبَلَ الْقِبْلَةَ فَحَمِدَ اللّٰهَ وَكَبَّرَهُ زَادَ عُثْمَانُ وَوَحَّدَهُ فَلَمْ يَزَلْ وَاقِفًا حَتّٰى اَسْفَرَ جِدًّا ثُمَّ دَفَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَبْلَ اَنْ تَطْلُعَ الشَّمْسُ وَاَرْدَفَ الْفَضْلَ بْنَ عَبَّاسٍ وَّكَانَ رَجُلًا حَسَنَ الشَّعْرِ اَبْيَضَ وَسِيْمًا فَلَمَّا دَفَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّ الظُّعُنُ يَجْرِيْنَ فَطَفِقَ الْفَضْلُ يَنْظُرُ اِلَيْهِنَّ فَوَضَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدَهُ عَلٰى وَجْهِ الْفَضْلِ وَصَرَفَ الْفَضْلُ وَجْهَهُ اِلَى الشِّقِّ الْاٰخَرِ وَحَوَّلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدَهُ اِلَى الشِّقِّ الْاٰخَرِ وَصَرَفَ الْفَضْلُ وَجْهَهُ اِلَى الشِّقِّ الْاٰخَرِ يَنْظُرُ حَتّٰى اَتٰى مُحَسِّرًا فَحَرَّكَ قَلِيْلًا ثُمَّ سَلَكَ الطَّرِيْقَ الْوُسْطٰى الَّذِيْ يُخْرِجُكَ اِلَى الْجَمْرَةِ الْكُبْرٰى حَتّٰى اَتَى الْجَمْرَةَ الَّتِيْ عِنْدَ الشَّجَرَةِ فَرَمَاهَا بِسَبْعِ حَصَيَاتٍ يُكَبِّرُ مَعَ كُلِّ حَصَاةٍ مِّنْهَا بِمِثْلِ حَصَى الْخَذْفِ فَرَمٰى مِنْ

حبل المشاۃ کو سامنے رکھا اور قبلہ رُو ہو گئے۔ اسی حالت پر رہے کہ سورج غروب ہو گیا اور کچھ زردی جاتی رہی جبکہ قرص غائب ہوا تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اسامہ کو اپنے پیچھے بٹھا لیا اور قصواء کی باگ کھینچے رکھی کہ اس کا سر پالان کے سرے سے لگ جاتا اور آپ دائیں ہاتھ کے اشارے سے فرماتے۔ لوگو! آہستہ چلو، لوگو! آہستہ چلو۔ جب چڑھائی آتی تو باگ کچھ ڈھیلی چھوڑ دیتے۔ آخر کار مزدلفہ پہنچ گئے تو مغرب اور عشاء کی نماز ایک اذان اور دو اقامتوں کے ساتھ جمع فرمائی۔ عثمان کا بیان ہے کہ ان کے درمیان کوئی نماز نہ پڑھی۔ پھر فجر طلوع ہونے تک رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے آرام فرمایا۔ صبح خوب ظاہر ہونے پر نمازِ فجر پڑھی۔ سلیمان نے کہا کہ اذان و اقامت سے۔ پھر قصواء پر سوار ہو کر مشعر الحرام آئے اور اس پر چڑھ گئے۔ عثمان اور سلیمان نے کہا کہ الحمد للہ اور اللہ اکبر قبلہ رو ہو کر کہا۔ عثمان نے یہ بھی کہا کہ توحید بیان کی۔ آپ ٹھہرے رہے کہ خوب اجالا ہو گیا۔ پھر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سورج طلوع ہونے سے پہلے چل پڑے اور حضرت فضل بن عباس کو اپنے پیچھے بٹھا لیا جو حسین بالوں والے، گورے چٹے اور خوبصورت تھے۔ جب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جا رہے تھے تو ہودجوں میں بیٹھی ہوئی عورتیں قریب سے گزریں جنہیں حضرت فضل دیکھنے لگے تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنے دست مبارک کے ساتھ فضل کا منہ دوسری طرف کر دیا۔ حضرت فضل دوسری طرف دیکھتے رہے کہ وادی محسر آ گئی۔ آپ نے تھوڑی سی حرکت دے کر درمیانی راستہ اختیار کر لیا جو جمرۂ کبریٰ پر پہنچاتا ہے آخر کار اس جمرہ کے پاس پہنچے جو شجرہ کے پاس ہے تو اس پر سات کنکریاں ماریں اور ہر کنکری پر تکبیر کہی ہر کنکری خذف ریزے کے برابر تھی اور انہیں وادی کے درمیان سے مارا پھر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نحر کرنے کی جگہ پر لوٹ آئے تو اپنے دست مبارک سے تریسٹھ اونٹ نحر فرمائے

www.sirat-e-mustaqeem.com

بَطْنِ الْوَادِي ثُمَّ انْصَرَفَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى الْمَنْحَرِ فَنَحَرَ بِيَدِهِ ثَلَاثًا وَسِتِّينَ وَأَمَرَ عَلِيًّا فَنَحَرَ مَا غَبَرَ يَقُولُ مَا بَقِيَ وَأَشْرَكَهُ فِي هَدْيِهِ ثُمَّ أَمَرَ مِنْ كُلِّ بَدَنَةٍ بِبَضْعَةٍ فَجُعِلَتْ فِي قِدْرٍ فَطُبِخَتْ فَأَكَلَا مِنْ لَحْمِهَا وَشَرِبَا مِنْ مَرَقِهَا قَالَ سُلَيْمَانُ ثُمَّ رَكِبَ ثُمَّ أَفَاضَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى الْبَيْتِ فَصَلَّى بِمَكَّةَ الظُّهْرَ ثُمَّ أَتَى بَنِي عَبْدِ الْمُطَّلِبِ وَهُمْ يَسْقُونَ عَلَى زَمْزَمَ فَقَالَ انْزِعُوا بَنِي عَبْدِ الْمُطَّلِبِ فَلَوْلَا أَنْ يَغْلِبَكُمُ النَّاسُ عَلَى سِقَايَتِكُمْ لَنَزَعْتُ مَعَكُمْ فَنَاوَلُوهُ دَلْوًا فَشَرِبَ مِنْهُ۔

اور حضرت علی کو حکم فرمایا تو باقی انھوں نے نحر کیے جنھیں آپ نے اپنی ہدی میں شامل فرمایا تھا۔ پھر ہر اونٹ سے گوشت کی بوٹی لے کر ہانڈی میں گوشت پکایا گیا۔ پس دونوں نے گوشت کھایا اور شوربا پیا۔ سلیمان کا بیان ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سوار ہو کر بیت اللہ کی طرف لوٹے اور نماز ظہر مکہ مکرمہ میں پڑھی۔ پھر بنی عبد المطلب کے پاس تشریف لے گئے جو آب زمزم پلاتے تھے۔ آپ نے فرمایا: — اے بنی عبد المطلب! نکالتے رہو۔ اگر تمہارے سقایہ پر لوگوں کے غالب آجانے کا ڈر نہ ہوتا تو میں بھی تمہارے ساتھ پانی نکالتا۔ پس انھوں نے ایک ڈول آپ کے لیے نکالا تو آپ نے اس سے نوش فرمایا۔ ف

ف۔ یہ حدیث جابر بن عبد اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے صحیح مسلم میں بھی مروی ہے، جس میں حجۃ الوداع یعنی نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حج کا سارا حال موجود ہے۔ حج کی معلومات کے بارے میں اس تنہا حدیث کو آدھی کتاب المناسک بھی کہہ سکتے ہیں حجۃ الوداع کے جزوی واقعات حضرت عائشہ، حضرت ابن عباس، حضرت علی، حضرت عبد اللہ بن عمر وغیرہ کتنے ہی صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین سے مروی ہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

۱۴۰۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ نَا سُلَيْمَانُ يَعْنِي ابْنَ بِلَالٍ ح وَحَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ نَا عَبْدُ الْوَهَّابِ الثَّقَفِيُّ الْمَعْنَى وَاحِدٌ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ أَبِيهِ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّى الظُّهْرَ وَالْعَصْرَ بِأَذَانٍ وَاحِدٍ بِعَرَفَةَ وَإِقَامَتَيْنِ وَلَمْ يُسَبِّحْ بَيْنَهُمَا وَصَلَّى الْمَغْرِبَ وَالْعِشَاءَ بِجَمْعٍ بِأَذَانٍ وَاحِدٍ وَإِقَامَتَيْنِ وَلَمْ يُسَبِّحْ بَيْنَهُمَا قَالَ أَبُو دَاوُدَ وَهٰذَا الْحَدِيثُ أَسْنَدَهُ حَاتِمُ بْنُ إِسْمٰعِيلَ فِي الْحَدِيثِ الطَّوِيلِ وَوَافَقَ حَاتِمَ بْنَ إِسْمٰعِيلَ عَلَى إِسْنَادِهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الْجُعْفِيُّ عَنْ جَعْفَرٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَابِرٍ إِلَّا أَنَّهُ قَالَ فَصَلَّى الْمَغْرِبَ وَالْعَتَمَةَ بِأَذَانٍ وَإِقَامَةٍ۔

عبد اللہ بن مسلمہ، سلیمان بن بلال۔ احمد بن حنبل، عبد الوہاب ثقفی، جعفر بن محمد نے اپنے والد ماجد سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے عرفات میں ظہر و عصر کی نماز ایک اذان اور دو اقامتوں سے پڑھی اور ان کے درمیان کوئی اور نماز نہ پڑھی نیز مغرب و عشا کی نماز بھی ایک اذان اور دو اقامتوں کے ساتھ اکٹھی پڑھیں اور ان کے درمیان کوئی اور نماز نہ پڑھی۔ امام ابو داؤد نے فرمایا کہ اس حدیث کو اپنی سند کے ساتھ حاتم بن اسمٰعیل نے طویل حدیث میں بیان کیا ہے اور حاتم بن اسمٰعیل کی موافقت کی سند میں محمد بن علی جعفی، جعفر، محمد باقر نے حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مگر اس نے کہا کہ مغرب اور عشاء کی نماز اذان و اقامت کے ساتھ پڑھی۔ ف

ف۔ مزدلفہ کے اندر جو مغرب اور عشاء کی نماز ملا کر پڑھی جاتی ہے اس کے متعلق اختلاف روایات کے باعث ائمہ میں اختلاف ہے۔ امام شافعی، امام مالک، امام احمد بن حنبل اور امام زفر کا مذہب یہ ہے کہ ایک اذان اور دو اقامتوں کے ساتھ پڑھی جائیں

www.sirat-e-mustaqeem.com

نمازِ مغرب کے لیے اقامت کہی جائے گی اور اسی طرح نمازِ عشاء کے لیے۔ امام اعظم ابو حنیفہ کا مذہب یہ ہے کہ ایک اذان اور ایک ہی اقامت دونوں کے لیے کافی ہے۔ حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی اس روایت میں بھی یہی ارشاد ہے۔ اور صحیح مسلم میں حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے بھی ایسا ہی مروی ہے۔ اس حدیث کی امام ترمذی نے تحسین و تصحیح فرمائی ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

۱۴۱۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ نَا يَحْيَى ابْنُ سَعِيدٍ نَا جَعْفَرٌ نَا أَبِي عَنْ جَابِرٍ قَالَ ثُمَّ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ نَحَرْتُ هٰهُنَا وَمِنًى كُلُّهَا مَنْحَرٌ وَوَقَفَ بِعَرَفَةَ فَقَالَ قَدْ وَقَفْتُ هٰهُنَا وَعَرَفَةُ كُلُّهَا مَوْقِفٌ وَوَقَفَ بِالْمُزْدَلِفَةِ وَقَالَ قَدْ وَقَفْتُ هٰهُنَا وَمُزْدَلِفَةُ كُلُّهَا مَوْقِفٌ۔

امام محمد باقر نے حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا میں نے اس جگہ نحر کیا ہے جبکہ سارا منیٰ ہی نحر کرنے کی جگہ ہے اور میں عرفات میں اس جگہ ٹھہرا ہوں جبکہ سارا عرفات ہی ٹھہرنے کی جگہ ہے اور مزدلفہ میں ٹھہرے تو فرمایا کہ میں یہاں ٹھہرا ہوں جبکہ سارا مزدلفہ ہی ٹھہرنے کی جگہ ہے۔

۱۴۲۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ عَنْ جَعْفَرٍ بِإِسْنَادِهِ زَادَ فَانْحَرُوا فِي رِحَالِكُمْ۔

مسدد، حفص بن غیاث، جعفر اپنی سند سے۔ اس میں یہ بھی ہے۔ اپنی قیام گاہوں پر نحر کرو۔

۱۴۳۔ حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ نَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ الْقَطَّانُ عَنْ جَعْفَرٍ حَدَّثَنِي أَبِي عَنْ جَابِرٍ فَذَكَرَ هٰذَا الْحَدِيثَ وَأَدْرَجَ فِي الْحَدِيثِ عِنْدَ قَوْلِهِ وَاتَّخِذُوا مِنْ مَقَامِ إِبْرَاهِيمَ مُصَلًّى قَالَ فَقَرَأَ فِيهِمَا بِالتَّوْحِيدِ وَقُلْ يَا أَيُّهَا الْكٰفِرُونَ وَقَالَ فِيهِ قَالَ عَلِيٌّ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ بِالْكُوفَةِ قَالَ أَبِي هٰذَا الْحَرْفُ لَمْ يَذْكُرْهُ جَابِرٌ فَذَهَبْتُ مُحَرِّشًا وَذَكَرَ قِصَّةَ فَاطِمَةَ رَضِيَ اللهُ عَنْهَا۔

امام جعفر صادق کے والد ماجد نے حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کرتے ہوئے اس حدیث میں وَاتَّخِذُوا مِنْ مَقَامِ إِبْرَاهِيمَ مُصَلًّى کے بعد کہا کہ ان دونوں میں سورۂ اخلاص اور سورۂ الکافرون پڑھی اور اس میں کہا: حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کوفے میں فرمایا۔ قَالَ أَبِي کا لفظ مجھے حضرت جابر سے یاد نہیں ہے۔ پس میں شکایت کرنے گیا اور حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا واقعہ بیان کیا۔

بَابُ ۳۹ الْوُقُوفِ بِعَرَفَةَ۔

عرفات میں ٹھہرنا

۱۴۴۔ حَدَّثَنَا هَنَّادٌ عَنْ أَبِي مُعَاوِيَةَ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَتْ قُرَيْشٌ وَمَنْ دَانَ دِينَهَا يَقِفُونَ بِالْمُزْدَلِفَةِ وَكَانُوا يُسَمَّوْنَ الْحُمْسَ وَكَانَ سَائِرُ الْعَرَبِ يَقِفُونَ بِعَرَفَةَ قَالَتْ فَلَمَّا جَاءَ الْإِسْلَامُ أَمَرَ اللهُ تَعَالَى نَبِيَّهُ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يَأْتِيَ عَرَفَاتٍ فَيَقِفَ بِهَا ثُمَّ يُفِيضَ مِنْهَا فَذٰلِكَ قَوْلُهُ تَعَالَى ثُمَّ

ہشام بن عروہ نے اپنے والد ماجد سے روایت کی ہے کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا کہ قریش اور جو ان کے دین پر تھے وہ مزدلفہ میں ٹھہرا کرتے اور اسے حمس کہا کرتے تھے اور باقی اہلِ عرب عرفات میں ٹھہرا کرتے جب اسلام آیا تو اللہ تعالیٰ نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو حکم فرمایا کہ عرفات میں آ کر ٹھہرا کریں اور یہاں سے لوٹا کریں جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے۔ پھر واپس لوٹو جہاں سے لوگ لوٹتے ہیں (۲: ۱۹۹)

www.sirat-e-mustaqeem.com

أَفِيضُوا مِنْ حَيْثُ أَفَاضَ النَّاسُ۔

بَابُ الْخُرُوجِ إِلَى مِنًى۔

منیٰ کی طرف جانا

۱۴۲۵۔ حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ نَا الْأَحْوَصُ ابْنُ جَوَّابٍ الضَّبِّيُّ نَا عَمَّارُ بْنُ رُزَيْقٍ عَنْ سُلَيْمَانَ الْأَعْمَشِ عَنِ الْحَكَمِ عَنْ مِقْسَمٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ صَلَّى رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الظُّهْرَ يَوْمَ التَّرْوِيَةِ وَالْفَجْرَ يَوْمَ عَرَفَةَ بِمِنًى۔

زہیر بن حرب، احوص بن جواب ضبی، عمار بن رزیق، سلیمان اعمش، حکم، مقسم، حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ذی الحجہ کی آٹھ تاریخ کو نماز ظہر اور نو تاریخ کو نماز فجر منیٰ میں پڑھی

۱۴۲۶۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ نَا إِسْحٰقُ الْأَزْرَقُ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ رُفَيْعٍ قَالَ سَأَلْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ قُلْتُ أَخْبِرْنِي بِشَيْءٍ عَقَلْتَهُ عَنْ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَيْنَ صَلَّى رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الظُّهْرَ يَوْمَ التَّرْوِيَةِ قَالَ بِمِنًى قُلْتُ وَأَيْنَ صَلَّى الْعَصْرَ يَوْمَ النَّفْرِ قَالَ بِالْأَبْطَحِ ثُمَّ قَالَ افْعَلْ كَمَا يَفْعَلُ أُمَرَاؤُكَ۔

عبدالعزیز بن رفیع کا بیان ہے کہ میں حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خدمت میں پوچھنے کی غرض سے عرض گزار ہوا کہ جو چیز آپ کو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے یاد ہو مجھے بھی بتائیے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے آٹھویں ذی الحجہ کو نماز ظہر کہاں پڑھی تھی؟ فرمایا کہ منیٰ میں۔ میں نے عرض کی کہ یوم النفر کو نماز عصر کہاں پڑھی تھی؟ فرمایا کہ ابطح میں۔ پھر فرمایا کہ اسی طرح کرو جیسے تمہارے حکام کرتے ہیں۔ ف

ف۔ نزول محصب یعنی ابطح میں ٹھہرنا سنت ہے یا نہیں، اس میں آئمہ کرام کے درمیان اختلاف ہے بلکہ یوں کہیے کہ صحابہ کرام کے درمیان اختلاف تھا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وہاں خیف بنی کنانہ میں ٹھہرے جہاں کفار مکہ نے جمع ہو کر بنو ہاشم سے مقاطعہ کی قسمیں کھائی تھیں۔ بعض حضرات نے اس ٹھہرنے کو اتفاقی یا مصلحتاً بتایا اور اکثر نے سنت کہا۔ حق یہی ہے کہ اسے سنت اور اتباع رسول کی خاطر مستحسن سمجھا جائے اور ابطح میں ٹھہرنے کی کوشش کی جائے خواہ تھوڑی دیر ہی ٹھہرنا میسر آئے کہ باعث سعادت ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

www.sirat-e-mustaqeem.com

پارہ — ۱۲

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے

باب ۷۱۔ الْخُرُوجِ إِلَى عَرَفَةَ۔ عرفات کے لیے نکلنا

۱۴۷۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ نَا يَعْقُوبُ نَا أَبِي عَنِ ابْنِ إِسْحٰقَ حَدَّثَنِي نَافِعٌ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ غَدَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ مِنًى حِينَ صَلَّى الصُّبْحَ صَبِيحَةَ يَوْمِ عَرَفَةَ حَتّٰى أَتَى عَرَفَةَ فَنَزَلَ بِنَمِرَةَ وَهِيَ مَنْزِلُ الْإِمَامِ الَّذِي يَنْزِلُ بِهِ بِعَرَفَةَ حَتّٰى إِذَا كَانَ عِنْدَ صَلٰوةِ الظُّهْرِ رَاحَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُهَجِّرًا فَجَمَعَ بَيْنَ الظُّهْرِ وَالْعَصْرِ ثُمَّ خَطَبَ النَّاسَ ثُمَّ رَاحَ فَوَقَفَ عَلَى الْمَوْقِفِ مِنْ عَرَفَةَ۔

نافع سے روایت ہے کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم عرفہ کے روز نماز فجر کے بعد صبح سویرے ہی منیٰ سے روانہ ہو گئے یہاں تک کہ عرفات میں پہنچ گئے تو نمرہ میں اترے اور عرفات کے اندر امام کی منزل یہاں ہوتی ہے یہاں تک کہ نماز ظہر کے نزدیک رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جلدی سے روانہ ہو گئے اور ظہر و عصر کی نمازوں کو جمع فرمایا پھر لوگوں سے خطاب فرمایا پھر روانہ ہوئے اور عرفات میں ٹھہرے۔ ف

ف۔ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے دسویں ذی الحجہ میں عرفات کے اندر بعد نماز عصر جس خطبے کا ذکر فرمایا ہے وہ خطبۂ حج نہیں بلکہ بعض دیگر ضروری اُمور کی خاطر لوگوں سے خطاب فرمایا ہو گا۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

باب ۷۲۔ الرَّوَاحِ إِلَى عَرَفَةَ۔ عرفات کی جانب روانہ ہونا

۱۴۸۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ نَا وَكِيعٌ نَا نَافِعُ بْنُ عُمَرَ عَنْ سَعِيدِ بْنِ حَسَّانَ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ لَمَّا أَنْ قَتَلَ الْحَجَّاجُ ابْنَ الزُّبَيْرِ أَرْسَلَ إِلَى ابْنِ عُمَرَ أَيَّةَ سَاعَةٍ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَرُوحُ فِي هٰذَا الْيَوْمِ قَالَ إِذَا كَانَ ذٰلِكَ رُحْنَا فَلَمَّا أَرَادَ ابْنُ عُمَرَ أَنْ يَرُوحَ قَالَ قَالُوا لَمْ تَزِغِ الشَّمْسُ قَالَ أَزَاغَتْ قَالُوا لَمْ تَزِغْ قَالَ فَلَمَّا قَالُوا قَدْ زَاغَتْ ارْتَحَلَ

سعید بن حسان سے روایت ہے کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا۔ جب حجاج نے حضرت ابن زبیر کو شہید کیا تو حضرت ابن عمر کے لیے پیغام بھیجا کہ آج کے روز رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کب روانہ ہوتے تھے؟ فرمایا کہ جب ہم روانہ ہوں گے۔ جب حضرت ابن عمر نے روانہ ہونے کا ارادہ فرمایا تو لوگوں نے کہا۔ سورج نہیں ڈھلا۔ پھر پوچھا، کیا ڈھل گیا؟ لوگوں نے کہا نہیں ڈھلا۔ جب لوگوں نے کہا کہ ڈھل گیا تو آپ روانہ ہوئے۔

www.sirat-e-mustaqeem.com

بَابُ ۳۴۳ الْخُطْبَةِ بِعَرَفَةَ۔

عرفات میں خطبہ دینا

۱۴۹ ا۔ حَدَّثَنَا هَنَّادٌ عَنِ ابْنِ أَبِي زَائِدَةَ أَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ عَنْ رَجُلٍ مِنْ بَنِي ضَمْرَةَ عَنْ أَبِيهِ أَوْ عَمِّهِ قَالَ رَأَيْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ عَلَى الْمِنْبَرِ بِعَرَفَةَ۔

زید بن اسلم نے بنی ضمرہ کے ایک آدمی سے روایت کی کہ اس کے والد ماجد یا چچا جان نے فرمایا کہ میں نے عرفات میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو (خطبہ دیتے ہوئے) منبر پر دیکھا۔

۱۵۰ ا۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ دَاوُدَ عَنْ سَلَمَةَ بْنِ نُبَيْطٍ عَنْ رَجُلٍ مِنَ الْحَيِّ عَنْ أَبِيهِ نُبَيْطٍ أَنَّهُ رَأَى النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاقِفًا بِعَرَفَةَ عَلَى بَعِيرٍ أَحْمَرَ يَخْطُبُ۔

سلمہ بن نبیط نے قبیلہ حی کے ایک آدمی سے روایت کی ہے کہ ان کے والد ماجد حضرت نبیط رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو عرفات میں اپنے سرخ اونٹ پر کھڑے ہو کر خطبہ دیتے ہوئے دیکھا۔

۱۵۱ ا۔ حَدَّثَنَا هَنَّادُ بْنُ السَّرِيِّ وَعُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ قَالَا نَا وَكِيعٌ عَنْ عَبْدِ الْمَجِيدِ حَدَّثَنِي الْعَدَّاءُ بْنُ خَالِدِ بْنِ هَوْذَةَ قَالَ هَنَّادٌ عَنْ عَبْدِ الْمَجِيدِ أَبِي عَمْرٍو حَدَّثَنِي خَالِدُ بْنُ الْعَدَّاءِ بْنِ هَوْذَةَ قَالَ رَأَيْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْطُبُ النَّاسَ يَوْمَ عَرَفَةَ عَلَى بَعِيرٍ قَائِمٍ فِي الرِّكَابَيْنِ قَالَ أَبُو دَاوُدَ رَوَاهُ ابْنُ الْعَلَاءِ عَنْ وَكِيعٍ كَمَا قَالَ هَنَّادٌ۔

ہناد بن سری اور عثمان بن ابوشیبہ، وکیع، عبدالمجید، عدا بن خالد بن ہوذہ، ہناد، عبدالمجید ابوعمرو، حضرت خالد بن عدا بن ہوذہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو دیکھا کہ عرفہ کے روز اپنے اونٹ پر دونوں رکابوں میں کھڑے ہو کر لوگوں کو خطبہ دے رہے تھے۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ روایت کیا ہے اسے ابن العلاء نے وکیع سے جیسا کہ ہناد نے کہا ہے۔

ف۔ حجۃ الوداع کے موقع پر عرفات میں نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنے اونٹ پر کھڑے ہو کر خطبہ پڑھا جس کا رنگ سرخ تھا اور اسے قصواء کہا جاتا تھا۔ جن روایات میں منبر پر خطبہ پڑھنا آیا ہے۔ منبر سے مراد ان کی اونچی جگہ ہوگی۔ کیونکہ اونٹ پر خطبہ پڑھا گیا تھا۔ اور جس اونچی چیز پر بھی بیٹھ کر یا کھڑے ہو کر خطبہ پڑھا جاتا ہو ممکن ہے اُس دور میں اُسے منبر ہی سے تعبیر کرتے ہوں کیونکہ خطبہ اور منبر کو ایک دوسرے سے جسم اور لباس کی طرح نسبت ہے۔ اگر منبر سے اونٹ مراد نہ لیا جائے تو عرفات میں منبر کہاں سے ثابت کیا جائے گا جب کہ کسی روایت میں منبر ساتھ لانے کا ذکر نہیں ہوا۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

۱۵۲ ا۔ حَدَّثَنَا عَبَّاسُ بْنُ عَبْدِ الْعَظِيمِ نَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ نَا عَبْدُ الْمَجِيدِ أَبُو عَمْرٍو عَنِ الْعَدَّاءِ بْنِ خَالِدٍ بِمَعْنَاهُ۔

عباس بن عبدالعظیم، عثمان بن عمر، عبدالمجید ابوعمرو نے عدا بن خالد سے اسے روایت کیا ہے۔

بَابُ ۳۴۴ مَوْضِعِ الْوُقُوفِ بِعَرَفَةَ۔

عرفات میں ٹھہرنے کی جگہ

۱۵۳ ا۔ حَدَّثَنَا ابْنُ نُفَيْلٍ نَا سُفْيَانُ عَنْ عَمْرٍو يَعْنِي ابْنَ دِينَارٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ عَبْدِ اللَّهِ

یزید بن شیبان کا بیان ہے کہ حضرت ابن مربع انصاری رضی اللہ عنہ ہمارے پاس تشریف لائے اور عرفات میں ہم ایسی

www.sirat-e-mustaqeem.com

ابْنِ صَفْوَانَ عَنْ يَزِيدَ بْنِ شَيْبَانَ قَالَ أَتَانَا ابْنُ مِرْبَعٍ الْأَنْصَارِيُّ وَنَحْنُ بِعَرَفَةَ فِي مَكَانٍ يُبَاعِدُهُ عَمْرٌو عَنِ الْإِمَامِ فَقَالَ إِنِّي رَسُولُ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَيْكُمْ يَقُولُ لَكُمْ قِفُوا عَلَى مَشَاعِرِكُمْ فَإِنَّكُمْ عَلَى إِرْثٍ مِنْ إِرْثِ إِبْرَاهِيمَ.

جگہ پر تھے جو عمرو بن عبد اللہ کے خیال میں امام سے دور تھی انہوں نے فرمایا کہ مجھے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے تمہارے پاس بھیجا ہے کہ اپنے مشاعر کے پاس رہو کیونکہ تم حضرت ابراہیم علیٰ نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام کے وارث ہو۔

بَاب ۶۵ الدَّفْعَةِ مِنْ عَرَفَةَ.

عرفات سے لوٹنا

۱۵۴۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ أَنَا سُفْيَانُ عَنِ الْأَعْمَشِ ح وَحَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ بَيَانٍ نَا عَبِيدَةُ نَا سُلَيْمَانُ الْأَعْمَشُ الْمَعْنَى عَنِ الْحَكَمِ عَنْ مِقْسَمٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ أَفَاضَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ عَرَفَةَ وَعَلَيْهِ السَّكِينَةُ وَرَدِيفُهُ أُسَامَةُ فَقَالَ يَا أَيُّهَا النَّاسُ عَلَيْكُمْ بِالسَّكِينَةِ فَإِنَّ الْبِرَّ لَيْسَ بِإِيجَافِ الْخَيْلِ وَالْإِبِلِ قَالَ فَمَا رَأَيْتُهَا رَافِعَةً يَدَيْهَا عَادِيَةً حَتَّى أَتَى جَمْعًا زَادَ وَهْبٌ ثُمَّ أَرْدَفَ الْفَضْلَ بْنَ عَبَّاسٍ وَقَالَ أَيُّهَا النَّاسُ إِنَّ الْبِرَّ لَيْسَ بِإِيجَافِ الْخَيْلِ وَالْإِبِلِ فَعَلَيْكُمْ بِالسَّكِينَةِ قَالَ فَمَا رَأَيْتُهَا رَافِعَةً يَدَيْهَا حَتَّى أَتَى مِنًى.

محمد بن کثیر، سفیان، اعمش۔ وہب بن بیان، عبیدہ، سلیمان اعمش، حکم، مقسم، حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم عرفات سے لوٹے تو سکون و اطمینان کے ساتھ اور آپ نے حضرت اسامہ کو پیچھے بٹھا رکھا تھا۔ فرمایا لوگو! تمہیں اطمینان سے چلنا چاہیے کیونکہ یہ بھلائی نہیں ہے کہ گھوڑے اور اونٹ کو دوڑایا جائے حضرت ابن عباس نے فرمایا کہ میں نے ہاتھ اٹھا کر سواری کو دوڑاتے ہوئے کوئی نہ دیکھا یہاں تک کہ ہم سب پہنچ گئے وہب نے یہ بھی کہا۔ پھر حضرت فضل بن عباس کو اپنے پیچھے بٹھا لیا اور فرمایا۔ لوگو! یہ بھلائی نہیں ہے کہ گھوڑے اور اونٹ کو دوڑایا جائے تمہیں اطمینان سے چلنا چاہیے۔ پس میں نے کسی کو اپنے ہاتھ اٹھاتے ہوئے نہیں دیکھا یہاں تک کہ منیٰ میں پہنچ گئے۔ ف

ف۔ اس حدیث سے معلوم ہو رہا ہے کہ عرفات سے منیٰ کو جاتے ہوئے آرام و اطمینان کے ساتھ جانا چاہیے۔ تیزی سے دوڑتے ہوئے جانا مناسب نہیں ہے۔ یہ بھی معلوم ہوا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ تعالیٰ عنہما پر بڑا پیار اور خاص نگاہ کرم تھی کہ سواری پر انہیں اپنے پیچھے بٹھا رکھا تھا۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

۱۵۵۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ يُونُسَ نَا زُهَيْرٌ ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ أَنَا سُفْيَانُ وَهَذَا لَفْظُ حَدِيثِ زُهَيْرٍ نَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ عُقْبَةَ أَخْبَرَنِي كُرَيْبٌ أَنَّهُ سَأَلَ أُسَامَةَ بْنَ زَيْدٍ قُلْتُ أَخْبِرْنِي كَيْفَ فَعَلْتُمْ أَوْ صَنَعْتُمْ عَشِيَّةَ رَدِفْتَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ جِئْنَا الشِّعْبَ الَّذِي يُنِيخُ فِيهِ النَّاسُ لِلْمُعَرَّسِ فَأَنَاخَ رَسُولُ

ابراہیم بن عقبہ کو کریب نے بتایا کہ وہ حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی خدمت میں عرض گزار ہوئے کہ آپ حضرات نے اس شام کو کیا کیا جبکہ آپ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پیچھے بیٹھ کر آئے تھے؟ فرمایا کہ ہم اس وادی میں آئے جہاں شب باشی کے لیے لوگ اونٹوں کو بٹھاتے ہیں۔ پس رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اپنے اونٹ سے اترے پھر پیشاب کیا اور پانی بہانے کا ذکر نہیں کیا۔ پھر وضو کے لیے پانی منگوا کر

www.sirat-e-mustaqeem.com

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَاقَتَهُ ثُمَّ بَالَ وَمَا قَالَ أَهْرَاقَ الْمَاءَ ثُمَّ دَعَا بِالْوَضُوْءِ فَتَوَضَّأَ وُضُوْءًا لَيْسَ بِالْبَالِغِ جِدًّا قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ الصَّلٰوةُ قَالَ الصَّلٰوةُ أَمَامَكَ قَالَ فَرَكِبَ حَتّٰى قَدِمْنَا مُزْدَلِفَةَ فَأَقَامَ الْمَغْرِبَ ثُمَّ أَنَاخَ النَّاسُ فِيْ مَنَازِلِهِمْ وَلَمْ يَحِلُّوْا حَتّٰى أَقَامَ الْعِشَاءَ وَصَلّٰى ثُمَّ حَلَّ النَّاسُ زَادَ مُحَمَّدٌ فِيْ حَدِيْثِهِ قَالَ قُلْتُ كَيْفَ فَعَلْتُمْ حِيْنَ أَصْبَحْتُمْ قَالَ رَدِفَهُ الْفَضْلُ وَانْطَلَقْتُ أَنَا فِيْ سُبَّاقِ قُرَيْشٍ عَلٰى رِجْلَيَّ۔

وضو فرمایا جس میں مبالغہ نہ کیا۔ میں عرض گزار ہوا کہ یا رسول اللہ! نماز؟ فرمایا نماز آگے ہوگی۔ پس آپ سوار ہوئے یہاں تک کہ ہم مزدلفہ پہنچ گئے تو نماز مغرب پڑھی۔ پھر لوگوں نے اپنی قیام گاہوں پر اونٹ بٹھا دیئے اور سامان نہیں اتارا تھا کہ عشاء کی اقامت ہوئی اور نماز پڑھی۔ پھر لوگوں نے سامان اتارا۔ محمد بن کثیر نے اپنی حدیث میں یہ بھی کہا۔ میں عرض گزار ہوا کہ صبح کے وقت آپ حضرات نے کیا کیا؟ فرمایا کہ حضرت فضل آپ کے پیچھے بیٹھے اور میں قریشیوں کے ساتھ پیدل چلا۔

١٥٦۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ نَا يَحْيَى ابْنُ آدَمَ نَا سُفْيَانُ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَيَّاشٍ عَنْ زَيْدِ بْنِ عَلِيٍّ عَنْ أَبِيْهِ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِيْ رَافِعٍ عَنْ عَلِيٍّ قَالَ ثُمَّ أَرْدَفَ أُسَامَةَ فَجَعَلَ يُعْنِقُ عَلٰى نَاقَتِهِ وَالنَّاسُ يَضْرِبُوْنَ الْإِبِلَ يَمِيْنًا وَشِمَالًا لَا يَلْتَفِتُ إِلَيْهِمْ وَيَقُوْلُ السَّكِيْنَةَ أَيُّهَا النَّاسُ وَدَفَعَ حِيْنَ غَابَتِ الشَّمْسُ۔

احمد بن حنبل، یحییٰ بن آدم، سفیان، عبد الرحمن بن عیاش، زید بن علی ان کے والد ماجد عبید اللہ بن ابو رافع، حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ پھر آپ نے حضرت اسامہ کو اپنے پیچھے بٹھا لیا اور اونٹ کو درمیانی رفتار سے چلاتے رہے اور لوگ آپ کے دائیں بائیں اپنے اونٹوں کو چلا رہے تھے آپ لوگوں کی طرف دیکھتے اور فرماتے۔ لوگو! اطمینان سے چلو اور آپ آفتاب غروب ہونے کے بعد روانہ ہوئے تھے۔

١٥٧۔ حَدَّثَنَا الْقَعْنَبِيُّ عَنْ مَالِكٍ عَنْ هِشَامِ ابْنِ عُرْوَةَ عَنْ أَبِيْهِ أَنَّهُ قَالَ سُئِلَ أُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ وَأَنَا جَالِسٌ كَيْفَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسِيْرُ فِيْ حَجَّةِ الْوَدَاعِ حِيْنَ دَفَعَ قَالَ كَانَ يَسِيْرُ الْعَنَقَ فَإِذَا وَجَدَ فَجْوَةً نَصَّ قَالَ هِشَامٌ النَّصُّ فَوْقَ الْعَنَقِ۔

ہشام بن عروہ نے اپنے والد ماجد سے روایت کی ہے کہ حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے پوچھا گیا جبکہ میں بیٹھا ہوا تھا کہ حجۃ الوداع میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی رفتار کیا تھی جبکہ آپ روانہ ہوئے؟ فرمایا کہ حضور درمیانی رفتار سے چلے اور جب راستہ صاف مل جاتا تو دوڑاتے۔ ہشام کا بیان ہے کہ نص رفتار عنق سے تیز ہوتی ہے۔ ف

ف۔ آدمی جس طرح حسب معمول چلتا ہے اگر اُس کی نسبت قدرے تیز چلے تو اُسے عربی میں اَلْعَنَقُ یعنی تیز چلنا کہتے ہیں اور اس سے ذرا اور تیز ہو جائے تو اَلنَّصُّ یعنی بالکل ہلکی رفتار سے دوڑنا یا پوئیا چلنا کہتے ہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

١٥٨۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ نَا يَعْقُوْبُ نَا أَبِيْ عَنِ ابْنِ إِسْحٰقَ حَدَّثَنِيْ إِبْرَاهِيْمُ بْنُ عُقْبَةَ عَنْ كُرَيْبٍ عَنْ أُسَامَةَ قَالَ كُنْتُ رِدْفَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمَّا وَقَعَتِ الشَّمْسُ دَفَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔

احمد بن حنبل، یعقوب، ان کے والد ماجد، ابن اسحٰق، ابراہیم بن عقبہ، کریب، حضرت اسامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ میں نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پیچھے بیٹھا ہوا تھا۔ جب سورج غروب ہو گیا تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم روانہ ہوئے تھے۔

www.sirat-e-mustaqeem.com

۱۵۹- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ عَنْ مَالِكٍ عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ عَنْ كُرَيْبٍ مَوْلَى عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ عَنْ أُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ أَنَّهُ سَمِعَهُ يَقُولُ دَفَعَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ عَرَفَةَ حَتَّى إِذَا كَانَ بِالشِّعْبِ نَزَلَ فَبَالَ فَتَوَضَّأَ وَلَمْ يُسْبِغِ الْوُضُوءَ قُلْتُ لَهُ الصَّلَاةُ فَقَالَ الصَّلَاةُ أَمَامَكَ فَرَكِبَ فَلَمَّا جَاءَ الْمُزْدَلِفَةَ نَزَلَ فَتَوَضَّأَ فَأَسْبَغَ الْوُضُوءَ ثُمَّ أُقِيمَتِ الصَّلَاةُ فَصَلَّى الْمَغْرِبَ ثُمَّ أَنَاخَ كُلُّ إِنْسَانٍ بَعِيرَهُ فِي مَنْزِلِهِ ثُمَّ أُقِيمَتِ الْعِشَاءُ فَصَلَّاهَا وَلَمْ يُصَلِّ بَيْنَهُمَا شَيْئًا۔

کریب مولیٰ عبداللہ بن عباس نے حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ تعالیٰ عنہما کو فرماتے ہوئے سنا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم عرفات سے روانہ ہوئے۔ جب وادی میں پہنچے تو اتر پڑے، پیشاب کیا اور وضو فرمایا لیکن پوری طرح وضو نہ فرمایا۔ میں نے نماز کے لیے گزارش کی تو فرمایا۔ نماز آگے پڑھیں گے۔ پس سوار ہو گئے اور جب مزدلفہ پہنچے تو اتر گئے اور پوری طرح وضو فرمایا پھر نماز کی اقامت ہوئی تو نماز مغرب پڑھائی پھر ہر ایک نے اپنے اونٹ کو اپنی قیام گاہ پر بٹھا دیا پھر عشاء کی اقامت کہی گئی اور نماز عشاء پڑھائی گئی۔ ان دونوں کے درمیان آپ نے کوئی نماز نہ پڑھی۔

باب ۲۶ الصَّلَاةِ بِجَمْعٍ۔

مزدلفہ کی نماز

۱۶۰- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ عَنْ مَالِكٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّى الْمَغْرِبَ وَالْعِشَاءَ بِالْمُزْدَلِفَةِ جَمِيعًا۔

سالم بن عبداللہ نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ مزدلفہ میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مغرب اور عشاء کی نماز ملا کر پڑھی۔

۱۶۱- حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ نَا حَمَّادُ بْنُ خَالِدٍ عَنِ ابْنِ أَبِي ذِئْبٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ بِإِسْنَادِهِ وَمَعْنَاهُ قَالَ بِإِقَامَةٍ إِقَامَةٍ جَمَعَ بَيْنَهُمَا قَالَ أَحْمَدُ قَالَ وَكِيعٌ صَلَّى كُلَّ صَلَاةٍ بِإِقَامَةٍ۔

ابن ابی ذئب نے اسے زہری سے اپنی اسناد کے ساتھ روایت کرتے ہوئے کہا کہ ایک ہی اقامت کے ساتھ دونوں نمازوں کو پڑھا۔ امام احمد نے وکیع کا قول بیان فرمایا کہ ہر نماز علیحدہ اقامت کے ساتھ پڑھی۔ ف

ف۔ مزدلفہ میں مغرب اور عشاء کی نماز ملا کر پڑھی جاتی ہیں۔ دونوں نمازوں کے لیے الگ الگ تکبیر یعنی اقامت کہی جاتے یا دونوں نمازوں کے لیے ایک ہی اقامت کافی ہے۔ اختلافِ روایات کے باعث اس مسئلے میں آئمہ کا اختلاف ہے۔ امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کا مذہب یہ ہے کہ دونوں نمازوں کے لیے ایک ہی اقامت کافی ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

۱۶۲- حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ نَا شَبَابَةُ ح وَحَدَّثَنَا مَخْلَدُ بْنُ خَالِدٍ الْمَعْنَى نَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ عَنِ ابْنِ أَبِي ذِئْبٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ بِإِسْنَادِ ابْنِ حَنْبَلٍ عَنْ حَمَّادٍ وَمَعْنَاهُ قَالَ بِإِقَامَةٍ وَاحِدَةٍ لِكُلِّ صَلَاةٍ وَلَمْ يُنَادِ فِي الْأُولَى وَلَمْ يُسَبِّحْ عَلَى إِثْرِ وَاحِدَةٍ مِنْهُمَا قَالَ مَخْلَدٌ لَمْ يُنَادِ فِي وَاحِدَةٍ مِنْهُمَا۔

عثمان بن ابو شیبہ، شبابہ۔ مخلد بن خالد، عثمان بن عمر ابن ابی ذئب نے زہری سے اپنی اسناد کے ساتھ اور احمد بن حنبل نے حماد سے معناً اسے روایت کرتے ہوئے کہا کہ ہر نماز کے لیے اقامت کہی اور پہلی نماز کے لیے اذان نہ کہی اور دونوں میں سے کسی کے بعد نوافل نہ پڑھے۔ مخلد نے کہا کہ دونوں میں سے کسی نماز کے لیے اذان نہ کہی۔

۱۶۳- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ أَنَا سُفْيَانُ

عبداللہ بن مالک کا بیان ہے کہ میں نے حضرت ابن عمر

www.sirat-e-mustaqeem.com

عَنْ اَبِیْ اِسْحٰقَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ صَلَّيْتُ مَعَ ابْنِ عُمَرَ الْمَغْرِبَ ثَلٰثًا وَالْعِشَاءَ رَكْعَتَيْنِ فَقَالَ لَهٗ مَالِكُ بْنُ الْحَارِثِ مَا هٰذِهِ الصَّلٰوةُ قَالَ صَلَّيْتُهُمَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ هٰذَا الْمَكَانِ بِاِقَامَةٍ وَّاحِدَةٍ۔

رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے ساتھ مغرب کی تین رکعتیں اور عشاء کی دو رکعتیں پڑھیں۔ مالک بن حارث نے ان سے کہا یہ کیسی نماز ہے فرمایا کہ میں نے ان دونوں نمازوں کو اسی جگہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ ایک ہی اقامت سے پڑھا ہے۔ ف

ف۔ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے مزدلفہ میں مغرب اور عشاء کی نمازیں ایک ہی اقامت کے ساتھ پڑھیں اور اپنا مشاہدہ بتایا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہاں ایسا کرتے ہی دیکھا تھا۔ اُن کے اس عمل اور مشاہدہ سے امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے مذہب کی تائید ہو رہی ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

۱۶۴۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ الْاَنْبَارِيُّ نَا اِسْحٰقُ يَعْنِيْ بْنَ يُوْسُفَ عَنْ شَرِيْكٍ عَنْ اَبِيْ اِسْحٰقَ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ وَعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَالِكٍ قَالَا صَلَّيْنَا مَعَ ابْنِ عُمَرَ بِالْمُزْدَلِفَةِ الْمَغْرِبَ وَالْعِشَاءَ بِاِقَامَةٍ وَّاحِدَةٍ فَذَكَرَ مَعْنَى ابْنِ كَثِيْرٍ۔

محمد بن سلیمان انباری، اسحٰق بن یوسف، شریک، ابو اسحٰق، سعید بن جبیر اور عبداللہ بن مالک کا بیان ہے کہ ہم نے مزدلفہ میں حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے ساتھ مغرب اور عشاء کی نماز ایک ہی اقامت سے پڑھی۔ باقی حدیث ابن کثیر کی طرح معناً بیان کی۔

۱۶۵۔ حَدَّثَنَا ابْنُ الْعَلَاءِ نَا اَبُوْ اُسَامَةَ عَنْ اِسْمٰعِيْلَ عَنْ اَبِيْ اِسْحٰقَ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ قَالَ اَفَضْنَا مَعَ ابْنِ عُمَرَ فَلَمَّا بَلَغْنَا جَمْعًا صَلّٰى بِنَا الْمَغْرِبَ وَالْعِشَاءَ بِاِقَامَةٍ وَّاحِدَةٍ ثَلٰثًا وَّاثْنَتَيْنِ فَلَمَّا انْصَرَفَ قَالَ لَنَا ابْنُ عُمَرَ هٰكَذَا صَلّٰى بِنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ هٰذَا الْمَكَانِ۔

سعید بن جبیر کا بیان ہے کہ ہم حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے ساتھ (عرفات سے) لوٹے۔ جب ہم (مزدلفہ میں) سارے پہنچ گئے تو ہمیں ایک ہی اقامت مغرب اور عشاء کی نماز پڑھائی، تین اور دو رکعتیں۔ جب فارغ ہوئے تو حضرت ابن عمر نے ہم سے فرمایا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اسی جگہ ہمیں اسی طرح نماز پڑھائی تھی۔

۱۶۶۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا يَحْيٰى عَنْ شُعْبَةَ حَدَّثَنِيْ سَلَمَةُ بْنُ كُهَيْلٍ قَالَ رَاَيْتُ سَعِيْدَ بْنَ جُبَيْرٍ اَقَامَ بِجَمْعٍ فَصَلَّى الْمَغْرِبَ ثَلٰثًا ثُمَّ صَلَّى الْعِشَاءَ رَكْعَتَيْنِ ثُمَّ قَالَ شَهِدْتُ ابْنَ عُمَرَ صَنَعَ فِيْ هٰذَا الْمَكَانِ مِثْلَ هٰذَا وَقَالَ شَهِدْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَنَعَ مِثْلَ هٰذَا فِيْ هٰذَا الْمَكَانِ۔

سعید بن جبیر نے مزدلفہ میں اقامت کہی اور مغرب کی تین رکعتیں پڑھائیں۔ پھر نماز عشاء کی دو رکعتیں پڑھائیں، پھر نماز عشاء کی دو رکعتیں پڑھائیں۔ پھر فرمایا۔ میں گواہی دیتا ہوں کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے اس جگہ ایسا ہی کیا تھا اور وہ فرماتے تھے کہ میں گواہی دیتا ہوں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس جگہ اسی طرح کیا تھا۔ ف

ف۔ اس باب کی حدیث ۱۶۱ تا ۱۶۷ سے واضح ہو رہا ہے کہ مغرب اور عشاء کی نمازوں کو جب مزدلفہ میں جمع کر کے پڑھا جائے تو دونوں کے لیے ایک ہی اقامت کافی ہے اور یہی مذہب ہے امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کا جب کہ دوسرے ائمہ نے بعض دیگر روایات کی بنا پر دونوں کے لیے الگ الگ اقامت [illegible]

www.sirat-e-mustaqeem.com

سے یہ بھی معلوم ہو رہا ہے کہ دونوں نمازوں کے لیے ایک ہی اذان کہی جائے گی۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

۱۶۷۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا أَبُو الْأَحْوَصِ نَا أَشْعَثُ بْنُ سُلَيْمٍ عَنْ أَبِيهِ قَالَ أَقْبَلْتُ مَعَ ابْنِ عُمَرَ مِنْ عَرَفَاتٍ إِلَى الْمُزْدَلِفَةِ فَلَمْ يَكُنْ يَفْتُرُ مِنَ التَّكْبِيرِ وَالتَّهْلِيلِ حَتَّى أَتَيْنَا الْمُزْدَلِفَةَ فَأَذَّنَ وَأَقَامَ وَأَمَرَ إِنْسَانًا فَأَذَّنَ وَأَقَامَ فَصَلَّى بِنَا الْمَغْرِبَ ثَلَاثَ رَكَعَاتٍ ثُمَّ الْتَفَتَ إِلَيْنَا فَقَالَ الصَّلَاةُ فَصَلَّى بِنَا الْعِشَاءَ رَكْعَتَيْنِ ثُمَّ دَعَا بِعَشَائِهِ قَالَ أَخْبَرَنِي عِلَاجُ بْنُ عَمْرٍو بِمِثْلِ حَدِيثِ أَبِي عَنِ ابْنِ عُمَرَ فَقِيلَ لِابْنِ عُمَرَ فِي ذَلِكَ فَقَالَ صَلَّيْتُ مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَكَذَا۔

اشعث بن سلیم کے والد ماجد نے فرمایا کہ میں حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے ساتھ عرفات سے مزدلفہ کے لیے روانہ ہوا۔ وہ تکبیر و تہلیل کا کہنا موقوف نہ کرتے یہاں تک کہ ہم مزدلفہ پہنچ گئے۔ پس اذان و اقامت ہوئی یا کسی کو اذان و اقامت کا حکم فرمایا تو ہمیں نمازِ مغرب کی تین رکعتیں پڑھائیں۔ پھر ہماری جانب متوجہ ہو کر نماز پڑھنے کے لیے فرمایا۔ پس ہمیں عشاء کی دو رکعتیں پڑھائیں۔ پھر رات کا کھانا منگوایا۔ اشعث نے علاج ابن عمر سے اپنے والد ماجد کی طرح روایت کرتے ہوئے کہا: حضرت ابن عمر سے اس کے متعلق عرض کی گئی تو فرمایا میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ اسی طرح نماز پڑھی ہے۔

۱۶۸۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ أَنَّ عَبْدَ الْوَاحِدِ بْنَ زِيَادٍ وَأَبَا عَوَانَةَ وَأَبَا مُعَاوِيَةَ حَدَّثُوهُمْ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ عُمَارَةَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ يَزِيدَ عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ قَالَ مَا رَأَيْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّى صَلَاةً إِلَّا لِوَقْتِهَا إِلَّا بِجَمْعٍ فَإِنَّهُ جَمَعَ بَيْنَ الْمَغْرِبِ وَالْعِشَاءِ بِجَمْعٍ وَصَلَّى صَلَاةَ الصُّبْحِ مِنَ الْغَدِ قَبْلَ وَقْتِهَا۔

عبد الرحمٰن بن یزید سے روایت ہے کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو نہیں دیکھا کہ کوئی نماز وقت پر نہ پڑھی ہو سوائے مزدلفہ کے کیونکہ مزدلفہ میں مغرب اور عشاء کی نمازوں کو جمع فرمایا اور اگلے روز نمازِ فجر جس وقت پڑھتے تھے اس سے پہلے پڑھائی۔ ف

ف۔ نمازِ فجر کے ادا کرنے میں جلدی کی جائے یا دیر یعنی اندھیرے میں ہی پڑھ لی جائے یا اُجالا ہونے پر۔ اس مسئلے میں ائمہ مجتہدین کے درمیان اختلاف ہے۔ امام مالک، امام شافعی اور امام احمد حنبل بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ کا مذہب یہ ہے کہ جلدی کی جائے یعنی اندھیرے میں پڑھ لی جائے جب کہ ان حضرات کے برعکس امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کا مذہب یہ ہے کہ نمازِ فجر اُجالے میں پڑھی جائے۔ فریقین کی تائید میں احادیث صحیحہ موجود ہیں۔ لیکن بوجوہ ترجیح امام ابو حنیفہ ہی کے مذہب کو ہے۔ اُجالے میں نمازِ فجر پڑھنے کی دو صورتیں ممکن ہیں۔ ایک یہ کہ اُجالا ہونے پر نماز ادا کی جائے اور دوسری یہ کہ نماز تو اندھیرے میں شروع کر دی جائے اور قرأت اتنی پڑھی جائے کہ خوب اُجالا ہونے پر نماز تمام ہو۔ زیرِ بحث حدیث سے یہ بھی امام ابو حنیفہ کے مذہب کی تائید ہو رہی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مزدلفہ میں نمازِ فجر معمول سے پہلے اندھیرے میں پڑھی۔ معلوم ہوا کہ اُجالے میں نمازِ فجر ادا کرنا نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا معمول تھا۔ چنانچہ ترمذی، ابو داؤد، نسائی، دارمی، ابن حبان اور طبرانی نے حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی روایت پیش کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اسفروا بالفجر فانہ اعظم للاجر یعنی صبح کو خوب روشن کرو کہ اس میں ثواب زیادہ ہے۔ امام ترمذی فرماتے ہیں کہ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ طبرانی کے لفظ یہ ہیں: فکلما اسفرتم بالفجر فانہ اعظم للاجر۔ اور ابن حبان کے یہ الفاظ ہیں: کلما اصبحتم بالصبح فانہ اعظم لاجورکم۔ ان تمام الفاظ کا حاصل یہ ہے کہ جس

www.sirat-e-mustaqeem.com

قدرا سفار یعنی اُجالے میں مبالغہ کرو گے اتنا ہی زیادہ ثواب پاؤ گے۔ اس مسئلے میں ائمہ کرام کا اختلاف جواز و عدم جواز کا نہیں بلکہ اختلاف صرف ثواب کی کمی بیشی کا ہے۔ نماز خواہ اندھیرے میں پڑھی جائے یا اُجالے میں دونوں صورتوں میں ادا ہو جائے گی لیکن ایسی ایک بھی روایت نہیں دیکھی گئی کہ نمازِ فجر اندھیرے میں پڑھو گے تو ثواب زیادہ ملے گا۔ جبکہ اُجالے میں نمازِ فجر ادا کرنے پر زیادہ ثواب ملنے کی روایات موجود ہیں۔ جن کے باعث بلاشبہ ترجیح امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے مذہب کو حاصل ہوتی اور موجودہ زمانے کی حالت کو دیکھا جائے تو عمل اسی پر زیادہ مناسب ہے تاکہ زیادہ سے زیادہ افراد نماز میں شامل ہو سکیں۔ اگر تغلیس یعنی اندھیرے میں نمازِ فجر ادا کی جائے گی تو کتنے ہی نمازی با جماعت نماز سے محروم رہ جائیں گے۔ ھذا ما عندی والعلم عند اللہ واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب۔

۱۶۹۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ نَا يَحْيَى ابْنُ آدَمَ نَا سُفْيَانُ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَيَّاشٍ عَنْ زَيْدِ بْنِ عَلِيٍّ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عُبَيْدِ اللهِ بْنِ أَبِي رَافِعٍ عَنْ عَلِيٍّ قَالَ فَلَمَّا أَصْبَحَ يَعْنِي النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَوَقَفَ عَلَى قُزَحَ فَقَالَ هٰذَا قُزَحُ وَهُوَ الْمَوْقِفُ وَجَمْعٌ كُلُّهَا مَوْقِفٌ وَنَحَرْتُ هٰهُنَا وَمِنًى كُلُّهَا مَنْحَرٌ فَانْحَرُوا فِي رِحَالِكُمْ۔

عیاش بن زید بن علی کے والد ماجد نے عبید اللہ بن ابو رافع سے روایت کی ہے کہ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ جب (مزدلفہ میں) صبح ہو گئی تو نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جبل قزح پر ٹھہرے اور فرمایا۔ یہ قزح ہے۔ یہ ٹھہرنے اور سب کے وقوف کرنے کی جگہ ہے۔ میں اسی جگہ نحر کروں گا اور سارا منیٰ ہی نحر کرنے کی جگہ ہے لہٰذا اپنی اپنی قیام گاہوں میں نحر کر لو۔

۱۷۰۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَابِرٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ وَقَفْتُ هٰهُنَا بِعَرَفَةَ وَعَرَفَةُ كُلُّهَا مَوْقِفٌ وَوَقَفْتُ هٰهُنَا بِجَمْعٍ وَجَمْعٌ كُلُّهَا مَوْقِفٌ وَنَحَرْتُ هٰهُنَا وَمِنًى كُلُّهَا مَنْحَرٌ فَانْحَرُوا فِي رِحَالِكُمْ۔

جعفر بن محمد کے والد ماجد نے حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ میں نے عرفات میں یہاں وقوف کیا اور سارا عرفات ہی ٹھہرنے کی جگہ ہے میں نے مزدلفہ میں یہاں وقوف کیا اور سارا ہی مزدلفہ وقوف کی جگہ ہے میں نے نحر اس جگہ کیا اور سارا منیٰ ہی نحر کرنے کی جگہ ہے لہٰذا تم اپنی قیام گاہوں پہ نحر کر لو۔

۱۷۱۔ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ نَا أَبُو أُسَامَةَ ابْنُ زَيْدٍ عَنْ عَطَاءٍ قَالَ حَدَّثَنِي جَابِرُ بْنُ عَبْدِ اللهِ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ كُلُّ عَرَفَةَ مَوْقِفٌ وَكُلُّ مِنًى مَنْحَرٌ وَكُلُّ الْمُزْدَلِفَةِ مَوْقِفٌ وَكُلُّ فِجَاجِ مَكَّةَ طَرِيقٌ وَمَنْحَرٌ۔

عطاء نے حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا سارا عرفات ٹھہرنے کی جگہ ہے اور پورا منیٰ نحر کرنے کی جگہ ہے اور تمام مزدلفہ وقوف کرنے کی جگہ ہے اور مکہ مکرمہ کے تمام راستے چلنے اور نحر کرنے کی جگہیں ہیں۔

۱۷۲۔ حَدَّثَنَا ابْنُ كَثِيرٍ أَنَا سُفْيَانُ عَنْ أَبِي إِسْحٰقَ عَنْ عَمْرِو بْنِ مَيْمُونٍ قَالَ قَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ كَانَ أَهْلُ الْجَاهِلِيَّةِ لَا يُفِيضُونَ حَتّٰى يَرَوُا الشَّمْسَ عَلَى ثَبِيرٍ فَخَالَفَهُمُ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ

عمرو بن میمون سے روایت ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ جاہلیت والے اس وقت نہ لوٹتے جب تک ثبیر پہاڑ پر سورج کو طلوع ہوتا ہوا نہ دیکھ لیتے پس نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان کی مخالفت کی کہ آپ سورج طلوع

www.sirat-e-mustaqeem.com

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَفَعَ قَبْلَ طُلُوعِ الشَّمْسِ۔

ہونے سے پہلے لوٹ آتے۔

بَابُ التَّعْجِيلِ مِنْ جَمْعٍ۔

مزدلفہ سے جلد لوٹنا

۱۷۳۔ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ نَا سُفْيَانُ اَخْبَرَنِي عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ اَبِي يَزِيْدَ اَنَّهٗ سَمِعَ ابْنَ عَبَّاسٍ يَقُوْلُ اَنَا مِمَّنْ قَدَّمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْلَةَ الْمُزْدَلِفَةِ فِي ضَعَفَةِ اَهْلِهٖ۔

عبید اللہ بن ابو یزید نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما کو فرماتے ہوئے سنا کہ میں ان لوگوں میں تھا جن کو اپنے گھر والوں میں سے ضعیف شمار کر کے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مزدلفہ سے پہلے روانہ کر دیا تھا۔

۱۷۴۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيْرٍ اَنَا سُفْيٰنُ نَا سَلَمَةُ بْنُ كُهَيْلٍ عَنِ الْحَسَنِ الْعُرَنِيِّ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَدَّمَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْلَةَ الْمُزْدَلِفَةِ اُغَيْلِمَةَ بَنِي عَبْدِ الْمُطَّلِبِ عَلٰى حُمُرَاتٍ فَجَعَلَ يَلْطَحُ اَفْخَاذَنَا وَيَقُوْلُ اُبَيْنِيَّ لَا تَرْمُوا الْجَمْرَةَ حَتّٰى تَطْلُعَ الشَّمْسُ قَالَ اَبُوْدَاؤدَ اللَّطْحُ الضَّرْبُ اللَّيِّنُ۔

حسن العرنی سے روایت ہے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا۔ مزدلفہ کی رات رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بنی عبد المطلب کے لڑکوں کو گدھوں پر سوار کر کے پہلے روانہ فرما دیا تھا۔ آپ ہماری رانوں پر تھپکتے اور فرماتے بیٹو! جمرہ پر کنکریاں نہ مارنا یہاں تک کہ سورج طلوع ہو جائے امام ابوداؤد نے فرمایا کہ ہلکی ضرب کو لطح کہتے ہیں۔ ف

ف۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے عورتوں اور بچوں کو مزدلفہ کی رات میں جمرہ کی جانب پہلے ہی روانہ فرما دیا تھا تاکہ دوسرے حضرات کے پہنچنے سے پہلے وہ بآسانی جمرہ پر کنکریاں مار کر فارغ ہو جائیں۔ اور آپ نے انہیں ہدایت فرما دی تھی کہ آفتاب طلوع ہونے سے پہلے کنکریاں نہ مارنا۔ امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کا مذہب بھی اسی روایت کے مطابق ہے کہ سورج طلوع ہونے کے بعد کنکریاں ماری جائیں جب کہ امام شافعی اور امام احمد بن حنبل کے نزدیک نصف رات گزر جانے کے بعد کنکریاں مارنے کا وقت شروع ہو جاتا ہے۔ ان بزرگوں کا عمل دوسری روایات پر ہے۔

۱۷۵۔ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ ابْنُ اَبِي شَيْبَةَ نَا الْوَلِيْدُ بْنُ عُقْبَةَ نَا حَمْزَةُ الزَّيَّاتُ عَنْ حَبِيْبِ ابْنِ اَبِي ثَابِتٍ عَنْ عَطَاءٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُقَدِّمُ ضُعَفَاءَ اَهْلِهٖ بِغَلَسٍ وَيَاْمُرُهُمْ يَعْنِي لَا يَرْمُوْنَ الْجَمْرَةَ حَتّٰى تَطْلُعَ الشَّمْسُ۔

حبیب بن ابو ثابت نے عطاء سے روایت کی ہے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اپنے گھر والوں میں سے کمزوروں کو اندھیرے میں ہی پہلے روانہ فرما دیتے اور انہیں حکم دیتے کہ سورج طلوع ہونے تک جمرہ پر کنکریاں نہ مارنا۔

۱۷۶۔ حَدَّثَنَا هَارُوْنُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ نَا ابْنُ اَبِي فُدَيْكٍ عَنِ الضَّحَّاكِ يَعْنِي ابْنَ عُثْمَانَ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا اَنَّهَا قَالَتْ اَرْسَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِاُمِّ سَلَمَةَ لَيْلَةَ النَّحْرِ فَرَمَتِ الْجَمْرَةَ قَبْلَ

ہشام بن عروہ نے اپنے والد ماجد سے روایت کی ہے کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا:۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے دسویں ذی الحجہ کی رات میں حضرت ام سلمہ کو روانہ فرما دیا تو انہوں نے فجر سے پہلے جمرہ پر کنکریاں مار لیں اور جا کر طواف افاضہ کر لیا۔ یہ ایسا دن تھا کہ

الْفَجْرِ ثُمَّ مَضَتْ فَأَفَاضَتْ وَكَانَ ذٰلِكَ الْيَوْمُ الْيَوْمَ الَّذِي يَكُونُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَعْنِي عِنْدَهَا۔

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی باری ان کے پاس رہنے کی تھی۔

۱۷۷۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خَلَّادٍ الْبَاهِلِيُّ نَا يَحْيٰى عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ أَخْبَرَنِي عَطَاءٌ أَخْبَرَنِي مُخْبِرٌ عَنْ أَسْمَاءَ أَنَّهَا رَمَتِ الْجَمْرَةَ قُلْتُ إِنَّا رَمَيْنَا الْجَمْرَةَ بِلَيْلٍ قَالَتْ إِنَّا كُنَّا نَصْنَعُ هٰذَا عَلٰى عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔

عطاء کو ایک خبر دینے والے نے بتایا کہ حضرت اسماء رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے جمرہ پر کنکریاں مار کر فرمایا کہ ہم رات میں جمرہ پر کنکریاں مار لیتے ہیں اور ہم رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے مبارک عہد میں ایسا ہی کیا کرتے تھے۔ ف

ف۔ مذکورہ بالا دونوں روایتیں امام شافعی اور امام احمد بن حنبل کے مذہب کی تائید کرتی ہیں کہ نصف شب کے بعد کنکریاں مارنے کا وقت شروع ہو جاتا ہے۔ امام ابوحنیفہ کا مذہب دوسری روایات پر ہے جن سے ثابت ہوتا ہے کہ کنکریاں سورج طلوع ہونے کے بعد ماری جائیں۔ جیسا کہ اسی باب کی حدیث ۱۷۴، ۱۷۵ سے واضح ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

۱۷۸۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ أَنَا سُفْيَانُ حَدَّثَنِي أَبُو الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ قَالَ أَفَاضَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَلَيْهِ السَّكِينَةُ وَأَمَرَهُمْ أَنْ يَرْمُوا بِمِثْلِ حَصَى الْخَذْفِ فَأَوْضَعَ فِي وَادِي مُحَسِّرٍ۔

ابوالزبیر سے روایت ہے کہ حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اطمینان کے ساتھ (مزدلفہ سے) واپس لوٹے اور دانوں جیسی کنکریاں مارنے کا حکم فرمایا اور وادی محسر میں اپنی سواری کو تیز کر دیا۔

بَابُ ۴۷ يَوْمِ الْحَجِّ الْأَكْبَرِ۔

حج اکبر کا دن

۱۷۹۔ حَدَّثَنَا مُؤَمَّلُ بْنُ الْفَضْلِ نَا الْوَلِيدُ نَا هِشَامٌ يَعْنِي ابْنَ الْغَازِ نَا نَافِعٌ عَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَفَ يَوْمَ النَّحْرِ بَيْنَ الْجَمَرَاتِ فِي الْحَجَّةِ الَّتِي حَجَّ فَقَالَ أَيُّ يَوْمٍ هٰذَا قَالُوا يَوْمُ النَّحْرِ قَالَ هٰذَا يَوْمُ الْحَجِّ الْأَكْبَرِ۔

نافع نے حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم دسویں ذی الحجہ کو جمروں کے درمیان کھڑے ہوئے اس حج میں جو آپ نے کیا تھا اور فرمایا کہ یہ کونسا دن ہے؟ لوگوں نے کہا یوم النحر ہے فرمایا یہ حج اکبر کا دن ہے۔

۱۸۰۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيٰى بْنِ فَارِسٍ أَنَّ الْحَكَمَ بْنَ نَافِعٍ حَدَّثَهُمْ أَنَا شُعَيْبٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ حَدَّثَنِي حُمَيْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ قَالَ بَعَثَنِي أَبُو بَكْرٍ فِيمَنْ يُؤَذِّنُ يَوْمَ النَّحْرِ بِمِنًى أَنْ لَا يَحُجَّ بَعْدَ الْعَامِ مُشْرِكٌ وَلَا يَطُوفَ بِالْبَيْتِ عُرْيَانٌ وَيَوْمُ الْحَجِّ الْأَكْبَرِ

زہری نے حمید بن عبد الرحمٰن سے روایت کی ہے کہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ حضرت ابوبکر نے مجھے دسویں ذی الحجہ کو منیٰ میں یہ اعلان کرنے کے لیے بھیجا کہ اس سال کے بعد کوئی مشرک حج نہ کرے اور ننگا ہو کر بیت اللہ کا طواف نہ کرے اور حج اکبر کا دن دسویں ذی الحجہ ہے اور حج ہی حج اکبر

www.sirat-e-mustaqeem.com

يَوْمُ النَّحْرِ وَالْحَجُّ الْأَكْبَرُ الْحَجُّ۔

بَابُ ۴۹ الْأَشْهُرِ الْحُرُمِ۔

حرمت والے مہینے

۱۸۱۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا إِسْمٰعِيلُ نَا أَيُّوبُ عَنْ مُحَمَّدٍ عَنِ ابْنِ أَبِي بَكْرَةَ عَنْ أَبِي بَكْرَةَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَطَبَ فِي حَجَّتِهٖ فَقَالَ إِنَّ الزَّمَانَ قَدِ اسْتَدَارَ كَهَيْئَتِهٖ يَوْمَ خَلَقَ اللّٰهُ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضَ السَّنَةُ اثْنَا عَشَرَ شَهْرًا مِنْهَا أَرْبَعَةٌ حُرُمٌ ثَلٰثٌ مُتَوَالِيَاتٌ ذُو الْقَعْدَةِ وَذُو الْحِجَّةِ وَالْمُحَرَّمُ وَرَجَبُ مُضَرَ الَّذِي بَيْنَ جُمَادَى وَشَعْبَانَ۔

ابن ابی بکرہ نے حضرت ابی بکرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنے حج میں خطبہ دیتے ہوئے فرمایا۔ زمانہ گردش کر کے اسی ہیئت پر آگیا ہے جس پر اس روز تھا جبکہ اللہ تعالیٰ نے آسمانوں اور زمین کو پیدا فرمایا کیونکہ سال بارہ مہینوں کا ہے جن میں سے چار حرمت والے ہیں، ذی قعدہ، ذی الحجہ اور محرم تین تو متواتر ہیں اور چوتھا مضر کا رجب ہے جو جمادی الاخری اور شعبان کے درمیان میں ہے۔ ف

ف۔ حرمت والے مہینے چار ہیں۔ تین ان میں سے متواتر ہیں یعنی ذی قعدہ، ذی الحجہ اور محرم۔ چوتھا مہینہ رجب ہے جو جمادی الاخریٰ اور شعبان کے درمیان ہے۔ یعنی اسلامی و قمری سال کا آٹھواں مہینہ۔ قبیلہ مضر والے رجب کی بہت تعظیم کیا کرتے تھے اس لیے اہل عرب اُسے مضر کی جانب منسوب کر دیا کرتے تھے کہ "مضر کا رجب" نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بھی تفہیم کی خاطر اسی انداز پر گفتگو فرمائی۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

۱۸۲۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ فَيَّاضٍ نَا عَبْدُ الْوَهَّابِ نَا أَيُّوبُ السَّخْتِيَانِيُّ عَنْ مُحَمَّدِ ابْنِ سِيرِينَ عَنِ ابْنِ أَبِي بَكْرَةَ عَنْ أَبِي بَكْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَعْنَاهُ قَالَ أَبُو دَاوُدَ وَسَمَّاهُ ابْنُ عَوْنٍ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ أَبِي بَكْرَةَ فِي هٰذَا الْحَدِيثِ۔

ابن ابی بکرہ نے حضرت ابی بکرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے اسے مرفوعاً اور معناً روایت کیا۔ امام ابو داؤد نے فرمایا کہ اس حدیث میں ابن عون نے ابن ابی بکرہ کا نام عبد الرحمٰن بن ابی بکرہ بتایا ہے۔

بَابُ ۵۰ مَنْ لَمْ يُدْرِكْ عَرَفَةَ۔

جس نے وقوف عرفات نہ پایا

۱۸۳۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ أَنَا سُفْيَانُ حَدَّثَنِي بُكَيْرُ بْنُ عَطَاءٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ يَعْمَرَ الدِّيلِيِّ قَالَ أَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ بِعَرَفَةَ فَجَاءَ نَاسٌ أَوْ نَفَرٌ مِنْ أَهْلِ نَجْدٍ فَأَمَرُوا رَجُلًا فَنَادٰى رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَيْفَ الْحَجُّ فَأَمَرَ رَجُلًا فَنَادَى الْحَجُّ الْحَجُّ يَوْمُ عَرَفَةَ مَنْ جَاءَ قَبْلَ صَلٰوةِ الصُّبْحِ مِنْ لَيْلَةِ جَمْعٍ فَتَمَّ حَجُّهُ أَيَّامُ مِنًى ثَلٰثَةٌ فَمَنْ تَعَجَّلَ

حضرت عبد الرحمٰن بن یعمر دیلی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ میں نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا جبکہ آپ عرفات میں تھے تو نجد والوں میں سے چند لوگ حاضر بارگاہ ہوئے۔ انہوں نے ایک آدمی کو حکم کیا تو وہ چلایا، یا رسول اللہ! حج کس طرح ہے؟ آپ نے حکم فرمایا تو ایک آدمی نے عرفہ کے روز الحج الحج کی آواز دی۔ جو دسویں ذی الحجہ کو نماز فجر سے پہلے آگیا رات میں تو اس کا حج پورا ہو گیا۔ منیٰ میں رہنے کے تین دن ہیں۔ اگر کوئی دو روز ہی ٹھہرے تو اس پر کوئی گناہ نہیں اور جو اس

فِي يَوْمَيْنِ فَلَا إِثْمَ عَلَيْهِ وَمَنْ تَأَخَّرَ فَلَا إِثْمَ عَلَيْهِ
قَالَ ثُمَّ أَرْدَفَ رَجُلًا خَلْفَهُ فَجَعَلَ يُنَادِي بِذَلِكَ
قَالَ أَبُو دَاوُدَ وَكَذَلِكَ رَوَاهُ مِهْرَانُ عَنْ سُفْيَانَ
قَالَ الْحَجُّ الْحَجُّ مَرَّتَيْنِ وَرَوَاهُ يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ
الْقَطَّانُ عَنْ سُفْيَانَ قَالَ الْحَجُّ مَرَّةً۔

۱۸۴۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا يَحْيَى عَنْ إِسْمٰعِيلَ
نَا عَامِرٌ أَخْبَرَنِي عُرْوَةُ بْنُ مُضَرِّسٍ الطَّائِيُّ قَالَ
أَتَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْمَوْقِفِ
يَعْنِي بِجَمْعٍ قُلْتُ جِئْتُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ مِنْ جَبَلَيْ
طَيٍّ أَكْلَلْتُ مَطِيَّتِي وَأَتْعَبْتُ نَفْسِي وَاللّٰهِ مَا
تَرَكْتُ مِنْ جَبَلٍ إِلَّا وَقَفْتُ عَلَيْهِ فَهَلْ لِي مِنْ حَجٍّ
فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ أَدْرَكَ
مَعَنَا هٰذِهِ الصَّلٰوةَ وَأَتَى عَرَفَاتٍ قَبْلَ ذٰلِكَ لَيْلًا
أَوْ نَهَارًا فَقَدْ تَمَّ حَجُّهُ وَقَضَى تَفَثَهُ۔

بَابُ النُّزُولِ بِمِنًى۔

۱۸۵۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ
أَنَا مَعْمَرٌ عَنْ حُمَيْدٍ الْأَعْرَجِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ
التَّيْمِيِّ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ مُعَاذٍ عَنْ رَجُلٍ
مِنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ
خَطَبَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ النَّاسَ بِمِنًى
وَنَزَّلَهُمْ مَنَازِلَهُمْ فَقَالَ لِيَنْزِلِ الْمُهَاجِرُونَ
هٰهُنَا وَأَشَارَ إِلَى مَيْمَنَةِ الْقِبْلَةِ وَالْأَنْصَارُ هٰهُنَا
وَأَشَارَ إِلَى مَيْسَرَةِ الْقِبْلَةِ ثُمَّ لِيَنْزِلِ النَّاسُ
حَوْلَهُمْ۔

بَابُ أَيِّ يَوْمٍ يُخْطَبُ بِمِنًى۔

۱۸۶۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ نَا ابْنُ الْمُبَارَكِ
عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ أَبِي نَجِيحٍ عَنْ أَبِيهِ
عَنْ رَجُلَيْنِ مِنْ بَنِي بَكْرٍ قَالَا رَأَيْنَا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى
اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْطُبُ بَيْنَ أَوْسَطِ أَيَّامِ التَّشْرِيقِ

پر گناہ ہے جو زیادہ ٹھہرے۔ پھر آپ نے سواری پر ایک آدمی
کو پیچھے بٹھا لیا اور وہ اسی بات کی منادی کرتا رہا۔ امام ابوداؤد
نے فرمایا کہ اسی طرح اسے روایت کیا ہے مہران نے سفیان سے
دو مرتبہ الحج الحج اور روایت کیا اسے یحیٰی بن سعید قطان نے
سفیان سے اور ایک مرتبہ الحج کہا ہے۔

حضرت عروہ بن مضرس طائی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا
کہ میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوا جبکہ
آپ مزدلفہ میں تھے۔ میں عرض گزار ہوا۔ یا رسول اللہ! میں طے
کی پہاڑیوں سے آپ کی خدمت میں حاضر ہوا ہوں۔ میں نے اپنی
سواری کو نیم جان کر لیا۔ میں خود نڈھال ہو گیا ہوں کیونکہ خدا کی
قسم میں نے کسی پہاڑی کو نہیں چھوڑا مگر اس پر وقوف کیا ہے
کیا مجھے حج کا ثواب مل جائے گا؟ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ
وسلم نے فرمایا۔ جس نے ہمارے ساتھ اس نماز کو پایا اور عرفات
میں حاضر ہوا اس سے پہلے رات یا دن میں تو اس کا حج پورا ہو گیا اور

منیٰ میں اُترنا

محمد بن ابراہیم تیمی نے عبد الرحمٰن بن معاذ سے روایت کی
ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ایک صحابی نے فرمایا۔
نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے منیٰ میں خطبہ دیا اور لوگوں کو
ان کی قیام گاہوں پر اتارتے ہوئے فرمایا۔ مہاجرین یہاں اتریں
اور قبلے کے دائیں جانب اشارہ فرمایا۔ انصار یہاں اتریں اور قبلے کی
بائیں طرف اشارہ فرمایا اور دوسرے لوگ ان مہاجرین و انصار
کے ارد گرد اتر جائیں۔

منیٰ میں کس روز خطبہ دیا جائے

نافع نے ابن ابی نجیح سے روایت کی ہے کہ بنی بکر کے دو
حضرات نے فرمایا کہ ہم نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو
ایام تشریق کے وسط میں خطبہ دیتے ہوئے دیکھا اور ہم آپ کی
سواری کے نزدیک تھے اور وہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

وَنَحْنُ عِنْدَ رَاحِلَتِهِ وَهِيَ خُطْبَةُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الَّتِي خَطَبَ بِمِنًى۔

کا وہی خطبہ تھا جو آپ نے منیٰ میں دیا تھا۔

١٨٧۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا أَبُو عَاصِمٍ نَا رَبِيعَةُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ حُصَيْنٍ حَدَّثَتْنِي جَدَّتِي سَرَّاءُ بِنْتُ نَبْهَانَ وَكَانَتْ رَبَّةَ بَيْتٍ فِي الْجَاهِلِيَّةِ قَالَتْ خَطَبَنَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ الرُّؤُسِ فَقَالَ أَيُّ يَوْمٍ هٰذَا قُلْنَا اَللّٰهُ وَرَسُولُهُ أَعْلَمُ قَالَ أَلَيْسَ أَوْسَطَ أَيَّامِ التَّشْرِيقِ قَالَ أَبُو دَاوُدَ وَكَذٰلِكَ قَالَ عَمُّ أَبِي حُرَّةَ الرَّقَاشِيِّ أَنَّهُ خَطَبَ أَوْسَطَ أَيَّامِ التَّشْرِيقِ۔

ربیعہ بن عبدالرحمٰن بن حصین کا بیان ہے کہ میری دادی جان حضرت سراء بنت نبہان رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا جو دورِ جاہلیت میں بت خانے والی تھیں کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے قربانی کے دوسرے روز ہمیں خطبہ دیتے ہوئے فرمایا یہ کونسا دن ہے؟ ہم عرض گزار ہوئے کہ اللہ اور اس کا رسول ہی بہتر جانتے ہیں۔ فرمایا کیا یہ ایام تشریق کا درمیانی دن نہیں ہے۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ ابو حرہ رقاشی کے چچا جان نے اسی طرح کہا ہے کہ ایام تشریق کے وسط میں خطبہ دیا۔

بَابُ ٥٣ مَنْ قَالَ خَطَبَ يَوْمَ النَّحْرِ۔

جس نے کہا کہ خطبہ یوم النحر کو دے

١٨٨۔ حَدَّثَنَا هٰرُونُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ نَا هِشَامُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ نَا عِكْرِمَةُ حَدَّثَنِي الْهِرْمَاسُ بْنُ زِيَادٍ الْبَاهِلِيُّ قَالَ رَأَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْطُبُ النَّاسَ عَلَى نَاقَتِهِ الْعَضْبَاءِ يَوْمَ النَّحْرِ بِمِنًى۔

عکرمہ سے روایت ہے کہ حضرت ہرماس بن زیاد باہلی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ میں نے یوم النحر کو منیٰ میں دیکھا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اپنی اونٹنی عضباء پر لوگوں کو خطبہ دے رہے تھے۔ ف

ف۔ دسویں ذی الحجہ کو نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے جو منیٰ میں خطبہ دیا اس وقت آپ عضباء نامی اپنی اونٹنی پر سوار تھے بعض روایتوں میں آیا ہے کہ قصواء نامی اونٹنی پر سوار تھے۔ حضرت رافع بن عمرو مزنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی روایت میں ہے کہ آپ اپنے صہباء نامی خچر پر سوار تھے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

١٨٩۔ حَدَّثَنَا مُؤَمَّلٌ يَعْنِي ابْنَ الْفَضْلِ الْحَرَّانِيَّ نَا الْوَلِيدُ نَا ابْنُ جَابِرٍ نَا سُلَيْمُ بْنُ عَامِرٍ الْكَلَاعِيُّ سَمِعْتُ أَبَا أُمَامَةَ يَقُولُ سَمِعْتُ خُطْبَةَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِنًى يَوْمَ النَّحْرِ۔

سلیم بن عامر کلاعی نے حضرت ابو امامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا کہ میں نے منیٰ میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا خطبہ سنا عید الاضحیٰ کے روز۔

بَابُ ٥٤ أَيَّ وَقْتٍ يَخْطُبُ يَوْمَ النَّحْرِ۔

یوم النحر کو کس وقت خطبہ پڑھے

١٩٠۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ عَبْدِ الرَّحِيمِ الدِّمَشْقِيُّ نَا مَرْوَانُ عَنْ هِلَالِ بْنِ عَامِرٍ الْمُزَنِيِّ حَدَّثَنِي رَافِعُ بْنُ عَمْرٍو الْمُزَنِيُّ قَالَ رَأَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْطُبُ النَّاسَ بِمِنًى

ہلال بن عامر مزنی سے روایت ہے کہ حضرت رافع بن عمرو مزنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو منیٰ میں خطبہ دیتے ہوئے دیکھا جبکہ آفتاب بلند ہو گیا تھا۔ آپ اپنے خچر شہباء پر سوار تھے۔ حضرت علی

www.sirat-e-mustaqeem.com

حِيْنَ ارْتَفَعَ الضُّحٰى عَلٰى بَغْلَةٍ شَهْبَآءَ وَعَلِيٌّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يُعَبِّرُ عَنْهُ وَالنَّاسُ بَيْنَ قَاعِدٍ وَّقَائِمٍ۔

رضی اللہ تعالیٰ عنہ لوگوں کو آپ کے ارشادات سمجھا رہے تھے اور کچھ لوگ کھڑے اور کچھ بیٹھے ہوئے تھے۔

بَابُ ۵۵ مَا يَذْكُرُ الْإِمَامُ فِيْ خُطْبَتِهٖ بِمِنًى۔

منیٰ کے خطبے میں امام کیا بیان کرے

۱۹۱ - حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا عَبْدُ الْوَارِثِ عَنْ حُمَيْدٍ الْأَعْرَجِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِبْرَاهِيْمَ التَّيْمِيِّ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ مُعَاذٍ التَّيْمِيِّ قَالَ خَطَبَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنَحْنُ بِمِنًى فَفُتِحَتْ أَسْمَاعُنَا حَتّٰى كُنَّا نَسْمَعُ مَا يَقُوْلُ وَنَحْنُ فِيْ مَنَازِلِنَا فَطَفِقَ يُعَلِّمُهُمْ مَنَاسِكَهُمْ حَتّٰى بَلَغَ الْجِمَارَ فَوَضَعَ إِصْبَعَيْهِ السَّبَّابَتَيْنِ فِيْ أُذُنَيْهِ ثُمَّ قَالَ بِحَصَى الْخَذْفِ ثُمَّ أَمَرَ الْمُهَاجِرِيْنَ فَنَزَلُوْا فِيْ مُقَدَّمِ الْمَسْجِدِ وَأَمَرَ الْأَنْصَارَ فَنَزَلُوْا مِنْ وَّرَآءِ الْمَسْجِدِ ثُمَّ نَزَلَ النَّاسُ بَعْدَ ذٰلِكَ۔

محمد بن ابراہیم تیمی سے روایت ہے کہ حضرت عبدالرحمٰن بن معاذ تیمی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ہمیں خطبہ دیا اور ہم منیٰ میں تھے۔ ہم ہمہ تن گوش ہو گئے یہاں تک کہ ہم نے سن لیا جو آپ نے فرمایا اور ہم اپنی قیام گاہوں میں تھے۔ آپ نے لوگوں کو مناسک حج بتائے یہاں تک کہ کنکریاں مارنے تک پہنچے تو اپنی شہادت کی دونوں انگلیوں کو کانوں میں ڈال لیا۔ پھر فرمایا کہ دانے کے برابر کنکریاں پھر مہاجرین کو حکم فرمایا تو وہ مسجد کے سامنے ٹھہرے اور انصار کو حکم فرمایا تو وہ مسجد کے پیچھے اُترے۔ پھر دوسرے لوگ اس کے بعد اترے۔

بَابُ ۵۶ يَبِيْتُ بِمَكَّةَ لَيَالِيَ مِنًى۔

منیٰ کی راتوں میں مکہ مکرمہ کے اندر رات گزارنا

۱۹۲ - حَدَّثَنَا أَبُوْ يَحْيٰى مُحَمَّدُ بْنُ خَلَّادٍ الْبَاهِلِيُّ نَا يَحْيٰى عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ حَدَّثَنِيْ حَرِيْزٌ أَوْ أَبُوْ حَرِيْزٍ الشَّكُّ مِنْ يَحْيٰى أَنَّهُ سَمِعَ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ فَرُّوْخٍ يَسْأَلُ ابْنَ عُمَرَ قَالَ إِنَّا نَتَبَايَعُ بِأَمْوَالِ النَّاسِ فَيَأْتِيْ أَحَدُنَا مَكَّةَ فَيَبِيْتُ عَلَى الْمَالِ فَقَالَ أَمَّا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَبَاتَ بِمِنًى وَظَلَّ۔

یحییٰ کو شک ہے کہ حریز یا ابوحریز نے عبدالرحمٰن بن فروخ سے روایت کی کہ انہوں نے سوال کرتے ہوئے حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے کہا کہ ہم لوگوں کا مال بیچتے ہیں ہم میں سے کوئی اگر مال کے پاس مکہ مکرمہ میں رات گزارے تو؟ فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تو رات اور دن منیٰ میں گزارا کرتے تھے۔

---

۱۹۳ - حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِيْ شَيْبَةَ نَا ابْنُ نُمَيْرٍ وَأَبُوْ أُسَامَةَ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ اسْتَأْذَنَ الْعَبَّاسُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يَّبِيْتَ بِمَكَّةَ لَيَالِيَ مِنًى مِنْ أَجْلِ سِقَايَتِهٖ فَأَذِنَ لَهٗ۔

نافع سے روایت ہے کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا۔ حضرت عباس نے پانی پلانے کے باعث منیٰ کی راتیں مکہ مکرمہ میں گزارنے کی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے اجازت طلب کی تو آپ نے انہیں اجازت مرحمت فرما دی۔

بَابُ ۵۷ الصَّلٰوةِ بِمِنًى۔

منیٰ کی نماز

www.sirat-e-mustaqeem.com

۱۹۴۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ اَنَّ اَبَا مُعَاوِيَةَ وَ حَفْصَ بْنَ غِيَاثٍ حَدَّثَاهُمْ وَحَدِيثُ اَبِي مُعَاوِيَةَ اَتَمُّ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اِبْرَاهِيمَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ ابْنِ يَزِيدَ قَالَ صَلّٰى عُثْمَانُ بِمِنًى اَرْبَعًا فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ صَلَّيْتُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَكْعَتَيْنِ وَمَعَ اَبِي بَكْرٍ رَكْعَتَيْنِ وَمَعَ عُمَرَ رَكْعَتَيْنِ زَادَ عَنْ حَفْصٍ وَمَعَ عُثْمَانَ صَدْرًا مِنْ اِمَارَتِهِ ثُمَّ اَتَمَّهَا زَادَ مِنْ هٰهُنَا عَنْ اَبِي مُعَاوِيَةَ ثُمَّ تَفَرَّقَتْ بِكُمُ الطُّرُقُ فَلَوَدِدْتُ اَنَّ لِي مِنْ اَرْبَعِ رَكَعَاتٍ رَكْعَتَيْنِ مُتَقَبَّلَتَيْنِ قَالَ الْاَعْمَشُ فَحَدَّثَنِي مُعَاوِيَةُ بْنُ قُرَّةَ عَنْ اَشْيَاخِهِ اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ صَلّٰى اَرْبَعًا قَالَ فَقِيلَ لَهُ عِبْتَ عَلٰى عُثْمَانَ ثُمَّ صَلَّيْتَ اَرْبَعًا قَالَ الْخِلَافُ شَرٌّ۔

ابراہیم سے روایت ہے کہ عبد الرحمٰن بن یزید نے فرمایا حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے منیٰ میں چار رکعتیں پڑھیں تو حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کہا۔ میں نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ دو۲ رکعتیں پڑھیں حضرت ابوبکر کے ساتھ دو۲ رکعتیں اور حضرت عمر کے ساتھ دو۲ رکعتیں حفص سے یہ بھی مروی ہے کہ حضرت عثمان کے ساتھ بھی ان کے ابتدائی دور میں۔ پھر وہ پوری پڑھنے لگے۔ ابو معاویہ سے یہ بھی مروی ہے کہ پھر آپ کی رائے مختلف ہو گئیں حالانکہ میں دو۲ مقبول رکعتوں کو چار رکعتوں سے بہتر سمجھتا ہوں۔ اعمش کا بیان ہے کہ معاویہ بن قرہ نے اپنے بعض شیوخ سے روایت کی ہے کہ حضرت عبد اللہ بن مسعود نے چار رکعتیں پڑھیں تو ان سے عرض کی گئی۔ آپ نے تو حضرت عثمان پر اعتراض کیا تھا پھر خود چار رکعتیں پڑھنے لگے؟ فرمایا کہ اختلاف بُرا ہے۔

۱۹۵۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ اَنَا ابْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ مَعْمَرٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ اَنَّ عُثْمَانَ اِنَّمَا صَلّٰى بِمِنًى اَرْبَعًا لِاَنَّهُ اَجْمَعَ عَلَى الْاِقَامَةِ بَعْدَ الْحَجِّ۔

معمر نے زہری سے روایت کی ہے کہ حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے منیٰ میں چار رکعتیں پڑھیں کیونکہ انہوں نے حج کے بعد اقامت کی نیت کر لی تھی۔

۱۹۶۔ حَدَّثَنَا هَنَّادُ بْنُ السَّرِيِّ عَنْ اَبِي الْاَحْوَصِ عَنِ الْمُغِيرَةِ عَنْ اِبْرَاهِيمَ قَالَ اِنَّ عُثْمَانَ صَلّٰى اَرْبَعًا لِاَنَّهُ اتَّخَذَهَا وَطَنًا۔

مغیرہ سے روایت ہے کہ ابراہیم نے فرمایا حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے چار رکعتیں پڑھیں کیونکہ منیٰ کو وطن بنا لیا تھا۔

۱۹۷۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ اَنَا ابْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ يُونُسَ عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ لَمَّا اتَّخَذَ عُثْمَانُ الْاَمْوَالَ بِالطَّائِفِ وَاَرَادَ اَنْ يُقِيمَ بِهَا صَلّٰى اَرْبَعًا قَالَ ثُمَّ اَخَذَ بِهِ الْاَئِمَّةُ بَعْدَهُ۔

یونس نے زہری سے روایت کی ہے کہ جب حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے طائف میں زمین خرید لی اور وہاں رہنے کا ارادہ فرما لیا تو چار رکعتیں پڑھیں اس کے بعد آئمہ نے یہی طریقہ اختیار کر لیا۔

۱۹۸۔ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ اِسْمٰعِيلَ نَا حَمَّادٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ اَنَّ عُثْمَانَ بْنَ عَفَّانَ اَتَمَّ الصَّلٰوةَ بِمِنًى مِنْ اَجْلِ الْاَعْرَابِ لِاَنَّهُمْ كَثُرُوا عَامَئِذٍ فَصَلّٰى بِالنَّاسِ اَرْبَعًا لِيُعَلِّمَهُمْ اَنَّ الصَّلٰوةَ اَرْبَعٌ۔

زہری سے روایت ہے کہ حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بدوؤں کے باعث منیٰ میں پوری نماز پڑھی کیونکہ وہ کثرت سے آئے تھے تاکہ انہیں معلوم ہو جائے کہ نماز کی در حقیقت چار ہی رکعتیں پڑھیں۔

بَابُ الْقَصْرِ لِاَهْلِ مَكَّةَ۔

مکہ معظمہ والوں کا قصر پڑھنا

www.sirat-e-mustaqeem.com

۱۹۹- حَدَّثَنَا النُّفَيْلِيُّ نَا زُهَيْرٌ نَا أَبُو إِسْحٰقَ حَدَّثَنِي حَارِثَةُ بْنُ وَهْبٍ الْخُزَاعِيُّ وَكَانَتْ أُمُّهُ تَحْتَ عُمَرَ فَوَلَدَتْ عُبَيْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ قَالَ صَلَّيْتُ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِنًى وَالنَّاسُ أَكْثَرُ مَا كَانُوا فَصَلَّى بِنَا رَكْعَتَيْنِ فِي حَجَّةِ الْوَدَاعِ۔

حضرت حارثہ بن وہب خزاعی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا جن کی والدۂ ماجدہ حضرت عمرؓ کے نکاح میں تھیں اور ان سے حضرت عبید اللہ بن عمر پیدا ہوئے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ منیٰ میں نماز پڑھی اور لوگ کثرت سے آئے تھے تو آپ نے حجۃ الوداع میں ہمیں دو رکعتیں پڑھائیں۔

باب ۵۹ فِي رَمْيِ الْجِمَارِ

رمی جمار کا بیان

۲۰۰- حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مَهْدِيٍّ حَدَّثَنِي عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي زِيَادٍ نَا سُلَيْمَانُ بْنُ عَمْرِو بْنِ الْأَحْوَصِ عَنْ أُمِّهِ قَالَتْ رَأَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَرْمِي الْجَمْرَةَ مِنْ بَطْنِ الْوَادِي فَهُوَ رَاكِبٌ يُكَبِّرُ مَعَ كُلِّ حَصَاةٍ وَرَجُلٌ مِنْ خَلْفِهِ يَسْتُرُهُ فَسَأَلْتُ عَنِ الرَّجُلِ فَقَالُوا الْفَضْلُ بْنُ الْعَبَّاسِ وَازْدَحَمَ النَّاسُ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا أَيُّهَا النَّاسُ لَا يَقْتُلْ بَعْضُكُمْ بَعْضًا وَإِذَا رَمَيْتُمُ الْجَمْرَةَ فَارْمُوا بِمِثْلِ حَصَى الْخَذْفِ۔

سلیمان بن عمرو بن احوص کی والدۂ ماجدہ نے فرمایا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو دیکھا کہ بطن وادی سے جمرہ پر کنکریاں مار رہے تھے اور آپ سوار تھے۔ ہر کنکری کے ساتھ تکبیر کہتے اور ایک آدمی نے پیچھے کھڑے ہو کر آپ پر سایہ کیا ہوا تھا۔ اس کے متعلق پوچھا گیا تو لوگوں نے بتایا کہ یہ حضرت فضل بن عباس ہیں۔ لوگوں کی بھیڑ لگی ہوئی تھی تو نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ لوگو! ایک دوسرے کو قتل نہ کر دینا اور جب تم جمرہ پر کنکریاں مارو تو دانوں جیسی کنکریاں ہوں۔

۲۰۱- حَدَّثَنَا أَبُو ثَوْرٍ إِبْرَاهِيمُ بْنُ خَالِدٍ وَوَهْبُ بْنُ بَيَانٍ قَالَا نَا عَبِيدَةُ عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي زِيَادٍ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْأَحْوَصِ عَنْ أُمِّهِ قَالَتْ رَأَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِنْدَ جَمْرَةِ الْعَقَبَةِ رَاكِبًا وَرَأَيْتُ بَيْنَ أَصَابِعِهِ حَجَرًا فَرَمَى وَرَمَى النَّاسُ۔

یزید بن ابو زیاد نے سلیمان بن عمرو بن احوص سے روایت کی ہے کہ ان کی والدۂ ماجدہ نے فرمایا۔ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو جمرۂ عقبہ کے پاس سوار دیکھا اور میں نے آپ کی انگلیوں میں کنکریاں دیکھیں جو آپ نے پھینکیں تو لوگوں نے بھی پھینکیں۔

۲۰۲- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ نَا ابْنُ إِدْرِيسَ نَا يَزِيدُ بْنُ أَبِي زِيَادٍ بِإِسْنَادِهِ فِي هٰذَا الْحَدِيثِ زَادَ وَلَمْ يَقُمْ عِنْدَهَا۔

یزید بن ابو زیاد نے اس حدیث کو اپنی اسناد کے ساتھ روایت کرتے ہوئے یہ بھی کہا کہ اس کے پاس کھڑا نہ ہو۔

۲۰۳- حَدَّثَنَا الْقَعْنَبِيُّ نَا عَبْدُ اللّٰهِ يَعْنِي ابْنَ عُمَرَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّهُ كَانَ يَأْتِي الْجِمَارَ فِي الْأَيَّامِ الثَّلَاثَةِ بَعْدَ يَوْمِ النَّحْرِ مَاشِيًا ذَاهِبًا

نافع سے روایت ہے کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما یوم النحر کے بعد کنکریاں مارنے تین دنوں کے اندر آیا کرتے وہ پیدل آتے اور پیدل ہی جاتے تھے اور بتاتے کہ نبی کریم صلی اللہ

www.sirat-e-mustaqeem.com

وَذَا جِحَادٍ يُخْبِرُ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَفْعَلُ ذٰلِكَ۔

تعالیٰ علیہ وسلم ایسا ہی کیا کرتے تھے۔

۲۰۴۔ حَدَّثَنَا ابْنُ حَنْبَلٍ نَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ أَخْبَرَنِي أَبُو الزُّبَيْرِ سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللهِ يَقُولُ رَأَيْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَرْمِي عَلَى رَاحِلَتِهِ يَوْمَ النَّحْرِ ضُحًى فَأَمَّا بَعْدَ ذٰلِكَ فَبَعْدَ زَوَالِ الشَّمْسِ۔

ابو الزبیر نے حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما کو فرماتے ہوئے سنا کہ میں نے یوم النحر کو چاشت کے وقت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو اپنے اونٹ پر سوار ہو کر کنکریاں مارتے دیکھا اور اس کے بعد سورج ڈھل جانے پر۔

۲۰۵۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الزُّهْرِيُّ نَا سُفْيَانُ عَنْ مِسْعَرٍ عَنْ وَبَرَةَ قَالَ سَأَلْتُ ابْنَ عُمَرَ مَتَى أَرْمِي الْجِمَارَ قَالَ إِذَا رَمَى إِمَامُكَ فَارْمِ فَأَعَدْتُ عَلَيْهِ الْمَسْأَلَةَ فَقَالَ كُنَّا نَتَحَيَّنُ زَوَالَ الشَّمْسِ فَإِذَا زَالَتِ الشَّمْسُ رَمَيْنَا۔

مسعر نے وبرہ سے روایت کی کہ میں نے حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے پوچھا کہ میں رمی جمار کب کروں؟ فرمایا کہ جب تمہارا امام کنکریاں مارے تو تم بھی مارو۔ میں نے دوبارہ یہی پوچھا تو فرمایا۔ ہم سورج ڈھلنے کا انتظار کیا کرتے جب سورج ڈھل جاتا تو ہم کنکریاں مارتے۔

۲۰۶۔ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ بَحْرٍ وَعَبْدُ اللهِ بْنُ سَعِيدٍ الْمَعْنَى قَالَا نَا أَبُو خَالِدٍ الْأَحْمَرُ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْقَاسِمِ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ أَفَاضَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ آخِرِ يَوْمِهِ حِينَ صَلَّى الظُّهْرَ ثُمَّ رَجَعَ إِلَى مِنًى فَمَكَثَ بِهَا لَيَالِيَ أَيَّامِ التَّشْرِيقِ يَرْمِي الْجَمْرَةَ إِذَا زَالَتِ الشَّمْسُ كُلَّ جَمْرَةٍ بِسَبْعِ حَصَيَاتٍ يُكَبِّرُ مَعَ كُلِّ حَصَاةٍ وَيَقِفُ عِنْدَ الْأُولَى وَالثَّانِيَةِ فَيُطِيلُ الْقِيَامَ وَيَتَضَرَّعُ وَيَرْمِي الثَّالِثَةَ وَلَا يَقِفُ عِنْدَهَا۔

عبد الرحمٰن بن قاسم نے اپنے والد ماجد سے روایت کی ہے کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے دن کے آخر میں ظہر کی نماز پڑھ کر طواف افاضہ کیا۔ پھر منیٰ کی جانب لوٹے۔ پس ایام تشریق میں وہاں رہے۔ جب سورج ڈھل جاتا تو ہر جمرہ پر سات کنکریاں مارتے اور ہر کنکری کے ساتھ تکبیر کہتے۔ پہلے اور دوسرے جمرہ کے پاس ٹھہرتے کافی دیر کھڑے رہتے گریہ وزاری کرتے اور تیسرے جمرہ کے پاس کھڑے نہیں ہوتے تھے۔

۲۰۷۔ حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ وَمُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الْمَعْنَى قَالَا نَا شُعْبَةُ عَنِ الْحَكَمِ عَنْ إِبْرَاهِيمَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ يَزِيدَ عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ قَالَ لَمَّا انْتَهَى إِلَى الْجَمْرَةِ الْكُبْرَى جَعَلَ الْبَيْتَ عَنْ يَسَارِهِ وَمِنًى عَنْ يَمِينِهِ وَرَمَى الْجَمْرَةَ بِسَبْعِ حَصَيَاتٍ وَقَالَ هٰكَذَا رَمَى الَّذِي أُنْزِلَتْ عَلَيْهِ سُورَةُ الْبَقَرَةِ۔

عبد الرحمٰن بن یزید سے روایت ہے کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا جبکہ وہ بڑے جمرہ پر جا پہنچے اور بیت اللہ کو بائیں جانب اور منیٰ کو دائیں طرف رکھا اور جمرہ پر سات کنکریاں ماریں تو اس وقت فرمایا کہ اسی طرح اس ہستی نے کنکریاں ماریں جن پر سورۃ البقرہ نازل فرمائی گئی تھی

www.sirat-e-mustaqeem.com

۲۰۸۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ الْقَعْنَبِيُّ عَنْ مَالِكٍ ح وَنَا ابْنُ السَّرْحِ اَنَا ابْنُ وَهْبٍ اَخْبَرَنِيْ مَالِكٌ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ بَكْرِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ حَزْمٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِي الْبَدَّاحِ بْنِ عَاصِمٍ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَخَّصَ لِرُعَاةِ الْاِبِلِ فِي الْبَيْتُوْتَةِ يَرْمُوْنَ يَوْمَ النَّحْرِ ثُمَّ يَرْمُوْنَ الْغَدَ وَمِنْ بَعْدِ الْغَدِ بِيَوْمَيْنِ وَيَرْمُوْنَ يَوْمَ النَّفْرِ۔

عبداللہ بن مسلمہ قعنبی، مالک ۔ ابن السرح، ابن وہب، مالک، عبداللہ بن ابوبکر بن محمد بن عمرو بن حزم، ان کے والد ماجد، ابوالبداح بن عاصم نے اپنے والد محترم ـــــــ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اونٹوں کے چرانے والوں کو منیٰ میں رہنے کی اجازت مرحمت فرمائی کہ وہ یوم النحر کو کنکریاں ماریں نیز اگلے دو روز یعنی گیارہویں بارہویں ذی الحجہ کو اور تیرہویں تاریخ کو رخصت ہوتے وقت بھی کنکریاں ماریں ۔

۲۰۹۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا سُفْيَانُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ وَمُحَمَّدٍ ابْنَيْ اَبِيْ بَكْرٍ عَنْ اَبِيْهِمَا اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَخَّصَ لِلرِّعَاءِ اَنْ يَرْمُوْا يَوْمًا وَيَدْعُوْا يَوْمًا۔

ابی البداح بن عدی نے اپنے والد ماجد سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اونٹوں کے چرانے والوں کو ایک روز کنکریاں مارنے اور ایک روز نہ مارنے کی اجازت مرحمت فرمائی ۔

۲۱۰۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ نَا خَالِدُ بْنُ الْحَارِثِ نَا شُعْبَةُ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ قَتَادَةَ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا مِجْلَزٍ يَقُوْلُ سَاَلْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ عَنْ شَيْءٍ مِنْ اَمْرِ الْجِمَارِ فَقَالَ مَا اَدْرِيْ اَرَمَاهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِسِتٍّ اَوْ بِسَبْعٍ۔

قتادہ نے ابو مجلز کو فرماتے ہوئے سنا کہ میں نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے جمروں پر کنکریاں مارنے کے متعلق پوچھا تو فرمایا کہ مجھے اچھی طرح یاد نہیں رہا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے چھ کنکریاں ماریں یا سات ۔

۲۱۱۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ زِيَادٍ نَا الْحَجَّاجُ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عَمْرَةَ بِنْتِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا رَمٰى اَحَدُكُمْ جَمْرَةَ الْعَقَبَةِ فَقَدْ حَلَّ لَهٗ كُلُّ شَيْءٍ اِلَّا النِّسَاءَ قَالَ اَبُوْ دَاوٗدَ وَهٰذَا حَدِيْثٌ ضَعِيْفٌ اَلْحَجَّاجُ لَمْ يَرَ الزُّهْرِيَّ وَلَمْ يَسْمَعْ مِنْهُ۔

عمرہ بنت عبدالرحمٰن نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی جمرہ عقبہ پر کنکریاں مار لے تو عورتوں کے سوا اس کے لیے ہر چیز حلال ہے ۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ یہ حدیث ضعیف ہے کیونکہ حجاج نے زہری کو نہیں دیکھا اور نہ اُن سے سماع ہی ثابت ہے ۔

بَابُ الْحَلْقِ وَالتَّقْصِيْرِ۔

بال منڈوانا اور چھوٹے کروانا

۲۱۲۔ حَدَّثَنَا الْقَعْنَبِيُّ عَنْ مَالِكٍ عَنْ نَافِعٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اللّٰهُمَّ ارْحَمِ الْمُحَلِّقِيْنَ

نافع نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے کہا: اے اللہ! سر منڈانے والوں پر رحم فرما ۔ لوگ عرض

www.sirat-e-mustaqeem.com

الْمُحَلِّقِيْنَ قَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللهِ وَالْمُقَصِّرِيْنَ قَالَ وَالْمُقَصِّرِيْنَ۔

اے اللہ! سر منڈانے والوں پر رحم فرما۔ لوگوں نے عرض کی کہ یا رسول اللہ بال چھوٹے کروانے والوں پر بھی۔ فرمایا اور بال چھوٹے کروانے والوں پر بھی۔ف

ف۔ حج اور عمرہ کرنے والے کے لیے سر منڈانا بال کترانے سے افضل ہے۔ عورتوں کے لیے سر کے بال منڈانا حرام ہیں۔ وہ حج یا عمرہ کے بعد بال نہیں منڈائیں گی۔ دراصل حجاج کمل عاجزی وانکساری پیش کرنے کے لیے حاضر ہوتے ہیں۔ لہٰذا انہیں زیب وزینت سے کیا سروکار؟ چونکہ بال کترانے میں سر کی کچھ زینت باقی رہ جاتی ہے۔ جس کے باعث سر منڈانے کو بال کترانے پر فضیلت ہے۔ احناف کے نزدیک چوتھائی سر کے بال منڈانا کفایت کرتا ہے۔ جتنے سر کا وضو میں مسح کرنا فرض ہے۔ اور سر کے سارے بال منڈانا سنت ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

۲۱۳۔ حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا يَعْقُوْبُ عَنْ مُوْسَى ابْنِ عُقْبَةَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَلَقَ رَأْسَهُ فِيْ حَجَّةِ الْوَدَاعِ۔

نافع نے حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حجۃ الوداع میں اپنا سر منڈایا تھا۔

۲۱۴۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ نَا حَفْصٌ عَنْ هِشَامٍ عَنِ ابْنِ سِيْرِيْنَ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَمٰى جَمْرَةَ الْعَقَبَةِ يَوْمَ النَّحْرِ ثُمَّ رَجَعَ اِلٰى مَنْزِلِهِ بِمِنًى فَدَعَا بِذِبْحٍ فَذَبَحَ ثُمَّ دَعَا بِالْحَلَّاقِ فَاَخَذَ بِشِقِّ رَأْسِهِ الْاَيْمَنِ فَحَلَقَهُ فَجَعَلَ يَقْسِمُ بَيْنَ مَنْ يَلِيْهِ الشَّعْرَةَ وَالشَّعْرَتَيْنِ ثُمَّ اَخَذَ بِشِقِّ رَأْسِهِ الْاَيْسَرِ فَحَلَقَهُ ثُمَّ قَالَ هٰهُنَا اَبُوْ طَلْحَةَ فَدَفَعَهُ اِلٰى اَبِيْ طَلْحَةَ۔

ابن سیرین نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے جمرۂ عقبہ پر یوم النحر کو کنکریاں ماریں۔ اپنی منیٰ والی قیام گاہ کی طرف لوٹے پھر قربانی کے جانور منگوا کر انہیں ذبح کیا۔ پھر حجام کو بلا کر سر مبارک کے داہنی جانب کو پکڑا اور اُسے منڈایا اور جو حاضر بارگاہ تھے اُن میں سے ہر ایک کو ایک دو موئے مبارک مرحمت فرمائے پھر سر مبارک کی دوسری جانب کو پکڑا اور اُسے منڈایا۔ پھر فرمایا کہ ابو طلحہ ادھر آئیں۔ پس وہ حضرت ابو طلحہ کو مرحمت فرما دیئے۔ف

ف نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے آثارِ مقدسہ بہت ہی باعثِ خیر و برکت ہیں۔ صحابۂ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین شب و روز ان برکتوں کا مشاہدہ کرتے رہتے تھے۔ یہی وجہ ہے کہ وہ حضرات جان و دل سے آثارِ مقدسہ کی تعظیم کرتے اور اُن کے فیوض و برکات سے مستفیض و مستفید ہوا کرتے تھے۔ اسی لیے وہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لعابِ دہن کو حاصل کرنے کی غرض سے ٹوٹ پڑتے اور کوشش کرتے کہ سرکار کا لعابِ دہن اُن کے ہاتھوں میں یا دامن پر گرے۔ جس خوش نصیب کو حاصل ہو جاتا وہ اُسے اپنے منہ اور جسموں پر مل لیا کرتا تھا۔ انہیں معلوم ہوتا تھا کہ اسی لعابِ دہن سے کھاری کنوئیں شیریں ہو گئے تھے۔ حضرت عائذ کی کٹی ہوئی پنڈلی حسبِ سابق درست ہو گئی تھی اور حضرت علی کا آشوبِ چشم ایک لمحہ میں غائب ہو گیا تھا۔ اسی لیے وہ حضرات کوشش کیا کرتے کہ جسمِ اطہر سے لگے ہوئے وضو کے پانی کو زمین پر گرنے نہ دیں اور اُسے اپنے ہاتھوں پر حاصل کریں۔ جو پانی زمین میں گرتا تو اس جگہ کی گیلی مٹی کو لے کر اپنے چہروں اور کپڑوں پر مل لیا کرتے تھے۔ جب آپ حجامت بنواتے تو ایک ایک موئے مبارک کو حاصل کرنے کی سرتوڑ کوشش کرتے۔ ایک بھی موئے مبارک حاصل ہو جاتا تو اُسے دنیا و ما فیہا سے گراں بہا شمار کرتے اور متاعِ بے بہا

www.sirat-e-mustaqeem.com

سمجھ کر اُنہیں جان سے بھی عزیز رکھا کرتے تھے۔ آثارِ مقدسہ کی قدردانی کے یہ مناظر نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے سامنے تھے۔ اسی لیے حجۃ الوداع کے موقع پر جب آپ نے سرِ مبارک منڈایا تو شمعِ رسالت نے داہنی جانب کے بالوں سے ایک ایک موئے مبارک اپنے پروانوں میں تقسیم فرما دیئے۔ اور دوسری جانب کے تمام موئے مبارک حضرت ابوطلحہ انصاری کو مرحمت فرما دیئے۔ حضرت ابوطلحہ کو ایسا خصوصی اعزاز و امتیاز بخشنے میں یقیناً کوئی خاص حکمت و مصلحت ہوگی۔ لیکن احقر کو وہ معلوم نہیں ہو سکی ہے۔ آثارِ مقدسہ کی آج تک تعظیم و توقیر کی جاتی اور ان سے فیوض و برکات حاصل کئے جا رہے ہیں۔ کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بھی یہی چاہتے تھے کہ امتِ محمدیہ قیامت تک ان کی برکتوں سے فیضیاب ہوتی رہے اور دوسری جانب اُن کا تعلق بارسول قائم رہے جو پورے اسلام کا مرکزی نقطہ اور سرمایۂ زندگی ہے۔ اس حدیث سے یہ بھی معلوم ہو رہا ہے کہ پہلے داہنی جانب کے بال منڈائے جائیں اور پھر بائیں جانب کے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

۲۱۵۔ حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ اَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ اَنَا خَالِدٌ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُسْئَلُ يَوْمَ مِنًى فَيَقُوْلُ لَا حَرَجَ فَسَاَلَهُ رَجُلٌ فَقَالَ اِنِّيْ حَلَقْتُ قَبْلَ اَنْ اَذْبَحَ قَالَ اذْبَحْ وَلَا حَرَجَ قَالَ اِنِّيْ اَمْسَيْتُ وَلَمْ اَرْمِ قَالَ ارْمِ وَلَا حَرَجَ۔

عکرمہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے منیٰ میں جو بھی پوچھا گیا تو آپ فرماتے رہے، کوئی مضائقہ نہیں۔ چنانچہ ایک آدمی نے کہا کہ میں نے قربانی سے پہلے سر منڈا لیا ہے۔ فرمایا اب ذبح کر لو اور کوئی مضائقہ نہیں۔ ایک عرض گزار ہوا کہ شام ہو گئی اور میں نے رمی نہیں کی۔ فرمایا کہ کوئی مضائقہ نہیں، تم اب کنکریاں مار لو۔

۲۱۶۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ الْعَتَكِيُّ اَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكْرٍ اَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ قَالَ بَلَغَنِيْ عَنْ صَفِيَّةَ بِنْتِ شَيْبَةَ بْنِ عُثْمَانَ قَالَتْ اَخْبَرَتْنِيْ اُمُّ عُثْمَانَ اَنَّ ابْنَ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْسَ عَلَى النِّسَاءِ حَلْقٌ اِنَّمَا عَلَى النِّسَاءِ التَّقْصِيْرُ۔

محمد بن حسن عتکی، محمد بن بکر، ابن جریج، صفیہ بنت شیبہ بن عثمان، اُمِّ عثمان نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ سر منڈانا عورتوں کیلئے نہیں بلکہ تقصیر یعنی بالوں کو چھوٹے کروانا ہے۔

۲۱۷۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ يَعْقُوْبَ الْبَغْدَادِيُّ ثِقَةٌ نَا هِشَامُ بْنُ يُوْسُفَ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنْ عَبْدِ الْحَمِيْدِ بْنِ جُبَيْرِ ابْنِ شَيْبَةَ عَنْ صَفِيَّةَ بِنْتِ شَيْبَةَ قَالَ اَخْبَرَتْنِيْ اُمُّ عُثْمَانَ بِنْتُ اَبِيْ سُفْيَانَ اَنَّ ابْنَ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْسَ عَلَى النِّسَاءِ الْحَلْقُ اِنَّمَا عَلَى النِّسَاءِ التَّقْصِيْرُ۔

ابو یعقوب بغدادی، ہشام بن یوسف، ابن جریج، عبدالحمید بن جبیر بن شیبہ، صفیہ بنت شیبہ، اُمِّ عثمان بنت ابوسفیان نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ حلق یعنی سر منڈانا عورتوں کے لیے نہیں ہے، عورتوں کے لیے تقصیر یعنی بالوں کو چھوٹے کروانا ہے۔

ف۔ عورتوں کے لیے سر منڈانا حرام ہے۔ ہرگز ہرگز وہ سر نہ منڈائیں بلکہ اُن پر صرف تقصیر لازم ہے یعنی حج وعمرہ کے بعد بالوں کو تھوڑے سے چھوٹے کروالیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم

www.sirat-e-mustaqeem.com

بَاب ۶۱ الْعُمْرَةِ۔

عمرہ

۲۱۸۔ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ نَا مَخْلَدُ بْنُ يَزِيدَ وَيَحْيَى بْنُ زَكَرِيَّا عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنْ عِكْرِمَةَ بْنِ خَالِدٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ اعْتَمَرَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَبْلَ أَنْ يَحُجَّ۔

عثمان بن ابو شیبہ، مخلد بن یزید اور یحییٰ بن زکریا، ابن جریج، عکرمہ بن خالد سے روایت ہے کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا:۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حج کرنے سے پہلے عمرہ کیا۔

۲۱۹۔ حَدَّثَنَا هَنَّادُ بْنُ السَّرِيِّ عَنِ ابْنِ أَبِي زَائِدَةَ نَا ابْنُ أَبِي جُرَيْجٍ وَمُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَقَ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ طَاؤُسٍ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ وَاللهِ مَا أَعْمَرَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَائِشَةَ فِي ذِي الْحِجَّةِ إِلَّا لِيَقْطَعَ بِذَلِكَ أَمْرَ أَهْلِ الشِّرْكِ فَإِنَّ هَذَا الْحَيَّ مِنْ قُرَيْشٍ وَمَنْ دَانَ دِينَهُمْ كَانُوا يَقُولُونَ إِذَا عَفَا الْوَبَرُ وَبَرَأَ الدَّبَرُ وَدَخَلَ صَفَرٌ فَقَدْ حَلَّتِ الْعُمْرَةُ لِمَنِ اعْتَمَرَ فَكَانُوا يُحَرِّمُونَ الْعُمْرَةَ حَتَّى يَنْسَلِخَ ذُو الْحِجَّةِ وَالْمُحَرَّمُ۔

عبداللہ بن طاؤس نے اپنے والد ماجد سے روایت کی ہے کہ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت عائشہ کو ذی الحجہ میں عمرہ نہیں کرایا مگر اس لیے کہ مشرکوں کے نظریہ کی بیخ کنی ہو جائے کیونکہ قریش اور جو ان کے دین پر تھے، وہ کہا کرتے تھے کہ جب اونٹ کے بال بڑھ جائیں، پیٹھ کا زخم بھر جائے اور صفر کا مہینہ آجائے تو عمرہ کرنا حلال ہوتا ہے وہ عمرہ کرنے والے کو حرام شمار کرتے جب تک ذی الحجہ اور محرم گزر نہ جاتے۔ ف

ف۔ قریش اور ان کے دین پر چلنے والوں کا دورِ جاہلیت میں یہ عقیدہ تھا کہ ذی قعدہ، ذی الحجہ، محرم اور رجب یعنی حرمت والے چاروں مہینوں میں عمرہ کرنا جائز نہیں ہے۔ اسلام کو ان کے اس بے سروپا اور فرضی نظریہ کی بیخ کنی منظور تھی۔ اس لیے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حجۃ الوداع کے موقع پر حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے عمرہ بھی کروایا۔ نیز یہ اعلان بھی کروایا کہ اب قیامت تک حج میں عمرہ داخل ہوگیا ہے۔ یعنی حج کے ساتھ عمرہ بھی کیا جا سکتا ہے۔ اس جگہ ایک سوال اور بھی پیدا ہوتا ہے کہ صحابۂ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین جو حج کا احرام باندھ کر آئے تھے اور جن کے پاس ہدی نہ تھی کیا ان کے حج کو عمرہ میں تبدیل نہیں کروایا گیا تھا؟ دوسرا سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ حجۃ الوداع میں نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حج مفرد کیا یا اس میں آپ قارن یا متمتع تھے؟ پہلے سوال کا جواب یہ ہے کہ اس سلسلے میں صحابۂ کرام کے تین گروہ بن جاتے ہیں۔ جن کی تفصیل حسبِ ذیل ہے:۔

گروہ اوّل:۔ ان حضرات کا ہے جنہوں نے حج و عمرہ کا احرام باندھا یا صرف حجِ مفرد کا اور وہ اپنے ساتھ ہی ہدی لائے تھے۔

گروہ دوم:۔ جنہوں نے حج کا احرام باندھا اور اپنے ساتھ ہدی نہیں لائے تھے۔

گروہ سوم:۔ اس کثیر جماعت کا ہے جنہوں نے واجب احرام باندھا اور ان کے پاس ہدی نہ تھی۔ پہلے گروہ کو جن میں حضرت علی اور حضرت ابو طلحہ وغیرہ صرف چند حضرات تھے۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنے ساتھ قارن رکھا۔ یہ حضرات دوسرے صحابۂ کرام کے ساتھ حلال نہ ہوئے بلکہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی طرح قربانی پیش کر کے انہوں نے احرام کھولا۔ دوسرا گروہ جو اپنے ساتھ ہدی نہیں لایا تھا ان حضرات سے آپ نے احرام باندھتے وقت فرمایا کہ حج کے احرام کو عمرہ کے احرام میں تبدیل کر لو

تیسرا گروہ جو ہدی نہیں لایا تھا، ان حضرات سے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مکہ مکرمہ پہنچنے اور طواف وسعی کر لینے کے بعد فرمایا کہ جتنے حضرات ہدی نہیں لائے ہیں وہ احرام کھول کر حلال ہو جائیں کیونکہ اُن کا عمرہ پورا ہو چکا اور یوم الترویہ یعنی ذوالحجہ کی آٹھ تاریخ کو حج کا احرام باندھ لینا۔ دریں حالات پہلے گروہ والے قارن ہوئے۔ جب کہ دوسرے اور تیسرے گروہ کے تمام افراد متمتع ہوئے۔ چونکہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم قارن تھے۔ بایں وجہ امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک تینوں قسم کے حجوں یعنی افراد، تمتع اور قِران میں سے قِران کو فضیلت ہے اور اُن کی نظر میں قارن سب سے افضل ہے۔ چونکہ اکثر صحابہ کرام تمتع کر رہے تھے اور طواف وسعی کے بعد جب نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی مطابقت اور پیروی سے محروم رہنے کا صدمہ ان حضرات پر گراں گزرا، اور بعض حضرات کی زبانوں پر حرفِ شکایت بھی آیا جیسا کہ مختلف احادیث میں مذکور ہے۔ اس موقع پر نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اگر اس صورتِ حال کا مجھے پہلے علم ہوتا تو میں بھی اپنے ساتھ ہدی نہ لاتا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی اس خواہش اور اعلان کے پیشِ نظر امام محمد رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک متمتع کو فضیلت ہے۔ قارن اور متمتع کی فضیلت کے بارے میں دیگر ائمہ اور اہلِ علم حضرات کا اختلاف ہے لیکن خاتم المحققین شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی ۱۰۵۲ھ / ۱۶۴۲ء) نے خوب فیصلہ فرمایا ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا مذکورہ ارشاد متمتع کی فضیلت کے لیے نہیں بلکہ شمعِ رسالت کے اُن عدیم المثال پروانوں کی تسکینِ خاطر کے لیے تھا جن کا محبوب آقا حالتِ احرام میں رہا اور انہیں احرام کھول دینے کا حکم فرمایا گیا تھا۔ اگر متمتع کو قارن پر فضیلت ہوتی تو نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بھی متمتع رہنا پسند فرماتے لیکن ایسا نہیں ہوا۔ لہٰذا ماننا پڑے گا کہ فضیلت قارن کو ہے۔ اور ہدی ساتھ نہ ہو تو تمتع افضل ہے۔ اس تطبیق سے وہ اختلاف سرے سے رفع ہو جاتا ہے جو ائمہ کرام کے درمیان متمتع اور قارن کی فضیلت کے بارے میں موجود ہے (شرح سفر السعادت) رہا دوسرے سوال کا جواب تو نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اپنے حج میں قارن تھے۔ یعنی آپ نے حجِ قِران کیا تھا۔ علامہ محمد بن یعقوب شیرازی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی ۸۱۷ھ / ۱۴۱۴ء) نے سفر السعادت میں اور سیدنا خاتم المحققین شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی ۱۰۵۲ھ / ۱۶۴۲ء) نے اس کی شرح میں فرمایا ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حج سے متعلق اہلِ علم حضرات کو پانچ سہو ہوئے ہیں۔ جن کا مختصر حال حسبِ ذیل ہے:۔

سہوِ اوّل:۔ بعض حضرات نے کہا ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے صرف حج مفرد کیا اور اس کے ساتھ عمرہ نہیں تھا۔ ان حضرات کے سہو کی بنیاد حدیثِ معاویہ پر ہے جو صحیحین میں مروی ہے۔

سہوِ دوم:۔ اُن حضرات کو ہوا کہ جنہوں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم متمتع بتایا اور کہا کہ عمرہ پورا کرنے کے بعد آپ نے حج کا احرام باندھا تھا۔

سہوِ سوم:۔ اُن حضرات کو ہوا جنہوں نے کہا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم متمتع ہی تھے۔ لیکن ہدی ساتھ لے جانے کے باعث احرام نہیں کھولا تھا۔

سہوِ چہارم:۔ اُن حضرات کو ہوا جنہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم قارن تھے۔ قدومِ اوّل میں دو طواف اور دو سعی ثابت نہیں۔

سہوِ پنجم:۔ اُن حضرات کو ہوا جنہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حجِ مفرد کیا اور حج پورا کرنے کے بعد تنعیم سے عمرہ کا احرام باندھا تھا۔ یہ سہو کھلے ہوئے سہو سے بڑھ کر ہے جس کا صحابہ، تابعین اور جملہ ائمہ دین میں سے کوئی بھی

www.sirat-e-mustaqeem.com

قائل نہیں، حالانکہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم قارن تھے۔ لہٰذا ایک طواف وایک سعی آپ نے پہلے ہی کرلی اور اُس کے بعد حج ادا کیا تھا۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

۲۲۰۔ حَدَّثَنَا أَبُو كَامِلٍ نَا أَبُو عَوَانَةَ عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ مُهَاجِرٍ عَنْ أَبِي بَكْرِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ أَخْبَرَنِي رَسُولُ مَرْوَانَ الَّذِي أُرْسِلَ إِلَى أُمِّ مَعْقِلٍ قَالَتْ كَانَ أَبُو مَعْقِلٍ حَاجًّا مَعَ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمَّا قَدِمَ قَالَتْ أُمُّ مَعْقِلٍ قَدْ عَلِمْتُ أَنَّ عَلَيَّ حَجَّةً فَانْطَلَقَا يَمْشِيَانِ حَتَّى دَخَلَا عَلَيْهِ فَقَالَتْ يَا رَسُولَ اللهِ إِنَّ عَلَيَّ حَجَّةً وَإِنَّ لِأَبِي مَعْقِلٍ بَكْرًا قَالَ أَبُو مَعْقِلٍ صَدَقَتْ جَعَلْتُهُ فِي سَبِيلِ اللهِ فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَعْطِهَا فَلْتَحُجَّ عَلَيْهِ فَإِنَّهُ فِي سَبِيلِ اللهِ فَأَعْطَاهَا الْبَكْرَ فَقَالَتْ يَا رَسُولَ اللهِ إِنِّي امْرَأَةٌ قَدْ كَبِرْتُ وَسَقِمْتُ فَهَلْ مِنْ عَمَلٍ يُجْزِئُ عَنِّي مِنْ حَجَّتِي قَالَ عُمْرَةٌ فِي رَمَضَانَ تُجْزِئُ حَجَّةً۔

ابوبکر بن عبدالرحمان کو مروان کے قاصد نے بتایا جسے حضرت اُم معقل کی طرف بھیجا گیا تھا کہ انہوں نے فرمایا:۔ حضرت ابو معقل نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ حج کرنا چاہا۔ جب وہ تشریف لائے تو حضرت اُم معقل نے کہا، میں جانتی ہوں کہ مجھ پر حج فرض ہے۔ پس دونوں چل پڑے اور بارگاہِ رسالت میں حاضر ہوئے اور وہ عرض گزار ہوئیں: یارسول اللہ! مجھ پر حج فرض ہے اور حضرت ابو معقل کے پاس اونٹ ہے۔ حضرت ابو معقل عرض گزار ہوئے کہ میں اُسے راہِ خدا میں دیتا ہوں۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ وہ انہیں دے دو تاکہ یہ اس پر حج کرلیں کیونکہ وہ راہِ خدا میں دیا گیا پس انہوں نے اپنی بیوی کو دے دیا۔ وہ عرض گزار ہوئیں کہ یارسول اللہ! میں بہت بوڑھی اور بیمار عورت ہوں۔ کیا کوئی ایسا بھی کام ہے جو میرے لیے حج کی طرف سے کفایت کرے؟ فرمایا کہ رمضان کا عمرہ تمہیں حج سے کفایت کرے گا۔

۲۲۱۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَوْفٍ الطَّائِيُّ ثَنَا أَحْمَدُ بْنُ خَالِدٍ الْوَهْبِيُّ نَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحٰقَ عَنْ عِيسَى بْنِ مَعْقِلِ بْنِ أُمِّ مَعْقِلٍ الْأَسَدِيِّ أَسَدِ خُزَيْمَةَ حَدَّثَنِي يُوسُفُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ سَلَامٍ عَنْ جَدَّتِهِ أُمِّ مَعْقِلٍ قَالَتْ لَمَّا حَجَّ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَجَّةَ الْوَدَاعِ وَكَانَ لَنَا جَمَلٌ فَجَعَلَهُ أَبُو مَعْقِلٍ فِي سَبِيلِ اللهِ وَأَصَابَنَا مَرَضٌ وَهَلَكَ أَبُو مَعْقِلٍ وَخَرَجَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمَّا فَرَغَ مِنْ حَجِّهِ جِئْتُهُ فَقَالَ يَا أُمَّ مَعْقِلٍ مَا مَنَعَكِ أَنْ تَخْرُجِي مَعَنَا قَالَتْ لَقَدْ تَهَيَّأْنَا فَهَلَكَ أَبُو مَعْقِلٍ وَكَانَ لَنَا جَمَلٌ هُوَ الَّذِي نَحُجُّ عَلَيْهِ فَأَوْصَى بِهِ أَبُو مَعْقِلٍ فِي سَبِيلِ اللهِ قَالَ فَهَلَّا خَرَجْتِ عَلَيْهِ فَإِنَّ

یوسف بن عبداللہ بن سلام سے روایت ہے کہ اُن کی دادی جان حضرت اُم معقل رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا:۔ جب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حج کیا یعنی حجۃ الوداع تو ہمارے پاس ایک اونٹ تھا۔ حضرت ابو معقل نے اُسے راہِ خدا میں وقف کردیا۔ ہم بیمار پڑ گئے اور حضرت ابو معقل کا وصال ہوگیا جب کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم حج کے لیے تشریف لے گئے۔ جب آپ حج سے فارغ ہوئے اور میں حاضرِ بارگاہ ہوئی تو فرمایا:۔ اے اُم معقل! تمہیں ہمارے ساتھ جانے سے کس چیز نے روکا؟ عرض گزار ہوئیں کہ ہم نے تیاری کرلی تھی لیکن حضرت ابو معقل کا انتقال ہوگیا اور ہمارے پاس ایک اونٹ تھا جس پر ہم حج کرتے۔ پس حضرت ابو معقل نے وصیت کی کہ وہ راہِ خدا میں وقف ہے۔ فرمایا کہ تم اسی پر سوار ہو کر کیوں نہ نکلیں کیونکہ حج بھی راہِ خدا میں نکلنا ہے۔ خیر جب تم نے

الحَجَّ فِي سَبِيلِ اللهِ فَلَمَّا إِذَا فَاتَتْكِ هٰذِهِ الحَجَّةُ مَعَنَا فَاعْتَمِرِي فِي رَمَضَانَ فَإِنَّهَا كَحَجَّةٍ فَكَانَتْ تَقُولُ الحَجُّ حَجَّةٌ وَالعُمْرَةُ عُمْرَةٌ وَقَدْ قَالَ هٰذَا لِي رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا أَدْرِي أَلِي خَاصَّةً۔

٢٢٢۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا عَبْدُ الوَارِثِ عَنْ عَامِرٍ الأَحْوَلِ عَنْ بَكْرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ أَرَادَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الحَجَّ فَقَالَتِ امْرَأَةٌ لِزَوْجِهَا أَحِجَّنِي مَعَ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ مَا عِنْدِي مَا أُحِجُّكِ عَلَيْهِ قَالَتْ أَحِجَّنِي عَلَى جَمَلِكَ فُلَانٍ قَالَ ذٰلِكَ حَبِيسٌ فِي سَبِيلِ اللهِ عَزَّ وَجَلَّ فَأَتَى رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ إِنَّ امْرَأَتِي تَقْرَأُ عَلَيْكَ السَّلَامَ وَرَحْمَةَ اللهِ وَإِنَّهَا سَأَلَتْنِي الحَجَّ مَعَكَ قَالَتْ أَحِجَّنِي مَعَ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ مَا عِنْدِي مَا أُحِجُّكِ عَلَيْهِ فَقَالَتْ أَحِجَّنِي عَلَى جَمَلِكَ فُلَانٍ فَقُلْتُ ذَاكَ حَبِيسٌ فِي سَبِيلِ اللهِ عَزَّ وَجَلَّ قَالَ أَمَا إِنَّكَ لَوْ أَحْجَجْتَهَا عَلَيْهِ كَانَ فِي سَبِيلِ اللهِ وَإِنَّهَا أَمَرَتْنِي أَنْ أَسْأَلَكَ مَا يَعْدِلُ حَجَّةً مَعَكَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَقْرِأْهَا السَّلَامَ وَرَحْمَةَ اللهِ وَبَرَكَاتِهِ وَأَخْبِرْهَا أَنَّهَا تَعْدِلُ حَجَّةً مَعِي يَعْنِي عُمْرَةً فِي رَمَضَانَ۔

٢٢٣۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ الأَعْلَى بْنُ حَمَّادٍ نَا دَاوُدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَائِشَةَ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اعْتَمَرَ عُمْرَتَيْنِ عُمْرَةً فِي ذِي القَعْدَةِ وَعُمْرَةً فِي شَوَّالٍ۔

٢٢٤۔ حَدَّثَنَا النُّفَيْلِيُّ ثَنَا زُهَيْرٌ نَا أَبُو إِسْحَاقَ

ہمارے ساتھ حج کرنے کا یہ موقع گنوا دیا تو رمضان میں عمرہ کر لینا کیونکہ وہ حج جیسا ہوتا ہے۔ وہ کہا کرتیں کہ حج پھر حج ہے اور عمرہ پھر عمرہ ہے۔ لیکن رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مجھ سے یہی فرمایا تھا۔ مجھے نہیں معلوم کہ یہ حکم کیا میرے لیے خاص تھا۔

بکر بن عبداللہ سے روایت ہے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حج کا ارادہ فرمایا تو ایک عورت نے اپنے خاوند سے کہا کہ مجھے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ حج کروا دیجئے کہا کہ میرے پاس تو کوئی چیز نہیں جس پر تمہیں حج کراؤں۔ کہا کہ مجھے اپنے فلاں اونٹ پر حج کروا دیجئے۔ کہا کہ وہ تو راہِ خدا میں وقف کر دیا گیا ہے۔ وہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض گزار ہوئے کہ میری بیوی نے آپ کے لیے السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ کہا ہے اور اس نے مجھ سے آپ کے ساتھ حج کرنے کے متعلق پوچھا اور کہا کہ مجھے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ حج کروا دیجئے میں نے کہا کہ میرے پاس کوئی چیز نہیں جس پر تمہیں حج کراؤں۔ کہنے لگی کہ مجھے اپنے فلاں اونٹ پر حج کروا دیجئے۔ میں نے کہا کہ وہ تو راہِ خدا میں وقف کیا جا چکا ہے۔ فرمایا اگر تم اس پر حج کروا دیتے تب بھی وہ راہِ خدا میں وقف رہتا۔ عرض کی کہ انہوں نے مجھ سے کہا کہ آپ سے دریافت کروں کہ آپ کے ساتھ حج کرنے کا بدل کیا ہے؟ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا میری طرف سے انہیں سلام کہنا اور بتانا کہ رمضان کا عمرہ میرے ساتھ حج کرنے کے برابر ہے۔

ہشام بن عروہ کے والد ماجد نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے دو عمرے کیے۔ ایک عمرہ ذی قعدہ میں اور دوسرا عمرہ شوال میں۔

www.sirat-e-mustaqeem.com

عن مجاهد قال سئل ابن عمر كم اعتمر رسول الله صلى الله عليه وسلم فقال مرتين فقالت عائشة لقد علم ابن عمر ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قد اعتمر ثلاثا سوى التي قرنها بحجة الوداع۔

سے پوچھا گیا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے کتنے عمرے کیے؟ فرمایا دو مرتبہ۔ حضرت عائشہ نے فرمایا کہ حضرت ابن عمر کے علم میں یہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے تین عمرے کیے اُس کے سوا جو حجۃ الوداع کے ساتھ ملا کر کیا تھا۔

۲۲۵۔ حدثنا النفيلي وقتيبة قالا نا داود بن عبد الرحمن العطار عن عمرو بن دينار عن عكرمة عن ابن عباس قال اعتمر رسول الله صلى الله عليه وسلم اربع عمر عمرة الحديبية والثانية حين تواطؤا على عمرة من قابل والثالثة من الجعرانة والرابعة التي قرن مع حجته۔

عمرو بن دینار نے عکرمہ سے روایت کی ہے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا: رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے چار عمرے کیے۔ ایک عمرہ حدیبیہ کا۔ دوسرا اگلے سال اُس کی قضا کا۔ تیسرا جعرانہ کا اور چوتھا وہ جو اپنے حج کے ساتھ ملایا تھا۔

۲۲۶۔ حدثنا ابو الوليد الطيالسي وهدبة بن خالد قالا نا همام عن قتادة عن انس ان رسول الله صلى الله عليه وسلم اعتمر اربع عمر كلهن في ذي القعدة الا التي مع حجته قال ابو داود اتقنت من ههنا من هدبة وسمعته من ابي الوليد ولم اضبطه من الحديبية او من الحديبية في ذي القعدة وعمرة من الجعرانة حيث قسم غنائم حنين في ذي القعدة وعمرة مع حجته۔

قتادہ نے حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے چار عمرے کیے سب ذی قعدہ میں کیے، سوائے اس کے جو اپنے حج کے ساتھ کیا۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ یہاں سے مجھے ہُدبہ کا لفظ تو یاد رہا لیکن ابوالولید سے جو کچھ میں نے سنا وہ محفوظ نہیں رہا کہ حدیبیہ سے ذی قعدہ میں اور دوسرا عمرہ جعرانہ کا جب کہ غزوۂ حنین کا مالِ غنیمت تقسیم فرمایا ذی قعدہ میں اور ایک عمرہ اپنے حج کے ساتھ۔

باب ۶۲ المهلة بالعمرة تحيض فيدركها الحج فتنقض عمرتها وتهل بالحج هل تقضي عمرتها۔

عمرے کا احرام باندھنے والی کو حیض آجائے تو عمرے کو توڑ کر حج کا احرام باندھ لے کیا وہ عمرے کی قضا ادا کرے گی؟

۲۲۷۔ حدثنا عبد الاعلى بن حماد نا داود بن عبد الرحمن حدثني عبد الله بن عثمان بن خثيم عن يوسف بن ماهك عن حفصة بنت عبد الرحمن بن ابي بكر عن ابيها

عبدالاعلیٰ بن حماد، داؤد بن عبدالرحمٰن، عبداللہ بن عثمان بن خثیم، یوسف بن ماہک، حفصہ بنت عبدالرحمٰن بن ابوبکر نے اپنے والد ماجد سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت عبدالرحمٰن سے فرمایا۔

www.sirat-e-mustaqeem.com

أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِعَبْدِ الرَّحْمٰنِ يَا عَبْدَ الرَّحْمٰنِ أَرْدِفْ أُخْتَكَ عَائِشَةَ فَأَعْمِرْهَا مِنَ التَّنْعِيمِ فَإِذَا هَبَطْتَ بِهَا مِنَ الْأَكَمَةِ فَلْتُحْرِمْ فَإِنَّهَا عُمْرَةٌ مُتَقَبَّلَةٌ۔

اے عبدالرحمٰن! اپنی بہن عائشہ کو پیچھے بٹھا کر تنعیم سے عمرہ کروا لاؤ۔ جب تم انہیں لے کر ٹیلے سے اترو تو وہ احرام باندھ لیں کیونکہ یہ عمرہ مقبول بارگاہِ ایزدی ہوتا ہے۔

۲۲۸۔ حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ نَا سَعِيدُ بْنُ مُزَاحِمِ بْنِ أَبِي مُزَاحِمٍ حَدَّثَنِي أَبِي مُزَاحِمٌ عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَسِيدٍ عَنْ مُحَرِّشٍ الْكَعْبِيِّ قَالَ دَخَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْجِعِرَّانَةَ فَجَاءَ إِلَى الْمَسْجِدِ فَرَكَعَ مَا شَاءَ اللّٰهُ ثُمَّ أَحْرَمَ ثُمَّ اسْتَوَى عَلَى رَاحِلَتِهِ فَاسْتَقْبَلَ بَطْنَ سَرِفٍ حَتَّى لَقِيَ طَرِيقَ الْمَدِينَةِ فَأَصْبَحَ بِمَكَّةَ كَبَائِتٍ۔

عبدالعزیز بن عبداللہ بن اسید سے روایت ہے کہ حضرت محرش کعبی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جعرانہ میں داخل ہوئے تو ایک مسجد میں تشریف لے گئے پس اس میں نماز پڑھی جتنی اللہ تعالیٰ نے چاہی۔ پھر احرام باندھا پھر اپنے اونٹ پر جلوہ افروز ہو کر سرف کی جانب متوجہ ہوئے یہاں تک کہ مدینہ منورہ کے راستے پر آ گئے۔ صبح مکہ مکرمہ میں ہوئی جیسے رات یہیں گزاری ہو۔

بَابُ الْمُقَامِ فِي الْعُمْرَةِ۔

عمرے کے دوران اقامت

۲۲۹۔ حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ رُشَيْدٍ نَا يَحْيَى ابْنُ زَكَرِيَّا نَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحٰقَ عَنْ أَبَانَ بْنِ صَالِحٍ وَعَنِ ابْنِ أَبِي نَجِيحٍ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَقَامَ فِي عُمْرَةِ الْقَضَاءِ ثَلَاثًا۔

داؤد بن رشید، یحییٰ بن زکریا، محمد بن اسحاق، ابان بن صالح، ابن ابی نجیح، مجاہد نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ عمرۃ القضا کے وقت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تین روز قیام پذیر رہے۔

بَابُ الْإِفَاضَةِ فِي الْحَجِّ۔

حج کا طواف افاضہ

۲۳۰۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ نَا عُبَيْدُ اللّٰهِ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَفَاضَ يَوْمَ النَّحْرِ ثُمَّ صَلَّى الظُّهْرَ بِمِنًى يَعْنِي رَاجِعًا۔

نافع نے حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے طوافِ افاضہ یوم نحر کو کیا اور یہاں سے لوٹنے پر نمازِ ظہر منیٰ میں پڑھی۔

۲۳۱۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ وَيَحْيَى بْنُ مَعِينٍ الْمَعْنَى وَاحِدٌ قَالَا نَا ابْنُ أَبِي عَدِيٍّ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحٰقَ نَا أَبُو عُبَيْدَةَ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زَمْعَةَ عَنْ أَبِيهِ وَعَنْ أُمِّهِ زَيْنَبَ بِنْتِ أَبِي سَلَمَةَ عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ كَانَتْ لَيْلَتِيَ الَّتِي يَصِيرُ إِلَيَّ فِيهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

زینب بنت ابو سلمہ سے روایت ہے کہ ام المومنین حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا۔ میری باری کی رات جس میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے میرے پاس تشریف لانا تھا۔ یوم النحر کی شام تھی۔ آپ میرے پاس تشریف فرما تھے کہ وہب بن زمعہ میرے پاس آئے اور ان کے ساتھ آلِ ابو امیہ کا ایک آدمی تھا۔ دونوں نے

www.sirat-e-mustaqeem.com

مَسَاءَ يَوْمِ النَّحْرِ فَصَارَ إِلَيَّ فَدَخَلَ عَلَيَّ وَهْبُ بْنُ زَمْعَةَ وَمَعَهُ رَجُلٌ مِنْ آلِ أَبِي أُمَيَّةَ مُتَقَمِّصِينَ فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِوَهْبٍ هَلْ أَفَضْتَ أَبَا عَبْدِ اللهِ قَالَ لَا وَاللهِ يَا رَسُولَ اللهِ قَالَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ انْزِعْ عَنْكَ الْقَمِيصَ قَالَ فَنَزَعَهُ مِنْ رَأْسِهِ وَنَزَعَ صَاحِبُهُ قَمِيصَهُ مِنْ رَأْسِهِ ثُمَّ قَالَ وَلِمَ يَا رَسُولَ اللهِ قَالَ إِنَّ هَذَا يَوْمٌ رُخِّصَ لَكُمْ إِذَا أَنْتُمْ رَمَيْتُمُ الْجَمْرَةَ أَنْ تَحِلُّوا يَعْنِي مِنْ كُلِّ مَا حُرِمْتُمْ مِنْهُ إِلَّا النِّسَاءَ فَإِذَا أَمْسَيْتُمْ قَبْلَ أَنْ تَطُوفُوا هَذَا الْبَيْتَ صِرْتُمْ حُرُمًا كَهَيْئَتِكُمْ قَبْلَ أَنْ تَرْمُوا الْجَمْرَةَ حَتَّى تَطُوفُوا بِهِ۔

قمیص پہن رکھی تھی۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے وہب سے فرمایا:۔ اے ابوعبداللہ! طوافِ افاضہ کرلیا ہے؟ عرض کی خدا کی قسم یا رسول اللہ نہیں۔ فرمایا کہ قمیص اتار دو۔ انھوں نے قمیص سر کے اُوپر سے اتاری اور ان کے ساتھی نے بھی سر کے اوپر سے اتاری۔ پھر عرض کی یا رسول اللہ! یہ کیوں؟ فرمایا کہ اس روز تمہیں اجازت تھی کہ جب جمرہ پر کنکریاں مار لو تو حلال ہو جاؤ اُن تمام چیزوں سے جو تم پر حرام ہو گئی تھیں سوائے عورتوں کے، جب تم بیت اللہ کا طواف کرنے سے پہلے شام ہو جائے تو اُسی حالتِ احرام میں آجاؤ گے جس میں جمرہ پر کنکریاں مارنے سے پہلے تھے، یہاں تک کہ اس کا طواف کرلو۔

۲۳۲۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ نَا سُفْيَانُ عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ عَائِشَةَ وَابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَخَّرَ طَوَافَ يَوْمِ النَّحْرِ إِلَى اللَّيْلِ۔

ابوالزبیر نے حضرت عائشہ صدیقہ اور حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے روایت کی ہے کہ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے یوم النحر کے طواف کو رات تک مؤخر فرمایا۔

۲۳۳۔ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ أَنَا ابْنُ وَهْبٍ حَدَّثَنِي ابْنُ جُرَيْجٍ عَنْ عَطَاءِ بْنِ أَبِي رَبَاحٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يَرْمُلْ مِنَ السَّبْعِ الَّذِي أَفَاضَ فِيهِ۔

عطاء بن ابی رباح نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے طوافِ افاضہ کے ساتوں پھیروں میں رمل نہیں فرمایا۔

بَابُ الْوَدَاعِ۔

رخصت ہونا

۲۳۴۔ حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ نَا سُفْيَانُ عَنْ سُلَيْمَانَ الْأَحْوَلِ عَنْ طَاؤُسٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ كَانَ النَّاسُ يَنْصَرِفُونَ فِي كُلِّ وَجْهٍ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَنْفِرَنَّ أَحَدٌ حَتَّى يَكُونَ آخِرُ عَهْدِهِ الطَّوَافَ بِالْبَيْتِ۔

طاؤس سے روایت ہے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا:۔ لوگ ہر طرف سے واپس لوٹنے لگتے تو نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ تم میں سے کسی کو نہیں جانا چاہیئے یہاں تک کہ اُس کا آخری کام بیت اللہ کا طواف ہو۔

ف۔ حج فرض قرار دے کر پروردگارِ عالم نے مکہ مکرمہ کے جن مقدس مقامات پر حج ادا کروایا، ان میں سب سے مقدس و معظم بیت اللہ ہے۔ لہٰذا حج وعمرہ کرنے والے کا آخری کام الوداعی طواف ہونا چاہیئے۔ اِس عصیاں شعار بندے کی دعا ہے کہ خدائے ذوالمنن اپنے حبیب کے صدقے مجھے بھی حج بیت اللہ اور روضۂ اطہر کی زیارت کے شرف سے مشرف فرمائے

www.sirat-e-mustaqeem.com

آمین یا ارحم الراحمین وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ حبیبہٖ محمد وعلیٰ آلہٖ وصحبہٖ اجمعین۔

بَابُ الْحَائِضِ تَخْرُجُ بَعْدَ الْإِفَاضَةِ۔

۲۳۵۔ حَدَّثَنَا الْقَعْنَبِيُّ عَنْ مَالِكٍ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَائِشَةَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَكَرَ صَفِيَّةَ بِنْتَ حُيَيٍّ فَقِيلَ إِنَّهَا قَدْ حَاضَتْ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَعَلَّهَا حَابِسَتُنَا فَقَالُوا يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنَّهَا قَدْ أَفَاضَتْ فَقَالَ فَلَا إِذًا۔

۲۳۶۔ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَوْنٍ أَنَا أَبُو عَوَانَةَ أَنَا يَعْلَى بْنُ عَطَاءٍ عَنِ الْوَلِيدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ عَنِ الْحَارِثِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ أَوْسٍ قَالَ أَتَيْتُ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ فَسَأَلْتُهُ عَنِ الْمَرْأَةِ تَطُوفُ بِالْبَيْتِ يَوْمَ النَّحْرِ ثُمَّ تَحِيضُ قَالَ لِيَكُنْ آخِرُ عَهْدِهَا بِالْبَيْتِ قَالَ فَقَالَ الْحَارِثُ كَذَلِكَ أَفْتَانِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فَقَالَ عُمَرُ أَرِبْتَ عَنْ يَدَيْكَ سَأَلْتَنِي عَنْ شَيْءٍ سَأَلْتَ عَنْهُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِكَيْمَا أُخَالِفَ۔

حائضہ طوافِ افاضہ کے بعد نکلے

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت صفیہ بنت حیی کا ذکر فرمایا تو عرض کی گئی وہ انہیں حیض آگیا ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ شاید وہ ہمیں روکے۔ عرض کی گئی کہ یا رسول اللہ! وہ طوافِ افاضہ کر چکی ہیں۔ فرمایا پھر تو کوئی بات نہیں۔

حضرت حارث بن عبداللہ بن اوس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ میں حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس گیا، اور ان سے ایسی عورت کے متعلق پوچھا جو یوم النحر کو بیت اللہ کا طواف کرلے، پھر اسے حیض آجائے۔ فرمایا کہ اس کا آخری کام طواف ہو۔ حضرت حارث نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بھی مجھے اسی طرح بتایا تھا۔ حضرت عمر نے کہا، آپ کے ہاتھ گریں، آپ مجھ سے وہ بات پوچھتے ہیں جو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے پوچھ لی ہے، مبادا میں خلاف کہوں۔

بَابُ طَوَافِ الْوَدَاعِ۔

۲۳۷۔ حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ عَنْ خَالِدٍ عَنْ أَفْلَحَ عَنِ الْقَاسِمِ عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهَا قَالَتْ أَحْرَمْتُ مِنَ التَّنْعِيمِ بِعُمْرَةٍ فَدَخَلْتُ فَقَضَيْتُ عُمْرَتِي وَانْتَظَرَنِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْأَبْطَحِ حَتَّى فَرَغْتُ وَأَمَرَ النَّاسَ بِالرَّحِيلِ قَالَتْ وَأَتَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْبَيْتَ فَطَافَ بِهِ ثُمَّ خَرَجَ۔

۲۳۸۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا أَبُو بَكْرٍ يَعْنِي الْحَنَفِيَّ نَا أَفْلَحُ عَنِ الْقَاسِمِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ خَرَجْتُ مَعَهُ تَعْنِي مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ

رخصت ہوتے وقت طواف کرنا

قاسم بن محمد سے روایت ہے کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا، میں نے تنعیم سے عمرہ کا احرام باندھا پس میں داخل ہوئی (مکہ مکرمہ میں) تو میں نے اپنا عمرہ پورا کیا۔ اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ابطح کے مقام پر میرا انتظار فرما رہے تھے۔ جب میں فارغ ہو گئی تو آپ نے لوگوں کو کوچ کرنے کا حکم فرمایا۔ وہ فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بیت اللہ آئے، طواف کیا پھر نکلے۔

قاسم بن محمد سے روایت ہے کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا کہ میں نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ ایام تشریق کے آخری روز نکلی تو آپ محصب

www.sirat-e-mustaqeem.com

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي النَّفْرِ الْآخِرِ فَنَزَلَ الْمُحَصَّبَ فِي هٰذَا الْحَدِيْثِ قَالَتْ ثُمَّ جِئْتُهُ بِسَحَرٍ فَأَذَّنَ فِي أَصْحَابِهِ بِالرَّحِيْلِ فَارْتَحَلَ فَمَرَّ بِالْبَيْتِ قَبْلَ صَلٰوةِ الصُّبْحِ فَطَافَ بِهِ حِيْنَ خَرَجَ ثُمَّ انْصَرَفَ مُتَوَجِّهًا إِلَى الْمَدِيْنَةِ۔

میں اترے۔ اس حدیث میں فرمایا۔ میں علی الصبح آپ کی خدمت میں حاضر ہوئی تو آپ نے اپنے ساتھیوں میں کوچ کا اعلان کروایا۔ چل پڑے تو آپ نماز فجر سے پہلے بیت اللہ کے پاس سے گزرے اور نکلتے وقت اس کا طواف کیا۔ پھر فارغ ہوکر مدینہ منورہ کی جانب متوجہ ہوگئے۔

۲۳۹۔ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مَعِيْنٍ نَا هِشَامُ ابْنُ يُوْسُفَ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ أَخْبَرَنِي عُبَيْدُ اللّٰهِ ابْنُ أَبِي يَزِيْدَ أَنَّ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ طَارِقٍ أَخْبَرَهُ عَنْ أُمِّهِ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ إِذَا جَازَ مَكَانًا مِنْ دَارِ يَعْلَى نَسِيَهُ عُبَيْدُ اللّٰهِ اسْتَقْبَلَ الْبَيْتَ فَدَعَا۔

عبیداللہ بن ابویزید سے روایت ہے کہ عبدالرحمن بن طارق کو ان کی والدۂ ماجدہ نے بتایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب یعلیٰ کے مکان سے آگے بڑھتے۔ اسے عبیداللہ بھول گئے تو بیت اللہ کی جانب منہ کر کے دعا مانگتے۔

بَابُ التَّحْصِيْبِ۔

محصب میں اُترنا

۲۴۰۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ نَا يَحْيَى ابْنُ سَعِيْدٍ عَنْ هِشَامٍ عَنْ أَبِيْهِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ إِنَّمَا نَزَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمُحَصَّبَ لِيَكُوْنَ أَسْمَحَ لِخُرُوْجِهِ وَلَيْسَ بِسُنَّةٍ فَمَنْ شَاءَ نَزَلَهُ وَمَنْ شَاءَ لَمْ يَنْزِلْهُ۔

ہشام نے اپنے والد ماجد سے روایت کی ہے کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے محصب میں نزولِ اجلال فرمایا تاکہ نکلنے میں آسانی ہو اور یہ سنت نہیں ہے لہذا جو چاہے اترے اور جو چاہے نہ اترے۔

ف۔ ابطح یعنی محصب میں اترنا اور ٹھہرنا سنت نہیں ہے بلکہ یہ محض آسانی کی غرض سے ہے لیکن جو وہاں ٹھہرے گا تو ثواب سے محروم نہیں رہے گا کیونکہ حجۃ الوداع میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم محصب میں ٹھہرے تھے۔ جو وادی کنانہ میں ہے جس کے اندر کفار قریش نے بنو ہاشم سے مقاطعہ کی قسمیں کھائی تھیں۔ احادیث میں اس جگہ کو خیف بنی کنانہ بھی کہا گیا ہے کیونکہ خیف وادی کو کہتے ہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

۲۴۱۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ وَعُثْمَانُ ابْنُ أَبِي شَيْبَةَ الْمَعْنٰى ح وَحَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ قَالُوْا نَا سُفْيَانُ نَا صَالِحُ بْنُ كَيْسَانَ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ قَالَ قَالَ أَبُوْ رَافِعٍ لَمْ يَأْمُرْنِي أَنْ أَنْزِلَهُ وَلٰكِنْ ضُرِبَتْ قُبَّتُهُ فَنَزَلَهُ قَالَ مُسَدَّدٌ وَكَانَ عَلَى ثَقَلِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَالَ عُثْمَانُ يَعْنِي فِي الْأَبْطَحِ۔

احمد بن حنبل، عثمان بن ابوشیبہ۔ مسدد، سفیان، صالح بن کیسان، سلیمان بن یسار سے روایت ہے کہ حضرت ابورافع رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ حضور نے مجھے اترنے کا حکم نہیں فرمایا تھا لیکن آپ کے لیے خیمہ نصب کردیا گیا تو اتر گئے۔ مسدد نے کہا کہ یہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے سامان پر نگران تھے۔ عثمان نے کہا کہ ابطح میں۔

۲۴۲۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ

عمرو بن عثمان نے حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ تعالیٰ

www.sirat-e-mustaqeem.com

أَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عَلِيِّ بْنِ حُسَيْنٍ عَنْ عَمْرِو ابْنِ عُثْمَانَ عَنْ أُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُولَ اللهِ أَيْنَ تَنْزِلُ غَدًا فِي حَجَّتِهِ قَالَ هَلْ تَرَكَ لَنَا عَقِيلٌ مَنْزِلًا ثُمَّ قَالَ نَحْنُ نَازِلُونَ بِخَيْفِ بَنِي كِنَانَةَ حَيْثُ قَاسَمَتْ قُرَيْشٌ عَلَى الْكُفْرِ يَعْنِي الْمُحَصَّبَ وَذٰلِكَ أَنَّ بَنِي كِنَانَةَ حَالَفَتْ قُرَيْشًا عَلَى بَنِي هَاشِمٍ أَنْ لَا يُنَاكِحُوهُمْ وَلَا يُؤْوُوهُمْ وَلَا يُبَايِعُوهُمْ قَالَ الزُّهْرِيُّ وَالْخَيْفُ الْوَادِي۔

عنہا سے روایت کی ہے کہ میں عرض گزار ہوا ، آپ اپنے حج میں کل کہاں اتریں گے ؟ فرمایا کیا عقیل نے ہمارے لیے کوئی گھر چھوڑا ہے ؟ پھر فرمایا کہ ہم بنی کنانہ کی وادی میں اتریں گے جہاں قریش نے کفر پر قائم رہنے کی قسمیں کھائی تھیں یعنی محصب میں ۔ یہ اس لیے کہ بنی کنانہ والے بنی ہاشم کے خلاف قریش کے حلیف بنے تھے کہ اُن کے ساتھ شادی بیاہ نہ کریں گے ، نہ انہیں پناہ دیں گے اور نہ اُن کے ساتھ خرید و فروخت کریں گے ۔ زہری نے کہا کہ الخیف وادی کو کہتے ہیں ۔

ف ۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا خیف بنی کنانہ میں حجۃ الوداع کے موقع پر نزول اجلال فرمانا یا ہدی کے اونٹوں میں ابوجہل کا ایک اونٹ بھی لانا جس کی ناک میں چاندی کا چھلا تھا ، یہ اُمور کفار کو جلانے اور اُن کی شان و شوکت کا جنازہ دکھانے کی غرض سے معرضِ وجود میں آئے تھے ۔ محمود غزنوی کا سومنات کو فتح کر کے اُس کے دروازے کو یادگار کے طور پر غزنی لے جانا اسی جذبے کے تحت تھا ۔ ملتِ اسلامیہ جب اپنے عہدِ رفتہ کے غازیوں اور اُن کے عظیم الشان کارناموں کو یاد کرتی ہے تو اس کس مپرسی اور بے بسی کے زمانے میں بے اختیار یہ شعر زبانوں پر مچلنے لگتا ہے ؎

الٰہی پھر مسلمانوں میں پہلی شان پیدا کر !
صلاح الدین غازی سا کوئی سلطان پیدا کر

۲۴۳ ۔ حَدَّثَنَا مَحْمُودُ بْنُ خَالِدٍ نَا عُمَرُ نَا أَبُو عَمْرٍو يَعْنِي الْأَوْزَاعِيَّ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ أَبِي سَلَمَةَ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ حِينَ أَرَادَ أَنْ يَنْفِرَ مِنْ مِنًى نَحْنُ نَازِلُونَ غَدًا فَذَكَرَ نَحْوَهُ لَمْ يَذْكُرْ أَوَّلَهُ وَلَا ذَكَرَ الْخَيْفَ الْوَادِي۔

حضرت ابوسلمہ نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا ، جب کہ منیٰ سے روانہ ہونے لگے کہ کل ہم اتریں گے اور پھر اسی طرح ذکر کیا لیکن پہلے حصّے کا ذکر نہ کیا اور نہ وادیٔ خیف کا ذکر فرمایا ۔

۲۴۴ ۔ حَدَّثَنَا أَبُو سَلَمَةَ مُوسٰى نَا حَمَّادٌ عَنْ حُمَيْدٍ عَنْ بَكْرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ وَأَيُّوبَ عَنْ نَافِعٍ أَنَّ ابْنَ عُمَرَ كَانَ يَهْجَعُ هَجْعَةً بِالْبَطْحَاءِ ثُمَّ يَدْخُلُ مَكَّةَ وَيَزْعُمُ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَفْعَلُ ذٰلِكَ۔

نافع نے حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ وہ بطحاء میں نیند کا ایک جھپکا لے لیا کرتے ، پھر مکہ مکرمہ داخل ہوا کرتے ۔ اُن کا گمان تھا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ایسا ہی کیا کرتے تھے ۔

۲۴۵ ۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ نَا عَفَّانُ نَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ أَنَا حُمَيْدٌ عَنْ بَكْرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ

بکر بن عبد اللہ اور نافع نے حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ

www.sirat-e-mustaqeem.com

عَنِ ابْنِ عُمَرَ وَاَيُّوبَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّى الظُّهْرَ وَالْعَصْرَ وَالْمَغْرِبَ وَالْعِشَاءَ بِالْبَطْحَاءِ ثُمَّ هَجَعَ بِهَا هَجْعَةً ثُمَّ دَخَلَ مَكَّةَ وَكَانَ ابْنُ عُمَرَ يَفْعَلُهُ۔

تعالیٰ علیہ وسلم نے ظہر، عصر، مغرب اور عشاء کی نماز بطحا میں پڑھی۔ پھر نیند کا ایک جھپکا لیا۔ پھر مکہ معظمہ میں داخل ہوئے اور حضرت ابن عمر ایسا ہی کیا کرتے۔

بَابٌ ۷۹ فِي مَنْ قَدَّمَ شَيْئًا قَبْلَ شَيْءٍ فِي حَجِّهِ۔

حج میں کسی رکن کا آگے پیچھے ہو جانا

۲۴۶۔ حَدَّثَنَا الْقَعْنَبِيُّ عَنْ مَالِكٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عِيسَى بْنِ طَلْحَةَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ اَنَّهُ قَالَ وَقَفَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي حَجَّةِ الْوَدَاعِ بِمِنًى يَسْأَلُوْنَهُ فَجَاءَهُ رَجُلٌ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّيْ لَمْ اَشْعُرْ فَحَلَقْتُ قَبْلَ اَنْ اَذْبَحَ قَالَ اذْبَحْ وَلَا حَرَجَ وَجَاءَ رَجُلٌ اٰخَرُ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ لَمْ اَشْعُرْ فَنَحَرْتُ قَبْلَ اَنْ اَرْمِيَ قَالَ ارْمِ وَلَا حَرَجَ فَمَا سُئِلَ يَوْمَئِذٍ عَنْ شَيْءٍ قُدِّمَ اَوْ اُخِّرَ اِلَّا قَالَ اِصْنَعْ وَلَا حَرَجَ۔

عیسیٰ بن طلحہ بن عبید اللہ سے روایت ہے کہ حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم حجۃ الوداع میں منیٰ کے اندر کھڑے ہوئے تاکہ لوگ آپ سے پوچھیں۔ ایک شخص حاضرِ بارگاہ ہو کر عرض گزار ہوا کہ یا رسول اللہ! میں نے بے خبری میں ذبح سے پہلے سر منڈا لیا ہے؟ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ذبح کر لو اور کوئی مضائقہ نہیں۔ دوسرا شخص حاضرِ خدمت ہو کر عرض گزار ہوا، یا رسول اللہ! میں کنکریاں مارنے سے پہلے بے خبری میں نحر کر بیٹھا ہوں؟ فرمایا کنکریاں مار لو اور کوئی مضائقہ نہیں۔ اس روز جس نے بھی کسی تقدیم و تاخیر کے متعلق سوال کیا تو آپ نے یہی فرمایا کہ اسے اب کر لو اور کوئی مضائقہ نہیں۔

۲۴۷۔ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ ابْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ نَا جَرِيْرٌ عَنِ الشَّيْبَانِيِّ عَنْ زِيَادِ بْنِ عِلَاقَةَ عَنْ اُسَامَةَ ابْنِ شَرِيْكٍ قَالَ خَرَجْتُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَاجًّا فَكَانَ النَّاسُ يَاْتُوْنَهُ فَمَنْ قَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ سَعَيْتُ قَبْلَ اَنْ اَطُوْفَ اَوْ قَدَّمْتُ شَيْئًا اَوْ اَخَّرْتُ شَيْئًا فَكَانَ يَقُوْلُ لَا حَرَجَ لَا حَرَجَ اِلَّا عَلٰى رَجُلٍ اِقْتَرَضَ عِرْضَ رَجُلٍ مُسْلِمٍ وَهُوَ ظَالِمٌ فَذٰلِكَ الَّذِيْ حَرِجَ وَهَلَكَ۔

زیاد بن علاقہ سے روایت ہے کہ حضرت اسامہ بن شریک رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا، میں نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ حج کرنے نکلا۔ پس لوگ آپ کی خدمت میں حاضر ہوتے۔ کسی نے کہا کہ یا رسول اللہ! میں نے طواف سے پہلے سعی کر لی ہے یا فلاں چیز کو پہلے کر لیا یا فلاں چیز پیچھے رہ گئی تو آپ یہی فرماتے رہے، کوئی مضائقہ نہیں، کوئی مضائقہ نہیں ہاں جس نے کسی مسلمان کی آبرو ریزی کی ظلم کرتے ہوئے تو اس نے برا کیا اور وہ ہلاک ہو گیا۔

ف۔ مسلمان پر ظلم کرنے والا اور اُس کی عزت و آبرو سے کھیلنے والا نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ارشاد کی روشنی میں ہلاک ہو گیا۔ کیونکہ اُس نے اپنی اُخروی، اصلی اور دائمی زندگی اپنے ہاتھوں برباد کر لی۔ ہائے افسوس! کیا کبھی ہم نے سوچا ہے کہ ہم ملاوٹ کس کے لیے کر رہے ہیں؟ رشوت کن لوگوں سے کر رہے ہیں؟ کن غریبوں کے خون پسینوں کی کمائی سے ہم دادِ عیش دیتے۔ ایئر کنڈیشنوں میں بیٹھتے، کوٹھیوں میں رہتے، کاروں میں چلتے، اور بینکوں میں کروڑوں روپے جمع کراتے ہیں۔ کیا یہ سب کچھ ہماری اپنی کمائی سے حاصل ہوا ہے یا غریبوں کے خون کا ہر قطرہ ہم نے شیرِ مادر سمجھ کر اپنے لیے حلال کر

رکھا ہے۔ بھلا چوری، ڈاکے اور اغوا کے ذریعے ہم نے کن لوگوں کا جینا حرام کر رکھا ہے جبکہ مسلمانوں کی جان و مال اور عزت کیوں محفوظ نہیں ہے؟ ایثار پیشہ قوم آج جلاد کیوں ہو گئی؟ ایک دوسرے کو بھائی سمجھنے والے ایک دوسرے کے دشمن کیوں بن گئے؟ ان اسباب کا کھوج لگانا ہوگا۔ قوم کو اس راستے سے ہٹا کر صحیح راستے پر چلانا ہوگا۔ ورنہ یہ کسی ایک فرد کی تباہی کا نہیں پوری قوم کی تباہی کا پیش خیمہ ہے۔ چارہ گروں کو اس موقع پر آگے بڑھ کر بڑے حکیمانہ انداز میں ان بیماریوں کا علاج کرنا چاہیے، خاموشی، خود فراموشی اور طفل تسلیوں کو چھوڑ کر دانش مندانہ قدم اٹھانا ملک و ملت کے ہر بہی خواہ کے لیے ناگزیر ہو گیا ہے ورنہ ؎

ایسا نہ ہو یہ درد بنے درد لا دوا
ایسا نہ ہو کہ تم بھی مداوا نہ کر سکو

بَابٌ فِي مَكَّةَ

۲۴۸۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ نَا سُفْيَانُ ابْنُ عُيَيْنَةَ حَدَّثَنِي كَثِيرُ بْنُ كَثِيرِ بْنِ الْمُطَّلِبِ ابْنِ أَبِي وَدَاعَةَ عَنْ بَعْضِ أَهْلِهِ عَنْ جَدِّهِ أَنَّهُ رَأَى النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي مِمَّا يَلِي بَابَ بَنِي سَهْمٍ وَالنَّاسُ يَمُرُّونَ بَيْنَ يَدَيْهِ وَلَيْسَ بَيْنَهُمَا سُتْرَةٌ قَالَ سُفْيَانُ لَيْسَ بَيْنَهُ وَبَيْنَ الْكَعْبَةِ سُتْرَةٌ قَالَ سُفْيَانُ كَانَ ابْنُ جُرَيْجٍ أَخْبَرَنَا عَنْهُ قَالَ أَنَا كَثِيرٌ عَنْ أَبِيهِ فَسَأَلْتُهُ فَقَالَ لَيْسَ مِنْ أَبِي سَمِعْتُهُ وَلَكِنْ مِنْ بَعْضِ أَهْلِي عَنْ جَدِّي۔

مکہ معظمہ کا بیان

کثیر بن کثیر بن مطلب بن ابو وداعہ نے اپنے کسی گھر والے سے انہوں نے ان کے جدِ امجد سے روایت کی ہے کہ انہوں نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو باب بنی سہم کے پاس نماز پڑھتے دیکھا جب کہ لوگ آپ کے سامنے سے گزر رہے تھے اور درمیان میں کوئی سترہ نہ تھا۔ سفیان ابن جریج، کثیر نے فرمایا کہ میں نے اسے اپنے والد ماجد سے نہیں بلکہ اپنے گھر والوں میں سے سنا ہے اور اس نے میرے دادا جان سے۔

بَابُ تَحْرِيمِ مَكَّةَ

۲۴۹۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ نَا الْوَلِيدُ ابْنُ مُسْلِمٍ نَا الْأَوْزَاعِيُّ حَدَّثَنِي يَحْيَى يَعْنِي ابْنَ أَبِي كَثِيرٍ عَنْ أَبِي سَلَمَةَ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ لَمَّا فَتَحَ اللهُ عَلَى رَسُولِهِ مَكَّةَ قَامَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيهِمْ فَحَمِدَ اللهَ وَأَثْنَى عَلَيْهِ ثُمَّ قَالَ إِنَّ اللهَ حَبَسَ عَنْ مَكَّةَ الْفِيلَ وَسَلَّطَ عَلَيْهَا رَسُولَهُ وَالْمُؤْمِنِينَ وَإِنَّمَا أُحِلَّتْ لِي سَاعَةً مِنَ النَّهَارِ ثُمَّ هِيَ حَرَامٌ إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ لَا يُعْضَدُ شَجَرُهَا وَلَا يُنَفَّرُ صَيْدُهَا وَلَا تَحِلُّ

مکہ معظمہ کو حرم بنانا

ابو سلمہ سے روایت ہے کہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ جب اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول کے ہاتھوں مکہ مکرمہ کو فتح کروایا تو آپ لوگوں میں کھڑے ہوئے، اللہ تعالیٰ کی حمد و ثنا بیان کی، پھر فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے مکہ مکرمہ سے ہاتھیوں کو روک دیا لیکن اپنے رسول اور ایمان والوں کو اس پر مسلط کر دیا۔ میرے لیے یہ دن کی ایک گھڑی کے لیے حلال نہ فرمایا پھر یہ قیامت تک اسی طرح حرام ہے اس کا درخت نہ کاٹا جائے اور اس کا شکار نہ بھگایا جائے اور اس میں گری ہوئی چیز اٹھانا حلال نہیں ہے مگر بتانے

www.sirat-e-mustaqeem.com

لُقَطَتُهَا اِلَّا لِمُنْشِدٍ فَقَامَ عَبَّاسٌ اَوْ قَالَ قَالَ الْعَبَّاسُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِلَّا الْاِذْخِرَ فَاِنَّهٗ لِقُبُوْرِنَا وَبُيُوْتِنَا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَّا الْاِذْخِرَ قَالَ اَبُوْدَاؤدَ وَزَادَ فِيْهِ ابْنُ الْمُصَفّٰى عَنِ الْوَلِيْدِ فَقَامَ اَبُوْشَاهٍ رَجُلٌ مِّنْ اَهْلِ الْيَمَنِ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اكْتُبُوْا لِيْ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اكْتُبُوْا لِاَبِيْ شَاهٍ قُلْتُ لِلْاَوْزَاعِيِّ مَا قَوْلُهٗ اكْتُبُوْا لِاَبِيْ شَاهٍ قَالَ هٰذِهِ الْخُطْبَةُ الَّتِيْ سَمِعَ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔

کے لیے۔ پس حضرت عباس کھڑے ہوئے یا فرمایا کہ حضرت عباس عرض گزار ہوئے: ۔یا رسول اللہ! اِذخر کے سوا کیونکہ یہ ہماری قبروں اور گھروں میں کام آتی ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اِذخر کے سوا امام ابوداؤد نے فرمایا کہ ابن المصفّٰی نے ولید سے اسے روایت کرتے ہوئے یہ بھی کہا: ۔پس اہلِ یمن سے ابوشاہ نامی کھڑے ہو کر عرض گزار ہوئے۔ یا رسول اللہ! اسے میرے لیے لکھ دیجئے۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ابوشاہ کے لیے لکھ دو۔ میں نے اوزاعی سے کہا کہ ابوشاہ کے لیے کیا لکھنے کو فرمایا تھا؟ فرمایا کہ وہ خطبہ جو انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ سے سنا تھا۔

٢٥٠۔ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ ابْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ نَا جَرِيْرٌ عَنْ مَنْصُوْرٍ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنْ طَاؤسٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ فِيْ هٰذِهِ الْقِصَّةِ وَلَا يُخْتَلٰى خَلَاهَا۔

عثمان بن ابوشیبہ، جریر، منصور، مجاہد، طاؤس نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے اس واقعے کو روایت کرتے ہوئے وَلَا يُخْتَلٰى خَلَاهَا بھی کہا۔

٢٥١۔ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ ابْنُ مَهْدِيٍّ نَا اِسْرَائِيْلُ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ مُهَاجِرٍ عَنْ يُوْسُفَ بْنِ مَاهِكٍ عَنْ اُمِّهٖ عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَلَا نَبْنِيْ لَكَ بِمِنًى بَيْتًا اَوْ بِنَاءً يُظِلُّكَ مِنَ الشَّمْسِ فَقَالَ لَا اِنَّمَا هُوَ مُنَاخُ مَنْ سَبَقَ اِلَيْهِ۔

یوسف بن ماہک نے اپنی والدہ ماجدہ سے روایت کی ہے کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: ۔میں عرض گزار ہوئی کہ یا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم منیٰ میں آپ کے لیے کوئی گھر یا عمارت نہ بنا دی جائے کہ دھوپ سے بچاؤ رہے۔ فرمایا نہیں، اترنے کی جگہ اس کی ہے جو پہلے جائے۔

٢٥٢۔ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ نَا اَبُوْ عَاصِمٍ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ يَحْيٰى بْنِ ثَوْبَانَ اَخْبَرَنِيْ عُمَارَةُ ابْنُ ثَوْبَانَ حَدَّثَنِيْ مُوْسَى بْنُ بَاذَانَ قَالَ اَتَيْتُ يَعْلَى ابْنَ اُمَيَّةَ فَقَالَ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ احْتِكَارُ الطَّعَامِ فِي الْحَرَمِ اِلْحَادٌ فِيْهِ۔

حسن بن علی، ابوعاصم، جعفر بن یحییٰ بن ثوبان، عمارہ بن ثوبان، موسیٰ بن باذان نے حضرت یعلیٰ بن امیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: ۔حرم میں غلّے کی ذخیرہ اندوزی الحاد ہے۔

بَابٌ فِيْ نَبِيْذِ السِّقَايَةِ۔

سبیل نبیذ کا بیان

٢٥٣۔ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَوْنٍ اَنَا خَالِدٌ عَنْ حُمَيْدٍ عَنْ بَكْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ قَالَ رَجُلٌ لِابْنِ عَبَّاسٍ مَا بَالُ اَهْلِ هٰذَا الْبَيْتِ يَسْقُوْنَ

بکر بن عبد اللہ سے روایت ہے کہ ایک آدمی نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے کہا کہ اس گھر والوں کو کیا ہو گیا ہے کہ یہ نبیذ پلاتے ہیں اور ان

النَّبِيْذَ وَبَنُوْ عَمِّهِمْ يَسْقُوْنَ اللَّبَنَ وَالْعَسَلَ وَالسَّوِيْقَ أَبُخْلٌ بِهِمْ أَمْ حَاجَةٌ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ مَا بِنَا مِنْ بُخْلٍ وَلَا بِنَا مِنْ حَاجَةٍ وَلٰكِنْ دَخَلَ عَلَيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى رَاحِلَتِهِ وَخَلْفَهُ أُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ فَدَعَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِشَرَابٍ فَأُتِيَ بِنَبِيْذٍ فَشَرِبَ مِنْهُ وَدَفَعَ فَضْلَهُ إِلٰى أُسَامَةَ فَشَرِبَ مِنْهُ ثُمَّ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَحْسَنْتُمْ وَأَجْمَلْتُمْ كَذٰلِكَ فَافْعَلُوْا فَنَحْنُ هٰكَذَا لَا نُرِيْدُ أَنْ نُغَيِّرَ مَا قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔

کے چچازاد بھائی (قریش) دودھ، شہد اور ستو پلاتے ہیں۔ کیا یہ لوگوں کے ساتھ بخل ہے یا ضرورت ایسا کرواتی ہے؟ حضرت ابن عباس نے فرمایا کہ نہ ہم بخیل ہیں اور نہ کوئی مجبوری حائل ہے بلکہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہمارے پاس تشریف لائے اور سواری پر پیچھے حضرت اسامہ بن زید کو بٹھا رکھا تھا۔ پس رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے پلانے کے لیے ارشاد فرمایا چنانچہ نبیذ پیش کیا گیا تو اس میں سے نوش فرمایا اور بچا ہوا حضرت اسامہ کو دیا تو انہوں نے پیا۔ پھر رسول اللہ نے فرمایا: اچھا کرتے ہو بہت خوب کرتے ہو اسی طرح کرتے رہو۔ پس رسول اللہ نے جس کی تحسین فرمائی ہم اس میں تبدیلی کرنا نہیں چاہتے۔

ف۔ بنو ہاشم کے نبیذ پلانے کو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے احسنتم واجملتم کے لفظوں میں تحسین فرمائی۔ قربان جائیں تعلق بالرسول کے اس مبارک جذبے پر کہ جس چیز پر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ وسلم نے تحسین فرمائی۔ وہی نبیذ پلانا بنی ہاشم نے اپنا معمول بنا لیا جب کہ قریش دوسری چیزیں بھی پلاتے تھے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

بَابُ الْإِقَامَةِ بِمَكَّةَ۔

مکہ مکرمہ میں ٹھہرنا

٢٥٤۔ حَدَّثَنَا الْقَعْنَبِيُّ نَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ يَعْنِي الدَّرَاوَرْدِيَّ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ حُمَيْدٍ أَنَّهُ سَمِعَ عُمَرَ بْنَ عَبْدِ الْعَزِيْزِ يَسْأَلُ السَّائِبَ بْنَ يَزِيْدَ هَلْ سَمِعْتَ فِي الْإِقَامَةِ بِمَكَّةَ شَيْئًا قَالَ أَخْبَرَنِي ابْنُ الْحَضْرَمِيِّ أَنَّهُ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ لِلْمُهَاجِرِيْنَ إِقَامَةٌ بَعْدَ الصَّدَرِ ثَلَاثًا۔

عبدالرحمٰن بن حمید نے عمر بن عبدالعزیز کو سائب بن یزید سے دریافت کرتے ہوئے سنا کہ کیا آپ نے مکہ مکرمہ میں رہنے کے متعلق سنا ہے؟ فرمایا کہ مجھے حضرت ابن الحضرمی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بتایا کہ انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ فارغ ہونے کے بعد مہاجرین تین دن ٹھہر سکتے ہیں۔

بَابُ الصَّلٰوةِ فِي الْكَعْبَةِ۔

کعبہ میں نماز پڑھنا

٢٥٥۔ حَدَّثَنَا الْقَعْنَبِيُّ عَنْ مَالِكٍ عَنْ نَافِعٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ الْكَعْبَةَ هُوَ وَأُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ وَعُثْمَانُ بْنُ طَلْحَةَ الْحَجَبِيُّ وَبِلَالٌ فَأَغْلَقَهَا عَلَيْهِ فَمَكَثَ فِيْهَا قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ فَسَأَلْتُ بِلَالًا حِيْنَ خَرَجَ مَاذَا صَنَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ جَعَلَ عَمُوْدًا

نافع نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کعبہ میں داخل ہوئے۔ حضرت اسامہ بن زید، حضرت عثمان بن طلحہ اور حضرت بلال تھے۔ دروازہ بند کر لیا گیا اور ٹھہرے رہے، باہر آنے پر حضرت عبداللہ بن عمر نے حضرت بلال سے پوچھا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے کیا کیا؟ کہا کہ ایک ستون کو بائیں جانب، ایک کو دائیں طرف اور

www.sirat-e-mustaqeem.com

عن يساره وعمودين عن يمينه وثلاثة أعمدة وراءه وكان البيت يومئذ على ستة أعمدة ثم صلى۔

تین ستونوں کو پیچھے رکھا اور ان دنوں بیت اللہ کے چھ ستون تھے۔ پھر نماز پڑھی۔

۲۵۶۔ حدثنا عبد الله بن محمد بن إسحق الأذرمي نا عبد الرحمن بن مهدي عن مالك بهذا الحديث لم يذكر السواري قال ثم صلى وبينه وبين القبلة ثلاثة أذرع۔

عبدالرحمن بن مہدی نے اسے امام مالک سے روایت کیا لیکن ستونوں کا ذکر نہیں کیا ہے۔ کہا پھر نماز پڑھی جب کہ آپ کے قبلہ کے درمیان تین ذراع کا فاصلہ تھا۔

۲۵۷۔ حدثنا عثمان ابن أبي شيبة نا أبو أسامة عن عبيد الله عن نافع عن ابن عمر عن النبي صلى الله عليه وسلم بمعنى حديث القعنبي قال ونسيت أن أسأله كم صلى۔

نافع نے حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے معناً حدیثِ قعنبی کی طرح روایت کرتے ہوئے کہا کہ میں اُن سے دریافت کرنا بھول گیا کہ کتنی نماز پڑھی؟

۲۵۸۔ حدثنا زهير بن حرب نا جرير عن يزيد بن أبي زياد عن مجاهد عن عبد الرحمن ابن صفوان قال قلت لعمر بن الخطاب كيف صنع رسول الله صلى الله عليه وسلم حين دخل الكعبة قال صلى ركعتين۔

عبدالرحمن بن صفوان کا بیان ہے کہ میں نے حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب کعبہ میں داخل ہوئے تو کیا کیا؟ فرمایا کہ ۲ دو رکعتیں پڑھی تھیں۔

۲۵۹۔ حدثنا أبو معمر عبد الله بن عمرو ابن أبي الحجاج نا عبد الوارث عن أيوب عن عكرمة عن ابن عباس أن النبي صلى الله عليه وسلم لما قدم مكة أبى أن يدخل البيت وفيه الآلهة فأمر بها فأخرجت قال فأخرج صورة إبراهيم وإسمعيل وفي أيديهما الأزلام فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم قاتلهم الله والله لقد علموا ما استقسما بها قط قال ثم دخل البيت فكبر في نواحيه وفي زواياه ثم خرج ولم يصل فيه۔

عکرمہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب مکہ مکرمہ میں جلوہ افروز ہوئے تو بیت اللہ میں داخل ہونے سے انکار کر دیا کیونکہ اس میں بت تھے۔ پس آپ نے حکم فرمایا تو انہیں نکال دیا گیا۔ راوی کا بیان ہے کہ حضرت ابراہیم اور حضرت اسمٰعیل علیہما السلام کی تصویریں نکال دی گئیں جن کے ہاتھوں میں تیر تھے۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کافروں کو ہلاک کرے، خدا کی قسم وہ جانتے ہیں کہ انہوں نے ہرگز پانسے نہیں ڈالے۔ پھر آپ بیت اللہ میں داخل ہوئے تو تکبیر کہی اس کے گوشوں میں۔ پھر باہر نکلے اور اس میں نماز

۲۶۰۔ حدثنا القعنبي نا عبد العزيز عن علقمة عن أمه عن عائشة أنها قالت كنت أحب أن أدخل البيت وأصلي فيه فأخذ

علقمہ نے اپنی والدہ ماجدہ سے روایت کی ہے کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا، میں بیت اللہ میں داخل ہو کر نماز پڑھنا چاہتی تھی۔ رسول اللہ

رسول الله صلى الله عليه وسلم بيدي فأدخلني في الحجر فقال صلي في الحجر إذا أردت دخول البيت فإنما هو قطعة من البيت فإن قومك اقتصروا حين بنوا الكعبة فأخرجوه من البيت۔

صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے میرا ہاتھ پکڑا اور مجھے حطیم میں داخل کر کے فرمایا۔ جب بیت اللہ میں نماز پڑھنا چاہو تو حطیم میں پڑھ لیا کرو کیونکہ یہ بیت اللہ کا حصہ ہے۔ تمہاری قوم نے تعمیر کرتے وقت کعبہ کو مختصر کر دیا اور اسے بیت اللہ سے نکال دیا۔

٢٦١۔ حدثنا مسدد نا عبد الله بن داود عن إسماعيل بن عبد الملك عن عبد الله بن أبي مليكة عن عائشة أن النبي صلى الله عليه وسلم خرج من عندها وهو مسرور ثم رجع إلي وهو كئيب فقال إني دخلت الكعبة ولو استقبلت من أمري ما استدبرت ما دخلتها إني أخاف أن أكون قد شققت على أمتي۔

عبداللہ بن ابی ملیکہ نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میرے پاس سے گئے تو مسرور تھے اور میرے پاس پھر تشریف لائے تو کبیدہ خاطر تھے۔ فرمایا میں کعبہ میں داخل ہوا اور اگر مجھے پہلے یہ بات معلوم ہوتی جو بعد میں سامنے آئی تو میں اس میں داخل نہ ہوتا۔ مجھے ڈر ہے کہ میری امت مشقت میں مبتلا ہو جائے۔

٢٦٢۔ حدثنا ابن السرح وسعيد بن منصور ومسدد قالوا نا سفيان عن منصور الحجبي حدثني خالي عن أمي قالت سمعت الأسلمية تقول قلت لعثمان ما قال لك رسول الله صلى الله عليه وسلم حين دعاك قال إني نسيت أن آمرك أن تخمر القرنين فإنه ليس ينبغي أن يكون في البيت شيء يشغل المصلي قال ابن السرح خالي مسافع بن شيبة۔

منصور حجبی کے ماموں جان سے ان کی والدہ ماجدہ نے کہا کہ میں نے اسلمیہ کو حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے کہتے ہوئے سنا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے جب آپ کو بلایا تو کیا فرمایا تھا؟ فرمایا تھا کہ میں تم سے یہ کہنا بھول گیا تھا کہ دونوں سینگوں کو چھپا دینا کیونکہ یہ مناسب نہیں ہے کہ بیت اللہ میں ایسی چیز رہے جو نماز میں اپنی طرف مشغول کرے۔ ابن السرح نے کہا کہ میرے ماموں جان کا نام مسافع بن شیبہ ہے۔

ف۔ جو چیز نمازی کی توجہ اپنی طرف کھینچے وہ نمازی کے پاس نہیں ہونی چاہیے لیکن آج کل تو گھروں میں فوٹو اور تصویروں کا زیب و زینت کے لیے آویزاں کرنا اور فریم میں لگا کر رکھنا ایک معمول بن گیا ہے۔ جن کا رکھنا خدا کی رحمت سے دور بھاگتا ہے۔ ایسا کرنے میں دنیا و آخرت کا نقصان تو ضرور ہے لیکن فائدہ کچھ بھی نہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

باب في مال الكعبة۔

کعبے کے مال کا بیان

٢٦٣۔ حدثنا أحمد بن حنبل نا عبد الله بن محمد المحاربي عن الشيباني عن واصل الأحدب عن شقيق عن شيبة يعني ابن عثمان قال قعد عمر بن الخطاب في مقعدك الذي أنت فيه فقال لا أخرج حتى أقسم مال الكعبة قال قلت ما أنت بفاعل قال لم قلت لأن

شقیق سے شیبہ بن عثمان نے کہا کہ جس جگہ تم بیٹھے ہو یہاں حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیٹھے تھے تو انہوں نے فرمایا۔ میں اس وقت تک نہیں نکلوں گا جب تک کعبے کا مال تقسیم نہ کر لوں۔ میں عرض گزار ہوا کہ آپ ایسا کرنے والے نہیں ہیں۔ فرمایا کیوں نہیں، میں ایسا ضرور کروں گا۔ میں نے کہا کہ آپ ایسا کرنے والے نہیں۔

www.sirat-e-mustaqeem.com

www.sirat-e-mustaqeem.com

رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ رَأَى مَكَانَهُ وَأَبُوْ بَكْرٍ وَهُمَا أَحْوَجُ مِنْكَ إِلَى الْمَالِ فَلَمْ يُحَرِّكَاهُ فَقَامَ فَخَرَجَ۔

٢٦٤۔ حَدَّثَنَا حَامِدُ بْنُ يَحْيٰى نَا عَبْدُ اللّٰهِ ابْنُ الْحَارِثِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ إِنْسَانٍ الطَّائِفِيِّ عَنْ أَبِيْهِ عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ عَنِ الزُّبَيْرِ قَالَ لَمَّا أَقْبَلْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ لِيَّةَ حَتّٰى إِذَا كُنَّا عِنْدَ السِّدْرَةِ وَقَفَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ طَرَفِ الْقَرْنِ الْأَسْوَدِ حَذْوَهَا فَاسْتَقْبَلَ نَخِبًا بِبَصَرِهٖ وَقَالَ مَرَّةً وَادِيَهٗ وَوَقَفَ حَتَّى اتَّقَفَ النَّاسُ كُلُّهُمْ ثُمَّ قَالَ إِنَّ صَيْدَ وَجٍّ وَعِضَاهَهٗ حَرَمٌ مُحَرَّمٌ لِلّٰهِ وَذٰلِكَ قَبْلَ نُزُوْلِهِ الطَّائِفَ وَحِصَارِهٖ لِثَقِيْفٍ۔

بَابٌ ٧٦ فِيْ إِتْيَانِ الْمَدِيْنَةِ۔

٢٦٥۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا سُفْيَانُ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تُشَدُّ الرِّحَالُ إِلَّا إِلٰى ثَلَاثَةِ مَسَاجِدَ مَسْجِدِ الْحَرَامِ وَمَسْجِدِيْ هٰذَا وَالْمَسْجِدِ الْأَقْصٰى۔

بَابٌ ٧٧ فِيْ تَحْرِيْمِ الْمَدِيْنَةِ۔

٢٦٦۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيْرٍ أَنَا سُفْيَانُ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ إِبْرَاهِيْمَ التَّيْمِيِّ عَنْ أَبِيْهِ عَنْ عَلِيٍّ قَالَ مَا كَتَبْنَا عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَّا الْقُرْآنَ وَمَا فِيْ هٰذِهِ الصَّحِيْفَةِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَدِيْنَةُ حَرَامٌ مَا بَيْنَ عَائِرٍ إِلٰى ثَوْرٍ فَمَنْ أَحْدَثَ حَدَثًا أَوْ آوٰى مُحْدِثًا فَعَلَيْهِ لَعْنَةُ اللّٰهِ وَالْمَلٰٓئِكَةِ وَالنَّاسِ أَجْمَعِيْنَ لَا يُقْبَلُ مِنْهُ عَدْلٌ وَلَا صَرْفٌ وَذِمَّةُ الْمُسْلِمِيْنَ وَاحِدَةٌ يَسْعٰى بِهَا أَدْنَاهُمْ فَمَنْ

فرمایا کیوں نہیں؟ میں نے کہا کہ رسول اللہ نے اسے اسی جگہ دیکھا اور حضرت ابوبکر نے بھی ان دونوں کو مال کی آپ سے زیادہ ضرورت تھی لیکن دونوں نے اسے نہ ہلایا پس وہ کھڑے ہو کر باہر چلے گئے۔

عروہ بن زبیر سے روایت ہے کہ حضرت زبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ جب ہم رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ قرنِ اسود کے کنارے پر کھڑے ہوئے اور نخب کی طرف دیکھا۔ ایک دفعہ وادی کا لفظ کہا۔ فرمایا کہ صید وج اور اس کے درخت حرمت والے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے حرام فرمائے ہیں۔ یہ واقعہ طائف میں اُترنے اور ثقیف کا محاصرہ کرنے سے پہلے کی بات ہے۔

مدینہ منورہ کی حاضری کا بیان

سعید بن مسیب نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ کجاوے نہ کسے جائیں مگر تین مسجدوں کی طرف یعنی مسجد حرام میری مسجد اور مسجدِ اقصیٰ کی طرف۔

مدینہ منورہ کو حرم بنانا

ابراہیم تیمی نے اپنے والد ماجد سے روایت کی ہے کہ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ ہم نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے کچھ نہیں لکھا مگر قرآنِ مجید اور جو اس کتابچے میں ہے۔ چنانچہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ عائر سے ثور تک مدینہ منورہ حرم ہے جو یہاں نئی بات نکالے گا یا کسی نئی بات نکالنے والے کو پناہ دے گا اس پر اللہ فرشتوں اور تمام انسانوں کی لعنت ہے اس کا فرض یا نفل قبول نہیں کیا جائے گا مسلمانوں کا ذمہ ایک ہے جس کیلئے اُن کا ادنیٰ بھی بھاگ دوڑ کرتا ہے جو کسی مسلمان کی پناہ توڑے اس پر اللہ، فرشتوں اور تمام انسانوں کی لعنت ہے

أَخْدَثَ مُحْدِثًا فَعَلَيْهِ لَعْنَةُ اللَّهِ وَالْمَلٰئِكَةِ وَالنَّاسِ أَجْمَعِيْنَ لَا يُقْبَلُ مِنْهُ عَدْلٌ وَلَا صَرْفٌ۔

٢٦٧۔ حَدَّثَنَا ابْنُ الْمُثَنّٰى نَا عَبْدُ الصَّمَدِ نَا هَمَّامٌ نَا قَتَادَةُ عَنْ أَبِيْ حَسَّانَ عَنْ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فِيْ هٰذِهِ الْقِصَّةِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يُخْتَلٰى خَلَاهَا وَلَا يُنَفَّرُ صَيْدُهَا وَلَا تُلْتَقَطُ لُقَطَتُهَا إِلَّا لِمَنْ أَشَادَ بِهَا وَلَا يَصْلُحُ لِرَجُلٍ أَنْ يَحْمِلَ فِيْهَا السِّلَاحَ لِقِتَالٍ وَلَا يَصْلُحُ أَنْ يُقْطَعَ مِنْهَا شَجَرَةٌ إِلَّا أَنْ يَعْلِفَ رَجُلٌ بَعِيْرَهُ۔

٢٦٨۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ أَنَّ زَيْدَ بْنَ الْحُبَابِ حَدَّثَهُمْ نَا سُلَيْمَانُ بْنُ كِنَانَةَ مَوْلٰى عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ أَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَبِيْ سُفْيَانَ عَنْ عَدِيِّ بْنِ زَيْدٍ قَالَ حَمٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كُلَّ نَاحِيَةٍ مِّنَ الْمَدِيْنَةِ بَرِيْدًا بَرِيْدًا لَا يُخْبَطُ شَجَرُهُ وَلَا يُعْضَدُ إِلَّا مَا يُسَاقُ بِهِ الْجَمَلُ۔

٢٦٩۔ حَدَّثَنَا أَبُوْ سَلَمَةَ نَا جَرِيْرٌ يَعْنِي ابْنَ حَازِمٍ قَالَ حَدَّثَنِيْ يَعْلَى بْنُ حَكِيْمٍ عَنْ سُلَيْمَانَ أَبِيْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ رَأَيْتُ سَعْدَ بْنَ أَبِيْ وَقَّاصٍ أَخَذَ رَجُلًا يَصِيْدُ فِيْ حَرَمِ الْمَدِيْنَةِ الَّذِيْ حَرَّمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَلَبَهُ ثِيَابَهُ فَجَاءَ مَوَالِيْهِ فَكَلَّمُوْهُ فِيْهِ فَقَالَ إِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَرَّمَ هٰذَا الْحَرَمَ وَقَالَ مَنْ وَجَدَ أَحَدًا يَصِيْدُ فِيْهِ فَلْيَسْلُبْهُ وَلَا أَرُدُّ عَلَيْكُمْ طُعْمَةً أَطْعَمَنِيْهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلٰكِنْ إِنْ شِئْتُمْ دَفَعْتُ إِلَيْكُمْ ثَمَنَهُ۔

٢٧٠۔ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ ابْنُ أَبِيْ شَيْبَةَ نَا يَزِيْدُ ابْنُ هَارُوْنَ أَنَا ابْنُ أَبِيْ ذِئْبٍ عَنْ صَالِحٍ مَوْلٰى

[illegible]

اسکا کوئی فرض اور نفل قبول نہ ہوگا جو کسی قوم کا اسکے خیرخواہوں کی اجازت کے بغیر حاکم بن بیٹھے تو اس پر اللہ تعالیٰ، فرشتوں اور تمام انسانوں کی لعنت۔

ابو حسان نے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے اس واقعے کو روایت کرتے ہوئے کہا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ اس کی گھاس نہ کاٹی جائے، اس کا شکار نہ بھگایا جائے اور اس کی گری ہوئی چیز نہ اُٹھائی جائے۔ مگر جو بتائے اور اس میں لڑنے کے لیے ہتھیار اٹھانا درست نہیں ہے۔ اور اس کا درخت کاٹنا مناسب نہیں مگر اپنے اونٹ کے چارے کو۔

محمد بن علاء، زید بن حباب، سلیمان بن کنانہ مولیٰ عثمان بن عفان، عبداللہ بن ابو سفیان سے روایت ہے کہ حضرت عدی بن زید رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مدینہ منورہ کے گرداگرد ایک ایک برید کو محفوظ کر دیا کہ اس کا درخت نہ کاٹا جائے اور نہ اس کے پتے جھاڑے جائیں مگر جو اونٹ کو چرانے ہوں۔

سلیمان عبداللہ کا بیان ہے کہ میں نے حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو دیکھا کہ ایک آدمی کو پکڑ رکھا ہے جو مدینہ منورہ کے حرم میں شکار کر رہا تھا جس کو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حرام فرمایا ہے۔ پس انہوں نے اس کے کپڑے چھین لیے پس اس کا ایک دوست آکر ان سے جھگڑنے لگا تو فرمایا۔ بیشک رسول اللہ نے اس حرم کو حرام کیا ہے اور فرمایا۔ جو اس میں کسی کو شکار کرتا ہوا پائے تو اس کا سامان چھین لے۔ لہذا میں تمہیں وہ چیز واپس نہیں دوں گا جو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے دلائی ہے۔ اگر تم چاہو تو میں تمہیں اس کی قیمت ادا کر دیتا ہوں۔

صالح مولیٰ تو امہ نے مولیٰ سعد سے روایت کی ہے کہ حضرت سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے مدینہ منورہ کے

www.sirat-e-mustaqeem.com

التوأمة عن مولى لسعد أن سعدا وجد عبيدا من عبيد المدينة يقطعون من شجر المدينة فأخذ متاعهم وقال يعني لمواليهم سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم ينهى أن يقطع من شجر المدينة شيء وقال من قطع منه شيئا فلمن أخذه سلبه۔

غلاموں میں سے ایک غلام کو مدینہ منورہ کے درخت کاٹتے ہوئے پایا تو اس کا سامان چھین لیا اور اس کے مالکوں سے فرمایا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو مدینہ منورہ کے درخت کاٹنے سے منع فرماتے ہوئے سنا ہے اور فرمایا کہ جو اس کا درخت کاٹے تو پکڑنے والا اس کا سامان چھین لے۔

٢٧١۔ حدثنا محمد بن حفص أبو عبد الرحمن القطان نا محمد بن خالد أخبرني خارجة بن الحارث الجهني أخبرني أبي عن جابر بن عبد الله أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال لا يخبط ولا يعضد حمى رسول الله صلى الله عليه وسلم ولكن يهش هشا رفيقا۔

خارجہ بن حارث جہنی کے والد ماجد نے حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ پتے نہ جھاڑے جائیں اور درخت نہ کاٹا جائے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی حرم بنائی ہوئی جگہ سے لیکن آہستہ سے پتے توڑ لیے جائیں۔

٢٧٢۔ حدثنا مسدد نا يحيى ح وحدثنا عثمان ابن أبي شيبة عن ابن نمير عن عبيد الله عن نافع عن ابن عمر أن رسول الله صلى الله عليه وسلم كان يأتي قباء ماشيا وراكبا زاد ابن نمير ويصلي ركعتين۔

مسدد، یحیی۔ عثمان بن ابو شیبہ، ابن نمیر، عبید اللہ، نافع، حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم قباء کے لیے آیا کرتے پیدل اور سوار ہو کر۔ ابن نمیر نے یہ بھی کہا اور دو رکعتیں پڑھا کرتے۔

باب ٢٨٧ زيارة القبور

قبروں کی زیارت کرنا

٢٧٣۔ حدثنا محمد بن عوف نا المقرئ نا حيوة عن أبي صخر حميد بن زياد عن يزيد ابن عبد الله بن قسيط عن أبي هريرة أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال ما من أحد يسلم علي إلا رد الله علي روحي حتى أرد عليه السلام۔

عبد اللہ بن قسیط نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ کوئی ایسا نہیں جو مجھے سلام کرے مگر اللہ تعالیٰ میری روح کو واپس لوٹا دیتا ہے تاکہ میں اس کے سلام کا جواب دوں۔

ف۔ اگر یہ سمجھا جائے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی روح مبارک آپ کے جسم اطہر سے جدا ہے اور جب کوئی سلام عرض کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ آپ کی روح کو جسم انور میں واپس لوٹا دیتا ہے کہ آپ سلام کا جواب دے سکیں۔ اگر صورت حال یہی ہوتی تو غور کرنا چاہیے کہ ستر ہزار فرشتے تو ہر ساعت اور ہر لمحہ اُس بارگاہ بیکس پناہ میں حاضر ہو کر صلوٰۃ و سلام کا نذرانہ پیش کرتے رہتے ہیں۔ اور ہزاروں انسان دنیا کے ہر گوشے سے ہمہ وقت صلوٰۃ و سلام کے پھول نچھاور کرتے رہتے ہیں۔ اگر سلام کا جواب دینے روح اطہر، جسم انور میں آتی اور فارغ ہو کر جاتی رہے تو روزانہ کم از کم کتنی دفعہ آنا اور جانا ہو

www.sirat-e-mustaqeem.com

گا۔ کیا روحِ پاک کی یہ ہمہ وقتی دوڑ نہ ہوگی۔ جو دیکھنے والوں کو عزت افزائی کی جگہ ایک گونہ عذاب ہی نظر آئے گا۔ للٰہذا یہ مفہوم نہیں ہو سکتا بلکہ بات وہی ہے جو شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمائی کہ آپ ہمہ وقت پروردگارِ عالم کی جانب متوجہ رہتے ہیں۔ بوقتِ سلام اللہ تعالیٰ آپ کی توجہ کو مخلوق کی جانب پھیر دیتا ہے تاکہ آپ سلام کا جواب دے سکیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

۲۷۴۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ قَرَأْتُ عَلَى عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نَافِعٍ قَالَ أَخْبَرَنِي ابْنُ أَبِي ذِئْبٍ عَنْ سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيِّ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَجْعَلُوا بُيُوتَكُمْ قُبُورًا وَلَا تَجْعَلُوا قَبْرِي عِيدًا وَصَلُّوا عَلَيَّ فَإِنَّ صَلَاتَكُمْ تَبْلُغُنِي حَيْثُ كُنْتُمْ۔

احمد بن صالح، عبداللہ بن نافع، ابن ابی ذئب، سعید مقبری نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا اپنے گھروں کو قبریں نہ بناؤ اور میری قبر کو عید کی طرح نہ بنا لینا اور مجھ پر درود بھیجتے رہنا کیونکہ تمہارا درود مجھ تک پہنچا دیا جاتا ہے خواہ تم کسی جگہ ہو۔

ف۔ وَلَا تَجْعَلُوا قَبْرِي عِيدًا سے مراد یہ ہے کہ میری قبر پر عید کی طرح سال میں صرف ایک دو ہی مرتبہ آنے کی کوشش نہ کرنا بلکہ اکثر و بیشتر آتے رہنا کیونکہ مخلوق میں مجھ سے بڑھ کر تمہارا خیر خواہ کون ہے؟ میرے پاس آتے رہو گے تو تمہارے شکستہ اور غمگین دلوں کو مسرت و شادمانی کی دولت ملتی رہے گی۔ نیز میری قبر کو عید کی طرح اظہارِ مسرت کی جگہ نہ بنا لینا کیونکہ میں جس جگہ جلوہ افروز ہوتا ہوں وہ تماشا گاہ نہیں بلکہ عرش آستاں اور قبلۂ دین و ایمان بن جاتی ہے۔ پوری کائنات کی نگاہیں اُدھر اُٹھنے لگتی ہیں بلکہ خود ربِ کائنات بھی اُدھر متوجہ ہو جاتا ہے۔ للٰہذا میری قبر کو عید کی طرح نہ بنا لینا۔ واللہ اعلم۔

۲۷۵۔ حَدَّثَنَا حَامِدُ بْنُ يَحْيَى نَا مُحَمَّدُ بْنُ مَعْنٍ الْمَدِينِيُّ أَخْبَرَنِي دَاوُدُ بْنُ خَالِدٍ عَنْ رَبِيعَةَ بْنِ أَبِي عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ رَبِيعَةَ يَعْنِي ابْنَ الْهُدَيْرِ قَالَ مَا سَمِعْتُ طَلْحَةَ بْنَ عُبَيْدِ اللّٰهِ يُحَدِّثُ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَدِيثًا قَطُّ غَيْرَ حَدِيثٍ وَاحِدٍ قَالَ قُلْتُ وَمَا هُوَ قَالَ خَرَجْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُرِيدُ قُبُورَ الشُّهَدَاءِ حَتَّى إِذَا أَشْرَفْنَا عَلَى حَرَّةِ وَاقِمٍ فَلَمَّا تَدَلَّيْنَا مِنْهَا وَإِذَا قُبُورٌ بِمَحْنِيَّةٍ قَالَ قُلْنَا يَا رَسُولَ اللّٰهِ أَقُبُورُ إِخْوَانِنَا هٰذِهِ قَالَ قُبُورُ أَصْحَابِنَا فَلَمَّا جِئْنَا قُبُورَ الشُّهَدَاءِ قَالَ قُبُورُ إِخْوَانِنَا۔

حامد بن یحییٰ، محمد بن معن المدینی، داؤد بن خالد، ربیعہ بن ابو عبدالرحمٰن، ربیعہ بن ہدیر کا بیان ہے کہ میں نے حضرت طلحہ بن عبیداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے ہرگز کوئی حدیث روایت کرتے ہوئے نہیں سنا سوائے ایک حدیث کے۔ میں عرض گزار ہوا کہ وہ کونسی ہے؟ فرمایا کہ ہم رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ قبورِ شہداء کی زیارت کے ارادے سے نکلے یہاں تک کہ ہم حرہ واقم نامی ٹیلے پر چڑھ گئے۔ جب ہم اُترے تو ساتھ ہی متعدد قبریں تھیں۔ ہم عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ! کیا ہمارے بھائیوں کی قبریں یہی ہیں؟ فرمایا یہ ہمارے ساتھیوں کی قبریں ہیں۔ جب ہم قبورِ شہداء کے پاس پہنچے تو فرمایا۔ یہ ہمارے بھائیوں کی قبریں ہیں۔

۲۷۶۔ حَدَّثَنَا الْقَعْنَبِيُّ عَنْ مَالِكٍ عَنْ نَافِعٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى

نافع نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے

www.sirat-e-mustaqeem.com

[illegible] أَنَاخَ بِالْبَطْحَاءِ الَّتِي بِذِي الْحُلَيْفَةِ فَصَلَّى بِهَا فَكَانَ عَبْدُ اللهِ بْنُ عُمَرَ يَفْعَلُ ذٰلِكَ۔

۲۷۷ حَدَّثَنَا الْقَعْنَبِيُّ قَالَ قَالَ مَالِكٌ لَا يَنْبَغِي لِأَحَدٍ أَنْ يُجَاوِزَ الْمُعَرَّسَ إِذَا قَفَلَ رَاجِعًا إِلَى الْمَدِينَةِ حَتَّى يُصَلِّيَ فِيهَا مَا بَدَا لَهُ لِأَنَّهُ بَلَغَنِي أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَرَّسَ بِهِ قَالَ أَبُو دَاوُدَ سَمِعْتُ مُحَمَّدَ بْنَ إِسْحٰقَ الْمَدِينِيَّ قَالَ الْمُعَرَّسُ عَلَى سِتَّةِ أَمْيَالٍ مِنَ الْمَدِينَةِ۔ آخِرُ كِتَابِ الْمَنَاسِكِ۔

ذوالحلیفہ میں بطحاء کے مقام پر اپنا اونٹ بٹھایا تو نماز پڑھی لیں۔ حضرت عبداللہ بن عمر بھی ایسا ہی کیا کرتے تھے۔

امام مالک نے فرمایا کہ کسی کے لیے یہ مناسب نہیں ہے کہ معرس سے آگے بڑھے جبکہ وہ لوٹ کر مدینہ منورہ کو آرہا ہو بلکہ اس میں نماز پڑھے جو میسر آئے کیونکہ مجھے یہ بات پہنچی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اس میں آرام فرما ہوئے۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ میں نے محمد بن اسحٰق مدینی کو فرماتے ہوئے سُنا کہ معرس نامی جگہ مدینہ منورہ سے چھ میل کے فاصلے پر ہے۔ ختم ہوئی۔ کتاب المناسک۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے۔

اَوَّلُ کِتَابُ النِّکَاحِ

نکاح کا بیان

بَابُ التَّحْرِیْضِ عَلَی النِّکَاحِ

نکاح کی رغبت دلانا

۲۷۸۔ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِیْ شَیْبَۃَ نَا جَرِیْرٌ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اِبْرَاھِیْمَ عَنْ عَلْقَمَۃَ قَالَ اِنِّیْ لَاَمْشِیْ مَعَ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ مَسْعُوْدٍ بِمِنًی اِذْ لَقِیَہٗ عُثْمَانُ فَاسْتَخْلَاہُ فَلَمَّا رَاٰی عَبْدُ اللّٰہِ اَنْ لَّیْسَتْ لَہٗ حَاجَۃٌ قَالَ لِیْ تَعَالَ یَا عَلْقَمَۃُ فَجِئْتُ فَقَالَ لَہٗ عُثْمَانُ اَلَا نُزَوِّجُکَ یَا اَبَا عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بِجَارِیَۃٍ بِکْرٍ لَعَلَّہٗ یَرْجِعُ اِلَیْکَ مِنْ نَّفْسِکَ مَا کُنْتَ تَعْھَدُ فَقَالَ عَبْدُ اللّٰہِ لَئِنْ قُلْتَ ذَاکَ لَقَدْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ مَنِ اسْتَطَاعَ مِنْکُمُ الْبَاءَۃَ فَلْیَتَزَوَّجْ فَاِنَّہٗ اَغَضُّ لِلْبَصَرِ وَاَحْصَنُ لِلْفَرْجِ وَمَنْ لَّمْ یَسْتَطِعْ مِنْکُمْ فَعَلَیْہِ بِالصَّوْمِ فَاِنَّہٗ لَہٗ وِجَاءٌ۔

علقمہ کا بیان ہے کہ میں منیٰ میں حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ساتھ چل رہا تھا تو انہیں حضرت عثمان ملے۔ انہوں نے انہیں تنہائی میں لے جانا چاہا۔ حضرت عبداللہ نے دیکھا کہ انہیں نکاح کی ضرورت نہیں ہے تو مجھ سے فرمایا۔ اے علقمہ! آجاؤ۔ پس میں آگیا تو حضرت عثمان نے ان سے فرمایا۔ اے ابوعبدالرحمٰن! کیا میں تمہارا نکاح ایک کنواری لڑکی سے نہ کر دوں کہ تمہاری گئی ہوئی طاقت واپس آجائے۔ حضرت عبداللہ نے کہا۔ آپ ایسی بات کہتے ہیں حالانکہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ جو تم میں سے حقوق ادا کرنے کی طاقت رکھے تو نکاح کر لے کیونکہ یہ نظر کو جھکاتا اور شرمگاہ کو محفوظ رکھتا ہے اور جس میں یہ استطاعت نہ ہو تو وہ روزے رکھے کیونکہ اس کے لیے اس میں بچاؤ ہے۔

بَابُ مَا یُؤْمَرُ بِہٖ مِنْ تَزْوِیْجِ ذَاتِ الدِّیْنِ۔

دیندار عورت سے نکاح کرنے کا حکم دیا گیا ہے

۲۷۹۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا یَحْیٰی یَعْنِی ابْنَ سَعِیْدٍ حَدَّثَنِیْ عُبَیْدُ اللّٰہِ حَدَّثَنِیْ سَعِیْدُ بْنُ اَبِیْ سَعِیْدٍ عَنْ اَبِیْہِ عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ تُنْکَحُ النِّسَاءُ لِاَرْبَعٍ لِمَالِھَا وَلِحَسَبِھَا وَلِجَمَالِھَا وَلِدِیْنِھَا فَاظْفَرْ بِذَاتِ الدِّیْنِ تَرِبَتْ یَدَاکَ۔

سعید بن ابو سعید کے والد ماجد نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ عورتوں سے چار باتوں کی وجہ سے نکاح کیا جاتا ہے۔ اس کے مال، اس کے حسب، اس کی خوبصورتی اور اس کے دین کی وجہ سے تیرے ہاتھوں میں مٹی، تو دین والی کو ترجیح دے۔ ف

ف۔ نکاح کے وقت عورت کا مال، جمال اور خاندان اور دین دیکھا جاتا ہے۔ اور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ہمیں ان میں سے دین کو ترجیح دینے کی تلقین کی ہے۔ اگر لڑکی اور لڑکے کے انتخاب میں ہم دین کو ترجیح دیتے تو مسلمانوں کی حالت کچھ ابتر ہوتی اور یہ دینی اور اخلاقی انحطاط نظر نہ آتا جس کے باعث ہم رسوائے زمانہ ہوئے اور اقوام عالم کے سامنے سامانِ تضحیک ہو کر رہ گئے ہیں۔ شاعرِ مشرق اسی صورتِ حال پہ تو یوں نوحہ کناں ہوئے تھے ؎

وائے ناکامی متاعِ کارواں جاتا رہا! کارواں کے دل سے احساسِ زیاں جاتا رہا۔

www.sirat-e-mustaqeem.com

باب ۸۱ فِي تَزْوِيجِ الْأَبْكَارِ

۲۸۰۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ نَا أَبُو مُعَاوِيَةَ أَنَا الْأَعْمَشُ عَنْ سَالِمِ بْنِ أَبِي الْجَعْدِ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ قَالَ لِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَتَزَوَّجْتَ قُلْتُ نَعَمْ قَالَ بِكْرًا أَمْ ثَيِّبًا فَقُلْتُ ثَيِّبًا قَالَ أَفَلَا بِكْرًا تُلَاعِبُهَا وَتُلَاعِبُكَ قَالَ أَبُو دَاوُدَ كَتَبَ إِلَيَّ حُسَيْنُ بْنُ حُرَيْثٍ الْمَرْوَزِيُّ۔

کنواری لڑکی سے نکاح کرنا

سالم بن ابو الجعد نے حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مجھ سے فرمایا کیا تم نے نکاح کر لیا؟ میں نے عرض کی، ہاں فرمایا کنواری سے یا شوہر دیدہ سے؟ عرض گزار ہوا کہ شوہر دیدہ سے۔ فرمایا کنواری سے کیوں نہ کی کہ تم اس سے دل بہلاتے اور وہ تم سے دل بہلاتی۔ امام ابو داؤد نے فرمایا کہ یہ مجھے حسین بن حریث مروزی نے لکھا تھا۔

۲۸۱۔ حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ مُوسَى عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ وَاقِدٍ عَنْ عُمَارَةَ بْنِ أَبِي حَفْصَةَ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ إِنَّ امْرَأَتِي لَا تَمْنَعُ يَدَ لَامِسٍ قَالَ غَرِّبْهَا قَالَ أَخَافُ أَنْ تَتْبَعَهَا نَفْسِي قَالَ فَاسْتَمْتِعْ بِهَا

عمارہ بن ابو حفصہ نے عکرمہ سے روایت کی ہے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا۔ ایک آدمی نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر عرض گزار ہوا کہ میری بیوی کسی چھونے والے کا ہاتھ نہیں روکتی۔ فرمایا کہ اسے طلاق دے دو۔ عرض کی مجھے ڈر ہے کہ میرا دل اس کا پیچھا کرے۔ فرمایا تو اس سے فائدہ حاصل کرو۔

۲۸۲۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ نَا يَزِيدُ ابْنُ هَارُونَ أَنَا مُسْتَلِمُ بْنُ سَعِيدٍ ابْنِ أُخْتِ مَنْصُورِ ابْنِ زَاذَانَ عَنْ مَنْصُورٍ يَعْنِي ابْنَ زَاذَانَ عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ قُرَّةَ عَنْ مَعْقِلِ بْنِ يَسَارٍ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ إِنِّي أَصَبْتُ امْرَأَةً ذَاتَ جَمَالٍ وَحَسَبٍ وَإِنَّهَا لَا تَلِدُ أَفَأَتَزَوَّجُهَا قَالَ لَا ثُمَّ أَتَاهُ الثَّانِيَةَ فَنَهَاهُ ثُمَّ أَتَاهُ الثَّالِثَةَ فَقَالَ تَزَوَّجُوا الْوَدُودَ الْوَلُودَ فَإِنِّي مُكَاثِرٌ بِكُمْ۔

معاویہ بن قرہ سے روایت ہے کہ حضرت معقل بن یسار رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ ایک آدمی نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر عرض گزار ہوا کہ مجھے ایک عورت ملی ہے جو خوبصورت اور خاندانی ہے لیکن اس کے ہاں اولاد نہیں ہوتی، کیا میں اس سے نکاح کر لوں؟ فرمایا نہیں پھر دوبارہ حاضر ہوا تو آپ نے منع فرما دیا۔ پھر سہ بارہ حاضر ہوا تو آپ نے فرمایا۔ نکاح اس سے کرو جو محبت کرنے والی اور اولاد جننے والی ہو کیونکہ میں تمہاری کثرت دیکھنا چاہتا ہوں۔

باب ۸۲ فِي قَوْلِهِ الزَّانِي لَا يَنْكِحُ إِلَّا زَانِيَةً۔

ارشادِ ربانی کہ زانی زانیہ سے نکاح کرے

۲۸۳۔ حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدٍ التَّيْمِيُّ نَا يَحْيَى عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ الْأَخْنَسِ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ أَنَّ مَرْثَدَ بْنَ أَبِي مَرْثَدٍ الْغَنَوِيَّ كَانَ يَحْمِلُ الْأُسَارَى بِمَكَّةَ وَكَانَ بِمَكَّةَ بَغِيٌّ يُقَالُ لَهَا عَنَاقُ وَكَانَتْ صَدِيقَتَهُ

عمرو بن شعیب نے اپنے والد ماجد سے اور انہوں نے ان کے جدِ امجد سے روایت کی ہے کہ حضرت مرثد بن ابو مرثد رضی اللہ عنہ مکہ مکرمہ کو قیدی لے جایا کرتے تھے اور مکہ مکرمہ میں عناق نامی ایک بدکار عورت تھی جو ان کی آشنا تھی جب یہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوئے تو

www.sirat-e-mustaqeem.com

قَالَ جِئْتُ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ أَنْكِحُ عَنَاقًا قَالَ فَسَكَتَ عَنِّي فَنَزَلَتْ وَالزَّانِيَةُ لَا يَنْكِحُهَا إِلَّا زَانٍ أَوْ مُشْرِكٌ فَدَعَانِي فَقَرَأَهَا عَلَيَّ وَقَالَ لَا تَنْكِحْهَا۔

٢٨٤۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ وَأَبُو مَعْمَرٍ قَالَا نَا عَبْدُ الْوَارِثِ عَنْ حَبِيبٍ حَدَّثَنِي عَمْرُو بْنُ شُعَيْبٍ عَنْ سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيِّ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَنْكِحُ الزَّانِي الْمَجْلُودُ إِلَّا مِثْلَهُ وَقَالَ أَبُو مَعْمَرٍ قَالَ نَا حَبِيبٌ الْمُعَلِّمُ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ۔

بَابُ ٨٣ فِي الرَّجُلِ يُعْتِقُ أَمَتَهُ ثُمَّ يَتَزَوَّجُهَا۔

٢٨٥۔ حَدَّثَنَا هَنَّادُ بْنُ السَّرِيِّ نَا عَبْثَرٌ عَنْ مُطَرِّفٍ عَنْ عَامِرٍ عَنْ أَبِي بُرْدَةَ عَنْ أَبِي مُوسَى قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ أَعْتَقَ جَارِيَتَهُ وَتَزَوَّجَهَا كَانَ لَهُ أَجْرَانِ۔

٢٨٦۔ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَوْنٍ نَا أَبُو عَوَانَةَ عَنْ قَتَادَةَ وَعَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ صُهَيْبٍ عَنْ أَنَسٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَعْتَقَ صَفِيَّةَ وَجَعَلَ عِتْقَهَا صَدَاقَهَا۔

بَابُ ٨٤ يَحْرُمُ مِنَ الرَّضَاعَةِ مَا يَحْرُمُ مِنَ النَّسَبِ۔

٢٨٧۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ عَنْ مَالِكٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِينَارٍ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَحْرُمُ مِنَ الرَّضَاعَةِ مَا يَحْرُمُ مِنَ الْوِلَادَةِ۔

٢٨٨۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ النُّفَيْلِيُّ نَا زُهَيْرٌ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ زَيْنَبَ

عرض کی۔ یا رسول اللہ! کیا میں عناق سے نکاح کرلوں؟ آپ خاموش ہو گئے تو یہ آیت نازل ہوئی۔ "زانیہ نکاح نہ کرائے مگر زانی یا مشرک سے (۲۴: ۳)" پس آپ نے مجھے بلایا اور یہ سنا کر فرمایا کہ اس سے نکاح نہ کرو۔

سعید مقبری نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ کوڑے کھایا ہوا زانی نکاح نہ کرے مگر اپنے جیسی عورت سے۔ ابو معمر نے کہا کہ حبیب معلم نے اسے عمرو بن شعیب سے روایت کیا ہے۔

لونڈی کو آزاد کر کے اس کے ساتھ نکاح کر لینا

ابو بُردہ نے حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جو اپنی لونڈی کو آزاد کر کے اس کے ساتھ نکاح کر لے تو اس کے لیے دوگنا ثواب ہے۔

عبدالعزیز بن صہیب نے حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت صفیہ کو آزاد فرمایا اور ان کی آزادی کو ان کا مہر قرار دیا۔

جو نسب سے حرام ہیں وہی رضاعت سے حرام ہو جاتے ہیں

عبداللہ بن مسلمہ، مالک، عبداللہ بن دینار، سلیمان بن یسار، عروہ، نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی زوجہ مطہرہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ رضاعت سے وہ رشتے حرام ہو جاتے ہیں جو پیدائش سے حرام ہوتے ہیں۔

زینب بنت ام سلمہ سے روایت ہے کہ حضرت ام حبیبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا عرض گزار ہوئیں۔ یا رسول اللہ! کیا

بِنْتَ اُمِّ سَلَمَةَ اَنَّ اُمَّ حَبِيْبَةَ قَالَتْ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ هَلْ لَكَ فِيْ اُخْتِيْ قَالَ فَاَفْعَلُ مَاذَا قَالَتْ فَتَنْكِحُهَا قَالَ اُخْتَكِ قَالَتْ نَعَمْ قَالَ اَوَتُحِبِّيْنَ ذَالِكَ قَالَتْ لَسْتُ بِمُخْلِيَةٍ بِكَ وَاُحِبُّ مَنْ شَرِكَنِيْ فِيْ خَيْرٍ اُخْتِيْ قَالَ فَاِنَّهَا لَا تَحِلُّ لِيْ قَالَتْ فَوَاللّٰهِ لَقَدْ اُخْبِرْتُ اَنَّكَ تَخْطُبُ دُرَّةَ اَوْ ذُرَّةَ شَكَّ زُهَيْرٌ بِنْتَ اَبِيْ سَلَمَةَ قَالَتْ بِنْتُ اُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ نَعَمْ قَالَ اَمَا وَاللّٰهِ لَوْ لَمْ تَكُنْ رَبِيْبَتِيْ فِيْ حَجْرِيْ مَا حَلَّتْ لِيْ اِنَّهَا ابْنَةُ اَخِيْ مِنَ الرَّضَاعَةِ اَرْضَعَتْنِيْ وَاَبَاهَا ثُوَيْبَةُ فَلَا تَعْرِضْنَ عَلَيَّ بَنَاتِكُنَّ وَلَا اَخَوَاتِكُنَّ۔

باب ۸۵ فِيْ لَبَنِ الْفَحْلِ۔

۲۸۹۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيْرٍ الْعَبْدِيُّ اَنَا سُفْيَانُ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ دَخَلَ عَلَيَّ اَفْلَحُ بْنُ اَبِي الْقُعَيْسِ فَاسْتَتَرْتُ مِنْهُ قَالَ تَسْتَتِرِيْنَ مِنِّيْ وَاَنَا عَمُّكِ قَالَتْ قُلْتُ مِنْ اَيْنَ قَالَ اَرْضَعَتْكِ امْرَاَةُ اَخِيْ قَالَتْ اِنَّمَا اَرْضَعَتْنِي الْمَرْاَةُ وَلَمْ يُرْضِعْنِي الرَّجُلُ فَدَخَلَ عَلَيَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَحَدَّثْتُهُ فَقَالَ اِنَّهُ عَمُّكِ فَلْيَلِجْ عَلَيْكِ۔

باب ۸۶ فِيْ رَضَاعَةِ الْكَبِيْرِ۔

۲۹۰۔ حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ نَا شُعْبَةُ ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيْرٍ اَنَا سُفْيَانُ عَنْ اَشْعَثَ ابْنِ سُلَيْمٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ مَسْرُوْقٍ عَنْ عَائِشَةَ الْمَعْنٰى وَاحِدٌ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ عَلَيْهَا وَعِنْدَهَا رَجُلٌ قَالَ حَفْصٌ فَشَقَّ ذٰلِكَ عَلَيْهِ وَتَغَيَّرَ وَجْهُهُ ثُمَّ اتَّفَقَا قَالَتْ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّهُ اَخِيْ مِنَ الرَّضَاعَةِ فَقَالَ انْظُرْنَ مَنْ اِخْوَانُكُنَّ فَاِنَّمَا الرَّضَاعَةُ مِنَ الْمَجَاعَةِ۔

آپ کو میری بہن میں دلچسپی ہے؟ فرمایا تو کیا کروں؟ عرض کی کہ اس کے ساتھ نکاح کر لیجیے۔ فرمایا تمہاری بہن کے ساتھ؟ عرض کی ہاں فرمایا کیا تم اسے پسند کرتی ہو؟ عرض کی کہ میں آپ کے پاس اکیلی تو نہیں ہوں۔ میں چاہتی ہوں کہ اس سعادت میں اپنی بہن کو شریک کر لوں۔ فرمایا یہ میرے لیے حلال نہیں ہے۔ عرض کی کہ خدا کی قسم مجھے بتایا گیا ہے کہ آپ نے حضرت ابوسلمہ کی صاحبزادی درہ یا ذرہ کو نکاح کا پیغام دیا ہے۔ یہ زہیر کا شک ہے۔ فرمایا، ام سلمہ کی بیٹی کو؟ عرض کی ہاں۔ فرمایا کہ خدا کی قسم اگر وہ میری ربیبہ بھی نہ ہوتی تب بھی میرے لیے حلال نہیں کیونکہ وہ میرے رضاعی بھائی کی بیٹی ہے مجھے اور اس کے باپ کو ثویبہ نے دودھ پلایا تھا۔ پس مجھ پر اپنی بیٹیوں اور بہنوں کو پیش نہ کیا کرو۔

مرد سے دودھ کے رشتے کا بیان

عروہ سے روایت ہے کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا۔ میرے پاس افلح بن ابوقعیس آئے تو میں نے ان سے پردہ کر لیا۔ کہنے لگے تم مجھ سے پردہ کرتی ہو حالانکہ میں تمہارا چچا ہوں انہوں نے کہا، کہاں سے؟ کہا تمہیں میری بھاوج نے دودھ پلایا ہے انہوں نے کہا کہ مجھے عورت نے دودھ پلایا ہے مرد نے تو نہیں پلایا۔ پس رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میرے پاس تشریف لائے تو میں نے عرض کیا۔ فرمایا کہ وہ تمہارا چچا ہے، وہ تمہارے پاس آسکتا ہے۔

بڑے آدمی کا دودھ پینا

حفص بن عمر، شعبہ۔ محمد بن کثیر، سفیان، اشعث بن سلیم سلیم، مسروق نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ان کے پاس تشریف لائے اور ان کے پاس ایک آدمی بیٹھا ہوا تھا حفص کا بیان ہے کہ یہ بات آپ کو ناگوار گزری اور پر نور چہرے کا رنگ بدل گیا۔ عرض گزار ہوئیں کہ یا رسول اللہ! وہ میرا رضاعی بھائی ہے۔ فرمایا غور تو کرو کہ تمہارے بھائی کون ہیں؟ رضاعت اس وقت ثابت ہوتی ہے جب دودھ مدار زندگی ہو۔

www.sirat-e-mustaqeem.com

۲۹۱۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ مُطَهَّرٍ أَنَّ سُلَيْمَانَ بْنَ الْمُغِيرَةِ حَدَّثَهُمْ عَنْ أَبِي مُوسَى عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنٍ لِعَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَسْعُودٍ عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ قَالَ لَا رَضَاعَ إِلَّا مَا شَدَّ الْعَظْمَ وَأَنْبَتَ اللَّحْمَ فَقَالَ أَبُو مُوسَى لَا تَسْأَلُونَا وَهَذَا الْحَبْرُ فِيكُمْ۔

عبد السلام بن مطہر، سلیمان بن مغیرہ، ابو موسیٰ ان کے والد ماجد ابن عبد اللہ بن مسعود، حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ رضاعت نہیں مگر جو ہڈیوں کو مضبوط کرے اور گوشت پیدا کرے۔ حضرت ابو موسیٰ نے فرمایا۔ ہم سے نہ پوچھا کرو جب تک یہ جید عالم تم میں موجود ہیں۔

۲۹۲۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ الْأَنْبَارِيُّ نَا وَكِيعٌ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ الْمُغِيرَةِ عَنْ أَبِي مُوسَى الْهِلَالِيِّ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَعْنَاهُ وَقَالَ أَنْشَزَ الْعَظْمَ۔

محمد بن سلیمان انباری، وکیع، سلیمان بن مغیرہ، ابو موسیٰ ہلال ان کے والد ماجد حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے معناً روایت کرتے ہوئے أَنْشَزَ الْعَظْمَ کہا۔

بَابٌ ۸۷ فِي مَنْ حَرَّمَ بِهِ۔

اس کے ذریعے حرمت

۲۹۳۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ نَا عَنْبَسَةُ حَدَّثَنِي يُونُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ حَدَّثَنِي عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ عَنْ عَائِشَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأُمِّ سَلَمَةَ أَنَّ أَبَا حُذَيْفَةَ بْنَ عُتْبَةَ بْنِ رَبِيعَةَ بْنِ عَبْدِ شَمْسٍ كَانَ تَبَنَّى سَالِمًا وَأَنْكَحَهُ ابْنَةَ أَخِيهِ هِنْدَ بِنْتَ الْوَلِيدِ بْنِ عُتْبَةَ بْنِ رَبِيعَةَ وَهُوَ مَوْلًى لِامْرَأَةٍ مِنَ الْأَنْصَارِ كَمَا تَبَنَّى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ زَيْدًا وَكَانَ مَنْ تَبَنَّى رَجُلًا فِي الْجَاهِلِيَّةِ دَعَاهُ النَّاسُ إِلَيْهِ وَوَرِثَ مِيرَاثَهُ حَتَّى أَنْزَلَ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ فِي ذَلِكَ ادْعُوهُمْ لِآبَائِهِمْ إِلَى قَوْلِهِ فَإِخْوَانُكُمْ فِي الدِّينِ وَمَوَالِيكُمْ فَرُدُّوا إِلَى آبَائِهِمْ فَمَنْ لَمْ يُعْلَمْ لَهُ أَبٌ كَانَ مَوْلًى وَأَخًا فِي الدِّينِ فَجَاءَتْ سَهْلَةُ بِنْتُ سُهَيْلِ بْنِ عَمْرٍو الْقُرَشِيِّ ثُمَّ الْعَامِرِيِّ وَهِيَ امْرَأَةُ أَبِي حُذَيْفَةَ فَقَالَتْ يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنَّا كُنَّا نَرَى سَالِمًا وَلَدًا وَكَانَ يَأْوِي مَعِي وَمَعَ أَبِي حُذَيْفَةَ فِي بَيْتٍ وَاحِدٍ وَيَرَانِي فُضُلًا وَقَدْ أَنْزَلَ اللَّهُ فِيهِمْ مَا قَدْ عَلِمْتَ فَكَيْفَ تَرَى فِيهِ فَقَالَ لَهَا النَّبِيُّ

عروہ بن زبیر نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ازواج مطہرات حضرت عائشہ صدیقہ اور حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ ابو حذیفہ بن عتبہ بن ربیعہ بن عبد شمس نے سالم کو اپنا متبنیٰ بنا لیا تھا اور اس کا نکاح اپنی بھتیجی ہند بنت ولید بن عتبہ بن ربیعہ سے کر دیا تھا وہ ایک انصاری عورت کے مولیٰ تھے جیسے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت زید کو متبنیٰ بنایا تھا اور جو کسی کو متبنیٰ بناتا تو لوگ اسے اسی کی طرف دور جاہلیت میں منسوب کیا کرتے تھے اور وہ اس کی میراث پاتا تھا، یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے اُدْعُوهُمْ لِآبَائِهِمْ ۔۔۔ فَإِخْوَانُكُمْ فِي الدِّينِ وَمَوَالِيكُمْ (۳۳ : ۵) وحی نازل فرمائی تو وہ اپنے باپوں کی طرف منسوب ہونے لگے اور جس کے باپ کا پتہ نہ ہوتا تو اسے مولیٰ یا دینی بھائی کہتے پس سہلہ بنت سہیل ابن عمرو قرشی عامری نے جو حضرت ابو حذیفہ کی بیوی تھیں، حاضر بارگاہ ہو کر عرض کی۔ یا رسول اللہ ہم سالم کو اپنا بیٹا سمجھتے تھے۔ وہ میرے اور حضرت ابو حذیفہ کے ساتھ ایک مکان میں رہتا۔ اس نے مجھے ہر حالت میں دیکھا۔ اللہ تعالیٰ نے ان کے بارے میں حکم نازل فرما دیا جو حضور کو بخوبی معلوم ہے لہٰذا اس کے بارے میں کیا ارشاد ہے؟

www.sirat-e-mustaqeem.com

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَرْضِعِيْهِ فَاَرْضَعَتْهُ خَمْسَ رَضَعَاتٍ فَكَانَ بِمَنْزِلَةِ وَلَدِهَا مِنَ الرَّضَاعَةِ فَبِذٰلِكَ كَانَتْ عَائِشَةُ تَاْمُرُ بَنَاتِ اِخْوَانِهَا وَبَنَاتِ اَخَوَاتِهَا اَنْ يُرْضِعْنَ مَنْ اَحَبَّتْ عَائِشَةُ اَنْ يَرَاهَا وَيَدْخُلَ عَلَيْهَا وَاِنْ كَانَ كَبِيْرًا خَمْسَ رَضَعَاتٍ ثُمَّ يَدْخُلُ عَلَيْهَا وَاَبَتْ اُمُّ سَلَمَةَ وَسَائِرُ اَزْوَاجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يَدْخُلْنَ عَلَيْهِنَّ بِتِلْكَ الرَّضَاعَةِ اَحَدًا مِنَ النَّاسِ حَتّٰى يُرْضَعَ فِي الْمَهْدِ وَقُلْنَ لِعَائِشَةَ وَاللّٰهِ مَا نَدْرِيْ لَعَلَّهَا كَانَتْ رُخْصَةً مِنَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِسَالِمٍ دُوْنَ سَائِرِ النَّاسِ۔

نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا کہ اسے دودھ پلا دو۔ پس انہوں نے پانچ دفعہ دودھ پلا دیا تو وہ رضاعت کے باعث ان کے لیے بمنزلہ بیٹا ہو گیا۔ بایں وجہ حضرت عائشہ اپنی بھتیجیوں اور بھانجیوں کو دودھ پلانے کا حکم فرماتیں پانچ دفعہ جس کے لیے حضرت عائشہ چاہتیں کہ اسے دیکھیں اور اپنے پاس حاضر ہونے دیں، خواہ وہ بڑا ہوتا۔ پھر وہ ان کی خدمت میں حاضر ہو جاتا۔ لیکن حضرت ام سلمہ اور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی دیگر تمام ازواج مطہرات اس سے انکار کرتیں اور ایسی رضاعت کے باعث کسی شخص کو بھی اپنے پاس آنے نہیں دیتی تھیں، جب تک پنگوڑے میں دودھ نہ پیا ہو۔ وہ حضرت عائشہ سے فرماتیں کہ شاید نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے دوسرے لوگوں کے سوا یہ صرف سالم ہی کے متعلق اجازت مرحمت فرمائی ہو۔ ف

ف۔ یہ اجازت صرف حضرت سالم کے ساتھ مخصوص تھی۔ ورنہ مرد کے دودھ پینے سے حرمت ثابت نہیں ہوتی۔ حرمت صرف اسی وقت کے دودھ پینے سے ثابت ہوتی ہے جب بچے کی زندگی کا دارومدار دودھ پر ہو۔ ائمہ اربعہ اور اکثر اہل علم حضرات کا اسی پر اتفاق ہے۔ زمانہ حال کے بعض بے راہ رو حضرات داڑھی مونچھوں والے کے دودھ پینے سے حرمت ثابت کرنے میں کوشاں ہیں، حالانکہ قول فیصل وہی ہے جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حدیث ٢٩٠ میں حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے فرمایا کہ اَلرَّضَاعَةُ مِنَ الْمَجَاعَةِ۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

بَابٌ ٨٨ هَلْ يُحَرِّمُ مَا دُوْنَ خَمْسِ رَضَعَاتٍ۔

کیا پانچ دفعہ سے کم دودھ پلانے سے حرمت ثابت ہو جاتی ہے

٢٩٤۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ الْقَعْنَبِيُّ عَنْ مَالِكٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ بَكْرِ بْنِ مُحَمَّدِ ابْنِ عَمْرِو بْنِ حَزْمٍ عَنْ عَمْرَةَ بِنْتِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّهَا قَالَتْ كَانَ فِيْمَا اَنْزَلَ اللّٰهُ مِنَ الْقُرْاٰنِ عَشْرُ رَضَعَاتٍ يُحَرِّمْنَ ثُمَّ نُسِخْنَ بِخَمْسٍ مَعْلُوْمَاتٍ يُحَرِّمْنَ فَتُوُفِّيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُنَّ مِمَّا يُقْرَاُ مِنَ الْقُرْاٰنِ۔

عمرہ بنت عبدالرحمٰن سے روایت ہے کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں حکم نازل فرمایا کہ دس دفعہ دودھ پلانے سے حرمت ثابت ہو جاتی ہے۔ پھر یہ حکم پانچ دفعہ پلانے کے ناسخ منسوخ ہو گیا۔ پس نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے وفات پائی اور یہ قرآن مجید میں پڑھا جاتا تھا۔

٢٩٥۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدُ بْنُ مُسَرْهَدٍ نَا اِسْمٰعِيْلُ عَنْ اَيُّوْبَ عَنِ ابْنِ اَبِيْ مُلَيْكَةَ عَنْ

حضرت عبداللہ بن زبیر سے روایت ہے کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا۔ رسول اللہ صلی اللہ

www.sirat-e-mustaqeem.com

عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ الزُّبَیْرِ عَنْ عَائِشَۃَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہَا قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَا تُحَرِّمُ الْمَصَّۃُ وَلَا الْمَصَّتَانِ۔

تعالیٰ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ ایک دو مرتبہ پستان چوسنے سے حرمت ثابت نہیں ہوتی۔

بَابٌ ۸۹ فِی الرَّضْخِ عِنْدَ الْفِصَالِ۔

دودھ چھڑاتے وقت انعام دینا

۲۹۶ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰہِ بْنُ مُحَمَّدٍ النُّفَیْلِیُّ نَا اَبُوْ مُعَاوِیَۃَ ح وَحَدَّثَنَا ابْنُ الْعَلَاءِ وَ اَنَا ابْنُ اِدْرِیْسَ عَنْ ہِشَامِ بْنِ عُرْوَۃَ عَنْ اَبِیْہِ عَنْ حَجَّاجِ ابْنِ حَجَّاجٍ عَنْ اَبِیْہِ قَالَ قُلْتُ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ مَا یُذْہِبُ عَنِّیْ مَذَمَّۃَ الرَّضَاعَۃِ قَالَ الْغُرَّۃُ الْعَبْدُ اَوِ الْاَمَۃُ قَالَ النُّفَیْلِیُّ حَجَّاجُ بْنُ الْحَجَّاجِ الْاَسْلَمِیُّ وَہٰذَا لَفْظُہٗ۔

عبداللہ بن محمد نفیلی، ابومعاویہ۔ ابن العلاء، ابن ادریس ہشام بن عروہ، عروہ بن زبیر، حجاج بن حجاج عنہ کے والد ماجد نے فرمایا کہ میں عرض گزار ہوا۔ یارسول اللہ! رضاعت کے حق کو کیا چیز اتارتی ہے تو فرمایا کہ اسے غلام یا لونڈی دینا۔ نفیلی نے کہا کہ حجاج بن حجاج اسلمی ہیں اور یہ انہیں کے الفاظ ہیں۔

بَابٌ ۹۰ مَا یُکْرَہُ اَنْ یُّجْمَعَ بَیْنَہُنَّ مِنَ النِّسَاءِ۔

جن عورتوں کا جمع کرنا مناسب نہیں

۲۹۷ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰہِ بْنُ مُحَمَّدٍ النُّفَیْلِیُّ نَا زُہَیْرٌ نَا دَاؤُدُ بْنُ اَبِیْ ہِنْدٍ عَنْ عَامِرٍ عَنْ اَبِیْ ہُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَا تُنْکَحُ الْمَرْاَۃُ عَلٰی عَمَّتِہَا وَلَا الْعَمَّۃُ عَلٰی بِنْتِ اَخِیْہَا وَلَا الْمَرْاَۃُ عَلٰی خَالَتِہَا وَ لَا الْخَالَۃُ عَلٰی بِنْتِ اُخْتِہَا وَلَا تُنْکَحُ الْکُبْرٰی عَلَی الصُّغْرٰی وَلَا الصُّغْرٰی عَلَی الْکُبْرٰی۔

عامر نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ کوئی عورت اپنی پھوپھی پر نکاح نہ کروائے اور نہ پھوپھی بھتیجی پر اور نہ کوئی اپنی خالہ پر اور نہ خالہ بھانجی پر۔ نہ بڑے رشتے والی چھوٹے رشتے والی پر اور نہ چھوٹے رشتے والی بڑے رشتے والی پر نکاح کروائے۔

۲۹۸ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ نَا عَنْبَسَۃُ اَخْبَرَنِیْ یُوْنُسُ عَنِ ابْنِ شِہَابٍ قَالَ اَخْبَرَنِیْ قَبِیْصَۃُ بْنُ ذُؤَیْبٍ اَنَّہٗ سَمِعَ اَبَا ہُرَیْرَۃَ یَقُوْلُ نَہٰی رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَنْ یُّجْمَعَ بَیْنَ الْمَرْاَۃِ وَخَالَتِہَا وَبَیْنَ الْمَرْاَۃِ وَعَمَّتِہَا۔

قبیصہ بن ذویب نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے منع فرمایا ہے کہ کسی عورت کے ساتھ اس کی خالہ یا کسی عورت کے ساتھ اس کی پھوپھی کو جمع کیا جائے۔

۲۹۹ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰہِ بْنُ مُحَمَّدٍ النُّفَیْلِیُّ نَا خَطَّابُ بْنُ الْقَاسِمِ عَنْ خُصَیْفٍ عَنْ عِکْرِمَۃَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ سَلَّمَ اَنَّہٗ کَرِہَ اَنْ یُّجْمَعَ بَیْنَ الْعَمَّۃِ وَالْخَالَۃِ

عکرمہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ناپسند فرمایا ہے کہ کوئی پھوپھی اور خالہ کو جمع کرے یا دو خالاؤں اور دو پھوپھیوں کو جمع کرنے سے۔

www.sirat-e-mustaqeem.com

وَبَيْنَ الْخَالَتَيْنِ وَالْعَمَّتَيْنِ۔

۳۰۰۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ السَّرْحِ الْمِصْرِيُّ نَا ابْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي يُونُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ أَخْبَرَنِي عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ أَنَّهُ سَأَلَ عَائِشَةَ زَوْجَ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ قَوْلِهِ وَإِنْ خِفْتُمْ أَنْ لَا تُقْسِطُوا فِي الْيَتَامَى فَانْكِحُوا مَا طَابَ لَكُمْ مِنَ النِّسَاءِ قَالَتْ يَا ابْنَ أُخْتِي هِيَ الْيَتِيمَةُ تَكُونُ فِي حَجْرِ وَلِيِّهَا تُشَارِكُهُ فِي مَالِهِ فَيُعْجِبُهُ مَالُهَا وَجَمَالُهَا فَيُرِيدُ وَلِيُّهَا أَنْ يَتَزَوَّجَهَا بِغَيْرِ أَنْ يُقْسِطَ فِي صَدَاقِهَا فَيُعْطِيَهَا مِثْلَ مَا يُعْطِيهَا غَيْرُهُ فَنُهُوا عَنْ أَنْ يَنْكِحُوهُنَّ إِلَّا أَنْ يُقْسِطُوا لَهُنَّ وَيَبْلُغُوا بِهِنَّ عَلَى سُنَّتِهِنَّ مِنَ الصَّدَاقِ وَأُمِرُوا أَنْ يَنْكِحُوا مَا طَابَ لَهُمْ مِنَ النِّسَاءِ سِوَاهُنَّ قَالَ عُرْوَةُ قَالَتْ عَائِشَةُ ثُمَّ إِنَّ النَّاسَ اسْتَفْتَوْا رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعْدَ هٰذِهِ الْآيَةِ فِيهِنَّ فَأَنْزَلَ اللهُ عَزَّ وَجَلَّ وَيَسْتَفْتُونَكَ فِي النِّسَاءِ قُلِ اللهُ يُفْتِيكُمْ فِيهِنَّ وَمَا يُتْلَى عَلَيْكُمْ فِي الْكِتَابِ فِي يَتَامَى النِّسَاءِ اللَّاتِي لَا تُؤْتُونَهُنَّ مَا كُتِبَ لَهُنَّ وَتَرْغَبُونَ أَنْ تَنْكِحُوهُنَّ قَالَتْ وَالَّذِي ذَكَرَ اللهُ أَنَّهُ يُتْلَى عَلَيْهِمْ فِي الْكِتَابِ الْآيَةُ الْأُولَى الَّتِي قَالَ اللهُ تَعَالَى فِيهَا وَإِنْ خِفْتُمْ أَنْ لَا تُقْسِطُوا فِي الْيَتَامَى فَانْكِحُوا مَا طَابَ لَكُمْ مِنَ النِّسَاءِ قَالَتْ عَائِشَةُ وَقَوْلُ اللهِ عَزَّ وَجَلَّ فِي الْآيَةِ الْآخِرَةِ وَتَرْغَبُونَ أَنْ تَنْكِحُوهُنَّ هِيَ رَغْبَةُ أَحَدِكُمْ عَنْ يَتِيمَتِهِ الَّتِي تَكُونُ فِي حَجْرِهِ حِينَ تَكُونُ قَلِيلَةَ الْمَالِ وَالْجَمَالِ فَنُهُوا أَنْ يَنْكِحُوا مَا رَغِبُوا فِي مَالِهَا وَجَمَالِهَا مِنْ يَتَامَى النِّسَاءِ إِلَّا بِالْقِسْطِ مِنْ أَجْلِ رَغْبَتِهِمْ عَنْهُنَّ قَالَ يُونُسُ وَقَالَ رَبِيعَةُ فِي قَوْلِ

عروہ بن زبیر نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی زوجۂ مطہرہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے ارشاد باری تعالیٰ "اور اگر تم ڈرو کہ یتیم لڑکیوں میں انصاف نہ کر سکو گے تو نکاح کرو جو عورتیں تمہیں پسند آئیں" (۴ : ۳) کے بارے میں دریافت کیا۔ فرمایا اے بھانجے! یہ اس یتیم لڑکی کے متعلق ہے جو اپنے ولی کے زیر پرورش ہو اور ولی اس کے مال میں شریک ہو۔ پس اس کا مال و جمال اسے پسند آئے تو ولی اس سے نکاح کرنا چاہے لیکن اسے پورا مہر نہ دے جتنا کہ کوئی دوسرا دے سکتا ہے ایسے حالات ان کے ساتھ نکاح کرنے سے روک دیا گیا مگر یہ کہ ان کے ساتھ انصاف کیا جائے اور انہیں زیادہ سے زیادہ مہر دیا جائے چنانچہ حکم دیا کہ ان کے سوا جو عورتیں تمہیں پسند ہوں ان سے نکاح کر لو۔ عروہ کا بیان ہے کہ حضرت عائشہ نے فرمایا کہ اس آیت کے بعد بھی لوگ ان کے متعلق رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے دریافت کیا کرتے تو اللہ تعالیٰ نے یہ حکم نازل فرمایا۔ "لوگ تم سے فتویٰ پوچھتے ہیں عورتوں کے متعلق فرما دو کہ اللہ تمہیں ان کے متعلق فتویٰ دیتا ہے اور جو تم پر پڑھا جاتا ہے کتاب میں یتیم عورتوں کے متعلق جن کو تم دینا نہیں چاہتے جو ان کا حق مہر بنتا ہے اور رغبت رکھتے ہو ان کے ساتھ نکاح کرنے کی" (۴ : ۱۲۷) فرمایا اور جو اللہ تعالیٰ نے يُتْلَى عَلَيْهِمْ فِي الْكِتَابِ کا ذکر کیا ہے اس سے مراد وہی پہلی آیت ہے جس میں فرمایا ہے "اور اگر تم ڈرو کہ یتیم لڑکیوں میں انصاف نہ کر سکو گے تو نکاح کرو دوسری عورتوں سے جو تمہیں پسند ہوں"۔ حضرت عائشہ نے فرمایا کہ دوسری آیت میں جو ارشاد باری تعالیٰ ہے۔ وَتَرْغَبُونَ أَنْ تَنْكِحُوهُنَّ یہ اس شخص کی رغبت مراد ہے جس کے زیر پرورش یتیم لڑکی ہو اور وہ مال و جمال میں کم ہو تو ان یتیم لڑکیوں کے ساتھ نکاح کرنے سے بھی منع فرما دیا جن کی طرف مال و جمال کے باعث رغبت ہو مگر جبکہ انصاف کریں ان کی جانب رغبت ہونے کے باعث یونس نے ربیعہ سے ارشاد باری تعالیٰ:۔ وَإِنْ خِفْتُمْ أَلَّا

اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ وَاِنْ خِفْتُمْ اَنْ لَا تُقْسِطُوْا فِي الْيَتَامٰى قَالَ يَقُوْلُ اُتْرُكُوْهُنَّ اِنْ خِفْتُمْ فَقَدْ اَحْلَلْتُ لَكُمْ اَرْبَعًا۔

٣٠١ ـ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ حَنْبَلٍ نَا يَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ سَعْدٍ حَدَّثَنِيْ اَبِيْ عَنِ الْوَلِيْدِ بْنِ كَثِيْرٍ حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ حَلْحَلَةَ الدِّيْلِيُّ اَنَّ ابْنَ شِهَابٍ حَدَّثَهُ اَنَّ عَلِيَّ بْنَ الْحُسَيْنِ حَدَّثَهُ اَنَّهُمْ حِيْنَ قَدِمُوا الْمَدِيْنَةَ مِنْ عِنْدِ يَزِيْدَ بْنِ مُعَاوِيَةَ مَقْتَلَ الْحُسَيْنِ ابْنِ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا لَقِيَهُ الْمِسْوَرُ بْنُ مَخْرَمَةَ فَقَالَ لَهُ هَلْ لَكَ اِلَيَّ مِنْ حَاجَةٍ تَاْمُرُنِيْ بِهَا قَالَ فَقُلْتُ لَهُ لَا قَالَ هَلْ اَنْتَ مُعْطِيَّ سَيْفَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاِنِّيْ اَخَافُ اَنْ يَغْلِبَكَ الْقَوْمُ عَلَيْهِ وَاَيْمُ اللّٰهِ لَئِنْ اَعْطَيْتَنِيْهِ لَا يُخْلَصُ اِلَيْهِ اَبَدًا حَتّٰى يُبْلَغَ اِلٰى نَفْسِيْ اِنَّ عَلِيَّ ابْنَ اَبِيْ طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ خَطَبَ بِنْتَ اَبِيْ جَهْلٍ عَلٰى فَاطِمَةَ فَسَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يَخْطُبُ النَّاسَ فِيْ ذٰلِكَ عَلٰى مِنْبَرِهِ هٰذَا وَاَنَا يَوْمَئِذٍ مُحْتَلِمٌ فَقَالَ اِنَّ فَاطِمَةَ مِنِّيْ وَاَنَا اَتَخَوَّفُ اَنْ تُفْتَنَ فِيْ دِيْنِهَا ثُمَّ ذَكَرَ صِهْرًا لَهُ مِنْ بَنِيْ عَبْدِ شَمْسٍ فَاَثْنٰى عَلَيْهِ فِيْ مُصَاهَرَتِهِ اِيَّاهُ فَاَحْسَنَ قَالَ حَدَّثَنِيْ فَصَدَقَنِيْ وَوَعَدَنِيْ فَوَفٰى لِيْ وَاِنِّيْ لَسْتُ اُحَرِّمُ حَلَالًا وَلَا اُحِلُّ حَرَامًا وَلٰكِنْ وَاللّٰهِ لَا تَجْتَمِعُ بِنْتُ رَسُوْلِ اللّٰهِ وَبِنْتُ عَدُوِّ اللّٰهِ مَكَانًا وَاحِدًا اَبَدًا۔

٣٠٢ ـ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ فَارِسٍ نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ اَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُرْوَةَ وَعَنْ اَيُّوْبَ عَنِ ابْنِ اَبِيْ مُلَيْكَةَ بِهٰذَا الْخَبَرِ قَالَ فَسَكَتَ عَلِيٌّ عَنْ ذٰلِكَ النِّكَاحِ۔

تُقْسِطُوْا فِي الْيَتَامٰى کے بارے میں نقل کیا کہ وہ فرماتے کہ انہیں چھوڑ دو اگر تمہیں ڈر ہے کیونکہ تمہارے لیے چار عورتیں حلال ہیں۔

ابن شہاب کو علی بن حسین نے بتایا جبکہ وہ یزید پلید بن معاویہ کے پاس سے مدینہ منورہ میں آئے امام حسین بن علی رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی شہادت کے بعد تو انہیں حضرت مسور بن مخرمہ ملے اور ان سے کہا۔ اگر آپ کو مجھ سے کوئی کام ہو تو حکم فرمایئے میں نے کہا کہ نہیں۔ میں نے کہا کہ کیا آپ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تلوار مجھے دے دیں گے؟ کیونکہ مجھے ڈر ہے کہ قوم کہیں آپ پر غالب نہ آجائے۔ خدا کی قسم، اگر آپ مجھے عنایت فرما دیں گے تو جب تک میرے جسم میں جان ہے اسے کوئی مجھ سے لے نہیں سکے گا۔ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ابوجہل کی بیٹی کو حضرت فاطمہ کے ہوتے ہوئے پیغام دیا تو میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے اسی بارے میں اسی منبر پر خطبہ دیتے ہوئے سنا اور ان دنوں میں بالغ تھا۔ فرمایا کہ فاطمہ مجھ سے ہے اور میں اس کے دین میں فتنے سے ڈرتا ہوں پھر اپنے بنو عبد الشمس والے داماد کا ذکر فرمایا اور اس کی تعریف کی کہ رشتہ داری خوب نبھائی، جو اس نے مجھ سے بات کی اسے سچ کر دکھایا اور جو وعدہ کیا وہ وفا کیا اور میں حلال کو حرام نہیں کرتا اور نہ حرام کو حلال کرتا ہوں لیکن خدا کی قسم رسول اللہ کی بیٹی اور عدو اللہ کی بیٹی کبھی ایک جگہ جمع نہیں ہوں گی۔

محمد بن یحییٰ بن فارس، عبد الرزاق، معمر، زہری، عروہ ایوب نے ابن ابی ملیکہ سے اس واقعے کو روایت کرتے ہوئے کہا۔ حضرت علی نے اس نکاح سے خاموشی اختیار کر لی۔

www.sirat-e-mustaqeem.com

www.sirat-e-mustaqeem.com

۳۰۳۔ حدثنا احمد بن یونس وقتيبة بن سعيد المعنى قال احمد نا الليث حدثني عبيد الله بن عبد الله بن ابي مليكة القرشي التيمي ان المسور بن مخرمة حدثه انه سمع رسول الله صلى الله عليه وسلم على المنبر يقول ان بني هشام بن المغيرة استأذنوني ان ينكحوا ابنتهم من علي بن ابي طالب فلا آذن ثم لا آذن ثم لا آذن الا ان يريد ابن ابي طالب ان يطلق ابنتي وينكح ابنتهم فانما ابنتي بضعة مني يريبني ما ارابها ويؤذيني ما آذاها والاخبار في حديث احمد۔

عبید اللہ بن عبد اللہ بن ابی ملیکہ قرشی تیمی نے حضرت مسور بن مخرمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ انھوں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو منبر پر فرماتے ہوئے سنا کہ بنی ہشام بن مغیرہ نے مجھ سے اجازت طلب کی ہے کہ اپنی بیٹی کا نکاح علی بن ابی طالب سے کر دیں۔ میں اجازت نہیں دیتا۔ پھر اجازت نہیں دیتا۔ پھر اجازت نہیں دیتا مگر علی بن ابی طالب چاہیں تو میری بیٹی کو طلاق دے دیں اور ان کی بیٹی سے نکاح کر لیں۔ میری بیٹی میرے جسم کا ٹکڑا ہے۔ مجھے وہ چیز بری لگتی ہے جو اسے بری لگے اور وہ چیز مجھے تکلیف دیتی ہے جو اسے تکلیف دے اور پوری بات حدیث احمد میں ہے۔

باب ۹۱ في نكاح المتعة۔

نکاح متعہ کا بیان

۳۰۴۔ حدثنا مسدد بن مسرهد نا عبد الوارث عن اسمعيل بن امية عن الزهري قال كنا عند عمر بن عبد العزيز فتذاكرنا متعة النساء فقال رجل يقال له ربيع بن سبرة اشهد على ابي انه حدث ان رسول الله صلى الله عليه وسلم نهى عنها في حجة الوداع۔

زہری کا بیان ہے کہ ہم عمر بن عبد العزیز کے پاس تھے تو ہم نے عورتوں سے متعہ کرنے کا ذکر کیا۔ ربیع بن سبرہ نامی ایک شخص نے کہا کہ میں اپنے والد ماجد پر گواہی دیتا ہوں جنہوں نے بیان کیا کہ حجۃ الوداع کے موقع پر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس سے منع فرمایا۔

۳۰۵۔ حدثنا محمد بن يحيى بن فارس نا عبد الرزاق انا معمر عن الزهري عن ربيع بن سبرة عن ابيه ان رسول الله صلى الله عليه وسلم حرم متعة النساء۔

محمد بن یحییٰ بن فارس، عبد الرزاق، معمر، زہری، ربیع بن سبرہ نے اپنے والد ماجد سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے عورتوں کے ساتھ متعہ کرنے سے منع فرمایا۔

باب ۹۲ في الشغار۔

شغار کا بیان

۳۰۶۔ حدثنا القعنبي عن مالك ح وحدثنا مسدد بن مسرهد نا يحيى عن عبيد الله كلاهما عن نافع عن ابن عمر ان رسول الله صلى الله عليه وسلم نهى عن الشغار زاد مسدد في حديثه قلت لنافع ما الشغار قال ينكح ابنة الرجل وينكحه ابنته بغير صداق وينكح

قعنبی، مالک۔ مسدد بن مسرہد، یحییٰ، عبید اللہ نافع حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے شغار سے منع فرمایا ہے۔ مسدد نے اپنی حدیث میں یہ بھی کہا کہ میں نے نافع سے شغار کے متعلق پوچھا تو فرمایا کہ کسی کی بیٹی کا نکاح اپنے ساتھ اور اپنی بیٹی کا نکاح اس کے ساتھ مہر کے بغیر کرنا یا کسی کی بہن کا نکاح

أُخْتَ الرَّجُلِ فَيَنْكِحُهُ أُخْتَهُ بِغَيْرِ صَدَاقٍ۔

۳۰۷۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ فَارِسٍ نَا يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ حَدَّثَنَا أَبِي عَنِ ابْنِ إِسْحٰقَ حَدَّثَنِي عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ هُرْمُزَ الْأَعْرَجُ أَنَّ الْعَبَّاسَ ابْنَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْعَبَّاسِ أَنْكَحَ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ الْحَكَمِ ابْنَتَهُ وَأَنْكَحَهُ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بِنْتَهُ وَكَانَا جَعَلَا صَدَاقًا فَكَتَبَ مُعَاوِيَةُ إِلَى مَرْوَانَ يَأْمُرُهُ بِالتَّفْرِيقِ بَيْنَهُمَا وَقَالَ فِي كِتَابِهِ هٰذَا الشِّغَارُ الَّذِي نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔

باب ۹۳ فِي التَّحْلِيلِ۔

۳۰۸۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ يُونُسَ نَا زُهَيْرٌ حَدَّثَنِي إِسْمٰعِيلُ وَأُرَاهُ قَدْ رَفَعَهُ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لُعِنَ الْمُحَلِّلُ وَالْمُحَلَّلُ لَهُ۔

۳۰۹۔ حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ عَنْ خَالِدٍ عَنْ حُصَيْنٍ عَنْ عَامِرٍ عَنِ الْحَارِثِ الْأَعْوَرِ عَنْ رَجُلٍ مِنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فَرَأَيْنَا أَنَّهُ عَلِيٌّ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَعْنَاهُ۔

باب ۹۴ فِي نِكَاحِ الْعَبْدِ بِغَيْرِ إِذْنِ مَوَالِيهِ۔

۳۱۰۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ وَعُثْمَانُ ابْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَهٰذَا لَفْظُ إِسْنَادِهِ وَكِلَاهُمَا عَنْ وَكِيعٍ نَا الْحَسَنُ بْنُ صَالِحٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَقِيلٍ عَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَيُّمَا عَبْدٍ تَزَوَّجَ بِغَيْرِ إِذْنِ مَوَالِيهِ فَهُوَ عَاهِرٌ۔

اپنے ساتھ اور اپنی بہن کا نکاح اس کے ساتھ مہر کے بغیر کرنا

محمد بن یحییٰ بن فارس، یعقوب بن ابراہیم، ابراہیم، ابن اسحٰق، عبدالرحمٰن بن ہرمز الاعرج سے روایت ہے کہ عباس عبدالرحمٰن بن عباس نے اپنا نکاح کیا عبدالرحمٰن بن حکم کی بیٹی سے اور عبدالرحمٰن کا نکاح اپنی بیٹی سے کر دیا اور دونوں نے اسی کو مہر قرار دیا تو حضرت معاویہ نے مروان کو حکم دیتے ہوئے لکھا کہ دونوں جوڑوں میں تفریق کروادی جائے اور اپنے مکتوب گرامی میں لکھا کہ یہ شغار ہے اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس سے منع فرمایا ہے۔

حلالہ کا بیان

احمد بن یونس، زہیر، اسمٰعیل، عامر، حارث، حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے۔ اسمٰعیل نے کہا کہ میرے خیال میں اسے مرفوعاً روایت کیا ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ لعنت ہے حلالہ کرنے والے پر اور جس کے لیے حلالہ کیا جائے۔

حارث اعور نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ایک صحابی سے روایت کی ہے۔ شعبی نے کہا کہ میرے خیال میں حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے اسے معناً روایت کیا ہے۔

غلام کا مولیٰ کی اجازت کے بغیر نکاح کرنا

عبداللہ بن محمد بن عقیل نے حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جو غلام اپنے مالکوں کی اجازت کے بغیر نکاح کرے تو وہ نافرمان ہے۔

---

www.sirat-e-mustaqeem.com

۳۱۱۔ حدثنا عقبة ابن مكرم نا ابو قتيبة عن عبد الله ابن عمر عن نافع عن ابن عمر عن النبي صلى الله عليه وسلم قال اذا نكح العبد بغير اذن مولاه فنكاحه باطل۔ قال ابو داؤد هذا الحديث ضعيف وهو موقوف وهو قول ابن عمر رضي الله عنه۔

نافع نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جب غلام نے اپنا نکاح اپنے مالک کی اجازت کے بغیر کیا تو وہ نکاح باطل ہے۔ امام ابو داؤد نے فرمایا کہ یہ حدیث ضعیف اور موقوف ہے اور یہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کا قول ہے۔

باب ۹۵ في كراهية ان يخطب الرجل على خطبة اخيه۔

اپنے بھائی کے پیغام پر پیغام دینا مناسب نہیں

۳۱۲۔ حدثنا احمد بن عمرو بن سرح نا سفيان عن الزهري عن سعيد بن المسيب عن ابي هريرة قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا يخطب الرجل على خطبة اخيه۔

سعید بن مسیب نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ کوئی شخص پیغام نہ دے اپنے بھائی کے پیغام پر۔

۳۱۳۔ حدثنا الحسن بن علي نا عبد الله بن نمير عن عبيد الله عن نافع عن ابن عمر قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا يخطب احدكم على خطبة اخيه ولا يبيع على بيع اخيه الا باذنه۔

نافع نے حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کوئی اپنے مسلمان بھائی کے پیغام پر پیغام نہ دے اور کوئی اپنے مسلمان بھائی کے سودے پر سودا نہ کرے مگر اس کی اجازت سے۔

باب ۹۶ الرجل ينظر الى المرأة وهو يريد تزويجها۔

جس عورت سے نکاح کرنے کا ارادہ ہو اسے دیکھنا

۳۱۴۔ حدثنا مسدد نا عبد الواحد بن زياد نا محمد بن اسحق عن داود بن حصين عن واقد بن عبد الرحمن يعني ابن سعد ابن معاذ عن جابر بن عبد الله قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا خطب احدكم المرأة فان استطاع ان ينظر الى ما يدعوه الى نكاحها فليفعل قال فخطبت جارية فكنت اتخبأ لها حتى رأيت منها ما دعاني الى نكاحها وتزويجها فتزوجتها۔

واقد بن عبد الرحمن ابن سعد بن معاذ نے حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جب تم میں سے کوئی کسی عورت کو نکاح کا پیغام دے، اگر وہ اسے دیکھ سکتا ہو جس کو نکاح کا پیغام دیا ہے تو دیکھ لے۔ حضرت جابر کا بیان ہے کہ میں نے ایک لڑکی کو پیغام دیا اور چھپ کر اسے دیکھ لیا یہاں تک کہ میں نے اس کی وہ خوبی بھی دیکھی جس نے مجھے نکاح کی جانب راغب کیا، لہٰذا میں نے اس کے ساتھ نکاح کر لیا۔

باب ۹۷ في الولي۔

ولی کا بیان

۳۱۵۔ حدثنا محمد بن كثير انا سفين

عروہ بن زبیر نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا

حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ مُوسَى عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَيُّمَا امْرَأَةٍ نَكَحَتْ بِغَيْرِ إِذْنِ مَوَالِيهَا فَنِكَاحُهَا بَاطِلٌ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ فَإِنْ دَخَلَ بِهَا فَالْمَهْرُ لَهَا بِمَا أَصَابَ مِنْهَا فَإِنْ تَشَاجَرُوا فَالسُّلْطَانُ وَلِيُّ مَنْ لَا وَلِيَّ لَهُ۔

سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جو عورت اپنے ولی کی اجازت کے بغیر نکاح کرے تو اس کا نکاح باطل ہے۔ تین مرتبہ فرمایا۔ اگر اس کے ساتھ صحبت کر لی ہے تو جتنا فائدہ حاصل کیا ہے اس کے مطابق مہر ادا کرے۔ اگر اولیاء میں اختلاف ہو جائے تو جس کا کوئی ولی نہ ہو اس کا مسلمان بادشاہ ولی ہے۔

۳۱۶۔ حَدَّثَنَا الْقَعْنَبِيُّ نَا ابْنُ لَهِيعَةَ عَنْ جَعْفَرٍ يَعْنِي ابْنَ رَبِيعَةَ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَعْنَاهُ قَالَ أَبُو دَاوُدَ وَجَعْفَرٌ لَمْ يَسْمَعْ مِنَ الزُّهْرِيِّ كَتَبَ إِلَيْهِ۔

قعنبی، ابن لہیعہ، جعفر بن ربیعہ، ابن شہاب، عروہ، حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے اسے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے معناً روایت کیا۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ جعفر کا زہری سے سماع ثابت نہیں بلکہ اس کی طرف لکھا تھا۔

۳۱۷۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ قُدَامَةَ بْنِ أَعْيَنَ نَا أَبُو عُبَيْدَةَ الْحَدَّادُ عَنْ يُونُسَ وَإِسْرَائِيلَ عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ عَنْ أَبِي بُرْدَةَ عَنْ أَبِي مُوسَى أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا نِكَاحَ إِلَّا بِوَلِيٍّ قَالَ أَبُو دَاوُدَ وَهُوَ يُونُسُ عَنْ بُرْدَةَ وَإِسْرَائِيلُ عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ عَنْ أَبِي بُرْدَةَ۔

ابو بردہ نے حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا نکاح نہیں ہے مگر ولی کی اجازت سے۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ سند یوں ہے۔ یونس عن ابو بردہ اور اسرائیل عن ابو اسحاق عن ابو بردہ۔

۳۱۸۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ فَارِسٍ نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ عَنْ مَعْمَرٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُرْوَةَ ابْنِ الزُّبَيْرِ عَنْ أُمِّ حَبِيبَةَ أَنَّهَا كَانَتْ عِنْدَ ابْنِ جَحْشٍ فَهَلَكَ عَنْهَا وَكَانَ فِيمَنْ هَاجَرَ إِلَى أَرْضِ الْحَبَشَةِ فَزَوَّجَهَا النَّجَاشِيُّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهِيَ عِنْدَهُمْ۔

عروہ بن زبیر نے حضرت ام حبیبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کی ہے کہ وہ حضرت ابن جحش کے نکاح میں تھیں اور وہ وفات پا گئے۔ یہ ان حضرات میں تھیں۔ جنہوں نے سرزمین حبشہ کی طرف ہجرت کی تھی۔ پس نجاشی بادشاہ نے ان کا نکاح رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ کر دیا۔ حالانکہ یہ ان کے پاس تھیں۔

بَابٌ ۹۸ فِي الْعَضْلِ۔

عورتوں کو نکاح سے روکنے کا بیان

۳۱۹۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى حَدَّثَنِي أَبُو عَامِرٍ نَا عَبَّادُ بْنُ رَاشِدٍ عَنِ الْحَسَنِ حَدَّثَنِي مَعْقِلُ بْنُ يَسَارٍ قَالَ كَانَتْ لِي أُخْتٌ تُخْطَبُ إِلَيَّ فَأَتَانِي ابْنُ عَمٍّ لِي فَأَنْكَحْتُهَا إِيَّاهُ ثُمَّ طَلَّقَهَا طَلَاقًا

حضرت معقل بن یسار رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ میری ایک بہن تھی جس کے نکاح کا پیغام مجھے ملا اور میرا چچا زاد بھائی میرے پاس آیا تو میں نے اپنی ہمشیرہ کا نکاح اس کے ساتھ کر دیا۔ پھر اس نے ایک رجعی طلاق دے دی پھر اسے

www.sirat-e-mustaqeem.com

لَهُ رَجْعَةٌ ثُمَّ تَرَكَهَا حَتَّى انْقَضَتْ عِدَّتُهَا فَلَمَّا خَطَبْتُ إِلَيَّ أَتَانِي يَخْطُبُهَا فَقُلْتُ لَا وَاللّٰهِ لَا أُنْكِحُهَا أَبَدًا قَالَ فَفِيَّ نَزَلَتْ هٰذِهِ الْآيَةُ وَإِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَاءَ فَبَلَغْنَ أَجَلَهُنَّ فَلَا تَعْضُلُوهُنَّ أَنْ يَنْكِحْنَ أَزْوَاجَهُنَّ الْآيَةَ قَالَ فَكَفَّرْتُ عَنْ يَمِينِي فَأَنْكَحْتُهَا إِيَّاهُ۔

چھوڑے رکھا یہاں تک کہ عدت پوری ہو گئی۔ جب وہ نکاح کا پیغام دینے پھر میرے پاس آیا تو میں نے کہا۔ خدا کی قسم میں اس کا نکاح کبھی تمہارے ساتھ نہیں کروں گا۔ ان کا بیان ہے کہ میرے متعلق یہ آیت نازل ہوئی۔ "جب تم عورتوں کو طلاق دے دو پھر وہ اپنی مدت کو پہنچ جائیں تو نہیں ان کے خاوندوں کے ساتھ نکاح کرنے سے نہ روکو۔" (۲: ۲۳۲) ان کا بیان ہے کہ میں نے اپنی قسم کا کفارا ادا کر دیا اور اپنی بہن کا نکاح اسی کے ساتھ کر دیا۔

www.sirat-e-mustaqeem.com

پارہ ــــــ ۱۳

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے

بَابُ ۹۹ إِذَا أَنْكَحَ الْوَلِيَّانِ۔

۳۲۰۔ حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ نَا هِشَامٌ ح وَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ أَنَا هَمَّامٌ ح وَنَا مُوسَى ابْنُ إِسْمَاعِيلَ نَا حَمَّادٌ الْمَعْنَى عَنْ قَتَادَةَ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ سَمُرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ أَيُّمَا امْرَأَةٍ زَوَّجَهَا وَلِيَّانِ فَهِيَ لِلْأَوَّلِ مِنْهُمَا وَأَيُّمَا رَجُلٍ بَاعَ بَيْعًا مِنْ رَجُلَيْنِ فَهُوَ لِلْأَوَّلِ مِنْهُمَا۔

جب عورت کا نکاح دو ولی کریں

مسلم بن ابراہیم، ہشام۔ محمد بن کثیر، ہمام۔ موسیٰ بن اسمٰعیل حماد، قتادہ، حسن نے حضرت سمرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جس عورت کا نکاح دو ولیوں نے کیا تو دونوں میں سے وہ اس کی بیوی ہے جس کے ساتھ پہلے نکاح ہوا، اور جس نے ایک چیز دو آدمیوں کو بیچی تو ان میں سے وہ پہلے کو ملے گی۔ ف

ف۔ جب کسی عورت کا ایک ولی نے نکاح کر دیا تو وہ واقع ہو گیا۔ اب دوسرا ولی اگر اسی عورت کا کسی دوسرے شخص سے نکاح کرے گا تو وہ نکاح واقع نہیں ہوگا، بلکہ باطل محض رہے گا اور وہ عورت بدستور پہلے خاوند ہی کے نکاح میں ہے۔ اسی طرح دو دفعہ بیع کرنے کا معاملہ ہے کہ پہلی بیع واقع ہو گئی اور دوسری باطل قرار پائے گی۔ واللہ تعالیٰ اعلم

بَابٌ فِي قَوْلِهِ تَعَالَى لَا يَحِلُّ لَكُمْ أَنْ تَرِثُوا النِّسَاءَ كَرْهًا وَلَا تَعْضُلُوهُنَّ۔

۳۲۱۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مَنِيعٍ نَا أَسْبَاطٌ نَا الشَّيْبَانِيُّ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ الشَّيْبَانِيُّ وَذَكَرَهُ عَطَاءٌ أَبُو الْحَسَنِ السُّوَائِيُّ وَلَا أَظُنُّهُ إِلَّا عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ فِي هٰذِهِ الْآيَةِ لَا يَحِلُّ لَكُمْ أَنْ تَرِثُوا النِّسَاءَ كَرْهًا وَلَا تَعْضُلُوهُنَّ قَالَ كَانَ الرَّجُلُ إِذَا مَاتَ كَانَ أَوْلِيَاؤُهُ أَحَقَّ بِامْرَأَتِهِ مِنْ وَلِيِّ نَفْسِهَا إِنْ شَاءَ بَعْضُهُمْ زَوَّجَهَا أَوْ زَوَّجُوهَا وَإِنْ شَاؤُوا لَمْ يُزَوِّجُوهَا فَنَزَلَتْ هٰذِهِ الْآيَةُ فِي ذٰلِكَ۔

ارشادِ ربانی "تمہارے لیے جائز نہیں ہے کہ زبردستی عورتوں کے وارث بن جاؤ۔"

عکرمہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی۔ شیبانی نے کہا کہ ذکر کیا اس کا عطاء ابوالحسن سوائی نے غالباً حضرت ابن عباس سے اس آیت کے متعلق "تمہارے لیے جائز نہیں ہے کہ زبردستی عورتوں کے وارث بن جاؤ اور انہیں نہ روکو" (۴ : ۱۹) فرمایا کہ جب کوئی شخص مر جاتا تو اس کے وارث اس کی بیوی کے زیادہ حقدار ہوتے خود عورت کے اولیاء سے اگر چاہتے تو ان میں سے کوئی اس کے ساتھ نکاح کر لیتا یا کسی دوسرے سے کر دیتا اور چاہتے تو کسی سے اس کا نکاح نہ ہونے دیتے پس یہ آیت اس بارے میں نازل ہوئی۔ ف

www.sirat-e-mustaqeem.com

ف۔ اسلام سے پہلے عورت کو اپنی ذات کا کوئی اختیار ہی نہیں تھا۔ خاوند مر جاتا تو عورت پر اُس کے اولیاء کا اختیار ہوتا۔ ولی چاہتا تو کسی کے ساتھ اُس کا نکاح کر دیتا یا خود اپنے نکاح میں لے لیتا۔ اور چاہتا تو تازیست اُسے نکاح نہ کرنے دیتا۔ اسلام نے اگرچہ ولی کے حق کو ختم نہیں کیا۔ لیکن اس کی نسبت عورت کو زیادہ اختیار دیا ہے تاکہ ولی کسی دنیاوی غرض کے تحت اُس کی زندگی اور حسرتوں کو پامال نہ کر سکے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

۳۲۲۔ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ ثَابِتٍ الْمَرْوَزِيُّ حَدَّثَنِيْ عَلِيُّ بْنُ حُسَيْنٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ يَزِيْدَ النَّحْوِيِّ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ لَا يَحِلُّ لَكُمْ اَنْ تَرِثُوا النِّسَاءَ كَرْهًا وَلَا تَعْضُلُوْهُنَّ لِتَذْهَبُوْا بِبَعْضِ مَا اٰتَيْتُمُوْهُنَّ اِلَّا اَنْ يَّاْتِيْنَ بِفَاحِشَةٍ مُّبَيِّنَةٍ وَذٰلِكَ اَنَّ الرَّجُلَ كَانَ يَرِثُ امْرَاَةَ ذِيْ قَرَابَتِهٖ فَيَعْضُلُهَا حَتّٰى تَمُوْتَ اَوْ تَرُدَّ اِلَيْهِ صَدَاقَهَا فَاَحْكَمَ اللّٰهُ عَنْ ذٰلِكَ وَنَهٰى عَنْ ذٰلِكَ۔

یزید نحوی نے عکرمہ سے روایت کی ہے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا: "تمہارے لیے جائز نہیں ہے کہ زبردستی عورتوں کے وارث بن جاؤ اور انہیں منع نہ کرو اُس میں سے کچھ لے جانے سے جو تم نے انہیں دیا ہے مگر جب کہ کھلی بےحیائی کریں" (۴: ۱۹) اور یہ اس لیے ہے کہ آدمی اپنے قرابت والے کی بیوی کا وارث بن جاتا ہے تو مرنے تک اُسے نکاح کرنے سے روکے رکھتا یا اس کا مہر واپس لے لیتا۔ پس اللہ تعالیٰ نے اس بارے میں حکم فرمایا اور ایسا کرنے سے روک دیا۔ ف

ف۔ دورِ جاہلیت میں خاوند مر جاتا۔ عورت کے ولی اُس کے وارث بن جاتے، نیز وہ دوسرا نکاح کرنا چاہتی تو اس سے مہر واپس لیتے۔ اسلام نے جہاں اولیاء کی نسبت عورت کو اپنی ذات کا زیادہ اختیار دیا وہاں یہ پابندی بھی لگا دی کہ ایسی عورت سے اولیاء کو مہر واپس لینے کا کوئی حق نہیں ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

۳۲۳۔ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ شَبُّوْيَةَ نَا عَبْدُ اللّٰهِ ابْنُ عُثْمَانَ عَنْ عِيْسَى بْنِ عُبَيْدٍ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ مَوْلٰى عُمَرَ عَنِ الضَّحَّاكِ بِمَعْنَاهُ قَالَ فَوَعَظَ اللّٰهُ ذٰلِكَ۔

احمد بن شبویہ، عبداللہ بن عثمان، عیسیٰ بن عبید، عبیداللہ مولیٰ عمر نے حضرت ضحاک سے اسے معناً روایت کرتے ہوئے کہا۔ پس اللہ تعالیٰ نے یہ نصیحت فرمائی۔

بَابٌ فِي الْاِسْتِيْمَارِ۔

عورت سے اجازت لینا

۳۲۴۔ حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ نَا اَبَانُ نَا يَحْيٰى عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تُنْكَحُ الثَّيِّبُ حَتّٰى تُسْتَاْمَرَ وَلَا الْبِكْرُ اِلَّا بِاِذْنِهَا قَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَمَا اِذْنُهَا قَالَ اَنْ تَسْكُتَ۔

ابو سلمہ نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی کہ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ بیوہ کا نکاح نہ کیا جائے جب تک وہ اجازت نہ دے، اور نہ کنواری کا مگر اُس کی اجازت سے۔ لوگ عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ! اُس کی اجازت کیا ہے؟ فرمایا کہ اُس کا خاموش رہنا۔ ف

ف۔ اسلام سے پہلے دوسرے مملوکہ مال کی طرح عورت بھی مال کی ایک جنس تھی۔ اسلام نے ہی عورت کو انسانیت کی گاڑی کا ایک مستقل پہیہ قرار دیا ہے۔ لیکن جہاں اُسے محض ایک مملوکہ مال نہیں رہنے دیا وہاں بعض انسانی کمزوریوں کے باعث اُسے بالکل خود مختار بھی قرار نہیں دیا۔ اسی لیے اُس کے اولیاء کو بھی عورت پر حق دیا لیکن زیادہ حق عورت ہی کا رکھا ہے۔ اسی لیے ولی جب کسی عورت کا نکاح کرے تو اُس عورت سے اجازت لینے کو ضروری قرار دیا گیا ہے خواہ عورت ثیبہ ہو یا کنواری۔ ثیبہ صاف لفظوں میں اقرار یا انکار کرے اور کنواری کا خاموش رہنا بھی اس کی اجازت شمار کیا گیا ہے۔ اس سے

صاف واضح ہورہا ہے کہ جہاں عورت کو اپنا اختیار ہے۔ وہاں اُس کے اولیا ء کو بھی اُس پر اختیار حاصل ہے۔ اگرچہ وہ عورت کی نسبت کم ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

۳۲۵۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ كَامِلٍ نَا يَزِيْدُ يَعْنِي ابْنَ زُرَيْعٍ ح وَنَا مُوْسَى بْنُ اِسْمٰعِيْلَ نَا حَمَّادٌ الْمَعْنٰى حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو نَا اَبُوْ سَلَمَةَ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تُسْتَامَرُ الْيَتِيْمَةُ فِي نَفْسِهَا فَاِنْ سَكَتَتْ فَهُوَ اِذْنُهَا وَاِنْ اَبَتْ فَلَا جَوَازَ عَلَيْهَا وَالْاِخْبَارُ فِي حَدِيْثِ يَزِيْدَ قَالَ قَالَ اَبُوْ دَاوٗدَ وَكَذٰلِكَ رَوَاهُ اَبُوْ خَالِدٍ سُلَيْمَانُ بْنُ حَيَّانَ وَمُعَاذُ بْنُ مُعَاذٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو وَرَوَاهُ اَبُوْ عَمْرٍو ذَكْوَانُ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ الْبِكْرَ تَسْتَحْيِيْ اَنْ تَتَكَلَّمَ قَالَ سُكَاتُهَا اِقْرَارُهَا۔

ابو کامل، یزید بن زریع۔ موسیٰ بن اسمٰعیل، حماد، محمد بن عمرو، ابو سلمہ، حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: کنواری لڑکی سے اجازت لی جائے گی۔ اگر خاموش ہوگئی تو یہ اُس کی اجازت ہے اور انکار کردے تو اس پر جبر نہیں کیا جائے گا۔ یہ حدیث یزید کے الفاظ ہیں۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ اسی طرح روایت کیا اسے ابوخالد سلیمان بن حیان اور معاذ بن معاذ نے محمد بن عمرو سے اور روایت کیا اسے ابو عمرو، ذکوان، حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا عرض گزار ہیں کہ یا رسول اللہ! کنواری لڑکی تو بات کرنے سے شرماتی ہے۔ فرمایا کہ اس کا خاموش رہنا ہی اس کا اقرار ہے۔

۳۲۶۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ نَا ابْنُ اِدْرِيْسَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو بِهٰذَا الْحَدِيْثِ بِاِسْنَادِهٖ زَادَ فِيْهِ قَالَ فَاِنْ بَكَتْ اَوْ سَكَتَتْ زَادَ بَكَتْ قَالَ اَبُوْ دَاوٗدَ وَلَيْسَ بَكَتْ بِمَحْفُوْظٍ هُوَ وَهْمٌ فِي الْحَدِيْثِ الْوَهْمُ مِنِ ابْنِ اِدْرِيْسَ۔

ابن ادریس نے محمد بن عمرو سے اپنی اسناد کے ساتھ اس حدیث کو روایت کرتے ہوئے کہا: فَاِنْ بَكَتْ اَوْ سَكَتَتْ یعنی بکت کے اضافے سے۔ امام ابوداؤد نے فرمایا بکت کا لفظ محفوظ نہیں، یہ اس حدیث میں وہم ہے اور یہ وہم ابن ادریس کا ہے۔

۳۲۷۔ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ ابْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ نَا مُعَاوِيَةُ ابْنُ هِشَامٍ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ اِسْمٰعِيْلَ بْنِ اُمَيَّةَ حَدَّثَنِي الثِّقَةُ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اٰمِرُوا النِّسَاءَ فِيْ بَنَاتِهِنَّ۔

اسمٰعیل بن اُمیّہ نے ایک ثقہ آدمی کے واسطے سے حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: عورتوں سے اُن کی بیٹیوں کے بارے میں اجازت لیا کرو۔

بَابُ ۱۰۲ـ فِي الْبِكْرِ يُزَوِّجُهَا اَبُوْهَا وَلَا يَسْتَاْمِرُهَا

جب کنواری لڑکی کا نکاح اس کا باپ بغیر اجازت لیے کردے۔

۳۲۸۔ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ ابْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ نَا حُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدٍ نَا جَرِيْرُ بْنُ حَازِمٍ عَنْ اَيُّوْبَ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ جَارِيَةً بِكْرًا اَتَتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَتْ اَنَّ اَبَاهَا زَوَّجَهَا وَهِيَ كَارِهَةٌ فَخَيَّرَهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔

عکرمہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں ایک لڑکی حاضر ہوئی اور اس نے بتایا کہ اُس کے والد ماجد نے اُس کی مرضی کے خلاف اس کا نکاح کردیا ہے۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اُس لڑکی کو (نکاح باقی رکھنے یا نہ رکھنے کا) اختیار دیا۔ ف

www.sirat-e-mustaqeem.com

ف۔ کنواری لڑکی کے نکاح کی دو صورتیں ہو سکتی ہیں۔ ایک یہ کہ لڑکی بالغ ہو اور باپ اُس کا نکاح کر دے۔ دوسری صورت یہ کہ اپنی نابالغ بیٹی کا نکاح کیا ہو۔ اگر اپنی بالغ بیٹی کا نکاح باپ نے اُس کی مرضی کے خلاف کیا ہو تو لڑکی کو اختیار حاصل ہے کہ چاہے تو اُس نکاح کو باقی رکھے ورنہ حاکم کے سامنے ہو کر اُسے فسخ کروا دے۔ لیکن نابالغ بیٹی کا باپ نے نکاح کر دیا ہو تو بالغ ہونے پر لڑکی کو نکاح فسخ کروانے کا امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک اختیار نہیں ہوگا۔ واللہ اعلم

۳۲۹۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدٍ نَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ أَيُّوبَ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِهٰذَا الْحَدِيثِ قَالَ أَبُو دَاوُدَ لَمْ يَذْكُرِ ابْنَ عَبَّاسٍ وَهٰكَذَا رَوَاهُ النَّاسُ مُرْسَلًا مَعْرُوفًا۔

محمد بن عبید، حماد بن زید، ایوب، عکرمہ نے اس حدیث کو نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے روایت کیا ہے۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ حضرت ابنِ عباس کا ذکر نہیں کیا اور اسی طرح لوگوں نے اسے مرسلاً روایت کیا ہے۔

بَابٌ ۱۰۳ فِي الثَّيِّبِ۔

شوہر دیدہ کا بیان

۳۳۰۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ يُونُسَ وَعَبْدُ اللّٰهِ ابْنُ مَسْلَمَةَ قَالَا نَا مَالِكٌ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْفَضْلِ عَنْ نَافِعِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْأَيِّمُ أَحَقُّ بِنَفْسِهَا مِنْ وَلِيِّهَا وَالْبِكْرُ تُسْتَأْمَرُ فِي نَفْسِهَا وَإِذْنُهَا صُمَاتُهَا وَهٰذَا لَفْظُ الْقَعْنَبِيِّ۔

نافع بن جبیر نے حضرت ابنِ عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ بغیر شوہر والی عورت اپنے نفس کا ولی سے زیادہ حق رکھتی ہے اور کنواری لڑکی سے اُس کی اجازت لی جائے گی۔ اور خاموش ہو جانا اس کی اجازت ہے۔ یہ قعنبی کے لفظوں میں ہے۔

۳۳۱۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ زِيَادِ بْنِ سَعْدٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْفَضْلِ بِإِسْنَادِهِ وَمَعْنَاهُ قَالَ الثَّيِّبُ أَحَقُّ بِنَفْسِهَا مِنْ وَلِيِّهَا وَالْبِكْرُ يَسْتَأْمِرُهَا أَبُوهَا قَالَ أَبُو دَاوُدَ أَبُوهَا لَيْسَ بِمَحْفُوظٍ۔

زیاد بن سعید نے عبداللہ بن فضل سے اپنی اسناد کے ساتھ اسے معناً روایت کرتے ہوئے کہا۔ بیوہ اپنے نفس کی ولی سے زیادہ حقدار ہے۔ اور کنواری لڑکی سے اُس کا باپ اجازت حاصل کرے گا۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ لفظ اَبُوھَا محفوظ نہیں ہے۔

۳۳۲۔ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ أَنَا مَعْمَرٌ عَنْ صَالِحِ بْنِ كَيْسَانَ عَنْ نَافِعِ بْنِ جُبَيْرِ ابْنِ مُطْعِمٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَيْسَ لِلْوَلِيِّ مَعَ الثَّيِّبِ أَمْرٌ وَالْيَتِيمَةُ تُسْتَأْمَرُ وَصَمْتُهَا إِقْرَارُهَا۔

نافع بن جبیر بن مطعم نے حضرت ابنِ عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ بیوہ کے بارے میں ولی کو اختیار نہیں ہے اور کنواری سے اجازت لی جائے گی۔ خاموش رہنا بھی اس کا اقرار ہے۔

۳۳۳۔ حَدَّثَنَا الْقَعْنَبِيُّ عَنْ مَالِكٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْقَاسِمِ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ وَمُجَمِّعٍ ابْنَيْ يَزِيدَ الْأَنْصَارِيَّيْنِ عَنْ خَنْسَاءَ بِنْتِ خِذَامٍ الْأَنْصَارِيَّةِ أَنَّ أَبَاهَا زَوَّجَهَا وَهِيَ ثَيِّبٌ

یزید انصاری کے صاحبزادے عبدالرحمٰن اور مجمع نے حضرت خنساء بنت خذام انصاریہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کی ہے کہ اُن کے والد محترم نے اُن کا نکاح کر دیا جبکہ وہ بیوہ تھیں اور اسے ناپسند کرتی تھیں۔ پس انہوں نے

www.sirat-e-mustaqeem.com

فَكَرِهَتْ ذٰلِكَ فَجَاءَتْ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَتْ ذٰلِكَ لَهُ فَرَدَّ نِكَاحَهُمَا۔

بَابٌ فِي الْأَكْفَاءِ۔

۳۳۴۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ غِيَاثٍ نَا حَمَّادٌ نَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو عَنْ أَبِي سَلَمَةَ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ أَبَا هِنْدٍ حَجَمَ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْيَافُوْخِ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا بَنِي بَيَاضَةَ أَنْكِحُوْا أَبَا هِنْدٍ وَانْكِحُوْا إِلَيْهِ وَقَالَ إِنْ كَانَ فِي شَيْءٍ مِمَّا تَدَاوَوْنَ بِهِ خَيْرٌ فَالْحِجَامَةُ۔

بَابٌ فِي تَزْوِيْجِ مَنْ لَمْ يُوْلَدْ۔

۳۳۵۔ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ وَمُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى الْمَعْنَى قَالَا نَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ أَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ يَزِيْدَ بْنِ مِقْسَمٍ الثَّقَفِيُّ مِنْ أَهْلِ الطَّائِفِ حَدَّثَتْنِي سَارَةُ بِنْتُ مِقْسَمٍ أَنَّهَا سَمِعَتْ مَيْمُوْنَةَ بِنْتَ كَرْدَمٍ قَالَتْ خَرَجْتُ مَعَ أَبِي فِي حَجَّةِ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَدَنَا إِلَيْهِ أَبِي وَهُوَ عَلَى نَاقَةٍ لَهُ مَعَهُ دِرَّةٌ كَدِرَّةِ الْكُتَّابِ فَسَمِعْتُ الْأَعْرَابَ وَالنَّاسَ وَهُمْ يَقُوْلُوْنَ الطَّبْطَبِيَّةَ الطَّبْطَبِيَّةَ الطَّبْطَبِيَّةَ فَدَنَا إِلَيْهِ أَبِي فَأَخَذَ بِقَدَمِهِ فَأَقَرَّ لَهُ وَوَقَفَ عَلَيْهِ وَاسْتَمَعَ مِنْهُ فَقَالَ إِنِّي حَضَرْتُ جَيْشَ عِثْرَانَ قَالَ ابْنُ الْمُثَنَّى جَيْشَ غِثْرَانَ فَقَالَ طَارِقُ بْنُ الْمُرَقَّعِ مَنْ يُعْطِيْنِي رُمْحًا بِثَوَابِهِ قُلْتُ وَمَا ثَوَابُهُ قَالَ أُزَوِّجُهُ أَوَّلَ بِنْتٍ تَكُوْنُ لِي فَأَعْطَيْتُهُ رُمْحِي ثُمَّ غِبْتُ عَنْهُ حَتَّى عَلِمْتُ أَنَّهُ قَدْ وُلِدَ لَهُ جَارِيَةٌ وَبَلَغَتْ ثُمَّ جِئْتُهُ فَقُلْتُ لَهُ أَهْلِي جَهِّزْهُنَّ إِلَيَّ فَحَلَفَ أَنْ لَا يَفْعَلَ حَتَّى أُصْدِقَ صَدَاقًا جَدِيْدًا غَيْرَ الَّذِي كَانَ بَيْنِي وَبَيْنَهُ وَحَلَفْتُ

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر اس کا ذکر کیا تو آپ نے اُن کے نکاح کو رد فرما دیا۔

کفو کا بیان

ابو سلمہ نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ ابو ہند نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے سر مبارک میں پچھنے لگائے۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، اے بنی بیاضہ! ابو ہند کا نکاح کر دو اور ان کی طرف پیغام بھیجو اور فرمایا کہ اگر تمہارے کسی علاج معالجے میں شفا ہے تو وہ پچھنے لگوانا ہے۔

پیدائش سے پہلے نکاح کر دینا

سارہ بنت مقسم کا بیان ہے کہ میں نے حضرت میمونہ بنت کردم رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو فرماتے ہوئے سُنا کہ میں اپنے والد ماجد کی معیت میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ حج کرنے کے لیے نکلی۔ جب والد محترم اونٹ پر سوار ہو کر حضور کے نزدیک پہنچے تو ان کے ہاتھوں میں معلموں جیسا دُرّہ تھا۔ میں نے بدوؤں اور دوسرے لوگوں کو کہتے ہوئے سُنا۔ طبطبیہ، طبطبیہ، طبطبیہ۔ والد محترم حضور کے نزدیک ہوئے، قدم مبارک پکڑا اور رسولِ برحق ہونے کا اقرار کیا، آپ کے حضور کھڑے رہ کر ارشادات سُنے اور عرض گزار ہوئے۔ میں جیشِ عثران میں شامل ہوا تھا۔ طارق بن مرقع نے کہا۔ کون ہے جو مجھے اس کے بدلے میں نیزہ دے؟ میں نے کہا۔ بدلہ کیا ہے؟ کہا کہ سب سے پہلے پیدا ہونے والی بیٹی کا جو اس کے ساتھ نکاح کر دوں گا۔ پس میں نے اُسے اپنا نیزہ دے دیا۔ پھر میں اس کے پاس سے چلا گیا یہاں تک کہ مجھے معلوم ہوا کہ اس کے گھر لڑکی پیدا ہوئی ہے۔ اور وہ بالغ ہو چکی۔ میں اُس کے پاس گیا اور اس سے کہا کہ میری بیوی کو میرے ساتھ رخصت کرو۔ اُس نے قسم کھائی کہ ہرگز ایسا نہیں کرے گا جب تک

www.sirat-e-mustaqeem.com

أَنْ لَا أُصْدِقَ غَيْرَ الَّذِي أَعْطَيْتُ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَبِقَرْنِ أَيِّ النِّسَاءِ هِيَ الْيَوْمَ قَالَ قَدْ رَأَتِ الْقَتِيرَ قَالَ أَرَى أَنْ تَتْرُكَهَا قَالَ فَرَاعَنِي ذَلِكَ وَنَظَرْتُ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمَّا رَأَى ذَلِكَ مِنِّي قَالَ لَا تَأْثَمُ وَلَا صَاحِبُكَ بِآثِمٍ قَالَ أَبُو دَاوُدَ الْقَتِيرُ الشَّيْبُ۔

امام ابوداؤد نے فرمایا کہ اَلْقَتِیْرُ بڑھاپے کی ابتدا کو کہتے ہیں۔

۳۳۶۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ أَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ أَخْبَرَنِي إِبْرَاهِيمُ بْنُ مَيْسَرَةَ أَنَّ خَالَتَهُ أَخْبَرَتْهُ عَنِ امْرَأَةٍ قَالَتْ هِيَ مُصَدَّقَةٌ امْرَأَةُ صِدْقٍ قَالَتْ بَيْنَا أَبِي فِي غَزَاةٍ فِي الْجَاهِلِيَّةِ إِذْ رَمِضُوا فَقَالَ رَجُلٌ مَنْ يُعْطِينِي نَعْلَيْهِ وَأُنْكِحُهُ أَوَّلَ بِنْتٍ تُولَدُ لِي فَخَلَعَ أَبِي نَعْلَيْهِ فَأَلْقَاهُمَا إِلَيْهِ فَوُلِدَتْ لَهُ جَارِيَةٌ فَبَلَغَتْ فَذَكَرَ نَحْوَهُ لَمْ يَذْكُرْ قِصَّةَ الْقَتِيرِ۔

بَابُ الصَّدَاقِ۔

۳۳۷۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مُحَمَّدٍ النُّفَيْلِيُّ نَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ نَا يَزِيدُ بْنُ الْهَادِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِي سَلَمَةَ قَالَ سَأَلْتُ عَائِشَةَ عَنْ صَدَاقِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ ثِنْتَا عَشْرَةَ أُوقِيَّةً وَنَشٌّ فَقُلْتُ وَمَا نَشٌّ قَالَتْ نِصْفُ أُوقِيَّةٍ۔

۳۳۸۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدٍ نَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ أَيُّوبَ عَنْ مُحَمَّدٍ عَنْ أَبِي الْعَجْفَاءِ السُّلَمِيِّ قَالَ خَطَبَنَا عُمَرُ فَقَالَ أَلَا لَا تُغَالُوا بِصُدُقِ النِّسَاءِ فَإِنَّهَا لَوْ كَانَتْ مَكْرُمَةً فِي الدُّنْيَا أَوْ تَقْوَى عِنْدَ اللَّهِ لَكَانَ أَوْلَاكُمْ بِهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا أَصْدَقَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

پہلے معاہدے کے علاوہ ازسرِ نو مہر مقرر نہ کر لیا جائے اور میں نے قسم کھائی کہ میں جو کچھ دے چکا ہوں اُس کے سوا اور کوئی مہر نہیں دوں گا۔ پس رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ آج کل اُس لڑکی کی عمر کیا ہے؟ عرض کیا کہ وہ ادھیڑ عمر کی ہے۔ فرمایا کہ اُس کا خیال چھوڑ دو۔ میں نے گھبرا کر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی طرف دیکھا۔ جب حضور نے میری یہ حالت ملاحظہ فرمائی تو ارشاد ہوا:۔ نہ خود گناہگار بنو اور نہ اپنے ساتھی کو گناہگار بناؤ

ابراہیم بن میسرہ کو اُن کی خالہ جان نے بتایا کہ مصدقہ نامی عورت نے فرمایا جو سچی تھی کہ دورِ جاہلیت کے اندر میرے والد ماجد ایک لڑائی میں حصّہ لے رہے تھے۔ جب اُن کے پیر جلنے لگے تو فرمایا:۔ کون ہے جو مجھے اپنے جوتے دے کر میں اپنی پہلے پیدا ہونے والی بیٹی سے اُس کا نکاح کر دوں گا چنانچہ میرے والد ماجد نے اپنے جوتے اتار کر اُن کے سامنے ڈال دیئے اُن کے گھر لڑکی پیدا ہوئی اور بالغ ہو گئی۔ پھر اُسی طرح واقعہ بیان کیا لیکن بڑھاپے کا ذکر نہ کیا۔

مہر کا بیان

ابوسلمہ کا بیان ہے کہ میں نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے مہر سے متعلق دریافت کیا تو اُنہوں نے فرمایا کہ بارہ اوقیہ اور نش"۔ میں عرض گزار ہوا کہ نش" کیا ہے؟ فرمایا کہ نصف اوقیہ یعنی پانچ سو درہم، کیونکہ ایک اوقیہ چالیس درہم کا ہوتا ہے۔

ابوالعجفاء سلمی کا بیان ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ہمیں خطبہ دیتے ہوئے فرمایا:۔ خبردار عورتوں کے مہر بڑھا چڑھا کر نہ باندھنا کیونکہ اگر یہ دنیا میں عزت افزائی اور اللہ تعالیٰ کے نزدیک تقویٰ کی بات ہوتی تو نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اس کے سب سے زیادہ مستحق ہوتے حالانکہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے

امْرَأَةً مِنْ نِسَائِهِ وَلَا أُصْدِقَتِ امْرَأَةٌ مِنْ بَنَاتِهِ أَكْثَرَ مِنْ ثِنْتَيْ عَشْرَةَ أُوقِيَّةً۔

۳۳۹۔ حَدَّثَنَا حَجَّاجُ بْنُ أَبِي يَعْقُوبَ الثَّقَفِيُّ نَا مُعَلَّى بْنُ مَنْصُورٍ نَا ابْنُ الْمُبَارَكِ نَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ أُمِّ حَبِيبَةَ أَنَّهَا كَانَتْ تَحْتَ عُبَيْدِ اللهِ بْنِ جَحْشٍ فَمَاتَ بِأَرْضِ الْحَبَشَةِ فَزَوَّجَهَا النَّجَاشِيُّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَمْهَرَهَا عَنْهُ أَرْبَعَةَ آلَافٍ وَبَعَثَ بِهَا إِلَى رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَعَ شُرَحْبِيلَ ابْنِ حَسَنَةَ قَالَ أَبُو دَاوُدَ حَسَنَةُ هِيَ أُمُّهُ۔

۳۴۰۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَاتِمِ بْنِ بَزِيعٍ نَا عَلِيُّ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ شَقِيقٍ عَنِ ابْنِ الْمُبَارَكِ عَنْ يُونُسَ عَنِ الزُّهْرِيِّ أَنَّ النَّجَاشِيَّ زَوَّجَ أُمَّ حَبِيبَةَ بِنْتَ أَبِي سُفْيَانَ مِنْ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى صَدَاقِ أَرْبَعَةِ آلَافِ دِرْهَمٍ وَكَتَبَ بِذَلِكَ إِلَى رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَبِلَ۔

بَابُ ۱۰۷ قِلَّةِ الْمَهْرِ۔

۳۴۱۔ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْمَاعِيلَ نَا حَمَّادٌ عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ وَحُمَيْدٍ عَنْ أَنَسٍ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَأَى عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ عَوْفٍ وَعَلَيْهِ رَدْعُ زَعْفَرَانٍ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَهْيَمْ قَالَ يَا رَسُولَ اللهِ تَزَوَّجْتُ امْرَأَةً قَالَ مَا أَصْدَقْتَهَا قَالَ وَزْنَ نَوَاةٍ مِنْ ذَهَبٍ قَالَ أَوْلِمْ وَلَوْ بِشَاةٍ۔

۳۴۲۔ حَدَّثَنَا إِسْحٰقُ بْنُ جِبْرِيلَ الْبَغْدَادِيُّ أَنَا يَزِيدُ أَنَا مُوسَى بْنُ مُسْلِمِ بْنِ رُومَانَ عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ أَعْطَى فِي صَدَاقِ امْرَأَةٍ

اپنی کسی زوجۂ مطہرہ یا اپنی کسی صاحبزادی کا بارہ اوقیہ سے زیادہ مہر نہیں باندھا تھا۔

عروہ بن زبیر نے حضرت اُمّ حبیبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ وہ حضرت عبید اللہ بن جحش کے نکاح میں تھیں تو اُن کا سرزمینِ حبشہ میں انتقال ہوگیا۔ پس نجاشی بادشاہ نے اُن کا نکاح نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ کر دیا اور اپنے پاس سے انہیں چار ہزار درہم مہر دلائے اور حضرت شرحبیل بن حسنہ کے ساتھ انہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس بھیجا امام ابوداؤد نے فرمایا کہ اُن کی والدہ کا نام حسنہ ہے۔

زہری کا بیان ہے کہ نجاشی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضرت اُمّ حبیبہ بنت ابوسفیان کا نکاح رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے کر دیا تھا۔ چار ہزار درہم مہر باندھ کر یہ بات رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں لکھ بھیجی تو آپ نے قبول فرمائی۔

کم از کم مہر

حمید نے حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت عبدالرحمٰن بن عوف کو دیکھا زعفران لگائے ہوئے۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ یہ کیا ہے؟ عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ میں نے ایک عورت سے نکاح کر لیا ہے۔ فرمایا کہ مہر کیا مقرر کیا؟ عرض کی کہ گٹھلی کے برابر سونا۔ فرمایا کہ ولیمہ بھی کرو خواہ ایک ہی بکری سے ہو۔

ابوالزبیر نے حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جو مہر میں عورت کو ایک لپ ستو یا کھجوریں بھی ادا کر دے تو وہ اس کے لیے حلال ہوگئی۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ روایت

www.sirat-e-mustaqeem.com

مِلْءَ كَفَّيْهِ سَوِيقًا أَوْ تَمْرًا فَقَدِ اسْتَحَلَّ قَالَ أَبُو دَاوُدَ رَوَاهُ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مَهْدِيٍّ عَنْ صَالِحِ بْنِ رُومَانَ عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ مَوْقُوفًا وَرَوَاهُ أَبُو عَاصِمٍ عَنْ صَالِحِ بْنِ رُومَانَ عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ قَالَ كُنَّا عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَسْتَمْتِعُ بِالْقُبْضَةِ مِنَ الطَّعَامِ عَلَى مَعْنَى الْمُتْعَةِ قَالَ أَبُو دَاوُدَ رَوَاهُ ابْنُ جُرَيْجٍ عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ عَلَى مَعْنَى أَبِي عَاصِمٍ.

بَاب ۱۰۸ فِي التَّزْوِيجِ عَلَى الْعَمَلِ يُعْمَلُ.

۳۴۳ - حَدَّثَنَا الْقَعْنَبِيُّ عَنْ مَالِكٍ عَنْ أَبِي حَازِمِ ابْنِ دِينَارٍ عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ السَّاعِدِيِّ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَاءَتْهُ امْرَأَةٌ فَقَالَتْ يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنِّي قَدْ وَهَبْتُ نَفْسِي لَكَ فَقَامَتْ قِيَامًا طَوِيلًا فَقَامَ رَجُلٌ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللَّهِ زَوِّجْنِيهَا إِنْ لَمْ تَكُنْ لَكَ بِهَا حَاجَةٌ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَلْ عِنْدَكَ مِنْ شَيْءٍ تُصْدِقُهَا إِيَّاهُ قَالَ مَا عِنْدِي إِلَّا إِزَارِي هَذَا فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّكَ إِنْ أَعْطَيْتَهَا إِزَارَكَ جَلَسْتَ لَا إِزَارَ لَكَ فَالْتَمِسْ شَيْئًا قَالَ لَا أَجِدُ شَيْئًا قَالَ فَالْتَمِسْ وَلَوْ خَاتَمًا مِنْ حَدِيدٍ فَالْتَمَسَ فَلَمْ يَجِدْ شَيْئًا فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَلْ مَعَكَ مِنَ الْقُرْآنِ شَيْءٌ قَالَ نَعَمْ سُورَةُ كَذَا وَسُورَةُ كَذَا لِسُوَرٍ سَمَّاهَا فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ زَوَّجْتُكَهَا بِمَا مَعَكَ مِنَ الْقُرْآنِ.

۳۴۴ - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ حَفْصِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ حَدَّثَنِي أَبِي حَفْصُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ حَدَّثَنِي إِبْرَاهِيمُ بْنُ طَهْمَانَ عَنِ الْحَجَّاجِ بْنِ الْحَجَّاجِ

کر روایت کیا ہے اسے عبدالرحمن بن مہدی، صالح بن رومان ابوالزبیر نے حضرت جابر سے موقوفاً اور روایت کیا اسے ابو عاصم، صالح بن رومان، ابوالزبیر، حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے زمانہ میں ہم مٹھی بھر اناج کے بدلے متعہ کر لیا کرتے تھے۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ روایت کیا ہے اسے ابن جریج، ابوالزبیر نے حضرت جابر سے معناً ابو عاصم کی طرح۔

کسی کام کے بدلے نکاح کرنا

حضرت سہل بن سعد ساعدی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر ایک عورت عرض گزار ہوئی۔ یا رسول اللہ! میں نے اپنی جان آپ کی خدمت میں پیش کر دی۔ وہ کافی دیر کھڑی رہی تو ایک آدمی کھڑا ہو کر عرض گزار ہوا کہ یا رسول اللہ! اس کا نکاح میرے ساتھ کر دیجئے اگر آپ کو اس کی حاجت نہ ہو۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اسے مہر میں دینے کے لیے کیا تمہارے پاس کچھ ہے؟ عرض کی نہیں سوائے اس چادر کے۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اگر یہ چادر تم اسے دو گے تو خود چادر کے بغیر بیٹھے رہو گے۔ جاؤ کوئی اور چیز تلاش کرو۔ عرض گزار ہوا کہ میرے پاس تو کچھ بھی نہیں۔ فرمایا تلاش تو کرو خواہ لوہے کی انگوٹھی ہی کیوں نہ ہو۔ اس نے تلاش کیا مگر کچھ نہ ملا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ کیا تمہیں کچھ قرآن مجید یاد ہے؟ عرض کی کہ ہاں فلاں فلاں سورتیں آتی ہیں اور ان کے نام لیے۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تمہیں جو قرآن کریم یاد ہے میں نے اس کے بدلے اس عورت کا تمہارے ساتھ نکاح کر دیا۔

احمد بن حفص بن عبداللہ، حفص بن عبداللہ، ابراہیم بن طہمان، حجاج بن حجاج باہلی، غسل، عطاء بن ابی رباح نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے اس واقعے کو اسی

www.sirat-e-mustaqeem.com

الْبَاهِلِيِّ عَنْ عِسْلٍ عَنْ عَطَاءِ بْنِ أَبِي رَبَاحٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ نَحْوَ هٰذِهِ الْقِصَّةِ لَمْ يَذْكُرِ الْإِزَارَ وَالْخَاتَمَ فَقَالَ مَا تَحْفَظُ مِنَ الْقُرْآنِ قَالَ سُورَةَ الْبَقَرَةِ أَوِ الَّتِي تَلِيهَا قَالَ قُمْ فَعَلِّمْهَا عِشْرِينَ آيَةً وَهِيَ امْرَأَتُكَ۔

طرح روایت کیا لیکن ازار اور انگوٹھی کا ذکر نہ کیا۔ فرمایا۔ تمہیں قرآن مجید سے کیا یاد ہے؟ عرض کی کہ سورۃ البقرہ اور اس کے ساتھ والی سورت۔ فرمایا کھڑے ہو جاؤ اور اسے بیس آیتیں سکھاؤ یہ تمہاری بیوی ہے۔

۳۴۵۔ حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ زَيْدِ بْنِ أَبِي الزَّرْقَاءِ نَا أَبِي حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَاشِدٍ عَنْ مَكْحُولٍ نَحْوَ خَبَرِ سَهْلٍ قَالَ وَكَانَ مَكْحُولٌ يَقُولُ لَيْسَ ذٰلِكَ لِأَحَدٍ بَعْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔

ہارون بن زید بن ابی زرقاء، اُن کے والد ماجد، محمد بن راشد، مکحول سے بھی حضرت سہل کی طرح منقول ہے۔ مکحول کہا کرتے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بعد ایسا کرنے کا کسی کو حق نہیں ہے۔ ف

ف۔ نکاح کے لیے مہر کا ہونا ضروری ہے حتیٰ کہ مہر ادا نہ کیا ہو تو عورت مجاز ہے کہ خاوند کو پاس نہ آنے دے۔ مہر حیثیت کے مطابق ہے۔ جس کی کم از کم مقدار امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک دس درہم اور امام مالک رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک چوتھائی دینار ہے۔ دونوں حضرات کے نزدیک یہ ڈھال کی قیمت کا تخمینہ ہے۔ اور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے جو ایک نکاح مہر کے بغیر محض قرآن خوانی یا قرآن دانی کی بنا پر کر دیا تھا اُسے سرورِ کونین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے خصائص میں شمار کیا گیا ہے۔ جیسا کہ اس روایت سے بھی واضح ہو رہا ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

بَابٌ فِيمَنْ تَزَوَّجَ وَلَمْ يُسَمِّ صَدَاقًا حَتّٰى مَاتَ۔ — کسی نے بغیر مہر مقرر کیے نکاح کیا اور مر گیا

۳۴۶۔ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ ابْنُ أَبِي شَيْبَةَ نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ فِرَاسٍ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ مَسْرُوقٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ فِي رَجُلٍ تَزَوَّجَ امْرَأَةً فَمَاتَ عَنْهَا وَلَمْ يَدْخُلْ بِهَا وَلَمْ يَفْرِضْ لَهَا فَقَالَ لَهَا الصَّدَاقُ كَامِلًا وَعَلَيْهَا الْعِدَّةُ وَلَهَا الْمِيرَاثُ قَالَ مَعْقِلُ بْنُ سِنَانٍ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَضٰى بِهِ فِي بِرْوَعَ بِنْتِ وَاشِقٍ۔

مسروق نے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی اس شخص کے متعلق جس نے کسی عورت سے نکاح کیا اور مر گیا۔ نہ اس نے صحبت کی اور نہ مہر مقرر کیا تھا۔ انہوں نے فرمایا کہ اُسے پورا مہر ملے گا اور وہ عدت گزارے گی اور اُسے میراث ملے گی۔ حضرت معقل بن سنان نے کہا کہ میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے سُنا ہے کہ آپ نے بروع بنت واشق کا یہی فیصلہ فرمایا تھا۔

۳۴۷۔ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ ابْنُ أَبِي شَيْبَةَ نَا يَزِيدُ ابْنُ هَارُونَ وَابْنُ مَهْدِيٍّ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ مَنْصُورٍ عَنْ إِبْرَاهِيمَ عَنْ عَلْقَمَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ فَسَاقَ عُثْمَانُ مِثْلَهُ۔

عثمان بن ابو شیبہ، یزید بن ہارون، ابن مہدی، سفیان، منصور، ابراہیم، علقمہ نے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے ـــــ عثمان نے اسی طرح حدیث بیان کی۔

www.sirat-e-mustaqeem.com

۳۴۸۔ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللهِ بْنُ عُمَرَ نَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ نَا سَعِيْدُ بْنُ أَبِيْ عَرُوْبَةَ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ خِلَاسٍ وَأَبِيْ حَسَّانَ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُتْبَةَ ابْنِ مَسْعُوْدٍ أَنَّ عَبْدَ اللهِ بْنَ مَسْعُوْدٍ أُتِيَ فِيْ رَجُلٍ بِهٰذَا الْخَبَرِ قَالَ فَاخْتَلَفُوْا إِلَيْهِ شَهْرًا أَوْ قَالَ مَرَّاتٍ قَالَ فَإِنِّيْ أَقُوْلُ فِيْهَا أَنَّ لَهَا صَدَاقًا كَصَدَاقِ نِسَائِهَا لَا وَكْسَ وَلَا شَطَطَ وَإِنَّ لَهَا الْمِيْرَاثَ وَعَلَيْهَا الْعِدَّةُ فَإِنْ يَكُ صَوَابًا فَمِنَ اللهِ وَإِنْ يَكُ خَطَأً فَمِنِّيْ وَمِنَ الشَّيْطَانِ وَاللهُ وَرَسُوْلُهُ بَرِيْئَانِ فَقَامَ نَاسٌ مِنْ أَشْجَعَ فِيْهِمُ الْجَرَّاحُ وَأَبُوْ سِنَانٍ فَقَالُوْا يَا ابْنَ مَسْعُوْدٍ نَحْنُ نَشْهَدُ أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَضَاهَا فِيْنَا فِيْ بِرْوَعَ بِنْتِ وَاشِقٍ وَأَنَّ زَوْجَهَا هِلَالُ بْنُ مُرَّةَ الْأَشْجَعِيُّ كَمَا قَضَيْتَ قَالَ فَفَرِحَ عَبْدُ اللهِ ابْنُ مَسْعُوْدٍ فَرَحًا شَدِيْدًا حِيْنَ وَافَقَ قَضَاؤُهُ قَضَاءَ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔

عبداللہ بن عتبہ بن مسعود نے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ایک آدمی کے متعلق یہ خبر اور کہا کہ اختلاف ہوا اس میں مہینہ بھر یا کئی بار تو انھوں نے فرمایا کہ میں تو اس بارے میں یہ کہتا ہوں کہ اُسے دوسری عورتوں کے برابر پورا مہر ملے نہ کہ کم و بیش۔ اُسے میراث ملے اور وہ عدت گزارے۔ اگر یہ فیصلہ درست ہے تو اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے، اور اگر یہ غلط ہے تو میری جانب سے اور شیطان کی جانب سے ہے۔ اللہ اور اس کا رسول اس سے لاتعلق ہیں۔ پس اشجع کے لوگوں میں سے جراح اور ابوسنان نے کھڑے ہو کر کہا: اے ابن مسعود! ہم گواہی دیتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ہمارا یہی فیصلہ فرمایا تھا۔ بروع بنت واشق کے متعلق، جیسا کہ آپ نے کیا ہے۔ حضرت عبداللہ بن مسعود کو انتہائی مسرت ہوئی جب کہ اُن کا فیصلہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے فیصلے کے مطابق ثابت ہو گیا۔ ف

ف۔ اس حدیث سے واضح ہو رہا ہے کہ جب کسی مسئلے کے متعلق قرآن و حدیث کے واضح نصوص موجود نہ ہوں تو مجتہد اپنے اجتہاد سے بھی فیصلہ کر سکتا ہے اور وہی نافذ ہوگا۔ لیکن ایسا اجتہادی فیصلہ کرنے اور رائے دینے کا مجتہد ہی مجاز ہے۔ ہر کسی کو یہ حق حاصل نہیں ہے کہ یہ اپنی رائے یا تحقیق کو اجتہاد بناتا پھرے اور اُسے قابلِ عمل ٹھہرائے۔ کیونکہ اجتہاد کا حق صرف اُسی کو ہے جس کے اندر مجتہد کی شرائط پائی جائیں۔ جب کہ اُن شرائط کا کسی شخص میں پایا جانا کئی صدیوں سے مفقود ہے۔ اس پُر فتن دَور میں جو بعض حضرات اجتہاد کا دعویٰ کر بیٹھتے ہیں یہ چھوٹا منہ اور بڑی بات کے مصداق ہے۔ جائے غور ہے کہ جب آسمانِ علم و عرفان کے شمس و قمر اور اُمتِ محمدیہ کی مایۂ ناز علمی ہستیاں یعنی حجۃ الاسلام محمد غزالی، امام فخرالدین رازی، حافظ ابنِ حجر عسقلانی، حافظ بدرالدین عینی، خاتم الحفاظ امام جلال الدین سیوطی، مولانا علی قاری حنفی، شیخ عبدالقادر جیلانی، حضرت مجدد الف ثانی اور خاتم المحققین شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین بھی مجتہد نہیں بلکہ مقلد محض ہیں تو دَورِ حاضر کے مدعیانِ اجتہاد کس گنتی شمار میں ہیں۔ اور کسی ایرا غیرا نتھو خیرا کی ذاتی رائے یا تحقیق کو کس طرح اجتہاد مانا جا سکتا ہے؟ اجتہاد ایک خداداد صلاحیت ہے جو اللہ تعالیٰ کے خاص بندوں کا حصہ ہے۔ مجتہد اگرچہ نبی نہیں ہوتا۔ لیکن اُس کی شانِ اجتہاد یعنی دینی بصیرت نبی کی قوتِ فیصلہ کا عکس یا سایہ ہوتا ہے جس کے باعث مجتہد دوسرے خاص بندوں سے بھی اپنی خصوصیت میں ممتاز ہوتا ہے جیسا کہ ہمارے امامِ اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے امامِ اعظم یعنی سیدنا عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی شانِ اجتہاد اس روایت سے واضح ہے۔ معلوم ہونا چاہیئے کہ ایک مجتہد

www.sirat-e-mustaqeem.com

اپنی شانِ اجتہاد کے باعث دوسرے مجتہد کے فیصلے پر اپنی رائے دینے کا مجاز ہوتا ہے۔ لیکن غیر مجتہد کو کسی مجتہد کے فیصلے پر رائے زنی کرنے کا کوئی حق نہیں ہے۔ مجتہد کی دینی بصیرت اور غیر مجتہد کی علمیت میں زمین و آسمان کا فرق ہے۔ اور اس فرق کو مٹانا دراصل حقیقت کا منہ چڑانا اور فتنوں کا دروازہ کھولنا ہے۔ اللہ تعالیٰ تمام مسلمانوں کو سچی ہدایت نصیب فرمائے۔ آمین۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

٣٤٩ - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ فَارِسٍ الذُّهْلِيُّ وَعُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ قَالَ مُحَمَّدٌ حَدَّثَنِي أَبُو الْأَصْبَغِ الْجَزَرِيُّ عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ يَحْيَى أَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ أَبِي عَبْدِ الرَّحِيمِ خَالِدِ بْنِ أَبِي يَزِيدَ عَنْ زَيْدِ بْنِ أَبِي أُنَيْسَةَ عَنْ يَزِيدَ ابْنِ أَبِي حَبِيبٍ عَنْ مَرْثَدِ بْنِ عَبْدِ اللهِ عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِرَجُلٍ أَتَرْضَى أَنْ أُزَوِّجَكَ فُلَانَةَ قَالَ نَعَمْ وَقَالَ لِلْمَرْأَةِ أَتَرْضَيْنَ أَنْ أُزَوِّجَكِ فُلَانًا قَالَتْ نَعَمْ فَزَوَّجَ أَحَدَهُمَا صَاحِبَهُ فَدَخَلَ بِهَا الرَّجُلُ وَلَمْ يَفْرِضْ لَهَا صَدَاقًا وَلَمْ يُعْطِهَا شَيْئًا وَكَانَ مِمَّنْ شَهِدَ الْحُدَيْبِيَةَ وَكَانَ مَنْ شَهِدَ الْحُدَيْبِيَةَ لَهُ سَهْمٌ بِخَيْبَرَ فَلَمَّا حَضَرَتْهُ الْوَفَاةُ قَالَ إِنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ زَوَّجَنِي فُلَانَةَ وَلَمْ أَفْرِضْ لَهَا صَدَاقًا وَلَمْ أُعْطِهَا شَيْئًا وَإِنِّي أُشْهِدُكُمْ أَنِّي أَعْطَيْتُهَا مِنْ صَدَاقِهَا سَهْمِي بِخَيْبَرَ فَأَخَذَتْ سَهْمًا فَبَاعَتْهُ بِمِائَةِ أَلْفٍ قَالَ أَبُو دَاوُدَ وَزَادَ عُمَرُ فِي أَوَّلِ الْحَدِيثِ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَيْرُ النِّكَاحِ أَيْسَرُهُ وَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِلرَّجُلِ ثُمَّ سَاقَ مَعْنَاهُ قَالَ أَبُو دَاوُدَ نَخَافُ أَنْ يَكُونَ هَذَا الْحَدِيثُ مُلْزَقًا لِأَنَّ الْأَمْرَ غَيْرُ هَذَا۔

محمد بن یحییٰ بن فارس ذُہلی اور عمر بن خطاب، ابوالاصبغ جزری عبدالعزیز بن یحییٰ، محمد بن سلمہ، ابوعبدالرحیم خالد بن ابویزید، زید بن ابواُنیسہ، یزید بن ابوحبیب، مرثد بن عبداللہ نے حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک آدمی سے فرمایا کہ تم راضی ہو کہ فلاں عورت سے تمہارا نکاح کردوں؟ اس نے کہا ہاں۔ عورت سے فرمایا کہ کیا تم راضی ہو فلاں مرد سے تمہارا نکاح کردوں؟ عورت نے کہا ہاں۔ پس اُن کا نکاح کردیا گیا۔ آدمی نے اس سے صحبت کی لیکن اُس کا مہر مقرر نہ کیا اور نہ اُسے کوئی چیز دی۔ وہ حدیبیہ میں شامل ہوا اور حدیبیہ میں شہید ہوگیا۔ خیبر میں اُس کے حصے کی زمین تھی۔ جب اُس کی وفات کا وقت قریب آیا تو کہا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فلاں عورت کے ساتھ میرا نکاح کردیا تھا۔ اور میں نے اُس کا کوئی مہر مقرر نہیں کیا اور نہ اُسے کچھ دیا ہے۔ میں تمہیں گواہ بناتا ہوں کہ میں نے خیبر کا اپنا حصہ اُسے مہر میں دیا۔ عورت نے وہ حصہ لے لیا اور اُسے ایک لاکھ میں فروخت کردیا۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ عمر کی پہلی حدیث میں یہ بھی ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، بہتر نکاح وہ ہے جو آسانی سے ہوجائے۔ اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک آدمی سے فرمایا۔ باقی حدیث معناً۔ امام ابوداؤد نے فرمایا، ڈر ہے کہ اس حدیث میں گڑبڑ ہوگئی ہو، کیونکہ اصل بات اور ہے۔

بَابٌ فِي خُطْبَةِ النِّكَاحِ

خطبۂ نکاح کا بیان

٣٥٠ - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ أَنَا سُفْيَانُ

محمد بن کثیر، سفیان، ابواسحاق، جبیرہ نے حضرت

www.sirat-e-mustaqeem.com

عَنْ أَبِي إِسْحٰقَ عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ فِي خُطْبَةِ الْحَاجَةِ فِي النِّكَاحِ وَغَيْرِهِ۔

عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے خطبۂ نکاح وغیرہ روایت کیا ہے۔

٣٥١ وحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ الْأَنْبَارِيُّ الْمَعْنَى نَا وَكِيعٌ عَنْ إِسْرَائِيلَ عَنْ أَبِي إِسْحٰقَ عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ وَأَبِي عُبَيْدَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ عَلَّمَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خُطْبَةَ الْحَاجَةِ أَنِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ نَسْتَعِينُهُ وَنَسْتَغْفِرُهُ وَنَعُوذُ بِهِ مِنْ شُرُورِ أَنْفُسِنَا مَنْ يَهْدِهِ اللّٰهُ فَلَا مُضِلَّ لَهُ وَمَنْ يُضْلِلْ فَلَا هَادِيَ لَهُ وَأَشْهَدُ أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَأَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُولُهُ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِي تَسَاءَلُونَ بِهِ وَالْأَرْحَامَ إِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلَيْكُمْ رَقِيبًا يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ حَقَّ تُقَاتِهِ وَلَا تَمُوتُنَّ إِلَّا وَأَنْتُمْ مُسْلِمُونَ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَقُولُوا قَوْلًا سَدِيدًا يُصْلِحْ لَكُمْ أَعْمَالَكُمْ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوبَكُمْ وَمَنْ يُطِعِ اللّٰهَ وَرَسُولَهُ فَقَدْ فَازَ فَوْزًا عَظِيمًا لَمْ يَقُلْ مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ أَنْ۔

عبیدہ سے روایت ہے کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ہمیں خطبۂ نکاح سکھایا کہ درحقیقت سب تعریفیں اللہ کے لیے ہیں۔ ہم اُس سے مدد چاہتے ہیں، بخشش مانگتے ہیں اور اس کی پناہ پکڑتے ہیں، اپنی جانوں کی برائی سے۔ جسے اللہ ہدایت دے اُسے کوئی گمراہ کرنے والا نہیں اور میں گواہی دیتا ہوں کہ نہیں کوئی معبود مگر اللہ اور میں گواہی دیتا ہوں کہ محمد مصطفےٰ اُس کے بندے اور اُس کے رسول ہیں۔ اے ایمان والو! اللہ سے ڈرو جس کے واسطے سے تم سوال کرتے ہو اور رشتہ داری سے ڈرو۔ بیشک اللہ تمہارا نگہبان ہے۔ اے ایمان والو! اللہ سے ڈرو جیسے ڈرنے کا حق ہے اور نہ مرنا مگر مسلمانی کی حالت میں۔ اے ایمان والو! اللہ سے ڈرو اور سیدھی بات کہو، وہ تمہارے اعمال کو درست کردے گا اور تمہارے گناہوں کو معاف کردے گا اور جو حکم مانے اللہ اور اُس کے رسول کا اس نے بہت بڑی کامیابی حاصل کی۔ محمد بن سلیمان نے لفظ اَنْ نہیں کہا۔

٣٥٢۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا أَبُو عَاصِمٍ نَا عِمْرَانُ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ عَبْدِ رَبِّهِ عَنْ أَبِي عِيَاضٍ عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ إِذَا تَشَهَّدَ ذَكَرَ نَحْوَهُ قَالَ بَعْدَ قَوْلِهِ وَرَسُولُهُ أَرْسَلَهُ بِالْحَقِّ بَشِيرًا وَنَذِيرًا بَيْنَ يَدَيِ السَّاعَةِ مَنْ يُطِعِ اللّٰهَ وَرَسُولَهُ فَقَدْ رَشَدَ وَمَنْ يَعْصِهِمَا فَإِنَّهُ لَا يَضُرُّ إِلَّا نَفْسَهُ وَلَا يَضُرُّ اللّٰهَ شَيْئًا۔

ابو عیاض نے حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب تشہد پڑھتے۔ پھر اسی طرح ذکر کرکے لفظ وَرَسُوْلُہٗ کے بعد فرمایا۔ انہیں حق کے ساتھ بھیجا، خوشخبری دیتا اور ڈر سناتا قیامت سے پہلے۔ جس نے حکم مانا اللہ اور اُس کے رسول کا اُس نے ہدایت پائی اور جس نے دونوں کی نافرمانی کی تو وہ نہیں نقصان کرتا مگر اپنی جان کا اور وہ اللہ کا کوئی نقصان نہیں کرسکتا۔

٣٥٣۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا بَدَلُ بْنُ الْمُحَبَّرِ نَا شُعْبَةُ عَنِ الْعَلَاءِ ابْنِ أَخِي شُعَيْبٍ الرَّازِيِّ عَنْ إِسْمٰعِيلَ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ رَجُلٍ مِنْ بَنِي سُلَيْمٍ قَالَ خَطَبْتُ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى

محمد بن بشار، بدل بن محبر، شعبہ، علاء بن ابی شعیب رازی، اسمٰعیل بن ابراہیم، بنی سلیم کے ایک آدمی نے کہا کہ میں نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا حضرت امامہ بنت عبدالمطلب کے لیے پیغام دیا تو آپ نے تشہد کے

www.sirat-e-mustaqeem.com

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أُمَامَةَ بِنْتَ حَمْزَةَ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ فَأَنْكَحَنِي مِنْ غَيْرِ أَنْ يَسْتَشْهِدَ۔

بغیر اُن کا میرے ساتھ نکاح کر دیا۔

بَاب ۱۱۱ فِي تَزْوِيجِ الصِّغَارِ۔

چھوٹی بچیوں کا نکاح کرنا

۳۵۴۔ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ وَأَبُو كَامِلٍ قَالَا نَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ تَزَوَّجَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَنَا بِنْتُ سَبْعٍ قَالَ سُلَيْمَانُ أَوْ سِتٍّ وَدَخَلَ بِي وَأَنَا بِنْتُ تِسْعٍ۔

ہشام بن عروہ نے اپنے والد ماجد سے روایت کی ہے کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا ، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے میرے ساتھ نکاح کیا تو میں سات سال کی تھی۔ سلیمان نے کہا یا چھ سال کی اور میرے ساتھ خلوت فرمائی تو میں نو سال کی تھی۔

ف ۔ آج کل بعض حضرات یہ دُور کی کوڑی لا رہے ہیں کہ نکاح کے وقت حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بالغہ تھیں اور اس وقت اُن کی عمر پندرہ سولہ سال تک بتائی جا رہی ہے۔ یہ تحقیق حقیقت کے بالکل خلاف اور کسی خاص مقصد کے تحت ہے۔ جب کہ صحیح بات وہی ہے جو اس روایت میں بیان فرمائی گئی ہے اور تاریخ و سیر کی کتابوں میں اکابر علمائے اسلام نے ایسا ہی لکھا اور اسی پر اعتماد و جزم فرمایا ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

بَاب ۱۱۲ فِي الْمُقَامِ عِنْدَ الْبِكْرِ۔

کنواری کے پاس کتنے دن رہے

۳۵۵۔ حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ نَا يَحْيَى عَنْ سُفْيَانَ قَالَ حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي بَكْرٍ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ ابْنِ أَبِي بَكْرٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا تَزَوَّجَ أُمَّ سَلَمَةَ أَقَامَ عِنْدَهَا ثَلَاثًا ثُمَّ قَالَ لَيْسَ بِكِ عَلَى أَهْلِكِ هَوَانٌ إِنْ شِئْتِ سَبَّعْتُ لَكِ وَإِنْ سَبَّعْتُ لَكِ سَبَّعْتُ لِنِسَائِي۔

عبد الملک بن ابوبکر کے والد ماجد نے حضرت اُم سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے جب حضرت اُم سلمہ سے نکاح کیا تو ان کے پاس تین راتیں ٹھہرے پھر فرمایا کہ میرا تمہارے پاس اتنا رہنا تمہارے خاندان والوں کے لیے رسوائی کا باعث نہیں ہے لیکن اگر تم چاہو تو میں تمہارے پاس سات راتیں رہوں ۔ اگر تمہارے پاس سات راتیں رہا تو دوسری ازواجِ مطہرات کے پاس بھی سات سات راتیں رہنا ہوگا۔

۳۵۶۔ حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ وَعُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ عَنْ هُشَيْمٍ عَنْ حُمَيْدٍ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ لَمَّا أَخَذَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَفِيَّةَ أَقَامَ عِنْدَهَا ثَلَاثًا زَادَ عُثْمَانُ وَكَانَتْ ثَيِّبًا وَقَالَ حَدَّثَنِي هُشَيْمٌ أَنَا حُمَيْدٌ نَا أَنَسٌ۔

حمید سے روایت ہے کہ حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا ، جب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت صفیہ سے نکاح کیا تو اُن کے پاس تین روز رہے عثمان نے یہ بھی کہا کہ وہ شوہر دیدہ تھیں۔ اُنہوں نے ہشیم، حمید، حضرت انس سے روایت کی ہے۔

۳۵۷۔ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ ابْنُ أَبِي شَيْبَةَ نَا هُشَيْمٌ وَإِسْمٰعِيلُ بْنُ عُلَيَّةَ عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ عَنْ أَبِي قِلَابَةَ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ إِذَا تَزَوَّجَ

خالد حذاء نے ابو قلابہ سے روایت کی ہے کہ حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا ، جب کوئی کنواری لڑکی سے شادی کرے شوہر دیدہ کے ہوتے ہوئے تو اس کے پاس

الْبِكْرَ عَلَى الثَّيِّبِ أَقَامَ عِنْدَهَا سَبْعًا وَإِذَا تَزَوَّجَ الثَّيِّبَ أَقَامَ عِنْدَهَا ثَلَاثًا وَلَوْ قُلْتُ إِنَّهُ رَفَعَهُ لَصَدَقْتُ وَلَكِنَّهُ قَالَ السُّنَّةُ كَذَلِكَ۔

باب ۳۱۱ فِي الرَّجُلِ يَدْخُلُ بِامْرَأَتِهِ قَبْلَ أَنْ يَنْقُدَهَا۔

۳۵۸۔ حَدَّثَنَا إِسْحٰقُ بْنُ إِسْمٰعِيلَ الطَّالَقَانِيُّ نَا عَبْدَةُ نَا سَعِيدٌ عَنْ أَيُّوبَ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ لَمَّا تَزَوَّجَ عَلِيٌّ فَاطِمَةَ قَالَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَعْطِهَا شَيْئًا قَالَ مَا عِنْدِي شَيْءٌ قَالَ أَيْنَ دِرْعُكَ الْحُطَمِيَّةُ۔

۳۵۹۔ حَدَّثَنَا كَثِيرُ بْنُ عُبَيْدٍ الْحِمْصِيُّ نَا أَبُو حَيْوَةَ عَنْ شُعَيْبٍ يَعْنِي ابْنَ أَبِي حَمْزَةَ حَدَّثَنِي غَيْلَانُ بْنُ أَنَسٍ حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ ثَوْبَانَ عَنْ رَجُلٍ مِنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّ عَلِيًّا رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ لَمَّا تَزَوَّجَ فَاطِمَةَ بِنْتَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا أَرَادَ أَنْ يَدْخُلَ بِهَا فَمَنَعَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّى يُعْطِيَهَا شَيْئًا فَقَالَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ لَيْسَ لِي شَيْءٌ فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَعْطِهَا دِرْعَكَ فَأَعْطَاهَا دِرْعَهُ ثُمَّ دَخَلَ بِهَا۔

۳۶۰۔ حَدَّثَنَا كَثِيرٌ يَعْنِي ابْنَ عُبَيْدٍ نَا حَيْوَةُ عَنْ شُعَيْبٍ عَنْ غَيْلَانَ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ مِثْلَهُ۔

۳۶۱۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الصَّبَّاحِ الْبَزَّازُ نَا شَرِيكٌ عَنْ مَنْصُورٍ عَنْ طَلْحَةَ عَنْ خَيْثَمَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ أَمَرَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ أُدْخِلَ امْرَأَةً عَلَى زَوْجِهَا قَبْلَ أَنْ يُعْطِيَهَا شَيْئًا قَالَ أَبُو دَاوُدَ خَيْثَمَةُ لَمْ يَسْمَعْ مِنْ عَائِشَةَ۔

سات روز رہے اور جب شوہر دیدہ سے نکاح کرے تو اس کے پاس تین روز رہے۔ اگر میں کہوں کہ یہ روایت مرفوعاً ہے تو میں سچا ہوں لیکن سنّت یہی ہے۔

صحبت کرنے سے پہلے عورت کو کچھ دینے کا بیان

عکرمہ سے روایت ہے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا۔ حضرت علی نے جب حضرت فاطمہ سے نکاح کیا تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا۔ اُسے کوئی چیز دو۔ عرض گزار ہوئے کہ میرے پاس تو کوئی چیز نہیں۔ فرمایا کہ تمہاری حُطمی زرہ کہاں ہے؟

محمد بن عبدالرحمٰن بن ثوبان نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ایک صحابی سے روایت کی ہے کہ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے جب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی صاحبزادی حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے نکاح کیا تو اُن کے پاس جانے کا ارادہ کیا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے منع فرمایا کہ پہلے اُسے کوئی چیز دو۔ عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ! میرے پاس تو کوئی چیز نہیں۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اُن سے فرمایا کہ اپنی زرہ دے دو۔ پس انہوں نے اُنہیں اپنی زرہ دے دی اور پھر ان کے پاس گئے۔

کثیر بن عبید، حیوۃ، شعیب، غیلان، عکرمہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے اسی کے مانند روایت کی۔

خیثمہ نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مجھے ایک عورت کو اس کے خاوند کے پاس پہنچانے کا حکم فرمایا اس سے پہلے کہ مرد نے اسے کچھ دیا ہو۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ خیثمہ کا حضرت عائشہ سے سماع ثابت نہیں۔

www.sirat-e-mustaqeem.com

۳۶۲- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَعْمَرٍ نَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكْرٍ الْبُرْسَانِيُّ أَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَيُّمَا امْرَأَةٍ نُكِحَتْ عَلَى صَدَاقٍ أَوْ حِبَاءٍ أَوْ عِدَةٍ قَبْلَ عِصْمَةِ النِّكَاحِ فَهُوَ لَهَا وَمَا كَانَ بَعْدَ عِصْمَةِ النِّكَاحِ فَهُوَ لِمَنْ أُعْطِيَهُ وَأَحَقُّ مَا أُكْرِمَ عَلَيْهِ الرَّجُلُ ابْنَتُهُ أَوْ أُخْتُهُ۔

عمرو بن شعیب نے اپنے والد ما جد سے اور انہوں نے ان کے دادا جان سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس عورت نے نکاح کیا مہر یا عطا یا وعدے پر نکاح ہونے سے پہلے تو وہ اُسی کو ملے گا اور جو نکاح ہونے کے بعد کیا تو وہ اُسی کا ہے۔ جس کو دیا گیا اور اس کی وہ بیٹی یا بہن زیادہ حقدار ہے جس کی وجہ سے احسان کیا گیا (یعنی زیادہ حقدار وہ لڑکی ہے جس کا نکاح کیا گیا خواہ وہ بیٹی ہو یا بہن)

باب ۱۱۴ مَا يُقَالُ لِلْمُتَزَوِّجِ۔

دُولہا سے کیا کہنا چاہیئے

۳۶۳- حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ نَا عَبْدُ الْعَزِيزِ يَعْنِي ابْنَ مُحَمَّدٍ عَنْ سُهَيْلٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ إِذَا رَفَّأَ الْإِنْسَانَ إِذَا تَزَوَّجَ قَالَ بَارَكَ اللهُ لَكَ وَبَارَكَ عَلَيْكَ وَجَمَعَ بَيْنَكُمَا فِي خَيْرٍ۔

سہیل کے والد ما جد نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب کسی شخص کو دعا دیتے جس نے شادی کی ہوتی تو فرماتے کہ اللہ تعالیٰ تمہارے لیے مبارک کرے اور تمہیں برکت دے اور تم دونوں کو بھلائی پر جمع رکھے۔ ف

ف۔ خوشی کے موقع پر ایک مسلمان اپنے دوسرے مسلمان بھائی کو مبارک باد دے۔ یہ مسنون اور اہلِ اسلام کا معمول ہے۔ مبارک باد کے وقت ایسی دعا دینی چاہیئے جو اُس خوشی سے مطابقت رکھتی ہو۔ اس سے باہمی محبت و خیر خواہی کا اظہار ہوتا ہے۔ جس کے باعث محبت اور باہمی تعلق میں اور بھی اضافہ ہوتا ہے۔ محبت کی جتنی ہوا چلے گی، انفرادی اور اجتماعی زندگی اُتنی ہی پُرسکون اور مسرتوں سے لبریز ہوگی۔ جب اخوت و محبت کی جگہ خود غرضی اور لوٹ کھسوٹ آجاتے تو انفرادی و اجتماعی زندگیوں کا سکون و اطمینان چھن جاتا ہے اور ایسا ملک یا خطۂ دنیا میں جہنم کا ایک حصّہ ہو کر رہ جاتا ہے اسلام کے سکھائے ہوئے اس سنہری اصول کو افسوس کہ دورِ حاضر کے مسلمانوں نے بھلا کر اپنے سکون و اطمینان کو تباہ کر لیا جب کہ غیر مسلم اقوام اسے اپنا کر بڑے آرام و اطمینان سے دنیاوی زندگی بسر کر رہی ہیں۔ خدا کرے کہ مسلمانوں میں پھر اخوت کی جہانگیری اور محبت کی فراوانی کا اسلاف کی طرح آج بھی دَور آجائے۔ آمین۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

باب ۱۱۵ الرَّجُلُ يَتَزَوَّجُ الْمَرْأَةَ فَيَجِدُهَا حُبْلَى۔

عورت سے نکاح کرے تو اُسے حاملہ پائے۔

۳۶۴- حَدَّثَنَا مَخْلَدُ بْنُ خَالِدٍ وَالْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ وَمُحَمَّدُ بْنُ أَبِي السَّرِيِّ الْمَعْنَى قَالُوا نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ أَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ عَنْ صَفْوَانَ بْنِ سُلَيْمٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ رَجُلٍ مِنَ الْأَنْصَارِ قَالَ ابْنُ أَبِي السَّرِيِّ مِنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَمْ يَقُلْ مِنَ الْأَنْصَارِ ثُمَّ اتَّفَقُوا يُقَالُ لَهُ بَصْرَةُ قَالَ تَزَوَّجْتُ امْرَأَةً بِكْرًا فِي

مخلد بن خالد اور حسن بن علی اور محمد ابن ابی السری، ابن جریج صفوان بن سلیم، سعید بن مسیّب نے انصار کے ایک آدمی سے۔ ابن السری نے کہا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ایک صحابی نے اور انصار کا لفظ نہیں کہا، پھر سارے متفق ہوگئے کہ بصرہ نے فرمایا۔ میں نے ایک کنواری عورت سے بغیر دیکھے نکاح کیا۔ جب اُس کے پاس گیا تو وہ حاملہ تھی۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مہر اُسے ملے گا کیونکہ

سِتْرِهَا فَدَخَلْتُ عَلَيْهَا فَإِذَا هِيَ حُبْلَى فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَهَا الصَّدَاقُ بِمَا اسْتَحْلَلْتَ مِنْ فَرْجِهَا وَالْوَلَدُ عَبْدٌ لَكَ فَإِذَا وَلَدَتْ قَالَ الْحَسَنُ فَاجْلِدْهَا وَقَالَ ابْنُ السَّرِيِّ فَاجْلِدُوهَا أَوْ قَالَ فَحُدُّوهَا قَالَ أَبُو دَاوُدَ رَوَى هٰذَا الْحَدِيثَ قَتَادَةُ عَنْ سَعِيدِ بْنِ يَزِيدَ عَنِ ابْنِ الْمُسَيَّبِ وَرَوَاهُ يَحْيَى ابْنُ أَبِي كَثِيرٍ عَنْ يَزِيدَ بْنِ نُعَيْمٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ وَعَطَاءٌ الْخُرَاسَانِيُّ عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ أَرْسَلُوهُ وَفِي حَدِيثِ يَحْيَى ابْنِ أَبِي كَثِيرٍ أَنَّ بَصْرَةَ بْنَ أَكْثَمَ نَكَحَ امْرَأَةً وَكُلُّهُمْ قَالَ فِي حَدِيثِهِ جَعَلَ الْوَلَدَ عَبْدًا لَهُ۔

تم نے اس کی شرمگاہ کو حلال کر لیا ہے اور لڑکا تمہارا غلام ہوگا جب وہ جنے۔ حسن نے کہا کہ اُسے کوڑے مارنا۔ ابن السری نے کہا کہ تم اسے کوڑے مارنا یا کہا کہ اس پر حد جاری کرنا۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ روایت کیا اس حدیث کو قتادہ، سعید بن یزید نے ابن المسیب سے اور اسے روایت کیا یحییٰ بن ابی کثیر، یزید بن نعیم نے سعید بن مسیب سے اور عطاء خراسانی نے سعید بن مسیب سے مرسلاً اور یحییٰ بن ابی کثیر کی روایت میں ہے کہ بصرہ بن اکثم نے ایک عورت سے نکاح کیا اور ہر ایک نے اپنی حدیث میں کہا کہ لڑکے کو اُس کا غلام ٹھہرایا گیا۔

۲۱۶۵۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى نَا عُثْمَانُ ابْنُ عُمَرَ نَا عَلِيٌّ يَعْنِي ابْنَ الْمُبَارَكِ عَنْ يَحْيَى عَنْ يَزِيدَ بْنِ نُعَيْمٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ أَنَّ رَجُلًا يُقَالُ لَهُ بَصْرَةُ بْنُ أَكْثَمَ نَكَحَ امْرَأَةً فَذَكَرَ مَعْنَاهُ زَادَ وَفَرَّقَ بَيْنَهُمَا وَحَدِيثُ ابْنِ جُرَيْجٍ أَتَمُّ۔

یزید بن نعیم نے سعید بن مسیب سے روایت کی ہے کہ ایک شخص نے جس کو بصرہ بن اکثم کہا جاتا تھا، ایک عورت کے ساتھ نکاح کیا (رضی اللہ تعالیٰ عنہ)۔ پھر معناً روایت کرتے ہوئے یہ بھی کہا، انہیں جُدا کر دیا گیا اور ابن جریج کی حدیث زیادہ مکمل ہے

بَابٌ فِي الْقَسْمِ بَيْنَ النِّسَاءِ۔

عورتوں کے درمیان باری

۲۱۶۶۔ حَدَّثَنَا أَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ نَا هَمَّامٌ نَا قَتَادَةُ عَنِ النَّضْرِ بْنِ أَنَسٍ عَنْ بَشِيرِ بْنِ نَهِيكٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ كَانَتْ لَهُ امْرَأَتَانِ فَمَالَ إِلَى إِحْدَاهُمَا جَاءَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَشِقُّهُ مَائِلٌ۔

بشیر بن نہیک نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جس کی دو بیویاں ہوں وہ ان میں سے ایک کی جانب جھک گیا تو قیامت کے روز اس حالت میں حاضر ہوگا کہ اس کا جسم ایک جانب سے جھکا ہوا ہوگا۔

۲۱۶۷۔ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْمٰعِيلَ نَا حَمَّادٌ عَنْ أَيُّوبَ عَنْ أَبِي قِلَابَةَ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ يَزِيدَ الْخَطْمِيِّ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْسِمُ فَيَعْدِلُ وَيَقُولُ اللّٰهُمَّ هٰذَا قَسْمِي فِيمَا أَمْلِكُ فَلَا تَلُمْنِي فِيمَا تَمْلِكُ وَلَا أَمْلِكُ يَعْنِي الْقَلْبَ۔

ابو قلابہ نے حضرت عبداللہ بن یزید خطمی سے روایت کی ہے کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم انصاف سے باریاں تقسیم فرمایا کرتے اور کہتے، اے اللہ! یہ میری تقسیم ہے جس کا مجھے اختیار ہے اور مجھے اس پر ملامت نہ کرنا جو تیرے اختیار میں ہے اور میں اس پر اختیار نہیں رکھتا یعنی دل پر۔

www.sirat-e-mustaqeem.com

www.sirat-e-mustaqeem.com

٣٦٨۔ حدثنا احمد بن یونس نا عبد الرحمن بن ابی الزناد عن هشام بن عروة عن ابیه قال قالت عائشة یا ابن اختی کان رسول الله صلی الله علیه وسلم لا یفضل بعضنا علی بعض فی القسم من مکثه عندنا وکان قل یوم الا وهو یطوف علینا جمیعا فیدنو من کل امرأة من غیر مسیس حتی یبلغ الی التی هو یومها فیبیت عندها ولقد قالت سودة بنت زمعة حین اسنت وفرقت ان یفارقها رسول الله صلی الله علیه وسلم یا رسول الله یومی لعائشة فقبل ذلک رسول الله صلی الله علیه وسلم منها قالت نقول فی ذلک انزل الله عز وجل وفی اشباهها اراه قال وان امرأة خافت من بعلها نشوزا۔

عروہ سے روایت ہے کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا، اے بھانجے! رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہم میں سے ایک کو دوسری پر ترجیح نہیں دیتے تھے۔ ہمارے پاس رہنے کی باریوں میں۔ شاید ہی کوئی ایسا دن ہو ورنہ آپ ہم سب کے پاس پہنچ جاتے۔ پس آپ ہر زوجہ مطہرہ کے نزدیک ہوتے لیکن اُسے ہاتھ نہ لگاتے، یہاں تک کہ اس کے پاس پہنچ جاتے جس کی باری ہوتی اور رات اسی کے پاس گزارتے۔ حضرت سودہ بنت زمعہ جب عمر رسیدہ ہوگئیں تو ڈریں مبادا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم انہیں چھوڑ دیں لہذا عرض گزار ہوئیں۔ یا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم! میری باری عائشہ کے لیے ہے پس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس بات کو قبول فرمایا۔ اُن کا بیان ہے کہ ہم اس کے متعلق کہتے کہ اللہ تعالیٰ نے یہ حکم نازل فرمایا ہے۔ "اگر کوئی عورت اپنے خاوند کے متعلق ڈرے کہ (۴: ۱۲۸)

٣٦٩۔ حدثنا یحیی بن معین ومحمد بن عیسی المعنی قالا نا عباد بن عباد عن عاصم عن معاذة عن عائشة قالت کان رسول الله صلی الله علیه وسلم یستاذنا اذا کان فی یوم المرأة منا بعد ما نزلت ترجی من تشاء منهن وتؤوی الیک من تشاء قالت معاذة فقلت لها ما کنت تقولین لرسول الله صلی الله علیه وسلم قالت کنت اقول ان کان ذاک الی لم اوثر احدا علی نفسی۔

معاذہ سے روایت ہے کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہم سے اجازت طلب فرمایا کرتے جس زوجہ مطہرہ کی ہم میں سے باری ہوتی حکم تُرْجِیْ مَنْ تَشَآءُ مِنْهُنَّ وَتُؤْوِیْٓ اِلَیْكَ مَنْ تَشَآءُ نازل ہونے کے بعد۔ معاذہ کا بیان ہے کہ میں عرض گزار ہوئی آپ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے کیا کہا کرتی تھیں؟ انہوں نے فرمایا، میں کہتی کہ اگر یہ بات میرے بس میں ہو تو میں اپنے اوپر کسی کو بھی ترجیح نہ دوں۔

٣٧٠۔ حدثنا مسدد نا مرحوم بن عبد العزیز العطار حدثنی ابو عمران الجونی عن یزید بن بابنوس عن عائشة رضی الله عنها ان رسول الله صلی الله علیه وسلم بعث الی النساء یعنی فی مرضه فاجتمعن فقال انی لا استطیع ان ادور بینکن فان رایتن ان تاذن لی فاکون

یزید بن بابنوس نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کی ہے۔ کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنے مرض میں اپنی تمام ازواج مطہرات کو بلوایا۔ پس وہ جمع ہوگئیں تو فرمایا۔ مجھ میں یہ طاقت نہیں ہے کہ تم سب کے پاس پھروں۔ اگر تمہیں مناسب نظر آئے تو مجھے عائشہ کے پاس رہنے کی اجازت دے دو۔ پس انہوں نے اجازت

www.sirat-e-mustaqeem.com

عِنْدَ عَائِشَةَ فَعَلْنَ فَأَذِنَّ لَهُ۔

۳۷۱۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ السَّرْحِ نَا ابْنُ وَهْبٍ عَنْ يُونُسَ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ أَنَّ عُرْوَةَ ابْنَ الزُّبَيْرِ حَدَّثَهُ أَنَّ عَائِشَةَ زَوْجَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَتْ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا أَرَادَ سَفَرًا أَقْرَعَ بَيْنَ نِسَائِهِ فَأَيَّتُهُنَّ خَرَجَ سَهْمُهَا خَرَجَ بِهَا مَعَهُ وَكَانَ يَقْسِمُ لِكُلِّ امْرَأَةٍ مِنْهُنَّ يَوْمَهَا وَلَيْلَتَهَا غَيْرَ أَنَّ سَوْدَةَ بِنْتَ زَمْعَةَ وَهَبَتْ يَوْمَهَا لِعَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا۔

بَابٌ فِي الرَّجُلِ يَشْتَرِطُ لَهَا دَارَهَا۔

۳۷۲۔ حَدَّثَنَا عِيسَى بْنُ حَمَّادٍ أَنَا اللَّيْثُ عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي حَبِيبٍ عَنْ أَبِي الْخَيْرِ عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ إِنَّ أَحَقَّ الشُّرُوطِ أَنْ تُوفُوا بِهِ مَا اسْتَحْلَلْتُمْ بِهِ الْفُرُوجَ۔

بَابٌ فِي حَقِّ الزَّوْجِ عَلَى الْمَرْأَةِ۔

۳۷۳۔ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَوْنٍ أَنَا إِسْحَاقُ بْنُ يُوسُفَ عَنْ شَرِيكٍ عَنْ حُصَيْنٍ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ قَيْسِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ أَتَيْتُ الْحِيرَةَ فَرَأَيْتُهُمْ يَسْجُدُونَ لِمَرْزُبَانٍ لَهُمْ فَقُلْتُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَحَقُّ أَنْ يُسْجَدَ لَهُ قَالَ فَأَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ إِنِّي أَتَيْتُ الْحِيرَةَ فَرَأَيْتُهُمْ يَسْجُدُونَ لِمَرْزُبَانٍ لَهُمْ فَأَنْتَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ أَحَقُّ أَنْ نَسْجُدَ لَكَ قَالَ أَرَأَيْتَ لَوْ مَرَرْتَ بِقَبْرِي أَكُنْتَ تَسْجُدُ لَهُ قَالَ قُلْتُ لَا قَالَ فَلَا تَفْعَلُوا لَوْ كُنْتُ آمِرًا أَحَدًا أَنْ يَسْجُدَ لِأَحَدٍ لَأَمَرْتُ النِّسَاءَ أَنْ يَسْجُدْنَ لِأَزْوَاجِهِنَّ لِمَا جَعَلَ اللّٰهُ عَلَيْهِنَّ مِنَ الْحَقِّ۔

دے دی۔

عروہ بن زبیر سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی زوجہ مطہرہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا: جب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سفر کا ارادہ فرماتے تو اپنی ازواج مطہرات کے درمیان قرعہ ڈالتے۔ جس کا نام نکل آتا اُسے اپنے ساتھ لے جاتے اور اُن میں سے آپ نے ہر زوجہ مطہرہ کے لیے ایک رات دن کی باری تقسیم فرمائی ہوئی تھی۔ سوائے حضرت سودہ بنت زمعہ کے کہ اُنہوں نے اپنی باری حضرت عائشہ کو دے دی تھی۔ (رضی اللہ تعالیٰ عنہن)

جب عورت آدمی سے گھر کی شرط کرے

ابوالخیر نے حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: تمام شرطوں میں سے تمہارے لیے وہ شرط زیادہ حقدار ہے پوری کرنے کی جس کے ذریعے شرمگاہیں تم پر حلال ہوتی ہیں۔

خاوند کا بیوی پر حق

شعبی سے روایت ہے کہ حضرت قیس بن سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: میں حیرہ گیا تو میں نے انہیں دیکھا کہ اپنے سردار کے لیے سجدہ کرتے ہیں۔ میں نے جی میں کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم زیادہ حقدار ہیں کہ ان کے لیے سجدہ کیا جائے۔ ان کا بیان ہے کہ میں نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوا تو عرض کی کہ حیرہ میں آیا ہے تو انہیں دیکھا کہ اپنے سردار کے لیے سجدہ کرتے ہیں۔ یا رسول اللہ! آپ زیادہ حقدار ہیں کہ آپ کے لیے سجدہ کیا جائے۔ فرمایا: بتاؤ تم جب میری قبر کے پاس سے گزرو تو کیا تم اُسے سجدہ کرو گے؟ میں عرض گزار ہوا، فرمایا: پس اب بھی نہ کرو۔ اگر میں کسی کو حکم دیتا دوسرے کے لیے سجدہ کرنے کا تو عورتوں کو حکم دیتا کہ وہ اپنے خاوندوں کو سجدہ کریں، اُس حق کے باعث جو اللہ تعالیٰ نے ان کا عورتوں پر بنایا ہے۔ ف

www.sirat-e-mustaqeem.com

ف: اس حدیث سے کئی باتوں پر روشنی پڑ رہی ہے۔

پہلی بات یہ کہ صحابہ کرام کے دلوں میں نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی انتہائی عظمت سمائی ہوئی تھی جس کے باعث وہ ساری اُمّتِ محمدیہ کے امام اور پیشوا بن گئے تھے۔ بلکہ تمام اُمتوں سے ممتاز ہو گئے تھے کہ وہ حضور سرورِ کون و مکان صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لیے تعظیماً و احتراماً سجدہ بھی کرنے کے لیے تیار و آمادہ تھے۔

دوسری بات یہ کہ اس حدیث سے نبی کی تعظیم اور اللہ تعالیٰ کی عبادت میں فرق دیکھنے کا سبق بھی مل گیا۔ نبی کی تعظیم اگرچہ جزوِ ایمان ہے لیکن سجدہ عبادت ہے۔ اور عبادت صرف خدا کی ہے۔ لہٰذا نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنے لیے تعظیم کے طور پر سجدہ کرنے سے بھی منع فرما دیا۔ تاکہ سرے سے یہ اشتباہ ہی نہ پیدا ہو کہ شاید نبی بھی عبادت کا ایک گونہ مستحق ہوتا ہے اور یوں شرک کو اسلام میں گھس آنے کا موقع مل جائے گا۔

تیسری بات یہ کہ خدا کے سوا کسی بھی تعظیم کی مستحق ہستی کے لیے تعظیماً سجدہ کرنا شریعتِ محمدیہ میں ممنوع و حرام ہے۔ اور غیر مستحقِ تعظیم کے لیے سجدہ کرنا ہر حالت میں شرک ہے کیونکہ وہ سجدہ تعظیم کا نہیں بلکہ عبادت کا شمار ہو گا۔ اور خدا کے سوا کسی بھی دوسرے کی عبادت کرنا یقیناً شرک و کفر ہے اور ایسا کرنے والا ہرگز مسلمان نہیں رہتا۔

چوتھی بات یہ معلوم ہوئی کہ تعظیمی سجدے کو شرک ٹھہرانا خود شارع بننا اور شریعتِ محمدیہ پر بہتان جڑنا ہے۔ تعظیمی سجدہ ممنوع و حرام ہے۔ شریعتِ محمدیہ میں اس کی ہرگز اجازت نہیں ہے لیکن کوئی دانستہ یا نادانستہ کسی معظم ہستی کو تعظیماً سجدہ کر بیٹھے تو اُسے کافر و مشرک ہرگز نہیں کہیں گے، مسلمان ہی جاننا چاہیئے، لیکن اُس نے بُرا کیا کہ کسی معظم ہستی کے لیے سجدہ تعظیماً کرنا روا نہیں ہے۔ دوسری جانب شرک و کفر بھی نہیں ہے ورنہ اللہ تعالیٰ کبھی فرشتوں کو حکم نہ فرماتا کہ حضرت آدم علیہ السلام کے لیے سجدہ کریں۔ حضرت یوسف علیہ السلام کے لیے کبھی ان کے والدین اور گیارہ بھائی سجدہ نہ کرتے۔ اُس وقت تعظیمی سجدے کی اجازت تھی۔ لیکن شریعتِ محمدیہ میں یہ اجازت منسوخ فرما دی گئی۔ احکام منسوخ ہوا کرتے ہیں۔ لیکن شرک و کفر کی نہ کبھی اجازت دی گئی نہ اُسے منسوخ کرنے کا سوال پیدا ہوا۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ نے نہ کبھی شرک و کفر سے راضی ہوا اور نہ کبھی ہو گا۔ لہٰذا تعظیمی سجدہ معظمین کے لیے پہلے جائز تھا۔ لیکن اب ممنوع و حرام ہے۔

پانچویں بات یہ معلوم ہوئی کہ عورتوں پر خاوندوں کا بڑا حق ہے اور ان کی سعادت مندی اسی میں ہے کہ وہ اپنے خاوندوں کی بساط بھر تعظیم کریں۔ کیونکہ اگر سجدے کی غیر خدا کے لیے اجازت ہوتی تو سب سے پہلے عورتوں کو حکم دیا جاتا کہ وہ اپنے خاوندوں کو سجدہ کریں۔ معلوم ہوا کہ عورت پر دنیا میں سب سے زیادہ حق اُس کے خاوند کا ہے۔ خاوند کی اطاعت میں عورت کی نجات ہے۔ اُس کے اعمالِ حسنہ کی قبولیت اِسی اطاعت پر موقوف ہے۔ یہاں یہ بات مدِ نظر رہے کہ ہم میں سے ہر فرد خواہش مند ہے کہ سب میرے حقوق پورے کریں اور ان میں کوئی کمی نہ آنے پائے۔ لیکن اس بات کی ہم بڑی حد تک پرواہ ہی نہیں کرتے کہ مجھ پر دوسروں کے جو حقوق عائد ہوتے ہیں۔ میں انہیں ادا کر رہا ہوں یا نہیں؟ کسی معاشرے کی بربادی اور افراتفری کی سب سے بڑی وجہ یہی ہوا کرتی ہے کہ اُس کے افراد اپنے حقوق کا مطالبہ تو کریں۔ لیکن دوسروں کے حقوق کی پرواہ نہ کریں حکومت چاہتی ہے کہ رعایا ہماری خیر خواہ رہے۔ افسر چاہتے ہیں کہ ماتحت ہمارے ہر حکم کی تعمیل کریں۔ والدین کی خواہش ہے کہ اولاد اُن کے احکامات کو جان و دل سے بجا لائیں۔ خاوندوں کی تمنا ہے کہ بیویاں اُن کے اشاروں کی منتظر رہیں۔ بڑے چاہتے ہیں کہ چھوٹے اُن کے حکم پر مشین کی طرح چلنے لگیں۔ ہر کوئی اسی طرح یک طرفہ ٹریفک چلانے کا متمنی ہے اور

www.sirat-e-mustaqeem.com

دوسری جانب سے آنکھیں بند کرلی جاتی ہیں۔کیا حکومت یہ سوچتی ہے کہ پبلک کی کس درجہ خیر خواہی اُس پر لازم ہے ؟ کیا افسروں نے کبھی اپنے فرعونی خول سے نکل کر یہ غور فرمایا ہے کہ ماتحتوں کے اُن پر کیا حقوق ہیں ؟ والدین نے کبھی یہ سوچنے کی زحمت گوارا کی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اُن پر اولاد کے کیا حقوق عائد کئے ہیں ؟ خاوندوں کے گوشۂ ذہن میں بھی کبھی یہ خیال گردش کرتا ہے کہ اُن کی بیویوں کے بھی اُن پر کچھ حقوق ہیں ؟ بڑوں نے کبھی اس پر غور فرمایا ہے کہ ملک و ملت کے ان نونہالوں اور مستقبل کے معماروں کی مناسب نشوونما اور تعلیم و تربیت کی ہم پر عظیم ذمہ داری عائد ہوتی ہے ؟ جب یہ خواہش زور پکڑے گی کہ سب ہمارے حقوق ادا کریں تو معاشرے کا سکون و اطمینان تباہ ہو جائے گا۔ اور کوئی بھی کسی کا حق ادا نہیں کرے گا لیکن جب اندازِ فکر یہ ہو جائے کہ کوئی ہمارے حقوق ادا کرے یا نہ کرے لیکن ہم سب کے حقوق ادا کریں گے تو معاشرے میں سکون و اطمینان کی ہوائیں چلنے لگیں گی اور سب کے حقوق ادا ہوتے چلے جائیں گے۔ کاش! ہم بھی دوسروں کے حقوق پہنچانے اور اُنہیں ادا کرنے میں کوشاں ہو جائیں۔ تاکہ ہمارے ملک میں بھی محبت کی جان افروز ہوائیں چلیں اور یہ بدنصیب معاشرہ بھی اطمینان کا سانس لے سکے۔ وَمَا ذٰلِکَ عَلَی اللّٰہِ بِعَزِیْزٍ۔

۳۷۴- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو الرَّازِيُّ نَا جَرِيرٌ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ أَبِي حَازِمٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِذَا دَعَا الرَّجُلُ امْرَأَتَهُ إِلَى فِرَاشِهِ فَلَمْ تَأْتِهِ فَبَاتَ غَضْبَانَ عَلَيْهَا لَعَنَتْهَا الْمَلَائِكَةُ حَتَّى تُصْبِحَ۔

ابو حازم نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جب آدمی عورت کو اپنے بستر پر بلائے اور وہ اُس کے پاس نہ آئے۔ مرد ناراضگی میں رات گزارے تو فرشتے صبح تک اس عورت پر لعنت کرتے رہتے ہیں۔ ف

ف۔ مرد کا عورت پر حق ہے کہ جب وہ اُسے اپنے بستر پر بلائے تو حاضر ہو جائے۔ اگر کوئی مجبوری ہے تو حاضر ہو کر بیان کردے۔ اگر بغیر کسی وجہ کے انکار کرے گی تو چونکہ اُس نے خاوند کا حق ادا کرنے سے انکار کیا۔ لہٰذا خاوند کو ناراض کرنے کے باعث اللہ تعالیٰ کے فرشتے صبح تک اُس عورت پر لعنت کرتے ہیں۔ خواہ وہ عبادت میں رات کیوں نہ گزارے۔ معلوم ہوا کہ عورت اگر اپنے خاوند کو ناراض رکھے گی تو اس کی عبادتیں بھی قبول نہیں ہوتیں۔ واللہ اعلم

باب ۱۱۹ فِي حَقِّ الْمَرْأَةِ عَلَى زَوْجِهَا۔

عورت کا اپنے خاوند پر حق

۳۷۵- حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْمَاعِيلَ نَا حَمَّادٌ نَا أَبُو قَزَعَةَ الْبَاهِلِيُّ عَنْ حَكِيمِ بْنِ مُعَاوِيَةَ الْقُشَيْرِيِّ عَنْ أَبِيهِ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ مَا حَقُّ زَوْجَةِ أَحَدِنَا عَلَيْهِ قَالَ أَنْ تُطْعِمَهَا إِذَا طَعِمْتَ وَتَكْسُوهَا إِذَا اكْتَسَيْتَ وَلَا تَضْرِبِ الْوَجْهَ وَلَا تُقَبِّحْ وَلَا تَهْجُرْ إِلَّا فِي الْبَيْتِ۔

حکیم بن معاویہ قشیری نے اپنے والد ماجد سے روایت کی ہے کہ میں عرض گزار ہوا۔ یا رسول اللہ! ہم میں سے کسی پر اُس کی بیوی کا حق کیا ہے ؟ فرمایا کہ جب تم کھاؤ تو اُسے کھلاؤ جب تم پہنو تو اُسے پہناؤ، اس کے منہ پر نہ مارو، اُس سے بُرے لفظ نہ کہو اور اُسے جدا نہ کرو مگر گھر میں۔

۳۷۶- حَدَّثَنَا ابْنُ بَشَّارٍ نَا يَحْيَى نَا بَهْزُ ابْنُ حَكِيمٍ حَدَّثَنَا أَبِي عَنْ جَدِّي قَالَ قُلْتُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ نِسَاؤُنَا مَا نَأْتِي مِنْهُنَّ وَمَا نَذَرُ قَالَ

بہز بن حکیم نے اپنے والد ماجد سے اور اُنہوں نے ان کے جدِ امجد سے روایت کی ہے کہ میں عرض گزار ہوا۔ یا رسول اللہ! ہم اپنی عورتوں کے پاس کس طرح جائیں اور کس

www.sirat-e-mustaqeem.com

انتِ حَرْثَكَ أَنّٰى شِئْتَ وَأَطْعِمْهَا إِذَا طَعِمْتَ وَاكْسُهَا إِذَا اكْتَسَيْتَ وَلَا تُقَبِّحِ الْوَجْهَ وَلَا تَضْرِبْ قَالَ أَبُو دَاوُدَ رَوٰى شُعْبَةُ تُطْعِمُهَا إِذَا طَعِمْتَ وَتَكْسُوهَا إِذَا اكْتَسَيْتَ.

طرح مت جائیں؟ فرمایا کہ وہ تمہاری کھیتی ہے جیسے چاہو جاؤ لیکن جب تم کھاؤ تو انہیں کھلاؤ جب تم پہنو تو انہیں پہناؤ لیکن ان کے منہ کو نہ بگاڑو اور نہ مارو۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ شعبہ نے روایت کی ہے: جب تم کھاؤ تو اُسے کھلاؤ اور جب تم پہنو تو اُسے بھی پہناؤ۔

۳۷۷۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ يُوسُفَ الْمُهَلَّبِيُّ النَّيْسَابُورِيُّ حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ رَزِينٍ نَا سُفْيَانُ بْنُ حُسَيْنٍ عَنْ دَاوُدَ الْوَرَّاقِ عَنْ بَهْزِ ابْنِ حَكِيمٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ مُعَاوِيَةَ الْقُشَيْرِيِّ قَالَ أَتَيْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فَقُلْتُ مَا تَقُولُ فِي نِسَائِنَا قَالَ أَطْعِمُوهُنَّ مِمَّا تَأْكُلُونَ وَاكْسُوهُنَّ مِمَّا تَكْتَسُونَ وَلَا تَضْرِبُوهُنَّ وَلَا تُقَبِّحُوهُنَّ.

بہز بن حکیم کے والد ماجد سے ان کے جدِ امجد حضرت معاویہ قشیری رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر عرض گزار ہوا کہ آپ ہماری عورتوں کے بارے میں کیا فرماتے ہیں؟ فرمایا کہ اس میں سے انہیں کھلاؤ جو تم کھاتے ہو اور اس میں سے انہیں پہناؤ جو تم پہنتے ہو۔ انہیں نہ مارو اور اُن سے بُرے لفظ نہ کہو۔ ف

ف۔ عورت کو اپنی استطاعت کے مطابق کھلانا اور پہنانا اور رہائش میں اپنے ساتھ رکھنا عورت کے حقوق ہیں جو خاوند پر عائد ہوتے ہیں۔ بلاوجہ عورت کو مارنا اور بُرا بھلا کہنا بھی ازدواجی تعلقات میں خرابی پیدا کرنے کا سبب بنتے ہیں۔ ایک دوسرے کو بُرا کہنا، دوسروں کے سامنے بُرائی کرنا اور ایک دوسرے کے متعلقین کو اُس کے سامنے یا پس غیبت بُرا کہنے سے بھی ازدواجی تعلقات بُری طرح متاثر ہوتے ہیں۔ لہٰذا سکون و اطمینان سے ازدواجی زندگی گزارنے کے لیے ضروری ہے کہ دونوں ایک دوسرے کے جذبات و احساسات کا خیال رکھیں اور حتی الامکان درگزر اور تاویل سے کام لیں۔ کیونکہ کسی کے دل میں دوسرے کی طرف سے ذرا بھی کدورت یا بدگمانی آگئی تو پورے گھر کا انتظام بگڑ جائے گا اور سارے گھر والوں کا اطمینان چھن جائے گا۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

باب فِي ضَرْبِ النِّسَاءِ.

عورتوں کو پیٹنے کا بیان

۳۷۸۔ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْمَاعِيلَ نَا حَمَّادٌ عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ عَنْ أَبِي حُرَّةَ الرَّقَاشِيِّ عَنْ عَمِّهِ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فَإِنْ خِفْتُمْ نُشُوزَهُنَّ فَاهْجُرُوهُنَّ فِي الْمَضَاجِعِ قَالَ حَمَّادٌ يَعْنِي فِي النِّكَاحِ.

ابی حرہ رقاشی نے اپنے چچا جان سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر تم عورتوں کی شرارت کا اندیشہ محسوس کرو تو انہیں الگ بستر پر سلاؤ۔ حماد نے کہا کہ نکاح کے متعلق۔

۳۷۹۔ حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي خَلَفٍ وَأَحْمَدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ السَّرْحِ قَالَا نَا سُفْيَانُ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَبْدِ اللهِ قَالَ ابْنُ السَّرْحِ عُبَيْدُ اللهِ بْنُ عَبْدِ اللهِ عَنْ إِيَاسِ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ أَبِي ذُبَابٍ قَالَ قَالَ

عبید اللہ بن عبد اللہ نے حضرت ایاس بن عبد اللہ بن ابو ذباب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ کی لونڈیوں کو پیٹا نہ کرو۔ پس رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں حضرت عمر حاضر ہو کر عرض گزار ہوئے کہ عورتیں اپنے خاوندوں پر دلیر

www.sirat-e-mustaqeem.com

رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَضْرِبُوْا إِمَاءَ اللّٰهِ فَجَاءَ عُمَرُ إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ ذَئِرْنَ النِّسَاءُ عَلٰى أَزْوَاجِهِنَّ فَرَخَّصَ فِي ضَرْبِهِنَّ فَطَافَ بِآلِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نِسَاءٌ كَثِيْرٌ يَشْكُوْنَ أَزْوَاجَهُنَّ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَقَدْ طَافَ بِآلِ مُحَمَّدٍ نِسَاءٌ كَثِيْرٌ يَشْكُوْنَ أَزْوَاجَهُنَّ لَيْسَ أُولٰئِكَ بِخِيَارِكُمْ۔

ہو گئی ہیں۔ آپ نے ان کو پیٹنے کی اجازت مرحمت فرمائی۔ پس رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ازواج مطہرات کے پاس بہت سی عورتوں نے جمع ہو کر اپنے خاوندوں کی شکایت کی پس نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ محمد مصطفیٰ کی ازواج مطہرات کے پاس بہت سی عورتوں نے جمع ہو کر اپنے خاوندوں کی شکایت کی ہے۔ وہ تمہارے اچھے آدمیوں میں سے نہیں ہیں۔

۳۸۰ - حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ ابْنُ مَهْدِيٍّ نَا أَبُوْ عَوَانَةَ عَنْ دَاوُدَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْأَوْدِيِّ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْمُسْلِيِّ عَنِ الْأَشْعَثِ ابْنِ قَيْسٍ عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يُسْأَلُ الرَّجُلُ فِيْمَا ضَرَبَ امْرَأَتَهُ۔

زہیر بن حرب، عبدالرحمان بن مہدی، ابوعوانہ، داؤد بن عبداللہ اودی، عبدالرحمان مسلی، اشعث بن قیس نے حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ اپنی عورت کو پیٹنے کے سلسلے میں مرد سے باز پرس نہیں ہوگی۔ ف

ف۔ عورت کے بار بار سمجھانے کے باوجود اگر خاوند کسی جرم پر اُسے پیٹے تو اللہ تعالیٰ اُس سے باز پرس نہیں فرمائے گا۔ بلا ضرورت مارنے کی احادیث مطہرہ میں سخت ممانعت آئی ہے۔ بعض جہلاء جس طرح جانوروں کو پیٹتے ہیں اسی طرح اپنی بیوی کو بھی پیٹنے لگتے ہیں عورت کو اسطرح مارنا جہالت و نادانی ہے۔ اور حتی الامکان اس سے احتراز و اجتناب کرنا ہی بہتر ہے۔ اس کی اجازت صرف اس طرح ہے، جیسے اشد ضرورت کے وقت طلاق کی اجازت ہے ورنہ یہ کوئی مشغلہ نہیں ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

بَابُ ۱۲۱ مَا يُؤْمَرُ بِهِ مِنْ غَضِّ الْبَصَرِ۔

نگاہیں نیچی رکھنے کا حکم

۳۸۱ - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيْرٍ أَنَا سُفْيَانُ حَدَّثَنِيْ يُوْنُسُ بْنُ عُبَيْدٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ سَعِيْدٍ عَنْ أَبِيْ زُرْعَةَ عَنْ جَرِيْرٍ قَالَ سَأَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ نَظْرَةِ الْفُجَاءَةِ فَقَالَ اصْرِفْ بَصَرَكَ۔

ابو زرعہ نے حضرت جریر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے اچانک پڑ جانے والی نظر کے متعلق پوچھا تو فرمایا اپنی نگاہیں پھیر لو۔

۳۸۲ - حَدَّثَنَا إِسْمٰعِيْلُ بْنُ مُوْسٰى الْفَزَارِيُّ أَنَا شَرِيْكٌ عَنْ أَبِيْ رَبِيْعَةَ الْإِيَادِيِّ عَنِ ابْنِ بُرَيْدَةَ عَنْ أَبِيْهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِعَلِيٍّ يَا عَلِيُّ لَا تُتْبِعِ النَّظْرَةَ النَّظْرَةَ فَإِنَّ لَكَ الْأُوْلٰى وَلَيْسَتْ لَكَ الْآخِرَةُ۔

ابن بریدہ نے اپنے والد ماجد سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے فرمایا۔ اے علی! نگاہیں اچانک پڑنے والی نظر کی پیروی نہ کریں کیونکہ اچانک پڑنے والی نظر معاف ہے لیکن اس کے بعد دیکھنا معاف نہیں ہے۔

www.sirat-e-mustaqeem.com

۳۸۳ ۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا اَبُوْعَوَانَةَ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اَبِیْ وَائِلٍ عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَا تُبَاشِرِ الْمَرْاَۃُ الْمَرْاَۃَ لِتَنْعَتَهَا لِزَوْجِهَا كَاَنَّمَا يَنْظُرُ اِلَيْهَا۔

ابووائل نے حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا ، ایک عورت دوسری کے ساتھ اپنا جسم نہ لگائے کیونکہ وہ اپنے خاوند سے اس کی خوبی بیان کرے گی تو وہ یہ دیکھنے کی طرح ہوگا ۔

۳۸۴ ۔ حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ نَا هِشَامٌ عَنْ اَبِی الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ رَاٰی امْرَاَۃً فَدَخَلَ عَلٰی زَيْنَبَ بِنْتِ جَحْشٍ فَقَضٰی حَاجَتَهٗ مِنْهَا ثُمَّ خَرَجَ اِلٰی اَصْحَابِهٖ فَقَالَ لَهُمْ اِنَّ الْمَرْاَۃَ تُقْبِلُ فِیْ صُوْرَۃِ شَيْطَانٍ فَمَنْ وَجَدَ مِنْ ذٰلِكَ شَيْئًا فَلْيَاْتِ اَهْلَهٗ فَاِنَّهٗ يُضْمِرُ مَا فِیْ نَفْسِهٖ۔

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک عورت کو دیکھا تو حضرت زینب بنت جحش کے پاس تشریف لے گئے ، اُن سے صحبت کر کے پھر اپنے اصحاب کے پاس تشریف لائے اور اُن سے فرمایا ، جس کو یہ صورت حال پیش آئے اُسے اپنی بیوی کے پاس جانا چاہیئے کیونکہ یہ اس کے دل خیال کو نکال دیتا ہے ۔

ف ۔ اگر کسی غیر محرم عورت پر نظر پڑے اور حسن وجمال کے باعث اس کی محبت دل میں سما جائے ۔ دل اُس کی طرف مائل ہونے لگے تو پہلی فرصت میں گھر آ کر اپنی بیوی سے صحبت کر لینی چاہیئے ۔ ایسا کرنے سے شہوت کو تسکین ہو جائے گی ۔ اور غیر محرم عورت کا خیال بڑی حد تک دل سے نکل جائے گا ۔ اور آدمی زنا سے محفوظ ہو جائے گا جو کبیرہ گناہ ہے ۔ واللہ تعالیٰ اعلم ۔

۳۸۵ ۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدٍ نَا ابْنُ ثَوْرٍ عَنْ مَعْمَرٍ اَنَا ابْنُ طَاؤُسٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ مَا رَاَيْتُ شَيْئًا اَشْبَهَ بِاللَّمَمِ مِمَّا قَالَ اَبُوْ هُرَيْرَۃَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰهَ كَتَبَ عَلَی ابْنِ اٰدَمَ حَظَّهٗ مِنَ الزِّنَا اَدْرَكَ ذٰلِكَ لَا مَحَالَةَ فَزِنَا الْعَيْنَيْنِ النَّظَرُ وَزِنَا اللِّسَانِ الْمَنْطِقُ وَالنَّفْسُ تَمَنّٰی وَتَشْتَهِیْ وَالْفَرْجُ يُصَدِّقُ ذٰلِكَ وَيُكَذِّبُهٗ۔

طاؤس سے روایت ہے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا ، میں نے صغیرہ گناہوں سے کوئی چیز ایسی نہ دیکھی جس کو حضرت ابوہریرہ نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے روایت نہ کیا ہو ، اللہ تعالیٰ نے بنی آدم کے لیے زنا کا ایک حصّہ لکھ دیا ہے ۔ جسے وہ ضرور پا لیتا ہے ۔ پس آنکھوں کا زنا دیکھنا ہے ، زبان کا زنا کلام کرنا اور نفس خواہش و تمنا کرتا ہے شرمگاہ اس کی تصدیق یا تکذیب کر دیتی ہے ۔

۳۸۶ ۔ حَدَّثَنَا مُوْسَی بْنُ اِسْمٰعِيْلَ نَا حَمَّادٌ عَنْ سُهَيْلِ بْنِ اَبِیْ صَالِحٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَۃَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِكُلِّ ابْنِ اٰدَمَ حَظُّهٗ مِنَ الزِّنَا بِهٰذِهِ الْقِصَّةِ قَالَ وَالْيَدَانِ تَزْنِيَانِ فَزِنَاهُمَا الْبَطْشُ وَالرِّجْلَانِ تَزْنِيَانِ فَزِنَاهُمَا الْمَشْیُ وَالْفَمُ يَزْنِیْ فَزِنَاهُ الْقُبَلُ۔

سہیل بن ابوصالح کے والد ماجد نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا ، ہر انسان کے لیے زنا سے ایک حصّہ ہے ۔ یہی واقعہ بیان کرتے ہوئے فرمایا ، ہاتھ زنا کرتے ہیں اور اُن کا زنا پکڑنا ہے ۔ پیر زنا کرتے ہیں اور اُن کا زنا چلنا ہے ، منہ زنا کرتا ہے اور اس کا زنا بوسہ دینا ہے ۔ ف

ف ۔ کسی غیر محرم عورت کی طرف چل کر جانا ، اُس کو دیکھنا ، اُس کی باتیں سُننا ، اُسے ہاتھ لگانا اور بوسہ دینا وغیرہ تمام افعال اُن اعضاء کے زنا ہیں جن سے وہ سرزد ہوتے ہیں ۔ اور سارے اُمور ہی کتاب زنا کے دیباچے ہیں ۔ زنا کی نوبت اِن اُمور ہی

www.sirat-e-mustaqeem.com

کے باعث آتی ہے۔ زنا کو روکنا ہو تو پہلے ان امور کو روکنا پڑتا ہے۔ اور ان کے مواقع مسدود کرنے پڑتے ہیں۔ عورتوں کا باہر نکلنا اور وہ بھی بے پردہ بلکہ مردوں کے شانہ بشانہ چلنے کا نعرہ بلند کرنا اور حقوقِ نسواں بتا کر ہر میدان میں مردوں کے ساتھ رہنے بلکہ آگے آگے چلنے کی کوشش کرنا۔ درحقیقت زنا کے دروازے کو چوپٹ کھولنے کی تحریک ہے۔ یہ بے راہ روی اور اخلاقی کمزوری کے باعث ہو رہا ہے کہ ہم خوفِ خدا اور خطرۂ روزِ جزا سے عاری ہو کر نفسانی خواہشات کے پیچھے بھاگ رہے ہیں۔ دولت جمع کرنا اور نفسانی خواہشات کو تسکین پہنچانا ہمارا مقصدِ حیات ہو کر رہ گیا ہے۔ جس نے ہماری گاڑی کے دونوں پہیوں (مرد و عورت) کو پٹڑی سے اتار رکھا ہے۔ اللہ تعالیٰ ہمیں غیرت کے تقاضوں کو مدِنظر رکھنے کی توفیق مرحمت فرمائے۔ آمین۔

۳۸۷۔ حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا اللَّيْثُ عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ عَنِ الْقَعْقَاعِ بْنِ حَكِيمٍ عَنْ أَبِي صَالِحٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِهٰذِهِ الْقِصَّةِ قَالَ وَالْأُذُنَانِ زِنَاهُمَا الْاِسْتِمَاعُ۔

ابوصالح نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا مذکورہ واقعہ کے بعد فرمایا: اور کانوں کا زنا سننا ہے۔

بَابٌ ۱۲۲ فِي وَطْئِ السَّبَايَا۔

قیدی لونڈیوں سے صحبت کرنا

۳۸۸۔ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ مَيْسَرَةَ نَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ نَا سَعِيدٌ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ صَالِحٍ أَبِي الْخَلِيلِ عَنْ أَبِي عَلْقَمَةَ الْهَاشِمِيِّ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَ يَوْمَ حُنَيْنٍ بَعْثًا إِلَى أَوْطَاسٍ فَلَقُوا عَدُوَّهُمْ فَقَاتَلُوهُمْ فَظَهَرُوا عَلَيْهِمْ وَأَصَابُوا لَهُمْ سَبَايَا فَكَانَ أُنَاسًا مِنْ أَصْحَابِ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَحَرَّجُوا مِنْ غِشْيَانِهِنَّ مِنْ أَجْلِ أَزْوَاجِهِنَّ مِنَ الْمُشْرِكِينَ فَأَنْزَلَ اللهُ فِي ذٰلِكَ وَالْمُحْصَنَاتُ مِنَ النِّسَاءِ إِلَّا مَا مَلَكَتْ أَيْمَانُكُمْ أَيْ فَهُنَّ لَهُمْ حَلَالٌ إِذَا انْقَضَتْ عِدَّتُهُنَّ۔

ابوعلقمہ ہاشمی نے حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے غزوۂ حنین کے روز ایک لشکر اوطاس کی جانب بھیجا۔ دشمن انہیں مل گئے، لڑائی ہوئی اور یہ ان پر غالب آ گئے۔ کافروں کی کچھ عورتیں ان کی قید میں آئیں تو رسول اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بعض اصحاب نے ان سے صحبت کرنا درست نہ سمجھا کیونکہ ان کے مشرک خاوند زندہ موجود تھے۔ پس اللہ تعالیٰ نے یہ حکم نازل فرمایا: اور حرام ہیں تم پر خاوند والی عورتیں مگر جن کے مالک ہو جائیں تمہارے داہنے ہاتھ (۴ : ۲۴) یعنی وہ تمہارے لیے حلال ہیں جبکہ ان کی عدت گزر جائے۔

۳۸۹۔ حَدَّثَنَا النُّفَيْلِيُّ نَا مِسْكِينٌ نَا شُعْبَةُ عَنْ يَزِيدَ بْنِ خُمَيْرٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ نُفَيْرٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي الدَّرْدَاءِ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ فِي غَزْوَةٍ فَرَأَى امْرَأَةً مُجِحًّا فَقَالَ لَعَلَّ صَاحِبَهَا أَلَمَّ بِهَا قَالُوا نَعَمْ قَالَ لَقَدْ هَمَمْتُ أَنْ أَلْعَنَهُ لَعْنَةً تَدْخُلُ

عبدالرحمان بن جبیر نفیر کے والد ماجد نے حضرت ابوالدرداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ایک غزوہ میں تھے تو ایک عورت کو پورے دنوں دیکھ کر فرمایا: شاید اس کے مالک نے اس کے ساتھ جماع کیا ہے؟ لوگوں نے اثبات میں جواب دیا تو فرمایا: میں نے ارادہ کیا تھا کہ اس پر لعنت کروں جو قبر تک اس کے ساتھ رہے۔ بھلا یہ

معه في قبره كيف يورثه وهو لا يحل له وكيف يستخدمه وهو لا يحل له.

اُس کا وارث کیسے ہوگا جبکہ یہ اس کیلئے حلال نہیں ہے اور کیسے اس سے خدمت لے گا جبکہ یہ اس کے لیے حلال نہیں ہے۔

٣٩٠۔ حدثنا عمرو بن عون انا شريك عن قيس بن وهب عن ابي الوداك عن ابي سعيد الخدري ورفعه انه قال في سبايا اوطاس لا توطأ حامل حتى تضع ولا غير ذات حمل حتى تحيض حيضة.

ابوالوداک نے حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے اس واقعے کو مرفوعاً روایت کیا، اوطاس کے قیدیوں کے متعلق آپ نے فرمایا، کسی حاملہ سے صحبت نہ کرنا۔ یہاں تک کہ جن لے اور نہ غیر حاملہ سے جب تک ایک حیض نہ آجائے۔

٣٩١۔ حدثنا النفيلي نا محمد بن سلمة عن محمد بن اسحق حدثني يزيد بن ابي حبيب عن ابي مرزوق عن حنش الصنعاني عن رويفع بن ثابت الانصاري قال قام فينا خطيبا قال اما اني لا اقول لكم الا ما سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول يوم حنين قال لا يحل لامرئ يؤمن بالله واليوم الآخر ان يسقي ماءه زرع غيره يعني اتيان الحبالى ولا يحل لامرئ يؤمن بالله واليوم الآخر ان يقع على امرأة من السبي حتى يستبرئها ولا يحل لامرئ يؤمن بالله واليوم الآخر ان يبيع مغنما حتى يقسم.

حنش صنعانی سے روایت ہے کہ حضرت رویفع بن ثابت انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ہمیں خطبہ دیتے ہوئے فرمایا، میں تم سے وہی کہتا ہوں جو میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سُنا ہے۔ آپ نے غزوہ حنین کے روز فرمایا:۔ جو اللہ اور قیامت پر ایمان رکھتا ہے۔ اس کے لیے حلال نہیں ہے کہ اپنا پانی دوسرے کی کھیتی کو پلائے یعنی غیر کی حاملہ سے صحبت کرے۔ جو اللہ اور قیامت پر ایمان رکھتا ہے اس کے لیے حلال نہیں ہے کہ کسی قیدی عورت سے صحبت کرے مگر جب کہ ایک حیض آجائے اور جو اللہ اور قیامت پر ایمان رکھتا ہے اُس کے لیے حلال نہیں ہے کہ غنیمت کی بکریوں کو فروخت کرے مگر جبکہ تقسیم ہو جائیں۔

٣٩٢۔ حدثنا سعيد بن منصور نا ابو معوية عن ابن اسحق بهذا الحديث قال حتى يستبرئها بحيضة زاد ومن كان يؤمن بالله واليوم الآخر فلا يركب دابة من فيء المسلمين حتى اذا اعجفها ردها فيه ومن كان يؤمن بالله واليوم الآخر فلا يلبس ثوبا من فيء المسلمين حتى اذا اخلقه رده فيه قال ابوداود الحيضة ليس بمحفوظة.

ابو معاویہ نے ابن اسحاق سے اس حدیث کو روایت کرتے ہوئے کہا، یہاں تک کہ ایک حیض سے پاک ہو جائے۔ یہ بھی کہا:۔ جو اللہ اور قیامت پر ایمان رکھتا ہے وہ مسلمانوں کی غنیمت کے جانور پر سوار نہ ہو کہ دُبلا کر کے پھر اُن میں ملا دے جو اللہ اور قیامت پر ایمان رکھتا ہے وہ مسلمانوں کی غنیمت کے کپڑے سے نہ پہنے کہ پُرانا کر کے اُن میں لوٹا دے۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ اَلْحَيْضَة کا لفظ محفوظ نہیں ہے۔

باب ١٢٣ في جامع النكاح.

نکاح کے متفرق مسائل

٣٩٣۔ حدثنا عثمان بن ابي شيبة وعبد الله بن سعيد قالا نا ابو خالد عن ابن عجلان عن عمرو

عمرو بن شعیب کے والد ماجد نے ان کے جدِّ امجد سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا،

www.sirat-e-mustaqeem.com

ابْنِ شُعَيْبٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِذَا تَزَوَّجَ أَحَدُكُمُ امْرَأَةً أَوِ اشْتَرَى خَادِمًا فَلْيَقُلِ اللَّهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ خَيْرَهَا وَخَيْرَ مَا جَبَلْتَهَا عَلَيْهِ وَأَعُوذُ بِكَ مِنْ شَرِّهَا وَشَرِّ مَا جَبَلْتَهَا عَلَيْهِ وَإِذَا اشْتَرَى بَعِيرًا فَلْيَأْخُذْ بِذِرْوَةِ سَنَامِهِ وَلْيَقُلْ مِثْلَ ذَلِكَ قَالَ أَبُو دَاوُدَ زَادَ أَبُو سَعِيدٍ ثُمَّ لْيَأْخُذْ بِنَاصِيَتِهَا وَلْيَدْعُ بِالْبَرَكَةِ فِي الْمَرْأَةِ وَالْخَادِمِ۔

جب تم میں سے کوئی کسی عورت کے ساتھ نکاح کرے یا لونڈی خریدے تو یوں کہے: اے اللہ! میں تجھ سے اس کی بھلائی مانگتا ہوں اور اس کی طبیعت کی بھلائی مانگتا ہوں ——— نیز اس کی بُرائی سے تیری پناہ چاہتا ہوں اور اس کی طبیعت کی بُرائی سے۔ جب اونٹ خریدے تو اس کے کوہان کی چوٹی پر ہاتھ رکھ کر اُسی طرح کہے۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ ابو سعید نے یہ بھی کہا: پھر بیوی یا خادم کو پیشانی سے پکڑ کر برکت کی دعا کرے۔

۳۹۴۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِيسَى نَا جَرِيرٌ عَنْ مَنْصُورٍ عَنْ سَالِمِ بْنِ أَبِي الْجَعْدِ عَنْ كُرَيْبٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْ أَنَّ أَحَدَكُمْ إِذَا أَرَادَ أَنْ يَأْتِيَ أَهْلَهُ قَالَ بِسْمِ اللهِ اللَّهُمَّ جَنِّبْنَا الشَّيْطَانَ وَجَنِّبِ الشَّيْطَانَ مَا رَزَقْتَنَا ثُمَّ إِنْ قُدِّرَ أَنْ يَكُونَ بَيْنَهُمَا وَلَدٌ فِي ذَلِكَ لَمْ يَضُرَّهُ شَيْطَانٌ أَبَدًا۔

کریب نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی اپنی بیوی کے ساتھ صحبت کرنے کا ارادہ کرے تو کہے: اللہ کے نام شروع، اے اللہ! شیطان سے ہمیں دُور رکھنا اور جو تو ہمیں عطا فرمائے اس سے شیطان کو دُور رکھنا۔ پھر اگر اُن کے مقدر میں بچہ ہے تو شیطان اُسے کبھی کوئی نقصان نہیں پہنچا سکے گا۔

۳۹۵۔ حَدَّثَنَا هَنَّادٌ عَنْ وَكِيعٍ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ سُهَيْلِ ابْنِ أَبِي صَالِحٍ عَنِ الْحَارِثِ بْنِ مُخَلَّدٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَلْعُونٌ مَنْ أَتَى امْرَأَةً فِي دُبُرِهَا۔

حارث بن مخلد نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: پاخانے کے مقام میں صحبت کرنے والا ملعون ہے۔ ف

ف: پاخانے کے مقام میں صحبت کرنے والا، خواہ اپنی عورت سے کرے یا کسی عورت و مرد سے، وہ ملعون ہے۔ اللہ تعالیٰ اس فعلِ بد سے ہر مسلمان کو محفوظ رکھے۔ آمین۔ اسی فعلِ بد کے باعث حضرت لوط علیہ السلام کی قوم پر اللہ تعالیٰ نے عذاب بھیجا تھا۔ ایسا کرنے والا اپنی ذات کو اللہ کی رحمت سے محروم کر لیتا ہے جو بڑی نادانی کی بات ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

۳۹۶۔ حَدَّثَنَا ابْنُ بَشَّارٍ نَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ نَا سُفْيَانُ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ قَالَ سَمِعْتُ جَابِرًا يَقُولُ إِنَّ الْيَهُودَ يَقُولُونَ إِذَا جَامَعَ الرَّجُلُ أَهْلَهُ فِي فَرْجِهَا مِنْ وَرَائِهَا كَانَ وَلَدُهُ أَحْوَلَ فَأَنْزَلَ اللهُ عَزَّ وَجَلَّ نِسَاؤُكُمْ حَرْثٌ لَكُمْ فَأْتُوا حَرْثَكُمْ أَنَّى شِئْتُمْ۔

محمد بن منکدر نے حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو فرماتے ہوئے سُنا کہ یہود کہتے ہیں کہ جب آدمی اپنی بیوی سے پیچھے کی طرف سے صحبت کرے تو اُن کا بچہ بھینگا ہوگا۔ پس اللہ تعالیٰ نے وحی نازل فرمائی: عورتیں تمہاری کھیتی ہیں، پس آؤ اپنی کھیتی میں جدھر سے چاہو۔ (۲ : ۲۲۳)

۳۹۷۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ يَحْيَى أَبُو الْأَصْبَغِ

مجاہد سے روایت ہے کہ حضرت ابن عباس

www.sirat-e-mustaqeem.com

حَدَّثَنِي مُحَمَّدٌ يَعْنِي ابْنَ سَلَمَةَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحٰقَ عَنْ أَبَانَ بْنِ صَالِحٍ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ إِنَّ ابْنَ عُمَرَ وَاللّٰهُ يَغْفِرُ لَهُ أَوْهَمَ إِنَّمَا كَانَ هٰذَا الْحَيُّ مِنَ الْأَنْصَارِ وَهُمْ أَهْلُ وَثَنٍ مَعَ هٰذَا الْحَيِّ مِنْ يَهُودَ وَهُمْ أَهْلُ كِتَابٍ وَكَانُوا يَرَوْنَ لَهُمْ فَضْلًا عَلَيْهِمْ فِي الْعِلْمِ فَكَانُوا يَقْتَدُونَ بِكَثِيرٍ مِنْ فِعْلِهِمْ وَكَانَ مِنْ أَمْرِ أَهْلِ الْكِتَابِ أَنْ لَا يَأْتُوا النِّسَاءَ إِلَّا عَلٰى حَرْفٍ وَذٰلِكَ أَسْتَرُ مَا تَكُونُ الْمَرْأَةُ فَكَانَ هٰذَا الْحَيُّ مِنَ الْأَنْصَارِ قَدْ أَخَذُوا بِذٰلِكَ مِنْ فِعْلِهِمْ وَكَانَ هٰذَا الْحَيُّ مِنْ قُرَيْشٍ يَشْرَحُونَ النِّسَاءَ شَرْحًا مُنْكَرًا وَيَتَلَذَّذُونَ مِنْهُنَّ مُقْبِلَاتٍ وَمُدْبِرَاتٍ وَمُسْتَلْقِيَاتٍ فَلَمَّا قَدِمَ الْمُهَاجِرُونَ الْمَدِينَةَ تَزَوَّجَ رَجُلٌ مِنْهُمُ امْرَأَةً مِنَ الْأَنْصَارِ فَذَهَبَ يَصْنَعُ بِهَا ذٰلِكَ فَأَنْكَرَتْهُ عَلَيْهِ وَقَالَتْ إِنَّمَا كُنَّا نُؤْتٰى عَلٰى حَرْفٍ فَاصْنَعْ ذٰلِكَ وَإِلَّا فَاجْتَنِبْنِي حَتّٰى شَرِيَ أَمْرُهُمَا فَبَلَغَ ذٰلِكَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ نِسَاؤُكُمْ حَرْثٌ لَكُمْ فَأْتُوا حَرْثَكُمْ أَنّٰى شِئْتُمْ أَيْ مُقْبِلَاتٍ وَمُدْبِرَاتٍ وَمُسْتَلْقِيَاتٍ يَعْنِي بِذٰلِكَ مَوْضِعَ الْوَلَدِ۔

بَابٌ ۴۲ فِي إِتْيَانِ الْحَائِضِ وَمُبَاشَرَتِهَا۔

۳۰۸ ـ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْمٰعِيلَ نَا حَمَّادٌ أَنَا ثَابِتٌ الْبُنَانِيُّ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ أَنَّ الْيَهُودَ كَانَتْ إِذَا حَاضَتْ مِنْهُمُ امْرَأَةٌ أَخْرَجُوهَا مِنَ الْبَيْتِ وَلَمْ يُؤَاكِلُوهَا وَلَمْ يُشَارِبُوهَا وَلَمْ يُجَامِعُوهَا فِي الْبَيْتِ فَسُئِلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ ذٰلِكَ فَأَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ يَسْأَلُونَكَ عَنِ الْمَحِيضِ قُلْ هُوَ أَذًى فَاعْتَزِلُوا النِّسَاءَ فِي الْمَحِيضِ إِلٰى آخِرِ الْآيَةِ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى

رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا: ابنِ عمر کو اللہ تعالیٰ معاف فرمائے کہ انہیں وہم ہوا۔ بات دراصل یہ ہے کہ انصار کا ایک قبیلہ بُت پرست تھا۔ اُن کے ساتھ یہود کا قبیلہ تھا جو اہلِ کتاب تھے یہ علم کے باعث انہیں اپنے سے افضل جانتے اور کتنے ہی افعال میں ان کی پیروی کرتے۔ اہلِ کتاب کا ایک فعل یہ تھا کہ وہ عورتوں کے پاس ایک ہی طریقے سے جاتے تھے اور اس میں عورت کی پردہ پوشی ہے سا انصار کا وہ قبیلہ اس فعل میں بھی یہود کی پیروی کرتا تھا۔ جب کہ قبیلہ قریش والے عورت کو ننگی کر کے مختلف طریقوں کے ساتھ اُن سے لذت حاصل کرتے یعنی آگے سے، پیچھے سے اور چت لٹا کر۔ جب مہاجرین مدینہ منورہ میں آئے تو اُن میں سے ایک آدمی نے انصار کی ایک عورت سے نکاح کیا۔ وہ اپنے معمول کے مطابق اُس کے ساتھ صحبت کرنے لگا تو اُس نے اِسکا بُرا منایا اور کہا کہ یہ کام ایک طریقے سے کرو، ورنہ مجھ سے جُدا ہو جاؤ۔ دونوں کا معاملہ مشہور ہو گیا۔ پس یہ بات رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تک پہنچی تو اللہ تعالیٰ نے حکم نازل فرما دیا: عورتیں تمہاری کھیتی ہیں۔ پس آؤ اپنی کھیتی میں جدھر سے چاہو۔ یعنی سامنے سے پیچھے سے یا چت لٹا کر لیکن یہ کام ہو پیدائش کی جگہ میں۔

حائضہ سے مباشرت کرنے کا بیان

حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ یہود کی جب کسی عورت کو حیض آتا ہے تو نہ اُسے ساتھ کھلاتے پلاتے تھے اور نہ گھر میں اپنے ساتھ رہنے دیتے۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے اس بارے میں پوچھا گیا تو اللہ تعالیٰ نے یہ حکم نازل فرمایا: "تم سے حیض کے متعلق پوچھتے ہیں فرما دو کہ وہ ناپاکی ہے، پس حیض میں عورتوں سے ایک طرف رہو" (۲: ۲۳۲) پس رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اُنہیں گھروں میں اپنے ساتھ رہنے دو، اور جماع کے علاوہ

www.sirat-e-mustaqeem.com

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَامِعُوْهُنَّ فِي الْبُيُوْتِ وَاصْنَعُوْا كُلَّ شَيْءٍ غَيْرَ النِّكَاحِ فَقَالَتِ الْيَهُوْدُ مَا يُرِيْدُ هٰذَا الرَّجُلُ اَنْ يَدَعَ شَيْئًا مِنْ اَمْرِنَا اِلَّا خَالَفَنَا فِيْهِ فَجَاءَ اُسَيْدُ بْنُ حُضَيْرٍ وَعَبَّادُ بْنُ بِشْرٍ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ الْيَهُوْدَ تَقُوْلُ كَذَا وَكَذَا اَفَلَا نَنْكِحُهُنَّ فِي الْمَحِيْضِ فَتَمَعَّرَ وَجْهُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى ظَنَنَّا اَنْ قَدْ وَجَدَ عَلَيْهِمَا فَخَرَجَا فَاسْتَقْبَلَهُمَا هَدِيَّةٌ مِنْ لَبَنٍ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَبَعَثَ فِيْ اٰثَارِهِمَا فَظَنَنَّا اَنَّهُ لَمْ يَجِدْ عَلَيْهِمَا۔

باقی اُن سے سب کچھ کر سکتے ہو۔ پس یہود نے کہا کہ نہیں چاہتا یہ شخص کہ ہمارے معمولات میں سے کوئی چیز ایسی نہ چھوڑے جس میں ہماری مخالفت نہ کرے۔ چنانچہ حضرت اُسید بن حضیر اور حضرت عباد بن بشر دونوں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں عرض گزار ہوئے، یا رسول اللہ یہود ایسا کچھ کہتے ہیں تو کیا ہم حالت حیض میں جماع نہ کر لیا کریں؟ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پُرنور چہرے کا رنگ بدل گیا، یہاں تک کہ ہم نے گمان کیا کہ اُن دونوں پر غصہ آیا ہے تو وہ دونوں نکل گئے رسول اللہ کی طرف سے ان کے لیے دودھ کا تحفہ بھیجا گیا جو اُن کے پیچھے روانہ کیا گیا تو ہمیں یقین آیا کہ غصہ ان دونوں پر نہیں آیا تھا۔

۳۹۹ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا يَحْيٰى عَنْ جَابِرِ بْنِ صُبْحٍ سَمِعْتُ خِلَاسًا الْهَجَرِيَّ قَالَ سَمِعْتُ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا تَقُوْلُ كُنْتُ اَنَا وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَبِيْتُ فِي الشِّعَارِ الْوَاحِدِ وَاَنَا حَائِضٌ طَامِثٌ فَاِنْ اَصَابَهُ مِنِّيْ شَيْءٌ غَسَلَ مَكَانَهُ لَمْ يَعْدُهُ وَاِنْ اَصَابَ تَعْنِيْ ثَوْبَهُ مِنْهُ شَيْءٌ غَسَلَ مَكَانَهُ لَمْ يَعْدُهُ وَصَلّٰى فِيْهِ۔

خلاس الہجری نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو فرماتے ہوئے سنا کہ میں اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ایک ہی کپڑے میں رات گزار لیا کرتے تھے، حالانکہ میں حائضہ ہوتی۔ اگر مجھ سے کوئی چیز آپ کو لگ جاتی تو اس جگہ کو دھو لیتے یا کچھ زیادہ۔ اور اسی میں نماز پڑھ لیتے۔

۴۰۰ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ وَمُسَدَّدٌ قَالَا نَا حَفْصٌ عَنِ الشَّيْبَانِيِّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ شَدَّادٍ عَنْ خَالَتِهِ مَيْمُوْنَةَ بِنْتِ الْحَارِثِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا اَرَادَ اَنْ يُبَاشِرَ امْرَاَةً مِنْ نِسَائِهِ وَهِيَ حَائِضٌ اَمَرَهَا اَنْ تَتَّزِرَ ثُمَّ يُبَاشِرُهَا۔

عبداللہ بن شداد نے اپنی خالہ جان حضرت میمونہ بنت حارث رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب اپنی کسی زوجہ مطہرہ سے مباشرت کرنا چاہتے اور وہ حائضہ ہوتیں تو انہیں لنگوٹ باندھنے کا حکم دیتے اور پھر اُن سے مباشرت فرماتے۔

باب ۱۲۵ فِيْ كَفَّارَةِ مَنْ اَتٰى حَائِضًا۔

حائضہ سے جماع کرنے کا کفارہ

۴۰۱ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا يَحْيٰى عَنْ شُعْبَةَ غَيْرِهِ عَنْ سَعِيْدٍ حَدَّثَنِي الْحَكَمُ عَنْ عَبْدِ الْحَمِيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ مِقْسَمٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الَّذِيْ يَاْتِي امْرَاَتَهُ وَهِيَ حَائِضٌ قَالَ يَتَصَدَّقُ بِدِيْنَارٍ اَوْ بِنِصْفِ

مسدد، یحییٰ، شعبہ، سعید، حکم، عبدالحمید بن عبدالرحمان مقسم نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اُس شخص کے بارے میں فرمایا جو اپنی حائضہ بیوی سے صحبت کر بیٹھے کہ وہ دینار یا نصف دینار صدقہ دے۔

www.sirat-e-mustaqeem.com

دِينَارٍ۔

۴۰۲۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ مُطَهَّرٍ نَا جَعْفَرٌ يَعْنِي ابْنَ سُلَيْمَانَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْحَكَمِ الْبُنَانِيِّ عَنْ أَبِي الْحَسَنِ الْجَزَرِيِّ عَنْ مِقْسَمٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ إِذَا أَصَابَهَا فِي الدَّمِ فَدِينَارٌ وَإِذَا أَصَابَهَا فِي انْقِطَاعِ الدَّمِ فَنِصْفُ دِينَارٍ۔

عبدالسلام بن مطہر، جعفر بن سلیمان، علی بن حکم بنانی، ابوالحسن جزری، مقسم سے روایت ہے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا:۔ جب بہتے خون کے وقت صحبت کرے تو ایک دینار دے اور جب ختم ہوتے وقت کرے تو نصف دینار دے۔

بَابُ ۱۲۶ مَا جَاءَ فِي الْعَزْلِ۔

عزل کا بیان

۴۰۳۔ حَدَّثَنَا إِسْحٰقُ بْنُ إِسْمٰعِيلَ الطَّالَقَانِيُّ نَا سُفْيَانُ عَنِ ابْنِ أَبِي نَجِيحٍ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنْ قَزَعَةَ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ ذُكِرَ ذٰلِكَ عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَعْنِي الْعَزْلَ قَالَ فَلِمَ يَفْعَلُ أَحَدُكُمْ وَلَمْ يَقُلْ وَلَا يَفْعَلُ أَحَدُكُمْ فَإِنَّهُ لَيْسَتْ مِنْ نَفْسٍ مَخْلُوقَةٍ إِلَّا اللّٰهُ خَالِقُهَا قَالَ أَبُو دَاوُدَ قَزَعَةُ مَوْلَى زِيَادٍ۔

قزعہ نے حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ عزل کا نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حضور ذکر ہوا تو آپ نے فرمایا:۔ کوئی ایسا کیوں کرتا ہے؟ یہ نہ کہا اور کوئی ایسا نہ کرے کیونکہ کوئی جان ایسی نہیں جس نے پیدا ہونا ہے مگر اللہ تعالیٰ پیدا کر کے رہے گا۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ قزعہ حضرت زیاد کے آزاد کردہ غلام تھے۔

۴۰۴۔ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْمٰعِيلَ نَا أَبَانُ نَا يَحْيَى أَنَّ مُحَمَّدَ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ ثَوْبَانَ حَدَّثَهُ أَنَّ رِفَاعَةَ حَدَّثَهُ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ أَنَّ رَجُلًا قَالَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ إِنَّ لِي جَارِيَةً وَأَنَا أَعْزِلُ عَنْهَا وَأَنَا أَكْرَهُ أَنْ تَحْمِلَ وَأَنَا أُرِيدُ مَا يُرِيدُ الرِّجَالُ وَإِنَّ الْيَهُودَ تُحَدِّثُ أَنَّ الْعَزْلَ مَوْؤُدَةُ الصُّغْرٰى قَالَ كَذَبَتْ يَهُودُ لَوْ أَرَادَ اللّٰهُ أَنْ يَخْلُقَهُ مَا اسْتَطَعْتَ أَنْ تَصْرِفَهُ۔

رفاعہ نے حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ ایک آدمی عرض گزار ہوا، یا رسول اللہ! میری ایک لونڈی ہے اور میں اس سے عزل کرتا ہوں کیونکہ میں اس کا حاملہ ہونا ناپسند کرتا ہوں اور میں وہی چاہتا ہوں جو دوسرے لوگ چاہتے ہیں اور یہود دعویٰ کر کے یہ کہتے ہیں کہ یہ چھوٹا زندہ در گور کرنا ہے۔ فرمایا کہ یہود غلط کہتے ہیں، اگر اللہ تعالیٰ کسی کو پیدا کرنا چاہے تو تم اُسے پھیر نہیں سکتے۔

۴۰۵۔ حَدَّثَنَا الْقَعْنَبِيُّ عَنْ مَالِكٍ عَنْ رَبِيعَةَ ابْنِ أَبِي عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى ابْنِ حَبَّانَ عَنِ ابْنِ مُحَيْرِيزٍ قَالَ دَخَلْتُ الْمَسْجِدَ فَرَأَيْتُ أَبَا سَعِيدٍ الْخُدْرِيَّ فَجَلَسْتُ إِلَيْهِ فَسَأَلْتُهُ عَنِ الْعَزْلِ فَقَالَ أَبُو سَعِيدٍ خَرَجْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي غَزْوَةِ بَنِي الْمُصْطَلِقِ فَأَصَبْنَا سَبَايَا مِنْ سَبْيِ الْعَرَبِ فَاشْتَهَيْنَا النِّسَاءَ وَاشْتَدَّتْ عَلَيْنَا الْعُزْبَةُ وَأَحْبَبْنَا الْفِدَاءَ فَأَرَدْنَا

محمد بن یحییٰ بن حبان نے ابن محیریز سے روایت ہے کہ میں مسجد میں داخل ہوا تو میں نے حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو دیکھا۔ میں ان کے پاس بیٹھ گیا اور اُن سے عزل کے متعلق پوچھا۔ حضرت ابوسعید نے فرمایا کہ ہم رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ غزوہ بنی مصطلق کے لیے نکلے تو ہمیں عرب کے قیدی ہاتھ آئے۔ ہمیں عورتوں کی خواہش ہوئی کیونکہ مجرد رہنا ہمیں تنگ کر رہا تھا۔ ہم حمل بھی نہیں چاہتے تھے اس لیے ہم نے عزل کا

www.sirat-e-mustaqeem.com

أَنْ نَعْزِلَ ثُمَّ قُلْنَا نَعْزِلُ وَرَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَ أَظْهُرِنَا قَبْلَ أَنْ نَسْأَلَهُ عَنْ ذَلِكَ فَسَأَلْنَاهُ عَنْ ذَلِكَ فَقَالَ مَا عَلَيْكُمْ أَنْ لَا تَفْعَلُوا مَا مِنْ نَسَمَةٍ كَائِنَةٍ إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ إِلَّا وَهِيَ كَائِنَةٌ۔

۲۱۰۶۔ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ نَا الْفَضْلُ بْنُ دُكَيْنٍ نَا زُهَيْرٌ عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ جَاءَ رَجُلٌ مِنَ الْأَنْصَارِ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ إِنَّ لِي جَارِيَةً أَطُوفُ عَلَيْهَا وَأَنَا أَكْرَهُ أَنْ تَحْمِلَ فَقَالَ اعْزِلْ عَنْهَا إِنْ شِئْتَ فَإِنَّهُ سَيَأْتِيهَا مَا قُدِّرَ لَهَا قَالَ فَلَبِثَ الرَّجُلُ ثُمَّ أَتَاهُ فَقَالَ إِنَّ الْجَارِيَةَ قَدْ حَمَلَتْ قَالَ قَدْ أَخْبَرْتُكَ أَنَّهُ سَيَأْتِيهَا مَا قُدِّرَ لَهَا۔

بَاب ۱۲۷ مَا يُكْرَهُ مِنْ ذِكْرِ الرَّجُلِ مَا يَكُونُ مِنْ إِصَابَتِهِ أَهْلَهُ۔

۲۱۰۷۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا بِشْرٌ نَا الْجُرَيْرِيُّ ح وَحَدَّثَنَا مُؤَمَّلٌ نَا إِسْمَاعِيلُ ح وَحَدَّثَنَا مُوسَى نَا حَمَّادٌ كُلُّهُمْ عَنِ الْجُرَيْرِيِّ عَنْ أَبِي نَضْرَةَ حَدَّثَنِي شَيْخٌ مِنْ طُفَاوَةَ قَالَ تَثَوَّيْتُ أَبَا هُرَيْرَةَ بِالْمَدِينَةِ فَلَمْ أَرَ رَجُلًا مِنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَشَدَّ تَشْمِيرًا وَلَا أَقْوَمَ عَلَى ضَيْفٍ مِنْهُ فَبَيْنَمَا أَنَا عِنْدَهُ يَوْمًا وَهُوَ عَلَى سَرِيرٍ لَهُ مَعَهُ كِيسٌ فِيهِ حَصًى أَوْ نَوًى وَأَسْفَلَ مِنْهُ جَارِيَةٌ لَهُ سَوْدَاءُ وَهُوَ يُسَبِّحُ بِهَا حَتَّى إِذَا أَنْفَدَ مَا فِي الْكِيسِ أَلْقَاهُ إِلَيْهَا فَجَمَعَتْهُ فَأَعَادَتْهُ فِي الْكِيسِ ثُمَّ دَفَعَتْهُ إِلَيْهِ فَقَالَ أَلَا أُحَدِّثُكَ عَنِّي وَعَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ قُلْتُ بَلَى قَالَ بَيْنَا أَنَا أُوعَكُ فِي الْمَسْجِدِ إِذْ جَاءَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّى دَخَلَ الْمَسْجِدَ فَقَالَ مَنْ

ارادہ کیا۔ پھر ہم نے کہا کہ جب رسول اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہم میں موجود ہیں تو ہم پوچھ لینے سے پہلے عزل کیوں کریں۔ پس ہم نے اس بارے میں آپ سے پوچھا تو فرمایا: تمہارے لیے یہ ضروری نہیں کہ ایسا کرو کیونکہ کوئی جان ایسی نہیں کہ جس نے قیامت تک پیدا ہونا ہے مگر وہ پیدا ہو کر رہے گی۔

ابو الزبیر سے حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ انصار سے ایک آدمی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر عرض گزار ہوا: میری ایک لونڈی ہے جس سے میں صحبت کرتا ہوں اور اس کا حاملہ ہونا مجھے ناپسند ہے۔ فرمایا کہ اگر تم چاہو تو اس سے عزل کر لینا لیکن وہ ضرور آئے گا جو اس کے لیے مقدر فرما دیا گیا ہے۔ کچھ عرصے کے بعد وہ شخص حاضر بارگاہ ہو کر عرض گزار ہوا: بیشک لونڈی حاملہ ہو گئی ہے فرمایا کہ میں نے تو تمہیں بتا دیا تھا کہ وہ ضرور آئیگا جو اس کیلئے مقدر فرما دیا گیا ہے۔

میاں بیوی کا دوسرے سے اپنی صحبت کا حال بیان کرنے کی کراہت

مسدد، بشر، جریری۔ مؤمل، اسمٰعیل۔ موسیٰ، حماد، جریری ابونضرہ، طفاوہ کے ایک شیخ نے فرمایا کہ میں مدینہ منورہ میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا مہمان ہوا۔ میں نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اصحاب میں کسی کو ان سے بڑھ کر عبادت گزار اور مہمان نواز نہیں دیکھا۔ اسی دوران جب کہ میں اُن کے پاس تھا تو ایک روز وہ اپنے تخت پر بیٹھے ہوئے تھے تو ان کے پاس ایک تھیلی تھی جس میں کنکریاں اور گٹھلیاں تھیں۔ ان کی ایک سیاہ فام لونڈی تھی۔ یہ پڑھتے جاتے یہاں تک کہ جب تھیلی خالی ہو جاتی تو لونڈی انہیں جمع کر کے دوبارہ پڑھنے کے لیے تھیلی میں ڈال کر ان کے سپرد کر دیتی۔ اُنہوں نے فرمایا: کیا میں تمہیں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی حدیث نہ سناؤں؟ میں عرض گزار ہوا کیوں نہیں۔ فرمایا کہ بخار کے باعث میں مسجد میں کراہ رہا تھا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مسجد میں تشریف لے آئے۔ تین مرتبہ

اَحَسَّ الْفَتَى الدَّوْسِيَّ ثَلٰثَ مَرَّاتٍ فَقَالَ رَجُلٌ
يَارَسُوْلَ اللّٰهِ هُوَذَا يُوْعَكُ فِيْ جَانِبِ الْمَسْجِدِ
فَاَقْبَلَ يَمْشِيْ حَتّٰى انْتَهٰى اِلَيَّ فَوَضَعَ يَدَهٗ عَلَيَّ
فَقَالَ لِيْ مَعْرُوْفًا فَنَهَضْتُ فَانْطَلَقَ يَمْشِيْ حَتّٰى
اَتٰى مَقَامَهُ الَّذِيْ يُصَلِّيْ فِيْهِ فَاَقْبَلَ اِلَيْهِمْ وَمَعَهٗ
صَفَّانِ مِنْ رِجَالٍ وَصَفٌّ مِنْ نِسَآءٍ اَوْ صَفَّانِ
مِنْ نِسَآءٍ وَصَفٌّ مِنْ رِجَالٍ فَقَالَ اِنْ نَسَّانِيَ
الشَّيْطَانُ شَيْئًا مِنْ صَلَاتِيْ فَلْيُسَبِّحِ الْقَوْمُ وَ
لْيُصَفِّقِ النِّسَآءُ قَالَ فَصَلّٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ
عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَمْ يَنْسَ مِنْ صَلَاتِهٖ شَيْئًا فَقَالَ
مَجَالِسَكُمْ مَجَالِسَكُمْ زَادَ مُوْسٰى هٰهُنَا ثُمَّ حَمِدَ اللّٰهَ
وَاَثْنٰى عَلَيْهِ ثُمَّ قَالَ اَمَّا بَعْدُ ثُمَّ اتَّفَقُوْا ثُمَّ اَقْبَلَ
عَلَى الرِّجَالِ قَالَ هَلْ مِنْكُمُ الرَّجُلُ اِذَا اَتٰى اَهْلَهٗ
فَاَغْلَقَ عَلَيْهِ بَابَهٗ وَاَلْقٰى عَلَيْهِ سِتْرَهٗ وَاسْتَتَرَ
بِسِتْرِ اللّٰهِ قَالُوْا نَعَمْ قَالَ ثُمَّ يَجْلِسُ بَعْدَ ذٰلِكَ
فَيَقُوْلُ فَعَلْتُ كَذَا فَعَلْتُ كَذَا قَالَ فَسَكَتُوْا
فَاَقْبَلَ عَلَى النِّسَآءِ فَقَالَ هَلْ مِنْكُنَّ مَنْ
تُحَدِّثُ فَسَكَتْنَ فَجَثَتْ فَتَاةٌ عَلٰى اِحْدٰى
رُكْبَتَيْهَا وَتَطَاوَلَتْ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ
وَسَلَّمَ لِيَرَاهَا وَيَسْمَعَ كَلَامَهَا فَقَالَتْ يَارَسُوْلَ
اللّٰهِ اِنَّهُمْ لَيَتَحَدَّثُوْنَ وَاِنَّهُنَّ لَيَتَحَدَّثْنَهٗ فَقَالَ
هَلْ تَدْرُوْنَ مَا مَثَلُ ذٰلِكَ فَقَالَ اِنَّمَا مَثَلُ ذٰلِكَ
مَثَلُ شَيْطَانَةٍ لَقِيَتْ شَيْطَانًا فِي السِّكَّةِ فَقَضٰى
مِنْهَا حَاجَتَهٗ وَالنَّاسُ يَنْظُرُوْنَ اِلَيْهِ اَلَا اِنَّ طِيْبَ
الرِّجَالِ مَا ظَهَرَ رِيْحُهٗ وَلَمْ يَظْهَرْ لَوْنُهٗ اَلَا اِنَّ طِيْبَ
النِّسَآءِ مَا ظَهَرَ لَوْنُهٗ وَلَمْ يَظْهَرْ رِيْحُهٗ قَالَ اَبُوْدَاوُدَ
وَمِنْ هٰهُنَا حَفِظْتُهٗ عَنْ مُؤَمَّلٍ وَمُوْسٰى اَلَا لَا
يُفْضِيَنَّ رَجُلٌ اِلٰى رَجُلٍ وَلَا امْرَاَةٌ اِلَى امْرَاَةٍ
اِلَّا اِلٰى وَلَدٍ اَوْ وَالِدٍ وَذَكَرَ ثَالِثَةً فَنَسِيْتُهَا وَهُوَ فِيْ

فرمایا کہ دوسی نوجوان کو کس نے دیکھا ہے؟ ایک شخص نے کہا کہ وہ بخار سے مسجد کے ایک گوشے میں کراہ رہے ہیں۔ آپ میری جانب بڑھے یہاں تک کہ میرے پاس جلوہ افروز ہو گئے دست مبارک میرے اوپر رکھ کر بیمار پرسی فرمائی تو میں اُٹھ بیٹھا۔ آپ چل دیئے اور نماز پڑھانے کی جگہ پر جا پہنچے۔ لوگوں کی جانب متوجہ ہوئے اور آپ کے ساتھ دو صفیں مردوں کی اور ایک عورتوں کی تھی یا دو صفیں عورتوں کی اور ایک مردوں کی۔ فرمایا کہ اگر نماز میں شیطان مجھے کوئی چیز بھلا دے تو مرد تسبیح سے مطلع کریں اور عورتیں تالیاں بجا کر۔ پس رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے نماز پڑھائی اور نماز میں ذرا نہ بھولے۔ فرمایا کہ سب اپنی اپنی جگہ پر بیٹھے رہیں۔ موسیٰ نے یہاں بھی یہ کہا۔ پھر اللہ تعالیٰ کی حمد و ثنا کی اور فرمایا، اما بعد۔ پھر سارے راوی متفق ہو گئے۔ پھر مردوں کی جانب متوجہ ہو کر فرمایا۔ کیا تم میں کوئی ایسا آدمی ہے کہ اپنی بیوی کے پاس جاتا، دروازہ بند کرتا پردہ لٹکاتا اور اللہ تعالیٰ کے پردے میں چھپ جاتا ہو۔ لوگ عرض گزار ہوئے کہ ہاں۔ فرمایا، پھر لوگوں میں بیٹھ کر کہتا ہے کہ میں نے یہ کیا، میں نے وہ کیا، راوی کا بیان ہے کہ لوگ خاموش ہو گئے۔ پھر عورتوں کی جانب متوجہ ہو کر فرمایا: کیا تم میں کوئی ہے جو بیان کرتی ہو؟ وہ خاموش ہو گئیں۔ ایک عورت اپنے گھٹنوں پر اونچی ہوئی کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اُسے دیکھیں اور اس کی بات سنیں، لہٰذا عرض گزار ہوئی:۔ یا رسول اللہ! بعض مرد اور عورتیں ایسے کہتے ہیں۔ فرمایا، تم جانتے ہو کہ اس کی مثال کیا ہے۔ اس کی مثال ایسی ہے جیسے شیطان عورت شیطان مرد سے ملے اور لوگوں کے دیکھتے ہوئے اُس سے اپنی حاجت پوری کرے۔ خبردار ہو جاؤ کہ لوگوں کی خوشبو یہ ہے کہ اُن کی ہوا ظاہر ہو اور رنگ ظاہر نہ ہو، اور عورتوں کی خوشبو یہ ہے کہ اس کا رنگ ظاہر ہو اور ہوا ظاہر نہ ہو۔ امام ابو داؤد نے فرمایا کہ اس جگہ مجھے مؤمل اور موسیٰ سے یہ یاد ہے:۔

حَدِيثُ مُسَدَّدٍ وَلٰكِنِّي لَمْ اُتْقِنْهُ وَقَالَ مُوسٰى نَا حَمَّادٌ عَنِ الْجُرَيْرِيِّ عَنْ اَبِي نَضْرَةَ عَنِ الطُّفَاوِيِّ ، اٰخِرُ كِتَابِ النِّكَاحِ ۔

خبردار! کوئی مرد دوسرے مرد کے ساتھ اور کوئی عورت دوسری عورت کے ساتھ ایک بستر میں نہ سوئے مگر اپنے بیٹے اور والد کے ساتھ تیسرے کا ذکر کیا مگر میں بھول گیا۔ یہ حدیث مسدد میں ہے لیکن میرے نزدیک قابلِ یقین نہیں۔ موسیٰ نے حماد، جریری، ابی نضرہ، طفاوی سے روایت کی۔ ختم ہوئی کتاب النکاح۔

www.sirat-e-mustaqeem.com

أَوَّلُ كِتَابِ الطَّلَاقِ

طلاق کا بیان

بَابٌ ٢٨ تَفْرِيعِ أَبْوَابِ الطَّلَاقِ۔

بَابٌ ٢٩ فِيمَنْ خَبَّبَ امْرَأَةً عَلَى زَوْجِهَا۔

٤٠٨ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ نَا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ نَا عَمَّارُ بْنُ رُزَيْقٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عِيسٰى عَنْ عِكْرِمَةَ عَنْ يَحْيَى بْنِ يَعْمُرَ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْسَ مِنَّا مَنْ خَبَّبَ امْرَأَةً عَلٰى زَوْجِهَا أَوْ عَبْدًا عَلٰى سَيِّدِهٖ۔

طلاق کے احکام

جو بیوی کو اس کے خاوند سے دِل برداشتہ کرے

حسن بن علی، زید بن حباب، عمار بن زریق، عبداللہ بن عیسٰی عکرمہ، یحیٰی بن یعمر، حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، جس نے عورت کو اس کے خاوند سے یا غلام کو اس کے آقا سے بدظن کیا وہ ہم میں سے نہیں ہے۔ف

ف۔ عورت کو مرد سے یا مرد کو عورت سے جدا کرنے کی کوشش کرنا اور اُن میں سے کسی کو دوسرے سے بدگمان کرنا یا طرز کام اُن کی خیر خواہی نہیں بلکہ درحقیقت بدخواہی ہے۔ اگرچہ ایسا کرنے والا خیر خواہ بن کر ہی اُلٹی سیدھی پٹی پڑھاتا اور ایک کے دل میں دوسرے کی کدورت بٹھاتا ہے۔ وہ چکنی چپڑی باتیں بنا کر جوڑے میں تفریق کی کوشش کرنے والا سراسر شیطانی اور غیر اسلامی حرکت کر رہا ہے کیونکہ مسلمان ایک دوسرے کا بدخواہ نہیں بلکہ خیر خواہ ہے۔ اللہ تعالیٰ نے تمام مسلمانوں کو بھائی بھائی بنایا ہے اور ایک بھائی کبھی اپنے دوسرے بھائی کا بدخواہ نہیں ہوتا اور بدخواہ ہو گیا تو وہ بھائی یا اپنا کہاں رہا؟ عالمگیر محبت و اخوت ہی تو مسلمان کا طرۂ امتیاز تھا کہ تمام مسلمان ایک جسم کی طرح نظر آتے تھے۔ اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ اِخْوَةٌ کی منہ بولتی تصویریں نظر آتے تھے جس کے باعث انسانیت اپنے نقطۂ عروج کو چھو رہی تھی۔ لیکن آج ہم ایک دوسرے کے بدخواہ ہو گئے۔ اخوت و محبت کے تمام تقاضوں کو پسِ پشت ڈال دیا۔ تو اقوامِ عالم کی نگاہوں میں سامانِ تضحیک ہو کر رہ گئے ہیں۔ اپنی عظمتِ رفتہ کو دوبارہ حاصل کرنے کے لیے ہمیں وہی عادات و اطوار اختیار کرنے ہوں گے جو اسلاف میں پائے جاتے تھے ورنہ قعرِ ذلت سے نکلنے کا راستہ کبھی نہیں مل سکے گا۔ خیر خواہوں اور ملک و ملت کا درد رکھنے والوں کو اسلامی اخلاق و عادات کی تلقین پر اپنا پورا زور لگا دینا چاہیے تاکہ ہم اس ذلت کے گڑھے سے نکل سکیں۔ واللہ ولی التوفیق۔

بَابٌ ٣٠ فِي الْمَرْأَةِ تَسْأَلُ زَوْجَهَا طَلَاقَ امْرَأَةٍ لَهُ۔

٤٠٩ حَدَّثَنَا الْقَعْنَبِيُّ عَنْ مَالِكٍ عَنْ أَبِي الزِّنَادِ عَنِ الْأَعْرَجِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَسْأَلِ الْمَرْأَةُ طَلَاقَ أُخْتِهَا لِتَسْتَفْرِغَ صَحْفَتَهَا وَلْتَنْكِحْ فَإِنَّمَا لَهَا مَا قُدِّرَ لَهَا۔

جو عورت اپنے ہونے والے خاوند سے اس کی بیوی کی طلاق کا مطالبہ کرے۔

اعرج نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، کوئی عورت اپنی بہن کی طلاق کا مطالبہ نہ کرے کہ اُس کا حصہ بھی حاصل کرے بلکہ نکاح کرے اور جو اس کے مقدر میں ہے وہ اسے مل جائے گا۔

www.sirat-e-mustaqeem.com

بَابُ ۱۳۱ فِي كَرَاهِيَةِ الطَّلَاقِ۔

طلاق کی برائی کا بیان

۲۱۰۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ يُونُسَ نَا مُعَرِّفٌ عَنْ مُحَارِبٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا أَحَلَّ اللّٰهُ شَيْئًا أَبْغَضَ إِلَيْهِ مِنَ الطَّلَاقِ۔

حضرت محارب سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ حلال چیزوں میں کوئی ایسی چیز نہیں جو اللہ کو طلاق سے زیادہ ناپسند ہو۔

۲۱۱۔ حَدَّثَنَا كَثِيرُ بْنُ عُبَيْدٍ نَا مُحَمَّدُ بْنُ خَالِدٍ عَنْ مُعَرِّفِ بْنِ وَاصِلٍ عَنْ مُحَارِبِ بْنِ دِثَارٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ أَبْغَضُ الْحَلَالِ إِلَى اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ الطَّلَاقُ۔

محارب بن دثار نے حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ اللہ تعالیٰ کو تمام حلال چیزوں میں طلاق سب سے ناپسند ہے۔ف

ف۔ میاں بیوی کے خوشگوار تعلقات سے گھر جنت نشان بن جاتا ہے۔ لیکن جب مزاج کی نامطابقت یا اخلاقی خرابی وغیرہ کسی امر کے باعث مرد اور عورت کا ایک ہی گاڑی کے پہیے بن کر رہنا مشکل نظر آئے تو پروردگارِ عالم نے طلاق کی اجازت بھی دی ہے۔ اور وہ بھی بیک وقت نہ دی جائے۔ بلکہ ایک طہر میں ایک طلاق اور اس طرح تین طلاقوں پر مرد و عورت میں جدائی ہو جائے گی۔ یہ وقفہ بھی اسی لیے رکھا کہ شاید اب بھی موافقت کی صورت نکل آئے اور خاوند اپنی بیوی سے رجوع کرے۔ بہرحال مجبوری میں طلاق دینے کی اجازت ضرور ہے لیکن یہ فعل اللہ تعالیٰ کو پسند نہیں ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

بَابُ ۱۳۲ فِي طَلَاقِ السُّنَّةِ۔

طلاق کا مسنون طریقہ

۲۱۲ حَدَّثَنَا الْقَعْنَبِيُّ عَنْ مَالِكٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ أَنَّهُ طَلَّقَ امْرَأَتَهُ وَهِيَ حَائِضٌ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَأَلَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ ذٰلِكَ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُرْهُ فَلْيُرَاجِعْهَا ثُمَّ لْيُمْسِكْهَا حَتّٰى تَطْهُرَ ثُمَّ تَحِيضَ ثُمَّ تَطْهُرَ ثُمَّ إِنْ شَاءَ أَمْسَكَ بَعْدَ ذٰلِكَ وَإِنْ شَاءَ طَلَّقَ قَبْلَ أَنْ يَمَسَّ فَتِلْكَ الْعِدَّةُ الَّتِي أَمَرَ اللّٰهُ أَنْ تُطَلَّقَ لَهَا النِّسَاءُ۔

نافع سے روایت ہے کہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے عہد مبارک میں اپنی بیوی کو طلاق دے دی جب کہ وہ حائضہ تھیں۔ پس حضرت عمر نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے اس کے متعلق پوچھا تو رسول اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ انہیں حکم دو کہ اُس سے رجوع کر لیں اور اُسے اپنے پاس رکھیں، یہاں تک کہ پاک ہو جائے۔ پھر حیض آئے اور پاک ہو جائے۔ اس کے بعد وہ چاہیں تو طلاق دے دیں ہاتھ لگانے سے پہلے یہ وہ عدت ہے جس میں طلاق دینے کا اللہ تعالیٰ نے حکم فرمایا ہے۔

۲۱۳۔ حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ نَا اللَّيْثُ عَنْ نَافِعٍ أَنَّ ابْنَ عُمَرَ طَلَّقَ امْرَأَةً لَهُ وَهِيَ حَائِضٌ تَطْلِيقَةً بِمَعْنٰى حَدِيثِ مَالِكٍ۔

نافع سے روایت ہے کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے اپنی حائضہ بیوی کو طلاق دی۔ پھر حدیثِ مالک کی طرح معنًا بیان کی۔

www.sirat-e-mustaqeem.com

٢١٤ - حَدَّثَنَا عُثْمَانُ ابْنُ أَبِي شَيْبَةَ نَا وَكِيعٌ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ مَوْلَى آلِ طَلْحَةَ عَنْ سَالِمٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّهُ طَلَّقَ امْرَأَتَهُ وَهِيَ حَائِضٌ فَذَكَرَ ذٰلِكَ عُمَرُ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ مُرْهُ فَلْيُرَاجِعْهَا ثُمَّ لِيُطَلِّقْهَا إِذَا طَهُرَتْ أَوْ وَهِيَ حَامِلٌ۔

محمد بن عبدالرحمٰن مولیٰ آلِ طلحہ نے سالم سے روایت کی ہے کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے اپنی حائضہ بیوی کو طلاق دے دی۔ حضرت عمر نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے اس بات کا ذکر کیا تو آپ نے فرمایا کہ اس سے رجوع کرلیں، پھر پاک ہونے پر اُسے طلاق دیں یا یہ معلوم ہو جانے لگا کہ وہ حاملہ ہے۔

٢١٥ - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ نَا عَنْبَسَةُ نَا يُونُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ أَخْبَرَنِي سَالِمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ أَبِيهِ أَنَّهُ طَلَّقَ امْرَأَتَهُ وَهِيَ حَائِضٌ فَذَكَرَ ذٰلِكَ عُمَرُ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَتَغَيَّظَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ قَالَ مُرْهُ فَلْيُرَاجِعْهَا ثُمَّ لِيُمْسِكْهَا حَتّٰى تَطْهُرَ ثُمَّ تَحِيضَ فَتَطْهُرَ ثُمَّ إِنْ شَاءَ طَلَّقَهَا طَاهِرًا قَبْلَ أَنْ يَمَسَّ فَذٰلِكَ الطَّلَاقُ لِلْعِدَّةِ كَمَا أَمَرَ اللّٰهُ تَعَالٰى ذِكْرُهُ۔

سالم بن عبداللہ نے اپنے والدِ ماجد سے روایت کی ہے کہ اُنہوں نے اپنی اہلیہ محترمہ کو حیض کی حالت میں طلاق دی تو حضرت عمر نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے اس کا ذکر کیا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ناراضگی کا اظہار کرتے ہوئے فرمایا: اُن سے کہو کہ رجوع کرلیں۔ پھر اپنے پاس رکھیں، یہاں تک کہ پاک ہو جائے۔ پھر حیض آکر پاک ہو جائے۔ پھر چاہیں تو اُسے پاکی کی حالت میں طلاق دے دیں مگر ہاتھ لگانے سے پہلے۔ یہ طلاق کے لیے عدت ہے جس کا اللہ تعالیٰ نے ذکر فرمایا ہے۔

٢١٦ - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ أَنَا مَعْمَرٌ عَنْ أَيُّوبَ عَنِ ابْنِ سِيرِينَ أَخْبَرَنِي يُونُسُ بْنُ جُبَيْرٍ أَنَّهُ سَأَلَ ابْنَ عُمَرَ فَقَالَ كَمْ طَلَّقْتَ امْرَأَتَكَ فَقَالَ وَاحِدَةً۔

ابن سیرین کو یونس بن جبیر نے بتایا کہ انہوں نے حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے پوچھتے ہوئے کہا: آپ نے اپنی اہلیہ محترمہ کو کتنی طلاقیں دیں؟ انہوں نے فرمایا کہ ایک۔

٢١٧ - حَدَّثَنَا الْقَعْنَبِيُّ نَا يَزِيدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ حَدَّثَنِي يُونُسُ بْنُ جُبَيْرٍ قَالَ سَأَلْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ قَالَ قُلْتُ رَجُلٌ طَلَّقَ امْرَأَتَهُ وَهِيَ حَائِضٌ قَالَ تَعْرِفُ ابْنَ عُمَرَ قُلْتُ نَعَمْ قَالَ فَإِنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ طَلَّقَ امْرَأَتَهُ وَهِيَ حَائِضٌ فَأَتَى عُمَرُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَأَلَهُ فَقَالَ مُرْهُ فَلْيُرَاجِعْهَا ثُمَّ لِيُطَلِّقْهَا فِي قُبُلِ عِدَّتِهَا قَالَ قُلْتُ فَيُعْتَدُّ بِهَا قَالَ فَمَهْ أَرَأَيْتَ إِنْ عَجَزَ وَاسْتَحْمَقَ۔

محمد بن سیرین سے یونس بن جبیر نے کہا کہ میں پوچھتے ہوئے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی خدمت میں عرض گزار ہوا کہ ایک آدمی نے اپنی بیوی کو طلاق دی تو حضرت عمر نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر اس کے متعلق پوچھا۔ فرمایا اُن سے کہو کہ عورت کو لوٹائیں اور پھر اُسے عدت سے پہلے طلاق دیں۔ میں نے کہا کہ وہ طلاق بھی اُن میں شمار ہوگی؟ فرمایا کیوں نہیں، وہ مجبور ہو کر حماقت جو کر بیٹھا۔

٢١٨ - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ

ابن جریج کو ابو الزبیر نے بتایا کہ عبدالرحمٰن بن

أَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ أَخْبَرَنِي أَبُو الزُّبَيْرِ أَنَّهُ سَمِعَ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ ابْنَ أَيْمَنَ مَوْلَى عُرْوَةَ يَسْأَلُ ابْنَ عُمَرَ وَأَبُو الزُّبَيْرِ يَسْمَعُ قَالَ كَيْفَ تَرَى فِي رَجُلٍ طَلَّقَ امْرَأَتَهُ حَائِضًا قَالَ طَلَّقَ عَبْدُ اللهِ بْنُ عُمَرَ امْرَأَتَهُ وَهِيَ حَائِضٌ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَأَلَ عُمَرُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ إِنَّ عَبْدَ اللهِ بْنَ عُمَرَ طَلَّقَ امْرَأَتَهُ وَهِيَ حَائِضٌ قَالَ عَبْدُ اللهِ فَرَدَّهَا عَلَيَّ وَلَمْ يَرَهَا شَيْئًا وَقَالَ إِذَا طَهُرَتْ فَلْيُطَلِّقْ أَوْ لِيُمْسِكْ قَالَ ابْنُ عُمَرَ وَقَرَأَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ إِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَاءَ فَطَلِّقُوهُنَّ فِي قُبُلِ عِدَّتِهِنَّ قَالَ أَبُو دَاوُدَ رَوَى هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ عُمَرَ يُونُسُ بْنُ جُبَيْرٍ وَأَنَسُ بْنُ سِيرِينَ وَسَعِيدُ بْنُ جُبَيْرٍ وَزَيْدُ بْنُ أَسْلَمَ وَأَبُو الزُّبَيْرِ وَمَنْصُورٌ عَنْ أَبِي وَائِلٍ مَعْنَاهُمْ كُلُّهُمْ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَمَرَهُ أَنْ يُرَاجِعَهَا حَتَّى تَطْهُرَ ثُمَّ إِنْ شَاءَ طَلَّقَ وَإِنْ شَاءَ أَمْسَكَ وَكَذٰلِكَ رَوَاهُ أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ سَالِمٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ وَأَمَّا رِوَايَةُ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَالِمٍ وَنَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَمَرَهُ أَنْ يُرَاجِعَهَا حَتَّى تَطْهُرَ ثُمَّ تَحِيضَ ثُمَّ تَطْهُرَ ثُمَّ إِنْ شَاءَ طَلَّقَ أَوْ أَمْسَكَ وَرُوِيَ عَنْ عَطَاءٍ الْخُرَاسَانِيِّ عَنِ الْحَسَنِ عَنِ ابْنِ عُمَرَ نَحْوَ رِوَايَةِ نَافِعٍ وَالزُّهْرِيِّ وَالْأَحَادِيثُ كُلُّهَا عَلَى خِلَافِ مَا قَالَ أَبُو الزُّبَيْرِ۔

ایمن مولیٰ عروہ نے حضرت ابنِ عمر سے دریافت کیا اور ابوالزبیر سنتا تھا۔ کہا جو اپنی بیوی کو حیض کی حالت میں طلاق دے اُس کے متعلق آپ کا خیال کیا ہے؟ فرمایا کہ عبداللہ بن عمر نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے مبارک زمانہ میں اپنی حائضہ بیوی کو طلاق دی تو حضرت عمر نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے دریافت کیا کہ عبداللہ بن عمر نے اپنی حائضہ بیوی کو طلاق دے دی ہے۔ حضرت عبداللہ نے فرمایا کہ وہ میری طرف لوٹا گئی اور طلاق کا اعتبار نہ فرمایا، ارشاد ہوا کہ پاک ہونے پر اُسے طلاق دے یا روک لے۔ حضرت ابنِ عمر کا بیان ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے یہ آیت پڑھی: "اے نبی! جب تم عورتوں کو طلاق دو تو عدت پوری ہونے سے پہلے دو" امام ابوداؤد نے فرمایا کہ روایت کیا ہے اس کو حضرت ابنِ عمر سے یونس بن جبیر اور انس بن سیرین اور سعید بن جبیر اور زید بن اسلم اور ابوالزبیر اور منصور نے وائل سے معناً سب نے کہا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے انہیں حکم فرمایا اُسے لوٹانے کا یہاں تک کہ پاک ہو جائے۔ پھر چاہے اُسے طلاق دے دیں اور چاہے اُسے روک لیں۔ اور اسی طرح روایت کیا ہے اسے احمد بن عبدالرحمٰن نے سالم، حضرت ابنِ عمر سے۔ لیکن روایت ہے زہری، سالم، نافع، حضرت ابنِ عمر سے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے انہیں حکم دیا کہ عورت کو لوٹائیں یہاں تک کہ پاک ہو جائے۔ پھر حیض آکر پاک ہو جائے۔ اب جی چاہے تو طلاق دے دیں اور چاہے روک لیں۔ اور روایت ہے عطاء خراسانی، حسن، حضرت ابنِ عمر سے روایت نافع و زہری کے مطابق اور یہ تمام حدیثیں اُس کے خلاف ہیں۔ جو ابوالزبیر نے کہا ہے۔

بَابٌ ۱۳۳ فِي نَسْخِ الْمُرَاجَعَةِ بَعْدَ التَّطْلِيقَاتِ الثَّلَاثِ۔

تین طلاقوں کے بعد مراجعت نہیں ہو سکتی

۴۱۹- حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ هِلَالٍ أَنَّ جَعْفَرَ ابْنَ سُلَيْمَانَ حَدَّثَهُمْ عَنْ يَزِيدَ الرِّشْكِ عَنْ مُطَرِّفِ ابْنِ عَبْدِ اللهِ أَنَّ عِمْرَانَ بْنَ حُصَيْنٍ سُئِلَ عَنِ

مطرف بن عبداللہ کا بیان ہے کہ حضرت عمران بن حصین رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے اُس شخص کے متعلق پوچھا گیا جو اپنی بیوی کو طلاق دے اور پھر اُس کے ساتھ صحبت کرے مگر

www.sirat-e-mustaqeem.com

الرَّجُلِ يُطَلِّقُ امْرَأَتَهُ ثُمَّ يَقَعُ بِهَا وَلَمْ يُشْهِدْ عَلَى طَلَاقِهَا وَلَا عَلَى رَجْعَتِهَا فَقَالَ طَلَّقْتَ لِغَيْرِ سُنَّةٍ وَرَاجَعْتَ لِغَيْرِ سُنَّةٍ أَشْهِدْ عَلَى طَلَاقِهَا وَعَلَى رَجْعَتِهَا وَلَا تَعُدْ۔

۴۲۰۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَرْوَزِيُّ حَدَّثَنِي عَلِيُّ بْنُ حُسَيْنِ بْنِ وَاقِدٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ يَزِيدَ النَّحْوِيِّ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ وَالْمُطَلَّقَاتُ يَتَرَبَّصْنَ بِأَنْفُسِهِنَّ ثَلَاثَةَ قُرُوءٍ وَلَا يَحِلُّ لَهُنَّ أَنْ يَكْتُمْنَ مَا خَلَقَ اللَّهُ فِي أَرْحَامِهِنَّ الْآيَةَ وَذَلِكَ أَنَّ الرَّجُلَ كَانَ إِذَا طَلَّقَ امْرَأَتَهُ فَهُوَ أَحَقُّ بِرَجْعَتِهَا وَإِنْ طَلَّقَهَا ثَلَاثًا فَنُسِخَ ذَلِكَ فَقَالَ الطَّلَاقُ مَرَّتَانِ۔

بَابٌ ۱۳۴ فِي سُنَّةِ طَلَاقِ الْعَبْدِ۔

۴۲۱۔ حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا يَحْيَى يَعْنِي ابْنَ سَعِيدٍ نَا عَلِيُّ بْنُ الْمُبَارَكِ حَدَّثَنِي يَحْيَى ابْنُ أَبِي كَثِيرٍ أَنَّ عُمَرَ بْنَ مُعَتِّبٍ أَخْبَرَهُ أَنَّ أَبَا حَسَنٍ مَوْلَى بَنِي نَوْفَلٍ أَخْبَرَهُ أَنَّهُ اسْتَفْتَى ابْنَ عَبَّاسٍ فِي مَمْلُوكٍ كَانَتْ تَحْتَهُ مَمْلُوكَةٌ فَطَلَّقَهَا التَّطْلِيقَتَيْنِ ثُمَّ عَتَقَا بَعْدَ ذَلِكَ هَلْ يَصْلُحُ لَهُ أَنْ يَخْطُبَهَا قَالَ نَعَمْ قَضَى بِذَلِكَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔

۴۲۲۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى نَا عُثْمَانُ ابْنُ عُمَرَ أَنَا عَلِيٌّ بِإِسْنَادِهِ وَمَعْنَاهُ بِلَا إِخْبَارٍ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ بَقِيَتْ لَكَ وَاحِدَةٌ قَضَى بِهِ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔

۴۲۳۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَسْعُودٍ أَنَا أَبُو عَاصِمٍ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنْ مُظَاهِرٍ عَنِ الْقَاسِمِ ابْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ عَائِشَةَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ طَلَاقُ الْأَمَةِ تَطْلِيقَتَانِ وَقُرْؤُهَا

طلاق دیتے وقت کسی کو گواہ کیا اور نہ رجوع کرتے وقت۔ فرمایا کہ طلاق سنت کے خلاف دی اور رجعت بھی سنت کے خلاف ہوئی۔ طلاق پر گواہ بنایا کرو اور رجعت پر بھی اور اس طرح نہ کیا کرو۔

یزید نحوی نے عکرمہ سے روایت کی ہے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا: "اور طلاق والی عورتیں اپنی جانوں کو روکے رکھیں تین حیض تک اور انہیں حلال نہیں کہ اُسے چھپائیں جو اللہ نے اُن کے پیٹ میں پیدا کیا" (۲: ۲۲۸) اور یہ اس لیے ہے کہ جب آدمی اپنی بیوی کو طلاق دے بیٹھا تو وہ اس سے رجوع کرنے کا زیادہ حقدار ہے خواہ تین طلاقیں دی ہوں۔ پھر یہ اجازت منسوخ ہوگئی اور فرمایا: "طلاق دو بار تک ہے۔" (۲: ۲۲۹)

غلام کی طلاق کا مسنون طریقہ

زہیر بن حرب، یحییٰ بن سعید، علی بن مبارک، یحییٰ بن کثیر، عمر بن معتب، ابوالحسن مولیٰ بنی نوفل نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے فتویٰ پوچھا اُس غلام کے بارے میں جس کے نکاح میں ایک لونڈی تھی تو اس نے لونڈی کو دو طلاقیں دے دیں۔ اس کے بعد وہ آزاد کر دیا گیا، کیا اس عورت کے ساتھ اُسے نکاح کرنا درست ہے؟ فرمایا، ہاں کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اسی طرح فیصلہ فرمایا تھا۔

محمد بن مثنیٰ، عثمان بن عمر نے علی سے اپنی اسناد کے ساتھ معناً روایت کیا۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ اس کی ایک طلاق باقی تھی جس کا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فیصلہ فرمایا۔

قاسم بن محمد نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: "لونڈی کی طلاق دو طلاقیں ہیں اور اُس کی عدت دو حیض ہے۔" ابوعاصم، مظاہر، قاسم بن محمد، حضرت

www.sirat-e-mustaqeem.com

حَيْضَتَانِ قَالَ أَبُوعَاصِمٍ حَدَّثَنِي مُظَاهِرٌ حَدَّثَنِي الْقَاسِمُ عَنْ عَائِشَةَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ إِلَّا أَنَّهُ قَالَ وَعِدَّتُهَا حَيْضَتَانِ قَالَ أَبُودَاوُدَ وَهُوَ حَدِيثٌ مَجْهُولٌ۔

عائشہ صدیقہ نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے اسی کے مانند روایت کرتے ہوئے فرمایا:۔ اور اُس کی عدت دو حیض ہے۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ یہ حدیث مجہول ہے۔ ف

ف:۔ امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کا مذہب اسی حدیث کے مطابق ہے کہ لونڈی کو دو طلاقیں دی جائیں گی اور اُس کی عدت بھی دو حیض ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

بَابٌ ۱۳۵ فِي الطَّلَاقِ قَبْلَ النِّكَاحِ۔

نکاح سے پہلے طلاق دینا

۴۲۴۔ حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ حَدَّثَنَا هِشَامٌ ح وَنَا ابْنُ الصَّبَّاحِ نَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ عَبْدِ الصَّمَدِ قَالَا نَا مَطَرٌ الْوَرَّاقُ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا طَلَاقَ إِلَّا فِيمَا تَمْلِكُ وَلَا عِتْقَ إِلَّا فِيمَا تَمْلِكُ وَلَا بَيْعَ إِلَّا فِيمَا تَمْلِكُ زَادَ ابْنُ الصَّبَّاحِ وَلَا وَفَاءَ نَذْرٍ إِلَّا فِيمَا تَمْلِكُ۔

مسلم بن ابراہیم، ہشام۔ ابن الصباح، عبدالعزیز بن عبدالصمد، مطر الوراق، عمرو بن شعیب، اُن کے والد، اُن کے دادا جان سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ طلاق اُسی میں ہے جس کے تم مالک ہو، آزاد اسی کو کر سکتے ہیں جس کے تم مالک ہو اور تجارت اسی کی کر سکتے ہو جس کے تم مالک ہو۔ ابن الصباح نے یہ بھی فرمایا:۔ نذر اُسی سے پوری کی جا سکتی ہے جس کے تم مالک ہو۔

۴۲۵۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ أَنَا أَبُو أُسَامَةَ عَنِ الْوَلِيدِ بْنِ كَثِيرٍ حَدَّثَنِي عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ الْحَارِثِ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ بِإِسْنَادِهِ وَمَعْنَاهُ زَادَ وَمَنْ حَلَفَ عَلَى مَعْصِيَةٍ فَلَا يَمِينَ لَهُ وَمَنْ حَلَفَ عَلَى قَطِيعَةِ رَحِمٍ فَلَا يَمِينَ۔

عبدالرحمان بن حارث نے عمرو بن شعیب سے اسے اپنی اسناد کے ساتھ معناً روایت کرتے ہوئے یہ بھی کہا:۔ جو گناہ کرنے کے لیے قسم کھائے اُس کی کوئی قسم نہیں اور جو رشتہ داری توڑنے کی قسم کھائے اس کی کوئی قسم نہیں۔

۴۲۶۔ حَدَّثَنَا ابْنُ السَّرْحِ نَا ابْنُ وَهْبٍ عَنْ يَحْيَى بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَالِمٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ ابْنِ الْحَارِثِ الْمَخْزُومِيِّ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فِي هٰذَا الْخَبَرِ زَادَ وَلَا نَذْرَ إِلَّا فِيمَا ابْتُغِيَ بِهِ وَجْهُ اللّٰهِ تَعَالَى ذِكْرُهُ۔

ابن السرح، ابن وہب، یحییٰ بن عبداللہ بن سالم، عبدالرحمٰن بن حارث، عمرو بن شعیب، ان کے والد ماجد ان کے دادا جان سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ اس روایت میں یہ بھی ہے کہ نذر نہیں ہے مگر اللہ تعالیٰ کی رضا حاصل کرنے کے لیے۔

بَابٌ ۱۳۶ فِي الطَّلَاقِ عَلَى غَيْظٍ۔

غصے میں طلاق دینا

۴۲۷۔ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعْدٍ الزُّهْرِيُّ أَنَّ يَعْقُوبَ بْنَ إِبْرَاهِيمَ حَدَّثَهُمْ نَا أَبِي عَنِ ابْنِ إِسْحٰقَ عَنْ ثَوْرِ بْنِ يَزِيدَ الْحِمْصِيِّ عَنْ مُحَمَّدِ

عبیداللہ بن سعد زہری، یعقوب بن ابراہیم، اُن کے والد ماجد، ابن اسحاق، ثور بن یزید حمصی، محمد بن عبید بن ابوصالح جو ایلیا میں رہتے تھے۔ اُن کا بیان ہے

www.sirat-e-mustaqeem.com

ابْنِ عُبَيْدِ بْنِ أَبِي صَالِحٍ الَّذِي كَانَ يَسْكُنُ إِيلِيَا قَالَ خَرَجْتُ مَعَ عَدِيِّ بْنِ عَدِيٍّ الْكِنْدِيِّ حَتَّى قَدِمْنَا مَكَّةَ فَبَعَثَنِي إِلَى صَفِيَّةَ بِنْتِ شَيْبَةَ وَكَانَتْ قَدْ حَفِظَتْ مِنْ عَائِشَةَ قَالَتْ سَمِعْتُ عَائِشَةَ تَقُولُ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ لَا طَلَاقَ وَلَا عِتَاقَ فِي غِلَاقٍ قَالَ أَبُو دَاوُدَ الْغِلَاقُ أَظُنُّهُ فِي الْغَضَبِ.

کہ میں عدی بن عدی الکندی کے ساتھ نکلا، یہاں تک کہ ہم مکہ مکرمہ میں پہنچے تو وہ مجھے صفیہ بنت شیبہ کے پاس لے گئے جنہوں نے یہ حدیث حضرت عائشہ سے سن کر یاد کی تھی حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ زبردستی کی نہ طلاق ہے اور نہ آزاد کرنا۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ میرے خیال میں الغلاقُ سے غصہ مراد ہے۔ف

ف ائمہ ثلاثہ کا مذہب اسی حدیث کے مطابق ہے کہ جبری طلاق واقع نہیں ہوتی۔ لیکن دوسری احادیث کی بنا پر امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کا مذہب یہ ہے کہ جبری طلاق بھی واقع ہو جاتی ہے۔ اور انہوں نے اس قیاس سے اپنے مذہب کی تائید کرنے والی حدیثوں کو ترجیح دی ہے کہ جب ہنسی مذاق میں دی ہوئی طلاق بالاتفاق سب کے نزدیک واقع ہو جاتی ہے تو جبری طلاق کے واقع ہونے میں رکاوٹ کیا ہے!۔ باقی امام ابوداؤد رحمۃ اللہ علیہ کا الغِلَاقُ کا مطلب غصہ بتانا اُن کی اپنی تحقیق ہے۔ اس کا مطلب یہ ہوگا کہ طلاق اگر غصے میں دی جائے تو وہ بھی واقع نہیں ہوگی۔ حضرات احناف شکر اللہ تعالیٰ سعیہم کے نزدیک یہ بات درست نہیں کیونکہ اس طرح تو شاید کوئی بھی طلاق واقع نہ ہوگی۔ کیونکہ طلاق زیادہ تر غصے میں ہی دی جاتی ہے خوش ہو کر کون طلاق دیتا ہے۔

بَابٌ ١٣٧ فِي الطَّلَاقِ عَلَى الْهَزْلِ.

ہنسی مذاق میں طلاق دینا

٤٢٨۔ حَدَّثَنَا الْقَعْنَبِيُّ نَا عَبْدُ الْعَزِيزِ يَعْنِي ابْنَ مُحَمَّدٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ حَبِيبٍ عَنْ عَطَاءِ بْنِ أَبِي رَبَاحٍ عَنِ ابْنِ مَاهِكٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ ثَلَاثٌ جِدُّهُنَّ جِدٌّ وَهَزْلُهُنَّ جِدٌّ النِّكَاحُ وَالطَّلَاقُ وَالرَّجْعَةُ.

قعنبی، عبدالعزیز بن محمد، عبدالرحمٰن بن حبیب، عطاء بن ابی رباح، ابن ماہک نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ تین چیزیں واقع ہو جاتی ہیں خواہ انہیں کوئی قصداً کرے یا ہنسی مذاق میں۔ نکاح، طلاق اور رجعت۔

بَابٌ ١٣٨ بَقِيَّةِ نَسْخِ الْمُرَاجَعَةِ بَعْدَ التَّطْلِيقَاتِ الثَّلَاثِ.

تین طلاقوں کے بعد مراجعت نہ ہونے کا باقی بیان

٤٢٩۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ نَا ابْنُ جُرَيْجٍ أَخْبَرَنِي بَعْضُ بَنِي أَبِي رَافِعٍ مَوْلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ عِكْرِمَةَ مَوْلَى ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ طَلَّقَ عَبْدُ يَزِيدَ أَبُو رُكَانَةَ وَإِخْوَتِهِ أُمَّ رُكَانَةَ وَنَكَحَ امْرَأَةً مِنْ مُزَيْنَةَ فَجَاءَتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ

عکرمہ مولیٰ ابن عباس سے روایت ہے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا رکانہ اور ان کے بھائیوں کے والد یا جد حضرت عبد یزید رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضرت ام رکانہ کو طلاق دے کر مزینہ کی ایک عورت سے نکاح کر لیا۔ وہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر عرض گزار ہوئی کہ وہ میرے اتنے ہی کام

www.sirat-e-mustaqeem.com

مَا يُغْنِي عَنِّي إِلَّا كَمَا تُغْنِي هٰذِهِ الشَّعْرَةُ لِشَعْرَةٍ أَخَذَتْهَا مِنْ رَأْسِهَا فَفَرِّقْ بَيْنِي وَبَيْنَهُ فَأَخَذَتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَمِيَّةٌ فَدَعَا بِرُكَانَةَ وَإِخْوَتِهِ ثُمَّ قَالَ لِجُلَسَائِهِ أَتَرَوْنَ فُلَانًا يُشْبِهُ مِنْهُ كَذَا وَكَذَا قَالُوا نَعَمْ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِعَبْدِ يَزِيدَ طَلِّقْهَا فَفَعَلَ قَالَ رَاجِعِ امْرَأَتَكَ أُمَّ رُكَانَةَ وَإِخْوَتِهِ فَقَالَ إِنِّي طَلَّقْتُهَا ثَلَاثًا يَا رَسُولَ اللّٰهِ قَالَ لَقَدْ عَلِمْتُ رَاجِعْهَا وَتَلَا يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ إِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَاءَ فَطَلِّقُوهُنَّ لِعِدَّتِهِنَّ قَالَ أَبُو دَاوُدَ وَحَدِيثُ نَافِعِ بْنِ عُجَيْرٍ وَعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ يَزِيدَ بْنِ رُكَانَةَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ أَنَّ رُكَانَةَ طَلَّقَ امْرَأَتَهُ فَرَدَّهَا إِلَيْهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَصَحُّ لِأَنَّهُمْ وَلَدُ الرَّجُلِ وَأَهْلُهُ أَعْلَمُ بِهِ أَنَّ رُكَانَةَ إِنَّمَا طَلَّقَ امْرَأَتَهُ الْبَتَّةَ فَجَعَلَهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاحِدَةً۔

آتے ہیں جتنا یہ بال اور اس نے اپنے سر کا ایک بال پکڑ لیا لہٰذا مجھے اُن سے جدا فرما دیجئے۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی حمیت میں جوش آگیا۔ پس آپ نے رکانہ اور ان کے بھائیوں کو بلوایا۔ پھر آپ نے حاضرین سے فرمایا:۔ کیا تم دیکھتے ہو کہ فلاں فلاں اور رکانہ سے کتنے مشابہ ہیں؟ وہ عرض گزار ہوئے، ہاں۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت عبد یزید سے فرمایا:۔ اسے طلاق دے دو۔ انہوں نے ایسا ہی کیا۔ پھر فرمایا کہ اپنی بیوی یعنی رکانہ اور اُس کے بھائیوں کی والدہ سے رجوع کر لو۔ عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ! میں نے تو انہیں تین طلاقیں دے دی ہیں۔ فرمایا میں جانتا ہوں، تم اُن سے رجوع کر لو اور یہ آیت تلاوت فرمائی:۔ اے نبی! جب تم عورتوں کو طلاق دو، تو اُن کی عدت میں طلاق دیا کرو (۶۵:۱)۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ نافع بن عجیر اور عبداللہ بن علی، علی بن یزید، یزید بن رکانہ سے روایت ہے کہ حضرت رکانہ نے اپنی بیوی کو طلاق دی۔ پھر نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اُسے ان کی طرف لوٹا دیا۔ یہ حدیث زیادہ صحیح ہے کیونکہ آدمی کا بیٹا اور گھر والے زیادہ جانتے ہیں کہ حضرت رکانہ نے اپنی بیوی کو تین طلاقیں دی تھیں۔ پس نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے انہیں ایک طلاق بنا دیا۔ ف

ف۔ تین طلاقوں کا مسنون طریقہ یہ ہے کہ ہر طلاق طہر میں دی جائے۔ اس طرح تین طہر میں تین طلاقیں ہو جائیں گی۔ اگر کوئی ایک ہی دفعہ تینوں طلاقیں اکٹھی دے ڈالے تو یہ مسنون طریقے کے خلاف ہوگا۔ ایسا کرنے پر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک شخص پر ناراضگی کا اظہار کرتے ہوئے فرمایا اَيُلْعَبُ بِكِتَابِ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ وَاَنَا بَيْنَ اَظْهُرِكُمْ یعنی کیا اللہ کی کتاب سے کھیلتے ہو حالانکہ میں تمہارے سامنے موجود ہوں (نسائی) امام شافعی کے نزدیک ایسا کرنا خلافِ اولیٰ ہے۔ امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک بیک وقت تینوں طلاقیں دینا حرام و بدعت ہے۔ اس کے باوجود اہلِ حق کے چاروں آئمہ مجتہدین اور تمام علمائے دین اس پر متفق ہیں کہ اگر کوئی مسنون طریقے کے خلاف تینوں طلاقیں بیک وقت دے تو تین ہی واقع ہوں گی۔ اور وہ عورت اُس کے نکاح سے نکل جائے گی۔ اس مسئلے میں اہلِ حق کے کسی قابلِ اعتماد عالم نے اختلاف نہیں کیا۔ ہاں تیرہویں صدی میں پیدا ہونے والے ایک فرقے نے اس مسئلے میں اہلِ حق سے اختلاف کیا ہے اور وہ کہتے ہیں کہ اس طرح دی ہوئی تین طلاقوں سے ایک ہی طلاق واقع ہوگی۔ ان حضرات کا یہ طرزِ عمل محض دین میں فتنہ اٹھانا، احادیثِ مطہرہ کو اپنی خواہشات کے تحت کھلونا بنانا، اپنی بے راہ روی نبھانا اور اہلِ حق کے خلاف اپنی ڈیڑھ اینٹ کی علیحدہ مسجدِ ضرار بنانا ہے۔ اللہ تعالیٰ تمام مدعیانِ اسلام کو سچی ہدایت نصیب فرمائے۔ آمین۔

www.sirat-e-mustaqeem.com

۴۳۰۔ حَدَّثَنَا حُمَيْدُ بْنُ مَسْعَدَةَ نَا إِسْمٰعِيلُ أَنَا أَيُّوبُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ كَثِيرٍ عَنْ مُجَاهِدٍ قَالَ كُنْتُ عِنْدَ ابْنِ عَبَّاسٍ فَجَاءَهُ رَجُلٌ فَقَالَ إِنَّهُ طَلَّقَ امْرَأَتَهُ ثَلَاثًا قَالَ فَسَكَتَ حَتّٰى ظَنَنْتُ أَنَّهُ رَادُّهَا إِلَيْهِ ثُمَّ قَالَ يَنْطَلِقُ أَحَدُكُمْ فَيَرْكَبُ الْحُمُوقَةَ ثُمَّ يَقُولُ يَا ابْنَ عَبَّاسٍ يَا ابْنَ عَبَّاسٍ وَإِنَّ اللّٰهَ قَالَ وَمَنْ يَتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَهُ مَخْرَجًا وَإِنَّكَ لَمْ تَتَّقِ اللّٰهَ فَلَا أَجِدُ لَكَ مَخْرَجًا عَصَيْتَ رَبَّكَ وَبَانَتْ مِنْكَ امْرَأَتُكَ وَإِنَّ اللّٰهَ قَالَ يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ إِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَاءَ فَطَلِّقُوهُنَّ فِي قُبُلِ عِدَّتِهِنَّ قَالَ أَبُو دَاوُدَ رَوٰى هٰذَا الْحَدِيثَ حُمَيْدٌ الْأَعْرَجُ وَغَيْرُهُ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ وَرَوَاهُ شُعْبَةُ عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ وَأَيُّوبُ وَابْنُ جُرَيْجٍ جَمِيعًا عَنْ عِكْرِمَةَ بْنِ خَالِدٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ وَابْنُ جُرَيْجٍ عَنْ عَبْدِ الْحَمِيدِ بْنِ رَافِعٍ عَنْ عَطَاءٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ وَرَوَاهُ الْأَعْمَشُ عَنْ مَالِكِ بْنِ الْحَارِثِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ وَابْنُ جُرَيْجٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ كُلُّهُمْ قَالُوا فِي الطَّلَاقِ الثَّلَاثِ أَنَّهُ أَجَازَهَا قَالَ وَبَانَتْ مِنْكَ نَحْوَ حَدِيثِ إِسْمٰعِيلَ عَنْ أَيُّوبَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ كَثِيرٍ قَالَ أَبُو دَاوُدَ رَوٰى حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ أَيُّوبَ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ إِذَا قَالَ أَنْتِ طَالِقٌ ثَلَاثًا بِفَمٍ وَاحِدٍ فَهِيَ وَاحِدَةٌ وَرَوَاهُ إِسْمٰعِيلُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَيُّوبَ عَنْ عِكْرِمَةَ هٰذَا قَوْلُهُ لَمْ يَذْكُرِ ابْنَ عَبَّاسٍ وَجَعَلَهُ قَوْلَ عِكْرِمَةَ قَالَ أَبُو دَاوُدَ وَصَارَ قَوْلُ ابْنِ عَبَّاسٍ فِيمَا يَأْتِي۔

۴۳۱۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ وَمُحَمَّدُ بْنُ يَحْيٰى وَهٰذَا حَدِيثُ أَحْمَدَ قَالَا نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ

مجاہد کا بیان ہے کہ میں حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی خدمت میں موجود تھا تو ایک آدمی آکر عرض گزار ہوا کہ اس نے اپنی بیوی کو تین طلاقیں دے دی ہیں۔ آپ خاموش ہو گئے یہاں تک کہ میں نے گمان کیا کہ وہ عورت کو اس کی طرف لوٹا دیں گے۔ فرمایا تم میں سے کوئی آتا ہے تو حماقت پر سوار ہو کر، پھر کہتا ہے: اے ابن عباس! اے ابن عباس! حالانکہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: ”جو اللہ سے ڈرے تو اللہ اس کے لیے نکلنے کا راستہ پیدا فرما دیتا ہے“ (۲:۶۵/۳) جب کہ تم اللہ سے نہ ڈرے تو تمہیں راستہ کہاں سے ملے۔ تم نے اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کی لہٰذا تمہاری بیوی تم پر بائن ہو گئی۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے: ”اے نبی! جب تم عورتوں کو طلاق دو تو انہیں عدت پوری ہونے سے پہلے طلاق دینا“ (۶۵:۱)۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ روایت کیا ہے اس حدیث کو حمید اعرج، مجاہد، حضرت ابن عباس سے اور روایت کیا اسے شعبہ، عمرو بن مرہ، سعید بن جبیر نے حضرت ابن عباس سے۔ ایوب اور ابن جریج نے عکرمہ ابن خالد، سعید بن جبیر، حضرت ابن عباس سے اور ابن جریج نے عبد الحمید بن رافع، عطاء، حضرت ابن عباس سے اور روایت کیا اسے اعمش، مالک بن حارث نے حضرت ابن عباس سے اور ابن جریج، عمرو بن دینار نے حضرت ابن عباس سے۔ سب نے کہا کہ تین طلاقیں واقع ہو جاتی ہیں۔ اور فرمایا کہ وہ تم سے بائن ہو گئی۔ حدیث اسمٰعیل کے مانند ایوب نے عبد اللہ بن کثیر سے روایت کی۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ روایت کیا حماد بن زید، ایوب، عکرمہ، حضرت ابن عباس نے فرمایا: جب تم ایک ہی سانس میں تین طلاقیں دیتے ہو تو وہ ایک ہے اور روایت کیا اسے اسمٰعیل بن ابراہیم، ایوب نے عکرمہ سے ان کا قول اور حضرت ابن عباس کا ذکر نہیں کیا اور اسے عکرمہ کا قول شمار کیا۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ حضرت ابن عباس کا قول بھی اس بارے میں آتا ہے۔

احمد بن صالح اور محمد بن یحییٰ (یہ حدیث احمد ہے)، عبد الرزاق، معمر، زہری، ابوسلمہ بن عبد الرحمان اور محمد بن عبد الرحمان

www.sirat-e-mustaqeem.com

عَنْ مَعْمَرٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ أَبِي سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ وَمُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ ثَوْبَانَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِيَاسٍ أَنَّ ابْنَ عَبَّاسٍ وَأَبَا هُرَيْرَةَ وَعَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ سُئِلُوا عَنِ الْبِكْرِ يُطَلِّقُهَا زَوْجُهَا ثَلَاثًا فَكُلُّهُمْ قَالَ لَا تَحِلُّ لَهُ حَتّٰى تَنْكِحَ زَوْجًا غَيْرَهُ، قَالَ أَبُوْ دَاوُدَ وَرَوٰى مَالِكٌ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ عَنْ بُكَيْرِ بْنِ الْأَشَجِّ عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ أَبِي عَيَّاشٍ أَنَّهُ شَهِدَ هٰذِهِ الْقِصَّةَ حِيْنَ جَاءَ مُحَمَّدُ بْنُ إِيَاسِ بْنِ الْبُكَيْرِ إِلَى ابْنِ الزُّبَيْرِ وَعَاصِمِ بْنِ عُمَرَ فَسَأَلَهُمَا عَنْ ذٰلِكَ فَقَالَا اذْهَبْ إِلَى ابْنِ عَبَّاسٍ وَأَبِي هُرَيْرَةَ فَإِنِّي تَرَكْتُهُمَا عِنْدَ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا ثُمَّ سَاقَ هٰذَا الْخَبَرَ۔

بن ثوبان، محمد بن ایاس، حضرت ابن عباس، حضرت ابوہریرہ اور حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے اس کنواری عورت کے متعلق پوچھا گیا جسے اُس کے خاوند نے تین طلاقیں دے دیں۔ سب نے فرمایا کہ وہ اس کے لیے حلال نہیں ہے جب تک کہ دوسرے خاوند سے نکاح نہ کر لے۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ روایت کی مالک، یحییٰ بن سعید، بکیر بن الاشبح، معاویہ بن ابو عیاش اس واقعے کے وقت موجود تھے۔ جب کہ محمد بن ایاس بن بکیر آئے، حضرت ابن الزبیر اور حضرت عاصم بن عمر کی خدمت میں اور اُن سے اس کے متعلق پوچھا۔ دونوں نے فرمایا کہ حضرت ابن عباس اور حضرت ابوہریرہ کے پاس جاؤ کیونکہ ہم نے اُن دونوں کو حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے پاس چھوڑا ہے پھر یہ باقی حدیث بیان کی۔

۴۳۲ - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ مَرْوَانَ نَا أَبُو النُّعْمَانِ نَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ أَيُّوبَ عَنْ غَيْرِ وَاحِدٍ عَنْ طَاوُسٍ أَنَّ رَجُلًا يُقَالُ لَهُ أَبُو الصَّهْبَاءِ كَانَ كَثِيْرَ السُّؤَالِ لِابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ أَمَا عَلِمْتَ أَنَّ الرَّجُلَ كَانَ إِذَا طَلَّقَ امْرَأَتَهُ ثَلَاثًا قَبْلَ أَنْ يَدْخُلَ بِهَا جَعَلُوْهَا وَاحِدَةً عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَبِي بَكْرٍ وَصَدْرًا مِنْ إِمَارَةِ عُمَرَ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ بَلٰى كَانَ الرَّجُلُ إِذَا طَلَّقَ امْرَأَتَهُ ثَلَاثًا قَبْلَ أَنْ يَدْخُلَ بِهَا جَعَلُوْهَا وَاحِدَةً عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَبِي بَكْرٍ وَصَدْرًا مِنْ إِمَارَةِ عُمَرَ فَلَمَّا رَأَى النَّاسَ قَدْ تَتَابَعُوْا فِيْهَا قَالَ أَجِيْزُوْهُنَّ عَلَيْهِمْ۔

طاؤس سے روایت ہے کہ ابوالصہبا نامی ایک شخص نے کہا جو حضرت ابن عباس سے بہت پوچھا کرتے تھے کہ آپ جانتے ہیں کہ آدمی جب صحبت کرنے سے پہلے اپنی بیوی کو طلاق دے دیتا تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے عہدِ مبارک میں اُسے ایک ہی شمار کیا جاتا تھا۔ نیز حضرت ابوبکر کے زمانے میں اور حضرت عمر کے ابتدائی دور میں۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا کہ کیوں نہیں، آدمی جب اپنی بیوی کو اُس کے ساتھ صحبت کرنے سے پہلے طلاق دیتا تو اسے ایک ہی شمار کیا جاتا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے مبارک زمانے میں، نیز حضرت ابوبکر کے زمانے میں اور حضرت عمر کے شروع عہد میں۔ جب انہوں نے لوگوں کو زیادہ طلاقیں دیتے دیکھا تو انہیں تین ہی نافذ کرنے لگے۔ ف

ف۔ اس حدیث کے آخری الفاظ کا ترجمہ علامہ وحید الزمان خاں حیدرآبادی (المتوفی ۱۳۳۸ھ/ ۱۹۱۹ء) نے یوں کیا ہے: "جب عمر نے دیکھا لوگ بہت تین طلاق دینے لگے تو حکم کیا تینوں طلاق اُن پر نافذ کرنے کا۔" موصوف نے حدیث کے اس حصے پر یہ دل آزار اور خلافِ دین و دیانت حاشیہ لکھا ہے: "مگر یہ حکم حضرت عمر کا واجب العمل نہیں ہو سکتا۔ جب حدیث صحیح سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے عہد میں تین طلاق کا ایک ہو جانا ثابت ہے۔ اگرچہ قائل اس قول کے قلیل ہیں پر وہ لوگ اہلِ علم میں بہت جلیل ہیں۔ اتباعِ حق سب پر مقدم ہے۔" علامہ حیدرآبادی کے اس حاشیے نے اُن کے زاویۂ نظر کی بڑی حد

www.sirat-e-mustaqeem.com

تک وضاحت کردی ہے۔ اس حاشیہ کو پڑھنے سے قاری کے ذہن میں یہ چند سوالات گردش کرنے لگتے ہیں۔

۱۔ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنے دَورِ خلافت میں جب یہ حکم نافذ کیا تو یقیناً صحابۂ کرام کے مشورے سے کیا ہوگا۔ اُن چاروں حضرات کے دَور کو خلافتِ راشدہ اسی لیے کہا گیا ہے کہ وہ رشد و ہدایت کا دَور تھا۔ جس میں قرآن و سنت کے خلاف قطعاً کوئی حکم نافذ نہیں کیا تھا۔ صحابۂ کرام کے اُس اجماعی فیصلے کو ناقابلِ عمل بتانا حیران کن جسارت ہی ہے۔

۲۔ صحابۂ کرام جو حق و صداقت کے مجسمے تھے وَلَا یَخَافُوْنَ لَوْمَةَ لَآئِمٍ جن کی شان تھی۔ اُن کی موجودگی میں اگر بالفرض حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اُن حضرات کے غور و خوض اور فیصلے کے بغیر ہی یہ حکم ایک مارشل لاء آرڈیننس کی طرح نافذ کردیا ہوتا تو یقیناً کتنے ہی حضرات آپ کو برملا ٹوک دیتے کہ اے امیرالمؤمنین! آپ حدیث صحیح کے خلاف کیوں حکم دے رہے ہیں؟ کم از کم ہمارے علم میں کسی صحابی نے ایسا اعتراض نہیں کیا۔ لہٰذا بیک وقت تین طلاقیں دینے سے تینوں کا واقع ہونا صرف حضرت عمر کا حکم نہیں بلکہ صحابہ کرام کا اجماعی فیصلہ قرار پائے گا۔

۳۔ اہلِ حق کے نزدیک اجماع بھی حجت ہے اور باقی امت کے اجماع سے صحابہ کرام کا اجماع زیادہ قابلِ اتباع ہے اسے صرف حضرت عمر کا حکم بتا کر لکھنا: "یہ حکم حضرت عمر کا واجب العمل نہیں ہو سکتا" کیا صحابۂ کرام کے اجماع کا یوں ڈنکے کی چوٹ انکار کرنا اسلام میں قابلِ برداشت ہے؟

۴۔ کیا صحابۂ کرام قابلِ عمل حدیث صحیح کی مخالفت کا تصور بھی اپنے ذہنوں میں لا سکتے تھے؟

۵۔ کیا حدیث پر عمل کرنے کے مدعی حضرات سنتِ رسول کی صحابۂ کرام سے زیادہ پہچان رکھتے ہیں؟

۶۔ موصوف کا یہ لکھنا: "اتباعِ حق سب پر مقدم ہے" ایک لحاظ سے بڑی عجیب و غریب تلقین نظر آتی ہے کہ صحابۂ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم سے بڑھ کر امتِ محمدیہ میں حق کو مقدم رکھنے والا اور کون؟ لیکن شمعِ رسالت کے وہ عدیم المثال پروانے بھی علامہ صاحب کو اتباعِ حق کے مقدم رکھنے والے نظر نہ آئے۔ حالانکہ حق و صداقت کی ان منہ بولتی تصویروں کے بارے میں نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے تو یوں فرمایا ہے۔

(و) خیر امتی قرنی ثم الذین یلونهم ثم الذین یلونهم (متفق علیہ)

(ب) اصحابی امنة لامتی فاذا ذهب اصحابی اتی امتی ما یوعدون (مسلم)

(ج) لا تمس النار مسلماً رانی او رای من رانی (ترمذی)

(د) انتم الیوم خیر اهل الارض (متفق علیہ)

(ہ) اصحابی کالنجوم فبایهم اقتدیتم اهتدیتم ولکل نور (رزین)

۷۔ علامہ وحید الزمان خان صاحب نے حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے حکم کے خلاف اپنے قولِ مختار کی برتری میں لکھا ہے "اگرچہ قائل اس قول کے قلیل ہیں پر وہ لوگ علم میں بہت جلیل ہیں" مسلمانوں کا تو ہمیشہ سے یہی عقیدہ رہا ہے اور قیامت تک رہے گا کہ انبیائے کرام علیہم السلام کے بعد تمام انسانوں میں حضرت ابوبکر اور حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سب سے جلیل القدر ہیں اور جس وقت کی بات زیرِ بحث ہے اُس وقت حضرت ابوبکر وفات پا چکے تھے اور وہ بھی صحابہ کرام کے درمیان موجود نہ تھے۔ روئے زمین پر اُس وقت حضرت عمر ہی سب سے جلیل تھے۔ لیکن یہ

www.sirat-e-mustaqeem.com

علامہ موصوف کے بیان سے پتہ لگا کہ ان کے نزدیک اُس وقت علم میں حضرت عمر سے بھی جلیل حضرات موجود تھے اور وہ اس مسئلے میں حضرت عمر کے ہمنوا نہ تھے کیونکہ یہ صحیح حدیث کو چھوڑ رہے تھے، اتباعِ حق سے منہ موڑ رہے تھے اور اُنہوں نے اتباعِ حق کو مقدم رکھا تھا۔ حالانکہ حضرت عمر جیسے شمعِ رسالت کے عدیم المثال پروانے کے بارے میں خود رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے یوں فرمایا ہے :-

(ا) لوکان بعدی نبیّ لکان عمر بن الخطّاب (ترمذی)

(ب) لقد کان فیما قبلکم من الامم محدّثون فان یک فی امتی احد فانّه عمر (متفق علیہ)

(ج) ابوبکر وعمر سیّد اکھول اھل الجنۃ من الاوّلین والاٰخرین (ترمذی، ابن ماجہ)

(د) انّ اللّٰہ جعل الحقّ علیٰ لسان عمر وقلبہ (ترمذی)

(ہ) وضع الحقّ علیٰ لسان عمر (ابوداؤد)

(س) ما من نبیّ الّا لہ وزیران من اھل السّماء ووزیران من اھل الارض فامّا وزیرای من اھل السّماء فجبریٔل ومیکاییٔل وامّا وزیرای اھل الارض فابوبکر وعمر (ترمذی)

بھلا جس فاروقِ اعظم کے بارے میں حبیبِ پروردگار (جلّ جلالہٗ وصلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) نے یہ فرمایا اُن سے جلیل اُس وقت اور کون تھا؟

۸۔ موصوف نے اپنے اس حاشیے میں صحابۂ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اور خصوصاً سیدنا فاروقِ اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی تنقیص کی ہے جس کی کسی مسلمان سے توقع نہیں کی جا سکتی۔ خود سرورِ کون ومکان صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس سلسلے میں مسلمانوں کو یوں تلقین فرمائی ہے :-

(ا) اکرموا اصحابی فانّھم خیارکم (نسائی)

(ب) اللّٰہ اللّٰہ اصحابی لا تتّخذوھم غرضا من بعدی (ترمذی)

(ج) اذا رأیتم الّذین یسبّون اصحابی فقولوا لعنۃ اللّٰہ علیٰ شرّکم (ترمذی)

۹۔ یہ تو موصوف کو قبر میں جاتے ہی پتہ لگ گیا ہوگا کہ حضرات صحابۂ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اور حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ اتباعِ حق کیا کرتے تھے یا نہیں؟ نیز صحابۂ کرام صحیح حدیث پر عمل کرتے تھے یا کوئی اور؟

۱۰۔ جب صحابۂ کرام نے سنّتِ رسول اسی کو جانا کہ بیک وقت تین طلاقیں دینے سے تین ہی واقع ہوں گی تو اس کے برعکس جاننا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے خلاف چلنا اور مسلمانوں کے راستے سے ہٹنا ہے۔ چنانچہ اس سلسلے میں اللہ ربّ العزّت نے یوں فرمایا ہے :-

ومن یشاقق الرّسول من بعد ما تبیّن لہ الھدیٰ ویتّبع غیر سبیل المؤمنین نولّہ ما تولّی ونصلہ جھنّم وساءت مصیرا ۰ (۴: ۱۱۵)	اور جو رسول کا خلاف کرے بعد اس کے کہ راستہ اُس پر کھل چکا اور مسلمانوں کی راہ سے جُدا راہ چلے، ہم اُسے اُس کے حال پر چھوڑ دیں گے اُسے دوزخ میں داخل کریں گے اور کیا ہی بُری جگہ ہے پلٹنے کی۔

www.sirat-e-mustaqeem.com

۴۳۳۔ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ اَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ اَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ اَخْبَرَنِي ابْنُ طَاؤُسٍ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّ اَبَا الصَّهْبَاءِ قَالَ لِابْنِ عَبَّاسٍ اَتَعْلَمُ اَنَّمَا كَانَتِ الثَّلٰثُ تُجْعَلُ وَاحِدَةً عَلٰى عَهْدِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَبِيْ بَكْرٍ وَثَلَاثًا مِنْ اِمَارَةِ عُمَرَ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ نَعَمْ۔

ابن طاؤس نے اپنے والد ماجد سے روایت کی ہے۔ کہ ابوالصہبا نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے گزارش کی:۔ آپ جانتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے عہد مبارک میں اور حضرت ابوبکر کے دور میں نیز تین سال حضرت عمر کے عہد میں تین طلاقوں کو ایک بنا دیا جاتا؟ حضرت ابن عباس نے فرمایا، ہاں۔

بَابٌ ۱۳۹ فِيْمَا عُنِيَ بِهِ الطَّلَاقُ وَالنِّيَّاتُ۔

طلاق کا کنایہ اور نیتوں کا بیان

۴۳۴۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيْرٍ اَنَا سُفْيٰنُ حَدَّثَنِيْ يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ التَّيْمِيِّ عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ وَقَّاصٍ اللَّيْثِيِّ قَالَ سَمِعْتُ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ يَقُوْلُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّمَا الْاَعْمَالُ بِالنِّيَّةِ وَاِنَّمَا لِامْرِئٍ مَا نَوٰى فَمَنْ كَانَتْ هِجْرَتُهٗ اِلَى اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ فَهِجْرَتُهٗ اِلَى اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَمَنْ كَانَتْ هِجْرَتُهٗ لِدُنْيَا يُصِيْبُهَا اَوِ امْرَاَةٍ يَتَزَوَّجُهَا فَهِجْرَتُهٗ اِلٰى مَا هَاجَرَ اِلَيْهِ۔

علقمہ بن وقاص لیثی نے حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو فرماتے ہوئے سُنا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ اعمال کا دارومدار نیت پر ہے اور آدمی کے لیے وہی ہے جو اُس نے نیت کی۔ پس جس کی ہجرت اللہ اور اس کے رسول کے لیے ہے تو اس کی ہجرت اللہ اور اس کے رسول کے لیے شمار ہوگی اور جس کی ہجرت دنیا حاصل کرنے یا کسی عورت سے شادی کرنے کے لیے ہے تو اس کی ہجرت وہی شمار کی جائے گی جس کے لیے ہجرت کی۔

۴۳۵۔ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ السَّرْحِ وَسُلَيْمٰنُ بْنُ دَاؤُدَ قَالَا نَا ابْنُ وَهْبٍ اَخْبَرَنِيْ يُوْنُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ اَخْبَرَنِيْ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ ابْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ كَعْبٍ وَكَانَ قَائِدَ كَعْبٍ مِنْ بَنِيْهِ حِيْنَ عَمِيَ قَالَ سَمِعْتُ كَعْبَ بْنَ مَالِكٍ فَسَاقَ قِصَّتَهٗ فِيْ تَبُوْكَ قَالَ حَتّٰى اِذَا مَضَتْ اَرْبَعُوْنَ مِنَ الْخَمْسِيْنَ اِذَا رَسُوْلُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَاْتِيْ فَقَالَ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَاْمُرُكَ اَنْ تَعْتَزِلَ امْرَاَتَكَ قَالَ فَقُلْتُ اُطَلِّقُهَا اَمْ مَاذَا اَفْعَلُ قَالَ لَا بَلِ اعْتَزِلْهَا فَلَا تَقْرَبْهَا فَقُلْتُ لِامْرَاَتِي الْحَقِيْ بِاَهْلِكِ فَكُوْنِيْ عِنْدَهُمْ حَتّٰى يَقْضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى فِيْ هٰذَا الْاَمْرِ۔

ابن شہاب کو عبدالرحمٰن بن عبداللہ بن کعب بن مالک نے بتایا کہ عبدالرحمٰن بن کعب ہی حضرت کعب کے صاحبزادوں میں سے انہیں راستہ بتایا کرتے تھے جب کہ وہ نابینا ہوگئے تھے۔ اُن کا بیان ہے کہ میں نے حضرت کعب بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا کہ انھوں نے تبوک کا واقعہ بیان کرتے ہوئے فرمایا۔ جب پچاس میں سے چالیس روز گزر گئے، تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا قاصد آیا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم آپ کو حکم دیتے ہیں کہ اپنی بیوی سے علیحدہ رہیئے میں نے کہا، کیا میں اُسے طلاق دے دوں یا کیا کروں؟ کہا بس اس سے الگ رہیئے اور صحبت نہ کیجئے۔ میں نے اپنی بیوی سے کہا کہ اپنے میکے چلی جاؤ اور ان کے پاس رہو یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ اس معاملے کا فیصلہ فرمائے۔

بَابٌ ١٤٠ فِي الْخِيَارِ

٤٣٦ - حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا أَبُو عَوَانَةَ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ أَبِي الضُّحَى عَنْ مَسْرُوقٍ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ خَيَّرَنَا رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاخْتَرْنَاهُ فَلَمْ يَعُدَّ ذٰلِكَ شَيْئًا۔

عورت کو اختیار دینا

مسروق سے روایت ہے کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ہمیں اختیار دیا تو ہم نے حضور کو اختیار کر لیا۔ پس آپ نے اسے طلاق شمار نہ فرمایا۔

بَابٌ ١٤١ فِي أَمْرُكِ بِيَدِكِ

٤٣٧ - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ نَا سُلَيْمَانُ ابْنُ حَرْبٍ عَنْ حَمَّادِ بْنِ زَيْدٍ قَالَ قُلْتُ لِأَيُّوبَ هَلْ تَعْلَمُ أَحَدًا قَالَ بِقَوْلِ الْحَسَنِ فِي أَمْرُكِ بِيَدِكِ قَالَ لَا إِلَّا شَيْئٌ حَدَّثَنَاهُ قَتَادَةُ عَنْ كَثِيرٍ مَوْلَى ابْنِ سَمُرَةَ عَنْ أَبِي سَلَمَةَ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِنَحْوِهِ قَالَ أَيُّوبُ فَقَدِمَ عَلَيْنَا كَثِيرٌ فَسَأَلْتُهُ فَقَالَ مَا حَدَّثْتُ بِهٰذَا قَطُّ فَذَكَرْتُهُ لِقَتَادَةَ فَقَالَ بَلٰى وَلٰكِنَّهُ نَسِيَ۔

٤٣٨ - حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ نَا هِشَامٌ عَنْ قَتَادَةَ عَنِ الْحَسَنِ فِي أَمْرُكِ بِيَدِكِ قَالَ ثَلٰثٌ۔

کہنا کہ تیرا معاملہ تیرے ہاتھ میں ہے

حماد بن زید نے ایوب سے کہا کہ کیا آپ کے علم میں کوئی شخص ہے جس نے "تیرا معاملہ تیرے ہاتھ میں ہے" یہ حسن کا قول روایت کیا ہو؟ انھوں نے فرمایا، نہیں مگر ہم سے حدیث بیان کی قتادہ، کثیر مولیٰ ابن سمرہ، ابو سلمہ، حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے اسی طرح ایوب کا بیان ہے کہ کثیر ہمارے پاس تشریف لائے تو میں نے اُن سے پوچھا۔ فرمایا کہ میں نے یہ حدیث بیان نہیں کی۔ میں نے قتادہ سے اس کا ذکر کیا تو فرمایا۔ کیوں نہیں لیکن وہ بھول گئے ہوں گے۔

قتادہ نے حسن سے روایت کی ہے کہ تیرا معاملہ تیرے اختیار میں ہے، کہنے سے تین طلاقیں پڑیں گی۔

بَابٌ ١٤٢ فِي الْبَتَّةِ

٤٣٩ - حَدَّثَنَا ابْنُ السَّرْحِ وَإِبْرَاهِيمُ بْنُ خَالِدٍ الْكَلْبِيُّ فِي آخَرِينَ قَالُوا نَا مُحَمَّدُ بْنُ إِدْرِيسَ الشَّافِعِيُّ حَدَّثَنِي عَمِّي مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ شَافِعٍ عَنْ عُبَيْدِ اللهِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ السَّائِبِ عَنْ نَافِعِ بْنِ عُجَيْرِ بْنِ عَبْدِ يَزِيدَ بْنِ رُكَانَةَ أَنَّ رُكَانَةَ بْنَ عَبْدِ يَزِيدَ طَلَّقَ امْرَأَتَهُ سُهَيْمَةَ الْبَتَّةَ فَأُخْبِرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِذٰلِكَ وَقَالَ وَاللهِ مَا أَرَدْتُ إِلَّا وَاحِدَةً فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاللهِ مَا أَرَدْتَ إِلَّا وَاحِدَةً فَقَالَ رُكَانَةُ وَاللهِ مَا أَرَدْتُ إِلَّا وَاحِدَةً فَرَدَّهَا إِلَيْهِ

تین طلاقوں کا بیان

ابن السرح اور ابراہیم بن خالد کلبی، محمد بن ادریس شافعی اُن کے چچا جان محمد بن علی بن شافع، عبید اللہ بن علی بن سائب نافع بن عجیر بن عبد یزید بن رکانہ سے روایت ہے کہ حضرت رکانہ بن عبد یزید رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنی بیوی سہیمہ کو تین طلاقیں دے دیں۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو یہ بات بتائی گئی تو انھوں نے کہا، خدا کی قسم، میں نے ارادہ نہیں کیا مگر ایک کا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، تم خدا کی قسم کھا کر کہتے ہو کہ ایک ہی کا ارادہ کیا تھا؟ حضرت رکانہ نے کہا، خدا کی قسم، میں نے ایک کا ارادہ کیا تھا۔ پس رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اُن کی بیوی ان کی طرف

www.sirat-e-mustaqeem.com

رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَطَلَّقَهَا الثَّانِيَةَ فِي زَمَانِ عُمَرَ وَالثَّالِثَةَ فِي زَمَانِ عُثْمَانَ قَالَ أَبُوْدَاوُدَ أَوَّلُهُ لَفْظُ إِبْرَاهِيْمَ وَآخِرُهُ لَفْظُ ابْنِ السَّرْحِ۔

لوٹا دی۔ پس انہوں نے دوسری طلاق حضرت عمر کے زمانے میں اور تیسری حضرت عثمان کے زمانے میں دی۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ اس روایت کے پہلے الفاظ ابراہیم کے اور آخری ابن السرح کے ہیں۔

۴۴۰۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْنُسَ النَّسَائِيُّ أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ الزُّبَيْرِ حَدَّثَهُمْ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِدْرِيْسَ حَدَّثَنِي عَمِّي مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ عَنِ ابْنِ السَّائِبِ عَنْ نَافِعِ بْنِ عُجَيْرٍ عَنْ رُكَانَةَ بْنِ عَبْدِ يَزِيْدَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِهٰذَا الْحَدِيْثِ۔

محمد بن یونس نسائی، عبداللہ بن زبیر، محمد بن ادریس، ان کے چچا جان محمد بن علی، ابن سائب، نافع بن عجیر نے حضرت رکانہ بن عبد یزید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اسی طرح ارشاد فرمایا۔

۴۴۱۔ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ نَا جَرِيْرُ بْنُ حَازِمٍ عَنِ الزُّبَيْرِ بْنِ سَعِيْدٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ يَزِيْدَ بْنِ رُكَانَةَ عَنْ أَبِيْهِ عَنْ جَدِّهِ أَنَّهُ طَلَّقَ امْرَأَتَهُ الْبَتَّةَ فَأَتَى رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ مَا أَرَدْتَ قَالَ وَاحِدَةً قَالَ آللّٰهِ قَالَ آللّٰهِ قَالَ هُوَ عَلَى مَا أَرَدْتَ قَالَ أَبُوْدَاوُدَ وَهٰذَا أَصَحُّ مِنْ حَدِيْثِ ابْنِ جُرَيْجٍ أَنَّ رُكَانَةَ طَلَّقَ امْرَأَتَهُ ثَلَاثًا لِأَنَّهُمْ أَهْلُ بَيْتِهِ وَهُمْ أَعْلَمُ بِهِ وَحَدِيْثُ ابْنِ جُرَيْجٍ رَوَاهُ عَنْ بَعْضِ بَنِي أَبِي رَافِعٍ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ۔

عبداللہ بن علی بن یزید بن رکانہ کے والد ماجد نے ان کے جد امجد سے روایت کی ہے کہ انہوں نے اپنی بیوی کو تین طلاقیں دے دیں۔ پس رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوئے تو آپ نے فرمایا۔ تم نے کیا ارادہ کیا تھا؟ عرض گزار ہوئے کہ ایک کا۔ فرمایا کہ خدا لگتی کہتے ہو؟ عرض کی خدا لگتی کہتا ہوں۔ فرمایا کہ تمہارے ارادے کے مطابق ہو گیا۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ یہ ابن جریج کی حدیث سے زیادہ صحیح ہے کہ حضرت رکانہ نے اپنی بیوی کو تین طلاقیں دی تھیں کیونکہ گھر والوں کو زیادہ علم ہوتا ہے اور حدیث ابن جریج کو روایت کیا ہے ابو رافع کے بعض بیٹوں نے عکرمہ سے اور انہوں نے حضرت ابن عباس سے۔

بَابٌ ۴۳۳ فِي الْوَسْوَسَةِ بِالطَّلَاقِ۔

طلاق کے وسوسے کا بیان

۴۴۲۔ حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ نَا هِشَامٌ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ زُرَارَةَ بْنِ أَوْفَى عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِنَّ اللّٰهَ تَجَاوَزَ لِأُمَّتِي عَمَّا لَمْ يَتَكَلَّمْ بِهِ أَوْ تَعْمَلْ بِهِ وَبِمَا حَدَّثَتْ بِهِ أَنْفُسُهَا۔

زرارہ بن اوفیٰ نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، اللہ تعالیٰ نے میری امت سے وہ باتیں معاف فرما دی ہیں جنہیں وہ زبان سے نہ کہیں اور نہ ان کے مطابق عمل کریں بلکہ صرف دل میں خیال آیا ہو۔

بَابٌ ۴۳۴ فِي الرَّجُلِ يَقُوْلُ لِامْرَأَتِهِ يَا أُخْتِي۔

آدمی کا اپنی بیوی کو بہن کہنا

۴۴۳۔ حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ نَا حَمَّادٌ ح وَنَا أَبُوْ كَامِلٍ نَا عَبْدُ الْوَاحِدِ ح وَنَا خَالِدٌ الطَّحَّانُ الْمَعْنَى كُلُّهُمْ عَنْ خَالِدٍ عَنْ أَبِي تَمِيْمَةَ

موسیٰ بن اسمٰعیل، حماد۔ ابو کامل، عبدالواحد اور خالد طحان، خالد، ابو تمیمہ ہجیمی سے روایت ہے کہ ایک آدمی نے اپنی بیوی سے کہا: اے بہن! رسول اللہ

www.sirat-e-mustaqeem.com

الْهُجَيْمِيِّ أَنَّ رَجُلًا قَالَ لِامْرَأَتِهِ يَا أُخَيَّةُ فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أُخْتُكَ هِيَ فَكَرِهَ ذٰلِكَ وَنَهَى عَنْهُ۔

صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: تمہاری بہن یہ ہے؟ اسے ناپسند کیا اور اس سے منع فرمایا۔

۴۴۴۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الْبَزَّازُ نَا أَبُو نُعَيْمٍ نَا عَبْدُ السَّلَامِ يَعْنِي ابْنَ حَرْبٍ عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ عَنْ أَبِي تَمِيمَةَ عَنْ رَجُلٍ مِنْ قَوْمِهِ أَنَّهُ سَمِعَ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَمِعَ رَجُلًا يَقُولُ لِامْرَأَتِهِ يَا أُخَيَّةُ فَنَهَاهُ قَالَ أَبُو دَاوُدَ وَرَوَاهُ عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ الْمُخْتَارِ عَنْ خَالِدٍ عَنْ أَبِي عُثْمَانَ عَنْ أَبِي تَمِيمَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَرَوَاهُ شُعْبَةُ عَنْ خَالِدٍ عَنْ رَجُلٍ عَنْ أَبِي تَمِيمَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔

خالد حذا نے ابو تمیمہ سے روایت کیا ہے کہ ان کی قوم کے ایک آدمی کو نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے کہتے ہوئے سنا اے بہن! آپ نے اُسے منع فرمایا۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ روایت کیا ہے اسے عبدالعزیز بن مختار، خالد، ابوعثمان، ابو تمیمہ نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے اور روایت کیا اسے شعبہ، خالد، ایک آدمی، ابو تمیمہ نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے۔

۴۴۵۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى نَا عَبْدُ الْوَهَّابِ نَا هِشَامٌ عَنْ مُحَمَّدٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّ إِبْرَاهِيمَ عَلَيْهِ السَّلَامُ لَمْ يَكْذِبْ قَطُّ إِلَّا ثَلَاثًا ثِنْتَانِ فِي ذَاتِ اللهِ قَوْلُهُ إِنِّي سَقِيمٌ وَقَوْلُهُ بَلْ فَعَلَهُ كَبِيرُهُمْ هٰذَا وَبَيْنَمَا هُوَ يَسِيرُ فِي أَرْضِ جَبَّارٍ مِنَ الْجَبَابِرَةِ إِذْ نَزَلَ مَنْزِلًا فَأُتِيَ الْجَبَّارُ فَقِيلَ لَهُ إِنَّهُ نَزَلَ هٰهُنَا رَجُلٌ مَعَهُ امْرَأَةٌ هِيَ أَحْسَنُ النَّاسِ قَالَ فَأَرْسَلَ إِلَيْهِ فَسَأَلَهُ عَنْهَا فَقَالَ إِنَّهَا أُخْتِي فَلَمَّا رَجَعَ إِلَيْهَا قَالَ إِنَّ هٰذَا سَأَلَنِي عَنْكِ فَأَنْبَأْتُهُ أَنَّكِ أُخْتِي وَإِنَّهُ لَيْسَ الْيَوْمَ مُسْلِمٌ غَيْرِي وَغَيْرُكِ وَإِنَّكِ أُخْتِي فِي كِتَابِ اللهِ فَلَا تُكَذِّبِينِي عِنْدَهُ وَسَاقَ الْحَدِيثَ قَالَ أَبُو دَاوُدَ رَوَى هٰذَا الْحَدِيثَ شُعَيْبُ ابْنُ أَبِي حَمْزَةَ عَنْ أَبِي الزِّنَادِ عَنِ الْأَعْرَجِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهُ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: حضرت ابراہیم علیہ السلام نے کبھی کوئی ایسی بات ہرگز نہیں کہی جو بظاہر خلافِ واقعہ نظر آئے مگر تین مواقع پر۔ دو مرتبہ ذاتِ الٰہی کے متعلق۔ ایک جب کہ انہوں نے فرمایا: میں بیمار ہونے والا ہوں۔ دوسری مرتبہ فرمایا: بلکہ یہ اُن کے بڑے نے کیا ہوگا۔ تیسرے جب وہ ایک ظالم بادشاہ کی مملکت سے گزرتے ہوئے ایک منزل پر ٹھہرے تو کسی نے اس ظالم کو جا بتایا کہ یہاں ایک ایسا آدمی اترا ہے جس کے ساتھ بہت ہی خوبصورت عورت ہے۔ اس نے آپ کو بلایا اور حضرت سارہ کے متعلق پوچھا فرمایا وہ میری بہن ہے۔ جب واپس پہنچے تو فرمایا کہ اس کے پوچھنے پر میں نے تمہارے متعلق کہہ دیا ہے کہ وہ میری بہن ہے کیونکہ اس وقت میرے اور تمہارے سوا اور کوئی مسلمان نہیں ہے تو اللہ کی کتاب میں تم میری دینی بہن ہو۔ پس اس کے پاس تم مجھے جھوٹا نہ کرنا۔ باقی پھر حدیث بیان کی۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ روایت کیا اس واقعے کو شعیب بن ابو حمزہ، ابوالزناد، اعرج نے حضرت ابوہریرہ سے اسی طرح مرفوعاً۔

www.sirat-e-mustaqeem.com

بَابٌ ۱۲۵ فِي الظِّهَارِ۔

۲۲۲۴ ـ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَمُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ الْمَعْنَى قَالَا نَا ابْنُ إِدْرِيسَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحٰقَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ عَطَاءٍ قَالَ ابْنُ الْعَلَاءِ ابْنُ عَلْقَمَةَ بْنِ عَيَّاشٍ عَنْ سُلَيْمَانَ ابْنِ يَسَارٍ عَنْ سَلَمَةَ بْنِ صَخْرٍ قَالَ ابْنُ الْعَلَاءِ الْبَيَاضِيُّ قَالَ كُنْتُ امْرَأً أُصِيبُ مِنَ النِّسَاءِ مَا لَا يُصِيبُ غَيْرِي فَلَمَّا دَخَلَ شَهْرُ رَمَضَانَ خِفْتُ أَنْ أُصِيبَ مِنَ امْرَأَتِي شَيْئًا يُتَابَعُ بِي حَتّٰى أُصْبِحَ فَظَاهَرْتُ مِنْهَا حَتّٰى يَنْسَلِخَ شَهْرُ رَمَضَانَ فَبَيْنَا هِيَ تَخْدِمُنِي ذَاتَ لَيْلَةٍ إِذْ تَكَشَّفَ لِي مِنْهَا شَيْءٌ فَلَمْ أَلْبَثْ أَنْ نَزَوْتُ عَلَيْهَا فَلَمَّا أَصْبَحْتُ خَرَجْتُ إِلَى قَوْمِي فَأَخْبَرْتُهُمُ الْخَبَرَ وَقُلْتُ امْشُوا مَعِي إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالُوا لَا وَاللّٰهِ فَانْطَلَقْتُ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَخْبَرْتُهُ فَقَالَ أَنْتَ بِذَاكَ يَا سَلَمَةُ قُلْتُ أَنَا بِذَاكَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ مَرَّتَيْنِ وَأَنَا صَابِرٌ لِأَمْرِ اللّٰهِ فَاحْكُمْ فِيَّ بِمَا أَرَاكَ اللّٰهُ قَالَ حَرِّرْ رَقَبَةً قُلْتُ وَالَّذِي بَعَثَكَ بِالْحَقِّ مَا أَمْلِكُ رَقَبَةً غَيْرَهَا وَضَرَبْتُ صَفْحَةَ رَقَبَتِي قَالَ فَصُمْ شَهْرَيْنِ مُتَتَابِعَيْنِ قَالَ وَهَلْ أَصَبْتُ الَّذِي أَصَبْتُ إِلَّا مِنَ الصِّيَامِ قَالَ فَأَطْعِمْ وَسْقًا مِنْ تَمْرٍ بَيْنَ سِتِّينَ مِسْكِينًا قَالَ وَالَّذِي بَعَثَكَ بِالْحَقِّ لَقَدْ بِتْنَا وَحْشَيْنِ مَا لَنَا طَعَامٌ قَالَ فَانْطَلِقْ إِلَى صَاحِبِ صَدَقَةِ بَنِي زُرَيْقٍ فَلْيَدْفَعْهَا إِلَيْكَ فَأَطْعِمْ سِتِّينَ مِسْكِينًا وَسْقًا مِنْ تَمْرٍ وَكُلْ أَنْتَ وَعِيَالُكَ بَقِيَّتَهَا فَرَجَعْتُ إِلَى قَوْمِي فَقُلْتُ وَجَدْتُ عِنْدَكُمُ الضِّيقَ وَسُوءَ الرَّأْيِ وَوَجَدْتُ عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

ظہار کا بیان

سلیمان بن یسار نے سلمہ بن صخر سے روایت کی ہے کہ حضرت ابن العلاء بیاضی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا:۔

میں عورت سے اتنا وابستہ رہنے والا تھا کہ میرے سوا شاید دوسرا ایسا نہ ہو۔ جب کہ رمضان المبارک کا مہینہ آیا تو مجھے خدشہ لاحق ہوا کہ کہیں اپنی بیوی سے صحبت نہ کر بیٹھوں جس کا صبح کو نتیجہ سامنے آجائے۔ آخر کار ماہ رمضان شروع ہو گیا۔ تو ایک رات وہ میری خدمت کر رہی تھی کہ اس کے جسم کا ایک حصہ کھل گیا۔ میں اپنے آپ کو قابو نہ رکھ سکا۔ صبح ہوئی تو میں اپنی قوم کے پاس پہنچا اور انہیں یہ بات بتائی نیز ان سے کہا کہ میرے ساتھ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں چلیے۔ انہوں نے خدا کی قسم کھا کر انکار کر دیا۔ پس میں نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر یہ بات بتا دی۔ فرمایا اے سلمہ! تم نے ایسا کیا ہے؟ دو دفعہ عرض گزار ہوا کہ یا رسول اللہ! میں نے ایسا کیا ہے اور میں حکم خدا کے آگے سر تسلیم خم کرتا ہوں۔ آپ خدا داد اختیار سے جو چاہیں میرے متعلق حکم فرمائیں۔ فرمایا کہ ایک گردن آزاد کر دو۔ عرض گزار ہوا کہ قسم اس ذات کی جس نے آپ کو حق کے ساتھ مبعوث فرمایا، میں اپنے سوا کسی کی گردن کا مالک نہیں اور میں نے اپنی گردن پر ہاتھ مارا۔ فرمایا کہ متواتر دو مہینے کے روزے رکھ لو۔ عرض گزار ہوا کہ روزوں کے باعث ہی تو یہ حرکت سرزد ہوئی ہے۔ فرمایا کہ ایک وسق کھجوریں ساٹھ مسکینوں کو کھلا دو۔ عرض گزار ہوا کہ قسم اس ذات کی جس نے آپ کو حق کے ساتھ مبعوث فرمایا ہے، ہم دونوں نے فاقے میں رات گزاری ہے۔ ہمارے پاس تو اپنے کھانے کے لیے بھی نہیں ہے۔ فرمایا کہ بنی زریق کے فلاں زکوٰۃ دینے والے کے پاس جاؤ۔ وہ تمہیں کھجوریں دے گا۔ ایک وسق کھجوریں ساٹھ مسکینوں کو کھلا دینا۔ باقی خود کھا لینا۔ اور اپنے گھر والوں کو کھلا دینا۔ پس میں نے اپنی قوم کے پاس آکر ان سے کہا:۔

www.sirat-e-mustaqeem.com

السَّعَةَ وَحُسْنَ الرَّأْيِ وَقَدْ أَمَرَنِي بِصَدَقَتِكُمْ
ثَنَا ابْنُ الْعَلَاءِ قَالَ ابْنُ إِدْرِيسَ وَبَيَاضَةُ بَطْنٌ
مِنْ بَنِي زُرَيْقٍ۔

میں نے آپ حضرات کے پاس تنگی اور بدظنی ہی دیکھی جبکہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پاس وسعت اور حسنِ ظن ہی دیکھا نیز حضور نے مجھے آپ کی زکوٰۃ کا حکم فرمایا ہے۔ ابن العلاء نے یہ بھی کہا کہ ابن ادریس کا قول ہے:۔ بیاضہ ایک شاخ ہے بنی زریق کی۔

۲۲۴۷۔ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ نَا يَحْيَى بْنُ
آدَمَ نَا ابْنُ إِدْرِيسَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحٰقَ عَنْ
مَعْمَرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ حَنْظَلَةَ عَنْ يُوسُفَ بْنِ
عَبْدِ اللهِ بْنِ سَلَامٍ عَنْ خُوَيْلَةَ بِنْتِ مَالِكِ بْنِ
ثَعْلَبَةَ قَالَتْ ظَاهَرَ مِنِّي زَوْجِي أَوْسُ بْنُ الصَّامِتِ
فَجِئْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَشْكُو
إِلَيْهِ وَرَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُجَادِلُنِي
فِيهِ وَيَقُولُ اتَّقِي اللهَ فَإِنَّهُ ابْنُ عَمِّكِ فَمَا بَرِحْتُ
حَتّٰى نَزَلَ الْقُرْاٰنُ قَدْ سَمِعَ اللهُ قَوْلَ الَّتِي تُجَادِلُكَ
فِي زَوْجِهَا إِلَى الْفَرْضِ فَقَالَ يُعْتِقُ رَقَبَةً قَالَتْ
لَا يَجِدُ قَالَ فَيَصُومُ شَهْرَيْنِ مُتَتَابِعَيْنِ قَالَتْ
يَا رَسُولَ اللهِ إِنَّهُ شَيْخٌ كَبِيرٌ مَا بِهِ مِنْ صِيَامٍ
قَالَ فَلْيُطْعِمْ سِتِّينَ مِسْكِينًا قَالَتْ مَا عِنْدَهُ
مِنْ شَيْءٍ يَتَصَدَّقُ بِهِ قَالَتْ فَأُتِيَ سَاعَتَئِذٍ
بِعَرَقٍ مِنْ تَمْرٍ قُلْتُ يَا رَسُولَ اللهِ فَإِنِّي أُعِينُهُ
بِعَرَقٍ آخَرَ قَالَ قَدْ أَحْسَنْتِ اذْهَبِي فَأَطْعِمِي
بِهَا عَنْهُ سِتِّينَ مِسْكِينًا وَارْجِعِي إِلَى ابْنِ عَمِّكِ
قَالَ وَالْعَرَقُ سِتُّونَ صَاعًا قَالَ أَبُو دَاوُدَ هٰذَا
إِنَّمَا كَفَّرَتْ عَنْهُ مِنْ غَيْرِ أَنْ تَسْتَأْمِرَهُ۔

حضرت خویلہ بنت مالک بن ثعلبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے

روایت ہے کہ میرے خاوند حضرت اوس بن صامت رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے مجھ سے ظہار کیا۔ میں اُن کی شکایت کرنے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوگئی تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اُن کی حمایت میں مجھ سے جھگڑنے لگے اور فرمایا کہ اللہ سے ڈرو کیونکہ وہ تمہارا چچازاد بھائی بھی ہے۔ میں اُسی جگہ تھی کہ وحی نازل ہوگئی: "اللہ نے اس عورت کی بات سن لی جو تم سے اپنے خاوند کے بارے میں جھگڑتی ہے۔" (۱:۵۸) فرمایا کہ ایک گردن آزاد کردو۔ عرض گزار ہوئیں کہ یہ توفیق تو نہیں ہے۔ فرمایا تو متواتر دو مہینے کے روزے رکھ لو۔ عرض کی یا رسول اللہ! وہ تو بہت بوڑھے ہیں، روزے نہیں رکھ سکیں گے فرمایا تو ساٹھ مسکینوں کو کھانا کھلا دو۔ عرض گزار ہوئیں کہ ہمارے پاس تو کسی کو دینے کے لیے کچھ بھی نہیں۔ ان کا بیان ہے کہ تھوڑی دیر بعد عرق کھجوریں آپ کی خدمت میں پیش کی گئیں۔ میں عرض گزار ہوئی کہ یا رسول اللہ! ایک عرق کے ساتھ میں ان کی مدد کر دوں گی۔ فرمایا تم نے اچھا کیا انہیں بھی لے جاؤ اور اُن کی طرف سے ساٹھ مسکینوں کو کھلاؤ اور اپنے چچازاد بھائی کی طرف لوٹ جاؤ۔ کہا جاتا ہے ایک عرق ساٹھ صاع کا ہوتا ہے۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ انہوں نے اپنے خاوند کی اجازت کے بغیر کفارہ ادا کر دیا۔

۲۲۴۸۔ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ نَا عَبْدُ الْعَزِيزِ
ابْنُ يَحْيَى نَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ عَنِ ابْنِ إِسْحٰقَ
بِهٰذَا الْإِسْنَادِ نَحْوَهُ إِلَّا أَنَّهُ قَالَ وَالْعَرَقُ مِكْتَلٌ
يَسَعُ ثَلَاثِينَ صَاعًا قَالَ أَبُو دَاوُدَ وَهٰذَا أَصَحُّ
مِنْ حَدِيثِ يَحْيَى بْنِ آدَمَ۔

محمد بن سلمہ نے ابنِ اسحاق سے اپنی اسناد کے ساتھ اُسی طرح روایت کی مگر یہ بھی کہا کہ عرق ایک پیمانہ ہوتا ہے جس میں تیس صاع آتے ہیں۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ حدیثِ یحییٰ بن آدم سے یہ حدیث زیادہ صحیح ہے۔

www.sirat-e-mustaqeem.com

۴۴۹ - حدثنا موسى بن اسمٰعيل نا ابان نا يحيى عن ابي سلمة بن عبد الرحمن قال يعني العرق زنبيلا يأخذ خمسة عشر صاعا۔

یحییٰ سے روایت ہے کہ ابو سلمہ بن عبدالرحمٰن نے فرمایا کہ عرق ایک زنبیل ہوتی ہے جس میں پندرہ صاع چیز آتی ہے۔

۴۵۰ - حدثنا ابن السرح نا ابن وهب اخبرني ابن لهيعة وعمرو بن الحارث عن بكير بن الاشج عن سليمان بن يسار بهذا الخبر قال فأتي رسول الله صلى الله عليه وسلم بتمر فأعطاه اياه وهو قريب من خمسة عشر صاعا قال تصدق بهذا قال يا رسول الله على افقر مني ومن اهلي فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم كله انت واهلك قال ابو داؤد قرأت على محمد بن وزير المصري قلت له حدثكم بشر بن بكر نا الاوزاعي نا عطاء عن اوس اخي عبادة بن الصامت ان النبي صلى الله عليه وسلم اعطاه خمسة عشر صاعا من شعير اطعام ستين مسكينا قال ابو داؤد وعطاء لم يدرك اوسا وهو من اهل بدر قديم الموت والحديث مرسل۔

بکیر بن اشجع نے سلیمان بن یسار سے اس حدیث کو روایت کرتے ہوئے یہ بھی کہا ہے پس رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں کھجوریں پیش ہوئیں تو آپ نے انہیں عطا فرما دیں، جو پندرہ صاع کے قریب تھیں اور فرمایا کہ انہیں خیرات کر دو۔ عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ انہیں دوں جو مجھ سے اور میرے گھر والوں سے زیادہ تنگ دست ہو۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم اور تمہارے گھر والے کھا لیں۔ امام ابو داؤد نے فرمایا کہ میں نے یہ حدیث محمد بن وزیر مصری کے سامنے پڑھی ہیں نے اُن سے کہا کہ آپ کو حدیث سنائی بشر بن بکر، اوزاعی، عطاء، حضرت اوس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے مرفوعاً جو حضرت عبادہ بن صامت کے بھائی ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے انہیں پندرہ صاع جو عطا فرمائے ساٹھ مسکینوں کو کھلانے کے لیے۔ امام ابو داؤد نے فرمایا کہ عطاء نے حضرت اوس کو نہ پایا، وہ بدری تھے جن کی پہلے ہی وفات ہو چکی تھی۔ لہٰذا یہ حدیث مرسل ہے۔

۴۵۱ - حدثنا موسى بن اسمٰعيل نا حماد عن هشام بن عروة ان خولة كانت تحت اوس بن الصامت وكان رجلا به لمم فكان اذا اشتد لممه ظاهر من امرأته فانزل الله عز وجل فيه كفارة الظهار۔

ہشام بن عروہ سے روایت ہے کہ حضرت اوس بن صامت کے نکاح میں حضرت خولہ تھیں۔ حضرت اوس کو جنون کی بیماری تھی۔ جب مرض نے شدت اختیار کی تو انہوں نے اپنی بیوی سے ظہار کر لیا۔ پس اللہ تعالیٰ نے ظہار کا کفارہ نازل فرمایا۔

۴۵۲ - حدثنا هارون بن عبد الله نا محمد بن الفضل نا حماد بن سلمة عن هشام بن عروة عن عروة عن عائشة رضي الله عنها مثله۔

ہارون بن عبداللہ، محمد بن فضل، حماد بن سلمہ، ہشام بن عروہ، عروہ نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے اسی طرح روایت کی ہے۔

www.sirat-e-mustaqeem.com

۴۵۳۔ حَدَّثَنَا إِسْحٰقُ بْنُ إِسْمٰعِيلَ الطَّالَقَانِيُّ نَا سُفْيَانُ نَا الْحَكَمُ بْنُ أَبَانَ عَنْ عِكْرِمَةَ أَنَّ رَجُلًا ظَاهَرَ مِنِ امْرَأَتِهِ ثُمَّ وَاقَعَهَا قَبْلَ أَنْ يُكَفِّرَ فَأَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَخْبَرَهُ فَقَالَ مَا حَمَلَكَ عَلٰى مَا صَنَعْتَ قَالَ رَأَيْتُ بَيَاضَ سَاقَيْهَا فِي الْقَمَرِ قَالَ فَاعْتَزِلْهَا حَتّٰى تُكَفِّرَ عَنْكَ۔

حکم بن ابان نے عکرمہ سے روایت کی ہے کہ ایک آدمی نے اپنی بیوی سے ظہار کیا اور پھر کفارہ دینے سے پہلے اس کے ساتھ صحبت کر لی پس وہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوا اور یہ بات آپ کو بتائی۔ فرمایا کہ ایسا کرنے پر تمہیں کس چیز نے آمادہ کیا؟ عرض کیا کہ میں نے چاندنی رات میں اس کی پنڈلیوں کی سفیدی دیکھی۔ فرمایا کہ کفارہ ادا کرنے تک اُسے اپنے سے علیحدہ رکھو۔

۴۵۴۔ حَدَّثَنَا زِيَادُ بْنُ أَيُّوبَ نَا إِسْمٰعِيلُ نَا الْحَكَمُ بْنُ أَبَانَ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهُ وَلَمْ يَذْكُرِ السَّاقَ۔

عکرمہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ پھر اسی طرح روایت کی اور آگے کچھ نہ کہا۔

۴۵۵۔ حَدَّثَنَا أَبُو كَامِلٍ أَنَّ عَبْدَ الْعَزِيزِ بْنَ الْمُخْتَارِ حَدَّثَهُمْ نَا خَالِدٌ حَدَّثَنِي مُحَدِّثٌ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَ حَدِيثِ سُفْيَانَ قَالَ أَبُو دَاوُدَ وَسَمِعْتُ مُحَمَّدَ بْنَ عِيسٰى يُحَدِّثُ بِهِ نَا الْمُعْتَمِرُ قَالَ سَمِعْتُ الْحَكَمَ بْنَ أَبَانَ يُحَدِّثُ بِهٰذَا الْحَدِيثِ وَلَمْ يَذْكُرِ ابْنَ عَبَّاسٍ قَالَ أَبُو دَاوُدَ كَتَبَ إِلَيَّ الْحُسَيْنُ بْنُ حُرَيْثٍ قَالَ أَنَا الْفَضْلُ بْنُ مُوسٰى عَنْ مَعْمَرٍ عَنِ الْحَكَمِ بْنِ أَبَانَ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ بِمَعْنَاهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔

محدث نے عکرمہ سے حدیث سفیان کی طرح مرسلاً روایت کی ہے۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ میں نے محمد بن عیسیٰ کو یہ حدیث معتمر سے روایت کرتے سنا۔ انہوں نے فرمایا کہ میں نے حکم بن ابان کو یہ حدیث بیان کرتے ہوئے سنا، لیکن حضرت ابن عباس کا ذکر نہیں کیا۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ حسین بن حریث نے میری طرف لکھتے ہوئے فرمایا، فضل بن موسیٰ، معمر، حکم بن ابان، عکرمہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے اسے معناً روایت کیا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔

بَابٌ ۴۴۶ فِي الْخُلْعِ۔

خلع کا بیان

۴۵۶۔ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ نَا حَمَّادٌ عَنْ أَيُّوبَ عَنْ أَبِي قِلَابَةَ عَنْ أَبِي أَسْمَاءَ عَنْ ثَوْبَانَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَيُّمَا امْرَأَةٍ سَأَلَتْ زَوْجَهَا طَلَاقًا فِي غَيْرِ مَا بَأْسٍ فَحَرَامٌ عَلَيْهَا رَائِحَةُ الْجَنَّةِ۔

ابو اسماء نے حضرت ثوبان رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جو عورت بغیر کسی مجبوری کے اپنے خاوند سے طلاق مانگے اس پر جنت کی خوشبو بھی حرام ہو جاتی ہے۔

۴۵۷۔ حَدَّثَنَا الْقَعْنَبِيُّ عَنْ مَالِكٍ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ عَنْ عَمْرَةَ بِنْتِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ سَعْدِ بْنِ زُرَارَةَ أَنَّهَا أَخْبَرَتْهُ عَنْ حَبِيبَةَ بِنْتِ

عمرہ بنت عبدالرحمن بن سعید بن زرارہ کو حضرت حبیبہ بنت سہل انصاریہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے بتایا کہ وہ حضرت ثابت بن قیس بن شماس کے نکاح میں تھیں، چنانچہ صبح

www.sirat-e-mustaqeem.com

سَهْلٍ الْأَنْصَارِيَّةِ أَنَّهَا كَانَتْ تَحْتَ ثَابِتِ بْنِ قَيْسِ بْنِ شَمَّاسٍ وَأَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ إِلَى الصُّبْحِ فَوَجَدَ حَبِيبَةَ بِنْتَ سَهْلٍ عِنْدَ بَابِهِ فِي الْغَلَسِ فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ هٰذِهِ؟ فَقَالَتْ أَنَا حَبِيبَةُ بِنْتُ سَهْلٍ قَالَ مَا شَأْنُكِ قَالَتْ لَا أَنَا وَلَا ثَابِتُ ابْنُ قَيْسٍ لِزَوْجِهَا فَلَمَّا جَاءَ ثَابِتُ بْنُ قَيْسٍ قَالَ لَهُ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هٰذِهِ حَبِيبَةُ بِنْتُ سَهْلٍ فَذَكَرَتْ مَا شَاءَ اللهُ أَنْ تَذْكُرَ وَقَالَتْ حَبِيبَةُ يَا رَسُولَ اللهِ كُلُّ مَا أَعْطَانِي عِنْدِي فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِثَابِتِ بْنِ قَيْسٍ خُذْ مِنْهَا فَأَخَذَ مِنْهَا وَجَلَسَتْ فِي أَهْلِهَا۔

کے وقت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم باہر تشریف لائے تو حبیبہ بنت سہل کو اندھیرے میں اپنے دروازے پر پایا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ کون ہے؟ عرض گزار ہوئیں کہ میں حبیبہ بنت سہل ہوں۔ فرمایا کہ تمہارا کیا حال ہے؟ عرض کی کہ میں نہیں یا حضرت ثابت بن قیس نہیں یعنی اُن کا خاوند۔ جب حضرت ثابت بن قیس آئے تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اُن سے فرمایا۔ یہ حبیبہ بنت سہل ہیں۔ انہوں نے ذکر کیا جو اللہ تعالیٰ نے چاہا۔ حضرت حبیبہ عرض گزار ہوئیں کہ یا رسول اللہ! جو کچھ مجھے دیا گیا وہ میرے پاس ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت ثابت بن قیس سے فرمایا۔ اس میں سے لے لو۔ پس انہوں نے اُن سے لے لیا اور وہ اپنے میکے میں جا بیٹھیں۔

۲۲۵۸۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَعْمَرٍ نَا أَبُو عَامِرٍ عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ عَمْرٍو نَا أَبُو عَمْرٍو السَّدُوسِيُّ الْمَدِينِيُّ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ أَبِي بَكْرِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ حَزْمٍ عَنْ عَائِشَةَ أَنَّ حَبِيبَةَ بِنْتَ سَهْلٍ كَانَتْ عِنْدَ ثَابِتِ بْنِ قَيْسِ بْنِ شَمَّاسٍ فَضَرَبَهَا فَكَسَرَ نُغْضَهَا فَأَتَتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعْدَ الصُّبْحِ فَاشْتَكَتْهُ إِلَيْهِ فَدَعَا النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَابِتًا فَقَالَ خُذْ بَعْضَ مَالِهَا وَفَارِقْهَا فَقَالَ وَيَصْلُحُ ذٰلِكَ يَا رَسُولَ اللهِ قَالَ نَعَمْ قَالَ فَإِنِّي أَصْدَقْتُهَا حَدِيقَتَيْنِ وَهُمَا بِيَدِهَا فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خُذْهُمَا فَفَارِقْهَا فَفَعَلَ۔

محمد بن معمر، ابو عامر عبد الملک بن عمرو، ابو عمرو سدوسی مدنی، عبد اللہ بن ابوبکر بن محمد بن حزم، عمرہ بنت عبد الرحمن نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کی ہے کہ حبیبہ بنت سہل جو ثابت بن قیس بن شماس کے نکاح میں تھیں انہیں انہوں نے پیٹا اور ان کا کوئی عضو توڑ دیا۔ پس وہ صبح کے بعد نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوئیں اور آپ سے شکایت کی۔ پس نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت ثابت کو بُلا کر فرمایا۔ ان کے مال سے کچھ لے لو اور اُنہیں جدا کر دو۔ عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ! کیا یہی مناسب ہے؟ فرمایا ہاں۔ عرض کی کہ میں نے انہیں دو باغیچے دیئے تھے جو ان کے قبضے میں ہیں۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ وہ دونوں لے لو اور انہیں چھوڑ دو۔ پس انہوں نے ایسا ہی کیا۔

۲۲۵۹۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحِيمِ الْبَزَّازُ نَا عَلِيُّ بْنُ بَحْرٍ الْقَطَّانُ

محمد بن عبد الرحیم بزاز، علی بن بحر القطان، ہشام بن یوسف معمر، عمرو بن مسلم، عکرمہ نے حضرت ابن عباس سے روایت

www.sirat-e-mustaqeem.com

نَا هِشَامُ بْنُ يُوسُفَ عَنْ مَعْمَرٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ امْرَأَةَ ثَابِتِ بْنِ قَيْسٍ اخْتَلَعَتْ مِنْهُ فَجَعَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِدَّتَهَا حَيْضَةً قَالَ أَبُو دَاوُدَ وَهَذَا الْحَدِيثُ رَوَاهُ عَبْدُ الرَّزَّاقِ عَنْ مَعْمَرٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُرْسَلًا۔

کی ہے کہ حضرت ثابت بن قیس سے اُن کی بیوی نے خلع کروایا تو نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اُن کی عدت ایک حیض مقرر فرمائی۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ اس حدیث کو روایت کیا ہے عبدالرزاق، معمر، عمرو بن مسلم، عکرمہ نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے مرسلاً۔

۴۶۰۔ حَدَّثَنَا الْقَعْنَبِيُّ عَنْ مَالِكٍ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ عِدَّةُ الْمُخْتَلِعَةِ حَيْضَةٌ۔

نافع سے روایت ہے کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا۔ خلع والی کی عدت ایک حیض ہے۔

www.sirat-e-mustaqeem.com

پارہ ــــــ ۱۴

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے

بَابُ ۱۲۷ فِي الْمَمْلُوكَةِ تُعْتَقُ وَهِيَ تَحْتَ حُرٍّ أَوْ عَبْدٍ۔

لونڈی کا آزاد ہونا جو آزاد یا غلام کے قبضے میں تھی

۴۶۱۔ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْمٰعِيلَ نَا حَمَّادٌ عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ مُغِيثًا كَانَ عَبْدًا فَقَالَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ اشْفَعْ لِي إِلَيْهَا قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا بَرِيرَةُ اتَّقِي اللّٰهَ فَإِنَّهُ زَوْجُكِ وَأَبُو وَلَدِكِ فَقَالَتْ يَا رَسُولَ اللّٰهِ أَتَأْمُرُنِي بِذٰلِكَ قَالَ لَا إِنَّمَا أَنَا شَافِعٌ فَكَانَ دُمُوعُهُ تَسِيلُ عَلٰى خَدِّهِ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِلْعَبَّاسِ أَلَا تَعْجَبُ مِنْ حُبِّ مُغِيثٍ بَرِيرَةَ وَبُغْضِهَا إِيَّاهُ۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ مغیث غلام عرض گزار ہوا۔ یا رسول اللہ! عورت کے پاس میری سفارش فرمائیے۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا اے بریرہ! اللہ سے ڈرو کیونکہ وہ تمہارا خاوند اور تمہارے لڑکے کا باپ ہے۔ عرض گزار ہوئیں کہ یا رسول اللہ! اس بات کا آپ مجھے حکم فرما رہے ہیں؟ فرمایا نہیں بلکہ میں تو سفارش کر رہا ہوں، اس (مغیث) کے آنسو رخساروں پر بہہ رہے تھے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت عباس سے فرمایا۔ کیا مغیث کی بریرہ سے محبت اور اس کی اس سے نفرت تمہیں حیران نہیں کرتی؟

۴۶۲۔ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ نَا عَفَّانُ نَا هَمَّامٌ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ زَوْجَ بَرِيرَةَ كَانَ عَبْدًا أَسْوَدَ يُسَمّٰى مُغِيثًا فَخَيَّرَهَا يَعْنِي النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَمَرَهَا أَنْ تَعْتَدَّ۔

عکرمہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ بریرہ کا خاوند مغیث نامی ایک کالے رنگ کا غلام تھا۔ پس نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس (بریرہ) کو اختیار دیا اور اسے عدت پوری کرنے کا حکم فرمایا۔

۴۶۳۔ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ ابْنُ أَبِي شَيْبَةَ نَا جَرِيرٌ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَائِشَةَ فِي قِصَّةِ بَرِيرَةَ قَالَتْ كَانَ زَوْجُهَا عَبْدًا فَخَيَّرَهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاخْتَارَتْ نَفْسَهَا وَلَوْ كَانَ حُرًّا لَمْ يُخَيِّرْهَا۔

ہشام بن عروہ نے اپنے والد ماجد سے روایت کی ہے کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے واقعۂ بریرہ کے بارے میں فرمایا کہ اس کا خاوند غلام تھا پس نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس (بریرہ) کو اختیار دیا تو اس نے نکاح سے آزاد رہنے کا فیصلہ کیا۔ اگر وہ (مغیث) آزاد ہوتا تو عورت کو اختیار

۴۶۴۔ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ ابْنُ أَبِي شَيْبَةَ نَا حُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ وَالْوَلِيدُ بْنُ عُقْبَةَ عَنْ زَائِدَةَ

عثمان بن ابو شیبہ، حسین بن علی اور ولید بن عقبہ، زائدہ، سماک، عبد الرحمٰن بن قاسم ان کے والد ماجد حضرت عائشہ صدیقہ

www.sirat-e-mustaqeem.com

عَنْ سِمَاكٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْقَاسِمِ عَنْ أَبِيْهِ عَنْ عَائِشَةَ أَنَّ بَرِيْرَةَ خَيَّرَهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَكَانَ زَوْجُهَا عَبْدًا۔

رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا کہ بریرہ کو نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اختیار دیا اور اس کا خاوند غلام تھا۔

بابـ۱۲۸ مَنْ قَالَ كَانَ حُرًّا۔

جس نے اسے آزاد کہا ہے

۴۶۵۔ حَدَّثَنَا ابْنُ كَثِيْرٍ أَنَا سُفْيَانُ عَنْ مَنْصُوْرٍ عَنْ إِبْرَاهِيْمَ عَنِ الْأَسْوَدِ عَنْ عَائِشَةَ أَنَّ زَوْجَ بَرِيْرَةَ كَانَ حُرًّا حِيْنَ أُعْتِقَتْ وَأَنَّهَا خُيِّرَتْ فَقَالَتْ مَا أُحِبُّ أَنْ أَكُوْنَ مَعَهُ وَأَنَّ لِيْ كَذَا وَكَذَا۔

اسود نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کی ہے کہ بریرہ کو جب آزاد کیا گیا تو اس کا خاوند آزاد تھا۔ عورت کو اختیار دیا گیا تو اس نے کہا۔ میں اس کے ساتھ رہنا پسند نہیں کرتی اگرچہ میرا اس قدر مال ہے۔

بابـ۱۲۹ حَتّٰى مَتٰى يَكُوْنُ لَهَا الْخِيَارُ۔

عورت کے لیے کب تک اختیار ہے

۴۶۶۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ يَحْيَى الْحَرَّانِيُّ حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدٌ يَعْنِي ابْنَ سَلَمَةَ عَنْ مُحَمَّدِ ابْنِ إِسْحٰقَ عَنْ أَبِيْ جَعْفَرٍ وَعَنْ أَبَانَ بْنِ صَالِحٍ عَنْ مُجَاهِدٍ وَعَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ أَبِيْهِ عَنْ عَائِشَةَ أَنَّ بَرِيْرَةَ أُعْتِقَتْ وَهِيَ عِنْدَ مُغِيْثٍ عَبْدٍ لِآلِ أَبِيْ أَحْمَدَ فَخَيَّرَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَالَ لَهَا إِنْ قَرِبَكِ فَلَا خِيَارَ لَكِ۔

عبدالعزیز بن یحییٰ حرانی، محمد بن سلمہ، محمد بن اسحاق، ابوجعفر، ابان بن صالح، مجاہد، ہشام بن عروہ، ان کے والد ماجد نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کی ہے کہ بریرہ کو جب آزاد کیا گیا تو وہ مغیث کے نکاح میں تھی جو آلِ ابواحمد کا غلام تھا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس (بریرہ) کو اختیار دیتے ہوئے فرمایا کہ اگر تم اس کے پاس رہیں تو پھر تمہیں اختیار نہیں رہے گا۔

ف۔ بریرہ اور اس کا خاوند دونوں آلِ ابواحمد کے مملوک تھے۔ ان کے خاوند کا نام مغیث تھا۔ اُسے اپنی بیوی سے بہت محبت تھی۔ جب بریرہ آزاد ہوئی تو نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اُسے اختیار دیا کہ چاہے اپنے خاوند کے سابقہ نکاح میں رہے اور چاہے اُسے فسخ کردے۔ یہی مذہب ہے ائمہ اربعہ کا۔ بریرہ نے علیحدگی اختیار کی اور اس فیصلے پر مغیث زاروقطار رویا جیسا کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے۔ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے نزدیک بھی مغیث غلام تھا لیکن اُن سے ایک روایت آئی ہے جس میں مغیث کو آزاد بتایا گیا ہے۔ اگر لونڈی کسی آزاد کے نکاح میں ہو تو آزاد ہونے پر اُسے نکاح باقی رکھنے کا اختیار نہ ہوگا۔ لیکن امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک اس صورت میں بھی اُسے اختیار ہوگا۔ چونکہ بریرہ کو اختیار دیا گیا تھا اور مغیث کے آزاد اور غلام ہونے کے متعلق دونوں قسم کی روایتیں موجود ہیں۔ لہٰذا امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کا مذہب ثابت ہوگیا کہ لونڈی خواہ آزاد کے نکاح میں ہو تب بھی آزاد ہونے پر اُسے اختیار ہوگا۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

www.sirat-e-mustaqeem.com

بَابٌ فِي الْمَمْلُوكَيْنِ يُعْتَقَانِ مَعًا هَلْ تُخَيَّرُ امْرَأَتُهُ.

۴۶۷- حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ وَنَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ قَالَ زُهَيْرٌ نَا عُبَيْدُ اللهِ بْنُ عَبْدِ الْمَجِيدِ نَا عُبَيْدُ اللهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ مَوْهَبٍ عَنِ الْقَاسِمِ عَنْ عَائِشَةَ أَنَّهَا أَرَادَتْ أَنْ تُعْتِقَ مَمْلُوكَيْنِ لَهَا زَوْجٌ قَالَ فَسَأَلَتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَمَرَهَا أَنْ تَبْدَأَ بِالرَّجُلِ قَبْلَ الْمَرْأَةِ قَالَ نَصْرٌ أَخْبَرَنِي أَبُو عَلِيٍّ الْحَنَفِيُّ عَنْ عُبَيْدِ اللهِ.

میاں بیوی دونوں اکٹھے آزاد ہوں تو کیا عورت کو اختیار ہوگا

قاسم بن محمد نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کی ہے کہ انہوں نے اپنے ایک غلام اور ایک لونڈی کو آزاد کرنے کا ارادہ فرمایا جو آپس میں میاں بیوی تھے۔ ان کا بیان ہے کہ میں نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے دریافت کیا تو آپ نے انہیں عورت سے پہلے مرد کو آزاد کرنے کا حکم فرمایا نصر نے کہا کہ مجھے ابو علی حنفی نے عبید اللہ کے واسطے سے بتایا۔

بَابٌ إِذَا أَسْلَمَ أَحَدُ الزَّوْجَيْنِ.

۴۶۸- حَدَّثَنَا عُثْمَانُ ابْنُ أَبِي شَيْبَةَ نَا وَكِيعٌ عَنْ إِسْرَائِيلَ عَنْ سِمَاكٍ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ رَجُلًا جَاءَ مُسْلِمًا عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ جَاءَتِ امْرَأَتُهُ مُسْلِمَةً بَعْدَهُ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللهِ إِنَّهَا قَدْ كَانَتْ أَسْلَمَتْ مَعِي فَرَدَّهَا عَلَيْهِ.

جب میاں بیوی میں سے ایک مسلمان ہو جائے

عکرمہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے عہد میں ایک آدمی اسلام قبول کرکے حاضر بارگاہ ہوا۔ اس کے بعد اس کی بیوی اسلام قبول کرکے حاضر ہو گئی۔ وہ عرض گزار ہوا کہ یا رسول اللہ! یہ میرے ساتھ ہی مسلمان ہو گئی تھی۔ پس آپ نے عورت اس کی طرف لوٹا دی۔

۴۶۹- حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ أَخْبَرَنِي أَبُو أَحْمَدَ عَنْ إِسْرَائِيلَ عَنْ سِمَاكٍ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ أَسْلَمَتِ امْرَأَةٌ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَتَزَوَّجَتْ فَجَاءَ زَوْجُهَا إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللهِ إِنِّي قَدْ كُنْتُ أَسْلَمْتُ وَعَلِمَتْ بِإِسْلَامِي فَانْتَزَعَهَا رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ زَوْجِهَا الْآخَرِ وَرَدَّهَا إِلَى زَوْجِهَا الْأَوَّلِ.

عکرمہ سے روایت ہے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے عہد میں ایک عورت مسلمان ہو گئی اور اس نے دوسرا نکاح کر لیا۔ پس اس کا پہلا خاوند نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر عرض گزار ہوا۔ یا رسول اللہ! میں نے اسلام قبول کر لیا تھا اور عورت بھی میرے مسلمان ہونے کو جانتی تھی۔ پس رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے عورت دوسرے خاوند سے لے لی اور وہ اس کے پہلے خاوند کے سپرد کر دی۔

ف۔ میاں بیوی اگر اکٹھے اسلام قبول کر لیں تو ان کا سابقہ نکاح (ازدواجی رشتہ) قائم رہتا ہے۔ چونکہ اس عورت نے دوسرے مسلمان سے نکاح کر لیا جو پہلے نکاح کی موجودگی میں باطل محض تھا، لہٰذا نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس عورت کو پہلے خاوند ہی کی جانب لوٹایا کیونکہ پہلے نکاح کی موجودگی میں وہ دوسرے خاوند کی بیوی بن ہی نہیں سکتی تھی۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

باب ۱۵۲ إِلَى مَتَى تُرَدُّ عَلَيْهِ امْرَأَتُهُ إِذَا أَسْلَمَ بَعْدَهَا.

عورت کب تک اس کی طرف لوٹائی جا سکتی ہے جبکہ مرد عورت کے بعد مسلمان ہو؟

۲۴۰ - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مُحَمَّدٍ النُّفَيْلِيُّ نَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو الرَّازِيُّ نَا سَلَمَةُ يَعْنِي ابْنَ الْفَضْلِ ح وَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ نَا يَزِيدُ الْمَعْنَى كُلُّهُمْ عَنِ ابْنِ إِسْحَاقَ عَنْ دَاوُدَ بْنِ الْحُصَيْنِ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ رَدَّ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ابْنَتَهُ زَيْنَبَ عَلَى أَبِي الْعَاصِ بِالنِّكَاحِ الْأَوَّلِ لَمْ يُحْدِثْ شَيْئًا قَالَ مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو فِي حَدِيثِهِ بَعْدَ سِتِّ سِنِينَ وَقَالَ الْحَسَنُ ابْنُ عَلِيٍّ بَعْدَ سِنِينَ.

عبد اللہ بن محمد نفیلی، محمد بن سلمہ - محمد بن عمرو رازی، سلمہ بن فضل، حسن بن علی، یزید، ابن اسحٰق، داؤد بن حصین، عکرمہ سے روایت ہے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنی صاحبزادی حضرت زینب کو پہلے نکاح کے باعث حضرت ابو العاص کی طرف لوٹا دیا اور دوسرا نکاح نہ کیا۔ محمد بن عمرو نے اپنی حدیث میں کہا کہ چھ سال بعد۔ حسن بن علی نے فرمایا کہ کئی سال بعد۔

ف۔ اگر میاں بیوی ایک ساتھ مسلمان نہیں ہوئے بلکہ عورت مسلمان ہو گئی اور خاوند ایک مدت تک کے بعد مسلمان ہوا۔ اس کے بعد دونوں دار الکفر ہی میں رہے یا عورت دار الاسلام میں آگئی اور مرد دار الکفر ہی میں رہا اور مدتوں بعد دونوں اکٹھے ہوئے تو امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک اُن کا سابقہ نکاح باقی نہیں رہا لیکن امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے نزدیک اگر عورت نے کسی دوسرے شخص سے نکاح نہیں کیا ہے تو اُن کا سابقہ نکاح (رشتۂ زوجیت) باقی ہے اور دوبارہ نکاح کرنے کی ضرورت نہیں ہے جیسا کہ اس حدیث سے واضح ہے اور لَمْ يُحْدِثْ شَيْئًا سے یہ بات اور نکھر گئی ہے۔ اس امر کی احادیث مطہرہ میں اور بھی مثالیں ہیں جیسے ولید بن مغیرہ کی صاحبزادی جو صفوان بن اُمیّہ کے نکاح میں تھیں۔ یہ مسلمان ہو گئیں اور صفوان نے اسلام قبول نہ کیا۔ آخر کار ایک عرصہ گزرنے پر فتح مکہ کے بعد مسلمان ہوئے تو: رفاستقرت عنده (شرح السنۃ) پس یہ اُن کے پاس رہیں۔ اسی طرح ام حکیم بنت حارث کا واقعہ ہے جو عکرمہ بن ابو جہل کے نکاح میں تھیں، یہ مسلمان ہو گئیں اور عکرمہ مدتوں بعد مسلمان ہوئے تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے انہیں مبارک باد دی اور مثبت علی نکاحہما دونوں اپنے نکاح پر برقرار رہے۔ (شرح السنۃ)۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

باب ۱۵۳ فِي مَنْ أَسْلَمَ وَعِنْدَهُ نِسَاءٌ أَكْثَرُ مِنْ أَرْبَعٍ.

جو اسلام قبول کرلے اور اس کی چار سے زیادہ بیویاں ہوں

۲۴۱ - حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا هُشَيْمٌ ح وَنَا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ أَنَا هُشَيْمٌ عَنِ ابْنِ أَبِي لَيْلَى عَنْ حُمَيْضَةَ بْنِ الشَّمَرْدَلِ عَنِ الْحَارِثِ بْنِ قَيْسٍ قَالَ مُسَدَّدٌ ابْنُ عُمَيْرَةَ وَقَالَ وَهْبٌ الْأَسَدِيُّ أَسْلَمْتُ وَعِنْدِي ثَمَانُ نِسْوَةٍ قَالَ فَذَكَرْتُ

مسدد، ہشیم - وہب بن بقیہ، ہشیم، ابن ابی لیلیٰ، حمیضہ بن شمردل نے حضرت حارث بن قیس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے۔ مسدد بن عمیرہ اور وہب اسدی کی روایت میں ہے کہ میں مسلمان ہوا تو میری آٹھ بیویاں تھیں۔ میں نے اس بات کا نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے ذکر کیا تو آپ نے فرمایا

ذٰلِكَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اخْتَرْ مِنْهُنَّ أَرْبَعًا وَحَدَّثَنَا بِهِ أَحْمَدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ نَا هُشَيْمٌ بِهٰذَا الْحَدِيثِ فَقَالَ قَيْسُ بْنُ الْحَارِثِ مَكَانَ الْحَارِثِ بْنِ قَيْسٍ قَالَ أَحْمَدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ هٰذَا هُوَ الصَّوَابُ يَعْنِي قَيْسَ بْنَ الْحَارِثِ۔

۴۷۲ ـ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ نَا بَكْرُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَاضِي الْكُوفَةِ عَنْ عِيسَى بْنِ الْمُخْتَارِ عَنِ ابْنِ أَبِي لَيْلٰى عَنْ حُمَيْضَةَ بْنِ الشَّمَرْدَلِ عَنْ قَيْسِ بْنِ الْحَارِثِ بِمَعْنَاهُ۔

۴۷۳ ـ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مَعِينٍ نَا وَهْبُ ابْنُ جَرِيرٍ عَنْ أَبِيهِ قَالَ سَمِعْتُ يَحْيَى بْنَ أَيُّوبَ يُحَدِّثُ عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي حَبِيبٍ عَنْ أَبِي وَهْبٍ الْجَيْشَانِيِّ عَنِ الضَّحَّاكِ بْنِ فَيْرُوزَ عَنْ أَبِيهِ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ إِنِّي أَسْلَمْتُ وَتَحْتِي أُخْتَانِ قَالَ طَلِّقْ أَيَّتَهُمَا شِئْتَ۔

بَابٌ إِذَا أَسْلَمَ أَحَدُ الْأَبَوَيْنِ لِمَنْ يَكُونُ الْوَلَدُ۔

۴۷۴ ـ حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُوسَى الرَّازِيُّ أَنَا عِيسَى نَا عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ جَعْفَرٍ أَخْبَرَنِي أَبِي عَنْ جَدِّي رَافِعِ بْنِ سِنَانٍ أَنَّهُ أَسْلَمَ وَأَبَتِ امْرَأَتُهُ أَنْ تُسْلِمَ فَأَتَتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتِ ابْنَتِي وَهِيَ فَطِيمٌ أَوْ شِبْهُهُ وَقَالَ رَافِعٌ ابْنَتِي فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اقْعُدْ نَاحِيَةً وَقَالَ لَهَا اقْعُدِي نَاحِيَةً وَأَقْعَدَ الصَّبِيَّةَ بَيْنَهُمَا ثُمَّ قَالَ ادْعُوَاهَا فَمَالَتِ الصَّبِيَّةُ إِلَى أُمِّهَا فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اللّٰهُمَّ اهْدِهَا فَمَالَتْ إِلَى أَبِيهَا فَأَخَذَهَا۔

ان میں سے چار کو چن لو۔ احمد بن ابراہیم نے اسے ہشیم سے روایت کرتے ہوئے حارث بن قیس کی جگہ قیس بن حارث کہا ہے۔ احمد بن ابراہیم نے کہا کہ قیس بن حارث ہی درست ہے۔

احمد بن ابراہیم، بکر بن عبدالرحمٰن قاضی کوفہ، عیسیٰ بن مختار ابن ابی لیلیٰ، حمیضہ بن شمردل نے اسے حضرت قیس بن حارث رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے معناً بعبارت کیا ہے۔

یحییٰ بن معین، وہب بن جریر، ان کے والد ماجد یحییٰ بن ایوب، یزید بن ابو حبیب، ابووہب جیشانی ضحاک بن فیروز نے اپنے والد ماجد سے روایت کی ہے کہ میں عرض گزار ہوا یا رسول اللہ! میں مسلمان ہو گیا ہوں اور میرے نکاح میں دو سگی بہنیں ہیں۔ آپ نے فرمایا۔ ان میں سے جس ایک کو چاہو طلاق دے دو۔

جب ماں باپ میں سے ایک مسلمان ہو جائے تو اولاد کس کے پاس رہے گی

حمید بن جعفر نے اپنے والد ماجد سے روایت کی ہے کہ ان (حمید) کے جدِ امجد حضرت رافع بن سنان رضی اللہ تعالیٰ عنہ مسلمان ہو گئے اور ان کی بیوی نے مسلمان ہونے سے انکار کر دیا۔ وہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض گزار ہوئی کہ میری بیٹی ہے جس کا دودھ چھڑوایا جا چکا ہے یا چھڑایا جانے والا ہے۔ حضرت ابو رافع نے کہا کہ میری بیٹی ہے۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا کہ اس گوشے میں بیٹھ جاؤ اور عورت سے کہا کہ تم اس گوشے میں بیٹھو اور بچی کو دونوں کے درمیان میں بٹھا دیا۔ فرمایا کہ دونوں اسے بلاؤ۔ پس لڑکی اپنی والدہ کی جانب جانے لگی تو نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے دعا کی۔ اے اللہ! اسے (بچی کو) ہدایت فرما۔ پس لڑکی اپنے والد کی طرف چلی گئی اور انہوں نے اسے لے لیا۔

www.sirat-e-mustaqeem.com

باب ۵۵ا فِي اللِّعَانِ۔

۲۲۴۵۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ الْقَعْنَبِيُّ عَنْ مَالِكٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ أَنَّ سَهْلَ بْنَ سَعْدٍ السَّاعِدِيَّ أَخْبَرَهُ أَنَّ عُوَيْمِرَ بْنَ أَشْقَرَ الْعَجْلَانِيَّ جَاءَ إِلَى عَاصِمِ بْنِ عَدِيٍّ فَقَالَ لَهُ يَا عَاصِمُ أَرَأَيْتَ رَجُلًا وَجَدَ مَعَ امْرَأَتِهِ رَجُلًا يَقْتُلُهُ فَتَقْتُلُونَهُ أَمْ كَيْفَ يَفْعَلُ سَلْ لِي يَا عَاصِمُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ ذٰلِكَ فَسَأَلَ عَاصِمٌ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَكَرِهَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَسَائِلَ وَعَابَهَا حَتّٰى كَبُرَ عَلٰى عَاصِمٍ مَا سَمِعَ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمَّا رَجَعَ عَاصِمٌ إِلٰى أَهْلِهِ جَاءَهُ عُوَيْمِرٌ فَقَالَ يَا عَاصِمُ مَاذَا قَالَ لَكَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ عَاصِمٌ لَمْ تَأْتِنِي بِخَيْرٍ قَدْ كَرِهَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَسْأَلَةَ الَّتِي سَأَلْتُهُ عَنْهَا فَقَالَ عُوَيْمِرٌ وَاللّٰهِ لَا أَنْتَهِي حَتّٰى أَسْأَلَهُ عَنْهَا فَأَقْبَلَ عُوَيْمِرٌ حَتّٰى أَتٰى رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ وَسْطَ النَّاسِ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ أَرَأَيْتَ رَجُلًا وَجَدَ مَعَ امْرَأَتِهِ رَجُلًا أَيَقْتُلُهُ فَتَقْتُلُونَهُ أَمْ كَيْفَ يَفْعَلُ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ أُنْزِلَ فِيكَ وَفِي صَاحِبَتِكَ قُرْآنٌ فَاذْهَبْ فَأْتِ بِهَا قَالَ سَهْلٌ فَتَلَاعَنَا وَأَنَا مَعَ النَّاسِ عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمَّا فَرَغَا قَالَ عُوَيْمِرٌ كَذَبْتُ عَلَيْهَا يَا رَسُولَ اللّٰهِ إِنْ أَمْسَكْتُهَا فَطَلَّقَهَا عُوَيْمِرٌ ثَلَاثًا قَبْلَ أَنْ يَأْمُرَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ ابْنُ شِهَابٍ فَكَانَتْ تِلْكَ سُنَّةَ الْمُتَلَاعِنَيْنِ۔

لعان کا بیان

حضرت سہل بن سعد ساعدی رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ حضرت عاصم بن عدی کے پاس آکر حضرت عویمر بن اشقر نے ان سے کہا اے عاصم! ایک آدمی اپنی بیوی کے پاس کسی آدمی کو پا کر قتل کر دے تو آپ اسے سزائے موت دیں گے ان حالات میں وہ کیا کرے؟ اے عاصم! مجھے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے پوچھ کر یہ بات بتائیے۔ پس حضرت عاصم نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے دریافت کیا تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایسی بات کا پوچھنا ناپسند فرمایا اور معیوب سمجھا۔ یہاں تک کہ حضرت عاصم پر گراں گزرا جو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے سنا تھا۔ جب حضرت عاصم اپنے گھر والوں کے پاس لوٹ کر آئے تو حضرت عویمر آ گئے اور کہا۔ اے عاصم! رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے آپ سے کیا فرمایا؟ حضرت عاصم نے کہا کہ میں کوئی بات لے کر نہیں آیا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس بات کا پوچھنا ناپسند فرمایا جو میں نے آپ سے پوچھی تھی۔ حضرت عویمر نے کہا۔ خدا کی قسم میں تو نہیں رکنے کا جب تک یہ بات پوچھ نہ لوں۔ پس حضرت عویمر روانہ ہوئے یہاں تک کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو گئے۔ آپ لوگوں کے وسط میں جلوہ افروز تھے۔ عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ! ایک آدمی اپنی بیوی کے پاس کسی آدمی کو پا کر قتل کر دے تو آپ اسے سزائے موت دیں گے لہٰذا وہ کیا کرے؟ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تمہارے اور تمہاری بیوی کے بارے میں قرآن مجید کے اندر حکم نازل فرمایا گیا ہے۔ جا کر عورت کو لے آؤ۔ حضرت سہل نے فرمایا کہ ان دونوں نے لعان کیا اور میں لوگوں کے ساتھ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر تھا۔ جب فارغ ہو گئے تو حضرت عویمر عرض گزار ہوئے یا رسول اللہ! اگر میں اسے اپنے پاس رکھوں تو گویا میں نے جھوٹا الزام لگایا۔ پس حضرت عویمر نے اسے تین طلاقیں دے دیں اس سے پہلے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم انہیں حکم فرماتے

www.sirat-e-mustaqeem.com

ابن شہاب کا بیان ہے کہ لعان کرنے والوں کے لیے یہی سنت قرار پا گئی۔ ف

ف: اس حدیث کے الفاظ فَطَلَّقَهَا عُوَيْمِرٌ ثَلَاثًا ..... سے صاف واضح ہو رہا ہے کہ حضرت عویمر نے بیک وقت تین طلاقیں دیں اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے انہیں تین ہی رکھتے ہوئے دونوں میں جدائی کر دی بلکہ آئندہ کے لیے لعان کی یہی سنت مقرر فرما دی۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

۴۷۶- أَخْبَرَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ يَحْيَى حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ يَعْنِي ابْنَ سَلَمَةَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ حَدَّثَنِي عَبَّاسُ بْنُ سَهْلٍ عَنْ أَبِيهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِعَاصِمِ بْنِ عَدِيٍّ أَمْسِكِ الْمَرْأَةَ عِنْدَكَ حَتَّى تَلِدَ۔

عبدالعزیز بن یحییٰ، محمد بن سلمہ، محمد بن اسحٰق، عباس بن سہل نے اپنے والد ماجد سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت عاصم بن عدی سے فرمایا کہ اپنی بیوی کو روکے رہو یہاں تک کہ وہ بچہ جنے۔

۴۷۷- حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ نَا ابْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي يُونُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ السَّاعِدِيِّ قَالَ حَضَرْتُ لِعَانَهُمَا عِنْدَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَنَا ابْنُ خَمْسَ عَشْرَةَ سَنَةً وَسَاقَ الْحَدِيثَ قَالَ فِيهِ ثُمَّ خَرَجَتْ حَامِلًا فَكَانَ الْوَلَدُ يُدْعَى إِلَى أُمِّهِ۔

ابن شہاب سے روایت ہے کہ حضرت سہل بن سعد ساعدی رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ ان دونوں کے لعان کے وقت میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں موجود تھا اور اس وقت میری عمر پندرہ سال تھی۔ پھر باقی حدیث بیان کرتے ہوئے فرمایا۔ پھر وہ حاملہ نکلی تو بچہ اس کی ماں کی نسبت سے پکارا جاتا تھا۔

۴۷۸- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْوَرْكَانِيُّ أَنَا إِبْرَاهِيمُ يَعْنِي ابْنَ سَعْدٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ فِي خَبَرِ الْمُتَلَاعِنَيْنِ قَالَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَبْصِرُوهَا فَإِنْ جَاءَتْ بِهِ أَدْعَجَ الْعَيْنَيْنِ عَظِيمَ الْأَلْيَتَيْنِ فَلَا أُرَاهُ إِلَّا قَدْ صَدَقَ وَإِنْ جَاءَتْ بِهِ أُحَيْمِرَ كَأَنَّهُ وَحَرَةٌ فَلَا أُرَاهُ إِلَّا كَاذِبًا قَالَ فَجَاءَتْ بِهِ عَلَى النَّعْتِ الْمَكْرُوهِ۔

زہری نے حضرت سہل بن سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے لعان کرنے والے جوڑے کی خبر روایت کی کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ عورت کو دیکھتے رہنا، اگر وہ کالی آنکھوں اور بھاری کولہوں والا بچہ جنے تو میرے خیال میں وہ (حضرت عویمر) سچے ہیں اور اگر وہ سرخ بچہ جنے گیرو جیسا تو وہ جھوٹے ہیں۔ راوی کا بیان ہے کہ اس نے بدشکل بچہ جنا۔

۴۷۹- حَدَّثَنَا مَحْمُودُ بْنُ خَالِدٍ نَا الْفِرْيَابِيُّ عَنِ الْأَوْزَاعِيِّ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ السَّاعِدِيِّ بِهَذَا الْخَبَرِ قَالَ فَكَانَ يُدْعَى يَعْنِي الْوَلَدَ لِأُمِّهِ۔

محمود بن خالد، فریابی، اوزاعی، زہری نے حضرت سہل بن سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے اس واقعہ کو روایت کرتے ہوئے فرمایا۔ پس بچے کو اس کی والدہ کی نسبت سے پکارا جاتا۔

۴۸۰- حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ السَّرْحِ نَا ابْنُ وَهْبٍ عَنْ عِيَاضِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ الْفِهْرِيِّ

ابن شہاب نے حضرت سہل بن سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے اس واقعہ کو روایت کرتے ہوئے فرمایا۔ پس انہوں نے

وَغَيْرِهِ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ فِي هٰذَا الْخَبَرِ قَالَ فَطَلَّقَهَا ثَلَاثَ تَطْلِيقَاتٍ عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَنْفَذَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَكَانَ مَا صُنِعَ عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُنَّةً قَالَ سَهْلٌ حَضَرْتُ هٰذَا عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَمَضَتِ السُّنَّةُ بَعْدُ فِي الْمُتَلَاعِنَيْنِ أَنْ يُفَرَّقَ بَيْنَهُمَا ثُمَّ لَا يَجْتَمِعَانِ أَبَدًا۔

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حضور عورت کو تین طلاقیں دے دیں اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے انہیں نافذ فرما دیا اور جو نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حضور کیا گیا وہ سنت ہے۔ حضرت سہل نے فرمایا کہ اس واقعہ کے وقت میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں موجود تھا پس بعد میں لعان کرنے والوں کے لیے یہی سنت قرار پا گئی کہ ان دونوں میں تفریق کروا دی جائے پھر دونوں کبھی نہ مل سکیں۔

ف۔ حضرت عویمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے لعان کے بعد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پوچھے بغیر ہی تین طلاقیں دے دی تھیں جن کا اس حدیث میں یوں ذکر فرمایا گیا ہے:۔ " فَطَلَّقَهَا ثَلَاثَ تَطْلِيقَاتٍ عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ " پس رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے سامنے انہوں نے اُسے (اپنی بیوی کو) تین طلاقیں دے دیں۔ مولوی وحید الزمان خان صاحب نے اس کے متعلق لکھا ہے "لعان سے خود فرقت ہو جاتی ہے، اس کا طلاق دینا بیکار تھا اس لیے آپ چُپ ہو رہے" معلوم نہیں مولوی وحید الزمان خان صاحب کو صحابہ کرام کی تنقیص میں کیا مزہ آتا تھا کہ حضرت عویمر کے اس فعل کو بیکار قرار دے رہے ہیں؟ ان لعان کرنے والوں کے متعلق اللہ تعالیٰ نے اس سلسلے میں کوئی حکم نہیں فرمایا تھا اور نہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے۔ یہ حضور کی موجودگی میں حضرت عویمر نے اپنی مرضی سے کیا اور بارگاہِ رسالت میں یہ عرض کر کے کیا۔ كَذَبْتُ عَلَيْهَا يَا رَسُولَ اللّٰهِ إِنْ أَمْسَكْتُهَا ۔ یا رسول اللہ! اگر میں اسے رکھوں تو گویا میں نے اس پر جھوٹا الزام لگایا تھا۔ اسی کے متعلق حدیث کے الفاظ ہیں:۔ فَأَنْفَذَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ . . . پس رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے یہی حکم نافذ فرما دیا۔ وَكَانَ مَا صُنِعَ عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُنَّةً" ۔ اور خود علامہ موصوف نے اِن لفظوں کا ترجمہ یوں کیا ہے:۔ "اور جو چیز آپ کے سامنے کی جاوے وہ سنت ہوتی ہے" لا جانے غور ہے کہ جس چیز کو علامہ صاحب خود ایک جانب سنت لکھ رہے ہیں، اسی کو تین سطروں بعد بیکار قرار دے رہے ہیں۔ گویا موصوف نے سنت کو بیکار قرار دیا ہے۔ افسوس! رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا اسے نافذ کرنا تو علامہ صاحب کو حضور کا چپ ہونا نظر آیا اور سنت ایک بیکار فعل دکھائی دیا۔ یہ موصوف ہی کا دلِ گُردہ تھا۔

میں اس عارفانہ تجاہل کے صدقے
ہر اک دل کو پھینا مرا دل سمجھ کے

۲۲۸۱ - حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ وَوَهْبُ بْنُ بَيَانٍ وَأَحْمَدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ السَّرْحِ وَعَمْرُو بْنُ عُثْمَانَ قَالُوا حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَهْلِ ابْنِ سَعْدٍ قَالَ مُسَدَّدٌ قَالَ شَهِدْتُ الْمُتَلَاعِنَيْنِ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَنَا ابْنُ خَمْسَ عَشْرَةَ فَفَرَّقَ بَيْنَهُمَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى

زہری نے حضرت سہل بن سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے۔ مسدد کی روایت میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے عہد مبارک میں جب ان دونوں نے لعان کیا تو میں موجود تھا اور میری عمر پندرہ سال تھی۔ لعان کر چکنے کے بعد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان دونوں میں تفریق کروا دی۔ اس پر مسدد کی حدیث ختم ہو گئی۔ دوسرے

www.sirat-e-mustaqeem.com

اللّٰہ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ ثُمَّ شَہِدْتُ — تَوَعَّمْنَا وَلَمْ يُحْدِثْ مُسَدَّدٌ وَقَالَ الْحَرُوْنَ أَنَّهٗ سَمِعَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰہُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَرَّقَ بَيْنَ الْمُتَلَاعِنَيْنِ فَقَالَ الرَّجُلُ كَذَبْتُ عَلَيْهَا يَا رَسُوْلَ اللّٰہِ إِنْ أَمْسَكْتُهَا وَبَعْضُهُمْ لَمْ يَقُلْ عَلَيْهَا قَالَ أَبُوْ دَاوُدَ لَمْ يُتَابِعِ ابْنُ عُيَيْنَةَ أَحَدٌ عَلٰى أَنَّهٗ فَرَّقَ بَيْنَ الْمُتَلَاعِنَيْنِ۔

٤٨٢ — حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ الْعَتَكِيُّ نَا فُلَيْحٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ فِيْ هٰذَا الْحَدِيْثِ وَكَانَتْ حَامِلًا فَأَنْكَرَ حَمْلَهَا فَكَانَ ابْنُهَا يُدْعٰى إِلَيْهَا ثُمَّ جَرَتِ السُّنَّةُ فِي الْمِيْرَاثِ أَنْ يَرِثَهَا وَتَرِثَ مِنْهُ مَا فَرَضَ اللّٰہُ عَزَّ وَجَلَّ لَهَا۔

٤٨٣ — حَدَّثَنَا عُثْمَانُ ابْنُ أَبِيْ شَيْبَةَ نَا جَرِيْرٌ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ إِبْرَاهِيْمَ عَنْ عَلْقَمَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ قَالَ أَنَا لَيْلَةَ جُمُعَةٍ فِي الْمَسْجِدِ إِذْ رَجُلٌ مِنَ الْأَنْصَارِ فِي الْمَسْجِدِ فَقَالَ لَوْ أَنَّ رَجُلًا وَجَدَ مَعَ امْرَأَتِهٖ رَجُلًا فَتَكَلَّمَ بِهٖ جَلَدْتُمُوْهُ أَوْ قَتَلَ قَتَلْتُمُوْهُ فَإِنْ سَكَتَ سَكَتَ عَلٰى غَيْظٍ وَاللّٰہِ لَأَسْئَلَنَّ عَنْهُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّى اللّٰہُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمَّا كَانَ مِنَ الْغَدِ أَتٰى رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّى اللّٰہُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَأَلَهٗ فَقَالَ لَوْ أَنَّ رَجُلًا وَجَدَ مَعَ امْرَأَتِهٖ رَجُلًا فَتَكَلَّمَ بِهٖ جَلَدْتُمُوْهُ أَوْ قَتَلَ قَتَلْتُمُوْهُ أَوْ سَكَتَ سَكَتَ عَلٰى غَيْظٍ فَقَالَ اللّٰهُمَّ افْتَحْ وَجَعَلَ يَدْعُوْ فَنَزَلَتْ آيَةُ اللِّعَانِ وَالَّذِيْنَ يَرْمُوْنَ أَزْوَاجَهُمْ وَلَمْ يَكُنْ لَّهُمْ شُهَدَآءُ هٰذِهِ الْآيَةَ فَابْتُلِيَ بِهٖ ذٰلِكَ الرَّجُلُ مِنْ بَيْنِ النَّاسِ فَجَاءَ هُوَ وَامْرَأَتُهٗ إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّى اللّٰہُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَتَلَاعَنَا فَشَهِدَ الرَّجُلُ أَرْبَعَ شَهَادَاتٍ بِاللّٰہِ إِنَّهٗ لَمِنَ الصّٰدِقِيْنَ ثُمَّ لَعَنَ الْخَامِسَةَ عَلَيْهِ أَنْ

حضرات نے کہا کہ وہ موجود تھے جب نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے لعان کرنے والے جوڑے میں تفریق کروائی۔ آدمی عرض گزار ہوا کہ یا رسول اللہ! اگر میں اسے اپنے پاس رکھوں تو گویا میں نے اس پر جھوٹا الزام لگایا تھا، جبکہ بعض حضرات نے یہ بات نہیں کہی ہے۔ امام ابو داؤد نے فرمایا کہ "حضور نے لعان کرنے والے جوڑے میں تفریق کروا دی" اس بات میں ابن عیینہ کی کسی ایک نے

زہری نے حضرت سہل بن سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے اس حدیث کو روایت کرتے ہوئے کہا کہ وہ عورت حاملہ تھی اور اس نے اپنے حمل کا انکار کیا تھا۔ پس اس کا بیٹا اسی کی جانب منسوب کر کے پکارا جاتا تھا۔ پھر میراث میں یہ سنت جاری ہو گئی کہ بیٹا اپنی والدہ کی میراث پاتا اور والدہ اپنے بیٹے کی جو اللہ تعالیٰ نے اس کا حصہ مقرر فرمایا ہے۔

علقمہ سے روایت ہے کہ حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ جمعہ کی رات کو میں مسجد میں تھا کہ انصار میں سے ایک آدمی نے مسجد میں آ کر کہا۔ اگر ایک آدمی کسی آدمی کو اپنی بیوی کے پاس پا کر بات کرے تو آپ اس پر حد جاری کریں گے اگر اسے قتل کر دے تو آپ قصاص میں اسے قتل کریں گے۔ اگر غصہ پی کر خاموش ہو جائے تو ہو جائے، خدا کی قسم میں تو اس کے متعلق رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے ضرور دریافت کروں گا۔ اگلے روز وہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو گیا اور پوچھتے ہوئے کہا۔ اگر ایک آدمی کسی آدمی کو اپنی بیوی کے پاس پا کر اس سلسلے میں بات کرے تو آپ اس پر حد جاری فرمائیں گے۔ اگر اسے قتل کر دے تو آپ قصاص میں اسے قتل کر دیں گے یا خاموش رہے تو غصے میں خاموش ہو جائے، آپ نے دعا کرتے ہوئے کہا۔ اے اللہ! اس گتھی کو سلجھا لیں اللہ تعالیٰ نے آیت لعان نازل فرمائی۔ "جو لوگ اپنی بیویوں کو تہمت لگاتے ہیں اور ان کے پاس گواہ نہ ہوں (۲۴: ۶)۔ پس لوگوں کے سامنے وہی اس آزمائش میں مبتلا ہوا۔ پس وہ آیا اور اس کی بیوی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پاس اور

كان من الكذبين قال فذهبت لتلتعن فقال لها النبي صلى الله عليه وسلم مه فأبت ففعلت فلما ادبرا قال لعلها ان تجيء به اسود جعدا فجاءت به اسود جعدا۔

دونوں نے لعان کیا یعنی مرد نے اللہ کی چار گواہیاں دیں کہ وہ سچا ہے۔ پھر پانچویں دفعہ اس نے لعنت کی اگر وہ جھوٹا ہو۔ راوی کا بیان ہے کہ پھر عورت لعان کرنے کے لیے تیار ہوئی نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس سے فرمایا۔ باز آجاؤ۔ اس نے بات نہ مانی اور لعان کیا۔ جب دونوں چلے گئے تو آپ نے فرمایا۔ شاید یہ سیاہ فام اور گھنگریالے بالوں والا بچہ جنے چنانچہ اس نے کالا اور گھنگریالے بالوں والا ہی بچہ جنا۔

۲۸۴۴ - حدثنا محمد بن بشار نا ابن ابي عدي انبانا هشام بن حسان حدثني عكرمة عن ابن عباس ان هلال بن امية قذف امراته عند النبي صلى الله عليه وسلم بشريك بن سحماء فقال النبي صلى الله عليه وسلم البينة او حد في ظهرك فقال يا رسول الله اذا راى احدنا رجلا على امراته يلتمس البينة فجعل النبي صلى الله عليه وسلم يقول البينة والا فحد في ظهرك فقال هلال والذي بعثك بالحق اني لصادق ولينزلن الله في امري ما يبرئ ظهري من الحد فنزلت والذين يرمون ازواجهم ولم يكن لهم شهداء الا انفسهم قرا حتى بلغ من الصادقين فانصرف النبي صلى الله عليه وسلم فارسل اليهما فجاءا فقام هلال ابن امية فشهد والنبي صلى الله عليه وسلم يقول الله يعلم ان احدكما كاذب فهل منكما من تائب ثم قامت فشهدت فلما كان عند الخامسة ان غضب الله عليها ان كان من الصادقين وقالوا لها انها موجبة قال ابن عباس فتلكات ونكصت حتى ظننا انها سترجع فقالت لا افضح قومي سائر

عکرمہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ حضرت ہلال بن امیہ نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حضور اپنی بیوی پر شریک بن سحماء سے بدفعلی کروانے کی تہمت لگائی۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ گواہ لاؤ ورنہ تمہاری پیٹھ پر حد قائم ہوگی۔ عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ جب کوئی اپنی بیوی کے ساتھ کسی کو دیکھے تو گواہ تلاش کرے؟ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یہی فرماتے رہے کہ گواہ لاؤ ورنہ تمہاری پیٹھ پر حد جاری ہوگی۔ حضرت ہلال عرض گزار ہوئے کہ قسم ہے اس ذات کی جس نے آپ کو حق کے ساتھ مبعوث فرمایا، میں ضرور سچا ہوں اور یقیناً اللہ تعالیٰ میرے متعلق حکم نازل فرمائے گا جس کے باعث میری پیٹھ حد سے بچ جائے گی۔ پس آیت نازل ہوئی۔ جو اپنی بیویوں پر بدکاری کی تہمت لگاتے ہیں اور اپنی جان کے سوا ان کا کوئی گواہ نہ ہو۔ (۲۴ : ۶) جب نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فارغ ہوئے تو دونوں کو بلوایا۔ وہ آ گئے اور حضرت ہلال بن امیہ نے کھڑے ہو کر گواہی دی۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے رہے۔ اللہ تعالیٰ جانتا ہے کہ تم میں سے ایک جھوٹا ہے۔ کیا تم دونوں میں سے کوئی تائب ہوتا ہے؟ پھر عورت کھڑی ہوئی اور اس نے گواہیاں دیں۔ جب پانچویں پر پہنچی کہ "اگر مرد سچا ہے تو مجھ پر اللہ کا غضب ہو" حاضرین کہنے لگے کہ یہ ہو کر رہے گا۔ حضرت ابن عباس کا بیان ہے کہ عورت جھجک کر لوٹنے لگی اور ہم سمجھے کہ وہ ابھی لوٹ جائے گی۔ عورت

www.sirat-e-mustaqeem.com

www.sirat-e-mustaqeem.com

الیوم فمصمصت فقال النبی صلی اللہ علیہ وسلم أبصروھا فإن جاءت بہ أکحل العینین سابغ الألیتین خدلج الساقین فھو لشریک بن سحماء فجاءت بہ کذلک فقال النبی صلی اللہ علیہ وسلم لولا ما مضی من کتاب اللہ لکان لی ولھا شأن قال أبو داود وھذا مما تفرد بہ أھل المدینۃ حدیث ابن بشار حدیث ھلال۔

۴۸۵- حدثنا مخلد بن خالد الشعیری نا سفیان عن عاصم بن کلیب عن أبیہ عن ابن عباس أن النبی صلی اللہ علیہ وسلم أمر رجلا حین أمر المتلاعنین أن یتلاعنا أن یضع یدہ علی فیہ عند الخامسۃ یقول إنھا موجبۃ۔

۴۸۶- حدثنا الحسن بن علی نا یزید بن ھارون أنا عباد بن منصور عن عکرمۃ عن ابن عباس قال جاء ھلال بن أمیۃ وھو أحد الثلاثۃ الذین تاب اللہ علیھم فجاء من أرضہ عشاء فوجد عند أھلہ رجلا فرأی بعینہ وسمع بأذنہ فلم یھجہ حتی أصبح ثم غدا علی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقال یا رسول اللہ إنی جئت أھلی عشاء فوجدت عندھم رجلا فرأیت بعینی وسمعت بأذنی فکرہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ما جاء بہ واشتد علیہ فنزلت والذین یرمون أزواجھم ولم یکن لھم شھداء إلا أنفسھم فشھادۃ أحدھم الآیتین کلتیھما فسری عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقال أبشر یا ھلال قد جعل اللہ لک فرجا ومخرجا قال ھلال قد کنت أرجو ذلک من ربی فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم أرسلوا إلیھا فجاءت فتلا علیھما رسول اللہ

نے کہا کہ میں ہمیشہ کے لیے اپنے میکے والوں کو رسوا نہیں کروں گی اور کہہ گئی۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ دیکھتے رہنا اگر یہ عورت کالی آنکھوں، بڑے سرین اور موٹی پنڈلیوں والا بچہ جنے تو وہ شریک بن سحماء کا ہوگا۔ چنانچہ اس نے ایسا ہی جنا پس نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اگر اللہ کی کتاب میں یہی حکم نہ ہوتا تو میں اس عورت سے نبٹتا۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ حدیث ہلال کے متعلق اہلِ مدینہ حدیث ابن بشار کے ساتھ متفرد ہیں۔

عاصم بن کلیب کے والد ماجد نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک آدمی کو حکم فرمایا جبکہ لعان کرنے والوں کو لعان کرنے کا حکم دیا جائے کہ پانچویں دفعہ اپنے منہ پہ ہاتھ رکھ کر کہے۔ یہ موجبِ عذاب ہے۔

عکرمہ سے روایت ہے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا کہ حضرت ہلال بن امیہ آئے اور وہ ان تین میں سے تھے جن کی اللہ تعالیٰ نے توبہ قبول فرمائی تھی۔ وہ اپنی زمین سے عشاء کے وقت آئے تو ایک آدمی کو اپنی بیوی کے پاس دیکھا اسے اپنی آنکھوں سے دیکھا اور اپنے کانوں سے سنا اس سے ڈانٹ ڈپٹ نہ کی یہاں تک کہ صبح ہو گئی۔ اگلے روز رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر عرض گزار ہوئے یا رسول اللہ میں اپنی بیوی کے پاس عشاء کے وقت آیا تو میں نے اس کے پاس ایک آدمی کو پایا جو میں نے اپنی آنکھوں سے دیکھا اور کانوں سے سنا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان کی بات ناپسند فرمائی اور گراں گزری۔ پس یہ حکم نازل ہوا "جو اپنی بیویوں کو بدکاری کی تہمت لگاتے ہیں اور اپنی جان کے سوا ان کا کوئی گواہ نہ ہو۔ (۲۴ : ۶)۔ جب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر وحی نازل ہو چکی تو فرمایا۔ اے ہلال! تمہیں بشارت ہو کہ اللہ تعالیٰ نے تمہارے لیے کشادگی فرمائی اور راستہ نکال دیا۔ حضرت ہلال کا بیان ہے کہ مجھے اپنے رب سے یہی امید تھی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ عورت کو بلاؤ سو وہ

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَذَكَّرَهُمَا وَأَخْبَرَهُمَا أَنَّ
عَذَابَ الْآخِرَةِ أَشَدُّ مِنْ عَذَابِ الدُّنْيَا فَقَالَ
هِلَالٌ وَاللّٰهِ لَقَدْ صَدَقْتُ عَلَيْهَا فَقَالَتْ قَدْ
كَذَبَ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
لَاعِنُوا بَيْنَهُمَا فَقِيلَ لِهِلَالٍ اشْهَدْ فَشَهِدَ أَرْبَعَ
شَهَادَاتٍ بِاللّٰهِ إِنَّهُ لَمِنَ الصَّادِقِينَ فَلَمَّا كَانَتِ
الْخَامِسَةُ قِيلَ يَا هِلَالُ اتَّقِ اللّٰهَ فَإِنَّ عِقَابَ
الدُّنْيَا أَهْوَنُ مِنْ عَذَابِ الْآخِرَةِ وَإِنَّ هٰذِهِ
الْمُوجِبَةُ الَّتِي تُوجِبُ عَلَيْكَ الْعَذَابَ فَقَالَ
وَاللّٰهِ لَا يُعَذِّبُنِي اللّٰهُ عَلَيْهَا كَمَا لَمْ يَجْلِدْنِي
عَلَيْهَا فَشَهِدَ الْخَامِسَةَ أَنَّ لَعْنَةَ اللّٰهِ عَلَيْهِ إِنْ كَانَ
مِنَ الْكَاذِبِينَ ثُمَّ قِيلَ لَهَا اشْهَدِي فَشَهِدَتْ
أَرْبَعَ شَهَادَاتٍ بِاللّٰهِ إِنَّهُ لَمِنَ الْكَاذِبِينَ فَلَمَّا كَانَتِ
الْخَامِسَةُ قِيلَ لَهَا اتَّقِي اللّٰهَ فَإِنَّ عَذَابَ الدُّنْيَا
أَهْوَنُ مِنْ عَذَابِ الْآخِرَةِ وَإِنَّ هٰذِهِ الْمُوجِبَةُ
الَّتِي تُوجِبُ عَلَيْكِ الْعَذَابَ فَتَلَكَّأَتْ سَاعَةً ثُمَّ
قَالَتْ وَاللّٰهِ لَا أَفْضَحُ قَوْمِي فَشَهِدَتِ الْخَامِسَةَ
أَنَّ غَضَبَ اللّٰهِ عَلَيْهَا إِنْ كَانَ مِنَ الصَّادِقِينَ
فَفَرَّقَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَهُمَا
وَقَضَى أَنْ لَا يُدْعَى وَلَدُهَا لِأَبٍ وَلَا تُرْمَى وَ
لَا يُرْمَى وَلَدُهَا وَمَنْ رَمَاهَا أَوْ رَمَى وَلَدَهَا فَعَلَيْهِ
الْحَدُّ وَقَضَى أَنْ لَا بَيْتَ لَهَا عَلَيْهِ وَلَا قُوتَ مِنْ
أَجْلِ أَنَّهُمَا يَتَفَرَّقَانِ مِنْ غَيْرِ طَلَاقٍ وَلَا مُتَوَفًّى
مِنْهَا وَقَالَ إِنْ جَاءَتْ بِهِ أُصَيْهِبَ أُرَيْصِحَ أُثَيْبِجَ
حَمْشَ السَّاقَيْنِ فَهُوَ لِهِلَالٍ وَإِنْ جَاءَتْ بِهِ
أَوْرَقَ جَعْدًا جُمَالِيًّا خَدَلَّجَ السَّاقَيْنِ سَابِغَ
الْأَلْيَتَيْنِ فَهُوَ لِلَّذِي رُمِيَتْ بِهِ فَجَاءَتْ بِهِ
أَوْرَقَ جَعْدًا جُمَالِيًّا خَدَلَّجَ السَّاقَيْنِ سَابِغَ
الْأَلْيَتَيْنِ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ

حاضر ہوئی تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس کے سامنے (آیت لعان کی) تلاوت کی، انہیں نصیحت فرمائی اور بتایا کہ آخرت کا عذاب دنیا کے عذاب سے زیادہ سخت ہے۔ حضرت ہلال نے کہا کہ خدا کی قسم میں اس کے متعلق سچ کہہ رہا ہوں۔ عورت نے کہا کہ یہ جھوٹ بول رہے ہیں۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ دونوں آپس میں لعان کرو۔ پس حضرت ہلال سے کہا گیا کہ تم گواہی دو۔ پس انہوں نے اللہ کی چار گواہیاں دیں کہ وہ ضرور سچے ہیں۔ جب پانچویں گواہی کی باری آئی تو ان سے کہا گیا۔ اے ہلال!! اللہ سے ڈرو کیونکہ دنیا کا عذاب آخرت کے عذاب سے ہلکا ہے اور اس کے ذریعے تم پر عذاب لازم ہو جائے گا۔ عرض گزار ہوئے کہ خدا کی قسم اللہ تعالیٰ مجھے اس کے بارے میں ہرگز عذاب نہیں دے گا جیسے مجھ پر حد قائم نہیں ہونے دی پس پانچویں گواہی دی کہ اس پر اللہ کی لعنت ہو اگر وہ جھوٹے ہوں پھر عورت سے کہا گیا کہ تم گواہی دو پس انہوں نے خدا کی قسم کھا کر چار گواہیاں دیں کہ مرد جھوٹا ہے۔ اس سے کہا گیا کہ اللہ سے ڈرو کیونکہ دنیا کا عذاب آخرت کے عذاب سے ہلکا ہے اور یہ ایسا کام ہے جس سے تم پر عذاب لازم ہو جائے گا۔ چنانچہ کچھ دیر وہ چپ رہی، پھر کہا۔ خدا کی قسم میں اپنے میکے والوں کو رسوا نہیں کروں گی۔ پس اس نے پانچویں گواہی دی کہ مجھ پر اللہ کا غضب اگر مرد سچا ہو۔ پس رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان دونوں میں جدائی کروا دی اور فیصلہ فرمایا کہ بچہ اس کے باپ کی طرف منسوب نہ کیا جائے عورت اور اس کے بچے پر الزام نہ لگایا جائے۔ جو اس عورت یا اس کے بچے پر تہمت لگائے گا اس پر حد جاری ہوگی اور فیصلہ فرمایا کہ عورت کو گھر اور خرچ نہیں ملے گا کیونکہ وہ طلاق اور وفات کے بغیر جدا ہو گئے ہیں۔ پھر فرمایا کہ لڑکا اگر بھورے بالوں، پتلے سرینوں، چوڑے پیٹ اور پتلی پنڈلیوں والا پیدا ہو تو وہ ہلال کا ہے اور اگر گندمی رنگ، گھنگریالے بالوں بھاری پنڈلیوں اور چوڑے سرینوں والا ہوا تو اسی کا ہے جس کے ساتھ تہمت لگائی گئی پس اس کے

www.sirat-e-mustaqeem.com

سَلَّمَ لَوْلَا الْاِيْمَانُ لَكَانَ لِيْ وَلَهَا شَاْنٌ قَالَ عِكْرِمَةُ فَكَانَ بَعْدَ ذٰلِكَ اَمِيْرًا عَلٰى مِصْرَ وَمَا يُدْعٰى لِاَبٍ۔

۴۸۷۔ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ نَا سُفْيٰنُ ابْنُ عُيَيْنَةَ قَالَ سَمِعَ عَمْرٌو سَعِيْدَ بْنَ جُبَيْرٍ يَقُوْلُ سَمِعْتُ ابْنَ عُمَرَ يَقُوْلُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِلْمُتَلَاعِنَيْنِ حِسَابُكُمَا عَلَى اللّٰهِ اَحَدُكُمَا كَاذِبٌ لَا سَبِيْلَ لَكَ عَلَيْهَا قَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَالِيْ قَالَ لَا مَالَ لَكَ اِنْ كُنْتَ صَدَقْتَ عَلَيْهَا فَهُوَ بِمَا اسْتَحْلَلْتَ مِنْ فَرْجِهَا وَاِنْ كُنْتَ كَذَبْتَ عَلَيْهَا فَذَاكَ اَبْعَدُ لَكَ۔

۴۸۸۔ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ حَنْبَلٍ نَا اِسْمٰعِيْلُ نَا اَيُّوْبُ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ قَالَ قُلْتُ لِابْنِ عُمَرَ رَجُلٌ قَذَفَ امْرَاَتَهُ قَالَ فَرَّقَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَ اَخَوَيْ بَنِيْ عَجْلَانَ وَقَالَ اللّٰهُ يَعْلَمُ اَنَّ اَحَدَكُمَا كَاذِبٌ فَهَلْ مِنْكُمَا تَائِبٌ يُرَدِّدُهَا ثَلٰثَ مَرَّاتٍ فَاَبَيَا فَفَرَّقَ بَيْنَهُمَا۔

۴۸۹۔ حَدَّثَنَا الْقَعْنَبِيُّ عَنْ مَالِكٍ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ رَجُلًا لَاعَنَ امْرَاَتَهُ فِيْ زَمَانِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَانْتَفٰى مِنْ وَلَدِهَا فَفَرَّقَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَهُمَا وَاَلْحَقَ الْوَلَدَ بِالْمَرْاَةِ۔

بَابٌ اِذَا شَكَّ فِي الْوَلَدِ۔

۴۹۰۔ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ خَلَفٍ نَا سُفْيٰنُ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَعِيْدٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ بَنِيْ فَزَارَةَ فَقَالَ اِنَّ امْرَاَتِيْ جَاءَتْ بِوَلَدٍ اَسْوَدَ فَقَالَ هَلْ

ہاں گندمی رنگ، گھنگریالے بالوں، بھاری پنڈلیوں اور چوڑے سرینوں والا بچہ پیدا ہوا تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ اگر قسم نہ ہوتی تو میں اس عورت کو قرار واقعی سزا دیتا۔ عکرمہ کا بیان ہے کہ اس کے بعد وہ لڑکا مصر کا حاکم ہوا اور اپنے باپ کی نسبت سے نہیں پکارا جاتا تھا۔

سعید بن جبیر نے حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ لعان کرنے والے جوڑے کا حساب تو اللہ کے ذمہ ہے لیکن ان میں سے ایک جھوٹا ہوتا ہے۔ تمہارا عورت سے کوئی تعلق نہیں رہا۔ عرض گزار ہوا کہ یا رسول اللہ! میرا مال! فرمایا کہ تمہیں کوئی مال نہیں ملے گا۔ اگر تم عورت کے بارے میں سچے ہو تو یہ اس کی شرمگاہ حلال ہونے کا بدلہ ہوا اور اگر تم نے اس پر بہتان باندھا ہے تو تمہارا اس سے تعلق ہی کوئی نہیں۔

سعید بن جبیر کا بیان ہے کہ میں حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی خدمت میں عرض گزار ہوا کہ ایک آدمی نے اپنی بیوی پر بدکاری کی تہمت لگائی؟ فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے عجلانی جوڑے میں تفریق کروا دی اور فرمایا کہ اللہ تعالیٰ جانتا ہے تم میں سے ایک جھوٹا ہے۔ تم دونوں میں سے کون توبہ کرتا ہے؟ یہ بات تین دفعہ دہرائی۔ انہوں نے انکار کیا۔

نافع نے حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے زمانے میں ایک آدمی نے اپنی بیوی سے لعان کیا اور اس کے بچے سے انکار کیا تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان کے درمیان تفریق کر دی اور بچے کو اس کی والدہ سے ملا دیا۔

جب لڑکے کے متعلق شک ہو

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ بنی فزارہ کے ایک آدمی نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کی کہ میری بیوی نے کالا لڑکا جنا ہے۔ فرمایا کیا تمہارے پاس اونٹ ہیں؟ عرض گزار ہوا کہ ہاں۔ فرمایا

www.sirat-e-mustaqeem.com

لَكَ مِنْ اِبِلٍ قَالَ نَعَمْ قَالَ مَا اَلْوَانُهَا قَالَ حُمْرٌ قَالَ هَلْ فِيهَا مِنْ اَوْرَقَ قَالَ اِنَّ فِيهَا لَوُرْقًا قَالَ فَاَنّٰى تُرَاهُ قَالَ عَسٰى اَنْ يَكُوْنَ نَزَعَهٗ عِرْقٌ قَالَ وَهٰذَا عَسٰى اَنْ يَكُوْنَ نَزَعَهٗ عِرْقٌ۔

کہ ان کے رنگ کیا ہیں؟ عرض گزار ہوا کہ سرخ۔ فرمایا کیا ان میں کوئی گندمی رنگ کا بھی ہے؟ عرض کی کہ گندمی رنگ کا بھی ہے۔ فرمایا کہ وہ کہاں سے آیا؟ عرض کی کہ کسی رگ نے کھینچ لیا ہوگا۔ فرمایا کہ یہ لڑکا بھی کسی رگ نے کھینچ لیا ہوگا۔

۴۹۱۔ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ عَبْدِ الرَّزَّاقِ اَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ بِاِسْنَادِهٖ وَمَعْنَاهُ قَالَ وَهُوَ حِيْنَئِذٍ يُعَرِّضُ بِاَنْ يَنْفِيَهٗ۔

حسن بن علی، عبدالرزاق، معمر نے زہری سے اسے اپنی اسناد کے معناً روایت کرتے ہوئے کہا کہ وہ بچے سے انکار کر رہا تھا۔

۴۹۲۔ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ نَا ابْنُ وَهْبٍ اَخْبَرَنِي يُوْنُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ اَبِي سَلَمَةَ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ اَنَّ اَعْرَابِيًّا اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اِنَّ امْرَاَتِي وَلَدَتْ غُلَامًا اَسْوَدَ وَاِنِّي اُنْكِرُهٗ فَذَكَرَ مَعْنَاهُ۔

ابوسلمہ نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ ایک اعرابی نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر عرض گزار ہوا کہ میری بیوی نے سیاہ لڑکا جنا ہے اور مجھے اس سے انکار ہے اور معناً پہلی حدیث کی طرح ذکر کیا۔

ف۔ اگر والدین خوبصورت ہوں اور بچہ بدصورت پیدا ہو یا والدین بدصورت ہوں اور بچہ خوبصورت پیدا ہو جائے تو اس صورت میں بچے کے نسب یا اس کی والدہ کے کردار پر حرف گیری کرنا اچھی بات نہیں ہے۔ کیونکہ بچے کا والدین سے مشابہ ہونا یا ان کا ہم رنگ ہونا ضروری نہیں ہے۔ ایسی بدگمانی سے اکثر اوقات گھروں کا سکون تباہ ہو جاتا ہے، اور بعض اوقات دو گھروں کی آپس میں ٹھن جاتی ہے۔ یہ بھی ملحوظ رہے کہ عورت پر بدکاری کا الزام لگانے سے چار عینی شاہد پیش کرنے پڑتے ہیں ورنہ حد لازم آتی ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم

بَابٌ ۱۵ التَّغْلِيْظُ فِي الْاِنْتِفَاءِ۔

نسب سے انکار کرنے کی ممانعت

۴۹۳۔ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ نَا ابْنُ وَهْبٍ اَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ عَنِ ابْنِ الْهَادِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يُوْنُسَ عَنْ سَعِيْدٍ الْمَقْبُرِيِّ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ اَنَّهٗ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ حِيْنَ نَزَلَتْ اٰيَةُ الْمُتَلَاعِنَيْنِ اَيُّمَا امْرَاَةٍ اَدْخَلَتْ عَلٰى قَوْمٍ مَنْ لَيْسَ مِنْهُمْ فَلَيْسَتْ مِنَ اللّٰهِ فِي شَيْءٍ وَلَنْ يُدْخِلَهَا اللّٰهُ الْجَنَّةَ وَاَيُّمَا رَجُلٍ جَحَدَ وَلَدَهٗ وَهُوَ يَنْظُرُ اِلَيْهِ احْتَجَبَ اللّٰهُ تَعَالٰى مِنْهُ وَفَضَحَهٗ عَلٰى رُءُوْسِ الْاَوَّلِيْنَ وَالْاٰخِرِيْنَ۔

سعید مقبری سے روایت ہے کہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا جبکہ لعان کرنے والوں کے متعلق آیت نازل ہوئی کہ جس عورت نے بچے کو اس قوم میں شامل کیا جن میں سے وہ نہیں تو اس کا اللہ سے کوئی واسطہ نہیں رہا اور اللہ تعالیٰ اسے جنت میں داخل نہیں فرمائے گا اور جو شخص اپنے بچے کے نسب سے دیدہ دانستہ انکار کرے تو اللہ تعالیٰ اسے اپنا دیدار نہیں کرائے گا اور اسے اگلے پچھلوں کے سامنے ذلیل کرے گا۔

www.sirat-e-mustaqeem.com

باب ۱۵۸ فِي اِدِّعَاءِ وَلَدِ الزِّنَا۔

۴۹۴۔ حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ نَا مُعْتَمِرٌ [illegible] بَعْضُ
اَصْحَابِنَا عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ [illegible]
اَنَّهُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
[illegible]
فَقَدْ لَحِقَ بِعَصَبَتِهِ وَمَنِ ادَّعٰى وَلَدًا مِنْ غَيْرِ
رِشْدَةٍ فَلَا يَرِثُ وَلَا يُوْرَثُ۔

۴۹۵۔ حَدَّثَنَا شَيْبَانُ بْنُ فَرُّوخَ نَا مُحَمَّدُ
ابْنُ رَاشِدٍ وَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ نَا يَزِيْدُ بْنُ
هَارُوْنَ اَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَاشِدٍ وَهُوَ اَشْبَعُ عَنْ
سُلَيْمَانَ بْنِ مُوْسٰى عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ
اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ قَالَ اِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ
سَلَّمَ قَضٰى اَنَّ كُلَّ مُسْتَلْحَقٍ اُسْتُلْحِقَ بَعْدَ
اَبِيْهِ الَّذِيْ يُدْعٰى لَهٗ ادَّعَاهُ وَرَثَتُهٗ فَقَضٰى اَنَّ
كُلَّ مَنْ كَانَ مِنْ اَمَةٍ يَمْلِكُهَا يَوْمَ اَصَابَهَا فَقَدْ
لَحِقَ بِمَنِ اسْتَلْحَقَهٗ وَلَيْسَ لَهٗ مِمَّا قُسِمَ قَبْلَهٗ
مِنَ الْمِيْرَاثِ وَمَا اَدْرَكَ مِنْ مِيْرَاثٍ لَمْ يُقْسَمْ فَلَهٗ
نَصِيْبُهٗ وَلَا يَلْحَقُ اِذَا كَانَ اَبُوْهُ الَّذِيْ يُدْعٰى لَهٗ
اَنْكَرَهٗ وَاِنْ كَانَ مِنْ اَمَةٍ لَمْ يَمْلِكْهَا اَوْ مِنْ حُرَّةٍ
عَاهَرَ بِهَا فَاِنَّهٗ لَا يَلْحَقُ بِهٖ وَلَا يَرِثُ وَاِنْ كَانَ
الَّذِيْ يُدْعٰى لَهٗ هُوَ ادَّعَاهُ فَهُوَ وَلَدُ زِنْيَةٍ مِنْ
حُرَّةٍ كَانَ اَوْ اَمَةٍ۔

۴۹۶۔ حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ خَالِدٍ نَا اَبِيْ عَنْ
مُحَمَّدِ بْنِ رَاشِدٍ بِاِسْنَادِهٖ وَمَعْنَاهُ زَادَ وَهُوَ
وَلَدُ زِنًا لِاَهْلِ اُمِّهٖ مَنْ كَانُوْا حُرَّةً اَوْ اَمَةً وَ
ذٰلِكَ فِيْمَا اسْتُلْحِقَ فِيْ اَوَّلِ الْاِسْلَامِ فَمَا اقْتُسِمَ
مِنْ مَالٍ قَبْلَ الْاِسْلَامِ فَقَدْ مَضٰى۔

ولد الزنا ہونے کا دعویٰ کرنا

یعقوب بن ابراہیم، معتمر، سلم ابن ابو الذیال، ان کے بعض ساتھی، سعید بن جبیر نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا اسلام میں خرچی کا نا نہیں ہے۔ جس نے دورِ جاہلیت میں خرچی کمائی تو بچہ [illegible] ملے گا اور جس نے نکاح کے بغیر بچے کا دعویٰ کیا تو وہ بچے کا وارث نہیں [illegible] اس کا وارث ہوگا۔

شیبان بن فروخ، محمد بن راشد، حسن بن علی، یزید بن ہارون، محمد بن راشد یہ زیادہ مکمل ہے۔ سلیمان بن موسیٰ، عمرو بن شعیب ان کے والد ماجد سے ان کے والد ماجد سے ان کے جد امجد نے فرمایا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فیصلہ فرمایا کہ ہر بچے کو باپ کی وفات کے بعد اس کے باپ سے ملایا جائے اس کی طرف منسوب کیا جائے اور اس کا وارث بنایا جائے اور فیصلہ فرمایا کہ اگر اس لونڈی سے ہو جس کا بچے کی پیدائش کے وقت ایک مالک تھا تو اس مالک سے ملایا جائے گا اور جو میراث پہلے تقسیم ہو چکی اس میں بچے کا حصہ نہیں ہوگا اور جو ایسی میراث پائی جو ابھی تقسیم نہیں ہوئی تو اسے حصہ ملے گا۔ اگر باپ جس کی طرف منسوب کیا زندگی میں اس سے انکار کرتا ہو یا اس لونڈی کا ہو جو اس کی ملک نہ تھی یا آزاد عورت تھی جس کے ساتھ اس نے بدکاری کی تو ایسا بچہ اس کے ساتھ نہیں ملے گا اور نہ میراث پائے گا۔ خواہ وہ اس کے ساتھ منسوب کیا جائے یا وہ خود دعویٰ کرتا رہا ہو کہ یہ میرا بیٹا ہے آزاد عورت یا لونڈی کے ساتھ زنا کرنے کے باعث۔

محمود بن خالد نے محمد بن راشد سے اپنی اسناد کے ساتھ اسے معناً روایت کرتے ہوئے کہا کہ ولد الزنا اس کے والدہ کے میکے والوں سے ملایا جائے گا، خواہ وہ آزاد ہوں یا غلام اور یہ اس کے لیے ہے جو اسلام کے شروع میں ملایا گیا اور جو مال اسلام سے پہلے تقسیم ہوا وہ گئی گزری بات ہوگئی۔

www.sirat-e-mustaqeem.com

بابٌ فِي الْقَافَةِ

۴۹۷۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ وَعُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ الْمَعْنَى وَابْنُ السَّرْحِ قَالُوا نَا سُفْيَانُ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ دَخَلَ عَلَيَّ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مُسَدَّدٌ وَابْنُ السَّرْحِ يَوْمًا مَسْرُورًا وَقَالَ عُثْمَانُ تُعْرَفُ أَسَارِيرُ وَجْهِهِ فَقَالَ أَيْ عَائِشَةُ أَلَمْ تَرَيْ أَنَّ مُجَزِّزًا الْمُدْلِجِيَّ رَأَى زَيْدًا وَأُسَامَةَ قَدْ غَطَّيَا رُءُوسَهُمَا بِقَطِيفَةٍ وَبَدَتْ أَقْدَامُهُمَا فَقَالَ إِنَّ هَذِهِ الْأَقْدَامَ بَعْضُهَا مِنْ بَعْضٍ قَالَ أَبُو دَاوُدَ وَكَانَ أُسَامَةُ أَسْوَدَ وَزَيْدٌ أَبْيَضَ۔

قیافہ کا بیان

عروہ بن زبیر سے روایت ہے کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا کہ میرے پاس رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تشریف لائے۔ مسدد اور ابن السرح کی روایت میں ہے کہ ایک روز مسرور ہو کر۔ عثمان نے کہا کہ آپ کے مبارک چہرے پر خوشی کے آثار تھے۔ فرمایا کہ اے عائشہ! کیا تم نے نہیں دیکھا کہ مجزز مدلجی نے زید اور اسامہ کو دیکھا کہ انہوں نے چادر سے اپنے سر چھپائے ہوئے تھے اور دونوں کے قدم کھلے ہوئے تھے تو اس نے کہا کہ ان میں سے ایک کے پیر دوسرے سے ہیں۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ حضرت اسامہ کا رنگ کالا اور حضرت زید کا سفید تھا۔

ف: اس حدیث سے معلوم ہوا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے قیافہ شناس کی اس بات پر یقین کرتے ہوئے مسرت کا اظہار کرتے فرمایا۔ معلوم ہوا کہ دوسرے علوم یا اندازوں سے معلوم کی ہوئی کوئی بات قرآن و حدیث کے خلاف نہ ہو تو اس پر یقین کیا جا سکتا ہے۔ لیکن یہ بھی ملحوظ رہے کہ ایسے ذرائع سے معلوم کی ہوئی باتوں پر یقین کی ایک حد ہے کیونکہ یہ محض اندازے اور تجربے ہوتے ہیں۔ جو وحی کی طرح قابلِ یقین نہیں ہوتے۔ واللہ تعالیٰ اعلم

۴۹۸۔ حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا اللَّيْثُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ بِإِسْنَادِهِ وَمَعْنَاهُ قَالَ تَبْرُقُ أَسَارِيرُ وَجْهِهِ۔

قتیبہ، لیث، ابن شہاب نے اپنی اسناد کے ساتھ معناً روایت کرتے ہوئے کہا کہ خوشی سے آپ کے پُرنور چہرے کے خطوط چمک رہے تھے۔

بابُ مَنْ قَالَ بِالْقُرْعَةِ إِذَا تَنَازَعُوا فِي الْوَلَدِ۔

۴۹۹۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا يَحْيَى عَنِ الْأَجْلَحِ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ الْخَلِيلِ عَنْ زَيْدِ بْنِ أَرْقَمَ قَالَ كُنْتُ جَالِسًا عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَجَاءَ رَجُلٌ مِنَ الْيَمَنِ فَقَالَ إِنَّ ثَلَاثَةَ نَفَرٍ مِنْ أَهْلِ الْيَمَنِ أَتَوْا عَلِيًّا يَخْتَصِمُونَ إِلَيْهِ فِي وَلَدٍ وَقَدْ وَقَعُوا عَلَى امْرَأَةٍ فِي طُهْرٍ وَاحِدٍ فَقَالَ لِاثْنَيْنِ مِنْهُمْ طِيبَا بِالْوَلَدِ لِهَذَا فَغَلَيَا ثُمَّ قَالَ لِاثْنَيْنِ طِيبَا بِالْوَلَدِ لِهَذَا فَغَلَيَا فَقَالَ أَنْتُمْ شُرَكَاءُ مُتَشَاكِسُونَ إِنِّي مُقْرِعٌ بَيْنَكُمْ فَمَنْ قَرَعَ فَلَهُ الْوَلَدُ

لڑکے کے متعلق جھگڑا ہو تو قرعہ ڈالا جائے

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ میں نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں بیٹھا ہوا تھا کہ ایک آدمی نے یمن سے آکر کہا کہ اہل یمن سے تین آدمیوں نے حضرت علی کی خدمت میں آکر ایک لڑکے کے متعلق جھگڑا کیا جنہوں نے ایک ہی طُہر میں کسی عورت سے صحبت کی تھی۔ انہوں (حضرت علی) نے اُن میں سے دو سے کہا کہ بخوشی لڑکا تیسرے کو دے دو۔ وہ چیخنے چلانے لگے۔ پھر دوسرے دو سے فرمایا کہ بخوشی یہ لڑکا تیسرے کو دے دو۔ وہ بھی چیخنے چلانے لگے۔ انہوں نے فرمایا کہ تم جھگڑنے والے سارے شریک ہو لہٰذا میں تمہارے درمیان قرعہ ڈالتا

www.sirat-e-mustaqeem.com

وَعَلَيْهِ لِصَاحِبَيْهِ ثُلُثَا الدِّيَةِ فَأَقْرَعَ بَيْنَهُمْ فَجَعَلَهُ لِمَنْ قَرَعَ فَضَحِكَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى بَدَتْ أَضْرَاسُهُ وَنَوَاجِذُهُ۔

ہوں۔ جس کے نام قرعہ نکلا لڑکا اس کا ہوگا اور وہ اپنے ساتھیوں کو دو تہائی دیت ادا کرے گا پس انکے درمیان قرعہ ڈالا اور جسکے نام قرعہ نکلا لڑکا اسے دیا پس رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہنس پڑے یہاں تک کہ دندان مبارک نظر آنے لگے۔

۵۰۰۔ حَدَّثَنَا خُشَيْشُ بْنُ أَصْرَمَ نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ أَنَا الثَّوْرِيُّ عَنْ صَالِحٍ الْهَمْدَانِيِّ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ عَبْدِ خَيْرٍ عَنْ زَيْدِ بْنِ أَرْقَمَ قَالَ أُتِيَ عَلِيٌّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ بِثَلَاثَةٍ وَهُوَ بِالْيَمَنِ وَقَعُوا عَلَى امْرَأَةٍ فِي طُهْرٍ وَاحِدٍ فَسَأَلَ اثْنَيْنِ أَتُقِرَّانِ لِهٰذَا بِالْوَلَدِ قَالَا لَا حَتّٰى سَأَلَهُمْ جَمِيعًا فَجَعَلَ كُلَّمَا سَأَلَ اثْنَيْنِ قَالَا لَا فَأَقْرَعَ بَيْنَهُمْ فَأَلْحَقَ الْوَلَدَ بِالَّذِي صَارَتْ عَلَيْهِ الْقُرْعَةُ وَجَعَلَ عَلَيْهِ ثُلُثَيِ الدِّيَةِ قَالَ فَذُكِرَ ذٰلِكَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَضَحِكَ حَتّٰى بَدَتْ نَوَاجِذُهُ۔

عبد خیر سے روایت ہے کہ حضرت زید بن ارقم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس یمن کے تین شخص آئے جنہوں نے ایک عورت سے ایک ہی طہر میں صحبت کی تھی انہوں نے دو سے پوچھا کہ کیا تم لڑکے کا تیسرے کے لئے اقرار کرتے ہو؟ دونوں نے کہا نہیں، یہاں تک کہ سب سے پوچھا اور جب بھی دو سے دریافت کیا تو انکار کرتے رہے آپ نے ان کے درمیان قرعہ ڈالا اور لڑکا اس سے ملا دیا جس کے نام قرعہ نکلا اور اس سے دو تہائی دیت دلوائی۔ راوی کا بیان ہے کہ جب نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے اس کا ذکر کیا گیا تو آپ ہنس پڑے یہاں تک کہ دندان مبارک نظر آنے لگے۔

۵۰۱۔ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُعَاذٍ نَا أَبِي نَا شُعْبَةُ عَنْ سَلَمَةَ سَمِعَ الشَّعْبِيَّ عَنِ الْخَلِيلِ أَوِ ابْنِ الْخَلِيلِ قَالَ أُتِيَ عَلِيُّ بْنُ أَبِي طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فِي امْرَأَةٍ وَلَدَتْ مِنْ ثَلَاثَةٍ نَحْوَهُ لَمْ يَذْكُرِ الْيَمَنَ وَلَا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَا قَوْلَهُ طِيبًا بِالْوَلَدِ۔

شعبی نے خلیل یا ابن خلیل سے موقوفاً روایت کی ہے کہ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خدمت میں ایک عورت لائی گئی جس نے تین آدمیوں کا بچہ جنا۔ اس میں یمن کا ذکر نہ کیا اور نہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا اور نہ آپ کے ارشاد طیباً بالولد کا۔

بَابٌ فِي وُجُوهِ النِّكَاحِ الَّتِي كَانَ يَتَنَاكَحُ بِهَا أَهْلُ الْجَاهِلِيَّةِ۔

دورِ جاہلیت میں نکاح کن طریقوں سے ہوتے تھے

۵۰۲۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ نَا عَنْبَسَةُ بْنُ خَالِدٍ حَدَّثَنِي يُونُسُ بْنُ يَزِيدَ قَالَ قَالَ مُحَمَّدُ بْنُ مُسْلِمِ بْنِ شِهَابٍ أَخْبَرَنِي عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ أَنَّ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا زَوْجَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَخْبَرَتْهُ أَنَّ النِّكَاحَ كَانَ فِي الْجَاهِلِيَّةِ عَلَى أَرْبَعَةِ أَنْحَاءٍ فَنِكَاحٌ مِنْهَا نِكَاحُ النَّاسِ الْيَوْمَ يَخْطُبُ الرَّجُلُ إِلَى الرَّجُلِ وَلِيَّتَهُ فَيُصْدِقُهَا ثُمَّ يَنْكِحُهَا وَنِكَاحٌ آخَرُ كَانَ الرَّجُلُ يَقُولُ لِامْرَأَتِهِ

عروہ بن زبیر سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی زوجہ مطہرہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا۔ دورِ جاہلیت میں نکاح چار طریقوں سے ہوتے تھے ان میں سے ایک نکاح تو اسی طرح ہوتا تھا جیسے آج ہوتا ہے کہ ایک آدمی کسی عورت کے ولی کو نکاح کا پیغام دیتا تو وہ اس کا مہر مقرر کر کے نکاح کر دیتا۔ نکاح کا دوسرا طریقہ تھا کہ آدمی اپنی بیوی سے کہتا کہ فلاں کو بلا کر اس کے ساتھ صحبت کروا اور خاوند اس سے الگ رہتا اور اسے قطعی ہاتھ نہ لگاتا جب تک اس

إِذَا طَهُرَتْ مِنْ طَمْثِهَا أَرْسِلِي إِلَى فُلَانٍ فَاسْتَبْضِعِي مِنْهُ وَيَعْتَزِلُهَا زَوْجُهَا وَلَا يَمَسُّهَا أَبَدًا حَتَّى يَتَبَيَّنَ حَمْلُهَا مِنْ ذَلِكَ الرَّجُلِ الَّذِي تَسْتَبْضِعُ مِنْهُ فَإِذَا تَبَيَّنَ حَمْلُهَا أَصَابَهَا زَوْجُهَا إِنْ أَحَبَّ وَإِنَّمَا يَفْعَلُ ذَلِكَ رَغْبَةً فِي نَجَابَةِ الْوَلَدِ فَكَانَ هَذَا النِّكَاحُ يُسَمَّى نِكَاحَ الِاسْتِبْضَاعِ وَنِكَاحٌ آخَرُ يَجْتَمِعُ الرَّهْطُ مَا دُونَ الْعَشَرَةِ فَيَدْخُلُونَ عَلَى الْمَرْأَةِ كُلُّهُمْ يُصِيبُهَا فَإِذَا حَمَلَتْ وَوَضَعَتْ وَمَرَّ لَيَالٍ بَعْدَ أَنْ تَضَعَ حَمْلَهَا أَرْسَلَتْ إِلَيْهِمْ فَلَمْ يَسْتَطِعْ رَجُلٌ مِنْهُمْ أَنْ يَمْتَنِعَ حَتَّى يَجْتَمِعُوا عِنْدَهَا فَتَقُولُ لَهُمْ قَدْ عَرَفْتُمُ الَّذِي كَانَ مِنْ أَمْرِكُمْ وَقَدْ وَلَدْتُ وَهُوَ ابْنُكَ يَا فُلَانُ فَتُسَمِّي مَنْ أَحَبَّتْ مِنْهُمْ بِاسْمِهِ فَيَلْحَقُ بِهِ وَلَدُهَا وَنِكَاحٌ رَابِعٌ يَجْتَمِعُ النَّاسُ الْكَثِيرُ فَيَدْخُلُونَ عَلَى الْمَرْأَةِ لَا تَمْتَنِعُ مِمَّنْ جَاءَهَا وَهُنَّ الْبَغَايَا كُنَّ يَنْصِبْنَ عَلَى أَبْوَابِهِنَّ رَايَاتٍ تَكُنَّ عَلَمًا لِمَنْ أَرَادَهُنَّ دَخَلَ عَلَيْهِنَّ فَإِذَا حَمَلَتْ فَوَضَعَتْ حَمْلَهَا جَمَعُوا لَهَا وَدَعَوْا لَهُمُ الْقَافَةَ ثُمَّ أَلْحَقُوا وَلَدَهَا بِالَّذِي يَرَوْنَ فَالْتَاطَهُ وَدُعِيَ ابْنَهُ لَا يَمْتَنِعُ مِنْ ذَلِكَ فَلَمَّا بَعَثَ اللَّهُ مُحَمَّدًا صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَدَمَ نِكَاحَ أَهْلِ الْجَاهِلِيَّةِ كُلَّهُ إِلَّا نِكَاحَ أَهْلِ الْإِسْلَامِ الْيَوْمَ.

آدمی کا حمل ظاہر نہ ہو جس نے صحبت کی تھی۔ جب اس کا حمل ظاہر ہو جاتا تو اس کا خاوند بھی اگر چاہتا تو اس سے صحبت کر لیتا کہ لڑکا خاندانی پیدا ہو۔ اس نکاح کو نکاح استبضاع کہا جاتا تھا۔ نکاح کی تیسری قسم یہ تھی کہ دس سے کم آدمی جمع ہوتے۔ اس عورت کے پاس آتے جاتے۔ ہر ایک اس سے صحبت کرتا۔ جب وہ حاملہ ہو جاتی، بچہ جن لیتی اور بچہ پیدا ہوئے دو تین روز گزر جاتے تو عورت انہیں بلا بھیجتی۔ ان میں سے کوئی بھی اس کے پاس آنے سے انکار نہ کر سکتا۔ وہ ان سے کہتی کہ آپ حضرات جانتے ہیں کہ یہ کارنامہ آپ کا ہے کہ میں نے بچہ جنا اور اے فلاں! یہ بچہ تمہارا ہے۔ وہ ان میں جس کا نام لے دیتی اس لڑکے کو اسی کے ساتھ ملایا جاتا۔ چوتھی قسم کا نکاح یہ تھا کہ کافی سارے لوگ جمع ہو کر ایک عورت کے پاس جاتے اور وہ ان میں سے کسی کو اپنے پاس آنے سے نہ روکتی۔ وہ بغایا عورتیں اپنے دروازوں پر جھنڈا نصب کر لیتیں تاکہ جو ان کے پاس آنا چاہتا وہ آ سکتا۔ جب وہ حاملہ ہو کر بچہ جن لیتی تو قیافہ شناس کو بلایا جاتا۔ پھر اس کے لڑکے کو جس کے ساتھ وہ اندازہ کرکے بتاتا ملا دیتا اور وہ اس بات سے انکار نہ کر سکتا۔ جب اللہ تعالیٰ نے محمد مصطفےٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو مبعوث فرمایا تو دورِ جاہلیت کے سارے نکاح جڑ سے اکھاڑ پھینکے گئے اور اہلِ اسلام کا طریقۂ نکاح رہا جو آج رائج ہے۔

بابـ۳۲ الْوَلَدُ لِلْفِرَاشِ.

لڑکا اسی کا ہے جس کے بستر پر ہوا

۵۰۳ حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ وَمُسَدَّدُ بْنُ مُسَرْهَدٍ قَالَا نَا سُفْيَانُ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتِ اخْتَصَمَ سَعْدُ بْنُ أَبِي وَقَّاصٍ وَعَبْدُ بْنُ زَمْعَةَ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي ابْنِ أَمَةِ زَمْعَةَ فَقَالَ سَعْدٌ أَوْصَانِي

عروہ سے روایت ہے کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حضرت سعد بن ابی وقاص اور حضرت عبد بن زمعہ نے اپنا جھگڑا پیش کیا جو زمعہ کی لونڈی کے بارے میں تھا۔ حضرت سعد عرض گزار ہوئے کہ جب میں مکہ مکرمہ گیا تو میرے بھائی عتبہ

www.sirat-e-mustaqeem.com

أخي عتبة إذا قدمت مكة أن أنظر إلى ابن أمة زمعة فاقبضه فإنه ابنه وقال عبد بن زمعة أخي ابن أمة أبي ولد على فراش أبي فرأى رسول الله صلى الله عليه وسلم شبها بينا بعتبة فقال الولد للفراش وللعاهر الحجر واحتجبي منه يا سودة زاد مسدد في حديثه فقال هو أخوك يا عبد۔

نے مجھے وصیت کی تھی کہ جب میں زمعہ کی لونڈی کے بیٹے کو دیکھوں تو اپنے قبضے میں لے لوں کیونکہ وہ ان کا بیٹا ہے حضرت عبد بن زمعہ عرض گزار ہوئے کہ میرا بھائی ہے کیونکہ میرے باپ کی لونڈی کا ہے اور میرے باپ کے بستر پر پیدا ہوا ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اسے عتبہ کے مشابہ دیکھ کر فرمایا کہ بچہ بستر والے کا ہے اور زانی کے لیے پتھر ہیں اور اے سودہ! تم اس بچے سے پردہ کیا کرنا۔ مسدد نے اپنی حدیث میں یہ بھی کہا:۔ اے عبد! یہ تمہارا بھائی ہے۔

۵۰۴۔ حدثنا زهير بن حرب نا يزيد بن هارون أنا حسين المعلم عن عمرو بن شعيب عن أبيه عن جده قال قام رجل فقال يا رسول الله إن فلانا ابني عاهرت بأمه في الجاهلية فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا دعوة في الإسلام ذهب أمر الجاهلية الولد للفراش وللعاهر الحجر۔

عمرو بن شعیب کے والد ماجد سے روایت ہے کہ ان کے جدِ امجد نے فرمایا۔ ایک آدمی کھڑا ہو کر عرض گزار ہوا:۔ یا رسول اللہ! فلاں شخص نے دورِ جاہلیت میں اپنی ماں سے زنا کیا تھا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ دورِ اسلام میں اس کا دعویٰ نہیں ہو سکتا۔ جاہلیت کا زمانہ ختم ہو گیا۔ بیٹا بستر والے کا ہے اور زانی کے لیے پتھر ہیں۔

۵۰۵۔ حدثنا موسى بن إسمعيل نا مهدي بن ميمون أبو يحيى نا محمد بن عبد الله بن أبي يعقوب عن الحسن بن سعد مولى الحسن بن علي بن أبي طالب عن رباح قال زوجني أهلي أمة لهم رومية فوقعت عليها فولدت غلاما أسود مثلي فسميته عبد الله ثم وقعت عليها فولدت غلاما أسود مثلي فسميته عبيد الله ثم طبن لها غلام لأهلي رومي يقال له يوحنة فراطها بلسانه فولدت غلاما كأنه وزغة من الوزغات فقلت لها ما هذا قالت هذا ليوحنة فرفعنا إلى عثمان أحسبه قال مهدي قال فسألهما فاعترفا فقال لهما أترضيان أن أقضي بينكما بقضاء رسول الله صلى الله عليه وسلم إن رسول الله

حسن بن سعد مولیٰ حسن بن علی سے روایت ہے کہ حضرت رباح نے فرمایا:۔ میرے گھر والوں نے میرا نکاح اپنی ایک رومی لونڈی سے کر دیا۔ میں نے اس سے صحبت کی تو اس نے میرے جیسا کالے رنگ کا لڑکا جنا، جس کا نام میں نے عبداللہ رکھا۔ پھر میں نے اس سے صحبت کی تو میرے ہی جیسا کالا لڑکا جس کا میں نے عبیداللہ نام رکھ دیا۔ پھر ہمارے گھر والوں کے یوحنہ نامی ایک رومی غلام کی اس سے سانٹھ گانٹھ ہو گئی، جس کے ساتھ اس نے اپنی بولی میں گٹھ جوڑ کر لیا اور اس نے لڑکا جنا گویا وہ گرگٹ تھا۔ میں نے اس سے کہا کہ یہ کیا بات ہے؟ اس نے کہا کہ یہ یوحنہ کا ہے۔ ہم یہ مقدمہ حضرت عثمان کی بارگاہ میں لے گئے۔ میرے خیال میں مہدی نے کہا کہ ان سے پوچھا تو دونوں نے اعتراف کر لیا۔ آپ نے دونوں سے فرمایا کہ کیا تم اس بات پر راضی ہو کہ میں تمہارے درمیان وہی فیصلہ کروں جو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے کیا تھا۔ چنانچہ

www.sirat-e-mustaqeem.com

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَضَى أَنَّ الْوَلَدَ لِلْفِرَاشِ وَأَحْسِبُهُ قَالَ فَجَلَدَهَا وَجَلَدَهُ وَكَانَا مَمْلُوكَيْنِ.

باب ٢٣٦ مَنْ أَحَقُّ بِالْوَلَدِ.

٥٠٦- حَدَّثَنَا مَحْمُودُ بْنُ خَالِدٍ السُّلَمِيُّ نَا الْوَلِيدُ عَنْ أَبِي عَمْرٍو يَعْنِي الْأَوْزَاعِيَّ حَدَّثَنِي عَمْرُو بْنُ شُعَيْبٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو أَنَّ امْرَأَةً قَالَتْ يَا رَسُولَ اللّٰهِ إِنَّ ابْنِي هٰذَا كَانَ بَطْنِي لَهُ وِعَاءً وَثَدْيِي لَهُ سِقَاءً وَحِجْرِي لَهُ حِوَاءً وَإِنَّ أَبَاهُ طَلَّقَنِي وَأَرَادَ أَنْ يَنْزِعَهُ مِنِّي فَقَالَ لَهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْتِ أَحَقُّ بِهِ مَا لَمْ تَنْكِحِي.

٥٠٧- حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ وَأَبُو عَاصِمٍ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ أَخْبَرَنِي زِيَادٌ عَنْ هِلَالِ بْنِ أُسَامَةَ أَنَّ أَبَا مَيْمُونَةَ سَلْمَى مَوْلًى مِنْ أَهْلِ الْمَدِينَةِ رَجُلَ صِدْقٍ قَالَ بَيْنَمَا أَنَا جَالِسٌ مَعَ أَبِي هُرَيْرَةَ جَاءَتْهُ امْرَأَةٌ فَارِسِيَّةٌ مَعَهَا ابْنٌ لَهَا فَادَّعَيَاهُ وَقَدْ طَلَّقَهَا زَوْجُهَا فَقَالَتْ يَا أَبَا هُرَيْرَةَ وَرَطَنَتْ بِالْفَارِسِيَّةِ زَوْجِي يُرِيدُ أَنْ يَذْهَبَ بِابْنِي فَقَالَ أَبُو هُرَيْرَةَ اسْتَهِمَا عَلَيْهِ وَرَطَنَ لَهَا بِذٰلِكَ فَجَاءَ زَوْجُهَا فَقَالَ مَنْ يُحَاقُّنِي فِي وَلَدِي فَقَالَ أَبُو هُرَيْرَةَ اللّٰهُمَّ إِنِّي لَا أَقُولُ هٰذَا إِلَّا أَنِّي سَمِعْتُ امْرَأَةً جَاءَتْ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَنَا قَاعِدٌ عِنْدَهُ فَقَالَتْ يَا رَسُولَ اللّٰهِ إِنَّ زَوْجِي يُرِيدُ أَنْ يَذْهَبَ بِابْنِي وَقَدْ سَقَانِي مِنْ بِئْرِ أَبِي عِنَبَةَ وَقَدْ نَفَعَنِي فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اسْتَهِمَا عَلَيْهِ فَقَالَ زَوْجُهَا مَنْ يُحَاقُّنِي فِي وَلَدِي فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هٰذَا أَبُوكَ وَهٰذِهِ أُمُّكَ فَخُذْ

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فیصلہ فرمایا تھا کہ لڑکا اس کا ہے جس کے بستر پر پیدا ہوا۔ میرے خیال میں یہ بھی کہا کہ ان دونوں کو کوڑے مارے گئے اور وہ دونوں غلام لونڈی تھے۔

لڑکے کا زیادہ حقدار کون ہے؟

عمرو بن شعیب کے والد ماجد نے ان کے جد امجد حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ ایک عورت عرض گزار ہوئی۔ یا رسول اللہ! یہ میرا بیٹا ہے۔ میرا پیٹ اس کا مشکیزہ، میری چھاتی اس کا آبخورہ اور میری گود اس کی رہائش گاہ تھی۔ اس کے والد ماجد نے مجھے طلاق دے دی ہے اور اسے مجھ سے چھین لینا چاہتے ہیں۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس سے فرمایا کہ تم اس کی زیادہ حقدار ہو جب تک وہ نکاح نہ کر لے۔

ہلال بن اسامہ نے اہل مدینہ کے مولیٰ ابو میمونہ سلمیٰ سے روایت کی ہے کہ ایک سچے آدمی نے فرمایا کہ میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس بیٹھا ہوا تھا کہ ایک ایرانی عورت آئی جس کے ساتھ اس کا بیٹا تھا۔ وہ لڑکے کو اپنے پاس رکھنا چاہتی تھی جبکہ اس کے خاوند نے اسے طلاق دے دی تھی عرض گزار ہوئی کہ اے حضرت ابوہریرہ! میں فارسی بولتی ہوں۔ میرا خاوند میرے بیٹے کو مجھ سے لے جانا چاہتا ہے حضرت ابوہریرہ نے فارسی میں کہا کہ دونوں قرعہ ڈال لو اس کا خاوند آکر کہنے لگا کہ میرے لڑکے کے متعلق مجھ سے کون جھگڑتا ہے؟ چنانچہ حضرت ابوہریرہ نے فرمایا۔ بندۂ خدا! میں نہیں کہتا مگر میں نے سنا کہ ایک عورت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوئی اور میں حضور کے پاس بیٹھا ہوا تھا۔ عرض گزار ہوئی کہ یا رسول اللہ! میرا خاوند میرے بیٹے کو لے جانا چاہتا ہے حالانکہ اس نے مجھے ابو عنبہ کے کنوئیں کا پانی پلایا اور مجھے نفع پہنچایا ہے۔ پس رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ دونوں اس کا قرعہ ڈالو۔ خاوند نے کہا کہ میرے بیٹے کے متعلق مجھ پر کون حق جتاتا ہے؟ نبی کریم صلی اللہ

www.sirat-e-mustaqeem.com

بَيْنَ أَبَوَيْهِمَا شِئْتَ فَأَخَذَ بِيَدِ أُمِّهِ فَانْطَلَقَتْ بِهِ.

تعالیٰ علیہ وسلم نے (بچے سے) فرمایا کہ یہ تمہارا باپ ہے اور یہ تمہاری ماں ہے جس کا تم چاہو ہاتھ پکڑ لو۔ چنانچہ اس نے اپنی ماں کا ہاتھ پکڑ لیا۔ پس وہ اسے لے کر چلی گئی۔

ف۔ امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کا مذہب اسی حدیث کے مطابق ہے کہ لڑکے کو اختیار دیا جائے گا کہ چاہے اپنی ماں کے پاس رہے اور چاہے باپ کے پاس۔ لیکن ہمارے امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کا دوسری احادیث کی بنا پر یہ ہے کہ لڑکے کی عمر کم ہو تو وہ اپنی والدہ کے پاس رہے گا اور جب تھوڑی سی سوجھ بوجھ آجائے تو پھر اپنے والد کے پاس رہے گا۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

۵۰۸۔ حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْعَظِيمِ نَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ عَمْرٍو نَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنْ يَزِيدَ بْنِ الْهَادِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ نَافِعِ بْنِ عُجَيْرٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَلِيٍّ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ خَرَجَ زَيْدُ بْنُ حَارِثَةَ إِلَى مَكَّةَ فَقَدِمَ بِابْنَةِ حَمْزَةَ فَقَالَ جَعْفَرٌ أَنَا آخُذُهَا أَنَا أَحَقُّ بِهَا ابْنَةُ عَمِّي وَعِنْدِي خَالَتُهَا وَإِنَّمَا الْخَالَةُ أُمٌّ فَقَالَ عَلِيٌّ أَنَا أَحَقُّ بِهَا ابْنَةُ عَمِّي وَعِنْدِي ابْنَةُ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهِيَ أَحَقُّ بِهَا فَقَالَ زَيْدٌ أَنَا أَحَقُّ بِهَا أَنَا خَرَجْتُ إِلَيْهَا وَسَافَرْتُ وَقَدِمْتُ بِهَا فَخَرَجَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ حَدِيثًا قَالَ وَأَمَّا الْجَارِيَةُ فَأَقْضِي بِهَا لِجَعْفَرٍ تَكُونُ مَعَ خَالَتِهَا وَإِنَّمَا الْخَالَةُ أُمٌّ.

نافع بن عجیر نے اپنے والد ماجد سے روایت کی ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا۔ حضرت زید بن حارثہ مکہ مکرمہ گئے اور حضرت حمزہ کی صاحبزادی کو لے کر آئے۔ حضرت جعفر نے کہا کہ اسے میں لوں گا کیونکہ میں اس کا زیادہ حق دار ہوں کیونکہ میرے نکاح میں اس کی خالہ ہے اور خالہ ماں کی جگہ ہوتی ہے۔ حضرت علی نے کہا کہ اس کا میں زیادہ حق دار ہوں کہ میرے چچا کی بیٹی ہے اور میرے نکاح میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی صاحبزادی ہے جو اس کی زیادہ حق دار ہے۔ حضرت زید نے کہا کہ میں زیادہ حق دار ہوں کہ میں اسے لینے گیا، اس کے لیے سفر کیا اور اسے لے کر آیا۔ پس نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تشریف لے آئے تو آپ سے ماجرا عرض کیا گیا۔ فرمایا کہ لڑکی کا فیصلہ میں جعفر کے حق میں کرتا ہوں کہ یہ اپنی خالہ کے پاس رہے گی کیونکہ خالہ ماں کی جگہ ہوتی ہے۔

۵۰۹۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِيسَى نَا سُفْيَانُ عَنْ أَبِي فَرْوَةَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ ابْنِ أَبِي لَيْلَى بِهٰذَا الْخَبَرِ وَلَيْسَ بِتَمَامِهِ قَالَ وَقَضَى بِهَا لِجَعْفَرٍ لِأَنَّ خَالَتَهَا عِنْدَهُ.

محمد بن عیسیٰ، سفیان بن ابو فروہ، عبدالرحمٰن بن ابی لیلیٰ نے اس خبر کو روایت کیا لیکن یہ مکمل نہیں ہے اور کہا کہ آپ نے حضرت جعفر کے حق میں فیصلہ فرمایا کیونکہ لڑکی کی خالہ ان کے نکاح میں تھی۔

۵۱۰۔ حَدَّثَنَا عَبَّادُ بْنُ مُوسٰى أَنَّ إِسْمٰعِيلَ ابْنَ جَعْفَرٍ حَدَّثَهُمْ عَنْ إِسْرَائِيلَ عَنْ أَبِي إِسْحٰقَ عَنْ هَانِئٍ وَهُبَيْرَةَ عَنْ عَلِيٍّ قَالَ لَمَّا خَرَجْنَا مِنْ مَكَّةَ تَبِعَتْنَا بِنْتُ حَمْزَةَ تُنَادِي يَا عَمِّ فَتَنَاوَلَهَا عَلِيٌّ فَأَخَذَ بِيَدِهَا وَقَالَ دُونَكِ

ہانی اور ہبیرہ سے روایت ہے کہ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ جب ہم مکہ معظمہ سے نکلے تو حضرت حمزہ کی صاحبزادی اے چچا! اے چچا! کہتی ہوئی ہمارے پیچھے آئی۔ پس حضرت علی نے اسے لے لیا اور اس کا ہاتھ پکڑ کر کہا کہ اپنے چچا کی بیٹی کے پاس رہو۔ پس انہوں (حضرت فاطمہ) نے اسے اٹھا لیا۔ پس

www.sirat-e-mustaqeem.com

بِنْتَ عَمِّكَ فَحَمَلْتُهَا فَقَضَى الْخَبَرَ قَالَ وَقَالَ جَعْفَرٌ ابْنَةُ عَمِّي وَخَالَتُهَا تَحْتِي فَقَضَى بِهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِخَالَتِهَا وَقَالَ الْخَالَةُ بِمَنْزِلَةِ الْأُمِّ۔

واقعہ بیان کیا کہ حضرت جعفر نے کہا کہ میرے چچا کی بیٹی ہے اور اس کی خالہ میرے نکاح میں ہے۔ پس نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس کی خالہ کے لیے فیصلہ فرمایا کہ خالہ ماں کی جگہ ہے۔

بَابٌ ۱۶۴ فِي عِدَّةِ الْمُطَلَّقَةِ۔

مطلقہ کی عدت کا بیان

۵۱۱۔ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ الْبَهْرَانِيُّ ثَنَا يَحْيَى بْنُ صَالِحٍ نَا إِسْمٰعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ حَدَّثَنِي عَمْرُو بْنُ مُهَاجِرٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَسْمَاءَ بِنْتِ يَزِيدَ بْنِ السَّكَنِ الْأَنْصَارِيَّةِ أَنَّهَا طُلِّقَتْ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَمْ يَكُنْ لِلْمُطَلَّقَةِ عِدَّةٌ فَأَنْزَلَ اللهُ عَزَّ وَجَلَّ حِينَ طُلِّقَتْ أَسْمَاءُ بِالْعِدَّةِ لِلطَّلَاقِ فَكَانَتْ أَوَّلَ مَنْ أُنْزِلَتْ فِيهَا الْعِدَّةُ لِلْمُطَلَّقَاتِ۔

عمرو بن مہاجر کے والد ماجد نے حضرت اسماء بنت یزید بن السکن انصاریہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے عہد مبارک میں انہیں طلاق دے دی گئی اور ان دنوں طلاق کی عدت نہ تھی پس جب حضرت اسماء کو طلاق دی گئی تو اللہ تعالیٰ نے طلاق کی عدت کا حکم نازل فرمایا۔ پس یہ سب سے پہلی ہیں جن کے متعلق طلاق کی عدت کا حکم نازل فرمایا گیا۔

بَابٌ ۱۶۵ فِي نَسْخِ مَا اسْتُثْنِيَ بِهِ مِنْ عِدَّةِ الْمُطَلَّقَاتِ۔

مطلقات کی عدت سے جو منسوخ ہو کر استثنا ہوا

۵۱۲۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَرْوَزِيُّ حَدَّثَنِي عَلِيُّ بْنُ حُسَيْنٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ يَزِيدَ النَّحْوِيِّ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ وَالْمُطَلَّقَاتُ يَتَرَبَّصْنَ بِأَنْفُسِهِنَّ ثَلَاثَةَ قُرُوءٍ قَالَ وَاللَّائِي يَئِسْنَ مِنَ الْمَحِيضِ مِنْ نِسَائِكُمْ إِنِ ارْتَبْتُمْ فَعِدَّتُهُنَّ ثَلَاثَةُ أَشْهُرٍ فَنُسِخَ مِنْ ذٰلِكَ وَقَالَ إِنْ طَلَّقْتُمُوهُنَّ مِنْ قَبْلِ أَنْ تَمَسُّوهُنَّ فَمَا لَكُمْ عَلَيْهِنَّ مِنْ عِدَّةٍ تَعْتَدُّونَهَا۔

یزید نحوی نے عکرمہ سے روایت کی ہے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا "اور طلاق والی عورتیں روکے رکھیں اپنی جانوں کو تین حیض تک" (۲: ۲۲۸) فرمایا کہ جو عورتیں حیض سے مایوس ہو جائیں یا جنہیں شک پڑ جائے تو ان کی عدت تین ماہ ہے۔ پس یہ اس سے منسوخ کرتے ہوئے فرمایا۔ پھر تم انہیں طلاق دو ہاتھ لگانے سے پہلے تو ان پر کوئی عدت نہیں جو تم شمار کرتے ہو (۳۳: ۴۹)

بَابٌ ۱۶۶ فِي الْمُرَاجَعَةِ۔

رجعت کا بیان

۵۱۳۔ حَدَّثَنَا سَهْلُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الزُّبَيْرِ الْعَسْكَرِيُّ نَا يَحْيَى بْنُ زَكَرِيَّا بْنِ أَبِي زَائِدَةَ عَنْ صَالِحِ بْنِ صَالِحٍ عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنْ عُمَرَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ طَلَّقَ حَفْصَةَ ...

سہل بن محمد بن زبیر عسکری، یحییٰ بن زکریا بن ابی زائدہ، صالح بن صالح، سلمہ بن کہیل، سعید بن جبیر، حضرت ابن عباس نے حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت حفصہ کو طلاق دی اور پھر ان سے مراجعت فرمائی۔

باب في نفقة المبتوتة

۵۱۴۔ حدثنا القعنبي عن مالك عن عبد الله بن يزيد مولى الأسود بن سفيان عن أبي سلمة بن عبد الرحمن عن فاطمة بنت قيس أن أبا عمرو بن حفص طلقها البتة وهو غائب فأرسل إليها وكيله بشعير فسخطته فقال والله ما لك علينا من شيء فجاءت رسول الله فذكرت ذلك له فقال لها ليس لك عليه نفقة وأمرها أن تعتد في بيت أم شريك ثم قال إن تلك امرأة يغشاها أصحابي اعتدي في بيت ابن أم مكتوم فإنه رجل أعمى تضعين ثيابك وإذا حللت فآذنيني قالت فلما حللت ذكرت له أن معاوية بن أبي سفيان وأبا جهم خطباني فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم أما أبو جهم فلا يضع عصاه عن عاتقه وأما معاوية فصعلوك لا مال له انكحي أسامة بن زيد قال فكرهته ثم قال انكحي أسامة بن زيد فنكحته فجعل الله تعالى فيه خيرا واغتبطت۔

طلاق بتہ والی کے نفقے کا بیان

ابوسلمہ بن عبد الرحمٰن نے حضرت فاطمہ بنت قیس رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کی ہے کہ حضرت عمرو بن حفص نے انہیں طلاق بتہ دے دی اور وہ موجود نہ تھے تو انہوں نے اپنے وکیل کے ہاتھ جو بھیجے۔ انہیں ناراضگی ہوئی تو انہوں نے کہا۔ خدا کی قسم، تمہارا ہم پر کوئی قرض نہیں ہے۔ انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر اس کا ذکر کیا تو آپ نے ان سے فرمایا۔ تمہارا ان پر نفقہ نہیں ہے اور حکم فرمایا کہ ام شریک کے گھر میں عدت گزارو۔ پھر فرمایا کہ وہ ایسا گھر ہے جہاں میرے صحابہ آتے ہیں لہٰذا تم ابن ام مکتوم کے گھر میں عدت گزارو کیونکہ وہ نابینا ہیں تم اپنے کپڑے اتار سکو گی اور جب تم حلال ہو جاؤ تو مجھے اطلاع دینا۔ جب میں حلال ہو گئی تو آپ کو بتایا کہ حضرت معاویہ بن ابوسفیان اور حضرت ابوجہم نے مجھے پیغام دیا ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ابوجہم تو اپنی لاٹھی کندھے سے اتارتے ہی نہیں اور معاویہ تنگ دست ہیں ان کے پاس مال نہیں تم اسامہ بن زید سے نکاح کر لو۔ ان کا بیان ہے کہ میں نے انہیں ناپسند کیا۔ فرمایا کہ اسامہ بن زید سے نکاح کر لو۔ پس میں نے ان سے نکاح کر لیا تو اللہ تعالیٰ نے اس میں اتنی بھلائی رکھی کہ مجھ پر رشک کیا گیا۔

ف۔ جب حضرت فاطمہ بنت قیس کو اُن کے خاوند حضرت ابوعمرو بن قیس نے طلاق دے دی تو رحمتِ دو عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اُن سے پیغامات کے متعلق پوچھا۔ انہوں نے بتایا کہ حضرت معاویہ بن ابوسفیان اور حضرت ابوجہم کی جانب سے پیغام ملا ہے۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنی جانب سے حضرت اسامہ بن زید کا پیغام دیا اور مذکورہ دونوں حضرات پر بعض وجوہات کے باعث اسامہ کو ترجیح دی۔ معلوم ہوا کہ زید کو مثلاً مشورہ دیتے ہوئے اس کے مفاد کی خاطر کسی کی خامیاں بیان کرنی پڑیں تو اس میں کوئی مضائقہ نہیں اور یہ غیبت نہیں ہے۔ لیکن زید کو چاہیئے کہ جو باتیں اس کے مفاد کی خاطر کہی گئی ہیں۔ انہیں نشر نہ کرے تاکہ وہ کسی غلط فہمی اور جھگڑے کا پیش خیمہ نہ بننے پائیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

۵۱۵۔ حدثنا موسى بن إسمعيل نا أبان بن يزيد العطار حدثنا يحيى بن كثير حدثني أبو سلمة بن عبد الرحمن أن فاطمة

یحییٰ بن کثیر نے ابوسلمہ بن عبد الرحمٰن سے روایت کی ہے کہ حضرت فاطمہ بنت قیس رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے انہیں بتایا کہ حضرت ابوحفص بن مغیرہ نے انہیں تین طلاقیں دے دیں۔ پھر

بِنْتَ قَيْسٍ حَدَّثَتْهُ أَنَّ أَبَا حَفْصِ بْنَ الْمُغِيرَةِ طَلَّقَهَا ثَلَاثًا وَسَاقَ الْحَدِيثَ فِيهِ وَأَنَّ خَالِدَ ابْنَ الْوَلِيدِ وَنَفَرًا مِنْ بَنِي مَخْزُومٍ أَتَوُا النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالُوا يَا نَبِيَّ اللهِ إِنَّ أَبَا حَفْصِ بْنَ الْمُغِيرَةِ طَلَّقَ امْرَأَتَهُ ثَلَاثًا وَإِنَّهُ تَرَكَ لَهَا نَفَقَةً يَسِيرَةً فَقَالَ لَا نَفَقَةَ لَهَا وَسَاقَ الْحَدِيثَ وَحَدِيثُ مَالِكٍ أَتَمُّ۔

باقی حدیث بیان کر کے کہا کہ حضرت خالد بن ولید اور بنی مخزوم کے کچھ حضرات نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض گزار ہوئے کہ یا نبی اللہ! ابو حفص بن مغیرہ نے اپنی بیوی کو تین طلاقیں دے دیں اور اس کے لیے خرچ بہت کم چھوڑا ہے۔ فرمایا کہ وہ نفقہ کی حقدار نہیں اور باقی حدیث بیان کی لیکن مالک کی حدیث زیادہ مکمل ہے۔

۵۱۶۔ حَدَّثَنَا مَحْمُودُ بْنُ خَالِدِ بْنِ الْوَلِيدِ نَا أَبُو عَمْرٍو عَنْ يَحْيَى حَدَّثَنِي أَبُو سَلَمَةَ حَدَّثَتْنِي فَاطِمَةُ بِنْتُ قَيْسٍ أَنَّ أَبَا عَمْرِو بْنَ حَفْصٍ الْمَخْزُومِيَّ طَلَّقَهَا ثَلَاثًا وَسَاقَ الْحَدِيثَ وَخَبَرَ خَالِدِ بْنِ الْوَلِيدِ قَالَ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْسَتْ لَهَا نَفَقَةٌ وَلَا مَسْكَنٌ قَالَ فِيهِ وَأَرْسَلَ إِلَيْهَا رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ لَا تَسْبِقِينِي بِنَفْسِكِ۔

ابو سلمہ کو حضرت فاطمہ بنت قیس رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے بتایا کہ حضرت ابو عمرو بن حفص مخزومی نے انہیں تین طلاقیں دے دیں۔ پھر باقی حدیث بیان کی اور حضرت خالد بن ولید کا خبر دینا پس نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اسے نفقہ اور گھر نہیں ملے گا۔ اسی میں کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس کے لیے پیغام بھیجا کہ مجھ سے بغیر پوچھے اپنا فیصلہ نہ کر لینا۔

۵۱۷۔ حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ أَنَّ مُحَمَّدَ ابْنَ جَعْفَرٍ حَدَّثَهُمْ نَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو وَعَنْ يَحْيَى عَنْ أَبِي سَلَمَةَ عَنْ فَاطِمَةَ بِنْتِ قَيْسٍ قَالَتْ كُنْتُ عِنْدَ رَجُلٍ مِنْ بَنِي مَخْزُومٍ فَطَلَّقَنِي الْبَتَّةَ ثُمَّ سَاقَ نَحْوَ حَدِيثِ مَالِكٍ قَالَ فِيهِ وَلَا تُفَوِّتِينِي بِنَفْسِكِ قَالَ أَبُو دَاوُدَ وَكَذَلِكَ رَوَاهُ الشَّعْبِيُّ وَالْبَهِيُّ وَعَطَاءٌ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَاصِمٍ وَأَبُو بَكْرِ بْنِ أَبِي الْجَهْمِ كُلُّهُمْ عَنْ فَاطِمَةَ بِنْتِ قَيْسٍ أَنَّ زَوْجَهَا طَلَّقَهَا ثَلَاثًا۔

یحییٰ نے ابو سلمہ سے روایت کی ہے کہ حضرت فاطمہ بنت قیس رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا۔ میں بنی مخزوم کے ایک مرد کے نکاح میں تھی جس نے مجھے طلاق بتہ دے دی۔ پھر باقی واقعہ حدیث مالک کی طرح بیان کرتے ہوئے کہا۔ اپنی جان کو گنوا نہ بیٹھنا۔ امام ابو داؤد نے فرمایا کہ اسی طرح روایت کیا اسے شعبی اور بہی اور عطاء نے عبدالرحمٰن بن عاصم اور ابو بکر بن ابو الجہم سے اور سب نے حضرت فاطمہ بنت قیس سے کہ ان کے خاوند نے انہیں تین طلاقیں دے دیں۔

۵۱۸۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ أَنَا سُفْيَانُ نَا سَلَمَةُ بْنُ كُهَيْلٍ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ فَاطِمَةَ بِنْتِ قَيْسٍ أَنَّ زَوْجَهَا طَلَّقَهَا ثَلَاثًا فَلَمْ يَجْعَلْ لَهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَفَقَةً وَلَا سُكْنَى۔

شعبی نے حضرت فاطمہ بنت قیس رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کی ہے کہ ان کے خاوند نے انہیں تین طلاقیں دے دیں تو نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے انہیں (دوران عدت کا) خرچ خوراک اور گھر نہ دلایا۔

۵۱۹۔ حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ خَالِدٍ الرَّمْلِيُّ نَا

ابو سلمہ بن عبدالرحمٰن کو حضرت فاطمہ بنت قیس رضی اللہ

www.sirat-e-mustaqeem.com

اللَّيْثُ عَنْ عُقَيْلٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ أَبِي سَلَمَةَ عَنْ فَاطِمَةَ بِنْتِ قَيْسٍ أَنَّهَا أَخْبَرَتْهُ أَنَّهَا كَانَتْ عِنْدَ أَبِي حَفْصِ بْنِ الْمُغِيرَةِ وَأَنَّ أَبَا حَفْصِ بْنَ الْمُغِيرَةِ طَلَّقَهَا آخِرَ ثَلَاثِ تَطْلِيقَاتٍ فَزَعَمَتْ أَنَّهَا جَاءَتْ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاسْتَفْتَتْهُ فِي خُرُوجِهَا مِنْ بَيْتِهَا فَأَمَرَهَا أَنْ تَنْتَقِلَ إِلَى ابْنِ أُمِّ مَكْتُومٍ الْأَعْمَى فَأَبَى مَرْوَانُ أَنْ يُصَدِّقَ حَدِيثَ فَاطِمَةَ فِي خُرُوجِ الْمُطَلَّقَةِ مِنْ بَيْتِهَا قَالَ عُرْوَةُ أَنْكَرَتْ عَائِشَةُ عَلَى فَاطِمَةَ بِنْتِ قَيْسٍ قَالَ أَبُو دَاوُدَ وَكَذَلِكَ رَوَاهُ صَالِحُ ابْنُ كَيْسَانَ وَابْنُ جُرَيْجٍ وَشُعَيْبُ بْنُ أَبِي حَمْزَةَ كُلُّهُمْ عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ أَبُو دَاوُدَ شُعَيْبُ بْنُ أَبِي حَمْزَةَ وَاسْمُ أَبِي حَمْزَةَ دِينَارٌ وَهُوَ مَوْلَى زِيَادٍ۔

۵۲۰۔ حَدَّثَنَا مَخْلَدُ بْنُ خَالِدٍ نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ عَنْ مَعْمَرٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ قَالَ أَرْسَلَ مَرْوَانُ إِلَى فَاطِمَةَ فَسَأَلَهَا فَأَخْبَرَتْهُ أَنَّهَا كَانَتْ عِنْدَ أَبِي حَفْصٍ وَكَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَمَّرَ عَلِيَّ بْنَ أَبِي طَالِبٍ يَعْنِي عَلَى بَعْضِ الْيَمَنِ فَخَرَجَ مَعَهُ زَوْجُهَا فَبَعَثَ إِلَيْهَا بِتَطْلِيقَةٍ كَانَتْ بَقِيَتْ لَهَا وَأَمَرَ عَيَّاشَ بْنَ أَبِي رَبِيعَةَ وَالْحَارِثَ ابْنَ هِشَامٍ أَنْ يُنْفِقَا عَلَيْهَا فَقَالَا وَاللَّهِ مَا لَهَا نَفَقَةٌ إِلَّا أَنْ تَكُونَ حَامِلًا فَأَتَتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَا نَفَقَةَ لَكِ إِلَّا أَنْ تَكُونِي حَامِلًا وَاسْتَأْذَنَتْهُ فِي الِانْتِقَالِ فَأَذِنَ لَهَا فَقَالَتْ أَيْنَ أَنْتَقِلُ يَا رَسُولَ اللَّهِ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِنْدَ ابْنِ أُمِّ مَكْتُومٍ وَكَانَ أَعْمَى تَضَعُ ثِيَابَهَا عِنْدَهُ وَلَا يُبْصِرُهَا فَلَمْ تَزَلْ هُنَاكَ حَتَّى مَضَتْ عِدَّتُهَا فَأَنْكَحَهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أُسَامَةَ فَرَجَعَ قَبِيصَةُ إِلَى مَرْوَانَ فَأَخْبَرَهُ

تعالیٰ عنہا نے بتایا کہ وہ حضرت حفص بن مغیرہ کے نکاح میں تھیں تو حضرت حفص بن مغیرہ نے انہیں تین طلاقیں دے دیں۔ وہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو گئیں اور آپ سے دریافت کیا ان کے گھر سے نکلنے سے متعلق۔ آپ نے انہیں حکم فرمایا کہ ابن ام مکتوم کے گھر میں منتقل ہو جاؤ جو نابینا ہیں۔ مروان نے حدیثِ فاطمہ کی تصدیق سے انکار کیا کہ مطلقہ اپنے گھر سے نکلی ہو۔ عروہ کا بیان ہے کہ حضرت عائشہ صدیقہ نے بھی حضرت فاطمہ بنت قیس کی اس بات کا انکار کیا ہے امام ابوداؤد نے فرمایا کہ اسی طرح روایت کیا ہے اسے صالح بن کیسان اور ابن جریج اور شعیب بن ابو حمزہ سب نے زہری سے امام ابوداؤد نے فرمایا کہ شعیب بن ابو حمزہ کا نام دینار ہے اور وہ زیاد کے مولیٰ ہیں۔

عبید اللہ کا بیان ہے کہ مروان نے حضرت فاطمہ سے پوچھنے کے لیے آدمی بھیجا تو انہوں نے اسے بتایا کہ وہ حضرت ابو حفص کے نکاح میں تھیں اور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت علی کو یمن کے بعض حصے کا حاکم مقرر فرمایا تو ان کا خاوند بھی ان کے ساتھ گیا اور وہاں سے انہیں تیسری طلاق بھی بھیج دی جو باقی تھی اور حضرت عیاش بن ابو ربیعہ اور حضرت حارث بن ہشام کو ان پر خرچ کرنے کا حکم دیا۔ دونوں نے کہا کہ خدا کی قسم وہ خرچ کی حقدار نہیں ہے ماسوائے اس کے کہ وہ حاملہ ہو۔ وہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو گئیں تو آپ نے فرمایا تمہیں خرچ نہیں ملے گا مگر جبکہ تم حاملہ ہو۔ پھر انہوں نے مکان بدلنے کی اجازت مانگی تو آپ نے اجازت مرحمت فرما دی۔ وہ عرض گزار ہوئیں کہ یا رسول اللہ! کہاں منتقل ہو جاؤں؟ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ابن ام مکتوم کے پاس کیونکہ وہ نابینا تھے کہ وہ کپڑے اتاریں گی تو یہ انہیں دیکھ نہ سکیں گے اور عدت پوری ہونے تک وہیں رہنا۔ پس نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان کا نکاح حضرت

ذٰلِكَ فَقَالَ مَرْوَانُ لَمْ نَسْمَعْ هٰذَا الْحَدِيْثَ اِلَّا مِنِ امْرَاَةٍ فَسَنَاْخُذُ بِالْعِصْمَةِ الَّتِيْ وَجَدْنَا النَّاسَ عَلَيْهَا فَقَالَتْ فَاطِمَةُ حِيْنَ بَلَغَهَا ذٰلِكَ بَيْنِيْ وَبَيْنَكُمْ كِتَابُ اللّٰهِ فَطَلِّقُوْهُنَّ لِعِدَّتِهِنَّ حَتّٰى لَا تَدْرِيْ لَعَلَّ اللّٰهَ يُحْدِثُ بَعْدَ ذٰلِكَ اَمْرًا قَالَتْ فَاَيُّ اَمْرٍ يُحْدِثُ بَعْدَ الثَّلَاثِ قَالَ اَبُوْدَاؤُدَ وَكَذٰلِكَ رَوَاهُ يُوْنُسُ عَنِ الزُّهْرِيِّ وَاَمَّا الزُّبَيْدِيُّ فَرَوَى الْحَدِيْثَيْنِ جَمِيْعًا حَدِيْثَ عُبَيْدِ اللّٰهِ بِمَعْنٰى مَعْمَرٍ وَحَدِيْثَ اَبِيْ سَلَمَةَ بِمَعْنٰى عُقَيْلٍ وَرَوَاهُ مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحٰقَ عَنِ الزُّهْرِيِّ اَنَّ قَبِيْصَةَ ابْنَ ذُؤَيْبٍ حَدَّثَهُ بِمَعْنًى دَلَّ عَلٰى خَبَرِ عُبَيْدِ اللّٰهِ ابْنِ عَبْدِ اللّٰهِ حِيْنَ قَالَ فَرَجَعَ قَبِيْصَةُ اِلٰى مَرْوَانَ فَاَخْبَرَهُ بِذٰلِكَ۔

اسامہ سے کردیا چنانچہ قبیصہ نے واپس جا کر مروان کو یہ بات بتائی۔ مروان نے کہا کہ ہم نے یہ حدیث نہیں سنی مگر صرف ایک عورت سے لیکن ہم اسی پر عمل کریں گے جس پر ہم نے عام لوگوں کو پایا ہے جب حضرت فاطمہ تک یہ بات پہنچی تو انہوں نے فرمایا میرے اور تمہارے درمیان اللہ کی کتاب ہے کہ طلاق دو انہیں عدت میں کیونکہ ہم نہیں جانتے کہ اللہ تعالیٰ اس کے بعد کوئی نئی بات پیدا فرمادے۔ انھوں (حضرت فاطمہ) نے فرمایا کہ تین طلاقوں کے بعد کونسی نئی بات ہوگی؟ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ اسی طرح روایت کیا ہے اسے یونس نے زہری سے اور زبیدی نے ان دونوں حدیثوں کو روایت کیا یعنی حدیث عبداللہ کو معمر سے معناً اور حدیث ابوسلمہ کو معناً عقیل سے اور روایت کیا اسے محمد بن اسحق نے زہری سے کہ قبیصہ بن ذویب نے بتایا معناً عبیداللہ بن عبداللہ کی طرح جبکہ کہا کہ قبیصہ لوٹ کر مروان کے پاس گئے اور انہیں اس بات کی خبر دی۔

بابٌ ۲۶۲ مَنْ اَنْكَرَ ذٰلِكَ عَلٰى فَاطِمَةَ۔

جس نے فاطمہ کی اس بات کا انکار کیا

۵۲۱۔ حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ اَخْبَرَنِيْ اَبُوْ اَحْمَدَ نَا عَمَّارُ بْنُ رُزَيْقٍ عَنْ اَبِيْ اِسْحٰقَ قَالَ كُنْتُ فِي الْمَسْجِدِ الْجَامِعِ مَعَ الْاَسْوَدِ فَقَالَ اَتَتْ فَاطِمَةُ بِنْتُ قَيْسٍ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فَقَالَ مَا كُنَّا لِنَدَعَ كِتَابَ رَبِّنَا وَسُنَّةَ نَبِيِّنَا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِقَوْلِ امْرَاَةٍ لَا نَدْرِيْ اَحَفِظَتْ اَمْ لَا۔

ابواسحق کا بیان ہے کہ میں جامع مسجد میں اسود کے ساتھ بیٹھا ہوا تھا تو انہوں نے فرمایا کہ حضرت فاطمہ بنت قیس آئیں حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس (اور یہ حدیث بیان کی) تو انہوں (حضرت عمر) نے فرمایا کہ ہمارے لیے یہ مناسب نہیں ہے کہ ہم اپنے رب کی کتاب اور اپنے نبی کی سنت کو ایک عورت کے کہنے پر چھوڑ دیں۔ ہمیں نہیں معلوم کہ اسے یہ بات صحیح یاد رہی یا نہیں۔

۵۲۲۔ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ دَاؤُدَ نَا ابْنُ وَهْبٍ اَخْبَرَنِيْ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اَبِي الزِّنَادِ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ لَقَدْ عَابَتْ ذٰلِكَ عَائِشَةُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا اَشَدَّ الْعَيْبِ يَعْنِيْ حَدِيْثَ فَاطِمَةَ بِنْتِ قَيْسٍ وَقَالَتْ اِنَّ فَاطِمَةَ كَانَتْ فِيْ مَكَانٍ وَحْشٍ فَخِيْفَ عَلٰى نَاحِيَتِهَا فَلِذٰلِكَ رَخَّصَ لَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

ہشام بن عروہ سے ان کے والد ماجد نے فرمایا کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے اس پر زبردست اعتراض کیا یعنی حدیث فاطمہ بنت قیس پر اور فرمایا کہ فاطمہ ایک اجڑے ہوئے گھر میں رہتی تھیں لہٰذا اس میں رہنے کے ڈر سے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے انہیں اجازت مرحمت فرما دی تھی۔

۵۲۳۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيْرٍ اَنَا سُفْيٰنُ

عبدالرحمٰن بن قاسم سے والد ماجد نے عروہ بن زبیر سے

www.sirat-e-mustaqeem.com

عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْقَاسِمِ عَنْ اَبِیْہِ عَنْ عُرْوَۃَ ابْنِ الزُّبَیْرِ اَنَّہٗ قِیْلَ لِعَائِشَۃَ اَلَمْ تَرَیْ اِلٰی قَوْلِ فَاطِمَۃَ قَالَتْ اَمَا اَنَّہٗ لَا خَیْرَ لَہَا فِیْ ذِکْرِ ذٰلِکَ۔

روایت کی ہے کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے کہا گیا کہ قول فاطمہ کے بارے میں آپ کا کیا خیال ہے؟ فرمایا کہ اسے بیان کرنے میں ان (حضرت فاطمہ) کے لیے کوئی بھلائی نہیں ہے

۵۲۴۔ حَدَّثَنَا هَارُوْنُ بْنُ زَیْدٍ نَا اَبِیْ عَنْ سُفْیَانَ عَنْ یَحْیَی بْنِ سَعِیْدٍ عَنْ سُلَیْمَانَ ابْنِ یَسَارٍ فِیْ خُرُوْجِ فَاطِمَۃَ قَالَ اِنَّمَا کَانَ ذٰلِکَ مِنْ سُوْءِ الْخُلُقِ۔

یحییٰ بن سعید نے سلیمان بن یسار سے خروج فاطمہ کے بارے میں دریافت کیا تو فرمایا کہ یہ بات ان کے سوئے اخلاق کے باعث ہوئی۔

۵۲۵۔ حَدَّثَنَا الْقَعْنَبِیُّ عَنْ مَالِکٍ عَنْ یَحْیَی ابْنِ سَعِیْدٍ عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ وَ سُلَیْمَانَ بْنِ یَسَارٍ اَنَّہٗ سَمِعَہُمَا یَذْکُرَانِ اَنَّ یَحْیَی ابْنَ سَعِیْدِ بْنِ الْعَاصِ طَلَّقَ بِنْتَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْحَکَمِ الْبَتَّۃَ فَانْتَقَلَہَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ فَاَرْسَلَتْ عَائِشَۃُ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہَا اِلٰی مَرْوَانَ بْنِ الْحَکَمِ وَهُوَ اَمِیْرُ الْمَدِیْنَۃِ فَقَالَتْ لَہٗ اتَّقِ اللّٰہَ وَارْدُدِ الْمَرْاَۃَ اِلٰی بَیْتِہَا فَقَالَ مَرْوَانُ فِیْ حَدِیْثِ سُلَیْمَانَ اَنَّ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ غَلَبَنِیْ وَقَالَ مَرْوَانُ فِیْ حَدِیْثِ الْقَاسِمِ اَوَمَا بَلَغَکِ شَاْنُ فَاطِمَۃَ بِنْتِ قَیْسٍ فَقَالَتْ عَائِشَۃُ لَا یَضُرُّکَ اَنْ لَّا تَذْکُرَ حَدِیْثَ فَاطِمَۃَ فَقَالَ مَرْوَانُ اِنْ کَانَ بِکِ الشَّرُّ فَحَسْبُکِ مَا کَانَ بَیْنَ هٰذَیْنِ مِنَ الشَّرِّ۔

یحییٰ بن سعید نے قاسم بن محمد اور سلیمان بن یسار کو ذکر کرتے ہوئے سنا کہ یحییٰ بن سعید بن العاص نے عبد الرحمٰن بن حکم کی بیٹی کو طلاق بتہ دے دی۔ عبد الرحمٰن نے اسے دوسرے مکان میں منتقل کر دیا۔ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے مروان بن حکم حاکم مدینہ کو پیغام بھیجتے ہوئے فرمایا کہ اللہ سے ڈرو اور عورت کو اس کے گھر میں واپس لوٹاؤ۔ چنانچہ حدیث سلیمان میں مروان نے کہا کہ عبد الرحمٰن مجھ پر غالب آ گئے تھے اور حدیث قاسم بن محمد میں کہا کہ کیا آپ نے فاطمہ بنت قیس کے متعلق نہیں سنا؟ حضرت عائشہ نے فرمایا کہ حدیث فاطمہ کو بیان نہ کرنا تمہیں کوئی نقصان نہیں پہنچائے گا۔ مروان نے کہا کہ اگر آپ کے نزدیک وہاں شر تھا تو ان کے درمیان بھی شر موجود ہے۔

۵۲۶۔ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ یُوْنُسَ نَا زُهَیْرٌ نَا جَعْفَرُ بْنُ بُرْقَانَ نَا مَیْمُوْنُ بْنُ مِهْرَانَ قَالَ قَدِمْتُ الْمَدِیْنَۃَ فَدُفِعْتُ اِلٰی سَعِیْدِ بْنِ الْمُسَیَّبِ فَقُلْتُ فَاطِمَۃُ بِنْتُ قَیْسٍ طُلِّقَتْ فَخَرَجَتْ مِنْ بَیْتِہَا فَقَالَ سَعِیْدٌ تِلْکَ امْرَاَۃٌ فَتَنَتِ النَّاسَ اَنَّہَا کَانَتْ لَسِنَۃً فَوُضِعَتْ عَلٰی یَدَیِ ابْنِ اُمِّ مَکْتُوْمٍ الْاَعْمٰی۔

میمون بن مہران کا بیان ہے کہ میں مدینہ منورہ میں حاضر ہوا اور سعید بن مسیب کے پاس گیا تو میں نے کہا کہ حضرت فاطمہ بنت قیس کو طلاق دے دی گئی ہے اور وہ اپنے گھر سے نکل گئی ہیں۔ سعید نے فرمایا کہ اس عورت نے لوگوں کو فتنے میں ڈال دیا ہے۔ یہ بات ان کی منہ زوری کے باعث ہوئی کہ انہیں حضرت ابن ام مکتوم کے پاس رکھا گیا جو نابینا تھے۔

ف۔ امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کا مذہب یہ ہے کہ عدت گزارنے والی کو سکونت کی جگہ اور نفقہ دینا خاوند کی ذمہ داری ہے۔ جیسا کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا اور دیگر صحابۂ کرام کا مذہب ہے۔ امام صاحب کے نزدیک

www.sirat-e-mustaqeem.com

حضرت فاطمہ بنت قیس کی یہ حدیث حجت نہیں بلکہ یہ مخصوص حالات میں انہیں اجازت دی گئی تھی جیسا کہ حضرت صدیقہ نے فرمایا ہے۔ سعید بن مسیب کا یہ ارشاد اس سلسلے میں کافی ہے:۔ تِلْكَ امْرَأَةٌ فَتَنَتِ النَّاسَ إِنَّهَا كَانَتْ لَسِنَةً ـــــ اس عورت نے لوگوں کو آزمائش میں ڈال دیا کیونکہ وہ منہ زور تھیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

بَابُ ۱۶۹ فِي الْمَبْتُوتَةِ تَخْرُجُ بِالنَّهَارِ۔

طلاق بتہ والی کا دن میں نکلنا

۵۲۷۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ نَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ أَخْبَرَنِي أَبُو الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ قَالَ طُلِّقَتْ خَالَتِي ثَلَاثًا فَخَرَجَتْ تَجُدُّ نَخْلًا لَهَا فَلَقِيَهَا رَجُلٌ فَنَهَاهَا فَأَتَتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَتْ ذٰلِكَ لَهُ فَقَالَ لَهَا اخْرُجِي فَجُدِّي نَخْلَكِ لَعَلَّكِ أَنْ تَصَدَّقِي مِنْهُ أَوْ تَفْعَلِي خَيْرًا۔

ابوالزبیر کا بیان ہے کہ حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ میری خالہ جان کو تین طلاقیں دے دی گئیں تو وہ کھجوریں توڑنے کے لیے باہر نکلیں۔ پس انہیں ایک آدمی ملا جس نے انہیں منع کیا۔ انھوں نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر اس کا ذکر کیا تو آپ نے ان سے فرمایا تم اپنی کھجوریں توڑنے باہر نکل جایا کرو، شاید تم خیرات کرو اور نیکی کر سکو۔

بَابُ ۱۷۰ نَسْخِ مَتَاعِ الْمُتَوَفَّى عَنْهَا بِمَا فُرِضَ لَهَا مِنَ الْمِيرَاثِ۔

متوفی کے مال سے فائدہ پہنچانا میراث کے حکم سے منسوخ ہو گیا

۵۲۸۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَرْوَزِيُّ حَدَّثَنِي عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ وَاقِدٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ يَزِيدَ النَّحْوِيِّ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَوْلَهُ تَعَالَى وَالَّذِينَ يُتَوَفَّوْنَ مِنْكُمْ وَيَذَرُونَ أَزْوَاجًا وَصِيَّةً لِأَزْوَاجِهِمْ مَتَاعًا إِلَى الْحَوْلِ غَيْرَ إِخْرَاجٍ فَنُسِخَ ذٰلِكَ بِآيَةِ الْمِيرَاثِ بِمَا فُرِضَ لَهُنَّ مِنَ الرُّبُعِ وَالثُّمُنِ وَنُسِخَ أَجَلُ الْحَوْلِ بِأَنْ جُعِلَ أَجَلُهَا أَرْبَعَةَ أَشْهُرٍ وَعَشْرًا۔

احمد بن محمد مروزی، علی بن حسین بن واقد ان کے والد ماجد یزید نحوی، عکرمہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے ارشادِ باری تعالیٰ:۔ "جو تم میں سے وفات پا جائیں اور بیویاں چھوڑ جائیں تو بیویوں کے لیے وصیت کرنا ہے فائدہ پہنچانا ایک سال تک بغیر نکالے" (۲ : ۲۴۰) کے متعلق روایت کی کہ یہ حکم آیت میراث سے منسوخ ہو گیا جس میں ان کا چوتھا اور آٹھواں حصہ مقرر فرمایا گیا ہے اور ایک سال کی مدت منسوخ ہو گئی کہ وہ چار ماہ اور دس دن مقرر کر دیئے گئے۔

بَابُ ۱۷۱ إِحْدَادِ الْمُتَوَفَّى عَنْهَا زَوْجُهَا۔

بیوی کو اپنے خاوند کا سوگ کرنا

۵۲۹۔ حَدَّثَنَا الْقَعْنَبِيُّ عَنْ مَالِكٍ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ أَبِي بَكْرٍ عَنْ حُمَيْدِ بْنِ نَافِعٍ عَنْ زَيْنَبَ بِنْتِ أَبِي سَلَمَةَ أَنَّهَا أَخْبَرَتْهُ بِهٰذِهِ الْأَحَادِيثِ الثَّلَاثَةِ قَالَتْ زَيْنَبُ دَخَلْتُ عَلَى أُمِّ حَبِيبَةَ حِينَ تُوُفِّيَ أَبُوهَا أَبُو سُفْيَانَ فَدَعَتْ بِطِيبٍ فِيهِ صُفْرَةُ خَلُوقٍ أَوْ غَيْرِهِ فَدَهَنَتْ مِنْهُ جَارِيَةً ثُمَّ

حمید بن نافع کو زینب بنت ابو سلمہ نے بتاتے ہوئے فرمایا کہ میں حضرت ام حبیبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی خدمت میں حاضر ہوئی جبکہ ان کے والد ماجد حضرت ابوسفیان کا انتقال ہوا۔ پس انھوں نے خوشبو منگائی جس میں زرد یا کوئی اور رنگ تھا۔ پس ایک لڑکی کو لگائی اور اپنے رخساروں پر ملی پھر فرمایا کہ خدا کی قسم مجھے اس کی ضرورت نہ تھی مگر میں نے رسول اللہ

www.sirat-e-mustaqeem.com

مست بعارضيها ثم قالت والله ما لي بالطيب من حاجة غير اني سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول لا يحل لامرأة تؤمن بالله واليوم الآخر ان تحد على ميت فوق ثلاث ليال الا على زوج اربعة اشهر وعشرا قالت زينب ودخلت على زينب بنت جحش حين توفي اخوها فدعت بطيب فمست منه ثم قالت والله ما لي بالطيب من حاجة غير اني سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول وهو على المنبر لا يحل لامرأة تؤمن بالله واليوم الآخر ان تحد على ميت فوق ثلاث ليال الا على زوج اربعة اشهر وعشرا قالت زينب وسمعت امي ام سلمة تقول جاءت امرأة الى رسول الله صلى الله عليه وسلم فقالت يا رسول الله ان ابنتي توفي زوجها عنها وقد اشتكت عينها افنكحلها فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا مرتين او ثلاثا كل ذلك يقول لا ثم قال رسول الله صلى الله عليه وسلم انما هي اربعة اشهر وعشر وقد كانت احداكن في الجاهلية ترمي بالبعرة على راس الحول قال حميد فقلت لزينب وما ترمي بالبعرة على راس الحول فقالت زينب كانت المرأة اذا توفي عنها زوجها دخلت حفشا ولبست شر ثيابها ولم تمس طيبا ولا شيئا حتى تمر بها سنة ثم تؤتى بدابة حمار او شاة او طائر فتفتض به فقلما تفتض بشيء الا مات ثم تخرج فتعطى بعرة فترمي بها ثم تراجع بعد ما شاءت من طيب او غيره قال ابو داود الحفش بيت صغير۔

صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ نہیں ہے حلال کسی عورت کے لیے جو اللہ اور قیامت پر یقین رکھتی ہو کہ کسی کا سوگ تین دن سے زیادہ کرے مگر اپنے خاوند کا چار ماہ اور دس دن ہے۔ زینب کا بیان ہے کہ میں حضرت زینب بنت جحش رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی خدمت میں حاضر ہوئی جبکہ ان کے بھائی کا انتقال ہوا تھا تو انہوں نے خوشبو منگا کر اس میں سے ملی۔ پھر فرمایا کہ مجھے خوشبو کی ضرورت تو نہ تھی مگر میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو منبر پر فرماتے ہوئے سنا کہ حلال نہیں ہے کسی عورت کے لیے جو اللہ اور قیامت پر ایمان رکھتی ہو کہ کسی میت کا تین دن سے زیادہ سوگ کرے مگر خاوند کا چار ماہ دس دن ہے۔ زینب کا بیان ہے کہ میں نے حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو فرماتے ہوئے سنا کہ ایک عورت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر عرض گزار ہوئی کہ یا رسول اللہ! میری بیٹی کا خاوند فوت ہو گیا ہے اور اس کی آنکھوں میں تکلیف ہے تو کیا ہم ان میں سرمہ لگا دیں؟ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے دو یا تین مرتبہ فرمایا کہ نہیں۔ پھر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ یہ تو چار ماہ دس دن ہیں جبکہ دورِ جاہلیت میں عورت ایک سال پورا ہونے پر مینگنیاں پھینکتی تھی۔ حمید کا بیان ہے کہ میں نے زینب سے کہا۔ سال پورا ہونے پر مینگنیاں پھینکنے سے کیا مراد ہے؟ زینب نے فرمایا کہ جب عورت کا خاوند فوت ہو جاتا تو وہ ایک کوٹھڑی میں گھس جاتی۔ پھٹے پرانے کپڑے پہن لیتی، خوشبو کو ہاتھ بھی نہ لگاتی اور نہ کسی چیز کو یہاں تک کہ سال گزر جاتا۔ پھر اسے کوئی جانور یعنی گدھا، بکری یا پرندہ دیا جاتا جسے وہ اپنے بدن سے ملتی اور ملنے سے شاید ہی وہ جانور زندہ بچتا۔ پھر وہ باہر نکلتی اور اسے مینگنیاں دی جاتیں تو وہ انہیں پھینکتی۔ پھر واپس لوٹنے پر چاہتی تو خوشبو وغیرہ استعمال کرتی۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ الحفش چھوٹے مکان کو کہتے ہیں۔

باب ۳۲ في المتوفى عنها تنتقل

۵۳۰ - حدثنا عبد الله بن مسلمة القعنبي عن مالك عن سعد بن إسحق بن كعب بن عجرة عن عمته زينب بنت كعب بن عجرة أن الفريعة بنت مالك بن سنان وهي أخت أبي سعيد الخدري أخبرتها أنها جاءت إلى رسول الله صلى الله عليه وسلم تسأله أن ترجع إلى أهلها في بني خدرة فإن زوجها خرج في طلب أعبد له أبقوا حتى إذا كانوا بطرف القدوم لحقهم فقتلوه فسألت رسول الله أن أرجع إلى أهلي فإني لم يتركني في مسكن يملكه ولا نفقة قالت فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم نعم قالت فخرجت حتى إذا كنت في الحجرة أو في المسجد دعاني أو أمر بي فدعيت له فقال كيف قلت فرددت عليه القصة التي ذكرت من شأن زوجي قالت فقال امكثي في بيتك حتى يبلغ الكتاب أجله قالت فاعتددت فيه أربعة أشهر وعشرا قالت فلما كان عثمان بن عفان أرسل إلي فسألني عن ذلك فأخبرته فاتبعه فقضى به -

باب ۳۳ من رأى التحول

۵۳۱ - حدثنا أحمد بن محمد المروزي ثنا موسى بن مسعود ثنا شبل عن ابن أبي نجيح قال قال عطاء قال ابن عباس نسخت هذه الآية عدتها عند أهلها فتعتد حيث شاءت وهو قول الله عز وجل غير إخراج قال عطاء إن شاءت اعتدت عند أهله وسكنت في وصيتها وإن شاءت خرجت لقول الله عز وجل فإن خرجن فلا جناح عليكم فيما فعلن قال

کیا متوفی کی بیوی مکان بدل سکتی ہے

سعد بن اسحٰق بن کعب بن عجرہ کی پھوپھی جان حضرت زینب بنت کعب بن عجرہ سے روایت ہے کہ حضرت ابوسعید خدری کی بہن حضرت فریعہ بنت مالک بن سنان رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے انہیں بتایا کہ وہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں یہ پوچھنے کے لیے حاضر ہوئیں کہ بنی خدرہ میں اپنے میکے والوں کے پاس واپس چلی جائیں کیونکہ ان کا خاوند بھاگے ہوئے غلاموں کی تلاش میں نکلا تھا۔ قدوم کے پاس انہیں جا ملے لیکن انہوں (غلاموں) نے اسے قتل کر دیا۔ پس میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے پوچھا کہ اپنے میکے والوں کے پاس چلی جاؤں کیونکہ انہوں نے میرے لیے اپنی ملکیت کا کوئی مکان نہیں چھوڑا اور نہ نفقہ ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ہاں۔ پس میں نکل آئی یہاں تک کہ حجرہ یا مسجد میں تھی تو مجھے بلایا یا میرے لیے حکم فرمایا تو مجھے بلایا گیا۔ فرمایا کہ تم نے کیا کہا تھا۔ میں نے سارا واقعہ اور اپنے خاوند کی وفات کا واقعہ عرض کر دیا۔ فرمایا کہ اپنے ہی مکان میں رہو یہاں تک کہ عدت پوری ہو جائے میں نے چار مہینے دس دن اسی میں پورے کیے۔ جب حضرت عثمان بن عفان نے یہ بات پوچھنے کے لیے میرے پاس آدمی بھیجا تو میں نے بتا دیا تو انہوں نے اس کی پیروی کرتے ہوئے اسی کے مطابق حکم دیا۔

جس نے مکان بدلنا جائز کہا ہے

عطاء سے روایت ہے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا کہ یہ آیت (۲: ۲۴۰) اپنے گھر والوں کے پاس عدت گزارنے کی منسوخ ہو گئی ہے۔ پس وہ جہاں چاہے عدت گزار سکتی ہے اور اس وقت اللہ تعالیٰ نے فرمایا تھا۔ "بغیر نکالے"۔ عطاء کا بیان ہے کہ اب چاہے تو اپنے گھر والوں کے پاس عدت گزارے اور اس گھر میں رہے جس کے لیے وصیت کی ہو اور چاہے تو نکل جائے جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے۔ "اگر وہ نکل جائیں تو جو انہوں نے کیا اس

عَطَاءٌ ثُمَّ جَاءَ الْمِيرَاثُ فَنَسَخَ السُّكْنَى تَعْتَدُّ حَيْثُ شَاءَتْ۔

کا تم پر کوئی گناہ نہیں ہے" (۲۴۰:۲)۔ عطاء نے کہا کہ پھر میراث کا حکم آ گیا تو رہائش منسوخ ہو گئی لہٰذا جہاں وہ چاہے عدت گزارے۔

بَابٌ ۱۲۸ فِيمَا تَجْتَنِبُ الْمُعْتَدَّةُ فِي عِدَّتِهَا

دورانِ عدت کن چیزوں سے بچنا چاہیے

۵۳۲ - حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّوْرَقِيُّ نَا يَحْيَى بْنُ أَبِي بُكَيْرٍ نَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ طَهْمَانَ حَدَّثَنِي هِشَامُ بْنُ حَسَّانَ ح وَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ الْجَرَّاحِ الْقُهُسْتَانِيُّ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ يَعْنِي ابْنَ بَكْرٍ السَّهْمِيَّ عَنْ هِشَامٍ وَهَذَا لَفْظُ ابْنِ الْجَرَّاحِ عَنْ حَفْصَةَ عَنْ أُمِّ عَطِيَّةَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تُحِدُّ الْمَرْأَةُ فَوْقَ ثَلَاثٍ إِلَّا عَلَى زَوْجٍ فَإِنَّهَا تُحِدُّ عَلَيْهِ أَرْبَعَةَ أَشْهُرٍ وَعَشْرًا وَلَا تَلْبَسُ ثَوْبًا مَصْبُوغًا إِلَّا ثَوْبَ عَصْبٍ وَلَا تَكْتَحِلُ وَلَا تَمَسُّ طِيبًا إِلَّا أَدْنَى طُهْرَتِهَا إِذَا طَهُرَتْ مِنْ مَحِيضِهَا بِنُبْذَةٍ مِنْ قُسْطٍ أَوْ أَظْفَارٍ قَالَ يَعْقُوبُ مَكَانَ عَصْبٍ إِلَّا مَغْسُولًا وَزَادَ يَعْقُوبُ وَلَا تَخْتَضِبُ۔

یعقوب بن ابراہیم دورقی، یحییٰ بن ابوبکیر، ابراہیم بن طہمان، ہشام بن حسان، عبداللہ بن جراح قہستانی، عبداللہ بن بکر السہمی، ہشام، حفصہ نے حضرت ام عطیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کوئی عورت تین دن سے زیادہ سوگ نہ کرے مگر اپنے خاوند کا سوگ چار ماہ دس دن ہے۔ سوگ کے دوران رنگین کپڑا نہ پہنے مگر یمنی سادہ کپڑا اور نہ سرمہ لگائے اور نہ خوشبو لگے مگر جب حیض سے پاک ہو جائے تو قسط یا اظفار تھوڑی مقدار میں لگا سکتی ہے۔ یعقوب نے عَصْب کی جگہ کہا کہ دُھلا ہوا کپڑا اور یعقوب نے یہ بھی کہا کہ مہندی بھی نہ لگائے۔

۵۳۳ - حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ وَمَالِكُ بْنُ عَبْدِ الْوَاحِدِ الْمِسْمَعِيُّ قَالَا نَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ عَنْ هِشَامٍ عَنْ حَفْصَةَ عَنْ أُمِّ عَطِيَّةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِهَذَا الْحَدِيثِ وَلَيْسَ فِي تَمَامِ حَدِيثِهِمَا قَالَ الْمِسْمَعِيُّ قَالَ يَزِيدُ وَلَا أَعْلَمُهُ إِلَّا فِيهِ وَلَا تَخْتَضِبُ وَزَادَ فِيهِ هَارُونُ وَلَا تَلْبَسُ ثَوْبًا مَصْبُوغًا إِلَّا ثَوْبَ عَصْبٍ۔

حفصہ نے حضرت ام عطیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ پھر اسی حدیث کی طرح کہا اور دونوں میں یہ مکمل حدیث نہیں ہے۔ مسمعی نے یزید کا قول نقل کیا ہے کہ میں نہیں جانتا مگر یہ کہ مہندی بھی نہ لگائے۔ ہارون نے اس میں یہ بھی کہا کہ رنگین کپڑا نہ پہنے مگر دھاری دار سادہ کپڑا۔

۵۳۴ - حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ نَا يَحْيَى بْنُ أَبِي بُكَيْرٍ نَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ طَهْمَانَ حَدَّثَنِي بُدَيْلٌ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ صَفِيَّةَ بِنْتِ شَيْبَةَ عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ الْمُتَوَفَّى عَنْهَا زَوْجُهَا لَا تَلْبَسُ الْمُعَصْفَرَ مِنَ الثِّيَابِ

زہیر بن حرب، یحییٰ بن ابی بکیر، ابراہیم بن طہمان، بدیل، حسن بن مسلم، صفیہ بنت شیبہ، نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی زوجۂ مطہرہ حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جس عورت کا خاوند فوت ہو جائے تو وہ (دورانِ سوگ) نہ کسم کا رنگا ہوا کپڑا پہنے اور نہ گیرو کا۔ وہ زیور نہ پہنے اور نہ مہندی

www.sirat-e-mustaqeem.com

وَلَا الْمُمَشَّقَةَ وَلَا الْحُلِيَّ وَلَا تَخْتَضِبُ وَلَا تَكْتَحِلُ

۵۳۵۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ نَا ابْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي مَخْرَمَةُ عَنْ أَبِيهِ قَالَ سَمِعْتُ الْمُغِيرَةَ ابْنَ الضَّحَّاكِ يَقُولُ أَخْبَرَتْنِي أُمُّ حَكِيمٍ بِنْتُ أَسِيدٍ عَنْ أُمِّهَا أَنَّ زَوْجَهَا تُوُفِّيَ وَكَانَتْ تَشْتَكِي عَيْنَيْهَا فَتَكْتَحِلُ بِالْجَلَاءِ قَالَ أَحْمَدُ الصَّوَابُ بِكُحْلِ الْجَلَاءِ فَأَرْسَلَتْ مَوْلَاةً لَهَا إِلَى أُمِّ سَلَمَةَ فَسَأَلَتْهَا عَنْ كُحْلِ الْجَلَاءِ فَقَالَتْ لَا تَكْتَحِلِي بِهِ إِلَّا مِنْ أَمْرٍ لَا بُدَّ مِنْهُ يَشْتَدُّ عَلَيْكِ فَتَكْتَحِلِينَ بِاللَّيْلِ وَتَمْسَحِينَهُ بِالنَّهَارِ ثُمَّ قَالَتْ عِنْدَ ذَلِكَ أُمُّ سَلَمَةَ دَخَلَ عَلَيَّ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَ تُوُفِّيَ أَبُو سَلَمَةَ وَقَدْ جَعَلْتُ عَلَى عَيْنِي صَبِرًا فَقَالَ مَا هَذَا يَا أُمَّ سَلَمَةَ فَقُلْتُ إِنَّمَا هُوَ صَبِرٌ يَا رَسُولَ اللَّهِ لَيْسَ فِيهِ طِيبٌ قَالَ إِنَّهُ يَشُبُّ الْوَجْهَ فَلَا تَجْعَلِيهِ إِلَّا بِاللَّيْلِ وَتَنْزِعِيهِ بِالنَّهَارِ وَلَا تَمْتَشِطِي بِالطِّيبِ وَلَا بِالْحِنَّاءِ فَإِنَّهُ خِضَابٌ قَالَتْ قُلْتُ بِأَيِّ شَيْءٍ أَمْتَشِطُ يَا رَسُولَ اللَّهِ قَالَ بِالسِّدْرِ تُغَلِّفِينَ بِهِ رَأْسَكِ۔

یا سرمہ لگائے۔

مغیرہ بن ضحاک نے امّ حکیم بنت اسید سے روایت کی ہے کہ ان کی والدۂ ماجدہ کا خاوند فوت ہو گیا اور ان کی آنکھوں میں تکلیف تھی وہ سرمہ کی طرح آنکھوں میں جلا لگاتیں۔ احمد نے کہا کہ جلاء کا سرمہ لگاتیں۔ انھوں نے اپنی مولاۃ کو جلاء کے سرمے کا حکم معلوم کرنے کی غرض سے حضرت امّ سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی خدمت میں بھیجا کہ ان سے جلاء کے سرمے کی بابت پوچھا جائے۔ فرمایا کہ اس کا سرمہ نہ لگانا مگر جبکہ اور چارۂ کار نہ ہو سخت تکلیف کے باعث رات میں لگا لینا اور دن میں دھو دینا۔ پھر اس کے ساتھ حضرت امّ سلمہ نے فرمایا کہ جب حضرت ابو سلمہ فوت ہو گئے تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میرے پاس تشریف لائے اور میں نے آنکھوں میں مصبر لگا رکھا تھا۔ فرمایا اے امّ سلمہ! یہ کیا ہے؟ عرض گزار ہوئی کہ یا رسول اللہ! یہ مصبر ہے، اس میں خوشبو نہیں ہوتی فرمایا کہ یہ چہرے کو تازگی پہنچاتا ہے لہٰذا اسے نہ لگایا کرو مگر رات میں اور دن میں ہٹا دیا کرو۔ نیز خوشبو یا مہندی لگا کر کنگھی نہ کیا کرنا کیونکہ یہ خضاب ہے۔ میں عرض گزار ہوئی کہ یا رسول اللہ! کس چیز سے دھو کر کنگھی کیا کروں؟ فرمایا کہ بیری کے پتوں کے پانی [illegible]

ف۔ آجکل عورتوں کی جانب سے طلاق کے واقعات تو پورے زوروں پر ہیں اور عدالتوں میں ایسے مقدمات کی روزانہ بھرمار رہتی ہے لیکن عدت کی ذرا پروا نہیں کی جاتی۔ عدت میں خوشبو لگانے، سنگار کرنا اور رنگین کپڑے پہننے کی اجازت نہیں لیکن زیادہ سے زیادہ یہی کیا جاتا ہے کہ صرف عدت کے دنوں میں نکاح نہ کیا جائے ورنہ ایام عدت کی طرح دن گزارتے ہی نہیں جاتے اور نہ مطلقاً اُن چیزوں سے بچنے کی کوشش کی جاتی ہے جن سے عدت کے دنوں میں بچنا ضروری ہے۔ اللہ تعالیٰ تمام مدعیان اسلام کو اسلامی تعلیمات پر عمل کرنے کی توفیق مرحمت فرمائے، آمین

بَابُ ۱۷۵ فِي عِدَّةِ الْحَامِلِ۔

حاملہ کی عدت کا بیان

۵۳۶۔ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ الْمَهْرِيُّ أَنَا ابْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي يُونُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ حَدَّثَنِي عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُتْبَةَ أَنَّ أَبَاهُ كَتَبَ إِلَى عُمَرَ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ الْأَرْقَمِ الزُّهْرِيِّ يَأْمُرُهُ

عبید اللہ بن عبد اللہ بن عتبہ نے عمر بن عبد اللہ بن ارقم زہری کے لیے لکھا کہ حضرت سبیعہ بنت حارث اسلمیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے پاس آجاؤ اور ان سے وہ بات دریافت پوچھو جو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان سے فرمائی

أَنْ يَدْخُلَ عَلَى سُبَيْعَةَ بِنْتِ الْحَارِثِ الْأَسْلَمِيَّةِ فَيَسْأَلَهَا عَنْ حَدِيثِهَا وَعَمَّا قَالَ لَهَا رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَ اسْتَفْتَتْهُ فَكَتَبَ عُمَرُ بْنُ عَبْدِ اللهِ إِلَى عَبْدِ اللهِ بْنِ عُتْبَةَ يُخْبِرُهُ أَنَّ سُبَيْعَةَ أَخْبَرَتْهُ أَنَّهَا كَانَتْ تَحْتَ سَعْدِ بْنِ خَوْلَةَ وَهُوَ مِنْ بَنِي عَامِرِ بْنِ لُؤَيٍّ وَهُوَ مِمَّنْ شَهِدَ بَدْرًا فَتُوُفِّيَ عَنْهَا فِي حَجَّةِ الْوَدَاعِ وَهِيَ حَامِلٌ فَلَمْ تَنْشَبْ أَنْ وَضَعَتْ حَمْلَهَا بَعْدَ وَفَاتِهِ فَلَمَّا تَعَلَّتْ مِنْ نِفَاسِهَا تَجَمَّلَتْ لِلْخُطَّابِ فَدَخَلَ عَلَيْهَا أَبُو السَّنَابِلِ بْنُ بَعْكَكٍ رَجُلٌ مِنْ بَنِي عَبْدِ الدَّارِ فَقَالَ لَهَا مَا لِي أَرَاكِ مُتَجَمِّلَةً لَعَلَّكِ تَرْتَجِينَ النِّكَاحَ إِنَّكِ وَاللهِ مَا أَنْتِ بِنَاكِحٍ حَتَّى تَمُرَّ عَلَيْكِ أَرْبَعَةُ أَشْهُرٍ وَعَشْرٌ قَالَتْ سُبَيْعَةُ فَلَمَّا قَالَ لِي ذَلِكَ جَمَعْتُ عَلَيَّ ثِيَابِي حِينَ أَمْسَيْتُ فَأَتَيْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَأَلْتُهُ عَنْ ذَلِكَ فَأَفْتَانِي بِأَنِّي قَدْ حَلَلْتُ حِينَ وَضَعْتُ حَمْلِي وَأَمَرَنِي بِالتَّزْوِيجِ إِنْ بَدَا لِي قَالَ ابْنُ شِهَابٍ وَلَا أَرَى بَأْسًا أَنْ تَتَزَوَّجَ حِينَ وَضَعَتْ وَإِنْ كَانَتْ فِي دَمِهَا غَيْرَ أَنْ لَا يَقْرَبُهَا زَوْجُهَا حَتَّى تَطْهُرَ۔

تھی جبکہ انہوں نے دریافت کیا تھا۔ پس عمر بن عبداللہ نے عبداللہ بن عتبہ کو بتاتے ہوئے لکھا کہ وہ حضرت سعد بن خولہ کے نکاح میں تھیں، جو بنی عامر بن لوی سے تھے اور غزوۂ بدر میں شریک ہوئے تھے وہ حجۃ الوداع کے موقع پر فوت ہوئے اور اس وقت وہ حاملہ تھیں ان کی وفات کے تھوڑا عرصہ بعد انہوں نے بچہ جنا۔ جب وہ نفاس سے فارغ ہو گئیں تو انہوں نے پیغامات کے لیے سنگار کر لیا۔ پس بنی عبدالدار کے ابو السنابل بن بعکک نے ان کے پاس آ کر کہا۔ میں تمہیں سنگار کیے ہوئے دیکھتا ہوں، شاید تم نکاح کی امیدوار ہو؟ خدا کی قسم تم نکاح نہیں کر سکتیں جب تک چار مہینے دس دن نہ گزر جائیں حضرت سبیعہ کا بیان ہے کہ جب انہوں نے مجھ سے یہ کہا تو شام کے وقت میں نے اپنے کپڑے سمیٹے اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو گئی۔ پس اس بارے میں آپ سے دریافت کیا۔ آپ نے مجھے بتایا کہ میں حلال ہو چکی ہوں جبکہ میں نے بچہ جن لیا ہے اور اگر چاہوں تو نکاح کر سکتی ہوں۔ ابن شہاب نے کہا کہ میرے نزدیک بچہ جننے کے بعد نکاح کر لینے میں کوئی مضائقہ نہیں ہے اگرچہ خون آ رہا ہو ہاں شوہر اس وقت تک صحبت نہ کرے جب تک وہ پاک نہ ہو جائے۔

۵۳۷۔ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ ابْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَمُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ قَالَ عُثْمَانُ حَدَّثَنَا وَقَالَ ابْنُ الْعَلَاءِ أَخْبَرَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ نَا الْأَعْمَشُ عَنْ مُسْلِمٍ عَنْ عَبْدِ اللهِ قَالَ مَنْ شَاءَ لَاعَنْتُهُ لَأُنْزِلَتْ سُورَةُ النِّسَاءِ الْقُصْرَى بَعْدَ الْأَرْبَعَةِ الْأَشْهُرِ وَعَشْرٍ۔

عثمان بن ابو شیبہ اور محمد بن علاء، ابو معاویہ، اعمش، مسلم عبداللہ نے فرمایا کہ جو چاہے اس بات پر مجھ سے لعان کرے کہ چھوٹی سورۂ نساء (سورہ الطلاق) حکم ربانی۔ ''چار ماہ دس دن'' کے بعد نازل فرمائی گئی تھی۔

شرح: ف۔ پہلی آیت کی رو سے وفات پانے والے کی بیوی چار ماہ دس دن عدت گزارے اور دوسری آیت کی رُو سے اگر وفات پانے والے کی بیوی حاملہ ہے تو اس کی عدت وضع حمل ہے خواہ آٹھ مہینوں میں بچے کی ولادت ہو یا دو روز بعد۔ لہٰذا دوسری آیت حاملہ عورتوں سے خاص ہو گئی اور پہلی آیت کا حکم صرف غیر حاملہ عورتوں کے متعلق باقی رہا۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

بَابٌ فِي عِدَّةِ أُمِّ الْوَلَدِ۔

۵۳۸۔ حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ أَنَّ مُحَمَّدَ ابْنَ جَعْفَرٍ حَدَّثَهُمْ ح وَنَا ابْنُ الْمُثَنَّى نَا عَبْدُ الْأَعْلَى عَنْ سَعِيدٍ عَنْ مَطَرٍ عَنْ رَجَاءِ بْنِ حَيْوَةَ عَنْ قَبِيصَةَ ابْنِ ذُؤَيْبٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ قَالَ لَا تَلْبِسُوا عَلَيْنَا سُنَّةً قَالَ ابْنُ الْمُثَنَّى سُنَّةَ نَبِيِّنَا صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِدَّةُ الْمُتَوَفَّى عَنْهَا أَرْبَعَةُ أَشْهُرٍ وَعَشْرٌ يَعْنِي أُمَّ الْوَلَدِ۔

ام ولد کی عدت کا بیان

قتیبہ بن سعید، محمد بن جعفر۔ ابن المثنیٰ، عبد الاعلیٰ، سعید، مطر، رجاء بن حیوٰۃ، قبیصہ بن ذویب، حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ حضور کی سنت ہی ہمارے سامنے ملاوٹ نہ کرو۔ ابن المثنیٰ نے کہا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی سنت یہ ہے کہ وفات کی صورت میں ام ولد کی عدت چار ماہ دس دن ہے۔

بَابُ الْمَبْتُوتَةِ لَا يَرْجِعُ إِلَيْهَا زَوْجُهَا حَتَّى تَنْكِحَ زَوْجًا غَيْرَهُ۔

۵۳۹۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا أَبُو مُعَاوِيَةَ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ إِبْرَاهِيمَ عَنِ الْأَسْوَدِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ سُئِلَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ رَجُلٍ طَلَّقَ امْرَأَتَهُ يَعْنِي ثَلَاثًا فَتَزَوَّجَتْ زَوْجًا غَيْرَهُ فَدَخَلَ بِهَا ثُمَّ طَلَّقَهَا قَبْلَ أَنْ يُوَاقِعَهَا أَتَحِلُّ لِزَوْجِهَا الْأَوَّلِ قَالَتْ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَحِلُّ لِلْأَوَّلِ حَتَّى تَذُوقَ عُسَيْلَةَ الْآخَرِ وَيَذُوقَ عُسَيْلَتَهَا۔

جس کو تین طلاقیں دی گئیں اس سے رجوع نہیں ہو سکتا یہاں تک کہ دوسرے خاوند سے نکاح کرے۔

اسود کا بیان ہے کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے پوچھا گیا کہ آدمی نے اپنی بیوی کو تین طلاقیں دے دیں۔ پس اس نے دوسرے خاوند سے نکاح کر لیا۔ وہ اس کے پاس آیا پھر صحبت کرنے سے پہلے اسے طلاق دے دی۔ کیا عورت پہلے خاوند کے لیے حلال ہو گئی؟ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ پہلے کے لیے حلال نہیں ہوتی جب تک دوسرے کا ذائقہ نہ چکھ لے اور دوسرا اس کا ذائقہ چکھ لے۔

بَابٌ فِي تَعْظِيمِ الزِّنَا۔

۵۴۰۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ أَنَا سُفْيَانُ عَنْ مَنْصُورٍ عَنْ أَبِي وَائِلٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُرَحْبِيلَ عَنْ عَبْدِ اللهِ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُولَ اللهِ أَيُّ الذَّنْبِ أَعْظَمُ قَالَ أَنْ تَجْعَلَ لِلّٰهِ نِدًّا وَهُوَ خَلَقَكَ قَالَ قُلْتُ ثُمَّ أَيٌّ قَالَ أَنْ تَقْتُلَ وَلَدَكَ خَشْيَةَ أَنْ يَأْكُلَ مَعَكَ قَالَ ثُمَّ أَيٌّ قَالَ أَنْ تُزَانِيَ حَلِيلَةَ جَارِكَ قَالَ وَأَنْزَلَ تَصْدِيقَ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالَّذِينَ لَا يَدْعُونَ مَعَ اللهِ إِلٰهًا آخَرَ وَلَا يَقْتُلُونَ النَّفْسَ الَّتِي حَرَّمَ اللهُ إِلَّا بِالْحَقِّ وَلَا يَزْنُونَ الْآيَةَ۔

زنا کا عظیم گناہ ہونا

شرحبیل نے حضرت عبد اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ میں عرض گزار ہوا۔ یا رسول اللہ! کونسا گناہ سب سے بڑا ہے؟ فرمایا کہ تو اللہ کا کسی کو شریک کرے حالانکہ اس نے تجھے پیدا کیا ہے۔ میں عرض گزار ہوا کہ پھر کونسا ہے؟ فرمایا کہ تو اپنی اولاد کو اس ڈر سے قتل کرے کہ وہ تیرے ساتھ کھائے گی۔ میں نے عرض کی کہ پھر کونسا ہے؟ فرمایا کہ تو اپنے ہمسائے کی بیوی سے زنا کرے۔ ان کا بیان ہے کہ اللہ تعالیٰ نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تصدیق میں آیت نازل فرمائی۔ جو اللہ کے ساتھ کسی دوسرے خدا کی عبادت نہیں کرتے اور کسی جان کو قتل نہیں کرتے جس کو اللہ نے حرام قرار

(۶۸ [illegible])

www.sirat-e-mustaqeem.com

۵۴۱۔ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ حَجَّاجٍ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ قَالَ وَاَخْبَرَنِي اَبُو الزُّبَيْرِ اَنَّهُ سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ يَقُوْلُ جَاءَتْ مُسَيْكَةُ لِبَعْضِ الْاَنْصَارِ فَقَالَتْ اِنَّ سَيِّدِيْ يُكْرِهُنِيْ عَلَى الْبِغَاءِ فَنَزَلَ وَلَا تُكْرِهُوْا فَتَيٰتِكُمْ عَلَى الْبِغَاءِ۔

ابو الزبیر نے حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما کو فرماتے ہوئے سنا کہ کسی انصاری کی مسیکہ حاضر بارگاہ ہو کر عرض گزار ہوئی کہ میرا آقا مجھے بدکاری کا پیشہ کرنے پر مجبور کرتا ہے پس یہ حکم نازل ہو گیا۔ "اور اپنی لونڈیوں کو بدکاری پر مجبور نہ کرو۔" (۳۳:۲۴)

۵۴۲۔ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُعَاذٍ نَا مُعْتَمِرٌ عَنْ اَبِيْهِ وَمَنْ يُّكْرِهْهُّنَّ فَاِنَّ اللّٰهَ مِنْ بَعْدِ اِكْرَاهِهِنَّ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ قَالَ قَالَ سَعِيْدُ ابْنُ اَبِي الْحَسَنِ غَفُوْرٌ لَّهُنَّ الْمُكْرَهَاتِ،

آخِرُ كِتَابِ الطَّلَاقِ۔

عبید اللہ بن معاذ، معتمر کے والد ماجد نے۔ "اور جو ان میں سے مجبور کی جائیں تو ان کی مجبوری کے بعد اللہ بخشنے والا مہربان ہے (۳۳:۲۴) کے متعلق فرمایا کہ سعید بن ابی الحسن کا قول ہے کہ مجبوری کے باعث انہیں بخش دے گا۔

طلاق کا بیان ختم ہوا۔

www.sirat-e-mustaqeem.com

اَوَّلُ كِتَابِ الصِّيَامِ

١٦٩ - مَبْدَأُ فَرْضِ الصِّيَامِ

۵۴۳ - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ شَبُّوَيْهِ حَدَّثَنِي عَلِيُّ بْنُ حُسَيْنِ بْنِ وَاقِدٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ يَزِيدَ النَّحْوِيِّ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا كُتِبَ عَلَيْكُمُ الصِّيَامُ كَمَا كُتِبَ عَلَى الَّذِينَ مِنْ قَبْلِكُمْ فَكَانَ النَّاسُ عَلَى عَهْدِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا صَلَّوُا الْعَتَمَةَ حَرُمَ عَلَيْهِمُ الطَّعَامُ وَالشَّرَابُ وَالنِّسَاءُ وَصَامُوا إِلَى الْقَابِلَةِ فَاخْتَانَ رَجُلٌ نَفْسَهُ فَجَامَعَ امْرَأَتَهُ وَقَدْ صَلَّى الْعِشَاءَ وَلَمْ يُفْطِرْ فَأَرَادَ اللهُ عَزَّ وَجَلَّ أَنْ يَجْعَلَ ذَلِكَ يُسْرًا لِمَنْ بَقِيَ وَرُخْصَةً وَمَنْفَعَةً فَقَالَ عَلِمَ اللهُ أَنَّكُمْ كُنْتُمْ تَخْتَانُونَ أَنْفُسَكُمْ وَكَانَ هَذَا مِمَّا نَفَعَ اللهُ بِهِ النَّاسَ وَرَخَّصَ لَهُمْ وَيَسَّرَ.

۵۴۴ - حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ نَصْرٍ الْجَهْضَمِيُّ أَنَا أَبُو أَحْمَدَ أَنَا إِسْرَائِيلُ عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ عَنِ الْبَرَاءِ قَالَ كَانَ الرَّجُلُ إِذَا صَامَ فَنَامَ لَمْ يَأْكُلْ إِلَى مِثْلِهَا وَإِنَّ صِرْمَةَ بْنَ قَيْسٍ الْأَنْصَارِيَّ أَتَى امْرَأَتَهُ وَكَانَ صَائِمًا فَقَالَ عِنْدَكِ شَيْءٌ قَالَتْ لَا لَعَلِّي أَذْهَبُ فَأَطْلُبُ لَكَ فَذَهَبَتْ وَغَلَبَتْهُ عَيْنُهُ فَجَاءَتْ فَقَالَتْ خَيْبَةً لَكَ فَلَمْ يَنْتَصِفِ النَّهَارُ حَتَّى غُشِيَ عَلَيْهِ وَكَانَ يَعْمَلُ يَوْمَهُ فِي أَرْضِهِ فَذَكَرَ ذَلِكَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَنَزَلَتْ أُحِلَّ لَكُمْ لَيْلَةَ الصِّيَامِ الرَّفَثُ إِلَى نِسَائِكُمْ قَرَأَ إِلَى قَوْلِهِ مِنَ الْفَجْرِ.

روزوں کا بیان

روزے کیسے فرض ہوئے؟

عکرمہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے حکم ربانی "اے ایمان والو! تم پر روزے فرض کیے گئے ہیں جیسے تم سے پہلے لوگوں پر فرض کیے گئے تھے (۲: ۱۸۳)" کے بارے میں روایت کی ہے کہ لوگ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے مبارک زمانے میں جب نمازِ عشاء پڑھ لیتے تو کھانا پینا اور عورتوں کے پاس جانا ان پر حرام ہو جاتا اور اگلی شام تک روزہ رکھتے۔ چنانچہ ایک شخص سے یہ بات نبھائی نہ گئی اور اپنی بیوی سے صحبت کر بیٹھا حالانکہ نمازِ عشاء پڑھ لی تھی اور روزہ افطار نہیں کیا تھا۔ پس اللہ تعالیٰ کا ارادہ ہوا کہ اس میں آسانی کر دی جائے تاکہ انہیں اجازت اور فائدہ ہو، لہٰذا فرمایا:- "اللہ نے دیکھ لیا کہ تم اپنی جانوں میں خیانت کرتے ہو" (۲: ۱۸۷) اور یہ نفع اس طرح ہے کہ اللہ تعالیٰ نے لوگوں کو اجازت دے کر آسانی فرما دی۔

ابو اسحٰق سے روایت ہے کہ حضرت براء رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ آدمی روزہ رکھ کر جب سو جاتا تو افطاری کے وقت تک کھا نہیں سکتا۔ چنانچہ حضرت صرمہ بن قیس انصاری روزے کی حالت میں اپنی بیوی کے پاس آئے اور پوچھا کہ تمہارے پاس کھانے کے لیے کچھ ہے؟ انہوں نے کہا نہیں۔ اچھا میں جا کر کچھ تلاش کرتی ہوں۔ وہ گئیں تو یہ سو گئے انہوں نے آ کر کہا کہ آپ تو محروم رہ گئے۔ چنانچہ آدھا دن بھی نہیں گزرا تھا کہ وہ بے ہوش ہو گئے اور اس روز وہ اپنی زمین میں کام کر رہے تھے۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے اس بات کا ذکر کیا گیا تو یہ حکم نازل ہو گیا۔ "حلال کر دیا گیا ہے تمہارے لیے روزوں کی راتیں میں اپنی بیویوں کے ساتھ صحبت کرنا۔ پوری آیت (۲: ۱۸۷)

باب ۱۸۰ نَسْخِ قَوْلِہٖ تَعَالٰی وَعَلَی الَّذِیْنَ يُطِيْقُوْنَهٗ فِدْيَةٌ۔

۵۴۵۔ حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ نَا بَكْرٌ يَعْنِي ابْنَ مُضَرَ عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ عَنْ بُكَيْرٍ عَنْ يَزِيْدَ مَوْلٰى سَلَمَةَ عَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْأَكْوَعِ قَالَ لَمَّا نَزَلَتْ هٰذِهِ الْآيَةُ وَعَلَى الَّذِيْنَ يُطِيْقُوْنَهٗ فِدْيَةٌ طَعَامُ مِسْكِيْنٍ كَانَ مَنْ أَرَادَ مِنَّا أَنْ يُّفْطِرَ وَيَفْتَدِيَ فَعَلَ حَتّٰى نَزَلَتِ الْآيَةُ الَّتِيْ بَعْدَهَا فَنَسَخَتْهَا۔

۵۴۶۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ نَا عَلِيُّ ابْنُ حُسَيْنٍ عَنْ أَبِيْهِ عَنْ يَزِيْدَ النَّحْوِيِّ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ وَعَلَى الَّذِيْنَ يُطِيْقُوْنَهٗ فِدْيَةٌ طَعَامُ مِسْكِيْنٍ فَكَانَ مَنْ شَاءَ مِنْهُمْ أَنْ يَّفْتَدِيَ بِطَعَامِ مِسْكِيْنٍ افْتَدٰى وَتَمَّ لَهٗ صَوْمُهٗ فَقَالَ فَمَنْ تَطَوَّعَ خَيْرًا فَهُوَ خَيْرٌ لَّهٗ وَأَنْ تَصُوْمُوْا خَيْرٌ لَّكُمْ وَقَالَ فَمَنْ شَهِدَ مِنْكُمُ الشَّهْرَ فَلْيَصُمْهُ وَمَنْ كَانَ مَرِيْضًا أَوْ عَلٰى سَفَرٍ فَعِدَّةٌ مِّنْ أَيَّامٍ أُخَرَ۔

باب ۱۸۱ مَنْ قَالَ هِيَ مُثْبَتَةٌ لِلشَّيْخِ وَالْحُبْلٰى

۵۴۷۔ حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ إِسْمٰعِيْلَ نَا أَبَانُ نَا قَتَادَةُ أَنَّ عِكْرِمَةَ حَدَّثَهٗ أَنَّ ابْنَ عَبَّاسٍ قَالَ أُثْبِتَتْ لِلْحُبْلٰى وَالْمُرْضِعِ۔

۵۴۸۔ حَدَّثَنَا ابْنُ الْمُثَنّٰى نَا ابْنُ عَدِيٍّ عَنْ سَعِيْدٍ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ عَزْرَةَ عَنْ سَعِيْدِ ابْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ وَعَلَى الَّذِيْنَ يُطِيْقُوْنَهٗ فِدْيَةٌ طَعَامُ مِسْكِيْنٍ قَالَ كَانَتْ رُخْصَةً لِلشَّيْخِ الْكَبِيْرِ وَالْمَرْأَةِ الْكَبِيْرَةِ وَهُمَا يُطِيْقَانِ الصِّيَامَ أَنْ يُّفْطِرَا وَيُطْعِمَا مَكَانَ كُلِّ يَوْمٍ مِسْكِيْنًا وَالْحُبْلٰى وَالْمُرْضِعُ إِذَا خَافَتَا قَالَ أَبُوْدَاوُدَ

صاحبِ استطاعت کے فدیے کا منسوخ ہونا

یزید مولیٰ سلمہ سے روایت ہے کہ حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا جب یہ آیت "اور جو طاقت رکھتے ہیں فدیہ کی یعنی ایک مسکین کا کھانا (۲ : ۱۸۴) نازل ہوئی تو ہم میں سے جو روزہ نہ رکھتا وہ فدیہ دے دیا کرتا یہاں تک کہ اس کے بعد والی آیت نازل ہوئی اور اسے منسوخ کر دیا۔

عکرمہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے "اور جو لوگ طاقت رکھتے ہیں فدیہ دینے کی ایک مسکین کا کھانا" (۲ : ۱۸۴) کے بارے میں روایت کی ہے کہ لوگوں میں سے جو چاہتا وہ ایک مسکین کو فدیہ کا کھانا کھلا دیتا اور اس کی جگہ روزہ رکھا جاتا۔ لہٰذا فرمایا۔ "اور اگر خود روزہ رکھو تو تمہارے لیے بہتر ہے" (۲ : ۱۸۴) نیز فرمایا "جو تم میں سے اس مہینے کو پائے تو اس کے روزے رکھے۔ جو بیمار یا مسافر ہو تو دوسرے دنوں میں گنتی پوری کرے" (۲ : ۱۸۴)

جس نے کہا کہ فدیہ کا حکم بوڑھے اور حاملہ کیلئے ثابت ہے

موسیٰ بن اسمٰعیل، ابان، قتادہ، عکرمہ، حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا کہ حاملہ اور دودھ پلانے والی کے لیے یہ حکم باقی ہے۔

سعید بن جبیر سے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے آیت۔ "اور جو لوگ فدیہ دینے کی طاقت رکھتے ہیں ایک مسکین کا کھانا" (۲ : ۱۸۴) کے متعلق فرمایا کہ یہ اجازت بہت بوڑھے مرد اور بہت بوڑھی عورت کے لیے ہے کہ اگر ان میں روزہ رکھنے کی طاقت نہ ہو تو چھوڑ دیں اور کھانا کھلائیں ایک دن کے بدلے ایک مسکین کو نیز حاملہ اور دودھ پلانے والی بھی جبکہ انہیں ڈر ہو۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ اپنی اولاد کا

www.sirat-e-mustaqeem.com

يَعْنِيْ عَلٰى اَوْلَادِهِمَا اَفْطَرَتَا وَاَطْعَمَتَا۔ ڈر تو روزہ چھوڑ دیں اور کھانا کھلائیں۔

ف۔ قرآنِ کریم کی رُو سے اگر مسافر اور مریض روزہ نہ رکھ سکے تو ان کے بدلے دوسرے دنوں کے روزے رکھے۔ مریض اگر شفایاب نہ ہو اور یا شفایاب ہونے کی امید ہی منقطع ہو چکی ہو تو ہر روزے کے بدلے ایک مسکین کو کھانا کھلایا جائے جسے فدیہ کہتے ہیں۔ حدیثِ پاک کی رُو سے زیادہ بوڑھے مردوں اور عورتوں کو اجازت ہے کہ اگر وہ روزے نہ رکھ سکیں تو فدیہ دیں۔ اسی طرح حاملہ اور دودھ پلانے والی عورتیں اگر بچوں کی پرورش کے بارے میں خائف ہوں یا اپنی جان کا خطرہ دیکھیں تو روزے نہ رکھیں اور فدیہ ادا کریں۔ واللہ تعالیٰ اعلم

باب ۱۸۲ اَلشَّهْرُ يَكُوْنُ تِسْعًا وَّعِشْرِيْنَ۔

مہینہ انتیس دنوں کا بھی ہوتا ہے

۵۴۹۔ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ نَا شُعْبَةُ عَنِ الْاَسْوَدِ بْنِ قَيْسٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ عَمْرٍو يَعْنِي ابْنَ سَعِيْدِ بْنِ الْعَاصِ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّا اُمَّةٌ اُمِّيَّةٌ لَا نَكْتُبُ وَلَا نَحْسُبُ الشَّهْرُ هٰكَذَا وَهٰكَذَا وَهٰكَذَا وَخَنَسَ سُلَيْمَانُ اِصْبَعَهٗ فِي الثَّالِثَةِ يَعْنِيْ تِسْعًا وَّعِشْرِيْنَ وَثَلٰثِيْنَ۔

سعید بن عمرو بن سعید بن العاص نے حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ ہم اَن پڑھ لوگ ہیں، نہ زیادہ حساب کتاب نہیں جانتے؛ مہینہ اتنے اور اتنے دنوں کا ہوتا ہے۔ تیسری دفعہ سلیمان راوی نے ایک انگلی بند کر لی یعنی انتیس اور تیس دن کا۔

۵۵۰۔ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ دَاؤدَ الْعَتَكِيُّ نَا حَمَّادٌ نَا اَيُّوْبُ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلشَّهْرُ تِسْعٌ وَّعِشْرُوْنَ فَلَا تَصُوْمُوْا حَتّٰى تَرَوْهُ وَلَا تُفْطِرُوْا حَتّٰى تَرَوْهُ فَاِنْ غُمَّ عَلَيْكُمْ فَاقْدُرُوْا لَهٗ ثَلٰثِيْنَ قَالَ فَكَانَ ابْنُ عُمَرَ اِذَا كَانَ شَعْبَانُ تِسْعًا وَّعِشْرِيْنَ نَظَرَ لَهٗ فَاِنْ رُؤِيَ فَذَاكَ وَاِنْ لَّمْ يُرَ وَلَمْ يَحُلْ دُوْنَ مَنْظَرِهٖ سَحَابٌ وَّلَا قَتَرَةٌ اَصْبَحَ مُفْطِرًا فَاِنْ حَالَ دُوْنَ مَنْظَرِهٖ سَحَابٌ اَوْ قَتَرَةٌ اَصْبَحَ صَائِمًا قَالَ وَكَانَ ابْنُ عُمَرَ يُفْطِرُ مَعَ النَّاسِ وَلَا يَاْخُذُ بِهٰذَا الْحِسَابِ۔

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ مہینہ انتیس دن کا بھی ہوتا ہے، پس روزہ نہ رکھو جب تک چاند نہ دیکھ لو اور نہ چھوڑو جب تک اسے دیکھ نہ لو۔ اگر مطلع ابر آلود ہو تو تیس دن پورے کر لو۔ راوی کا بیان ہے کہ جب شعبان کے انتیس دن ہو جاتے تو حضرت ابن عمر چاند دیکھتے۔ اگر نظر آ جاتا تو بہتر اور نظر نہ آتا تو بغیر دیکھے روزہ نہ رکھتے بوجہ ابر یا غبار کے تو اگلے دن روزہ نہ رکھتے لیکن دوسرے روز بھی ابر یا غبار ہوتا تو اگلے روز روزہ رکھتے۔ راوی کا بیان ہے کہ حضرت ابن عمر لوگوں کے ساتھ روزہ چھوڑ دیتے اور اپنے حساب کو نظر انداز کر دیتے۔

ف۔ چاند دیکھ کر روزے رکھیں اور چاند دیکھ کر عید الفطر کرنی چاہیے۔ اگر شعبان کی اُنتیسویں تاریخ کو ابر ہو تو تیس دن پورے کر کے روزے رکھے جائیں اور شک کے طور پر روزہ رکھنا مناسب ہے نہیں۔ اسی طرح اگر رمضان المبارک کی اُنتیسویں تاریخ کو ابر ہو اور چاند نظر نہ آئے تو تیس روزے پورے کیے جائیں۔ امام ابو حنیفہ اور امام شافعی رحمۃ اللہ علیہما کے نزدیک

www.sirat-e-mustaqeem.com

اگر ایک عادل گواہ بھی رمضان کے چاند کی شہادت دے تو کافی ہے لیکن رمضان گزرنے کے چاند کی دو معتبر گواہیاں ضروری ہیں۔ جب کہ امام مالک اور امام احمد رحمۃ اللہ علیہما کے نزدیک رمضان کے چاند کے لیے بھی دو گواہ ضروری ہیں۔ رمضان کے شروع یا ختم ہونے کا دارو مدار چاند نظر آنے پر ہے کسی اندازے یا حساب کا اس میں کوئی دخل نہیں ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم

۵۵۱- حَدَّثَنَا حُمَيْدُ بْنُ مَسْعَدَةَ نَا عَبْدُ الْوَهَّابِ حَدَّثَنِي أَيُّوبُ قَالَ كَتَبَ عُمَرُ ابْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ إِلَى أَهْلِ الْبَصْرَةِ بَلَغَنَا عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَ حَدِيثِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ زَادَ وَإِنَّ أَحْسَنَ مَا يُقَدَّرُ لَهُ أَنَّا إِذَا رَأَيْنَا هِلَالَ شَعْبَانَ لِكَذَا وَكَذَا فَالصَّوْمُ إِنْ شَاءَ اللَّهُ لِكَذَا وَكَذَا إِلَّا أَنْ يَرَوُا الْهِلَالَ قَبْلَ ذَلِكَ۔

ایوب کا بیان ہے کہ عمر بن عبد العزیز نے بصرہ والوں کے لکھا کہ ہمیں یہ بات پہنچی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ پھر حدیث بیان کی جیسا کہ حضرت ابن عمر نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے روایت کی ہے۔ اس میں یہ بھی ہے۔ بیشک یہ اچھا اندازہ ہے جو ہم کرتے ہیں کہ اگر فلاں فلاں روز ہم نے شعبان کا چاند دیکھ لیا تو ہم فلاں فلاں روز روزہ رکھیں گے ماسوائے اس کے کہ ہم اس سے پہلے چاند دیکھ لیں۔

۵۵۲- حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مَنِيعٍ عَنِ ابْنِ أَبِي زَائِدَةَ عَنْ عِيسَى بْنِ دِينَارٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَمْرِو ابْنِ الْحَارِثِ ابْنِ أَبِي ضِرَارٍ عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ قَالَ لَمَا صُمْنَا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تِسْعًا وَعِشْرِينَ أَكْثَرُ مِمَّا صُمْنَا مَعَهُ ثَلَاثِينَ۔

احمد بن منیع، ابن ابی زائدہ، عیسیٰ بن دینار ان کے والد ماجد، عمرو بن حارث بن ابو ضرار، حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ ہم نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ اکثر انتیس دن کے بعد اور بعض دفعہ تیس دن کے بعد روزے رکھے۔

۵۵۳- حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ أَنَّ يَزِيدَ بْنَ زُرَيْعٍ حَدَّثَهُمْ نَا خَالِدٌ الْحَذَّاءُ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي بَكْرَةَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ شَهْرَا عِيدٍ لَا يَنْقُصَانِ رَمَضَانُ وَذُو الْحِجَّةِ۔

عبد الرحمٰن بن ابو بکرہ نے اپنے والد ماجد سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ عیدین کے دونوں مہینے (بیک وقت) کم نہیں ہوا کرتے یعنی رمضان اور ذو الحجہ۔

بَابٌ إِذَا أَخْطَأَ الْقَوْمُ الْهِلَالَ۔

جب چاند دیکھنے میں لوگوں سے غلطی ہو جائے

۵۵۴- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدٍ نَا حَمَّادٌ فِي حَدِيثِ أَيُّوبَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ذَكَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيهِ قَالَ وَفِطْرُكُمْ يَوْمَ تُفْطِرُونَ وَأَضْحَاكُمْ يَوْمَ تُضَحُّونَ وَكُلُّ عَرَفَةَ مَوْقِفٌ وَكُلُّ مِنًى مَنْحَرٌ وَكُلُّ فِجَاجِ مَكَّةَ مَنْحَرٌ وَكُلُّ جَمْعٍ مَوْقِفٌ۔

محمد بن منکدر نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ عید الفطر اس روز ہے جب تم روزے رکھنے چھوڑتے ہو اور عید الاضحیٰ اسی روز ہے۔ جب تم قربانی کرتے ہو سارا عرفات ٹھہرنے کی جگہ ہے۔ سارا منیٰ قربانی کرنے کی جگہ ہے اور مکہ مکرمہ کا ہر راستہ قربانی کرنے کی جگہ ہے اور سارا مزدلفہ ہی ٹھہرنے کی جگہ ہے۔

www.sirat-e-mustaqeem.com

باب ۱۸۴ إِذَا أُغْمِيَ الشَّهْرُ۔

۵۵۵۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ حَدَّثَنِي عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ حَدَّثَنِي مُعَاوِيَةُ بْنُ صَالِحٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي قَيْسٍ قَالَ سَمِعْتُ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا تَقُولُ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتَحَفَّظُ مِنْ شَعْبَانَ مَا لَا يَتَحَفَّظُ مِنْ غَيْرِهِ ثُمَّ يَصُومُ لِرُؤْيَةِ رَمَضَانَ فَإِنْ غُمَّ عَلَيْهِ عَدَّ ثَلَاثِينَ يَوْمًا ثُمَّ صَامَ۔

جب رمضان کا چاند نظر نہ آئے

معاویہ بن صالح سے روایت ہے کہ عبداللہ بن ابو قیس نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو فرماتے ہوئے سنا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم شعبان کی تاریخوں کا اس درجہ خیال رکھتے جتنا اور کسی مہینے کا نہ رکھتے۔ پھر رمضان کا چاند دیکھ کر روزے رکھتے۔ اگر ابر ہوتا تو شعبان کے تیس دن پورے کر کے پھر روزے رکھتے۔

ف۔ اگر شعبان کی انتیسویں تاریخ کو ابر کے باعث چاند نظر نہ آئے تو اگلے روز کو شعبان کی تیسویں تاریخ شمار کیا جائے اور اس خیال سے کہ شاید رمضان کی پہلی تاریخ ہو اُس دن کا روزہ نہ رکھا جائے۔ اسے شک کا روزہ کہتے ہیں جس کی اجازت نہیں ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

۵۵۶۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الصَّبَّاحِ الْبَزَّازُ نَا جَرِيرُ بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ الضَّبِّيُّ عَنْ مَنْصُورٍ عَنْ رِبْعِيِّ بْنِ حِرَاشٍ عَنْ حُذَيْفَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تُقَدِّمُوا الشَّهْرَ حَتّٰى تَرَوُا الْهِلَالَ أَوْ تُكْمِلُوا الْعِدَّةَ ثُمَّ صُومُوا حَتّٰى تَرَوُا الْهِلَالَ أَوْ تُكْمِلُوا الْعِدَّةَ۔

ربعی بن حراش نے حضرت حذیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا چاند دیکھنے سے پہلے روزے شروع نہ کر دیا کرو یا گنتی پوری کر کے روزے رکھا کرو یعنی چاند دیکھ کر روزے رکھو یا (تیس دن کی) گنتی پوری کر کے۔

باب ۱۸۵ مَنْ قَالَ فَإِنْ غُمَّ عَلَيْكُمْ فَصُومُوا ثَلَاثِينَ۔

۵۵۷۔ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ نَا حُسَيْنٌ عَنْ زَائِدَةَ عَنْ سِمَاكٍ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تُقَدِّمُوا الشَّهْرَ بِصِيَامِ يَوْمٍ وَلَا يَوْمَيْنِ إِلَّا أَنْ يَكُونَ شَيْءٌ يَصُومُهُ أَحَدُكُمْ وَلَا تَصُومُوا حَتّٰى تَرَوْهُ ثُمَّ صُومُوا حَتّٰى تَرَوْهُ فَإِنْ حَالَ دُونَهُ غَمَامَةٌ فَأَتِمُّوا الْعِدَّةَ ثَلَاثِينَ ثُمَّ أَفْطِرُوا وَالشَّهْرُ تِسْعٌ وَعِشْرُونَ قَالَ أَبُو دَاوُدَ رَوَاهُ حَاتِمُ بْنُ أَبِي صَغِيرَةَ وَشُعْبَةُ وَالْحَسَنُ بْنُ صَالِحٍ عَنْ سِمَاكٍ بِمَعْنَاهُ لَمْ يَقُولُوا ثُمَّ أَفْطِرُوا۔

چاند نظر نہ آئے تو تیس روزے پورے کریں

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ رمضان سے ایک دو روز پہلے روزے رکھنے شروع نہ کر دیا کرو مگر جو تم میں سے روزے رکھتا آ رہا ہو اور روزے نہ رکھو جب تک چاند نہ دیکھ لو اور چاند دیکھنے تک روزے رکھتے ہو۔ اگر اس روز ابر ہو تو تیس دن پورے کر لو پھر روزے چھوڑ دو اور مہینہ انتیس دن کا بھی ہوتا ہے۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ روایت کیا ہے اسے حاتم بن ابوصغیرہ اور شعبہ اور حسن بن صالح نے سماک سے معناً اور اس میں یہ نہیں کہا کہ پھر روزے چھوڑ دو۔

www.sirat-e-mustaqeem.com

باب ۱۸۶ فِي التَّقَدُّمِ۔

رمضان کی تیاری کا بیان

۵۵۸۔ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْمَاعِيلَ نَا حَمَّادٌ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ مُطَرِّفٍ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ وَ سَعِيدٍ الْجُرَيْرِيِّ عَنْ أَبِي الْعَلَاءِ عَنْ مُطَرِّفِ بْنِ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِرَجُلٍ هَلْ صُمْتَ مِنْ سَرَرِ شَعْبَانَ شَيْئًا قَالَ لَا قَالَ فَإِذَا أَفْطَرْتَ فَصُمْ يَوْمًا وَقَالَ أَحَدُهُمَا يَوْمَيْنِ۔

موسیٰ بن اسمٰعیل، حماد، ثابت، مطرف نے حضرت عمران بن حصین سے۔ سعید جریری، ابوالعلاء، مطرف نے حضرت عمران بن حصین رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک آدمی سے فرمایا کہ کیا تم نے شعبان کے آخر میں روزے رکھے؟ عرض کی نہیں۔ فرمایا کہ جب تم روزے پورے کر لو تو ایک روزہ رکھ لینا۔ دونوں میں سے ایک روایت میں ہے کہ دو روزے۔

۵۵۹۔ حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْعَلَاءِ الزُّبَيْدِيُّ مِنْ كِتَابِهِ نَا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ نَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ الْعَلَاءِ عَنْ أَبِي الْأَزْهَرِ الْمُغِيرَةِ بْنِ فَرْوَةَ قَالَ قَامَ مُعَاوِيَةُ فِي النَّاسِ بِدَيْرِ مِسْحَلٍ الَّذِي عَلَى بَابِ حِمْصَ فَقَالَ يَا أَيُّهَا النَّاسُ إِنَّا قَدْ رَأَيْنَا الْهِلَالَ يَوْمَ كَذَا وَكَذَا وَأَنَا مُتَقَدِّمٌ بِالصِّيَامِ فَمَنْ أَحَبَّ أَنْ يَفْعَلَهُ فَلْيَفْعَلْهُ قَالَ فَقَامَ إِلَيْهِ مَالِكُ بْنُ هُبَيْرَةَ السَّبَائِيُّ فَقَالَ يَا مُعَاوِيَةُ أَشَيْءٌ سَمِعْتَهُ مِنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَمْ شَيْءٌ مِنْ رَأْيِكَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ صُومُوا الشَّهْرَ وَسِرَّهُ۔

ابوالازہر مغیرہ بن فروہ سے روایت ہے کہ حضرت معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ دیر مستحل کے مقام پر جو باب حمص پر ہے کھڑے ہوئے اور فرمایا۔ اے لوگو! ہم نے فلاں روز چاند دیکھا لہٰذا میں رمضان سے پہلے ہی روزے رکھوں گا تو تم میں سے جو ایسا کرنا چاہے وہ کرے۔ راوی کا بیان ہے کہ حضرت مالک بن ہبیرہ سبائی نے کھڑے ہو کر کہا کہ اے معاویہ! کیا اس بارے میں آپ نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے کچھ سنا ہے یا یہ آپ کی رائے ہے؟ کہا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ رمضان کے روزے رکھو اور اس سے پہلے۔

ف: اس حدیث کے الفاظ صُومُوا الشَّهْرَ وَسِرَّهُ۔ کے لفظ سِرَّہٗ کے معانی میں شارحین کا اختلاف ہے کیونکہ بیان کردہ معانی بعض احادیث صریحہ صحیحہ سے ٹکراتے ہیں میرے خیال میں بہتر یہی ہے کہ اس سے شوال کے ابتدائی روزے مراد لیے جائیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

۵۶۰۔ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الدِّمَشْقِيُّ فِي هَذَا الْحَدِيثِ قَالَ قَالَ الْوَلِيدُ سَمِعْتُ أَبَا عَمْرٍو يَعْنِي الْأَوْزَاعِيَّ سِرُّهُ أَوَّلُهُ۔

سلیمان بن عبدالرحمٰن دمشقی، ولید نے ابوعمرو اوزاعی کو فرماتے ہوئے سنا کہ سِرَّہٗ سے مہینے کا پہلا حصہ مراد ہے۔

۵۶۱۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْوَاحِدِ نَا أَبُو مُسْهِرٍ قَالَ كَانَ سَعِيدٌ يَعْنِي ابْنَ عَبْدِ الْعَزِيزِ يَقُولُ سِرُّهُ أَوَّلُهُ۔

احمد بن عبدالواحد، ابومسہر، سعید بن عبدالعزیز فرمایا کرتے کہ سِرَّہٗ سے مراد مہینے کا پہلا حصہ ہے۔

www.sirat-e-mustaqeem.com

باب ١٨٧ إِذَا رَأَى الْهِلَالَ فِي بَلَدٍ قَبْلَ الْآخَرِينَ بِلَيْلَةٍ۔

۵٦۲۔ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْمٰعِيلَ نَا إِسْمٰعِيلُ يَعْنِي ابْنَ جَعْفَرٍ أَخْبَرَنِي مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي حَرْمَلَةَ أَخْبَرَنِي كُرَيْبٌ أَنَّ أُمَّ الْفَضْلِ ابْنَةَ الْحَارِثِ بَعَثَتْهُ إِلَى مُعَاوِيَةَ بِالشَّامِ قَالَ فَقَدِمْتُ الشَّامَ فَقَضَيْتُ حَاجَتَهَا فَاسْتَهَلَّ رَمَضَانُ وَأَنَا بِالشَّامِ فَرَأَيْنَا الْهِلَالَ لَيْلَةَ الْجُمُعَةِ ثُمَّ قَدِمْتُ الْمَدِينَةَ فِي آخِرِ الشَّهْرِ فَسَأَلَنِي ابْنُ عَبَّاسٍ ثُمَّ ذَكَرَ الْهِلَالَ فَقَالَ مَتَى رَأَيْتُمُ الْهِلَالَ قُلْتُ رَأَيْتُهُ لَيْلَةَ الْجُمُعَةِ قَالَ أَنْتَ رَأَيْتَهُ قُلْتُ نَعَمْ وَرَآهُ النَّاسُ وَصَامُوا وَصَامَ مُعَاوِيَةُ قَالَ لَكِنَّا رَأَيْنَاهُ لَيْلَةَ السَّبْتِ فَلَا نَزَالُ نَصُومُهُ حَتَّى نُكْمِلَ الثَّلَاثِينَ أَوْ نَرَاهُ فَقُلْتُ أَفَلَا تَكْتَفِي بِرُؤْيَةِ مُعَاوِيَةَ وَصِيَامِهِ قَالَ لَا هٰكَذَا أَمَرَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔

جب ایک شہر میں دوسرے سے ایک رات پہلے چاند دیکھا گیا

محمد بن ابو حرملہ کو کریب نے بتایا کہ انہیں امّ الفضل بنت حارث نے حضرت معاویہ کے پاس شام میں بھیجا۔ اُن کا بیان ہے کہ میں شام پہنچا اور اُن کا کام کر دیا تو رمضان کا چاند نظر آگیا اور میں شام ہی میں تھا۔ پس ہم نے جمعہ کی رات کو چاند دیکھا پھر میں مہینے کے آخر میں مدینہ منورہ میں واپس آیا تو حضرت ابن عباس نے پوچھتے ہوئے چاند کا ذکر کیا اور فرمایا کہ تم نے چاند کب دیکھا۔ میں نے کہا کہ جمعہ کی رات کو۔ فرمایا کہ تم نے خود دیکھا؟ میں نے کہا، ہاں اور دوسرے لوگوں نے بھی دیکھا نیز لوگوں نے روزے رکھے اور حضرت معاویہ نے بھی۔ فرمایا کہ ہم نے تو ہفتے کی رات کو دیکھا اور اسی وقت سے روزے رکھ رہے ہیں یہاں تک کہ پورے تیس ہو جائیں یا چاند نظر آ جائے۔ کہا کیا حضرت معاویہ کا دیکھنا اور روزہ رکھنا آپ کے لیے کافی نہیں؟ فرمایا نہیں کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ہمیں اسی طرح کرنے کا حکم فرمایا ہے۔

باب ١٨٨ كَرَاهِيَةِ صَوْمِ يَوْمِ الشَّكِّ۔

۵٦۳۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ نَا أَبُو خَالِدٍ الْأَحْمَرُ عَنْ عَمْرِو بْنِ قَيْسٍ عَنْ أَبِي إِسْحٰقَ عَنْ صِلَةَ قَالَ كُنَّا عِنْدَ عَمَّارٍ فِي الْيَوْمِ الَّذِي يُشَكُّ فِيهِ فَأُتِيَ بِشَاةٍ فَتَنَحَّى بَعْضُ الْقَوْمِ فَقَالَ عَمَّارٌ مَنْ صَامَ هٰذَا الْيَوْمَ فَقَدْ عَصٰى أَبَا الْقَاسِمِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔

یوم شک کے روزے کی کراہیت

محمد بن عبد العزیز بن نمیر، ابو خالد احمر، عمرو بن قیس ابو اسحاق۔ صلہ کا بیان ہے کہ ہم شک کے روز حضرت عمار رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس تھے کہ بکری کا گوشت پیش ہوا۔ بعض لوگ کھانے سے بچنے لگے تو حضرت عمار نے فرمایا جس نے آج کے دن روزہ رکھا اس نے ابوالقاسم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی نافرمانی کی۔

ف۔ شعبان کی انتیسویں تاریخ کو ابر کے باعث چاند نظر نہ آئے تو اگلے روز کو شعبان کی تیسویں تاریخ شمار کرنا چاہیئے اور اس خیال سے کہ شاید چاند نکلا ہو اور ابر کے باعث نظر نہ آیا ہو۔ لہذا اگلے دن کا روزہ رکھنے کو شک کا روزہ کہتے ہیں اور حضرت عمار رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے اس ارشاد سے معلوم ہو رہا ہے کہ شک کے دن روزہ رکھنے کا ثواب نہیں ملتا بلکہ گناہ ہوتا ہے کیونکہ جس عبادت کو کرنے سے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے منع فرما دیا ہو وہ عبادت نہیں رہتی بلکہ ایسا فعل نافرمانی شمار ہوتا ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

www.sirat-e-mustaqeem.com

باب ۱۸۹ فِي مَنْ يَصِلُ شَعْبَانَ بِرَمَضَانَ۔

جو شعبان اور رمضان کے روزوں کو ملائے

۵۶۴۔ حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ نَا هِشَامٌ عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي كَثِيرٍ عَنْ أَبِي سَلَمَةَ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَقَدَّمُوا صَوْمَ رَمَضَانَ بِيَوْمٍ وَلَا يَوْمَيْنِ إِلَّا أَنْ يَكُونَ صَوْمٌ يَصُومُهُ رَجُلٌ فَلْيَصُمْ ذَلِكَ الصَّوْمَ۔

ابوسلمہ نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ رمضان سے پہلے ایک دو دن کے روزے نہ رکھا کرو مگر جبکہ کوئی ایسا روزہ ہو جسے آدمی رکھا کرتا ہو تو وہ اس دن کا روزہ رکھ سکتا ہے۔

۵۶۵۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ نَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ نَا شُعْبَةُ عَنْ تَوْبَةَ الْعَنْبَرِيِّ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِي سَلَمَةَ عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ لَمْ يَكُنْ يَصُومُ مِنَ السَّنَةِ شَهْرًا تَامًّا إِلَّا شَعْبَانَ يَصِلُهُ بِرَمَضَانَ۔

احمد بن حنبل، محمد بن جعفر، شعبہ، توبہ عنبری، محمد بن ابراہیم، ابوسلمہ، حضرت اُمِّ سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سال میں کسی پورے مہینے کے روزے نہ رکھتے مگر شعبان کو رمضان سے ملا دیا کرتے تھے۔

باب ۱۹۰ فِي كَرَاهِيَةِ ذَلِكَ۔

اس کی کراہیت

۵۶۶۔ حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ نَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ قَالَ قَدِمَ عَبَّادُ بْنُ كَثِيرٍ الْمَدِينَةَ فَمَالَ إِلَى مَجْلِسِ الْعَلَاءِ فَأَخَذَ بِيَدِهِ فَأَقَامَهُ ثُمَّ قَالَ اللَّهُمَّ إِنَّ هَذَا يُحَدِّثُ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِذَا انْتَصَفَ شَعْبَانُ فَلَا تَصُومُوا فَقَالَ الْعَلَاءُ اللَّهُمَّ إِنَّ أَبِي حَدَّثَنِي عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِذَلِكَ۔

عبدالعزیز بن محمد کا بیان ہے کہ عباد بن کثیر جب مدینہ منورہ میں حاضر ہوئے تو علاء کی مجلس میں پہنچے، اُن کا ہاتھ پکڑ کر کھڑا کیا، پھر کہا۔ اے اللہ! یہ حدیث بیان کرتے ہیں بواسطہ اپنے والد ماجد وہ بواسطہ حضرت ابوہریرہ کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جب نصف شعبان گزر جائے تو روزے نہ رکھو۔ عباد نے کہا۔ اے اللہ! مجھ سے حدیث بیان کی میرے والد ماجد نے، ان سے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایسا ہی فرمایا ہے۔

باب ۱۹۱ شَهَادَةُ رَجُلَيْنِ عَلَى رُؤْيَةِ هِلَالِ شَوَّالٍ۔

جب شوال کے چاند کی دو آدمی گواہی دیں

۵۶۷۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحِيمِ أَبُو يَحْيَى الْبَزَّازُ أَنَا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ نَا عَبَّادٌ عَنْ أَبِي مَالِكٍ الْأَشْجَعِيِّ نَا حُسَيْنُ بْنُ الْحَارِثِ الْجَدَلِيُّ جَدِيلَةُ قَيْسٍ أَنَّ أَمِيرَ مَكَّةَ خَطَبَ ثُمَّ قَالَ عَهِدَ إِلَيْنَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ نَنْسُكَ لِلرُّؤْيَةِ فَإِنْ لَمْ نَرَهُ وَشَهِدَ شَاهِدَا عَدْلٍ نَسَكْنَا بِشَهَادَتِهِمَا فَسَأَلْتُ الْحُسَيْنَ

حسین بن حارث جدلی جدیلہ قیس کا بیان ہے کہ امیر مکہ نے خطبہ دیتے ہوئے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ہم سے عہد لیا تھا کہ مناسک حج ادا نہ کریں مگر چاند دیکھ کر۔ اگر خود نہ دیکھ سکیں اور دو عادل گواہ شہادت دیں تو اُن کی گواہی پر مناسک ادا کریں۔ میں (ابومالک اشجعی) نے حسین بن حارث سے پوچھا کہ امیر مکہ کون صاحب تھے؟ فرمایا کہ مجھے معلوم نہیں۔ پھر اس کے بعد وہ مجھ سے ملے تو فرمایا کہ وہ

www.sirat-e-mustaqeem.com

ابْنُ الْحَارِثِ مِنْ أَمِيرِ مَكَّةَ فَقَالَ لَا أَدْرِي ثُمَّ لَقِيَنِي بَعْدُ فَقَالَ هُوَ الْحَارِثُ بْنُ حَاطِبٍ أَخُو مُحَمَّدِ بْنِ حَاطِبٍ ثُمَّ قَالَ الْأَمِيرُ إِنَّ فِيكُمْ مَنْ هُوَ أَعْلَمُ بِاللَّهِ وَرَسُولِهِ مِنِّي وَشَهِدَ هَذَا مِنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَوْمَأَ بِيَدِهِ إِلَى رَجُلٍ قَالَ الْحُسَيْنُ فَقُلْتُ لِشَيْخٍ إِلَى جَنْبِي مَنْ هَذَا الَّذِي أَوْمَأَ إِلَيْهِ الْأَمِيرُ قَالَ هَذَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عُمَرَ وَصَدَقَ كَانَ أَعْلَمَ بِاللَّهِ مِنْهُ فَقَالَ بِذَلِكَ أَمَرَنَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت حارث بن حاطب تھے یعنی حضرت محمد بن حاطب کے بھائی پھر امیر نے فرمایا کہ تمہارے درمیان وہ ہستی بھی موجود ہے جسے اللہ اور اس کے رسول کا مجھ سے زیادہ علم ہے اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اس ارشاد پر وہ گواہ ہیں اور ایک آدمی کی طرف اپنے ہاتھ سے اشارہ کیا۔ حسین بن حارث کا بیان ہے کہ میں نے پہلو میں بیٹھے ہوئے ایک بزرگ سے کہا کہ یہ کون صاحب ہیں جن کی طرف امیر نے اشارہ کیا ہے؟ فرمایا کہ یہ حضرت عبداللہ بن عمر ہیں۔ واقعی انہوں نے سچ فرمایا کہ یہ اللہ کا ان سے زیادہ علم رکھتے ہیں انہوں نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ہمیں اسی طرح حکم فرمایا ہے۔

۵۶۸۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ وَخَلَفُ بْنُ هِشَامٍ الْمُقْرِئُ قَالَا نَا أَبُو عَوَانَةَ عَنْ مَنْصُورٍ عَنْ رِبْعِيِّ ابْنِ حِرَاشٍ عَنْ رَجُلٍ مِنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اخْتَلَفَ النَّاسُ فِي آخِرِ يَوْمٍ مِنْ رَمَضَانَ فَقَدِمَ أَعْرَابِيَّانِ فَشَهِدَا عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِاللَّهِ لَأَهَلَّا الْهِلَالَ أَمْسِ عَشِيَّةً فَأَمَرَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ النَّاسَ أَنْ يُفْطِرُوا زَادَ خَلَفٌ فِي حَدِيثِهِ وَأَنْ يَغْدُوا إِلَى مُصَلَّاهُمْ۔

ربعی بن حراش سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ایک صحابی نے فرمایا۔ رمضان کے آخری روز لوگوں میں (چاند کے متعلق) اختلاف ہو گیا۔ پس دو اعرابی آئے اور انہوں نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حضور اللہ کی قسم کھا کر شہادت دی کہ انہوں نے گزشتہ شب شام کے وقت چاند دیکھا تھا۔ پس رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے لوگوں کو روزہ افطار کرلینے کا حکم فرمایا۔ خلف بن ہشام نے اپنی حدیث میں یہ بھی کہا۔ اگلے روز عیدگاہ میں آئیں۔

بَابُ ۱۹۲ فِي شَهَادَةِ الْوَاحِدِ عَلَى رُؤْيَةِ هِلَالِ رَمَضَانَ۔

رمضان کے چاند کی ایک گواہی کا بیان

۵۶۹۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكَّارِ بْنِ الرَّيَّانِ نَا الْوَلِيدُ يَعْنِي ابْنَ أَبِي ثَوْرٍ ح وَحَدَّثَنَا الْحَسَنُ ابْنُ عَلِيٍّ نَا الْحُسَيْنُ يَعْنِي الْجُعْفِيَّ عَنْ زَائِدَةَ الْمَعْنَى عَنْ سِمَاكٍ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ جَاءَ أَعْرَابِيٌّ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ إِنِّي رَأَيْتُ الْهِلَالَ قَالَ الْحَسَنُ فِي حَدِيثِهِ يَعْنِي رَمَضَانَ فَقَالَ أَتَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ قَالَ نَعَمْ قَالَ أَتَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللَّهِ قَالَ نَعَمْ قَالَ يَا بِلَالُ أَذِّنْ فِي النَّاسِ فَلْيَصُومُوا غَدًا۔

محمد بن بکار بن ریان، ولید بن ابو ثور۔ حسن بن علی، حسین جعفی، زائدہ، سماک، عکرمہ، حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا۔ ایک اعرابی نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر عرض گزار ہوا کہ میں نے چاند دیکھا ہے۔ حسن نے اپنی حدیث میں کہا کہ رمضان کا۔ فرمایا کہ تم گواہی دیتے ہو کہ نہیں کوئی معبود مگر اللہ! اس نے کہا، ہاں۔ فرمایا کیا تم گواہی دیتے ہو کہ محمد مصطفےٰ اللہ کے رسول ہیں؟ اس نے کہا ہاں۔ فرمایا اے بلال! بلند آواز کے ساتھ لوگوں سے کہہ دو کل

www.sirat-e-mustaqeem.com

۵۷۰ - حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ إِسْمٰعِيْلَ نَا حَمَّادٌ عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ عَنْ عِكْرِمَةَ أَنَّهُمْ شَكُّوْا فِيْ رَمَضَانَ مَرَّةً فَأَرَادُوْا أَنْ لَا يَقُوْمُوْا وَلَا يَصُوْمُوْا فَجَاءَ أَعْرَابِيٌّ مِنَ الْحَرَّةِ فَشَهِدَ أَنَّهُ رَأَى الْهِلَالَ فَأُتِيَ بِهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ أَتَشْهَدُ أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَأَنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ قَالَ نَعَمْ وَشَهِدَ أَنَّهُ رَأَى الْهِلَالَ فَأَمَرَ بِلَالًا فَنَادٰى فِي النَّاسِ أَنْ يَقُوْمُوْا وَأَنْ يَصُوْمُوْا قَالَ أَبُوْ دَاوُدَ رَوَاهُ جَمَاعَةٌ عَنْ سِمَاكٍ عَنْ عِكْرِمَةَ مُرْسَلًا وَلَمْ يَذْكُرِ الْقِيَامَ أَحَدٌ إِلَّا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ۔

عکرمہ سے روایت ہے کہ ایک دفعہ رمضان کے چاند میں لوگوں کو شک ہوا تو انہوں نے ارادہ کیا کہ نہ قیام کریں اور نہ روزہ رکھیں۔ پس حرہ سے ایک اعرابی آیا اور گواہی دی کہ اس نے چاند دیکھا ہے۔ چنانچہ اسے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حضور پیش کیا گیا۔ آپ نے فرمایا کہ تم گواہی دیتے ہو کہ نہیں کوئی معبود مگر اللہ اور میں واقعی اللہ کا رسول ہوں؟ اس نے کہا ہاں اور گواہی دی کہ اس نے چاند دیکھا ہے آپ نے حضرت بلال کو حکم فرمایا تو انہوں نے لوگوں میں منادی کر دی کہ قیام کریں اور روزہ رکھیں۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ روایت کیا ہے اسے ایک جماعت نے سماک کے واسطے عکرمہ سے مرسلاً اور قیام کا ذکر صرف حماد بن سلمہ نے کیا ہے۔

۵۷۱ - حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ خَالِدٍ وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ السَّمَرْقَنْدِيُّ وَأَنَا لِحَدِيْثِهِ أَتْقَنُ قَالَا نَا مَرْوَانُ هُوَ ابْنُ مُحَمَّدٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ وَهْبٍ عَنْ يَحْيَى بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَالِمٍ عَنْ أَبِيْ بَكْرِ بْنِ نَافِعٍ عَنْ أَبِيْهِ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ تَرَاءَى النَّاسُ الْهِلَالَ فَأَخْبَرْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنِّيْ رَأَيْتُهُ فَصَامَ وَأَمَرَ النَّاسَ بِصِيَامِهِ۔

محمود بن خالد اور عبد اللہ بن عبد الرحمٰن سمرقندی، مروان بن محمد، عبد اللہ بن وہب، یحییٰ بن عبد اللہ بن سالم، ابوبکر بن نافع، نافع، حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا کہ لوگ چاند دیکھ رہے تھے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو خبر دی کہ میں نے (چاند) دیکھ لیا ہے پس آپ نے روزہ رکھا اور لوگوں کو روزہ رکھنے کا حکم فرمایا۔

بَابٌ ۱۹۳ فِيْ تَوْكِيْدِ السُّحُوْرِ

سحری کی تاکید

۵۷۲ - حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ مُوْسَى بْنِ عَلِيِّ بْنِ رَبَاحٍ عَنْ أَبِيْهِ عَنْ أَبِيْ قَيْسٍ مَوْلٰى عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ عَنْ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ فَصْلَ مَا بَيْنَ صِيَامِنَا وَصِيَامِ أَهْلِ الْكِتَابِ أُكْلَةُ السَّحَرِ۔

ابو قیس مولیٰ عمرو بن العاص نے حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ ”ہمارے اور اہل کتاب کے روزوں میں سحری کھانے کا فرق ہے (یعنی ہم سحری کھاتے ہیں اور وہ نہیں کھاتے)۔

ف۔ سحری کھانے کی احادیث مطہرہ میں بڑی تاکید اور فضیلت وارد ہوئی ہے۔ یہ رحمت دو عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا اپنی امت پر کرم ہے کہ رمضان کی راتوں میں کھانے پینے کی تاکید فرمائی تاکہ امت کو روزے رکھنے میں آسانی رہے اور رات کے کھانے پینے کا ثواب بھی ملے گویا ہم خرما و ہم ثواب والا معاملہ ہے۔ جب روزے فرض ہوئے تو حکم یہ تھا کہ رمضان کی راتوں میں سونے سے پہلے کھا پی سکتے تھے۔ اگر کوئی ذرا بھی سو جاتا تو اب اگلی شام تک کھا پی نہیں سکتا تھا۔ اس صورت میں کافی مشقت کا سامنا کرنا پڑ رہا تھا۔ خدائے ذوالمنن نے اپنے محبوب کی امت پر دوسری امتوں کے برخلاف یہ کرم فرمایا کہ

www.sirat-e-mustaqeem.com

انہیں طلوع فجر تک کھانے پینے کی اجازت مرحمت فرمادی، اس کو سحری کہتے ہیں جو اہل کتاب کو مرحمت نہیں فرمائی گئی تھی۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس اجازت کو اپنی امت کے لیے سنت ٹھہراتے ہوئے ضروری اور باعث برکت قرار دے دیا تاکہ ایک جانب اس کھانے پینے کا بھی ثواب ملے اور دوسری طرف روزے میں کافی حد تک آسانی ہو جائے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

بَاب ۱۹۴ مَنْ سَمَّى السَّحُورَ الْغَدَاءَ.

جو سحری کو صبح کا کھانا کہے

۲۳۵۷ - حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ مُحَمَّدٍ النَّاقِدُ نَا حَمَّادُ بْنُ خَالِدٍ الْخَيَّاطُ نَا مُعَاوِيَةُ بْنُ صَالِحٍ عَنْ يُونُسَ بْنِ سَيْفٍ عَنْ حَارِثِ بْنِ زِيَادٍ عَنْ أَبِي رُهْمٍ عَنِ الْعِرْبَاضِ بْنِ سَارِيَةَ قَالَ دَعَانِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى السَّحُورِ فِي رَمَضَانَ فَقَالَ هَلُمَّ إِلَى الْغَدَاءِ الْمُبَارَكِ۔

عمرو بن محمد الناقد، حماد بن خالد الخیاط، معاویہ بن صالح، یونس بن سیف، حارث بن زیاد، ابورہم، حضرت عرباض بن ساریہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مجھے سحری کھانے کے لیے بلایا تو فرمایا۔ آؤ صبح کا کھانا کھالو جو بڑی برکت والا ہوتا ہے۔

www.sirat-e-mustaqeem.com

پارہ ــــــ ۱۵

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ
اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے۔

باب ۱۹۵ وَقْتِ السَّحُوْرِ — سحری کا وقت

۵۵۴ - حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَوَادَةَ الْقُشَيْرِيِّ عَنْ أَبِيهِ قَالَ سَمِعْتُ سَمُرَةَ بْنَ جُنْدُبٍ يَخْطُبُ وَهُوَ يَقُولُ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَمْنَعَنَّ أَحَدَكُمْ مِنْ سَحُورِكُمْ أَذَانُ بِلَالٍ وَلَا بَيَاضُ الْأُفُقِ هٰكَذَا حَتّٰى يَسْتَطِيرَ۔

عبد اللہ بن سوادہ قشیری کے والد ماجد نے سنا کہ حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ تعالیٰ عنہ خطبہ دیتے ہوئے فرما رہے تھے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ بلال کی اذان تم میں سے کسی کو سحری کھانے سے نہ روکے اور نہ افق کی وہ سفیدی جو اس طرح پھیلتی ہے۔

ف - یہ اذان شاید بیدار کرنے اور سحری کھانے کے لیے کہی جاتی ہوگی۔ لہذا فرمایا کہ اگر اس وقت تم میں سے کوئی سحری کھا رہا ہو تو اسے نماز فجر کی اذان سمجھ کر کھانا پینا نہ چھوڑے اور بغیر سحری کھائے اپنے آپ کو مشقت میں مبتلا نہ کرے۔ حضرت بلال صبح کاذب کے وقت رمضان المبارک میں اذان کہا کرتے تھے۔ صبح کاذب سے فجر کا وقت شروع نہیں ہوتا بلکہ وہ بھی رات ہی کا ایک حصہ ہے اور اس وقت سحری کھانے میں قطعاً کوئی مضائقہ نہیں ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

۵۵۵ - حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا يَحْيَى عَنِ التَّيْمِيِّ ح وَنَا أَحْمَدُ بْنُ يُونُسَ نَا زُهَيْرٌ نَا سُلَيْمَانُ التَّيْمِيُّ عَنْ أَبِي عُثْمَانَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَمْنَعَنَّ أَحَدَكُمْ أَذَانُ بِلَالٍ مِنْ سَحُورِهِ فَإِنَّهُ يُؤَذِّنُ أَوْ قَالَ يُنَادِي لِيَرْجِعَ قَائِمُكُمْ وَيَنْتَبِهَ نَائِمُكُمْ وَلَيْسَ الْفَجْرُ أَنْ يَقُولَ هٰكَذَا وَجَمَعَ يَحْيَى كَفَّهُ حَتّٰى يَقُولَ هٰكَذَا وَمَدَّ يَحْيَى بِإِصْبَعَيْهِ السَّبَّابَتَيْنِ۔

مسدد، یحییٰ، تیمی - احمد بن یونس، زہیر، سلیمان تیمی ابو عثمان نے حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا بلال کی اذان تم میں سے کسی کو سحری کھانے سے نہ روکے کیونکہ وہ اذان کہتے ہیں یا فرمایا کہ ندا کرتے ہیں تاکہ تم میں سے قیام کرنے والا فارغ ہو جائے اور سونے والا خبردار ہو جائے اور وہ فجر کا وقت نہیں ہوتا جب کہ کرلیں۔ چنانچہ یحییٰ نے اپنی مٹھی بند کر کے دکھائی اور کہا کرلیں اور یحییٰ نے اپنی شہادت کی دونوں انگلیاں پھیلا دیں۔

۵۵۶ - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِيسَى نَا مُلَازِمُ بْنُ عَمْرٍو عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ النُّعْمَانِ حَدَّثَنِي قَيْسُ بْنُ طَلْقٍ عَنْ أَبِيهِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كُلُوا وَاشْرَبُوا وَلَا يَهِيدَنَّكُمُ

محمد بن عیسیٰ، ملازم بن عمرو، عبد اللہ بن نعمان، قیس بن طلق نے اپنے والد ماجد سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ کھاؤ اور پیو سحری کے وقت، اور اوپر چڑھنے والی روشنی تمہیں نہ روکے لہذا کھاتے پیتے

www.sirat-e-mustaqeem.com

السَّاطِعُ الْمُصْعِدُ فَكُلُوا وَاشْرَبُوا حَتَّى يَعْتَرِضَ لَكُمُ الْأَحْمَرُ.

رہو جب تک چوڑائی میں سرخ روشنی نہ ظاہر ہو جائے۔

٥٧٧۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا حُصَيْنُ بْنُ نُمَيْرٍ ح وَنَا عُثْمَانُ ابْنُ أَبِي شَيْبَةَ نَا ابْنُ إِدْرِيسَ الْمَعْنَى عَنْ حُصَيْنٍ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ عَدِيِّ بْنِ حَاتِمٍ قَالَ لَمَّا نَزَلَتْ هٰذِهِ الْآيَةُ حَتَّى يَتَبَيَّنَ لَكُمُ الْخَيْطُ الْأَبْيَضُ مِنَ الْخَيْطِ الْأَسْوَدِ قَالَ أَخَذْتُ عِقَالًا أَبْيَضَ وَعِقَالًا أَسْوَدَ فَوَضَعْتُهُمَا تَحْتَ وِسَادَتِي فَنَظَرْتُ فَلَمْ أَتَبَيَّنْ فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَضَحِكَ فَقَالَ إِنَّ وِسَادَكَ إِذًا لَطَوِيلٌ عَرِيضٌ إِنَّمَا هُوَ اللَّيْلُ وَالنَّهَارُ وَقَالَ عُثْمَانُ إِنَّمَا سَوَادُ اللَّيْلِ وَبَيَاضُ النَّهَارِ.

مسدد، حصین بن نمیر۔ عثمان بن ابوشیبہ، ابن ادریس، حصین، شعبی، حضرت عدی بن حاتم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ جب آیت "یہاں تک کہ تمہارے لیے سفید دھاگا سیاہ دھاگے سے ظاہر ہو جائے" (۲: ۱۸۷) نازل ہوئی تو میں نے ایک سفید اور ایک سیاہ دھاگہ لیا اور انہیں اپنے تکیے کے نیچے رکھ لیا۔ میں دیکھتا رہا مگر مجھے کچھ نظر نہ آیا۔ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے اس بات کا ذکر کیا تو آپ ہنس پڑے اور فرمایا کہ تمہارا تکیہ تو بڑا لمبا چوڑا ہے۔ اس سے مراد ہے رات اور دن۔ عثمان راوی نے کہا کہ وہ رات کی سیاہی اور دن کی سفیدی ہے۔

ف۔ اس آیت کے لفظ خَيْطُ الْأَبْيَض سے دن کا اُجالا اور خَيْطُ الْأَسْوَد سے رات کی سیاہی مراد ہے جیسا کہ اسی حدیث کے آخر میں عثمان بن ابوشیبہ کا قول نقل کیا گیا ہے۔ حضرت عدی بن حاتم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سمجھے کہ شاید سوت کا سفید اور سیاہ دھاگا مراد ہے کہ ان دونوں قسم کے دھاگوں میں پہچان ہونے تک کھا پی سکتے ہیں۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اُس کے اس سمجھے ہوئے مفہوم پر ہنسے کہ تم نے تو اپنے سرہانے کو اتنا لمبا چوڑا بنا دیا جس میں دن اور رات چھپ جاتے ہیں۔ اور سمجھا دیا کہ اس سے سوت کے سفید و سیاہ دھاگے مراد نہیں بلکہ دن اور رات مراد ہیں۔ ناصحین و معلمین کو چاہیئے کہ بات ایسے نرم اور آسان لہجے میں بتائیں کہ سننے والا بغور سنے اور آسانی سے سمجھ جائے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

باب ۱۹۶ الرَّجُلُ يَسْمَعُ النِّدَاءَ وَالْإِنَاءُ عَلَى يَدِهِ.

صبح کی اذان سنے اور برتن ہاتھ میں ہو

٥٧٨۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى بْنُ حَمَّادٍ نَا حَمَّادٌ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو عَنْ أَبِي سَلَمَةَ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا سَمِعَ أَحَدُكُمُ النِّدَاءَ وَالْإِنَاءُ عَلَى يَدِهِ فَلَا يَضَعْهُ حَتَّى يَقْضِيَ حَاجَتَهُ مِنْهُ.

ابوسلمہ نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جب تم میں سے کوئی اذان کی آواز سنے اور استنجا کرنے کا برتن اس کے ہاتھ میں ہو تو اسے نہ رکھے یہاں تک کہ قضائے حاجت سے فارغ ہو جائے۔

ف۔ غالباً یہ حدیث بھی اُسی روایت سے مطابقت رکھتی ہے جس میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ لَا يَمْنَعَنَّ أَحَدَكُمْ مِنْ سُحُورِهِ أَذَانُ بِلَالٍ۔ یعنی بلال کی اذان تم میں سے کسی کو سحری سے نہ روکے اور اس حدیث میں فرمایا کہ جب تم میں سے کوئی اذان کی آواز سنے اور اس کے ہاتھ میں کھانے پینے کا برتن ہو تو اس کو نہ رکھے جب

www.sirat-e-mustaqeem.com

تک اپنی حاجت پوری نہ کر لے۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ ارشادِ گرامی بھی حضرت بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی اذان سے متعلق ہے ورنہ صبح صادق ہو جانے پر جو اذان کہی جائے گی اُس کو سنتے ہوئے کھانے پینے کی حاجت پوری کرنے کی اجازت نہیں ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

بَابُ وَقْتِ فِطْرِ الصَّائِمِ۔

روزہ افطار کرنے کا وقت

۵۷۹۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ نَا وَكِيعٌ نَا هِشَامٌ ح وَنَا مُسَدَّدٌ نَا عَبْدُ اللهِ بْنُ دَاوُدَ عَنْ هِشَامٍ الْمَعْنٰى قَالَ هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَاصِمِ بْنِ عُمَرَ عَنْ أَبِيهِ قَالَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا جَاءَ اللَّيْلُ مِنْ هٰهُنَا وَذَهَبَ النَّهَارُ مِنْ هٰهُنَا زَادَ مُسَدَّدٌ وَغَابَتِ الشَّمْسُ فَقَدْ أَفْطَرَ الصَّائِمُ۔

احمد بن حنبل، وکیع، ہشام۔ مسدد۔ عبد اللہ بن داؤد ہشام بن عروہ ان کے والد ماجد، عاصم بن عمر نے اپنے والد محترم سے روایت کی کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جب رات ادھر سے آئے اور دن ادھر کو جائے۔ مسدد نے یہ بھی کہا اور سورج غروب ہو جائے تو روزہ دار افطار کر لے۔

۵۸۰۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا عَبْدُ الْوَاحِدِ نَا سُلَيْمَانُ الشَّيْبَانِيُّ سَمِعْتُ عَبْدَ اللهِ ابْنَ أَبِي أَوْفٰى يَقُولُ سِرْنَا مَعَ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ صَائِمٌ فَلَمَّا غَرَبَتِ الشَّمْسُ قَالَ يَا بِلَالُ انْزِلْ فَاجْدَحْ لَنَا قَالَ يَا رَسُولَ اللهِ لَوْ أَمْسَيْتَ قَالَ انْزِلْ فَاجْدَحْ لَنَا قَالَ يَا رَسُولَ اللهِ إِنَّ عَلَيْكَ نَهَارًا قَالَ انْزِلْ فَاجْدَحْ لَنَا فَنَزَلَ فَجَدَحَ فَشَرِبَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ قَالَ إِذَا رَأَيْتُمُ اللَّيْلَ قَدْ أَقْبَلَ مِنْ هٰهُنَا فَقَدْ أَفْطَرَ الصَّائِمُ وَأَشَارَ بِإِصْبَعِهِ قِبَلَ الْمَشْرِقِ۔

سلیمان شیبانی نے حضرت عبد اللہ بن ابی اوفیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا کہ ہم نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ سفر کیا اور آپ روزہ دار تھے۔ جب سورج غروب ہو گیا تو فرمایا کہ اے بلال! اُتر کر ہمارے لیے ستو گھول لو۔ عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ! شام تو ہو جانے دیجیے۔ فرمایا کہ اتر کر ہمارے لیے ستو گھول لو۔ عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ! ابھی تو دن ہے۔ فرمایا کہ اتر کر ہمارے لیے ستو گھول لو۔ پس میں اُترا اور ستو گھولے پس رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے نوش کیے اور فرمایا۔ جب تم رات کو دیکھو کہ ادھر سے آ رہی ہے تو روزہ دار افطار کر لے اور انگشت مبارک کے ساتھ مشرق کی طرف اشارہ فرمایا۔

ف:۔ احادیثِ مطہرہ میں سورج غروب ہونے کے بعد جلدی روزہ افطار کرنے کی بڑی تاکید اور فضیلت آئی ہے رحمتِ دو عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے یہ حکم اپنی امت کو محبت و شفقت کے تحت دیا ہے اور روزہ افطار کرنے میں دیر کرتے کو یہاں تک کہ تارے نظر آنے لگیں۔ یہود و نصاریٰ کا فعل قرار دیا ہے اور اُن کی مشابہت کرنے سے منع فرمایا ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

بَابُ مَا يُسْتَحَبُّ مِنْ تَعْجِيلِ الْفِطْرِ۔

افطاری میں جلدی کرنا مستحب ہے

۵۸۱۔ حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ عَنْ خَالِدٍ عَنْ مُحَمَّدٍ يَعْنِي ابْنَ عَمْرٍو عَنْ أَبِي سَلَمَةَ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ

ابو سلمہ نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ دین ہمیشہ غالب رہے گا جب تک لوگ افطار میں جلدی کرتے

www.sirat-e-mustaqeem.com

لَا يَزَالُ الدِّينُ ظَاهِرًا مَا عَجَّلَ النَّاسُ الْفِطْرَ لِأَنَّ الْيَهُودَ وَالنَّصَارَى يُؤَخِّرُونَ۔

رہیں گے کیونکہ یہود و نصاریٰ دیر کیا کرتے ہیں۔

۵۸۲۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا أَبُو مُعَاوِيَةَ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ عُمَارَةَ بْنِ عُمَيْرٍ عَنْ أَبِي عَطِيَّةَ قَالَ دَخَلْتُ عَلَى عَائِشَةَ أَنَا وَمَسْرُوقٌ فَقُلْنَا يَا أُمَّ الْمُؤْمِنِينَ رَجُلَانِ مِنْ أَصْحَابِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَحَدُهُمَا يُعَجِّلُ الْإِفْطَارَ وَيُعَجِّلُ الصَّلٰوةَ وَالْآخَرُ يُؤَخِّرُ الْإِفْطَارَ وَيُؤَخِّرُ الصَّلٰوةَ قَالَتْ أَيُّهُمَا يُعَجِّلُ الْإِفْطَارَ وَيُعَجِّلُ الصَّلٰوةَ قُلْنَا عَبْدُ اللّٰهِ قَالَتْ كَذٰلِكَ كَانَ يَصْنَعُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔

عمارہ بن عمیر نے ابو عطیہ سے روایت کی ہے کہ میں اور مسروق حاضر ہو کر حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی خدمت میں عرض گزار ہوئے۔ اے ام المومنین! محمد مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اصحاب سے دو حضرات ہیں جن میں سے ایک تو افطاری اور نماز میں جلدی کرتے ہیں اور دوسرے صاحب دیر سے افطار کرتے اور دیر سے نماز پڑھتے ہیں۔ فرمایا کہ جلدی افطار کرنے والے اور جلدی نماز پڑھنے والے کون صاحب ہیں؟ عرض گزار ہوئے کہ حضرت عبداللہ بن مسعود۔ فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بھی ایسا ہی کیا کرتے۔

ف۔ وقت ہوتے ہی جلدی نماز پڑھنا اور سورج غروب ہوتے ہی روزہ افطار کرنا رسول اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا معمول تھا۔ عذر کے بغیر کبھی دونوں چیزوں میں دیر نہیں کیا کرتے تھے۔ چنانچہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے ہمارے امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے امام اعظم یعنی حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی اسی لیے تعریف کی کہ وہ ان دونوں باتوں میں بھی رسول اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی مکمل پیروی کیا کرتے تھے۔ واللہ تعالیٰ اعلم

باب ۱۹۹ مَا يُفْطَرُ عَلَيْهِ۔

کس چیز سے روزہ افطار کرے

۵۸۳۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا عَبْدُ الْوَاحِدِ ابْنُ زِيَادٍ عَنْ عَاصِمٍ الْأَحْوَلِ عَنْ حَفْصَةَ بِنْتِ سِيرِينَ عَنِ الرَّبَابِ عَنْ سَلْمَانَ بْنِ عَامِرٍ عَمِّهَا قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا كَانَ أَحَدُكُمْ صَائِمًا فَلْيُفْطِرْ عَلَى التَّمْرِ فَإِنْ لَمْ يَجِدِ التَّمْرَ فَعَلَى الْمَاءِ فَإِنَّ الْمَاءَ طَهُورٌ۔

مسدد، عبدالواحد بن زیاد، عاصم احول، حفصہ بنت سیرین، رباب، حضرت سلیمان بن عامر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جب تم میں سے کوئی روزہ دار ہو تو چاہیے کہ کھجور سے افطار کرے اگر کھجور میسر نہ آئے تو پانی سے کیونکہ پانی پاک کرنے والا ہے۔

۵۸۴۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ نَا جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ أَنَا ثَابِتٌ الْبُنَانِيُّ أَنَّهُ سَمِعَ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَقُولُ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُفْطِرُ عَلَى رُطَبَاتٍ قَبْلَ أَنْ يُصَلِّيَ فَإِنْ لَمْ تَكُنْ فَعَلَى تَمَرَاتٍ فَإِنْ لَمْ تَكُنْ حَسَا حَسَوَاتٍ مِنْ مَاءٍ۔

ثابت بنانی نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نماز پڑھنے سے پہلے تر کھجوروں کے ساتھ روزہ افطار فرماتے۔ اگر ایسا نہ ہوتا تو خشک کھجوروں سے۔ یہ بھی نہ ہوتا تو پانی کے چند گھونٹ پی لیا کرتے۔

ف۔ کھجور سے روزہ افطار کرنا مستحب ہے۔ اگر تر کھجور ہو تو اور بہتر ہے ورنہ خشک ہی سہی۔ کھجور میسر نہ ہو تو پانی

www.sirat-e-mustaqeem.com

سے روزہ کھول لیا جائے ورنہ جو چیز بھی میسر ہو۔ عوام الناس میں جو مشہور ہے کہ نمک سے روزہ کھولنے میں بڑا ثواب ہے۔ یہ نری گھڑنت اور سینہ گزٹ ہے جس کی کوئی اصل نہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم

بَابُ الْقَوْلِ عِنْدَ الْإِفْطَارِ — افطار کے وقت کی دعا

۵۸۵ — حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيٰى نَا عَلِيُّ بْنُ الْحَسَنِ آنَا الْحُسَيْنُ بْنُ وَاقِدٍ نَا مَرْوَانُ يَعْنِي ابْنَ سَالِمٍ الْمُقَفَّعِ قَالَ رَأَيْتُ ابْنَ عُمَرَ يَقْبِضُ عَلٰى لِحْيَتِهِ فَيَقْطَعُ مَا زَادَ عَلَى الْكَفِّ وَقَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا أَفْطَرَ قَالَ ذَهَبَ الظَّمَأُ وَابْتَلَّتِ الْعُرُوقُ وَثَبَتَ الْأَجْرُ إِنْ شَاءَ اللّٰهُ۔

مروان بن سالم مقفع کا بیان ہے کہ میں نے حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کو دیکھا کہ اپنی ریش مبارک کو مٹھی میں پکڑتے اور جو مٹھی سے زائد ہوتی اسے کاٹ دیتے اور فرمایا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب روزہ افطار کرتے تو کہتے پیاس بجھ گئی۔ رگیں تر و تازہ ہو گئیں اور ان شاء اللہ تعالیٰ ثواب ثابت ہو گیا۔

۵۸۶ — حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا هُشَيْمٌ عَنْ حُصَيْنٍ عَنْ مُعَاذِ بْنِ زُهْرَةَ أَنَّهُ بَلَغَهُ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ إِذَا أَفْطَرَ قَالَ اللّٰهُمَّ لَكَ صُمْتُ وَعَلٰى رِزْقِكَ أَفْطَرْتُ۔

حضرت معاذ بن زہرہ کو یہ خبر پہنچی کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب افطار فرماتے تو کہتے۔ اے اللہ! میں نے تیرے لیے روزہ رکھا اور تیرے ہی رزق سے افطار کیا۔

ف۔ افطار کے وقت کی دعا قبولیت سے بہت نزدیک ہوتی ہے اسی لیے احادیث مطہرہ میں اُس وقت دعا کرنے کے الفاظ وارد ہوئے ہیں جیسا کہ اس حدیث میں بھی دعا مذکور ہے۔ بعض میں کچھ الفاظ کی کمی بیشی ہے۔ بہر حال اُس وقت دعا کرنا بہت ہی برمحل ہے لیکن فرض یا واجب نہیں ہے اور نہ اس کے ترک سے روزے میں کوئی کمی واقع ہوتی ہے لیکن بندے کا اپنے رب کی رحمت سے خود کو محروم رکھنا کوئی دانش مندانہ اقدام نہیں ہے۔ لہٰذا اتنی محنت کرنے اور مشقت اٹھانے کے بعد ضرور دعا کرے جب کہ خدائے قدوس نے وعدہ فرمایا ہے اُدْعُوْنِيْ أَسْتَجِبْ لَكُمْ۔ تم مجھ سے دعا کرو میں قبول فرماؤں گا۔ لہٰذا افطار کرنے سے پہلے دعا کرے اور روزہ افطار کر لینے پر خدا کا شکر ادا کرے کہ اس نے افطار کے لیے روزی عطا فرمائی۔

بَابُ الْفِطْرِ قَبْلَ غُرُوبِ الشَّمْسِ — سورج غروب ہونے سے پہلے افطار کر لینا

۵۸۷ — حَدَّثَنَا هَارُوْنُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ وَمُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ الْمَعْنٰى قَالَا نَا أَبُوْ أُسَامَةَ نَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ عَنْ فَاطِمَةَ بِنْتِ الْمُنْذِرِ عَنْ أَسْمَاءَ بِنْتِ أَبِيْ بَكْرٍ قَالَتْ أَفْطَرْنَا يَوْمًا فِيْ رَمَضَانَ فِيْ غَيْمٍ فِيْ عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ طَلَعَتِ الشَّمْسُ قَالَ أَبُوْ أُسَامَةَ قُلْتُ لِهِشَامٍ

ہارون بن عبد اللہ اور محمد ابن العلاء، ابو اسامہ، ہشام بن عروہ، فاطمہ بنت منذر، حضرت اسماء بنت ابو بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے عہد میں رمضان کے ایک ابر آلود دن کا روزہ ہم نے افطار کر لیا پھر سورج نکل آیا۔ ابو اسامہ کا بیان ہے کہ میں نے ہشام سے کہا:۔ انہیں قضا کا حکم دیا گیا ہوگا؟ فرمایا کہ اس کے سوا اور کیا ہو

www.sirat-e-mustaqeem.com

أَمَرُوا بِالْقَضَاءِ قَالَ وَلَا بُدَّ مِنْ ذٰلِكَ۔

بَابٌ ۲۰۲ فِي الْوِصَالِ۔

۵۸۸- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ الْقَعْنَبِيُّ عَنْ مَالِكٍ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنِ الْوِصَالِ قَالُوا فَإِنَّكَ تُوَاصِلُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ قَالَ إِنِّي لَسْتُ كَهَيْئَتِكُمْ إِنِّي أُطْعَمُ وَأُسْقٰى۔

۵۸۹- حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ أَنَّ بَكْرَ بْنَ مُضَرَ حَدَّثَهُمْ عَنِ ابْنِ الْهَادِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ خَبَّابٍ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ أَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ لَا تُوَاصِلُوا فَأَيُّكُمْ أَرَادَ أَنْ يُوَاصِلَ فَلْيُوَاصِلْ حَتَّى السَّحَرِ قَالُوا فَإِنَّكَ تُوَاصِلُ قَالَ إِنِّي لَسْتُ كَهَيْئَتِكُمْ إِنَّ لِي مُطْعِمًا يُطْعِمُنِي وَسَاقِيًا يَسْقِينِي۔

سکتا تھا۔

وصال کے روزوں کا ذکر

نافع نے حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے وصال کے روزوں سے منع فرمایا ہے۔ لوگ عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ! آپ تو وصال کے روزے رکھتے ہیں۔ فرمایا کہ میری حالت تمہارے جیسی نہیں ہے مجھے تو کھلایا اور پلایا جاتا ہے۔

عبد اللہ بن خباب سے روایت ہے کہ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ روزے ملایا نہ کرو لیکن تم میں سے جو ملانا ہی چاہے تو سحری تک ملا لیا کرو۔ لوگ عرض گزار ہوئے کہ آپ تو ملاتے ہیں۔ فرمایا کہ میری حالت تمہارے جیسی نہیں ہے، میرے لیے کھلانے والا ہے جو مجھے کھلاتا ہے اور پلانے والا ہے جو مجھے پلاتا ہے۔

ف۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بظاہر دوسرے انسانوں جیسے نظر آتے تھے لیکن حقیقت میں دوسرے انسانوں جیسے نہ تھے بلکہ ان جیسا دوسرا کوئی ایک انسان بھی پیدا نہیں ہوا اور نہ قیامت تک پیدا ہوگا۔ اس کے باوجود وہ بشر تھے لیکن افضل البشر اور سید البشر تھے۔ بشریت کو ناز ہے کہ محبوبِ خدا بشری لباس میں جلوہ گر ہوئے۔ لیکن انہیں دوسرے انسانوں پر قیاس نہیں کرنا چاہیے اور اُن کے کھانے پینے کو بھی دوسرے انسانوں کے کھانے پینے کی طرح نہیں جاننا چاہیے۔ کیونکہ اس ظاہری معاملے کے علاوہ اُن کے خورد و نوش کا باطنی معاملہ بھی تھا جس کو وہ اور اُن کا پروردگار ہی بہتر جانتے۔ اسی لیے آپ نے صیامِ وصال کے سلسلے میں صحابہ کرام سے فرمایا تھا۔ اِنِّی لَسْتُ کَھَیْئَتِکُمْ۔ میں تمہارے جیسا نہیں ہوں۔ جب صحابہ کرام کو سرورِ کون و مکاں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ مماثلت نہیں تو تثلیث کا دم بھرنے والا کوئی اور بھلا کس کھیت کی مولی ہے؟ حضرت حسان بن ثابت رضی اللہ تعالیٰ عنہ اس سلسلے میں یوں رقمطراز ہیں۔

خُلِقْتَ مُبَرَّأً مِّنْ كُلِّ عَيْبٍ
كَأَنَّكَ قَدْ خُلِقْتَ كَمَا تَشَاءُ

بَابٌ ۲۰۳ الْغِيبَةُ لِلصَّائِمِ۔

۵۹۰- حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ يُونُسَ ثَنَا ابْنُ أَبِي ذِئْبٍ عَنِ الْمَقْبُرِيِّ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ

روزہ دار کا غیبت کرنا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جو جھوٹی بات کہنا اور بُرے کام کرنا نہ چھوڑے تو اللہ تعالیٰ کو کوئی ضرورت

www.sirat-e-mustaqeem.com

لَمْ يَدَعْ قَوْلَ الزُّوْرِ وَالْعَمَلَ بِهٖ فَلَيْسَ لِلّٰهِ حَاجَةٌ اَنْ يَّدَعَ طَعَامَهٗ وَشَرَابَهٗ قَالَ اَحْمَدُ فَهِمْتُ اِسْنَادَهٗ مِنِ ابْنِ اَبِیْ ذِئْبٍ وَّاَفْهَمَنِی الْحَدِيْثَ رَجُلٌ اِلٰی جَنْبِهٖ اُرَاهُ ابْنَ اَخِيْهِ۔

۵۹۱۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ الْقَعْنَبِیُّ عَنْ مَالِكٍ عَنْ اَبِی الزِّنَادِ عَنِ الْاَعْرَجِ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا كَانَ اَحَدُكُمْ صَائِمًا فَلَا يَرْفُثْ وَلَا يَجْهَلْ فَاِنِ امْرُؤٌ قَاتَلَهٗ اَوْ شَاتَمَهٗ فَلْيَقُلْ اِنِّیْ صَائِمٌ اِنِّیْ صَائِمٌ۔

بَابُ ۲۰۴ السِّوَاكِ لِلصَّائِمِ۔

۵۹۲۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الصَّبَّاحِ نَا شَرِيْكٌ ح وَنَا مُسَدَّدٌ نَا يَحْيٰی عَنْ سُفْيَانَ عَنْ عَاصِمِ ابْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَامِرِ بْنِ رَبِيْعَةَ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْتَاكُ وَهُوَ صَائِمٌ زَادَ مُسَدَّدٌ مَا لَا اَعُدُّ وَلَا اُحْصِیْ۔

بَابُ ۲۰۵ الصَّائِمِ يُصَبُّ عَلَيْهِ الْمَاءُ مِنَ الْعَطَشِ وَيُبَالِغُ فِی الْاِسْتِنْشَاقِ۔

۵۹۳۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ الْقَعْنَبِیُّ عَنْ مَالِكٍ عَنْ سُمَیٍّ مَوْلٰی اَبِیْ بَكْرٍ عَنْ اَبِیْ بَكْرِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ بَعْضِ اَصْحَابِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ رَاَيْتُ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَرَ النَّاسَ فِیْ سَفَرِهٖ عَامَ الْفَتْحِ بِالْفِطْرِ وَقَالَ تَقَوَّوْا لِعَدُوِّكُمْ وَصَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَبُوْ بَكْرٍ قَالَ الَّذِیْ حَدَّثَنِیْ لَقَدْ رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْعَرْجِ يَصُبُّ عَلٰی رَاْسِهِ الْمَاءَ وَهُوَ صَائِمٌ مِّنَ الْعَطَشِ اَوْ مِنَ الْحَرِّ۔

نہیں ہے کہ وہ اپنا کھانا پینا چھوڑ دے۔ احمد کا بیان ہے کہ میں اس کی اسناد میں ابن ابی ذئب سمجھا تھا لیکن ان کے پہلو میں بیٹھے ہوئے ایک شخص نے یہ حدیث سمجھائی، میرے خیال میں وہ ان کا بھتیجا تھا۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جب تم میں سے کوئی روزہ دار ہو تو بیہودہ باتیں نہ کہے اور نہ جاہلانہ کام کرے۔ اگر کوئی اس سے لڑے یا گالیاں دے تو کہہ دینا چاہیے کہ میں روزہ دار ہوں، میں روزہ دار ہوں۔

روزہ دار کا مسواک کرنا

محمد بن صباح، شریک۔ مسدد، یحییٰ، سفیان، عاصم بن عبید اللہ، عبد اللہ بن عامر بن ربیعہ کے والد ماجد نے فرمایا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو مسواک کرتے ہوئے دیکھا اور آپ کا روزہ تھا۔ مسدد نے یہ بھی کہا اتنی دفعہ کہ میں شمار بھی نہیں کر سکتا۔

روزہ دار کا پیاس کے باعث اپنے اوپر پانی ڈالنا

اور ناک میں پانی لیتے ہوئے مبالغہ کرنا

ابوبکر بن عبد الرحمن نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے کسی صحابی سے روایت کی انہوں نے فرمایا کہ میں نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو دیکھا کہ فتح مکہ کے سال آپ نے سفر میں لوگوں کو روزے چھوڑنے کا حکم دیا اور فرمایا کہ دشمنوں کے خلاف طاقت پیدا کرو اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے خود روزہ رکھا۔ ابوبکر راوی کا بیان ہے کہ مجھ سے اس شخص نے بیان کیا جس نے عرج کے مقام پر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو سر مبارک پر پانی ڈالتے ہوئے دیکھا روزے کی حالت میں، پیاس یا گرمی کے باعث۔

www.sirat-e-mustaqeem.com

۵۹۴۔ حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ نَا يَحْيَى ابْنُ سُلَيْمٍ عَنْ إِسْمٰعِيلَ بْنِ كَثِيرٍ عَنْ عَاصِمِ بْنِ لَقِيطِ بْنِ صَبْرَةَ عَنْ أَبِيهِ لَقِيطِ بْنِ صَبْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَالِغْ فِي الْإِسْتِنْشَاقِ إِلَّا أَنْ تَكُونَ صَائِمًا۔

عاصم بن لقیط بن صبرہ نے اپنے والد ماجد حضرت لقیط بن صبرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ ناک میں پانی لیتے وقت مبالغہ کیا کرو لیکن روزے کی حالت میں ایسا نہ کرنا۔

ف۔ روزہ دار کو ناک میں پانی لیتے اور کلی کرتے وقت مبالغہ نہیں کرنا چاہیئے۔ اگر جنابت کے باعث غرارہ کرنا پڑے تو نہ کرے بلکہ صرف کلی کرے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

باب ۲۰۶ فِي الصَّائِمِ يَحْتَجِمُ۔

روزے دار کا پچھنے لگوانا

۵۹۵۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا يَحْيَى عَنْ هِشَامٍ ح وَنَا أَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ نَا حَسَنُ بْنُ مُوسَى نَا شَيْبَانُ جَمِيعًا عَنْ يَحْيَى عَنْ أَبِي قِلَابَةَ عَنْ أَبِي أَسْمَاءَ يَعْنِي الرَّحَبِيَّ عَنْ ثَوْبَانَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ أَفْطَرَ الْحَاجِمُ وَالْمَحْجُومُ قَالَ شَيْبَانُ قَالَ أَخْبَرَنِي أَبُو قِلَابَةَ أَنَّ أَبَا أَسْمَاءَ الرَّحَبِيَّ حَدَّثَهُ أَنَّ ثَوْبَانَ مَوْلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَخْبَرَهُ أَنَّهُ سَمِعَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔

مسدد، یحییٰ، ہشام۔ احمد بن حنبل، حسن بن موسیٰ شیبان، یحییٰ، ابوقلابہ، ابو اسماء رحبی، حضرت ثوبان رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا پچھنے لگانے والے اور لگوانے والے نے روزہ توڑ دیا۔ شیبان کا بیان ہے کہ مجھے ابوقلابہ نے بتایا، ان سے ابو اسماء رحبی نے بیان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے مولیٰ ثوبان نے اسے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے سنا ہے۔

۵۹۶۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ نَا حَسَنُ ابْنُ مُوسَى نَا شَيْبَانُ عَنْ يَحْيَى حَدَّثَنِي أَبُو قِلَابَةَ الْجَرْمِيُّ أَنَّهُ أَخْبَرَهُ أَنَّ شَدَّادَ بْنَ أَوْسٍ بَيْنَمَا هُوَ يَمْشِي مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ نَحْوَهُ۔

احمد بن حنبل، حسن بن موسیٰ، شیبان، یحییٰ، ابوقلابہ جرمی نے حضرت شداد بن اوس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ جب وہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ چل رہے تھے۔ باقی روایت اسی طرح ذکر کی۔

۵۹۷۔ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْمٰعِيلَ نَا وُهَيْبٌ نَا أَيُّوبُ عَنْ أَبِي قِلَابَةَ عَنْ أَبِي الْأَشْعَثِ عَنْ شَدَّادِ بْنِ أَوْسٍ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَتَى عَلَى رَجُلٍ بِالْبَقِيعِ وَهُوَ يَحْتَجِمُ وَهُوَ آخِذٌ بِيَدِي لِثَمَانَ عَشْرَةَ خَلَتْ مِنْ رَمَضَانَ فَقَالَ أَفْطَرَ الْحَاجِمُ وَالْمَحْجُومُ قَالَ أَبُو دَاوُدَ رَوَى خَالِدٌ الْحَذَّاءُ عَنْ أَبِي قِلَابَةَ بِإِسْنَادِ أَيُّوبَ مِثْلَهُ۔

ابوالاشعث نے حضرت شداد بن اوس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ بقیع میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ایک شخص کے پاس پہنچے جو پچھنے لگوا رہا تھا اور حضور نے میرا ہاتھ پکڑ رکھا تھا، یہ رمضان کی اٹھارہ تاریخ کا واقعہ ہے۔ آپ نے فرمایا کہ پچھنے لگانے اور لگوانے والے نے روزہ چھوڑ دیا۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ روایت کی خالد حذاء نے ابوقلابہ سے ایوب کی اسناد کے ساتھ اسی طرح۔

www.sirat-e-mustaqeem.com

۵۹۸۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ نَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكْرٍ وَعَبْدُ الرَّزَّاقِ ح وَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ نَا إِسْمَاعِيلُ يَعْنِي إِبْرَاهِيمَ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ أَخْبَرَنِي مَكْحُولٌ أَنَّ شَيْخًا مِنَ الْحَيِّ قَالَ عُثْمَانُ فِي حَدِيثِهِ مُصَدَّقٌ أَخْبَرَهُ أَنَّ ثَوْبَانَ مَوْلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَخْبَرَهُ أَنَّ نَبِيَّ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ أَفْطَرَ الْحَاجِمُ وَالْمَحْجُومُ۔

احمد بن حنبل، محمد بن بکر، عبد الرزاق۔ عثمان بن ابوشیبہ اسماعیل بن ابراہیم، ابن جریج، مکحول جو قبیلہ حی کے بزرگ تھے اور عثمان نے اپنی حدیث جنہیں مصدق ٹھہرایا ہے، انہیں نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے مولیٰ حضرت ثوبان رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بتایا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا پچھنے لگانے اور لگوانے والے نے روزہ چھوڑ دیا۔

۵۹۹۔ حَدَّثَنَا مَحْمُودُ بْنُ خَالِدٍ نَا مَرْوَانُ نَا الْهَيْثَمُ بْنُ حُمَيْدٍ نَا الْعَلَاءُ بْنُ الْحَارِثِ عَنْ مَكْحُولٍ عَنْ أَبِي أَسْمَاءَ الرَّحَبِيِّ عَنْ ثَوْبَانَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ أَفْطَرَ الْحَاجِمُ وَالْمَحْجُومُ قَالَ أَبُو دَاوُدَ وَرَوَاهُ ابْنُ ثَوْبَانَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ مَكْحُولٍ مِثْلَهُ بِإِسْنَادِهِ۔

محمود بن خالد، مروان، ہیثم بن حمید، علاء بن الحارث مکحول، ابو اسماء الرحبی، حضرت ثوبان رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا پچھنے لگانے اور لگوانے والے نے روزہ توڑ لیا۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ روایت کیا ہے اسے ابن ثوبان ان کے والد ماجد نے مکحول سے اپنی اسناد کے ساتھ اسی کے مانند۔

باب ۲۰۔ فِي الرُّخْصَةِ

اس کی اجازت

۶۰۰۔ حَدَّثَنَا أَبُو مَعْمَرٍ عَبْدُ اللهِ بْنُ عَمْرٍو نَا عَبْدُ الْوَارِثِ عَنْ أَيُّوبَ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ احْتَجَمَ وَهُوَ صَائِمٌ قَالَ أَبُو دَاوُدَ رَوَاهُ وُهَيْبُ بْنُ خَالِدٍ عَنْ أَيُّوبَ بِإِسْنَادِهِ مِثْلَهُ وَجَعْفَرُ بْنُ رَبِيعَةَ وَهِشَامٌ يَعْنِي ابْنَ حَسَّانَ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ۔

عکرمہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے روزے کی حالت میں پچھنے لگوائے۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ روایت کیا ہے اسے وہیب بن خالد نے ایوب سے اپنی اسناد کے ساتھ اسی کے مانند نیز جعفر بن ربیعہ اور ہشام بن حسان، عکرمہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے۔

۶۰۱۔ حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ نَا شُعْبَةُ عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي زِيَادٍ عَنْ مِقْسَمٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ احْتَجَمَ وَهُوَ صَائِمٌ مُحْرِمٌ۔

حفص بن عمر، شعبہ، یزید بن ابو زیاد، مقسم نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے پچھنے لگوائے روزے میں احرام باندھے ہوئے۔

۶۰۲۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ نَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مَهْدِيٍّ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى حَدَّثَنِي رَجُلٌ مِنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّ رَسُولَ

عبد الرحمن بن ابی لیلیٰ نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ایک صحابی سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے پچھنے لگوانے اور وصال کے روزے رکھنے سے منع فرمایا ہے لیکن اپنے اصحاب پر شفقت فرماتے ہوئے

www.sirat-e-mustaqeem.com

النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنِ الْحِجَامَةِ وَالْمُوَاصَلَةِ وَلَمْ يُحَرِّمْهُمَا إِبْقَاءً عَلَى أَصْحَابِهِ فَقِيلَ لَهُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ إِنَّكَ تُوَاصِلُ إِلَى السَّحَرِ فَقَالَ إِنِّي أُوَاصِلُ إِلَى السَّحَرِ وَرَبِّي يُطْعِمُنِي وَيَسْقِينِي۔

انہیں حرام قرار نہیں دیا۔ عرض کی گئی کہ یا رسول اللہ! آپ تو سحری تک روزہ ملاتے ہیں؟ فرمایا کہ واقعی میں سحری تک روزہ ملاتا ہوں لیکن مجھے تو میرا رب کھلاتا اور پلاتا ہے۔

۶۰۳۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ نَا سُلَيْمَانُ يَعْنِي ابْنَ الْمُغِيرَةِ عَنْ ثَابِتٍ قَالَ قَالَ أَنَسٌ مَا كُنَّا نَدَعُ الْحِجَامَةَ لِلصَّائِمِ إِلَّا كَرَاهَةَ الْجَهْدِ۔

عبد اللہ بن مسلمہ، سلیمان بن مغیرہ، ثابت، حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ ہم روزہ دار کو پچھنے لگوانے سے منع نہیں کرتے مگر ضعف کے ڈر سے۔

بَابُ ۲۰۸ فِي الصَّائِمِ يَحْتَلِمُ نَهَارًا فِي رَمَضَانَ۔

رمضان میں روزہ دار کو اگر احتلام ہو جائے

۶۰۴۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ أَنَا سُفْيَانُ عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ عَنْ رَجُلٍ مِنْ أَصْحَابِهِ عَنْ رَجُلٍ مِنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يُفْطِرُ مَنْ قَاءَ وَلَا مَنِ احْتَلَمَ وَلَا مَنِ احْتَجَمَ۔

زید بن اسلم نے اپنے ایک ساتھی سے اور انہوں نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ایک صحابی سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جس کو قے آجائے، احتلام ہو جائے یا پچھنے لگوائے تو روزہ توڑے۔

ف۔ اگر روزے دار کو قے ہو یا روزے کی حالت میں احتلام ہو جائے یا اُس نے پچھنے لگوائے تو ان چیزوں سے روزہ نہیں ٹوٹتا۔ چاہیئے کہ اپنے روزے کو بدستور جاری رکھے اور یہ نہ سمجھے کہ اس کا روزہ ٹوٹ گیا ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

بَابُ ۲۰۹ فِي الْكُحْلِ عِنْدَ النَّوْمِ۔

سوتے وقت سرمہ لگانے کا بیان

۶۰۵۔ حَدَّثَنَا النُّفَيْلِيُّ نَا عَلِيُّ بْنُ ثَابِتٍ حَدَّثَنِي عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ النُّعْمَانِ بْنِ مَعْبَدِ بْنِ هَوْذَةَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ أَمَرَ بِالْإِثْمِدِ الْمُرَوَّحِ عِنْدَ النَّوْمِ وَقَالَ لِيَتَّقِهِ الصَّائِمُ قَالَ أَبُو دَاوُدَ قَالَ لِي يَحْيَى بْنُ مَعِينٍ هُوَ حَدِيثٌ مُنْكَرٌ يَعْنِي حَدِيثَ الْكُحْلِ۔

عبد الرحمٰن بن نعمان نے نعمان بن معبد سے اور انہوں نے حضرت معبد بن ہوذہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے سوتے وقت مشک ملا ہوا سرمہ لگانے کا حکم فرمایا اور ارشاد ہوا کہ روزہ دار اس سے بچے۔ امام ابو داؤد نے فرمایا کہ مجھ سے یحییٰ بن معین نے کہا کہ یہ حدیث منکر ہے یعنی سُرمہ والی حدیث۔

۶۰۶۔ حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ أَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ عَنْ عُتْبَةَ بْنِ أَبِي مُعَاذٍ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي بَكْرِ بْنِ أَنَسٍ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ أَنَّهُ كَانَ يَكْتَحِلُ وَهُوَ صَائِمٌ۔

وہب بن بقیہ، ابو معاویہ، عتبہ بن ابو معاذ، عبید اللہ بن ابو بکر بن انس سے روایت ہے کہ حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ روزے کی حالت میں سرمہ لگا لیا کرتے تھے۔

www.sirat-e-mustaqeem.com

۶۰۷ - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدِ اللهِ الْمُخَرَّمِيُّ وَيَحْيَى بْنُ مُوسَى الْبَلْخِيُّ قَالَا نَا يَحْيَى بْنُ عِيسَى عَنِ الْأَعْمَشِ قَالَ رَأَيْتُ أَحَدًا مِنْ أَصْحَابِنَا يَكْرَهُ الْكُحْلَ لِلصَّائِمِ وَكَانَ إِبْرَاهِيمُ يُرَخِّصُ أَنْ يَكْتَحِلَ الصَّائِمُ بِالصَّبِرِ۔

محمد بن عبید اللہ مخزمی، یحیٰی بن موسیٰ بلخی، یحیٰی بن عیسیٰ، اعمش نے فرمایا کہ میں نے اپنے ساتھیوں میں سے کسی کو نہیں دیکھا جو روزہ دار کے لیے سرمہ لگانا برا سمجھتا ہو اور ابراہیم روزہ دار کو مصبر کا سرمہ لگانے کی اجازت دیا کرتے۔

ف۔ روزہ دار کے لیے سرمہ لگانے کی کوئی ممانعت نہیں ہے اور نہ سرمہ لگانے سے روزے پر کوئی اثر پڑتا ہے احادیث و آثار سے ایسا ہی ثابت ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

بَابٌ الصَّائِمُ يَسْتَقِيءُ عَامِدًا۔

روزہ دار کا قصداً قے کرنا

۶۰۸ - حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا عِيسَى بْنُ يُونُسَ نَا هِشَامُ بْنُ حَسَّانَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ ذَرَعَهُ قَيْءٌ وَهُوَ صَائِمٌ فَلَيْسَ عَلَيْهِ قَضَاءٌ وَإِنِ اسْتَقَاءَ فَلْيَقْضِ۔

محمد بن سیرین نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جس روزہ دار پر قے غالب آجائے اس پر قضا نہیں اور اگر قصداً کی تو قضا ہے۔

---

۶۰۹ - حَدَّثَنَا أَبُو مَعْمَرٍ عَبْدُ اللهِ بْنُ عَمْرٍو نَا عَبْدُ الْوَارِثِ نَا الْحُسَيْنُ عَنْ يَحْيَى حَدَّثَنِي عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَمْرٍو الْأَوْزَاعِيُّ عَنْ يَعِيشَ بْنِ الْوَلِيدِ بْنِ هِشَامٍ أَنَّ أَبَاهُ حَدَّثَهُ حَدَّثَنِي مَعْدَانُ بْنُ طَلْحَةَ أَنَّ أَبَا الدَّرْدَاءِ حَدَّثَهُ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَاءَ فَأَفْطَرَ فَلَقِيتُ ثَوْبَانَ مَوْلَى رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي مَسْجِدِ دِمَشْقَ فَقُلْتُ إِنَّ أَبَا الدَّرْدَاءِ حَدَّثَنِي أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَاءَ فَأَفْطَرَ قَالَ صَدَقَ وَأَنَا صَبَبْتُ لَهُ وَضُوءَهُ۔

ابو معمر عبد اللہ بن عمرو، عبد الوارث، حسین، یحیٰی، عبد الرحمٰن بن عمرو الاوزاعی، یعیش بن ولید بن ہشام، ان کے والد ماجد معدان بن طلحہ نے حضرت ابو درداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے قے کی اور روزہ توڑ دیا۔ پس میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے مولیٰ حضرت ثوبان سے دمشق کی مسجد میں ملا اور ان سے عرض کی کہ حضرت ابو درداء نے مجھ سے حدیث بیان کی کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے قے کی اور روزہ توڑ دیا۔ فرمایا کہ انہوں نے سچ کہا ہے کیونکہ اس وقت میں حضور کو وضو کروا رہا تھا۔

ف۔ اگر خود قے ہوئی تو اس کے باعث روزے پر کوئی اثر نہیں پڑا۔ اگر طبیعت خراب ہوئی، قے نے غلبہ کیا اور قصداً قے کی تو روزہ ٹوٹ گیا۔ ایسے روزے کا کفارہ نہیں لیکن قضا لازم آئے گی۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

بَابُ الْقُبْلَةِ لِلصَّائِمِ۔

روزہ دار کا بوسہ دینا

۶۱۰ - حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا أَبُو مُعَاوِيَةَ عَنِ

اسود نے علقمہ سے روایت کی ہے کہ حضرت عائشہ صدیقہ

www.sirat-e-mustaqeem.com

الْأَعْمَشِ عَنْ إِبْرَاهِيمَ عَنِ الْأَسْوَدِ وَعَلْقَمَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُقَبِّلُ وَهُوَ صَائِمٌ وَيُبَاشِرُ وَهُوَ صَائِمٌ وَلَكِنَّهُ كَانَ أَمْلَكَ لِإِرْبِهِ۔

رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرمایا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم روزے کی حالت میں بوسہ دے دیا کرتے تھے اور روزے کی حالت میں مباشرت فرمالیا کرتے تھے لیکن آپ کے برابر خواہش پر کنٹرول رکھنے والا کون ہے۔

۶۱۱۔ حَدَّثَنَا أَبُو تَوْبَةَ الرَّبِيعُ بْنُ نَافِعٍ ثَنَا أَبُو الْأَحْوَصِ عَنْ زِيَادِ بْنِ عِلَاقَةَ عَنْ عَمْرِو بْنِ مَيْمُونٍ عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللهُ عَنْهَا قَالَتْ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُقَبِّلُ فِي شَهْرِ الصَّوْمِ۔

ابو توبۃ الربیع بن نافع، ابوالاحوص، زیاد بن علاقہ، عمرو بن میمون، حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم روزوں کے مہینے میں بوسہ دے دیا کرتے تھے۔

۶۱۲۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ أَنَا سُفْيَانُ عَنْ سَعْدِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ طَلْحَةَ بْنِ عَبْدِ اللهِ يَعْنِي ابْنَ عُثْمَانَ الْقُرَشِيَّ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُقَبِّلُنِي وَهُوَ صَائِمٌ وَأَنَا صَائِمَةٌ۔

طلحہ بن عبداللہ ابن عثمان قرشی سے روایت ہے کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم روزے کی حالت میں مجھے بوسہ دے دیا کرتے اور میں بھی روزے سے ہوتی۔

۶۱۳۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ يُونُسَ نَا اللَّيْثُ ح وَحَدَّثَنَا عِيسَى بْنُ حَمَّادٍ أَنَا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ عَنْ بُكَيْرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ سَعِيدٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ قَالَ قَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ هَشَشْتُ فَقَبَّلْتُ وَأَنَا صَائِمٌ فَقُلْتُ يَا رَسُولَ اللهِ صَنَعْتُ الْيَوْمَ أَمْرًا عَظِيمًا قَبَّلْتُ وَأَنَا صَائِمٌ قَالَ أَرَأَيْتَ لَوْ مَضْمَضْتَ مِنَ الْمَاءِ وَأَنْتَ صَائِمٌ قَالَ عِيسَى بْنُ حَمَّادٍ فِي حَدِيثِهِ قُلْتُ لَا بَأْسَ قَالَ فَمَهْ۔

احمد بن یونس، لیث۔ عیسیٰ بن حماد، لیث بن سعد، بکیر بن عبداللہ، عبدالملک بن سعید، حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا میں روزے کی حالت میں خوش وخرم ہوا اور بوسہ دیا۔ پس میں عرض گزار ہوا کہ یا رسول اللہ! آج میں نے بڑی غلطی کی ہے کہ میں روزے کی حالت میں بوسہ دے بیٹھا۔ فرمایا کہ روزے کی حالت میں اگر تم کلی کرو تو کیا خیال ہے؟ عیسیٰ بن حماد نے اپنی حدیث میں کہا کہ میں عرض گزار ہوا: کوئی مضائقہ نہیں۔ فرمایا تو یہ بھی اسی طرح ہے۔

ف۔ اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ روزے کی حالت میں اپنی بیوی کو بوسہ دینا اسی طرح ہے جیسے کلی کرنا یعنی اس سے روزے میں کوئی فرق نہیں آتا۔ لیکن یہ حکم مجمل ہے اور اس کی تفصیل دیگر احادیث میں ہے کہ آدمی اگر عمر رسیدہ اور اپنے اوپر قابو رکھنے والا ہو تو کوئی مضائقہ نہیں۔ لیکن جوان آدمی کو اس سے اجتناب ہی کرنا بہتر ہے۔ واللہ اعلم

باب ۲۱۲ الصَّائِمُ يَبْلَعُ الرِّيقَ۔

روزہ دار کا رال نگلنا

۶۱۴۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِيسَى نَا

محمد بن عیسیٰ، محمد بن دینار، سعد بن اوس عبدی المصدع

www.sirat-e-mustaqeem.com

مُحَمَّدُ بْنُ دِينَارٍ نَا سَعْدُ بْنُ اَوْسٍ الْعَبْدِيُّ عَنْ مِصْدَعٍ اَبِي يَحْيٰى عَنْ عَائِشَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُقَبِّلُهَا وَهُوَ صَائِمٌ وَيَمُصُّ لِسَانَهَا۔

ابو یحییٰ نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم روزے کی حالت میں انہیں بوسہ دے دیا کرتے اور ان کی زبان کو چوستے۔

۲۱۳ كَرَاهِيَتُهُ لِلشَّابِّ۔

جوان آدمی کے لیے مکروہ ہونا

۶۱۵۔ حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ اَنَا اَبُو اَحْمَدَ يَعْنِي الزُّبَيْرِيَّ نَا اِسْرَائِيلُ عَنْ اَبِي الْعَنْبَسِ عَنِ الْاَغَرِّ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ اَنَّ رَجُلًا سَاَلَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْمُبَاشَرَةِ لِلصَّائِمِ فَرَخَّصَ لَهُ وَاَتَاهُ اٰخَرُ فَنَهَاهُ فَاِذَا الَّذِي رَخَّصَ لَهُ شَيْخٌ وَالَّذِي نَهَاهُ شَابٌّ۔

نصر بن علی، ابو احمد زبیری، اسرائیل، ابو عنبس، اغر

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ایک آدمی نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے روزہ دار کے مباشرت کرنے کے متعلق پوچھا تو آپ نے اسے اجازت مرحمت فرمادی اور دوسرا آیا تو اسے منع فرمادیا۔ کیونکہ جس کو اجازت دی وہ بوڑھا تھا اور جسے منع کیا وہ جوان تھا۔

ف۔ مباشرت لپٹنے کو کہتے ہیں یعنی کھڑے کھڑے ہی اپنی بیوی کے جسم کو اپنے جسم سے لگانا یا لیٹ کر ایسا کرنا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے جوان آدمی کو اس سے منع فرمایا اور بوڑھے کو اجازت مرحمت فرمادی۔ یہی حکم اپنی بیوی کو بوسہ دینے کا ہے کیونکہ جوان آدمی اپنی بیوی کو بوسہ دے یا اس سے مباشرت کرے تو خطرہ ہے کہ شاید اپنے جذبات کو قابو میں نہ رکھ سکے اور جماع کر بیٹھے تو اس صورت میں کفارہ لازم آتا ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

۲۱۴ مَنْ اَصْبَحَ جُنُبًا فِي شَهْرِ رَمَضَانَ۔

جو رمضان میں حالت جنابت میں بیدار ہو

۶۱۶۔ حَدَّثَنَا الْقَعْنَبِيُّ عَنْ مَالِكٍ ح وَ نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحٰقَ الْاَذْرَمِيُّ نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ عَنْ مَالِكٍ عَنْ عَبْدِ رَبِّهِ ابْنِ سَعِيدٍ عَنْ اَبِي بَكْرِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ هِشَامٍ عَنْ عَائِشَةَ وَاُمِّ سَلَمَةَ زَوْجَيِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُمَا قَالَتَا كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصْبِحُ جُنُبًا قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ الْاَذْرَمِيُّ فِي حَدِيثِهِ فِي رَمَضَانَ مِنْ جِمَاعٍ غَيْرِ احْتِلَامٍ ثُمَّ يَصُومُ۔

قعنبی، مالک، عبداللہ بن محمد بن اسحٰق اذرمی، عبدالرحمٰن بن مہدی، مالک، عبد ربہ بن سعید، ابوبکر بن عبدالرحمٰن بن حارث بن ہشام سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی زوجہ مطہرہ حضرت عائشہ صدیقہ اور حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا کہ کبھی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم صبح کو جنابت کی حالت میں اٹھتے۔ عبداللہ اذرمی نے اپنی حدیث میں کہا کہ احتلام سے نہیں بلکہ جماع سے اور پھر روزہ رکھتے۔

ف۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے رمضان میں بعض اوقات رمضان میں طلوعِ فجر سے پہلے غسلِ جنابت نہ فرمایا بلکہ روزہ شروع کر کے نمازِ فجر سے پہلے غسل کرتے تاکہ امت کے لیے آسانی ہو جائے۔ آپ کو احتلام نہیں ہوتا تھا اور نہ کبھی کسی دوسرے نبی کو احتلام ہوا کیونکہ احتلام کے ہونے میں شیطان کا دخل بھی ہوتا ہے اور ان مقدس بارگاہوں میں شیطان کا عمل دخل نہیں ہوتا تھا۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

٦١٧- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ يَعْنِي الْقَعْنَبِيَّ عَنْ مَالِكٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ ابْنِ مَعْمَرٍ الْاَنْصَارِيِّ عَنْ اَبِيْ يُونُسَ مَوْلٰى عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا عَنْ عَائِشَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّ رَجُلًا قَالَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ وَاقِفٌ عَلَى الْبَابِ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّيْ اُصْبِحُ جُنُبًا وَاَنَا اُرِيْدُ الصِّيَامَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَنَا اُصْبِحُ جُنُبًا وَاَنَا اُرِيْدُ الصِّيَامَ فَاَغْتَسِلُ وَاَصُوْمُ فَقَالَ الرَّجُلُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّكَ لَسْتَ مِثْلَنَا قَدْ غَفَرَ اللّٰهُ لَكَ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِكَ وَمَا تَاَخَّرَ فَغَضِبَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَالَ وَاللّٰهِ اِنِّيْ لَاَرْجُوْ اَنْ اَكُوْنَ اَخْشَاكُمْ لِلّٰهِ وَاَعْلَمَكُمْ بِمَا اَتَّبِعُ۔

کفّارہ ۲۱۵ مَنْ اَتٰى اَهْلَهٗ فِيْ رَمَضَانَ۔

٦١٨- حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ وَمُحَمَّدُ بْنُ عِيْسٰى الْمَعْنٰى قَالَا نَا سُفْيَانُ قَالَ مُسَدَّدٌ قَالَ نَا الزُّهْرِيُّ عَنْ حُمَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ اَتٰى رَجُلٌ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ هَلَكْتُ قَالَ مَا شَاْنُكَ قَالَ وَقَعْتُ عَلَى امْرَاَتِيْ فِيْ رَمَضَانَ قَالَ فَهَلْ تَجِدُ مَا تُعْتِقُ رَقَبَةً قَالَ لَا قَالَ فَهَلْ تَسْتَطِيْعُ اَنْ تَصُوْمَ شَهْرَيْنِ مُتَتَابِعَيْنِ قَالَ لَا قَالَ فَهَلْ تَسْتَطِيْعُ اَنْ تُطْعِمَ سِتِّيْنَ مِسْكِيْنًا قَالَ لَا قَالَ اجْلِسْ فَاُتِيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِعَرَقٍ فِيْهِ تَمْرٌ فَقَالَ تَصَدَّقْ بِهٖ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا بَيْنَ لَابَتَيْهَا اَهْلُ بَيْتٍ اَفْقَرُ مِنَّا قَالَ فَضَحِكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى بَدَتْ ثَنَايَاهُ قَالَ فَاَطْعِمْهُ اِيَّاهُمْ وَقَالَ مُسَدَّدٌ فِيْ مَوْضِعٍ اٰخَرَ اَنْيَابُهٗ۔

ابویونس مولیٰ عائشہ صدیقہ نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی زوجہ مطہرہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کی ہے کہ ایک آدمی دروازے پر کھڑا ہو کر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں عرض گزار ہوا۔ یا رسول اللہ اگر جنابت کی حالت میں مجھے صبح ہو جائے اور میرا روزہ رکھنے کا ارادہ ہو؟ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ صبح کو میں جب جنابت کی حالت میں اٹھوں اور میرا روزہ رکھنے کا ارادہ ہو تو غسل کر کے روزہ رکھ لیتا ہوں۔ وہ عرض گزار ہوا کہ یا رسول اللہ! آپ ہمارے جیسے تو نہیں ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے آپ کے لیے تو آپ کے اگلے پچھلوں کے گناہ معاف فرما دیئے ہیں۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ناراض ہوئے اور فرمایا۔ بیشک میں یہ امید رکھتا ہوں کہ تم سے زیادہ اللہ سے ڈروں اور پیروی کرنے کے کاموں کو تم سے زیادہ جاننے والا ہوں۔

رمضان میں بیوی سے صحبت کرنے کا کفارہ

حمید بن عبد الرحمٰن سے روایت ہے کہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ ایک آدمی نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر عرض گزار ہوا۔ "میں ہلاک ہو گیا" فرمایا کیا بات ہے؟ عرض کی کہ روزے کی حالت میں اپنی بیوی سے صحبت کر بیٹھا۔ فرمایا کہ کیا ایک گردن آزاد کر سکتے ہو؟ عرض کی، نہیں۔ فرمایا کیا متواتر دو مہینے کے روزے رکھ سکتے ہو؟ عرض کی، نہیں۔ فرمایا کیا ساٹھ مسکینوں کو کھانا کھلا سکتے ہو؟ عرض کی، نہیں۔ فرمایا کہ بیٹھ جاؤ۔ پس نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں ایک عرق کھجوریں پیش کی گئیں۔ فرمایا انہیں خیرات کر دو۔ عرض گزار ہوا کہ یا رسول اللہ! دونوں سنگستانوں کے درمیان ہمارے گھر والوں سے غریب تو کوئی بھی نہیں۔ پس رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہنس پڑے کہ دندان مبارک نظر آنے لگے اور فرمایا کہ انہیں کو کھلا دو۔ مسدد نے دوسرے مقام پر "ثَنَايَاهُ" کی جگہ "اَنْيَابَهٗ" کہا ہے۔

ف۔ جب کوئی شخص قصداً رمضان المبارک کا روزہ توڑ دے تو اس پر کفارہ لازم آتا ہے۔ مذکورہ شخص پر بھی کفارہ لازم آیا تھا جس نے رمضان کے روزے کی حالت میں اپنی بیوی سے صحبت کر لی تھی۔ ضروری تو حکمِ خداوندی کے تحت یہی تھا کہ وہ ایک غلام آزاد کرتا یا ساٹھ مسکینوں کو کھانا کھلاتا یا دو ماہ کے متواتر روزے رکھتا لیکن جب اس بارگاہ میں اپنی مجبوری کا اظہار کیا جو پروردگارِ عالم کے خلیفۂ اعظم کی بارگاہ تھی تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اُس کی سزا کو عطا سے بدل دیا۔ سبحان اللہ! یہ خلافتِ عظمیٰ کا اظہار تھا کہ اس خاص شخص کے لیے حکم میں تخصیص فرما دی۔ تشریعِ احکام تخصیص کا یہ ایک ہی واقعہ نہیں بلکہ ایسے متعدد واقعات موجود ہیں۔ جن سے ثابت ہوتا ہے کہ پروردگارِ عالم نے اپنے محبوبِ اکرم، رسولِ معظم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو تشریع و تخصیص کا اختیار بھی مرحمت فرمایا ہوا تھا۔ واللہ تعالیٰ اعلم

٦١٩۔ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ أَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ بِهٰذَا الْحَدِيثِ بِمَعْنَاهُ زَادَ الزُّهْرِيُّ وَإِنَّمَا كَانَ هٰذَا رُخْصَةً لَهُ خَاصَّةً فَلَوْ أَنَّ رَجُلًا فَعَلَ ذٰلِكَ الْيَوْمَ لَمْ يَكُنْ لَهُ بُدٌّ مِنَ التَّكْفِيرِ قَالَ أَبُو دَاوُدَ وَرَوَاهُ اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ وَالْأَوْزَاعِيُّ وَمَنْصُورُ بْنُ الْمُعْتَمِرِ وَعِرَاكُ بْنُ مَالِكٍ عَلَى مَعْنَى ابْنِ عُيَيْنَةَ زَادَ فِيهِ الْأَوْزَاعِيُّ وَاسْتَغْفِرِ اللّٰهَ۔

معمر نے زہری سے اس حدیث کو معناً روایت کیا ہے زہری نے یہ بھی کہا کہ یہ اجازت صرف اسی کے لیے تھی اگر آج کوئی آدمی ایسا کرے تو کفارہ ادا کرنے کے بغیر چارہ کار نہیں امام ابوداؤد نے فرمایا کہ روایت کیا اسے لیث بن سعد اور اوزاعی اور منصور بن معتمر اور عراک بن مالک نے ابن عیینہ کی طرح معناً۔ اوزاعی نے اس میں یہ بھی کہا۔ اور اللہ سے معافی مانگو۔

٦٢٠۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ عَنْ مَالِكٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ حُمَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَجُلًا أَفْطَرَ فِي رَمَضَانَ فَأَمَرَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يُعْتِقَ رَقَبَةً أَوْ يَصُومَ شَهْرَيْنِ مُتَتَابِعَيْنِ أَوْ يُطْعِمَ سِتِّينَ مِسْكِينًا قَالَ لَا أَجِدُ فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اجْلِسْ فَأُتِيَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِعَرَقٍ فِيهِ تَمْرٌ فَقَالَ خُذْ هٰذَا فَتَصَدَّقْ بِهِ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ مَا أَحَدٌ أَحْوَجُ مِنِّي فَضَحِكَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى بَدَتْ أَنْيَابُهُ وَقَالَ لَهُ كُلْهُ قَالَ أَبُو دَاوُدَ وَرَوَاهُ ابْنُ جُرَيْجٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَلَى لَفْظِ مَالِكٍ أَنَّ رَجُلًا أَفْطَرَ وَقَالَ فِيهِ أَوْ تُعْتِقَ رَقَبَةً أَوْ تَصُومَ شَهْرَيْنِ أَوْ تُطْعِمَ سِتِّينَ مِسْكِينًا۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ایک آدمی نے رمضان کا روزہ توڑ دیا۔ پس رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اسے حکم فرمایا کہ ایک گردن آزاد کرے یا متواتر دو مہینے کے روزے رکھے یا ساٹھ مسکینوں کو کھانا کھلائے۔ عرض گزار ہوا کہ میں مجبور ہوں پس رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس سے فرمایا کہ بیٹھ جاؤ۔ پس رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں کھجوروں سے بھرا ہوا عرق پیش کیا گیا۔ فرمایا کہ انہیں لو اور خیرات کر دو عرض گزار ہوا کہ یا رسول اللہ! مجھ سے زیادہ حاجت مند تو کوئی بھی نہیں۔ پس رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہنس پڑے یہاں تک کہ دندان مبارک نظر آنے لگے اور فرمایا کہ خود کھا لو۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ روایت کیا ہے اسے ابن جریج نے زہری سے مالک کے لفظوں میں کہ ایک آدمی نے روزہ توڑ دیا اور اس میں کہا کہ ایک گردن آزاد کر یا دو مہینے روزے رکھ یا

www.sirat-e-mustaqeem.com

۶۲۱۔ حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُسَافِرٍ نَا ابْنُ أَبِي فُدَيْكٍ نَا هِشَامُ بْنُ سَعْدٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ أَبِي سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَفْطَرَ فِي رَمَضَانَ بِهٰذَا الْحَدِيثِ قَالَ فَأُتِيَ بِعَرَقٍ فِيهِ تَمْرٌ قَدْرُ خَمْسَةَ عَشَرَ صَاعًا وَ قَالَ فِيهِ كُلْهُ أَنْتَ وَأَهْلُ بَيْتِكَ وَصُمْ يَوْمًا وَاسْتَغْفِرِ اللّٰهَ۔

ابوسلمہ بن عبدالرحمٰن سے روایت ہے کہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ ایک آدمی نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوا جس نے رمضان کا روزہ توڑ دیا تھا۔ اس حدیث میں کہا کہ آپ کی خدمت میں کھجوروں کا ایک عرق پیش کیا گیا یعنی تقریباً پندرہ صاع کھجوریں اور اس میں کہا کہ انہیں تم کھالو اور تمہارے گھر والے۔ نیز ایک روزہ رکھ لینا اور اللہ سے استغفار کرنا۔

ف۔ رمضان کا روزہ قصداً توڑنے کے باعث اُس شخص پر کفّارہ لازم تھا۔ لیکن اُس کی جگہ ایک دن کا روزہ رکھوانا اور استغفار کرنا کافی قرار دیا۔ کفّارے کی جگہ یہ ہوا کہ پندرہ یا بیس صاع کھجوریں اُسے اپنے پاس سے خود کھانے اور اپنے بچوں کو کھلانے کے لیے مرحمت فرما دیں یعنی سزا کو عطا سے بدل دیا۔ یہ اُسی خلافتِ عظمیٰ کا اظہار تھا۔ جس سے خدائے ذوالمنن نے خاص اپنے محبوب کو نوازا تھا۔ واللہ تعالیٰ اعلم

۶۲۲۔ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ الْمَهْرِيُّ أَنَا ابْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ أَنَّ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ الْقَاسِمِ حَدَّثَهُ أَنَّ مُحَمَّدَ بْنَ جَعْفَرِ بْنِ الزُّبَيْرِ حَدَّثَهُ أَنَّ عَبَّادَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ الزُّبَيْرِ حَدَّثَهُ أَنَّهُ سَمِعَ عَائِشَةَ زَوْجَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَقُولُ أَتَى رَجُلٌ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْمَسْجِدِ فِي رَمَضَانَ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ احْتَرَقْتُ فَسَأَلَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا شَأْنُهُ فَقَالَ أَصَبْتُ أَهْلِي قَالَ تَصَدَّقْ قَالَ وَاللّٰهِ مَا لِي شَيْءٌ وَلَا أَقْدِرُ عَلَيْهِ قَالَ اجْلِسْ فَجَلَسَ فَبَيْنَمَا هُوَ عَلَى ذٰلِكَ أَقْبَلَ رَجُلٌ يَسُوقُ حِمَارًا عَلَيْهِ طَعَامٌ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَيْنَ الْمُحْتَرِقُ آنِفًا فَقَامَ الرَّجُلُ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَصَدَّقْ بِهٰذَا فَقَالَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ أَعَلَى غَيْرِنَا فَوَاللّٰهِ إِنَّا لَجِيَاعٌ مَا لَنَا شَيْءٌ قَالَ كُلُوهُ۔

سلیمان بن داؤد مہری، ابن وہب، عمرو بن حارث، عبدالرحمٰن بن قاسم، محمد بن جعفر بن زبیر، عباد بن عبداللہ بن زبیر نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی زوجہ مطہرہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو فرماتے ہوئے سنا کہ ایک شخص رمضان میں مسجد کے اندر نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر عرض گزار ہوا۔ یارسول اللہ! میں جل گیا۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس سے پوچھا کیا بات ہے؟ عرض کی، میں اپنی بیوی سے صحبت کر بیٹھا۔ فرمایا کہ خیرات کرو۔ عرض گزار ہوا کہ خدا کی قسم، میرے پاس کوئی چیز نہیں کہ میں خیرات کروں۔ فرمایا بیٹھ جاؤ وہ بیٹھ گیا۔ ابھی وہ اسی جگہ تھا کہ ایک آدمی گدھے کو ہانکتا ہوا آیا جس پر غلّہ تھا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جلنے والا کہاں ہے؟ وہ آدمی کھڑا ہو گیا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اسے خیرات کر دو۔ عرض گزار ہوا کہ یارسول اللہ! کیا اپنے ماسوا پر؟ خدا کی قسم، ہم تو خود بھوکے ہیں، خود ہمارے پاس کچھ نہیں۔ فرمایا، اچھا تم کھالو۔

۶۲۳۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَوْفٍ أَنَا سَعِيدٌ

محمد بن عوف، سعید بن ابومریم، ابن ابوالزناد، عبدالرحمٰن

www.sirat-e-mustaqeem.com

ابْنُ أَبِي مَرْيَمَ ثَنَا ابْنُ أَبِي الزِّنَادِ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ ابْنِ الْحَارِثِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جَعْفَرِ بْنِ الزُّبَيْرِ عَنْ عَبَّادِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ عَائِشَةَ بِهٰذِهِ الْقِصَّةِ قَالَ فَأُتِيَ بِعَرَقٍ فِيهِ عِشْرُونَ صَاعًا۔

بن حارث، محمد بن جعفر بن زبیر، عباد بن عبد اللہ نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے اس واقعہ کو روایت کرتے ہوئے کہا۔ آپ کی خدمت میں ایک عرق پیش کیا گیا جس میں بیس صاع تھے۔

بَابٌ ۲۱۶ التَّغْلِيظِ فِيمَنْ أَفْطَرَ عَمْدًا۔

قصداً روزہ توڑنے کی سزا

۶۲۴۔ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ قَالَ نَا شُعْبَةُ ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ أَنَا شُعْبَةُ عَنْ حَبِيبِ ابْنِ أَبِي ثَابِتٍ عَنْ عُمَارَةَ بْنِ عُمَيْرٍ عَنِ ابْنِ الْمُطَوِّسِ عَنْ أَبِيهِ قَالَ ابْنُ كَثِيرٍ عَنْ أَبِي الْمُطَوِّسِ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ أَفْطَرَ يَوْمًا مِنْ رَمَضَانَ فِي غَيْرِ رُخْصَةٍ رَخَّصَهَا اللّٰهُ لَهُ لَمْ يَقْضِ عَنْهُ صِيَامُ الدَّهْرِ۔

سلیمان بن حرب، شعبہ۔ محمد بن کثیر، شعبہ، حبیب بن ابو ثابت، عمارہ بن عمیر ابن مطوس ان کے والد ماجد نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جو رمضان کا ایک روزہ توڑ دے بغیر اس اجازت کے جو اللہ تعالیٰ نے مرحمت فرمائی ہے تو ساری عمر کے روزے بھی اس کمی کو پورا نہیں کر سکیں گے۔

۶۲۵۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ حَدَّثَنِي يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ عَنْ سُفْيَانَ حَدَّثَنِي حَبِيبٌ عَنْ عُمَارَةَ عَنِ ابْنِ الْمُطَوِّسِ قَالَ فَلَقِيتُ ابْنَ الْمُطَوِّسِ فَحَدَّثَنِي عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَ حَدِيثِ ابْنِ كَثِيرٍ وَسُلَيْمَانَ قَالَ أَبُو دَاوُدَ اخْتُلِفَ عَلَى سُفْيَانَ وَشُعْبَةَ عَنْهُمَا ابْنُ الْمُطَوِّسِ وَأَبُو الْمُطَوِّسِ۔

احمد بن حنبل، یحییٰ بن سعید، سفیان، حبیب، عمارہ ابن المطوس، ان کے والد ماجد نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ آگے ابن کثیر اور سلیمان کی حدیث کے مانند۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ ابن المطوس اور ابو المطوس کے بارے میں سفیان اور شعبہ میں اختلاف ہے۔

بَابٌ ۲۱۷ مَنْ أَكَلَ نَاسِيًا۔

جو بھول کر کھا بیٹھے

۶۲۶۔ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْمٰعِيلَ نَا حَمَّادٌ عَنْ أَيُّوبَ وَحَبِيبٍ وَهِشَامٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ إِنِّي أَكَلْتُ وَشَرِبْتُ نَاسِيًا وَأَنَا صَائِمٌ فَقَالَ أَطْعَمَكَ اللّٰهُ وَسَقَاكَ۔

محمد بن سیرین سے روایت ہے کہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ ایک آدمی نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر عرض گزار ہوا۔ یا رسول اللہ! میں بھول کر کھا پی بیٹھا حالانکہ میں روزے سے ہوں۔ فرمایا کہ تمہیں اللہ تعالیٰ نے کھلایا پلایا ہے۔

ف۔ اگر کوئی روزے میں بھول کر کھا پی بیٹھے تو یاد آنے پر یہ نہ سمجھے کہ اُس کا روزہ ٹوٹ گیا۔ کیونکہ روزہ اسی طرح قائم ہے اور اس کھانے پینے کو خدا کی طرف سے مہمانی شمار کرے کہ اُس نے اپنے بندے کو بھلا کر کھلا پلا دیا۔ ہاں اگر کھاتے پیتے وقت

www.sirat-e-mustaqeem.com

یاد آیا تو جو کھا پی چکا وہ معاف لیکن اب کھانے کا ایک دانہ یا پانی وغیرہ کا ایک قطرہ بھی حلق سے پار نہ لے جائے بلکہ فوراً اُگل دینا چاہیئے کیونکہ اب کھانے پینے سے روزہ ٹوٹ جائے گا۔

باب ۲۱۸ تَاخِيرِ قَضَاءِ رَمَضَانَ۔
روزوں کی قضا میں دیر کرنا

۶۲۷۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ مَسْلَمَةَ الْقَعْنَبِيُّ عَنْ مَالِكٍ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ عَنْ أَبِي سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ أَنَّهُ سَمِعَ عَائِشَةَ تَقُولُ إِنْ كَانَ لَيَكُونُ عَلَيَّ الصَّوْمُ مِنْ رَمَضَانَ فَمَا أَسْتَطِيعُ أَنْ أَقْضِيَهُ حَتَّى يَأْتِيَ شَعْبَانُ۔

عبداللہ بن مسلمہ قعنبی، مالک، یحییٰ بن سعید، ابوسلمہ بن عبدالرحمٰن نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو فرماتے ہوئے سنا کہ اگر مجھ پر رمضان کے روزوں کی قضا ہوتی تو میں انہیں رکھ نہ سکتی یہاں تک کہ شعبان کا مہینہ آ جاتا۔

باب ۲۱۹ فِيمَنْ مَاتَ وَعَلَيْهِ صِيَامٌ۔
جو فوت ہو جائے اور اس پر روزے ہوں

۶۲۸۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ نَا ابْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ عَنْ عُبَيْدِ اللهِ ابْنِ أَبِي جَعْفَرٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جَعْفَرِ بْنِ الزُّبَيْرِ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ مَاتَ وَعَلَيْهِ صِيَامٌ صَامَ عَنْهُ وَلِيُّهُ۔

احمد بن صالح، ابن وہب، عمرو بن حارث، عبیداللہ بن ابوجعفر، محمد بن جعفر بن زبیر، عروہ نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جو فوت ہو جائے اور اس کے اوپر روزے ہوں تو ولی اس کی طرف سے روزے رکھے۔

ف۔ امام احمد بن حنبل کا یہی مذہب ہے کہ اگر کوئی مر جائے اور اس کے ذمہ رمضان کے روزے ہوں تو اُس کی طرف سے اُس کا ولی اُن روزوں کو رکھے گا لیکن اہلِ حق کے باقی تینوں آئمہ مجتہدین کا مذہب دیگر احادیث کی بنا پر یہ نہیں ہے۔ ان کے نزدیک اس کے ولی پر اُن روزوں کا رکھنا لازم نہیں ہے۔ بلکہ وہ اپنے مال سے دورانِ علالت فدیہ دے یا ورثہ اُس کے مال سے فدیہ ادا کریں۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

۶۲۹۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ نَا سُفْيَانُ عَنْ أَبِي حَصِينٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ إِذَا مَرِضَ الرَّجُلُ فِي رَمَضَانَ ثُمَّ مَاتَ وَلَمْ يَصُمْ أُطْعِمَ عَنْهُ وَلَمْ يَكُنْ عَلَيْهِ قَضَاءٌ وَإِنْ نَذَرَ قَضَى عَنْهُ وَلِيُّهُ۔

سعید بن جبیر سے روایت ہے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا۔ جب کوئی شخص رمضان میں بیمار ہو جائے پھر تندرست نہ ہو بلکہ مر جائے تو اس کی جانب سے کھانا کھلایا جائے اور اس کے اوپر قضا نہیں ہے اور اگر اس نے نذر مانی ہو تو ولی اسے پوری کرے۔

باب ۲۲۰ الصَّوْمُ فِي السَّفَرِ۔
سفر میں روزے رکھنا

۶۳۰۔ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ وَمُسَدَّدٌ قَالَا نَا حَمَّادٌ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَائِشَةَ أَنَّ حَمْزَةَ الْأَسْلَمِيَّ سَأَلَ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللهِ إِنِّي رَجُلٌ أَسْرُدُ الصَّوْمَ أَفَأَصُومُ فِي السَّفَرِ قَالَ صُمْ إِنْ

ہشام بن عروہ کے والد ماجد نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کی ہے کہ حمزہ اسلمی سوال کرتے ہوئے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض گزار ہوئے۔ یا رسول اللہ! میں متواتر روزے رکھنے والا ہوں تو سفر میں روزے رکھ لیا کروں؟ فرمایا کہ چاہو تو

شِئْتَ وَاَفْطِرْ اِنْ شِئْتَ: روزہ رکھ لیا کرو اور چاہے چھوڑ دیا کرو۔

ف۔ دورانِ سفر روزہ رکھنے میں اختیار ہے چاہے رکھے اور چاہے تو نہ رکھے۔ اگر سفر کے دوران روزے نہ رکھے ہوں تو دوسرے دنوں میں گنتی پوری کرنی ہوگی۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے دورانِ سفر روزے بھی رکھے ہیں اور چھوڑے بھی ہیں۔ لہٰذا ایسی حالت میں کسی فریق کو مطعون نہیں کیا جاسکتا۔ لیکن یہ مدِ نظر ہے کہ آج کل سفر میں کس درجہ سہولت میسر آگئی ہے لہٰذا اگر آسانی کا سفر ہو تو روزہ رکھ لیا جائے کیونکہ رمضان المبارک میں رکھے ہوئے روزوں میں جو فضیلت و برکت ہے وہ دوسرے دنوں میں کہاں! یہ بات ہی اور ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

۶۳۱۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ مُحَمَّدٍ النُّفَيْلِيُّ نَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْمَجِيْدِ الْمَدَنِيُّ قَالَ سَمِعْتُ حَمْزَةَ بْنَ مُحَمَّدِ بْنِ حَمْزَةَ الْاَسْلَمِيَّ يَذْكُرُ اَنَّ اَبَاهُ اَخْبَرَهُ عَنْ جَدِّهِ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللهِ اِنِّيْ صَاحِبُ ظَهْرٍ اُعَالِجُهُ اُسَافِرُ عَلَيْهِ وَاُكْرِيْهِ وَاِنَّهُ رُبَّمَا صَادَفَنِيْ هٰذَا الشَّهْرُ يَعْنِيْ رَمَضَانَ وَاَنَا اَجِدُ الْقُوَّةَ وَاَنَا شَابٌّ فَاَجِدُ بِاَنْ اَصُوْمَ يَا رَسُوْلَ اللهِ اَهْوَنَ عَلَيَّ مِنْ اَنْ اُؤَخِّرَهُ فَيَكُوْنُ دَيْنًا اَفَاَصُوْمُ يَا رَسُوْلَ اللهِ اَعْظَمُ لِاَجْرِيْ اَوْ اُفْطِرُ قَالَ اَيَّ ذٰلِكَ شِئْتَ يَا حَمْزَةُ۔

حمزہ بن محمد بن حمزہ اسلمی کے والد ماجد نے ان کے جدِ امجد سے روایت کی ہے کہ میں عرض گزار ہوا۔ یارسول اللہ میں سواری کے جانوروں والا ہوں۔ کبھی خود سفر کرتا ہوں اور کبھی کرائے پر دیتا ہوں۔ کبھی دورانِ سفر رمضان کا مہینہ بھی آجاتا ہے۔ جوانی کے باعث مجھ میں روزے رکھنے کی طاقت بھی ہے۔ یارسول اللہ! روزوں کو مؤخر کرنے اور اپنے سر پر قرض رکھنے سے روزے رکھنا میرے لیے آسان ہے یارسول اللہ روزے رکھنے میں میرے لیے زیادہ ثواب ہے یا چھوڑنے میں فرمایا کہ اے حمزہ! جس طرح تم چاہو۔

۶۳۲۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا اَبُوْ عَوَانَةَ عَنْ مَنْصُوْرٍ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنْ طَاوٗسٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ خَرَجَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْمَدِيْنَةِ اِلٰى مَكَّةَ حَتّٰى بَلَغَ عُسْفَانَ ثُمَّ دَعَا بِاِنَاءٍ فَرَفَعَهُ اِلٰى فِيْهِ لِيُرِيَهُ النَّاسَ وَذٰلِكَ فِيْ رَمَضَانَ فَكَانَ ابْنُ عَبَّاسٍ يَقُوْلُ قَدْ صَامَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَفْطَرَ فَمَنْ شَاءَ صَامَ وَمَنْ شَاءَ اَفْطَرَ۔

طاؤس سے روایت ہے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مدینہ منورہ سے مکہ معظمہ کی جانب روانہ ہوئے، یہاں تک کہ جب عسفان کے مقام پر پہنچے۔ پھر ایک برتن منگایا اور اسے منہ تک اٹھایا لوگوں کو دکھانے کے لیے اور یہ واقعہ رمضان کا ہے۔ پس حضرت ابن عباس فرمایا کرتے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے (سفر میں) روزے رکھے ہیں اور چھوڑے بھی ہیں۔ لہٰذا جو چاہے

۶۳۳۔ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يُوْنُسَ نَا زَائِدَةُ عَنْ حُمَيْدِ الطَّوِيْلِ عَنْ اَنَسٍ قَالَ سَافَرْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ رَمَضَانَ فَصَامَ بَعْضُنَا وَاَفْطَرَ بَعْضُنَا فَلَمْ يَعِبِ الصَّائِمُ عَلَى الْمُفْطِرِ وَلَا الْمُفْطِرُ عَلَى الصَّائِمِ۔

حمید الطویل سے روایت ہے کہ حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ ہم نے رمضان میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ سفر کیا، پس ہم میں سے بعض نے روزے رکھے اور بعض نے چھوڑے لیکن روزے رکھنے والوں نے چھوڑنے والوں پر یا چھوڑنے والوں نے رکھنے والوں پر کوئی

۶۳۴۔ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ وَوَهْبُ

قزعہ کا بیان ہے کہ میں حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ

ابن بيان النعلي قالا نا ابن وهب حدثني معاوية عن ربيعة بن يزيد انه حدثه عن قزعة قال اتيت ابا سعيد الخدري وهو يفتي الناس وهم مكبون عليه فانتظرت خلوته فلما خلا سالته عن صيام رمضان في السفر فقال خرجنا مع النبي صلى الله عليه وسلم في رمضان عام الفتح فكان رسول الله صلى الله عليه وسلم يصوم ونصوم حتى بلغ منزلا من المنازل فقال انكم قد دنوتم من عدوكم والفطر اقوى لكم فاصبحنا منا الصائم ومنا المفطر قال ثم سرنا فنزلنا منزلا فقال انكم تصبحون عدوكم والفطر اقوى فافطروا فكانت عزيمة من رسول الله صلى الله عليه وسلم قال ابو سعيد ثم لقد رايتني اصوم مع النبي صلى الله عليه وسلم قبل ذلك وبعد ذلك۔

باب ۲۲ من اختار الفطر۔

۶۳۵۔ حدثنا ابو الوليد الطيالسي نا شعبة عن محمد بن عبد الرحمن يعني ابن سعد بن زرارة عن محمد بن عمرو بن حسن عن جابر بن عبد الله ان النبي صلى الله عليه وسلم راى رجلا يظلل عليه والزحام عليه فقال ليس من البر الصيام في السفر۔

۶۳۶۔ حدثنا شيبان بن فروخ نا ابو هلال الراسبي نا ابن سوادة القشيري عن انس بن مالك رجل من بني عبد الله ابن كعب اخوة بني قشير قال اغارت علينا خيل لرسول الله صلى الله عليه وسلم فانتهيت او قال فانطلقت الى رسول الله صلى الله عليه وسلم وهو ياكل فقال اجلس فاصب

تعالیٰ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا جبکہ وہ لوگوں کو فتویٰ دے رہے تھے اور لوگ ان پر جھکے ہوئے تھے۔ پس میں خلوت کا انتظار کرنے لگا جب تنہائی ہوئی تو میں نے سفر میں رمضان کے روزے رکھنے کے متعلق ان سے پوچھا۔ فرمایا کہ فتح مکہ کے سال ہم رمضان میں نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ نکلے پس رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم روزے رکھتے رہے اور ہم بھی۔ یہاں تک کہ جب ایک منزل پر پہنچے تو فرمایا کہ تم اپنے دشمن کے نزدیک آپہنچے ہو، لہٰذا روزہ چھوڑنا تمہارے لیے قوت بخش ہوگا۔ اگلی صبح ہم میں سے کسی نے روزہ رکھا اور کسی نے رکھا۔ پھر ہم سفر کرتے رہے یہاں تک کہ ایک منزل پر آترے تو فرمایا صبح تم دشمن کے بالمقابل ہوگے اور روزہ چھوڑنا تمہارے لیے طاقت بخش ہوگا۔ لہٰذا چھوڑ دو۔ یہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا تاکیدی ارشاد تھا۔ حضرت ابوسعید نے فرمایا کہ میں نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ اس سے پہلے اور اس کے بعد (سفر میں) روزے رکھے ہیں۔

جو سفر میں روزہ نہ رکھے

ابوداؤد طیالسی، شعبہ، محمد بن عبدالرحمٰن بن سعد بن زرارہ محمد بن عمرو بن حسن نے حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک آدمی کو دیکھا جس پر سایہ کیا گیا تھا اور لوگوں کی اس کے پاس بھیڑ لگی ہوئی تھی۔ آپ نے فرمایا کہ دورانِ سفر روزہ رکھنے میں بھلائی نہیں ہے۔

ابن سوادۃ القشیری نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے جو بنی عبداللہ بن کعب کے ایک فرد تھے جو بنی قشیر کے بھائی ہیں۔ انہوں نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے سوار ہمارے پاس پہنچے تو میں نکلا یا فرمایا کہ چل دیا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی طرف۔ آپ اس وقت کھانا تناول فرما رہے تھے۔ فرمایا کہ بیٹھو اور ہمارے ساتھ کھانا کھاؤ۔ عرض گزار ہوا کہ میں روزہ دار ہوں۔ فرمایا بیٹھو

مِنْ طَعَامِنَا هٰذَا فَقُلْتُ إِنِّي صَائِمٌ قَالَ اجْلِسْ أُحَدِّثْكَ عَنِ الصَّلٰوةِ وَعَنِ الصِّيَامِ إِنَّ اللّٰهَ وَضَعَ شَطْرَ الصَّلٰوةِ أَوْ نِصْفَ الصَّلٰوةِ وَالصَّوْمَ عَنِ الْمُسَافِرِ وَعَنِ الْمُرْضِعِ أَوِ الْحُبْلٰى وَاللّٰهِ لَقَدْ قَالَهُمَا جَمِيعًا أَوْ أَحَدَهُمَا قَالَ فَتَلَهَّفَتْ نَفْسِي أَنْ لَا أَكُونَ أَكَلْتُ مِنْ طَعَامِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔

میں تمہیں نماز اور روزے کے متعلق بتاتا ہوں۔ بیشک اللہ تعالیٰ نے آدھی نماز معاف فرمادی ہے اور مسافر کے لیے روزے نیز دودھ پلانے والی اور حاملہ کے لیے۔ خدا کی قسم آپ نے دونوں کے متعلق فرمایا یا ان میں سے ایک کے۔ ان کا بیان ہے کہ پھر میں نے اپنے آپ پر افسوس کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ میں نے کھانا کیوں نہ کھایا

باب ٢٢٢ فِي مَنِ اخْتَارَ الصِّيَامَ۔

جو سفر میں روزے رکھے

٢٤٣٧۔ حَدَّثَنَا مُؤَمَّلُ بْنُ الْفَضْلِ نَا الْوَلِيدُ نَا سَعِيدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ حَدَّثَنِي إِسْمٰعِيلُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ حَدَّثَتْنِي أُمُّ الدَّرْدَاءِ عَنْ أَبِي الدَّرْدَاءِ قَالَ خَرَجْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي بَعْضِ غَزَوَاتِهِ فِي حَرٍّ شَدِيدٍ حَتّٰى أَنَّ أَحَدَنَا لَيَضَعُ يَدَهُ عَلٰى رَأْسِهِ أَوْ كَفَّهُ عَلٰى رَأْسِهِ مِنْ شِدَّةِ الْحَرِّ مَا فِينَا صَائِمٌ إِلَّا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَوَاحَةَ۔

اسمٰعیل بن عبید اللہ نے حضرت ام درداء سے روایت کی ہے کہ حضرت ابو درداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ کسی غزوہ میں ہم رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ نکلے اور گرمی زوروں پر تھی۔ یہاں تک کہ گرمی کے باعث ہم میں سے کوئی تو اپنے سر پر ہاتھ یا اپنے سر پر ہتھیلی رکھ لیا کرتا ہم میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور حضرت عبد اللہ بن رواحہ کے سوا اور کسی نے روزہ نہیں رکھا تھا۔

٢٤٣٨۔ حَدَّثَنَا حَامِدُ بْنُ يَحْيٰى نَا هَاشِمُ بْنُ الْقَاسِمِ ح وَنَا عُقْبَةُ بْنُ مُكْرَمٍ نَا أَبُو قُتَيْبَةَ الْمَعْنٰى قَالَا نَا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ حَبِيبِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْأَزْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنِي حَبِيبُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ سَمِعْتُ سِنَانَ بْنَ سَلَمَةَ بْنِ الْمُحَبِّقِ الْهُذَلِيَّ يُحَدِّثُ عَنْ أَبِيهِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ كَانَتْ لَهُ حَمُولَةٌ يَأْوِي إِلٰى شِبَعٍ فَلْيَصُمْ رَمَضَانَ حَيْثُ أَدْرَكَهُ۔

حامد بن یحییٰ، ہاشم بن قاسم۔ عقبہ بن مکرم، ابو قتیبہ، عبد الصمد بن حبیب بن عبد اللہ ازدی، حبیب بن عبد اللہ سنان بن سلمہ بن محبق ہذلی نے اپنے والد ماجد سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جس کے پاس سواری ہو جو اسے منزلِ مقصود تک پہنچا دے تو وہ رمضان کے روزے رکھے جہاں بھی اسے پائے۔

ف۔ پروردگارِ عالم نے فرمایا ہے:۔ وَمَنْ كَانَ مِنْكُمْ مَرِيضًا أَوْ عَلٰى سَفَرٍ فَعِدَّةٌ مِنْ أَيَّامٍ أُخَرَ - (۱۸۵:۲) اور جو مریض ہو یا سفر میں ہو تو وہ دوسرے دنوں میں گنتی پوری کرلے۔ اس حکم سے مریض اور مسافر کو روزے چھوڑنے کی اجازت ہے لیکن اللہ تعالیٰ نے حکم نہیں فرمایا ہے کہ مریض اور مسافر ضرور روزے چھوڑ دیں۔ اگر سفر میں آسانی ہو، کسی دقت کا خدشہ نہ ہو تو روزہ رکھنے میں کوئی مضائقہ نہیں بلکہ ایسا کرنا باعثِ فضیلت ہے۔ کیونکہ قضا کے روزوں میں یہ بات کہاں جبکہ دوسرے مہینوں کے مقابلے میں رمضان المبارک میں کی ہوئی نیکیوں کا اجر ستر گنا زیادہ ملتا ہے۔ لہذا دورانِ سفر رمضان

www.sirat-e-mustaqeem.com

کے روزے رکھنے میں زیادہ وقت کا سامنا نہ ہو تو فضیلت مزید حاصل کرے ورنہ اجازت ورخصت تو بہر صورت موجود ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

۶۳۹۔ حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ الْمُهَاجِرِ نَا عَبْدُ الصَّمَدِ يَعْنِي ابْنَ عَبْدِ الْوَارِثِ نَا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ حَبِيبٍ حَدَّثَنِي أَبِي عَنْ سِنَانِ بْنِ سَلَمَةَ عَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْمُحَبَّقِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ أَدْرَكَهُ رَمَضَانُ فِي السَّفَرِ فَذَكَرَ مَعْنَاهُ۔

نصر بن مہاجر، عبدالصمد بن عبدالوارث، عبدالصمد بن حبیب ان کے والد ماجد سنان بن سلمہ نے حضرت سلمہ بن محبق رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جو سفر میں رمضان کا مہینہ پائے پھر معناً حدیث مذکورہ کی طرح ذکر کیا۔

باب ۲۲۳ مَتَى يُفْطِرُ الْمُسَافِرُ إِذَا خَرَجَ۔

مسافر کب روزہ رکھنا چھوڑے

۶۴۰۔ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ عُمَرَ حَدَّثَنِي عَبْدُ اللَّهِ بْنُ يَزِيدَ ح وَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُسَافِرٍ نَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ يَحْيَى الْمَعْنَى حَدَّثَنِي سَعِيدٌ يَعْنِي ابْنَ أَبِي أَيُّوبَ زَادَ جَعْفَرٌ وَاللَّيْثُ قَالَ حَدَّثَنِي يَزِيدُ بْنُ أَبِي حَبِيبٍ أَنَّ كُلَيْبَ بْنَ ذُهْلٍ الْحَضْرَمِيَّ أَخْبَرَهُ عَنْ عُبَيْدٍ قَالَ جَعْفَرُ بْنُ جَبْرٍ قَالَ كُنْتُ مَعَ أَبِي بَصْرَةَ الْغِفَارِيِّ صَاحِبِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي سَفِينَةٍ مِنَ الْفُسْطَاطِ فِي رَمَضَانَ فَرُفِعَ ثُمَّ قُرِّبَ غَدَاؤُهُ قَالَ جَعْفَرٌ فِي حَدِيثِهِ فَلَمْ يُجَاوِزِ الْبُيُوتَ حَتَّى دَعَا بِالسُّفْرَةِ قَالَ اقْتَرِبْ قُلْتُ أَلَسْتَ تَرَى الْبُيُوتَ قَالَ أَبُو بَصْرَةَ أَتَرْغَبُ عَنْ سُنَّةِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ جَعْفَرٌ فِي حَدِيثِهِ فَأَكَلَ۔

عبیداللہ بن عمر، عبداللہ بن یزید۔ جعفر بن مسافر، عبداللہ بن یحییٰ، سعید ابن ابوایوب۔ جعفر اور لیث نے کہا یزید ابن ابوحبیب، کلیب بن ذہل حضرمی، عبید، جعفر بن خیر نے کہا کہ میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے صحابی حضرت ابوبصرہ غفاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ساتھ رمضان کے اندر فسطاط سے کشتی میں تھا۔ وہ بیٹھے تو ان کا صبح کا کھانا پیش ہوا۔ جعفر نے اپنی حدیث میں کہا ہے کہ ابھی گھروں سے آگے بڑھے نہ تھے کہ دستر خوان منگوایا گیا۔ مجھ سے فرمایا کہ نزدیک آجاؤ۔ میں عرض گزار ہوا کہ کیا آپ گھروں کو نہیں دیکھتے؟ حضرت ابوبصرہ نے فرمایا کہ کیا تم رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی سنت سے منہ موڑتے ہو؟ جعفر نے اپنی حدیث میں کہا۔ پس انہوں نے کھایا۔

باب ۲۲۴ مَسِيرَةُ مَا يُفْطِرُ فِيهِ الصَّائِمُ۔

کتنے سفر پر روزہ نہ رکھے

۶۴۱۔ حَدَّثَنَا عِيسَى بْنُ حَمَّادٍ أَنَا اللَّيْثُ يَعْنِي ابْنَ سَعْدٍ عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي حَبِيبٍ عَنْ أَبِي الْخَيْرِ عَنْ مَنْصُورٍ الْكَلْبِيِّ أَنَّ دِحْيَةَ بْنَ خَلِيفَةَ خَرَجَ مِنْ قَرْيَةٍ مِنْ دِمَشْقَ مَرَّةً إِلَى قَدْرِ قَرْيَةِ عُقْبَةَ مِنَ الْفُسْطَاطِ وَذَلِكَ ثَلَاثَةُ أَمْيَالٍ فِي رَمَضَانَ ثُمَّ إِنَّهُ أَفْطَرَ وَأَفْطَرَ مَعَهُ نَاسٌ وَكَرِهَ آخَرُونَ أَنْ

منصور کلبی سے روایت ہے کہ دحیہ بن خلیفہ ایک دفعہ دمشق کے ایک گاؤں سے نکلے، جن کے درمیان عقبہ سے فسطاط کے برابر فاصلہ تھا یعنی تین میل اور یہ رمضان کے مہینے کی بات ہے انہوں نے روزہ نہ رکھا اور کتنے ہی لوگوں نے بھی ان کے ساتھ نہ رکھا جبکہ بعض لوگوں نے چھوڑنا ناپسند کیا جب وہ اپنے گاؤں واپس لوٹے تو فرمایا۔ خدا کی قسم آج میں نے وہ

www.sirat-e-mustaqeem.com

يُفْطِرُوْا فَلَمَّا رَجَعَ إِلَى قَرْيَتِهِ قَالَ وَاللهِ لَقَدْ رَأَيْتُ الْيَوْمَ أَمْرًا مَا كُنْتُ أَظُنُّ أَنِّي أَرَاهُ أَنَّ قَوْمًا رَغِبُوْا عَنْ هَدْيِ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَصْحَابِهِ يَقُوْلُ ذٰلِكَ لِلَّذِيْنَ صَامُوْا ثُمَّ قَالَ عِنْدَ ذٰلِكَ اَللّٰهُمَّ اقْبِضْنِيْ إِلَيْكَ۔

بات دیکھی جس کے دیکھنے کی توقع نہ تھی کہ لوگ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور صحابہ کے راستے سے منہ موڑیں گے یہاں کے لیے کہہ رہے تھے جنھوں نے روزہ رکھا۔ پھر اس کے ساتھ کہا۔ اے اللہ! مجھے اپنے پاس بلالے۔

٦٢٢ - حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا الْمُعْتَمِرُ عَنْ عُبَيْدِ اللهِ عَنْ نَافِعٍ أَنَّ ابْنَ عُمَرَ كَانَ يَخْرُجُ إِلَى الْغَابَةِ فَلَا يُفْطِرُ وَلَا يَقْصُرُ۔

نافع سے روایت ہے کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما غابہ کو جایا کرتے تو نہ روزہ چھوڑتے اور نہ نماز قصر کرتے۔

باب ۲۳۵ مَنْ يَقُوْلُ صُمْتُ رَمَضَانَ كُلَّهُ۔

جو کہے کہ میں نے سارے رمضان کے روزے رکھے

٦٢٣ - حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا يَحْيَى عَنِ الْمُهَلَّبِ ابْنِ أَبِيْ حَبِيْبَةَ نَا الْحَسَنُ عَنْ أَبِيْ بَكْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَقُوْلَنَّ أَحَدُكُمْ إِنِّيْ صُمْتُ رَمَضَانَ كُلَّهُ وَقُمْتُهُ كُلَّهُ فَلَا أَدْرِيْ أَكَرِهَ التَّزْكِيَةَ أَوْ قَالَ لَا بُدَّ مِنْ نَوْمَةٍ أَوْ رَقْدَةٍ۔

حضرت ابوبکرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ تم میں سے کوئی یہ نہ کہے کہ میں نے سارے رمضان کے روزے رکھے اور سارے میں قیام کیا مجھے نہیں معلوم کہ اپنی پاکی بیان کرنے کو ناپسند فرمایا یا اس لیے فرمایا کہ سونے اور آرام کرنے کے بغیر چارہ نہیں۔

باب ۲۳۶ فِيْ صَوْمِ الْعِيْدَيْنِ۔

عیدین کے روزے رکھنا

٦٢٤ - حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ وَزُهَيْرُ ابْنُ حَرْبٍ وَهٰذَا حَدِيْثُهُ قَالَا نَا سُفْيَانُ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ أَبِيْ عُبَيْدٍ قَالَ شَهِدْتُ الْعِيْدَ مَعَ عُمَرَ فَبَدَأَ بِالصَّلٰوةِ قَبْلَ الْخُطْبَةِ ثُمَّ قَالَ إِنَّ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنْ صِيَامِ هٰذَيْنِ الْيَوْمَيْنِ أَمَّا يَوْمُ الْأَضْحٰى فَتَأْكُلُوْنَ مِنْ لَحْمِ نُسُكِكُمْ وَأَمَّا يَوْمُ الْفِطْرِ فَفِطْرُكُمْ مِنْ صِيَامِكُمْ۔

ابو عبید کا بیان ہے کہ میں حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ساتھ نماز عید میں حاضر ہوا۔ انہوں نے خطبے سے پہلے نماز پڑھائی۔ پھر فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان دونوں دنوں کے روزوں سے منع فرمایا ہے کیونکہ عید الاضحیٰ کے دن تم اپنی قربانیوں کا گوشت کھاتے ہو اور عید الفطر کے دن تم روزے چھوڑتے ہو۔

ف - عید الفطر اور عید الاضحیٰ کے روز روزہ رکھنا حرام ہے کیونکہ یہ دونوں دن اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کے لیے اظہار مسرت اور کھانے پینے کے لیے مقرر فرماتے ہیں۔ عید الفطر کے روز روزے رکھنا کا سلسلہ بند کیا جاتا ہے۔ اور عید الاضحیٰ کا دن قربانی کا گوشت کھانے اور کھلانے کے لیے ہے۔ گویا ان دونوں دنوں میں بندہ اپنے رب کا مہمان ہوتا ہے لہذا روزے کی مشقت سے اسے آزاد رکھا جاتا ہے۔ جو ان دونوں دنوں میں روزے رکھے گویا اللہ تعالیٰ کی مہمانی قبول نہیں کرتا۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

٦٢٥ - حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ إِسْمٰعِيْلَ نَا

عمرو بن یحییٰ نے اپنے والد ماجد سے روایت کی کہ

www.sirat-e-mustaqeem.com

وُهَيْبٌ نَا عَمْرُو بْنُ يَحْيَى عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ نَهَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ صِيَامِ يَوْمَيْنِ يَوْمِ الْفِطْرِ وَيَوْمِ الْأَضْحَى وَعَنْ لِبْسَتَيْنِ الصَّمَّاءِ وَأَنْ يَحْتَبِيَ الرَّجُلُ فِي الثَّوْبِ الْوَاحِدِ وَعَنِ الصَّلٰوةِ فِي سَاعَتَيْنِ بَعْدَ الصُّبْحِ وَبَعْدَ الْعَصْرِ۔

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان دونوں دنوں یعنی عید الفطر اور عید الاضحیٰ کا روزہ رکھنے سے منع فرمایا ہے نیز صماء اور احتباء کے لباس سے کہ ایک کپڑے میں لپیٹے اور دو وقتوں میں نماز پڑھنے سے یعنی نماز فجر کے بعد اور نماز عصر کے بعد۔

بَابٌ ۲۲۷ صِيَامِ أَيَّامِ التَّشْرِيقِ۔

ایام تشریق کے روزے

۶۴۶۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مَسْلَمَةَ الْقَعْنَبِيُّ عَنْ مَالِكٍ عَنْ يَزِيدَ بْنِ الْهَادِ عَنْ أَبِي مُرَّةَ مَوْلَى أُمِّ هَانِئٍ أَنَّهُ دَخَلَ مَعَ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَمْرٍو عَلَى أَبِيهِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ فَقَرَّبَ إِلَيْهِمَا طَعَامًا فَقَالَ كُلْ قَالَ إِنِّي صَائِمٌ فَقَالَ عَمْرٌو كُلْ فَهٰذِهِ الْأَيَّامُ الَّتِي كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَأْمُرُنَا بِإِفْطَارِهَا وَعَنْ صِيَامِهَا قَالَ مَالِكٌ وَهِيَ أَيَّامُ التَّشْرِيقِ۔

ابومرہ مولیٰ ام ہانی کا بیان ہے کہ میں حضرت عبداللہ بن عمرو کے ساتھ ان کے والد ماجد حضرت عمرو بن العاص کی خدمت میں حاضر ہوا۔ دونوں حضرات کے سامنے کھانا پیش ہوا تو فرمایا کھاؤ۔ عرض گزار ہوا کہ میں تو روزے سے ہوں حضرت عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ کھاؤ کیونکہ یہ وہ دن ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہمیں حکم فرماتے ان میں روزے چھوڑنے کا اور ان کے روزوں سے آپ منع فرماتے ہیں۔ امام مالک نے فرمایا کہ ان سے ایام تشریق مراد ہیں۔

۶۴۷۔ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ نَا وَهْبٌ نَا مُوسَى بْنُ عَلِيٍّ ح وَنَا عُثْمَانُ ابْنُ أَبِي شَيْبَةَ نَا وَكِيعٌ عَنْ مُوسَى بْنِ عَلِيٍّ وَالْإِخْبَارُ فِي حَدِيثِ وَهْبٍ قَالَ سَمِعْتُ أَبِي أَنَّهُ سَمِعَ عُقْبَةَ بْنَ عَامِرٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمُ عَرَفَةَ وَيَوْمُ النَّحْرِ وَأَيَّامُ التَّشْرِيقِ عِيدُنَا أَهْلَ الْإِسْلَامِ وَهِيَ أَيَّامُ أَكْلٍ وَشُرْبٍ۔

حسن بن علی، وہب، موسیٰ بن علی۔ موسیٰ بن ابوشیبہ، وکیع، موسیٰ بن علی، ان کے والد ماجد حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ عرفہ کا دن، قربانی کا دن اور ایام تشریق یہ ہم اہل اسلام کی عید ہیں۔ یہ کھانے اور پینے کے دن ہیں۔

ف۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے پانچ دن کے روزوں سے منع فرمایا ہے۔ دو روزے تو عید الفطر و عید الاضحیٰ کے ہیں اور تین ایام تشریق کے یعنی ذوالحجہ کی ۱۱، ۱۲ اور ۱۳ تاریخ کو روزہ نہ رکھا جائے، کیونکہ یہ دن اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کے کھانے پینے کے قرار دیے ہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

بَابٌ ۲۲۸ النَّهْيُ أَنْ يَخُصَّ يَوْمَ الْجُمُعَةِ بِصَوْمٍ۔

جمعہ کو روزے کیلیے خاص کر لینے کی ممانعت

۶۴۸۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا أَبُو مُعَاوِيَةَ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ أَبِي صَالِحٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَصُمْ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ تم میں سے کوئی جمعہ کے دن روزہ نہ رکھا کرے مگر اس سے ایک دن پہلے یا

www.sirat-e-mustaqeem.com

أَحَدُكُمْ يَوْمَ الْجُمُعَةِ إِلَّا أَنْ يَصُومَ قَبْلَهُ بِيَوْمٍ أَوْ بَعْدَهُ.

بَابٌ ٢٢٩ النَّهْيُ أَنْ يُخَصَّ يَوْمُ السَّبْتِ بِصَوْمٍ.

٦٤٩ - حَدَّثَنَا حُمَيْدُ بْنُ مَسْعَدَةَ نَا سُفْيَانُ بْنُ حَبِيبٍ ح وَحَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ قُبَيْسٍ مِنْ أَهْلِ جَبَلَةَ نَا أَبُو الْوَلِيدِ جَمِيعًا عَنْ ثَوْرِ بْنِ يَزِيدَ عَنْ خَالِدِ بْنِ مَعْدَانَ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ بُسْرٍ السُّلَمِيِّ عَنْ أُخْتِهِ وَقَالَ يَزِيدُ الصَّمَّاءِ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تَصُومُوا يَوْمَ السَّبْتِ إِلَّا فِيمَا افْتُرِضَ عَلَيْكُمْ وَإِنْ لَمْ يَجِدْ أَحَدُكُمْ إِلَّا لِحَاءَ عِنَبٍ أَوْ عُودَ شَجَرَةٍ فَلْيَمْضُغْهُ. قَالَ أَبُو دَاوُدَ هَذَا الْحَدِيثُ مَنْسُوخٌ.

بَابٌ ٢٣٠ الرُّخْصَةُ فِي ذَلِكَ.

٦٥٠ - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ أَنَا هَمَّامٌ عَنْ قَتَادَةَ ح وَحَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ نَا هَمَّامٌ نَا قَتَادَةُ عَنْ أَبِي أَيُّوبَ قَالَ حَفْصٌ الْعَتَكِيُّ عَنْ جُوَيْرِيَةَ بِنْتِ الْحَارِثِ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ عَلَيْهَا يَوْمَ الْجُمُعَةِ وَهِيَ صَائِمَةٌ فَقَالَ أَصُمْتِ أَمْسِ قَالَتْ لَا قَالَ تُرِيدِينَ أَنْ تَصُومِي غَدًا قَالَتْ لَا قَالَ فَأَفْطِرِي.

٦٥١ - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ شُعَيْبٍ نَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ سَمِعْتُ اللَّيْثَ يُحَدِّثُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ أَنَّهُ كَانَ إِذَا ذُكِرَ لَهُ أَنَّهُ نُهِيَ عَنْ صِيَامِ يَوْمِ السَّبْتِ يَقُولُ ابْنُ شِهَابٍ هَذَا حَدِيثٌ حِمْصِيٌّ.

٦٥٢ - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الصَّبَّاحِ بْنِ سُفْيَانَ نَا الْوَلِيدُ عَنِ الْأَوْزَاعِيِّ قَالَ مَا زِلْتُ لَهُ كَاتِمًا حَتَّى رَأَيْتُهُ انْتَشَرَ يَعْنِي حَدِيثَ ابْنِ بُسْرٍ هَذَا فِي صَوْمِ يَوْمِ السَّبْتِ قَالَ أَبُو دَاوُدَ قَالَ

اس کے ایک دن بعد کا روزہ بھی رکھے۔

ہفتے کو روزے کیلئے خاص کر لینے کی ممانعت

حمید بن مسعدہ، سفیان بن حبیب - یزید بن قبیس، ابو الولید، ثور بن یزید، خالد بن معدان، عبد اللہ بن بسر سلمی نے اپنی بہن حضرت صماء رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا صرف ہفتے کے دن روزہ نہ رکھا کرو مگر جو تم پر فرض کیا گیا ہو۔ اگر اس روز تمہیں کچھ میسر نہ آئے سوائے انگور کے چھلکے اور درخت کی لکڑی کے تو اسی کو چبا لیا کرو۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ یہ حدیث منسوخ ہے۔

اس کی اجازت

محمد بن کثیر، ہمام، قتادہ - حفص بن عمر، ہمام، قتادہ، ابو ایوب عتکی نے حضرت جویریہ بنت حارث رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کی ہے کہ جمعہ کے روز نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ان کے پاس تشریف لائے اور وہ روزے سے تھیں۔ فرمایا کیا تم نے کل روزہ رکھا تھا؟ عرض کی، نہیں۔ فرمایا کہ کل روزہ رکھنے کا ارادہ ہے؟ عرض کی نہیں۔ فرمایا تو افطار کر لو۔

ابن وہب کا بیان ہے کہ میں نے لیث کو ابن شہاب سے روایت کرتے سنا کہ جب ان سے ذکر کیا جاتا کہ ہفتے کے روزے سے منع فرمایا گیا ہے تو ابن شہاب فرماتے کہ یہ حدیث حمصی ہے۔

ولید کا بیان ہے کہ امام اوزاعی نے فرمایا۔ میں اسے ہمیشہ چھپاتا رہا یہاں تک کہ میں نے دیکھا کہ وہ مشہور ہو گئی یعنی ہفتے کے روزے سے متعلق ابن بسر کی حدیث۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ امام مالک نے کہا کہ یہ جھوٹ ہے۔

مَالِكُ بْنُ أَنَسٍ هٰذَا أَكْذَبُ۔

باب ۲۳ فِي صَوْمِ الدَّهْرِ تَطَوُّعًا.

۶۵۳۔ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ وَمُسَدَّدٌ قَالَا نَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ غَيْلَانَ بْنِ جَرِيرٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَعْبَدٍ الزِّمَّانِيِّ عَنْ أَبِي قَتَادَةَ أَنَّ رَجُلًا أَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ كَيْفَ تَصُومُ فَغَضِبَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ قَوْلِهِ فَلَمَّا رَأَى ذٰلِكَ عُمَرُ قَالَ رَضِينَا بِاللّٰهِ رَبًّا وَبِالْإِسْلَامِ دِينًا وَبِمُحَمَّدٍ نَبِيًّا نَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنْ غَضَبِ اللّٰهِ وَغَضَبِ رَسُولِهِ فَلَمْ يَزَلْ عُمَرُ يُرَدِّدُهَا حَتّٰى سَكَنَ غَضَبُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ كَيْفَ بِمَنْ يَصُومُ الدَّهْرَ كُلَّهُ قَالَ لَا صَامَ وَلَا أَفْطَرَ قَالَ مُسَدَّدٌ لَمْ يَصُمْ وَلَمْ يُفْطِرْ أَوْ مَا صَامَ وَمَا أَفْطَرَ شَكَّ غَيْلَانُ قَالَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ كَيْفَ بِمَنْ يَصُومُ يَوْمَيْنِ وَيُفْطِرُ يَوْمًا قَالَ أَوَيُطِيقُ ذٰلِكَ أَحَدٌ قَالَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ فَكَيْفَ بِمَنْ يَصُومُ يَوْمًا وَيُفْطِرُ يَوْمًا قَالَ ذٰلِكَ صَوْمُ دَاوُدَ قَالَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ فَكَيْفَ بِمَنْ يَصُومُ يَوْمًا وَيُفْطِرُ يَوْمَيْنِ قَالَ وَدِدْتُ أَنِّي طُوِّقْتُ ذٰلِكَ ثُمَّ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَلٰثٌ مِنْ كُلِّ شَهْرٍ وَرَمَضَانُ إِلٰى رَمَضَانَ فَهٰذَا صِيَامُ الدَّهْرِ كُلِّهِ وَصِيَامُ عَرَفَةَ إِنِّي أَحْتَسِبُ عَلَى اللّٰهِ أَنْ يُكَفِّرَ السَّنَةَ الَّتِي قَبْلَهُ وَالسَّنَةَ الَّتِي بَعْدَهُ وَصَوْمُ يَوْمِ عَاشُورَاءَ إِنِّي أَحْتَسِبُ عَلَى اللّٰهِ أَنْ يُكَفِّرَ السَّنَةَ الَّتِي قَبْلَهُ۔

۶۵۴۔ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْمٰعِيلَ نَا مَهْدِيٌّ نَا غَيْلَانُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَعْبَدٍ الزِّمَّانِيِّ عَنْ أَبِي قَتَادَةَ بِهٰذَا الْحَدِيثِ زَادَ قَالَ يَا رَسُولَ

ہمیشہ نفلی روزے رکھنا

عبداللہ بن معبد زمانی نے حضرت ابوقتادہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ ایک آدمی نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض گزار ہوا۔ یا رسول اللہ! آپ کس طرح روزے رکھتے ہیں؟ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اس کی بات سے ناراض ہوئے۔ جب حضرت عمر نے یہ صورت حال دیکھی تو عرض گزار ہوئے۔ ہم اللہ کے رب ہونے، اسلام کے دین ہونے اور محمد مصطفیٰ کے نبی ہونے پر راضی ہیں۔ ہم اللہ کی پناہ پکڑتے ہیں اللہ کی ناراضگی اور اس کے رسول کی ناراضگی سے حضرت عمر بار بار یہی دہراتے رہے۔ یہاں تک کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا غصہ جاتا رہا۔ عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ ہمیشہ کے روزے رکھنا کیسا ہے؟ فرمایا کہ نہ اس نے روزے رکھے اور نہ چھوڑے۔ مسدد نے لَمْ يَصُمْ وَلَمْ يُفْطِرْ کہا ہے یا مَا صَامَ وَمَا أَفْطَرَ کہا اس میں غیلان کو شک ہے عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ! وہ کیسا ہے جو دو دن روزے رکھے اور ایک دن نہ رکھے؟ فرمایا کہ کیا اس کی کوئی طاقت رکھتا ہے؟ عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ! وہ کیسا ہے جو ایک دن روزہ رکھے اور ایک دن نہ رکھے؟ فرمایا کہ یہ حضرت داؤد کا روزہ ہے۔ عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ! وہ کیسا ہے جو ایک دن روزہ رکھے اور دو دن نہ رکھے؟ فرمایا میں تو چاہتا ہوں کہ مجھے اس کی طاقت مل جائے۔ پھر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ہر مہینے میں تین روزے رکھنا اور رمضان کے روزے رکھنا یہ گویا ہمیشہ روزے رکھنے جیسا ہے اور عرفہ کا روزہ مجھے اللہ سے امید ہے کہ ایک سال پچھلے اور ایک سال اگلے گناہ دور کر دیتا ہے اور عاشورہ کا روزہ

عبداللہ بن معبد زمانی نے حضرت ابوقتادہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے اس حدیث کو روایت کرتے ہوئے یہ بھی کہا۔ عرض گزار ہوا کہ یا رسول اللہ! آپ کے نزدیک پیر کا روزہ کیسا

www.sirat-e-mustaqeem.com

اللهِ أَرَأَيْتَ صَوْمَ يَوْمِ الْاِثْنَيْنِ وَيَوْمِ الْخَمِيْسِ
قَالَ فِيْهِ وُلِدْتُ وَفِيْهِ أُنْزِلَ عَلَيَّ الْقُرْاٰنُ۔

ہے اور جمعرات کا؟ فرمایا کہ اس روز (پیر کو) میری ولادت ہوئی اور اسی میں مجھ پر قرآن مجید نازل ہوا۔

ف: پیر کے روز اس خیال سے روزہ رکھنے میں بڑی فضیلت ہے کہ رحمتِ دو عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ولادتِ باسعادت اسی روز ہوئی تھی اور اسی روز ہمارے ضابطۂ حیات یعنی قرآنِ کریم کا نزول شروع ہوا۔ معلوم ہوا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ولادت باسعادت اور نزولِ قرآن مجید انتہائی اہم واقعات ہیں جن کے باعث انسان کو انسان بننا میسّر آیا اور بھٹکے ہوئے انسانوں کو اپنے خالق و مالک کا پتہ لگا۔ لہٰذا ان دونوں واقعات کی یاد تازہ رکھنا باعث سعادت ہے تاکہ اللہ کے رسول اور اللہ کی کتاب سے دلی وابستگی رہے جو سرمایۂ زیست ہے کیونکہ ؎

بمصطفٰی برساں خویش را کہ دین ہمہ اوست!
اگر باو نہ رسیدی تمام بولہبی ست

۷۵۵۔ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ نَا
عَبْدُ الرَّزَّاقِ أَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنِ ابْنِ
الْمُسَيَّبِ وَأَبِيْ سَلَمَةَ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَمْرِو
ابْنِ الْعَاصِ قَالَ لَقِيَنِيْ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ
عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ أَلَمْ أُحَدَّثْ أَنَّكَ تَقُوْلُ لَأَقُوْمَنَّ
اللَّيْلَ وَلَأَصُوْمَنَّ النَّهَارَ قَالَ أَحْسِبُهُ قَالَ نَعَمْ
يَا رَسُوْلَ اللهِ قَدْ قُلْتُ ذَاكَ قَالَ قُمْ وَنَمْ وَصُمْ
وَأَفْطِرْ وَصُمْ مِنْ كُلِّ شَهْرٍ ثَلٰثَةَ أَيَّامٍ وَذَاكَ مِثْلُ
صِيَامِ الدَّهْرِ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللهِ إِنِّيْ أُطِيْقُ
أَفْضَلَ مِنْ ذٰلِكَ قَالَ صُمْ يَوْمًا وَأَفْطِرْ يَوْمَيْنِ
قَالَ فَقُلْتُ إِنِّيْ أُطِيْقُ أَفْضَلَ مِنْ ذٰلِكَ قَالَ فَصُمْ
يَوْمًا وَأَفْطِرْ يَوْمًا وَهُوَ أَعْدَلُ الصِّيَامِ وَهُوَ صِيَامُ
دَاوُدَ فَقُلْتُ إِنِّيْ أُطِيْقُ أَفْضَلَ مِنْ ذٰلِكَ فَقَالَ
رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا أَفْضَلَ مِنْ
ذٰلِكَ۔

ابن مسیب اور ابو سلمہ سے روایت ہے کہ حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میرے پاس تشریف لائے تو فرمایا مجھے بتایا گیا ہے کہ تم کہتے ہو کہ راتوں کو ہمیشہ قیام کیا کروں گا اور دنوں کو ہمیشہ روزے رکھا کروں گا۔ کیا یہی بات ہے؟ عرض گزار ہوئے کہ یارسول اللہ! ہاں، میں نے یہی کہا ہے۔ فرمایا کہ قیام کرو اور سویا کرو نیز روزے رکھو اور چھوڑا کرو۔ نیز ہر مہینے میں تین روزے رکھنا ہمیشہ روزے رکھنے کی طرح ہے۔ میں عرض گزار ہوا کہ یارسول اللہ! مجھے اس سے زیادہ کی طاقت ہے فرمایا کہ ایک دن روزہ رکھو اور دو دن چھوڑ دیا کرو۔ عرض کی کہ مجھ میں اس سے زیادہ کی طاقت ہے۔ فرمایا تو ایک دن روزہ رکھو اور ایک دن چھوڑ دیا کرو۔ یہ سب سے اچھے روزے ہیں اور داؤدی روزہ یہی ہے۔ عرض گزار ہوا کہ مجھ میں اس سے زیادہ کی طاقت ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اس سے زیادہ میں فضیلت نہیں ہے۔

بَابُ ۲۳۲ فِيْ صَوْمِ أَشْهُرِ الْحُرُمِ۔

حرمت والے مہینوں کے روزے رکھنا

۷۵۶۔ حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ إِسْمٰعِيْلَ نَا حَمَّادٌ
عَنْ سَعِيْدٍ الْجُرَيْرِيِّ عَنْ أَبِي السَّلِيْلِ عَنْ مُجِيْبَةَ
الْبَاهِلِيَّةِ عَنْ أَبِيْهَا أَوْ عَمِّهَا أَنَّهُ أَتٰى رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى
اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ انْطَلَقَ فَأَتَاهُ بَعْدَ سَنَةٍ وَقَدْ

مجیبہ باہلیہ نے اپنے والد محترم یا چچا جان سے روایت کی ہے کہ وہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور چلے گئے۔ پھر وہ ایک سال کے بعد حاضر ہوئے تو ان کی حالت و ہیئت بدلی ہوئی تھی۔ عرض گزار

تَغَيَّرَتْ حَالُهُ وَهَيْئَتُهُ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ أَمَا تَعْرِفُنِي قَالَ وَمَنْ أَنْتَ قَالَ أَنَا الْبَاهِلِيُّ الَّذِي جِئْتُكَ عَامَ الْأَوَّلِ قَالَ فَمَا غَيَّرَكَ وَقَدْ كُنْتَ حَسَنَ الْهَيْئَةِ قُلْتُ مَا أَكَلْتُ طَعَامًا مُنْذُ فَارَقْتُكَ إِلَّا بِلَيْلٍ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِمَ عَذَّبْتَ نَفْسَكَ ثُمَّ قَالَ صُمْ شَهْرَ الصَّبْرِ وَيَوْمًا مِنْ كُلِّ شَهْرٍ قَالَ زِدْنِي فَإِنَّ بِي قُوَّةً قَالَ صُمْ يَوْمَيْنِ قَالَ زِدْنِي قَالَ صُمْ ثَلَاثَةَ أَيَّامٍ قَالَ زِدْنِي قَالَ صُمْ مِنَ الْحُرُمِ وَاتْرُكْ صُمْ مِنَ الْحُرُمِ وَاتْرُكْ صُمْ مِنَ الْحُرُمِ وَاتْرُكْ وَقَالَ بِأَصَابِعِهِ الثَّلَاثَةِ فَضَمَّهَا ثُمَّ أَرْسَلَهَا۔

ہوئے کہ یا رسول اللہ! آپ نے مجھے پہچانا؟ فرمایا کہ تم کون ہو؟ عرض کی کہ میں وہی باہلی ہوں جو پچھلے سال آپ کی خدمت میں حاضر ہوا تھا۔ فرمایا کہ تم میں تبدیلی کیوں آئی حالانکہ تم خوبصورت تھے۔ عرض کی کہ آپ سے جدا ہونے کے بعد میں نے کھانا نہیں کھایا مگر رات کو۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم نے اپنی جان کو عذاب کیوں دیا؟ پھر فرمایا کہ ماہِ صبر (رمضان) کے روزے رکھا کرو اور ہر مہینے میں ایک روزہ۔ عرض کی کہ زیادہ فرما دیجیے کیونکہ مجھ میں قوت ہے۔ فرمایا تو دو روزے رکھ لیا کرو۔ عرض کی کہ اور بڑھا دیجیے۔ فرمایا تو تین روزے رکھ لیا کرو۔ عرض گزار ہوئے کہ اور بڑھا دیجیے۔ فرمایا کہ حرمت والے مہینوں میں روزہ رکھو اور چھوڑو، روزہ رکھو اور چھوڑو، روزہ رکھو اور [illegible]

باب ۲۳۳ فِي يَوْمِ الْمُحَرَّمِ۔

محرم کے روزے رکھنا

۶۵۷۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ وَقُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ قَالَا نَا أَبُو عَوَانَةَ عَنْ أَبِي بِشْرٍ عَنْ حُمَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَفْضَلُ الصِّيَامِ بَعْدَ شَهْرِ رَمَضَانَ شَهْرُ اللّٰهِ الْمُحَرَّمُ وَإِنَّ أَفْضَلَ الصَّلٰوةِ بَعْدَ الْمَفْرُوضَةِ صَلٰوةٌ مِنَ اللَّيْلِ لَمْ يَقُلْ قُتَيْبَةُ شَهْرُ قَالَ رَمَضَانُ۔

حمید بن عبد الرحمٰن نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ ماہِ رمضان کے روزوں کے بعد سب سے افضل محرم کے روزے ہیں اور فرض نمازوں کے بعد سب سے افضل رات کی نماز (نمازِ تہجد) ہے۔ قتیبہ نے لفظ شَهْرُ نہیں بلکہ صرف رَمَضَانَ کہا ہے۔

ف۔ رمضان المبارک کے روزوں کے بعد تمام نفلی روزوں میں عاشورے کا روزہ سب سے افضل ہے اور فرض نمازوں کے بعد نفلی نمازوں میں نمازِ تہجد سب سے افضل ہے۔ نمازِ تہجد کو حصولِ درجات میں بڑا دخل ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر نمازِ تہجد بھی فرض تھی۔ قرآن مجید میں اس نماز کے متعلق فرمایا گیا ہے۔ إِنَّ نَاشِئَةَ اللَّيْلِ هِيَ أَشَدُّ وَطْأً وَأَقْوَمُ قِيلًا ○ (۶:۷۳) بیشک رات کا جاگنا نفس پر زیادہ دباؤ ڈالتا ہے اور بات کو بہت سیدھی کرتا ہے جن سعادت مندوں کو اس کی لذت حاصل ہوئی وہ زبانِ حال سے کہتے ہوں گے ؎

لطف مے تجھ سے کیا کہوں زاہد
ہائے کم بخت تو نے پی ہی نہیں

باب ۲۳۴ فِي صَوْمِ رَجَبَ۔

رجب کے روزے رکھنا

۶۵۸۔ حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُوسٰى أَنَا عِيسٰى

عثمان ابن حکیم کا بیان ہے کہ میں نے سعید بن جبیر سے

www.sirat-e-mustaqeem.com

نَا عُثْمَانُ يَعْنِي ابْنَ حَكِيمٍ قَالَ سَأَلْتُ سَعِيدَ بْنَ جُبَيْرٍ عَنْ صِيَامِ رَجَبٍ فَقَالَ أَخْبَرَنِي ابْنُ عَبَّاسٍ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَصُومُ حَتَّى نَقُولَ لَا يُفْطِرُ وَيُفْطِرُ حَتَّى نَقُولَ لَا يَصُومُ۔

رجب کے روزوں کے متعلق پوچھا تو فرمایا کہ مجھے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے خبر دی کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم روزے رکھا کرتے تھے۔ روزے رکھنے لگتے تو ہم کہتے کہ چھوڑیں گے نہیں اور چھوڑ دیتے تو ہم کہتے کہ اب روزے نہیں رکھیں گے۔

بَابٌ ۲۳۵ فِي صَوْمِ شَعْبَانَ۔

شعبان کے روزے رکھنا

۶۵۹۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ ابْنُ مَهْدِيٍّ عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ صَالِحٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ أَبِي قَيْسٍ سَمِعَ عَائِشَةَ تَقُولُ كَانَ أَحَبَّ الشُّهُورِ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يَصُومَهُ شَعْبَانُ ثُمَّ يَصِلُهُ بِرَمَضَانَ۔

احمد بن حنبل، عبد الرحمٰن بن مہدی، معاویہ بن صالح، عبد اللہ بن ابو قیس نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو فرماتے ہوئے سُنا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو تمام مہینوں میں شعبان کے روزے زیادہ پسند تھے۔ پھر اسے رمضان سے ملا دیا کرتے۔

۶۶۰۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ الْعِجْلِيُّ نَا عُبَيْدُ اللّٰهِ يَعْنِي ابْنَ مُوسٰى عَنْ هَارُونَ بْنِ سَلْمَانَ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ مُسْلِمٍ الْقُرَشِيِّ عَنْ أَبِيهِ قَالَ سَأَلْتُ أَوْ سُئِلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ صِيَامِ الدَّهْرِ فَقَالَ إِنَّ لِأَهْلِكَ عَلَيْكَ حَقًّا صُمْ رَمَضَانَ وَالَّذِي يَلِيهِ وَكُلَّ أَرْبِعَاءَ وَخَمِيسٍ فَإِذًا أَنْتَ قَدْ صُمْتَ الدَّهْرَ۔

محمد بن عثمان عجلی، عبید اللہ ابن موسیٰ، ہارون بن سلمان عبید اللہ بن مسلم قرشی کے والد ماجد نے فرمایا کہ میں نے دریافت کیا یا نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے پوچھا گیا ہمیشہ کے روزوں کے متعلق فرمایا کہ تمہارے اہل وعیال کا بھی تم پر حق ہے لہٰذا رمضان اور اس کے ساتھ روزے رکھو نیز بدھ اور جمعرات کا۔ ایسا کیا تو گویا تم نے ہمیشہ روزے رکھے۔

بَابٌ ۲۳۶ فِي صَوْمِ سِتَّةِ أَيَّامٍ مِنْ شَوَّالٍ۔

شوال کے چھ روزے رکھنا

۶۶۱۔ حَدَّثَنَا النُّفَيْلِيُّ نَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنْ صَفْوَانَ بْنِ سُلَيْمٍ وَسَعْدِ بْنِ سَعِيدٍ عَنْ عُمَرَ بْنِ ثَابِتٍ الْأَنْصَارِيِّ عَنْ أَبِي أَيُّوبَ صَاحِبِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ صَامَ رَمَضَانَ ثُمَّ أَتْبَعَهُ بِسِتٍّ مِنْ شَوَّالٍ فَكَأَنَّمَا صَامَ الدَّهْرَ۔

نفیلی، عبد العزیز بن محمد، صفوان بن سلیم اور سعد بن سعید، عمرو بن ثابت انصاری نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے صحابی حضرت ابو ایوب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے رمضان کے روزے رکھے پھر اس کے ساتھ چھ شوال کے تو گویا اس نے ہمیشہ روزے رکھے۔

ف۔ عید الفطر کے بعد شوال کے چھ روزے رکھنا مستحب ہیں اور جو ماہِ رمضان کے روزے رکھنے کے بعد یہ چھ روزے بھی رکھے تو گویا اس نے پورے سال کے روزے رکھے۔ وعدۂ الٰہی ہے کہ مَنْ جَآءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهٗ عَشْرُ أَمْثَالِهَا ۔ (۶: ۱۶۰) جو ایک نیکی لے کر آیا اس کے لیے دس گنا اجر ہے۔ چنانچہ رمضان کے روزے گویا دس مہینوں کے برابر ہو گئے اور باقی دو مہینوں کے برابر گویا یہ چھ دن ہو گئے یعنی ساٹھ دنوں کے برابر، تو جس نے پورے رمضان کے روزے رکھے اور یہ شوال کے چھ روزے بھی تو گویا اُس نے پورے سال کے روزے رکھ لیے۔

www.sirat-e-mustaqeem.com

واللہ تعالیٰ اعلم

باب ۲۳۷ كَيْفَ كَانَ يَصُومُ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔

۶۶۲۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ مَسْلَمَةَ عَنْ مَالِكٍ عَنْ أَبِي النَّضْرِ مَوْلَى عُمَرَ بْنِ عُبَيْدِ اللهِ عَنْ أَبِي سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ عَائِشَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهَا قَالَتْ كَانَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَصُومُ حَتَّى نَقُولَ لَا يُفْطِرُ وَيُفْطِرُ حَتَّى نَقُولَ لَا يَصُومُ وَمَا رَأَيْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اسْتَكْمَلَ صِيَامَ شَهْرٍ قَطُّ إِلَّا رَمَضَانَ وَمَا رَأَيْتُهُ فِي شَهْرٍ أَكْثَرَ صِيَامًا مِنْهُ فِي شَعْبَانَ۔

۶۶۳۔ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْمٰعِيلَ نَا حَمَّادٌ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو عَنْ أَبِي سَلَمَةَ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَعْنَاهُ زَادَ كَانَ يَصُومُهُ إِلَّا قَلِيلًا بَلْ كَانَ يَصُومُهُ كُلَّهُ۔

باب ۲۳۸ فِي صَوْمِ يَوْمِ الْاِثْنَيْنِ وَالْخَمِيسِ۔

۶۶۴۔ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْمٰعِيلَ نَا أَبَانُ نَا يَحْيَى عَنْ عُمَرَ بْنِ أَبِي الْحَكَمِ بْنِ ثَوْبَانَ عَنْ مَوْلَى قُدَامَةَ بْنِ مَظْعُونٍ عَنْ مَوْلَى أُسَامَةَ ابْنِ زَيْدٍ أَنَّهُ انْطَلَقَ مَعَ أُسَامَةَ إِلَى وَادِي الْقُرَى فِي طَلَبِ مَالٍ لَهُ فَكَانَ يَصُومُ يَوْمَ الْاِثْنَيْنِ وَيَوْمَ الْخَمِيسِ فَقَالَ لَهُ مَوْلَاهُ لِمَ تَصُومُ يَوْمَ الْاِثْنَيْنِ وَيَوْمَ الْخَمِيسِ وَأَنْتَ شَيْخٌ كَبِيرٌ فَقَالَ إِنَّ نَبِيَّ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَصُومُ يَوْمَ الْاِثْنَيْنِ وَيَوْمَ الْخَمِيسِ وَسُئِلَ عَنْ ذٰلِكَ فَقَالَ إِنَّ أَعْمَالَ الْعِبَادِ تُعْرَضُ يَوْمَ الْاِثْنَيْنِ وَيَوْمَ الْخَمِيسِ قَالَ أَبُو دَاوُدَ كَذَا قَالَ هِشَامٌ الدَّسْتُوَائِيُّ عَنْ

نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کیسے روزہ رکھتے تھے

ابوسلمہ بن عبدالرحمٰن سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی زوجہ مطہرہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم روزے رکھتے یہاں تک کہ ہم کہتے کہ اب نہیں چھوڑیں گے اور چھوڑ دیتے تو ہم کہنے لگتے کہ اب روزے نہیں رکھیں گے۔ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو ہرگز کسی پورے مہینے کے روزے رکھتے ہوئے نہیں دیکھا سوائے رمضان کے اور میں نے آپ کو کسی مہینے میں شعبان سے زیادہ روزے رکھتے ہوئے نہیں دیکھا۔

ابوسلمہ نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم معناً اس کی روایت کرتے ہوئے یہ بھی کہا کہ آپ اس کے اکثر روزے رکھتے بلکہ پورے مہینے کے روزے رکھتے۔

پیر اور جمعرات کے روزے کا بیان

مولیٰ قدامہ بن مظعون نے مولیٰ اسامہ بن زید سے روایت کی ہے کہ وہ حضرت اسامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ساتھ ان کے اونٹ تلاش کرنے وادی القریٰ گئے۔ چنانچہ وہ (حضرت اسامہ) پیر اور جمعرات کو روزہ رکھا کرتے تھے۔ ان کے مولیٰ نے ان سے کہا کہ آپ پیر اور جمعرات کو روزہ کیوں رکھتے ہیں حالانکہ آپ بہت بوڑھے ہو گئے ہیں؟ فرمایا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پیر اور جمعرات کو روزہ رکھا کرتے تھے۔ جب اس کی وجہ پوچھی گئی تو فرمایا کہ بندوں کے اعمال پیر اور جمعرات کو پیش کیے جاتے ہیں۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ اسی طرح ہشام دستوائی، یحییٰ، عمرو بن الحکم نے کہا ہے۔

www.sirat-e-mustaqeem.com

يَحْيَى عَنْ عُمَرَ بْنِ الْحَكَمِ.

باب ۲۳۹ فِي صَوْمِ الْعَشْرِ.

۶۶۵ - حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا أَبُو عَوَانَةَ عَنِ الْحُرِّ بْنِ الصَّبَّاحِ عَنْ هُنَيْدَةَ بْنِ خَالِدٍ عَنِ امْرَأَتِهِ عَنْ بَعْضِ أَزْوَاجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَتْ كَانَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَصُومُ تِسْعَ ذِي الْحِجَّةِ وَيَوْمَ عَاشُورَاءَ وَثَلَاثَةَ أَيَّامٍ مِنْ كُلِّ شَهْرٍ أَوَّلَ اثْنَيْنِ مِنَ الشَّهْرِ وَالْخَمِيسَ.

۶۶۶ - حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ نَا وَكِيعٌ نَا الْأَعْمَشُ عَنْ أَبِي صَالِحٍ وَمُجَاهِدٍ وَمُسْلِمٍ الْبَطِينِ عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا مِنْ أَيَّامٍ الْعَمَلُ الصَّالِحُ فِيهَا أَحَبُّ إِلَى اللهِ مِنْ هَذِهِ الْأَيَّامِ يَعْنِي أَيَّامَ الْعَشْرِ قَالُوا يَا رَسُولَ اللهِ وَلَا الْجِهَادُ فِي سَبِيلِ اللهِ قَالَ وَلَا الْجِهَادُ فِي سَبِيلِ اللهِ إِلَّا رَجُلٌ خَرَجَ بِنَفْسِهِ وَمَالِهِ فَلَمْ يَرْجِعْ مِنْ ذَلِكَ بِشَيْءٍ.

باب ۲۴۰ - فِي فِطْرِهِ.

۶۶۷ - حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا أَبُو عَوَانَةَ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ إِبْرَاهِيمَ عَنِ الْأَسْوَدِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ مَا رَأَيْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَائِمًا الْعَشْرَ قَطُّ.

باب ۲۴۱ - فِي صَوْمِ عَرَفَةَ بِعَرَفَةَ.

۶۶۸ - حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ نَا حَوْشَبُ بْنُ عَقِيلٍ عَنْ مَهْدِيٍّ الْهَجَرِيِّ نَا عِكْرِمَةُ قَالَ كُنَّا عِنْدَ أَبِي هُرَيْرَةَ فِي بَيْتِهِ فَحَدَّثَنَا أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْ صَوْمِ عَرَفَةَ بِعَرَفَةَ.

۶۶۹ - حَدَّثَنَا الْقَعْنَبِيُّ عَنْ مَالِكٍ عَنْ

اس عشرہ کے روزے رکھنا

ہنیدہ بن خالد نے ایک عورت سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی کسی زوجہ مطہرہ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم روزے رکھا کرتے نو ذی الحجہ اور عاشورہ کے روز اور ہر مہینے میں تین دن اور ہر مہینے کی تو چندی پیر اور جمعرات کو۔

عثمان بن ابوشیبہ، وکیع، اعمش، ابوصالح اور مجاہد اور مسلم البطین، سعید بن جبیر، حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ دوسرے دنوں کا کوئی نیک عمل ایسا نہیں جو اللہ تعالیٰ کو ان دس دنوں کے اعمال سے زیادہ پیارا ہو۔ لوگ عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ! کیا اللہ کی راہ میں جہاد کرنا بھی؟ فرمایا کہ اللہ کی راہ میں جہاد کرنا بھی۔ فرمایا مگر جو اپنی جان اور اپنے مال سے نکلا اور کچھ بھی لے کر واپس نہ لوٹے۔

روزے نہ رکھنا

مسدد، ابوعوانہ، اعمش، ابراہیم، اسود، حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو ان دس دنوں میں ہرگز روزہ رکھتے ہوئے نہیں دیکھا

عرفہ کے روز عرفات میں روزہ رکھنا

عکرمہ کا بیان ہے کہ ہم حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس ان کے دولت خانے میں تھے تو انہوں نے ہم سے حدیث بیان کی کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے عرفات میں عرفہ کے روز روزہ رکھنے سے منع فرمایا ہے۔

عمیر مولیٰ عبداللہ بن عباس نے حضرت ام الفضل بنت

www.sirat-e-mustaqeem.com

أَبِي النَّضْرِ عَنْ عُمَيْرٍ مَوْلَى عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ عَنْ أُمِّ الْفَضْلِ بِنْتِ الْحَارِثِ أَنَّ نَاسًا تَمَارَوْا عِنْدَهَا يَوْمَ عَرَفَةَ فِي صَوْمِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ بَعْضُهُمْ هُوَ صَائِمٌ وَقَالَ بَعْضُهُمْ لَيْسَ بِصَائِمٍ فَأَرْسَلْتُ إِلَيْهِ بِقَدَحِ لَبَنٍ وَهُوَ وَاقِفٌ عَلَى بَعِيرِهِ بِعَرَفَةَ فَشَرِبَ۔

باب ۲۳۲ فِي صَوْمِ يَوْمِ عَاشُورَاءَ

۶۷۰ - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ عَنْ مَالِكٍ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ يَوْمُ عَاشُورَاءَ يَوْمًا تَصُومُهُ قُرَيْشٌ فِي الْجَاهِلِيَّةِ وَكَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَصُومُهُ فِي الْجَاهِلِيَّةِ فَلَمَّا قَدِمَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَدِينَةَ صَامَهُ وَأَمَرَ بِصِيَامِهِ فَلَمَّا فُرِضَ رَمَضَانُ كَانَ هُوَ الْفَرِيضَةَ وَتُرِكَ عَاشُورَاءُ فَمَنْ شَاءَ صَامَهُ وَمَنْ شَاءَ تَرَكَهُ۔

۶۷۱ - حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا يَحْيَى عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ أَخْبَرَنِي نَافِعٌ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ كَانَ عَاشُورَاءُ يَوْمًا نَصُومُهُ فِي الْجَاهِلِيَّةِ فَلَمَّا نَزَلَ رَمَضَانُ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هٰذَا يَوْمٌ مِنْ أَيَّامِ اللّٰهِ فَمَنْ شَاءَ صَامَهُ وَمَنْ شَاءَ تَرَكَهُ۔

۶۷۲ - حَدَّثَنَا زِيَادُ بْنُ أَيُّوبَ نَا هُشَيْمٌ نَا أَبُو بِشْرٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ لَمَّا قَدِمَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَدِينَةَ وَجَدَ الْيَهُودَ يَصُومُونَ عَاشُورَاءَ فَسُئِلُوا عَنْ ذٰلِكَ فَقَالُوا هُوَ الْيَوْمُ الَّذِي أَظْهَرَ اللّٰهُ فِيهِ مُوسَى عَلَى فِرْعَوْنَ وَنَحْنُ نَصُومُهُ تَعْظِيمًا لَهُ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حارث رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کی ہے کہ عرفہ کے روز کچھ حضرات نے ان کے پاس رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے روزے سے متعلق بحث کی۔ بعض کہتے تھے کہ آپ روزے سے ہیں اور بعض کہتے کہ روزے سے نہیں ہیں۔ چنانچہ میں نے دودھ کا ایک پیالہ آپ کی خدمت میں بھیجا۔ پس آپ عرفات میں اپنے اونٹ پر جلوہ افروز تھے کہ نوش فرمالیا۔

عاشورہ کے روز روزہ رکھنا

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا بیان ہے کہ عاشورے کا روز ایسا ہے کہ جاہلیت میں قریش اس کا روزہ رکھا کرتے تھے اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بھی دورِ جاہلیت میں اس کا روزہ رکھتے تھے۔ جب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مدینہ منورہ میں تشریف لائے تو اس کا روزہ رکھا اور یہ روزہ رکھنے کا حکم فرمایا۔ جب رمضان کے روزے فرض فرمادیئے گئے تو وہ فرض رہے اور عاشورہ کا چھوڑ دیا۔ پس جو چاہتا اس کا روزہ رکھتا اور جو چاہتا چھوڑ دیتا۔

نافع سے روایت ہے کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا۔ عاشورے کے روز کا ہم جاہلیت میں روزہ رکھا کرتے تھے۔ جب رمضان کے متعلق حکم نازل ہوا تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ یہ دن بھی اللہ کے دنوں میں سے ہے پس جو چاہے اس کا روزہ رکھے اور جو چاہے چھوڑ دے۔

سعید بن جبیر سے روایت ہے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا۔ جب نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مدینہ منورہ میں تشریف لائے تو یہود کو پایا کہ عاشورے کا روزہ رکھتے ہیں۔ ان سے اس کے متعلق پوچھا گیا تو انہوں نے کہا۔ اس روز اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ کو فرعون پر غالب فرمایا تھا۔ لہٰذا تعظیم کرتے ہوئے ہم اس کا روزہ رکھتے ہیں۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تمہاری نسبت

www.sirat-e-mustaqeem.com

سَلَّمَ نَحْنُ أَوْلَى بِمُوسَى مِنْكُمْ وَأَمَرَ بِصِيَامِهِ۔

بابـ۲۴۳ـ مَا رُوِيَ أَنَّ عَاشُورَاءَ الْيَوْمُ التَّاسِعُ۔

۶۷۳۔ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ الْمَهْرِيُّ أَنَا ابْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ أَنَّ إِسْمٰعِيلَ بْنَ أُمَيَّةَ الْقُرَشِيَّ حَدَّثَهُ أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا غَطَفَانَ يَقُولُ سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَبَّاسٍ يَقُولُ حِينَ صَامَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ عَاشُورَاءَ وَأَمَرَنَا بِصِيَامِهِ قَالُوا يَا رَسُولَ اللّٰهِ إِنَّهُ يَوْمٌ تُعَظِّمُهُ الْيَهُودُ وَالنَّصَارَى فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَإِذَا كَانَ الْعَامُ الْمُقْبِلُ صُمْنَا يَوْمَ التَّاسِعِ فَلَمْ يَأْتِ الْعَامُ الْمُقْبِلُ حَتَّى تُوُفِّيَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔

۶۷۴۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا يَحْيَى يَعْنِي ابْنَ سَعِيدٍ عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ غَلَّابٍ ح وَنَا مُسَدَّدٌ نَا إِسْمٰعِيلُ أَخْبَرَنِي حَاجِبُ بْنُ عُمَرَ جَمِيعًا الْمَعْنَى عَنِ الْحَكَمِ بْنِ الْأَعْرَجِ قَالَ أَتَيْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ وَهُوَ مُتَوَسِّدٌ رِدَاءَهُ فِي الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ فَسَأَلْتُهُ عَنْ صِيَامِ يَوْمِ عَاشُورَاءَ فَقَالَ إِذَا رَأَيْتَ هِلَالَ الْمُحَرَّمِ فَاعْدُدْ فَإِذَا كَانَ يَوْمُ التَّاسِعِ فَأَصْبِحْ صَائِمًا فَقُلْتُ كَذَا كَانَ مُحَمَّدٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَصُومُ قَالَ كَذٰلِكَ كَانَ مُحَمَّدٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَصُومُ۔

بابـ۲۴۴ـ فِي فَضْلِ صَوْمِهِ۔

۶۷۵۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمِنْهَالِ نَا يَزِيدُ نَا سَعِيدٌ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ مَسْلَمَةَ عَنْ عَمِّهِ أَنَّ أَسْلَمَ أَتَتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ صُمْتُمْ يَوْمَكُمْ هٰذَا قَالُوا لَا قَالَ فَأَتِمُّوا بَقِيَّةَ يَوْمِكُمْ وَاقْضُوهُ قَالَ

حضرت موسیٰ سے ہم زیادہ قریب ہیں اور اس کے روزے کا حکم فرمایا۔

جس کے نزدیک عاشورہ نویں دن ہے

سلیمان بن داؤد مہری، ابن وہب، یحییٰ بن ایوب، اسمٰعیل بن امیہ قرشی، ابو غطفان نے حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما کو فرماتے ہوئے سنا کہ جب نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے عاشورے کا روزہ رکھا اور اس کا روزہ رکھنے کا حکم فرمایا تو لوگ عرض گزار ہوئے۔ یا رسول اللہ! اس دن کی تعظیم تو یہود و نصاریٰ کرتے ہیں۔ چنانچہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اگلے سال ہم نویں دن کا روزہ رکھیں گے۔ اگلا سال آیا بھی نہ تھا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا وصال ہو گیا۔

مسدد، یحییٰ بن سعید، معاویہ بن غلاب۔ مسدد، اسمٰعیل حاجب بن عمر، حکم بن اعرج کا بیان ہے کہ میں حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی خدمت میں حاضر ہوا تو وہ مسجد حرام میں اپنی چادر سے ٹیک لگا کر بیٹھے ہوئے تھے۔ پس میں نے ان سے عاشورہ کے دن روزہ رکھنے کے متعلق دریافت کیا تو فرمایا۔ جب تم محرم کا چاند دیکھ لو تو اس کے دن گننے شروع کرو جب نواں دن آئے تو اس کا روزہ رکھو۔ میں عرض گزار ہوا کہ محمد مصطفےٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اسی طرح روزہ رکھتے تھے؟ فرمایا کہ محمد مصطفےٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اسی طرح روزہ رکھا کرتے تھے۔

اس کے روزے کی فضیلت

عبدالرحمٰن بن مسلمہ نے اپنے چچا جان سے روایت کی ہے کہ قبیلہ اسلم کے کچھ لوگ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوئے تو آپ نے فرمایا۔ تم نے آج روزہ رکھا ہے؟ عرض گزار ہوئے کہ نہیں۔ فرمایا آج جتنا دن باقی ہے اسے پورا کر لو اور اس کی قضا کرنا۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ یہ یوم عاشورہ

www.sirat-e-mustaqeem.com

أَبُو دَاوُدَ يَعْنِي يَوْمَ عَاشُورَاءَ۔

بَابُ ۲۴۵ فِي صَوْمِ يَوْمٍ وَفِطْرِ يَوْمٍ۔

۶۷۶۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ وَمُحَمَّدُ بْنُ عِيسَى وَمُسَدَّدٌ وَالْإِخْبَارُ فِي حَدِيثِ أَحْمَدَ قَالُوا سُفْيَانُ قَالَ سَمِعْتُ عَمْرًا قَالَ أَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ أَوْسٍ سَمِعَهُ مِنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ قَالَ لِي رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَحَبُّ الصِّيَامِ إِلَى اللهِ صِيَامُ دَاوُدَ وَأَحَبُّ الصَّلٰوةِ إِلَى اللهِ صَلٰوةُ دَاوُدَ كَانَ يَنَامُ نِصْفَهُ وَيَقُومُ ثُلُثَهُ وَيَنَامُ سُدُسَهُ وَكَانَ يُفْطِرُ يَوْمًا وَيَصُومُ يَوْمًا۔

بَابُ ۲۴۶ فِي صَوْمِ الثَّلٰثِ مِنْ كُلِّ شَهْرٍ۔

۶۷۷۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ أَنَا هَمَّامٌ عَنْ أَنَسٍ أَخِي مُحَمَّدٍ عَنِ ابْنِ مِلْحَانَ الْقَيْسِيِّ عَنْ أَبِيهِ قَالَ كَانَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَأْمُرُنَا أَنْ نَصُومَ الْبِيضَ ثَلٰثَ عَشْرَةَ وَأَرْبَعَ عَشْرَةَ وَخَمْسَ عَشْرَةَ قَالَ وَقَالَ هُنَّ كَهَيْأَةِ الدَّهْرِ۔

۶۷۸۔ حَدَّثَنَا أَبُو كَامِلٍ نَا أَبُو دَاوُدَ نَا شَيْبَانُ عَنْ عَاصِمٍ عَنْ زِرٍّ عَنْ عَبْدِ اللهِ قَالَ كَانَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَصُومُ يَعْنِي مِنْ غُرَّةِ كُلِّ شَهْرٍ ثَلٰثَةَ أَيَّامٍ۔

بَابُ ۲۴۷ مَنْ قَالَ الْإِثْنَيْنِ وَالْخَمِيسِ۔

۶۷۹۔ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْمٰعِيلَ نَا حَمَّادٌ عَنْ عَاصِمِ بْنِ بَهْدَلَةَ عَنْ سَوَاءٍ الْخُزَاعِيِّ عَنْ حَفْصَةَ قَالَتْ كَانَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَصُومُ ثَلٰثَةَ أَيَّامٍ مِنَ الشَّهْرِ الْإِثْنَيْنِ وَالْخَمِيسَ وَالْإِثْنَيْنِ مِنَ الْجُمُعَةِ الْأُخْرٰى۔

۶۸۰۔ حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ نَا مُحَمَّدُ

کی بات ہے۔

ایک دن روزہ رکھنا اور ایک دن نہ رکھنا

احمد بن حنبل اور محمد بن عیسیٰ اور مسدد، سفیان، عمرو، عمرو بن اوس نے حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مجھ سے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کو تمام روزوں سے داؤدی روزے زیادہ پسند ہیں اور تمام نفلی نمازوں سے اللہ تعالیٰ کو داؤدی نماز زیادہ پسند ہے۔ وہ نصف رات سوتے اور تہائی رات قیام کرتے اور چھٹا حصہ سوتے نیز وہ ایک دن روزہ نہ رکھتے اور ایک دن روزہ رکھا کرتے تھے۔

ہر مہینے میں تین روزے رکھنا

ابن ملحان قیسی نے اپنے والد ماجد سے روایت کی کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہمیں ایام بیض کے روزے رکھنے کا حکم فرمایا کرتے تھے یعنی تیرہویں، چودھویں اور پندرھویں تاریخ کو اور فرمایا کہ ہر مہینے میں یہ روزے رکھنا ہمیشہ روزے رکھنے کی طرح ہے۔

ابو کامل، ابوداؤد، شیبان، عاصم، زر، حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہر مہینے کے شروع میں تین روزے رکھا کرتے تھے۔

جس نے کہا کہ پیر اور جمعرات کو روزہ رکھے

عاصم بن بہدلہ نے سواء الخزاعی سے روایت کی ہے کہ حضرت حفصہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہر مہینے میں تین روزے رکھا کرتے تھے۔ تو چندی پیر اور جمعرات کو نیز دوسرے ہفتے کے پہلے پیر کو۔

ہنیدہ خزاعی کی والدہ ماجدہ نے فرمایا کہ میں

www.sirat-e-mustaqeem.com

ابْنُ فُضَيْلٍ نَا الْحَسَنُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ عَنْ هُنَيْدَةَ الْخُزَاعِيِّ عَنْ أُمِّهِ قَالَتْ دَخَلْتُ عَلَى أُمِّ سَلَمَةَ فَسَأَلْتُهَا عَنِ الصِّيَامِ فَقَالَتْ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَأْمُرُنِي أَنْ أَصُومَ ثَلَاثَةَ أَيَّامٍ مِنْ كُلِّ شَهْرٍ أَوَّلُهَا الْاِثْنَيْنِ وَالْخَمِيسَ وَالْخَمِيسَ۔

بَاب ۲۴۸ مَنْ قَالَ لَا يُبَالِي مِنْ أَيِّ الشَّهْرِ۔

۶۸۱۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا عَبْدُ الْوَارِثِ عَنْ يَزِيدَ عَنْ مُعَاذَةَ قَالَتْ قُلْتُ لِعَائِشَةَ أَكَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَصُومُ مِنْ كُلِّ شَهْرٍ ثَلَاثَةَ أَيَّامٍ قَالَتْ نَعَمْ قُلْتُ مِنْ أَيِّ شَهْرٍ كَانَ يَصُومُ قَالَتْ مَا كَانَ يُبَالِي مِنْ أَيِّ أَيَّامِ الشَّهْرِ كَانَ يَصُومُ۔

بَاب ۲۴۹ النِّيَّةِ فِي الصَّوْمِ۔

۶۸۲۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ حَدَّثَنِي ابْنُ لَهِيعَةَ وَيَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي بَكْرِ بْنِ حَزْمٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ أَبِيهِ عَنْ حَفْصَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ لَمْ يُجْمِعِ الصِّيَامَ قَبْلَ الْفَجْرِ فَلَا صِيَامَ لَهُ قَالَ أَبُو دَاوُدَ رَوَاهُ اللَّيْثُ وَإِسْحَاقُ بْنُ حَازِمٍ أَيْضًا جَمِيعًا عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي بَكْرٍ مِثْلَهُ وَوَقَفَهُ عَلَى حَفْصَةَ مَعْمَرٌ وَالزُّبَيْدِيُّ وَابْنُ عُيَيْنَةَ وَيُونُسُ الْأَيْلِيُّ۔

بَاب ۲۵۰ الرُّخْصَةِ فِيهِ۔

۶۸۳۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ أَنَا سُفْيَانُ ح وَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ نَا وَكِيعٌ جَمِيعًا عَنْ طَلْحَةَ بْنِ يَحْيَى عَنْ عَائِشَةَ بِنْتِ طَلْحَةَ عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى

حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی خدمت میں حاضر ہوئی اور اُن سے روزوں کے متعلق دریافت کیا تو اُنھوں نے فرمایا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہمیں ہر مہینے میں تین روزے رکھنے کا حکم فرمایا کرتے یعنی پہلے پیر اور جمعرات کو نیز دوسری جمعرات کو۔

جس نے کہا جس دن چاہے روزہ رکھے۔

معاذہ کا بیان ہے کہ میں حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی خدمت میں عرض گزار ہوئی ۔ کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہر مہینے میں تین روزے رکھا کرتے تھے؟ فرمایا ہاں میں نے عرض کی کہ مہینے کے کن دنوں میں روزے رکھتے؟ فرمایا کہ کوئی تخصیص نہ فرماتے بلکہ مہینے کے جن دنوں میں چاہتے روزے رکھتے۔

روزے کی نیت کرنا

احمد بن صالح، عبداللہ بن وہب، ابن لہیعہ، یحییٰ بن ایوب، عبداللہ بن ابوبکر بن حزم، ابن شہاب، سالم بن عبداللہ، اُن کے والد ماجد نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی زوجۂ مطہرہ حضرت حفصہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا ۔ جو فجر سے پہلے روزے کی نیت نہ کرے اس کا روزہ نہیں ہوتا امام ابوداؤد نے فرمایا کہ روایت کیا ہے اسے لیث اور اسحاق بن حازم نے اسی طرح ۔سب نے عبداللہ بن ابوبکر سے اسی کے مانند اور موقوف کیا اسے حضرت حفصہ پر معمر اور زبیدی اور ابن عیینہ اور یونس الایلی نے۔

اس کی اجازت

محمد بن کثیر، سفیان... اور عثمان بن ابوشیبہ، وکیع طلحہ بن یحییٰ، عائشہ بنت طلحہ سے روایت ہے کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا ۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب میرے پاس تشریف لاتے تو فرماتے۔

www.sirat-e-mustaqeem.com

اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِذَا دَخَلَ عَلَیَّ قَالَ ھَلْ عِنْدَکُمْ طَعَامٌ فَاِذَا قُلْنَا لَا قَالَ اِنِّیْ صَائِمٌ زَادَ وَکِیْعٌ فَدَخَلَ عَلَیْنَا یَوْمًا اٰخَرَ فَقُلْنَا یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اُھْدِیَ لَنَا حَیْسٌ فَحَبَسْنَاہُ لَکَ فَقَالَ اُدْنِیْہِ فَاَصْبَحَ صَائِمًا فَاَفْطَرَ۔

کیا تمہارے پاس کھانا ہے؟ جب ہم نہیں کہتی تو فرماتے۔ میں روزے سے ہوں۔ وکیع نے یہ بھی کہا۔ ایک روز پچھلے پہر ہمارے پاس تشریف لائے تو ہم نے کہا۔ یا رسول اللہ! ہمارے پاس حیس ہدیۃً بھیجا گیا ہے۔ ہم نے آپ کے لیے اٹھا رکھا ہے۔ فرمایا لے آؤ میں نے صبح سے روزہ رکھا ہوا تھا لیکن اب توڑ لیتا ہوں۔

۶۸۴ ـ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِیْ شَیْبَۃَ نَا جَرِیْرُ بْنُ عَبْدِ الْحَمِیْدِ عَنْ یَزِیْدَ بْنِ اَبِیْ زِیَادٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ الْحَارِثِ عَنْ اُمِّ ھَانِیٍٔ قَالَ لَمَّا کَانَ یَوْمُ الْفَتْحِ فَتْحِ مَکَّۃَ جَاءَتْ فَاطِمَۃُ فَجَلَسَتْ عَنْ یَسَارِ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَاُمُّ ھَانِیٍٔ عَنْ یَمِیْنِہٖ قَالَتْ فَجَاءَتِ الْوَلِیْدَۃُ بِاِنَاءٍ فِیْہِ شَرَابٌ فَنَاوَلَتْہُ فَشَرِبَ مِنْہُ ثُمَّ نَاوَلَہٗ اُمَّ ھَانِیٍٔ فَشَرِبَتْ مِنْہُ فَقَالَتْ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ لَقَدْ اَفْطَرْتُ وَکُنْتُ صَائِمَۃً فَقَالَ لَھَا اَکُنْتِ تَقْضِیْنَ شَیْئًا قَالَتْ لَا قَالَ فَلَا یَضُرُّکِ اِنْ کَانَ تَطَوُّعًا۔

عبداللہ بن حارث سے روایت ہے کہ حضرت اُمِّ ہانی رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا۔ جب فتح مکہ کا دن آیا تو حضرت فاطمہ آکر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بائیں جانب بیٹھ گئیں اور حضرت اُمِّ ہانی آپ کے دائیں جانب۔ ایک لونڈی برتن میں کوئی پینے کی چیز لے کر حاضر ہوئی تو آپ نے لے لیا اور اس میں سے نوش فرمایا۔ پھر حضرت اُمِّ ہانی کو دیا تو انہوں نے اس میں سے پیا اور عرض گزار ہوئیں کہ یا رسول اللہ! میں نے روزہ توڑا ہے کیونکہ میرا روزہ تھا۔ فرمایا کیا قضا کا رکھا تھا؟ عرض کی نہیں۔ فرمایا تو نفلی روزہ توڑنا کوئی نقصان نہیں پہنچاتا۔

ف۔ نفلی روزہ اگر توڑنا پڑ جائے تو کوئی گناہ نہیں لیکن اس کی جگہ روزہ رکھنا پڑے گا کیونکہ قبل ازیں مختار تھا کہ نفلی روزہ رکھے یا نہ رکھے لیکن رکھ لیا تو پورا کرے۔ یہ توڑ دیا تو دوسرا رکھے۔ اس طرح نفل نماز اگر کسی وجہ سے توڑ دی تو کوئی گناہ نہیں قبل ازیں مختار تھا کہ نفل نماز پڑھتا یا نہ پڑھتا لیکن شروع کر دی تو پوری کرے۔ پوری نہ کی اور توڑ دی تو اب دوبارہ پڑھے کیونکہ اب اس کا ادا کرنا ضروری ہو گیا ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم

باب ۲۵ مَنْ رَاٰی عَلَیْہِ الْقَضَاءَ۔

جس کے نزدیک روزے کی قضا ہے۔

۶۸۵ ـ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ نَا عَبْدُ اللّٰہِ بْنُ وَھْبٍ اَخْبَرَنِیْ حَیْوَۃُ بْنُ شُرَیْحٍ عَنِ ابْنِ الْھَادِ عَنْ زُمَیْلٍ مَوْلٰی عُرْوَۃَ عَنْ عُرْوَۃَ ابْنِ الزُّبَیْرِ عَنْ عَائِشَۃَ قَالَتْ اُھْدِیَ لِیْ وَلِحَفْصَۃَ طَعَامٌ وَکُنَّا صَائِمَتَیْنِ فَاَفْطَرْنَا ثُمَّ دَخَلَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقُلْنَا لَہٗ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اِنَّا اُھْدِیَتْ لَنَا ھَدِیَّۃٌ فَاشْتَھَیْنَاھَا فَاَفْطَرْنَا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَا عَلَیْکُمَا

عروہ بن زبیر سے روایت ہے کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا کہ میرے اور حضرت حفصہ کے لیے ہدیہ کے طور پر کھانا پیش کیا گیا اور ہم دونوں روزے سے تھیں، لیکن ہم نے روزے کھول دیئے۔ پھر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہمارے پاس تشریف لے آئے تو ہم نے عرض کی کہ یا رسول اللہ! ہمیں ہدیہ دیا گیا ہے اور ہمارا اس کے لیے دل چاہا تو ہم نے روزے توڑ دیئے۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم پر کچھ بھی لازم

www.sirat-e-mustaqeem.com

صُومَا مَكَانَهُ يَوْمًا آخَرَ.

نہیں آتا مگر دونوں کسی دوسرے دن روزہ رکھ لینا۔

باب ۷۵ الْمَرْأَةُ تَصُومُ بِغَيْرِ إِذْنِ زَوْجِهَا.

۶۸۶ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ أَنَا مَعْمَرٌ عَنْ هَمَّامِ بْنِ مُنَبِّهٍ أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا هُرَيْرَةَ يَقُولُ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَصُومُ امْرَأَةٌ وَبَعْلُهَا شَاهِدٌ إِلَّا بِإِذْنِهِ غَيْرَ رَمَضَانَ وَلَا تَأْذَنُ فِي بَيْتِهِ وَهُوَ شَاهِدٌ إِلَّا بِإِذْنِهِ.

عورت کا خاوند کی اجازت کے بغیر روزہ رکھنا

ہمام بن منبہ نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو فرماتے ہوئے سُنا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ عورت کا خاوند اگر موجود ہو تو رمضان کے روزوں کے علاوہ اُس کی اجازت کے بغیر روزہ نہ رکھے اور وہ موجود ہو تو اس کی اجازت کے بغیر کسی کو اپنے گھر میں نہ آنے دے۔

ف۔ عورت نفل روزے خاوند کی اجازت کے بغیر نہ رکھے اور اپنے خاوند کی اجازت کے بغیر کسی کو گھر میں نہ آنے دے۔ جائے غور ہے کہ نفلی روزہ جو عبادت ہے وہ بھی خاوند کی اجازت کے بغیر رکھنے کی اجازت نہیں تو غور کا مقام ہے کہ پروردگارِ عالم نے خاوند کو کتنا اونچا مقام دیا ہے جو عورتوں کو ملحوظ رکھنا چاہیئے۔ کاش! مرد اور عورت اپنی اپنی حدود کو پہچانیں اور دوسری قوموں کی بے راہ روی کو دیکھ کر اسلامی غیرت کا جنازہ نہ نکالیں۔ دوستو! غیر مسلموں کی پیروی میں مسلمانوں کی نجات اور ترقی و کامرانی نہیں بلکہ ان کی سرخروئی و سربلندی نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی پیروی میں ہے۔ اسلامی تعلیمات پر عمل پیرا ہونے میں ہے۔ ہمارا نصب العین تو یہ ہونا چاہیئے۔ ع

بحق دل بند و راہِ مصطفیٰ رَو

۶۸۷ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ نَا جَرِيرٌ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ أَبِي صَالِحٍ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ قَالَ جَاءَتِ امْرَأَةٌ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنَحْنُ عِنْدَهُ فَقَالَتْ يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنَّ زَوْجِي صَفْوَانَ بْنَ مُعَطَّلٍ يَضْرِبُنِي إِذَا صَلَّيْتُ وَيُفَطِّرُنِي إِذَا صُمْتُ وَلَا يُصَلِّي صَلَاةَ الْفَجْرِ حَتَّى تَطْلُعَ الشَّمْسُ قَالَ وَصَفْوَانُ عِنْدَهُ قَالَ فَسَأَلَهُ عَمَّا قَالَتْ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللَّهِ أَمَّا قَوْلُهَا يَضْرِبُنِي إِذَا صَلَّيْتُ فَإِنَّهَا تَقْرَأُ بِسُورَتَيْنِ وَقَدْ نَهَيْتُهَا قَالَ فَقَالَ لَوْ كَانَتْ سُورَةٌ وَاحِدَةٌ لَكَفَتِ النَّاسَ وَأَمَّا قَوْلُهَا يُفَطِّرُنِي فَإِنَّهَا تَنْطَلِقُ فَتَصُومُ وَأَنَا رَجُلٌ شَابٌّ فَلَا أَصْبِرُ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَئِذٍ لَا تَصُومُ امْرَأَةٌ إِلَّا بِإِذْنِ زَوْجِهَا وَأَمَّا قَوْلُهَا إِنِّي لَا أُصَلِّي حَتَّى تَطْلُعَ الشَّمْسُ

حضرت ابوسعید رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں ایک عورت حاضر ہوئی اور ہم آپ کے پاس تھے۔ وہ عرض گزار ہوئی۔ یا رسول اللہ! میرا خاوند صفوان بن معطل مجھے مارتا ہے جب میں نماز پڑھتی ہوں اور روزہ رکھتی ہوں تو میرا روزہ توڑ دیتا ہے اور صبح کی نماز نہیں پڑھتا مگر جب سورج نکل آئے۔ راوی کا بیان ہے کہ حضرت صفوان آپ کے پاس موجود تھے، لہٰذا ان سے پوچھا گیا تو عرض گزار ہوئے: یا رسول اللہ! یہ کہنا کہ وہ مجھے مارتا ہے جب میں نماز پڑھتی ہوں۔" تو یہ دو سورتیں پڑھتی ہے اور میں نے اسے منع کیا کیونکہ لوگوں کو ایک سورت کا پڑھنا کفایت کرتا ہے اور اس کی روزہ توڑ دینے کی بات، تو یہ متواتر روزے رکھتی ہے۔ اور میں جوان آدمی ہوں لہٰذا صبر نہیں کر سکتا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اُس روز سے منع فرما دیا کہ عورت اپنے

www.sirat-e-mustaqeem.com

فَإِنَّا أَهْلُ بَيْتٍ قَدْ عُرِفَ لَنَا ذَاكَ لَا نَكَادُ نَسْتَيْقِظُ حَتَّى تَطْلُعَ الشَّمْسُ قَالَ فَإِذَا اسْتَيْقَظْتَ فَصَلِّ قَالَ أَبُو دَاوُدَ رَوَاهُ حَمَّادٌ يَعْنِي ابْنَ سَلَمَةَ عَنْ حُمَيْدٍ أَوْ ثَابِتٍ عَنْ أَبِي الْمُتَوَكِّلِ۔

خاوند کی اجازت کے بغیر روزہ نہ رکھے اور اس کا کہنا کہ میں سورج طلوع ہونے پر نماز پڑھتا ہوں، تو ہم بال بچے دار ہیں، محنت کرتا ہوں لہذا دن چڑھے آنکھ کھلتی ہے۔ فرمایا جب آنکھیں کھلیں تو نماز پڑھ لیا کرو۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ روایت کیا ہے اسے حماد بن سلمہ نے۔

باب ۲۵۳۔ فِي الصَّائِمِ يُدْعَى إِلَى وَلِيمَةٍ۔

جب روزہ دار کو ولیمہ میں بلایا جائے

۶۸۸۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ سَعِيدٍ نَا أَبُو خَالِدٍ عَنْ هِشَامٍ عَنِ ابْنِ سِيرِينَ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا دُعِيَ أَحَدُكُمْ فَلْيُجِبْ فَإِنْ كَانَ مُفْطِرًا فَلْيَطْعَمْ وَإِنْ كَانَ صَائِمًا فَلْيُصَلِّ قَالَ هِشَامٌ وَالصَّلَوٰةُ الدُّعَاءُ قَالَ أَبُو دَاوُدَ رَوَاهُ حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ أَيْضًا۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جب تم میں سے کسی کی دعوت کی جائے تو اُسے قبول کرنا چاہیئے۔ اگر روزہ نہ ہو کھانا کھالے اور اگر روزہ دار ہو تو دعا کرنی چاہیئے۔ ہشام نے کہا کہ الصلوٰۃ سے دعا مراد ہے۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ روایت کیا اسے حفص بن غیاث نے بھی۔

۶۸۹۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا سُفْيَانُ عَنْ أَبِي الزِّنَادِ عَنِ الْأَعْرَجِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا دُعِيَ أَحَدُكُمْ إِلَى الطَّعَامِ وَهُوَ صَائِمٌ فَلْيَقُلْ إِنِّي صَائِمٌ۔

اعرج نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جب تم میں سے کوئی کھانے کے لیے بلایا جائے اور وہ روزے سے ہو تو کہہ دینا چاہیئے کہ میں روزہ دار ہوں۔

باب ۲۵۴ الْاِعْتِكَافِ۔

اعتکاف

۶۹۰۔ حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ نَا اللَّيْثُ عَنْ عُقَيْلٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَعْتَكِفُ الْعَشْرَ الْأَوَاخِرَ مِنْ رَمَضَانَ حَتَّى قَبَضَهُ اللهُ ثُمَّ اعْتَكَفَ أَزْوَاجُهُ مِنْ بَعْدِهِ۔

عروہ نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم وصال تک رمضان کے آخری دس دنوں میں اعتکاف فرمایا کرتے اور آپ کے بعد آپ کی ازواجِ مطہرات اعتکاف کرتی رہیں۔

۶۹۱۔ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْمٰعِيلَ نَا حَمَّادٌ أَنَا ثَابِتٌ عَنْ أَبِي رَافِعٍ عَنْ أُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَعْتَكِفُ فِي الْعَشْرِ الْأَوَاخِرِ مِنْ رَمَضَانَ فَلَمْ يَعْتَكِفْ عَامًا فَلَمَّا كَانَ فِي الْعَامِ الْمُقْبِلِ اعْتَكَفَ عِشْرِينَ لَيْلَةً۔

ابورافع نے حضرت اُبی بن کعب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم رمضان کے آخری دس دنوں میں اعتکاف فرمایا کرتے۔ ایک سال اعتکاف نہ کیا تو اگلے سال آپ نے بیس روز تک اعتکاف فرمایا۔

۶۹۲۔ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ ابْنُ أَبِي شَيْبَةَ نَا أَبُو مُعَاوِيَةَ وَيَعْلَى بْنُ عُبَيْدٍ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا بیان ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب اعتکاف کا ارادہ

عَنْ عُمْرَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا أَرَادَ أَنْ يَعْتَكِفَ صَلَّى الْفَجْرَ ثُمَّ دَخَلَ مُعْتَكَفَهُ قَالَتْ وَإِنَّهُ أَرَادَ مَرَّةً أَنْ يَعْتَكِفَ فِي الْعَشْرِ الْأَوَاخِرِ مِنْ رَمَضَانَ قَالَتْ فَأَمَرَ بِبِنَائِهِ فَضُرِبَ فَلَمَّا رَأَيْتُ ذٰلِكَ أَمَرْتُ بِبِنَائِي فَضُرِبَ قَالَتْ وَأَمَرَ غَيْرِي مِنْ أَزْوَاجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِبِنَائِهِ فَضُرِبَ فَلَمَّا صَلَّى الْفَجْرَ نَظَرَ إِلَى الْأَبْنِيَةِ فَقَالَ مَا هٰذِهِ آلْبِرَّ تُرِدْنَ قَالَتْ فَأَمَرَ بِبِنَائِهِ فَقُوِّضَ وَأَمَرَ أَزْوَاجُهُ بِأَبْنِيَتِهِنَّ فَقُوِّضَتْ ثُمَّ أَخَّرَ الْإِعْتِكَافَ إِلَى الْعَشْرِ الْأَوَّلِ يَعْنِي مِنْ شَوَّالٍ قَالَ أَبُوْ دَاوُدَ رَوَاهُ ابْنُ إِسْحٰقَ وَالْأَوْزَاعِيُّ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ نَحْوَهُ وَرَوَاهُ مَالِكٌ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ قَالَ اعْتَكَفَ عِشْرِيْنَ مِنْ شَوَّالٍ۔

کرتے تو نمازِ فجر پڑھ کر اعتکاف کرنے کی جگہ میں تشریف لے جاتے۔ ایک دفعہ آپ نے رمضان کے آخری دنوں میں اعتکاف کرنے کا ارادہ فرمایا لہٰذا خیمہ لگانے کا حکم دیا جو لگا دیا گیا اور میرے سوا نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی دوسری ازواجِ مطہرات نے اپنے خیمے لگانے کا حکم دیا جو لگا دیئے گئے۔ جب آپ نے نمازِ فجر پڑھ لی اور خیموں پر نظر گئی تو فرمایا۔ یہ تم نے کس نیکی کا ارادہ کیا ہے؟ پھر آپ نے حکم فرمایا تو آپ کا خیمہ اکھاڑ لیا گیا اور آپ کی ازواجِ مطہرات نے بھی حکم کیا تو ان کے خیمے بھی اکھاڑ لیے گئے۔ پھر آپ نے اعتکاف کو شوال کے پہلے عشرے تک مؤخر فرما دیا۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ روایت کیا اسے ابنِ اسحاق اور اوزاعی نے یحییٰ بن سعید سے اسی طرح اور مالک نے یحییٰ بن سعید سے اسے روایت کرتے ہوئے کہا کہ شوال کی بیس تاریخ سے۔

بَابُ ۲۵۵ أَيْنَ يَكُوْنُ الْإِعْتِكَافُ۔

اعتکاف کہاں کرے؟

۷۹۳۔ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ الْمَهْرِيُّ أَنَا ابْنُ وَهْبٍ عَنْ يُوْنُسَ أَنَّ نَافِعًا أَخْبَرَهُ عَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَعْتَكِفُ الْعَشْرَ الْأَوَاخِرَ مِنْ رَمَضَانَ قَالَ نَافِعٌ وَقَدْ أَرَانِي عَبْدُ اللّٰهِ الْمَكَانَ الَّذِي كَانَ يَعْتَكِفُ فِيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْمَسْجِدِ

نافع نے حضرت ابنِ عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم رمضان کے آخری دس دنوں میں اعتکاف فرمایا کرتے تھے۔ نافع کا بیان ہے کہ حضرت عبداللہ نے مجھے وہ جگہ دکھائی جس میں مسجد کے اندر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اعتکاف فرمایا کرتے تھے۔

۷۹۴۔ حَدَّثَنَا هَنَّادٌ عَنْ أَبِي بَكْرٍ عَنْ أَبِي حَصِيْنٍ عَنْ أَبِي صَالِحٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَعْتَكِفُ كُلَّ رَمَضَانَ عَشَرَةَ أَيَّامٍ فَلَمَّا كَانَ الْعَامُ الَّذِي قُبِضَ فِيْهِ اعْتَكَفَ عِشْرِيْنَ يَوْمًا۔

ابو صالح سے روایت ہے کہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہر رمضان میں دس روز اعتکاف فرمایا کرتے تھے۔ جب وہ سال آیا جس میں آپ کا وصال ہوا تو بیس روز اعتکاف فرمایا۔

بَابُ ۲۵۶ الْمُعْتَكِفُ يَدْخُلُ الْبَيْتَ لِحَاجَتِهِ۔

معتکف کا قضائے حاجت کیلئے گھر میں داخل ہونا

۷۹۵۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ عَنْ مَالِكٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عُمْرَةَ بِنْتِ

عمرہ بنت عبدالرحمٰن سے روایت ہے کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا۔ رسول اللہ صلی اللہ

www.sirat-e-mustaqeem.com

عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا اعْتَكَفَ يُدْنِي إِلَيَّ رَأْسَهُ فَأُرَجِّلُهُ وَكَانَ لَا يَدْخُلُ الْبَيْتَ إِلَّا لِحَاجَةِ الْإِنْسَانِ۔

تعالیٰ علیہ وسلم جب اعتکاف میں ہوتے تو سرِ مبارک کو میرے نزدیک کر دیتے تو میں کنگھی کر دیا کرتی اور آپ کاشانۂ اقدس میں تشریف نہ لاتے مگر انسانی قضائے حاجت کے لیے۔

۶۹۶۔ حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ قَالَا نَا اللَّيْثُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عُرْوَةَ وَعَمْرَةَ عَنْ عَائِشَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهُ قَالَ أَبُوْ دَاؤُدَ وَكَذٰلِكَ رَوَاهُ يُوْنُسُ عَنِ الزُّهْرِيِّ وَلَمْ يُتَابِعْ أَحَدٌ مَالِكًا عَلٰى عُرْوَةَ عَنْ عَمْرَةَ وَرَوَاهُ مَعْمَرٌ وَزِيَادُ بْنُ سَعْدٍ وَغَيْرُهُمَا عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ۔

عروہ اور عمرہ نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کی کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اسی طرح فرمایا۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ اسی طرح روایت کیا ہے اسے یونس نے زہری سے، اور مالک نے جو عروہ کا عمرہ سے روایت کرنا نقل کیا تو ان کی کسی نے متابعت نہیں کی اور روایت کیا اسے معمر اور زیاد بن سعد وغیرہ نے زہری، عروہ، حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے۔

۶۹۷۔ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ وَمُسَدَّدٌ قَالَا نَا حَمَّادٌ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ أَبِيْهِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَكُوْنُ مُعْتَكِفًا فِي الْمَسْجِدِ فَيُنَاوِلُنِيْ رَأْسَهُ مِنْ خَلَلِ الْحُجْرَةِ فَأَغْسِلُ رَأْسَهُ وَقَالَ مُسَدَّدٌ فَأُرَجِّلُهُ وَأَنَا حَائِضٌ۔

ہشام بن عروہ نے اپنے والد ماجد سے روایت کی کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مسجد میں معتکف تھے تو حجرے کی کھڑکیوں سے اپنے سرِ مبارک کو میرے نزدیک کر دیتے تو میں آپ کے سرِ اقدس کو دھو دیا کرتی۔ مسدد کا بیان ہے کہ میں اُس میں کنگھی بھی کر دیتی حالانکہ حائضہ ہوتی۔

۶۹۸۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ شَبُّوَيْهِ الْمَرْوَزِيُّ نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ أَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عَلِيِّ بْنِ حُسَيْنٍ عَنْ صَفِيَّةَ قَالَتْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُعْتَكِفًا فَأَتَيْتُهُ أَزُوْرُهُ لَيْلًا فَحَدَّثْتُهُ ثُمَّ قُمْتُ فَانْقَلَبْتُ فَقَامَ مَعِيْ لِيَقْلِبَنِيْ وَكَانَ مَسْكَنُهَا فِي دَارِ أُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ فَمَرَّ رَجُلَانِ مِنَ الْأَنْصَارِ فَلَمَّا رَأَيَا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَسْرَعَا فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى رِسْلِكُمَا إِنَّهَا صَفِيَّةُ بِنْتُ حُيَيٍّ قَالَا سُبْحَانَ اللّٰهِ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ إِنَّ الشَّيْطٰنَ يَجْرِيْ مِنَ الْإِنْسَانِ مَجْرَى الدَّمِ فَخَشِيْتُ أَنْ يَقْذِفَ فِيْ قُلُوْبِكُمَا شَيْئًا أَوْ قَالَ شَرًّا۔

علی بن حسین سے روایت ہے کہ حضرت صفیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا: رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم معتکف تھے تو میں رات کے وقت آپ کی خدمت کے لیے حاضر ہوئی اور آپ سے باتیں کرتی رہی۔ پھر واپس جانے کے لیے کھڑی ہوئی تو مجھے پہنچانے کے لیے آپ بھی میرے ساتھ کھڑے ہو گئے اور ان کی رہائش حضرت اسامہ بن زید کے مکان میں تھی۔ پس دو انصاری گزرے۔ جب اُنہوں نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو دیکھا تو تیز چلنے لگے۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اُن سے فرمایا۔ ذرا ٹھہرو، یہ صفیہ بنت حیی ہیں۔ دونوں عرض گزار ہوئے سبحان اللہ یا رسول اللہ! فرمایا کہ شیطان انسان کے اندر خون کی طرح دوڑتا ہے لہٰذا مجھے خوف ہوا کہ تمہارے دلوں میں

ف۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے انصار کے دونوں آدمیوں سے ایسا فرما کر ہمیں سبق دیا ہے کہ بعض مواقع پر بڑے سے بڑے آدمی کے متعلق لوگوں کے ذہنوں میں شکوک و شبہات پیدا ہو سکتے ہیں۔ لہٰذا تم اس خیال میں نہ رہنا کہ مجھے ہر کوئی پارسا سمجھے گا بلکہ ایسے مواقع سے پرہیز کرے جن کے باعث لوگوں کے ذہنوں میں غلط فہمی پیدا ہو سکے۔ اگر کوئی ایسا موقع آ گیا جس سے کسی کو بدگمانی لاحق ہونے کا خدشہ ہو تو اس کی وضاحت کر دے تاکہ دوسرا اس سے بدظن اور بدگمان ہو کر ہلاکت میں نہ پڑے کیونکہ شیطان ایسے مواقع کو ہاتھ سے نہیں جانے دیتا اور ایڑی چوٹی کا زور لگا کر ایسا گل کھلا دیتا ہے جس کی طرف انسان کے وہم و گمان کا بھی گزر نہیں ہوتا۔ واللہ تعالیٰ اعلم

٦٩٩۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ فَارِسٍ نَا أَبُو الْيَمَانِ نَا شُعَيْبٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ بِإِسْنَادِهِ بِهٰذَا قَالَتْ حَتّٰى إِذَا كَانَ عِنْدَ بَابِ الْمَسْجِدِ الَّذِي عِنْدَ بَابِ أُمِّ سَلَمَةَ مَرَّ بِهِمَا رَجُلَانِ وَسَاقَ مَعْنَاهُ۔

شعیب نے زہری سے اسے اپنی اسناد کے ساتھ روایت کیا۔ اور فرمایا (حضرت صفیہ نے) جب مسجد کے دروازے پر تھے جو حضرت ام سلمہ کے دروازے کے پاس ہے تو دو آدمی گزرے۔ باقی حدیث معناً اسی طرح بیان کی۔

بَابُ الْمُعْتَكِفِ يَعُودُ الْمَرِيضَ۔

معتکف کو مریض کی عیادت کرنا

٧٠٠۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ النُّفَيْلِيُّ وَمُحَمَّدُ بْنُ عِيسٰى قَالَا نَا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ حَرْبٍ أَنَا اللَّيْثُ بْنُ أَبِي سُلَيْمٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْقَاسِمِ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَ النُّفَيْلِيُّ قَالَتْ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَمُرُّ بِالْمَرِيضِ وَهُوَ مُعْتَكِفٌ فَيَمُرُّ كَمَا هُوَ وَلَا يُعَرِّجُ يَسْأَلُ عَنْهُ وَقَالَ ابْنُ عِيسٰى قَالَتْ إِنْ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَعُودُ الْمَرِيضَ وَهُوَ مُعْتَكِفٌ۔

عبداللہ بن محمد النفیلی اور محمد بن عیسیٰ، عبدالسلام بن حرب، لیث بن ابو سلیم، عبدالرحمٰن بن قاسم، قاسم بن محمد حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کسی مریض کے پاس سے اعتکاف کی حالت میں گزرتے تو بغیر ٹھہرے حسب معمول گزرتے جاتے اور اس کا حال پوچھ لیتے۔ ابن عیسیٰ کا بیان ہے کہ حضرت صدیقہ نے فرمایا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اعتکاف کی حالت میں مریض کی مزاج پرسی فرما لیا کرتے تھے۔

٧٠١۔ حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ أَنَا خَالِدٌ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ يَعْنِي ابْنَ إِسْحٰقَ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ أَنَّهَا قَالَتِ السُّنَّةُ عَلَى الْمُعْتَكِفِ أَنْ لَا يَعُودَ مَرِيضًا وَلَا يَشْهَدَ جَنَازَةً وَلَا يَمَسَّ امْرَأَةً وَلَا يُبَاشِرَهَا وَلَا يَخْرُجَ لِحَاجَةٍ إِلَّا لِمَا لَا بُدَّ مِنْهُ وَلَا اعْتِكَافَ إِلَّا بِصَوْمٍ وَلَا اعْتِكَافَ إِلَّا فِي مَسْجِدٍ جَامِعٍ قَالَ أَبُو دَاوُدَ غَيْرُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ إِسْحٰقَ لَا يَقُولُ فِيهِ قَالَتِ السُّنَّةُ قَالَ أَبُو دَاوُدَ جَعَلَهُ قَوْلَ عَائِشَةَ۔

زہری نے عروہ سے روایت کی ہے کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا۔ معتکف کے لیے سنت ہے کہ مریض کی عیادت نہ کرے، جنازے کے ساتھ شامل نہ ہو، عورت کو ہاتھ نہ لگائے اور نہ اس سے مباشرت کرے اور کسی حاجت کے لیے باہر نہ نکلے مگر جس کے بغیر چارہ نہ ہو اور اعتکاف نہیں مگر روزے کے ساتھ اور اعتکاف نہیں مگر جامع مسجد میں امام ابوداؤد نے فرمایا کہ حضرت صدیقہ کے سنت فرمانے کو عبدالرحمٰن بن اسحاق کے سوا کوئی نہیں کہتا۔ امام ابوداؤد

٧٠٢۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ نَا أَبُو دَاوُدَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بُدَيْلٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ جَعَلَ عَلَيْهِ أَنْ يَعْتَكِفَ فِي الْجَاهِلِيَّةِ لَيْلَةً أَوْ يَوْمًا عِنْدَ الْكَعْبَةِ فَسَأَلَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اعْتَكِفْ وَصُمْ۔

عمرو بن دینار نے حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے دورِ جاہلیت میں ایک رات یا ایک دن خانۂ کعبہ کے پاس اعتکاف کرنے کی نذر مانی تھی۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے دریافت کیا تو آپ نے فرمایا: اعتکاف کرو اور روزہ رکھو۔

٧٠٣۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ أَبَانَ بْنِ صَالِحٍ الْقُرَشِيُّ نَا عَمْرُو بْنُ مُحَمَّدٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُدَيْلٍ بِإِسْنَادِهِ نَحْوَهُ قَالَ فَبَيْنَمَا هُوَ مُعْتَكِفٌ إِذْ كَبَّرَ النَّاسُ فَقَالَ مَا هٰذَا يَا عَبْدَ اللّٰهِ قَالَ سَبْيُ هَوَازِنَ أَعْتَقَهُمْ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ وَتِلْكَ الْجَارِيَةُ فَأَرْسَلَهَا مَعَهُمْ۔

عمرو بن محمد نے عبد اللہ بن بدیل سے اپنی اسناد کے ساتھ اسی طرح روایت کرتے ہوئے کہا۔ اسی دوران کہ وہ (حضرت عمر) اعتکاف میں تھے کہ لوگوں نے تکبیر کہی۔ فرمایا اے عبد اللہ! یہ کیا ہے؟ عرض گزار ہوئے کہ ہوازن کے قیدیوں کو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے آزاد فرما دیا ہے۔ فرمایا تو اس لونڈی کو بھی ان کے ساتھ روانہ کر دو۔

بَابٌ ٢٥٥ الْمُسْتَحَاضَةُ تَعْتَكِفُ۔

مستحاضہ اعتکاف کر سکتی ہے

٧٠٤۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِيسَى وَقُتَيْبَةُ قَالَا نَا يَزِيدُ عَنْ خَالِدٍ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتِ اعْتَكَفَتْ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ امْرَأَةٌ مِنْ أَزْوَاجِهِ فَكَانَتْ تَرَى الصُّفْرَةَ وَالْحُمْرَةَ فَرُبَّمَا وَضَعْنَا الطَّسْتَ تَحْتَهَا وَهِيَ تُصَلِّي۔ آخِرُ كِتَابِ الصِّيَامِ وَالِاعْتِكَافِ۔

عکرمہ سے روایت ہے کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ آپ کی ازواجِ مطہرات میں سے ایک نے اعتکاف کیا۔ پس وہ زردی اور سرخی دیکھتیں۔ چنانچہ کبھی ہم ان کے نیچے طشت رکھ دیتے اور وہ نماز پڑھا کرتیں۔ روزوں اور اعتکاف کا بیان ختم ہوا۔

www.sirat-e-mustaqeem.com

أَوَّلُ كِتَابِ الْجِهَادِ

جہاد کا بیان

بَابٌ ۲۵ مَا جَاءَ فِي الْهِجْرَةِ

ہجرت کا بیان

۷۰۵- حَدَّثَنَا مُؤَمَّلُ بْنُ الْفَضْلِ نَا أَبُو الْوَلِيدِ يَعْنِي ابْنَ مُسْلِمٍ عَنِ الْأَوْزَاعِيِّ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَزِيدَ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ أَنَّ أَعْرَابِيًّا سَأَلَ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْهِجْرَةِ فَقَالَ وَيْحَكَ إِنَّ شَأْنَ الْهِجْرَةِ شَدِيدٌ فَهَلْ لَكَ مِنْ إِبِلٍ قَالَ نَعَمْ قَالَ فَهَلْ تُؤَدِّي صَدَقَتَهَا قَالَ نَعَمْ قَالَ فَاعْمَلْ مِنْ وَرَاءِ الْبِحَارِ فَإِنَّ اللَّهَ لَنْ يَتِرَكَ مِنْ عَمَلِكَ شَيْئًا۔

عطاء بن یزید نے حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ ایک اعرابی نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے ہجرت کے متعلق دریافت کیا تو آپ نے فرمایا تم پر افسوس! ہجرت بڑا کٹھن مرحلہ ہے۔ کیا تمہارے پاس اونٹ ہیں؟ عرض کی، ہاں۔ فرمایا کیا ان کی زکوٰۃ ادا کرتے ہو؟ عرض گزار ہوا کہ ہاں۔ فرمایا کہ دریا کے دوسری طرف عمل کرتے رہو تمہارے اعمال میں کچھ بھی کمی نہیں آئے گی۔

ف۔ جہاں اپنے دین و ایمان کو بچانے کی خاطر ایک ملک کو چھوڑ کر دوسرے ملک میں چلے جانا بڑا درجہ رکھتا ہے وہاں لوگوں سے کنارا کش ہو کر اپنے فرائض و واجبات کو ادا کرنا اور لوگوں کو اپنی برائی سے محفوظ رکھنا بھی کارِ ثواب ہے کہ لوگ اس کی سعرت سے بچے رہیں۔ لیکن مدِ نظر رہے کہ یہ رخصت و اجازت ہے جب کہ اگر کوئی مردِ میداں ہو تو عزیمت اور مردانگی یہی ہے کہ لوگوں میں رہے اور ہمتِ مردانہ سے اصلاحِ احوال کی کوشش کرے کہ لوگ اس کی اصلاح و تبلیغ سے مستفید و مستفیض ہوں۔ خیر کو پھیلانے اور شر کو مٹانے کی معاشرے میں ایک لہر دوڑ جاتی ہے یہ مردانگی اور دانشمندی کے بغیر نہیں ہو سکتا جب کہ آج کل تو بڑے دانشور، راہنما اور مصلح کہلانے والے دانشمندی، راہنمائی، اور اصلاح کا جنازہ اپنے ہاتھوں نکال کر اصلاح و تبلیغ کے پردے میں پوری شدت سے فی سبیل اللہ فساد میں کوشاں رہتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو اپنی اپنی ذمہ داری پہچاننے اور اس سے عہدہ برآ ہونے کی توفیق عطا فرمائے، آمین۔

۷۰۶- حَدَّثَنَا عُثْمَانُ وَأَبُو بَكْرٍ ابْنَا أَبِي شَيْبَةَ قَالَا نَا شَرِيكٌ عَنِ الْمِقْدَامِ بْنِ شُرَيْحٍ عَنْ أَبِيهِ قَالَ سَأَلْتُ عَائِشَةَ عَنِ الْبَدَاوَةِ فَقَالَتْ كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَبْدُو إِلَى هَذِهِ التِّلَاعِ وَأَنَّهُ أَرَادَ الْبَدَاوَةَ مَرَّةً فَأَرْسَلَ إِلَيَّ نَاقَةً مُحَرَّمَةً مِنْ إِبِلِ الصَّدَقَةِ فَقَالَ يَا عَائِشَةُ ارْفُقِي فَإِنَّ الرِّفْقَ لَمْ يَكُنْ فِي شَيْءٍ قَطُّ إِلَّا زَانَهُ وَلَا نُزِعَ مِنْ شَيْءٍ قَطُّ إِلَّا شَانَهُ۔

مقدام بن شریح کے والد ماجد نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے جنگل میں رہنے کے متعلق پوچھا تو انہوں نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پہاڑی ڈھلان کی طرف جایا کرتے تھے اور ایک دفعہ آپ نے جنگل کو جانے کا ارادہ کیا تو زکوٰۃ کے اونٹوں سے ایک بغیر سدھایا ہوا اونٹ میرے لیے بھیج کر فرمایا۔ اے عائشہ! نرمی کرنا کیونکہ نرمی سے کام بن جاتا ہے اور جو نرمی کا دامن جھٹک دے تو بات بگڑ جاتی ہے۔

بَابٌ ۲۶ فِي الْهِجْرَةِ هَلِ انْقَطَعَتْ۔

کیا ہجرت ختم ہو گئی ہے

۷۰۷- حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُوسَى الرَّازِيُّ

ابراہیم بن موسیٰ رازی، عیسیٰ، حریز، عبدالرحمٰن بن ابو عوف،

www.sirat-e-mustaqeem.com

أَنَا عِيسَى عَنْ حَرِيزٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ أَبِي عَوْفٍ عَنْ أَبِي هِنْدٍ عَنْ مُعَاوِيَةَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ لَا تَنْقَطِعُ الْهِجْرَةُ حَتّٰى تَنْقَطِعَ التَّوْبَةُ وَلَا تَنْقَطِعُ التَّوْبَةُ حَتّٰى تَطْلُعَ الشَّمْسُ مِنْ مَغْرِبِهَا۔

ابوہند، حضرت معاویہ کا بیان ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا۔ ہجرت ختم نہیں ہوگی یہاں تک کہ توبہ ختم ہو جائے اور توبہ ختم نہیں ہوگی یہاں تک کہ سورج مغرب سے طلوع کرے۔

۷۰۸ ۔ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ ابْنُ أَبِي شَيْبَةَ نَا جَرِيرٌ عَنْ مَنْصُورٍ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنْ طَاوُسٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ الْفَتْحِ فَتْحِ مَكَّةَ لَا هِجْرَةَ وَلٰكِنْ جِهَادٌ وَنِيَّةٌ وَإِذَا اسْتُنْفِرْتُمْ فَانْفِرُوا۔

طاؤس نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا فتح کا روز وہ ہے جب مکہ مکرمہ فتح ہوا۔ اب ہجرت نہیں رہی لیکن جہاد اور اچھی نیت ہے اور جب تم سے نکلنے کے لیے کہا جائے تو نکل آیا کرو۔

۷۰۹ ۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا يَحْيٰى عَنْ إِسْمٰعِيلَ ابْنِ أَبِي خَالِدٍ نَا عَامِرٌ قَالَ أَتٰى رَجُلٌ عَبْدَ اللهِ ابْنَ عَمْرٍو وَعِنْدَهُ الْقَوْمُ حَتّٰى جَلَسَ عِنْدَهُ فَقَالَ أَخْبِرْنِي بِشَيْءٍ سَمِعْتَهُ مِنْ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ الْمُسْلِمُ مَنْ سَلِمَ الْمُسْلِمُونَ مِنْ لِسَانِهِ وَيَدِهِ وَالْمُهَاجِرُ مَنْ هَجَرَ مَا نَهَى اللهُ عَنْهُ۔

عامر کا بیان ہے کہ ایک آدمی حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خدمت میں آیا۔ ان کے پاس کافی لوگ تھے تو وہ بھی بیٹھ گیا۔ عرض گزار ہوا کہ مجھے کوئی ایسی چیز بتایئے جو آپ نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے سنی ہو۔ فرمایا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ مسلمان وہ ہے جس کی زبان اور ہاتھ سے دوسرے مسلمان سلامت رہیں اور مہاجر وہ ہے جو ان کاموں کو چھوڑ دے جن سے اللہ تعالیٰ نے منع فرمایا ہے۔

ف۔ اپنے دین و ایمان کو بچانے کی خاطر اپنے ملک کو چھوڑ کر دوسرے ملک میں جانے والا مہاجر ہے اور اس پر اللہ تعالیٰ اُسے بہت اجر دے گا۔ لیکن ہجرت یہی نہیں ہے بلکہ گناہ کے کاموں کو چھوڑ دینا اور دوسروں کو تنگ کرنے سے باز رہنا بھی ہجرت ہے اور ایسا کرنے والا بھی مہاجر کی طرح بڑے اجر کا مستحق ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم

بَابٌ ۲۶ فِي سُكْنَى الشَّامِ۔

شام کی سکونت

۷۱۰ ۔ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللهِ بْنُ عُمَرَ نَا مُعَاذُ ابْنُ هِشَامٍ حَدَّثَنِي أَبِي عَنْ قَتَادَةَ عَنْ شَهْرِ بْنِ حَوْشَبٍ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ سَتَكُونُ هِجْرَةٌ بَعْدَ هِجْرَةٍ فَخِيَارُ أَهْلِ الْأَرْضِ أَلْزَمُهُمْ مُهَاجَرَ إِبْرَاهِيمَ وَيَبْقٰى فِي الْأَرْضِ شِرَارُ أَهْلِهَا

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ ہجرت کے بعد عنقریب پھر ہجرت ہوگی۔ پس زمین پر بسنے والوں میں بہتر وہ ہوں گے جو حضرت ابراہیم کی جائے ہجرت کو اختیار کریں گے اور زمین پر وہ لوگ رہ جائیں گے جو دنیا کے گئے گزرے ہوں گے زمین انہیں الٹ پلٹ دے گی، اللہ تعالیٰ

تَلْفِظُهُمْ اَرْضُوْهُمْ تَقْذَرُهُمْ نَفْسُ اللّٰهِ وَتَحْشُرُهُمُ النَّارُ مَعَ الْقِرَدَةِ وَالْخَنَازِيْرِ۔

انہیں بروں میں شمار کرے گا اور آگ ان کا حشر بندروں اور خنزیروں جیسا کرے گی۔

۷۱۱۔ حَدَّثَنَا حَيْوَةُ بْنُ شُرَيْحٍ الْحَضْرَمِيُّ نَا بَقِيَّةُ حَدَّثَنِي بَحِيْرٌ عَنْ خَالِدٍ يَعْنِي ابْنَ مَعْدَانَ عَنِ ابْنِ اَبِي قُتَيْلَةَ عَنِ ابْنِ حَوَالَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَيَصِيْرُ الْاَمْرُ اِلٰى اَنْ تَكُوْنُوْا جُنُوْدًا مُجَنَّدَةً جُنْدٌ بِالشَّامِ وَجُنْدٌ بِالْيَمَنِ وَجُنْدٌ بِالْعِرَاقِ قَالَ ابْنُ حَوَالَةَ خِرْ لِي يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنْ اَدْرَكْتُ ذٰلِكَ فَقَالَ عَلَيْكَ بِالشَّامِ فَاِنَّهَا خِيَرَةُ اللّٰهِ مِنْ اَرْضِهٖ يَجْتَبِيْ اِلَيْهَا خِيَرَتَهٗ مِنْ عِبَادِهٖ فَاَمَّا اِذَا اَبَيْتُمْ فَعَلَيْكُمْ بِيَمَنِكُمْ وَاسْقُوْا مِنْ غُدُرِكُمْ فَاِنَّ اللّٰهَ تَوَكَّلَ لِيْ بِالشَّامِ وَاَهْلِهٖ۔

ابن ابی قتیلہ نے حضرت ابن حوالہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ عنقریب یہ صورتِ حالات آئے گی کہ تمہارے مختلف لشکر ہو جائیں گے۔ ایک شام کا لشکر، ایک یمن کا لشکر اور ایک عراق کا لشکر۔ حضرت ابن حوالہ عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ! میں یہ صورت پاؤں تو کس کو اختیار کروں؟ فرمایا کہ شام والوں کے ساتھ رہنا کیونکہ وہ اللہ کی زمین میں بہتر ہوں گے اور اللہ تعالیٰ اپنے نیک بندوں کو اس میں جمع کر دے گا اگر تمہیں اس سے انکار ہو تو یمن والوں کے ساتھ رہنا اور اپنے حوضوں سے پانی پلانا اور اللہ تعالیٰ نے شام اور اس کے رہنے والوں کا ذمہ لیا ہے۔

بَابٌ ۲۶۲ فِيْ دَوَامِ الْجِهَادِ۔

جہاد کا حکم دائمی ہے

۷۱۲۔ حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ اِسْمٰعِيْلَ نَا حَمَّادٌ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ مُطَرِّفٍ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَزَالُ طَائِفَةٌ مِّنْ اُمَّتِيْ يُقَاتِلُوْنَ عَلَى الْحَقِّ ظَاهِرِيْنَ عَلٰى مَنْ نَاوَاهُمْ حَتّٰى يُقَاتِلَ اٰخِرُهُمُ الْمَسِيْحَ الدَّجَّالَ۔

مطرف نے حضرت عمران بن حصین رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ میری امت کا ایک گروہ حق کی خاطر ہمیشہ اپنے مخالفوں سے لڑتا رہے گا اور غالب رہے گا یہاں تک کہ ان کا آخری گروہ دجال سے لڑے گا۔

ف: اس فرمانِ رسالت کے مطابق امتِ محمدیہ کا ایک گروہ ہمیشہ حق پر قائم رہے گا جو دین و ایمان کے دشمنوں سے ہمیشہ برسرِ پیکار رہے گا۔ خواہ وہ دشمنانِ دین غیر مسلموں کے رنگ میں ہوں یا مسلمانوں کی شکل میں۔ دونوں قسم کے دشمنوں سے نبرد آزما ہوتا رہے گا۔ شیطان بیرونی طاقت ہے اور نفس اندرونی۔ اسی طرح غیر مسلم دین کے بیرونی دشمن ہیں اور بعض مسلم نما غیر مسلم اندرونی دشمن ہیں۔ ان دونوں قسم کے دشمنوں سے فعلی، قولی، مالی اور لسانی ہر طرح جہاد کیا جاتا ہے اور اسلام کے بدترین دشمن وہ ہیں جو مسلمان بن کر مقدس شجرِ اسلام میں غیر اسلامی عقائد و نظریات کی قلمیں لگا کر بے خبر مسلمانوں کی متاعِ ایمانی پر ڈاکہ ڈالتے ہیں۔ مسلمانوں کو ایسے گندم نما جو فروش رہنماؤں کے شر سے بچانا افضل ترین جہاد اور بہت بڑی مردانگی ہے۔ واللہ تعالیٰ

بَابٌ ۲۶۳ فِيْ ثَوَابِ الْجِهَادِ۔

جہاد کے ثواب کا بیان

۷۱۳۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيْدِ الطَّيَالِسِيُّ نَا سُلَيْمَانُ بْنُ كَثِيْرٍ نَا الزُّهْرِيُّ عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَزِيْدَ

عطاء بن یزید نے حضرت ابو سعید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے

عن أبي سعيد عن النبي صلى الله عليه وسلم أنه سئل أي المؤمنين أكمل إيمانا فقال رجل يجاهد في سبيل الله بنفسه وماله ورجل يعبد الله في شعب من الشعاب قد كفى الناس شره.

پوچھا گیا۔ کون سے مؤمن کا ایمان زیادہ مکمل ہوتا ہے؟ فرمایا کہ جو اپنی جان اور اپنے مال کے ساتھ اللہ کی راہ میں جہاد کرتا ہے اور اس آدمی کا جو کسی گھاٹی میں رہ کر اللہ کی عبادت کرے اور لوگوں کو اس سے کوئی برائی نہ پہنچے۔

باب ۲۶۴ النهي عن السياحة.

سیاحت کی ممانعت

۷۱۴۔ حدثنا محمد بن عثمان التنوخي نا الهيثم بن حميد أخبرني العلاء بن الحارث عن القاسم بن أبي عبد الرحمن عن أبي أمامة أن رجلا قال يا رسول الله ائذن لي بالسياحة قال النبي صلى الله عليه وسلم إن سياحة أمتي الجهاد في سبيل الله عز وجل.

محمد بن عثمان تنوخی، ہثیم بن حمید، علاء بن الحارث، قاسم بن ابو عبد الرحمٰن نے حضرت ابو امامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ ایک آدمی عرض گزار ہوا کہ۔ یا رسول اللہ! مجھے سیاحت کی اجازت مرحمت فرمایئے۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ میری امت کی سیاحت اللہ تعالیٰ کے راستے میں جہاد کرنا ہے۔

باب ۲۶۵ في فضل القفل من الغزو.

جہاد سے لوٹنے کی فضیلت

۷۱۵۔ حدثنا محمد بن المصفى نا علي بن عياش عن الليث بن سعد نا حيوة عن ابن شفي عن عبد الله هو ابن عمرو عن النبي صلى الله عليه وسلم قال قفلة كغزوة.

محمد بن مصفیٰ، علی بن عیاش، لیث بن سعد، حیاۃ، ابن شفی، حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جہاد سے لوٹنا پڑے تو یہ بھی جہاد کرنے کی طرح ہے۔

باب ۲۶۶ فضل قتال الروم على غيرهم من الأمم.

دیگر اقوام کے علاوہ رومیوں سے لڑنے کی فضیلت

۷۱۶۔ حدثنا عبد الرحمن بن سلام نا حجاج بن محمد عن فرج بن فضالة عن عبد الخبير بن ثابت بن قيس عن أبيه عن جده قال جاءت امرأة إلى النبي صلى الله عليه وسلم يقال لها أم خلاد وهي متنقبة تسأل عن ابنها وهو مقتول فقال لها بعض أصحاب النبي صلى الله عليه وسلم جئت تسألين عن ابنك وأنت متنقبة فقالت إن أرزأ ابني فلن أرزأ حيائي فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم ابنك له أجر شهيدين قالت ولم ذاك يا رسول الله قال

عبد الخبیر بن ثابت بن قیس کے والد ماجد سے ان کے والد محترم نے فرمایا۔ ایک عورت نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئی جس کو ام خلاد کہا جاتا ہے اور اس نے نقاب ڈالی ہوئی تھی۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بعض اصحاب نے اس سے کہا کہ تم اپنے بیٹے کے متعلق پوچھنے آئی ہو اور تم نے نقاب ڈالی ہوئی ہے۔ اس نے کہا کہ اگر میرا بیٹا جاتا رہا تو کیا ہوا، میری حیا تو نہیں گئی۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تمہارے بیٹے کے لیے دو شہیدوں کا ثواب ہے۔ عرض گزار ہوئی کہ یا رسول اللہ! کس وجہ سے؟ فرمایا کیونکہ اسے اہل کتاب نے شہید کیا ہے۔

لِأَنَّهُ قَتَلَهُ أَهْلُ الْكِتَابِ۔

بَابُ ۲۶ فِي رُكُوبِ الْبَحْرِ وَالْغَزْوِ۔

۱۷۔ حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ نَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ زَكَرِيَّا عَنْ مُطَرِّفٍ عَنْ بِشْرٍ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَنْ بَشِيرِ بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَرْكَبُ الْبَحْرَ إِلَّا حَاجٌّ أَوْ مُعْتَمِرٌ أَوْ غَازٍ فِي سَبِيلِ اللَّهِ فَإِنَّ تَحْتَ الْبَحْرِ نَارًا وَتَحْتَ النَّارِ بَحْرًا۔

۱۸۔ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ الْعَتَكِيُّ نَا حَمَّادٌ يَعْنِي ابْنَ زَيْدٍ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى بْنِ حَبَّانَ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ حَدَّثَتْنِي أُمُّ حَرَامٍ بِنْتُ مِلْحَانَ أُخْتُ أُمِّ سُلَيْمٍ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ عِنْدَهُمْ فَاسْتَيْقَظَ وَهُوَ يَضْحَكُ قَالَتْ فَقُلْتُ يَا رَسُولَ اللَّهِ مَا أَضْحَكَكَ قَالَ رَأَيْتُ قَوْمًا مِمَّنْ يَرْكَبُ ظَهْرَ هَذَا الْبَحْرِ كَالْمُلُوكِ عَلَى الْأَسِرَّةِ قَالَتْ قُلْتُ يَا رَسُولَ اللَّهِ ادْعُ اللَّهَ لِي أَنْ يَجْعَلَنِي مِنْهُمْ قَالَ فَإِنَّكِ مِنْهُمْ قَالَتْ ثُمَّ نَامَ فَاسْتَيْقَظَ وَهُوَ يَضْحَكُ قَالَتْ فَقُلْتُ يَا رَسُولَ اللَّهِ مَا أَضْحَكَكَ فَقَالَ مِثْلَ مَقَالَتِهِ قَالَتْ فَقُلْتُ يَا رَسُولَ اللَّهِ ادْعُ اللَّهَ أَنْ يَجْعَلَنِي مِنْهُمْ قَالَ أَنْتِ مِنَ الْأَوَّلِينَ قَالَ فَتَزَوَّجَهَا عُبَادَةُ بْنُ الصَّامِتِ فَغَزَا فِي الْبَحْرِ فَحَمَلَهَا مَعَهُ فَلَمَّا رَجَعَ قُرِّبَتْ لَهَا بَغْلَةٌ لِتَرْكَبَهَا فَصَرَعَتْهَا فَانْدَقَّتْ عُنُقُهَا فَمَاتَتْ۔

جہاد کے لیے بحری سفر

بشیر بن مسلم نے حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ نہیں سوار ہو کر سفر کرے گا کوئی سمندر کا مگر حج کرنے والا یا تجارت کرنے والا یا اللہ کی راہ میں جہاد کرنے والا کیونکہ سمندر کے نیچے گویا آگ (موت) ہے اور گویا سمندر آگ کے نیچے ہے۔

حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ مجھے حضرت ام حرام بنت ملحان نے بتایا جو بہن ہیں حضرت ام سلیم کی کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ان کے پاس ہنستے ہوئے بیدار ہوئے تو میں عرض گزار ہوئی کہ یا رسول اللہ آپ کو کس چیز نے ہنسایا؟ فرمایا کہ میں نے کچھ لوگوں کو دیکھا جو سمندر کی پیٹھ پر سوار ہیں جیسے بادشاہ تخت پر بیٹھتے ہیں۔ میں عرض گزار ہوئی کہ یا رسول اللہ! اللہ تعالیٰ سے دعا کیجیے کہ مجھے بھی ان میں شامل فرمالے۔ فرمایا تم ان میں شامل ہو۔ ان کا بیان ہے کہ آپ پھر سو گئے اور ہنستے ہوئے بیدار ہوئے میں عرض گزار ہوئی کہ یا رسول اللہ! آپ کو کس چیز نے ہنسایا؟ پس اسی طرح فرمایا۔ میں عرض گزار ہوئی کہ یا رسول اللہ! اللہ تعالیٰ سے دعا کیجیے کہ مجھے اس گروہ میں شامل فرمالے۔ فرمایا تم پہلے گروہ میں ہو۔ حضرت انس کا بیان ہے کہ ان سے حضرت عبادہ بن صامت نے نکاح کیا اور بحری جہاد کیا تو انہیں ساتھ لے گئے۔ لوٹتے ہوئے ان کے قریب خچر لایا گیا سوار ہونے کے لیے۔ یہ اس سے گر پڑیں اور گردن ٹوٹ جانے کے باعث وصال ہو گیا۔

ف۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا اپنی اُمت کے سمندری مجاہدوں کو خواب میں دیکھ کر بتانا اور حضرت ام حرام بنت ملحان رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا عرض کرنا۔ اُدْعُ اللّٰهَ لِي أَنْ يَجْعَلَنِي ۔ اللہ تعالیٰ سے دعا کیجیے کہ مجھے اُن میں شامل فرمالے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان سے یہ نہیں فرمایا کہ اچھا میں دعا کروں گا بلکہ فوراً ارشاد ہوا۔ إِنَّكِ مِنْهُمْ تم ان لوگوں میں شامل ہو۔ سبحان اللہ! یہ خلافتِ عظمیٰ کا اظہار ہے کہ پروردگارِ عالم نے اپنے خاص لطف و کرم سے اپنے محبوب کو خلیفۂ اعظم بنایا اور اپنی مملکت میں ماذون و مختار فرما لیا ہے۔ جب ان کے سامنے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنی امت

www.sirat-e-mustaqeem.com

www.sirat-e-mustaqeem.com

کے بحری مجاہدین کے دوسرے گروہ کا حال بیان فرمایا تو حضرت اُمِّ حرام پھر عرض گزار ہوئیں : یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اُدْعُ اللّٰہَ اَنْ یَّجْعَلَنِیْ مِنْھُمْ۔ یارسول اللہ! اللہ تعالیٰ سے دعا کیجئے کہ مجھے ان لوگوں میں شامل فرمالے۔ فرمانِ رسالت ہوا : اَنْتِ مِنَ الْاَوَّلِیْنَ۔ تم پہلے گروہ والوں سے ہو۔ سبحان اللہ! غور فرمایئے کہ ان کا پہلے گروہ میں شامل ہو جانا کیسے معلوم ہوا! بھلا ہم جیسے بے خبر لوگ اس کے سوا اور کیا کہہ سکتے ہیں :

فَاِنَّ مِنْ جُوْدِکَ الدُّنْیَا وَضَرَّتَھَا　　وَمِنْ عُلُوْمِکَ عِلْمَ اللَّوْحِ وَالْقَلَمِ

۷۱۹- حَدَّثَنَا الْقَعْنَبِیُّ عَنْ مَالِکٍ عَنْ اِسْحٰقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ اَبِیْ طَلْحَۃَ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِکٍ اَنَّہٗ سَمِعَہٗ یَقُوْلُ کَانَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِذَا ذَھَبَ اِلٰی قُبَاءٍ یَدْخُلُ عَلٰی اُمِّ حَرَامٍ بِنْتِ مِلْحَانَ وَکَانَتْ تَحْتَ عُبَادَۃَ بْنِ الصَّامِتِ فَدَخَلَ عَلَیْھَا یَوْمًا فَاَطْعَمَتْہُ وَجَلَسَتْ تَفْلِیْ رَاْسَہٗ وَسَاقَ ھٰذَا الْحَدِیْثَ۔

حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ جب آپ قباء تشریف لے جاتے تو حضرت اُمِّ حرام بنت ملحان کے پاس بھی جلوہ افروز ہوتے جو حضرت عبادہ بن صامت کے نکاح میں تھیں۔ ایک روز آپ ان کے پاس تشریف لے گئے تو انہوں نے آپ کو کھانا کھلایا اور سرِ اقدس کی صفائی کرنے بیٹھ گئیں آگے اسی طرح حدیث بیان کی۔

۷۲۰- حَدَّثَنَا یَحْیَی بْنُ مَعِیْنٍ نَا ھِشَامُ ابْنُ یُوْسُفَ عَنْ مَعْمَرٍ عَنْ زَیْدِ بْنِ اَسْلَمَ عَنْ عَطَاءِ ابْنِ یَسَارٍ عَنْ اُخْتِ اُمِّ سُلَیْمٍ الرُّمَیْصَاءِ قَالَتْ نَامَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَاسْتَیْقَظَ وَکَانَتْ تَغْسِلُ رَاْسَھَا فَاسْتَیْقَظَ وَھُوَ یَضْحَکُ فَقَالَتْ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اَتَضْحَکُ مِنْ رَاْسِیْ قَالَ لَا وَسَاقَ ھٰذَا الْخَبَرَ یَزِیْدُ وَیَنْقُصُ۔

عطاء بن یسار سے روایت ہے کہ حضرت اُمِّ سلیم کی بہن حضرت رمیصاء رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سو گئے۔ جب بیدار ہوئے تو وہ اپنا سر دھو رہی تھیں۔ دوبارہ بیدار ہوئے تو ہنستے ہوئے یہ عرض گزار ہوئیں کہ یارسول اللہ! کیا آپ میرے سر دھونے پر ہنستے ہیں؟ فرمایا نہیں اور آگے کمی بیشی کے ساتھ یہی واقعہ بیان کیا۔

۷۲۱- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَکَّارٍ الْعَیْشِیُّ نَا مَرْوَانُ ح وَنَا عَبْدُ الْوَھَّابِ بْنُ عَبْدِ الرَّحِیْمِ الْجُوْبَرِیُّ الدِّمَشْقِیُّ الْمَعْنٰی قَالَ نَا مَرْوَانُ نَا ھِلَالُ بْنُ مَیْمُوْنٍ الرَّمْلِیُّ عَنْ یَعْلَی بْنِ شَدَّادٍ عَنْ اُمِّ حَرَامٍ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ الْمَائِدُ فِی الْبَحْرِ الَّذِیْ یُصِیْبُہُ الْقَیْءُ لَہٗ اَجْرُ شَھِیْدٍ وَالْغَرِقُ لَہٗ اَجْرُ شَھِیْدَیْنِ۔

محمد بن بکار عیشی، مروان۔ عبد الوہاب بن عبد الرحیم جوبری دمشقی، مروان، ہلال بن میمون رملی، یعلی بن شداد سے حضرت اُمِّ حرام رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ سمندری سفر میں چکرانے والا وہ ہے جس کو قے آئے اور اس کے لیے شہید کے برابر ثواب ہے اور جو ڈوب جائے اس کے لیے دو شہیدوں کے برابر ثواب ہے۔

۷۲۲- حَدَّثَنَا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ عَتِیْقٍ نَا اَبُوْ مُسْھِرٍ نَا اِسْمٰعِیْلُ بْنُ عَبْدِ اللّٰہِ یَعْنِی ابْنَ سَمَاعَۃَ نَا الْاَوْزَاعِیُّ حَدَّثَنِیْ سُلَیْمَانُ بْنُ حَبِیْبٍ عَنْ

سلیمان بن حبیب نے حضرت ابو امامہ باہلی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ تین شخص ایسے ہیں جن کا ضامن خود اللہ تعالیٰ

عَنْ أَبِي أُمَامَةَ الْبَاهِلِيِّ، عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ثَلَاثَةٌ كُلُّهُمْ ضَامِنٌ عَلَى اللَّهِ عَزَّ وَجَلَّ، رَجُلٌ خَرَجَ غَازِيًا فِي سَبِيلِ اللَّهِ فَهُوَ ضَامِنٌ عَلَى اللَّهِ حَتَّى يَتَوَفَّاهُ فَيُدْخِلَهُ الْجَنَّةَ أَوْ يَرُدَّهُ بِمَا نَالَ مِنْ أَجْرٍ وَغَنِيمَةٍ، وَرَجُلٌ رَاحَ إِلَى الْمَسْجِدِ فَهُوَ ضَامِنٌ عَلَى اللَّهِ حَتَّى يَتَوَفَّاهُ فَيُدْخِلَهُ الْجَنَّةَ أَوْ يَرُدَّهُ بِمَا نَالَ مِنْ أَجْرٍ وَغَنِيمَةٍ، وَرَجُلٌ دَخَلَ بَيْتَهُ بِسَلَامٍ فَهُوَ ضَامِنٌ عَلَى اللَّهِ عَزَّ وَجَلَّ۔

ہے۔ ایک وہ آدمی جو اللہ کی راہ میں جہاد کرنے نکلا تو اس کی ضمانت اللہ تعالیٰ پر ہے یہاں تک کہ اسے موت دے تو جنت میں داخل کرے یا ثواب اور مال غنیمت کے ساتھ اسے واپس لوٹائے دوسرا وہ آدمی جو مسجد کی طرف گیا تو اس کا ضامن اللہ تعالیٰ ہے یہاں تک کہ اسے وفات دے تو جنت میں داخل کرے ورنہ اجر اور غنیمت دے کر واپس لوٹائے تیسرا وہ آدمی ہے کہ اپنے گھر میں داخل ہوا تو اس نے سلام کیا۔ اس کا ضامن بھی اللہ تعالیٰ ہے۔

ف۔ حدیث پاک کے مطابق ان تینوں کاموں کا کرنے والا اللہ تعالیٰ کی حفاظت میں رہتا ہے یعنی مجاہد اپنے گھر واپس لوٹ آنے تک۔ جب کہ موجودہ دور کے مسلمان اعلائے کلمۃ الحق کی خاطر جہاد کو سرے سے خیر باد کہہ چکے اور صرف ملک کی خاطر لڑنا یا خانہ جنگی باقی رہ گئی۔ دوسرے مسجد کی طرف جانے والا جب مسلمان کہلانے والوں کی اکثریت یہ راستہ بھی بھول چکی ہے تیسرے وہ شخص جو گھر میں آئے تو السلام علیکم کہے۔ اتنے آسان کام کو کر کے بھی اگر ہم اللہ تعالیٰ کی حفظ و امان حاصل کرنے کی کوشش نہ کریں تو ہمیں اپنی دانشمندی کا ماتم ہی کرنا چاہیے۔ واللہ تعالیٰ اعلم

www.sirat-e-mustaqeem.com

پارہ —— ۱۶

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے

بَابٌ ۲۶۸ فِي فَضْلِ مَنْ قَتَلَ كَافِرًا۔

۷۳۳۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الصَّبَّاحِ الْبَزَّازُ نَا إِسْمٰعِيلُ يَعْنِي ابْنَ جَعْفَرٍ عَنِ الْعَلَاءِ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يَجْتَمِعُ فِي النَّارِ كَافِرٌ وَقَاتِلُهُ أَبَدًا۔

کافر کو قتل کرنے کی فضیلت

محمد بن صباح بزار، اسمٰعیل ابن جعفر، علاء، اُن کے والد ماجد نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: کافر اور اس کا قتل کرنے والا کبھی جہنم میں اکٹھے نہیں ہوں گے۔

ف۔ کافر نے دوزخ میں ضرور جانا ہے لہٰذا اُسے قتل کرنے والے مسلمان کو اللہ تعالیٰ جہنم میں نہیں بھیجے گا بلکہ ایسے مجاہدین کو جنت میں داخل کرے گا۔ مجاہدین کو دوسرے لوگوں پر یہ فضیلت حاصل ہوتی ہے کہ جہاد کے صلے میں جنت اور علیٰ قدرِ مراتب اُس کے درجات حاصل ہوتے ہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم

بَابٌ ۲۶۹ فِي حُرْمَةِ نِسَاءِ الْمُجَاهِدِينَ۔

۷۳۴۔ حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ نَا سُفْيَانُ عَنْ قَعْنَبٍ عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ عَنْ ابْنِ بُرَيْدَةَ عَنْ أَبِيهِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حُرْمَةُ نِسَاءِ الْمُجَاهِدِينَ عَلَى الْقَاعِدِينَ كَحُرْمَةِ أُمَّهَاتِهِمْ وَمَا مِنْ رَجُلٍ مِنَ الْقَاعِدِينَ يَخْلُفُ رَجُلًا مِنَ الْمُجَاهِدِينَ فِي أَهْلِهِ إِلَّا نُصِبَ لَهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فَقِيلَ قَدْ خَلَفَكَ هٰذَا فِي أَهْلِكَ فَخُذْ مِنْ حَسَنَاتِهِ مَا شِئْتَ فَالْتَفَتَ إِلَيْنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ مَا ظَنُّكُمْ۔

مجاہدین کی بیویوں کا احترام

ابو بریدہ نے اپنے والدِ محترم سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: مجاہدین کی بیویوں کی عزت خانہ نشینوں پر اس طرح ہے جیسے اُن کی ماؤں کی اور خانہ نشینوں میں سے جو مجاہدین کی بیویوں کے ساتھ خلافِ توقع کام کرے گا تو قیامت کے روز اُسے کھڑا کر کے مجاہد سے کہا جائے گا کہ اس نے تیری بیوی کے ساتھ خیانت کی تھی لہٰذا اس کی نیکیوں میں سے جتنی چاہے لے۔ پس رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ہماری جانب متوجہ ہو کر فرمایا۔ تمہارا کیا خیال ہے؟

ف۔ مجاہدین کے اہل و عیال کی نگہداشت کرنا اور اُن کے کام آنا بڑا ضروری ہے کہ اس کے باعث قاعدین کو بھی جہاد کا ثواب حاصل ہوتا ہے۔ اگر پیچھے رہنے والوں میں سے کوئی مجاہدین کے بال بچوں کے ساتھ خیانت کرے تو اللہ تعالیٰ اُس خائن کو کھڑا کر کے مجاہد سے بروزِ قیامت فرمائے گا کہ جتنی چاہو اس کی نیکیوں میں سے لے لو۔ جب نیکیوں کے سوا اس روز کچھ پلے نہیں ہو گا۔ اور اپنی بداعمالی کے باعث نیکیاں دوسرے کو دینی پڑ گئیں تو بات کیسے بنے گی؟ لہٰذا ہر

www.sirat-e-mustaqeem.com

مسلمان کو چاہیئے کہ اس دارِ عمل میں ہمیشہ آخرت کی بہتری کو مدِّ نظر رکھے اور اپنے اصلی سرمایۂ حیات کو برباد ہونے سے بچانے کی کوشش کرتا رہے۔ ایسے اعمال و افعال سے بچتا رہے جو آخرت میں اُس کے لیے نقصان دِہ ثابت ہوں۔

بَابٌ ۲۷ فِي السَّرِيَّةِ تُخْفِقُ۔

مجاہدین کا مالِ غنیمت کے بغیر لوٹنا

۷۳۵۔ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ مَيْسَرَةَ نَا عَبْدُ اللهِ بْنُ يَزِيدَ نَا حَيْوَةُ وَابْنُ لَهِيعَةَ قَالَا نَا أَبُو هَانِئٍ الْخَوْلَانِيُّ أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْحُبُلِيَّ يَقُولُ سَمِعْتُ عَبْدَ اللهِ بْنَ عَمْرٍو يَقُولُ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا مِنْ غَازِيَةٍ تَغْزُو فِي سَبِيلِ اللهِ فَيُصِيبُونَ غَنِيمَةً إِلَّا تَعَجَّلُوا ثُلُثَيْ أَجْرِهِمْ مِنَ الْآخِرَةِ وَيَبْقَى لَهُمُ الثُّلُثُ فَإِنْ لَمْ يُصِيبُوا غَنِيمَةً تَمَّ لَهُمْ أَجْرُهُمْ۔

عبداللہ بن عمر بن میسرہ، عبداللہ بن یزید، حیوۃ اور ابن لہیعہ، ابو ہانی خولانی، عبدالرحمٰن حبلی، حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جو غازی اللہ کی راہ میں جہاد کریں اور انہیں مالِ غنیمت ملے تو آخرت کے اجر سے دو تہائی اُنہوں نے پالیا اور تہائی اُن کے لیے باقی رہا۔ اگر مالِ غنیمت نہ ملے تو اُن کا پورا اجر باقی ہے۔

بَابٌ ۲۸ فِي تَضْعِيفِ الذِّكْرِ فِي سَبِيلِ اللهِ عَزَّ وَجَلَّ۔

جہاد کے دوران ذکرِ الٰہی کی فضیلت

۷۳۶۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ السَّرْحِ نَا ابْنُ وَهْبٍ عَنْ يَحْيَى بْنِ أَيُّوبَ وَسَعِيدِ بْنِ أَبِي أَيُّوبَ عَنْ زَبَّانَ بْنِ فَائِدٍ عَنْ سَهْلِ بْنِ مُعَاذٍ عَنْ أَبِيهِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ الصَّلٰوةَ وَالصِّيَامَ وَالذِّكْرَ يُضَاعَفُ عَلَى النَّفَقَةِ فِي سَبِيلِ اللهِ عَزَّ وَجَلَّ بِسَبْعِمِائَةِ ضِعْفٍ۔

احمد بن عمرو بن سرح، ابنِ وہب، یحییٰ بن ایوب اور سعید بن ابوایوب، زبان بن فائد، سہل بن معاذ نے اپنے والدِ ماجد سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ بیشک اللہ کی راہ میں نماز، روزوں اور ذکرِ الٰہی کا درجہ مال خرچ کرنے سے سات سو گنا زیادہ ہے۔

بَابٌ ۲۹ فِي مَنْ مَاتَ غَازِيًا۔

جو جہاد کرتا ہوا مر جائے

۷۳۷۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ نَجْدَةَ نَا بَقِيَّةُ بْنُ الْوَلِيدِ عَنِ ابْنِ ثَوْبَانَ عَنْ أَبِيهِ يَرُدُّ إِلَى مَكْحُولٍ إِلَى عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ غَنْمٍ الْأَشْعَرِيِّ أَنَّ أَبَا مَالِكٍ الْأَشْعَرِيَّ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ مَنْ فَصَلَ فِي سَبِيلِ اللهِ عَزَّ وَجَلَّ فَمَاتَ أَوْ قُتِلَ فَهُوَ شَهِيدٌ أَوْ وَقَصَهُ فَرَسُهُ أَوْ بَعِيرُهُ أَوْ لَدَغَتْهُ هَامَّةٌ أَوْ مَاتَ عَلَى فِرَاشِهِ وَبِأَيِّ حَتْفٍ شَاءَ اللهُ فَإِنَّهُ شَهِيدٌ وَإِنَّ لَهُ الْجَنَّةَ۔

عبدالوہاب بن نجدہ، بقیہ بن ولید، ابنِ ثوبان، ثوبان، مکحول، عبدالرحمٰن بن غنم اشعری، حضرت ابو مالک اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سُنا کہ جو اللہ کی راہ میں نکلا پھر مر گیا یا مارا گیا تو شہید ہے یا اُسے اُس کے گھوڑے یا اونٹ نے کچل دیا یا اُسے زہریلے جانور نے کاٹ کھایا یا اپنے بستر پر مر گیا یعنی اللہ تعالیٰ کے حکم سے جس طرح بھی مرے وہ شہید ہے اور اُسے جنت ملے گی۔

ف۔ مجاہد جب اعلائے کلمۃ الحق کی خاطر اپنی جان کی بازی لگا دینے کے لیے اپنے گھر سے نکل کھڑا ہوتا ہے تو اپنے گھر واپس آنے تک وہ خدا کی حفاظت وضمانت میں ہے۔ اس دوران اس کی موت خواہ کسی طرح واقع ہو جائے تو خدائے ذوالمنن اُسے شہید ہی شمار کرتا ہے اور اُسے جنت عطا فرماتا ہے کیونکہ اس کا ارادہ اپنی جان کی بازی لگا دینے کا تھا۔ واللہ تعالیٰ اعلم

باب ۲۷۳ فِي فَضْلِ الرِّبَاطِ۔

۲۳۰۸ — حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ نَا عَبْدُ اللّٰهِ ابْنُ وَهْبٍ نَا أَبُو هَانِئٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ مَالِكٍ عَنْ فَضَالَةَ ابْنِ عُبَيْدٍ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ كُلُّ الْمَيِّتِ يُخْتَمُ عَلَى عَمَلِهِ إِلَّا الْمُرَابِطَ فَإِنَّهُ يَنْمُو لَهُ عَمَلُهُ إِلَى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ وَيُؤَمَّنُ مِنْ فَتَّانِ الْقَبْرِ۔

باب ۲۷۴ فِي فَضْلِ الْحَرَسِ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ۔

۲۳۰۹ — حَدَّثَنَا أَبُو تَوْبَةَ نَا مُعَاوِيَةُ يَعْنِي ابْنَ سَلَّامٍ عَنْ زَيْدٍ يَعْنِي ابْنَ سَلَّامٍ أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا سَلَّامٍ قَالَ حَدَّثَنِي السَّلُولِيُّ أَنَّهُ حَدَّثَهُ سَهْلُ بْنُ الْحَنْظَلِيَّةِ أَنَّهُمْ سَارُوا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ حُنَيْنٍ فَأَطْنَبُوا السَّيْرَ حَتَّى كَانَ عَشِيَّةً فَحَضَرَتْ صَلٰوةٌ عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَجَاءَ رَجُلٌ فَارِسٌ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ إِنِّي انْطَلَقْتُ بَيْنَ أَيْدِيكُمْ حَتَّى طَلَعْتُ جَبَلَ كَذَا وَكَذَا فَإِذَا أَنَا بِهَوَازِنَ عَلَى بَكْرَةِ آبَائِهِمْ بِظُعُنِهِمْ وَنَعَمِهِمْ وَشَائِهِمُ اجْتَمَعُوا إِلَى حُنَيْنٍ فَتَبَسَّمَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَالَ تِلْكَ غَنِيمَةُ الْمُسْلِمِينَ غَدًا إِنْ شَاءَ اللّٰهُ ثُمَّ قَالَ مَنْ يَحْرُسُنَا اللَّيْلَةَ قَالَ أَنَسُ بْنُ أَبِي مَرْثَدٍ الْغَنَوِيُّ أَنَا يَا رَسُولَ اللّٰهِ فَقَالَ ارْكَبْ فَرَكِبَ فَرَسًا لَهُ وَجَاءَ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اسْتَقْبِلْ هٰذَا الشِّعْبَ حَتَّى تَكُونَ فِي أَعْلَاهُ وَلَا نُغَرَّنَّ مِنْ قِبَلِكَ اللَّيْلَةَ فَلَمَّا أَصْبَحْنَا خَرَجَ

مورچہ بندی کی فضیلت

عمرو بن مالک نے حضرت فضالہ بن عبید اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ ہر مرنے والے کے اعمال کا سلسلہ ختم ہو جاتا ہے سوائے دشمن کی خبرداری رکھنے والے کے کہ قیامت تک اُس کے اعمال میں اضافہ ہوتا رہتا ہے اور وہ عذابِ قبر سے محفوظ رکھا جاتا ہے۔

دورانِ جہاد پہرہ دینے کی فضیلت

سلولی نے حضرت سہل بن حنظلیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ غزوۂ حنین کے وقت ہم نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ سفر کیا، اور کافی چلتے رہے یہاں تک کہ شام ہونے کو آئی تو میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ نماز پڑھنے کے لیے حاضر ہوا۔ پس ایک ایرانی آ کر عرض گزار ہوا کہ یا رسول اللہ! میں آپ کے سامنے سے گیا۔ یہاں تک کہ میں فلاں فلاں پہاڑی پر چڑھا تو ہوازن والوں کو دیکھا کہ اپنی عورتوں، اونٹوں اور بکریوں کو حنین کے مقام پر جمع کر رہے تھے۔ پس رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے تبسم ریزی کرتے ہوئے فرمایا:۔ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ تعالیٰ کل یہ مسلمانوں کا مالِ غنیمت ہوگا۔ پھر فرمایا کہ آج رات ہمارا پہرہ کون دے گا؟ حضرت انس بن ابو مرثد غنوی عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ! میں۔ آپ نے فرمایا۔ تو سوار ہو جاؤ۔ پس وہ اپنے گھوڑے پر سوار ہو کر حاضرِ بارگاہ ہوئے تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ اس گھاٹی کی طرف جاؤ اور اس کی بلندی پر چڑھ جانا اور تمہاری وجہ سے آج رات ہم دھوکا نہ کھا جائیں۔ جب صبح ہوئی تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

www.sirat-e-mustaqeem.com

رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِلٰی مُصَلَّاہُ فَرَکَعَ رَکْعَتَیْنِ ثُمَّ قَالَ ھَلْ اَحْسَسْتُمْ فَارِسَکُمْ قَالُوْا یَارَسُوْلَ اللّٰہِ مَا اَحْسَسْنَا فَثُوِّبَ بِالصَّلٰوۃِ فَجَعَلَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یُصَلِّیْ وَھُوَ یَلْتَفِتُ اِلَی الشِّعْبِ حَتّٰی اِذَا قَضٰی صَلٰوتَہٗ وَسَلَّمَ فَقَالَ اَبْشِرُوْا فَقَدْ جَآءَکُمْ فَارِسُکُمْ فَجَعَلْنَا نَنْظُرُ اِلٰی خِلَالِ الشَّجَرِ فِی الشِّعْبِ فَاِذَا ھُوَ قَدْ جَآءَ حَتّٰی وَقَفَ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَسَلَّمَ وَقَالَ اِنِّی انْطَلَقْتُ حَتّٰی کُنْتُ فِیْ اَعْلٰی ھٰذَا الشِّعْبِ حَیْثُ اَمَرَنِیْ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَلَمَّا اَصْبَحْتُ اطَّلَعْتُ الشِّعْبَیْنِ کِلَیْھِمَا فَنَظَرْتُ فَلَمْ اَرَ اَحَدًا فَقَالَ لَہٗ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ ھَلْ نَزَلْتَ اللَّیْلَۃَ قَالَ لَا اِلَّا مُصَلِّیًا اَوْ قَاضِیًا حَاجَۃً فَقَالَ لَہٗ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَدْ اَوْجَبْتَ فَلَا عَلَیْکَ اَنْ لَّا تَعْمَلَ بَعْدَھَا۔

نماز پڑھانے کے لیے باہر تشریف لائے اور دو رکعتیں پڑھ کر فرمایا۔ کیا تمہیں اپنا سوار بھی نظر آیا ہے؟ پس نماز کے لیے اقامت کہی گئی تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نماز پڑھانے لگے اور گھاٹی کی طرف بھی دیکھ لیتے یہاں تک کہ نماز پوری ہو گئی اور سلام پھیر دیا گیا۔ فرمایا تمہیں بشارت ہو کہ تمہارا سوار آ گیا ہے۔ پس ہم درختوں کے درمیان سے گھاٹی کی طرف دیکھنے لگے تو وہ آ رہے تھے یہاں تک کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے سامنے کھڑے ہو کے سلام عرض کیا۔ اور عرض گزار ہوئے کہ میں گیا تو اس گھاٹی کی بلندی پر چڑھ گیا جہاں کے لیے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حکم فرمایا تھا۔ جب صبح ہوئی تو میں نے دونوں گھاٹیوں کو دیکھا۔ خوب نظر دوڑائی لیکن کوئی ایک آدمی نظر نہ آیا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا کہ کیا آج رات تم اترے؟ عرض گزار ہوئے کہ نہیں مگر نماز پڑھنے اور قضائے حاجت کے لیے۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا کہ تمہارے لیے جنت واجب ہو گئی۔ اگر اس کے بعد کوئی عمل بھی نہ کرو تب بھی کچھ نہیں بگڑے گا۔

ف۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا نماز میں کن انکھیوں سے گھاٹی کی طرف دیکھنا کہ ان کے بھیجے ہوئے انس بن ابو مرثد غنوی آ رہے ہیں یا نہیں؟ یہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے خصائص میں سے ہے جو دوسروں کے لیے حجت نہیں کہ وہ بھی نماز میں ادھر اُدھر دیکھ لیا کریں بلکہ دوسروں کیلئے آپ نے اسے نماز میں چوری کرنا فرمایا ہے نیز بینائی کے سلب ہو جانے کی وعید سنائی ہے۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا نماز میں اِدھر اُدھر دیکھنا حتیٰ کہ دورانِ نماز جنت و دوزخ کا مشاہدہ کرنا، حتیٰ کہ جنت کے پھلوں سے لدی ہوئی ایک ٹہنی کو توڑنے کے لیے بار بار دست مبارک اٹھانا وغیرہ امور آپ کی توجہ الی اللہ پر اثر انداز نہیں ہوتے تھے۔ چونکہ دوسروں کی یہ حالت نہیں لہٰذا اور کسی کو یہ اجازت بھی نہیں کیونکہ دوسروں کے لیے یہ خشوع و خضوع کے منافی ہے۔ تحویلِ قبلہ کے وقت بھی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت جبرئیل علیہ السلام کی آمد کے انتظار میں بار بار عین نماز کی حالت میں آسمان کی طرف دیکھا جس کا قرآنِ کریم نے یوں ذکر فرمایا ہے۔ قَدْ نَرٰی تَقَلُّبَ وَجْھِکَ فِی السَّمَآءِ۔ (۲: ۱۴۴) معلوم ہوا کہ خاص حالت کے باعث یہ بات رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے خصائص سے ہے جو دوسروں کے لیے حجت نہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

بَابُ ۲۵ کَرَاھِیَۃِ تَرْکِ الْغَزْوِ۔

جہاد ترک کرنے کی مذمت

۲۵۰۲۔ حَدَّثَنَا عَبْدَۃُ بْنُ سُلَیْمَانَ الْمَرْوَزِیُّ نَا ابْنُ الْمُبَارَکِ نَا وُھَیْبٌ قَالَ عَبْدَۃُ یَعْنِی ابْنَ

عبدہ بن سلیمان مروزی، ابن المبارک، وہیب، عبدہ ابن الورد، عمرو بن محمد بن المنکدر، سمی، ابو صالح نے

www.sirat-e-mustaqeem.com

أَبُو دَاوُدَ أَخْبَرَنِي عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ عَنْ سُمَيٍّ عَنْ أَبِي صَالِحٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ مَاتَ وَلَمْ يَغْزُ وَلَمْ يُحَدِّثْ نَفْسَهُ بِغَزْوٍ مَاتَ عَلَى شُعْبَةٍ مِنْ نِفَاقٍ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جو مر گیا اور اس نے جہاد نہ کیا اور جہاد کا اس کے دل میں خیال بھی نہ آیا تو اس کی موت نفاق کے ایک حصے پر واقع ہوئی۔

ف۔ عمر بھر اعلائے کلمۃ الحق کی خاطر جس نے کبھی کوشش نہ کی اور نہ ایسا کرنے کا کبھی ارادہ ہوا تو ایسے شخص کا اسلام سے دلی تعلق گویا کبھی قائم ہی نہیں ہوا اور اس کا یہ طرزِ عمل منافقت کا ایک حصہ ہے۔ انسان کی سربلندی خدمتِ دینِ متین میں ہے اور اس سے محروم ہونا بدبختی ہے۔ اللہ تعالیٰ ہر مسلمان کو اور خصوصاً اس معصیاں شعار و ناکارہ بندے کو خدمتِ دینِ متین کی توفیق مرحمت فرمائے اور خاتمہ بالخیر نصیب کرے، آمین۔

۷۳۱۔ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عُثْمَانَ وَقَرَأْتُهُ عَلَى يَزِيدَ بْنِ عَبْدِ رَبِّهِ الْجُرْجُسِيِّ قَالَا نَا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ عَنْ يَحْيَى بْنِ الْحَارِثِ عَنِ الْقَاسِمِ أَبِي عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ أَبِي أُمَامَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ لَمْ يَغْزُ أَوْ يُجَهِّزْ غَازِيًا أَوْ يَخْلُفْ غَازِيًا فِي أَهْلِهِ بِخَيْرٍ أَصَابَهُ اللّٰهُ بِقَارِعَةٍ قَالَ يَزِيدُ بْنُ عَبْدِ رَبِّهِ فِي حَدِيثِهِ قَبْلَ يَوْمِ الْقِيَامَةِ۔

عمرو بن عثمان، یزید بن عبدربہ جرجسی، ولید بن مسلم، یحییٰ بن حارث، قاسم ابو عبدالرحمان، حضرت ابوامامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جس نے جہاد نہ کیا اور غازی کی تیاری اور اُس کے گھر والوں کی بھلائی کے ساتھ خبر گیری نہ کی تو اللہ تعالیٰ اُسے ہلا دینے والی مصیبت سے دوچار کرے گا۔ یزید بن عبدربہ نے اپنی حدیث میں کہا کہ قیامت سے پہلے۔

۷۳۲۔ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْمَاعِيلَ نَا حَمَّادٌ عَنْ حُمَيْدٍ عَنْ أَنَسٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ جَاهِدُوا الْمُشْرِكِينَ بِأَمْوَالِكُمْ وَأَنْفُسِكُمْ وَأَلْسِنَتِكُمْ۔

حمید نے حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جہاد کرو مشرکوں کے ساتھ اپنے مالوں، اپنی جانوں اور اپنی زبانوں سے۔

ف۔ کافروں اور مشرکوں سے جہاد کرنے کی مختلف قسمیں ہیں۔ یہاں تین کا ذکر فرمایا گیا ہے۔ یعنی مالی جہاد، جانی جہاد اور لسانی جہاد۔ زبان سے تقریر و تحریر کے ذریعے اسلام کی حقانیت اور کفر و شرک کا بطلان ثابت کرنا لسانی جہاد ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

باب ۲۷۶ فِي نَسْخِ نَفِيرِ الْعَامَّةِ بِالْخَاصَّةِ۔

جہاد کی عدم شمولیت کا خاص حکم سے منسوخ ہونا

۷۳۳۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَرْوَزِيُّ حَدَّثَنِي عَلِيُّ بْنُ حُسَيْنٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ يَزِيدَ النَّحْوِيِّ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ إِلَّا تَنْفِرُوا يُعَذِّبْكُمْ عَذَابًا أَلِيمًا وَمَا كَانَ لِأَهْلِ الْمَدِينَةِ إِلَى قَوْلِهِ يَعْمَلُونَ نَسَخَتْهَا الْآيَةُ الَّتِي تَلِيهَا وَمَا كَانَ الْمُؤْمِنُونَ

عکرمہ سے روایت ہے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے ارشادِ خداوندی: اگر راہِ خدا میں نہ نکلوگے تو تمہیں عذاب دیا جائے گا۔ سخت عذاب (۹: ۳۹) اور مدینہ والوں کو کیا ہوگیا ہے کہ (۹: ۱۲۰) کے بارے میں فرمایا کہ یہ ساتھ والی آیت سے منسوخ ہے کہ: ایمان

www.sirat-e-mustaqeem.com

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ السَّكِيْنَةُ فَوَقَعَتْ فَخِذُهُ عَلٰى فَخِذِيْ فَوَجَدْتُ مِنْ ثِقْلِهَا فِي الْمَرَّةِ الثَّانِيَةِ كَمَا وَجَدْتُ فِي الْمَرَّةِ الْأُوْلٰى ثُمَّ سُرِّيَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اقْرَأْ يَا زَيْدُ فَقَرَأْتُ لَا يَسْتَوِي الْقَاعِدُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غَيْرُ أُوْلِي الضَّرَرِ الْآيَةَ كُلَّهَا قَالَ زَيْدٌ فَأَنْزَلَهَا اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ وَحْدَهَا فَأَلْحَقْتُهَا وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهِ لَكَأَنِّيْ أَنْظُرُ إِلٰى مُلْحَقِهَا عِنْدَ صَدْعٍ فِيْ كَتِفٍ۔

۷۳۶۔ حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ إِسْمٰعِيْلَ نَا حَمَّادٌ عَنْ حُمَيْدٍ عَنْ مُوْسَى بْنِ أَنَسٍ عَنْ أَبِيْهِ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَقَدْ تَرَكْتُمْ بِالْمَدِيْنَةِ أَقْوَامًا مَا سِرْتُمْ مَسِيْرًا وَلَا أَنْفَقْتُمْ مِنْ نَفَقَةٍ وَلَا قَطَعْتُمْ مِنْ وَادٍ إِلَّا وَهُمْ مَعَكُمْ فِيْهِ قَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَكَيْفَ يَكُوْنُوْنَ مَعَنَا وَهُمْ بِالْمَدِيْنَةِ قَالَ حَبَسَتْهُمُ الْعُذْرُ۔

باب ۲۷۸ مَا يُجْزِئُ مِنَ الْغَزْوِ۔

۷۳۷۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرِو بْنِ أَبِي الْحَجَّاجِ أَبُوْ مَعْمَرٍ نَا عَبْدُ الْوَارِثِ نَا الْحُسَيْنُ حَدَّثَنِيْ يَحْيٰى حَدَّثَنِيْ أَبُوْ سَلَمَةَ حَدَّثَنِيْ بُسْرُ بْنُ سَعِيْدٍ حَدَّثَنِيْ زَيْدُ بْنُ خَالِدٍ الْجُهَنِيُّ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ جَهَّزَ غَازِيًا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَقَدْ غَزَا وَمَنْ خَلَفَهُ فِيْ أَهْلِهِ بِخَيْرٍ فَقَدْ غَزَا۔

۷۳۸۔ حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ أَنَا ابْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِيْ عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ عَنْ يَزِيْدَ بْنِ أَبِيْ حَبِيْبٍ عَنْ يَزِيْدَ بْنِ أَبِيْ سَعِيْدٍ مَوْلَى الْمَهْرِيِّ عَنْ أَبِيْهِ عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَ إِلٰى بَنِيْ لَحْيَانَ وَقَالَ

آ گئی جس کا بوجھ میں نے دوبارہ محسوس کیا جیسے پہلی دفعہ محسوس کیا۔ جب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فارغ ہوئے تو فرمایا۔ اے زید پڑھو۔ مسلمانوں میں سے برابر نہیں ہیں پیچھے بیٹھ رہنے والے (الآیۃ) اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ بغیر کسی تکلیف والے (آیت) حضرت زید کا بیان ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اس حکم کو علیحدہ نازل فرمایا اور میں نے اسے ملا دیا قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضے میں میری جان ہے گویا میں اس الحاقی حصے کو اب دیکھ رہا ہوں جو شانے کی ہڈی کے ساتھ لگایا تھا۔

موسیٰ بن انس نے اپنے والد ماجد سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: تم مدینہ منورہ میں ایسے لوگوں کو بھی چھوڑ آئے ہو کہ جو تم سفر کر رہے ہو، جو مال خرچ کر رہے ہو اور جن وادیوں کو طے کر رہے ہو، ہر کام میں وہ تمہارے ساتھ ہیں۔ لوگ عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ! وہ ہمارے ساتھ کس طرح شمار ہو گئے جب کہ وہ تو مدینہ منورہ میں ہیں؟ فرمایا کہ انہیں مجبوری نے روکا ہے۔

دوسروں کو جہاد کا ثواب ملنا

عبداللہ بن عمرو بن ابو حجاج، ابو معمر، عبدالوارث، حسین، یحییٰ، ابو سلمہ، بسر بن سعید نے حضرت زید بن خالد جہنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جو اللہ کی راہ میں جہاد کرنے والے کو سامان فراہم کر دے تو گویا اس نے بھی جہاد کیا اور جو غازی کے اہل و عیال کی اس کے بعد بھلائی کے ساتھ خبر گیری کرے تو گویا اس نے بھی جہاد کیا۔

یزید بن ابو سعید مولیٰ مہری نے اپنے والد ماجد سے روایت کی ہے کہ حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بنی لحیان کی طرف ایک لشکر بھیجتے ہوئے فرمایا: چاہیئے کہ دو آدمیوں میں سے ایک (راہ خدا میں) نکلے۔ پھر پیچھے رہنے والوں سے فرمایا کہ

www.sirat-e-mustaqeem.com

ليخرج من كل رجلين رجل ثم قال للقاعدين أيكم خلف الخارج في أهله وماله بخير كان له مثل نصف أجر الخارج۔

بابٌ ۲۷۹ في الجرأة والجبن۔

۳۹۷ ـ حدثنا عبد الله بن الجراح عن عبد الله بن يزيد عن موسى بن علي بن رباح عن أبيه عن عبد العزيز بن مروان قال سمعت أبا هريرة يقول سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول شر ما في رجل شح هالع وجبن خالع۔

بابٌ ۲۸۰ في قوله عز وجل ولا تلقوا بأيديكم إلى التهلكة۔

۴۰۷ ـ حدثنا أحمد بن عمرو بن السرح نا ابن وهب نا حيوة بن شريح وابن لهيعة عن يزيد بن أبي حبيب عن أسلم أبي عمران قال غزونا من المدينة نريد القسطنطينية وعلى الجماعة عبد الرحمن بن خالد بن الوليد والروم ملصقو ظهورهم بحائط المدينة فحمل رجل على العدو فقال الناس مه مه لا إله إلا الله يلقي بيديه إلى التهلكة فقال أبو أيوب إنما نزلت هذه الآية فينا معشر الأنصار لما نصر الله نبيه صلى الله عليه وسلم وأظهر الإسلام قلنا هلم نقيم في أموالنا ونصلحها فأنزل الله عز وجل وأنفقوا في سبيل الله ولا تلقوا بأيديكم إلى التهلكة فالإلقاء بأيدينا إلى التهلكة أن نقيم في أموالنا ونصلحها وندع الجهاد قال أبو عمران فلم يزل أبو أيوب يجاهد في سبيل الله عز وجل حتى دفن بالقسطنطينية۔

بابٌ ۲۸۱ في الرمي۔

۴۱۷ ـ حدثنا سعيد بن منصور نا عبد الله

تم میں سے جو مجاہد کی عدم موجودگی میں اس کے اہل و عیال اور مال کی بھلائی کے ساتھ خبر گیری کرے گا اُسے نکلنے والے کی نسبت آدھا اجر ملے گا۔

شجاعت اور بزدلی کا بیان

عبداللہ بن جراح، عبداللہ بن یزید، موسیٰ بن علی بن رباح اُن کے والد ماجد، عبدالعزیز بن مروان، حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا۔ آدمی کی دو عادتیں بری ہیں وہ ایک بخیلی جو رلانے والی ہے اور دوسری بزدلی جو ذلیل کرنے والی ہے۔

ارشادِ باری ہے اپنی جانوں کو اپنے ہاتھوں ہلاکت میں نہ ڈالو

ابو عمران کا بیان ہے کہ ہم جہاد کرنے کے لیے مدینہ منورہ سے قسطنطنیہ (استنبول) کی طرف روانہ ہوئے اور سپہ سالارِ لشکر عبدالرحمن بن خالد بن ولید تھے اور رومی اپنے شہر کی دیوار سے پیٹھیں لگائے ہوئے تھے۔ ایک آدمی دشمن پر حملہ کرنے کے لیے مسلح ہوا تو لوگوں نے کہا۔ ٹھیں ٹھیں لا الٰہ الا اللہ یہ اپنے ہاتھوں آپ کو ہلاکت میں ڈالتا ہے۔ حضرت ابو ایوب انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ یہ آیت ہم گروہ انصار کے بارے میں نازل فرمائی گئی تھی جب کہ اللہ تعالیٰ نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی مدد فرمائی اور اسلام کو غالب کر دیا تو ہم نے کہا کہ آؤ اب اپنے مال و جائیداد میں رہیں اور انہیں درست کریں تو اللہ تعالیٰ نے حکم نازل فرمایا: "اور اللہ کی راہ میں خرچ کرو اور اپنے ہاتھوں خود کو ہلاکت میں نہ ڈالو (۲:۱۹۵)" لہذا اپنے ہاتھوں اپنے آپ کو ہلاکت میں ڈالنا یہ ہے ہم اپنے اموال میں رہ کر اس کی اصلاح میں مصروف ہو جائیں اور جہاد کو چھوڑ دیں۔ ابو عمران کا بیان ہے کہ حضرت ابو ایوب ہمیشہ راہِ خدا میں جہاد کرتے رہے یہاں تک کہ قسطنطنیہ (استنبول) میں دفن فرمائے گئے۔

تیر اندازی کا بیان

ابو سلام نے خالد بن زید سے روایت کی ہے کہ حضرت

ابْنُ الْمُبَارَكِ حَدَّثَنِي عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ يَزِيدَ بْنِ جَابِرٍ حَدَّثَنِي أَبُو سَلَّامٍ عَنْ خَالِدِ بْنِ زَيْدٍ عَنْ عُقْبَةَ ابْنِ عَامِرٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ إِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ يُدْخِلُ بِالسَّهْمِ الْوَاحِدِ ثَلَاثَةَ نَفَرٍ الْجَنَّةَ صَانِعَهُ يَحْتَسِبُ فِي صَنْعَتِهِ الْخَيْرَ وَالرَّامِيَ بِهِ وَمُنْبِلَهُ وَارْمُوا وَارْكَبُوا وَأَنْ تَرْمُوا أَحَبُّ إِلَيَّ مِنْ أَنْ تَرْكَبُوا لَيْسَ مِنَ اللَّهْوِ إِلَّا ثَلَاثٌ تَأْدِيبُ الرَّجُلِ فَرَسَهُ وَمُلَاعَبَتُهُ أَهْلَهُ وَرَمْيُهُ بِقَوْسِهِ وَنَبْلِهِ وَمَنْ تَرَكَ الرَّمْيَ بَعْدَ مَا عَلِمَهُ رَغْبَةً عَنْهُ فَإِنَّهَا نِعْمَةٌ تَرَكَهَا أَوْ قَالَ كَفَرَهَا۔

عقبہ بن عامر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ اللہ تعالیٰ ایک تیر کے بدلے تین آدمیوں کو جنت میں داخل فرماتا ہے۔ ایک بنانے والے کو جو اس کے بنانے کو نیکی سمجھتا ہے، دوسرے تیر پھینکنے والے کو اور تیسرے تیر پکڑنے والے کو لہٰذا تیراندازی کرو اور سواری کرو۔ پس تیرانداز مجھے سواری کرنے کی نسبت زیادہ پسند ہے اور اسلام میں کھیل نہیں ہیں مگر تین:۔ (۱) آدمی کا اپنے گھوڑے کو سدھارنا (۲) اپنی بیوی سے ہنسی مذاق کرنا (۳) تیر کمان کے ساتھ تیرانداز کرنا۔ جو سیکھنے کے بعد نفرت کرتے ہوئے تیراندازی کو چھوڑ دے تو اس نے ایک نعمت کو چھوڑا یا فرمایا کہ کفرانِ نعمت کیا۔

۲۴۷۔ حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ نَا عَبْدُ اللّٰهِ ابْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ عَنْ أَبِي عَلِيٍّ ثُمَامَةَ بْنِ شُفَيٍّ الْهَمْدَانِيِّ أَنَّهُ سَمِعَ عُقْبَةَ بْنَ عَامِرٍ الْجُهَنِيَّ يَقُولُ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ عَلَى الْمِنْبَرِ يَقُولُ وَأَعِدُّوا لَهُمْ مَا اسْتَطَعْتُمْ مِنْ قُوَّةٍ أَلَا إِنَّ الْقُوَّةَ الرَّمْيُ أَلَا إِنَّ الْقُوَّةَ الرَّمْيُ أَلَا إِنَّ الْقُوَّةَ الرَّمْيُ۔

سعید بن منصور، عبداللہ بن وہب، عمرو بن حارث، ابو علی ثمامہ بن شفی ہمدانی، حضرت عقبہ بن عامر جہنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے رسول اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو منبر پر فرماتے ہوئے سنا کہ ارشادِ خداوندی ہے اور تیار رہو اُن کے خلاف حسبِ استطاعت قوت کے ساتھ (۸: ۶۰) خبردار قوت سے تیرانداز مراد ہے۔ خبردار قوت سے تیراندازی مراد ہے۔ خبردار قوت سے تیراندازی مراد ہے۔

ف۔ اس زمانے میں اپنے حریف کو زیر کرنے میں تیراندازی کو بڑی دخل تھا اور یہ زبردست طاقت و قوت شمار ہوتی تھی آج دشمن کو زیر کرنے کے لیے فضائی و بحری مہارت اور متعلقہ ساز و سامان پر کسی ملک کی طاقت و قوت کا دارومدار ہوتا ہے اور دفاعی لحاظ سے اُسے اتنا ہی مضبوط شمار کیا جاتا ہے۔ اس سے بھی آگے دیکھیں تو آجکل طاقت ور ملک اُسی کو کہا جا سکتا ہے جو ایٹمی طاقت بن چکا ہے اور اس کے مقابلے میں وہ ملک کمزور شمار کیے جاتے ہیں جو ایٹم کی طاقت سے محروم ہیں افسوس! مسلمانوں کی آج یہ حالت ہے کہ ان کا ایک ملک بھی ایٹمی طاقت نہیں بن سکا۔ اور سب ہی غیر مسلم اقوام کے دست نگر بنے بیٹھے ہیں۔ اللہ تعالیٰ مسلمان ملکوں کے سربراہوں کو دولتِ ایمان اور ملی غیرت مرحمت فرمائے کہ یہ اپنی ذمہ داریوں کو محسوس کریں، آمین

بَابٌ ۲۸۲ فِيمَنْ يَغْزُو وَيَلْتَمِسُ الدُّنْيَا۔

جو مالِ دنیا کی خاطر جہاد کرے

۴۳۷۔ حَدَّثَنَا حَيْوَةُ بْنُ شُرَيْحٍ الْحَضْرَمِيُّ نَا بَقِيَّةُ حَدَّثَنِي بَحِيرٌ عَنْ خَالِدِ بْنِ مَعْدَانَ عَنْ أَبِي بَحْرِيَّةَ عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى

ابو بحریہ نے حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ جہاد دو قسم کے ہیں۔ ایک وہ جس سے مقصود

www.sirat-e-mustaqeem.com

اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَنَّہٗ قَالَ الْغَزْوُ غَزْوَانِ فَاَمَّا مَنِ ابْتَغٰی وَجْہَ اللّٰہِ وَاَطَاعَ الْاِمَامَ وَاَنْفَقَ الْکَرِیْمَۃَ وَیَاسَرَ الشَّرِیْکَ وَاجْتَنَبَ الْفَسَادَ فَاِنَّ نَوْمَہٗ وَنَبْہَہٗ اَجْرٌ کُلُّہٗ وَاَمَّا مَنْ غَزَا فَخْرًا وَرِیَاءً وَسُمْعَۃً وَعَصَی الْاِمَامَ وَاَفْسَدَ فِی الْاَرْضِ فَاِنَّہٗ لَمْ یَرْجِعْ بِالْکَفَافِ۔

۷۴۴ - حَدَّثَنَا اَبُوْ تَوْبَۃَ الرَّبِیْعُ بْنُ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ الْمُبَارَکِ عَنِ ابْنِ اَبِیْ ذِئْبٍ عَنِ الْقَاسِمِ عَنْ بُکَیْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ الْاَشَجِّ عَنِ ابْنِ مِکْرَزٍ رَجُلٍ مِّنْ اَہْلِ الشَّامِ عَنْ اَبِیْ ہُرَیْرَۃَ اَنَّ رَجُلًا قَالَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ رَجُلٌ یُّرِیْدُ الْجِہَادَ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ وَہُوَ یَبْتَغِیْ عَرَضًا مِّنْ عَرَضِ الدُّنْیَا فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَا اَجْرَ لَہٗ فَاَعْظَمَ ذٰلِکَ النَّاسُ وَقَالُوْا لِلرَّجُلِ عُدْ لِرَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَلَعَلَّکَ لَمْ تُفَہِّمْہُ فَقَالَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ رَجُلٌ یُّرِیْدُ الْجِہَادَ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ وَہُوَ یَبْتَغِیْ عَرَضًا مِّنْ عَرَضِ الدُّنْیَا قَالَ لَا اَجْرَ لَہٗ فَقَالُوْا لِلرَّجُلِ عُدْ لِرَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَہُ الثَّالِثَۃَ فَقَالَ لَہٗ لَا اَجْرَ لَہٗ۔

۷۴۵ - حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ نَا شُعْبَۃُ عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّۃَ عَنْ اَبِیْ وَائِلٍ عَنْ اَبِیْ مُوْسٰی اَنَّ اَعْرَابِیًّا جَاءَ اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اِنَّ الرَّجُلَ یُقَاتِلُ لِلذِّکْرِ وَیُقَاتِلُ لِیُحْمَدَ وَیُقَاتِلُ لِیَغْنَمَ وَیُقَاتِلُ لِیُرٰی مَکَانُہٗ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ قَاتَلَ حَتّٰی تَکُوْنَ کَلِمَۃُ اللّٰہِ ہِیَ الْاَعْلٰی فَہُوَ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ عَزَّ وَجَلَّ۔

۷۴۶ - حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ مُسْلِمٍ نَا اَبُوْ دَاوٗدَ عَنْ شُعْبَۃَ عَنْ عَمْرٍو قَالَ سَمِعْتُ مِنْ اَبِیْ وَائِلٍ حَدِیْثًا اَعْجَبَنِیْ فَذَکَرَ مَعْنَاہُ۔

رضائے الٰہی ہو، اس میں امام کی پیروی، عمدہ مال خرچ کرنا اور ساتھی سے نرمی برتنا اور فساد سے بچنا ہے۔ اس میں سونا اور جاگنا سب ہی باعثِ ثواب ہیں۔ دوسرا وہ جہاد جو اپنی بڑائی کے لیے دکھانا اور سُنانا ہو کر امام کی نافرمانی کرے اور زمین میں فساد پھیلاتے تو وہ نہیں لوٹتا مگر خالی ہاتھ۔

ابو توبہ ربیع بن نافع، ابنِ مبارک، ابن ابی ذئب، قاسم، بُکیر بن عبداللہ بن اشج، ابنِ مکرز شامی، حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ایک آدمی عرض گزار ہوا۔ یا رسول اللہ! ایک آدمی اللہ کی راہ میں جہاد کرنا چاہتا ہے۔ اور اس کا مقصد دُنیا کا مال حاصل کرنا ہے۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اُس کے لیے کوئی اجر نہیں ہے۔ لوگوں کو یہ بات بھاری نظر آئی اور اس آدمی سے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے پھر پوچھو شاید تم سمجھ نہ سکے ہو عرض گزار ہوا کہ یا رسول اللہ! ایک آدمی اللہ کی راہ میں جہاد کرنا چاہتا ہے اور اس کا مقصود مالِ دنیا حاصل کرنا ہے۔ فرمایا کہ اس کے لیے کوئی اجر نہیں ہے لوگوں نے اُس آدمی سے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے پھر دریافت کرو۔ وہ تیسری دفعہ عرض گزار ہوا تو آپ نے فرمایا: اس کے لیے کوئی اجر نہیں ہے۔

ابو وائل نے حضرت ابو موسیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ ایک اعرابی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت عرض گزار ہوا۔ ایک آدمی نام کے لیے لڑتا ہے اور لڑتا ہے کہ اس کی تعریف کی جائے، لڑتا ہے کہ اپنا مقام دکھائے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو اللہ تعالیٰ کے کلمے کی بلندی کے لیے لڑا، اللہ کی راہ میں جہاد کرنے والا وہی ہے

علی بن مسلم، ابوداؤد، شعبہ، عمرو کا بیان ہے کہ میں نے حضرت ابو وائل سے حدیث سنی جس نے مجھے حیران کر دیا۔ پھر معناً اسی طرح ذکر کیا۔

www.sirat-e-mustaqeem.com

۷۲۷ ـ حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ حَاتِمٍ الْاَنْصَارِيُّ نَا عَبْدُالرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ نَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي الْوَضَّاحِ عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ رَافِعٍ عَنْ حَنَانِ بْنِ خَارِجَةَ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ قَالَ عَبْدُاللّٰهِ ابْنُ عَمْرٍو يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اَخْبِرْنِي عَنِ الْجِهَادِ وَالْغَزْوِ فَقَالَ يَا عَبْدَاللّٰهِ بْنَ عَمْرٍو اِنْ قَاتَلْتَ صَابِرًا مُحْتَسِبًا بَعَثَكَ اللّٰهُ صَابِرًا مُحْتَسِبًا وَاِنْ قَاتَلْتَ مُرَائِيًا مُكَاثِرًا بَعَثَكَ اللّٰهُ مُرَائِيًا مُكَاثِرًا يَا عَبْدَاللّٰهِ ابْنَ عَمْرٍو عَلٰى اَيِّ حَالٍ قَاتَلْتَ اَوْ قُتِلْتَ بَعَثَكَ اللّٰهُ عَلٰى تِيْكَ الْحَالِ۔

مسلم بن حاتم انصاری، عبدالرحمٰن بن مہدی، محمد بن ابوالوضاح، علاء بن عبداللہ بن رافع، حنان بن خارجہ سے روایت ہے کہ حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہ عرض گزار ہوئے کہ یارسول اللہ! مجھے جہاد اور غزوہ کے متعلق بتائیے۔ فرمایا اے عبداللہ بن عمرو! اگر تم صابر ہو کر اور ثواب کی نیت سے لڑو گے تو اللہ تعالیٰ تمہیں صبر کا پھل کھانے والا اور ثواب پانے والا بنا کر اٹھائے گا اور اگر تم نے ناموری اور بہادری دکھانے کو لڑائی کی تو اللہ تعالیٰ تمہیں ریاکار اور بہادر اٹھائے گا۔ اے عبداللہ! جس نیت سے تم لڑے یا قتل کئے گئے تو اللہ تعالیٰ تمہیں اسی حال میں اٹھائے گا۔

ف۔ جہاد کے اجر کا انحصار مجاہد کی نیت پر ہے۔ اگر صرف رضائے الٰہی اور اعلائے کلمۃ الحق کے لیے جہاد کیا تو اس کے مطابق اجر ملے گا۔ اگر صرف مالِ غنیمت حاصل کرنے کی غرض سے جہاد کیا تو اجر سے محروم رہے گا۔ غنیمت ملے یا نہ ملے۔ اگر اپنی بہادری اور شجاعت دکھانے کی غرض سے جہاد کیا تو ریاکاروں میں شمار ہوگا۔ غرض نیت کے مطابق ہی اجر ملے گا۔ یہی حال تمام نیکیوں کا ہے اور اس کے مطابق ہی اُن پر ثواب و عذاب مرتب ہوگا۔ یہی وجہ ہے کہ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اپنی شہرہ آفاق تالیف الجامع الصحیح میں سب سے پہلے حدیث اِنَّمَا الْاَعْمَالُ بِالنِّيَّاتِ کو لائے کہ اعمال کا دارومدار نیتوں پر ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

بَاب ۲۸۳ فِي فَضْلِ الشَّهَادَةِ۔

فضیلتِ شہادت

۷۲۸ ـ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ نَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ اِدْرِيْسَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحٰقَ عَنْ اِسْمٰعِيْلَ بْنِ اُمَيَّةَ عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ سَعِيْدِ ابْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا اُصِيْبَ اِخْوَانُكُمْ بِاُحُدٍ جَعَلَ اللّٰهُ اَرْوَاحَهُمْ فِي جَوْفِ طَيْرٍ خُضْرٍ تَرِدُ اَنْهَارَ الْجَنَّةِ تَاْكُلُ مِنْ ثِمَارِهَا وَتَاْوِيْ اِلٰى قَنَادِيْلَ مِنْ ذَهَبٍ مُعَلَّقَةٍ فِي ظِلِّ الْعَرْشِ فَلَمَّا وَجَدُوْا طِيْبَ مَاْكَلِهِمْ وَمَشْرَبِهِمْ وَمَقِيْلِهِمْ قَالُوْا مَنْ يُبَلِّغُ اِخْوَانَنَا عَنَّا اَنَّا اَحْيَاءٌ فِي الْجَنَّةِ نُرْزَقُ لِئَلَّا يَزْهَدُوْا فِي الْجِهَادِ وَلَا يَنْكُلُوْا عِنْدَ الْحَرْبِ فَقَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى اَنَا اُبَلِّغُهُمْ عَنْكُمْ قَالَ وَاَنْزَلَ

سعید بن جبیر نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تمہارے بھائی غزوۂ اُحد میں شہید کر دیئے گئے تو اللہ تعالیٰ نے ان کی رُوحوں کو سبز پرندوں کی شکل میں بدل دیا جو جنت کی نہروں پر پھرتے ہیں۔ اس کے پھل کھاتے ہیں اور سونے کی قندیلوں میں آجاتے ہیں جو عرش کے نیچے لٹکی ہوئی ہیں۔ جب انہوں نے کھانے پینے اور رہائش کا ہو کی خوشبو محسوس کی تو کہنے لگے: ہماری طرف سے کون ہمارے بھائیوں کو یہ خبر پہنچائے کہ ہم جنت میں زندہ ہیں، روزی دیئے جاتے ہیں تاکہ جہاد سے اُن کی دلچسپی نہ گھٹے اور میدانِ کارزار میں سستی نہ دکھائیں۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ میں تمہاری طرف سے خبر پہنچاتا ہوں۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ

www.sirat-e-mustaqeem.com

اللہُ عَزَّوَجَلَّ وَلَا تَحْسَبَنَّ الَّذِیْنَ قُتِلُوْا فِیْ سَبِیْلِ اللہِ اَمْوَاتًا اِلٰی اٰخِرِ الْاٰیٰتِ۔

نے حکم نازل فرمایا: اور جو اللہ کی راہ میں قتل کر دیے گئے ہوں انہیں مردے خیال نہ کرو (۳: ۱۶۹)

ف: اس حدیث اور مذکورہ آیت سے معلوم ہوا کہ اللہ تعالیٰ نے شہدا کی کامیابی، ان کی زندگی، جنت میں ان کے خوش و خرم رہنے اور وہاں روزی پانے کی مسلمانوں کو خبر دیتے ہوئے فرمایا کہ انہیں مردے نہ سمجھنا۔ اور دوسری آیت میں فرمایا۔ وَلَا تَقُوْلُوْا لِمَنْ یُّقْتَلُ فِیْ سَبِیْلِ اللہِ اَمْوَاتٌ ؕ بَلْ اَحْیَآءٌ وَّلٰکِنْ لَّا تَشْعُرُوْنَ ۝ (۲: ۱۵۴)۔۔۔۔ اور نہ کہو انہیں مردے جو اللہ کی راہ میں قتل کیے جائیں، بلکہ زندہ ہیں لیکن تم کو شعور نہیں ہے۔ اس آیت میں شہداء کو مردے کہنے کی ممانعت فرمائی اور بتا دیا کہ تمہیں اگرچہ ان کی زندگی نظر نہیں آتی لیکن نہ انہیں زبان سے مُردے کہو اور نہ اُن کے متعلق دل میں ایسا خیال رکھو۔ معلوم ہونا چاہیئے کہ شہدا بھی انبیائے کرام کے اُمتی اور خادم ہوتے ہیں اور راہِ حق میں جان دینے کے باعث انہیں ایسی برزخی حیات میسّر آجاتی ہے تو حضرات انبیائے کرام جن کے صدقے ان کے خدام کو یہ شرف حاصل ہوجاتا ہے اُن کی حیات کا بھلا کون اندازہ کرسکتا ہے۔ جب کہ اہلِ دنیا کو تو شہیدوں کی زندگی کا بھی شعور نہیں۔ اسی لیے اہلِ حق یعنی اہلِ سنت و جماعت کا عقیدہ ہے کہ تمام انبیائے کرام آج بھی دنیاوی حیات کی طرح زندہ ہیں۔ اُن کی دنیاوی اور موجودہ زندگی میں یہی فرق ہے کہ ذمہ داری کا دور ختم ہوگیا تو وہ اپنے پروردگار کی بارگاہ میں حاضر ہوگئے اور دنیا والوں کی نگاہوں سے پوشیدہ ہیں۔ مسلمانوں کا ہمیشہ سے یہی اجماعی عقیدہ رہا ہے جس میں کوئی اختلاف نہیں ہے۔ ہاں جو حضرات خارجیت کی بیماری کے باعث مقامِ نبوت کی عظمت کو سرے سے تسلیم ہی نہیں کرتے تو انبیائے کرام کے علم کی بات ہو یا اختیار کی ہر فضیلت کا انکار کرنا انہوں نے اپنا شعار بنا رکھا ہے، وہ اگر حیاتِ انبیاء کا انکار کریں تو اس سے انبیائے کرام کی حیات اور مسلمانوں کے اجماعی عقیدے پر کیا اثر پڑتا ہے؟ اللہ تعالیٰ ہر مدعیِ اسلام کو قبولِ حق کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

بابٌ ۲۸۴

جنت میں کون جائیں گے

۷۴۹ ـ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا یَزِیْدُ بْنُ زُرَیْعٍ نَا عَوْفٌ حَدَّثَتْنَا حَسْنَاءُ بِنْتُ مُعَاوِیَةَ الصُّرَیْمِیَّةُ قَالَتْ حَدَّثَنَا عَمِّیْ قَالَ قُلْتُ لِلنَّبِیِّ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ فِی الْجَنَّةِ قَالَ النَّبِیُّ فِی الْجَنَّةِ وَالشَّھِیْدُ فِی الْجَنَّةِ وَالْمَوْلُوْدُ فِی الْجَنَّةِ وَالْوَئِیْدُ فِی الْجَنَّةِ۔

معاویہ صریمیہ نے اپنے چچا جان سے روایت کی ہے کہ وہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض گزار ہوئے کہ جنت میں کون ہوں گے؟ فرمایا کہ نبی جنت میں ہوں گے، شہید جنت میں ہوں گے نومولود جنت میں ہوں گے اور زندہ درگور کیے ہوئے جنت میں ہوں گے۔

بابٌ ۲۸۵ فِی الشَّھِیْدِ یُشَفَّعُ۔

شہید شفاعت کرے گا

۷۵۰ ـ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ نَا یَحْیَی بْنُ حَسَّانَ نَا الْوَلِیْدُ بْنُ رَبَاحٍ الذِّمَارِیُّ حَدَّثَنِیْ نِمْرَانُ بْنُ عُتْبَةَ الذِّمَارِیُّ قَالَ دَخَلْنَا عَلٰی اُمِّ الدَّرْدَاءِ وَنَحْنُ اَیْتَامٌ فَقَالَتْ اَبْشِرُوْا فَاِنِّیْ سَمِعْتُ اَبَا الدَّرْدَاءِ یَقُوْلُ قَالَ رَسُوْلُ اللہِ صَلَّی

نمران بن عتبہ کا بیان ہے کہ ہم حضرت اُمِّ درداء کی خدمت میں حاضر ہوئے اور ہم یتیم ہوگئے تھے۔ فرمایا تمہیں بشارت ہو کہ میں نے حضرت ابودرداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو فرماتے ہوئے سُنا ہے کہ شہید اپنے گھر والوں میں سے ستر افراد کی شفاعت کرے گا۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَشْفَعُ الشَّهِيدُ فِي سَبْعِينَ مِنْ أَهْلِ بَيْتِهِ قَالَ أَبُو دَاوُدَ صَوَابُهُ رَبَاحُ بْنُ الْوَلِيدِ۔

بَابٌ ۲۸۶ فِي النُّورِ يُرَى عِنْدَ قَبْرِ الشَّهِيدِ۔

۷۵۱۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو الرَّازِيُّ نَا سَلَمَةُ يَعْنِي ابْنَ الْفَضْلِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحٰقَ حَدَّثَنِي يَزِيدُ بْنُ رُومَانَ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ لَمَّا مَاتَ النَّجَاشِيُّ كُنَّا نَتَحَدَّثُ أَنَّهُ لَا يَزَالُ يُرَى عَلَى قَبْرِهِ نُورٌ۔

بَابٌ ۲۸۷

۷۵۲۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ أَنَا شُعْبَةُ عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ قَالَ سَمِعْتُ عَمْرَو بْنَ مَيْمُونٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ رُبَيِّعَةَ عَنْ عُبَيْدِ بْنِ خَالِدٍ السُّلَمِيِّ قَالَ آخَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَ رَجُلَيْنِ فَقُتِلَ أَحَدُهُمَا وَمَاتَ الْآخَرُ بَعْدَهُ بِجُمُعَةٍ أَوْ نَحْوِهَا فَصَلَّيْنَا عَلَيْهِ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا قُلْتُمْ فَقُلْنَا دَعَوْنَا لَهُ وَقُلْنَا اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لَهُ وَأَلْحِقْهُ بِصَاحِبِهِ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَيْنَ صَلَاتُهُ بَعْدَ صَلَاتِهِ وَصَوْمُهُ بَعْدَ صَوْمِهِ شَكَّ شُعْبَةُ فِي صَوْمِهِ وَعَمَلُهُ بَعْدَ عَمَلِهِ إِنَّ بَيْنَهُمَا كَمَا بَيْنَ السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ۔

بَابٌ ۲۸۸ فِي الْجَعَائِلِ فِي الْغَزْوِ۔

۷۵۳۔ حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُوسَى الرَّازِيُّ أَنَا ح وَنَا عَمْرُو بْنُ عُثْمَانَ نَا مُحَمَّدُ بْنُ حَرْبٍ الْمَعْنَى وَأَنَا لِحَدِيثِهِ أَتْقَنُ عَنْ أَبِي سَلَمَةَ سُلَيْمَانَ بْنِ سُلَيْمٍ عَنْ يَحْيَى بْنِ جَابِرٍ الطَّائِيِّ عَنِ ابْنِ أَخِي أَبِي أَيُّوبَ الْأَنْصَارِيِّ عَنْ أَبِي أَيُّوبَ أَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ سَتُفْتَحُ عَلَيْكُمُ الْأَمْصَارُ وَسَتَكُونُ جُنُودٌ مُجَنَّدَةٌ يُقْطَعُ

معصباتہ کا نام رباح بن ولید ہے۔

شہید کی قبر پر بارانِ نور

محمد بن عمرو الرازی، سلمہ بن الفضل، محمد بن اسحاق، یزید بن رومان، عروہ، حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا کہ جب نجاشی (شاہِ حبشہ) فوت ہو گئے تو ہم کہا کرتے کہ اُن کی قبر پر ہمیشہ نور برستا ہے۔

شہداء کے درجات

عبداللہ بن ربیعہ سے روایت ہے کہ حضرت عبید بن خالد سلمی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے دو شخصوں میں بھائی چارہ کر دیا۔ پس اُن میں سے ایک تو شہید ہو گیا اور دوسرا اس کے ایک ہفتہ یا کم و بیش دنوں کے بعد فوت ہو گیا۔ پس ہم نے اس کی نمازِ جنازہ پڑھی۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم نے اس کے لیے کیا دعا کی؟ عرض گزار ہوئے کہ ہم نے اس کے لیے دعا کرتے ہوئے کہا اے اللہ! اس کی مغفرت فرما اور اُسے اس کے ساتھی سے ملا دے۔ رسول اللہ نے فرمایا کہ اُس کی نمازوں کے بعد اسکی نمازیں اور اُسکے روزوں کے بعد اسکے روزے کہاں جائینگے؟ شعبہ کو روزے کے بارے میں شک ہے اور اس کے عملوں کے بعد اس کے عمل۔ بیشک ان دونوں کے درمیان زمین و آسمان جیسا فرق ہے۔

اُجرت لے کر جہاد کرنا

ابراہیم بن موسیٰ رازی نیز عمرو بن عثمان، محمد بن حرب، ابوسلمہ سلیمان بن سلیم، یحییٰ بن جابر طائی، ابو ایوب انصاری کے بھتیجے سے روایت ہے کہ حضرت ابو ایوب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ عنقریب تم کتنے ہی شہروں کو فتح کرو گے تو تمہارے کتنے ہی جرّار لشکر ہوں گے۔ اُن لشکروں میں فوجی دستے بنائے جائیں گے تو تم میں سے آدمی ایسے فوجی دستے میں

عَلَيْكُمْ فِيهَا بُعُوثًا فَيَكْرَهُ الرَّجُلُ مِنْكُمُ الْبَعْثَ فِيهَا فَيَتَخَلَّصُ مِنْ قَوْمِهِ ثُمَّ يَتَصَفَّحُ الْقَبَائِلَ يَعْرِضُ نَفْسَهُ عَلَيْهِمْ يَقُولُ مَنْ أَكْفِيهِ بَعْثَ كَذَا أَكْفِيهِ بَعْثَ كَذَا أَلَا وَذَلِكَ الْأَجِيرُ إِلَى آخِرِ قَطْرَةٍ مِنْ دَمِهِ۔

بَاب ٢٨ الرُّخْصَةِ فِي أَخْذِ الْجَعَائِلِ۔

٧٥٤۔ حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَسَنِ الْمِصِّيصِيُّ نَا حَجَّاجُ بْنُ مُحَمَّدٍ ح وَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ شُعَيْبٍ ابْنِ وَهْبٍ عَنِ اللَّيْثِ بْنِ سَعْدٍ عَنْ حَيْوَةَ بْنِ شُرَيْحٍ عَنِ ابْنِ شُفَيٍّ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَمْرٍو أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِلْغَازِي أَجْرُهُ وَلِلْجَاعِلِ أَجْرُهُ وَأَجْرُ الْغَازِي۔

بَاب ٢٩ فِي الرَّجُلِ يَغْزُو بِأَجْرِ الْخِدْمَةِ۔

٧٥٥۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ نَا عَبْدُ اللَّهِ ابْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي عَاصِمُ بْنُ حَكِيمٍ عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي عَمْرٍو السَّيْبَانِيِّ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ الدَّيْلَمِيِّ أَنَّ يَعْلَى ابْنَ مُنْيَةَ قَالَ آذَنَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْغَزْوِ وَأَنَا شَيْخٌ كَبِيرٌ لَيْسَ لِي خَادِمٌ فَالْتَمَسْتُ أَجِيرًا يَكْفِينِي وَأُجْرِي لَهُ سَهْمَهُ فَوَجَدْتُ رَجُلًا فَلَمَّا دَنَا الرَّحِيلُ أَتَانِي فَقَالَ مَا أَدْرِي مَا السُّهْمَانِ وَمَا يَبْلُغُ سَهْمِي فَسَمِّ لِي شَيْئًا كَانَ السَّهْمُ أَوْ لَمْ يَكُنْ فَسَمَّيْتُ لَهُ ثَلَاثَةَ دَنَانِيرَ فَلَمَّا حَضَرَتْ غَنِيمَتُهُ أَرَدْتُ أَنْ أُجْرِيَ لَهُ سَهْمَهُ فَذَكَرْتُ الدَّنَانِيرَ فَجِئْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرْتُ لَهُ أَمْرَهُ فَقَالَ مَا أَجِدُ لَهُ فِي غَزْوَتِهِ هَذِهِ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ إِلَّا دَنَانِيرَهُ الَّتِي سَمَّى۔

بَاب ٢٩ فِي الرَّجُلِ يَغْزُو وَأَبَوَاهُ كَارِهَانِ۔

٧٥٦۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ أَنَا سُفْيَانُ نَا عَطَاءُ بْنُ السَّائِبِ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَمْرٍو

شامل ہونے کو ناپسند کرے گا اور اپنی قوم سے الگ ہو جائے گا پھر دیگر قبائل پر اپنے آپ کو پیش کرکے کہ ایسی فوج میں مجھے کون رکھتا ہے جو تنہا فوج کی جگہ کام دے۔ خبردار ہو جاؤ کہ وہ مزدور ہے اور وہ اپنے خون کے آخری قطرے کی بھی اُجرت لے رہا ہے۔

اجرت لینے کی اجازت

ابراہیم بن حسن مصیصی، حجاج بن محمد، اور عبدالملک بن شعیب، ابن وہب، لیث بن سعد، حیوۃ بن شریح ابن شفی، ان کے والد ماجد نے حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: غازی کے لیے اپنا ثواب ہے اور اُسے سامان دینے والے کو بھی غازی کے برابر ثواب ہے۔

مجاہد کا خدمت کے لیے کسی کو اُجرت پر لے جانا

عبداللہ بن الدیلمی سے روایت ہے کہ حضرت یعلیٰ بن منیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے لوگوں کو جہاد پر جانے سے مطلع کیا اور میں بالکل بوڑھا تھا میرا کوئی خادم بھی نہ تھا تو میں مزدور تلاش کرنے لگا اور میں اُسے حصہ بھی دینا چاہتا تھا پس مجھے ایک آدمی مل گیا جب کوچ کرنے کا وقت آیا تو وہ میرے پاس آکر کہنے لگا میں نہیں جانتا کہ دونوں کے حصے کیا ہوں گے اور میرے حصے میں کیا آئے گا؟ آپ میرے لیے کچھ مقرر فرما دیں حصہ ہو یا نہ ہو۔ پس میں نے اُس کے تین دینار مقرر کر دیئے۔ جب مالِ غنیمت آیا تو میں نے ارادہ کیا کہ اجرت میں اس کا حصہ دوں لیکن مجھے دینار یاد آگئے۔ چنانچہ میں نبی کریم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر اس بات کا ذکر کیا تو فرمایا کہ میں اس کیلئے جہاد سے دنیا و آخرت میں کچھ نہیں پاتا مگر یہی تین دینار جو مقرر ہوئے ہیں۔

والدین کی ناراضگی کے باوجود جہاد کرنا

عطاء بن سائب کے والد ماجد حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ ایک آدمی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی

www.sirat-e-mustaqeem.com

قَالَ جَاءَ رَجُلٌ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ جِئْتُ أُبَايِعُكَ عَلَى الْهِجْرَةِ وَتَرَكْتُ أَبَوَيَّ يَبْكِيَانِ قَالَ ارْجِعْ إِلَيْهِمَا فَأَضْحِكْهُمَا كَمَا أَبْكَيْتَهُمَا۔

خدمت میں حاضر ہو کر عرض گزار ہوا۔ میں اس لیے حاضرِ خدمت ہوا ہوں کہ آپ سے ہجرت پر بیعت کروں اور میں اپنے والدین کو روتے ہوئے چھوڑ آیا ہوں۔ فرمایا کہ اُن کے پاس لوٹ جاؤ اور اُنہیں ہنساؤ جیسے انہیں رُلایا ہے۔

۷۵۷۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ أَنَا سُفْيَانُ عَنْ حَبِيبِ بْنِ أَبِي ثَابِتٍ عَنْ أَبِي الْعَبَّاسِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ جَاءَ رَجُلٌ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ أُجَاهِدُ قَالَ أَلَكَ أَبَوَانِ قَالَ نَعَمْ قَالَ فَفِيهِمَا فَجَاهِدْ قَالَ أَبُو دَاوُدَ أَبُو الْعَبَّاسِ هٰذَا الشَّاعِرُ اسْمُهُ السَّائِبُ بْنُ فَرُّوخَ۔

ابو العباس سے روایت ہے کہ حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ ایک آدمی نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر عرض گزار ہوا۔ یا رسول اللہ! میں جہاد کروں؟ فرمایا کیا تمہارے والدین ہیں؟ عرض گزار ہوا، ہاں۔ فرمایا تو تم اُن کے درمیان ہی جہاد کرو۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ ابو العباس شاعر ہے اور اُس کا نام سائب بن فروخ ہے۔

۷۵۸۔ حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ نَا عَبْدُ اللّٰهِ ابْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ أَنَّ دَرَّاجًا أَبَا السَّمْحِ حَدَّثَهُ عَنْ أَبِي الْهَيْثَمِ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ أَنَّ رَجُلًا هَاجَرَ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْيَمَنِ فَقَالَ هَلْ لَكَ أَحَدٌ بِالْيَمَنِ فَقَالَ أَبَوَايَ فَقَالَ أَذِنَا لَكَ قَالَ لَا قَالَ ارْجِعْ إِلَيْهِمَا فَاسْتَأْذِنْهُمَا فَإِنْ أَذِنَا لَكَ فَجَاهِدْ وَإِلَّا فَبِرَّهُمَا۔

ابو الہیثم نے حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ ایک آدمی یمن سے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی طرف ہجرت کر کے آیا۔ آپ نے فرمایا کہ یمن میں تمہارا کوئی ہے؟ عرض گزار ہوا کہ میرے والدین ہیں۔ فرمایا کیا اُن سے اجازت لی ہے؟ عرض کی، نہیں۔ فرمایا اُن کے پاس واپس جاؤ اور اُن سے اجازت طلب کرو۔ اگر وہ تمہیں اجازت دیں تو جہاد کرو، ورنہ اُن دونوں کے ساتھ نیکی (خدمت) کرو۔

ف۔ معلوم ہوا کہ والدین کا بڑا درجہ ہے کہ ان کی اجازت کے بغیر بیٹا جہاد نہیں کر سکتا۔ جہاد کو چھوڑا جا سکتا ہے لیکن بیٹا والدین کی خدمت کو نہ چھوڑے۔ آج کل والدین کی خدمت سے اولاد کس درجہ بے نیاز ہو چکی ہے کہ اس بات کی مطلقاً پرواہ ہی نہیں کی جاتی۔ نہیں سوچتے کہ خدا کی رضا بھی والدین کی رضامندی پر موقوف ہے اور إِنَّ الْجَنَّةَ تَحْتَ أَقْدَامِ أُمَّهَاتِكُمْ پر نظر ہی نہیں رکھی جاتی کہ جنت تو ہمارے گھروں میں موجود ہے جو والدہ کی خدمت سے حاصل ہو جائے گی۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

باب ۲۹۲ فِي النِّسَاءِ يَغْزُونَ۔

عورتوں کا جہاد میں حصہ لینا

۷۵۹۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ مُطَهَّرٍ نَا جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ أَنَسٍ قَالَ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَغْزُو بِأُمِّ سُلَيْمٍ

ثابت سے روایت ہے کہ حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جہاد میں حضرت اُمّ سلیم اور انصار کی بعض عورتوں کو لے جایا

وَنِسْوَةٍ مِنَ الْاَنْصَارِ يَسْقِيْنَ الْمَاءَ وَيُدَاوِيْنَ الْجَرْحٰى۔

باب ۲۹۳ فِي الْغَزْوِ مَعَ اَئِمَّةِ الْجَوْرِ۔

۷۶۰۔ حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ نَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ نَا جَعْفَرُ بْنُ بُرْقَانَ عَنْ يَزِيْدَ بْنِ اَبِيْ نُشْبَةَ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَلَاثٌ مِّنْ اَصْلِ الْاِيْمَانِ اَلْكَفُّ عَمَّنْ قَالَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَلَا نُكَفِّرُهٗ بِذَنْبٍ وَّلَا نُخْرِجُهٗ مِنَ الْاِسْلَامِ بِعَمَلٍ وَالْجِهَادُ مَاضٍ مُنْذُ بَعَثَنِيَ اللّٰهُ اِلٰى اَنْ يُّقَاتِلَ اٰخِرُ اُمَّتِي الدَّجَّالَ لَا يُبْطِلُهٗ جَوْرُ جَائِرٍ وَّلَا عَدْلُ عَادِلٍ وَالْاِيْمَانُ بِالْاَقْدَارِ۔

۷۶۱۔ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ نَا ابْنُ وَهْبٍ حَدَّثَنِيْ مُعَاوِيَةُ بْنُ صَالِحٍ عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ الْحَارِثِ عَنْ مَكْحُوْلٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْجِهَادُ وَاجِبٌ عَلَيْكُمْ مَعَ كُلِّ اَمِيْرٍ بَرًّا كَانَ اَوْ فَاجِرًا وَالصَّلٰوةُ وَاجِبَةٌ عَلَيْكُمْ خَلْفَ كُلِّ مُسْلِمٍ بَرًّا كَانَ اَوْ فَاجِرًا وَاِنْ عَمِلَ الْكَبَائِرَ وَالصَّلٰوةُ وَاجِبَةٌ عَلٰى كُلِّ مُسْلِمٍ بَرًّا كَانَ اَوْ فَاجِرًا وَاِنْ عَمِلَ الْكَبَائِرَ۔

باب ۲۹۴ اَلرَّجُلُ يَتَحَمَّلُ بِمَالِ غَيْرِهٖ يَغْزُوْ۔

۷۶۲۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ الْاَنْبَارِيُّ نَا عُبَيْدَةُ بْنُ حُمَيْدٍ عَنِ الْاَسْوَدِ بْنِ قَيْسٍ عَنْ نُبَيْحٍ الْعَنَزِيِّ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ حَدَّثَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ اَرَادَ اَنْ يَّغْزُوَ فَقَالَ يَا مَعْشَرَ الْمُهَاجِرِيْنَ وَالْاَنْصَارِ اِنَّ مِنْ اِخْوَانِكُمْ قَوْمًا لَّيْسَ لَهُمْ مَالٌ وَّلَا عَشِيْرَةٌ فَلْيَضُمَّ اَحَدُكُمْ اِلَيْهِ الرَّجُلَيْنِ اَوِ الثَّلَاثَةَ فَمَا لِاَحَدِنَا مِنْ ظَهْرٍ

کرتے، پانی پلاتے اور زخمیوں کی مرہم پٹی کرنے کے لیے۔

ظالم حاکم کی معیت میں جہاد کرنا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: تین باتیں ایمان کی جڑ ہیں (۱) جس نے لا الٰہ الا اللہ کہا ہے اُس کے قتل سے ہاتھ روکنا، کسی گناہ کے باعث اُس کی تکفیر نہ کرو اور کسی عمل کے باعث اُسے اسلام سے خارج نہ کہو۔ (۲) جہاد جاری ہے جب سے اللہ تعالیٰ نے مجھے مبعوث فرمایا، یہاں تک کہ میری امت کے آخری لوگ دجّال سے لڑیں گے، اسے نہ کسی ظالم کا ظلم باطل کر سکتا ہے اور نہ عادل کا عدل (۳) تقدیر پر ایمان رکھنا۔

مکحول نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جہاد تم پر واجب ہے ہر امیر کے ساتھ ہو کر خواہ وہ نیک ہو یا بد اور نماز تم پر واجب ہے ہر مسلمان کے پیچھے خواہ وہ نیک ہو یا بد اور اگرچہ کبیرہ گناہ کیے ہوں اور نماز ہر مسلمان پر واجب ہے خواہ وہ نیک ہو یا بد اور اگرچہ اُس نے کبیرہ گناہ کیے ہوں۔

دوسرے کی سواری کے سہارے جہاد کرنا

نبیح عنزی نے حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے جہاد کا ارادہ کیا تو فرمایا: اے گروہِ مہاجرین و انصار! تمہارے بھائیوں میں سے کچھ ایسے بھی ہیں جن کے پاس مال نہیں اور نہ ان کے رشتہ دار ہیں۔ پس تم میں سے ہر شخص دو یا تین آدمیوں کو اپنے ساتھ شریک کر لے اور ہم میں سے سواری والا دوسروں کی طرح اپنی ہی باری پہ سوار ہو۔ حضرت جابر کا

www.sirat-e-mustaqeem.com

www.sirat-e-mustaqeem.com

يَحْمِلُنَا الْأَعْقُبَةَ كَعُقْبَةِ يَعْنِي أَحَدَهُمْ قَالَ فَضَمَمْتُ إِلَى اثْنَيْنِ أَوْ ثَلَاثَةٍ قَالَ مَا لِي إِلَّا عُقْبَةٌ كَعُقْبَةِ أَحَدٍ مِنْ حَمْلِي۔

بیان ہے کہ میں نے اپنے ساتھ دو یا تین آدمیوں کو ملا لیا تھا اور میں دوسروں کی طرح اپنی باری پر ہی سوار ہوتا تھا۔

باب ۲۹۵ فِي الرَّجُلِ يَغْزُو يَلْتَمِسُ الْأَجْرَ وَالْغَنِيمَةَ۔

جو ثواب اور غنیمت کے لیے جہاد کرے

۷۲۳۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ نَا أَسَدُ بْنُ مُوسَى نَا مُعَاوِيَةُ بْنُ صَالِحٍ حَدَّثَنِي ضَمْرَةُ ابْنُ زُغْبٍ الْإِيَادِيُّ حَدَّثَهُ قَالَ نَزَلَ عَلَيَّ عَبْدُ اللَّهِ ابْنُ حَوَالَةَ الْأَزْدِيُّ فَقَالَ لِي بَعَثَنَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِنَغْنَمَ عَلَى أَقْدَامِنَا فَرَجَعْنَا فَلَمْ نَغْنَمْ شَيْئًا وَعَرَفَ الْجَهْدَ فِي وُجُوهِنَا فَقَامَ فِينَا فَقَالَ اللَّهُمَّ لَا تَكِلْهُمْ إِلَيَّ فَأَضْعُفَ عَنْهُمْ وَلَا تَكِلْهُمْ إِلَى أَنْفُسِهِمْ فَيَعْجِزُوا عَنْهَا وَلَا تَكِلْهُمْ إِلَى النَّاسِ فَيَسْتَأْثِرُوا عَلَيْهِمْ ثُمَّ وَضَعَ يَدَهُ عَلَى رَأْسِي أَوْ عَلَى هَامَتِي ثُمَّ قَالَ يَا ابْنَ حَوَالَةَ إِذَا رَأَيْتَ الْخِلَافَةَ قَدْ نَزَلَتْ أَرْضًا الْمُقَدَّسَةِ فَقَدْ دَنَتِ الزَّلَازِلُ وَالْبَلَابِلُ وَالْأُمُورُ الْعِظَامُ وَالسَّاعَةُ يَوْمَئِذٍ أَقْرَبُ مِنَ النَّاسِ مِنْ يَدِي هَذِهِ مِنْ رَأْسِكَ۔

ضمرہ بن زغب الایادی کا بیان ہے کہ حضرت عبداللہ بن حوالہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ اُترے اور مجھ سے فرمایا: رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ہمیں مالِ غنیمت کے لیے پیدل بھیجا۔ ہم واپس لوٹے اور ذرا بھی مالِ غنیمت ہاتھ نہ آیا۔ ہمارے چہروں پر افسردگی ملاحظہ فرما کر آپ ہمارے درمیان کھڑے ہوئے اور کہا: اے اللہ! انہیں میرے سپرد نہ کرنا کہ میں مجبور رہ جاؤں اور انہیں ان کی جانوں کے سپرد بھی نہ کرنا کہ یہ عاجز ہو جائیں اور انہیں لوگوں کے سپرد بھی نہ کرنا کہ دوسروں کو ان پر ترجیح دیں۔ پھر دستِ مبارک میرے سر پر رکھا یا میری پیشانی پر اور فرمایا: اے ابنِ حوالہ! جب تم دیکھو کہ خلافت ارضِ مقدس (شام) میں اُتر آئی ہے تو سمجھ لینا کہ زلزلے، بلبلے اور بڑے بڑے کام نزدیک آ گئے اور قیامت اُن دنوں اتنی قریب ہو گی جیسے میرا یہ ہاتھ تمہارے سر سے۔

ف۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے جو ارشاد فرمایا: يَا ابْنَ حَوَالَةَ إِذَا رَأَيْتَ الْخِلَافَةَ قَدْ نَزَلَتْ أَرْضَ الْمُقَدَّسَةِ سے مراد غالباً حضرت امام مہدی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خلافت ہے جو قیامت کے بالکل نزدیک قائم ہو گی۔ حضرت امام مہدی کی خلافت، حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا آسمانوں سے نزول اور خروجِ دجال تقریباً ایک ہی زمانے میں ہو گا اور یہ قیامت کے بالکل نزدیک ہونے کی علامتیں ہوں گی۔ جیسا کہ احادیثِ مطہرہ میں آیا ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم

باب ۲۹۶ فِي الرَّجُلِ يَشْرِي نَفْسَهُ۔

جو اپنی جان خدا کو بیچ دے۔

۷۲۴۔ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْمَاعِيلَ نَا حَمَّادٌ أَنَا عَطَاءُ بْنُ السَّائِبِ عَنْ مُرَّةَ الْهَمْدَانِيِّ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَجِبَ رَبُّنَا عَزَّ وَجَلَّ مِنْ رَجُلٍ غَزَا فِي سَبِيلِ اللَّهِ عَزَّ وَجَلَّ فَانْهَزَمَ يَعْنِي أَصْحَابَهُ فَعَلِمَ مَا عَلَيْهِ فَرَجَعَ حَتَّى أُهَرِيقَ دَمُهُ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: ہمارا رب عزوجل ایسے آدمی کو پسند فرماتا ہے جو اللہ کی راہ میں جہاد کرے اور اُس کے ساتھی بھاگ کھڑے ہوں لیکن وہ اس کے گناہ کو تصور کر کے واپس آ جائے یہاں تک کہ اُس کا خون بہا دیا جائے۔ اللہ تعالیٰ فرشتوں سے فرماتا ہے کہ میرے بندے کو دیکھو کہ میرے

www.sirat-e-mustaqeem.com

يَقُولُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ لِلْمَلٰئِكَةِ اُنْظُرُوْا اِلٰى عَبْدِيْ رَجَعَ رَغْبَةً فِيْمَا عِنْدِيْ وَشَفَقَةً مِمَّا عِنْدِيْ حَتّٰى اُهْرِيْقَ دَمُهٗ۔

اُسے جو مجھ سے ہے اور میرے پاس جو اس کی میزبانی کے لیے ہے، وہ اُسے واپس لے آئی، یہاں تک کہ اُس کا خون بہا دیا گیا۔

بَاب ۲۹۷ فِيْمَنْ يُّسْلِمُ وَيُقْتَلُ مَكَانَهٗ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى۔

جو مسلمان ہوا اور پھر راہِ خدا میں مارا گیا

۷۶۵۔ حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ اِسْمٰعِيْلَ نَا حَمَّادٌ اَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ عَمْرَو بْنَ اُقَيْشٍ كَانَ لَهٗ رِبًا فِي الْجَاهِلِيَّةِ فَكَرِهَ اَنْ يُّسْلِمَ حَتّٰى يَاْخُذَهٗ فَجَاءَ يَوْمَ اُحُدٍ فَقَالَ اَيْنَ بَنُوْ عَمِّيْ قَالُوْا بِاُحُدٍ قَالَ اَيْنَ فُلَانٌ قَالُوْا بِاُحُدٍ قَالَ اَيْنَ فُلَانٌ قَالُوْا بِاُحُدٍ فَلَبِسَ لَامَتَهٗ وَرَكِبَ فَرَسَهٗ ثُمَّ تَوَجَّهَ قِبَلَهُمْ فَلَمَّا رَاٰهُ الْمُسْلِمُوْنَ قَالُوْا اِلَيْكَ عَنَّا يَا عَمْرُو قَالَ اِنِّيْ قَدْ اٰمَنْتُ فَقَاتَلَ حَتّٰى جُرِحَ فَحُمِلَ اِلٰى اَهْلِهٖ جَرِيْحًا فَجَاءَهٗ سَعْدُ بْنُ مُعَاذٍ فَقَالَ لِاُخْتِهٖ سَلِيْهِ حَمِيَّةً لِقَوْمِكَ اَوْ غَضَبًا لَهُمْ اَمْ غَضَبًا لِلّٰهِ فَقَالَ بَلْ غَضَبًا لِلّٰهِ وَلِرَسُوْلِهٖ فَمَاتَ فَدَخَلَ الْجَنَّةَ مَا صَلّٰى لِلّٰهِ صَلٰوةً۔

ابو سلمہ نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ حضرت عمرو بن اقیش زمانۂ جاہلیت میں سود لیا کرتے تھے۔ انہوں نے اُس کی وصولی سے پہلے مسلمان ہونا ناپسند کیا، یہاں تک کہ اُسے وصول کر لیا۔ اُحد کے روز انہوں نے حاضر ہو کر کہا۔ میرا چچا زاد بھائی (حضور) کہاں ہے؟ لوگوں نے کہا کہ اُحد میں۔ پوچھا فلاں کہاں ہے؟ لوگوں نے کہا، اُحد میں۔ پوچھا فلاں کہاں ہے؟ لوگوں نے کہا اُحد میں۔ پس انہوں نے اپنی زرہ پہنی، اپنے گھوڑے پر سوار ہوئے اور اُن کی طرف متوجہ ہوئے۔ جب مسلمانوں نے انہیں دیکھا تو کہنے لگے۔ اے عمرو! ہم سے الگ رہنا۔ کہا۔ میں بھی ایمان لے آیا ہوں۔ پس لڑے اور زخمی ہو گئے تو انہیں اُن کے گھر والوں کے پاس پہنچا دیا گیا۔ حضرت سعد بن معاذ نے اپنی بہن سے فرمایا۔ ان سے پوچھو کہ یہ اپنی قوم کی حمایت میں کیا یا کافروں سے ناراض ہو کر یا اللہ کے غضب سے ڈرتے ہوئے۔ انہوں نے کہا کہ اللہ اور اس کے رسول کے غضب سے ڈرتے ہوئے۔ پس وہ فوت ہو گئے اور جنّت میں داخل ہو گئے، حالانکہ انہوں نے اللہ کے لیے ایک نماز بھی نہیں پڑھی تھی۔

ف: اس حدیث سے معلوم ہوا کہ نجات کا دار و مدار ایمان پر ہے۔ اگر نیک اعمال ایمان کا حصہ ہوتے تو حضرت عمرو بن اقیش رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے تو ایک بھی نماز نہیں پڑھی تھی اور نہ جہاد کے علاوہ کوئی اور نیک عمل کیا تھا۔ اُن کے متعلق فَمَاتَ فَدَخَلَ الْجَنَّةَ کیوں فرمایا جاتا؟ ہاں نیک اعمال ایمان کی تقویت اور حصولِ درجات کا باعث ضرور ہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

بَاب ۲۹۸ فِي الرَّجُلِ يَمُوْتُ بِسِلَاحِهٖ۔

جو اپنے ہی ہتھیار سے مر جائے

۷۶۶۔ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ نَا عَبْدُ اللّٰهِ ابْنُ وَهْبٍ اَخْبَرَنِيْ يُوْنُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ اَخْبَرَنِيْ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ اَبُوْ دَاوٗدَ قَالَ اَحْمَدُ كَذَا قَالَ هُوَ وَعَنْبَسَةُ يَعْنِي ابْنَ خَالِدٍ قَالَ اَحْمَدُ وَالصَّوَابُ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ

احمد بن صالح، عبداللہ بن وہب، یونس، ابن شہاب، عبدالرحمٰن اور عبداللہ بن کعب بن مالک۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ احمد نے ایسا ہی کہا ہے۔ کہا وہ اور عنبسہ بن خالد۔ احمد نے کہا کہ صحیح عبدالرحمٰن بن عبداللہ ہے۔ حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ غزوۂ خیبر کے روز میرے بھائی

www.sirat-e-mustaqeem.com

عَبْدِ اللّٰہِ اَنَّ سَلَمَۃَ بْنَ الْاَکْوَعِ قَالَ لَمَّا کَانَ یَوْمُ خَیْبَرَ قَاتَلَ اَخِیْ قِتَالًا شَدِیْدًا فَارْتَدَّ عَلَیْہِ سَیْفُہٗ فَقَتَلَہٗ فَقَالَ اَصْحَابُ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فِیْ ذٰلِکَ وَشَکُّوْا فِیْہِ رَجُلٌ مَاتَ بِسِلَاحِہٖ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَاتَ جَاھِدًا مُجَاھِدًا قَالَ ابْنُ شِہَابٍ ثُمَّ سَاَلْتُ ابْنًا لِسَلَمَۃَ بْنِ الْاَکْوَعِ فَحَدَّثَنِیْ عَنْ اَبِیْہِ بِمِثْلِ ذٰلِکَ غَیْرَ اَنَّہٗ قَالَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی **اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کَذَبُوْا مَاتَ جَاھِدًا مُجَاھِدًا** فَلَہٗ اَجْرُہٗ مَرَّتَیْنِ۔

۷۶۷۔ حَدَّثَنَا ھِشَامُ بْنُ خَالِدٍ نَا الْوَلِیْدُ عَنْ مُعَاوِیَۃَ بْنِ اَبِیْ سَلَّامٍ عَنْ اَبِیْہِ عَنْ جَدِّہٖ اَبِیْ سَلَّامٍ عَنْ رَجُلٍ مِّنْ اَصْحَابِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اَغَرْنَا عَلٰی حَیٍّ مِّنْ جُھَیْنَۃَ فَطَلَبَ رَجُلٌ مِّنَ الْمُسْلِمِیْنَ رَجُلًا مِّنْھُمْ فَضَرَبَہٗ فَاَخْطَاَہٗ وَاَصَابَ نَفْسَہٗ بِالسَّیْفِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَخُوْکُمْ یَا مَعْشَرَ الْمُسْلِمِیْنَ فَابْتَدَرَہُ النَّاسُ فَوَجَدُوْہُ قَدْ مَاتَ فَلَفَّہٗ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بِثِیَابِہٖ وَدِمَائِہٖ وَصَلّٰی عَلَیْہِ وَدَفَنَہٗ فَقَالُوْا یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اَشَھِیْدٌ ھُوَ قَالَ نَعَمْ وَاَنَا لَہٗ شَہِیْدٌ۔

باب ۲۹۹ الدُّعَاءِ عِنْدَ اللِّقَاءِ۔

۷۶۸۔ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ الرَّبِیْعِ نَا ابْنُ اَبِیْ مَرْیَمَ نَا مُوْسَی بْنُ یَعْقُوْبَ الزَّمْعِیُّ عَنْ اَبِیْ حَازِمٍ عَنْ سَھْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ ثِنْتَانِ لَا تُرَدَّانِ اَوْ قَلَّمَا تُرَدَّانِ الدُّعَاءُ عِنْدَ النِّدَاءِ وَعِنْدَ الْبَاْسِ حِیْنَ یُلْحِمُ بَعْضُھُمْ بَعْضًا قَالَ مُوْسٰی وَحَدَّثَنِیْ رِزْقُ بْنُ سَعِیْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ اَبِیْ حَازِمٍ عَنْ سَھْلِ

نے جان توڑ کر جہاد کیا۔ جب اپنی تلوار واپس کھینچی تو اپنی ہی تلوار سے شہید ہو گئے۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اصحاب نے اس کے متعلق گفتگو کی اور شک کیا کہ یہ ایسے آدمی تھے جن کی موت اپنے ہی ہتھیار سے واقع ہوئی۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ وہ جہاد کرتے ہوئے مجاہدانہ فوت ہوئے ہیں۔ ابن شہاب کا بیان ہے کہ پھر میں نے حضرت سلمہ بن اکوع کے صاحبزادے سے پوچھا تو انہوں نے اپنے والد ماجد کے حوالے سے مجھ سے اسی طرح حدیث بیان کی مگر یہ بھی **کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ انہوں نے کہا کہ** وہ جہاد کرتے ہوئے مجاہدانہ فوت ہوئے اور ان کے لیے دو گناہ اجر ہے۔

معاویہ بن ابو سلام کے والد ماجد نے اپنے والد محترم سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ایک صحابی نے فرمایا۔ ہم نے جہینہ کے ایک قبیلے پر حملہ کیا۔ پس مسلمانوں میں سے ایک آدمی نے ان (جہینہ) کے ایک آدمی کا قصد کیا اور اس پر ضرب لگائی لیکن وار خطا گیا اور تلوار خود اسی کو آ لگی۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس کے متعلق فرمایا۔ اے مسلمانوں کے گروہ! تمہارا بھائی۔ چنانچہ لوگ اس کی جانب لپکے لیکن وہ وفات پا چکا تھا پس رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اسے اسی کے کپڑوں میں خون سمیت لپیٹ دیا اور اس پر نماز پڑھ کر دفن کر دیا۔ لوگ عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ! کیا یہ شہید ہے؟ فرمایا۔ "ہاں اور میں اس کا گواہ ہوں۔"

تصادم کے وقت کی دعا

ابو حازم نے حضرت سہل بن سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ "دو دعائیں رد نہیں کی جاتیں یا کم ہی رد کی جاتی ہیں (۱) اذان کے وقت کی اور (۲) تصادم کے وقت جب کہ ایک دوسرے سے بھڑ جائیں۔ موسیٰ نے کہا کہ حدیث بیان کی مجھ سے رزق بن سعید بن عبدالرحمن نے ابو حازم سے، حضرت سہل بن سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم

ابْنِ سَعْدٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ وَقْتَ الْمَطَرِ۔

بَابٌ فِي مَنْ سَأَلَ اللّٰهَ الشَّهَادَةَ۔

۷۰۹۔ حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ خَالِدٍ أَبُو مَرْوَانَ وَابْنُ الْمُصَفَّى قَالَا نَا بَقِيَّةُ عَنِ ابْنِ ثَوْبَانَ عَنْ أَبِيهِ يَرُدُّ إِلَى مَكْحُولٍ إِلَى مَالِكِ ابْنِ يُخَامِرَ أَنَّ مُعَاذَ بْنَ جَبَلٍ حَدَّثَهُمْ أَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ مَنْ قَاتَلَ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ فُوَاقَ نَاقَةٍ فَقَدْ وَجَبَتْ لَهُ الْجَنَّةُ وَمَنْ سَأَلَ اللّٰهَ الْقَتْلَ مِنْ نَفْسِهِ صَادِقًا ثُمَّ مَاتَ أَوْ قُتِلَ فَإِنَّ لَهُ أَجْرَ شَهِيدٍ زَادَ ابْنُ الْمُصَفَّى مِنْ هُنَا وَمَنْ جُرِحَ جُرْحًا فِي سَبِيلِ اللّٰهِ أَوْ نُكِبَ نَكْبَةً فَإِنَّهَا تَجِيءُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ كَأَغْزَرِ مَا كَانَتْ لَوْنُهَا الزَّعْفَرَانُ وَرِيحُهَا رِيحُ الْمِسْكِ وَمَنْ خَرَجَ بِهِ خُرَاجٌ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ فَإِنَّ عَلَيْهِ طَابَعَ الشُّهَدَاءِ۔

بَابٌ فِي كَرَاهِيَةِ جَزِّ نَوَاصِي الْخَيْلِ وَأَذْنَابِهَا۔

۷۱۰۔ حَدَّثَنَا أَبُو تَوْبَةَ عَنِ الْهَيْثَمِ بْنِ حُمَيْدٍ ح و نَا خُشَيْشُ بْنُ أَصْرَمَ نَا أَبُو عَاصِمٍ جَمِيعًا عَنْ ثَوْرِ بْنِ يَزِيدَ عَنْ نَصْرٍ الْكِنَانِيِّ عَنْ رَجُلٍ وَقَالَ أَبُو تَوْبَةَ عَنْ ثَوْرِ بْنِ يَزِيدَ عَنْ شَيْخٍ مِنْ بَنِي سُلَيْمٍ عَنْ عُتْبَةَ بْنِ السُّلَمِيِّ وَهٰذَا لَفْظُهُ أَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ لَا تَقُصُّوا نَوَاصِيَ الْخَيْلِ وَلَا مَعَارِفَهَا وَلَا أَذْنَابَهَا فَإِنَّ أَذْنَابَهَا مَذَابُّهَا وَمَعَارِفَهَا دِفَاؤُهَا وَنَوَاصِيَهَا مَعْقُودٌ فِيهَا الْخَيْرُ۔

بَابٌ فِي مَا يُسْتَحَبُّ مِنْ أَلْوَانِ الْخَيْلِ۔

۷۱۱۔ حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ نَا

صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ بارش کے وقت کی دعا بھی۔

جو اللہ تعالیٰ سے شہادت مانگے

مالک بن یخامر سے روایت ہے کہ حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا۔ جو اونٹنی دوہنے کے وقفے کے برابر اللہ کی راہ میں جہاد کرے تو اُس کے لیے جنّت واجب ہو جاتی ہے اور جس نے صدقِ دل کے ساتھ اللہ تعالیٰ سے شہادت مانگی، پھر وہ مر گیا یا قتل کر دیا گیا تو اس کے لیے شہید کا ثواب ہے۔ ابن مصفٰی نے یہاں یہ بھی کہا:۔ جس کو اللہ کی راہ میں کوئی زخم آیا یا کوئی چوٹ آئی تو قیامت کے روز اُسی کے ساتھ حاضر ہو گا جب کہ اس کا رنگ زعفران جیسا اور خوشبو مشک کی طرح ہو گی اور اللہ کی راہ میں نکلے ہوئے جس شخص کو پھوڑا نکل آیا تو اس پر شہیدوں والی مُہر ہو گی۔

گھوڑوں کی پیشانی اور دم کے بال کاٹنے کی ممانعت

ابو توبہ، ہیثم بن حمید سا اور خشیش بن اصرم، ابو عاصم، ثور بن یزید، نصر کنانی، ایک آدمی۔ ابو توبہ۔ ثور بن یزید بنی سلیم کے ایک شیخ، حضرت عتبہ بن سلمی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سُنا۔ گھوڑوں کی پیشانی ایال اور دُم کے بال کترا کرو۔ کیونکہ اُن کی دُمیں مکھیاں اڑانے کے لیے ہیں۔ اُن کی ایالیں گرمی سے بچاتی ہیں اور اُن کی پیشانیاں بھلائی سے وابستہ ہیں۔

گھوڑوں کے کونسے رنگ عمدہ ہیں

عقیل بن سیب نے حضرت ابو وہب جشمی رضی اللہ

www.sirat-e-mustaqeem.com

هِشَامُ بْنُ سَعِيدٍ الطَّالَقَانِيُّ أَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُهَاجِرِ الْأَنْصَارِيُّ حَدَّثَنِي عُقَيْلُ بْنُ شَبِيبٍ عَنْ أَبِي وَهْبٍ الْجُشَمِيِّ وَكَانَتْ لَهُ صُحْبَةٌ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَيْكُمْ بِكُلِّ كُمَيْتٍ أَغَرَّ مُحَجَّلٍ أَوْ أَشْقَرَ أَغَرَّ مُحَجَّلٍ أَوْ أَدْهَمَ أَغَرَّ مُحَجَّلٍ۔

تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے جو صحابی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: تم گھوڑا رکھا کرو جس کی پیشانی سفید اور اگلے پچھلے پاؤں سفید ہوں یا پیشانی سفید اور اگلے پاؤں سفید ہوں یا پیشانی اور چاروں پاؤں سیاہ و سفید ہوں (گویا پسندیدہ گھوڑے تین قسم کے ہیں: کُمَیت، اَشقر اور اَدْہَم)۔

۷۷۲۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَوْفٍ الطَّائِيُّ نَا أَبُو الْمُغِيرَةِ نَا مُحَمَّدُ بْنُ مُهَاجِرٍ نَا عُقَيْلٌ عَنِ ابْنِ وَهْبٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَيْكُمْ بِكُلِّ أَشْقَرَ أَغَرَّ مُحَجَّلٍ أَوْ كُمَيْتٍ أَغَرَّ فَذَكَرَ نَحْوَهُ قَالَ مُحَمَّدٌ يَعْنِي ابْنَ مُهَاجِرٍ وَسَأَلْتُهُ لِمَ فُضِّلَ الْأَشْقَرُ قَالَ لِأَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَ سَرِيَّةً فَكَانَ أَوَّلُ مَا جَاءَ بِالْفَتْحِ صَاحِبَ أَشْقَرَ۔

محمد بن عوف طائی، ابوالمغیرہ، محمد بن مہاجر، عقیل، ابن وہب کا بیان ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: تم گھوڑا رکھا کرو اَشقر یعنی جس کی پیشانی اور اگلے پاؤں سفید ہوں یا کمیت یعنی جس کی پیشانی اور چاروں پاؤں سفید ہوں پھر اُسی طرح ذکر کیا۔ محمد بن مہاجر نے کہا کہ میں نے اُن (عقیل) سے پوچھا کہ اَشقر کو فضیلت کیوں ہے؟ فرمایا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک سریہ بھیجا تو سب سے پہلے جو فتح کی خوشخبری لے کر آیا وہ اَشقر گھوڑے والا تھا۔

۷۷۳۔ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مَعِينٍ نَا حُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنْ شَيْبَانَ عَنْ عِيسَى بْنِ عَلِيٍّ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُمْنُ الْخَيْلِ فِي شُقْرِهَا۔

یحییٰ بن معین، حسین بن محمد، شیبان، عیسیٰ بن علی، ان کے والد ماجد، اُن کے جدِ امجد، حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: گھوڑے کی برکت اُس کی سُرخی میں ہے۔

۷۷۴۔ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ مَرْوَانَ الرَّقِّيُّ نَا مَرْوَانُ بْنُ مُعَاوِيَةَ عَنْ أَبِي حَيَّانَ التَّيْمِيِّ نَا أَبُو زُرْعَةَ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُسَمِّي الْأُنْثَى مِنَ الْخَيْلِ فَرَسًا۔

ابوزرعہ نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم گھوڑوں میں سے گھوڑی کو بھی فرس شمار فرمایا کرتے تھے۔

بَابٌ ۳۰۔ مَا يُكْرَهُ مِنَ الْخَيْلِ۔

ناپسندیدہ گھوڑے

۷۷۵۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ أَنَا سُفْيَانُ عَنْ سَلْمٍ عَنْ أَبِي زُرْعَةَ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَكْرَهُ الشِّكَالَ مِنَ الْخَيْلِ وَالشِّكَالُ يَكُونُ الْفَرَسُ فِي رِجْلِهِ الْيُمْنَى بَيَاضٌ وَفِي يَدِهِ الْيُسْرَى أَوْ فِي يَدِهِ الْيُمْنَى وَفِي رِجْلِهِ الْيُسْرَى۔

ابوزرعہ سے روایت ہے کہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم گھوڑے کے شِکال کو ناپسند فرمایا کرتے تھے۔ شِکال یہ ہے کہ گھوڑے کا دایاں پاؤں سفید ہو اور بایاں ہاتھ یا دائیں ہاتھ اور بائیں پیر میں سفیدی ہو۔

بابٌ ۳۰ - مَا يُؤْمَرُ بِهِ مِنَ الْقِيَامِ عَلَى الدَّوَابِّ وَالْبَهَائِمِ۔

جانوروں اور مویشیوں کی خبر گیری کا حکم

۷۷۶۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ النُّفَيْلِيُّ نَا مِسْكِينٌ يَعْنِي ابْنَ بُكَيْرٍ نَا مُحَمَّدُ بْنُ مُهَاجِرٍ عَنْ رَبِيعَةَ بْنِ يَزِيدَ عَنْ أَبِي كَبْشَةَ السَّلُولِيِّ عَنْ سَهْلِ بْنِ الْحَنْظَلِيَّةِ قَالَ مَرَّ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِبَعِيرٍ قَدْ لَحِقَ ظَهْرُهُ بِبَطْنِهِ قَالَ اتَّقُوا اللّٰهَ فِي هٰذِهِ الْبَهَائِمِ الْمُعْجَمَةِ فَارْكَبُوهَا صَالِحَةً وَكُلُوهَا صَالِحَةً۔

عبداللہ بن محمد النفیلی، مسکین بن بکیر، محمد بن مہاجر، ربیعہ بن یزید، ابوکبشہ سلولی، حضرت سہل بن حنظلیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا گزر ایک اونٹ کے پاس سے ہوا جس کی کمر اس کے پیٹ سے لگی ہوئی تھی۔ فرمایا۔ اللہ سے ڈرو، ان بے زبان جانوروں کے بارے میں۔ ان پر اچھی طرح سوار ہوا کرو اور انہیں اچھی طرح کھلایا کرو۔

ف۔ رحمتِ دو عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی پاکیزہ تعلیمات پر قربان کہ آپ نے بے زبان جانوروں کے ساتھ بھی نیکی، نرمی اور اچھا سلوک کرنے کی تاکید فرمائی حالانکہ انسان تو پھر انسان ہے۔ حدیثِ پاک میں آیا ہے۔ لَا يَرْحَمُ اللّٰهُ مَنْ لَا يَرْحَمُ جو دوسروں پر رحم نہیں کرتا اس پر رحم نہیں کیا جائے گا۔ اللہ تعالیٰ کی رحمت کے مستحق وہی ہیں جو دوسروں پر رحم کرتے ہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

۷۷۷۔ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْمَاعِيلَ نَا مَهْدِيٌّ نَا ابْنُ أَبِي يَعْقُوبَ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ سَعْدٍ مَوْلَى الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جَعْفَرٍ قَالَ أَرْدَفَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَلْفَهُ ذَاتَ يَوْمٍ فَأَسَرَّ إِلَيَّ حَدِيثًا لَا أُحَدِّثُ بِهِ أَحَدًا مِنَ النَّاسِ وَكَانَ أَحَبَّ مَا اسْتَتَرَ بِهِ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِحَاجَتِهِ هَدَفًا أَوْ حَائِشَ نَخْلٍ قَالَ فَدَخَلَ حَائِطًا لِرَجُلٍ مِنَ الْأَنْصَارِ فَإِذَا جَمَلٌ فَلَمَّا رَأَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَنَّ وَذَرَفَتْ عَيْنَاهُ فَأَتَاهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَمَسَحَ ذِفْرَاهُ فَسَكَتَ فَقَالَ مَنْ رَبُّ هٰذَا الْجَمَلِ لِمَنْ هٰذَا الْجَمَلُ فَجَاءَ فَتًى مِنَ الْأَنْصَارِ فَقَالَ لِي يَا رَسُولَ اللّٰهِ فَقَالَ أَفَلَا تَتَّقِي اللّٰهَ فِي هٰذِهِ الْبَهِيمَةِ الَّتِي مَلَّكَكَ اللّٰهُ إِيَّاهَا فَإِنَّهُ شَكَا إِلَيَّ أَنَّكَ تُجِيعُهُ وَتُدْئِبُهُ۔

سعد مولیٰ حسن بن علی سے روایت ہے کہ حضرت عبداللہ بن جعفر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا کہ ایک روز رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مجھے اپنے پیچھے سواری پر بٹھایا اور آہستہ سے مجھ سے ایک بات کہی اور فرمایا کہ لوگوں میں سے یہ کسی کو نہ بتانا۔ اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو تقاضائے حاجت کے وقت پردے کی غرض سے دو قسم کی جگہیں پسند تھیں۔ اونچی جگہ کی آڑ یا درختوں کا جھنڈ۔ اُن کا بیان ہے کہ آپ ایک انصاری کے باغ میں داخل ہوئے تو وہاں ایک اونٹ تھا۔ جب اُس نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو دیکھا تو رویا اور اُس کی آنکھوں سے آنسو بہہ نکلے۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اس کے پاس تشریف لے گئے اور اُس کے سر پر دستِ مبارک پھیرا تو وہ خاموش ہو گیا۔ فرمایا کہ اس اونٹ کا مالک کون ہے اور یہ کس کا ہے؟ پس انصار میں سے ایک نوجوان آکر عرض گزار ہوا۔ یا رسول اللہ میرا ہے۔ فرمایا کہ تم اس بے زبان جانور کے بارے میں اللہ سے نہیں ڈرتے جس کا خدا نے تمہیں مالک بنایا ہے؟ اس نے مجھ سے شکایت کی ہے کہ تم اسے بھوکا رکھتے اور بہت زیادہ کام لیتے ہو۔

www.sirat-e-mustaqeem.com

ف۔ اس حدیث سے جہاں بے زبان جانوروں کے ساتھ اچھا سلوک کرنے کی ہدایت ملی وہاں یہ بھی معلوم ہوا کہ سرورِ کون و مکان صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جانوروں کی بولی بھی سمجھ لیا کرتے تھے۔ دوسری بات یہ معلوم ہوئی کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب کو مرجعِ خلائق اور سب کا فریاد رس بنایا ہے۔ اسی لیے تو اونٹ نے آپ کے حضور اپنے مالک کی شکایت کی تھی۔ تیسری بات یہ معلوم ہوئی کہ رحمتِ دوعالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو بے زبان جانور اور بے جان چیزیں بھی پہچانتی تھیں کہ یہ اللہ تبارک وتعالیٰ کے خلیفۂ اعظم اور رحمۃ للعالمین ہیں۔ اسی لیے آپ کے حضور فریادیں پیش کرتے، آپ کے سامنے سجدہ ریز ہوتے، آپ کے بلانے پر حاضر ہوجاتے، آپ کا کلمہ پڑھتے اور آپ کی بارگاہ میں صلوٰۃ و سلام عرض کیا کرتے تھے۔ پروردگارِ عالم نے جانوروں اور بے جان چیزوں میں بھی اپنی معرفت کے ساتھ اپنے محبوب کی معرفت رکھی ہے اور وہ آپ کے منصبِ رفیع کو پہچانتے ہیں۔ کیونکہ سب کی تخلیق آپ کے نور سے ہوئی ہے اور کُلُّ شَیْئٍ یَرْجِعُ اِلٰی اَصْلِہٖ۔ انسان اشرف مخلوق میں پیدا ہوکر حبیبِ پروردگار کے منصب کو نہ پہچانے بلکہ ان کی عظمت و رفعت کا انکار کرے تو اُولٰٓئِکَ کَالْاَنْعَامِ بَلْ ھُمْ اَضَلُّ۔ (۷: ۱۷۹) کا مصداق ہوگا یا نہیں؟ اللہ تعالیٰ تمام مدعیانِ اسلام کو سچی ہدایت فرمائے اور سب کو صراطِ مستقیم پر چلائے، آمین۔

۷۸ ۷۷۸۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰہِ بْنُ مَسْلَمَۃَ الْقَعْنَبِیُّ عَنْ مَالِکٍ عَنْ سُمَیٍّ مَوْلٰی اَبِیْ بَکْرٍ عَنْ اَبِیْ صَالِحٍ السَّمَّانِ عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ بَیْنَمَا رَجُلٌ یَمْشِیْ بِطَرِیْقٍ فَاشْتَدَّ عَلَیْہِ الْعَطَشُ فَوَجَدَ بِئْرًا فَنَزَلَ فِیْھَا فَشَرِبَ ثُمَّ خَرَجَ فَاِذَا کَلْبٌ یَلْھَثُ یَاْکُلُ الثَّرٰی مِنَ الْعَطَشِ فَقَالَ الرَّجُلُ لَقَدْ بَلَغَ ھٰذَا الْکَلْبُ مِنَ الْعَطَشِ مِثْلُ الَّذِیْ کَانَ بَلَغَنِیْ فَنَزَلَ الْبِئْرَ فَمَلَاَ خُفَّہٗ فَاَمْسَکَہٗ بِفِیْہِ حَتّٰی رَقِیَ فَسَقَی الْکَلْبَ فَشَکَرَ اللّٰہُ لَہٗ فَغَفَرَ لَہٗ قَالُوْا یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ وَاِنَّ لَنَا فِی الْبَھَائِمِ لَاَجْرًا قَالَ فِیْ کُلِّ ذَاتِ کَبِدٍ رَطْبَۃٍ اَجْرٌ۔

ابوصالح سمان نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ ایک شخص راستے میں جا رہا تھا کہ اسے شدت کی پیاس لگی۔ اس نے ایک کنواں دیکھا تو اس میں اُتر کر پانی پی لیا۔ جب وہ باہر نکلا تو ایک کتا مارے پیاس کے کیچڑ چاٹ رہا تھا۔ اس آدمی نے دل میں سوچا کہ اس کتے کی بھی پیاس سے وہی حالت ہوگی جو میری ہوئی تھی، لہٰذا وہ کنوئیں میں اُترا، اپنے موزے میں پانی بھرا اُسے منہ سے پکڑا اور باہر نکل آیا اور کتے کو پانی پلا دیا۔ اللہ تعالیٰ نے اس عمل کو قبول فرمایا اور اُسے بخش دیا۔ لوگ عرض گزار ہوئے یارسول اللہ! جانوروں کے ساتھ نیکی کرنے میں ہمارے لیے ثواب ہے؟ فرمایا کہ ہر جاندار کے ساتھ نیکی کرنے کا ثواب ہے۔

بَابٌ ۳۰۵ فِیْ نُزُوْلِ الْمَنَازِلِ۔

منزلوں پر اُترنا

۷۷۹۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰی حَدَّثَنِیْ مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ نَا شُعْبَۃُ عَنْ حَمْزَۃَ الضَّبِّیِّ قَالَ سَمِعْتُ اَنَسَ بْنَ مَالِکٍ قَالَ کُنَّا اِذَا نَزَلْنَا مَنْزِلًا لَا نُسَبِّحُ حَتّٰی نَحُلَّ الرِّحَالَ۔

حمزہ ضبی نے سنا ہے کہ حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: جب ہم کسی منزل پر اترتے تو نماز نہ پڑھتے جب تک کجاؤں کو اونٹوں کے اوپر سے اُتار نہ لیتے۔

www.sirat-e-mustaqeem.com

بَابٌ ۳۰۶ فِي تَقْلِيدِ الْخَيْلِ بِالْأَوْتَارِ

۷۸۰۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ الْقَعْنَبِيُّ عَنْ مَالِكٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي بَكْرِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ حَزْمٍ عَنْ عَبَّادِ بْنِ تَمِيمٍ أَنَّ أَبَا بَشِيرٍ الْأَنْصَارِيَّ أَخْبَرَهُ أَنَّهُ كَانَ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي بَعْضِ أَسْفَارِهِ قَالَ فَأَرْسَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَسُولًا قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَبِي بَكْرٍ حَسِبْتُ أَنَّهُ قَالَ وَالنَّاسُ فِي مَبِيتِهِمْ لَا تَبْقَيَنَّ فِي رَقَبَةِ بَعِيرٍ قِلَادَةٌ مِنْ وَتَرٍ وَلَا قِلَادَةٌ إِلَّا قُطِعَتْ قَالَ مَالِكٌ أُرَى أَنَّ ذٰلِكَ مِنْ أَجْلِ الْعَيْنِ۔

گھوڑوں کو تانت والے ہار پہنانا

عباد بن تمیم کو حضرت ابوبشیر انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بتایا کہ سفر میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ تھے تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے انہیں پیغام دے کر بھیجا۔ عبداللہ بن ابوبکر نے کہا کہ آپ نے فرمایا جب کہ لوگ اپنی خوابگاہوں میں تھے کہ کسی اونٹ کی گردن میں تانت کا گنڈا باقی نہ رکھا جائے اور نہ کوئی اور گنڈا۔ امام مالک نے فرمایا کہ وہ نظر بد سے بچانے کی غرض سے گردنوں میں گنڈے ڈالتے ہوں گے۔

بَابٌ ۳۰۷ فِي إِكْرَامِ الْخَيْلِ وَارْتِبَاطِهَا

۷۸۱۔ حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ نَا هِشَامُ بْنُ سَعِيدٍ الطَّالَقَانِيُّ أَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُهَاجِرِ حَدَّثَنِي عُقَيْلُ بْنُ شَبِيبٍ عَنْ أَبِي وَهْبٍ الْجُشَمِيِّ وَكَانَتْ لَهُ صُحْبَةٌ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ارْتَبِطُوا الْخَيْلَ وَامْسَحُوا بِنَوَاصِيهَا وَأَعْجَازِهَا أَوْ قَالَ أَكْفَالِهَا وَقَلِّدُوهَا وَلَا تُقَلِّدُوهَا الْأَوْتَارَ۔

گھوڑوں کی مناسب دیکھ بھال

عقیل بن شبیب نے حضرت ابن وہب جشمی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے جنہیں حضور کی صحبت کا شرف حاصل ہو گیا تھا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ گھوڑوں کو باندھ کر رکھا کرو۔ نیز اُن کی پیشانیوں اور پشتوں پر ہاتھ پھیرا کرو یا اَعْجَازِهَا کی جگہ اَكْفَالِهَا فرمایا اور انہیں ہار پہنایا کرو لیکن اُن کے گلے میں تانت کا ہار نہ ڈالا کرو۔

بَابٌ ۳۰۸ فِي تَعْلِيقِ الْأَجْرَاسِ

۷۸۲۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا يَحْيٰى عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ عَنْ نَافِعٍ عَنْ سَالِمٍ عَنْ أَبِي الْجَرَّاحِ مَوْلٰى أُمِّ حَبِيبَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تَصْحَبُ الْمَلَائِكَةُ رُفْقَةً فِيهَا جَرَسٌ۔

گھنٹی لٹکانے کا بیان

ابوالجراح مولیٰ اُمّ حبیبہ نے حضرت اُمّ حبیبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ فرشتے (رحمت کے) اُن لوگوں کے ساتھ نہیں رہتے جن کے درمیان گھنٹی ہو۔

۷۸۳۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ يُونُسَ نَا زُهَيْرٌ نَا سُهَيْلُ بْنُ أَبِي صَالِحٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَصْحَبُ الْمَلَائِكَةُ رُفْقَةً فِيهَا

سہیل بن ابوصالح کے والد ماجد نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ فرشتے (رحمت کے) اُن لوگوں کے ساتھ نہیں رہتے جن کے درمیان گھنٹی یا کتا

www.sirat-e-mustaqeem.com

جَرَسٌ اَوْ كَلْبٌ۔

۷۸۴۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ نَا اَبُوْبَكْرٍ ابْنُ اَبِىْ اُوَيْسٍ حَدَّثَنِىْ سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ عَبْدِالرَّحْمٰنِ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ اَنَّ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فِى الْجَرَسِ مِزْمَارُ الشَّيْطَانِ۔

بَابُ ۳۰۹ فِىْ رُكُوْبِ الْجَلَّالَةِ۔

۷۸۵۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا عَبْدُالْوَارِثِ عَنْ اَيُّوْبَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ نَهٰى عَنْ رُكُوْبِ الْجَلَّالَةِ۔

۷۸۶۔ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِىْ سُرَيْجٍ الرَّازِىُّ اَخْبَرَنِىْ عَبْدُاللّٰهِ بْنُ الْجَهْمِ نَا عَمْرٌو يَعْنِى ابْنَ اَبِىْ قَيْسٍ عَنْ اَيُّوْبَ السَّخْتِيَانِىِّ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْجَلَّالَةِ فِى الْاِبِلِ اَنْ يُّرْكَبَ عَلَيْهَا۔

بَابُ ۳۱۰ فِى الرَّجُلِ يُسَمِّىْ دَابَّتَهٗ۔

۷۸۷۔ حَدَّثَنَا هَنَّادُ بْنُ السَّرِىِّ عَنْ اَبِى الْاَحْوَصِ عَنْ اَبِىْ اِسْحٰقَ عَنْ عَمْرِو بْنِ مَيْمُوْنٍ عَنْ مُعَاذٍ قَالَ كُنْتُ رِدْفَ النَّبِىِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى حِمَارٍ يُقَالُ لَهٗ عُفَيْرٌ۔

بَابُ ۳۱۱ فِى النِّدَاءِ عِنْدَ النَّفِيْرِ يَا خَيْلَ اللّٰهِ ارْكَبِىْ۔

۷۸۸۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ دَاوٗدَ بْنِ سُفْيٰنَ حَدَّثَنِىْ يَحْيَى بْنُ حَسَّانَ اَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ مُوْسٰى اَبُوْدَاوٗدَ نَا جَعْفَرُ بْنُ سَعْدِ بْنِ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ حَدَّثَنِىْ خُبَيْبُ بْنُ سُلَيْمَانَ بْنِ سَمُرَةَ عَنْ سَمُرَةَ ابْنِ جُنْدُبٍ اَمَّا بَعْدُ فَاِنَّ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَمّٰى خَيْلَنَا خَيْلَ اللّٰهِ اِذَا فَزِعْنَا وَكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَاْمُرُنَا اِذَا فَزِعْنَا

ہو۔

علاء بن عبدالرحمٰن کے والد ماجد نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ گھنٹی کے اندر شیطان کا باجا ہے۔

فضلہ خور جانور پر سوار ہونا

نافع نے حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ انہوں نے فضلہ خور جانور پر سوار ہونے سے منع فرمایا۔

احمد بن ابو سریج الرازی، عبداللہ بن جہم، عمرو بن ابو قیس، ایوب سختیانی، نافع، حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فضلہ خور اونٹ پر سوار ہونے سے منع فرمایا ہے۔

اپنی سواری کا نام رکھنا

ہناد بن سری، ابوالاحوص، ابواسحاق، عمرو بن میمون

حضرت معاذ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ میں گدھے پر نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پیچھے بیٹھا جس کا نام عفیر تھا۔

کوچ کے وقت پکارنا کہ اے اللہ کے فوجیو! سوار ہو جاؤ

محمد بن داؤد بن سفیان، یحییٰ بن حسان، سلیمان بن موسیٰ ابوداؤد، جعفر بن سعد بن سمرہ بن جندب، خبیب بن سلیمان بن سمرہ سے روایت ہے کہ حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا، اما بعد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ہمارے لشکر کا نام اللہ کا لشکر رکھا اور جب ہم فارغ ہو جاتے تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہمیں حکم فرماتے کہ جب فارغ ہو جاؤ تو اکٹھے اور صبر و سکون سے رہنا اور اسی طرح جب

www.sirat-e-mustaqeem.com

بِالْجَمَاعَةِ وَالصَّبْرِ وَالسَّكِينَةِ إِذَا قَاتَلْنَا۔

ہم مصروف کارزار ہوتے۔

باب ۳۱۲ النَّهْيِ عَنْ لَعْنِ الْبَهِيمَةِ۔

جانور پر لعنت کرنے کی ممانعت

۷۸۹۔ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ نَا حَمَّادٌ عَنْ أَيُّوبَ عَنْ أَبِي قِلَابَةَ عَنْ أَبِي الْمُهَلَّبِ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ فِي سَفَرٍ فَسَمِعَ لَعْنَةً فَقَالَ مَا هٰذِهِ قَالُوا هٰذِهِ فُلَانَةُ لَعَنَتْ رَاحِلَتَهَا فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ضَعُوا عَنْهَا فَإِنَّهَا مَلْعُونَةٌ فَوَضَعُوا عَنْهَا قَالَ عِمْرَانُ فَكَأَنِّي أَنْظُرُ إِلَيْهَا نَاقَةً وَرْقَاءَ۔

ابوالمہلب نے حضرت عمران بن حصین رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سفر میں تھے تو آپ نے لعنت کرنے کی آواز سنی۔ فرمایا کیا ہے؟ لوگوں نے عرض کیا کہ فلاں اپنے اونٹ پر لعنت کر رہا ہے۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اس کے اوپر سے بوجھ اتار لو کیونکہ وہ ملعون ہے۔ پس انہوں نے سامان اتار لیا۔ حضرت عمران نے فرمایا کہ گویا میں اب بھی اُس سیاہی مائل اونٹنی کی طرف دیکھ رہا ہوں۔

باب ۳۱۳ فِي التَّحْرِيشِ بَيْنَ الْبَهَائِمِ۔

جانوروں کو آپس میں لڑانا

۷۹۰۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ أَخْبَرَنِي يَحْيَى بْنُ آدَمَ عَنْ قُطْبَةَ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ سِيَاهٍ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ أَبِي يَحْيَى الْقَتَّاتِ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ نَهَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ التَّحْرِيشِ بَيْنَ الْبَهَائِمِ۔

محمد بن علاء، یحییٰ بن آدم، قطبہ بن عبدالعزیز بن سیاہ، اعمش، ابو یحییٰ قتات، مجاہد، حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے جانوروں کو آپس میں لڑانے سے منع فرمایا ہے۔

ف۔ تفریح طبع کے لیے جانوروں کو آپس میں لڑانا اُن پر ظلم و زیادتی ہے۔ فرمانِ رسالت کے تحت مرغوں، بٹیروں، کبوتروں، مینڈھوں اور سانڈوں کو آپس میں لڑانا منع ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

باب ۳۱۴ فِي وَسْمِ الدَّوَابِّ۔

جانوروں پر نشانی لگانا

۷۹۱۔ حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ نَا شُعْبَةُ عَنْ هِشَامِ بْنِ زَيْدٍ عَنْ أَنَسٍ قَالَ أَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِأَخٍ لِي حِينَ وُلِدَ لِيُحَنِّكَهُ فَإِذَا هُوَ فِي مِرْبَدٍ يَسِمُ غَنَمًا أَحْسِبُهُ قَالَ فِي آذَانِهَا۔

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ میں تحنیک کے لیے اپنے بھائی کو لے کر نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا جبکہ وہ پیدا ہوا تھا۔ اس وقت آپ رواڑے میں بکریوں کو نشانیاں لگا رہے تھے۔ غالباً اُن کے کانوں پر۔

باب ۳۱۵ النَّهْيِ عَنِ الْوَسْمِ فِي الْوَجْهِ وَالضَّرْبِ فِي الْوَجْهِ۔

چہرے پر نشانی لگانے اور مارنے کی ممانعت

۷۹۲۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ أَنَا سُفْيَانُ عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُرَّ عَلَيْهِ بِحِمَارٍ قَدْ وُسِمَ فِي وَجْهِهِ فَقَالَ

ابوالزبیر نے حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پاس سے ایک گدھا گزرا جس کے چہرے پر داغ لگایا ہوا تھا۔ فرمایا کیا

www.sirat-e-mustaqeem.com

أَمَا بَلَغَكُمْ أَنِّي قَدْ لَعَنْتُ مَنْ وَسَمَ الْبَهِيمَةَ فِي وَجْهِهَا أَوْ ضَرَبَهَا فِي وَجْهِهَا فَنَهَى عَنْ ذَلِكَ.

تمہیں یہ بات نہیں پہنچی کہ میں نے اُس پر لعنت کی ہے جو جانور کے چہرے پر داغ لگائے یا اسکے چہرے پر مارے اور ایسا کرنے سے منع فرمایا۔

بَابٌ ۳۱۶ فِي كَرَاهِيَةِ الْحُمُرِ تُنْزَى عَلَى الْخَيْلِ.

گدھے کو گھوڑی پر چڑھانے میں کراہیت ہے۔

۷۹۳۔ حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ نَا اللَّيْثُ عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي حَبِيبٍ عَنْ أَبِي الْخَيْرِ عَنِ ابْنِ زُرَيْرٍ عَنْ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ قَالَ أُهْدِيَتْ لِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَغْلَةٌ فَرَكِبَهَا فَقَالَ عَلِيٌّ لَوْ حَمَلْنَا الْحَمِيرَ عَلَى الْخَيْلِ فَكَانَتْ لَنَا مِثْلُ هَذِهِ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّمَا يَفْعَلُ ذَلِكَ الَّذِينَ لَا يَعْلَمُونَ.

ابن زریر سے روایت ہے کہ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں ہدیہ کے طور پر ایک خچر پیش کیا گیا تو آپ اُس پر سوار ہوئے۔ پس حضرت علی نے کہا کہ کیوں نہ ہم بھی گدھے کو گھوڑی پر چڑھایا کریں تاکہ ہمیں بھی یہ چیز حاصل ہو۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ایسا کام وہ لوگ کرتے ہیں جو بے خبر ہیں۔

بَابٌ ۳۱۷ فِي رُكُوبِ ثَلَاثَةٍ عَلَى دَابَّةٍ.

تین آدمیوں کا ایک جانور پر سوار ہونا

۷۹۴۔ حَدَّثَنَا أَبُو صَالِحٍ مَحْبُوبُ بْنُ مُوسَى نَا أَبُو إِسْحَاقَ الْفَزَارِيُّ عَنْ عَاصِمِ بْنِ سُلَيْمَانَ عَنْ مُوَرِّقٍ يَعْنِي الْعِجْلِيَّ حَدَّثَنِي عَبْدُ اللَّهِ بْنُ جَعْفَرٍ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا قَدِمَ مِنْ سَفَرٍ اسْتُقْبِلَ بِنَا فَأَيُّنَا اسْتُقْبِلَ أَوَّلًا جَعَلَهُ أَمَامَهُ فَاسْتُقْبِلَ بِي فَحَمَلَنِي أَمَامَهُ ثُمَّ اسْتُقْبِلَ بِحَسَنٍ أَوْ حُسَيْنٍ فَجَعَلَهُ خَلْفَهُ فَدَخَلْنَا الْمَدِينَةَ وَإِنَّا لَكَذَلِكَ.

مورق عجلی سے روایت ہے کہ حضرت عبداللہ بن جعفر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا۔ جب نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سفر سے واپس تشریف لاتے تو لوگ ہمیں استقبال کے لیے لے جاتے جو استقبال کرنے والوں میں سب سے آگے ہوتا آپ اُسے اپنے آگے بٹھا لیتے۔ پس میرے ساتھ استقبال کیا گیا تو مجھے اپنے آگے بٹھا لیا۔ پھر حسن اور حسین نے استقبال کیا تو انہیں اپنے پیچھے بٹھا لیا۔ پس ہم مدینہ منورہ میں اسی طرح داخل ہوئے۔

بَابٌ ۳۱۸ فِي الْوُقُوفِ عَلَى الدَّابَّةِ.

سواری پر بیکار لدے رہنا

۷۹۵۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ نَجْدَةَ نَا ابْنُ عَيَّاشٍ عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي عَمْرٍو السَّيْبَانِيِّ عَنْ أَبِي مَرْيَمَ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِيَّاكُمْ أَنْ تَتَّخِذُوا ظُهُورَ دَوَابِّكُمْ مَنَابِرَ فَإِنَّ اللَّهَ إِنَّمَا سَخَّرَهَا لَكُمْ لِتُبَلِّغَكُمْ إِلَى بَلَدٍ لَمْ تَكُونُوا بَالِغِيهِ إِلَّا بِشِقِّ الْأَنْفُسِ وَجَعَلَ لَكُمُ الْأَرْضَ فَعَلَيْهَا فَاقْضُوا حَاجَاتِكُمْ.

ابو مریم نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جانوروں کی پیٹھوں کو منبر بنانے سے بچتے رہو کیونکہ اللہ تعالیٰ نے انہیں تمہارے لیے مطیع کر دیا ہے تاکہ تمہیں کسی شہر تک پہنچا دیں، جہاں تم نہیں پہنچ سکتے تھے مگر جان کھپا کر اور تمہارے لیے زمین کو بنایا ہے کہ اپنی ضرورتیں اُس پر پوری کیا کرو۔

www.sirat-e-mustaqeem.com

باب ٣١ فِي الْجَنَائِبِ.

٧٩٦ - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ نَا ابْنُ أَبِي فُدَيْكٍ حَدَّثَنِي عَبْدُ اللهِ بْنُ أَبِي يَحْيَى عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي هِنْدٍ قَالَ قَالَ أَبُو هُرَيْرَةَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَكُونُ إِبِلٌ لِلشَّيَاطِينِ وَبُيُوتٌ لِلشَّيَاطِينِ فَأَمَّا إِبِلُ الشَّيَاطِينِ فَقَدْ رَأَيْتُهَا يَخْرُجُ أَحَدُكُمْ بِجُنَيْبَاتٍ مَعَهُ قَدْ أَسْمَنَهَا فَلَا يَعْلُو بَعِيرًا مِنْهَا وَيَمُرُّ بِأَخِيهِ قَدِ انْقَطَعَ بِهِ فَلَا يَحْمِلُهُ وَأَمَّا بُيُوتُ الشَّيَاطِينِ فَلَمْ أَرَهَا كَانَ سَعِيدٌ يَقُولُ لَا أُرَاهَا إِلَّا هٰذِهِ الْأَقْفَاصَ الَّتِي يَسْتُرُ النَّاسُ بِالدِّيبَاجِ.

کوتل اونٹوں کا بیان

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ بعض اونٹ شیطانوں کے لیے ہوتے ہیں اور بعض گھر شیطانوں کے لیے ہوتے ہیں۔ پس شیطانوں کے اونٹ تو میں نے دیکھے ہیں کہ تم میں سے کوئی کوتل اونٹوں کو لے کر نکلتا ہے اور ان میں سے کسی اونٹ پر سواری نہیں کرتا۔ اپنے بھائی کے پاس سے گزرتا ہے جو چلنے سے عاجز ہو گیا ہے لیکن اُسے سوار نہیں کرتا اور شیطان کے گھر میں نے نہیں دیکھے۔ سعید بن ابو ہند کہا کرتے میرے خیال میں ایسے گھر وہ ہودج ہیں جن پر لوگ ریشمی پردے ڈالتے ہیں۔

ف۔ معلوم ہوا کہ جن چیزوں سے آدمی خود فائدہ حاصل نہیں کرتا اور نہ اُن کے ذریعے دوسروں کو فائدہ پہنچاتا ہے وہ انسان کے نہیں بلکہ شیطان کے حصے کی ہیں۔ انسان کو چاہیئے کہ قدرت نے اُسے جو نعمتیں عطا فرمائی ہیں ان سے خود بھی فائدہ حاصل کرے اور دوسروں کو بھی اُن سے فائدہ پہنچانے کی کوشش کرے کہ یہ شکر گزاری کا راستہ ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

باب ٣٢ فِي سُرْعَةِ السَّيْرِ.

٧٩٧ - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْمٰعِيلَ نَا حَمَّادٌ أَنَا سُهَيْلُ بْنُ أَبِي صَالِحٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِذَا سَافَرْتُمْ فِي الْخِصْبِ فَأَعْطُوا الْإِبِلَ حَقَّهَا وَإِذَا سَافَرْتُمْ فِي الْجَدْبِ فَأَسْرِعُوا السَّيْرَ فَإِذَا أَرَدْتُمُ التَّعْرِيسَ فَتَنَكَّبُوا عَنِ الطَّرِيقِ.

٧٩٨ - حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ نَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ أَنَا هِشَامٌ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَ هٰذَا قَالَ بَعْدَ قَوْلِهِ حَقَّهَا وَلَا تَعْدُوا الْمَنَازِلَ.

جلدی چلنے کا بیان

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جب تم فراوانی میں سفر کرو تو اونٹوں کو اُن کا حق دیا کرو اور جب تم قحط سالی میں سفر کرو تو سفر طے کرنے میں جلدی کرو اور جب رات کو اُترنے کا ارادہ کرو تو راستے سے ہٹ کر ٹھہرا کرو۔

حسن نے حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ پھر اسی طرح روایت کی۔ راوی کا بیان ہے کہ ارشادِ گرامی حَقَّهَا کے بعد فرمایا۔ اور منزل سے آگے نہ بڑھا کرو۔

باب ٣٣ فِي الدُّلْجَةِ.

٧٩٩ - حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ نَا خَالِدُ بْنُ يَزِيدَ نَا أَبُو جَعْفَرٍ الرَّازِيُّ عَنِ الرَّبِيعِ بْنِ أَنَسٍ

اندھیرے میں چلنا

ربیع بن انس نے حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ اندھیرے

www.sirat-e-mustaqeem.com

عَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عَلَیْکُمْ بِالدُّلْجَۃِ فَاِنَّ الْاَرْضَ تُطْوٰی بِاللَّیْلِ۔

میں چلنے کو ضروری ٹھہرالو کیونکہ رات کو سفر زیادہ طے ہوتا ہے۔

ف۔ درحقیقت یہ تلقین اس زمانے کے لیے تھی جب قافلوں کی صورت میں اونٹوں وغیرہ پر سوار ہو کر دور دراز کے سفر مدتوں میں طے کیے جاتے تھے۔ اب وہ سفر تو نہیں رہے لہٰذا رات کو سفر زیادہ طے ہونے کی بات بھی نہیں رہی۔ ہاں اس کی یہ صورت باقی ہے کہ اب رات کو سفر کرنے میں ملازم و مزدور کی چھٹی بچ جاتی ہے اور کاروباری آدمی کے کاروبار کا ناغہ نہیں ہوتا اس لیے رات کے سفر کی افادیت اب بھی اسی طرح باقی ہے۔ اگر فرمانِ رسالت کی تعمیل میں رات کا سفر اختیار کیا جائے تو باعث ثواب ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم

باب ۳۲۲ رَبُّ الدَّآبَّۃِ اَحَقُّ بِصَدْرِھَا۔

جانور کا مالک آگے بیٹھنے کا زیادہ حقدار ہے

۸۰۰۔ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ ثَابِتٍ الْمَرْوَزِیُّ حَدَّثَنِیْ عَلِیُّ بْنُ حُسَیْنٍ حَدَّثَنِیْ اَبِیْ حَدَّثَنِیْ عَبْدُ اللّٰہِ بْنُ بُرَیْدَۃَ قَالَ سَمِعْتُ اَبِیْ بُرَیْدَۃَ یَقُوْلُ بَیْنَمَا رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَمْشِیْ جَآءَ رَجُلٌ وَمَعَہٗ حِمَارٌ فَقَالَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ ارْکَبْ وَتَاَخَّرَ الرَّجُلُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَا اَنْتَ اَحَقُّ بِصَدْرِ دَآبَّتِکَ مِنِّیْ اِلَّا اَنْ تَجْعَلَہٗ لِیْ قَالَ فَاِنِّیْ قَدْ جَعَلْتُہٗ لَکَ فَرَکِبَ۔

عبداللہ بن بریدہ نے اپنے والدِ ماجد حضرت بریدہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پیدل چل رہے تھے کہ ایک آدمی آیا اور اُس کے پاس گدھا تھا عرض گزار ہوا کہ یا رسول اللہ! اس پر سوار ہو جائیے اور وہ پیچھے ہو گیا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا نہیں تم میری نسبت آگے بیٹھنے کے زیادہ حق دار ہو مگر جب کہ اسے میرا کر دیتے۔ وہ عرض گزار ہوا کہ میں نے یہ آپ کی خدمت میں پیش کر دیا۔ پس آپ سوار ہو گئے۔

باب ۳۲۳ فِی الدَّآبَّۃِ تُعَرْقَبُ فِی الْحَرْبِ۔

لڑائی میں سواری کی کونچیں کاٹ دینا

۸۰۱۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰہِ بْنُ مُحَمَّدِ النُّفَیْلِیُّ نَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَۃَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحٰقَ حَدَّثَنِی ابْنُ عَبَّادٍ عَنْ اَبِیْہِ عَبَّادِ بْنِ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ الزُّبَیْرِ حَدَّثَنِیْ اَبِی الَّذِیْ اَرْضَعَنِیْ وَھُوَ اَحَدُ بَنِیْ مُرَّۃَ بْنِ عَوْفٍ وَکَانَ فِیْ تِلْکَ الْغَزَاۃِ غَزَاۃِ مُؤْتَۃَ قَالَ وَاللّٰہِ لَکَاَنِّیْ اَنْظُرُ اِلٰی جَعْفَرٍ حِیْنَ اقْتَحَمَ عَنْ فَرَسٍ لَہٗ شَقْرَآءَ فَعَقَرَھَا ثُمَّ قَاتَلَ الْقَوْمَ حَتّٰی قُتِلَ قَالَ اَبُوْدَاؤدَ ھٰذَا الْحَدِیْثُ لَیْسَ بِالْقَوِیِّ۔

عبداللہ بن محمد النفیلی، محمد بن سلمہ، محمد بن اسحاق، ابن عباد، عباد بن عبداللہ بن زبیر کے رضاعی باپ نے حدیث بیان کی جو بنی مرہ بن عوف کے ایک فرد تھے اور یہ اُس غزوہ کی بات ہے جسے غزوۂ موتہ کہتے ہیں۔ فرمایا خدا کی قسم، گویا میں حضرت جعفر طیار رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی طرف دیکھ رہا ہوں جب کہ وہ اپنے اشقر گھوڑے سے کود پڑے اور اس کی کونچیں کاٹ دیں پھر کافروں سے لڑے یہاں تک کہ شہید کر دیے گئے۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ یہ حدیث قوی نہیں ہے۔

باب ۳۲۴ فِي السَّبَقِ

۸۰۲۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ يُونُسَ نَا ابْنُ أَبِي ذِئْبٍ عَنْ نَافِعِ بْنِ أَبِي نَافِعٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا سَبَقَ إِلَّا فِي خُفٍّ أَوْ حَافِرٍ أَوْ نَصْلٍ۔

۸۰۳۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مَسْلَمَةَ الْقَعْنَبِيُّ عَنْ مَالِكٍ عَنْ نَافِعٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَابَقَ بَيْنَ الْخَيْلِ الَّتِي قَدْ أُضْمِرَتْ مِنَ الْحَفْيَاءِ وَكَانَ أَمَدُهَا ثَنِيَّةَ الْوَدَاعِ وَسَابَقَ بَيْنَ الْخَيْلِ الَّتِي لَمْ تُضْمَرْ مِنَ الثَّنِيَّةِ إِلَى مَسْجِدِ بَنِي زُرَيْقٍ وَأَنَّ عَبْدَ اللَّهِ مِمَّنْ سَابَقَ بِهَا۔

۸۰۴۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا الْمُعْتَمِرُ عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّ نَبِيَّ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُضَمِّرُ الْخَيْلَ يُسَابِقُ بِهَا۔

۸۰۵۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ نَا عُقْبَةُ بْنُ خَالِدٍ عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَبَّقَ بَيْنَ الْخَيْلِ وَفَضَّلَ الْقُرَّحَ فِي الْغَايَةِ۔

باب ۳۲۵ فِي السَّبَقِ عَلَى الرِّجْلِ۔

۸۰۶۔ حَدَّثَنَا أَبُو صَالِحٍ الْأَنْطَاكِيُّ مَحْبُوبُ بْنُ مُوسَى أَنَا أَبُو إِسْحَاقَ الْفَزَارِيُّ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ أَبِيهِ وَعَنْ أَبِي سَلَمَةَ عَنْ عَائِشَةَ أَنَّهَا كَانَتْ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي سَفَرٍ قَالَتْ فَسَابَقْتُهُ فَسَبَقْتُهُ عَلَى رِجْلَيَّ فَلَمَّا حَمَلْتُ اللَّحْمَ سَابَقْتُهُ فَسَبَقَنِي فَقَالَ هَذِهِ بِتِلْكَ السَّبْقَةِ۔

باب ۳۲۶ فِي الْمُحَلِّلِ۔

۸۰۷۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا حُصَيْنُ بْنُ نُمَيْرٍ

سبقت لے جانے کا بیان

نافع بن ابو نافع نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ سبقت لے جانا نہیں ہے مگر اونٹ اور گھوڑے دوڑانے یا تیر اندازی میں۔

نافع نے حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے سدھائے ہوئے گھوڑوں کی حفیاء سے ثنیۃ الوداع تک گھڑ دوڑ کروائی اور جو گھوڑے سدھائے ہوئے نہ تھے اُن کی گھڑ دوڑ ثنیہ سے مسجد بنی زریق تک کروائی۔ اور حضرت عبد اللہ اُن لوگوں میں شامل تھے۔ جنہوں نے اس گھڑ دوڑ میں حصہ لیا تھا۔

نافع نے حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ حضرت نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم گھڑ دوڑ میں سبقت لے جانے کی خاطر گھوڑے کو تیار کیا کرتے تھے۔

احمد بن حنبل، عقبہ بن خالد، عبید اللہ، نافع نے حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے گھڑ دوڑ کروائی اور پنجسالہ گھوڑے کو وظیفے سے فضیلت دی۔

مرد سے سبقت لے جانا

ابو صالح انطاکی محبوب بن موسیٰ، ابو اسحاق فزاری، ہشام بن عروہ، اُن کے والد ماجد، ابو سلمہ نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کی ہے کہ وہ ایک سفر میں نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ تھیں۔ ان کا بیان ہے کہ میں نے آپ کے ساتھ دوڑ کی تو میں سبقت لے گئی۔ جب میرا وزن بڑھ گیا اور ہم نے دوڑ لگائی تو آپ مجھ پر سبقت لے گئے اور فرمایا کہ یہ اس سبقت کا بدلہ ہو گیا۔

تیسرے کے شریک ہونے کا بیان

مسدد، حصین بن نمیر، سفیان بن حسین سے اور علی بن

www.sirat-e-mustaqeem.com

نا سفيان بن حسين ح ونا علي بن مسلم نا عباد بن العوام انا سفيان بن حسين المعنى عن الزهري عن سعيد بن المسيب عن أبي هريرة عن النبي صلى الله عليه وسلم قال من أدخل فرسا بين فرسين يعني وهو لا يؤمن أن يسبق فليس بقمار ومن أدخل فرسا بين فرسين وقد أمن أن يسبق فهو قمار۔

مسلم، عباد بن عوام، سفیان بن حسین، زہری، سعید بن مسیب، حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، جس نے دو گھوڑوں کے درمیان میں گھوڑا داخل کیا اور اس کے جیتنے کا یقین نہ ہو تو یہ جوا نہیں ہے اور جس نے دو گھوڑوں کے درمیان میں گھوڑا داخل کیا اور اس کے جیت جانے کا یقین ہو تو یہ جوا ہے۔

۸۰۸۔ حدثنا محمود بن خالد نا الوليد بن مسلم عن سعيد بن بشير عن الزهري بإسناد عباد ومعناه۔

محمود بن خالد، ولید بن مسلم، سعید بن بشیر، زہری نے عباد کی اسناد کے ساتھ اسے معنًا روایت کیا ہے۔

باب ۳۲۷ الجلب على الخيل في السباق۔

گھڑ دوڑ میں کسی کو اپنے گھوڑے کے پیچھے رکھنا

۸۰۹۔ حدثنا يحيى بن خلف نا عبد الوهاب بن عبد المجيد نا عنبسة ح وحدثنا مسدد نا بشر بن المفضل عن حميد الطويل جميعا عن الحسن عن عمران بن حصين عن النبي صلى الله عليه وسلم قال لا جلب ولا جنب زاد يحيى في حديثه في الرهان۔

یحییٰ بن خلف، عبدالوہاب بن عبدالمجید، عنبسہ، مسدد، بشر بن مفضل، حمید الطویل، حسن، حضرت عمران بن حصین رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، گھڑ دوڑ میں نہ جلب ہے اور نہ جنب۔ یحییٰ نے اپنی حدیث میں فی الرھان بھی کہا ہے۔ یعنی گھڑ دوڑ میں۔

۸۱۰۔ حدثنا ابن المثنى نا عبد الأعلى عن سعيد عن قتادة قال الجلب والجنب في الرهان۔

ابن المثنیٰ، عبدالاعلیٰ، سعید، قتادہ نے فرمایا کہ گھڑ دوڑ میں جلب ہوتا ہے اور جنب بھی ہوتا ہے۔

باب ۳۲۸ السيف يحلى۔

تلوار پر چاندی چڑھانا

۸۱۱۔ حدثنا مسلم بن إبراهيم نا جرير بن حازم نا قتادة عن أنس قال كانت قبيعة رسول الله صلى الله عليه وسلم فضة۔

قتادہ سے روایت ہے کہ حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تلوار کا قبضہ چاندی کا تھا۔

۸۱۲۔ حدثنا محمد بن المثنى نا معاذ بن هشام حدثني أبي عن قتادة عن سعيد بن أبي الحسن قال كانت قبيعة سيف رسول الله صلى الله عليه وسلم فضة قال قتادة

قتادہ سے روایت ہے کہ حضرت سعید بن ابوالحسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تلوار کا قبضہ چاندی کا تھا۔ قتادہ نے فرمایا کہ میرے علم میں کوئی ایک بھی نہیں جس نے اس کی متابعت کی

www.sirat-e-mustaqeem.com

وَمَا عَلِمْتُ اَحَدًا تَابَعَهُ عَلٰى ذٰلِكَ۔

۳ ۸۱ ـ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ حَدَّثَنِيْ يَحْيَى ابْنُ كَثِيْرٍ اَبُوْ غَسَّانَ الْعَنْبَرِيُّ عَنْ عُثْمَانَ بْنِ سَعْدٍ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ كَانَ فَذَكَرَ مِثْلَهُ۔

ہجرہ
محمد بن بشار، یحییٰ بن کثیر، ابوغسان، عنبری، عثمان بن سعد حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ پھر اسی طرح حدیث بیان کی۔

بَابٌ ۳۲۹ فِي النَّبْلِ يُدْخَلُ فِي الْمَسْجِدِ۔

تیر کمان لے کر مسجد میں داخل ہونا

۴ ۸۱ ـ حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ نَا اللَّيْثُ عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ اَمَرَ رَجُلًا كَانَ يَتَصَدَّقُ بِالنَّبْلِ فِي الْمَسْجِدِ اَنْ لَا يَمُرَّ بِهَا اِلَّا وَهُوَ اٰخِذٌ بِنُصُوْلِهَا۔

ابوالزبیر نے حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک آدمی کو حکم فرمایا جو مسجد میں تیر بانٹ رہا تھا کہ یہاں سے نہ گزرے مگر ان کے پیکانیں پکڑے ہوئے۔

۵ ۸۱ ـ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ نَا اَبُوْ اُسَامَةَ عَنْ بُرَيْدٍ عَنْ اَبِيْ بُرْدَةَ عَنْ اَبِيْ مُوْسٰى عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا مَرَّ اَحَدُكُمْ فِيْ مَسْجِدِنَا اَوْ فِيْ سُوْقِنَا وَمَعَهُ نَبْلٌ فَلْيُمْسِكْ عَلٰى نِصَالِهَا اَوْ قَالَ فَلْيَقْبِضْ كَفَّهُ اَوْ قَالَ فَلْيَقْبِضْ بِكَفِّهِ اَنْ تُصِيْبَ اَحَدًا مِّنَ الْمُسْلِمِيْنَ۔

ابوبردہ نے حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جب تم میں سے کوئی ہماری مسجد یا ہمارے بازار سے گزرے اور اس کے پاس تیر ہوں تو انہیں ان کے پیکانوں سے پکڑے رکھے یا فرمایا کہ اپنے ہاتھ سے پکڑے رکھے فرمایا کہ اپنے ہاتھ میں پکڑے لیے تاکہ مسلمانوں میں سے کسی کو لگ نہ جائے۔

ف ۔ اس فرمانِ رسالت کے تحت ہتھیار کو ہمیشہ سنبھال کر رکھنا اور گزرنا چاہیے خواہ وہ دھار دار ہو یا گولی اور بارود والا کیونکہ ذرا سی غفلت میں اپنی یا دوسرے کی جان جانے یا زخمی ہونے کا خدشہ ہوتا ہے۔ جب نادانستہ بھی دوسروں کو نقصان پہنچانے سے خبردار کیا گیا ہے تو جو لوگ اپنے مسلمان بھائیوں کو تنگ کرنے میں کوئی قباحت محسوس نہیں کرتے ان کی دیدہ دلیری کا کون اندازہ کر سکتا ہے۔ ایک وہ وقت تھا کہ ایک مسلمان اپنے دوسرے بھائی کے دکھ درد اپنے سر لیتا اور بساط بھر ان کے کام آتا تھا۔ اور ایک وقت آج ہے کہ ہم اپنے مسلمان بھائیوں کو تنگ کرنے اور تڑپانے میں لطف و لذت محسوس کرنے لگے ہیں۔ خوفِ خدا اور خطرۂ روزِ جزا سے عاری ہو کر اپنے آرام و راحت کی خاطر دوسروں کا جینا حرام کر دیتے ہیں اور دوسروں کی دنیاوی زندگی کو تباہ و برباد کر دینا ایک مشغلہ اور کاروبار ہو کر رہ گیا ہے۔ ہمارے اسلاف پر تو انسانیت بھی فخر کرتی تھی۔ لیکن ہم نے ننگِ انسانیت بننا کیوں پسند کر لیا؟ ؎

ہاں دکھا دے یا الٰہی پھر وہ صبح و شام تو
دوڑ پیچھے کی طرف اے گردشِ ایام تو

بَابٌ ۳۳۰ النَّهْيُ اَنْ يُتَعَاطَى السَّيْفُ مَسْلُوْلًا۔

ننگی تلوار دینے کی ممانعت

۶ ۸۱ ـ حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ اِسْمٰعِيْلَ نَا حَمَّادٌ عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى اَنْ يُتَعَاطَى السَّيْفُ مَسْلُوْلًا۔

ابوالزبیر نے حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ننگی تلوار کسی کو دینے سے منع فرمایا ہے۔

www.sirat-e-mustaqeem.com

٨١٧ - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا قُرَيْشُ بْنُ أَنَسٍ نَا أَشْعَثُ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى أَنْ يُقَدَّ السَّيْرُ بَيْنَ إِصْبَعَيْنِ۔

حسن نے حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے دو انگلیوں کے درمیان رکھ کر چمڑا کاٹنے سے منع فرمایا ہے۔

ف۔ جب کوئی چیز چاقو یا چھری سے کاٹی جائے تو احتیاط سے کاٹیں۔ ایسا نہ ہو کر خود ہمارے ہی ہاتھ پاؤں یا جسم کے کسی حصے پر آ لگے۔ قربان جائیں رحمت دو عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی اس شفقت پر کہ زندگی کے چھوٹے چھوٹے امور کے بارے میں بھی ہمیں زندگی گزارنے کا وہ شعور بخشا اور ایسا طریقہ سکھایا کہ ہم نقصان سے بچے رہیں۔ یہ شانِ آقائی اس کائنات میں اپنی مثال آپ ہے۔ کون ہے کہ جس نے اپنے متبعین کی اتنی خیر خواہی کی ہو۔ لہٰذا ہمیں بھی چاہیے کہ درس انسانیت سکھانے والے اپنے آقا کے شکر گزار رہیں اور اُن کی تعریف و توصیف سے اپنے ایمانوں کی آبیاری کرتے رہا کریں۔ شیخ سعدی رحمۃ اللہ علیہ اسی لیے تو دعا کرتے تھے ؎

زباں تا بود در دہاں جائے گیر ثنائے محمد بود دل پذیر

باب ۳۳ فِي لُبْسِ الدُّرُوعِ۔

زرہ پہننے کا بیان

٨١٨ - حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا سُفْيَانُ قَالَ حَسِبْتُ أَنِّي سَمِعْتُ يَزِيدَ بْنَ خُصَيْفَةَ يَذْكُرُ عَنِ السَّائِبِ بْنِ يَزِيدَ عَنْ رَجُلٍ قَدْ سَمَّاهُ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ظَاهَرَ يَوْمَ أُحُدٍ بَيْنَ دِرْعَيْنِ أَوْ لَبِسَ دِرْعَيْنِ۔

سائب بن یزید نے ایک صحابی سے روایت کی جن کا اسم گرامی اُنہوں نے لیا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے غزوۂ اُحد کے روز دو زرہیں اُوپر لیں یا دو زرہیں پہنیں۔

باب ۳۴ فِي الرَّايَاتِ وَالْأَلْوِيَةِ۔

جھنڈے اور نشانات

٨١٩ - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُوسَى الرَّازِيُّ أَنَا ابْنُ أَبِي زَائِدَةَ أَنَا أَبُو يَعْقُوبَ الثَّقَفِيُّ حَدَّثَنِي يُونُسُ بْنُ عُبَيْدٍ رَجُلٌ مِنْ ثَقِيفٍ مَوْلَى مُحَمَّدِ بْنِ الْقَاسِمِ قَالَ بَعَثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ الْقَاسِمِ إِلَى الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ يَسْأَلُهُ عَنْ رَايَةِ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا كَانَتْ فَقَالَ كَانَتْ سَوْدَاءَ مُرَبَّعَةً مِنْ نَمِرَةٍ۔

ابراہیم بن موسیٰ رازی، ابن ابی زائدہ، ابو یعقوب ثقفی، یونس بن عبید، بنی ثقیف کے مولیٰ محمد بن قاسم کا بیان ہے کہ مجھے محمد بن قاسم نے حضرت براء بن عازب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خدمت میں یہ پوچھنے کے لیے بھیجا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا جھنڈا کیسا ہوتا تھا۔ فرمایا کہ سیاہ، چوکور اور کمبل کے کپڑے کا ہوتا تھا۔

٨٢٠ - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الْمَرْوَزِيُّ نَا يَحْيَى بْنُ آدَمَ نَا شَرِيكٌ عَنْ عَمَّارٍ الدُّهْنِيِّ عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ يَرْفَعُهُ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى

ابو الزبیر نے حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے اور اسے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تک مرفوع کیا کہ حضرت جب مکہ مکرمہ میں داخل ہوئے تو آپ

www.sirat-e-mustaqeem.com

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ كَانَ لِوَاؤُهُ يَوْمَ دَخَلَ مَكَّةَ أَبْيَضَ۔

کا جھنڈا سفید تھا۔

۸۲۱۔ حَدَّثَنَا عُقْبَةُ بْنُ مُكْرَمٍ نَا سَلْمُ ابْنُ قُتَيْبَةَ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ سِمَاكٍ عَنْ رَجُلٍ مِنْ قَوْمِهِ عَنْ آخَرَ مِنْهُمْ قَالَ رَأَيْتُ رَايَةَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَفْرَاءَ۔

سماک نے اپنی قوم کے ایک آدمی سے روایت کی اور اس نے اُن میں سے دوسرے سے۔ اُنھوں نے فرمایا۔ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا جھنڈا زرد رنگ کا دیکھا۔

ف۔ اس باب کی تینوں احادیث سے معلوم ہورہا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مختلف مواقع پر مختلف رنگوں کے جھنڈے تیار کروائے۔ سیاہ، سفید اور زرد رنگ کے جھنڈوں کا ان تینوں احادیث میں ذکر آیا۔ معلوم ہوا کہ جھنڈے کے لیے کوئی خاص رنگ مخصوص نہیں ہے۔ لہٰذا اس کا رنگ اور وضع کسی خاص مصلحت کے مطابق رکھا جاسکتا ہے لیکن وہ اسلام کی عظمت کا نشان ہو۔ واللہ تعالیٰ اعلم

باب ۳۳ فِي الْإِنْتِصَارِ بِرَذْلِ الْخَيْلِ وَالضَّعَفَةِ۔

بیکس اور بے بس لوگوں کے وسیلے سے دعا مانگنا

۸۲۲۔ حَدَّثَنَا مُؤَمَّلُ بْنُ الْفَضْلِ الْحَرَّانِيُّ نَا الْوَلِيدُ نَا ابْنُ جَابِرٍ عَنْ زَيْدِ بْنِ أَرْطَاةَ الْفَزَارِيِّ عَنْ جُبَيْرِ بْنِ نُفَيْرٍ الْحَضْرَمِيِّ أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا الدَّرْدَاءِ يَقُولُ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ ابْغُونِي الضُّعَفَاءَ فَإِنَّمَا تُرْزَقُونَ وَتُنْصَرُونَ بِضُعَفَائِكُمْ قَالَ أَبُو دَاوُدَ زَيْدُ بْنُ أَرْطَاةَ أَخُو عَدِيِّ بْنِ أَرْطَاةَ۔

جبیر بن نفیر حضرمی نے سُنا کہ حضرت ابو درداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ میرے لیے ضعیف لوگوں کو تلاش کرو کیونکہ تم روزی دیئے جاتے اور مدد فرمائے جاتے ہو تو ضعیف لوگوں کی وجہ سے۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ زید بن ارطاۃ بھائی ہیں عدی بن ارطاۃ کے۔

ف۔ ضعیفی، کمزوری، محتاجی اور مجبوری چونکہ اللہ تعالیٰ ہی کی طرف سے ہے، اس لیے وہ اپنے ضعیف، کمزور، محتاج اور مجبور بندوں کے ساتھ رہتا ہے، اور اُن کی فریادیں جلدی سُنتا ہے۔ اسی لیے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ تمہیں ایسے ہی کمزور لوگوں کے باعث روزی دی جاتی ہے، اور ان بیکسوں کے سبب ہی تمہاری مدد کی جاتی ہے۔ بلکہ یہ بھی فرمایا کہ میرے لیے کمزوروں اور ضعیفوں کو تلاش کرو۔ بیکسوں اور محتاجوں سے محبت کرنا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی سنت ہے۔ اُن سے میل جول رکھنا اور اُن کی خیر خواہی میں کوشاں رہنا رحمتِ دو عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے معمولات میں شامل تھا۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

باب ۳۴ فِي الرَّجُلِ يُنَادِي بِالشِّعَارِ۔

مقررہ نشانی کے ذریعے پکارنا

۸۲۳۔ حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ نَا يَزِيدُ ابْنُ هَارُونَ عَنِ الْحَجَّاجِ عَنْ قَتَادَةَ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ قَالَ كَانَ شِعَارُ الْمُهَاجِرِينَ

حسن سے روایت ہے کہ حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ مہاجرین کی (اصلاحی و فوجی) نشانی عبداللہ اور انصار کی عبدالرحمٰن تھی۔

www.sirat-e-mustaqeem.com

عبدَ اللّٰہ وشعارُ الانصار عبدَ الرحمٰن۔

۸۲۴۔ حدثنا هناد عن ابن المبارك عن عكرمة بن عمار عن إياس بن سلمة عن أبيه قال غزونا مع أبي بكر زمن رسول الله صلى الله عليه وسلم فكان شعارنا أمت أمت۔

۸۲۵۔ حدثنا محمد بن كثير أنا سفيان عن أبي إسحٰق عن المهلب بن أبي صفرة قال أخبرني من سمع النبي صلى الله عليه وسلم يقول إن بيتم فليكن شعاركم حٰمٓ لا ينصرون

باب ۳۵ ما يقول الرجل إذا سافر۔

۸۲۶۔ حدثنا مسدد نا يحيٰى نا محمد ابن عجلان حدثني سعيد المقبري عن أبي هريرة قال كان رسول الله صلى الله عليه وسلم إذا سافر قال اللّٰهم أنت الصاحب في السفر والخليفة في الأهل اللّٰهم إني أعوذ بك من وعثاء السفر وكآبة المنقلب وسوء المنظر في الأهل والمال اللّٰهم اطو لنا الأرض وهون علينا السفر

۸۲۷۔ حدثنا الحسن بن علي نا عبد الرزاق أخبرني ابن جريج أخبرني أبو الزبير أن عليا الأزدي أخبره أن ابن عمر علمه أن رسول الله صلى الله عليه وسلم كان إذا استوى على بعيره خارجا إلى سفر كبر ثلاثا ثم قال سبحان الذي سخر لنا هٰذا وما كنا له مقرنين وإنا إلى ربنا لمنقلبون اللّٰهم إني أسألك في سفرنا هٰذا البر والتقوى ومن العمل ما ترضى اللّٰهم هون علينا سفرنا هٰذا اللّٰهم اطو لنا البعد اللّٰهم أنت الصاحب في السفر والخليفة في الأهل والمال وإذا رجع قالهن وزاد فيهن آيبون تائبون عابدون لربنا حامدون وكان النبي صلى الله عليه و

عکرمہ بن عمار سے روایت ہے کہ ایاس بن سلمہ کے والد ماجد نے فرمایا:۔ ہم نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے زمانہ میں حضرت ابوبکر کے ساتھ ہو کر جہاد کیا اور ہماری (فوجی) نشانی اُمِتْ اُمِتْ تھی۔

مہلب بن ابو صفرہ کا بیان ہے کہ مجھے اُس شخص نے بتایا جس نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سُنا:۔ اگر تمہارے اُوپر شب خون مارا جائے تو تمہاری نشانی حٰمٓ لَا یُنْصَرُوْنَ ہونی چاہیئے۔

سفر کے وقت کیا دعا کرنی چاہیئے

سعید مقبری سے روایت ہے کہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا:۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سفر کرتے وقت دعا کرتے:۔ اے اللہ! سفر کا ساتھی تو ہے اور اہل و عیال کا خیال رکھنے والا۔ اے اللہ! میں سفر کی برائی سے تیری پناہ پکڑتا ہوں اور سختی کے ساتھ لوٹنے سے اور جان و مال میں بُری نظر سے۔ اے اللہ! زمین کو ہمارے لیے سمیٹ دے اور سفر کو ہمارے لیے آسان فرما۔

علی ازدی کو حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے سکھایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سفر پر جاتے ہوئے جب اپنے اونٹ پر سوار ہو جاتے تو تین دفعہ تکبیر کہنے کے بعد کہتے:۔ پاک ہے وہ ذات جس نے اسے ہمارے تابع کر دیا اور ہم اسے قابو میں رکھنے والے نہ تھے اور ہم اپنے رب کی طرف لوٹنے والے ہیں (۴۳:۱۳) اے اللہ! ہم اپنے اس سفر میں تجھ سے اعمال میں بھلائی اور پرہیزگاری مانگتے ہیں جو تجھے راضی کرے۔ اے اللہ! اس سفر کو ہمارے لیے آسان فرما۔ اے اللہ! اس دوری کو کم کر دے۔ اے اللہ! سفر کا ساتھی تو ہے اور جان و مال کا نگران۔ جب واپس لوٹتے تب بھی یہی کہتے اور یہ الفاظ اضافہ فرماتے:۔ ہم آنے والے، توبہ کرنے والے اور اپنے رب کی حمد و ثنا کرنے والے ہیں نیز نبی کریم

www.sirat-e-mustaqeem.com

وسلم وجيوشه إذا علوا الثنايا كبروا وإذا هبطوا سبحوا فوضعت الصلوة على ذلك۔

اور آپ کے فوجی جب بلندی پر چڑھتے تو تکبیر کہتے اور جب اترتے تو سبحان اللہ کہتے، لہٰذا نماز میں بھی یہی اصول رکھا گیا۔

باب ۳۳۶ في الدعاء عند الوداع۔

رخصت ہوتے وقت کی دعا

۸۲۸۔ حدثنا مسدد نا عبد الله بن داؤد عن عبد العزيز بن عمر عن إسمٰعيل ابن جرير عن قزعة قال قال لي ابن عمر هلم أودعك كما ودعني رسول الله صلى الله عليه وسلم أستودع الله دينك وأمانتك وخواتيم عملك۔

اسمٰعیل بن جریر نے قزعہ سے روایت کی کہ مجھ سے حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا کہ میں تمہیں اس طرح رخصت کروں جیسے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مجھے رخصت فرمایا تھا "میں نے تمہارے دین، تمہاری امانت اور تمہارے اعمال کے انجام کو خدا کے سپرد کیا۔"

۸۲۹۔ حدثنا الحسن بن علي نا يحيى بن إسحٰق السيلحيني نا حماد بن سلمة عن أبي جعفر الخطمي عن محمد ابن كعب عن عبد الله الخطمي قال كان النبي صلى الله عليه وسلم إذا أراد أن يستودع الجيش قال أستودع الله دينكم وأمانتكم وخواتيم أعمالكم۔

حسن بن علی، یحییٰ بن اسحاق سیلحینی، حماد بن سلمہ، ابوجعفر خطمی، محمد بن کعب، حضرت عبد اللہ خطمی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب کسی لشکر کو رخصت کرتے تو فرماتے "میں نے اللہ کے سپرد کیا تمہارے دین، تمہاری امانت اور تمہارے اعمال کے انجام کو۔"

ف۔ ان دونوں حدیثوں سے ہمیں سبق مل رہا ہے کہ اپنے عزیزوں کو رخصت کرتے وقت انہیں اللہ کے سپرد کریں۔ اُن کی دیانت وامانت اور انجام کار کو بھی اللہ تعالیٰ کی حفاظت میں دیں اور ان باتوں کی ان کے لیے دُعا کیا کریں۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

باب ۳۳۷ ما يقول الرجل إذا ركب۔

سوار ہوتے وقت کیا کہے؟

۸۳۰۔ حدثنا مسدد نا أبو الأحوص نا أبو إسحٰق الهمداني عن علي بن ربيعة قال شهدت عليا أتي بدابة ليركبها فلما وضع رجله في الركاب قال بسم الله فلما استوى على ظهرها قال الحمد لله ثم قال سبحان الذي سخر لنا هذا وما كنا له مقرنين وإنا إلى ربنا لمنقلبون ثم قال الحمد لله ثلاث مرات ثم قال الله أكبر ثلاث مرات ثم قال سبحانك إني ظلمت نفسي فاغفر لي إنه

علی بن ربیعہ کا بیان ہے کہ میں موجود تھا جب حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خدمت میں سواری کے لیے جانور پیش کیا گیا۔ انہوں نے رکاب میں پاؤں رکھا تو بسم اللہ پڑھی اور جب اس کی پیٹھ پر بیٹھ گئے تو الحمد للہ کہا۔ پھر پڑھا "پاک ہے وہ ذات جس نے اسے ہمارے لیے مطیع کر دیا اور ہم اسے قابو میں رکھنے والے نہ تھے اور ہم اپنے رب کی طرف لوٹنے والے ہیں" (۴۳: ۱۳۱) پھر تین دفعہ الحمد للہ اور تین دفعہ اللہ اکبر کہنے کے بعد کہا "تو پاک ہے۔ میں نے اپنی جان پر ظلم کیا پس تو مجھے بخش دے کیونکہ گناہوں کو نہیں بخشتا مگر تو۔

www.sirat-e-mustaqeem.com

لَا يَغْفِرُ الذُّنُوبَ إِلَّا أَنْتَ ثُمَّ ضَحِكَ فَقِيلَ
يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ مِنْ أَيِّ شَيْءٍ ضَحِكْتَ قَالَ
رَأَيْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَعَلَ كَمَا
فَعَلْتُ ثُمَّ ضَحِكَ فَقُلْتُ يَا رَسُولَ اللهِ مِنْ أَيِّ
شَيْءٍ ضَحِكْتَ قَالَ إِنَّ رَبَّكَ تَعَالَى يَعْجَبُ
مِنْ عَبْدِهِ إِذَا قَالَ اغْفِرْ لِي ذُنُوبِي يَعْلَمُ أَنَّهُ
لَا يَغْفِرُ الذُّنُوبَ غَيْرِي۔

بَاب ۳۳۸ مَا يَقُولُ الرَّجُلُ إِذَا نَزَلَ الْمَنْزِلَ۔

۸۳۱۔ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عُثْمَانَ نَا بَقِيَّةُ
حَدَّثَنِي صَفْوَانُ حَدَّثَنِي شُرَيْحُ بْنُ عُبَيْدٍ عَنِ
الزُّبَيْرِ بْنِ الْوَلِيدِ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ كَانَ
رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا سَافَرَ فَأَقْبَلَ
اللَّيْلُ قَالَ يَا أَرْضُ رَبِّي وَرَبُّكِ اللهُ أَعُوذُ بِاللهِ
مِنْ شَرِّكِ وَشَرِّ مَا فِيكِ وَشَرِّ مَا خُلِقَ فِيكِ وَمِنْ
شَرِّ مَا يَدِبُّ عَلَيْكِ وَأَعُوذُ بِاللهِ مِنْ أَسَدٍ
وَأَسْوَدَ وَمِنَ الْحَيَّةِ وَالْعَقْرَبِ وَمِنْ سَاكِنِ
الْبَلَدِ وَمِنْ وَالِدٍ وَمَا وَلَدَ۔

بَاب ۳۳۹ فِي كَرَاهِيَةِ السَّيْرِ أَوَّلَ اللَّيْلِ۔

۸۳۲۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ أَبِي شُعَيْبٍ الْحَرَّانِيُّ
نَا زُهَيْرٌ نَا أَبُو الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ
صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تُرْسِلُوا فَوَاشِيَكُمْ إِذَا
غَابَتِ الشَّمْسُ حَتَّى تَذْهَبَ فَحْمَةُ الْعِشَاءِ فَإِنَّ
الشَّيَاطِينَ تَعِيثُ إِذَا غَابَتِ الشَّمْسُ حَتَّى
تَذْهَبَ فَحْمَةُ الْعِشَاءِ۔

بَاب ۳۴۰ فِي أَيِّ يَوْمٍ يُسْتَحَبُّ السَّفَرُ۔

۸۳۳۔ حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ نَا عَبْدُ اللهِ
ابْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ يُونُسَ بْنِ يَزِيدَ عَنِ الزُّهْرِيِّ
عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ عَنْ كَعْبِ
ابْنِ مَالِكٍ قَالَ قَلَّمَا كَانَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ

پھر ہنس پڑے۔ پوچھا گیا کہ اے امیر المومنین! آپ کس بات پر ہنسے؟ فرمایا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو ایسا ہی کرتے ہوئے دیکھا جو میں نے کیا ہے۔ پھر ہنسے تو میں عرض گزار ہوا کہ یا رسول اللہ! آپ کس بات پر ہنسے؟ فرمایا کہ تمہارا رب اپنے بندے کی اس بات پر خوش ہوتا ہے جب وہ کہتا ہے کہ میرے گناہوں کو معاف فرما دے کیونکہ وہ جانتا ہے کہ میرے سوا گناہوں کو کوئی معاف نہیں کر سکتا۔

منزل پر اترتے وقت کیا کہے؟

زبیر بن ولید سے روایت ہے کہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب سفر کرتے اور رات ہو جاتی تو کہتے۔ اے زمین! میرا اور تیرا رب اللہ ہے۔ میں اللہ کی پناہ لیتا ہوں تیری برائی سے اور جو تجھ پر چلتی ہیں ان کی برائی سے اور جو تجھ میں پیدا کی جاتی ہیں اُن کی برائی سے اور میں اللہ کی پناہ لیتا ہوں شیر اور سانپ، بچھو وغیرہ کالی چیزوں سے اور شہر کے رہنے والوں، جننے والوں اور جن کو جنا گیا اُن کی برائی سے۔

رات کے ابتدائی حصے میں سفر کی کراہیت

ابوالزبیر نے حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ جب سورج غروب ہو جائے تو اپنے جانوروں کو کھلے نہ چھوڑا کرو، یہاں تک کہ عشاء کی سیاہی آ جائے کیونکہ سورج غروب ہونے سے عشاء کا اندھیرا آنے تک شیطان چھیڑا کرتے ہیں۔

کس روز سفر کرنا بہتر ہے؟

سعید بن منصور، عبداللہ بن مبارک، یونس بن یزید زہری، عبدالرحمٰن بن کعب بن مالک، حضرت کعب بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا:۔ شاید ہی کبھی ایسا ہوا ہو کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سفر پہ نکلے ہوں اور وہ

www.sirat-e-mustaqeem.com

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْرُجُ فِي سَفَرٍ إِلَّا يَوْمَ الْخَمِيسِ۔

باب ۳۴۱ فِي الِابْتِكَارِ فِي السَّفَرِ

۸۳۴ - حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ نَا هُشَيْمٌ نَا يَعْلَى بْنُ عَطَاءٍ نَا عُمَارَةُ بْنُ حَدِيدٍ عَنْ صَخْرٍ الْغَامِدِيِّ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اللَّهُمَّ بَارِكْ لِأُمَّتِي فِي بُكُورِهَا وَكَانَ إِذَا بَعَثَ سَرِيَّةً أَوْ جَيْشًا بَعَثَهُمْ مِنْ أَوَّلِ النَّهَارِ وَكَانَ صَخْرٌ رَجُلًا تَاجِرًا وَكَانَ يَبْعَثُ تِجَارَتَهُ مِنْ أَوَّلِ النَّهَارِ فَأَثْرَى وَكَثُرَ مَالُهُ۔

باب ۳۴۲ فِي الرَّجُلِ يُسَافِرُ وَحْدَهُ۔

۸۳۵ - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ مَسْلَمَةَ الْقَعْنَبِيُّ عَنْ مَالِكٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ حَرْمَلَةَ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الرَّاكِبُ شَيْطَانٌ وَالرَّاكِبَانِ شَيْطَانَانِ وَالثَّلَاثَةُ رَكْبٌ۔

باب ۳۴۳ فِي الْقَوْمِ يُسَافِرُونَ يُؤَمِّرُونَ أَحَدَهُمْ۔

۸۳۶ - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ بَحْرِ بْنِ بَرِّيٍّ نَا حَاتِمُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ نَا مُحَمَّدُ بْنُ عَجْلَانَ عَنْ نَافِعٍ عَنْ أَبِي سَلَمَةَ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِذَا خَرَجَ ثَلَاثَةٌ فِي سَفَرٍ فَلْيُؤَمِّرُوا أَحَدَهُمْ۔

۸۳۷ - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ بَحْرٍ نَا حَاتِمُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ نَا مُحَمَّدُ بْنُ عَجْلَانَ عَنْ نَافِعٍ عَنْ أَبِي سَلَمَةَ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِذَا كَانَ ثَلَاثَةٌ فِي سَفَرٍ فَلْيُؤَمِّرُوا أَحَدَهُمْ قَالَ نَافِعٌ فَقُلْنَا لِأَبِي سَلَمَةَ فَأَنْتَ أَمِيرُنَا۔

جمعرات کا روز نہ ہو۔

دن کے پہلے حصے میں سفر کرنا

عمارہ بن حدید نے حضرت صخر غامدی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے دعا فرمائی: اے اللہ! میری اُمت کو برکت دے دن کے پہلے حصے میں۔ جب آپ کوئی سریہ یا لشکر روانہ فرماتے تو دن کے پہلے حصے میں اور حضرت صخر تجارت کرنے والے آدمی تھے جو تجارت کے لیے دن کے پہلے حصے میں جاتے لہٰذا مالدار ہو گئے اور اُن کا مال بہت بڑھ گیا۔

جو تنہا سفر کرے

عمرو بن شعیب کے والد ماجد نے اپنے والد محترم حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: ایک سوار شیطان ہے، دو سوار دو شیطان ہیں اور تین ہوں تو سوار ہیں۔

لوگوں کا ایک کو اپنا امیر بنا لینا

علی بن بحر بن بری، حاتم بن اسمٰعیل، محمد بن عجلان، نافع، ابو سلمہ، حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جب سفر میں تین آدمی نکلیں تو چاہیے کہ ایک کو اپنا امیر بنا لیں۔

ابو سلمہ نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جب سفر میں تین آدمی ہوں تو ایک کو اپنا امیر بنا لیں۔ نافع کا بیان ہے کہ ہم نے ابو سلمہ سے کہا: پس آپ ہمارے امیر ہیں۔

ف۔ اس باب کی دونوں حدیثوں سے معلوم ہوتا ہے کہ جب تین یا اس سے زیادہ آدمی سفر کر رہے ہوں تو چاہیے کہ اپنے میں سے ایک کو اپنا امیر یعنی سردار منتخب کر لیں۔ امیر مقرر کرتے وقت سب کی اہلیت و قابلیت اور دینی برتری

www.sirat-e-mustaqeem.com

کو ملحوظ رکھیں۔ اس کا فائدہ یہ ہوگا کہ اگر کسی بات میں باہمی اختلاف ہو جائے تو رفع نزاع کے لیے امیر کا مشورہ اور حکم بہت مفید ثابت ہو سکتا ہے۔ نیز امیر کی موجودگی میں ہر کام باہمی مشورے سے ہوگا جس کی افادیت میں کوئی شبہ نہیں ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

بَابُ ٣٤٤ فِي الْمُصْحَفِ يُسَافَرُ بِهِ إِلَى أَرْضِ الْعَدُوِّ.

٨٣٨ - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مَسْلَمَةَ الْقَعْنَبِيُّ عَنْ مَالِكٍ عَنْ نَافِعٍ أَنَّ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ عُمَرَ قَالَ نَهَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يُسَافَرَ بِالْقُرْآنِ إِلَى أَرْضِ الْعَدُوِّ قَالَ مَالِكٌ أُرَاهُ مَخَافَةَ أَنْ يَنَالَهُ الْعَدُوُّ.

دشمن کی سرزمین میں قرآن مجید لے کر سفر کرنا

نافع سے روایت ہے کہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے قرآن مجید لے کر دشمن کی سرزمین میں سفر کرنے سے منع فرمایا ہے مبادا کہ کسی دشمن (کافر) کے ہاتھ لگے۔

بَابُ ٣٤٥ فِيمَا يُسْتَحَبُّ مِنَ الْجُيُوشِ وَالرُّفَقَاءِ وَالسَّرَايَا.

٨٣٩ - حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ أَبُو خَيْثَمَةَ نَا وَهْبُ بْنُ جَرِيرٍ نَا أَبِي قَالَ سَمِعْتُ يُونُسَ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ خَيْرُ الصَّحَابَةِ أَرْبَعَةٌ وَخَيْرُ السَّرَايَا أَرْبَعُ مِائَةٍ وَخَيْرُ الْجُيُوشِ أَرْبَعَةُ آلَافٍ وَلَنْ يُغْلَبَ اثْنَا عَشَرَ أَلْفًا مِنْ قِلَّةٍ.

فوجیوں، رفقاء اور فوجی ٹولیوں کی کتنی تعداد بہتر ہے

زہیر بن حرب ابوخیثمہ، وہب بن جریر، ان کے والد ماجد یونس، زہری، عبیداللہ بن عبداللہ، حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ اچھے ساتھی چار ہیں، اچھا سریہ (فوجی دستہ) چار سو افراد کا ہے اچھا لشکر چار ہزار کا ہے اور بارہ ہزار فوجیوں کا لشکر کبھی مغلوب نہیں ہوتا۔

بَابُ ٣٤٦ فِي دُعَاءِ الْمُشْرِكِينَ.

٨٤٠ - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ الْأَنْبَارِيُّ نَا وَكِيعٌ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ بُرَيْدَةَ عَنْ أَبِيهِ قَالَ كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا بَعَثَ أَمِيرًا عَلَى سَرِيَّةٍ أَوْ جَيْشٍ أَوْصَاهُ بِتَقْوَى اللَّهِ فِي خَاصَّةِ نَفْسِهِ وَبِمَنْ مَعَهُ مِنَ الْمُسْلِمِينَ خَيْرًا وَقَالَ إِذَا لَقِيتَ عَدُوَّكَ مِنَ الْمُشْرِكِينَ فَادْعُهُمْ إِلَى إِحْدَى ثَلَاثِ خِصَالٍ أَوْ خِلَالٍ فَأَيَّتُهَا أَجَابُوكَ إِلَيْهَا فَاقْبَلْ مِنْهُمْ وَكُفَّ عَنْهُمْ ادْعُهُمْ إِلَى الْإِسْلَامِ فَإِنْ أَجَابُوا فَاقْبَلْ

مشرکوں کو دعوتِ اسلام دینا

سلیمان بن بریدہ نے اپنے والد ماجد سے روایت کی ہے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب کسی کو چھوٹی فوج یا بڑے لشکر کا امیر بنا کر بھیجتے تو اُسے وصیت فرماتے اللہ تعالیٰ سے ڈرنے کی خاص اپنے نفس کے بارے میں اور ساتھ والے مسلمانوں سے بھلائی کرنے کی اور فرمایا کہ جب تمہارا اپنے مشرک دشمنوں سے سامنا ہو تو انہیں تین میں سے ایک چیز کی دعوت دو۔ اگر وہ اُسے مان لیں تو تم اُن کی بات کو قبول کر لو، اُن سے ہاتھ روک لو انہیں اسلام کی دعوت دو اگر وہ اس بات کو قبول کر لیں تو اُن سے ہاتھ روک لو۔ پھر

مِنْهُمْ وَكُفَّ عَنْهُمْ ثُمَّ ادْعُهُمْ إِلَى التَّحَوُّلِ مِنْ دَارِهِمْ إِلَى دَارِ الْمُهَاجِرِينَ وَأَعْلِمْهُمْ أَنَّهُمْ إِنْ فَعَلُوا ذَلِكَ أَنَّ لَهُمْ مَا لِلْمُهَاجِرِينَ وَأَنَّ عَلَيْهِمْ مَا عَلَى الْمُهَاجِرِينَ فَإِنْ أَبَوْا وَاخْتَارُوا دَارَهُمْ فَأَعْلِمْهُمْ أَنَّهُمْ يَكُونُونَ كَأَعْرَابِ الْمُسْلِمِينَ يَجْرِي عَلَيْهِمْ حُكْمُ اللّٰهِ الَّذِي يَجْرِي عَلَى الْمُؤْمِنِينَ وَلَا يَكُونُ لَهُمْ فِي الْفَيْءِ وَالْغَنِيمَةِ نَصِيبٌ إِلَّا أَنْ يُجَاهِدُوا مَعَ الْمُسْلِمِينَ فَإِنْ هُمْ أَبَوْا فَادْعُهُمْ إِلَى إِعْطَاءِ الْجِزْيَةِ فَإِنْ أَجَابُوا فَاقْبَلْ مِنْهُمْ وَكُفَّ عَنْهُمْ فَإِنْ أَبَوْا فَاسْتَعِنْ بِاللّٰهِ وَقَاتِلْهُمْ وَإِذَا حَاصَرْتَ أَهْلَ حِصْنٍ فَأَرَادُوكَ أَنْ تُنْزِلَهُمْ عَلَى حُكْمِ اللّٰهِ فَلَا تُنْزِلْهُمْ فَإِنَّكُمْ لَا تَدْرُونَ مَا يَحْكُمُ اللّٰهُ فِيهِمْ وَلَكِنْ أَنْزِلُوهُمْ عَلَى حُكْمِكُمْ ثُمَّ اقْضُوا فِيهِمْ بَعْدُ مَا شِئْتُمْ قَالَ سُفْيَانُ قَالَ عَلْقَمَةُ فَذَكَرْتُ هَذَا الْحَدِيثَ لِمُقَاتِلِ بْنِ حَيَّانَ فَقَالَ حَدَّثَنِي مُسْلِمٌ قَالَ أَبُو دَاوُدَ وَهُوَ ابْنُ هَيْصَمٍ عَنِ النُّعْمَانِ ابْنِ مُقَرِّنٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَ حَدِيثِ سُلَيْمَانَ بْنِ بُرَيْدَةَ۔

انہیں نقل مکانی کی دعوت دو اپنے گھروں سے مہاجرین کے گھروں کی طرف اور انہیں بتا دو کہ اگر انہوں نے ایسا کیا تو اُن کے لیے وہی ہوگا جو مہاجرین کے لیے ہے۔ اگر وہ انکار کریں اور اپنے ہی گھروں میں رہنا چاہیں تو انہیں بتا دو کہ وہ اعراب مسلمانوں کی طرح ہوں گے اور ان پر اللہ کا وہی حکم جاری ہوگا جو مسلمانوں پر جاری ہوتا ہے لیکن انہیں فئی یا غنیمت سے حصہ نہیں ملے گا ماسوائے اس کے کہ مسلمانوں کے ساتھ ہو کر جہاد کریں۔ اگر وہ اس سے انکار کریں تو انہیں جزیہ ادا کرنے کی دعوت دو۔ اگر وہ اس بات کو مان لیں تو تم بھی قبول کر لو اور اُن سے ہاتھ روک لو۔ اگر وہ اس سے انکار کریں تو اللہ سے مدد مانگو اور اُن سے لڑو اور جب تم قلعہ والوں کا محاصرہ کر لو پس وہ چاہیں کہ تم انہیں اللہ کے حکم پر اتار لو، تو انہیں نہ اُتارو کیونکہ تم نہیں جانتے کہ اُن کے متعلق اللہ کا حکم کیا ہے، بلکہ اُنہیں اپنے حکم پر اتارو۔ پھر اس کے بعد جو چاہو اُن کا فیصلہ کرو۔ سفیان کا بیان ہے کہ علقمہ نے فرمایا۔ میں نے یہ حدیث مقاتل بن حیان سے بیان کی تو فرمایا کہ مجھ سے مسلم نے بیان کی ہے۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ یہ ابن ہیصم نے حضرت نعمان بن مقرن؟

یعنی حدیث سلیمان بن بریدہ کی طرح روایت کی ہے۔

۸۴۱۔ حَدَّثَنَا أَبُو صَالِحٍ الْأَنْطَاكِيُّ مَحْبُوبُ ابْنُ مُوسَى أَخْبَرَنَا أَبُو إِسْحَاقَ الْفَزَارِيُّ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ بُرَيْدَةَ عَنْ أَبِيهِ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اغْزُوا بِاللّٰهِ وَفِي سَبِيلِ اللّٰهِ وَقَاتِلُوا مَنْ كَفَرَ بِاللّٰهِ اغْزُوا وَلَا تَغْدِرُوا وَلَا تَغُلُّوا وَلَا تُمَثِّلُوا وَلَا تَقْتُلُوا وَلِيدًا۔

سلیمان بن بریدہ نے اپنے والد ماجد بریدہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ اللہ کا نام لے کر اللہ کی راہ میں جہاد کرو اور انہیں قتل کرو جو اللہ کے ساتھ کفر کرتے ہیں۔ جہاد کرنا اور وعدہ خلافی نہ کرنا، ناک کان نہ کاٹنا اور کسی نابالغ کو قتل نہ کرنا۔

۸۴۲۔ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ ابْنُ أَبِي شَيْبَةَ ثَنَا يَحْيَى بْنُ آدَمَ وَعُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوسَى عَنْ حَسَنِ ابْنِ صَالِحٍ عَنْ خَالِدِ بْنِ الْفِزْرِ حَدَّثَنِي أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ

خالد بن فزر نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ روانہ ہو جاؤ اللہ کا نام لے کر، اللہ کی مدد کے ساتھ اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے طریقے پر۔ قتل نہ کرنا

www.sirat-e-mustaqeem.com

www.sirat-e-mustaqeem.com

انطلقوا بسم الله وبالله وعلى ملة رسول الله لا تقتلوا شيخا فانيا ولا طفلا ولا صغيرا ولا امرأة ولا تغلوا وضموا غنائمكم واصلحوا واحسنوا ان الله يحب المحسنين۔

کسی بہت بوڑھے، شیر خوار بچے، نابالغ اور عورت کو غنیمت میں خیانت نہ کرنا اور اپنے مالِ غنیمت کو اکٹھا کر لینا نیز اصلاح کرنا کیونکہ نیکی کرنے والوں کو ——— اللہ تعالیٰ پسند فرماتا ہے۔ ( )

باب ۳۴۷ في الحرق في بلاد العدو۔

دشمن کے شہروں کو جلانے کا بیان

۸۴۳۔ حدثنا قتيبة بن سعيد نا الليث عن نافع عن ابن عمر ان رسول الله صلى الله عليه وسلم حرق نخل بني النضير وقطع وهي البويرة فانزل الله عز وجل ما قطعتم من لينة۔

نافع نے حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بنی نضیر کے کھجوروں کے درخت جلائے کاٹے جو بویرہ میں تھے۔ پس اللہ تعالیٰ نے حکم نازل فرمایا: جو درخت تم نے کاٹ دیا... (۵:۵۹)

۸۴۴۔ حدثنا هناد بن السري عن ابن مبارك عن صالح بن ابي الاخضر عن الزهري قال عروة فحدثني اسامة ان رسول الله صلى الله عليه وسلم كان عهد اليه فقال اغر على ابنى صباحا وحرق۔

ہناد بن سری، ابن مبارک، صالح بن ابوالاخضر، زہری عروہ، حضرت اسامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے انہیں حکم دیتے ہوئے فرمایا: صبح اُبنیٰ کو لوٹ لینا اور جلا دینا۔

۸۴۵۔ حدثنا عبد الله بن عمرو الغزي سمعت ابا مسهر قيل له ابنى قال نحن اعلم هي يبنا فلسطين۔

عبیداللہ بن عمرو غزی نے سنا کہ ابومسہر سے اُبنیٰ کا ذکر ہوا تو فرمایا: ہم جانتے ہیں کہ یُبنا فلسطین میں ہے۔

باب ۳۴۸ في بعث العيون۔

جاسوس روانہ کرنے کا بیان

۸۴۶۔ حدثنا هارون بن عبد الله نا هاشم بن القاسم نا سليمان عن ابن المغيرة عن ثابت عن انس قال بعث يعني النبي صلى الله عليه وسلم بسيسة عينا ينظر ما صنعت عير ابي سفيان۔

ابن المغیرہ نے ثابت سے روایت کی ہے کہ حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بسیسہ کو یہ دیکھنے کے لیے روانہ فرمایا کہ ابوسفیان کا قافلہ کر کیا رہا ہے۔

باب ۳۴۹ في ابن السبيل يأكل من التمر ويشرب من اللبن اذا مر به۔

مسافر کھجوریں کھا لے اور دودھ پی لے، جب ان کے پاس سے گزرے

۸۴۷۔ حدثنا عياش بن الوليد الرقام نا عبد الاعلى نا سعيد عن قتادة عن الحسن عن سمرة بن جندب ان نبي الله صلى الله

حسن نے حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جب تم میں سے کوئی مویشیوں کے پاس سے گزرے اور

www.sirat-e-mustaqeem.com

عليه وسلم قال إذا أتى أحدكم على ماشية فإن كان فيها صاحبها فليستأذنه فإن أذن له فليحتلب وليشرب وإن لم يكن فيها فليصوت ثلاثا فإن أجابه فليستأذنه وإلا فليحتلب وليشرب ولا يحمل۔

اُن کا مالک موجود ہو تو اس سے اجازت لینی چاہیئے۔ اگر وہ اسے اجازت دے تو دودھ کر پی لے اور اگر ان میں موجود نہ ہو تو تین دفعہ اُسے آواز دے۔ اگر وہ جواب دے تو اس سے اجازت لینی چاہیئے ورنہ نچوڑ کر پی لے لیکن ساتھ نہ لے جائے۔

ف۔ یہ اجازت و رخصت حالتِ اضطرار کی ہے یعنی جب کہ سخت مجبوری ہو اور کھانے پینے کے لیے کچھ بھی میسر نہ آئے۔ اگر ایسی ضرورت نہ ہو تو دوسرے کے جانور کا دودھ نکال کر پینے کی اجازت نہیں ہے۔ واللہ اعلم

۸۴۸۔ حدثنا عبيد الله بن معاذ العنبري نا أبي نا شعبة عن أبي بشر عن عباد بن شرحبيل قال أصابني سنة فدخلت حائطا من حيطان المدينة ففركت سنبلا فأكلت وحملت في ثوبي فجاء صاحبه فضربني وأخذ ثوبي فأتيت رسول الله صلى الله عليه وسلم فقال له ما علمت إذ كان جاهلا ولا أطعمت إذ كان جائعا أو قال ساغبا وأمره فرد علي ثوبي وأعطاني وسقا أو نصف وسق من طعام۔

حضرت عباد بن شرحبیل رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ میں قحط سالی کا شکار ہو کر مدینہ منورہ کے باغوں میں سے ایک باغ میں داخل ہوا۔ میں نے بالیاں مل کر کھائیں اور کپڑے میں باندھ لیں۔ پس مالک آگیا تو اس نے مجھے پیٹا اور میرا کپڑا چھین لیا۔ میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو گیا۔ آپ نے فرمایا۔ جب یہ جاہل تھا تو تم نے اسے مسئلہ کیوں نہ بتایا اور جب یہ بھوکا تھا تو تم نے اسے کھانا نہ کھلایا اور حکم فرمایا تو اُس نے میرا کپڑا واپس دے دیا اور مجھے ایک وسق یا نصف وسق اناج بھی دیا۔

۸۴۹۔ حدثنا محمد بن بشار نا محمد بن جعفر عن شعبة عن أبي بشر قال سمعت عباد بن شرحبيل رجلا منا من بني غبر بمعناه۔

ابو بشر کا بیان ہے کہ میں نے اسے حضرت عباد بن شرحبیل رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے سنا معناً فرماتے ہوئے جو ہم میں سے تھے لیکن وہ دوسرے خاندان سے۔

۸۵۰۔ حدثنا عثمان وأبو بكر ابنا أبي شيبة وهذا لفظ أبي بكر عن معتمر بن سليمان قال سمعت ابن أبي الحكم الغفاري يقول حدثتني جدتي عن عم أبي رافع بن عمرو الغفاري قال كنت غلاما أرمي نخل الأنصار فأتي بي النبي صلى الله عليه وسلم فقال يا غلام لم ترمي النخل قال آكل قال فلا ترم النخل وكل مما يسقط في أسفلها ثم مسح رأسه فقال اللهم أشبع بطنه۔

عثمان اور ابوبکر پسران ابو شیبہ، معتمر بن سلیمان، ابن ابی الحکم غفاری، ان کی دادی جان، ابو رافع بن عمرو غفاری کے چچا جان نے فرمایا۔ میں لڑکا تھا اور انصار کے کھجوروں کے درختوں پر ڈھیلے مارا کرتا تھا پس مجھے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں پیش کیا گیا تو آپ نے فرمایا۔ اے لڑکے کھجوروں پر ڈھیلے کیوں مارتے ہو؟ عرض گزار ہوا کہ کھانے کے لیے۔ فرمایا کہ کھجوروں پر ڈھیلے نہ مارا کرو بلکہ جو نیچے گر پڑیں انہیں کھا لیا کرو۔ پھر میرے سر پر دستِ کرم پھیرا اور کہا اے اللہ! اسے شکم سیر فرما۔

www.sirat-e-mustaqeem.com

باب ۳۵۰ فِي مَنْ قَالَ لَا يَحْلِبُ.

۸۵۱ - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ مَسْلَمَةَ عَنْ مَالِكٍ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يَحْلِبَنَّ اَحَدٌ مَاشِيَةَ اَحَدٍ بِغَيْرِ اِذْنِهِ اَيُحِبُّ اَحَدُكُمْ اَنْ تُؤْتٰى مَشْرُبَتُهُ فَتُكْسَرَ خِزَانَتُهُ فَيُنْتَثَلَ طَعَامُهُ فَاِنَّمَا تَخْزُنُ لَهُمْ ضُرُوْعُ مَوَاشِيْهِمْ اَطْعِمَتَهُمْ فَلَا يَحْلِبَنَّ اَحَدٌ مَاشِيَةَ اَحَدٍ اِلَّا بِاِذْنِهِ۔

باب ۳۵۱ فِي الطَّاعَةِ۔

۸۵۲ - حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ نَا حَجَّاجٌ قَالَ قَالَ ابْنُ جُرَيْجٍ يَاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا اَطِيْعُوا اللهَ وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ وَاُولِي الْاَمْرِ مِنْكُمْ عَبْدُ اللهِ بْنُ قَيْسِ بْنِ عَدِيٍّ بَعَثَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي سَرِيَّةٍ اَخْبَرَنِيْهِ يَعْلَى عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ۔

۸۵۳ - حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ مَرْزُوْقٍ اَنَا شُعْبَةُ عَنْ زُبَيْدٍ عَنْ سَعْدِ بْنِ عُبَيْدَةَ عَنْ اَبِي عَبْدِ الرَّحْمٰنِ السُّلَمِيِّ عَنْ عَلِيٍّ اَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَ جَيْشًا وَاَمَّرَ عَلَيْهِمْ رَجُلًا وَاَمَرَهُمْ اَنْ يَسْمَعُوْا لَهُ وَيُطِيْعُوْا فَاَجَّجَ نَارًا وَاَمَرَهُمْ اَنْ يَقْتَحِمُوْا فِيْهَا فَاَبٰى قَوْمٌ اَنْ يَدْخُلُوْهَا وَقَالُوْا اِنَّمَا فَرَرْنَا مِنَ النَّارِ وَاَرَادَ قَوْمٌ اَنْ يَدْخُلُوْهَا فَبَلَغَ ذٰلِكَ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَوْ دَخَلُوْا فِيْهَا لَمْ يَزَالُوْا فِيْهَا وَقَالَ لَا طَاعَةَ فِي مَعْصِيَةِ اللهِ اِنَّمَا الطَّاعَةُ فِي الْمَعْرُوْفِ۔

۸۵۴ - حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا يَحْيٰى عَنْ عُبَيْدِ اللهِ حَدَّثَنِيْ نَافِعٌ عَنْ عَبْدِ اللهِ عَنْ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ السَّمْعُ وَالطَّاعَةُ عَلَى الْمَرْءِ الْمُسْلِمِ فِيْمَا اَحَبَّ وَكَرِهَ مَا لَمْ يُؤْمَرْ

جس نے کہا دودھ نہ دوہے

نافع نے حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: کوئی تم میں سے کسی کے جانور کا دودھ اس کی اجازت کے بغیر نہ نکالے۔ کیا تم میں سے کوئی یہ پسند کرتا ہے کہ کوئی کھڑکی سے آکر خزانے کو توڑے اور تمہارے اناج کو لے جائے؟ پس اسی طرح لوگوں کے جانوروں کے تھن ان کی خوراک کے خزانے ہیں۔ پس کوئی کسی کے جانور کا دودھ نہ نکالے مگر اس کی اجازت سے۔

حکم بجا لانا

ابن جریج نے کہا اے ایمان والو! حکم مانو اللہ کا اور حکم مانو رسول کا اور جو تم میں سے صاحب حکم ہوں (۴: ۵۹) یہ آیت حضرت عبداللہ بن قیس بن عدی کے متعلق نازل ہوئی۔ جنہیں نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے سریہ دے کر بھیجا تھا۔ خبر دی اس کی یعلیٰ، سعید بن جبیر، حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے۔

ابو عبدالرحمٰن سلمی نے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک لشکر بھیجا اور ایک آدمی کو ان پر امیر بنا دیا اور انہیں حکم دیا کہ اس کی بات سننا اور ماننا۔ پس اس نے آگ جلائی اور انہیں اس میں کودنے کا حکم دیا۔ لوگوں نے اس میں داخل ہونے سے انکار کیا اور کہا کہ ہم آگ ہی سے تو بھاگے ہیں۔ جبکہ کچھ لوگوں نے داخل ہونے کا ارادہ کر لیا۔ جب یہ بات نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو پہنچی تو فرمایا: اگر وہ اس میں داخل ہو جاتے تو ہمیشہ اسی میں رہتے اور فرمایا کہ اللہ کی نافرمانی میں کسی کی اطاعت نہیں، بلکہ اطاعت تو اچھی باتوں میں ہے۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: سننا اور ماننا مسلمان پر خواہ اسے پسند کرے یا ناپسند اس وقت ہے جبکہ معصیت کا حکم نہ دیا جائے۔ جب خدا کی نافرمانی کا حکم دیا

بِمَعْصِيَةٍ فَإِذَا أُمِرَ بِمَعْصِيَةٍ فَلَا سَمْعَ وَلَا طَاعَةَ۔

٨٥٥۔ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مَعِينٍ نَا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ عَبْدِ الْوَارِثِ نَا سُلَيْمَانُ بْنُ الْمُغِيرَةِ نَا حُمَيْدُ بْنُ هِلَالٍ عَنْ بِشْرِ بْنِ عَاصِمٍ عَنْ عُقْبَةَ بْنِ مَالِكٍ مِنْ رَهْطِهِ قَالَ بَعَثَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَرِيَّةً فَسَلَّحْتُ رَجُلًا مِنْهُمْ سَيْفًا فَلَمَّا رَجَعَ قَالَ لَوْ رَأَيْتَ مَا لَامَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ أَعَجَزْتُمْ إِذْ بَعَثْتُ رَجُلًا مِنْكُمْ فَلَمْ يَمْضِ لِأَمْرِي أَنْ تَجْعَلُوا مَكَانَهُ مَنْ يَمْضِي لِأَمْرِي۔

جائے تو اُسے سُننا اور ماننا نہیں چاہیئے۔

حضرت عقبہ بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنے گروہ سے فرمایا، نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک سریہ بھیجا تو اُن میں سے ایک آدمی کو میں نے تلوار دی۔ جب وہ واپس لوٹا تو کہا، کاش! آپ دیکھتے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ہمیں کس طرح ملامت کی۔ فرمایا کیا تم اس بات سے عاجز ہو کہ جب میں ایک آدمی کو تمہارا امیر بنا کر بھیجتا ہوں اور وہ میرے حکم کی تعمیل نہیں کرتا تو تم اُس کی جگہ دوسرے کو مقرر کر لو جو میرا حکم بجا لائے۔

ف، امیر ایسے شخص کو مقرر کرنا چاہیئے جو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے احکامات کی پوری طرح پیروی کرتا ہو گر کسی شخص کو امیر مقرر کر لیا گیا لیکن وہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے احکامات وہدایات کی پوری طرح پیروی نہ کرے تو اُسے ہٹا کر کسی دوسرے مناسب شخص کو اپنا امیر مقرر کر لینا چاہیئے۔ غرضیکہ امارت کے لیے اتباعِ رسول ضروری ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

بَاب ٣٥٤ مَا يُؤْمَرُ مِنِ انْضِمَامِ الْعَسْكَرِ۔

فوجیوں کا باہمی رابطہ

٨٥٦۔ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عُثْمَانَ الْحِمْصِيُّ وَيَزِيدُ بْنُ قُبَيْسٍ مِنْ أَهْلِ جَبَلَةَ سَاحِلِ حِمْصَ وَهَذَا لَفْظُ يَزِيدَ قَالَا نَا الْوَلِيدُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْعَلَاءِ أَنَّهُ سَمِعَ مُسْلِمَ بْنَ مِشْكَمٍ أَبَا عُبَيْدِ اللّٰهِ يَقُولُ حَدَّثَنَا أَبُو ثَعْلَبَةَ الْخُشَنِيُّ قَالَ كَانَ النَّاسُ إِذَا نَزَلُوا مَنْزِلًا قَالَ عَمْرٌو كَانَ النَّاسُ إِذَا نَزَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْزِلًا تَفَرَّقُوا فِي الشِّعَابِ وَالْأَوْدِيَةِ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ تَفَرُّقَكُمْ فِي هَذِهِ الشِّعَابِ وَالْأَوْدِيَةِ إِنَّمَا ذَلِكُمْ مِنَ الشَّيْطَانِ فَلَمْ يَنْزِلْ بَعْدَ ذَلِكَ مَنْزِلًا إِلَّا انْضَمَّ بَعْضُهُمْ إِلَى بَعْضٍ حَتَّى يُقَالَ لَوْ بُسِطَ عَلَيْهِمْ ثَوْبٌ لَعَمَّهُمْ۔

عمرو بن عثمان حمصی، یزید بن قبیس، ولید، عبداللہ بن علاء، مسلم بن مشکم، عبیداللہ، حضرت ابو ثعلبہ خشنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا، لوگ جب کسی منزل پر اترتے۔ عمرو نے اپنی روایت میں کہا، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب اُترتے تو لوگ گھاٹیوں اور وادیوں میں متفرق ہو جاتے۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، تمہارا گھاٹیوں اور وادیوں میں بکھر جانا شیطان کی طرف سے ہے۔ پس اس کے بعد سب حضرات منزل پر ہمیشہ ایک ہی جگہ اترتے رہے، ایک دوسرے سے مل کر، یہاں تک کہ کہا جاتا کہ اگر ان کے اوپر کپڑا پھیلایا جائے تو سب کو ڈھانپ لے گا۔

٨٥٧۔ حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ نَا

سعید بن منصور، اسمٰعیل بن عیاش، اسید بن عبدالرحمٰن

www.sirat-e-mustaqeem.com

إسمعيل بن عياش عن أسيد بن عبد الرحمن الخثعمي عن فروة بن مجاهد اللخمي عن سهل بن معاذ بن أنس الجهني عن أبيه قال غزوت مع نبي الله صلى الله عليه وسلم غزوة كذا وكذا فضيق الناس المنازل وقطعوا الطريق فبعث النبي صلى الله عليه وسلم مناديا ينادي في الناس أن من ضيق منزلا أو قطع طريقا فلا جهاد له.

خثعمی، فروہ بن مجاہد لخمی، سہل بن معاذ بن انس جہنی کے والد ماجد نے فرمایا کہ میں نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ فلاں فلاں غزوات میں حصہ لیا۔ ایک منزل پر لوگوں نے تنگ کر دی جگہ اور راستے بند کر دیے۔ پس نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے لوگوں میں ندا کرنے کے لیے ایک منادی کو بھیجا کہ جو منزل کو تنگ کر دے اور راستہ روکے اس کا کوئی جہاد نہیں ہے (قطعوا الطریق سے مراد ڈاکے مارنا بھی ہے)

۸۵۸- حدثنا عمرو بن عثمان نا بقية عن الأوزاعي عن أسيد بن عبد الرحمن عن فروة بن مجاهد عن سهل بن معاذ عن أبيه قال غزونا مع نبي الله صلى الله عليه وسلم بمعناه.

عمرو بن عثمان، بقیہ، اوزاعی، اسید بن عبدالرحمن، فروہ بن مجاہد، سہل بن معاذ کے والد ماجد نے فرمایا، ہم نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی معیت میں جہاد کیا۔ آگے اسے معناً روایت کیا ہے۔

باب ۳۵۳ في كراهية تمني لقاء العدو.

دشمن سے ٹکرانے کی تمنا کرنا اچھا نہیں ہے

۸۵۹- حدثنا أبو صالح محبوب بن موسى نا أبو إسحق الفزاري عن موسى بن عقبة عن سالم أبي النضر مولى عمر بن عبيد الله وكان كاتبا له قال كتب إليه عبد الله ابن أبي أوفى حين خرج إلى الحرورية أن رسول الله صلى الله عليه وسلم في بعض أيامه التي لقي فيها العدو قال يا أيها الناس لا تتمنوا لقاء العدو وسلوا الله العافية فإذا لقيتموهم فاصبروا واعلموا أن الجنة تحت ظلال السيوف ثم قال اللهم منزل الكتاب مجري السحاب وهازم الأحزاب اهزمهم وانصرنا عليهم.

سالم ابوالنضر کا بیان ہے جو عمر بن عبیداللہ کے مولیٰ تھے کہ حضرت عبداللہ بن ابی اوفیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اُن کے لیے لکھا جبکہ وہ حروریہ (مرکزِ خوارج) کی طرف نکلے تھے کہ رسول اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ایک دفعہ جب دشمن کے بالمقابل ہوئے تو فرمایا اے لوگو! دشمن سے مڈبھیڑ ہونے کی تمنا نہ کیا کرو اور اللہ تعالیٰ سے عافیت مانگا کرو۔ جب تمہارا دشمن سے تصادم ہی ہو جائے تو صبر و استقلال سے کام لو اور یہ نظر رکھو کہ جنت تلواروں کے سائے تلے ہے۔ پھر دعا کی: اے اللہ! کتاب نازل فرمانے والے، بادلوں کو چلانے والے، کفار کے لشکروں کو شکست دینے والے، کفار کے خلاف ہماری مدد فرما۔

باب ۳۵۴ ما يدعى عند اللقاء.

ٹکراؤ کے وقت کیا دعا کرے

۸۶۰- حدثنا نصر بن علي أخبرني أبي نا المثنى بن سعيد عن قتادة عن أنس بن

قتادہ سے روایت ہے کہ حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب

www.sirat-e-mustaqeem.com

مالك قال كان رسول الله صلى الله عليه وسلم إذا غزا قال اللهم أنت عضدي ونصيري بك أحول وبك أصول وبك أقاتل۔

جہاد فرماتے تو کہتے:- اے اللہ! تو ہی میرا پشت پناہ اور مددگار ہے۔ میں تیری مدد سے چلتا، تیری مدد سے حملہ کرتا اور تیری مدد سے لڑتا ہوں۔

باب ۳۵۵ في دعاء المشركين۔

مشرکوں کو دعوت اسلام دینا

٨٦١ - حدثنا سعيد بن منصور نا إسمعيل ابن إبراهيم أنا ابن عون قال كتبت إلى نافع أسأله عن دعاء المشركين عند القتال فكتب إلي أن ذلك كان في أول الإسلام وقد أغار نبي الله صلى الله عليه وسلم على بني المصطلق وهم غارون وأنعامهم تسقى على الماء فقاتل مقاتلتهم وسبى سبيهم وأصاب يومئذ جويرية بنت الحارث حدثني بذلك عبد الله وكان في ذلك الجيش۔

ابن عون کا بیان ہے کہ میں نے یہ پوچھتے ہوئے نافع کے لیے لکھا کہ لڑائی کے وقت مشرکوں کو کیا دعوت دی جائے۔ اُنہوں نے میرے لیے لکھا کہ یہ بات شروع اسلام میں تھی اور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بنی مصطلق پر یلغار کی جب کہ وہ بے خبر تھے اور اپنے مویشیوں کو پانی پلا رہے تھے تو ان کے لڑنے والوں کو قتل کیا اور باقی کو قیدی بنا لیا۔ حضرت جویریہ بنت حارث کو اُسی روز حاصل کیا تھا۔ یہ حدیث مجھ سے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے بیان کی جو اس لشکر میں شامل تھے۔

٨٦٢ - حدثنا موسى بن إسمعيل نا حماد أنا ثابت عن أنس أن النبي صلى الله عليه وسلم كان يغير عند صلوة الصبح وكان يتسمع فإذا سمع أذانا أمسك وإلا أغار۔

ثابت نے حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نمازِ فجر کے وقت یلغار فرمایا کرتے۔ پہلے آپ سنتے۔ اگر اذان کی آواز آتی تو رُک جاتے ورنہ یلغار فرماتے۔

٨٦٣ - حدثنا سعيد بن منصور نا سفين عن عبد الملك بن نوفل بن مساحق عن ابن عصام المزني عن أبيه قال بعثنا رسول الله صلى الله عليه وسلم في سرية فقال إذا رأيتم مسجدا أو سمعتم مؤذنا فلا تقتلوا أحدا۔

عبدالملک بن نوفل بن مساحق نے ابن عصام مزنی سے روایت کی کہ اُن کے والدِ ماجد نے فرمایا۔ رسول اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک فوجی دستہ بھیجتے ہوئے فرمایا۔ جب تم کسی جگہ مسجد دیکھو یا مؤذن کی آواز سنو تو کسی ایک کو بھی قتل نہ کرنا۔

باب ۳۵۶ المكر في الحرب۔

لڑائی میں دھوکا دینا

٨٦٤ - حدثنا سعيد بن منصور نا سفين عن عمرو أنه سمع جابرا أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال الحرب خدعة۔

عمرو نے حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے سنا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ لڑائی جنگی تدابیر پر موقوف ہے۔

٨٦٥ - حدثنا محمد بن عبيد نا أبو ثور

عبدالرحمٰن بن کعب بن مالک نے اپنے والدِ ماجد

عَنْ مَعْمَرٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ عَنْ أَبِيهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ إِذَا أَرَادَ غَزْوَةً وَرّٰى غَيْرَهَا وَكَانَ يَقُولُ الْحَرْبُ خُدْعَةٌ۔

سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب جہاد کا ارادہ فرماتے تو کچھ اور ہی بتاتے اور فرماتے کہ لڑائی جنگی تدابیر کا نام ہے۔

بَابٌ ۳۵۷ فِي الْبَيَاتِ۔

۸۶۶۔ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ نَا عَبْدُ الصَّمَدِ وَأَبُو عَامِرٍ عَنْ عِكْرِمَةَ بْنِ عَمَّارٍ نَا إِيَاسُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ أَبِيهِ قَالَ أَمَّرَ عَلَيْنَا رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَبَا بَكْرٍ فَغَزَوْنَا نَاسًا مِنَ الْمُشْرِكِينَ فَبَيَّتْنَاهُمْ فَقَتَلْنَاهُمْ وَكَانَ شِعَارُنَا تِلْكَ اللَّيْلَةَ أَمِتْ أَمِتْ قَالَ سَلَمَةُ فَقَتَلْتُ بِيَدِي تِلْكَ اللَّيْلَةَ سَبْعَةَ أَهْلِ أَبْيَاتٍ مِنَ الْمُشْرِكِينَ

شب خون کا بیان

عکرمہ بن عمار نے ایاس بن سلمہ سے روایت کی کہ اُن کے والد ماجد نے فرمایا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ہمارا امیر حضرت ابوبکر صدیق کو مقرر فرمایا اور ہم نے مشرکوں سے جہاد کیا۔ پس ہم نے شب خون مار کر اُنہیں قتل کیا اور اُس رات ہماری فوجی نشانی اَمِتْ اَمِتْ تھی۔ سلمہ نے فرمایا کہ میں نے اپنے ہاتھ سے اس رات مشرکوں کے ساتھ سات گھروالوں کو قتل کیا۔

بَابٌ ۳۵۸ فِي لُزُومِ السَّاقَةِ۔

۸۶۷۔ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ شَوْكَرٍ حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عُلَيَّةَ نَا الْحَجَّاجُ ابْنُ أَبِي عُثْمَانَ عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ أَنَّ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللهِ حَدَّثَهُمْ قَالَ كَانَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتَخَلَّفُ فِي الْمَسِيرِ فَيُزْجِي الضَّعِيفَ وَيُرْدِفُ وَيَدْعُو لَهُمْ۔

کمزور دستے کی نگرانی

ابوالزبیر سے حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے حدیث بیان کرتے ہوئے فرمایا۔ سفر میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پیچھے رہا کرتے۔ کمزور کو ساتھ لے کر اپنے پیچھے بٹھا لیتے اور ایسے لوگوں کے لیے دعا کیا کرتے۔

بَابٌ ۳۵۹ عَلَى مَا يُقَاتَلُ الْمُشْرِكُونَ۔

۸۶۸۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا أَبُو مُعَاوِيَةَ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ أَبِي صَالِحٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أُمِرْتُ أَنْ أُقَاتِلَ النَّاسَ حَتّٰى يَقُولُوا لَا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ فَإِذَا قَالُوهَا مَنَعُوا مِنِّي دِمَاءَهُمْ وَأَمْوَالَهُمْ إِلَّا بِحَقِّهَا وَحِسَابُهُمْ عَلَى اللهِ عَزَّ وَجَلَّ۔

مشرکوں سے کس بات پر لڑنا چاہیئے۔

ابوصالح نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ مجھے حکم دیا گیا ہے کہ لوگوں سے لڑوں یہاں تک کہ وہ کہہ دیں نہیں کوئی معبود مگر اللہ۔ جب اُنہوں نے یہ کہہ دیا تو اپنے خون اور مال کو مجھ سے بچا لیا مگر حق کے ساتھ اور اُن کا حساب اللہ تعالیٰ نے لینا ہے۔

۸۶۹۔ حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ يَعْقُوبَ الطَّالْقَانِيُّ نَا عَبْدُ اللهِ بْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ حُمَيْدٍ عَنْ أَنَسٍ

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ مجھے حکم دیا گیا

www.sirat-e-mustaqeem.com

قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أُمِرْتُ أَنْ أُقَاتِلَ النَّاسَ حَتّٰى يَشْهَدُوا أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَأَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُولُهُ وَأَنْ يَسْتَقْبِلُوا قِبْلَتَنَا وَأَنْ يَأْكُلُوا ذَبِيحَتَنَا وَأَنْ يُصَلُّوا صَلَاتَنَا فَإِذَا فَعَلُوا ذٰلِكَ حَرُمَتْ عَلَيْنَا دِمَاؤُهُمْ وَأَمْوَالُهُمْ إِلَّا بِحَقِّهَا لَهُمْ مَا لِلْمُسْلِمِينَ وَعَلَيْهِمْ مَا عَلَى الْمُسْلِمِينَ۔

ہے کہ لوگوں سے لڑتا رہوں، یہاں تک کہ وہ گواہی دے دیں کہ نہیں کوئی معبود مگر اللہ اور محمد مصطفےٰ اس کا بندہ اور اس کا رسول ہے اور ہمارے قبلے کی طرف منہ کریں اور ہمارا ذبیحہ کھائیں اور ہمارے جیسی نماز پڑھیں۔ جب انہوں نے ایسا کر لیا تو ہم پر ان کے جان و مال حرام ہو گئے مگر جو حق مسلمانوں کا ان پر اور ان کا مسلمانوں پر ہے۔

۸۷۰۔ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ الْمَهْرِيُّ أَنَا ابْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ عَنْ حُمَيْدٍ الطَّوِيلِ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أُمِرْتُ أَنْ أُقَاتِلَ الْمُشْرِكِينَ بِمَعْنَاهُ۔

حمید الطویل نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ مجھے مشرکوں سے لڑنے کا حکم فرمایا گیا ہے۔ آگے معناً اسی طرح روایت کی۔

۸۷۱۔ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ وَعُثْمَانُ ابْنُ أَبِي شَيْبَةَ الْمَعْنٰى قَالَا نَا يَعْلَى بْنُ عُبَيْدٍ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ أَبِي ظَبْيَانَ نَا أُسَامَةُ ابْنُ زَيْدٍ قَالَ بَعَثَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَرِيَّةً إِلَى الْحُرَقَاتِ فَنَذِرُوا بِنَا فَهَرَبُوا فَأَدْرَكْنَا رَجُلًا فَلَمَّا غَشِينَاهُ قَالَ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ فَضَرَبْنَاهُ حَتّٰى قَتَلْنَاهُ فَذَكَرْتُهُ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ مَنْ لَكَ بِلَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فَقُلْتُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ إِنَّمَا قَالَهَا مَخَافَةَ السِّلَاحِ قَالَ أَفَلَا شَقَقْتَ عَنْ قَلْبِهِ حَتّٰى تَعْلَمَ مِنْ أَجْلِ ذٰلِكَ قَالَهَا أَمْ لَا مَنْ لَكَ بِلَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فَمَا زَالَ يَقُولُهَا حَتّٰى وَدِدْتُ أَنِّي لَمْ أُسْلِمْ إِلَّا يَوْمَئِذٍ۔

ابو ظبیان سے روایت ہے کہ حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ہمیں ایک فوجی دستے کی صورت میں حرقات کی جانب روانہ فرمایا۔ وہ ہمیں دیکھ کر بھاگ گئے۔ ہمیں ایک آدمی ملا جب ہم نے اُسے گھیر لیا تو اُس نے لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کہا۔ ہم نے اُسے مارا پیٹا، یہاں تک کہ اُسے قتل کر دیا۔ میں نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے اس کا ذکر کیا تو فرمایا:۔ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ جس کی قیامت کے روز حجت ہو گی اُسے! میں عرض گزار ہوا کہ یا رسول اللہ! اُس نے ہتھیاروں سے ڈرتے ہوئے کہا تھا۔ فرمایا۔ کیا تم نے اُس کے دل کو چیر کر دیکھ لیا تھا کہ اُس نے سچے دل سے کہا ہے یا نہیں؟ اُسے قتل کیا جس کی لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ قیامت کے روز حجت ہو گی؟ آپ برابر یہی فرماتے رہے یہاں تک کہ میں آرزو کرنے لگا کہ آج تک مسلمان نہ ہوا ہوتا۔

۸۷۲۔ حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ عَنِ اللَّيْثِ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَزِيدَ اللَّيْثِيِّ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَدِيِّ بْنِ الْخِيَارِ

عبید اللہ بن عدی بن خیار کو حضرت مقداد بن اسود رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بتایا کہ وہ عرض گزار ہوئے:۔ یا رسول اللہ! اگر میں کافروں کے ایک آدمی سے ملوں۔

عَنِ الْمِقْدَادِ بْنِ الْأَسْوَدِ أَنَّهُ أَخْبَرَهُ أَنَّهُ قَالَ يَا رَسُولَ اللَّهِ أَرَأَيْتَ إِنْ لَقِيتُ رَجُلًا مِنَ الْكُفَّارِ فَقَاتَلَنِي فَضَرَبَ إِحْدَى يَدَيَّ بِالسَّيْفِ ثُمَّ لَاذَ مِنِّي بِشَجَرَةٍ فَقَالَ أَسْلَمْتُ لِلَّهِ أَفَأَقْتُلُهُ يَا رَسُولَ اللَّهِ بَعْدَ أَنْ قَالَهَا قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَقْتُلْهُ فَقُلْتُ يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنَّهُ قَطَعَ يَدِي قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَقْتُلْهُ فَإِنْ قَتَلْتَهُ فَإِنَّهُ بِمَنْزِلَتِكَ قَبْلَ أَنْ تَقْتُلَهُ وَأَنْتَ بِمَنْزِلَتِهِ قَبْلَ أَنْ يَقُولَ كَلِمَتَهُ الَّتِي قَالَ۔

وہ مجھ سے لڑے اور تلوار کے ساتھ میرے ایک ہاتھ کو زخمی کردیئے۔ پھر ایک درخت کی آڑ لے کر کہے کہ میں اللہ کے لیے مسلمان ہوگیا۔ یا رسول اللہ! یہ کہہ دینے کے بعد کیا میں اُسے قتل کرسکتا ہوں؟ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اُسے قتل نہ کرنا۔ میں عرض گزار ہوا کہ یا رسول اللہ! اس نے میرا ہاتھ کاٹ دیا تھا؟ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ اگر تم اُسے قتل کرو گے تو وہ تمہاری جگہ پر ہوگا جس پر تم اُسے قتل کرنے سے پہلے تھے اور تم اس کی جگہ پر ہو گے جس پر وہ یہ کلمہ کہنے سے پہلے تھا۔

ف۔ اگر کوئی کافر عین دورانِ جہاد، مسلمان سے لڑتا ہوا لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ کہہ دے یا کہے کہ میں مسلمان ہو گیا یا میں نے اسلام قبول کرلیا تو مسلمانوں کو اس سے ہاتھ روک لینا چاہیئے اور یہ خیال دل میں نہیں لانا چاہیئے کہ وہ جان بچانے کے لیے ایسا کہہ رہا ہے کیونکہ دل میں کیا ہے یہ اللہ تعالیٰ ہی بہتر جانتا ہے۔ احکام ظاہر پر مرتب ہوتے ہیں۔ جب وہ اپنے مسلمان ہونے کا اعلان کررہا ہے، کسی مجبوری یا مصلحت ہی سے ہو تو اُسے مسلمان شمار کرنا ہوگا۔ اور اب مسلمانوں کے لیے اُس کا خون حلال نہیں رہے گا۔ حضرت مقداد بن اسود رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے سوال پر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اب اگر تم اُسے قتل کروگے تو وہ اُس حالت پر ہوگا جس پر تم اُسے قتل کرنے سے پہلے تھے اور تم اس حالت پر شمار ہوگے جس پر وہ اپنے مسلمان ہونے کا اظہار کرنے سے پہلے تھا۔ گویا وہ مسلمان اور تم مسلمان کے قاتل شمار ہوگے کہ تم نے جان بوجھ کر ایک مسلمان کو قتل کردیا۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

بَابُ النَّهْيِ عَنْ قَتْلِ مَنِ اعْتَصَمَ بِالسُّجُودِ

سجدے میں پڑے ہوئے کو قتل کرنے کی ممانعت

۲۶۴۳۔ حَدَّثَنَا هَنَّادُ بْنُ السَّرِيِّ نَا أَبُو مُعَاوِيَةَ عَنْ إِسْمٰعِيلَ عَنْ قَيْسٍ عَنْ جَرِيرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ بَعَثَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَرِيَّةً إِلَى خَثْعَمٍ فَاعْتَصَمَ نَاسٌ مِنْهُمْ بِالسُّجُودِ فَأَسْرَعَ فِيهِمُ الْقَتْلَ قَالَ فَبَلَغَ ذٰلِكَ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَمَرَ لَهُمْ بِنِصْفِ الْعَقْلِ وَقَالَ أَنَا بَرِيءٌ مِنْ كُلِّ مُسْلِمٍ يُقِيمُ بَيْنَ أَظْهُرِ الْمُشْرِكِينَ قَالُوا يَا رَسُولَ اللَّهِ لِمَ قَالَ لَا تَرَايَا نَارَاهُمَا

جریر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک سریہ خثعم کی طرف روانہ فرمایا تو اُن میں سے کچھ لوگوں نے آپ کو سجدے میں گرکر بچانا چاہا پس اُنہیں جلدی سے قتل کردیا گیا یہ بات نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو پہنچی تو انہیں نصف دیت ادا کرنے کا حکم فرمایا اور ارشاد ہوا کہ میں ہر اس مسلمان سے بری ہوں جو کافروں کے درمیان رہتا ہو۔ لوگ عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ! کس لیے؟ فرمایا کہ دونوں کی آگ جمع نہیں ہوتی۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ روایت کیا ہے اسے معمر اور ہشیم اور خالد واسطی

www.sirat-e-mustaqeem.com

قَالَ أَبُو دَاوُدَ رَوَاهُ مَعْمَرٌ وَهُشَيْمٌ وَخَالِدٌ الْوَاسِطِيُّ وَجَمَاعَةٌ لَمْ يَذْكُرُوا أَجْزِيَا۔

اور ایک جماعت نے لیکن اُنہوں نے اجزیا کا ذکر نہیں کیا۔

بَابٌ ۳۶ فِي التَّوَلِّي يَوْمَ الزَّحْفِ۔

مقابلے کے وقت پیٹھ دکھانا

۸۷۴ - حَدَّثَنَا أَبُو تَوْبَةَ الرَّبِيعُ بْنُ نَافِعٍ نَا ابْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ جَرِيرِ بْنِ حَازِمٍ عَنِ الزُّبَيْرِ ابْنِ خِرِّيتٍ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ نَزَلَتْ إِنْ يَكُنْ مِنْكُمْ عِشْرُونَ صَابِرُونَ يَغْلِبُوا مِائَتَيْنِ فَشَقَّ ذَلِكَ عَلَى الْمُسْلِمِينَ حِينَ فَرَضَ اللَّهُ عَلَيْهِمْ أَنْ لَا يَفِرَّ وَاحِدٌ مِنْ عَشَرَةٍ ثُمَّ إِنَّهُ جَاءَ تَخْفِيفٌ فَقَالَ الْآنَ خَفَّفَ اللَّهُ عَنْكُمْ قَرَأَ أَبُو تَوْبَةَ إِلَى قَوْلِهِ يَغْلِبُوا مِائَتَيْنِ قَالَ فَلَمَّا خَفَّفَ اللَّهُ عَنْهُمْ مِنَ الْعِدَّةِ نَقَصَ مِنَ الصَّبْرِ بِقَدْرِ مَا خَفَّفَ عَنْهُمْ۔

عکرمہ سے روایت ہے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا: جب آیت نازل ہوئی۔ اگر تم میں سے دس صبر والے ہوں تو دو سو پر غالب آئیں گے (۸: ۶۵) پس یہ بات مسلمانوں پر گراں گزری جب کہ اللہ تعالیٰ نے اُن پر یہ فرض فرما دیا کہ ایک آدمی دس کے مقابلے سے نہ بھاگے۔ پھر اس میں تخفیف کا حکم آگیا اور فرمایا: "اب اللہ نے تمہارے لیے تخفیف فرما دی ہے" چنانچہ ابو توبہ نے اسے ارشادِ ربانی "دو سو پر غالب آئیں گے" تک پڑھ کر فرمایا۔ جب اللہ تعالیٰ نے اُن کے لیے گنتی میں کمی فرما دی تو جتنی تعداد گھٹائی صبر و استقلال میں بھی اسی کے مطابق کمی آگئی۔

۸۷۵ - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ يُونُسَ نَا زُهَيْرٌ نَا يَزِيدُ بْنُ أَبِي زِيَادٍ أَنَّ عَبْدَ الرَّحْمَنِ بْنَ أَبِي لَيْلَى حَدَّثَهُ أَنَّ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ عُمَرَ حَدَّثَهُ أَنَّهُ كَانَ فِي سَرِيَّةٍ مِنْ سَرَايَا رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فَحَاصَ النَّاسُ حَيْصَةً فَكُنْتُ فِيمَنْ حَاصَ فَلَمَّا بَرَزْنَا قُلْنَا كَيْفَ نَصْنَعُ وَقَدْ فَرَرْنَا مِنَ الزَّحْفِ وَبُؤْنَا بِالْغَضَبِ فَقُلْنَا نَدْخُلُ الْمَدِينَةَ فَنَتَثَبَّتُ فِيهَا لِنَذْهَبَ وَلَا يَرَانَا أَحَدٌ قَالَ فَدَخَلْنَا فَقُلْنَا لَوْ عَرَضْنَا أَنْفُسَنَا عَلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَإِنْ كَانَتْ لَنَا تَوْبَةٌ أَقَمْنَا وَإِنْ كَانَ غَيْرَ ذَلِكَ ذَهَبْنَا قَالَ فَجَلَسْنَا لِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَبْلَ صَلَاةِ الْفَجْرِ فَلَمَّا خَرَجَ قُمْنَا إِلَيْهِ فَقُلْنَا نَحْنُ الْفَرَّارُونَ فَأَقْبَلَ إِلَيْنَا فَقَالَ

عبدالرحمن بن ابو لیلیٰ نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ وہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے روانہ فرمائے ہوئے ایک سریہ میں تھے۔ فرمایا کہ لوگ بھاگ نکلے۔ میں بھی بھاگنے والوں میں تھا۔ جب ہم رُکے تو ہم نے کہا۔ یہ ہم نے کیا کیا کہ مقابلے سے بھاگے اور غضب کے لائق ہوئے۔ ہم نے کہا کہ مدینہ منورہ میں چلے جائیں اور دوبارہ آئیں کہ کوئی نہ دیکھے۔ ہم داخل ہوئے تو ہم نے کہا۔ کیوں نہ ہم اپنے آپ کو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں پیش کریں۔ اگر ہماری توبہ قبول ہو تو رہیں ورنہ چلے جائیں۔ ہم نمازِ فجر سے پہلے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے انتظار میں بیٹھ گئے۔ جب آپ باہر تشریف لائے تو ہم کھڑے ہو گئے اور عرض گزار ہوئے کہ ہم فرار ہونے والے ہیں۔ آپ نے ہماری جانب متوجہ ہو کر فرمایا۔ بلکہ تم جہاد کرنے والے ہو۔ حضرت عبداللہ کا بیان ہے کہ ہم نزدیک ہوئے اور ہم نے آپ کے

www.sirat-e-mustaqeem.com

لَا بَلْ أَنْتُمُ الْعَكَّارُونَ قَالَ فَدَنَوْنَا فَقَبَّلْنَا يَدَهُ فَقَالَ أَنَا فِئَةُ الْمُسْلِمِينَ.

دستِ اقدس کو بوسہ دیا تو فرمایا: میں مسلمانوں کی پناہ گاہ ہوں۔

ف۔ اس حدیث سے معلوم ہوا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مسلمانوں کے ملجا و ماویٰ ہیں اور سب مسلمان آپ کی پناہ میں ہیں۔ ساتھ ہی یہ بھی پتہ لگا کہ بزرگوں کے ازراہِ عقیدت ہاتھ چومنے جائز ہیں۔ جیسے کہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما اور اُن کے ساتھیوں نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے دستِ مبارک کو چوما اور فخریہ بیان کیا: فَقَبَّلْنَا يَدَهُ پس ہم نے آپ کے دستِ مبارک کو بوسہ دیا۔ واللہ تعالیٰ اعلم

۸۷۶۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ هِشَامٍ الْمِصْرِيُّ نَا بِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ نَا دَاوُدُ عَنْ أَبِي نَضْرَةَ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ قَالَ نَزَلَتْ فِي يَوْمِ بَدْرٍ وَمَنْ يُوَلِّهِمْ يَوْمَئِذٍ دُبُرَهُ.

ابو نضرہ سے روایت ہے کہ حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: یہ آیت "اور جو تم میں سے اُس روز پیٹھ دکھائے" (۸:۱۶) غزوۂ بدر کے روز نازل ہوئی تھی۔

تَمَّ النِّصْفُ الْأَوَّلُ مِنْ سُنَنِ أَبِي دَاوُدَ

www.sirat-e-mustaqeem.com

پارہ ــــــ ۱۷

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم !!
اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے

أخبرنا الإمام الحافظ أبو بكر أحمد بن علي بن ثابت الخطيب البغدادي قال أنا الإمام القاضي أبو عمر القاسم بن جعفر بن عبد الواحد الهاشمي قال أنا أبو علي محمد بن أحمد عمرو اللؤلؤي قال ثنا أبو داود سليمان بن الأشعث السجستاني في المحرم سنة خمس وسبعين ومائتين رحمه الله تعالى قال.

خبر دی ہمیں امام حافظ ابوبکر احمد بن علی بن ثابت خطیب بغدادی، امام قاضی ابو عمرو قاسم بن جعفر بن عبد الواحد ہاشمی ابو علی محمد بن احمد عمرو لؤلؤی۔ امام ابو داؤد سلیمان بن اشعث سجستانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا محرم دو سو پچھتر سن ہجری میں۔ اللہ تعالیٰ ان پر رحم فرمائے کہ انہوں نے فرمایا۔

باب ۱۲۳ في الأسير يكره على الكفر.

جو قیدی کفر پر مجبور کیا جائے

۸۷۷۔ حدثنا عمرو بن عون قال أنا هشيم وخالد عن إسماعيل عن قيس بن أبي حازم عن خباب قال أتينا رسول الله صلى الله عليه وسلم وهو متوسد بردة في ظل الكعبة فشكونا إليه فقلنا ألا تستنصر لنا ألا تدعو الله لنا فجلس محمرا وجهه فقال قد كان من كان قبلكم يؤخذ الرجل فيحفر له في الأرض ثم يؤتى بالمنشار فيجعل على رأسه فيجعل فرقتين ما يصرفه ذلك عن دينه ويمشط بأمشاط الحديد ما دون عظمه من لحم وعصب ما يصرفه ذلك عن دينه والله ليتمن الله هذا الأمر حتى يسير الراكب ما بين صنعاء وحضرموت ما يخاف إلا الله والذئب على غنمه ولكنكم تعجلون.

قیس بن ابو حازم نے حضرت خباب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ ہم رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے جبکہ آپ کعبے کے سائے میں چادر سے ٹیک لگائے ہوئے تھے۔ ہم شکایت کرتے ہوئے عرض گزار ہوئے۔ آپ ہمارے لیے مدد طلب نہیں کرتے آپ اللہ تعالیٰ سے ہمارے لیے دعا نہیں کرتے آپ بیٹھ گئے، چہرہ مبارک سرخ ہو گیا اور فرمایا۔ تم سے پہلے لوگوں میں سے ایک کے لیے زمین میں گڑھا کھودا جاتا، پھر اس کے سر پر آرا رکھ کر اس کے دو ٹکڑے کر دیے جاتے لیکن یہ چیز بھی اسے دین سے نہ پھیرتی اور لوہے کی کنگھیاں اس کی ہڈی، گوشت اور پٹھے سے پار لے جاتے مگر یہ سلوک بھی اسے دین سے نہ پھیر سکتا۔ خدا کی قسم، اللہ تعالیٰ اس کام کو مکمل کر کے رہے گا یہاں تک کہ سوار صنعاء اور حضر موت کے درمیان سفر کرے گا تو اسے خدا کے سوا کسی کا خوف نہیں ہوگا اور بھیڑیے کا اپنی

www.sirat-e-mustaqeem.com

بکریوں کے متعلق لیکن تم جلدی کر رہے ہو۔ ف

ف اس حدیث کی روشنی میں دو باتوں خاص طور پر سامنے آرہی ہیں۔ ایک تو یہ کہ ہر صاحب ایمان کی آزمائش ضرور ہوتی ہے اور یہ آزمائش اس کی ایمانی استعداد کے مطابق ہوتی ہے۔ چنانچہ قرآن مجید اس حقیقت سے یوں آگاہ فرمایا گیا ہے۔

أَحَسِبَ النَّاسُ أَن يُتْرَكُوا أَن يَقُولُوا آمَنَّا وَهُمْ لَا يُفْتَنُونَ ۝ (۲ : ۱۹) — کیا لوگ اس گھمنڈ میں ہیں کہ اتنا کہنے پر چھوڑ دیئے جائیں کہ ہم ایمان لائے اور ان کی آزمائش نہ ہوگی۔

سب سے زیادہ آزمائشوں سے دوچار حضرات انبیائے کرام علیہم السلام ہوئے اور ان جملہ حضرات سے بڑھ کر سیدنا محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو مصائب و آلام سے گزرنا پڑا۔ دوسری بات نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اس فرمان کی روشنی میں سامنے آتی ہے "وقت آئے گا کہ سوار صنعاء سے حضر موت تک سفر کرے گا اور اسے خدا کے سوا کسی کا ڈر نہ ہوگا" اس سے معلوم ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ آئندہ کے واقعات اپنے محبوب کو بتا دیا کرتا تھا جبکہ کل کی بات جاننا غیوب خمسہ سے ہے جن کا ذکر پروردگار عالم نے یوں فرمایا ہے۔

إِنَّ اللَّهَ عِندَهُ عِلْمُ السَّاعَةِ وَيُنَزِّلُ الْغَيْثَ وَيَعْلَمُ مَا فِي الْأَرْحَامِ وَمَا تَدْرِي نَفْسٌ مَّاذَا تَكْسِبُ غَدًا وَمَا تَدْرِي نَفْسٌ بِأَيِّ أَرْضٍ تَمُوتُ إِنَّ اللَّهَ عَلِيمٌ خَبِيرٌ ۝ (۳۱ : ۳۴) — بیشک اللہ کے پاس ہے قیامت کا علم اور بارش اتارتا ہے اور جانتا ہے جو کچھ ماؤں کے پیٹ میں ہے اور کوئی جان نہیں جانتی کہ کل کیا کمائے گی اور کوئی جان نہیں جانتی کہ زمین میں کہاں مرے گی۔ بیشک اللہ جاننے والا بتانے والا ہے۔

ان پانچوں غیوب کا علم خدا کے سوا کسی کو نہیں لیکن ان کی بعض جزئیات سے اللہ تعالیٰ نے حضرات انبیائے کرام کو مطلع فرمایا اور اپنے محبوب کو سب سے زیادہ بتایا جس پر محمد مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بے شمار معجزات دلالت کر رہے ہیں۔ جو یہ عقیدہ رکھتا ہے ان پانچوں باتوں میں سے اللہ تعالیٰ کسی امر کا علم مطلقاً کسی دوسرے کو بتاتا ہی نہیں وہ حضرات انبیائے کرام کے خدا داد خصائص و کمالات کا منکر ہے جو خارجیت کی جان اور سراسر خلاف اسلام و ایمان عقیدہ ہے جس کا قرآن و حدیث کی تعلیمات سے قطعاً کوئی واسطہ نہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

باب ۳۶۳ فِي حُكْمِ الْجَاسُوسِ إِذَا كَانَ مُسْلِمًا۔

جاسوس کا حکم جبکہ وہ مسلمان ہو

۸۷۸۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ قَالَ ثَنَا سُفْيَانُ عَنْ عَمْرٍو وَحَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ أَخْبَرَهُ عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ أَبِي رَافِعٍ وَكَانَ كَاتِبًا لِعَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ قَالَ سَمِعْتُ عَلِيًّا يَقُولُ بَعَثَنِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَا وَالزُّبَيْرَ وَالْمِقْدَادَ فَقَالَ انْطَلِقُوا حَتَّى تَأْتُوا رَوْضَةَ خَاخٍ فَإِنَّ بِهَا ظَعِينَةً مَعَهَا كِتَابٌ فَخُذُوهُ مِنْهَا فَانْطَلَقْنَا تَتَعَادَى بِنَا خَيْلُنَا حَتَّى أَتَيْنَا الرَّوْضَةَ فَإِذَا نَحْنُ بِالظَّعِينَةِ فَقُلْنَا هَلُمِّي الْكِتَابَ قَالَتْ مَا

حضرت علی کے منشی عبید اللہ بن ابو رافع نے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مجھے زبیر اور مقداد بھیجتے ہوئے فرمایا کہ چلتے جانا یہاں تک کہ روضہ خاخ آجائے۔ وہاں ایک عورت کجاوے میں ہے جس کے پاس ایک خط ہے۔ وہ اس سے لے لینا۔ پس ہم گھوڑوں پر سوار ہو کر جلدی سے گئے۔ جب ہم بڑھیا کے پاس پہنچے تو ہم نے کہا۔ خط دے دو۔ اس نے کہا۔ میرے پاس کوئی خط نہیں ہے۔ میں نے کہا۔ خط نکال دو ورنہ ہم تمہاری جامہ تلاشی لیں گے۔ پس اس نے اپنی چوٹی سے نکال دیا تو

بُ عِنْدِي مِنْ كِتَابٍ فَقُلْتُ لَتُخْرِجِنَّ الْكِتَابَ أَوْ لَنُلْقِيَنَّ الثِّيَابَ قَالَ فَأَخْرَجَتْهُ مِنْ عِقَاصِهَا فَأَتَيْنَا بِهِ النَّبِيَّ عَلَيْهِ السَّلَامُ فَإِذَا هُوَ مِنْ حَاطِبِ بْنِ أَبِي بَلْتَعَةَ إِلَى نَاسٍ مِنَ الْمُشْرِكِينَ يُخْبِرُهُمْ بِبَعْضِ أَمْرِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ مَا هَذَا يَا حَاطِبُ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللَّهِ لَا تَعْجَلْ عَلَيَّ فَإِنِّي كُنْتُ امْرَأً مُلْصَقًا فِي قُرَيْشٍ وَلَمْ أَكُنْ مِنْ أَنْفُسِهَا وَإِنَّ قُرَيْشًا لَهُمْ بِهَا قَرَابَاتٌ يَحْمُونَ بِهَا أَهْلِيهِمْ بِمَكَّةَ فَأَحْبَبْتُ إِذْ فَاتَنِي ذَلِكَ أَنْ أَتَّخِذَ فِيهِمْ يَدًا يَحْمُونَ قَرَابَتِي بِهَا وَاللَّهِ يَا رَسُولَ اللَّهِ مَا كَانَ كُفْرٌ وَلَا ارْتِدَادٌ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَدَقَكُمْ فَقَالَ عُمَرُ دَعْنِي أَضْرِبْ عُنُقَ هَذَا الْمُنَافِقِ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ شَهِدَ بَدْرًا وَمَا يُدْرِيكَ لَعَلَّ اللَّهَ اطَّلَعَ عَلَى أَهْلِ بَدْرٍ فَقَالَ اعْمَلُوا مَا شِئْتُمْ فَقَدْ غَفَرْتُ لَكُمْ۔

ہم اسے لے کر نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو گئے جو حاطب بن ابو بلتعہ کی جانب سے بعض مشرکوں کے نام تھا اور انہیں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بعض باتیں بتائی تھیں۔ آپ نے فرمایا۔ اے حاطب! یہ کیا ہے؟ وہ عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ! میرے معاملے میں عجلت سے کام نہ لیا جائے۔ میں قریش میں آبسا ہوں اور ان میں سے نہیں ہوں۔ قریشی بھائیوں کے رشتہ دار ہیں جو مکہ مکرمہ میں ان کے اہل و عیال کی نگرانی کرتے ہیں۔ میں نے چاہا کہ ان پر کوئی احسان کر دوں کہ میرے رشتہ داروں کی وہ نگرانی کریں۔ خدا کی قسم یا رسول اللہ میں کافر یا مرتد نہیں ہوں۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ تم نے سچ کہا۔ حضرت عمر عرض گزار ہوئے۔ مجھے اجازت دیجیے کہ اس منافق کی گردن اڑا دوں۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ یہ غزوۂ بدر میں شامل ہوئے تھے تمہیں کیا معلوم کہ اللہ تعالیٰ نے اصحاب بدر کے متعلق فرمایا ہے۔ جو چاہو کرو کہ میں نے تمہیں بخش دیا ہے۔

ف۔ سبحان اللہ! اصحاب بدر کی کیا ہی شان ہے کہ خدائے ذو المنن نے ان تین سو تیرہ حضرات کو دنیا ہی میں نبی آخر الزمان سیدنا محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی زبانی اِعْمَلُوْا مَا شِئْتُمْ کے پروانۂ خوشنودی سے شاد کام کیا اور قَدْ غَفَرْتُ لَكُمْ کے لفظوں میں مژدہ مغفرت سے نوازا۔ گویا جیتے جی مقصد زندگی حاصل ہو گیا کیونکہ اس عدیم المثال شمع رسالت پر سب کچھ قربان کر کے ثابت کر دکھایا تھا کہ شمع رسالت کے پروانے بھی عدیم المثال ہیں۔ دوسری جانب دیکھیے تو صاف نظر آ رہا ہے کہ سیدنا فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ اَشِدَّآءُ عَلَى الْكُفَّارِ کی کیسی منہ بولتی تصویر دکھائی دیتے ہیں کہ ہر موقع پر ملت اسلامیہ کی غیرت کا نشان نظر آتے رہے۔ رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین۔

٨٧٩ - حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ عَنْ خَالِدٍ عَنْ حُصَيْنٍ عَنْ سَعْدِ بْنِ عُبَيْدَةَ عَنْ أَبِي عَبْدِ الرَّحْمَنِ السُّلَمِيِّ عَنْ عَلِيٍّ بِهَذِهِ الْقِصَّةِ قَالَ انْطَلَقَ حَاطِبٌ فَكَتَبَ إِلَى أَهْلِ مَكَّةَ أَنَّ مُحَمَّدًا قَدْ سَارَ إِلَيْكُمْ وَقَالَ فِيهِ قَالَتْ مَا مَعِي مِنْ كِتَابٍ فَانْتَحَيْنَاهَا فَمَا وَجَدْنَا مَعَهَا كِتَابًا فَقَالَ عَلِيٌّ وَالَّذِي يُحْلَفُ بِهِ لَأَقْتُلَنَّكِ أَوْ لَتُخْرِجِنَّ

ابو عبد الرحمن سلمی نے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے اسی واقعہ کو روایت کرتے ہوئے فرمایا۔ حضرت حاطب نے اہل مکہ کے لیے خط لکھا کہ محمد مصطفےٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تم پر حملہ کرنے آ رہے ہیں۔ اور اس میں کہا۔ عورت کہنے لگی کہ میرے پاس کوئی خط نہیں ہے۔ پس ہم نے اس کے اونٹ کو بٹھا لیا لیکن کوئی خط نہ ملا۔ حضرت علی نے فرمایا۔ قسم ہے اس ذات کی جس کی قسم کھائی جاتی ہے، ہم تمہیں ضرور قتل کر دیں

الْكِتَابَ وَسَاقَ الْحَدِيثَ۔

بَابٌ ۳۶۴ فِي الْجَاسُوسِ الذِّمِّيِّ۔

۸۸۰۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ قَالَ ثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ مُحَبَّبٍ أَبُو هَمَّامٍ الدَّلَّالُ قَالَ ثَنَا سُفْيَانُ بْنُ سَعِيدٍ عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ عَنْ حَارِثَةَ بْنِ مُضَرِّبٍ عَنْ فُرَاتِ بْنِ حَيَّانَ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَمَرَ بِقَتْلِهِ وَكَانَ عَيْنًا لِأَبِي سُفْيَانَ وَكَانَ حَلِيفًا لِرَجُلٍ مِنَ الْأَنْصَارِ فَمَرَّ بِحَلْقَةٍ مِنَ الْأَنْصَارِ فَقَالَ إِنِّي مُسْلِمٌ فَقَالَ رَجُلٌ مِنَ الْأَنْصَارِ يَا رَسُولَ اللهِ إِنَّهُ يَقُولُ إِنِّي مُسْلِمٌ فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ مِنْكُمْ رِجَالًا نَكِلُهُمْ إِلَى إِيمَانِهِمْ مِنْهُمْ فُرَاتُ بْنُ حَيَّانَ۔

بَابٌ ۳۶۵ فِي الْجَاسُوسِ الْمُسْتَأْمَنِ۔

۸۸۱۔ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ قَالَ ثَنَا أَبُو نُعَيْمٍ قَالَ ثَنَا أَبُو عُمَيْسٍ عَنِ ابْنِ سَلَمَةَ بْنِ الْأَكْوَعِ عَنْ أَبِيهِ قَالَ أَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَيْنٌ مِنَ الْمُشْرِكِينَ وَهُوَ فِي سَفَرٍ فَجَلَسَ عِنْدَ أَصْحَابِهِ ثُمَّ انْسَلَّ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اطْلُبُوهُ فَاقْتُلُوهُ قَالَ فَسَبَقْتُهُمْ إِلَيْهِ فَقَتَلْتُهُ وَأَخَذْتُ سَلَبَهُ فَنَفَّلَنِي إِيَّاهُ۔

۸۸۲۔ حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ عَبْدِ اللهِ أَنَّ هَاشِمَ بْنَ الْقَاسِمِ وَهِشَامًا حَدَّثَاهُمْ قَالَ ثَنَا عِكْرِمَةُ بْنُ عَمَّارٍ قَالَ ثَنِي إِيَاسُ بْنُ سَلَمَةَ قَالَ ثَنِي أَبِي قَالَ غَزَوْتُ مَعَ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَوَازِنَ فَبَيْنَمَا نَحْنُ نَتَضَحَّى وَعَامَّتُنَا مُشَاةٌ وَفِينَا ضَعَفَةٌ إِذْ جَاءَ رَجُلٌ عَلَى جَمَلٍ أَحْمَرَ فَانْتَزَعَ طَلَقًا مِنْ حَقْوِ الْبَعِيرِ فَقَيَّدَ بِهِ جَمَلَهُ

گے ورنہ خط نکال کر دے دو۔ پھر باقی واقعہ مذکورہ بالا حدیث کی طرح بیان کیا۔

ذمی جاسوس کا حکم

حارثہ بن مضرب نے فرات بن حیان سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس کو قتل کر دینے کا حکم فرمایا۔ وہ ابو سفیان کا جاسوس اور ایک انصاری مسلمان کا حلیف تھا۔ وہ انصار کی ایک جماعت کے پاس سے گزرا تو کہا کہ میں بھی مسلمان ہوں۔ انصار میں سے ایک شخص عرض گزار ہوا۔ یا رسول اللہ! وہ کہتا ہے کہ میں مسلمان ہوں۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ تم میں ایسے لوگ بھی ہیں۔ جنہیں ہم ان کے ایمانوں کے سپرد کر دیتے ہیں۔ ان میں سے ایک فرات بن حیان بھی ہے۔

مستامن جاسوس کا حکم

ابن سلمہ بن اکوع سے روایت ہے کہ حضرت بن اکوع رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پاس مشرکوں کا ایک جاسوس آیا جبکہ آپ سفر میں تھے۔ وہ آپ کے اصحاب کے پاس بیٹھا، پھر کھسک گیا۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ اسے تلاش کر کے قتل کر دو۔ حضرت سلمہ بن اکوع کا بیان ہے کہ میں نے اسے جالیا اور قتل کر کے اس کا سامان لے لیا وہ مجھے ہی عطا فرمایا گیا۔

ایاس بن سلمہ سے روایت ہے کہ میرے والد ماجد نے فرمایا۔ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی معیت میں ہوازن کے ساتھ جہاد کیا۔ اس اثنا میں کہ ہم دوپہر کا کھانا کھا رہے تھے اور ہم میں اکثر پیدل تھے اور بعض کمزور بھی تھے کہ ایک آدمی سرخ اونٹ پر سوار ہو کر آیا اور اونٹ کی کمر سے ایک رسی نکال کر اس کے ساتھ اپنے اونٹ کو باندھ دیا پھر آکر لوگوں کے ساتھ کھانا کھانے لگا جب اس نے کمزور

ثُمَّ جَاءَ يَتَغَدَّى مَعَ الْقَوْمِ فَلَمَّا رَأَى ضَعْفَتَهُمْ وَرِقَّةَ ظَهْرِهِمْ خَرَجَ يَعْدُو إِلَى جَمَلِهِ فَأَطْلَقَهُ ثُمَّ أَنَاخَهُ فَقَعَدَ عَلَيْهِ ثُمَّ خَرَجَ يَرْكُضُهُ وَاتَّبَعَهُ رَجُلٌ مِنْ أَسْلَمَ عَلَى نَاقَةٍ وَرْقَاءَ هِيَ أَمْثَلُ ظَهْرِ الْقَوْمِ قَالَ فَخَرَجْتُ أَعْدُو فَأَدْرَكْتُهُ وَرَأْسُ النَّاقَةِ عِنْدَ وَرِكِ الْجَمَلِ وَكُنْتُ عِنْدَ وَرِكِ النَّاقَةِ ثُمَّ تَقَدَّمْتُ حَتَّى كُنْتُ عِنْدَ وَرِكِ الْجَمَلِ ثُمَّ تَقَدَّمْتُ حَتَّى أَخَذْتُ بِخِطَامِ الْجَمَلِ فَأَنَخْتُهُ فَلَمَّا وَضَعَ رُكْبَتَهُ بِالْأَرْضِ اخْتَرَطْتُ سَيْفِي فَأَضْرِبُ رَأْسَهُ فَنَدَرَ فَجِئْتُ بِرَاحِلَتِهِ وَمَا عَلَيْهَا أَقُودُهَا فَاسْتَقْبَلَنِي رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي النَّاسِ مُقْبِلًا فَقَالَ مَنْ قَتَلَ الرَّجُلَ فَقَالُوا سَلَمَةُ بْنُ الْأَكْوَعِ فَقَالَ لَهُ سَلَبُهُ أَجْمَعُ قَالَ هَارُونُ هٰذَا لَفْظُ هَاشِمٍ۔

بَابُ ۳۶۶ فِي أَيِّ وَقْتٍ يُسْتَحَبُّ اللِّقَاءُ۔

۸۸۳۔ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْمٰعِيلَ قَالَ ثَنَا حَمَّادٌ قَالَ أَبُو عِمْرَانَ الْجَوْنِيُّ عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ عَبْدِ اللهِ الْمُزَنِيِّ عَنْ مَعْقِلِ بْنِ يَسَارٍ أَنَّ النُّعْمَانَ يَعْنِي ابْنَ الْمُقَرِّنِ قَالَ شَهِدْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا لَمْ يُقَاتِلْ مِنْ أَوَّلِ النَّهَارِ أَخَّرَ الْقِتَالَ حَتَّى تَزُولَ الشَّمْسُ وَتَهُبَّ الرِّيَاحُ وَيَنْزِلَ النَّصْرُ۔

بَابُ ۳۶۷ فِي مَا يُؤْمَرُ بِهِ مِنَ الصَّمْتِ عِنْدَ اللِّقَاءِ۔

۸۸۴۔ حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ قَالَ ثَنَا هِشَامٌ ح وَثَنَا عُبَيْدُ اللهِ بْنُ عُمَرَ ثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ ثَنَا هِشَامٌ ثَنَا قَتَادَةُ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ قَيْسِ بْنِ عُبَادٍ قَالَ كَانَ أَصْحَابُ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَكْرَهُونَ الصَّوْتَ عِنْدَ

لوگوں اور سواریوں کی کمی کو دیکھا تو اپنے اونٹ کی طرف گیا۔ اسے کھول کر بٹھایا اور اس پر بیٹھ کر چلا گیا دوڑتا ہوا۔ قبیلہ اسلم کے ایک شخص نے اپنی خاکی اونٹنی پر بیٹھ کر اس کا پیچھا کیا جو ہماری سواریوں میں سب سے بہتر تھی اور میں بھی اس کے پیچھے دوڑا تو میں نے اسے جا لیا اور اونٹنی کا سر اونٹ کی پشت پر تھا اور میں اونٹنی کی پشت کے پاس تھا۔ میں آگے بڑھا یہاں تک کہ اونٹ کی پشت کے نزدیک ہو گیا پھر میں نے اونٹ کی نکیل پکڑ کر اسے بٹھا لیا۔ جب اونٹ نے اپنا گھٹنا زمین پر رکھا تو میں نے تلوار سونت لی اور اس آدمی کا سر اڑا دیا۔ میں اس کے اونٹ کو سامان سمیت لے آیا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم لوگوں میں سے میری جانب متوجہ ہو کر آگے بڑھے اور فرمایا کہ اس آدمی کو کس نے قتل کیا لوگوں نے کہا کہ سلمہ بن اکوع نے فرمایا کہ سامان بھی اسی کا ہے۔ ہارون نے کہا کہ یہ لفظ ہاشم بن قاسم کا ہے۔

جنگ کس وقت شروع کرنی چاہیئے

موسیٰ بن اسمٰعیل، حماد، ابو عمران جونی، علقمہ بن عبد اللہ مزنی، معقل بن یسار سے روایت ہے کہ حضرت نعمان بن مقرن رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوا۔ جب آپ دن کی ابتدا میں لڑائی شروع نہ کرتے تو تاخیر فرماتے یہاں تک کہ سورج ڈھل جاتا، ہوائیں چلنے لگتیں اور مدد نازل ہونے لگتی۔

تصادم کے وقت خاموشی کا کیا حکم ہے؟

مسلم بن ابراہیم، ہشام اور عبید اللہ ابن عمر، عبد الرحمٰن بن مہدی، ہشام، قتادہ، حسن، حضرت قیس بن عباد رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اصحاب لڑائی کے وقت آواز کو ناپسند فرمایا کرتے تھے عبید اللہ بن عمر، عبد الرحمٰن، ہمام، مطر، قتادہ، ابو بردہ نے اپنے والد محترم سے مذکورہ اثر کے مطابق مرفوعاً روایت کی ہے

www.sirat-e-mustaqeem.com

الْقِتَالِ ثَنَا عُبَيْدُ اللهِ بْنُ عُمَرَ قَالَ ثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ عَنْ هَمَّامٍ قَالَ ثَنِيْ مَطَرٌ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ أَبِيْ بُرْدَةَ عَنْ أَبِيْهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِثْلِ ذٰلِكَ۔

(یعنی وہ صحابی کا قول ہے اور یہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا ہے)۔

بَابُ ۳۶۸ فِي الرَّجُلِ يَتَرَجَّلُ عِنْدَ اللِّقَاءِ۔

جنگ کے وقت پیدل ہو جانے والا

۸۸۵۔ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِيْ شَيْبَةَ قَالَ ثَنَا وَكِيْعٌ عَنْ إِسْرَائِيْلَ عَنْ أَبِيْ إِسْحٰقَ عَنِ الْبَرَاءِ قَالَ كُنَّا نَلْقَى النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمُشْرِكِيْنَ يَوْمَ حُنَيْنٍ فَانْكَشَفُوْا نَزَلَ عَنْ بَغْلَتِهِ فَتَرَجَّلَ۔

عثمان بن ابوشیبہ، وکیع، اسرائیل، ابواسحق سے روایت ہے کہ حضرت براء بن عازب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ جب غزوۂ حنین کے روز مشرکین سے تصادم کے وقت لوگ بھاگے تو آپ اپنے خچر سے اتر کر پیدل ہو گئے۔

ف۔ آپ خچر سے اتر کر اس لیے پیدل ہو گئے کہ کسی دشمن کے دل و دماغ میں بھی یہ خیال نہ آئے کہ نبی شاید میدانِ جنگ سے بھاگ جائے گا۔ نبی کفر کا استیصال کرنے کا بیڑہ اٹھاتا ہے۔ نیز کافروں اور مشرکوں سے ٹکر لینے کی خاطر نبرد آزما ہوتا ہے تو انسانوں کے سہارے نہیں بلکہ اس منصب پر فائز کرنے والے پروردگار کی پوری تائید و حمایت اس کے شاملِ حال ہوتی ہے۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم عزم واستقلال کے پیکر اور شجاعت میں اپنی مثال آپ تھے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

بَابُ ۳۶۹ فِي الْخُيَلَاءِ فِي الْحَرْبِ۔

جنگ کے دوران خود نمائی

۸۸۶۔ حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ وَمُوْسَى بْنُ إِسْمٰعِيْلَ الْمَعْنَى وَاحِدٌ قَالَا ثَنَا أَبَانُ قَالَ ثَنَا يَحْيٰى عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِبْرَاهِيْمَ عَنِ ابْنِ جَابِرِ بْنِ عَتِيْكٍ أَنَّ نَبِيَّ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُوْلُ مِنَ الْغَيْرَةِ مَا يُحِبُّ اللهُ وَمِنْهَا مَا يُبْغِضُ اللهُ فَأَمَّا الَّتِيْ يُبْغِضُهَا اللهُ فَالْغَيْرَةُ فِيْ غَيْرِ رِيْبَةٍ وَإِنَّ مِنَ الْخُيَلَاءِ مَا يُبْغِضُ اللهُ وَمِنْهَا مَا يُحِبُّ اللهُ فَأَمَّا الْخُيَلَاءُ الَّتِيْ يُحِبُّ اللهُ فَاخْتِيَالُ الرَّجُلِ نَفْسَهُ عِنْدَ اللِّقَاءِ وَاخْتِيَالُهُ عِنْدَ الصَّدَقَةِ وَأَمَّا الَّتِيْ يُبْغِضُ اللهُ عَزَّ وَجَلَّ فَاخْتِيَالُهُ فِي الْبَغْيِ قَالَ مُوْسٰى وَالْفَخْرِ۔

محمد بن ابراہیم نے حضرت جابر بن عتیک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرمایا کرتے تھے۔ غیرت کی دو قسمیں ہیں۔ ایک کو اللہ تعالیٰ پسند فرماتا ہے اور دوسری کو ناپسند کرتا ہے۔ جس کو اللہ تعالیٰ پسند فرماتا ہے وہ مشکوک لوگوں سے غیرت کھاتا ہے اور ناپسند یہ ہے کہ شک کے بغیر کوئی غیرت کرے اور خود نمائی بھی ایک اللہ تعالیٰ کو ناپسند ہے اور ایک اسے پسند ہے۔ پس جو خود نمائی اللہ تعالیٰ کو پسند ہے وہ اس وقت کی ہے جبکہ دشمن سے تصادم ہونے والا ہو اور صدقہ دیتے وقت کی خود نمائی اور جو خود نمائی اللہ تعالیٰ کو ناپسند ہے وہ ظلم اور زیادتی کے وقت کی ہے۔ موسیٰ بن اسمٰعیل نے کہا اور جو فخر و غرور کے طور پر ہو۔

www.sirat-e-mustaqeem.com

باب ۳۷ فِي الرَّجُلِ يُسْتَأْسَرُ

۸۸۷- حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْمٰعِيلَ قَالَ ثَنَا إِبْرَاهِيمُ يَعْنِي ابْنَ سَعْدٍ قَالَ أَنَا ابْنُ شِهَابٍ قَالَ أَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ جَارِيَةَ الثَّقَفِيُّ حَلِيفُ بَنِي زُهْرَةَ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ بَعَثَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَشَرَةً عَيْنًا وَأَمَّرَ عَلَيْهِمْ عَاصِمَ بْنَ ثَابِتٍ فَنَفَرُوا لَهُمْ هُذَيْلٌ بِقَرِيبٍ مِنْ مِائَةِ رَجُلٍ رَامٍ فَلَمَّا أَحَسَّ بِهِمْ عَاصِمٌ لَجَأُوا إِلَى قَرْدَدٍ فَقَالُوا لَهُمُ انْزِلُوا فَأَعْطُوا بِأَيْدِيكُمْ وَلَكُمُ الْعَهْدُ وَالْمِيثَاقُ أَنْ لَا نَقْتُلَ مِنْكُمْ أَحَدًا فَقَالَ عَاصِمٌ أَمَّا أَنَا فَلَا أَنْزِلُ فِي ذِمَّةِ كَافِرٍ فَرَمَوْهُمْ بِالنَّبْلِ فَقَتَلُوا عَاصِمًا فِي سَبْعَةِ نَفَرٍ وَنَزَلَ إِلَيْهِمْ ثَلَاثَةُ نَفَرٍ عَلَى الْعَهْدِ وَالْمِيثَاقِ مِنْهُمْ خُبَيْبٌ وَزَيْدُ بْنُ الدَّثِنَةِ وَرَجُلٌ آخَرُ فَلَمَّا اسْتَمْكَنُوا مِنْهُمْ أَطْلَقُوا أَوْتَارَ قِسِيِّهِمْ فَرَبَطُوهُمْ بِهَا فَقَالَ الرَّجُلُ الثَّالِثُ هٰذَا أَوَّلُ الْغَدْرِ وَاللّٰهِ لَا أَصْحَبُكُمْ إِنَّ لِي بِهٰؤُلَاءِ لَأُسْوَةً فَجَرُّوهُ فَأَبَى أَنْ يَصْحَبَهُمْ فَقَتَلُوهُ فَلَبِثَ خُبَيْبٌ أَسِيرًا حَتَّى أَجْمَعُوا قَتْلَهُ فَاسْتَعَارَ مُوسٰى يَسْتَحِدُّ بِهَا فَلَمَّا خَرَجُوا بِهِ لِيَقْتُلُوهُ قَالَ لَهُمْ خُبَيْبٌ دَعُونِي أَرْكَعْ رَكْعَتَيْنِ ثُمَّ قَالَ وَاللّٰهِ لَوْلَا أَنْ تَحْسَبُوا مَا بِي جَزَعًا لَزِدْتُ۔

جسے قیدی بنالیا جائے

بنی زہرہ کے حلیف عمرو بن جاریہ ثقفی سے روایت ہے کہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے مرفوعاً فرمایا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے دس آدمیوں کا ایک جتھا بھیجا اور حضرت عاصم بن ثابت کو ان پر امیر مقرر فرمایا۔ پس انہیں ہذیل کے قریباً سو آدمیوں نے گھیر لیا جو تیر انداز تھے جب حضرت عاصم نے انہیں دیکھا تو ایک ٹیلے پر چڑھ گئے۔ انہوں (کافروں) نے کہا کہ نیچے اتر آؤ، اپنے آپ کو ہمارے حوالے کر دو تو ہم تم سے پکا وعدہ کرتے ہیں کہ تم میں سے ایک کو بھی قتل نہیں کریں گے۔ حضرت عاصم نے فرمایا کہ میں تو کسی کافر کی پناہ میں جانے کے لیے اترنے کو تیار نہیں۔ پس کافروں نے تیر اندازی کر کے حضرت عاصم سمیت سات آدمیوں کو شہید کر دیا۔ باقی تین ان کے عہد و میثاق پر اتر آئے جو حضرت خبیب، حضرت زید بن دثنہ اور ایک تیسرا آدمی۔ جب یہ ان کے قبضے میں آ گئے تو انہوں نے اپنی کمانوں کے چلوں سے انہیں باندھ لیا۔ تیسرے شخص (حضرت عبداللہ بن طارق) نے کہا کہ یہ پہلی وعدہ خلافی ہے۔ خدا کی قسم میں تمہارے ساتھ نہیں جاؤں گا مجھے اپنے ان رفیقوں کے ساتھ رہنا پسند ہے انہوں نے گھسیٹا اور انہوں نے ساتھ جانے سے انکار کیا۔ پس قتل کر دیئے گئے۔ پس حضرت خبیب ان کی قید میں رہ گئے یہاں تک کہ وہ ان کے قتل پر متفق ہو گئے انہوں نے صفائی کرنے کے لیے استرا مانگا جب وہ انہیں قتل کرنے کے لیے لے کر نکلے تو حضرت خبیب نے ان سے کہا مجھے دو رکعتیں پڑھ لینے دو۔ پھر فرمایا کہ خدا کی قسم اگر اسے موت سے ڈرنے پر محمول کرنے کا خطرہ نہ ہوتا تو میں زیادہ پڑھتا۔

ف: یہ ایک وہ وقت تھا کہ ہمارے اسلاف کو زندگی کے جو چند لمحے میسر آتے تو انہیں نماز میں گزارنے کی تمنا ہوتی کیونکہ وہ نماز میں ایک خاص لطف و لذت محسوس کیا کرتے تھے۔ جو نماز مفتاح الجنۃ ہے وہ انہیں میسر تھی۔ وہ ایسی نماز ہی پڑھا کرتے تھے جس کے بارے میں زبان رسالت ہے کہ الصلوٰۃ معراج المؤمنین نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

www.sirat-e-mustaqeem.com

نے فرمایا :۔ قُرَّةُ عَيْنِيْ فِي الصَّلٰوةِ میری آنکھ کی ٹھنڈک نماز میں ہے ۔ آقا کو نماز میں اتنی لذت وراحت محسوس ہوتی تو شمع رسالت کے پروانے کیوں نہ نماز میں خاص لطف ولذت محسوس کرتے اور کیوں انہیں نماز میں زندگی کا خاص سرور حاصل نہ ہوتا ۔ بایں وجہ وہ تَرٰىهُمْ رُكَّعًا سُجَّدًا يَّبْتَغُوْنَ فَضْلًا مِّنَ اللّٰهِ وَرِضْوَانًا ـــــــ کی منہ بولتی تصویریں کیوں نہ بنے رہتے ۔ ایک ہم ہیں کہ اولاً تو اکثریت نماز کو خیر باد کہہ چکی ہے کہ وہ جنت کی کنجی اور ایمانی معراج کی ضرورت ہی محسوس نہیں کرتے ۔ جو تھوڑے بہت لوگ نماز پڑھتے ہیں اُن کی اکثریت سر سے بوجھ اتارنے پر اکتفا کئے ہوئے ہے کہ نمازیوں میں شمار ہو جاتے خواہ کسی طرح پڑھ کر ہو ۔ نماز کی ادائیگی کے طریقوں سے ناآشنا کر نماز کی شرائط، ارکان، واجبات اور سُنن وغیرہ سے بے خبر ۔ نماز کے مفسدات و مکروہات سے نابلد رہتا نے والوں کو اپنی دھواں دھار تقریروں سے ہی فرصت نہیں ملتی اور اُنہیں ان امور کی اہمیت سے کوئی خاص واسطہ نہیں دوسروں کو خاک بتائیں ۔ جبکہ خود بھی ان ضروری امور کی جانب سے غافل ہیں ۔ محض ایک بیگار ہے جو ٹال دی جاتی ہے ۔ گویا ہم فَخَلَفَ مِنْۢ بَعْدِهِمْ خَلْفٌ اَضَاعُوا الصَّلٰوةَ وَاتَّبَعُوا الشَّهَوٰتِ فَسَوْفَ يَلْقَوْنَ غَيًّا ۝ کی منہ بولتی تصویریں بن چکے ہیں ۔ دریں حالات ہمیں اپنی نمازوں میں کیا لذت آئے ! خدائے ذوالمنن ہمیں صحابہ کرام کی طرح نمازوں سے وابستگی عطا فرمائے، آمین ۔

۸۸۸ ۔ حَدَّثَنَا ابْنُ عَوْفٍ اَنَا اَبُو الْيَمَانِ اَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ اَخْبَرَنِيْ عَمْرُو بْنُ اَبِيْ سُفْيَانَ بْنِ اَسِيْدِ بْنِ جَارِيَةَ الثَّقَفِيُّ وَ هُوَ حَلِيْفٌ لِبَنِيْ زُهْرَةَ وَكَانَ مِنْ اَصْحَابِ اَبِيْ هُرَيْرَةَ فَذَكَرَ الْحَدِيْثَ ۔

ابن عوف ابوالیمان، شعیب، زہری، عمرو بن ابوسفیان بن اسید بن اجاریہ ثقفی جو بنی زہرہ کے حلیف اور حضرت ابوہریرہ کے اصحاب میں سے تھے انہوں نے مذکورہ حدیث کو حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا ہے ۔

بَابُ ۳۷ فِي الْكُمَنَاءِ ۔

پناہ گاہوں کا بیان

۸۸۹ ۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ النُّفَيْلِيُّ نَا زُهَيْرٌ قَالَ نَا اَبُوْ اِسْحٰقَ قَالَ سَمِعْتُ الْبَرَاءَ يُحَدِّثُ قَالَ جَعَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الرُّمَاةِ يَوْمَ اُحُدٍ وَكَانُوْا خَمْسِيْنَ رَجُلًا عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ جُبَيْرٍ وَقَالَ اِنْ رَاَيْتُمُوْنَا تَخْطَفُنَا الطَّيْرُ فَلَا تَبْرَحُوْا مِنْ مَّكَانِكُمْ هٰذَا حَتّٰى اُرْسِلَ اِلَيْكُمْ وَاِنْ رَاَيْتُمُوْنَا هَزَمْنَا الْقَوْمَ وَ اَوْطَاْنَاهُمْ فَلَا تَبْرَحُوْا حَتّٰى اُرْسِلَ اِلَيْكُمْ قَالَ فَهَزَمَهُمُ اللّٰهُ قَالَ فَاَنَا وَاللّٰهِ رَاَيْتُ النِّسَاءَ يَشْتَدِدْنَ عَلَى الْجَبَلِ فَقَالَ اَصْحَابُ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ جُبَيْرٍ اَلْغَنِيْمَةَ اَيْ قَوْمُ الْغَنِيْمَةَ ظَهَرَ اَصْحَابُكُمْ فَمَا تَنْتَظِرُوْنَ فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جُبَيْرٍ اَنَسِيْتُمْ

حضرت براء رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حدیث بیان کرتے ہوئے فرمایا ۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے غزوۂ احد کے روز پچاس تیراندازوں پر حضرت عبداللہ بن جبیر کو امیر مقرر کر کے فرمایا ۔ اگر تم دیکھو کہ پرندے ہمیں نوچ رہے ہیں تب بھی اپنی یہ جگہ نہ چھوڑنا یہاں تک کہ میں تمہارے پاس پیغام بھیجوں اور اگر تم دیکھو کہ ہم نے کافروں کو شکست دے دی اور انہیں روند ڈالا تب بھی اپنی جگہ نہ چھوڑنا جب تک میں نہ بلاؤں ۔ راوی کا بیان ہے کہ انہیں (کافروں کو) اللہ تعالیٰ نے شکست دی اور خدا کی قسم میں نے عورتوں کو پہاڑ پر چڑھتے دیکھا ۔ پس حضرت عبداللہ بن جبیر کے ساتھیوں نے کہا :۔ غنیمت، اے لوگو! غنیمت ۔ تمہارے ساتھی غالب آگئے تو کیا دیکھتے ہو؟ حضرت عبداللہ بن جبیر نے فرمایا ۔ کیا تم

مَا قَالَ لَكُمْ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالُوا وَاللَّهِ لَنَأْتِيَنَّ النَّاسَ فَلَنُصِيبَنَّ مِنَ الْغَنِيمَةِ فَأَتَوْهُمْ فَصُرِفَتْ وُجُوهُهُمْ وَأَقْبَلُوا مُنْهَزِمِينَ۔

بھول گئے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے تم سے کیا فرمایا تھا؟ انہوں نے کہا، خدا کی قسم ہم تو جائیں گے اور مال غنیمت حاصل کریں گے۔ پس وہ آگئے تو اللہ تعالیٰ نے ان کے منہ پھیر دیئے اور وہ شکست سے دوچار ہو گئے۔

بَابٌ ۳۷۲ فِي الصُّفُوفِ۔

صف بندی کا بیان

۸۹۰۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ سِنَانٍ ثَنَا أَبُو أَحْمَدَ الزُّبَيْرِيُّ قَالَ ثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سُلَيْمَانَ بْنِ الْغَسِيلِ عَنْ حَمْزَةَ بْنِ أَبِي أُسَيْدٍ عَنْ أَبِيهِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَ اصْطَفَفْنَا يَوْمَ بَدْرٍ إِذَا أَكْثَبُوكُمْ يَعْنِي غَشُوكُمْ فَارْمُوهُمْ بِالنَّبْلِ وَاسْتَبْقُوا نَبْلَكُمْ۔

احمد بن سنان، ابواحمد زبیری، عبدالرحمٰن بن سلیمان بن غسیل، حمزہ بن ابواسید نے اپنے والد ماجد سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جب کہ غزوۂ بدر کے روز ہم نے صفیں بنائی تھیں کہ جب وہ (کفار) تمہاری زد میں آجائیں تو ان پر تیر اندازی کرنا اور اپنے تیر بچائے بھی رکھنا۔

بَابٌ ۳۷۳ فِي سَلِّ السُّيُوفِ عِنْدَ اللِّقَاءِ۔

تصادم کے وقت تلواریں سنبھالنا

۸۹۱۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِيسَى قَالَ ثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ نَجِيحٍ وَلَيْسَ بِالْمَلْطِيِّ عَنْ مَالِكِ بْنِ حَمْزَةَ بْنِ أَبِي أُسَيْدٍ السَّاعِدِيِّ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ قَالَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ بَدْرٍ إِذَا أَكْثَبُوكُمْ فَارْمُوهُمْ بِالنَّبْلِ وَلَا تَسُلُّوا السُّيُوفَ حَتَّى يَغْشَوْكُمْ۔

محمد بن عیسیٰ، اسحٰق بن نجیح، مالک بن حمزہ بن ابواسید ساعدی نے اپنے والد ماجد سے اور انہوں نے اپنے والد محترم سے روایت کی ہے کہ غزوۂ بدر کے روز نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جب وہ تمہارے تیروں کی زد پر آجائیں تو ان پر تیر اندازی کرنا اور جب تک تمہارے بالکل نزدیک نہ آجائیں اس وقت تک تلواریں نیام سے نہ نکالنا۔

بَابٌ ۳۷۴ فِي الْمُبَارَزَةِ۔

مبارزت کا بیان

۸۹۲۔ حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ ثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ ثَنَا إِسْرَائِيلُ عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ عَنْ حَارِثَةَ بْنِ مُضَرِّبٍ عَنْ عَلِيٍّ قَالَ تَقَدَّمَ يَعْنِي عُتْبَةَ بْنَ رَبِيعَةَ وَتَبِعَهُ ابْنُهُ وَأَخُوهُ فَنَادَى مَنْ يُبَارِزُ فَانْتَدَبَ لَهُ شَبَابٌ مِنَ الْأَنْصَارِ فَقَالَ مَنْ أَنْتُمْ فَأَخْبَرُوهُ فَقَالَ لَا حَاجَةَ لَنَا فِيكُمْ إِنَّمَا أَرَدْنَا بَنِي عَمِّنَا فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قُمْ يَا حَمْزَةُ قُمْ يَا عَلِيُّ قُمْ يَا عُبَيْدَةُ بْنَ الْحَارِثِ فَأَقْبَلَ حَمْزَةُ إِلَى عُتْبَةَ وَأَقْبَلْتُ إِلَى شَيْبَةَ وَاخْتُلِفَ بَيْنَ عُبَيْدَةَ وَالْوَلِيدِ

حارثہ بن مضرب سے روایت ہے کہ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ عتبہ بن ربیعہ آگے بڑھا اور اس کے پیچھے اس کا بیٹا تھا اور بھائی آواز دی کہ کون ہے جو مقابلہ کرے۔ پس انصاری جوان مقابلے پر نکلے۔ اس نے کہا۔ تم کون ہو؟ انہوں نے بتا دیا (اس عتبہ) نے کہا کہ ہمیں تم سے کوئی غرض نہیں ہم اپنے چچا زاد بھائیوں سے لڑنا چاہتے ہیں۔ پس نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ حمزہ اٹھو، علی اٹھو عبیدہ بن حارث اٹھو۔ پس حضرت حمزہ تو عتبہ کی طرف بڑھے میں شیبہ کی جانب بڑھا۔ حضرت عبیدہ اور ولید دونوں زخمی ہو گئے جبکہ ہم دونوں نے اپنے اپنے مدمقابل کو پچھاڑ لیا

www.sirat-e-mustaqeem.com

ضَرْبَتَانِ فَأَثْخَنَ كُلُّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا صَاحِبَهُ ثُمَّ مِلْنَا عَلَى الْوَلِيدِ فَقَتَلْنَاهُ وَاحْتَمَلْنَا عُبَيْدَةَ۔

تھا۔ پھر ہم ولید پر ٹوٹ پڑے اور اسے قتل کر کے حضرت عبیدہ کو اٹھا لائے۔

ف: بعض روایات میں آیا ہے کہ حضرت حمزہ نے عتبہ سے، حضرت عبیدہ بن حارث نے شیبہ سے اور حضرت علی نے ولید بن عتبہ سے مقابلہ کیا تھا اور قرین قیاس بھی یہی بات نظر آتی ہے۔ کیونکہ حضرت علی اور ولید دونوں نوجوان تھے۔ آگے اللہ بہتر جانے۔ اس حدیث کے تحت علامہ وحید الزمان خان صاحب نے لکھا ہے "اس حدیث سے علی اور حمزہ کی بڑی شجاعت معلوم ہوئی خصوصاً حضرت علی کی کہ اپنے مقابل کو مار کر دوسرے کو بھی مار لیا۔ موصوف نے یہاں حضرت حمزہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ساتھ انصاف نہیں کیا جب کہ اس حدیث میں خود حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرما رہے ہیں "ثُمَّ مِلْنَا عَلَى الْوَلِيدِ فَقَتَلْنَاهُ۔ ان لفظوں کا ترجمہ خود علامہ صاحب نے یوں کیا ہے "پھر ہم نے بھی ولید پر حملہ کیا اور اس کو مار ڈالا"

جب ولید پر اپنے حریفوں سے فارغ ہو کر حضرت حمزہ اور حضرت علی دونوں نے حملہ کیا تو علامہ صاحب نے صرف حضرت علی کی تخصیص کہاں سے نکال لی۔ خصوصی شجاعت ضرور ثابت ہوئی لیکن دونوں حضرات کی۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

بَابٌ ۳۷ فِي النَّهْيِ عَنِ الْمُثْلَةِ۔

مثلہ کرنے کی ممانعت

۸۹۳۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِيسَى وَزِيَادُ بْنُ أَيُّوبَ قَالَا ثَنَا هُشَيْمٌ قَالَ أَنَا مُغِيرَةُ عَنْ شِبَاكٍ عَنْ إِبْرَاهِيمَ عَنْ هُنَيِّ بْنِ نُوَيْرَةَ عَنْ عَلْقَمَةَ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَعَفُّ النَّاسِ قِتْلَةً أَهْلُ الْإِيمَانِ۔

محمد بن عیسیٰ، زیاد بن ایوب، ہشیم، مغیرہ، شباک، ابراہیم، ہنی ابن نویرہ، علقمہ، حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا (کافروں کو) اچھے طریقے سے قتل کرنے والے اہل ایمان ہیں۔

۸۹۴۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى ثَنَا حَمَّادُ ابْنُ هِشَامٍ قَالَ ثَنِي أَبِي عَنْ قَتَادَةَ عَنِ الْحَسَنِ عَنِ الْهَيَّاجِ بْنِ عِمْرَانَ أَنَّ عِمْرَانَ أَبَقَ لَهُ غُلَامٌ فَجَعَلَ لِلَّهِ عَلَيْهِ لَئِنْ قَدَرَ عَلَيْهِ لَيَقْطَعَنَّ يَدَهُ فَأَرْسَلَنِي لِأَسْأَلَ لَهُ فَأَتَيْتُ سَمُرَةَ بْنَ جُنْدُبٍ فَسَأَلْتُهُ فَقَالَ كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَحُثُّنَا عَلَى الصَّدَقَةِ وَيَنْهَانَا عَنِ الْمُثْلَةِ فَأَتَيْتُ عِمْرَانَ بْنَ حُصَيْنٍ فَسَأَلْتُهُ فَقَالَ كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَحُثُّنَا عَلَى الصَّدَقَةِ وَيَنْهَانَا عَنِ الْمُثْلَةِ۔

ہیاج بن عمران سے روایت ہے کہ حضرت عمران کا ایک غلام بھاگ گیا تو انہوں نے اللہ کے لیے نذر مانی کہ اگر اس پر قابو پایا تو اس کا ہاتھ کاٹ دیں گے پس انہوں نے مجھے حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس اس کا حکم پوچھنے کے لیے بھیجا۔ میں نے ان سے پوچھا تو فرمایا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہمیں صدقہ کرنے کی ترغیب دیتے اور مثلہ کرنے سے منع فرماتے پھر میں حضرت عمران بن حصین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا اور ان سے پوچھا۔ انہوں نے فرمایا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہمیں صدقہ دینے کی ترغیب دیتے کہ مثلہ کرنے (ناک کان وغیرہ کاٹنے) سے منع فرمایا کرتے تھے۔ ف

www.sirat-e-mustaqeem.com

ف۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مقتولین کے کان ناک وغیرہ کاٹنے اور اُن کی صورتیں مسخ کرنے سے منع فرمایا ہے۔ راہِ خدا میں جہاد کرنا افضل ترین عبادت ہے اور ایسی حرکت مجاہدین کی شان کے شایاں نہیں۔ واللہ اعلم

بَابٌ ٣٧٦ فِي قَتْلِ النِّسَاءِ

عورتوں کو قتل کرنے کا بیان

٦٩٥ - حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ خَالِدِ بْنِ مَوْهَبٍ وَقُتَيْبَةُ يَعْنِي ابْنَ سَعِيدٍ قَالَا ثَنَا اللَّيْثُ عَنْ نَافِعٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ أَنَّ امْرَأَةً وُجِدَتْ فِي بَعْضِ مَغَازِي رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَقْتُولَةً فَأَنْكَرَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَتْلَ النِّسَاءِ وَالصِّبْيَانِ.

نافع نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے کسی غزوہ میں دیکھا کہ عورت قتل ہوئی پڑی ہے۔ چنانچہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے عورتوں اور بچوں کے قتل کرنے کو ناپسند فرمایا۔

٦٩٦ - حَدَّثَنَا أَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ قَالَ ثَنَا عُمَرُ بْنُ الْمُرَقَّعِ بْنِ صَيْفِيِّ بْنِ رَبَاحٍ قَالَ حَدَّثَنِي أَبِي عَنْ جَدِّهِ رَبَاحِ بْنِ رَبِيعٍ قَالَ كُنَّا مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي غَزْوَةٍ فَرَأَى النَّاسَ مُجْتَمِعِينَ عَلَى شَيْءٍ فَبَعَثَ رَجُلًا فَقَالَ انْظُرْ عَلَى مَا اجْتَمَعَ هَؤُلَاءِ فَجَاءَ فَقَالَ عَلَى امْرَأَةٍ قَتِيلٍ فَقَالَ مَا كَانَتْ هَذِهِ لِتُقَاتِلَ قَالَ وَعَلَى الْمُقَدِّمَةِ خَالِدُ بْنُ الْوَلِيدِ فَبَعَثَ رَجُلًا فَقَالَ قُلْ لِخَالِدٍ لَا تَقْتُلَنَّ امْرَأَةً وَلَا عَسِيفًا.

عمر بن مرقع بن صیفی بن رباح نے اپنے والد ماجد سے روایت کی ہے کہ ان کے والد محترم حضرت رباح بن ربیع رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ ایک غزوہ میں ہم رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ تھے تو دیکھا کہ بہت سے لوگ کسی چیز کے پاس جمع ہیں۔ پس آپ نے ایک آدمی کو دیکھنے کے لیے بھیجا کہ لوگ کس چیز کے پاس جمع ہوئے ہیں۔ اس نے آکر بتایا کہ ایک عورت کے پاس جسے قتل کر دیا گیا ہے فرمایا کہ یہ تو جنگ نہیں کرتی تھی۔ کسی نے کہا کہ اگلے دستے کے کمانڈر حضرت خالد بن ولید ہیں۔ آپ نے ایک آدمی کو بھیجتے ہوئے فرمایا۔ خالد سے کہنا کہ عورت اور خدمت کرنے والے کو قتل نہ کیا جائے۔

٦٩٧ - حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ قَالَ نَا هُشَيْمٌ قَالَ ثَنَا حَجَّاجٌ قَالَ ثَنَا قَتَادَةُ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اقْتُلُوا شُيُوخَ الْمُشْرِكِينَ وَاسْتَبْقُوا شَرْخَهُمْ.

سعید بن منصور، ہشیم، حجاج، قتادہ، حسن نے حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ مشرکوں کے طاقتور اور دانا بوڑھوں کو قتل کر دو اور نوعمر لڑکوں کو چھوڑ دیا کرو۔

ف۔ ان روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے دورانِ جہاد عورتوں، نابالغ بچوں، مزدوروں، ضعیفوں اور بہت بوڑھے آدمیوں کو قتل کرنے سے منع فرمایا ہے۔ جہاد چونکہ عام جنگ نہیں بلکہ اعلائے کلمۃ الحق کے لیے شرعی حدود کے اندر خدا کے دشمنوں سے لڑنا ہے جو بہت بڑی عبادت ہے اور اس عبادت کے تقدس کو برقرار رکھنا ضروری ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم

www.sirat-e-mustaqeem.com

۸۹۸۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ النُّفَيْلِيُّ قَالَ ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحٰقَ قَالَ ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ الزُّبَيْرِ عَنْ عُرْوَةَ ابْنِ الزُّبَيْرِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ لَمْ يُقْتَلْ مِنْ نِسَائِهِمْ تَعْنِي بَنِي قُرَيْظَةَ إِلَّا امْرَأَةٌ إِنَّهَا لَعِنْدِي تُحَدِّثُ تَضْحَكُ ظَهْرًا وَبَطْنًا وَرَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْتُلُ رِجَالَهُمْ بِالسُّوقِ إِذْ هَتَفَ هَاتِفٌ بِاسْمِهَا أَيْنَ فُلَانَةُ قَالَتْ أَنَا قُلْتُ وَمَا شَأْنُكِ قَالَتْ حَدَثٌ أَحْدَثْتُهُ قَالَتْ فَانْطَلَقَ بِهَا فَضُرِبَتْ عُنُقُهَا قَالَتْ فَمَا أَنْسٰى عَجَبًا مِنْهَا تَضْحَكُ ظَهْرًا وَبَطْنًا وَقَدْ عَلِمَتْ أَنَّهَا تُقْتَلُ۔

عروہ بن زبیر سے روایت ہے کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا۔ بنی قریظہ کی عورتوں میں سے کسی کو بھی قتل نہیں کیا سوائے ایک عورت کے وہ میرے پاس بیٹھی باتیں کر رہی تھی اور ایسے ہنس رہی تھی کہ پیٹ اور کمر میں بھی بل پڑ جاتے تھے اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بازار میں ان کے مردوں کو قتل کروا رہے تھے جبکہ ایک آدمی نے اس کا نام لے کر آواز دی۔ وہ بولی کہ میں موجود ہوں۔ میں نے کہا تمہاری کیا بات ہے؟ اس نے کہا۔ میں نے اس کے متعلق بات (بدکلامی) کی ہے۔ پس وہ اسے لے گیا اور اس (عورت) کی گردن اڑا دی حضرت صدیقہ کا بیان ہے کہ میں اس کے لوٹ پوٹ ہو کر ہنسنے کو حیران ہو کر نہیں بھولی ہوں حالانکہ وہ جانتی تھی کہ وہ قتل کی جائے گی۔

۸۹۹۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ السَّرْحِ قَالَ ثَنَا سُفْيَانُ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ يَعْنِي ابْنَ عَبْدِ اللّٰهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ الصَّعْبِ بْنِ جَثَّامَةَ أَنَّهُ سَأَلَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الدَّارِ مِنَ الْمُشْرِكِينَ يُبَيَّتُونَ فَيُصَابُ مِنْ ذَرَارِيِّهِمْ وَنِسَائِهِمْ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هُمْ مِنْهُمْ وَكَانَ عَمْرٌو يَعْنِي ابْنَ دِينَارٍ يَقُولُ هُمْ مِنْ آبَائِهِمْ قَالَ الزُّهْرِيُّ ثُمَّ نَهٰى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعْدَ ذٰلِكَ عَنْ قَتْلِ النِّسَاءِ وَالْوِلْدَانِ۔

عبیداللہ بن عبداللہ بن عباس نے حضرت صعب بن جثامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے مشرکوں کے گھروں میں رہنے والے بچوں اور عورتوں کے متعلق دریافت کیا تو نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ وہ بھی ان میں سے ہیں۔ عمرو بن دینار کہا کرتے وہ اپنے باپوں سے ہیں (یعنی ان کی اولاد ہیں)۔ زہری نے کہا۔ پھر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس کے بعد عورتوں اور بچوں کو قتل کرنے کی ممانعت فرما دی۔

باب ۳۷۷ فِي كَرَاهِيَةِ حَرْقِ الْعَدُوِّ بِالنَّارِ۔

دشمن کو آگ سے جلانا اچھا نہیں ہے

۹۰۰۔ حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ قَالَ ثَنَا مُغِيرَةُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْحِزَامِيُّ عَنْ أَبِي الزِّنَادِ قَالَ ثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ حَمْزَةَ الْأَسْلَمِيُّ عَنْ أَبِيهِ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَمَّرَهُ عَلٰى سَرِيَّةٍ قَالَ فَخَرَجْتُ فِيهَا وَقَالَ إِنْ وَجَدْتُمْ فُلَانًا فَأَحْرِقُوهُ بِالنَّارِ فَوَلَّيْتُ فَنَادَانِي فَرَجَعْتُ إِلَيْهِ فَقَالَ إِنْ وَجَدْتُمْ فُلَانًا فَاقْتُلُوهُ

محمد بن حمزہ اسلمی نے اپنے والد ماجد سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مجھے ایک سریہ کا امیر مقرر فرمایا۔ میں اسے لے کر نکلا تو آپ نے فرمایا۔ اگر تم فلاں شخص کو پاؤ اسے آگ سے جلا دینا۔ میں جب چل دیا تو مجھے آواز دی۔ میں آپ کی خدمت میں واپس لوٹا تو فرمایا کہ اگر تم فلاں شخص کو پاؤ تو اسے قتل کر دینا اور آگ سے نہ جلانا کیونکہ آگ کے ساتھ عذاب نہیں دیتا مگر آگ کا رب۔

www.sirat-e-mustaqeem.com

يُحَرِّقُوهُ فَإِنَّهُ لَا يُعَذِّبُ بِالنَّارِ إِلَّا رَبُّ النَّارِ۔

٩٠١- حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ خَالِدٍ وَقُتَيْبَةُ أَنَّ اللَّيْثَ بْنَ سَعْدٍ حَدَّثَهُمْ عَنْ بُكَيْرٍ عَنْ سُلَيْمَانَ ابْنِ يَسَارٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ بَعَثَنَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي بَعْثٍ فَقَالَ إِنْ وَجَدْتُمْ فُلَانًا وَفُلَانًا فَذَكَرَ مَعْنَاهُ۔

سلیمان بن یسار سے روایت ہے کہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ہمیں ایک مہم پر روانہ کرتے ہوئے فرمایا کہ اگر تم فلاں فلاں شخصوں کو پاؤ۔ پھر مذکورہ حدیث کی طرح معناً بیان کیا۔

٩٠٢- حَدَّثَنَا أَبُو صَالِحٍ مَحْبُوبُ بْنُ مُوسَى قَالَ نَا أَبُو إِسْحَقَ الْفَزَارِيُّ عَنْ أَبِي إِسْحَقَ الشَّيْبَانِيِّ عَنِ ابْنِ سَعْدٍ قَالَ غَيْرُ أَبِي صَالِحٍ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ سَعْدٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ عَنْ أَبِيهِ قَالَ كُنَّا مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي سَفَرٍ فَانْطَلَقَ لِحَاجَتِهِ فَرَأَيْنَا حُمَّرَةً مَعَهَا فَرْخَانِ فَأَخَذْنَا فَرْخَيْهَا فَجَاءَتِ الْحُمَّرَةُ فَجَعَلَتْ تَعْرِشُ فَجَاءَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ مَنْ فَجَعَ هَذِهِ بِوَلَدِهَا رُدُّوا وَلَدَهَا إِلَيْهَا وَرَأَى قَرْيَةَ نَمْلٍ قَدْ حَرَّقْنَاهَا فَقَالَ مَنْ حَرَّقَ هَذِهِ قُلْنَا نَحْنُ قَالَ إِنَّهُ لَا يَنْبَغِي أَنْ يُعَذِّبَ بِالنَّارِ إِلَّا رَبُّ النَّارِ۔

ابو صالح محبوب بن موسیٰ، ابو اسحاق فزاری، ابو اسحاق شیبانی ابن سعد یا حسن بن سعد، عبد الرحمٰن بن عبد اللہ نے اپنے والد ماجد سے روایت کی ہے کہ ایک سفر میں ہم رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ تھے۔ آپ قضائے حاجت کے لیے تشریف لے گئے تو ہم نے ایک چڑیا دیکھی جس کے ساتھ دو بچے تھے۔ ہم نے اس کے بچے پکڑ لیے تو چڑیا پر پھیلانے لگی۔ پس نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تشریف لے آئے تو فرمایا۔ اسے اس کے بچوں کی وجہ سے کس نے تڑپایا ہے؟ اس کے بچے اسے لوٹا دو اور آپ نے چیونٹیوں کا ایک بل دیکھا جس کو ہم نے جلا دیا تھا فرمایا کہ اسے کس نے جلایا ہے؟ عرض گزار ہوئے کہ ہم نے فرمایا کہ آگ کے ساتھ عذاب دینا کسی کے لیے مناسب نہیں ہے آگ کے رب کے سوا۔

ف۔ کسی آدمی یا جانور کو جلانے سے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے منع فرمایا ہے خواہ وہ چیونٹیاں ہی کیوں نہ ہوں۔ چونکہ اللہ تعالیٰ آگ کے ذریعے اپنے دشمنوں کو عذاب دے گا۔ اس لیے آپ نے منع فرما دیا کہ آگ کے ساتھ کوئی کسی کو عذاب نہ دیا کرے۔ واللہ تعالیٰ اعلم

بَابٌ ٣٧٥ الرَّجُلِ يُكْرِي دَابَّتَهُ عَلَى النِّصْفِ أَوِ السَّهْمِ۔

جو اپنا جانور کرائے یا حصے پر دے

٩٠٣- حَدَّثَنَا إِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدِّمَشْقِيُّ أَبُو النَّضْرِ قَالَ ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ شُعَيْبٍ قَالَ أَخْبَرَنِي أَبُو زُرْعَةَ يَحْيَى بْنُ أَبِي عَمْرٍو السَّيْبَانِيُّ عَنْ عَمْرِو بْنِ عَبْدِ اللَّهِ أَنَّهُ حَدَّثَهُ عَنْ وَاثِلَةَ ابْنِ الْأَسْقَعِ قَالَ نَادَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي غَزْوَةِ تَبُوكَ فَخَرَجْتُ إِلَى أَهْلِي فَأَقْبَلْتُ

عمرو بن عبد اللہ سے روایت ہے کہ حضرت واثلہ بن اسقع رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے غزوۂ تبوک کے لیے منادی کروائی تو میں اپنے اہل و عیال کے پاس گیا۔ میں واپس آیا تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے صحابہ نکل چکے تھے۔ میں مدینہ منورہ میں یہ کہتا پھرا کہ ہے کوئی جو ایک آدمی کو سوار کرے اور اس کا حصہ لے۔

وقد خرج أول صحابة رسول الله صلى الله عليه وسلم فطفقت في المدينة أنادي ألا من يحمل رجلا له سهمه فنادى شيخ من الأنصار فقال لنا سهمه على أن نحمله عقبة وطعامه معنا قلت نعم قال فسر على بركة الله تعالى قال فخرجت مع خير صاحب حتى أفاء الله علينا فأصابني قلائص فسقتهن حتى أتيته فخرج فقعد على حقيبة من حقائب إبله ثم قال سقهن مدبرات ثم قال سقهن مقبلات فقال ما أرى قلائصك إلا كراما قال إنما هي غنيمتك التي شرطت لك قال خذ قلائصك يا ابن أخي فغير سهمك أردنا.

باب ۳۷۹ في الأسير يوثق.

۹۰۴ - حدثنا موسى بن إسمعيل ثنا حماد يعني ابن سلمة قال أنا محمد بن زياد قال سمعت أبا هريرة يقول سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول لقد عجب ربنا تعالى من قوم يقادون إلى الجنة في السلاسل.

۹۰۵ - حدثنا عبد الله بن عمرو بن أبي الحجاج أبو معمر قال ثنا عبد الوارث ثنا محمد ابن إسحق عن يعقوب بن عتبة عن مسلم ابن عبد الله عن جندب بن مكيث قال بعث رسول الله صلى الله عليه وسلم عبد الله بن غالب الليثي في سرية وكنت فيهم وأمرهم أن يشنوا الغارة على بني الملوح بالكديد فخرجنا حتى إذا كنا بالكديد لقينا الحارث بن البرصاء الليثي فأخذناه فقال إنما جئت أريد الإسلام وإنما خرجت إلى رسول الله صلى الله عليه

انصار میں سے ایک بوڑھے آدمی نے فرمایا کہ اس کا حصہ ہم لیں گے کہ اسے سوار کریں گے اور کھانا بھی کھلائیں گے۔ میں نے کہا۔ بہت اچھا۔ فرمایا تو اللہ تعالیٰ کی برکت کے ساتھ سفر کرو پس میں اچھے ساتھی کے ساتھ نکلا۔ یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے ہمیں مال غنیمت دیا۔ میرے حصے میں چند عمدہ اونٹنیاں آئیں جنہیں ہانک کر میں ان کی خدمت میں حاضر ہو گیا وہ نکلے اور اپنے اونٹ کے پچھلے حصے میں بیٹھ گئے پھر فرمایا۔ انہیں پیچھے سے ہانکو۔ پھر فرمایا۔ انہیں آگے سے ہانکو۔ پھر فرمایا میرے خیال میں تمہاری اونٹنیاں بہت عمدہ ہیں میں نے کہا۔ یہ مال غنیمت تو آپ کا ہے جس کی میں نے شرط کی تھی۔ فرمایا اے بھتیجے اپنی اونٹنیاں خود رکھو ہمارا مقصد یہ حصہ لینا نہیں تھا۔

جس قیدی کو مضبوطی سے باندھا جائے

محمد بن زیاد نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا۔ اللہ تعالیٰ ان لوگوں سے بہت خوش ہوتا ہے جو زنجیروں سے پکڑے ہوئے جنت میں داخل کیے جاتے ہیں۔

مسلم بن عبد اللہ سے روایت ہے کہ حضرت جندب بن مکیث رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت عبد اللہ بن غالب لیثی کو ایک فوجی دستہ دے کر بھیجا اور میں بھی ان میں تھا اور کدید میں بنی ملوح پر مختلف اطراف سے حملہ کرنے کا انہیں حکم فرمایا۔ ہم نکلے یہاں تک کہ جب کدید پہنچے تو ہمیں حارث بن برصاء لیثی ملا۔ ہم نے اسے پکڑ لیا تو اس نے کہا۔ میں تو مسلمان ہونے کے ارادے سے آیا ہوں اور میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہونے کے لیے نکلا ہوں۔ پس ہم نے کہا اگر تم مسلمان ہو تو ہمارا ایک دن رات تمہیں باندھ کر رکھنا

www.sirat-e-mustaqeem.com

وَسَلَّمَ فَعَلْنَا إِنْ تَكُنْ مُسْلِمًا لَمْ يَضُرَّكَ رِبَاطُنَا يَوْمًا وَلَيْلَةً وَإِنْ تَكُنْ غَيْرَ ذٰلِكَ نَسْتَوْثِقُ مِنْكَ فَشَدَدْنَاهُ وِثَاقًا.

۹۰۶ - حَدَّثَنَا عِيسَى بْنُ حَمَّادٍ الْمِصْرِيُّ وَقُتَيْبَةُ قَالَ قُتَيْبَةُ ثَنَا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ عَنْ سَعِيدِ ابْنِ أَبِي سَعِيدٍ أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا هُرَيْرَةَ يَقُولُ بَعَثَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَيْلًا قِبَلَ نَجْدٍ فَجَاءَتْ بِرَجُلٍ مِنْ بَنِي حَنِيفَةَ يُقَالُ لَهُ ثُمَامَةُ بْنُ أُثَالٍ سَيِّدُ أَهْلِ الْيَمَامَةِ فَرَبَطُوهُ بِسَارِيَةٍ مِنْ سَوَارِي الْمَسْجِدِ فَخَرَجَ إِلَيْهِ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ مَاذَا عِنْدَكَ يَا ثُمَامَةُ قَالَ عِنْدِي يَا مُحَمَّدُ خَيْرٌ إِنْ تَقْتُلْ تَقْتُلْ ذَا دَمٍ وَإِنْ تُنْعِمْ تُنْعِمْ ذَا شَاكِرٍ وَإِنْ كُنْتَ تُرِيدُ الْمَالَ فَسَلْ تُعْطَ مِنْهُ مَا شِئْتَ فَتَرَكَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى كَانَ الْغَدُ ثُمَّ قَالَ لَهُ مَا عِنْدَكَ يَا ثُمَامَةُ فَعَادَ مِثْلَ هٰذَا الْكَلَامِ فَتَرَكَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى كَانَ بَعْدَ الْغَدِ فَذَكَرَ مِثْلَ هٰذَا فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَطْلِقُوا ثُمَامَةَ فَانْطَلَقَ إِلٰى نَخْلٍ قَرِيبٍ مِنَ الْمَسْجِدِ فَاغْتَسَلَ ثُمَّ دَخَلَ الْمَسْجِدَ فَقَالَ أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَأَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُولُهُ وَسَاقَ الْحَدِيثَ قَالَ عِيسٰى أَخْبَرَنَا اللَّيْثُ وَقَالَ ذَا دَمٍ.

۹۰۷ - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو الرَّازِيُّ قَالَ ثَنَا سَلَمَةُ يَعْنِي ابْنَ الْفَضْلِ عَنِ ابْنِ إِسْحٰقَ حَدَّثَنِي عَبْدُ اللّٰهِ ابْنُ أَبِي بَكْرٍ عَنْ يَحْيَى بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ سَعْدِ بْنِ زُرَارَةَ قَالَ قُدِمَ بِالْأُسَارٰى حِينَ قُدِمَ بِهِمْ وَسَوْدَةُ بِنْتُ

کوئی نقصان نہیں پہنچائے گا اور اگر مسلمان نہیں ہو تو ہم تمہیں جکڑ کر باندھیں گے پس ہم نے اسے مضبوطی سے باندھ دیا۔

سعید بن ابوسعید نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے کچھ سوار نجد کی جانب روانہ فرمائے تو وہ بنی حنیفہ کے ایک آدمی کو لے کر آئے جس کو ثمامہ بن اثال کہا جاتا تھا اور جو اہل یمن کا سردار تھا اسے مسجد کے ایک ستون سے باندھ دیا گیا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اس کے پاس تشریف لائے اور فرمایا۔ اے ثمامہ! تمہارے پاس کیا ہے؟ کہا اے محمد! میرے پاس بھلائی ہے اگر مجھے قتل کیا تو خون کے بدلے قتل کرو گے اور اگر معاف کر دیا تو قدردان پاؤ گے اور اگر مال چاہتے ہو تو مانگو، جتنا اس میں سے چاہو گے دے دیا جائے گا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اسے چھوڑ گئے یہاں تک کہ جب دوسرا روز ہوا تو آپ نے اس سے پھر فرمایا اے ثمامہ تمہارے پاس کیا ہے؟ اس نے وہی پہلا جواب دہرایا۔ پس رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اسے چھوڑ گئے یہاں تک کہ تیسرا دن ہوا تو وہی گفتگو ہوئی۔ چنانچہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ ثمامہ کو چھوڑ دو۔ پس وہ کھجوروں کے باغ میں گیا جو مسجد کے نزدیک تھا وہاں غسل کر کے مسجد میں داخل ہوا اور کہا میں گواہی دیتا ہوں کہ نہیں کوئی معبود مگر اللہ اور محمد مصطفےٰ اس کے بندے اور رسول ہیں۔ پھر باقی حدیث بیان کی۔ عیسیٰ نے کہا کہ ہمیں لیث نے بتاتے ہوئے فرمایا کہ خونی ملزم۔

عبداللہ بن ابوبکر سے روایت ہے کہ حضرت یحییٰ بن عبداللہ بن عبدالرحمٰن بن سعد بن زرارہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ جب قیدی (بدر کے) لائے گئے تو حضرت سودہ بنت زمعہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا آلِ عفراء یعنی عوف بن عفراء اور معوذ بن عفراء کے اونٹوں کے بٹھانے کی جگہ میں تھیں۔

نَ نُعِيَ عِنْدَ آلِ عَفْرَاءَ فِي مُنَاخِهِمْ عَلَى عَوْفٍ وَمُعَوِّذٍ ابْنَيْ عَفْرَاءَ قَالَ وَذَلِكَ قَبْلَ أَنْ يُضْرَبَ عَلَيْهِنَّ الْحِجَابُ قَالَ تَقُولُ سَوْدَةُ وَاللّٰهِ إِنِّي لَعِنْدَهُمْ إِذْ أُتِيتُ فَقِيلَ هَؤُلَاءِ الْأُسَارَى قَدْ أُتِيَ بِهِمْ فَرَجَعْتُ إِلَى بَيْتِي وَرَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيهِ وَإِذَا أَبُو يَزِيدَ سُهَيْلُ بْنُ عَمْرٍو فِي نَاحِيَةِ الْحُجْرَةِ مَجْمُوعَةٌ يَدَاهُ إِلَى عُنُقِهِ بِحَبْلٍ ثُمَّ ذَكَرَ الْحَدِيثَ قَالَ أَبُو دَاوُدَ وَهُمَا قَتَلَا أَبَا جَهْلِ بْنَ هِشَامٍ وَكَانَا انْتَدَبَا لَهُ وَلَمْ يَعْرِفَاهُ وَقُتِلَ يَوْمَ بَدْرٍ۔

باب ۳۸۰ فِي الْأَسِيرِ يُنَالُ مِنْهُ وَيُضْرَبُ وَيُقَرَّرُ۔

۹۰۸۔ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْمَعِيلَ ثَنَا حَمَّادٌ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ أَنَسٍ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَدَبَ أَصْحَابَهُ فَانْطَلَقُوا إِلَى بَدْرٍ فَإِذَا هُمْ بِرَوَايَا قُرَيْشٍ فِيهَا عَبْدٌ أَسْوَدُ لِبَنِي الْحَجَّاجِ فَأَخَذَهُ أَصْحَابُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَجَعَلُوا يَسْأَلُونَهُ أَيْنَ أَبُو سُفْيَانَ فَيَقُولُ وَاللّٰهِ مَا لِي بِشَيْءٍ مِنْ أَمْرِهِ عِلْمٌ وَلَكِنْ هَذِهِ قُرَيْشٌ قَدْ جَاءَتْ فِيهِمْ أَبُو جَهْلٍ وَعُتْبَةُ وَشَيْبَةُ ابْنَا رَبِيعَةَ وَأُمَيَّةُ بْنُ خَلَفٍ فَإِذَا قَالَ لَهُمْ ذَلِكَ ضَرَبُوهُ فَيَقُولُ دَعُونِي دَعُونِي أُخْبِرْكُمْ فَإِذَا تَرَكُوهُ قَالَ وَاللّٰهِ مَا لِي بِأَبِي سُفْيَانَ مِنْ عِلْمٍ وَلَكِنْ هَذِهِ قُرَيْشٌ قَدْ أَقْبَلَتْ فِيهِمْ أَبُو جَهْلٍ وَعُتْبَةُ وَشَيْبَةُ ابْنَا رَبِيعَةَ وَأُمَيَّةُ بْنُ خَلَفٍ قَدْ أَقْبَلُوا وَالنَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي وَهُوَ يَسْمَعُ ذَلِكَ فَلَمَّا انْصَرَفَ قَالَ وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ إِنَّكُمْ لَتَضْرِبُونَهُ إِذَا صَدَقَكُمْ وَتَدَعُونَهُ إِذَا كَذَبَكُمْ هَذِهِ قُرَيْشٌ قَدْ أَقْبَلَتْ لِتَمْنَعَ أَبَا سُفْيَانَ قَالَ

یہ پردے کا حکم نازل ہونے سے پہلے کی بات ہے حضرت سودہ فرماتی تھیں کہ خدا کی قسم میں ان کے پاس تھی۔ جب میں آئی تو کہا گیا کہ یہ قیدی ہیں جنہیں لایا گیا ہے۔ پس میں اپنے گھر کی طرف لوٹی اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اس میں جلوہ افروز تھے تو وہاں حجرے کے ایک کونے میں ابویزید سہیل بن عمرو تھا جس کے دونوں ہاتھ رسی سے اس کی گردن کے ساتھ باندھے ہوئے تھے پھر باقی حدیث بیان کی۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ ان دونوں (حضرت عفراء کے صاحبزادوں) نے ابوجہل بن ہشام کو قتل کیا تھا یہ دونوں اس پر ٹوٹ پڑے حالانکہ اسے جانتے نہ تھے اور وہ غزوہ بدر میں قتل کیا گیا۔

قیدی کے ساتھ مارپٹائی کرنا اور قرار ہونا

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنے اصحاب کو یاد فرمایا تو وہ بدر کی جانب چل دیئے۔ وہاں قریش کے اونٹوں پر پانی لانے والے ملے جن میں بنی حجاج کا ایک کالا غلام بھی تھا۔ پس رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اصحاب نے اسے پکڑ لیا اور اس سے پوچھنے لگے کہ ابوسفیان کہاں ہے؟ وہ کہتا ہے خدا کی قسم مجھے اس کا کوئی علم نہیں لیکن یہ قریش آئے ہیں جن میں ابوجہل، عتبہ بن ربیعہ، شیبہ بن ربیعہ اور امیہ بن خلف ہیں۔ جب اس نے یہ کہا تو صحابہ کرام نے اسے پیٹا۔ وہ کہتا ہے مجھے چھوڑ دو، مجھے چھوڑ دو، میں تمہیں بتاتا ہوں جب نے چھوڑ دیا تو اس نے کہا خدا کی قسم مجھے ابوسفیان کا کوئی علم نہیں لیکن یہ قریش ہیں جن میں ابوجہل، عتبہ بن ربیعہ، شیبہ بن ربیعہ اور امیہ بن خلف آئے ہیں۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نماز پڑھ رہے تھے اور اس بات کو سن رہے تھے۔ جب آپ فارغ ہوئے تو فرمایا۔ قسم اس ذات کی جس کے قبضے میں میری جان ہے تم نے اسے مارا جب اس نے سچ کہا اور چھوڑ دو گے اگر وہ جھوٹ بولے اور یہ قریش ہیں جو ابوسفیان کو بچاتے ہیں۔ حضرت انس کا بیان ہے کہ رسول اللہ

www.sirat-e-mustaqeem.com

أَنَسٍ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هٰذَا مَصْرَعُ فُلَانٍ غَدًا وَوَضَعَ يَدَهُ عَلَى الْأَرْضِ وَهٰذَا مَصْرَعُ فُلَانٍ غَدًا وَوَضَعَ يَدَهُ عَلَى الْأَرْضِ وَهٰذَا مَصْرَعُ فُلَانٍ غَدًا وَوَضَعَ يَدَهُ عَلَى الْأَرْضِ فَقَالَ وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ مَا جَاوَزَ أَحَدٌ مِنْهُمْ عَنْ مَوْضِعِ يَدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَمَرَ بِهِمْ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأُخِذَ بِأَرْجُلِهِمْ فَسُحِبُوا فَأُلْقُوا فِي قَلِيبِ بَدْرٍ

صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ کل یہ فلاں کے مرنے کی جگہ ہوگی اور زمین پر اپنا دست مبارک رکھا اور کل یہ فلاں کے پچھاڑے جانے کی جگہ ہوگی۔ فرمایا کہ قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضے میں میری جان ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ہاتھ رکھنے کی جگہ سے کوئی ذرا بھی ادھر ادھر نہ ہوا پس رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان کے متعلق حکم فرمایا تو انہیں پیروں سے پکڑ کر گھسیٹا گیا اور بدر کے کنوئیں میں ڈال دیا گیا۔

ف۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے میدانِ بدر میں کفار کے ساتھ مقابلہ ہونے سے ایک روز پہلے صحابۂ کرام کو بتا دیا کہ کل فلاں مشرک اس جگہ گرے گا اور فلاں مشرک اس جگہ مرے گا۔ نیز دستِ مبارک زمین پر رکھ کر ہر ایک کے گرنے کی جگہ کا پوری طرح تعین فرما دیا۔ جائے غور ہے کہ مَاذَا تَكْسِبُ غَدًا اور بِأَيِّ أَرْضٍ تَمُوتُ (۳۱ : ۳۴) ان خاص علوم میں سے ہے جنہیں غیوبِ خمسہ کہتے ہیں۔ اس حدیث سے معلوم ہو رہا ہے کہ جو یہ کہتا ہے کہ غیوبِ خمسہ کے علم پر پروردگارِ عالم مطلقاً کسی کو مطلع فرماتا ہی نہیں اس کا یہ نظریہ قرآن و حدیث کی تعلیمات کے سراسر خلاف اور منصبِ رسالت کے خلاف ایک پُر اسرار سازش اور ابلیسی شرارت ہے جو ایمان کے لیے طاعون اور کینسر کی طرح انتہائی مہلک ثابت ہوتی ہے۔ اللہ تعالیٰ ہر مسلمان کو انبیائے کرام کی سچی محبت و عقیدت نصیب فرمائے اور خارجیت کے جراثیم سے محفوظ و مامون رکھے، آمین۔

بَابٌ ۳۷ فِي الْأَسِيرِ يُكْرَهُ عَلَى الْإِسْلَامِ

قیدی کو اسلام پر مجبور کرنے کا بیان

۹۰۹ - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُمَرَ بْنِ عَلِيٍّ الْمُقَدَّمِيُّ قَالَ ثَنَا أَشْعَثُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ يَعْنِي السِّجِسْتَانِيَّ ح وَثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ ثَنَا ابْنُ أَبِي عَدِيٍّ وَهٰذَا لَفْظُهُ ح وَثَنَا حَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ ثَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِيرٍ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ أَبِي بِشْرٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ كَانَتِ الْمَرْأَةُ تَكُونُ مِقْلَاةً فَتَجْعَلُ عَلَى نَفْسِهَا إِنْ عَاشَ لَهَا وَلَدٌ أَنْ تُهَوِّدَهُ فَلَمَّا أُجْلِيَتْ بَنُو النَّضِيرِ كَانَ فِيهِمْ مِنْ أَبْنَاءِ الْأَنْصَارِ فَقَالُوا لَا نَدَعُ أَبْنَاءَنَا فَأَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ لَا إِكْرَاهَ فِي الدِّينِ قَدْ تَبَيَّنَ الرُّشْدُ مِنَ الْغَيِّ قَالَ أَبُو دَاوُدَ الْمِقْلَاةُ الَّتِي لَا يَعِيشُ لَهَا وَلَدٌ۔

محمد بن عمر بن علی مقدمی، اشعث بن عبد اللہ سجستانی اور محمد بن بشار، ابن ابو عدی اور حسن بن علی، وہب بن جریر، شعبہ ابو البشر، سعید بن جبیر سے روایت ہے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا کہ جس عورت کا بچہ زندہ نہ رہتا تو وہ اپنے دل میں کہتی کہ اگر اس کا بیٹا زندہ رہا تو اسے یہودی بنا دے گی۔ جب بنو نضیر کو جلا وطن کیا گیا تو ان میں انصار کے بیٹے بھی تھے۔ انہوں نے کہا کہ ہم اپنے بیٹوں کو نہیں چھوڑیں گے پس اللہ تعالیٰ نے حکم نازل فرمایا۔ دین میں زبردستی نہیں ہے۔ ہدایت واضح ہو گئی ہے گمراہی سے (۲ : ۲۵۶) امام ابو داؤد نے فرمایا۔ اَلْمِقْلَاةُ وہ عورت ہے جس کا بیٹا زندہ نہ رہتا ہو۔

www.sirat-e-mustaqeem.com

باب ۳۸۲ فِي الْأَسِيرِ يُقْتَلُ وَلَا يُعْرَضُ عَلَيْهِ الْإِسْلَامُ

۹۱۰ - حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ ثَنَا أَحْمَدُ بْنُ الْمُفَضَّلِ ثَنَا أَسْبَاطُ بْنُ نَصْرٍ قَالَ زَعَمَ السُّدِّيُّ عَنْ مُصْعَبِ بْنِ سَعْدٍ عَنْ سَعْدٍ قَالَ لَمَّا كَانَ يَوْمُ فَتْحِ مَكَّةَ أَمَّنَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَعْنِي النَّاسَ إِلَّا أَرْبَعَةَ نَفَرٍ وَامْرَأَتَيْنِ وَسَمَّاهُمْ وَابْنُ أَبِي سَرْحٍ فَذَكَرَ الْحَدِيثَ قَالَ وَأَمَّا ابْنُ أَبِي سَرْحٍ فَإِنَّهُ اخْتَبَأَ عِنْدَ عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ فَلَمَّا دَعَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى الْبَيْعَةِ جَاءَ بِهِ حَتَّى أَوْقَفَهُ عَلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا نَبِيَّ اللَّهِ بَايِعْ عَبْدَ اللَّهِ فَرَفَعَ رَأْسَهُ فَنَظَرَ إِلَيْهِ ثَلَاثًا كُلُّ ذَلِكَ يَأْبَى فَبَايَعَهُ بَعْدَ ثَلَاثٍ ثُمَّ أَقْبَلَ عَلَى أَصْحَابِهِ فَقَالَ مَا كَانَ فِيكُمْ رَجُلٌ رَشِيدٌ يَقُومُ إِلَى هَذَا حَيْثُ رَآنِي كَفَفْتُ يَدِي عَنْ بَيْعَتِهِ فَيَقْتُلُهُ فَقَالُوا مَا نَدْرِي يَا رَسُولَ اللَّهِ مَا فِي نَفْسِكَ أَلَا أَوْمَأْتَ إِلَيْنَا بِعَيْنِكَ قَالَ إِنَّهُ لَا يَنْبَغِي لِنَبِيٍّ أَنْ تَكُونَ لَهُ خَائِنَةُ الْأَعْيُنِ قَالَ أَبُو دَاوُد وَكَانَ عَبْدُ اللَّهِ أَخَا عُثْمَانَ مِنَ الرَّضَاعَةِ وَكَانَ الْوَلِيدُ بْنُ عُقْبَةَ أَخَا عُثْمَانَ لِأُمِّهِ وَضَرَبَهُ عُثْمَانُ الْحَدَّ إِذْ شَرِبَ الْخَمْرَ۔

۹۱۱ - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ ثَنَا زَيْدُ بْنُ حُبَابٍ أَنَا عَمْرُو بْنُ عُثْمَانَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ يَرْبُوعٍ الْمَخْزُومِيُّ قَالَ حَدَّثَنِي جَدِّي عَنْ أَبِيهِ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَوْمَ فَتْحِ مَكَّةَ أَرْبَعَةٌ لَا أُؤَمِّنُهُمْ فِي حِلٍّ وَلَا حَرَمٍ فَسَمَّاهُمْ قَالَ وَقَيْنَتَيْنِ كَانَتَا لِمِقْيَسٍ فَقُتِلَتْ

قیدی کو قتل کر دینا اور اس پر اسلام پیش نہ کرنا

مصعب بن سعد سے روایت ہے کہ حضرت سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا جب فتح مکہ کا دن تھا تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے تمام لوگوں کو امن دے دیا سوائے چار مردوں اور دو عورتوں کے جن کے نام لیے اور ابن ابی سرح۔ پھر باقی حدیث بیان کرتے ہوئے فرمایا۔ اور ابن ابی سرح نے یہ کیا کہ حضرت عثمان کے پاس چھپ گئے۔ جب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے لوگوں کو بیعت کے لیے بلایا تو یہ انہیں لے کر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے سامنے آ کھڑے ہوئے اور عرض کی کہ یا نبی اللہ! عبد اللہ کو بیعت فرما لیجیے۔ آپ نے سر مبارک اٹھا کر ان کی طرف تین مرتبہ دیکھا اور ہر دفعہ انکار فرما دیا۔ پس تین دفعہ کے بعد انہیں بیعت کر لیا۔ پھر اپنے اصحاب کی جانب متوجہ ہو کر فرمایا کہ تم میں کوئی ایسا زیرک آدمی نہیں تھا کہ اس کی طرف کھڑا ہوتا جبکہ یہ مجھے دیکھتا کہ میں نے اسے بیعت کرنے سے ہاتھ کھینچ لیا ہے تو اسے قتل کر دیتا۔ وہ عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ! ہمیں آپ کی دلی منشا معلوم نہ ہوئی آپ نے چشم مبارک سے ہماری جانب اشارہ کیوں نہ فرمایا؟ ارشاد ہوا کہ نبی کے لیے یہ مناسب نہیں کہ آنکھ کی چوری کرے۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ حضرت عبد اللہ بن ابی سرح یہ حضرت عثمان کے رضاعی بھائی تھے اور ولید بن عقبہ بھی حضرت عثمان کے اخیافی بھائی تھے اور حضرت عثمان نے ان پر حد جاری فرمائی جبکہ انہوں نے شراب پی۔

عمرو بن عثمان بن عبد الرحمن بن یربوع کا بیان ہے کہ میرے جد امجد نے اپنے والد محترم سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فتح مکہ کے روز فرمایا۔ چار آدمی ہیں جن کو میں امن نہیں دیتا، نہ حل میں نہ حرم میں پس ان کے نام بتائے اور فرمایا کہ مقیس کی دو لونڈیاں ہیں۔ پس ان میں سے ایک قتل کر دی گئی اور دوسری بھاگ گئی اور اسلام قبول

www.sirat-e-mustaqeem.com

إِحْدٰىهُمَا وَأُفْلِتَتِ الْأُخْرٰى فَأَسْلَمَتْ قَالَ أَبُوْدَاوُدَ لَمْ أَفْهَمْ إِسْنَادَهُ مِنِ ابْنِ الْعَلَاءِ كَمَا أُحِبُّ۔

کرلیا۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ ابن العلاء سے میں اس کی اسناد کو سمجھ نہ سکا جیسی مجھے پسند ہے۔

۹۱۲۔ حَدَّثَنَا الْقَعْنَبِيُّ عَنْ مَالِكٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ مَكَّةَ عَامَ الْفَتْحِ وَعَلٰى رَأْسِهِ مِغْفَرٌ فَلَمَّا نَزَعَهُ جَاءَهُ رَجُلٌ فَقَالَ ابْنُ خَطَلٍ مُتَعَلِّقٌ بِأَسْتَارِ الْكَعْبَةِ فَقَالَ اقْتُلُوْهُ قَالَ أَبُوْدَاوُدَ اسْمُ ابْنِ خَطَلٍ عَبْدُ اللّٰهِ وَكَانَ أَبُوْ بَرْزَةَ الْأَسْلَمِيُّ قَتَلَهُ۔

حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ فتح کے سال جب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مکہ مکرمہ میں داخل ہوئے تو آپ کے سر اقدس پر خود تھا۔ جب اسے اتارا تو ایک شخص آکر عرض گزار ہوا کہ ابن خطل کعبہ کے پردوں سے لٹکا ہوا ہے۔ فرمایا کہ اسے قتل کردو۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ ابن خطل کا نام عبداللہ تھا اور اسے حضرت ابو برزہ اسلمی نے قتل کیا۔

بَابٌ ۳۸۳ فِيْ قَتْلِ الْأَسِيْرِ صَبْرًا۔

قیدی کو جکڑ کر قتل کر دینا

۹۱۳۔ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ الرَّقِّيُّ ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرٍ الرَّقِّيُّ قَالَ أَخْبَرَنِيْ عُبَيْدُ اللّٰهِ ابْنُ عَمْرٍو عَنْ زَيْدِ بْنِ أَبِيْ أُنَيْسَةَ عَنْ عَمْرِو ابْنِ مُرَّةَ عَنْ إِبْرَاهِيْمَ قَالَ أَرَادَ الضَّحَّاكُ بْنُ قَيْسٍ أَنْ يَسْتَعْمِلَ مَسْرُوْقًا فَقَالَ لَهُ عُمَارَةُ ابْنُ عُقْبَةَ أَتَسْتَعْمِلُ رَجُلًا مِنْ بَقَايَا قَتَلَةِ عُثْمَانَ فَقَالَ لَهُ مَسْرُوْقٌ ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْعُوْدٍ وَكَانَ فِيْ أَنْفُسِنَا مَوْثُوْقَ الْحَدِيْثِ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا أَرَادَ قَتْلَ أَبِيْكَ قَالَ مَنْ لِلصِّبْيَةِ قَالَ النَّارُ فَقَدْ رَضِيْتُ لَكَ مَا رَضِيَ لَكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔

عمرو بن مرہ نے ابراہیم سے روایت کی ہے کہ ضحاک بن قیس نے مسروق کو عامل بنانا چاہا تو ان سے عمارہ بن عقبہ نے کہا کیا آپ ایسے شخص کو عامل مقرر کرتے ہیں جو حضرت عثمان کے قاتلوں میں سے باقی رہ گیا ہے؟ مسروق نے اس سے کہا کہ مجھ سے حدیث بیان کی حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے جو حدیث کے معاملے میں ہم میں سب سے ثقہ تھے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے جب تمہارے باپ کے قتل کا ارادہ فرمایا تو اس نے کہا۔ میرے بچوں کی خبر رکھنے والا کون ہوگا؟ آپ نے فرمایا آگ۔ پس میں تمہارے لیے اس چیز سے راضی ہوں جس سے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تمہارے لیے راضی ہوئے۔

بَابٌ ۳۸۴ فِيْ قَتْلِ الْأَسِيْرِ بِالنَّبْلِ۔

قیدی کو باندھ کر تیر اندازی کرنا

۹۱۴۔ حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ ابْنُ وَهْبٍ قَالَ أَخْبَرَنِيْ عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ عَنْ بُكَيْرِ بْنِ الْأَشَجِّ عَنِ ابْنِ الْأَشَجِّ عَنْ تِعْلَى قَالَ غَزَوْنَا مَعَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ خَالِدِ ابْنِ الْوَلِيْدِ فَأُتِيَ بِأَرْبَعَةِ أَعْلَاجٍ مِنَ الْعَدُوِّ فَأَمَرَ

بکیر بن اشج نے ابن تعلی سے روایت کی ہے کہ ہم نے عبدالرحمٰن بن خالد بن ولید کی معیت میں جہاد کیا تو دشمن کے چار قیدی لائے گئے جن کے متعلق آپ نے حکم دیا تو انہیں باندھ کر قتل کیا گیا۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ سعید کے علاوہ دوسروں نے ابن وہب کے واسطے سے یہ حدیث ہم سے

www.sirat-e-mustaqeem.com

فَقَتَلُوا صَبْرًا قَالَ أَبُو دَاوُدَ قَالَ لَنَا غَيْرُ سَعِيدٍ عَنِ ابْنِ وَهْبٍ فِي هٰذَا الْحَدِيثِ قَالَ بِالنَّبْلِ صَبْرًا فَبَلَغَ ذٰلِكَ أَبَا أَيُّوبَ الْأَنْصَارِيَّ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَنْهٰى عَنْ قَتْلِ الصَّبْرِ فَوَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهٖ لَوْ كَانَتْ دَجَاجَةٌ مَا صَبَرْتُهَا فَبَلَغَ ذٰلِكَ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ ابْنَ خَالِدِ بْنِ الْوَلِيدِ فَأَعْتَقَ أَرْبَعَ رِقَابٍ۔

بَابُ ۳۸۵ فِي الْمَنِّ عَلَى الْأَسِيرِ بِغَيْرِ فِدَاءٍ۔

۹۱۵ ـ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْمٰعِيلَ نَا حَمَّادٌ قَالَ أَنَا ثَابِتٌ عَنْ أَنَسٍ أَنَّ ثَمَانِينَ رَجُلًا مِنْ أَهْلِ مَكَّةَ هَبَطُوا عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَصْحَابِهٖ مِنْ جِبَالِ التَّنْعِيمِ عِنْدَ صَلٰوةِ الْفَجْرِ لِيَقْتُلُوهُمْ فَأَخَذَهُمْ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سِلْمًا فَأَعْتَقَهُمْ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ وَهُوَ الَّذِي كَفَّ أَيْدِيَهُمْ عَنْكُمْ وَأَيْدِيَكُمْ عَنْهُمْ بِبَطْنِ مَكَّةَ إِلٰى آخِرِ الْآيَةِ۔

۹۱۶ ـ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ فَارِسٍ قَالَ نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ قَالَ أَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ عَنْ أَبِيهِ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِأُسَارٰى بَدْرٍ لَوْ كَانَ مُطْعِمُ بْنُ عَدِيٍّ حَيًّا ثُمَّ كَلَّمَنِي فِي هٰؤُلَاءِ النَّتْنٰى لَأَطْلَقْتُهُمْ لَهٗ۔

بَابُ ۳۸۶ فِي فِدَاءِ الْأَسِيرِ بِالْمَالِ۔

۹۱۷ ـ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ حَنْبَلٍ قَالَ نَا أَبُو نُوحٍ قَالَ أَنَا عِكْرِمَةُ بْنُ عَمَّارٍ قَالَ نَا سِمَاكٌ الْحَنَفِيُّ قَالَ نَا ابْنُ عَبَّاسٍ قَالَ حَدَّثَنِي عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ قَالَ لَمَّا كَانَ يَوْمُ

بیان کرتے ہوئے فرمایا کہ باندھ کر تیروں کے ساتھ جب یہ بات حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو پہنچی تو انہوں نے فرمایا میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو باندھ کر قتل کرنے سے منع فرماتے ہوئے سنا ہے پس قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضے میں میری جان ہے اگر مرغی بھی ہو تو میں اسے نہیں باندھوں گا۔ جب یہ بات عبدالرحمٰن بن خالد بن ولید کو پہنچی تو انہوں نے پانچ غلام آزاد کیے۔

قیدی کو فدیہ لیے بغیر چھوڑ دینا

ثابت نے حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ مکہ مکرمہ والوں میں سے اسّی آدمی نماز فجر کے وقت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور آپ کے اصحاب کو قتل کرنے کے لیے تنعیم کی پہاڑیوں سے اتر آئے۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے انہیں پکڑ کر بے بس کر دیا پھر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے انہیں آزاد کر دیا تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی۔ "وہی ہے جس نے روک دیئے ان کے ہاتھ تم سے اور تمہارے ہاتھ ان سے سرزمین مکہ میں (۴۸ : ۲۴)

محمد بن جبیر بن مطعم نے اپنے والد ماجد سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بدر کے قیدیوں کے متعلق فرمایا کہ اگر مطعم بن عدی زندہ ہوتے اور مجھ سے ان نجس قیدیوں کے متعلق گفتگو کرتے تو ان کی سفارش سے میں انہیں چھوڑ دیتا۔

قیدی سے مالی فدیہ لینا

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ جب بدر کا روز ہوا۔ تو نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فدیہ لیا پس اللہ تعالیٰ نے یہ حکم نازل فرمایا۔ "کسی نبی کے لیے مناسب نہیں کہ کافروں

www.sirat-e-mustaqeem.com

بدر فأخذ يعني النبي صلى الله عليه وسلم الفداء فأنزل الله عز وجل ما كان لنبي أن يكون له أسرى حتى يثخن في الأرض إلى قوله لمسكم فيما أخذتم من الفداء ثم أحل لهم الغنائم قال أبو داود سمعت أحمد بن حنبل يسئل عن اسم أبي نوح فقال أيش تصنع باسمه اسمه شنيع قال أبو داود اسمه قراد والصحيح عبد الرحمن بن غزوان۔

کو زندہ قید کرے یہاں تک کہ زمین میں ان کا خون بہائے تو اے مسلمانو! تم نے جو کافروں سے بدلے کا مال لیا اس کے بدلے تم پر بڑا عذاب آتا" (۶۷-۶۸:۸) پھر ان کے لیے مال غنیمت کو حلال فرما دیا۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ میں نے سنا کہ امام احمد بن حنبل سے ابونوح کا نام دریافت کیا گیا تو انہوں نے فرمایا تم اس کے نام کا کیا کرو گے وہ ذرا بھدا سا ہے۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ اس کا نام قراد (چیچڑی) ہے اور صحیح نام عبدالرحمٰن بن غزوان ہے۔

٩١٨۔ حدثنا عبد الرحمن بن المبارك العيشي ثنا سفيان بن حبيب ثنا شعبة عن أبي العنبس عن أبي الشعثاء عن ابن عباس أن النبي صلى الله عليه وسلم جعل فداء أهل الجاهلية يوم بدر أربع مائة۔

عبدالرحمٰن بن مبارک عیشی، سفیان بن حبیب، شعبہ، ابوالعنبس، ابوالشعثاء، حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے جاہلیت والوں سے بدر کے روز چار سو درہم فی کس فدیہ مقرر فرمایا۔

٩١٩۔ حدثنا عبد الله بن محمد النفيلي ثنا محمد بن سلمة عن محمد بن إسحق عن يحيى بن عباد عن أبيه عباد بن عبد الله بن الزبير عن عائشة قالت لما بعث أهل مكة في فداء أسراهم بعثت زينب في فداء أبي العاص بمال وبعثت فيه بقلادة لها كانت عند خديجة أدخلتها بها على أبي العاص قالت فلما رآها رسول الله صلى الله عليه وسلم رق لها رقة شديدة وقال إن رأيتم أن تطلقوا لها أسيرها وتردوا عليها الذي لها فقالوا نعم وكان رسول الله صلى الله عليه وسلم أخذ عليه أو وعده أن يخلي سبيل زينب إليه وبعث رسول الله صلى الله عليه وسلم زيد بن حارثة ورجلا من الأنصار فقال كونا ببطن يأجج حتى تمر بكما زينب فتصحباها حتى تأتيا بها۔

عباد بن عبداللہ بن زبیر سے روایت ہے کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا جب مکہ مکرمہ والوں نے اپنے قیدیوں کا فدیہ بھیجا تو حضرت زینب (بنت رسول اللہ) نے بھی ابوالعاص کے فدیہ میں مال بھیجا جس میں حضرت خدیجہ کا وہ ہار بھی تھا جو انہیں جہیز میں ملا تھا جبکہ ابوالعاص سے ان کی شادی ہوئی تھی۔ جب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اسے دیکھا تو فرط غم سے آپ کا دل بھر آیا اور فرمایا۔ اگر تم مناسب سمجھو تو اس (حضرت زینب) کے قیدی کو چھوڑ دیا جائے اور اس کا مال اسے واپس دے دیا جائے؟ لوگوں نے اثبات میں جواب دیا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان سے (ابوالعاص) سے عہد و پیمان لیا کہ زینب کو آنے سے نہیں روکے گا۔ چنانچہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت زید بن حارثہ اور ایک انصاری کو بھیجا کہ تم یاجج کے مقام پر رہنا یہاں تک کہ زینب تمہارے پاس آ پہنچے۔ پس اسے ساتھ لے کر یہاں آ پہنچنا۔

www.sirat-e-mustaqeem.com

ف۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی چار صاحبزادیاں تھیں جن کے اسمائے گرامی بالترتیب یہ ہیں (۱) حضرت زینب (۲) حضرت رقیہ (۳) حضرت ام کلثوم (۴) حضرت فاطمہ زہرہ خاتونِ جنت رضی اللہ تعالیٰ عنہن۔ حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا سب سے بڑی تھیں اور مکہ مکرمہ میں ان کا نکاح حضرت ابو العاص بن ربیع بن عبد شمس بن عبد مناف سے ہوا تھا جو ام المومنین حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے بھانجے اور شرفائے قریش سے تھے۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ان کی بہت تعریف فرمایا کرتے تھے۔ حضرت زینب نے اسلام قبول کر لیا تھا۔ لیکن ابو العاص قریش کے دین پر ہی رہے یہاں تک کہ غزوۂ بدر میں مسلمانوں کے ہاتھوں قیدی بنے۔ حضرت زینب نے ان کی رہائی کے لیے فدیہ میں جو مال بھیجا اس میں وہ ہار بھی تھا جو حضرت خدیجہ نے انہیں جہیز میں دیا تھا۔ رحمت دو عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے وہ ہار دیکھا تو ایک جانب حضرت خدیجہ کی یاد تڑپانے لگی اور دوسری جانب حضرت زینب کی خستہ حالی کا نقشہ سامنے آگیا جس سے دل بھر آیا اور مسلمانوں سے فرمایا کہ اگر تم بخوشی اجازت دو تو میں زینب کا مال واپس کر دوں اور ابو العاص کو بغیر فدیہ کے رہا کر دوں۔ مسلمانوں نے بخوشی اپنی اجازت کا اظہار کر دیا تو آپ نے ابو العاص کو اس شرط پر رہا کر دیا کہ حضرت زینب کو مدینہ منورہ آنے سے نہیں روکیں گے۔ چنانچہ حضرت زید بن حارثہ اور ایک انصاری کو حضرت زینب کو لانے کی خاطر بھیجا گیا جو کہ مکہ مکرمہ سے آٹھ میل کے فاصلے پر یاجج نامی مقام پر رہے اور جب حضرت زینب وہاں پہنچیں تو یہ انہیں مدینہ منورہ لے آئے کچھ عرصہ بعد ابو العاص بھی جب کہ شام کی تجارت سے لوٹے تو سب کا مال واپس کر کے مسلمان ہو گئے اور ہجرت کر کے مدینہ منورہ میں آگئے۔ اس امر میں اختلاف ہے کہ حضرت زینب کا پہلا نکاح ہی برقرار رہا تھا یا دوبارہ نکاح کیا گیا۔ حضرت ابو العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ خلافت صدیقی کے دوران جنگِ یمامہ میں شہید ہوئے تھے۔ واللہ اعلم

۹۲۰۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ ثَنَا عَمِّي يَعْنِي سَعِيدَ بْنَ الْحَكَمِ قَالَ أَنَا اللَّيْثُ عَنْ عُقَيْلٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ وَذَكَرَ عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ أَنَّ مَرْوَانَ وَالْمِسْوَرَ بْنَ مَخْرَمَةَ أَخْبَرَاهُ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ حِينَ جَاءَهُ وَفْدُ هَوَازِنَ مُسْلِمِينَ فَسَأَلُوهُ أَنْ يَرُدَّ إِلَيْهِمْ أَمْوَالَهُمْ فَقَالَ لَهُمْ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَعِي مَنْ تَرَوْنَ وَأَحَبُّ الْحَدِيثِ إِلَيَّ أَصْدَقُهُ فَاخْتَارُوا إِمَّا السَّبْيَ وَإِمَّا الْمَالَ فَقَالُوا نَخْتَارُ سَبْيَنَا فَقَامَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَثْنَى عَلَى اللَّهِ ثُمَّ قَالَ أَمَّا بَعْدُ فَإِنَّ إِخْوَانَكُمْ هَؤُلَاءِ جَاءُوا تَائِبِينَ وَإِنِّي قَدْ رَأَيْتُ أَنْ أَرُدَّ إِلَيْهِمْ سَبْيَهُمْ فَمَنْ أَحَبَّ مِنْكُمْ أَنْ يُطَيِّبَ ذَلِكَ فَلْيَفْعَلْ وَمَنْ أَحَبَّ مِنْكُمْ أَنْ

عروہ بن زبیر کو مروان اور حضرت مسور بن مخرمہ نے بتایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جبکہ آپ کی خدمت میں ہوازن کے مسلمانوں کا وفد آیا اور انہوں نے آپ سے اپنے مال کے لوٹانے کا سوال کیا تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا۔ یہ میرے ساتھی ہیں جنہیں تم دیکھ رہے ہو اور سچی بات مجھے سب سے پسند ہے تم قیدیوں اور مال میں سے ایک چیز لے لو انہوں نے کہا کہ ہم اپنے قیدی لینا چاہتے ہیں پس رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کھڑے ہوئے اللہ تعالیٰ کی حمد و ثنا بیان کی پھر فرمایا۔ اما بعد، تمہارے یہ بھائی توبہ کر کے آئے ہیں۔ میری رائے ہے ان کے قیدی انہیں واپس دے دیئے جائیں۔ تم میں سے جو چاہے اپنے دل کی خوشی سے ایسا کرے اور جو تم میں سے اپنا حصہ لینا چاہے تو اللہ تعالیٰ جو مال بھی بطور فئی ہمیں مرحمت فرمائے گا تو سب سے پہلے ایسے شخص کو حصہ عطا فرمایا جائیگا لہٰذا جو چاہے ایسا کرے لوگ

www.sirat-e-mustaqeem.com

يَكُونَ عَلَى حَظِّهِ حَتَّى نُعْطِيَهُ إِيَّاهُ مِنْ أَوَّلِ مَا يُفِيءُ اللَّهُ عَلَيْنَا فَلْيَفْعَلْ فَقَالَ النَّاسُ قَدْ طَيَّبْنَا ذَلِكَ لَهُمْ يَا رَسُولَ اللَّهِ فَقَالَ لَهُمْ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّا لَا نَدْرِي مَنْ أَذِنَ مِنْكُمْ مِمَّنْ لَمْ يَأْذَنْ فَارْجِعُوا حَتَّى يَرْفَعَ إِلَيْنَا عُرَفَاؤُكُمْ أَمْرَكُمْ فَرَجَعَ النَّاسُ فَكَلَّمَهُمْ عُرَفَاؤُهُمْ فَأَخْبَرُوا أَنَّهُمْ قَدْ طَيَّبُوا وَأَذِنُوا۔

عرض گزار ہوئے کہ یارسول اللہ! ہم بخوشی چھوڑ دیتے ہیں۔ پس رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا۔ ہمیں نہیں معلوم کہ تم میں سے کس نے اجازت دی اور کس نے نہ دی تم واپس جاؤ اور اپنے سرداروں کو ہمارے پاس بھیجو پس لوگ واپس گئے اور اپنے سرداروں سے گفتگو کی۔ سرداروں نے آکر بتایا کہ وہ بطیب خاطر اس امر کی اجازت دے رہے ہیں۔

۹۲۱۔ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْمَعِيلَ ثَنَا حَمَّادٌ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحٰقَ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ فِي هَذِهِ الْقِصَّةِ قَالَ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رُدُّوا عَلَيْهِمْ نِسَاءَهُمْ وَأَبْنَاءَهُمْ فَمَنْ أَمْسَكَ بِشَيْءٍ مِنْ هَذَا الْفَيْءِ فَإِنَّ لَهُ بِهِ عَلَيْنَا سِتَّ فَرَائِضَ مِنْ أَوَّلِ شَيْءٍ يُفِيئُهُ اللَّهُ عَلَيْنَا ثُمَّ دَنَا يَعْنِي النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ بَعِيرٍ فَأَخَذَ وَبَرَةً مِنْ سَنَامِهِ ثُمَّ قَالَ يَا أَيُّهَا النَّاسُ إِنَّهُ لَيْسَ لِي مِنْ هَذَا الْفَيْءِ شَيْءٌ وَلَا هَذَا وَرَفَعَ إِصْبَعَيْهِ إِلَّا الْخُمُسَ وَالْخُمُسُ مَرْدُودٌ عَلَيْكُمْ فَأَدُّوا الْخِيَاطَ وَالْمِخْيَطَ فَقَامَ رَجُلٌ فِي يَدِهِ كُبَّةٌ مِنْ شَعَرٍ فَقَالَ أَخَذْتُ هَذِهِ لِأُصْلِحَ بِهَا بَرْذَعَةً فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَمَّا مَا كَانَ لِي وَلِبَنِي عَبْدِ الْمُطَّلِبِ فَهُوَ لَكَ فَقَالَ أَمَّا إِذَا بَلَغَتْ مَا أَرَى فَلَا أَرَبَ لِي فِيهَا وَنَبَذَهَا۔

عمرو بن شعیب کے والد ماجد نے اپنے والد محترم سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا ان کی عورتوں اور بچوں کو انہیں واپس دے دو پھر جو فئی کے ان افراد میں سے کسی کو رکھنا چاہے تو اللہ تعالیٰ جو فئی کا مال ہمیں دے گا اس کے ہم چھ اونٹنی کس ہوں گے پھر نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ایک اونٹ کے قریب ہوئے اور اس کے کوہان کا ایک بال پکڑ کر فرمایا۔ اے لوگو! اس فئی کے مال سے میرے لیے کچھ نہیں اور نہ یہ بال اور اپنی دو انگلیاں اٹھائیں سوائے خمس کے جبکہ خمس بھی سوئی دھاگے تک تمہیں لوٹا دیا جاتا ہے۔ پس ایک آدمی نے کھڑے ہو کر عرض کی جس کے ہاتھ میں بالوں کا ایک گچھا تھا کہ میں نے یہ چادر درست کرنے کے لیے لیا تھا۔ پس رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو میرے لیے اور بنی عبدالمطلب کے لیے ہو وہ تمہارا ہے۔ وہ عرض گزار ہوا۔ جب میرے لیے یہ بھی جائز نہیں تو اسے لینے کا مجھے کیا فائدہ اور اسے واپس کر دیا۔

بَابٌ ۳۸۷۔ فِي الْإِمَامِ يُقِيمُ عِنْدَ الظُّهُورِ عَلَى الْعَدُوِّ بِعَرْصَتِهِمْ۔

دشمن پر غالب آنے پر امام ان کے میدان میں ٹھہرے

۹۲۲۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى ثَنَا مُعَاذُ بْنُ مُعَاذٍ ح وَثَنَا هَارُونُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ ثَنَا رَوْحٌ قَالَا ثَنَا سَعِيدٌ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ أَنَسٍ

محمد بن مثنیٰ، معاذ بن معاذ، ہارون بن عبداللہ، روح سعید، قتادہ، حضرت انس نے حضرت ابوطلحہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

www.sirat-e-mustaqeem.com

عَنْ اَبِیْ طَلْحَۃَ قَالَ کَانَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِذَا غَلَبَ عَلٰی قَوْمٍ اَقَامَ بِالْعَرْصَۃِ ثَلَاثًا قَالَ ابْنُ الْمُثَنّٰی اِذَا غَلَبَ قَوْمًا اَحَبَّ اَنْ یُّقِیْمَ بِعَرْصَتِہِمْ ثَلَاثًا قَالَ اَبُوْدَاؤدَ کَانَ یَحْیَی ابْنُ سَعِیْدٍ یَطْعَنُ فِیْ ھٰذَا الْحَدِیْثِ لِاَنَّہٗ لَیْسَ مِنْ قَدِیْمِ حَدِیْثِ سَعِیْدٍ لِاَنَّہٗ تَغَیَّرَ سَنَۃَ خَمْسٍ وَّاَرْبَعِیْنَ وَلَمْ یُخْرِجْ ھٰذَا الْحَدِیْثَ اِلَّا بِاٰخِرَۃٍ قَالَ اَبُوْدَاؤدَ یُقَالُ اِنَّ وَکِیْعًا حَمَلَ عَنْہُ فِیْ تَغَیُّرِہٖ۔

جب کسی قوم پر غالب آتے تو تین دن ان کے میدان میں قیام فرماتے ابن مثنیٰ نے کہا کہ جب کسی قوم پر غالب آتے تو تین دن ان کے میدان میں ٹھہرنا پسند فرماتے۔ امام ابو داؤد نے فرمایا کہ یحییٰ بن سعید اس حدیث میں طعن کیا کرتے کیونکہ یہ سعید کی قدیمی حدیثوں میں سے نہیں ہے اور پینتالیس سال کے ہوئے تو ان کے حافظے میں کمی آگئی تھی اور اس حدیث کا اسی دوسرے دور سے تعلق ہے۔ امام ابو داؤد نے فرمایا کہ وکیع بھی اسے تغیر پر محمول کیا کرتے تھے۔

بَابٌ ۳۸۸ فِی التَّفْرِیْقِ بَیْنَ السَّبْیِ۔

قیدیوں میں جدائی کر دینا

۹۲۳۔ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ ابْنُ اَبِیْ شَیْبَۃَ ثَنَا اِسْحٰقُ بْنُ مَنْصُوْرٍ ثَنَا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ حَرْبٍ عَنْ یَزِیْدَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنِ الْحَکَمِ عَنْ مَیْمُوْنِ بْنِ اَبِیْ شَبِیْبٍ عَنْ عَلِیٍّ اَنَّہٗ فَرَّقَ بَیْنَ جَارِیَۃٍ وَّوَلَدِھَا فَنَہَاہُ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عَنْ ذٰلِکَ وَرَدَّ الْبَیْعَ قَالَ اَبُوْدَاؤدَ مَیْمُوْنٌ لَمْ یُدْرِکْ عَلِیًّا قُتِلَ بِالْجَمَاجِمِ وَالْجَمَاجِمُ سَنَۃَ ثَلٰثٍ وَّثَمَانِیْنَ قَالَ اَبُوْدَاؤدَ الْحَرَّۃُ سَنَۃَ ثَلٰثٍ وَّسِتِّیْنَ وَقُتِلَ ابْنُ الزُّبَیْرِ سَنَۃَ ثَلٰثٍ وَّثَلٰثِیْنَ۔

میمون بن ابو شبیب سے روایت ہے کہ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ایک لونڈی اور اس کے بیٹے کو فروخت کرتے ہوئے علیحدہ علیحدہ کر دیا۔ پس نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایسا کرنے سے منع کر دیا اور اس بیع کو رد فرما دیا۔ امام ابو داؤد نے فرمایا کہ میمون نے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو نہیں پایا کیونکہ یہ جنگ جماجم میں شہید ہوئے اور جنگ جماجم ۸۳ھ میں ہوئی۔ امام ابو داؤد نے فرمایا کہ واقعہ حرہ ۶۳ھ میں ہوا اور حضرت ابن زبیر کو ۷۳ھ میں شہید کیا گیا۔

بَابٌ ۳۸۹ اَلرُّخْصَۃُ فِی الْمُدْرِکِیْنَ یُفَرَّقُ بَیْنَہُمْ۔

جوان قیدیوں کو جدا کرنے کی اجازت

۹۲۴۔ حَدَّثَنَا ھَارُوْنُ بْنُ عَبْدِ اللّٰہِ ثَنَا ھَاشِمُ بْنُ الْقَاسِمِ ثَنَا عِکْرِمَۃُ قَالَ ثَنِیْ اِیَاسُ ابْنُ سَلَمَۃَ قَالَ ثَنِیْ اَبِیْ قَالَ خَرَجْنَا مَعَ اَبِیْ بَکْرٍ وَّاَمَّرَہٗ عَلَیْنَا رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَغَزَوْنَا فَزَارَۃَ فَشَنَنَّا الْغَارَۃَ ثُمَّ نَظَرْتُ اِلٰی عُنُقٍ مِّنَ النَّاسِ فِیْہِ الذُّرِّیَّۃُ وَالنِّسَاءُ فَرَمَیْتُ بِسَہْمٍ فَوَقَعَ بَیْنَہُمْ وَبَیْنَ الْجَبَلِ فَقَامُوْا فَجِئْتُ

عکرمہ سے روایت ہے کہ حضرت ایاس بن سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ ہم حضرت ابو بکر کے ساتھ نکلے اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے انہیں ہمارے اوپر امیر بنایا تھا۔ پس ہم نے فزارہ قبیلے سے جہاد کیا تو ہم نے انہیں ہر جانب سے لوٹا۔ پھر میں نے چند انسانوں کا جمگھٹا دیکھا جس میں بچے اور عورتیں بھی تھیں تو میں نے ایک تیر چلایا جو ان کے اور پہاڑی کے درمیان گرا تو وہ کھڑے ہو گئے۔ میں انہیں حضرت ابو بکر

www.sirat-e-mustaqeem.com

بِهِمْ إِلَى أَبِي بَكْرٍ فِيهِمْ امْرَأَةٌ مِنْ فَزَارَةَ عَلَيْهَا قَشْعٌ مِنْ أَدَمٍ مَعَهَا بِنْتٌ لَهَا مِنْ أَحْسَنِ الْعَرَبِ فَنَفَّلَنِي أَبُو بَكْرٍ بِنْتَهَا فَقَدِمْتُ الْمَدِينَةَ فَلَقِيَنِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لِي يَا سَلَمَةُ هَبْ لِيَ الْمَرْأَةَ فَقُلْتُ وَاللَّهِ لَقَدْ أَعْجَبَتْنِي وَمَا كَشَفْتُ لَهَا ثَوْبًا فَسَكَتَ حَتَّى إِذَا كَانَ مِنَ الْغَدِ لَقِيَنِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي السُّوقِ فَقَالَ لِي يَا سَلَمَةُ هَبْ لِيَ الْمَرْأَةَ لِلَّهِ أَبُوكَ فَقُلْتُ يَا رَسُولَ اللَّهِ وَلَقَدْ أَعْجَبَتْنِي وَمَا كَشَفْتُ لَهَا ثَوْبًا وَهِيَ لَكَ فَبَعَثَ بِهَا إِلَى أَهْلِ مَكَّةَ وَفِي أَيْدِيهِمْ أَسْرَى فَفَدَاهُمْ بِتِلْكَ الْمَرْأَةِ۔

کی خدمت میں لے آیا جن میں فزارہ کی ایک عورت تھی جس نے خشک کھال پہنی ہوئی تھی اور اس کے ساتھ اس کی بیٹی تھی جو عرب کی حسین ترین لڑکی تھی۔ پس حضرت ابوبکر نے اس کی بیٹی مجھے دے دی۔ جب میں مدینہ منورہ میں آیا اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوا تو آپ نے مجھ سے فرمایا۔ اے سلمہ! وہ عورت مجھے ہبہ کر دو۔ میں عرض گزار ہوا کہ خدا کی قسم وہ لڑکی مجھے بہت پسند ہے لیکن ابھی میں نے اس کا کپڑا نہیں کھولا ہے۔ آپ خاموش ہو گئے یہاں تک کہ اگلے روز رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مجھے بازار میں ملے تو مجھ سے فرمایا:۔ اے سلمہ! تمہارے باپ کی قسم وہ لڑکی مجھے دے دو۔ میں عرض گزار ہوا کہ یا رسول اللہ! خدا کی قسم، وہ مجھے بہت پسند ہے لیکن ابھی میں نے اس کا کپڑا نہیں ہٹایا اور وہ آپ کے لیے ہے پس آپ نے وہ اہل مکہ کے پاس بھیج دی اور ان کے قبضے میں مسلمان قیدی تھے جن کا فدیہ اس عورت کے ذریعے دیا گیا۔

بَابٌ ۳۹ فِي الْمَالِ يُصِيبُهُ الْعَدُوُّ مِنَ الْمُسْلِمِينَ ثُمَّ يُدْرِكُهُ صَاحِبُهُ فِي الْغَنِيمَةِ۔

کافروں نے مسلمان کا مال چھینا پھر وہ مالک کو مالِ غنیمت میں ملے

۹۲۵۔ حَدَّثَنَا صَالِحُ بْنُ سُهَيْلٍ ثَنَا يَحْيَى يَعْنِي ابْنَ أَبِي زَائِدَةَ عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّ غُلَامًا لِابْنِ عُمَرَ أَبَقَ إِلَى الْعَدُوِّ فَظَهَرَ عَلَيْهِ الْمُسْلِمُونَ فَرَدَّهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى ابْنِ عُمَرَ وَلَمْ يُقْسَمْ۔

نافع نے حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ حضرت ابن عمر کا ایک غلام بھاگ کر کافروں کے پاس چلا گیا۔ پس مسلمان ان (کافروں) پر غالب آ گئے تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے وہ حضرت ابن عمر کو دے دیا اور تقسیم میں شامل نہ فرمایا۔

۹۲۶۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ الْأَنْبَارِيُّ وَالْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْمَعْنَى قَالَا ثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ ذَهَبَ فَرَسٌ لَهُ فَأَخَذَهَا الْعَدُوُّ فَظَهَرَ عَلَيْهِمُ الْمُسْلِمُونَ فَرُدَّ عَلَيْهِ فِي زَمَنِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَبَقَ عَبْدٌ لَهُ فَلَحِقَ بِأَرْضِ الرُّومِ وَظَهَرَ عَلَيْهِمْ

نافع سے روایت ہے کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا ان کا ایک گھوڑا بھاگ گیا جو کافروں نے پکڑ لیا پس مسلمان اس قوم پر غالب ہوئے تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے زمانہ میں وہ انہیں واپس دے دیا گیا اور ان کا ایک غلام بھاگ کر روم کی سرزمین میں چلا گیا۔ جب مسلمان اس قوم پر غالب ہوئے تو نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بعد وہ

www.sirat-e-mustaqeem.com

المسلمون فرده عليه خالد بن الوليد بعد النبي صلى الله عليه وسلم.

انہیں حضرت خالد بن ولید رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے واپس دے دیا۔

باب ۳۹۱ في عبيد المشركين يلحقون بالمسلمين فيسلمون.

کفار کے جو غلام مسلمانوں سے آملیں اور مسلمان ہو جائیں

۹۲۷۔ حدثنا عبد العزيز بن يحيى الحراني قال ثني محمد يعني ابن سلمة عن محمد بن إسحق عن أبان بن صالح عن منصور بن المعتمر عن ربعي بن حراش عن علي ابن أبي طالب قال خرج عبدان إلى رسول الله صلى الله عليه وسلم تعني يوم الحديبية قبل الصلح فكتب إليه مواليهم فقالوا يا محمد والله ما خرجوا إليك رغبة في دينك وإنما خرجوا هربا من الرق فقال ناس صدقوا يا رسول الله ردهم إليهم فغضب رسول الله صلى الله عليه وسلم وقال ما أراكم تنتهون يا معشر قريش حتى يبعث الله عليكم من يضرب رقابكم على هذا وأبى أن يردهم وقال هم عتقاء الله عز وجل.

عبدالعزیز بن یحییٰ حرانی، محمد بن سلمہ، محمد بن اسحاق، ابان بن صالح، منصور بن معتمر، ربعی بن حراش سے روایت ہے کہ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ حدیبیہ کے روز صلح سے پہلے کئی غلام رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی طرف نکلے۔ ان کے مالکوں نے آپ کے لیے لکھتے ہوئے کہا۔ اے محمد! خدا کی قسم یہ آپ کے دین سے رغبت رکھتے ہوئے آپ کی طرف نہیں بھاگے بلکہ یہ غلامی سے بھاگے ہیں۔ بعض لوگ عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ! انہوں نے سچ کہا ہے لہٰذا انہیں ان کی طرف لوٹا دیجیے۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ناراض ہوئے اور فرمایا اے گروہ قریش! تم اس وقت تک رُکتے ہوئے نظر نہیں آتے جب تک تم پر ایسا شخص مسلط نہ ہو جو ایسی بات پر تمہاری گردنیں اڑا دے اور انہیں لوٹانے سے انکار کر دے اور فرمایا کہ یہ اللہ تعالیٰ کے آزاد فرمائے ہوئے ہیں۔

باب ۳۹۲ في إباحة الطعام في أرض العدو.

دشمن کی سرزمین سے جو غلہ ہاتھ آئے

۹۲۸۔ حدثنا إبراهيم بن حمزة الزبيري ثنا أنس بن عياض عن عبيد الله عن نافع عن ابن عمر أن جيشا غنموا في زمان رسول الله صلى الله عليه وسلم طعاما وعسلا فلم يؤخذ منهم الخمس.

ابراہیم بن حمزہ زبیری، انس بن عیاض، عبیداللہ، نافع نے حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ ایک لشکر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے زمانہ میں مالِ غنیمت میں غلّہ اور شہد لے کر آیا تو ان میں سے خُمس نہ لیا گیا۔

۹۲۹۔ حدثنا موسى بن إسمعيل والقعنبي قالا ثنا سليمان عن حميد يعني ابن هلال عن عبد الله بن مغفل قال دلي جراب من شحم يوم خيبر قال فأتيته فالتزمته قال ثم قلت لا أعطي من هذا أحدا اليوم شيئا قال فالتفت فإذا رسول الله صلى الله عليه

موسیٰ بن اسمٰعیل اور قعنبی، سلیمان، حمید بن ہلال سے روایت ہے کہ حضرت عبداللہ بن مغفل رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ خیبر کے روز میں نے دیکھا کہ چربی کی ایک تھیلی لٹک رہی ہے پس میں اس کے پاس آیا اور اسے لے کر اپنے ساتھ چمٹا لیا۔ پھر میں نے اپنے دل میں کہا کہ آج میں اس میں سے ذرا بھی کچھ نہیں دوں گا جب میں نے مڑ کر دیکھا تو رسول اللہ

وسلم يتبسم إليّ۔

باب ۳۹۳ في النهي عن النهبى إذا كان في الطعام قلة في أرض العدو۔

۹۳۰۔ حدثنا سليمان بن حرب ثنا جرير يعني ابن حازم عن يعلى بن حكيم عن أبي لبيد قال كنا مع عبد الرحمن بن سمرة بكابل فأصاب الناس غنيمة فانتهبوها فقام خطيبا فقال سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم ينهى عن النهبى فردوا ما أخذوا فقسمه بينهم۔

۹۳۱۔ **حدثنا محمد بن العلاء ثنا أبو معاوية** ثنا أبو إسحق الشيباني عن محمد بن أبي مجالد عن عبد الله ابن أبي أوفى قال قلت هل كنتم تخمسون يعني الطعام في عهد رسول الله صلى الله عليه وسلم فقال أصبنا طعاما يوم خيبر فكان الرجل يجيء فيأخذ منه مقدار ما يكفيه ثم ينصرف۔

۹۳۲۔ حدثنا هناد بن السري ثنا أبو الأحوص عن عاصم يعني ابن كليب عن أبيه عن رجل من الأنصار قال خرجنا مع رسول الله صلى الله عليه وسلم في سفر فأصاب الناس حاجة شديدة وجهد فأصابوا غنما فانتهبوها فإن قدورنا لتغلي إذ جاء رسول الله صلى الله عليه وسلم يمشي على قوسه فأكفأ قدورنا بقوسه ثم جعل يرمل اللحم بالتراب ثم قال إن النهبة ليست بأحل من الميتة أو إن الميتة ليست بأحل من النهبة الشك من هناد۔

باب ۳۹۴ في حمل الطعام من أرض العدو۔

۹۳۳۔ حدثنا سعيد بن منصور ثنا عبد الله بن وهب قال أخبرني عمرو بن

صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میری طرف دیکھ کر مسکرا رہے تھے۔

اگر دشمن کی سرزمین میں غلے کی قلت ہو جائے تب بھی ذخیرہ کرنے کی اجازت نہیں۔

یعلیٰ بن حکیم سے روایت ہے کہ ابولبید نے فرمایا۔ ہم کابل میں حضرت عبدالرحمٰن بن سمرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ساتھ تھے پس لوگوں کو مالِ غنیمت حاصل ہوا تو انہوں نے اسے لوٹ لیا پس یہ خطبہ دینے کھڑے ہوئے اور فرمایا میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو لوٹ مار سے منع فرماتے ہوئے سنا ہے پس جو مال انہوں نے لیا تھا وہ لوٹا دیا اور وہ ان کے درمیان تقسیم کر دیا گیا

محمد بن العلاء، ابومعاویہ، ابواسحاق شیبانی، محمد بن ابی مجالد سے روایت ہے کہ انہوں نے حضرت عبداللہ بن ابی اوفیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے عرض کی کہ کیا آپ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے عہد مبارک میں بھی غلے سے خمس (پانچواں حصہ) ادا کیا کرتے تھے۔ انہوں نے فرمایا کہ خیبر کے روز ہمارے ہاتھ غلہ آیا پس ہر شخص آتا اور اپنی ضرورت کے مطابق اس میں سے لے کر واپس چلا جاتا تھا۔

عاصم بن کلیب نے اپنے والد ماجد سے روایت کی ہے کہ ایک انصاری نے فرمایا۔ ہم ایک سفر میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ نکلے تو لوگوں کو کھانے پینے کی بڑی ضرورت اور دقت کا سامنا کرنا پڑا۔ پس انہیں بکریاں ملیں تو انہیں لوٹ لیا۔ ہماری ہانڈیوں میں اُبال آ رہا تھا کہ کمان سے ٹیک لگاتے ہوئے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تشریف لے آئے اور اپنی کمان سے ہماری ہانڈیوں کو الٹنا شروع کر دیا اور گوشت کو مٹی میں ملانا شروع کر دیا۔ پھر فرمایا کہ لوٹ مار مردار سے زیادہ حلال نہیں یا مردار لوٹ مار سے زیادہ حلال نہیں ہے۔ اس میں ہناد راوی کو شک ہوا۔

دشمن کی سرزمین سے غلہ لے آنا

سعید بن منصور، عبداللہ بن وہب، عمرو بن حارث ابن حرشف ازدی، قاسم مولیٰ عبدالرحمٰن سے روایت ہے

www.sirat-e-mustaqeem.com

حارثٍ أنَّ ابنَ حَرْشَفٍ الأزديَّ حدَّثَهُ عنِ القاسمِ مولى عبدِ الرحمنِ عن بعضِ أصحابِ النبيِّ صلَّى اللهُ عليهِ وسلَّمَ قالَ كُنَّا نأكُلُ الجُزُرَ في الغزوِ ولا نقسِمُهُ حتَّى إن كُنَّا لَنَرْجِعُ إلى رِحالِنا وأخْرِجَتُنا منهُ مَمْلُوَّةٌ۔

باب ۳۹۵ في بيعِ الطَّعامِ إذا فَضَلَ عنِ النَّاسِ في أرضِ العَدُوِّ۔

۹۳۴۔ حدَّثنا محمَّدُ بنُ المُصفَّى ثنا محمَّدُ بنُ المُبارَكِ عن يحيى بنِ حمزةَ ثنا أبو عبدِ العزيزِ شيخٌ من أهلِ الأُرْدُنِّ عن عُبادةَ بنِ نُسَيٍّ عن عبدِ الرحمنِ بنِ غَنْمٍ قالَ رابَطْنا مدينةَ قِنَّسْرِينَ معَ شُرَحْبيلَ بنِ السِّمْطِ فلمَّا فتحَها أصابَ فيها غنمًا وبقرًا فقسَمَ فينا طائفةً منها وجعلَ بقيَّتَها في المغنمِ فلقيتُ معاذَ بنَ جبلٍ فحدَّثْتُهُ فقالَ معاذٌ غزَوْنا معَ رسولِ اللهِ صلَّى اللهُ عليهِ وسلَّمَ خيبرَ فأصبْنا فيها غنمًا فقسَمَ فينا رسولُ اللهِ صلَّى اللهُ عليهِ وسلَّمَ طائفةً وجعلَ بقيَّتَها في المغنمِ۔

باب ۳۹۶ في الرَّجُلِ ينتفعُ من الغنيمةِ بشيءٍ۔

۹۳۵۔ حدَّثنا سعيدُ بنُ منصورٍ وعثمانُ ابنُ أبي شيبةَ المعنى قالَ أبو داؤدَ أنا لِحَرْفِهِ أتْقَنُ قالا ثنا أبو معاويةَ عن محمَّدِ بنِ إسحاقَ عن يزيدَ بنِ أبي حبيبٍ عن أبي مرزوقٍ مولى تُجِيبَ عن حَنَشٍ الصَّنعانيِّ عن رُوَيْفِعِ بنِ ثابتٍ الأنصاريِّ أنَّ النبيَّ صلَّى اللهُ عليهِ وسلَّمَ قالَ من كانَ يؤمنُ باللهِ واليومِ الآخرِ فلا يركبْ دابَّةً من فيءِ المسلمينَ حتَّى إذا أعجفَها ردَّها فيهِ ومن كانَ يؤمنُ باللهِ و

کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ایک صحابی نے فرمایا۔ ہم دوران جہاد اونٹ کا گوشت کھالیا کرتے اور اسے تقسیم میں شامل نہ کرتے۔ یہاں تک کہ جب ہم اپنی قیام گاہوں کی طرف لوٹتے تو اونٹ کے گوشت سے ہماری خورجیاں بھری ہوئی ہوتی تھیں۔

دشمن کی سرزمین میں زائد غلہ بیچ دینا

عبادہ بن نسی سے روایت ہے کہ حضرت عبدالرحمن بن غنم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ ہم نے شہر قنسرین کا محاصرہ کر لیا حضرت شرجیل بن السمط کے ساتھ جب ہم نے اسے فتح کیا تو اس سے بکریاں اور گائیں ہاتھ آئیں پس ان میں سے کچھ ہمارے درمیان تقسیم کر دی گئیں اور باقی مالِ غنیمت میں شامل کر دیں۔ پس میں حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ملا اور ان سے ذکر کیا تو انہوں نے فرمایا۔ ہم نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی معیت میں خیبر والوں سے جہاد کیا تو ہمیں بکریاں ملیں۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان میں سے کچھ ہمارے درمیان تقسیم فرما دیں اور باقی بکریوں کو مالِ غنیمت میں شامل کر دیا۔

مالِ غنیمت کی کسی چیز کو کام میں لانا

سعید بن منصور اور عثمان بن ابو شیبہ، ابو معاویہ، محمد بن اسحاق، یزید بن ابو حبیب، ابو مرزوق، مولیٰ تجیب حنش صنعانی، رویفع بن ثابت رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جو شخص اللہ اور قیامت پر ایمان رکھے وہ مسلمانوں کی غنیمت کے جانور پر سواری نہ کرے کہ جب دُبلا ہو جائے تو مالِ غنیمت میں لوٹا دے اور جو اللہ اور آخری دن پر ایمان رکھے وہ مسلمانوں کی غنیمت کے مال کا کپڑا نہ پہنے کہ جب وہ پرانا ہو جائے تو اسے مالِ غنیمت میں واپس

www.sirat-e-mustaqeem.com

بِالْيَوْمِ الْآخِرِ فَلَا يَلْبَسْ ثَوْبًا مِنْ فَيْءِ الْمُسْلِمِينَ حَتّٰى إِذَا أَخْلَقَهُ رَدَّهُ فِيهِ۔

لوٹائے۔

بَابٌ ۳۹۷ فِي الرُّخْصَةِ فِي السِّلَاحِ يُقَاتَلُ بِهِ فِي الْمَعْرَكَةِ۔

۹۳۶۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ قَالَ أَنَا إِبْرَاهِيمُ يَعْنِي ابْنَ يُوسُفَ ابْنِ أَبِي إِسْحٰقَ السَّبِيعِيُّ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي إِسْحٰقَ السَّبِيعِيِّ قَالَ ثَنِي أَبُو عُبَيْدَةَ عَنْ أَبِيهِ قَالَ مَرَرْتُ فَإِذَا أَبُو جَهْلٍ صَرِيعٌ قَدْ ضُرِبَتْ رِجْلُهُ فَقُلْتُ يَا عَدُوَّ اللّٰهِ يَا أَبَا جَهْلٍ قَدْ أَخْزَى اللّٰهُ الْآخِرَ قَالَ وَلَا أَهَابُهُ عِنْدَ ذٰلِكَ فَقَالَ أَبْعَدُ مِنْ رَجُلٍ قَتَلَهُ قَوْمُهُ بِالسَّيْفِ فَضَرَبْتُهُ بِسَيْفٍ غَيْرِ طَائِلٍ فَلَمْ يُغْنِ شَيْئًا حَتّٰى سَقَطَ سَيْفُهُ مِنْ يَدِهِ فَضَرَبْتُهُ بِهِ حَتّٰى بَرَدَ۔

کفار کے ہتھیاروں سے معرکہ آراء ہونا

محمد بن العلاء، ابراہیم ابن یوسف ابو اسحاق سبیعی ان کے والد ماجد ابو اسحق سبیعی، ابو عبیدہ سے روایت ہے کہ ان کے والد ماجد حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ میں ابوجہل کے پاس سے گزرا جو پچھاڑا ہوا تھا تو میں نے اس کے پاؤں پر ضرب لگائی اور کہا۔ اے خدا کے دشمن! اے ابوجہل! آخرکار اللہ تعالیٰ نے تجھے ذلیل کیا۔ کہا کہ اس وقت میں اس سے ڈرتا نہ تھا۔ اس نے کہا کہ اس شخص پر تعجب ہے جس کو اس کی قوم نے تلوار سے قتل کر دیا۔ پس میں نے اسے تلوار کا ایک ہاتھ مارا جو کارگر ثابت نہ ہوا اور کوئی چیز بھی اس کے کام نہ آئی یہاں تک کہ تلوار بھی اس کے ہاتھ سے گر پڑی تو اسی کے ساتھ میں نے اسے ضرب لگائی یہاں تک کہ ٹھنڈا ہو گیا۔

ف۔ ابوجہل جیسے فرعونِ وقت کو حضرت عفراء رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے نو عمر صاحبزادوں حضرت معاذ اور حضرت معوذ نے پچھاڑا تھا۔ جب کافر بھاگ گئے اور مسلمان پوری طرح فتح یاب ہو گئے تو حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ میدانِ جنگ میں پھر رہے تھے۔ دیکھا کہ اُس لعین میں زندگی کی ابھی کچھ رمق باقی ہے۔ ٹھوکر ماری اور فرمایا۔ او خدا کے دشمن! آخرکار اللہ تعالیٰ نے تجھے کیسا ذلیل و خوار کیا؟ اُس نے کچھ باتیں بنائیں لیکن اُنہوں نے اُسی کی تلوار سے اللہ اور رسول کے اُس سب سے بڑے دشمن کی گردن اڑا دی۔ واللہ تعالیٰ اعلم

بَابٌ ۳۹۸ فِي تَعْظِيمِ الْغُلُولِ۔

۹۳۷۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ أَنَّ يَحْيَى بْنَ سَعِيدٍ وَبِشْرَ بْنَ الْمُفَضَّلِ حَدَّثَاهُمْ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى بْنِ حَبَّانَ عَنْ أَبِي عَمْرَةَ عَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ الْجُهَنِيِّ أَنَّ رَجُلًا مِنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تُوُفِّيَ يَوْمَ خَيْبَرَ فَذَكَرُوا ذٰلِكَ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ صَلُّوا عَلٰى صَاحِبِكُمْ فَتَغَيَّرَتْ وُجُوهُ النَّاسِ لِذٰلِكَ فَقَالَ إِنَّ صَاحِبَكُمْ غَلَّ

مالِ غنیمت سے کچھ چرا لینا

مسدد، یحییٰ بن سعید اور بشر بن مفضل، محمد بن یحییٰ بن حبان، ابو عمرہ، حضرت زید بن خالد جہنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اصحاب سے ایک نے خیبر کے روز وفات پائی۔ لوگوں نے اس بات کا ذکر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے کیا تو آپ نے فرمایا اپنے ساتھی کی نماز جنازہ پڑھ لو۔ اس بات سے لوگوں کے چہروں کے رنگ فق ہو گئے۔ آپ نے فرمایا کہ تمہارے ساتھی نے مجاہد ہو کر خیانت کی ہے۔ پس ہم نے اس کے سامان کی

www.sirat-e-mustaqeem.com

فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَفَتَّشْنَا مَتَاعَهٗ فَوَجَدْنَا خَرَزًا مِنْ خَرَزِ يَهُوْدَ لَا تُسَاوِيْ دِرْهَمَيْنِ۔

تلاشی لی تو اس میں ہمیں ایک منکا ملا یعنی یہود کا منکا جس کی قیمت دو درہم کے برابر بھی نہ ہوگی۔

ف۔ مالِ غنیمت میں سے کچھ چھپا لینا یا چرا لینا ایسا جرم ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ایسے شخص کی نمازِ جنازہ نہیں پڑھا کرتے تھے، خواہ وہ مال تھوڑا ہوتا یا زیادہ۔ جب دو درہم کم تر خیانت بھی آپ کی نظر میں اتنی معیوب تھی کہ اُس شخص کی نمازِ جنازہ پڑھنی پسند نہ فرمائی تو آج جو ہزاروں اور لاکھوں کے دن دہاڑے غبن ہو رہے ہیں نگاہِ رسالت میں یہ حرکت کیسی قرار پائے گی؟ پروردگارِ عالم جو یہ سب کچھ دیکھ رہا ہے اُس کی نگاہِ لطف و کرم ایسا کرنے والوں کی جانب ہو جائے گی؟ کاش! ہم یہ بھی کبھی غور کریں کہ دنیاوی دولت اور چند روزہ آرام و راحت کی خاطر جو ہم اپنے دین و ایمان کا بیڑہ اپنے ہاتھوں غرق کر رہے ہیں یہ دانش مندی ہے یا نادانی؟ ہم عقلمندی کا ثبوت دے رہے ہیں یا جہالت کا! مسلمانو! گوشِ ہوش سے سنو۔

اے طائرِ لاہوتی اُس رزق سے موت اچھی!
جس رزق سے آتی ہو پرواز میں کوتاہی

۹۳۸۔ حَدَّثَنَا الْقَعْنَبِيُّ عَنْ مَالِكٍ عَنْ ثَوْرِ ابْنِ زَيْدٍ الدِّيْلِيِّ عَنْ أَبِي الْغَيْثِ مَوْلَى ابْنِ مُطِيْعٍ عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ أَنَّهٗ قَالَ خَرَجْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَامَ خَيْبَرَ فَلَمْ نَغْنَمْ ذَهَبًا وَلَا وَرِقًا إِلَّا الثِّيَابَ وَالْمَتَاعَ وَالْأَمْوَالَ قَالَ فَوَجَّهَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَ وَادِي الْقُرٰى وَقَدْ أُهْدِيَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَبْدٌ أَسْوَدُ يُقَالُ لَهٗ مِدْعَمٌ حَتّٰى إِذَا كَانُوْا بِوَادِي الْقُرٰى فَبَيْنَمَا مِدْعَمٌ يَحُطُّ رَحْلَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذْ جَاءَهٗ سَهْمٌ فَقَتَلَهٗ فَقَالَ النَّاسُ هَنِيْئًا لَهُ الْجَنَّةُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَلَّا وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ إِنَّ الشَّمْلَةَ الَّتِيْ أَخَذَهَا يَوْمَ خَيْبَرَ مِنَ الْمَغَانِمِ لَمْ تُصِبْهَا الْمَقَاسِمُ لَتَشْتَعِلُ عَلَيْهِ نَارًا فَلَمَّا سَمِعُوْا بِذٰلِكَ جَاءَ رَجُلٌ بِشِرَاكٍ أَوْ شِرَاكَيْنِ إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شِرَاكٌ مِنْ نَارٍ أَوْ قَالَ شِرَاكَانِ مِنْ نَارٍ۔

ابو الغیث مولیٰ ابن مطیع سے روایت ہے کہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ خیبر کے سال ہم رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ نکلے تو غنیمت میں نہ ہمیں سونا ملا اور نہ چاندی، ملے تو کپڑے، برتنے کا سامان اور زمینیں۔ پس رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم وادی القریٰ کی جانب متوجہ ہوئے اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں ہدیہ کے طور پر ایک کالا غلام پیش کیا گیا تھا، جس کو مدعم کہا جاتا تھا جب وادی القریٰ میں تھے تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی سواری کے پالان کو مدعم اتار رہا تھا کہ اسے ایک تیر آ کر لگا اور اسی سے جاں بحق ہو گیا لوگوں نے کہا اسے جنت مبارک ہو۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ ایسا ہرگز نہیں ہے قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضے میں میری جان ہے، وہ کمبل جو اس نے خیبر کے روز مالِ غنیمت سے لے لیا تھا اور وہ تقسیم میں اسے نہیں ملا تھا۔ وہ آگ بن کر اس پر مشتعل ہوگا۔ جب لوگوں نے یہ بات سنی تو ایک آدمی ایک یا دو تسمے لے کر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو گیا۔ چنانچہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ ایک تسمہ بھی

ف۔ مالِ غنیمت جو مسلمانوں کا حق ہے۔ اس میں سے اگر تقسیم ہونے سے پہلے کوئی معمولی سی چیز بھی لے تو وہ جہنم کی آگ ہے ایسی چیز جہنم میں آگ بن کر اُسے عذاب دے گی۔ گویا خیانت جتنی زیادہ ہوگی عذاب بھی اتنا ہی زیادہ ہوگا۔ اللہ تعالیٰ ہر مسلمان کو ایسی روزی حاصل کرنے سے بچائے جو اگلے جہان میں وبالِ جان ثابت ہو۔ آمین۔

بَابُ ۳۹۹ فِي الْغُلُولِ إِذَا كَانَ يَسِيرًا يَتْرُكُهُ الْإِمَامُ وَلَا يُحَرِّقُ رَحْلَهُ.

۹۲۹ - حَدَّثَنَا أَبُو صَالِحٍ مَحْبُوبُ بْنُ مُوسَى قَالَ أَنَا إِسْحٰقُ الْفَزَارِيُّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ شَوْذَبٍ قَالَ حَدَّثَنِي عَامِرٌ يَعْنِي ابْنَ عَبْدِ الْوَاحِدِ عَنِ ابْنِ بُرَيْدَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا أَصَابَ غَنِيمَةً أَمَرَ بِلَالًا فَنَادَى فِي النَّاسِ فَيَجِيئُونَ بِغَنَائِمِهِمْ فَيُخَمِّسُهُ وَيُقَسِّمُهُ فَجَاءَ رَجُلٌ بَعْدَ ذٰلِكَ بِزِمَامٍ مِنْ شَعَرٍ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ هٰذَا فِيمَا كُنَّا أَصَبْنَاهُ مِنَ الْغَنِيمَةِ فَقَالَ أَسَمِعْتَ بِلَالًا يُنَادِي ثَلَاثًا قَالَ نَعَمْ قَالَ فَمَا مَنَعَكَ أَنْ تَجِيءَ بِهِ فَاعْتَذَرَ إِلَيْهِ فَقَالَ كُنْ أَنْتَ تَجِيءُ بِهِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فَلَنْ أَقْبَلَهُ عَنْكَ.

جب کوئی معمولی چیز چرائے تو امام کا اسے چھوڑ دینا اور اس کا سامان نہ جلانا

ابن بریدہ سے روایت ہے کہ حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو جب مالِ غنیمت ملا تو آپ نے حضرت بلال کو لوگوں میں منادی کر دینے کے لیے فرمایا تو وہ اپنا اپنا مالِ غنیمت لے کر حاضر ہو گئے۔ پس پانچواں حصہ نکال کر اسے تقسیم کر دیا گیا۔ اس کے بعد ایک آدمی بالوں کی مہار لے کر حاضرِ خدمت ہوا اور عرض گزار ہوا کہ یا رسول اللہ! اسے ہم نے مالِ غنیمت میں سے پایا ہے۔ فرمایا کیا تم نے بلال کو تین دفعہ منادی کرتے ہوئے سنا؟ عرض کی ہاں۔ فرمایا کہ تمہیں کس چیز نے اسے لانے سے روکا؟ اس نے عذر پیش کیا تو آپ نے فرمایا۔ تم اسے اپنے پاس رکھو اور قیامت کے روز اسے لے کر حاضر ہو گے اور آپ نے وہ مہار اس کی طرف سے قبول نہ فرمائی۔

بَابُ ۴۰۰ فِي عُقُوبَةِ الْغَالِّ.

۹۳۰ - حَدَّثَنَا النُّفَيْلِيُّ وَسَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ قَالَا نَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ قَالَ النُّفَيْلِيُّ الْأَنْدَرَاوَرْدِيُّ عَنْ صَالِحِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ زَائِدَةَ قَالَ أَبُو دَاوُدَ وَصَالِحٌ هٰذَا أَبُو وَاقِدٍ قَالَ دَخَلْتُ مَعَ مَسْلَمَةَ أَرْضَ الرُّومِ فَأُتِيَ بِرَجُلٍ قَدْ غَلَّ فَسَأَلَ سَالِمًا عَنْهُ فَقَالَ سَمِعْتُ أَبِي يُحَدِّثُ عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِذَا وَجَدْتُمُ الرَّجُلَ قَدْ غَلَّ فَأَحْرِقُوا مَتَاعَهُ وَاضْرِبُوهُ قَالَ فَوَجَدْنَا فِي مَتَاعِهِ مُصْحَفًا فَسَأَلَ سَالِمًا عَنْهُ فَقَالَ بِعْهُ

غنیمت چرانے والے کی سزا

نفیلی اور سعید بن منصور، عبدالعزیز بن محمد اندراوردی، صالح بن محمد بن زائدہ۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ صالح کی کنیت ابو واقد ہے۔ انہوں نے فرمایا کہ میں مسلمہ کے ساتھ رومیوں کے ملک میں داخل ہوا تو ایک آدمی کو لایا گیا جس نے مالِ غنیمت سے چوری کی تھی۔ پس سالم بن عبداللہ سے اس کے متعلق پوچھا گیا تو فرمایا کہ میں نے اپنے والد ماجد کو حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کرتے ہوئے سنا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جب تم کوئی ایسا شخص پاؤ جس نے مالِ غنیمت سے چوری کی ہو تو اس کا سامان جلا دو اور اسے پیٹو۔ راوی کا بیان ہے کہ ہم نے اس کا سامان میں قرآن مجید کا نسخہ بھی پایا تو

www.sirat-e-mustaqeem.com

وَتَصَدَّقْ بِثَمَنِهِ۔

۹۴۱۔ حَدَّثَنَا أَبُو صَالِحٍ مَحْبُوبُ بْنُ مُوسَى الْأَنْطَاكِيُّ قَالَ أَنَا أَبُو إِسْحٰقَ عَنْ صَالِحِ بْنِ مُحَمَّدٍ قَالَ غَزَوْنَا مَعَ الْوَلِيدِ بْنِ هِشَامٍ وَمَعَنَا سَالِمُ ابْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ وَعُمَرُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ فَغَلَّ رَجُلٌ مَتَاعًا فَأَمَرَ الْوَلِيدُ بِمَتَاعِهِ فَأُحْرِقَ وَطِيفَ بِهِ وَلَمْ يُعْطِهِ سَهْمَهُ قَالَ أَبُو دَاوُدَ هٰذَا أَصَحُّ الْحَدِيثَيْنِ رَوَاهُ غَيْرُ وَاحِدٍ أَنَّ الْوَلِيدَ بْنَ هِشَامٍ أَحْرَقَ رَحْلَ زِيَادِ بْنِ سَعْدٍ وَكَانَ قَدْ غَلَّ وَضَرَبَهُ۔

۹۴۲۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَوْفٍ ثَنَا مُوسَى ابْنُ أَيُّوبَ قَالَ ثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ ثَنَا زُهَيْرُ ابْنُ مُحَمَّدٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَبَا بَكْرٍ وَعُمَرَ حَرَّقُوا مَتَاعَ الْغَالِّ وَضَرَبُوهُ قَالَ أَبُو دَاوُدَ ثَنَا بِهِ الْوَلِيدُ بْنُ عُتْبَةَ وَعَبْدُ الْوَهَّابِ ابْنُ نَجْدَةَ قَالَا ثَنَا الْوَلِيدُ عَنْ زُهَيْرِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ قَوْلَهُ وَلَمْ يَذْكُرْ عَبْدُ الْوَهَّابِ ابْنُ نَجْدَةَ الْحَوْطِيُّ مَنْعَ سَهْمِهِ۔

بَابُ النَّهْيِ عَنِ السَّتْرِ عَلَى مَنْ غَلَّ۔

۹۴۳۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ دَاوُدَ بْنِ سُفْيَانَ ثَنَا يَحْيَى بْنُ حَسَّانَ ثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ مُوسَى أَبُو دَاوُدَ ثَنَا جَعْفَرُ بْنُ سَعْدِ بْنِ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ قَالَ ثَنِي خُبَيْبُ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنْ أَبِيهِ سُلَيْمَانَ ابْنِ سَمُرَةَ عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ قَالَ أَمَّا بَعْدُ وَكَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ مَنْ كَتَمَ غَالًّا فَإِنَّهُ مِثْلُهُ۔

سالم سے اس کے متعلق دریافت کیا فرمایا کہ اسے فروخت کر کے اس کی قیمت صدقہ کر دو۔

ابوصالح محبوب بن موسیٰ انطاکی، ابواسحٰق، صالح بن محمد کا بیان ہے کہ ہم نے ولید بن ہشام کی معیت میں جہاد کیا اور ہمارے ساتھ سالم بن عبداللہ بن عمر اور عمر بن عبدالعزیز بھی تھے پس ایک آدمی نے مالِ غنیمت سے کوئی چیز چرالی تو ولید نے اس کے سامان کے لیے حکم دیا تو اسے جلا دیا گیا اس آدمی کو پھرایا گیا اور اسے اس کا حصہ نہ دیا۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ دونوں میں یہ حدیث زیادہ صحیح ہے اور اسے کئی آدمیوں نے روایت کیا ہے کہ ولید بن ہشام نے زیاد بن سعد کا سامان جلایا جس نے غنیمت سے چوری کی تھی اور اسے پیٹا۔

محمد بن عوف، موسیٰ بن ایوب، ولید بن مسلم، زہیر بن محمد عمرو بن شعیب سے اپنے والد ماجد سے اور انہوں نے اپنے والد محترم سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم، حضرت ابوبکر اور حضرت عمر نے مالِ غنیمت سے چرانے والے کا سامان جلایا اور اسے پیٹا۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ ولید بن عتبہ اور عبدالوہاب بن نجدہ، ولید، زہیر بن محمد نے عمرو بن شعیب سے اسے روایت کیا لیکن عبدالوہاب بن نجدہ حوطی نے اس کا حصہ نہ دینے کا ذکر نہیں کیا۔

غنیمت سے چرانے والے کی پردہ پوشی نہ کرنا

محمد بن داؤد بن سفیان، یحییٰ بن حسان، سلیمان بن موسیٰ ابوداؤد، جعفر بن سعد بن سمرہ بن جندب، خبیب بن سلیمان ان کے والد ماجد سلیمان بن سمرہ، حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ اما بعد اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ جس نے مالِ غنیمت سے چرانے والے کی پردہ پوشی کی تو وہ بھی اسی کی طرح ہے۔

باب ۲۰۲ فِی السَّلَبِ یُعْطٰی لِلْقَاتِلِ۔

۹۵۴۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰہِ بْنُ مَسْلَمَۃَ الْقَعْنَبِیُّ عَنْ مَالِكٍ عَنْ یَحْیَی بْنِ سَعِیْدٍ عَنْ عُمَرَ بْنِ كَثِیْرِ بْنِ اَفْلَحَ عَنْ اَبِیْ مُحَمَّدٍ مَوْلٰی اَبِیْ قَتَادَۃَ عَنْ اَبِیْ قَتَادَۃَ اَنَّہٗ قَالَ خَرَجْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فِیْ عَامِ حُنَیْنٍ فَلَمَّا الْتَقَیْنَا كَانَتْ لِلْمُسْلِمِیْنَ جَوْلَۃٌ قَالَ فَرَاَیْتُ رَجُلًا مِّنَ الْمُشْرِكِیْنَ قَدْ عَلَا رَجُلًا مِّنَ الْمُسْلِمِیْنَ قَالَ فَاسْتَدَرْتُ لَہٗ حَتّٰی اَتَیْتُہٗ مِنْ وَّرَآئِہٖ فَضَرَبْتُہٗ بِالسَّیْفِ عَلٰی حَبْلِ عَاتِقِہٖ فَاَقْبَلَ عَلَیَّ فَضَمَّنِیْ ضَمَّۃً وَّجَدْتُّ مِنْہَا رِیْحَ الْمَوْتِ ثُمَّ اَدْرَكَہُ الْمَوْتُ فَاَرْسَلَنِیْ فَلَحِقْتُ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ فَقُلْتُ لَہٗ مَا بَالُ النَّاسِ قَالَ اَمْرُ اللّٰہِ ثُمَّ اِنَّ النَّاسَ رَجَعُوْا وَجَلَسَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقَالَ مَنْ قَتَلَ قَتِیْلًا لَّہٗ عَلَیْہِ بَیِّنَۃٌ فَلَہٗ سَلَبُہٗ قَالَ فَقُمْتُ ثُمَّ قُلْتُ مَنْ یَّشْہَدُ لِیْ ثُمَّ جَلَسْتُ ثُمَّ قَالَ ذٰلِكَ الثَّانِیَۃَ مَنْ قَتَلَ قَتِیْلًا لَّہٗ عَلَیْہِ بَیِّنَۃٌ فَلَہٗ سَلَبُہٗ قَالَ فَقُمْتُ ثُمَّ قُلْتُ مَنْ یَّشْہَدُ لِیْ ثُمَّ جَلَسْتُ ثُمَّ قَالَ ذٰلِكَ الثَّالِثَۃَ فَقُمْتُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَا لَكَ یَا اَبَا قَتَادَۃَ فَاقْتَصَصْتُ عَلَیْہِ الْقِصَّۃَ فَقَالَ رَجُلٌ مِّنَ الْقَوْمِ صَدَقَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ وَسَلَبُ ذٰلِكَ الْقَتِیْلِ عِنْدِیْ فَاَرْضِہٖ مِنْہُ فَقَالَ اَبُوْ بَكْرِ نِ الصِّدِّیْقُ لَاہَا اللّٰہِ اِذًا یَّعْمِدُ اِلٰی اَسَدٍ مِّنْ اُسْدِ اللّٰہِ یُقَاتِلُ عَنِ اللّٰہِ وَعَنْ رَّسُوْلِہٖ فَیُعْطِیْكَ سَلَبَہٗ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ صَدَقَ فَاَعْطِہٖ اِیَّاہُ فَقَالَ اَبُوْ قَتَادَۃَ فَاَعْطَانِیْہِ فَبِعْتُ الدِّرْعَ فَابْتَعْتُ بِہٖ مَخْرَفًا فِیْ بَنِیْ سَلِمَۃَ فَاِنَّہٗ لَاَوَّلُ مَالٍ تَاَثَّلْتُہٗ

مقتول کا سامان قاتل کو دیا جائے گا

ابو محمد مولیٰ ابوقتادہ سے روایت ہے کہ حضرت ابوقتادہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ غزوہ حنین کے سال ہم رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ نکلے۔ جب کافروں سے تصادم ہوا تو مسلمانوں میں افراتفری مچ گئی۔ پس میں نے ایک مشرک کو دیکھا کہ وہ ایک مسلمان پر غالب آ رہا ہے میں اس کی جانب لپکا اور پیچھے سے جا کر اس پر تلوار کا وار کیا اس کی گردن پر وہ مجھ پر جھپٹا اور مجھے ایسا دبوچا کہ موت کا مزہ چکھا دیا۔ پھر وہ مر گیا اور مجھے چھوڑ دیا۔ پس مجھے حضرت عمر ملے تو میں نے ان سے پوچھا۔ لوگوں کا کیا حال ہے؟ فرمایا جو اللہ کا حکم ہے۔ پھر لوگ واپس لوٹے اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بیٹھ گئے اور فرمایا کہ جس نے کسی کو قتل کیا ہو تو گواہی پیش کرے تا کہ مقتول کا سامان اسے مل جائے۔ میں کھڑا ہو گیا لیکن اپنے دل میں سوچا کہ میری گواہی کون دے گا لہٰذا بیٹھ گیا پھر آپ نے دوبارہ یہی فرمایا کہ جس نے کسی کو قتل کیا ہو تو گواہی پیش کرے تا کہ مقتول کا سامان اسے دیا جائے۔ میں کھڑا ہو گیا لیکن یہ سوچ کر کہ میری گواہی کون دے گا، بیٹھ گیا۔ پھر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے تیسری مرتبہ یہی فرمایا تو میں کھڑا ہو گیا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ اے ابوقتادہ کیا بات ہے؟ میں نے سارا واقعہ عرض کر دیا۔ لوگوں میں سے ایک شخص نے کہا کہ یا رسول اللہ! یہ سچ کہہ رہے ہیں اور اس مقتول کا سامان میرے پاس ہے لہٰذا انہیں مجھ سے راضی کر دیجیے۔ حضرت ابوبکر صدیق نے فرمایا۔ خدا کی قسم ایسا ہرگز نہیں ہو گا کہ اللہ کے شیروں میں سے ایک شیر راہ خدا میں لڑے اور اس کے رسول کی حمایت میں اس کے باوجود اس کا حصہ آپ کو دے دیا جائے۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ یہ سچ کہتا ہے لہٰذا ان کا سامان انہیں دے دو۔ حضرت ابوقتادہ کا بیان ہے کہ وہ اس نے مجھے دے دیا پس میں نے زرہ بیچ کر محلہ بنی سلمہ میں باغ خرید لیا اور یہ

www.sirat-e-mustaqeem.com

فِي الْإِسْلَامِ۔

پہلا مال ہے جو میں نے دورِ اسلام میں حاصل کیا۔

ف۔ مجاہدین میں سے جس نے کسی کافر کو قتل کیا ہو مقتول کے ہتھیار اور سامان اُس کے قاتل کو ملتا ہے جب کہ وہ شہادت پیش کر دے۔ یہ مالِ غنیمت کی تقسیم سے پہلے بطورِ انعام اس کا خاص حصّہ ہوتا ہے۔ چنانچہ حضرت ابوقتادہ رضی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو اُن کے مقتول کا سامان اور ہتھیار دیئے گئے، جن میں سے ایک زرہ کو فروخت کر کے انہوں نے بنی سلمہ کے محلّے میں ایک باغ خرید لیا تھا، جو دورِ اسلام میں اُن کی سب سے پہلی جائیداد تھی۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

۹۴۵۔ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْمَعِيلَ ثَنَا حَمَّادٌ عَنْ إِسْحٰقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي طَلْحَةَ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَئِذٍ يَعْنِي يَوْمَ حُنَيْنٍ مَنْ قَتَلَ كَافِرًا فَلَهُ سَلَبُهُ فَقَتَلَ أَبُو طَلْحَةَ يَوْمَئِذٍ عِشْرِينَ رَجُلًا وَأَخَذَ أَسْلَابَهُمْ وَلَقِيَ أَبُو طَلْحَةَ أُمَّ سُلَيْمٍ وَمَعَهَا خَنْجَرٌ فَقَالَ يَا أُمَّ سُلَيْمٍ مَا هٰذَا مَعَكِ قَالَتْ أَرَدْتُ وَاللّٰهِ إِنْ دَنَا مِنِّي بَعْضُهُمْ أَبْعَجُ بِهِ بَطْنَهُ فَأَخْبَرَ بِذٰلِكَ أَبُو طَلْحَةَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ أَبُو دَاؤدَ هٰذَا حَدِيثٌ حَسَنٌ قَالَ أَبُو دَاؤدَ أَرَدْنَا بِهٰذَا الْخَنْجَرِ وَكَانَ سِلَاحُ الْعَجَمِ يَوْمَئِذٍ الْخَنَاجِرُ۔

اسحاق بن عبد اللہ بن ابوطلحہ نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ غزوۂ حنین کے روز رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے کسی کافر کو قتل کیا ہو تو مقتول کا سامان قاتل کے لیے ہے۔ پس حضرت ابوطلحہ نے اس روز بیس آدمیوں کو قتل کیا تھا لہٰذا ان کا سامان لے لیا اور حضرت ابوطلحہ کی ملاقات حضرت ام سلیم سے ہوئی جن کے پاس خنجر تھا فرمایا۔ اے ام سلیم! یہ تمہارے پاس کیا ہے؟ عرض کی کہ خدا کی قسم، میرا ارادہ یہ تھا کہ اگر کوئی کافر میرے نزدیک آیا تو اس کے پیٹ میں گھونپ دوں گی چنانچہ حضرت ابوطلحہ نے یہ بات رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو بتائی۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ یہ حدیث حسن ہے امام ابوداؤد نے فرمایا کہ اس خنجر سے ہماری یہ مراد ہے کہ

ف۔ حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی والدۂ محترمہ اور حضرت ابوطلحہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی منکوحہ یعنی حضرت اُمّ سلیم رضی اللہ تعالیٰ عنہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی اجازت سے مجاہدین کے ساتھ آئی تھیں تاکہ مجاہدین کو پانی پلائیں، اور زخمیوں کو مرہم پٹی کریں۔ یہ پردے کا حکم نازل ہونے سے پہلے کی باتیں ہیں جنہیں پردے کے خلاف دلیل بنانا اور عورتوں کو مردوں کے شانہ بشانہ چلنے پر استدلال کرنا جہالت اور اپنی بے راہ روی کو مستحکم کرنا ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

بَابٌ ۳۰۳۔ فِي الْإِمَامِ يَمْنَعُ الْقَاتِلَ السَّلَبَ إِنْ رَأَى وَالْفَرَسُ وَالسِّلَاحُ مِنَ السَّلَبِ۔

امام چاہے تو قاتل کو سامان نہ دے اور گھوڑا اور ہتھیار بھی سامان ہیں

۹۴۶۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ حَنْبَلٍ ثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ قَالَ ثَنِي صَفْوَانُ بْنُ عَمْرٍو عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ نُفَيْرٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَوْفِ بْنِ مَالِكٍ الْأَشْجَعِيِّ قَالَ خَرَجْتُ مَعَ زَيْدِ بْنِ حَارِثَةَ فِي غَزْوَةِ مُؤْتَةَ وَرَافَقَنِي مَدَدِيٌّ مِنْ أَهْلِ الْيَمَنِ لَيْسَ مَعَهُ غَيْرُ سَيْفِهِ فَنَحَرَ

عبد الرحمن بن جبیر بن نفیر نے اپنے والد ماجد سے روایت کی ہے کہ حضرت عوف بن مالک اشجعی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ میں غزوۂ موتہ میں حضرت زید بن حارثہ کے ساتھ نکلا اور اہل یمن سے مددی نامی ایک شخص میرا رفیق بن گیا جس کے پاس تلوار کے سوا اور کچھ نہ تھا۔ پس مسلمانوں میں سے ایک نے اونٹ نحر کیا تو مددی نے اس سے کھال کا ایک

رَجُلٌ مِنَ الْمُسْلِمِينَ جَزُورًا فَسَأَلَهُ الْمَدَدِيُّ
طَائِفَةً مِنْ جِلْدِهِ فَأَعْطَاهُ إِيَّاهُ فَاتَّخَذَهُ كَهَيْئَةِ
الدَّرَقِ وَمَضَيْنَا فَلَقِينَا جُمُوعَ الرُّومِ وَفِيهِمْ
رَجُلٌ عَلَى فَرَسٍ لَهُ أَشْقَرَ عَلَيْهِ سَرْجٌ مُذَهَّبٌ
وَسِلَاحٌ مُذَهَّبٌ فَجَعَلَ الرُّومِيُّ يُغْرِي بِالْمُسْلِمِينَ
فَقَعَدَ لَهُ الْمَدَدِيُّ خَلْفَ صَخْرَةٍ فَمَرَّ بِهِ
الرُّومِيُّ فَعَرْقَبَ فَرَسَهُ فَخَرَّ وَعَلَاهُ فَقَتَلَهُ وَ
حَازَ فَرَسَهُ وَسِلَاحَهُ فَلَمَّا فَتَحَ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ
لِلْمُسْلِمِينَ بَعَثَ إِلَيْهِ خَالِدُ بْنُ الْوَلِيدِ فَأَخَذَ
مِنَ السَّلَبِ قَالَ عَوْفٌ فَأَتَيْتُهُ فَقُلْتُ يَا خَالِدُ
أَمَا عَلِمْتَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
قَضَى بِالسَّلَبِ لِلْقَاتِلِ قَالَ بَلَى وَلَكِنِّي
اسْتَكْثَرْتُهُ قُلْتُ لَتَرُدَّنَّهُ إِلَيْهِ أَوْ لَأُعَرِّفَنَّكَهَا
عِنْدَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَبَى
أَنْ يَرُدَّ عَلَيْهِ قَالَ عَوْفٌ فَاجْتَمَعْنَا عِنْدَ رَسُولِ
اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَصَصْتُ عَلَيْهِ
قِصَّةَ الْمَدَدِيِّ وَمَا فَعَلَ خَالِدٌ فَقَالَ رَسُولُ
اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا خَالِدُ مَا حَمَلَكَ
عَلَى مَا صَنَعْتَ قَالَ يَا رَسُولَ اللَّهِ اسْتَكْثَرْتُهُ
فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا خَالِدُ
رُدَّ عَلَيْهِ مَا أَخَذْتَ مِنْهُ قَالَ عَوْفٌ فَقُلْتُ لَهُ
دُونَكَ يَا خَالِدُ أَلَمْ أَفِ لَكَ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ
صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَالَ يَا خَالِدُ لَا تَرُدَّ
عَلَيْهِ هَلْ أَنْتُمْ تَارِكُونَ لِي أُمَرَائِي لَكُمْ صَفْوَةُ
أَمْرِهِمْ وَعَلَيْهِمْ كَدَرُهُ۔

حصہ مانگا چنانچہ اس نے دے دیا تو اس نے سپر کی طرح اسے بنا لیا اور ہم چل دیے جب رومیوں کی مجموعی فوجوں سے ہمارا ٹکراؤ ہوا تو ان میں ایک آدمی اشقر گھوڑے پر سوار تھا جس کی سنہری زین تھی اور ہتھیاروں پر سونا چڑھا ہوا تھا۔ وہ رومی مسلمانوں پر بڑھ چڑھ کر حملے کر رہا تھا۔ مددی اس کے لیے گھات لگا کر ایک پتھر کی اوٹ میں بیٹھ گیا جب رومی اس کے پاس سے گزرا تو اس نے اس کے گھوڑے کی ٹانگیں کاٹ دیں وہ گرا تو یہ اس کے اوپر چڑھ بیٹھا اور اسے قتل کر دیا پھر اس کے گھوڑے اور ہتھیاروں پر قبضہ کر لیا۔ جب اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کو فتح دی تو حضرت خالد بن ولید نے پیغام بھیج کر سامان اس سے لے لیا۔ حضرت عوف کا بیان ہے کہ میں حضرت خالد کی خدمت میں گیا اور ان سے کہا۔ اے خالد! کیا آپ کو معلوم نہیں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مقتول کے سامان کا قاتل کے لیے فیصلہ فرمایا ہوا ہے فرمایا ہاں لیکن سامان کو میں نے زیادہ محسوس کیا میں نے کہا کہ آپ یہ سامان اسے دے دیں ورنہ میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حضور عرض کروں گا۔ انہوں نے واپس دینے سے انکار کر دیا۔ حضرت عوف کا بیان ہے کہ جب ہم اکٹھے ہوئے تو میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حضور مددی کا سارا واقعہ عرض کر دیا اور جو حضرت خالد نے کیا تھا۔ چنانچہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ اے خالد! تمہیں ایسا کرنے پر کس چیز نے آمادہ کیا؟ عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ زیادہ مال ہونے کے باعث ایسا کیا۔ فرمایا اے خالد! جو اس سے لیا ہے وہ واپس دے دو۔ حضرت عوف کا بیان ہے کہ میں نے ان سے کہا۔ اے خالد! کیا میں نے اپنا وعدہ پورا نہیں کیا؟ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ وہ کیا ہے؟ میں نے عرض کر دیا۔ چنانچہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ناراض ہوئے اور فرمایا۔ اے خالد! انہیں کچھ نہ دینا۔ کیا تم میرے مقرر کیے ہوئے سرداروں کو چھوڑنا چاہتے ہو کہ ان کے اچھے کام م

www.sirat-e-mustaqeem.com

۹۴۷۔ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ حَنْبَلٍ ثَنَا الْوَلِيْدُ قَالَ سَأَلْتُ ثَوْرًا عَنْ هٰذَا الْحَدِيْثِ فَحَدَّثَنِيْ عَنْ خَالِدِ بْنِ مَعْدَانَ عَنْ جُبَيْرِ بْنِ نُفَيْرٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَوْفِ بْنِ مَالِكٍ الْاَشْجَعِيِّ نَحْوَهُ۔

احمد بن محمد بن حنبل، ولید نے ثور سے اس حدیث کے متعلق پوچھا تو انہوں نے حدیث بیان کی بواسطہ خالد بن معدان، جبیر بن نفیر ان کے والد ماجد نے حضرت عوف بن مالک اشجعی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے اسی طرح۔

بَابٌ ۴۰۴ فِي السَّلَبِ لَا يُخَمَّسُ۔

مقتول کے سامان میں خمس نہیں ہے

۹۴۸۔ حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ ثَنَا اِسْمٰعِيْلُ بْنُ عَيَّاشٍ عَنْ صَفْوَانَ بْنِ عَمْرٍو عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ نُفَيْرٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَوْفِ بْنِ مَالِكٍ الْاَشْجَعِيِّ وَخَالِدِ بْنِ الْوَلِيْدِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَضٰى بِالسَّلَبِ لِلْقَاتِلِ وَلَمْ يُخَمِّسِ السَّلَبَ۔

سعید بن منصور، اسمٰعیل بن عیاش، صفوان بن عمرو، عبدالرحمٰن بن جبیر، جبیر بن نفیر نے حضرت عوف بن مالک اشجعی رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور حضرت خالد بن ولید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے سامان کا قاتل کے لیے فیصلہ فرمایا اور اس سامان میں سے پانچواں حصہ نہ لیتے۔

بَابٌ ۴۰۵ مَنْ اَجَازَ عَلٰى جَرِيْحٍ مُثْخَنٍ يُنَفَّلُ مِنْ سَلَبِهِ۔

جس نے زخمی کافر کو قتل کیا، کیا اسے بھی مقتول کے سامان سے کچھ ملے گا

۹۴۹۔ حَدَّثَنَا هَارُوْنُ بْنُ عَبَّادٍ ثَنَا وَكِيْعٌ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِيْ اِسْحٰقَ عَنْ اَبِيْ عُبَيْدَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ نَفَّلَنِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ بَدْرٍ سَيْفَ اَبِيْ جَهْلٍ كَانَ قَتَلَهُ۔

ابو عبیدہ سے روایت ہے کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ بدر کے روز رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ابوجہل کی تلوار مجھے حصے کے علاوہ دی۔ انہوں نے اسے قتل کیا تھا۔

ف۔ اللہ اور رسول کے سب سے بڑے دشمن اور اپنے وقت کے فرعون اعظم یعنی ابوجہل ملعون کو حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے واصل جہنم کیا تھا۔ غزوۂ بدر میں جب مسلمان کامیاب و کامران ہو گئے تو یہ میدانِ جنگ میں پھر رہے تھے، دیکھا کہ ابوجہل پڑا سسک رہا ہے۔ فرمایا کہ اے اللہ اور رسول کے دشمن! آخر کار تو اپنے انجام کو پہنچ گیا۔ اس نے کچھ باتیں بنائیں تو ہمارے امام اعظم کے امام اعظم حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اسی کی تلوار سے اس کا سر قلم کر دیا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ابوجہل کی تلوار آپ ہی کو مرحمت فرمائی جو ایک بہت بڑا اعزاز ہے۔ واللہ اعلم

بَابٌ ۴۰۶ فِيْ مَنْ جَاءَ بَعْدَ الْغَنِيْمَةِ لَا سَهْمَ لَهُ۔

جو مال غنیمت تقسیم ہونے کے بعد شامل ہوا اس کا حصہ نہیں

۹۵۰۔ حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ ثَنَا اِسْمٰعِيْلُ بْنُ عَيَّاشٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْوَلِيْدِ الزُّبَيْدِيِّ عَنِ الزُّهْرِيِّ اَنَّ عَنْبَسَةَ بْنَ سَعِيْدٍ

عنبسہ بن سعید نے حضرت ابوہریرہ کو حضرت سعید بن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کرتے ہوئے سنا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مدینہ منورہ سے نجد

أَخْبَرَهُ أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا هُرَيْرَةَ يُحَدِّثُ سَعِيدَ بْنَ الْعَاصِ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَ أَبَانَ بْنَ سَعِيدِ بْنِ الْعَاصِ عَلَى سَرِيَّةٍ مِنَ الْمَدِينَةِ قِبَلَ نَجْدٍ فَقَدِمَ أَبَانُ بْنُ سَعِيدٍ وَأَصْحَابُهُ عَلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِخَيْبَرَ بَعْدَ أَنْ فَتَحَهَا وَإِنَّ حُزُمَ خَيْلِهِمْ لِيفٌ فَقَالَ أَبَانُ اقْسِمْ لَنَا يَا رَسُولَ اللَّهِ فَقَالَ أَبُو هُرَيْرَةَ فَقُلْتُ لَا تَقْسِمْ يَا رَسُولَ اللَّهِ فَقَالَ أَبَانُ أَنْتَ بِهَا يَا وَبْرُ تَحَدَّرُ عَلَيْنَا مِنْ رَأْسِ ضَالٍ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اجْلِسْ يَا أَبَانُ وَلَمْ يَقْسِمْ لَهُمْ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔

کی طرف حضرت ابان بن سعید کو ایک سریہ دے کر بھیجا چنانچہ حضرت ابان بن سعید اور ان کے ساتھی خیبر کے مقام پر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے جبکہ وہ فتح ہو گیا تھا اور ان کے گھوڑوں کے تنگ کھجور کی چھال کے تھے حضرت ابان عرض گزار ہوئے کہ یارسول اللہ! ہمیں بھی حصہ مرحمت ہو۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ میں نے کہا یارسول اللہ! انہیں حصہ نہ دیجئے۔ حضرت ابان نے کہا:۔ ضان پہاڑ کی چوٹی سے ہمارے پاس آنے والا وبر بھی باتیں بناتا ہے۔ پس نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ اے ابان! بیٹھ جاؤ اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے انہیں حصہ مرحمت نہ فرمایا۔

۹۵۱۔ حَدَّثَنَا حَامِدُ بْنُ يَحْيَى الْبَلْخِيُّ قَالَ نَا سُفْيَانُ نَا الزُّهْرِيُّ وَسَأَلَهُ إِسْمَاعِيلُ بْنُ أُمَيَّةَ فَحَدَّثَنَا الزُّهْرِيُّ أَنَّهُ سَمِعَ عَنْبَسَةَ بْنَ سَعِيدٍ الْقُرَشِيَّ يُحَدِّثُ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَدِمْتُ الْمَدِينَةَ وَرَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِخَيْبَرَ حِينَ افْتَتَحَهَا فَسَأَلْتُهُ أَنْ يُسْهِمَ لِي فَتَكَلَّمَ بَعْضُ وُلْدِ سَعِيدِ بْنِ الْعَاصِ فَقَالَ لَا تُسْهِمْ لَهُ يَا رَسُولَ اللَّهِ قَالَ فَقُلْتُ هَذَا قَاتِلُ ابْنِ قَوْقَلٍ فَقَالَ سَعِيدُ بْنُ الْعَاصِ يَا عَجَبًا لِوَبْرٍ قَدْ تَدَلَّى عَلَيْنَا مِنْ قَدُومِ ضَالٍ يُعَيِّرُنِي بِقَتْلِ امْرِئٍ مُسْلِمٍ أَكْرَمَهُ اللَّهُ تَعَالَى عَلَى يَدَيَّ وَلَمْ يُهِنِّي عَلَى يَدَيْهِ۔

عنبسہ بن سعید قرشی سے روایت ہے کہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا:۔ میں مدینہ منورہ میں آ گیا تھا جبکہ فتح کرنے کے بعد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم خیبر میں تھے۔ پس میں نے اپنے حصے کے متعلق سوال کیا تو حضرت سعید بن العاص کے ایک بیٹے نے دخل دیا اور کہا کہ یارسول اللہ! انہیں حصہ نہ دیجئے۔ میں نے کہا کہ یہ ابن قوقل کا قاتل ہے حضرت سعید بن العاص نے کہا، تعجب ہے کہ ضان پہاڑ کی چوٹی سے اتر کر ہمارے پاس آنے والا مجھے دھمکی دیتا ہے ایک مسلمان کو قتل کرنے کی حالانکہ اللہ تعالیٰ نے اسے میرے ہاتھوں معزز فرمایا اور مجھے اس کے ہاتھوں ذلیل نہ کیا۔

۹۵۲۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ نَا أَبُو أُسَامَةَ حَدَّثَنَا بُرَيْدٌ عَنْ أَبِي بُرْدَةَ عَنْ أَبِي مُوسَى قَالَ قَدِمْنَا فَوَافَقْنَا رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَ افْتَتَحَ خَيْبَرَ فَأَسْهَمَ لَنَا أَوْ قَالَ فَأَعْطَانَا مِنْهَا وَمَا قَسَمَ لِأَحَدٍ غَابَ عَنْ فَتْحِ خَيْبَرَ مِنْهَا

ابوبردہ سے روایت ہے کہ حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ ہم حاضر خدمت ہوئے تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم خیبر کو فتح فرما چکے تھے آپ نے ہمیں حصہ عطا فرمایا یا یہ کہا کہ ہمیں اس میں سے عطا فرمایا اور جو فتح خیبر کے وقت موجود نہ تھے ان میں سے کسی کو کوئی چیز عطا نہ فرمائی سوائے اس کے

www.sirat-e-mustaqeem.com

شَيْئًا اِلَّا مَنْ شَهِدَ مَعَهٗ اِلَّا اَصْحَابَ سَفِيْنَتِنَا جَعْفَرٌ وَاَصْحَابُهٗ فَاَسْهَمَ لَهُمْ مَعَهُمْ۔

جو حاضر تھا مگر ہماری کشتی والوں کو یعنی حضرت جعفر اور ان کے ساتھیوں کو چنانچہ انہیں مجاہدین کے ساتھ حصے دیئے۔

۹۵۳۔ حَدَّثَنَا مَحْبُوْبُ بْنُ مُوْسٰى اَبُوْ صَالِحٍ قَالَ اَنَا اَبُوْ اِسْحٰقَ الْفَزَارِيُّ عَنْ كُلَيْبِ بْنِ وَائِلٍ عَنْ هَانِئِ بْنِ قَيْسٍ عَنْ حَبِيْبِ بْنِ اَبِيْ مُلَيْكَةَ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَامَ يَعْنِيْ يَوْمَ بَدْرٍ فَقَالَ اِنَّ عُثْمَانَ انْطَلَقَ فِيْ حَاجَةِ اللّٰهِ وَحَاجَةِ رَسُوْلِهٖ وَاِنِّيْ اُبَايِعُ لَهٗ فَضَرَبَ لَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِسَهْمٍ وَلَمْ يَضْرِبْ لِاَحَدٍ غَابَ غَيْرَهٗ۔

حبیب بن ابی ملیکہ سے روایت ہے کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم غزوۂ بدر کے روز کھڑے ہوتے اور فرمایا۔ بیشک عثمان اللہ کے کام اور اس کے رسول کے کام گئے ہیں اور میں انہیں بیعت کرتا ہوں پس رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان کا حصہ بھی نکالا جبکہ ایسے کسی ایک کو بھی اُن کے سوا حصہ عطا نہ فرمایا جو موجود نہ تھا۔

ف۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی دوسری صاحبزادی یعنی حضرت رقیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے نکاح میں تھیں۔ غزوۂ بدر کے وقت وہ سخت بیمار تھیں اس لیے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت رقیہ کے علاج معالجہ اور تیمارداری کی خاطر جہاد میں شریک نہ ہونے کی اجازت مرحمت فرمائی۔ چونکہ وہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی اجازت اور حکم سے مدینہ منورہ میں رہے تھے۔ لہٰذا انہیں مالِ غنیمت سے دوسرے مجاہدین کی طرح حصہ بھی مرحمت فرمایا۔ واللہ تعالیٰ اعلم

بَابٌ۲۰ فِي الْمَرْاَةِ وَالْعَبْدِ يُحْذَيَانِ مِنَ الْغَنِيْمَةِ۔

کیا عورت اور غلام کو بھی مالِ غنیمت سے کچھ حصہ ملے گا؟

۹۵۴۔ حَدَّثَنَا مَحْبُوْبُ بْنُ مُوْسٰى اَبُوْ صَالِحٍ نَا اَبُوْ اِسْحٰقَ الْفَزَارِيُّ عَنْ زَائِدَةَ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنِ الْمُخْتَارِ بْنِ صَيْفِيٍّ عَنْ يَزِيْدَ بْنِ هُرْمُزَ قَالَ كَتَبَ نَجْدَةُ اِلَى ابْنِ عَبَّاسٍ يَسْاَلُهٗ كَذَا وَكَذَا ذَكَرَ اَشْيَاءَ وَعَنِ الْمَمْلُوْكِ اَلَهٗ فِي الْفَيْءِ شَيْءٌ وَعَنِ النِّسَاءِ هَلْ كُنَّ يَخْرُجْنَ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهَلْ لَهُنَّ نَصِيْبٌ فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ لَوْلَا اَنْ يَاْتِيَ اُحْمُوْقَةً مَا كَتَبْتُ اِلَيْهِ اَمَّا الْمَمْلُوْكُ فَكَانَ يُحْذٰى وَاَمَّا النِّسَاءُ فَقَدْ كُنَّ يُدَاوِيْنَ الْجَرْحٰى وَيَسْقِيْنَ الْمَاءَ۔

مختار بن صیفی سے روایت ہے کہ یزید بن ہرمز نے فرمایا۔ نجدہ (رئیس خوارج) نے لکھا حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے کئی باتیں پوچھتے ہوئے۔ جن میں سے یہ بھی ہے کہ غلام کو مالِ غنیمت سے آیا حصہ ملے گا اور عورتوں کو۔ کیا وہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ نکلتی تھیں اور کیا انہیں حصہ ملتا تھا؟ حضرت ابن عباس نے فرمایا کہ اگر مجھے یہ خدشہ نہ ہوتا کہ وہ حماقت کرے گا تو میں اس کے لئے نہ لکھتا کہ غلام کو اس کی خدمت پر انعام دیا جاتے گا اور عورتیں زخمیوں کی مرہم پٹی کرتیں اور پانی پلاتیں تھیں۔

۹۵۵۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحٰقَ بْنِ فَارِسٍ

ابو جعفر اور زہری سے روایت ہے کہ یزید بن ہرمز نے

www.sirat-e-mustaqeem.com

نا أحمد بن خالد يعني الوهبي قال نا ابن إسحق عن أبي جعفر والزهري عن يزيد بن هرمز قال كتب نجدة الحروري إلى ابن عباس يسأله عن النساء هل كن يشهدن الحرب مع رسول الله صلى الله عليه وسلم وهل كان يضرب لهن بسهم فأنا كتبت كتاب ابن عباس إلى نجدة قد كن يحضرن الحرب مع رسول الله صلى الله عليه وسلم فأما أن يضرب لهن بسهم فلا وقد كان يرضخ لهن۔

نے فرمایا، نجدہ حروری (شیخ خوارج) نے حضرت ابن عباس کے لئے لکھا، یہ پوچھتے ہوئے کہ کیا عورتیں جہاد میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ شریک ہوتی تھیں اور کیا انہیں غنیمت سے حصہ دیا جاتا تھا؟ پس نجدہ کی طرف حضرت ابن عباس کے خط کو میں نے لکھا کہ وہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ جہاد میں شامل ہوا کرتی تھیں لیکن انہیں حصہ نہیں ملتا تھا بلکہ انعام کے طور پر کچھ دے دیا جاتا تھا۔

۹۵۶۔ حدثنا إبراهيم بن سعيد وغيره قالا أنا أبو يحيى يعني ابن الحباب نا رافع بن سلمة بن زياد قال حدثني حشرج بن زياد عن جدته أم أبيه أنها خرجت مع رسول الله صلى الله عليه وسلم في غزوة خيبر سادس ست نسوة فبلغ رسول الله صلى الله عليه وسلم فبعث إلينا فجئنا فرأينا فيه الغضب فقال مع من خرجتن وبإذن من خرجتن فقلنا يا رسول الله خرجنا نغزل الشعر ونعين به في سبيل الله ومعنا دواء للجرحى ونناول السهام ونسقي السويق فقال قمن حتى إذا فتح الله عليه خيبر أسهم لنا كما أسهم للرجال قال فقلت لها يا جدة وما كان ذلك قالت تمرا۔

حشرج بن زیاد سے روایت ہے کہ ان کی دادی صاحبہ (والد محترم کی والدہ ماجدہ) رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ غزوۂ خیبر میں نکلیں۔ وہ چھ عورتوں میں سے چھٹی تھیں۔ جب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو یہ بات پہنچی تو آپ نے ہمیں بلا بھیجا۔ ہم حاضر ہوئیں تو ہم نے غصے کے آثار دیکھے۔ فرمایا، تم کس کے ساتھ نکلی ہو اور کس کی اجازت سے نکلی ہو؟ ہم عرض گزار ہوئیں کہ یا رسول اللہ! ہم اس لئے نکلیں کہ بال بٹ کر مجاہدین کی مدد کریں اور ہمارے پاس زخمیوں کے لئے دوائیاں ہیں نیز اس لئے کہ ہم تیر پکڑائیں اور ستو گھولیں، فرمایا، تم رہو۔ یہاں تک کہ جب اللہ تعالیٰ نے خیبر کو فتح کروا دیا تو ہمیں بھی مردوں کی طرح حصہ ملا۔ میں عرض گزار ہوا کہ دادی جان! وہ کیا تھا؟ فرمایا کہ کھجوریں۔

ف: ان روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے عہدِ رسالت میں بعض خواتین بھی لشکرِ اسلام کے ساتھ جاتیں تاکہ مجاہدین کو پانی پلائیں اور زخمیوں کی مرہم پٹی کریں۔ یہ واقعات پردے کا حکم نازل ہونے سے پہلے کے ہیں اس سے عورتوں کی بے پردگی پر استدلال کرنا جہالت ہے۔ دوسری بات یہ قابلِ غور ہے کہ عورتوں کو مجاہدین کی طرح مالِ غنیمت سے حصہ نہیں ملتا تھا بلکہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم انہیں بطورِ انعام کچھ مرحمت فرما دیا کرتے تھے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

۹۵۷۔ حدثنا أحمد بن حنبل نا بشر

محمد بن زید سے روایت ہے کہ عمیر مولیٰ ابو اللحم نے فرمایا،

www.sirat-e-mustaqeem.com

يَعْنِي ابْنَ الْمُفَضَّلِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ زَيْدٍ قَالَ حَدَّثَنِي عُمَيْرٌ مَوْلَى آبِي اللَّحْمِ قَالَ شَهِدْتُ خَيْبَرَ مَعَ سَادَتِي فَكَلَّمُوا فِيَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَمَرَ بِي فَقُلِّدْتُ سَيْفًا فَإِذَا أَنَا أَجُرُّهُ فَأُخْبِرَ أَنِّي مَمْلُوكٌ فَأَمَرَ لِي بِشَيْءٍ مِنْ خُرْثِيِّ الْمَتَاعِ۔

میں غزوۂ خیبر میں اپنے سردار کے ساتھ شریک ہوا۔ انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے میرے متعلق عرض کی تو آپ نے مجھے ساتھ رکھنے کا حکم فرمایا پس میرے ساتھ تلوار لٹکا دی گئی جو نیچے لٹکتی تھی۔ میرے متعلق بتایا گیا کہ میں غلام ہوں تو آپ نے گھر کے سامان سے مجھے کچھ عنایت فرمانے کا حکم دیا۔

٩٥٨۔ حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ قَالَ نَا أَبُو مُعَاوِيَةَ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ أَبِي سُفْيَانَ عَنْ جَابِرٍ قَالَ كُنْتُ أَمِيحُ أَصْحَابِي الْمَاءَ يَوْمَ بَدْرٍ۔

سعید بن منصور، ابو معاویہ، اعمش، ابو سفیان، حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ غزوۂ بدر کے روز میں اپنے ساتھیوں کے لئے پانی بھر رہا تھا۔

باب ٤٠٨ فِي الْمُشْرِكِ يُسْهَمُ لَهُ۔

کیا مشرک کو حصہ ملے گا؟

٩٥٩۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ وَيَحْيَى بْنُ مَعِينٍ قَالَ نَا يَحْيَى عَنْ مَالِكٍ عَنِ الْفُضَيْلِ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ دِينَارٍ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَ يَحْيَى أَنَّ رَجُلًا مِنَ الْمُشْرِكِينَ لَحِقَ بِالنَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُقَاتِلُ مَعَهُ فَقَالَ ارْجِعْ ثُمَّ اتَّفَقَا فَقَالَ إِنَّا لَا نَسْتَعِينُ بِمُشْرِكٍ۔

عبداللہ بن دینار نے عروہ بن زبیر سے روایت کی ہے کہ حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا۔ یحییٰ کی روایت میں ہے کہ مشرکوں کا ایک آدمی نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے آملا، آپ کے ساتھ ہو کر لڑنے کے لئے۔ فرمایا کہ واپس چلے جاؤ۔ پھر دونوں راوی متفق ہو گئے۔ فرمایا کہ ہم کسی مشرک سے مدد لینا نہیں چاہتے۔

ف۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے جہاد میں مشرک کی مدد کو قبول نہ فرمایا۔ اور انکار کر دیا۔ اس عمل سے امت کو سبق دیا گیا ہے کہ کافروں مشرکوں پر اعتماد کرنا، انہیں اپنا یار و غمخوار سمجھنا، اُن سے استمداد و استعانت کرنا خود فریبی اور کفر دوستی ہے۔ اہل اسلام کو کافروں اور غیر مسلموں کے سہارے رہنا اور ان کے رحم و کرم پر جینا ہرگز زیب نہیں دیتا۔ یہ اسلام کو زیر اور کفر و شرک کو بالا کرنا ہے جس کی مسلمان کو ہرگز ہرگز اجازت نہیں ہے۔ کاش! مسلم ممالک کے سربراہ عالم اسلام کے مسلمانوں کو اس قعرِ مذلت سے نکالنے کی تدابیر سوچیں اور اعلائے کلمۃ الحق کی خاطر کچھ کر دکھائیں۔ اللہ تعالیٰ انہیں اس کے لیے عقل و دانش اور ہمت و حوصلہ عطا فرمائے۔ آمین۔

باب ٤٠٩ فِي سُهْمَانِ الْخَيْلِ۔

گھوڑے کے دو حصوں کا بیان

٩٦٠۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ نَا أَبُو مُعَاوِيَةَ نَا عُبَيْدُ اللَّهِ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَسْهَمَ لِرَجُلٍ وَلِفَرَسِهِ ثَلَاثَةَ أَسْهُمٍ سَهْمًا لَهُ وَسَهْمَيْنِ لِفَرَسِهِ۔

نافع نے حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک آدمی اور اس کے گھوڑے کو تین حصے دیئے۔ ایک حصہ اس کا اور دو حصے اس کے گھوڑے کے۔

٩٦١۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ نَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ يَزِيدَ نَا الْمَسْعُودِيُّ حَدَّثَنِي أَبُو عَمْرَةَ

ابو عمرہ سے روایت ہے کہ ان کے والد ماجد نے فرمایا۔ ہم چار آدمی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر

www.sirat-e-mustaqeem.com

عَنْ اَبِيْهِ قَالَ اَتَيْنَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَرْبَعَةَ نَفَرٍ وَمَعَنَا فَرَسٌ فَاَعْطٰى كُلَّ اِنْسَانٍ مِّنَّا سَهْمًا وَاَعْطَى الْفَرَسَ سَهْمَيْنِ۔

ہوتے اور ہمارے ساتھ ایک گھوڑا تھا۔ آپ نے ہم میں سے ہر ایک کو ایک حصہ دیا اور گھوڑے کے دو حصے عنایت فرمائے

۹۶۲۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا اُمَيَّةُ بْنُ خَالِدٍ نَا مَسْعُوْدِيٌّ عَنْ رَجُلٍ مِّنْ اٰلِ اَبِيْ عَمْرَةَ عَنْ اَبِيْ عَمْرَةَ بِمَعْنَاهُ اِلَّا اَنَّهُ قَالَ ثَلٰثَةُ نَفَرٍ زَادَ فَكَانَ لِلْفَارِسِ ثَلٰثَةُ اَسْهُمٍ۔

ابو عمرہ نے اپنے والد ماجد سے اسے روایت کیا کہ تین آدمی اور یہ بھی کہا کہ سوار کو تین حصے مرحمت فرماتے۔

بَابٌ ۴۱ فِيْ اَسْهَمَ لَهُ سَهْمٌ۔

جس کے نزدیک گھوڑے کا ایک حصہ ہے

۹۶۳۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِيْسٰى نَا مُجَمِّعُ اَبِيْ يَعْقُوْبَ بْنِ مُجَمِّعِ بْنِ يَزِيْدَ الْاَنْصَارِيُّ قَالَ سَمِعْتُ اَبِيْ يَعْقُوْبَ بْنَ الْمُجَمِّعِ يَذْكُرُ عَنْ عَمِّهِ مُجَمِّعِ بْنِ جَارِيَةَ الْاَنْصَارِيِّ قَالَ وَكَانَ اَحَدَ الْقُرَّاءِ الَّذِيْنَ قَرَءُوا الْقُرْاٰنَ قَالَ شَهِدْنَا الْحُدَيْبِيَةَ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمَّا انْصَرَفْنَا عَنْهَا اِذَا النَّاسُ يَهُزُّوْنَ الْاَبَاعِرَ فَقَالَ بَعْضُ النَّاسِ لِبَعْضٍ مَا لِلنَّاسِ قَالُوْا اُوْحِيَ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَخَرَجْنَا مَعَ النَّاسِ نُوْجِفُ فَوَجَدْنَا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاقِفًا عَلٰى رَاحِلَتِهِ عِنْدَ كُرَاعِ الْغَمِيْمِ فَلَمَّا اجْتَمَعَ عَلَيْهِ النَّاسُ قَرَاَ عَلَيْهِمْ اِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِيْنًا فَقَالَ رَجُلٌ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَفَتْحٌ هُوَ قَالَ نَعَمْ وَالَّذِيْ نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهِ اِنَّهُ لَفَتْحٌ فَقُسِمَتْ خَيْبَرُ عَلٰى اَهْلِ الْحُدَيْبِيَةِ فَقَسَمَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى ثَمَانِيَةَ عَشَرَ سَهْمًا وَكَانَ الْجَيْشُ اَلْفًا وَخَمْسَمِائَةٍ فِيْهِمْ ثَلٰثُ مِائَةِ فَارِسٍ فَاَعْطَى الْفَارِسَ سَهْمَيْنِ وَاَعْطَى الرَّاجِلَ سَهْمًا۔

ابو یعقوب بن مجمع نے اپنے چچا جان عبدالرحمٰن بن یزید انصاری سے روایت کی ہے کہ حضرت مجمع بن جاریہ انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ ان قاریوں میں سے تھے جو قرآن مجید پڑھتے تھے۔ کہ ہم صلح حدیبیہ میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ موجود تھے جب ہم اس سے واپس لوٹے تو لوگ اپنے اونٹوں کو دوڑانے لگے۔ کچھ حضرات نے دوسروں سے کہا کہ لوگوں کو کیا ہو گیا ہے؟ انہوں نے کہا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر وحی نازل ہو رہی ہے۔ چنانچہ ہم بھی دوڑتے ہوئے لوگوں کے ساتھ نکلے۔ تو کراع الغمیم کے مقام پر ہم نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو ان کی سواری پر جلوہ افروز پایا۔ جب پروانے شمع رسالت کے پاس جمع ہو گئے تو آپ نے انہیں پڑھ کر سنایا۔ بے شک اے محبوب! ہم نے تمہیں فتح دی (۴۸ : ۱) ایک آدمی عرض گزار ہوا کہ یا رسول اللہ کیا فتح یہی ہے؟ فرمایا ہاں۔ قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضے میں محمد مصطفےٰ کی جان ہے، بے شک یہ فتح ہے پس خیبر سے حاصل ہونے والا مال حدیبیہ والوں پر تقسیم فرمایا۔ چنانچہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان کے اٹھارہ حصے بنائے جبکہ لشکر میں ایک ہزار پانچ سو افراد تھے جن میں تین سو سوار تھے۔ چنانچہ سوار کو آپ نے دو حصے دیئے اور پیدل کو ایک حصہ۔

www.sirat-e-mustaqeem.com

ف: رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے خیبر کے مالِ غنیمت کو اٹھارہ حصّوں میں تقسیم فرمایا تھا جب کہ مجاہدین کی تعداد پندرہ سو تھی، جن میں بارہ سو پیدل اور تین سو سوار تھے۔ غنیمت کا ہر حصّہ سو آدمیوں کے لیے تھا لہٰذا بارہ حصّے تو بارہ سو پیدلوں کو مل گئے۔ باقی جو چھ حصّے بچے وہ تین سو سواروں کو عطا فرما دیئے یعنی ہر سوار کو دُگنا حصّہ مرحمت فرمایا۔ گویا تین سو سواروں کو چھ سو مجاہدین کے برابر شمار کر کے چھ حصّے انہیں مرحمت فرمائے گئے۔ اگر بعض آمدہ روایات کے مطابق سوار کے تین حصّے ہوتے ہیں کہ ایک حصّہ سوار کا اور دو حصّے اس کے گھوڑے کے تو اس صورت میں تین سو سواروں کو نو سو مجاہدین کے برابر شمار کیا جاتا جب کہ نو سو یہ اور بارہ سو پیدل، لہٰذا مجموعی طور پر اکیس سو مجاہدین شمار کر کے مالِ غنیمت کے اکیس حصّے کیے جاتے تاکہ ہر سو مجاہدین کو ایک حصّہ مل جاتا لیکن ایسا نہیں ہوا بلکہ صرف اٹھارہ حصّے فرمائے گئے۔ لہٰذا ماننا پڑے گا کہ ازروئے احادیث اِس سلسلے میں بھی امامِ اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کا مذہب ہی زیادہ صحیح ہے کہ پیدل کو ایک حصّہ اور سوار کو دو حصّے ملے اور سوار کو تین حصّے ملنے کی روایات قابلِ تاویل ہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم

بَابٌ فِي النَّفْلِ

٩٦٤- حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ قَالَ أَنَا خَالِدٌ عَنْ دَاوُدَ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ بَدْرٍ مَنْ فَعَلَ كَذَا وَكَذَا فَلَهُ مِنَ النَّفْلِ كَذَا وَكَذَا قَالَ فَتَقَدَّمَ الْفِتْيَانُ وَلَزِمَ الْمَشْيَخَةُ الرَّايَاتِ فَلَمْ يَبْرَحُوهَا فَلَمَّا فَتَحَ اللَّهُ عَلَيْهِمْ قَالَتِ الْمَشْيَخَةُ كُنَّا رِدْءًا لَكُمْ لَوِ انْهَزَمْتُمْ لَفِئْتُمْ إِلَيْنَا فَلَا تَذْهَبُونَ بِالْمَغْنَمِ وَنَبْقَى فَأَبَى الْفِتْيَانُ فَقَالُوا جَعَلَهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَنَا فَأَنْزَلَ اللَّهُ تَعَالَى يَسْأَلُونَكَ عَنِ الْأَنْفَالِ قُلِ الْأَنْفَالُ لِلَّهِ وَالرَّسُولِ إِلَى قَوْلِهِ كَمَا أَخْرَجَكَ رَبُّكَ مِنْ بَيْتِكَ بِالْحَقِّ وَإِنَّ فَرِيقًا مِنَ الْمُؤْمِنِينَ لَكَارِهُونَ يَقُولُ فَكَانَ ذَلِكَ خَيْرًا لَهُمْ فَكَذَلِكَ أَيْضًا فَأَطِيعُونِي فَإِنِّي أَعْلَمُ بِعَاقِبَةِ هَذَا مِنْكُمْ۔

٩٦٥- حَدَّثَنَا زِيَادُ بْنُ أَيُّوبَ نَا هُشَيْمٌ قَالَ نَا دَاوُدُ بْنُ أَبِي هِنْدٍ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَوْمَ بَدْرٍ مَنْ قَتَلَ قَتِيلًا فَلَهُ كَذَا وَكَذَا وَمَنْ

مالِ غنیمت سے انعام دینا

عکرمہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے غزوۂ بدر کے روز فرمایا: جو تم میں سے یہ کام کر دکھلائے اسے مالِ غنیمت سے یہ انعام ملے گا۔ پس نوجوان آگے بڑھ گئے اور عمر رسیدہ حضرات جھنڈوں کے پاس رہے اور ان کے پاس سے نہ ہٹے۔ جب اللہ تعالیٰ نے کافروں پر فتح دی تو بوڑھوں نے فرمایا: ہم تمہارے پشت پناہ تھے، اگر تمہیں شکست ہو جاتی تو تم ہماری طرف آتے۔ لہٰذا نہیں کہ غنیمت تم لے جاؤ اور ہم خالی ہاتھ رہ جائیں۔ جوانوں نے انکار کیا اور کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ہمارا یہ حق مقرر فرمایا ہے پس اللہ تعالیٰ نے حکم نازل فرمایا: "اے محبوب تم سے غنیمتوں کے متعلق پوچھتے ہیں تم فرما دو کہ غنیمتوں کے مالک اللہ اور رسول ہیں۔ جس طرح اے محبوب تمہیں تمہارے رب نے تمہارے گھر سے حق کے ساتھ برآمد کیا اور بیشک مسلمانوں کا ایک گروہ اس پر ناخوش تھا" (۸: ۱ تا ۵) فرماتے ہیں اس میں ان کیلئے بہتری ہے۔ پس اسی طرح میری اطاعت کرو کیونکہ اسکے

عکرمہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے غزوۂ بدر کے روز فرمایا جو کسی کافر کو قتل کرے اسے اتنا ملے گا اور جو کسی کافر کو قید کرے اسے یہ کچھ ملے گا۔ پھر باقی حدیث اسی طرح بیان کی اور خالد

www.sirat-e-mustaqeem.com

آتى أسيرًا فله كذا وكذا ثم ساق نحوه وحديث خالد أتم.

کی حدیث (گذشتہ حدیث) زیادہ مکمل ہے۔

٩٦٦ - حدثنا هارون بن محمد بن بكار بن بلال قال نا يزيد بن خالد بن موهب الهمداني قال نا يحيى بن أبي زائدة قال نا داود بهذا الحديث بإسناده قال فقسمها رسول الله صلى الله عليه وسلم بالسواء وحديث خالد أتم.

ہارون بن محمد بن بکار بن بلال، یزید بن خالد بن موہب ہمدانی، یحییٰ بن ابی زائدہ کا بیان ہے کہ داؤد نے اپنی اسناد کے ساتھ اس حدیث کو بیان کرتے ہوئے فرمایا:۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے سب کو برابر حصہ مرحمت فرمایا اور خالد کی حدیث زیادہ مکمل ہے۔

٩٦٧ - حدثنا هناد بن السري عن أبي بكر عن عاصم عن مصعب بن سعد عن أبيه قال جئت إلى النبي صلى الله عليه وسلم يوم بدر بسيف فقلت يا رسول الله إن الله قد شفى صدري اليوم من العدو فهب لي هذا السيف قال إن هذا السيف ليس لي ولا لك فذهبت وأنا أقول يعطاه اليوم من لم يبل بلائي فبينا إذ جاءني الرسول فقال أجب فظننت أنه نزل في شيء بكلامي فجئت فقال لي النبي صلى الله عليه وسلم إنك سألتني هذا السيف وليس لي ولا لك وإن الله قد جعله لي فهو لك ثم قرأ يسئلونك عن الأنفال قل الأنفال لله والرسول إلى آخر الآية قال أبو داود قراءة ابن مسعود يسئلونك النفل.

مصعب بن سعد کے والد ماجد نے فرمایا کہ غزوۂ بدر کے روز میں ایک تلوار لے کر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کی کہ یا رسول اللہ آج اللہ تعالیٰ نے کافروں کی طرف سے میرے سینے کو شفا بخشی ہے لہٰذا یہ تلوار مجھے مرحمت فرما دیجئے۔ ارشاد ہوا کہ یہ تلوار نہ میری ملکیت ہے اور نہ تمہاری۔ پس میں چلا آیا اور میں اپنے دل میں کہہ رہا تھا کہ آج یہ تلوار اسے ملے گی جو میری طرح آزمائش میں مبتلا نہیں ہوا ہوگا۔ اسی دوران ایک بلانے والے نے آکر کہا کہ واپس چلئے۔ میں نے گمان کیا کہ میری گفتگو کے بارے میں کوئی وحی نازل ہوگئی۔ میں حاضر ہوگیا تو نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مجھ سے فرمایا: تم نے مجھ سے یہ تلوار مانگی تھی اور یہ میری یا تمہاری ملکیت نہیں تھی۔ تم سے غنیمتوں کے متعلق پوچھتے ہیں۔ تم فرما دو کہ غنیمتوں کے مالک اللہ اور رسول ہیں (۸:۱) امام ابوداؤد نے فرمایا کہ حضرت ابن مسعود کی قرأت میں یسئلونک النفل ہے۔

باب ٢١٢ - في النفل للسرية تخرج من العسكر

فوج کے کسی سریہ کو کچھ انعام دینا

٩٦٨ - حدثنا عبد الوهاب بن نجدة نا ابن مسلم ح ونا موسى بن عبد الرحمن الأنطاكي قال نا مبشر ح ونا محمد بن عوف الطائي أن الحكم بن نافع حدثهم المعنى كلهم عن شعيب بن أبي حمزة عن نافع عن ابن عمر قال بعثنا

عبدالوہاب بن نجدہ، ابن مسلم ـــ موسیٰ بن عبدالرحمن انطاکی، مبشر ـــ محمد بن عوف طائی، حکم بن نافع، شعیب بن ابوحمزہ، نافع سے روایت ہے کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ہمیں ایک لشکر کی صورت میں نجد کی جانب بھیجا اور اس لشکر میں سے ایک دستے کو

www.sirat-e-mustaqeem.com

رسول الله صلى الله عليه وسلم في جيش قبل نجد وانبعث سرية من الجيش فكان سهمان الجيش اثنى عشر بعيرا اثنى عشر بعيرا ونفل اهل السرية بعيرا بعيرا فكانت سهمانهم ثلثة عشر۔

آگے بھیج دیا۔ پس لشکر والوں میں سے ہر ایک کے حصے میں بارہ اونٹ آئے اور سریہ (فوجی دستے) والوں کے حصے میں ایک ایک اونٹ انعام کے طور پر آیا پس ان میں سے ہر ایک کے حصے میں تیرہ اونٹ آئے

۹۶۹۔ حدثنا الوليد بن عتبة الدمشقي قال قال الوليد يعني ابن مسلم حدثت ابن المبارك بهذا الحديث قلت وكذا حدثنا ابن ابي فروة عن نافع قال لا يعدل من سميت بمالك هذا او نحوه يعني مالك بن انس۔

ولید بن عتبہ دمشقی، ولید بن مسلم کا بیان ہے کہ میں نے ابن المبارک سے یہ حدیث بیان کی اور کہا ہم سے حدیث بیان کی ابن ابی فروہ نے نافع کے واسطے سے۔ فرمایا کہ جن کا تم نے نام لیا ہے وہ مالک کے برابر نہیں ہو سکتے یعنی مالک بن انس جیسے نہیں ہیں۔

۹۷۰۔ حدثنا هناد نا عبدة عن محمد يعني ابن اسحاق عن نافع عن ابن عمر قال بعث رسول الله صلى الله عليه وسلم سرية الى نجد فخرجت معها فاصبنا نعما كثيرا فنفلنا اميرنا بعيرا بعيرا لكل انسان ثم قدمنا على رسول الله صلى الله عليه وسلم فقسم بيننا غنيمتنا فاصاب كل رجل منا اثنى عشر بعيرا بعد الخمس وما حاسبنا رسول الله صلى الله عليه وسلم بالذي اعطانا صاحبنا ولا عاب عليه ما صنع فكان لكل منا ثلثة عشر بعيرا بنفله۔

نافع سے روایت ہے کہ ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک سریہ نجد کی جانب بھیجا۔ پس میں اس کے ساتھ نکلا۔ پس ہمیں بہت سے اونٹ ملے تو ہمارے سردار نے ہمیں ایک ایک اونٹ انعام دیا۔ پھر ہم رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے تو آپ نے ہمارے درمیان مال غنیمت کو تقسیم فرمایا تو ہم میں سے ہر آدمی کے حصے میں بارہ اونٹ آئے پانچواں حصہ نکالنے کے بعد اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان اونٹوں کو شمار نہ فرمایا جو ہمارے سردار نے ہمیں بطور انعام دیئے تھے اور نہ اس کے کئے پر کوئی اعتراض کیا۔ یوں انعام سمیت ہم میں سے ہر ایک کے تیرہ اونٹ ہو گئے۔

۹۷۱۔ حدثنا عبد الله بن مسلمة القعنبي عن مالك ح ونا عبد الله بن مسلمة ويزيد ابن خالد بن موهب قالا نا الليث المعنى عن نافع عن عبد الله بن عمر ان رسول الله صلى الله عليه وسلم بعث سرية فيها عبد الله ابن عمر قبل نجد فغنموا ابلا كثيرة فكانت سهمانهم اثنى عشر بعيرا ونفلوا بعيرا بعيرا زاد ابن موهب فلم يغيره رسول الله صلى الله عليه

عبداللہ بن مسلمہ قعنبی، مالک ـــــ عبداللہ بن مسلمہ اور یزید بن خالد بن موہب، لیث، نافع نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے نجد کی جانب ایک سریہ بھیجا جس میں حضرت عبداللہ بن عمر بھی تھے۔ انہیں غنیمت میں بہت سے اونٹ ملے تو ہر ایک کے حصے میں بارہ اونٹ آئے اور ایک ایک اونٹ انہیں بطور انعام ملا۔ ابن موہب نے یہ بھی کہا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس فیصلے میں کوئی تبدیلی نہیں فرمائی۔

www.sirat-e-mustaqeem.com

وَسَلَّمَ۔

۹۷۲۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا يَحْيَى عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ حَدَّثَنِي نَافِعٌ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ بَعَثَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي سَرِيَّةٍ فَبَلَغَتْ سُهْمَانُنَا اثْنَيْ عَشَرَ بَعِيرًا وَنَفَّلَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعِيرًا بَعِيرًا قَالَ أَبُو دَاوُدَ رَوَاهُ بُرْدُ ابْنُ سِنَانٍ عَنْ نَافِعٍ مِثْلَ حَدِيثِ عُبَيْدِ اللّٰهِ وَرَوَاهُ أَيُّوبُ عَنْ نَافِعٍ مِثْلَهُ إِلَّا أَنَّهُ قَالَ وَنُفِّلْنَا بَعِيرًا بَعِيرًا لَمْ يَذْكُرِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔

۹۷۳۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ شُعَيْبِ بْنِ اللَّيْثِ قَالَ حَدَّثَنِي أَبِي عَنْ جَدِّي ح وَحَدَّثَنَا حَجَّاجُ بْنُ أَبِي يَعْقُوبَ قَالَ حَدَّثَنِي حُجَيْنٌ نَا اللَّيْثُ عَنْ عُقَيْلٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ سَالِمٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ كَانَ يُنَفِّلُ بَعْضَ مَنْ يَبْعَثُ مِنَ السَّرَايَا لِأَنْفُسِهِمْ خَاصَّةً النَّفَلَ سِوَى قَسْمِ عَامَّةِ الْجَيْشِ وَالْخُمُسُ وَاجِبٌ فِي ذٰلِكَ كُلِّهِ۔

۹۷۴۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ قَالَ نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ نَا حُيَيٌّ عَنْ أَبِي عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْحُبُلِيِّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ يَوْمَ بَدْرٍ فِي ثَلَاثِمِائَةٍ وَخَمْسَةَ عَشَرَ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اللّٰهُمَّ إِنَّهُمْ حُفَاةٌ فَاحْمِلْهُمْ اللّٰهُمَّ إِنَّهُمْ عُرَاةٌ فَاكْسُهُمْ اللّٰهُمَّ إِنَّهُمْ جِيَاعٌ فَأَشْبِعْهُمْ فَفَتَحَ اللّٰهُ لَهُ يَوْمَ بَدْرٍ فَانْقَلَبُوا حِينَ انْقَلَبُوا وَمَا مِنْهُمْ رَجُلٌ إِلَّا وَقَدْ رَجَعَ بِجَمَلٍ أَوْ جَمَلَيْنِ وَاكْتَسَوْا وَشَبِعُوا۔

بَابُ ۱۴۳ فِي مَنْ قَالَ الْخُمُسُ قَبْلَ النَّفَلِ۔

۹۷۵۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ نَا سُفْيَانُ

نافع سے روایت ہے کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ہمیں ایک سریہ میں بھیجا تو ہمارا حصہ بارہ اونٹوں تک پہنچا اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ہمیں ایک ایک اونٹ بطور انعام دیا۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ روایت کیا ہے اسے برد بن سنان نے نافع سے حدیث عبیداللہ کے مانند اور روایت کیا اسے ایوب نے نافع سے اسی طرح مگر اس میں کہا کہ ایک ایک اونٹ ہمیں بطور انعام دیا اور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ذکر نہیں کیا۔

عبدالملک بن شعیب بن لیث، ان کے والد ماجد، ان کے جد امجد — حجاج بن ابو یعقوب، حجین، لیث، عقیل، ابن شہاب سالم نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جن فوجی دستوں (سرایا) کو روانہ فرماتے ان میں سے بعض کو خصوصی انعام مرحمت فرمایا کرتے اور وہ اس حصے کے علاوہ ہوتا جو لشکر کے ہر فرد کو دیا جاتا تھا اور خمس (پانچواں حصہ) ان سب میں واجب ہوتا تھا۔

ابو عبدالرحمٰن حبلی نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ غزوۂ بدر کے روز رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تین سو پندرہ افراد لے کر نکلے۔ چنانچہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے دعا فرمائی: اے اللہ یہ پیدل ہیں انہیں سواری دے۔ اے اللہ! یہ ننگے ہیں انہیں لباس پہنا۔ اے اللہ یہ بھوکے ہیں انہیں شکم سیر کر دے۔ پس غزوۂ بدر میں اللہ تعالیٰ نے آپ کو فتح مرحمت فرمائی پس جب وہ لوٹے تو کوئی آدمی ایسا نہ تھا جو ایک یا دو اونٹ لے کر نہ لوٹا ہو۔ نیز کپڑے بھی پہنے اور شکم سیر بھی ہوتے۔

جس نے کہا کہ خمس انعام دینے سے پہلے نکالا جائیگا

محمد بن کثیر، سفیان، یزید بن یزید بن جابر شامی، مکحول،

www.sirat-e-mustaqeem.com

عَنْ يَزِيدَ بْنِ يَزِيدَ بْنِ جَابِرٍ الشَّامِيِّ عَنْ مَكْحُولٍ عَنْ زِيَادِ بْنِ جَارِيَةَ التَّمِيمِيِّ عَنْ حَبِيبِ بْنِ مَسْلَمَةَ الْفِهْرِيِّ أَنَّهُ قَالَ كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُنَفِّلُ الثُّلُثَ بَعْدَ الْخُمُسِ۔

زیاد بن جاریہ تمیمی سے روایت ہے کہ حضرت حبیب بن مسلمہ فہری رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم خمس لینے کے بعد تہائی مال غنیمت سے انعامات دیا کرتے تھے۔

۹۷۶ ـ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ مَيْسَرَةَ الْجُشَمِيُّ قَالَ أَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مَهْدِيٍّ عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ صَالِحٍ عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ الْحَارِثِ عَنْ مَكْحُولٍ عَنِ ابْنِ جَارِيَةَ عَنْ حَبِيبِ بْنِ مَسْلَمَةَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُنَفِّلُ الرُّبُعَ بَعْدَ الْخُمُسِ وَالثُّلُثَ بَعْدَ الْخُمُسِ إِذَا قَفَلَ۔

عبید اللہ بن عمر بن میسرہ جشمی، عبد الرحمن بن مہدی، معاویہ بن صالح، علاء بن حارث، مکحول ابن جاریہ نے حضرت حبیب بن مسلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم چوتھائی مال بطور انعام دیتے خمس نکالنے کے بعد اور خمس نکالنے کے بعد تہائی مال غنیمت بطور انعام دیتے جب واپس لوٹتے۔

۹۷۷ ـ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ بَشِيرِ بْنِ ذَكْوَانَ وَمَحْمُودُ بْنُ خَالِدٍ الدِّمَشْقِيَّانِ الْمَعْنَى قَالَ نَا مَرْوَانُ بْنُ مُحَمَّدٍ قَالَ نَا يَحْيَى بْنُ حَمْزَةَ قَالَ سَمِعْتُ أَبَا وَهْبٍ يَقُولُ سَمِعْتُ مَكْحُولًا يَقُولُ كُنْتُ عَبْدًا بِمِصْرَ لِامْرَأَةٍ مِنْ بَنِي هُذَيْلٍ فَأَعْتَقَتْنِي فَمَا خَرَجْتُ مِنْ مِصْرَ وَبِهَا عِلْمٌ إِلَّا حَوَيْتُ عَلَيْهِ فِيمَا أَرَى ثُمَّ أَتَيْتُ الْحِجَازَ فَمَا خَرَجْتُ مِنْهَا وَبِهَا عِلْمٌ إِلَّا حَوَيْتُ عَلَيْهِ فِيمَا أَرَى ثُمَّ أَتَيْتُ الْعِرَاقَ فَمَا خَرَجْتُ مِنْهَا وَبِهَا عِلْمٌ إِلَّا حَوَيْتُ عَلَيْهِ فِيمَا أَرَى ثُمَّ أَتَيْتُ الشَّامَ فَغَرْبَلْتُهَا كُلُّ ذَلِكَ أَسْأَلُ عَنِ النَّفَلِ فَلَمْ أَجِدْ أَحَدًا يُخْبِرُنِي فِيهِ بِشَيْءٍ حَتَّى لَقِيتُ شَيْخًا يُقَالُ لَهُ زِيَادُ بْنُ جَارِيَةَ التَّمِيمِيُّ فَقُلْتُ لَهُ هَلْ سَمِعْتَ فِي النَّفَلِ شَيْئًا قَالَ نَعَمْ سَمِعْتُ حَبِيبَ بْنَ مَسْلَمَةَ الْفِهْرِيَّ يَقُولُ شَهِدْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَفَّلَ الرُّبُعَ فِي الْبَدْأَةِ وَالثُّلُثَ فِي الرَّجْعَةِ۔

عبد اللہ بن احمد بن بشیر بن ذکوان اور محمود بن خالد دمشقی، مروان بن محمد، یحییٰ بن حمزہ، ابو وہب نے مکحول کو فرماتے ہوئے سنا کہ میں ایک مصری عورت کا غلام تھا جو بنی ہذیل سے تھی اس نے مجھے آزاد کر دیا تو میں مصر سے نکلا مگر جتنا علم وہاں تھا اسے حاصل کر کے۔ پھر میں حجاز میں آیا تو وہاں سے نہ نکلا مگر جتنا علم وہاں تھا اسے حاصل کر کے پھر میں عراق میں آیا تو وہاں سے نہ نکلا مگر میری دانست میں جتنا علم وہاں تھا اسے حاصل کر کے۔ پھر میں شام میں آیا اور اسے کھنگالا۔ ہر ایک سے نفل (انعام) کے بارے میں دریافت کرتا لیکن کوئی ایک بھی ایسا نہ ملا جو کچھ بھی بتاتا یہاں تک کہ مجھے ایک شیخ ملے جنہیں زیاد بن جاریہ تمیمی کہا جاتا تھا میں ان سے عرض گزار ہوا کہ کیا آپ نے نفل کے متعلق کچھ سنا ہے؟ فرمایا ہاں، میں نے حضرت حبیب بن مسلمہ فہری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا کہ میں نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر تھا کہ آپ نے مال غنیمت کا چوتھائی شروع میں بطور نفل دیا اور مال کا تہائی سفر سے لوٹتے وقت مرحمت فرمایا۔

www.sirat-e-mustaqeem.com

باب ١٥٢ فِي السَّرِيَّةِ تَرُدُّ عَلَى أَهْلِ الْعَسْكَرِ

٩٧٨ - حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ نَا ابْنُ أَبِي عَدِيٍّ عَنِ ابْنِ إِسْحَاقَ بِبَعْضِ هَذَا ح وَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ عُمَرَ قَالَ حَدَّثَنِي هُشَيْمٌ عَنْ يَحْيَى ابْنِ سَعِيدٍ جَمِيعًا عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمُسْلِمُونَ تَتَكَافَأُ دِمَاؤُهُمْ يَسْعَى بِذِمَّتِهِمْ أَدْنَاهُمْ وَيُجِيرُ عَلَيْهِمْ أَقْصَاهُمْ وَهُمْ يَدٌ عَلَى مَنْ سِوَاهُمْ يَرُدُّ مُشِدُّهُمْ عَلَى مُضْعِفِهِمْ وَمُتَسَرِّيهِمْ عَلَى قَاعِدِهِمْ لَا يُقْتَلُ مُؤْمِنٌ بِكَافِرٍ وَلَا ذُو عَهْدٍ فِي عَهْدِهِ وَلَمْ يَذْكُرِ ابْنُ إِسْحَاقَ الْقَوَدَ وَالتَّكَافُؤَ.

٩٧٩ - حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ أَنَا هَاشِمُ بْنُ الْقَاسِمِ نَا عِكْرِمَةُ حَدَّثَنِي إِيَاسُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ أَبِيهِ قَالَ أَغَارَ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عُيَيْنَةَ عَلَى إِبِلِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَتَلَ رَاعِيَهَا وَخَرَجَ يَطْرُدُهَا هُوَ وَأُنَاسٌ مَعَهُ فِي خَيْلٍ فَجَعَلْتُ وَجْهِي قِبَلَ الْمَدِينَةِ ثُمَّ نَادَيْتُ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ يَا صَبَاحَاهُ ثُمَّ اتَّبَعْتُ الْقَوْمَ فَجَعَلْتُ أَرْمِي وَأَعْقِرُهُمْ فَإِذَا رَجَعَ إِلَيَّ فَارِسٌ جَلَسْتُ فِي أَصْلِ شَجَرَةٍ حَتَّى مَا خَلَقَ اللَّهُ شَيْئًا مِنْ ظَهْرِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَّا جَعَلْتُهُ وَرَاءَ ظَهْرِي وَحَتَّى أَلْقَوْا أَكْثَرَ مِنْ ثَلَاثِينَ رُمْحًا وَثَلَاثِينَ بُرْدَةً يَسْتَخِفُّونَ مِنْهَا ثُمَّ أَتَاهُمْ عُيَيْنَةُ مَدَدًا فَقَالَ لِيَقُمْ إِلَيْهِ نَفَرٌ مِنْكُمْ فَقَامَ إِلَيَّ أَرْبَعَةٌ مِنْهُمْ وَصَعِدُوا الْجَبَلَ فَلَمَّا أَسْمَعْتُهُمْ قُلْتُ أَتَعْرِفُونِي قَالُوا وَمَنْ أَنْتَ قُلْتُ أَنَا ابْنُ الْأَكْوَعِ وَالَّذِي كَرَّمَ وَجْهَ مُحَمَّدٍ لَا يَطْلُبُنِي رَجُلٌ مِنْكُمْ فَيُدْرِكُنِي وَلَا أَطْلُبُهُ

اس دستے کا بیان جو فوج میں آملا

قتیبہ بن سعید، ابن ابی عدی ابن اسحٰق، عبید اللہ بن عمر، ہشیم، یحییٰ بن سعید، عمرو بن شعیب ان کے والد ماجد نے ان کے جد امجد سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا مسلمانوں کے خون برابر ہیں۔ ان کا ادنیٰ آدمی بھی ذمہ لے سکتا ہے اور دوسروں کو بھی اس کا نبھانا ضروری ہے اور دور رہنے والا مسلمان بھی پناہ دے سکتا ہے اور دوسروں کے لیے اس کا پورا کرنا ضروری ہے۔ چاہیے کہ طاقت ور کمزور کی مدد کرے اور آسودہ حال اس کی جو تھک کر بیٹھ رہے کسی کافر کے بدلے مومن کو قتل نہیں کیا جائے گا اور نہ ذمی کو دوران عہد۔ ابن اسحٰق نے القود والتکافی کا ذکر نہیں کیا۔

ایاس بن سلمہ سے روایت ہے کہ حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ عبدالرحمٰن بن عیینہ نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اونٹوں کو چھینا ان کے چرواہے کو قتل کیا اور انہیں ہانک کر لے گیا اس کے ساتھ کتنے ہی سوار تھے پس میں نے اپنا منہ مدینہ منورہ کی جانب کر کے تین مرتبہ یا صباحاہ کہا پھر ان لوگوں کے پیچھے لگ گیا اور تیر مار کر انہیں زخمی کرتا رہا۔ جب میری جانب کوئی سوار لوٹتا تو میں کسی درخت کی جڑ میں چھپ جاتا یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو جتنے اونٹ مرحمت فرمائے تھے میں نے وہ سارے اپنے پیچھے لگا لیے اور ان لوگوں نے اپنا بوجھ ہلکا کرنے کے لیے تیس سے زیادہ نیزے اور تیس چادریں پھینک دی تھیں پھر اس (عبدالرحمٰن) کی مدد کے لیے عیینہ (اس کا باپ) آگیا اور کہا کہ تم میں سے چند آدمی اس کی طرف جائیں پس ان میں سے چار میری طرف آئے اور پہاڑ پر چڑھ گئے جب وہ نزدیک ہوئے تو میں نے کہا۔ کیا تم مجھے جانتے ہو انہوں نے کہا تم کون ہو؟ میں نے کہا۔ میں اکوع کا بیٹا ہوں قسم

www.sirat-e-mustaqeem.com

يَفُوتُنِي فَمَا بَرِحْتُ حَتَّى نَظَرْتُ إِلَى فَوَارِسِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتَخَلَّلُونَ الشَّجَرَ أَوَّلُهُمْ، الْأَخْرَمُ الْأَسَدِيُّ فَيَلْحَقُ بِعَبْدِ الرَّحْمَنِ ابْنِ عُيَيْنَةَ وَيَعْطِفُ عَلَيْهِ عَبْدُ الرَّحْمَنِ فَاخْتَلَفَا طَعْنَتَيْنِ فَعَقَرَ الْأَخْرَمُ عَبْدَ الرَّحْمَنِ وَطَعَنَهُ عَبْدُ الرَّحْمَنِ فَقَتَلَهُ فَتَحَوَّلَ عَبْدُ الرَّحْمَنِ عَلَى فَرَسِ الْأَخْرَمِ فَيَلْحَقُ أَبُو قَتَادَةَ بِعَبْدِ الرَّحْمَنِ فَاخْتَلَفَا طَعْنَتَيْنِ فَعَقَرَ بِأَبِي قَتَادَةَ وَقَتَلَهُ أَبُو قَتَادَةَ فَتَحَوَّلَ أَبُو قَتَادَةَ عَلَى فَرَسِ الْأَخْرَمِ ثُمَّ جِئْتُ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ عَلَى الْمَاءِ الَّذِي جَلَّيْتُهُمْ عَنْهُ ذُو قَرَدٍ فَإِذَا نَبِيُّ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي خَمْسِ مِائَةٍ فَأَعْطَانِي سَهْمَ الْفَارِسِ وَالرَّاجِلِ.

اس ذات کی جس نے محمد مصطفیٰ کے چہرے کو بزرگی بخشی تم میں سے جو مجھے پکڑنا چاہے گا تو پکڑ نہیں سکے گا اور میں جس کو پکڑنا چاہوں گا تو موت کی آغوش میں سلا دوں گا۔ تھوڑی ہی دیر ہوئی تھی کہ مجھے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے سوار نظر آ گئے جو درختوں کے درمیان سے آ رہے تھے اور حضرت اخرم اسدی سب سے آگے تھے جو عبدالرحمٰن بن عیینہ پر ٹوٹ پڑے۔ عبدالرحمٰن نے انہیں دیکھا تو دونوں نے نیزے تان لیے حضرت اخرم نے عبدالرحمٰن کے گھوڑے کو ڈھیر کر دیا اور اس نے انہیں شہید کر دیا۔ پس عبدالرحمٰن ہی حضرت اخرم کے گھوڑے پر سوار ہو گیا۔ اب حضرت ابوقتادہ عبدالرحمٰن پر حملہ آور ہوئے اور دونوں میں نیزے چلنے لگے عبدالرحمٰن نے حضرت ابوقتادہ کے گھوڑے کو ہلاک کر دیا لیکن حضرت ۴

۴ ابوقتادہ نے اُسے قتل کر دیا اور حضرت ابوقتادہ اب حضرت اخرم والے گھوڑے پر سوار ہو گئے۔ پھر میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوا جبکہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

× ذو قرد نامی چشمہ کے پاس محبوبِ رسالت کے پانچ سو سواروں کے جھرمٹ میں جلوہ فرما تھے۔ آپ نے مجھے ایک پیدل کا حصہ عطا فرمایا۔

بَابٌ ٣٥ النَّفَلِ مِنَ الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ وَمِنْ أَوَّلِ مَغْنَمٍ.

سونے چاندی میں سے انعام دینا اور پہلے مال غنیمت سے

٩٨٠- حَدَّثَنَا أَبُو صَالِحٍ مَحْبُوبُ بْنُ مُوسَى قَالَ أَنَا أَبُو إِسْحَاقَ الْفَزَارِيُّ عَنْ عَاصِمِ بْنِ كُلَيْبٍ عَنْ أَبِي الْجُوَيْرِيَةِ الْجَرْمِيِّ قَالَ أَصَبْتُ بِأَرْضِ الرُّومِ جَرَّةً حَمْرَاءَ فِيهَا دَنَانِيرُ فِي إِمْرَةِ مُعَاوِيَةَ وَعَلَيْنَا رَجُلٌ مِنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ بَنِي سُلَيْمٍ يُقَالُ لَهُ مَعْنُ بْنُ يَزِيدَ فَأَتَيْتُهُ فَقَسَمَهَا بَيْنَ الْمُسْلِمِينَ فَأَعْطَانِي مِنْهَا مِثْلَ مَا أَعْطَى رَجُلًا مِنْهُمْ ثُمَّ قَالَ لَوْلَا أَنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ لَا نَفَلَ إِلَّا بَعْدَ الْخُمُسِ لَأَعْطَيْتُكَ ثُمَّ أَخَذَ يَعْرِضُ عَلَيَّ مِنْ نَصِيبِهِ فَأَبَيْتُ.

ابوالجویریہ جرمی کا بیان ہے کہ مجھے روم کی سرزمین میں حضرت معاویہ کے دورانِ خلافت ایک سرخ ٹھلیا ملی جس میں دینار تھے ہمارے حاکم نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ایک صحابی تھے جو بنی سلیم سے تھے اور جن کا اسم گرامی حضرت معن بن یزید رضی اللہ تعالیٰ عنہ تھا۔ میں نے وہ ان کی خدمت میں پیش کر دی تو انہوں نے اسے مسلمانوں میں تقسیم کیا اور مجھے بھی اس میں سے دیا۔ پھر فرمایا کہ اگر میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے نہ سنا ہوتا: "نہیں ہے انعام مگر خمس کے بعد"۔ تو میں تمہیں اور دیتا پھر وہ مجھے اپنے حصے میں سے دینے لگے تو میں نے لینے سے انکار کر دیا۔

٩٨١- حَدَّثَنَا هَنَّادٌ عَنِ ابْنِ الْمُبَارَكِ عَنْ أَبِي عَوَانَةَ عَنْ عَاصِمِ بْنِ كُلَيْبٍ بِإِسْنَادِهِ وَمَعْنَاهُ.

ہناد، ابن مبارک، ابوعوانہ نے اسے عاصم بن کلیب سے اپنی اسناد کے ساتھ معناً روایت کیا ہے۔

باب ۱۷۲ فِي الإِمَامِ يَسْتَأْثِرُ بِشَيْءٍ مِنَ الْفَيْءِ لِنَفْسِهِ.

۹۶۲- حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ عُتْبَةَ قَالَ نَا الْوَلِيدُ نَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ الْعَلاَءِ أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا سَلاَّمٍ الأَسْوَدَ قَالَ سَمِعْتُ عَمْرَو بْنَ عَبَسَةَ قَالَ صَلَّى بِنَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى بَعِيرٍ مِنَ الْمَغْنَمِ فَلَمَّا سَلَّمَ أَخَذَ وَبَرَةً مِنْ جَنْبِ الْبَعِيرِ ثُمَّ قَالَ وَلاَ يَحِلُّ لِي مِنْ غَنَائِمِكُمْ مِثْلُ هَذَا إِلاَّ الْخُمُسَ وَالْخُمُسُ مَرْدُودٌ فِيكُمْ.

باب ۱۷۳ فِي الْوَفَاءِ بِالْعَهْدِ.

۹۶۳- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مَسْلَمَةَ الْقَعْنَبِيُّ عَنْ مَالِكٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ دِينَارٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِنَّ الْغَادِرَ يُنْصَبُ لَهُ لِوَاءٌ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فَيُقَالُ هَذِهِ غَدْرَةُ فُلاَنِ بْنِ فُلاَنٍ.

باب ۱۷۴ فِي الإِمَامِ يُسْتَجَنُّ بِهِ فِي الْعُهُودِ.

۹۶۴- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الصَّبَّاحِ الْبَزَّازُ نَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ أَبِي الزِّنَادِ عَنْ أَبِي الزِّنَادِ عَنِ الأَعْرَجِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّمَا الإِمَامُ جُنَّةٌ يُقَاتَلُ بِهِ.

۹۶۵- حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ نَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي عَمْرٌو عَنْ بُكَيْرِ بْنِ الأَشَجِّ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ أَبِي رَافِعٍ أَنَّ أَبَا رَافِعٍ أَخْبَرَهُ قَالَ بَعَثَتْنِي قُرَيْشٌ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمَّا رَأَيْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أُلْقِيَ فِي قَلْبِي الإِسْلاَمُ فَقُلْتُ يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنِّي وَاللَّهِ لاَ أَرْجِعُ إِلَيْهِمْ أَبَدًا فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنِّي لاَ أَخِيسُ بِالْعَهْدِ وَلاَ أَحْبِسُ الْبُرُدَ وَلَكِنِ ارْجِعْ فَإِنْ كَانَ فِي نَفْسِكَ الَّذِي

امام فیئ سے جس چیز کو چاہے اپنے لیے رکھ لے

ابوالاسود نے سنا کہ حضرت عمرو بن عبسہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ہمیں نماز پڑھائی غنیمت کے ایک اونٹ کو سترہ بنا کر۔ جب سلام پھیرا تو اونٹ کے پہلو سے ایک بال لے کر فرمایا۔ تمہاری غنیمتوں میں سے میرے لیے اس کے برابر بھی حلال نہیں ہے۔ ماسوائے خمس کے اور وہ پانچواں حصہ بھی تمہارے درمیان ہی لوٹا دیا جاتا ہے۔

وعدہ پورا کرنا

عبداللہ بن دینار نے حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ عہد توڑنے والے کے لیے قیامت کے دن ایک جھنڈا کھڑا کیا جائے گا اور کہا جائے گا کہ یہ فلاں بن فلاں کی عہد شکنی ہے۔

امام نے عہد کیا تو لوگوں پر اس کی پابندی ضروری ہے

محمد بن صباح بزاز، عبدالرحمٰن بن ابوالزناد،

ابوالزناد، اعرج، حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ امام ایک ڈھال ہے جس کے ساتھ لڑا جاتا ہے۔

حسن بن علی بن ابو رافع سے روایت ہے کہ حضرت ابو رافع رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ قریش نے مجھے نمائندہ بنا کر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پاس بھیجا جب میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو دیکھا تو اللہ تعالیٰ نے میرے دل میں اسلام ڈال دیا میں عرض گزار ہوا کہ یا رسول اللہ خدا کی قسم میں اب کبھی ان کی طرف لوٹ کر نہیں جاؤں گا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں عہد نہیں توڑتا اور نہ قاصد کو قید کرتا ہوں تم فی الحال واپس چلے جاؤ اور جو چیز تمہارے دل میں ہے اسے دل میں ہی چھپائے

www.sirat-e-mustaqeem.com

فِي نَفْسِكَ الْآنَ فَارْجِعْ قَالَ فَذَهَبْتُ ثُمَّ أَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَسْلَمْتُ قَالَ بُكَيْرٌ وَأَخْبَرَنِي أَنَّ أَبَا رَافِعٍ كَانَ قِبْطِيًّا قَالَ أَبُو دَاوُدَ هٰذَا كَانَ فِي ذٰلِكَ الزَّمَانِ وَالْيَوْمَ لَا يَصْلُحُ۔

رجوع چنانچہ میں چلا گیا اور دوبارہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر باقاعدہ اسلام قبول کر لیا۔ بکیر نے فرمایا مجھے یہ بتایا گیا ہے کہ حضرت ابو رافع قبطی تھے امام ابوداؤد نے فرمایا کہ یہ بات اسی زمانے کے ساتھ مخصوص تھی

ف۔ حضرت ابو رافع رضی اللہ تعالیٰ عنہ جو قریش کے نمائندے بن کر آئے اور اللہ تعالیٰ نے اُن کے دل میں اسلام کی حقانیت ڈال دی تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے انہیں اظہارِ اسلام سے روک کر قریش کی جانب بھیج دیا جبکہ وہ دوبارہ واپس آکر باقاعدہ مشرف باسلام ہوگئے۔ یہ صرف رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تخصیص ہے۔ آج جو شخص مسلمان ہونا چاہے اُسے بغیر ذرا سی دیر کیے فوراً کلمہ وغیرہ پڑھا کر دائرہ اسلام میں لے آنا چاہیے کیونکہ عمر ناپائیدار کا کیا اعتبار اور شیطان عیار سے مامون کون؟ نہیں معلوم کہ تھوڑی دیر بعد ذہن میں کیا آئے؟ مبادا کوئی بُرا خیال آسمانے

بَابٌ ۴۱۹ فِي الْإِمَامِ يَكُونُ بَيْنَهُ وَبَيْنَ الْعَدُوِّ عَهْدٌ فَيَسِيرُ نَحْوَهُ۔

امام کا دشمن سے معاہدہ ہو تو ان کے ملک میں جانا

۹۸۶۔ حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ النَّمَرِيُّ نَا شُعْبَةُ عَنْ أَبِي الْفَيْضِ عَنْ سُلَيْمِ بْنِ عَامِرٍ رَجُلٍ مِنْ حِمْيَرَ قَالَ كَانَ بَيْنَ مُعَاوِيَةَ وَبَيْنَ الرُّومِ عَهْدٌ وَكَانَ يَسِيرُ نَحْوَ بِلَادِهِمْ حَتّٰى إِذَا انْقَضَى الْعَهْدُ غَزَاهُمْ فَجَاءَ رَجُلٌ عَلٰى فَرَسٍ أَوْ بِرْذَوْنٍ وَهُوَ يَقُولُ اللّٰهُ أَكْبَرُ اللّٰهُ أَكْبَرُ وَفَاءٌ لَا غَدْرٌ فَنَظَرُوا فَإِذَا عَمْرُو بْنُ عَبَسَةَ فَأَرْسَلَ إِلَيْهِ مُعَاوِيَةُ فَسَأَلَهُ فَقَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ مَنْ كَانَ بَيْنَهُ وَبَيْنَ قَوْمٍ عَهْدٌ فَلَا يَشُدُّ عُقْدَةً وَلَا يَحُلُّهَا حَتّٰى يَنْقَضِيَ أَمَدُهَا أَوْ يَنْبِذَ إِلَيْهِمْ عَلٰى سَوَاءٍ فَرَجَعَ مُعَاوِيَةُ۔

قبیلہ حمیر کے سلیم بن عامر سے روایت ہے کہ حضرت معاذ اور رومیوں کے درمیان معاہدہ تھا اور ریان کے شہروں میں پھرا کرتے تھے جب معاہدے کی مدت پوری ہوئی تو ان سے لڑنے کے لیے چلنے لگے پس ایک آدمی عربی یا ترکی گھوڑے پر سوار ہو کر آیا جو کہہ رہا تھا اللہ اکبر اللہ اکبر عہد پورا کرنا اور عہد شکنی نہ کرنا لوگوں نے غور سے دیکھا تو وہ حضرت عمرو بن عبسہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ تھے پس حضرت معاویہ نے انہیں بلوایا اور وجہ دریافت کی تو انہوں نے فرمایا میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ جس کا کسی قوم سے معاہدہ ہو تو نہ اس گروہ کو مضبوط کرے اور نہ کھولے یہاں تک کہ جب مدت گزر جائے تو عہد کو برابری

بَابٌ ۴۲۰ فِي الْوَفَاءِ لِلْمُعَاهِدِ وَحُرْمَةِ ذِمَّتِهِ۔

معاہدہ نبھانا چاہیے اور ذمی کی حرمت

۹۸۷۔ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ نَا وَكِيعٌ عَنْ عُيَيْنَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي بَكْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ قَتَلَ مُعَاهِدًا فِي غَيْرِ كُنْهِهِ حَرَّمَ اللّٰهُ عَلَيْهِ الْجَنَّةَ۔

عیینہ بن عبد الرحمٰن کے والد ماجد نے حضرت ابوبکرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جو عہد والے کو بغیر کسی وجہ کے قتل کر دے تو اللہ تعالیٰ اس پر جنت حرام فرما دیتا ہے۔

باب ۴۲ فِي الرُّسُلِ

قاصدوں کا بیان

۹۸۸ - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو الرَّازِيُّ نَا سَلَمَةُ يَعْنِي ابْنَ الْفَضْلِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحٰقَ عَنْ شَيْخٍ قَالَ كَانَ مُسَيْلِمَةُ كَتَبَ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ وَقَدْ حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحٰقَ عَنْ شَيْخٍ مِنْ أَشْجَعَ يُقَالُ لَهُ سَعْدُ بْنُ طَارِقٍ عَنْ سَلَمَةَ ابْنِ نُعَيْمِ بْنِ مَسْعُودٍ الْأَشْجَعِيِّ عَنْ أَبِيهِ نُعَيْمٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ لَهُمَا حِينَ قَرَأَ كِتَابَ مُسَيْلِمَةَ مَا تَقُولَانِ أَنْتُمَا قَالَا نَقُولُ كَمَا قَالَ أَمَا وَاللّٰهِ لَوْلَا أَنَّ الرُّسُلَ لَا تُقْتَلُ لَضَرَبْتُ أَعْنَاقَكُمَا.

محمد بن عمرو رازی، سلمہ بن الفضل، محمد بن اسحق سے روایت ہے کہ ایک شیخ نے فرمایا مسیلمہ نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لیے ایک خط بھیجا۔ محمد بن اسحق سعد بن طارق اشجعی، سلمہ بن نعیم نے اپنے والد ماجد حضرت نعیم بن مسعود اشجعی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو ان دونوں سے فرماتے ہوئے سنا جبکہ آپ نے مسیلمہ کذاب کے خط کو پڑھ لیا تم دونوں کیا کہتے ہو؟ دونوں نے کہا کہ ہم بھی وہی کہتے ہیں جو وہ کہتا ہے آپ نے فرمایا۔ خدا کی قسم اگر یہ بات نہ ہوتی کہ قاصدوں کو قتل نہیں کیا جاتا تو میں تم دونوں کی گردن اڑا دیتا۔

ف مسیلمہ کذاب نے دو آدمیوں کو اپنا تحریری پیغام دے کر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں بھیجا تھا۔ اُن میں سے ایک کا نام عبداللہ بن نواحہ اور دوسرے کا ثمامہ بن اثال تھا۔ آپ نے قاصدوں سے اُن کا عقیدہ دریافت فرمایا تو اُنہوں نے مسیلمہ کذاب کی ہمنوائی کی۔ فرمایا کہ قاصدوں کا قتل کرنا درست نہیں ہے ورنہ تم دونوں کو موت کے گھاٹ اتار دیا جاتا۔ اس حدیث سے معلوم ہوا کہ جھوٹے مدعی نبوت کی تصدیق و تائید کرنے والے مرتد اور قتل کر دینے کے لائق ہیں۔ اس حدیث سے واضح ہو گیا کہ مرزا غلام احمد قادیانی کو نبی ماننے والے مرتد ہیں۔ جو اُسے نبی تو نہیں لیکن مجتہد یا کم از کم مسلمانوں کا ایک فرد ہی جانتے ہیں وہ بھی ہرگز مسلمان نہیں بلکہ کافر و مرتد ہیں کیونکہ انہوں نے ایک دجال و کذاب کو مسلمان مان کر شریعت محمدیہ کی تکذیب کی ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

۹۸۹ - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ أَنَا سُفْيَانُ عَنْ أَبِي إِسْحٰقَ عَنْ حَارِثَةَ بْنِ مُضَرِّبٍ أَنَّهُ أَتَى عَبْدَ اللّٰهِ فَقَالَ مَا بَيْنِي وَبَيْنَ أَحَدٍ مِنَ الْعَرَبِ حِنَةٌ وَإِنِّي مَرَرْتُ بِمَسْجِدٍ لِبَنِي حَنِيفَةَ فَإِذَا هُمْ يُؤْمِنُونَ بِمُسَيْلِمَةَ فَأَرْسَلَ إِلَيْهِمْ عَبْدُ اللّٰهِ فَجِيءَ بِهِمْ فَاسْتَتَابَهُمْ غَيْرَ ابْنِ النَّوَّاحَةِ قَالَ لَهُ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ لَوْلَا أَنَّكَ رَسُولٌ لَضَرَبْتُ عُنُقَكَ فَأَنْتَ الْيَوْمَ لَسْتَ بِرَسُولٍ فَأَمَرَ قَرَظَةَ ابْنَ كَعْبٍ فَضَرَبَ عُنُقَهُ فِي السُّوقِ ثُمَّ قَالَ

ابواسحق نے حارثہ بن مضرب سے روایت کی ہے کہ وہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس آئے اور کہا میری کسی عربی سے کوئی عداوت نہیں ہے لیکن میں بنی حنیفہ کی مسجد کے پاس سے گزرا تو دیکھا کہ وہ لوگ مسیلمہ کذاب پر ایمان لائے ہیں پس حضرت عبداللہ نے انہیں بلوایا وہ حاضر ہوئے تو ابن النواحہ کے سوا سب نے توبہ کر لی اس سے فرمایا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ اگر تم قاصد نہ ہوتے تو میں تمہاری گردن اڑا دیتا تم بھی آج قاصد نہیں ہو پس آپ نے قرظہ بن کعب کو حکم فرمایا تو انہوں نے بازار میں ہی اس

www.sirat-e-mustaqeem.com

www.sirat-e-mustaqeem.com

مَنْ اَرَادَ اَنْ يَّنْظُرَ اِلَى ابْنِ النَّوَّاحَةِ قَتِيلًا بِالسُّوقِ۔

کی گردن اڑا دی پھر فرمایا جو ابن النواحہ کو دیکھنا چاہے وہ بازار میں اس کی لاش دیکھ لے۔

باب ۴۲۲ فِي اَمَانِ الْمَرْاَةِ

عورت کا امان دینا

۹۹۰۔ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ نَا ابْنُ وَهْبٍ اَخْبَرَنِي عِيَاضُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ مَخْرَمَةَ بْنِ سُلَيْمَانَ عَنْ كُرَيْبٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ حَدَّثَتْنِي اُمُّ هَانِئٍ بِنْتُ اَبِي طَالِبٍ اَنَّهَا اَجَارَتْ رَجُلًا مِّنَ الْمُشْرِكِينَ يَوْمَ الْفَتْحِ فَاَتَتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَتْ ذٰلِكَ لَهُ فَقَالَ قَدْ اَجَرْنَا مَنْ اَجَرْتِ وَاَمَّنَّا مَنْ اَمَّنْتِ۔

کریب سے روایت ہے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا۔ مجھ سے حدیث بیان کی حضرت ام ہانی بنت ابو طالب رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے کہ انہوں نے فتح مکہ کے روز مشرکوں کے ایک آدمی کو پناہ دی تھی چنانچہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر اس بات کا ذکر کیا تو آپ نے فرمایا جس کو تم نے پناہ دی ہم نے پناہ دی اور جس کو تم نے امن دیا اسے ہم نے امن دیا۔

۹۹۱۔ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ قَالَ نَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ مَنْصُورٍ عَنْ اِبْرَاهِيمَ عَنِ الْاَسْوَدِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ اِنْ كَانَتِ الْمَرْاَةُ لَتُجِيرُ عَلَى الْمُؤْمِنِينَ فَيَجُوزُ۔

عثمان بن ابو شیبہ، سفیان بن عیینہ، منصور، ابراہیم اسود سے روایت ہے کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا اگر مسلمانوں میں سے کوئی عورت پناہ دیتی تو اسے جائز رکھا جاتا تھا۔

باب ۴۲۳ فِي صُلْحِ الْعَدُوِّ

دشمن سے صلح کرنے کا بیان

۹۹۲۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدٍ اَنَّ مُحَمَّدَ بْنَ ثَوْرٍ حَدَّثَهُمْ عَنْ مَعْمَرٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ عَنِ الْمِسْوَرِ بْنِ مَخْرَمَةَ قَالَ خَرَجَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ زَمَنَ الْحُدَيْبِيَةِ فِي بِضْعَ عَشْرَةَ مِائَةً مِّنْ اَصْحَابِهِ حَتّٰى اِذَا كَانُوا بِذِي الْحُلَيْفَةِ قَلَّدَ الْهَدْيَ وَاَشْعَرَ وَاَحْرَمَ بِالْعُمْرَةِ وَسَاقَ الْحَدِيثَ قَالَ وَسَارَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى اِذَا كَانَ بِالثَّنِيَّةِ الَّتِي يُهْبَطُ عَلَيْهِمْ مِنْهَا بَرَكَتْ بِهِ رَاحِلَتُهُ فَقَالَ النَّاسُ حَلْ حَلْ خَلَاَتِ الْقَصْوَاءُ مَرَّتَيْنِ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا خَلَاَتْ وَمَا ذٰلِكَ لَهَا بِخُلُقٍ وَّلٰكِنْ حَبَسَهَا حَابِسُ الْفِيلِ ثُمَّ قَالَ

عروہ بن زبیر سے روایت ہے کہ حضرت مسور بن مخرمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا صلح حدیبیہ کے زمانے میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ایک ہزار اور کئی اصحاب لے کر نکلے جب ذوالحلیفہ میں پہنچے تو ہدی کو قلادہ پہنایا اشعار کیا اور عمرہ کا احرام باندھ لیا باقی حدیث اسی طرح بیان کرتے ہوئے فرمایا اور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم چلتے رہے یہاں تک کہ جب ثنیہ کے مقام پر پہنچے تو سواری آپ کو لے کر بیٹھ گئی۔ لوگوں نے اٹھانے کے لیے دو مرتبہ حل حل کہا اور کہنے لگے کہ قصوا ضد کر بیٹھی ہے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قصوا ضد کرنے والی نہیں اور نہ یہ اس کی عادت ہے بلکہ اسے اس نے روکا ہے جس نے ہاتھیوں کو روکا تھا۔ پھر فرمایا قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضے میں میری جان ہے آج وہ (قریش) جو چیز بھی مجھ سے

وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ لَا يَسْأَلُونِي الْيَوْمَ خُطَّةً يُعَظِّمُونَ بِهَا حُرُمَاتِ اللَّهِ إِلَّا أَعْطَيْتُهُمْ إِيَّاهَا ثُمَّ زَجَرَهَا فَوَثَبَتْ فَعَدَلَ عَنْهُمْ حَتَّى نَزَلَ بِأَقْصَى الْحُدَيْبِيَةِ عَلَى ثَمَدٍ قَلِيلِ الْمَاءِ فَجَاءَهُ بُدَيْلُ بْنُ وَرْقَاءَ الْخُزَاعِيُّ ثُمَّ أَتَاهُ يَعْنِي عُرْوَةَ بْنَ مَسْعُودٍ فَجَعَلَ يُكَلِّمُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَكُلَّمَا كَلَّمَهُ أَخَذَ بِلِحْيَتِهِ وَالْمُغِيرَةُ بْنُ شُعْبَةَ قَائِمٌ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَعَهُ السَّيْفُ وَعَلَيْهِ الْمِغْفَرُ فَضَرَبَ يَدَهُ بِنَعْلِ السَّيْفِ وَقَالَ أَخِّرْ يَدَكَ عَنْ لِحْيَتِهِ فَرَفَعَ عُرْوَةُ رَأْسَهُ فَقَالَ مَنْ هَذَا قَالُوا الْمُغِيرَةُ بْنُ شُعْبَةَ قَالَ أَيْ غُدَرُ أَوَلَسْتُ أَسْعَى فِي غَدْرَتِكَ وَكَانَ الْمُغِيرَةُ صَحِبَ قَوْمًا فِي الْجَاهِلِيَّةِ فَقَتَلَهُمْ وَأَخَذَ أَمْوَالَهُمْ ثُمَّ جَاءَ فَأَسْلَمَ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَمَّا الْإِسْلَامُ فَقَدْ قَبِلْنَا وَأَمَّا الْمَالُ فَإِنَّهُ مَالُ غَدْرٍ لَا حَاجَةَ لَنَا فِيهِ فَذَكَرَ الْحَدِيثَ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اكْتُبْ هَذَا مَا قَاضَى عَلَيْهِ مُحَمَّدٌ رَسُولُ اللَّهِ وَقَصَّ الْخَبَرَ فَقَالَ سُهَيْلٌ وَعَلَى أَنَّهُ لَا يَأْتِيكَ مِنَّا رَجُلٌ وَإِنْ كَانَ عَلَى دِينِكَ إِلَّا رَدَدْتَهُ إِلَيْنَا فَلَمَّا فَرَغَ مِنْ قَضِيَّةِ الْكِتَابِ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قُومُوا فَانْحَرُوا ثُمَّ احْلِقُوا ثُمَّ جَاءَ نِسْوَةٌ مُؤْمِنَاتٌ مُهَاجِرَاتٌ الْآيَةَ فَنَهَاهُمُ اللَّهُ أَنْ يَرُدُّوهُنَّ وَأَمَرَهُمْ أَنْ يَرُدُّوا الصَّدَاقَ ثُمَّ رَجَعَ إِلَى الْمَدِينَةِ فَجَاءَهُ أَبُو بَصِيرٍ رَجُلٌ مِنْ قُرَيْشٍ يَعْنِي فَأَرْسَلُوا فِي طَلَبِهِ فَدَفَعَهُ إِلَى الرَّجُلَيْنِ فَخَرَجَا بِهِ حَتَّى إِذَا بَلَغَا ذَا الْحُلَيْفَةِ نَزَلُوا يَأْكُلُونَ مِنْ تَمْرٍ لَهُمْ فَقَالَ أَبُو بَصِيرٍ لِأَحَدِ

مانگیں گے جس میں اللہ تعالیٰ کی معظم نشانیوں کی تعظیم ہو گی تو میں ضرور انہیں دے دوں گا پھر اسے ڈانٹا تو وہ اٹھ کھڑی ہوئی اور آپ ان سے بچ کر چلنے لگے اور حدیبیہ کے آخری کنارے پر ایک تھوڑے سے پانی والے گڑھے کے پاس اتر گئے پس بدیل بن ورقاء خزاعی آپ کے پاس آیا اور پھر عروہ بن مسعود۔ چنانچہ وہ آپ سے باتیں کرنے لگا جب بات کرتا تو آپ کی داڑھی مبارک کو ہاتھ لگاتا نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پاس حضرت مغیرہ بن شعبہ کھڑے تھے جن کے پاس تلوار اور سر پر مغفر تھا انھوں نے تلوار کا دستہ اس کے ہاتھ پر مارا اور فرمایا کہ ریش مبارک سے اپنا ہاتھ پیچھے رکھو۔ عروہ نے اپنا سر اٹھا کر کہا یہ کون ہے لوگوں نے کہا کہ مغیرہ بن شعبہ اس نے کہا۔ اے عہد شکن! کیا میں نے تمہاری عہد شکنی میں اصلاح کی کوشش نہیں کی تھی۔ حضرت مغیرہ دورِ جاہلیت میں چند لوگوں کو اپنے ساتھ لے گئے تھے انہیں قتل کر کے ان کا مال لوٹ کر آئے اور مسلمان ہو گئے۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ان کا مسلمان ہونا — ہم نے قبول کیا لیکن مال تو دھوکے کے مال کی ہمیں کوئی حاجت نہیں ہے پھر باقی حدیث بیان کی۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: لکھو کہ یہ شرائط ہیں جن پر محمد رسول اللہ نے فیصلہ کیا ہے اور تمام بیان کیں۔ سہیل نے کہا کہ یہ شرط بھی ہے کہ ہمارا جو آدمی آپ کے پاس آئے خواہ وہ آپ کا دین اختیار کر لے مگر وہ ہماری طرف واپس لوٹانا ہوگا جب معاہدہ لکھا جا چکا تو نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ کھڑے ہو جاؤ نحر کرو اور سر منڈاؤ۔ پھر چند مسلمان عورتیں ہجرت کر کے آئیں تو اللہ تعالیٰ نے انہیں واپس کرنے سے منع فرما دیا اور حکم دیا کہ ان کے مہر واپس دے دیئے جائیں پھر آپ مدینہ منورہ لوٹ آئے پس قریش میں سے حضرت ابو بصیر آ گئے تو ان کی تلاش میں آدمی بھیجے گئے آپ نے انہیں

www.sirat-e-mustaqeem.com

www.sirat-e-mustaqeem.com

الرَّجُلَيْنِ وَاللّٰهِ إِنِّي لَأَرٰى سَيْفَكَ هٰذَا يَا فُلَانُ جَيِّدًا فَاسْتَلَّهُ الْاٰخَرُ فَقَالَ أَجَلْ قَدْ جَرَّبْتُ بِهٖ فَقَالَ أَبُوْ بَصِيْرٍ أَرِنِيْ أَنْظُرْ إِلَيْهِ فَأَمْكَنَهٗ مِنْهُ فَضَرَبَهٗ حَتّٰى بَرَدَ وَفَرَّ الْاٰخَرُ حَتّٰى أَتَى الْمَدِيْنَةَ فَدَخَلَ الْمَسْجِدَ يَعْدُوْ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَقَدْ رَأٰى هٰذَا ذُعْرًا فَقَالَ قُتِلَ وَاللّٰهِ صَاحِبِيْ وَإِنِّيْ لَمَقْتُوْلٌ فَجَاءَ أَبُوْ بَصِيْرٍ فَقَالَ قَدْ أَوْفَى اللّٰهُ ذِمَّتَكَ فَقَدْ رَدَدْتَنِيْ إِلَيْهِمْ ثُمَّ نَجَّانِيَ اللّٰهُ مِنْهُمْ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَيْلُ أُمِّهٖ مِسْعَرُ حَرْبٍ لَوْ كَانَ لَهٗ أَحَدٌ فَلَمَّا سَمِعَ ذٰلِكَ عَرَفَ أَنَّهٗ سَيَرُدُّهٗ إِلَيْهِمْ فَخَرَجَ حَتّٰى أَتٰى سِيْفَ الْبَحْرِ وَيَنْفَلِتُ أَبُوْ جَنْدَلٍ فَلَحِقَ بِأَبِيْ بَصِيْرٍ حَتّٰى جَمَعَتْ مِنْهُمْ عِصَابَةٌ۔

دو آدمیوں کے سپرد کر دیا۔ وہ انہیں لے کر چل پڑے ذوالحلیفہ پہنچ کر کھجوریں کھانے کے لیے اترے حضرت ابوبصیر نے ایک سے کہا۔ اے فلاں! خدا کی قسم تمہاری تلوار تو بڑی عمدہ نظر آتی ہے۔ دوسرے نے اسے نیام سے نکال کر کہا کہ میں اسے بارہا آزما چکا ہوں۔ حضرت ابوبصیر نے کہا کہ مجھے بھی تو دکھاؤ اور اس سے لے لی پس اسے ضرب لگائی اور ٹھنڈا کر دیا۔ تو دوسرا بھاگ کر مدینہ منورہ آگیا اور مسجد میں داخل ہوا نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ یہ تو ڈرا ہوا ہے۔ اس نے کہا۔ خدا کی قسم میرا ساتھی تو قتل ہو گیا اور میں بھی قتل ہی ہونے والا تھا حضرت ابوبصیر آگئے اور عرض گزار ہوئے۔ حضور! آپ کا ذمہ تو اللہ تعالیٰ نے پورا کر دیا کہ آپ نے مجھے ان کی طرف لوٹا دیا، پھر اللہ تعالیٰ نے مجھے ان سے بچا لیا نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ اس کی ماں کی خرابی کیسا لڑائی کا بھڑکانے والا ہے حالانکہ ساتھی کوئی نہیں۔ یہ سن کر وہ جان گئے کہ قریش کی طرف لوٹا دیئے جائیں گے تو کھسک آئے اور سمندر کے کنارے آ رہے۔ حضرت ابوجندل بھی حضرت ابوبصیر سے آ ملے اور اسی طرح ایک جماعت بن گئی۔ ف

ف۔ صلح حدیبیہ کی شرائط میں قریش نے ایک یہ شرط بھی بضد ہو کر رکھوائی تھی کہ قریش کا جو فرد مسلمان ہو کر آپ کے پاس پہنچے اُسے آپ اپنے پاس نہیں رکھیں گے بلکہ ہمارے سپرد کر دیں گے۔ چنانچہ حضرت ابوبصیر مسلمان ہو کر مدینہ منورہ پہنچے تو قریش کے دو آدمیوں نے آ کر واپسی کا مطالبہ کیا۔ آپ نے شرائط کی رُو سے اُنہیں واپس لوٹا دیا۔ اُنہوں نے پہنچنے سے پہلے لے جانے والوں میں سے ایک کو قتل کر دیا اور دوبارہ حاضرِ خدمت ہوئے تب بھی واپسی کا حکم فرمایا اور معاہدہ کی رُو سے مدینہ منورہ میں نہ رکھا۔ یہ واپس ہوئے اور دریا کے کنارے ایک مقام پر جا رہے۔ وہاں حضرت ابوجندل بھی ان کے پاس آ گئے اب جو شخص قریش سے مسلمان ہوتا وہ حضرت ابوبصیر کے گروہ میں آ شامل ہوتا اور مدینہ منورہ نہ جاتا کیونکہ وہاں سے واپس کیا جاتا۔ یہ شرط بظاہر مسلمانوں کی کمزوری پر دلالت کرتی ہوئی نظر آتی تھی لیکن قریش نہ اس کے ذریعے بھی کوئی فائدہ حاصل نہ کر سکے بلکہ حضرت ابوبصیر کے گروہ نے اُلٹا اُن کی ناک میں دم کر دیا تھا۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

www.sirat-e-mustaqeem.com

پارہ —— ۱۸

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے

۹۹۳ - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ نَا ابْنُ إِدْرِيسَ قَالَ سَمِعْتُ ابْنَ إِسْحٰقَ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ عَنْ مِسْوَرِ بْنِ مَخْرَمَةَ وَمَرْوَانَ بْنِ الْحَكَمِ أَنَّهُمُ اصْطَلَحُوا عَلٰى وَضْعِ الْحَرْبِ عَشْرَ سِنِيْنَ يَأْمَنُ فِيْهِنَّ النَّاسُ وَعَلٰى أَنَّ بَيْنَنَا عَيْبَةً مَكْفُوفَةً وَأَنَّهُ لَا إِسْلَالَ وَلَا إِغْلَالَ۔

عروہ بن زبیر نے حضرت مسور بن مخرمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور حضرت مروان بن الحکم رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ اُنہوں (قریش) نے صلح کی کر دس سال تک لڑائی بند رکھیں گے، لوگ اس مدت میں امن سے رہیں گے اور فریقین کے دل صاف رہیں گے اور نہ چھپ کر بدخواہی کی جائے گی اور نہ علی الاعلان کی جائے گی۔

۹۹۴ - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ النُّفَيْلِيُّ نَا عِيْسَى بْنُ يُونُسَ نَا الْأَوْزَاعِيُّ عَنْ حَسَّانَ بْنِ عَطِيَّةَ قَالَ مَالَ مَكْحُولٌ وَابْنُ أَبِي زَكَرِيَّا إِلٰى خَالِدِ بْنِ مَعْدَانَ وَمِلْتُ مَعَهُمْ فَحَدَّثَنَا عَنْ جُبَيْرِ بْنِ نُفَيْرٍ قَالَ قَالَ جُبَيْرٌ انْطَلِقْ بِنَا إِلٰى ذِي مِخْبَرٍ رَجُلٍ مِنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَتَيْنَاهُ فَسَأَلَهُ جُبَيْرٌ عَنِ الْهُدْنَةِ فَقَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَتُصَالِحُونَ الرُّومَ صُلْحًا آمِنًا وَتَغْزُونَ أَنْتُمْ وَهُمْ عَدُوًّا مِنْ وَرَائِكُمْ۔

عبداللہ بن محمد نفیلی، عیسٰی بن یونس، اوزاعی، حسان بن عطیہ اور مکحول اور ابن ابی زکریا، خالد بن معدان کے پاس گئے۔ ان سب سے جبیر بن نفیر نے فرمایا کہ میرے ساتھ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ایک باخبر صحابی کے پاس چلو۔ ہم سب اُن کی خدمت میں حاضر ہو گئے تو حضرت جبیر نے صلح کے متعلق اُن سے دریافت کیا۔ اُنہوں نے فرمایا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے سُنا کہ عنقریب تم رومیوں سے امن والی صلح کرو گے اور اس کے بعد تم اور وہ ایک دوسرے دشمن سے طاقت آزمائی کرو گے۔

بَابٌ ۲۲۴ فِي الْعَدُوِّ يُؤْتٰى عَلٰى غِرَّةٍ وَيُتَشَبَّهُ بِهِمْ۔

دھوکہ دیکر اور ان کا بھیس بدل کر دشمن کے پاس جانا

۹۹۵ - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ نَا سُفْيَانُ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ عَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ لِكَعْبِ بْنِ الْأَشْرَفِ فَإِنَّهُ قَدْ آذَى اللّٰهَ وَرَسُولَهُ فَقَامَ

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، کعب بن اشرف کو کون ٹھکانے لگاتا ہے کیونکہ اس نے اللہ اور اس کے رسول کو اذیت پہنچائی ہے۔ حضرت محمد بن مسلمہ کھڑے ہو کر عرض گزار ہوئے کہ

مُحَمَّدُ بْنُ مَسْلَمَةَ فَقَالَ أَنَا يَا رَسُولَ اللهِ أَتُحِبُّ أَنْ أَقْتُلَهُ قَالَ نَعَمْ قَالَ فَأْذَنْ لِيْ أَنْ أَقُوْلَ شَيْئًا قَالَ نَعَمْ فَأَتَاهُ فَقَالَ إِنَّ هٰذَا الرَّجُلَ قَدْ سَأَلَنَا الصَّدَقَةَ وَقَدْ عَنَّانَا قَالَ وَأَيْضًا لَتَمَلُّنَّهُ قَالَ اتَّبَعْنَاهُ فَنَحْنُ نَكْرَهُ أَنْ نَدَعَهُ حَتّٰى نَنْظُرَ إِلٰى أَيِّ شَيْءٍ يَصِيْرُ أَمْرُهُ وَقَدْ أَرَدْنَا أَنْ تُسْلِفَنَا وَسْقًا أَوْ وَسْقَيْنِ قَالَ أَيُّ شَيْءٍ تَرْهَنُوْنِيْ قَالَ وَمَا تُرِيْدُ مِنَّا فَقَالَ نِسَاءَكُمْ قَالُوْا سُبْحَانَ اللهِ أَنْتَ أَجْمَلُ الْعَرَبِ نَرْهَنُكَ نِسَاءَنَا فَيَكُوْنُ ذٰلِكَ عَارًا عَلَيْنَا قَالَ فَتَرْهَنُوْنِيْ أَوْلَادَكُمْ قَالُوْا سُبْحَانَ اللهِ يُسَبُّ ابْنُ أَحَدِنَا فَيُقَالُ رُهِنْتَ بِوَسْقٍ أَوْ وَسْقَيْنِ قَالُوْا نَرْهَنُكَ اللَّأْمَةَ يُرِيْدُ السِّلَاحَ قَالَ نَعَمْ فَلَمَّا أَتَاهُ نَادَاهُ فَخَرَجَ إِلَيْهِ وَهُوَ مُتَطَيِّبٌ يَنْضَحُ رَأْسُهُ فَلَمَّا أَنْ جَلَسَ إِلَيْهِ وَقَدْ كَانَ جَاءَ مَعَهُ بِنَفَرٍ ثَلَاثَةٍ أَوْ أَرْبَعَةٍ فَذَكَرُوْا لَهُ قَالَ عِنْدِيْ فُلَانَةُ وَهِيَ أَعْطَرُ نِسَاءِ النَّاسِ قَالَ تَأْذَنُ لِيْ فَأَشُمَّ قَالَ نَعَمْ فَأَدْخَلَ يَدَهُ فِيْ رَأْسِهِ فَشَمَّهُ قَالَ أَعُوْدُ قَالَ نَعَمْ فَأَدْخَلَ يَدَهُ فِيْ رَأْسِهِ فَلَمَّا اسْتَمْكَنَ مِنْهُ قَالَ دُوْنَكُمْ فَضَرَبُوْهُ حَتّٰى قَتَلُوْهُ۔

میں، یا رسول اللہ! کیا آپ چاہتے ہیں کہ میں اُسے قتل کر دوں؟ فرمایا ہاں۔ عرض گزار ہوئے کہ کیا مجھے حسبِ ضرورت بات کرنے کی اجازت ہے؟ فرمایا، ہاں۔ پس یہ اس کے پاس گئے اور کہا:- وہ آدمی (رسول اللہ) ہم سے صدقہ مانگتا ہے اور اس نے ہمیں مصیبت میں ڈال رکھا ہے۔ اس نے کہا ابھی کیا ہے اُس کے پیر تو جمنے دو۔ انہوں نے کہا کہ ہم اس کے پیچھے جو لگ گئے لہٰذا اب چھوڑیں کیسے انتظار کرتے ہیں کہ دیکھئے اس کا اونٹ کس کروٹ بیٹھتا ہے؟ میرا ارادہ یہ ہے کہ آپ ہمیں ایک دو وسق اناج قرض دے دیں۔ اس نے کہا، کیا چیز رہن رکھو گے؟ اُنہوں نے کہا کہ آپ ہم سے کیا چیز چاہتے ہیں؟ کہا کہ اپنی عورتیں۔ انہوں نے کہا سبحان اللہ! آپ عرب میں خوبصورت ترین لوگ ہیں اگر ہم اپنی عورتیں رہن رکھیں تو یہ ہمارے لیے شرمناک بات ہوگی۔ کہا تو میرے پاس اپنی اولاد کو رہن رکھ دو۔ انہوں نے کہا، سبحان اللہ! اس پر تو ہمیں گالیاں پڑیں گی اور کہا جائیگا کہ ایک دو وسق اناج کے بدلے تم رہن رکھے گئے ہاں ہم اپنے ہتھیار رہن رکھ دینگے اس نے کہا بہت اچھا۔ پھر یہ دوبارہ اس کے پاس گئے اور اُسے آواز دی وہاں کے پاس باہر آیا خوشبو لگائے ہوئے اور خوشبو سے اس کا سر مہک رہا تھا۔ جب یہ اس کے پاس بیٹھ گئے اور ان کے ساتھ تین چار حضرات اور بھی تھے تو اس سے خوشبو کی باتیں کرنے لگے اُس نے کہا کہ میرے پاس فلاں عورت ہے جو تمام لوگوں کی عورتوں سے زیادہ معطر رہتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ مجھے سونگھنے کی اجازت دیجئے اس نے کہا بہت اچھا انہوں نے اپنا ہاتھ اس کے سر میں داخل کر کے سونگھا۔ انہوں نے کہا کہ دوبارہ بھی؟ اس نے کہا بہت اچھا لہٰذا اپنا ہاتھ اسکے سر میں داخل کیا اور جب اچھی طرح پکڑ لیا تو ساتھیوں کو اشارہ کر دیا۔ انہوں نے ضربیں لگائیں اور اسے قتل کر دیا۔

ف۔ کعب بن اشرف ایک با اثر یہودی، تاجر اور بہت مالدار تھا۔ اس کا اپنا قلعہ تھا۔ قریشِ مکہ کو نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے خلاف اُبھارتا اور ادھر کی خبریں دیا کرتا تھا۔ دوسری جانب بنو نضیر اور بنو قریظہ کے یہودیوں کو قریشِ مکہ کی حمایت اور مسلمانوں کی بدخواہی پر آمادہ کرنے میں معروف رہا کرتا تھا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خواہش ہوئی کہ شمعِ ہدایت کو اپنی ناپاک پھونکوں سے بجھانے کی کوشش کرنے والے ایسے دشمنِ خدا کے وجود سے اس زمین کو پاک ہونا چاہیئے تو حضرت محمد بن مسلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حیلے سے اُس دشمنِ اسلام کو ہمیشہ کے لیے موت کی آغوش میں سلا دیا۔ كَذٰلِكَ الْعَذَابُ وَلَعَذَابُ الْاٰخِرَةِ اَكْبَرُ لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ۔ ؎

مِٹ گئے، مِٹتے ہیں، مِٹ جائیں گے اعدا تیرے
نہ مِٹا ہے، نہ مِٹے گا کبھی چرچا تیرا

۹۹۶ - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَزَابَةَ نَا إِسْحٰقُ يَعْنِي ابْنَ مَنْصُوْرٍ نَا أَسْبَاطُ الْهَمْدَانِيُّ عَنِ السُّدِّيِّ عَنْ أَبِيْهِ عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْإِيْمَانُ قَيَّدَ الْفَتْكَ لَا يَفْتِكُ مُؤْمِنٌ۔

سدی کے والد ماجد نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: ایمان نے دھوکے سے قتل کرنے کو منع کر دیا ہے، لہٰذا کوئی مسلمان دھوکے سے کسی کو قتل نہ کرے۔

باب ۴۲۵ فِي التَّكْبِيْرِ عَلٰى كُلِّ شَرَفٍ فِي الْمَسِيْرِ۔

سفر میں چڑھائی پر چڑھتے وقت تکبیر کہنا

۹۹۷ - حَدَّثَنَا الْقَعْنَبِيُّ عَنْ مَالِكٍ عَنْ نَافِعٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ إِذَا قَفَلَ مِنْ غَزْوٍ أَوْ حَجٍّ أَوْ عُمْرَةٍ يُكَبِّرُ عَلٰى كُلِّ شَرَفٍ مِنَ الْأَرْضِ ثَلٰثَ تَكْبِيْرَاتٍ وَيَقُوْلُ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيْكَ لَهُ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ آيِبُوْنَ تَائِبُوْنَ عَابِدُوْنَ سَاجِدُوْنَ لِرَبِّنَا حَامِدُوْنَ صَدَقَ اللّٰهُ وَعْدَهُ وَنَصَرَ عَبْدَهُ وَهَزَمَ الْأَحْزَابَ وَحْدَهُ۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب غزوہ، حج یا عمرہ سے لوٹتے تو چڑھائی پر چڑھتے وقت تین دفعہ اللہ اکبر کہنے کے بعد کہتے نہیں کوئی معبود مگر اللہ، وہ اکیلا ہے، اس کا کوئی شریک نہیں اسی کی بادشاہی ہے اور اسی کے لیے سب تعریفیں ہیں اور وہ ہر چیز پر قادر ہے، ہم آنے والے توبہ کرنے والے عبادت کرنے والے اور اپنے رب کی حمد و ثنا کرنے والے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے اپنا وعدہ سچا کر دکھایا، اپنے بندے کی مدد فرمائی اور اکیلے نے لشکروں کو شکست دے دی۔

باب ۴۲۶ فِي الْإِذْنِ فِي الْقُفُوْلِ بَعْدَ النَّهْيِ۔

ممانعت کے بعد جہاد سے لوٹنے کی اجازت

۹۹۸ - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ ثَابِتٍ الْمَرْوَزِيُّ حَدَّثَنِيْ عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ عَنْ أَبِيْهِ عَنْ يَزِيْدَ النَّحْوِيِّ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ لَا يَسْتَأْذِنُكَ الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ الْآيَةَ نَسَخَتْهَا الَّتِيْ فِي النُّوْرِ إِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ الَّذِيْنَ آمَنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهِ إِلٰى غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ۔

یزید نحوی نے عکرمہ سے روایت کی ہے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا: آیت: اے محبوب! تم سے اجازت نہیں مانگیں گے جو اللہ اور قیامت پر ایمان رکھتے ہیں (۹: ۴۴) یہ سورۃ النور کی آیت: بیشک ایمان والے وہ ہیں جو یقین رکھتے ہیں اللہ پر اور اس کے رسول پر اور جب (۲۴: ۶۲) سے منسوخ ہے۔

باب ۴۲۷ فِي بَعْثَةِ الْبُشَرَاءِ۔

خوشخبری دینے والا بھیجنا

۹۹۹ - حَدَّثَنَا أَبُوْ تَوْبَةَ الرَّبِيْعُ بْنُ نَافِعٍ نَا عِيْسٰى عَنْ إِسْمٰعِيْلَ عَنْ قَيْسٍ عَنْ جَرِيْرٍ قَالَ قَالَ لِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَلَا

قیس نے حضرت جریر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مجھ سے فرمایا: کیا تم مجھے ذی الخلصہ کی طرف سے راحت نہیں پہنچاؤ گے؟ پس میں وہاں

www.sirat-e-mustaqeem.com

ثُمَّ يُخْبِرُنِيْ مِنْ ذِي الْخَلَصَةِ فَأَتَاهَا فَحَرَّقَهَا ثُمَّ بَعَثَ رَجُلًا مِنْ أَحْمَسَ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُبَشِّرُهُ يُكْنَى أَبَا أَرْطَاةَ۔

گیا اور اُسے جلا دیا۔ پھر میں نے قبیلہ احمس کے ایک آدمی کو خوشخبری دینے کے لیے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں بھیجا جس کی کنیت ابوارطاۃ تھی۔

ف۔ قبیلہ دوس اور خثعم کے بُت خانے کا نام ذی الخلصہ تھا جو اس علاقے کی مرکزی قوت کا گڑھ بن چکا تھا۔ اور اسلام دشمنی میں اپنے وقت کا سومنات بنا ہوا تھا۔ جب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت جریر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے سامنے اس خواہش کا اظہار فرمایا کہ تم ذی الخلصہ کو تباہ کر کے مجھے راحت کیوں نہیں پہنچاتے تو انہوں نے قبیلہ احمس کے کچھ سواروں کو ساتھ لیا اور ذی الخلصہ کو جلا کر راکھ کا ڈھیر کر دیا۔ یہ کارنامہ سرانجام دیتے ہی قبیلہ احمس ہی کے ایک سوار کو خوشخبری دینے بارگاہ رسالت میں بھیجا جن کی کنیت ابوارطاۃ تھی۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو حضرت جریر کی اس کارگزاری پر بے پایاں مسرّت ہوئی کیونکہ:۔

بُتوں کے کئے ٹکڑے بُت خانے توڑے!
یہ کھیل اشرف الانبیاء کھیلتے تھے!

بَابٌ ۲۲۸ فِي إِعْطَاءِ الْبَشِيرِ۔

خوشخبری دینے والے کو انعام دینا

۱۰۰۰۔ حَدَّثَنَا ابْنُ السَّرْحِ أَنَا ابْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي يُونُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ أَخْبَرَنِي عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ كَعْبٍ قَالَ سَمِعْتُ كَعْبَ بْنَ مَالِكٍ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا قَدِمَ مِنْ سَفَرٍ بَدَأَ بِالْمَسْجِدِ فَرَكَعَ فِيْهِ رَكْعَتَيْنِ ثُمَّ جَلَسَ لِلنَّاسِ وَقَصَّ ابْنُ السَّرْحِ الْحَدِيْثَ قَالَ وَنَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمُسْلِمِيْنَ عَنْ كَلَامِنَا أَيُّهَا الثَّلَاثَةُ حَتّٰى إِذَا طَالَ عَلَيَّ تَسَوَّرْتُ جِدَارَ حَائِطِ أَبِي قَتَادَةَ وَهُوَ ابْنُ عَمِّي فَسَلَّمْتُ عَلَيْهِ فَوَاللّٰهِ مَا رَدَّ عَلَيَّ السَّلَامَ ثُمَّ صَلَّيْتُ الصُّبْحَ صَبَاحَ خَمْسِيْنَ لَيْلَةً عَلٰى ظَهْرِ بَيْتٍ مِنْ بُيُوْتِنَا فَسَمِعْتُ صَارِخًا يَا كَعْبَ بْنَ مَالِكٍ أَبْشِرْ فَلَمَّا جَاءَنِي الَّذِيْ سَمِعْتُ صَوْتَهُ يُبَشِّرُنِيْ نَزَعْتُ لَهُ ثَوْبَيَّ فَكَسَوْتُهُمَا إِيَّاهُ فَانْطَلَقْتُ حَتّٰى إِذَا دَخَلْتُ الْمَسْجِدَ فَإِذَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

عبداللہ بن کعب سے روایت ہے کہ حضرت کعب بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب سفر سے واپس آتے تو پہلے مسجد میں تشریف لے جاتے اور اُس میں دو رکعتیں پڑھتے۔ پھر لوگوں کے پاس جلوہ افروز ہوتے اور ابن سرح نے باقی حدیث بیان کر کے فرمایا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مسلمانوں کو ہم تینوں کے ساتھ کلام کرنے سے منع فرما دیا تھا۔ جب کافی دن گزر گئے تو میں نے حضرت ابو قتادہ کے باغ کی دیوار پھاندی جو میرے چچا زاد بھائی تھے۔ میں نے انہیں سلام کیا تو خدا کی قسم اُنہوں نے مجھے سلام کا جواب نہ دیا۔ پچاسویں روز صبح کے وقت میں نے نمازِ فجر پڑھی اپنے گھروں کی چھت پر تو میں نے ایک پکار سنی کہ کعب بن مالک! تمہیں بشارت ہو۔ جب وہ شخص میرے پاس بشارت دینے آیا جس کی میں نے آواز سنی تھی تو میں نے اپنے دونوں کپڑے اتار کر اُسے پہنا دیئے۔ میں چل دیا یہاں تک کہ جب مسجد میں پہنچا تو وہاں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جلوہ افروز تھے۔ حضرت ابو طلحہ بن عبید اللہ میری جانب بڑھے مجھ سے مصافحہ کیا اور مجھے مبارک باد

www.sirat-e-mustaqeem.com

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَالِسٌ فَقَامَ إِلَيَّ طَلْحَةُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ يُهَرْوِلُ حَتّٰى صَافَحَنِيْ وَهَنَّأَنِيْ۔ دی۔

ف۔ غزوہ تبوک کی شمولیت سے تین صحابۂ کرام بغیر کسی عذر وا جازت کے پیچھے رہ گئے تھے جن کے اسمائے گرامی یہ ہیں:۔ (۱) حضرت کعب بن مالک (۲) حضرت ہلال بن امیہ (۳) حضرت مرارہ بن ربیع۔ واپسی پر جب نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان سے عدم شمولیت کی وجہ دریافت فرمائی تو ان حضرات نے نہ تو منافقین کی طرح غلط بیانی کی اور نہ حیلوں بہانوں کا سہارا لیا بلکہ اپنی کوتاہی کا کھلے لفظوں میں اعتراف کر لیا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے تمام مسلمانوں کو ان تینوں حضرات کے ساتھ سلام و کلام کرنے سے منع فرما دیا، حتیٰ کہ اُن کی بیویوں کو اُن سے علیحدہ کر دیا گیا، قربان جائیں۔ شمعِ رسالت کے اُن پروانوں کی عظمت اور تابانی پر کہ وہ تینوں اپنوں میں رہتے ہوئے گویا غیروں میں تھے، آشنا بھی ناآشنا معلوم ہو رہے تھے، بیوی بچے بھی غیر نظر آ رہے تھے؛ کوئی پُرسانِ حال نہ تھا، سلام تک کا جواب ملنا محال تھا۔ وسیع زمین تنگ ہو کر رہ گئی، آباد دنیا ویرانہ نظر آتی تھی، اس حالت میں اُن بزرگوں کو اپنی جان گویا وبالِ جان نظر آ رہی تھی۔ لیکن سب کچھ ہوتے ہوئے بھی درِ مصطفےٰ سے بال برابر نہ ہٹے۔ خدا کے سچے بندے اور سچے مسلمان تھے لہٰذا آزمائش کی اس کسوٹی پر کھرے ہی ثابت ہوئے۔ خود پروردگارِ عالم نے اُن کی حالت کا یوں نقشہ کھینچا:۔

حَتّٰىٓ اِذَا ضَاقَتْ عَلَيْهِمُ الْاَرْضُ بِمَا رَحُبَتْ وَضَاقَتْ عَلَيْهِمْ اَنْفُسُهُمْ وَظَنُّوْٓا اَنْ لَّا مَلْجَاَ مِنَ اللّٰهِ اِلَّآ اِلَيْهِ (۹: ۱۱۸)

یہاں تک کہ جب زمین اتنی وسیع ہو کر ان پر تنگ ہو گئی اور وہ اپنی جان سے تنگ آ گئے اور انہیں یقین ہوا کہ اللہ سے پناہ نہیں مگر اُسی کے پاس۔

اِن حالت میں پچاس روز کے بعد پروردگارِ عالم نے اُن کی توبہ قبول کرتے ہوئے فرمایا: ثُمَّ تَابَ عَلَيْهِمْ لِيَتُوْبُوْا اِنَّ اللّٰهَ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ۔۔۔۔۔ یہاں یہ بات مدِ نظر رکھنی چاہیے کہ حضرات صحابۂ کرام کا جب بھی ذکر آئے تو ہمیشہ بھلائی کے ساتھ آنا چاہیے اور ان بزرگوں کے جو افعال بظاہر غلط یا خلافِ شرع بھی نظر آئیں تو ان کی بہتر تاویل کرے یا ان کے بارے میں خاموشی اختیار کرے کیونکہ وہ حضرات سابقہ تمام امتوں اور ساری امتِ محمدیہ سے بہتر و افضل ہیں۔ اُن بزرگوں کی سرفروشی اور مساعیٔ جمیلہ ہی کا تو نتیجہ ہے کہ آج ہم اپنے آپ کو مسلمان کہتے اور اللہ و رسول کا نام لیتے ہیں۔ اسی لیے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ میرے اصحاب کی برائی کرنے سے بچو بلکہ میری وجہ سے اُن کے ساتھ محبت رکھو کیونکہ تمہارا اُحد پہاڑ کے برابر سونا خرچ کرنا ان کے ایک صاع جو راہِ خدا میں دینے کے برابر نہیں ہو سکتا۔

دُور کیوں جائیں اسی آیت میں پروردگارِ عالم نے غزوۂ تبوک سے رہ جانے والے اُن تینوں حضرات کا ذکر یوں فرمایا ہے:۔ وَعَلَى الثَّلٰثَةِ الَّذِيْنَ خُلِّفُوْا ۔ یہاں اس فعل کا انہیں فاعل نہیں بتایا بلکہ بطورِ مفعول اُن کا ذکر فرمایا گیا ہے۔ جب خالق و مالک بھی غلطی کو ان کی جانب منسوب نہیں کرتا تو ہم کس کھیت کی مولی ہیں کہ شمعِ رسالت کے ایسے عدیم المثال پروانوں پر زبانِ طعن دراز کریں یا ایسے لفظوں میں اپنے اُن محسنین کا ذکر کریں جس میں اُن کی تحقیر ہو۔

www.sirat-e-mustaqeem.com

سرمایۂ ملت کے ایک عظیم الشان نگہبان یعنی حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی ۱۰۳۴ھ / ۱۶۲۴ء) نے یہودیوں کی سازش کا شکار ہو کر صحابۂ کرام سے دشمنی رکھنے والے فرقے کے خلاف قلم اٹھایا اور کوائف شیعہ نامی کتاب لکھنے لگے تو سب سے پہلے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اس ارشادِ گرامی سے استدلال کیا :۔

اذا ظهرت الفتن او البدع و سبت اصحابی فلیظهر العالم علمه ومن لم یفعل ذالك فعلیه لعنة الله والملئكة والناس اجمعین لا یقبل الله له صرفاً ولا عدلاً۔ (ص ۶)

جب فتنے اور بدعتیں ظاہر ہو جائیں اور صحابہ کرام کو گالیاں دی جائیں تو عالم کو چاہیئے کہ اپنا علم ظاہر کرے اور جو ایسا نہ کرے گا اس پر اللہ، فرشتوں اور تمام انسانوں کی لعنت۔ اللہ تعالیٰ نہ اس کا کوئی فرض قبول فرمائے گا اور نہ نفل۔

جائے غور ہے کہ جب صحابۂ کرام کو گالیاں دی جاتی ہوں تو ایسے فتنے کے سدِّباب سے جو عالم خاموش ہو بیٹھے گا اور بساط بھر اس فتنے کو دبانے کی کوشش نہیں کرے گا اُس پر اللہ تعالیٰ، فرشتوں اور تمام انسانوں کی لعنت ہوگی اور اُس کے فرائض و نوافل بھی بارگاہِ خداوندی میں قبول نہیں ہوں گے۔ صحابۂ کرام کی حمایت میں کھڑے نہ ہونے والے عالم پر یہ وبال لازم آتا ہے تو صحابۂ کرام کو یہ عزت و عظمت جس ہستی کی غلامی کے باعث ملی جب خدا اس رحمتِ دو عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو برملا گالیاں دی جا رہی ہوں اُس وقت خاموش رہنے والے عالم پر اس سے کتنے گنا زیادہ وبال پڑے گا؟ علاوہ بریں جب ساری کائنات کے خالق و مالک کو برملا جھوٹا قرار دیا جا رہا ہو، سچے خدا کے لیے امکانِ کذب ثابت کیا جا رہا ہو، اس وقت خاموش رہنے والے علماء پر کتنا وبال پڑے گا؟ اللہ تعالیٰ علمائے حق کو توفیق اور ہمت بخشے کہ وہ اپنا فرض پہچانیں اور اُسے ادا کریں۔ آمین۔

بَابُ ۴۲۹ فِي سُجُودِ الشُّكْرِ۔

سجدۂ شکر کا بیان

۱۰۰۱۔ حَدَّثَنَا مَخْلَدُ بْنُ خَالِدٍ نَا أَبُو عَاصِمٍ عَنْ أَبِي بَكْرَةَ بَكَّارِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ قَالَ أَخْبَرَنِي أَبِي عَبْدُ الْعَزِيزِ عَنْ أَبِي بَكْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ كَانَ إِذَا جَاءَهُ أَمْرُ سُرُورٍ أَوْ بُشِّرَ بِهِ خَرَّ سَاجِدًا شَاكِرًا لِلّٰهِ۔

عبد العزیز نے حضرت ابو بکرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پاس جب کوئی مسرت افزا خبر لاتا یا خوشخبری دیتا تو آپ اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرنے کی غرض سے سجدہ ریز ہو جاتے۔

بَابُ ۴۳۰ رَفْعِ الْيَدَيْنِ فِي الدُّعَاءِ۔

دعا کے وقت دونوں ہاتھوں کو اٹھانا

۱۰۰۲۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ نَا ابْنُ أَبِي فُدَيْكٍ حَدَّثَنِي مُوسَى بْنُ يَعْقُوبَ عَنِ ابْنِ عُثْمَانَ قَالَ أَبُو دَاوُدَ وَهُوَ يَحْيَى بْنُ الْحَسَنِ بْنِ عُثْمَانَ عَنْ أَشْعَثَ بْنِ إِسْحٰقَ بْنِ سَعْدٍ عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدٍ عَنْ أَبِيهِ قَالَ خَرَجْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ مَكَّةَ

اشعث بن اسحاق بن سعد نے عامر بن سعد سے روایت کی ہے کہ ان کے والدِ ماجد حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا:۔ ہم رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ مکہ مکرمہ سے مدینہ منورہ کے لیے نکلے۔ جب ہم عزورا کے قریب تھے تو آپ اتر گئے۔ پھر آپ دونوں ہاتھ اٹھا کر ایک ساعت تک اللہ تعالیٰ سے دعا کرتے رہے۔ پھر

نُرِيدُ الْمَدِينَةَ فَلَمَّا كُنَّا قَرِيبًا مِنْ عَزْوَرَاءَ نَزَلَ ثُمَّ رَفَعَ يَدَيْهِ فَدَعَا اللَّهَ سَاعَةً ثُمَّ خَرَّ سَاجِدًا فَمَكَثَ طَوِيلًا ذَكَرَهُ أَحْمَدُ ثَلَاثًا قَالَ إِنِّي سَأَلْتُ رَبِّي وَشَفَعْتُ لِأُمَّتِي فَأَعْطَانِي ثُلُثَ أُمَّتِي فَخَرَرْتُ سَاجِدًا شُكْرًا لِرَبِّي ثُمَّ رَفَعْتُ رَأْسِي فَسَأَلْتُ رَبِّي لِأُمَّتِي فَأَعْطَانِي ثُلُثَ أُمَّتِي فَخَرَرْتُ سَاجِدًا لِرَبِّي شُكْرًا ثُمَّ رَفَعْتُ رَأْسِي فَسَأَلْتُ رَبِّي لِأُمَّتِي فَأَعْطَانِي الثُّلُثَ الْآخِرَ فَخَرَرْتُ سَاجِدًا لِرَبِّي قَالَ أَبُو دَاوُدَ أَشْعَثُ بْنُ إِسْحَاقَ أَسْقَطَهُ أَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ حِينَ حَدَّثَنَا بِهِ فَحَدَّثَنِي بِهِ عَنْهُ مُوسَى بْنُ سَهْلٍ الرَّمْلِيُّ۔

کافی دیر سجدہ ریز رہے۔ پھر کھڑے ہوئے تو ایک ساعت تک اپنے ہاتھ اٹھائے رکھے۔ پھر سجدہ ریز ہو گئے۔ احمد بن صالح نے تین دفعہ کا ذکر کیا۔ فرمایا کہ میں نے اپنے رب سے سوال کیا اور اپنی امت کی شفاعت کی تو اس نے تہائی امت میرے سپرد کر دی۔ پس میں اپنے رب کا شکر ادا کرنے کی غرض سے سجدے میں گیا۔ پھر میں نے سر اٹھایا اور اپنے رب سے اپنی امت کا سوال کیا تو مزید تہائی امت مجھے عطا فرما دی۔ پس میں نے شکر ادا کرتے ہوئے اپنے رب کے لیے سجدہ کیا۔ پھر میں نے سر اٹھا کر اپنے رب سے اپنی امت کا سوال کیا تو باقی تہائی امت بھی میرے سپرد فرما دی۔ چنانچہ میں اپنے رب کے حضور سجدہ ریز ہو گیا۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ ہم سے حدیث بیان کرتے ہوئے احمد بن صالح نے اشعث بن اسحاق کو ساقط کر دیا تھا۔ پس ان کے واسطے سے حدیث بیان کی مجھ سے موسیٰ بن سہل رملی نے۔

ف: اس حدیث سے معلوم ہوا کہ دعا کے وقت دونوں ہاتھوں کو اٹھانا اور مانگنے کی طرح دراز کرنا سنّت اور آدابِ دعا سے ہے۔ انسب یہ ہے کہ دونوں ہاتھوں کو نہ ملائے بلکہ اُن کے درمیان تھوڑا سا فاصلہ رکھے واللہ تعالیٰ اعلم۔

باب ۴۳ فِي الطُّرُوقِ۔

رات کے وقت واپس لوٹنا

۱۰۰۳۔ حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ وَمُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ قَالَا نَا شُعْبَةُ عَنْ مُحَارِبِ بْنِ دِثَارٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَكْرَهُ أَنْ يَأْتِيَ الرَّجُلُ أَهْلَهُ طُرُوقًا۔

محارب بن دثار سے روایت ہے کہ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ناپسند فرماتے تھے کہ کوئی شخص سفر سے رات کے وقت اپنے گھر والوں میں آئے۔

۱۰۰۴۔ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ نَا جَرِيرٌ عَنْ مُغِيرَةَ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ جَابِرٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِنَّ أَحْسَنَ مَا دَخَلَ الرَّجُلُ عَلَى أَهْلِهِ إِذَا قَدِمَ مِنْ سَفَرٍ أَوَّلَ اللَّيْلِ۔

شعبی نے حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ بیشک اچھا وقت جس میں آدمی اپنے گھر والوں کے پاس آئے جبکہ سفر سے آرہا ہو، وہ رات کا پہلا حصہ ہے۔

۱۰۰۵۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ نَا هُشَيْمٌ أَنَا سَيَّارٌ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ كُنَّا مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي سَفَرٍ فَلَمَّا ذَهَبْنَا لِنَدْخُلَ قَالَ أَمْهِلُوا حَتَّى

شعبی سے روایت ہے کہ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا۔ ہم ایک سفر میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ تھے۔ جب (واپسی پر) ہم داخل ہونے لگے تو فرمایا کہ ذرا ٹھہرو، ہم رات کے وقت داخل ہوں گے تاکہ

www.sirat-e-mustaqeem.com

تَدْخُلَ لَيْلًا لِكَيْ تَمْتَشِطَ الشَّعِثَةُ وَتَسْتَحِدَّ الْمُغِيبَةُ قَالَ أَبُو دَاوُدَ قَالَ الزُّهْرِيُّ الطُّرُوقُ بَعْدَ الْعِشَاءِ قَالَ أَبُو دَاوُدَ وَبَعْدَ الْمَغْرِبِ لَا بَأْسَ.

پریشان بالوں والی کنگھی کرے اور جس کا خاوند موجود نہ تھا وہ موئے زیرِ ناف کی صفائی کرے امام ابوداؤد نے فرمایا کہ زہری کا قول ہے کہ یہ حکم عشاء کے بعد آنے کا ہے۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ مغرب کے بعد آنے میں کوئی مضائقہ نہیں ہے۔

بَابٌ ٤٣٢ فِي التَّلَقِّي.

استقبال کرنے کا بیان

١٠٠٦ - حَدَّثَنَا ابْنُ السَّرْحِ نَا سُفْيَانُ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنِ السَّائِبِ بْنِ يَزِيدَ قَالَ لَمَّا قَدِمَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَدِينَةَ مِنْ غَزْوَةِ تَبُوكَ تَلَقَّاهُ النَّاسُ فَلَقِيتُهُ مَعَ الصِّبْيَانِ عَلَى ثَنِيَّةِ الْوَدَاعِ.

حضرت سائب بن یزید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب غزوۂ تبوک سے مدینہ منورہ کو آ رہے تھے تو لوگوں نے آپ کا استقبال کیا۔ میں نے بھی بچوں کے ساتھ ثنیۃ الوداع پہنچ کر آپ کا استقبال کیا۔

ف۔ مجاہدین کو میدانِ جہاد کی طرف بھیجتے وقت کچھ دور اُن کے ساتھ جانا باعثِ برکت اور سنت ہے جب مجاہدین واپس لوٹیں تو آگے بڑھ کر ان کا استقبال کرنا ایسا مبارک اقدام ہے جس سے جذبۂ جہاد کو بڑی تقویت پہنچتی ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

بَابٌ ٤٣٣ مَا يُسْتَحَبُّ مِنْ إِنْفَادِ الزَّادِ فِي الْغَزْوِ إِذَا قَفَلَ.

سامانِ جہاد تیار کر کے جا نہ سکے تو کیا کرے؟

١٠٠٧ - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْمٰعِيلَ نَا حَمَّادٌ أَنَا ثَابِتٌ الْبُنَانِيُّ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ أَنَّ فَتًى مِنْ أَسْلَمَ قَالَ يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنِّي أُرِيدُ الْجِهَادَ وَلَيْسَ لِي مَالٌ أَتَجَهَّزُ بِهِ قَالَ اذْهَبْ إِلَى فُلَانٍ الْأَنْصَارِيِّ فَإِنَّهُ قَدْ تَجَهَّزَ فَمَرِضَ فَقُلْ لَهُ إِنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُقْرِئُكَ السَّلَامَ وَقُلْ لَهُ ادْفَعْ إِلَيَّ مَا تَجَهَّزْتَ بِهِ فَأَتَاهُ فَقَالَ لَهُ ذٰلِكَ فَقَالَ لِامْرَأَتِهِ يَا فُلَانَةُ ادْفَعِي إِلَيْهِ مَا جَهَّزْتِنِي بِهِ وَلَا تَحْبِسِي مِنْهُ شَيْئًا فَوَاللَّهِ لَا تَحْبِسِينَ مِنْهُ شَيْئًا فَيُبَارِكُ اللَّهُ فِيهِ.

ثابت بنانی نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ اسلم قبیلے کا ایک نوجوان حاضرِ بارگاہ ہو کر عرض گزار ہوا۔ یا رسول اللہ! میں جہاد کا ارادہ رکھتا ہوں لیکن میرے پاس مال نہیں ہے کہ تیاری کروں۔ فرمایا کہ تم فلاں انصاری کے پاس جاؤ کیونکہ اُس نے جہاد کا سامان تیار کیا اور پھر بیمار ہو گیا ہے۔ اس سے کہنا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم آپ کے لیے سلام کہتے ہیں اور اس سے کہنا کہ اپنا سامانِ جہاد مجھے دے دیجئے جو آپ نے تیار کیا ہے پس یہ ان کی خدمت میں حاضر ہوا اور یہ بات اُن سے کہہ دی۔ انہوں نے اپنی زوجۂ محترمہ سے فرمایا کہ اے فلانہ! انہیں وہ سامانِ جہاد دے دیجئے جو میں نے تیار کیا ہے اور اس میں سے کچھ بھی نہ رکھنا۔ خدا کی قسم اگر تم کوئی چیز رکھو گی تو اللہ تعالیٰ اسمیں برکت نہیں دیگا۔

بَابٌ ٤٣٤ فِي الصَّلَاةِ عِنْدَ الْقُدُومِ مِنَ السَّفَرِ.

سفر سے واپس آنے پر نماز پڑھنا

١٠٠٨ - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُتَوَكِّلِ الْعَسْقَلَانِيُّ وَالْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ قَالَا نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ أَخْبَرَنِي

محمد بن متوکل عسقلانی اور حسن بن علی، عبدالرزاق، ابن جریج، ابن شہاب، عبدالرحمٰن بن عبداللہ ان کے والدِ ماجد

ابْنُ جُرَيْجٍ قَالَ أَخْبَرَنِي ابْنُ شِهَابٍ قَالَ أَخْبَرَنِي عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ عَنْ أَبِيهِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ كَعْبٍ وَعَمِّهِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ كَعْبٍ عَنْ أَبِيهِمَا كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ لَا يَقْدَمُ مِنْ سَفَرٍ إِلَّا نَهَارًا قَالَ الْحَسَنُ فِي الضُّحٰى فَإِذَا قَدِمَ مِنْ سَفَرٍ أَتَى الْمَسْجِدَ فَرَكَعَ فِيهِ رَكْعَتَيْنِ ثُمَّ جَلَسَ فِيهِ۔

١٠٠٩۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَنْصُورٍ الطُّوسِيُّ نَا يَعْقُوبُ نَا أَبِي عَنِ ابْنِ إِسْحٰقَ قَالَ حَدَّثَنِي نَافِعٌ عَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَ أَقْبَلَ مِنْ حَجَّتِهِ دَخَلَ الْمَدِينَةَ فَأَنَاخَ عَلَى بَابِ مَسْجِدِهِ ثُمَّ دَخَلَهُ فَرَكَعَ فِيهِ رَكْعَتَيْنِ ثُمَّ انْصَرَفَ إِلَى بَيْتِهِ قَالَ نَافِعٌ فَكَانَ ابْنُ عُمَرَ كَذٰلِكَ يَصْنَعُ۔

بَابٌ ٤٣٥ فِي كِرَاءِ الْمُقَاسِمِ۔

١٠١٠۔ حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُسَافِرٍ التِّنِّيسِيُّ نَا ابْنُ أَبِي فُدَيْكٍ نَا الزَّمْعِيُّ عَنِ الزُّبَيْرِ بْنِ عُثْمَانَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سُرَاقَةَ أَنَّ مُحَمَّدَ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ ثَوْبَانَ أَخْبَرَهُ أَنَّ أَبَا سَعِيدٍ الْخُدْرِيَّ أَخْبَرَهُ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِيَّاكُمْ وَالْقُسَامَةَ قَالَ فَقُلْنَا مَا الْقُسَامَةُ قَالَ الشَّيْءُ يَكُونُ بَيْنَ النَّاسِ فَيُنْتَقَصُ مِنْهُ۔

١٠١١۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ الْقَعْنَبِيُّ نَا عَبْدُ الْعَزِيزِ يَعْنِي ابْنَ مُحَمَّدٍ عَنْ شَرِيكٍ يَعْنِي ابْنَ أَبِي نَمِرٍ عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهُ قَالَ الرَّجُلُ يَكُونُ عَلَى الْفِئَامِ مِنَ النَّاسِ فَيَأْخُذُ مِنْ حَظِّ هٰذَا وَحَظِّ هٰذَا۔

بَابٌ ٤٣٦ فِي التِّجَارَةِ فِي الْغَزْوِ۔

١٠١٢۔ حَدَّثَنَا الرَّبِيعُ بْنُ نَافِعٍ نَا مُعَاوِيَةُ

عبداللہ بن مالک اور اُن کے چچا جان عبیداللہ بن کعب نے اپنے والد محترم حضرت کعب بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سفر سے واپس تشریف نہیں لاتے تھے مگر دن کے وقت۔ حسن بن علی نے کہا کہ چاشت کے وقت اور جب سفر سے لوٹتے تو مسجد میں تشریف لے جا کے دو رکعتیں پڑھتے، پھر اس میں بیٹھ جاتے۔

نافع نے حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب اپنے حج سے واپس تشریف لائے اور مدینہ منورہ میں داخل ہوئے تو اپنی اونٹنی کو مسجد کے دروازے پر بٹھا دیا۔ پھر اس میں داخل ہوئے اور دو رکعتیں پڑھیں۔ پھر اپنے کاشانۂ اقدس کی جانب تشریف لے گئے۔ نافع کا بیان ہے کہ حضرت ابن عمر بھی اسی طرح کیا کرتے تھے۔

تقسیم کرنے والے کی مزدوری

جعفر بن مسافر تنیسی، ابن ابی فدیک، زمعی، زبیر بن عثمان، عبداللہ بن سراقہ، محمد بن عبدالرحمٰن بن ثوبان نے حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ قسامت سے بچتے رہنا۔ ہم عرض گزار ہوئے کہ قسامت کیا چیز ہے؟ فرمایا کہ جو چیز کئی آدمیوں کی مشترک ہو پھر اس میں سے کم کر دی جائے۔

ابن ابی نمر نے عطاء بن یسار سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایسا ہی فرمایا ہے نیز فرمایا کہ ایک آدمی لوگوں کی جماعتوں پر مقرر کیا جاتا ہے تو وہ اس کے حصے سے لیتا ہے اور اُس کے حصے سے بھی لیتا ہے۔

دورانِ جہاد تجارت کرنا

عبیداللہ بن سلمان سے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے

يَعْنِي ابْنَ سَلَّامٍ عَنْ زَيْدٍ يَعْنِي ابْنَ سَلَّامٍ أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا سَلَّامٍ يَقُولُ حَدَّثَنِي عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ سَلْمَانَ أَنَّ رَجُلًا مِنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَدَّثَهُ قَالَ فَلَمَّا فَتَحْنَا خَيْبَرَ أَخْرَجُوا غَنَائِمَهُمْ مِنَ الْمَتَاعِ وَالسَّبْيِ فَجَعَلَ النَّاسُ يَتَبَايَعُونَ غَنَائِمَهُمْ فَجَاءَ رَجُلٌ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللَّهِ لَقَدْ رَبِحْتُ رِبْحًا مَا رَبِحَ الْيَوْمَ مِثْلَهُ أَحَدٌ مِنْ أَهْلِ هَذَا الْوَادِي قَالَ وَيْحَكَ وَمَا رَبِحْتَ قَالَ مَا زِلْتُ أَبِيعُ وَأَبْتَاعُ حَتَّى رَبِحْتُ ثَلَاثَ مِائَةِ أُوقِيَّةٍ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَا أُنَبِّئُكَ بِخَيْرِ رَجُلٍ رَبِحَ قَالَ مَا هُوَ يَا رَسُولَ اللَّهِ قَالَ رَكْعَتَيْنِ بَعْدَ الصَّلَاةِ۔

ایک صحابی نے حدیث بیان کرتے ہوئے فرمایا:۔ جب ہم نے خیبر کو فتح کیا تو لوگوں نے اپنا اپنا مالِ غنیمت کو نکالا یعنی سامان اور قیدیوں وغیرہ کو، تو لوگوں نے اپنی غنیمتوں کی خرید فروخت کی۔ پس ایک آدمی آ کر عرض گزار ہوا کہ یا رسول اللہ! میں نے آج اِتنا نفع کمایا ہے کہ اس وادی والوں میں سے اتنا نفع آج کسی نے بھی نہیں کمایا ہوگا۔ فرمایا کہ تجھ پر افسوس! بھلا کیا نفع کمایا ہے؟ عرض کی کہ میں بیچتا اور خریدتا رہا یہاں تک کہ میں نے تین سو اوقیہ (بارہ ہزار درہم) کمائے ہیں۔ چنانچہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ میں تمہیں آدمی کا اس سے بہتر منافع بتاتا ہوں۔ عرض گزار ہوا کہ یا رسول اللہ! وہ کیا ہے؟ فرمایا کہ فرض نماز کے بعد دو رکعتیں پڑھنا۔

بَابٌ ۴۳۷ فِي حَمْلِ السِّلَاحِ إِلَى أَرْضِ الْعَدُوِّ۔

۳۱۰۱۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا عِيسَى بْنُ يُونُسَ نَا أَبِي عَنْ أَبِي إِسْحَقَ عَنْ ذِي الْجَوْشَنِ رَجُلٍ مِنَ الضِّبَابِ قَالَ أَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعْدَ أَنْ فَرَغَ مِنْ أَهْلِ بَدْرٍ بِابْنِ فَرَسٍ لِي يُقَالُ لَهَا الْقَرْحَاءُ فَقُلْتُ يَا مُحَمَّدُ إِنِّي قَدْ جِئْتُكَ بِابْنِ الْقَرْحَاءِ لِتَتَّخِذَهُ قَالَ لَا حَاجَةَ لِي فِيهِ وَإِنْ شِئْتَ أَنْ أُقِيضَكَ بِهِ الْمُخْتَارَةَ مِنْ دُرُوعِ بَدْرٍ فَعَلْتُ قُلْتُ مَا كُنْتُ أُقِيضُهُ الْيَوْمَ بِغُرَّةٍ قَالَ فَلَا حَاجَةَ لِي فِيهِ۔

دشمن کے ملک میں ہتھیار جانے دینا

ابن اسحاق سے قبیلہ ضباب کے حضرت ذی الجوشن رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا:۔ میں نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا، اس کے بعد کہ آپ اہلِ بدر سے فارغ ہو چکے تھے، ایک بچھیرا لے کر جس کی ماں کو قرحار کہا جاتا تھا۔ میں عرض گزار ہوا یا محمد! میں قرحار کے بچھیرے کو آپ کی خدمت میں لے کر آیا ہوں تاکہ آپ اسے لے لیں۔ فرمایا کہ مجھے اس کی ضرورت نہیں ہے لیکن اس کے عوض اگر تم بدر کی زرہ لینی چاہو تو ایسا کر لوں گا۔ میں عرض گزار ہوا کہ اس کے بدلے تو میں گھوڑا بھی نہیں لیتا۔ فرمایا تو مجھے اس کی حاجت نہیں ہے۔

بَابٌ ۴۳۸ فِي الْإِقَامَةِ بِأَرْضِ الشِّرْكِ۔

شرک کی جگہ میں رہنا

۳۱۰۴۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ دَاوُدَ بْنِ سُفْيَانَ حَدَّثَنِي يَحْيَى بْنُ حَسَّانَ قَالَ أَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ مُوسَى أَبُو دَاوُدَ قَالَ نَا جَعْفَرُ بْنُ سَعْدِ بْنِ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ قَالَ حَدَّثَنِي خُبَيْبُ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنْ أَبِيهِ سُلَيْمَانَ بْنِ سَمُرَةَ عَنْ سَمُرَةَ

محمد بن داؤد بن سفیان، یحییٰ بن حسان، سلیمان بن موسیٰ ابو داؤد، جعفر بن سعد بن سمرہ بن جندب، خبیب بن سلیمان، اُن کے والد ماجد سلیمان بن سمرہ، حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا:۔ اما بعد، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ جو شخص

ابْنِ جُنْدُبٍ أَمَّا بَعْدُ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ جَامَعَ الْمُشْرِكَ وَسَكَنَ مَعَهُ فَإِنَّهُ مِثْلُهُ - آخِرُ كِتَابِ الْجِهَادِ -

مشرک سے صحبت رکھے اور اس کے ساتھ سکونت پذیر ہے تو وہ بھی اُسی جیسا ہے ۔
کتاب الجہاد ختم ہوئی۔

ف۔ مشرکوں میں گھل مل کر رہنا یعنی اُن سے میل محبت رکھنا، اُن کے ساتھ وِداد و اتحاد کرنا، اُن سے استمداد و استعانت کرنا، اُنہیں اپنا خیر خواہ و خیر اندیش سمجھنا اور باور کرانا کہ یہ ہمارے یار و غمخوار اور معین و مددگار ہیں، یہ دراصل خود فریبی اور دوسروں کو فریب دینا ہے جب کہ کافر و مشرک ہرگز ہرگز مسلمانوں کے خیر خواہ نہیں ہو سکتے۔ وہ چاہتے ہیں تو صرف اپنے مفاد کے لیے نہ کہ مسلمانوں کی خیر طلبی میں۔ جو اُنہیں مسلمانوں کا خیر خواہ بتائے وہ جھوٹ بولتا ہے کیونکہ سچے خدا نے اپنی سچی کتاب میں صاف صاف فرمایا ہے :۔

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَتَّخِذُوا بِطَانَةً مِّن دُونِكُمْ لَا يَأْلُونَكُمْ خَبَالًا وَدُّوا مَا عَنِتُّمْ قَدْ بَدَتِ الْبَغْضَاءُ مِنْ أَفْوَاهِهِمْ وَمَا تُخْفِي صُدُورُهُمْ أَكْبَرُ ۚ قَدْ بَيَّنَّا لَكُمُ الْآيَاتِ ۖ إِن كُنتُمْ تَعْقِلُونَ ۝ -
(۳ - ۱۱۸)

اے ایمان والو! غیر مسلموں کو اپنا رازدار نہ بناؤ۔ وہ تمہاری بدخواہی میں کوئی کسر اٹھا نہیں رکھیں گے۔ اُن کی آرزو ہے کہ تمہیں ایذا پہنچے۔ دلی عداوت ان کی باتوں سے ٹپک پڑتی ہے اور جو سینوں میں کدورت چھپا ہوا ہے وہ بہت بڑا ہے۔ ہم نے نشانیاں تمہیں کھول کر بتا دیں کہ تمہیں عقل ہو۔

کافروں سے دوستی رکھنے والے مدعیانِ اسلام کو پروردگارِ عالم نے اپنے آخری پیغام میں منافقین قرار دیا اور انہیں دردناک عذاب کی وعید سناتے ہوئے فرمایا :۔

بَشِّرِ الْمُنَافِقِينَ بِأَنَّ لَهُمْ عَذَابًا أَلِيمًا ۝ الَّذِينَ يَتَّخِذُونَ الْكَافِرِينَ أَوْلِيَاءَ مِن دُونِ الْمُؤْمِنِينَ ۚ أَيَبْتَغُونَ عِندَهُمُ الْعِزَّةَ فَإِنَّ الْعِزَّةَ لِلَّهِ جَمِيعًا ۝
(۴ - ۱۳۸)

منافقوں کو خوشخبری دو کہ ان کے لیے دردناک عذاب ہے وہ جو مسلمانوں کو چھوڑ کر کافروں کو دوست بناتے ہیں۔ کیا اُن کے پاس عزت ڈھونڈتے ہیں؟ حالانکہ عزت تو ساری اللہ کے لیے ہے۔

اللہ رب العزت نے کافروں سے دوستی رکھنے والے مدعیانِ اسلام کے متعلق بتایا ہے کہ ایسا کر کے وہ اللہ تعالیٰ سے اپنا تعلق ختم کر چکے ہوتے ہیں۔ جیسے کہ جس کا زید کے دشمن سے پیار ہو گیا تو زید سے اس کا تعلق کیا رہا؟ اگرچہ بظاہر ایسے لوگوں کی زبانوں پر قال اللہ اور قال رسول اللہ کی گردانیں جاری رہیں۔ یہ اُن کی ظاہری حالت ہو گی جس کے بل بوتے پر بے خبر مسلمانوں کو گمراہ کرتے ہیں اور حقیقی حالت کے متعلق اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے :۔

لَّا يَتَّخِذِ الْمُؤْمِنُونَ الْكَافِرِينَ أَوْلِيَاءَ مِن دُونِ الْمُؤْمِنِينَ ۖ وَمَن يَفْعَلْ ذَٰلِكَ فَلَيْسَ مِنَ اللَّهِ فِي شَيْءٍ - (۳ : ۲۸)

مسلمان کافروں کو دوست نہ بنائیں مسلمانوں کے سوا اور جو ایسا کرے گا تو اس کا اللہ سے کچھ تعلق نہ رہا۔

افسوس! ماضی قریب میں تحریک آزادیٔ ہند کے وقت مسلمانوں کے بعض لیڈروں اور مولویوں نے پروردگارِ عالم

www.sirat-e-mustaqeem.com

کے ایسے ارشادات اور وعیدوں تک کو قطعاً نظر انداز کر دیا تھا۔ وہ بت پرستوں کے ہاتھوں اپنا سب کچھ فروخت کر چکے تھے۔ اُن کی زندگی اور موت ہندو مفادات کے لیے وقف ہو کر رہ گئی تھی۔ یَقْتُلُوْنَ اَھْلَ الْاِسْلَامِ وَیَدَعُوْنَ اَھْلَ الْاَوْثَانِ کی منہ بولتی تصویریں بن کر غار جیت کے مردہ جسم میں پوری رازداری سے روح پھونکی۔ مسلمانوں کو اپنے جال میں پھنسانے کے لیے امام الہند، شیخ الہند، شیخ الاسلام اور رئیس الاحرار وغیرہ کے خوشنما لیبل لگائے گئے حالانکہ حقیقت اس کے بالکل برعکس ہے۔ وہ سب کچھ ہندوؤں کے لیے تھے۔ ان کا ظاہری تعلق تسبیح سے اور باطنی رشتہ زنار سے تھا۔ وہ خود تو بت پرستوں پر دل و جان سے قربان ہو کر ڈوبے ہی تھے۔ لیکن اپنے ساتھ ہزاروں اور لاکھوں مسلمانوں کے دین و ایمان کا بیڑہ غرق کر گئے۔ اللہ تعالیٰ ایسے گندم نما جو فروش قسم کے رہنماؤں کے شر سے ہر صاحبِ ایمان کو محفوظ و مامون رکھے، آمین۔

www.sirat-e-mustaqeem.com

اَوَّلُ كِتَابِ الضَّحَايَا

بَابٌ ۴۳۹ فِي إِيجَابِ الْأَضَاحِي.

۱۰۲۵۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا يَزِيدُ ح وَحَدَّثَنَا حُمَيْدُ بْنُ مَسْعَدَةَ قَالَ نَا بِشْرٌ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَوْنٍ عَنْ عَامِرٍ أَبِي رَمْلَةَ قَالَ أَنْبَأَنَا مِخْنَفُ بْنُ سُلَيْمٍ قَالَ وَنَحْنُ وُقُوفٌ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِعَرَفَاتٍ قَالَ فَقَالَ يَا أَيُّهَا النَّاسُ إِنَّ عَلَى أَهْلِ كُلِّ بَيْتٍ فِي كُلِّ عَامٍ أُضْحِيَةً وَعَتِيرَةً أَتَدْرُونَ مَا الْعَتِيرَةُ هَذِهِ الَّتِي يَقُولُ النَّاسُ الرَّجَبِيَّةُ.

۱۰۲۶۔ حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَزِيدَ قَالَ حَدَّثَنِي سَعِيدُ بْنُ أَبِي أَيُّوبَ قَالَ حَدَّثَنِي عَيَّاشُ بْنُ عَبَّاسٍ الْقِتْبَانِيُّ عَنْ عِيسَى بْنِ هِلَالٍ الصَّدَفِيِّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ أُمِرْتُ بِيَوْمِ الْأَضْحَى عِيدًا جَعَلَهُ اللّٰهُ لِهَذِهِ الْأُمَّةِ فَقَالَ الرَّجُلُ أَرَأَيْتَ إِنْ لَمْ أَجِدْ إِلَّا مَنِيحَةً أُنْثَى أَفَأُضَحِّي بِهَا قَالَ لَا وَلَكِنْ تَأْخُذُ مِنْ شَعْرِكَ وَأَظْفَارِكَ وَتَقُصُّ شَارِبَكَ وَتَحْلِقُ عَانَتَكَ فَتِلْكَ تَمَامُ أُضْحِيَّتِكَ عِنْدَ اللّٰهِ.

بَابٌ ۴۴۰ الْأُضْحِيَّةُ عَنِ الْمَيِّتِ.

۱۰۲۷۔ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ قَالَ نَا شَرِيكٌ عَنْ أَبِي الْحَسْنَاءِ عَنِ الْحَكَمِ عَنْ حَنَشٍ قَالَ رَأَيْتُ عَلِيًّا رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يُضَحِّي بِكَبْشَيْنِ فَقُلْتُ لَهُ مَا هَذَا فَقَالَ إِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَوْصَانِي أَنْ أُضَحِّيَ

قربانی کا بیان

قربانی کے واجب ہونے کا بیان

مسدد، یزید۔ حمید بن مسعدہ، بشر، عبداللہ بن عون، عامر بن رملہ سے روایت ہے کہ حضرت مخنف بن سلیم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ ہم رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ عرفات میں ٹھہرے ہوئے تھے کہ آپ نے فرمایا، اے لوگو! ہر گھر والوں پر سال میں ایک دفعہ قربانی اور عتیرہ ہے۔ کیا تم جانتے ہو کہ عتیرہ کیا چیز ہے؟ عتیرہ وہی ہے جس کو لوگ رجبیہ کہتے ہیں۔

ہارون بن عبداللہ، عبداللہ بن یزید، سعید بن ابی ایوب، عیاش بن عباس قتبانی، عیسیٰ بن ہلال صدفی نے حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ مجھے حکم دیا گیا ہے قربانی کے روز عید منانے کا جو اللہ تعالیٰ نے اس اُمت کے لیے مقرر فرمائی ہے۔ ایک شخص عرض گزار ہوا کہ اگر مجھے کچھ میسر نہ آئے سوائے اس اونٹنی یا بکری وغیرہ کے جو دودھ پینے کے لیے عاریتاً یا کرائے پر ملی ہو تو کیا اسی کی قربانی پیش کر دوں؟ فرمایا نہیں لیکن تم اپنے بال کترا لو، ناخن کٹا لو، مونچھیں پست کرو اور موئے زیر ناف صاف کرو۔ اللہ تعالیٰ کے نزدیک بس یہی تمہاری قربانی ہے۔

میت کی طرف سے قربانی کرنا

حنش کا بیان ہے کہ میں نے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو دو دنبے قربانی کرتے دیکھا تو عرض گزار ہوا کہ یہ کیا بات ہے؟ انہوں نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے وصیت فرمائی تھی اپنی طرف سے قربانی کرنے کی۔ چنانچہ (ارشادِ عالی کے تحت) ایک قربانی میں حضور کی طرف سے

www.sirat-e-mustaqeem.com

عَنْهُ فَاَنَا اُضَحِّیْ عَنْهُ۔

سے پیش کررہا ہوں۔

ف۔ ایصالِ ثواب دو قسم کا ہوتا ہے۔ ایک وہ جو بزرگانِ دین کے لیے کہا جاتا ہے۔ دوسرا جو عام مسلمانوں کے لیے کیا جائے کہ دعاؤں اور ایصالِ ثواب کے ذریعے اُن کی نیکیوں میں اضافہ ہو اور ان کی اخروی زندگی سنور جائے جب کہ بزرگانِ دین کے لیے ایصالِ ثواب کرنے کا یہ مقصد نہیں ہوتا بلکہ اس بزرگ سے اپنی نسبت ثابت کرنا زیادہ مقصود ہوتا ہے کیونکہ وہ دوسروں کی طرح اس بات کے محتاج نہیں ہوتے کہ کوئی دعا اور ایصالِ ثواب کر کے ان کی عاقبت سنوارنے کی کوشش کرے۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو قربانی کی وصیت کرنا اور حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی طرف سے بھی قربانی کیا کرنا ایصالِ ثواب کی اُسی پہلی قسم سے ہے۔ بعض حضرات جن کے دل مقربینِ بارگاہِ الٰہیہ کی کدورت سے بھرے رہتے ہیں وہ کہا کرتے ہیں کہ "بزرگوں کے لیے ایصالِ ثواب کرنے والے اُن کو اَرْبَابًا مِّنْ دُوْنِ اللّٰہِ بنائے بیٹھے ہیں ورنہ بزرگوں کو تو ثواب کی ضرورت نہیں اور یہ آئے دن بزرگوں کو ثواب پہنچانے کی کوشش کرتے رہتے ہیں۔ معلوم ہوتا ہے کہ ایسے لوگ ایصالِ ثواب کے پردے میں بزرگوں کی پوجا پاٹ کرتے ہیں"۔ ایسی ذہنیت رکھنے والے خارجیت زدہ حضرات کو اس حدیث سے سبق حاصل کرنا چاہیے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو اپنی طرف سے قربانی کرنے کی وصیت کیوں فرمائی تھی؟ فافہم۔

باب ۴۴۲ الرَّجُلُ یَاْخُذُ مِنْ شَعْرِهٖ فِی الْعَشْرِ وَهُوَ یُرِیْدُ اَنْ یُّضَحِّیَ۔

قربانی کرنے والے کا دس دن تک بال نہ کتروانا

۱۰۱۸ - حَدَّثَنَا عُبَیْدُ اللّٰهِ بْنُ مُعَاذٍ قَالَ نَا اَبِیْ قَالَ نَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو قَالَ نَا عَمْرُو بْنُ مُسْلِمٍ اللَّیْثِیُّ قَالَ سَمِعْتُ سَعِیْدَ بْنَ الْمُسَیَّبِ یَقُوْلُ سَمِعْتُ اُمَّ سَلَمَةَ تَقُوْلُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَنْ كَانَ لَهٗ ذِبْحٌ یَّذْبَحُهٗ فَاِذَا اَهَلَّ هِلَالُ ذِی الْحِجَّةِ فَلَا یَاْخُذَنَّ مِنْ شَعْرِهٖ وَلَا مِنْ اَظْفَارِهٖ شَیْئًا حَتّٰى یُضَحِّیَ۔

عبیداللہ بن معاذ، اُن کے والد ماجد، محمد بن عمرو، عمرو بن مسلم لیثی، سعید بن مسیب نے حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو فرماتے ہوئے سنا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جس شخص کے پاس قربانی کا جانور ہو جسے وہ ذبح کرنا چاہتا ہے تو جب ذوالحجہ کا چاند نظر آجائے تو اپنے بال نہ کتروائے اور نہ اپنے ناخن کاٹے، یہاں تک کہ قربانی پیش کرے۔

ف۔ ذی الحجہ کا چاند دیکھ کر قربانی کرنے تک اگر کوئی بال نہ کتروائے اور نہ ناخن کاٹے تو حاجیوں کی مشابہت کرنے کے باعث ثواب پائے گا۔ یہ حکم استحبابی ہے۔ اگر قربانی نہ کرنے والا بھی ایسا کرے تو ثواب پائے گا۔ اور نہ کرے تو کوئی گناہ نہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

باب ۴۴۳ مَا یُسْتَحَبُّ مِنَ الضَّحَایَا۔

قربانی کے لیے کیسے جانور بہتر ہیں؟

۱۰۱۹ - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ قَالَ نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ قَالَ اَخْبَرَنِیْ حَیْوَةُ قَالَ

عروہ بن زبیر نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے

www.sirat-e-mustaqeem.com

حَدَّثَنِي أَبُو صَخْرٍ عَنِ ابْنِ قُسَيْطٍ عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ عَنْ عَائِشَةَ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَمَرَ بِكَبْشٍ أَقْرَنَ يَطَأُ فِي سَوَادٍ وَيَنْظُرُ فِي سَوَادٍ وَيَبْرُكُ فِي سَوَادٍ فَأُتِيَ بِهِ فَضَحَّى بِهِ فَقَالَ يَا عَائِشَةُ هَلُمِّي الْمُدْيَةَ ثُمَّ قَالَ اشْحَذِيهَا بِحَجَرٍ فَفَعَلْتُ فَأَخَذَهَا وَأَخَذَ الْكَبْشَ فَأَضْجَعَهُ فَذَبَحَهُ وَقَالَ بِسْمِ اللهِ اللَّهُمَّ تَقَبَّلْ مِنْ مُحَمَّدٍ وَآلِ مُحَمَّدٍ وَمِنْ أُمَّةِ مُحَمَّدٍ ثُمَّ ضَحَّى بِهِ۔

سینگوں والے مینڈھے کے لیے حکم فرمایا جس کے سینگ سیاہ، آنکھیں سیاہ اور جسمانی اعضا سیاہ ہوں۔ پس وہ لایا گیا تو اس کی قربانی دینے لگے۔ فرمایا کہ اے عائشہ! چھری تو لاؤ۔ پھر فرمایا کہ اُسے پتھر پر تیز کر لینا۔ پس میں نے ایسا ہی کیا تو مجھ سے لے لی اور مینڈھے کو پکڑ کر لٹایا اور ذبح کرنے لگے تو کہا، اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں۔ اے اللہ! اسے قبول فرما محمد کی طرف سے، آلِ محمد کی طرف سے اور اُمّتِ محمد کی طرف سے پھر اس کی قربانی پیش کر دی۔

ف۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم قربانی کے جانور کو ذبح کرتے وقت بھی آلِ محمد کی جانب منسوب فرمایا کرتے تھے اور اللہ کا نام لے کر ذبح کرتے۔ معلوم ہوا جو جانور اللہ کا نام لے کر ذبح کیا جاتے تو ثواب میں شریک کرنے یا ایصالِ ثواب کی غرض سے اللہ والوں کی جانب منسوب کر دینے سے ما اُہِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ میں شمار نہیں ہوتا۔ جو جانور بزرگوں کی جانب منسوب کیا جائے کہ ان کے لیے ایصالِ ثواب کرنا ہے اور اُسے اللہ کا نام لے کر ذبح کیا جائے تو اُسے حرام اور مُردار ٹھہرانے والے شریعتِ مطہرہ پر ظلم کرتے اور بزرگوں سے دشمنی رکھنے کا ثبوت دیتے ہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

١٠٢٠۔ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْمَعِيلَ قَالَ نَا وُهَيْبٌ عَنْ أَيُّوبَ عَنْ أَبِي قِلَابَةَ عَنْ أَنَسٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحَرَ سَبْعَ بَدَنَاتٍ بِيَدِهِ قِيَامًا وَضَحَّى بِالْمَدِينَةِ بِكَبْشَيْنِ أَقْرَنَيْنِ أَمْلَحَيْنِ۔

ابو قلابہ نے حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے کھڑے ہو کر سات اونٹ اپنے دستِ مبارک سے نحر فرمائے اور مدینہ منورہ میں دو مینڈھوں کی قربانی پیش کی جو سینگوں والے اور چتکبرے تھے

١٠٢١۔ حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ نَا هِشَامٌ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ أَنَسٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ضَحَّى بِكَبْشَيْنِ أَقْرَنَيْنِ أَمْلَحَيْنِ يَذْبَحُ وَيُكَبِّرُ وَيُسَمِّي وَيَضَعُ رِجْلَهُ عَلَى صَفْحَتِهِمَا۔

قتادہ نے حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے سینگوں والے چتکبرے دو مینڈھوں کی قربانی پیش کی۔ ذبح کرتے وقت تکبیر و تسمیہ کہی اور اپنا دستِ مبارک ان کے سینے پر رکھے۔

١٠٢٢۔ حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُوسَى الرَّازِيُّ قَالَ نَا عِيسَى قَالَ نَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَقَ عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي حَبِيبٍ عَنْ أَبِي عَيَّاشٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ قَالَ ذَبَحَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ

ابو عیاش سے روایت ہے کہ حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا، نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے قربانی کے روز دو مینڈھے سینگوں والے، چتکبرے خصّی ذبح فرمائے۔ جب انہیں قبلہ رو کیا تو کہا، بیشک

www.sirat-e-mustaqeem.com

وَسَلَّمَ يَوْمَ الذَّبْحِ كَبْشَيْنِ أَقْرَنَيْنِ أَمْلَحَيْنِ مَوْجُوئَيْنِ فَلَمَّا وَجَّهَهُمَا قَالَ إِنِّي وَجَّهْتُ وَجْهِيَ لِلَّذِي فَطَرَ السَّمٰوَاتِ وَالْأَرْضَ عَلَى مِلَّةِ إِبْرَاهِيمَ حَنِيفًا وَمَا أَنَا مِنَ الْمُشْرِكِينَ إِنَّ صَلَاتِي وَنُسُكِي وَمَحْيَايَ وَمَمَاتِي لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِينَ لَا شَرِيكَ لَهُ وَبِذٰلِكَ أُمِرْتُ وَأَنَا مِنَ الْمُسْلِمِينَ اَللّٰهُمَّ مِنْكَ وَلَكَ عَنْ مُحَمَّدٍ وَأُمَّتِهِ بِسْمِ اللّٰهِ وَاللّٰهُ أَكْبَرُ ثُمَّ ذَبَحَ۔

میں نے اپنا منہ اس ذات کی طرف کیا جس نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا ہے۔ یہ کام حضرت ابراہیم کے طریقے پر ہے، ایک خدا کا ہوکر اور میں مشرکوں میں سے نہیں ہوں۔ بیشک میری نماز، میری عبادتیں، میری زندگی اور میری موت اللہ کے لیے ہے جو تمام جہانوں کا رب ہے اس کا کوئی شریک نہیں اور اسی کا مجھے حکم دیا گیا ہے اور میں مسلمانوں سے ہوں۔ اے اللہ یہ تیری طرف سے اور تیرے لیے ہے، محمد اور اسکی اُمّت کی جانب سے اللہ کے نام سے شروع اور اللہ بہت بڑا ہے پھر ذبح فرمایا۔

ف۔ یہ رحمتِ دوعالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا اپنی اُمّت پر لطف وکرم تھا کہ اپنی قربانی میں اُمّت کو بھی شامل فرما لیا کرتے تھے۔ اس حدیث کے مطابق آپ بِسْمِ اللّٰهِ اَللّٰهُ أَكْبَرُ کہنے سے پہلے متصلاً ہی کہا کرتے۔ اَللّٰهُمَّ مِنْكَ وَلَكَ عَنْ مُحَمَّدٍ وَأُمَّتِهٖ ____ اُمّت کی جانب بھی منسوب کرنے سے معلوم ہوا کہ بوقتِ ذبح بھی اگر جانور کو کسی اللہ والے کی طرف منسوب کیا جائے تو اس کی حلت میں کوئی فرق نہیں آتا جب کہ اللہ کا نام لے کر اللہ کے لیے ذبح کیا جائے ایسی نسبت کو حرام بتانے والے اپنے فیصلوں پر نظرِ ثانی کریں اور قرآن وحدیث کے واضح نصوص کی مخالفت نہ کریں تو ان کا اپنا ہی بھلا ہے۔ وَاللّٰهُ يَهْدِي مَنْ يَّشَاءُ إِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۔

١٠٢٣۔ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مَعِينٍ قَالَ نَا حَفْصٌ عَنْ جَعْفَرٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ قَالَ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُضَحِّي بِكَبْشٍ أَقْرَنَ فَحِيلٍ يَنْظُرُ فِي سَوَادٍ وَيَأْكُلُ فِي سَوَادٍ وَيَمْشِي فِي سَوَادٍ۔

جعفر نے اپنے والد ماجد سے روایت کی ہے کہ حضرت ابوسعید رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرمایا اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سینگوں والا مینڈھا قربانی کیا کرتے تھے جو سیاہ آنکھوں سے دیکھتا، سیاہ منہ سے کھاتا اور سیاہ ٹانگوں سے چلتا تھا۔

بَابُ ٣٤٣ مَا يَجُوزُ مِنَ السِّنِّ فِي الضَّحَايَا۔

کس عمر کے جانور کی قربانی جائز ہے

١٠٢٤۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ أَبِي شُعَيْبٍ الْحَرَّانِيُّ قَالَ أَنَا زُهَيْرُ بْنُ مُعَاوِيَةَ قَالَ أَنَا أَبُو الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَذْبَحُوا إِلَّا مُسِنَّةً إِلَّا أَنْ يَعْسُرَ عَلَيْكُمْ فَتَذْبَحُوا جَذَعَةً مِنَ الضَّأْنِ۔

ابوالزبیر نے حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ نہ ذبح کرو مگر مُسِنّہ کو ماسوائے اس کے کہ میسر نہ آئے تو اس صورت میں بھیڑ دنبوں سے جذعہ کو ذبح کر لیا کرو۔

ف۔ اونٹوں میں سے مسنہ وہ ہے جو پورے پانچ سال کا ہو جائے اور گائے بھینس میں سے جس کی عمر پوری دو سال ہو جائے۔ بھیڑ بکری اور دنبہ سال کا ہو تو قربانی دی جا سکتی ہے۔ اس حدیث اور بعض دیگر احادیث میں اجازت مرحمت فرمائی ہے کہ اگر مُسِنّہ نہ ملے تو ضان سے جذعہ کی قربانی بھی کی جا سکتی ہے۔ ان دونوں لفظوں کی تعریف میں اختلاف ہے۔ لغوی لحاظ سے ضان کا لفظ بھیڑ، چھترا دنبہ سب پر بولا جا سکتا ہے۔ لیکن فقہائے احناف نے اسے معرف

www.sirat-e-mustaqeem.com

بلوم العہد سے تعبیر کر کے دُنبے پر محمول فرمایا جس کی چکی ہوتی ہے۔ جذعہ سال سے کم عمر کا ہوتا ہے لیکن اس کے بارے میں بھی اقوال مختلف ہیں کہ مراد چھ ماہ ہے یا دس ماہ۔ بہرحال احتیاط اسی میں ہے کہ بکری بھیڑ اور چھترے کی قربانی اس وقت دی جائے جب وہ پورا ایک سال ہو جائے۔ چکی والا دنبہ اگر سال سے کسی قدر کم اور خوب فربہ ہو جو ایک سال والے کی طرح نظر آئے تو اس کی قربانی دی جا سکتی ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم

۱۰۳۵۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ صُدْرَانَ قَالَ نَا عَبْدُ الْاَعْلٰى بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰى قَالَ نَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحٰقَ قَالَ حَدَّثَنِيْ عُمَارَةُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ طُعْمَةَ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدِ الْجُهَنِيِّ قَالَ قَسَمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ اَصْحَابِهٖ ضَحَايَا فَاَعْطَانِيْ عَتُوْدًا جَذَعًا قَالَ فَرَجَعْتُ بِهٖ اِلَيْهِ فَقُلْتُ اِنَّهٗ جَذَعٌ قَالَ ضَحِّ بِهٖ فَضَحَّيْتُ بِهٖ۔

محمد بن صدران، عبدالاعلیٰ بن عبدالاعلیٰ، محمد بن اسحاق، عمارہ بن عبداللہ بن طعمہ، سعید بن مسیب سے روایت ہے کہ حضرت زید بن خالد جہنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنے اصحاب میں قربانی کے جانور تقسیم فرمائے تو مجھے جذعہ یعنی بکری کا ایک سالہ بچہ عطا فرمایا۔ میں اسے لے کر واپس حاضرِ بارگاہ ہوا اور عرض کی کہ یہ تو ایک سالہ ہے۔ فرمایا، اسی کی قربانی کر دو، تو میں نے اسی کی قربانی پیش کر دی۔

۱۰۳۶۔ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ قَالَ اَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ اَنَا الثَّوْرِيُّ عَنْ عَاصِمِ بْنِ كُلَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ كُنَّا مَعَ رَجُلٍ مِّنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُقَالُ لَهٗ مُجَاشِعٌ مِّنْ بَنِيْ سُلَيْمٍ فَعَزَّتِ الْغَنَمُ فَاَمَرَ مُنَادِيًا فَنَادٰى اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُوْلُ اِنَّ الْجَذَعَ يُوَفِّيْ مِمَّا يُوَفِّيْ مِنْهُ الثَّنِيُّ۔

عاصم بن کلیب کے والد ماجد نے فرمایا کہ ہم نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ایک صحابی کے ساتھ تھے جنہیں مجاشع کہا جاتا تھا اور وہ بنی سلیم سے تھے (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) ایک دفعہ بکریوں کی گرانی کے موقع پر انہوں نے منادی کو ندا کرنے کا حکم دیا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرمایا کرتے کہ ایک سالہ بچہ بھی بھی کفایت کرتا ہے جس سے دو سالہ بچہ کفایت کرے۔

۱۰۳۷۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ قَالَ نَا اَبُو الْاَحْوَصِ قَالَ نَا مَنْصُوْرٌ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنِ الْبَرَاءِ قَالَ خَطَبَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ النَّحْرِ بَعْدَ الصَّلٰوةِ فَقَالَ مَنْ صَلّٰى صَلَاتَنَا وَنَسَكَ نُسُكَنَا فَقَدْ اَصَابَ النُّسُكَ وَمَنْ نَسَكَ قَبْلَ الصَّلٰوةِ فَتِلْكَ شَاةُ لَحْمٍ فَقَامَ اَبُوْ بُرْدَةَ بْنُ نِيَارٍ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَاللّٰهِ لَقَدْ نَسَكْتُ قَبْلَ اَنْ اَخْرُجَ اِلَى الصَّلٰوةِ وَعَرَفْتُ اَنَّ الْيَوْمَ يَوْمُ اَكْلٍ وَّشُرْبٍ فَتَعَجَّلْتُ فَاَكَلْتُ وَاَطْعَمْتُ اَهْلِيْ وَجِيْرَانِيْ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ

شعبی سے روایت ہے کہ حضرت براء رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے قربانی کے روز نمازِ عید کے بعد ہمیں خطبہ دیتے ہوئے فرمایا، جس نے ہماری طرح نماز پڑھی اور ہماری طرح قربانی کی، اُس نے قربانی کا ثواب پایا اور جس نے نماز سے پہلے قربانی کر لی تو وہ بکری کا گوشت ہے۔ پس حضرت ابو بردہ بن نیار کھڑے ہو کر عرض گزار ہوئے یا رسول اللہ! خدا کی قسم، ہم تو نماز کے لیے نکلنے سے پہلے قربانی کر بیٹھے، یہ سمجھتے ہوئے کہ آج کا دن تو کھانے پینے کے لیے ہے۔ پس میں نے جلدی کی کہ خود کھایا نیز اپنے گھر والوں اور ہمسایوں کو کھلایا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ

www.sirat-e-mustaqeem.com

صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تِلْكَ شَاةُ لَحْمٍ فَقَالَ إِنَّ عِنْدِي عَنَاقًا جَذَعَةً وَهِيَ خَيْرٌ مِنْ شَاتَيْ لَحْمٍ فَهَلْ تُجْزِئُ عَنِّي قَالَ نَعَمْ وَلَنْ تُجْزِيَ عَنْ أَحَدٍ بَعْدَكَ۔

یہ تو بکری کا گوشت ہے۔ عرض گزار ہوئے کہ میرے پاس بکری کا جذعہ (چھ ماہ سے زائد عمر کا بچہ) ہے جو گوشت میں دو بکریوں سے بڑھ کر ہے، کیا وہ میری طرف سے کفایت کریگا؟ فرمایا ہاں اور تمہارے بعد کسی کے لیے کفایت نہیں کرے گا۔

۱۰۲۸۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا خَالِدٌ عَنْ مُطَرِّفٍ عَنْ عَامِرٍ عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ قَالَ ضَحّٰى خَالٌ لِي يُقَالُ لَهُ أَبُو بُرْدَةَ قَبْلَ الصَّلٰوةِ فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَاتُكَ شَاةُ لَحْمٍ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللهِ إِنَّ عِنْدِي دَاجِنًا جَذَعَةً مِنَ الْمَعْزِ فَقَالَ اذْبَحْهَا وَلَا تَصْلُحُ لِغَيْرِكَ۔

عامر سے روایت ہے کہ حضرت براء بن عازب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا، میرے ماموں جان حضرت ابو بُردہ نے نمازِ عید سے پہلے قربانی کرلی تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اُن سے فرمایا کہ تمہاری بکری ہوئی۔ عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ! میرے پاس بکری کا ایک جذعہ (چھ ماہ سے زائد عمر کا بچہ) ہے فرمایا اُسے ذبح کرلو اور تمہارے سوا کسی کے لیے درست نہیں۔

ف۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو اللہ تعالیٰ نے یہ خصوصیت بھی مرحمت فرمائی تھی کہ خاص حالات میں اگر اپنے کسی اُمتی کو کسی رعایت سے نوازنا چاہیں تو نوازدیں۔ چاہیں تو کسی حکم خداوندی سے مستثنیٰ قرار دے دیں۔ یہ بات رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے خصائص سے ہے جس کی احادیثِ مطہرہ میں متعدد مثالیں وارد ہوئی ہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

بَابُ ۲۴۲ مَا يُكْرَهُ مِنَ الضَّحَايَا۔

کونسے جانوروں کی قربانی مکروہ ہے

۱۰۲۹۔ حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ النَّمَرِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ عُبَيْدِ بْنِ فَيْرُوزَ قَالَ سَأَلْتُ الْبَرَاءَ بْنَ عَازِبٍ مَا لَا يَجُوزُ فِي الْأَضَاحِيِّ فَقَالَ قَامَ فِينَا رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَصَابِعِي أَقْصَرُ مِنْ أَصَابِعِهِ وَأَنَامِلِي أَقْصَرُ مِنْ أَنَامِلِهِ فَقَالَ أَرْبَعٌ لَا تَجُوزُ فِي الْأَضَاحِيِّ الْعَوْرَاءُ بَيِّنٌ عَوَرُهَا وَالْمَرِيضَةُ بَيِّنٌ مَرَضُهَا وَالْعَرْجَاءُ بَيِّنٌ ظَلْعُهَا وَالْكَسِيرَةُ الَّتِي لَا تُنْقِي قَالَ قُلْتُ فَإِنِّي أَكْرَهُ أَنْ يَكُونَ فِي السِّنِّ نَقْصٌ فَقَالَ مَا كَرِهْتَ فَدَعْهُ وَلَا تُحَرِّمْهُ عَلٰى أَحَدٍ۔

عبید بن فیروز کا بیان ہے کہ میں نے حضرت براء بن عازب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے پوچھا کہ کون سے جانوروں کی قربانی درست نہیں ہے؟ فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہمارے درمیان کھڑے ہوئے جب کہ میری انگلیاں حضور کی انگلیوں سے اور میرے پورے حضور کے پوروں سے حقیر ہیں۔ آپ نے چار انگلیوں سے اشارہ کرتے ہوئے فرمایا کہ قربانی میں چار قسم کے جانور درست نہیں ہیں۔ ایک تو کانا جس کا کانا ہونا ظاہر ہو۔ دوسرا بیمار جس کی بیماری ظاہر ہو تیسرا لنگڑا جس کا لنگڑانا ظاہر ہو اور چوتھا وہ بوڑھا جانور جس کی ہڈیوں میں مغز نہ رہا ہو۔ میں عرض گزار ہوا کہ جس کی عمر کم ہو یا جس کے دانت میں نقص ہو مجھے وہ بھی ناپسند ہے۔ فرمایا جو تمہیں ناپسند ہو اُسے چھوڑ دو لیکن دوسروں کے لیے حرام نہ ٹھہراؤ۔

۱۰۳۰۔ حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُوسَى الرَّازِيُّ قَالَ أَخْبَرَنَا ح وَحَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ بَحْرٍ نَا عِيسَى الْمَعْنٰى عَنْ ثَوْرٍ قَالَ حَدَّثَنَا أَبُو حُمَيْدٍ الرُّعَيْنِيُّ

ابراہیم بن موسیٰ رازی، علی بن بحر، عیسیٰ، ثور، ابو حمید رعینی، یزید کا بیان ہے کہ میں عتبہ بن عبد سلمی کی خدمت حاضر ہو کر عرض گزار ہوا کہ اے ابو الولید! میں قربانی

www.sirat-e-mustaqeem.com

قَالَ اَخْبَرَنِیْ يَزِيْدُ ذُوْمِصْرٍ قَالَ اَتَيْتُ عُتْبَةَ ابْنَ عَبْدٍ السُّلَمِیَّ فَقُلْتُ يَا اَبَا الْوَلِيْدِ اِنِّیْ خَرَجْتُ اَلْتَمِسُ الضَّحَايَا فَلَمْ اَجِدْ شَيْئًا يُعْجِبُنِیْ غَيْرَ ثَرْمَاءَ فَكَرِهْتُهَا فَمَا تَقُوْلُ فَقَالَ اَفَلَا جِئْتَنِیْ بِهَا قُلْتُ سُبْحٰنَ اللّٰهِ تَجُوْزُ عَنْكَ وَلَا تَجُوْزُ عَنِّیْ قَالَ نَعَمْ اِنَّكَ تَشُكُّ وَلَا اَشُكُّ اِنَّمَا نَهٰی رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْمُصْفَرَّةِ وَالْمُسْتَاْصَلَةِ وَالْبَخْقَاءِ وَالْمُشَيَّعَةِ وَالْكَسْرَاءِ فَالْمُصْفَرَّةُ الَّتِیْ تُسْتَاْصَلُ اُذُنُهَا حَتّٰی يَبْدُوَ صِمَاخُهَا وَالْمُسْتَاْصَلَةُ الَّتِیْ يُسْتَاْصَلُ قَرْنُهَا مِنْ اَصْلِهٖ وَالْبَخْقَاءُ الَّتِیْ تُبْخَقُ عَيْنُهَا وَالْمُشَيَّعَةُ الَّتِیْ لَا تَتْبَعُ الْغَنَمَ عَجَفًا وَضَعْفًا وَالْكَسْرَاءُ الْكَسِيْرَةُ۔

کا جانور تلاش کرنے کے لیے نکلا تو مجھے کوئی پسند نہ آیا سوائے ایک دانت ٹوٹا ہوا ہے جسے میں ناپسند کرتا ہوں تو آپ کیا فرماتے ہیں؟ فرمایا کہ تم اُسے میرے لیے کیوں نہ لائے؟ میں نے کہا: سبحان اللہ! آپ کے لیے جائز اور میرے لیے جائز نہیں؟ فرمایا ہاں کیونکہ تم شک کرتے ہو اور میں شک نہیں کرتا حالانکہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے تو مصفرہ، مستاصلہ، بخقاء، مشیعہ اور کسراء سے منع فرمایا ہے۔ مصفرہ وہ ہے جس کا کان اِتنا کٹ جائے کہ کان کا سوراخ کھل جائے۔ مستاصلہ وہ ہے جس کا سینگ جڑ سے نہ رہے۔ بخقاء وہ ہے جس کی بینائی جاتی رہے۔ مشیعہ وہ ہے جو کمزوری اور نقاہت کے باعث دوسرے جانوروں کے ساتھ نہ چل سکے اور کسراء وہ ہے جس کی کوئی ٹانگ ٹوٹ گئی ہو۔

١٠٣١ - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ النُّفَيْلِیُّ قَالَ نَا زُهَيْرٌ قَالَ نَا اَبُوْ اِسْحٰقَ عَنْ شُرَيْحِ بْنِ النُّعْمَانِ وَكَانَ رَجُلَ صِدْقٍ عَنْ عَلِیٍّ قَالَ اَمَرَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ نَسْتَشْرِفَ الْعَيْنَ وَالْاُذُنَ وَلَا نُضَحِّیَ بِعَوْرَاءَ وَلَا مُقَابَلَةٍ وَلَا مُدَابَرَةٍ وَلَا خَرْقَاءَ وَلَا شَرْقَاءَ قَالَ زُهَيْرٌ فَقُلْتُ لِاَبِیْ اِسْحٰقَ اَذَكَرَ عَضْبَاءَ قَالَ لَا قُلْتُ فَمَا الْمُقَابَلَةُ قَالَ يُقْطَعُ طَرَفُ الْاُذُنِ فَقُلْتُ فَمَا الْمُدَابَرَةُ قَالَ يُقْطَعُ مِنْ مُؤَخَّرِ الْاُذُنِ قُلْتُ فَمَا الشَّرْقَاءُ قَالَ تُشَقُّ الْاُذُنُ قُلْتُ فَمَا الْخَرْقَاءُ قَالَ تُخْرَقُ اُذُنُهَا لِلسِّمَةِ۔

شریح بن نعمان سے روایت ہے جو سچے آدمی تھے کہ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ہمیں حکم فرمایا ہے کہ قربانی کے جانور کی آنکھیں اور کان غور سے دیکھا کریں اور ایسے جانور کی قربانی نہ کریں جو کانا ہو یا جس کا کان آگے یا پیچھے سے کٹا ہوا ہو۔ زہیر کا بیان ہے کہ میں نے ابواسحاق سے کہا کہ کیا عضباء کا ذکر بھی کیا تھا؟ کہا نہیں۔ میں نے کہا کہ مقابلہ کیا ہے؟ فرمایا کہ جس کا آگے سے کان کٹا ہوا ہو۔ میں نے کہا کہ مدابرہ کیا ہے؟ فرمایا کہ جس کا کان پیچھے سے کٹا ہوا ہو۔ میں نے کہا کہ شرقاء کیا ہے؟ فرمایا کہ جس کا کان پھاڑ دیا جائے۔ میں نے کہا کہ خرقاء کیا ہے؟ فرمایا کہ جس کا لمبائی میں کان چیر دیا جائے۔

١٠٣٢ - حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ نَا هِشَامٌ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ جُرَیِّ بْنِ كُلَيْبٍ عَنْ عَلِیٍّ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰی اَنْ يُضَحّٰی بِعَضْبَاءِ الْاُذُنِ وَالْقَرْنِ قَالَ اَبُوْ دَاؤدَ جُرَیٌّ سَدُوْسِیٌّ بَصْرِیٌّ لَمْ يُحَدِّثْ عَنْهُ اِلَّا قَتَادَةُ۔

جُری بن کلیب نے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایسے جانور کی قربانی کرنے سے منع فرمایا ہے جس کا کان کٹا ہوا یا سینگ ٹوٹا ہوا ہو۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ جُری سدوسی تو بصری ہیں اور ان سے حدیث روایت نہیں کی مگر قتادہ نے۔

www.sirat-e-mustaqeem.com

۱۰۳۳ - حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ قَالَ نَا يَحْيَى قَالَ نَا هِشَامٌ عَنْ قَتَادَةَ قَالَ قُلْتُ يَعْنِي لِسَعِيدِ ابْنِ الْمُسَيَّبِ مَا الْأَعْضَبُ قَالَ النِّصْفُ فَمَا فَوْقَهُ۔

مسدد، یحیی، ہشام، قتادہ نے سعید بن مسیب سے کہا کہ عضباء کیا ہے؟ فرمایا کہ جس کا نصف یا اس سے زیادہ کان کٹا ہوا ہو۔

باب ۲۲۵ الْبَقَرُ وَالْجَزُورُ عَنْ كَمْ تُجْزِئُ۔

گائے اور اونٹ کتنے آدمیوں کی طرف سے کفایت کرتے ہیں

۱۰۳۴ - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ قَالَ حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ قَالَ نَا عَبْدُ الْمَلِكِ عَنْ عَطَاءٍ عَنْ جَابِرِ ابْنِ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ كُنَّا نَتَمَتَّعُ فِي عَهْدِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَذْبَحُ الْبَقَرَةَ عَنْ سَبْعَةٍ وَالْجَزُورَ عَنْ سَبْعَةٍ نَشْتَرِكُ فِيهَا۔

عطاء سے روایت ہے کہ حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: ہم رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے زمانے میں یہ فائدہ حاصل کرتے کہ گائے ذبح کرتے سات آدمیوں کی طرف سے اور اونٹ ذبح کرتے سات آدمیوں کی طرف سے، جس میں شریک ہو جاتے۔

۱۰۳۵ - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْمَاعِيلَ قَالَ أَنَا حَمَّادٌ عَنْ قَيْسٍ عَنْ عَطَاءٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْبَقَرَةُ عَنْ سَبْعَةٍ وَالْجَزُورُ عَنْ سَبْعَةٍ۔

عطاء نے جابر بن عبد اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: گائے سات آدمیوں کی طرف سے اور اونٹ سات آدمیوں کی طرف سے کفایت کر سکتا ہے۔

۱۰۳۶ - حَدَّثَنَا الْقَعْنَبِيُّ عَنْ مَالِكٍ عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ الْمَكِّيِّ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ أَنَّهُ قَالَ نَحَرْنَا مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْحُدَيْبِيَةِ الْبَدَنَةَ عَنْ سَبْعَةٍ وَالْبَقَرَةَ عَنْ سَبْعَةٍ۔

ابو الزبیر مکی سے روایت ہے کہ حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: ہم نے حدیبیہ میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ اونٹ نحر کیا سات آدمیوں کی طرف سے اور گائے ذبح کی سات کی طرف سے۔

باب ۲۲۶ فِي الشَّاةِ يُضَحَّى بِهَا عَنْ جَمَاعَةٍ۔

پوری جماعت کی طرف سے ایک بکری کی قربانی کرنا

۱۰۳۷ - حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ يَعْنِي الْإِسْكَنْدَرَانِيَّ عَنْ عَمْرٍو عَنِ الْمُطَّلِبِ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ شَهِدْتُ مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْأَضْحَى فِي الْمُصَلَّى فَلَمَّا قَضَى خُطْبَتَهُ نَزَلَ مِنْ مِنْبَرِهِ وَأُتِيَ بِكَبْشٍ فَذَبَحَهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِيَدِهِ وَقَالَ بِسْمِ اللَّهِ وَاللَّهُ أَكْبَرُ هٰذَا عَنِّي وَعَمَّنْ لَمْ يُضَحِّ مِنْ أُمَّتِي۔

مطلب سے روایت ہے کہ حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا: میں عید الاضحیٰ کے روز عید گاہ کے اندر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں موجود تھا۔ جب آپ خطبے سے فارغ ہوئے تو منبر سے اتر آئے اور ایک مینڈھا لایا گیا تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اُسے اپنے دستِ مبارک سے ذبح فرمایا اور کہا: اللہ کے نام سے شروع اور اللہ بہت بڑا ہے، یہ میری طرف سے ہے اور میرے ہر اس اُمتی کی طرف سے جو قربانی نہ کر سکے۔

ف۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی اپنی اُمت پر جو بے پایاں شفقت اور خاص نگاہِ لطف و کرم ہے یہ بھی اسی

www.sirat-e-mustaqeem.com

کا ایک کرشمہ تھا کہ اپنی قربانی میں امت کے ناداروں کو بھی شامل فرما لیا کرتے تھے۔ اسی خاص محبت کے باعث تو خدائے علیم و خبیر نے اپنے کلام معجز نظام میں اپنے محبوب کی اس خوبی کو یوں بیان فرمایا ہے۔

لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيْصٌ عَلَيْكُمْ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ۝ (۹ : ۱۲۸)

بیشک تمہارے پاس تشریف لائے تم میں سے وہ رسول جن پر تمہارا مشقت میں پڑنا گراں ہے۔ تمہاری بھلائی کے نہایت چاہنے والے، مسلمانوں پر کمال شفیق مہربان۔

بَابُ [illegible] الْإِمَامُ يَذْبَحُ بِالْمُصَلَّى۔

امام عیدگاہ میں ذبح کرے

۱۰۳۸۔ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ اَنَّ اَبَا اُسَامَةَ حَدَّثَهُمْ عَنْ اُسَامَةَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَذْبَحُ اُضْحِيَّتَهُ بِالْمُصَلَّى وَكَانَ ابْنُ عُمَرَ يَفْعَلُهُ۔

عثمان بن ابو شیبہ، ابو اسامہ، نافع نے حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم قربانی کے جانور کو عیدگاہ میں ذبح فرمایا کرتے اور حضرت ابن عمر بھی ایسا ہی کیا کرتے تھے۔

بَابُ [illegible] حَبْسِ لُحُوْمِ الْاَضَاحِيِّ۔

قربانی کے گوشت کو جمع کر کے رکھنا

۱۰۳۹۔ حَدَّثَنَا الْقَعْنَبِيُّ عَنْ مَالِكٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ بَكْرٍ عَنْ عَمْرَةَ بِنْتِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَالَتْ سَمِعْتُ عَائِشَةَ تَقُوْلُ دَفَّ نَاسٌ مِّنْ اَهْلِ الْبَادِيَةِ حَضْرَةَ الْاَضْحٰى فِيْ زَمَانِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ادَّخِرُوا الثُّلُثَ وَتَصَدَّقُوْا بِمَا بَقِيَ قَالَتْ فَلَمَّا كَانَ بَعْدَ ذٰلِكَ قِيْلَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ لَقَدْ كَانَ النَّاسُ يَنْتَفِعُوْنَ مِنْ ضَحَايَاهُمْ وَيَجْمِلُوْنَ مِنْهَا الْوَدَكَ وَيَتَّخِذُوْنَ مِنْهَا الْاَسْقِيَةَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَا ذَاكَ اَوْ كَمَا قَالَ قَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ نَهَيْتَ عَنْ اِمْسَاكِ لُحُوْمِ الضَّحَايَا بَعْدَ ثَلٰثٍ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّمَا نَهَيْتُكُمْ مِّنْ اَجْلِ الدَّافَّةِ الَّتِيْ دَفَّتْ عَلَيْكُمْ فَكُلُوْا وَتَصَدَّقُوْا وَادَّخِرُوْا۔

عمرہ بنت عبدالرحمٰن نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو فرماتے ہوئے سنا، دیہات کے رہنے والے عیدالاضحیٰ کے روز رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے زمانے میں آئے تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، صرف تین دن کے لیے رکھ لو اور باقی راہِ خدا بانٹ دو۔ اس کے بعد جب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض کی گئی کہ یا رسول اللہ پہلے لوگ اپنی قربانیوں سے فائدہ اٹھایا کرتے تھے کہ ان کی چربی اٹھا رکھتے اور ان سے مشکیں بنا لیا کرتے تھے۔ چنانچہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، تو کیا ہو گیا؟ لوگ عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ! آپ نے قربانی کا گوشت تین دن سے زیادہ رکھنے سے منع فرما دیا ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں نے تمہیں ان غریبوں کی وجہ سے منع کیا تھا جو دیہات سے تمہارے پاس آ گئے تھے، لہٰذا اب کھاؤ صدقہ کرو اور جمع کر لیا کرو۔

۱۰۴۰۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ [illegible] عَنْ اَبِي الْمَلِيْحِ عَنْ نُبَيْشَةَ

ابو الملیح نے حضرت نبیشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، بیشک

قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّا كُنَّا نَهَيْنَاكُمْ عَنْ لُحُوْمِهَا أَنْ تَأْكُلُوْا فَوْقَ ثَلٰثٍ لِكَيْ تَسَعَكُمْ فَكُلُوْا وَادَّخِرُوْا وَاتَّجِرُوْا أَلَا وَإِنَّ هٰذِهِ الْأَيَّامَ أَيَّامُ أَكْلٍ وَشُرْبٍ وَذِكْرِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ۔

میں نے تمہیں قربانیوں کا گوشت تین دن سے زیادہ کھانے سے منع کیا تھا تاکہ زیادہ سے زیادہ آدمیوں تک پہنچ جائے لیکن اب کھاؤ، جمع کرو اور ثواب کماؤ، معلوم ہونا چاہیئے کہ یہ دن (عید الاضحیٰ اور ایام تشریق) کھانے پینے اور ذکر الٰہی کے دن ہیں۔

بَابٌ ٤٢٩ فِي النَّهْيِ عَنْ... بِالذَّبِيْحَةِ۔

قربانی کے جانور پر نرمی کرو

١٠٤١۔ حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ قَالَ ثَنَا شُعْبَةُ عَنْ خَالِدِ الْحَذَّاءِ عَنْ أَبِيْ قِلَابَةَ عَنْ أَبِي الْأَشْعَثِ عَنْ شَدَّادِ بْنِ أَوْسٍ قَالَ خَصْلَتَانِ سَمِعْتُهُمَا مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ اللّٰهَ كَتَبَ الْإِحْسَانَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ فَإِذَا قَتَلْتُمْ فَأَحْسِنُوا الْقِتْلَةَ وَإِذَا ذَبَحْتُمْ فَأَحْسِنُوا الذَّبْحَ وَلْيُحِدَّ أَحَدُكُمْ شَفْرَتَهُ وَلْيُرِحْ ذَبِيْحَتَهُ۔

ابو الاشعث سے روایت ہے کہ حضرت شداد بن اوس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ میں نے دو عادتوں کے متعلق رسول اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے سنا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ہر چیز پہ احسان کرنا فرض فرمایا ہے لہذا کسی کو قتل کرو (قصاص میں) تو اچھے طریقے سے کرو اور جب ذبح کرو تو اچھے طریقے سے کرو چاہیئے کہ چھُری کو تیز کیا کرو، اور جانور کو راحت پہنچایا کرو۔

١٠٤٢۔ حَدَّثَنَا أَبُو الْوَلِيْدِ الطَّيَالِسِيُّ ثَنَا شُعْبَةُ عَنْ هِشَامِ بْنِ زَيْدٍ قَالَ دَخَلْتُ مَعَ أَنَسٍ عَلَى الْحَكَمِ بْنِ أَيُّوْبَ فَرَأٰى فِتْيَانًا أَوْ غِلْمَانًا قَدْ نَصَبُوْا دَجَاجَةً يَرْمُوْنَهَا فَقَالَ أَنَسٌ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ تُصْبَرَ الْبَهَائِمُ۔

ہشام بن زید کا بیان ہے کہ میں حضرت انس کے ساتھ حضرت حکم بن ایوب کے پاس گیا تو انہوں نے جوانوں یا لڑکوں کو دیکھا کہ انہوں نے مرغیاں کھڑی ہوئی ہیں اور انہیں تیر مار رہے تھے۔ حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے جانوروں کو باندھ کر مارنے سے منع فرمایا۔

بَابٌ ٤٣٠ فِي الْمُسَافِرِ يُضَحِّيْ۔

مسافر کا قربانی کرنا

١٠٤٣۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ النُّفَيْلِيُّ ثَنَا حَمَّادُ بْنُ خَالِدٍ الْخَيَّاطُ ثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ صَالِحٍ عَنْ أَبِي الزَّاهِرِيَّةِ عَنْ جُبَيْرِ بْنِ نُفَيْرٍ عَنْ ثَوْبَانَ قَالَ ضَحّٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ قَالَ يَا ثَوْبَانُ أَصْلِحْ لَنَا لَحْمَ هٰذِهِ الشَّاةِ قَالَ فَمَا زِلْتُ أُطْعِمُهُ مِنْهَا حَتّٰى قَدِمْنَا الْمَدِيْنَةَ۔

ابو الزاہریہ نے جبیر بن نفیر سے روایت کی ہے، کہ حضرت ثوبان رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: رسول اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے دورانِ سفر، قربانی کی۔ پھر فرمایا کہ اے ثوبان! اس بکری کے گوشت کو ہمارے لیے درست کر دو۔ اُن کا بیان ہے کہ میں برابر اُسی میں سے کھلاتا رہا یہاں تک کہ ہم مدینہ منورہ میں پہنچ گئے۔

بَابٌ ٤٣١ فِي ذَبَائِحِ أَهْلِ الْكِتٰبِ۔

اہلِ کتاب کے ذبیحے کا بیان

١٠٤٤۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ ثَابِتٍ الْمَرْوَزِيُّ قَالَ ثَنَا عَلِيُّ بْنُ حُسَيْنٍ عَنْ

یزید نحوی نے عکرمہ سے روایت کی ہے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا: پس کھاؤ اسے جس پر

www.sirat-e-mustaqeem.com

اَبِيْ ثَنَا يَزِيْدُ النَّحْوِيُّ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ فَكُلُوْا مِمَّا ذُكِرَ اسْمُ اللّٰهِ عَلَيْهِ وَلَا تَاْكُلُوْا مِمَّا لَمْ يُذْكَرِ اسْمُ اللّٰهِ عَلَيْهِ فَنُسِخَ وَاسْتَثْنٰى مِنْ ذٰلِكَ فَقَالَ طَعَامُ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ حِلٌّ لَّكُمْ وَطَعَامُكُمْ حِلٌّ لَّهُمْ۔

اللہ کا نام لیا گیا ہو اور اسے نہ کھاؤ جس پر اللہ کا نام نہ لیا گیا ہو پس اس کا یہ استثناء منسوخ کر دیا گیا اور اللہ تعالیٰ نے فرمایا: "اہل کتاب کا کھانا تمہارے لیے حلال ہے اور تمہارا کھانا ان کے لیے حلال ہے۔"

۱۰۴۵ - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيْرٍ قَالَ نَا اِسْرَائِيْلُ ثَنَا سِمَاكٌ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ فِيْ قَوْلِهٖ وَاِنَّ الشَّيٰطِيْنَ لَيُوْحُوْنَ اِلٰى اَوْلِيَآئِهِمْ يَقُوْلُوْنَ مَا ذَبَحَ اللّٰهُ فَلَا تَاْكُلُوْهُ وَمَا ذَبَحْتُمْ اَنْتُمْ فَكُلُوْهُ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ وَلَا تَاْكُلُوْا مِمَّا لَمْ يُذْكَرِ اسْمُ اللّٰهِ عَلَيْهِ۔

عکرمہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے ارشاد باری تعالیٰ: "بے شک شیطان سیرت لوگ اپنے دوستوں کے دلوں میں یہ بات ڈالتے ہیں" (۶: ۱۲۱) کے بارے میں روایت کی کہ وہ کہا کرتے کہ جس کو اللہ تعالیٰ ذبح کرے (مارتا ہے) اُسے تو کھاتے نہیں اور جس کو خود ذبح کریں اُسے کھا لیتے ہیں پس اللہ تعالیٰ نے حکم نازل فرمایا کہ اس میں سے نہ کھاؤ جس پر اللہ تعالیٰ کا نام نہ لیا۔

۱۰۴۶ - حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ ثَنَا عِمْرَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ جَاءَتِ الْيَهُوْدُ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالُوْا اَنَاْكُلُ مِمَّا قَتَلْنَا وَلَا نَاْكُلُ مِمَّا قَتَلَ اللّٰهُ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالٰى وَلَا تَاْكُلُوْا مِمَّا لَمْ يُذْكَرِ اسْمُ اللّٰهِ عَلَيْهِ اِلٰى اٰخِرِ الْاٰيَةِ۔

سعید بن جبیر سے روایت ہے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا: یہودی نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پاس آئے اور انہوں نے کہا: جس جانور کو ہم قتل کرتے ہیں آپ اُسے تو کھا لیتے ہیں لیکن جس جانور کو اللہ قتل کرتا (مارتا) ہے اُسے نہیں کھاتے۔ پس اللہ تعالیٰ نے حکم نازل فرمایا: "اور نہ کھاؤ اس میں سے جس پر اللہ کا نام نہ لیا گیا ہو۔" (۶: ۱۲۱)

بَابُ ۲۵۲ مَا جَاءَ فِيْ اَكْلِ مُعَاقَرَةِ الْاَعْرَابِ۔

اعرابی کے فخریہ ذبح کیے ہوئے کو کھانے کا حکم؟

۱۰۴۷ - حَدَّثَنَا هَارُوْنُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ نَا حَمَّادُ بْنُ مَسْعَدَةَ عَنْ عَوْفٍ عَنْ اَبِيْ رَيْحَانَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ اَكْلِ مُعَاقَرَةِ الْاَعْرَابِ قَالَ اَبُوْ دَاوٗدَ غُنْدَرٌ اَوْقَفَهٗ عَلَى ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ اَبُوْ دَاوٗدَ اسْمُ اَبِيْ رَيْحَانَةَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَطَرٍ۔

ابو ریحانہ سے روایت ہے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا: رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اعراب کے فخریہ طور پر ضد میں ذبح کئے ہوئے جانوروں کے گوشت کو کھانے سے منع فرمایا ہے۔ امام ابو داؤد نے فرمایا کہ غندر نے اسے حضرت ابن عباس پر موقوف کیا ہے۔ امام ابو داؤد نے فرمایا کہ ابو ریحانہ کا نام عبدالرحمٰن بن مطر ہے۔

بَابُ ۲۵۳ الذَّبِيْحَةِ بِالْمَرْوَةِ۔

سفید پتھر سے ذبح کرنا

۱۰۴۸ - حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ ثَنَا اَبُو الْاَحْوَصِ قَالَ نَا سَعِيْدُ بْنُ مَسْرُوْقٍ عَنْ عَبَايَةَ بْنِ رِفَاعَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ رَافِعِ بْنِ خَدِيْجٍ قَالَ اَتَيْتُ

عبایہ بن رفاعہ کے والد یا جد سے روایت ہے کہ ان کے والد محترم حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت

رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ إِنَّا نَلْقَى الْعَدُوَّ غَدًا وَلَيْسَ مَعَنَا مُدًى فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَرِنْ أَوْ أَعْجِلْ مَا أَنْهَرَ الدَّمَ وَذُكِرَ اسْمُ اللّٰهِ عَلَيْهِ فَكُلُوا مَا لَمْ يَكُنْ سِنٌّ أَوْ ظُفُرٌ وَسَأُحَدِّثُكُمْ عَنْ ذٰلِكَ أَمَّا السِّنُّ فَعَظْمٌ وَأَمَّا الظُّفُرُ فَمُدَى الْحَبَشَةِ وَتَقَدَّمَ بِهِ سَرَعَانٌ مِنَ النَّاسِ فَتَعَجَّلُوا فَأَصَابُوا مِنَ الْغَنَائِمِ وَرَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي آخِرِ النَّاسِ فَنَصَبُوا قُدُورًا فَمَرَّ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْقُدُورِ فَأَمَرَ بِهَا فَأُكْفِئَتْ وَقَسَمَ بَيْنَهُمْ فَعَدَلَ بَعِيرًا بِعَشْرِ شِيَاهٍ وَنَدَّ بَعِيرٌ مِنْ إِبِلِ الْقَوْمِ وَلَمْ يَكُنْ مَعَهُمْ خَيْلٌ فَرَمَاهُ رَجُلٌ بِسَهْمٍ فَحَبَسَهُ اللّٰهُ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ لِهٰذِهِ الْبَهَائِمِ أَوَابِدَ كَأَوَابِدِ الْوَحْشِ فَمَا فَعَلَ مِنْهَا هٰذَا فَافْعَلُوا بِهِ مِثْلَ هٰذَا۔

میں حاضر ہو کر عرض گزار ہوا کہ یا رسول اللہ! کل ہمارا دشمن سے مقابلہ ہوگا اور ہمارے پاس چھری نہیں ہے (ذبح کرنے کے لیے) رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جلدی سے وہ چیز لے لو جو خون بہا دے اور جس پر اللہ کا نام لیا جائے اُسے کھا لو جبکہ وہ دانت یا ناخن نہ ہو۔ اس کے متعلق میں تمہیں بتاتا ہوں کہ دانت تو ہڈی ہے اور ناخن حبشیوں کی چھری ہیں اور جلدی میں کچھ لوگ آپ سے آگے بڑھ گئے اور انہیں مالِ غنیمت مل گیا جبکہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم لوگوں سے پیچھے تھے۔ پس انہوں نے ہانڈیاں چڑھا دیں۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب ان کے پاس سے گزرے تو آپ نے انہیں الٹا دینے کا حکم فرمایا اور غنیمت کو اُن کے درمیان تقسیم کیا اور ایک اونٹ کو دس بکریوں کے برابر شمار فرمایا۔ لوگوں کے اونٹوں میں سے ایک اونٹ بھاگ گیا جبکہ ان کے پاس گھوڑے نہ تھے، پس ایک شخص نے اسے تیر مارا تو اللہ نے اُسے روک دیا۔ نبی کریم نے فرمایا کہ ان مویشیوں میں بھی بعض وحشی جانوروں جیسے ہوتے ہیں۔ اگر کوئی جانور ایسا کرے تو تم بھی اس کے ساتھ ایسا ہی کیا کرو۔

۱۰۴۹ - حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ أَنَّ عَبْدَ الْوَاحِدِ بْنَ زِيَادٍ وَحَمَّادًا الْمَعْنَى وَاحِدٌ حَدَّثَاهُمْ عَنْ عَاصِمٍ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ صَفْوَانَ أَوْ صَفْوَانَ بْنِ مُحَمَّدٍ قَالَ أَصَدْتُ أَرْنَبَيْنِ فَذَبَحْتُهُمَا بِمَرْوَةٍ فَسَأَلْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْهُمَا فَأَمَرَنِي بِأَكْلِهِمَا۔

شعبی سے روایت ہے کہ حضرت محمد بن صفوان یا حضرت صفوان بن محمد رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ میں نے دو خرگوش شکار کئے تو انہیں ایک سفید پتھر سے ذبح کیا۔ پس میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے ان کے متعلق پوچھا تو آپ نے مجھے ان کے کھانے کا حکم فرمایا۔

۱۰۵۰ - حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ قَالَ نَا يَعْقُوبُ عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ عَنْ رَجُلٍ مِنْ بَنِي حَارِثَةَ أَنَّهُ كَانَ يَرْعَى لِقْحَةً بِشِعْبٍ مِنْ شِعَابِ أُحُدٍ فَأَخَذَهَا الْمَوْتُ وَلَمْ يَجِدْ شَيْئًا يَنْحَرُهَا بِهِ فَأَخَذَ وَتَدًا فَوَجَأَ بِهِ فِي لَبَّتِهَا حَتَّى أُهْرِيقَ دَمُهَا ثُمَّ جَاءَ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَخْبَرَهُ بِذٰلِكَ

عطاء بن یسار نے بنی حارثہ کے ایک شخص سے روایت کی ہے کہ وہ ایک گھاٹی میں اپنی اونٹنی کو چرا رہا تھا تو وہ مرنے لگی اور کوئی چیز نہیں مل رہی تھی جس کے ساتھ اُسے نحر کیا جائے تو میں نے ایک میخ لے کر اس کے سینے میں چبھو دی جس نے اس کا خون بہا دیا۔ پھر میں نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر آپ کو یہ بات بتائی تو آپ نے مجھے اُسے کھانے کا حکم فرمایا۔

فأمره بأكلها۔

١٠٥١ - حدثنا موسى بن إسمعيل قال نا حماد عن سماك بن حرب عن مري بن قطري عن عدي بن حاتم قال قلت يا رسول الله أرأيت إن أحدنا أصاب صيدا وليس معه سكين أيذبح بالمروة وشقة العصا فقال أمرر الدم بما شئت واذكر اسم الله۔

باب ٢٥٤ ما جاء في ذبيحة المتردية۔

١٠٥٢ - حدثنا أحمد بن يونس قال نا حماد بن سلمة عن أبي العشراء عن أبيه أنه قال يا رسول الله ما تكون الذكوة إلا من اللبة أو الحلق قال فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم لو طعنت في فخذها لأجزأ عنك قال أبو داود لا يصلح هذا إلا في المتردية والمتوحش۔

باب ٢٥٥ في المبالغة في الذبح۔

١٠٥٣ - حدثنا هناد بن السري والحسن بن عيسى مولى ابن المبارك عن ابن المبارك عن معمر عن عمرو بن عبد الله عن عكرمة عن ابن عباس زاد ابن عيسى وأبي هريرة قالا نهى رسول الله صلى الله عليه وسلم عن شريطة الشيطان زاد ابن عيسى في حديثه وهي التي تذبح فيقطع الجلد ولا تفرى الأوداج ثم تترك حتى تموت۔

مری بن قطری سے روایت ہے کہ حضرت عدی بن حاتم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا، میں عرض گزار ہوا کہ یا رسول اللہ جب ہم میں سے کوئی شکار کرے اور اس کے پاس چھری نہ ہو تو سفید پتھر یا لکڑی کے ٹکڑے سے ذبح کر سکتا ہے؟ فرمایا کہ جس چیز سے چاہو خون بہا دو اور اس جانور پر اللہ کا نام ضرور لیا کرو۔

اوپر سے گرے ہوئے جانور کو ذبح کرنا

حماد بن سلمہ سے روایت ہے کہ ابو العشراء کے والد ماجد عرض گزار ہوئے، یا رسول اللہ! کیا ذبح سینے اور حلق کے درمیان میں ہے۔ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، اگر تم (اونٹ کی) ران میں نیزہ مار دو تب بھی تمہارے لیے کافی ہے۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ یہ درست نہیں ہے مگر جب کہ جانور اونچی جگہ سے گر پڑا ہو یا وحشیوں کی طرح بھاگ نکلا ہو۔

پوری طرح ذبح کرنا چاہیئے۔

عکرمہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ ابن عیسےٰ سے روایت ہے کہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا، رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے منع فرمایا ہے کہ شیطانی طریقے سے ذبح کیا جائے۔ ابن عیسےٰ نے اپنی حدیث میں کہا کہ شیطانی طریقے سے ذبح کرنا یہ ہے کہ کھال تو کاٹ دی جائے اور رگوں کو نہ کاٹا جائے۔ پھر اسے تڑپتا چھوڑ دیا جائے یہاں تک کہ وہ مر جائے۔

ف: شریطہ ذبح کا ایک طریقہ تھا جو زمانۂ جاہلیت میں رائج تھا کہ ذبح کرتے وقت جانور کو پوری طرح ذبح نہ کیا کہ رگِ جان کٹ جاتی بلکہ ادھورا ذبح کیا جاتا کہ کھال اور تھوڑا سا حلق کاٹ دیا جاتا۔ جس کے باعث جانور تڑپ تڑپ کر جان بحق ہوتا۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس طریقہ ذبح کو شیطانی طریقہ قرار دیتے ہوئے ایسا کرنے سے منع فرما دیا۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

باب ٤٥٦ ما جاء في ذكاة الجنين.

١٠٥٤ - حَدَّثَنَا الْقَعْنَبِيُّ قَالَ أَخْبَرَنَا ابْنُ الْمُبَارَكِ ح وَحَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ قَالَ نَا هُشَيْمٌ عَنْ مُجَالِدٍ عَنْ أَبِي الْوَدَّاكِ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ قَالَ سَأَلْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْجَنِينِ فَقَالَ كُلُوهُ إِنْ شِئْتُمْ وَقَالَ مُسَدَّدٌ قُلْنَا يَا رَسُولَ اللَّهِ نَنْحَرُ النَّاقَةَ وَنَذْبَحُ الْبَقَرَةَ وَالشَّاةَ فَنَجِدُ فِي بَطْنِهَا الْجَنِينَ أَنُلْقِيهِ أَمْ نَأْكُلُهُ قَالَ كُلُوهُ إِنْ شِئْتُمْ فَإِنَّ ذَكَاتَهُ ذَكَاةُ أُمِّهِ.

ذبیحہ کے بچے کو پاک کرنے کا بیان

قعنبی، ابن مبارک۔ مسدد، ہشیم، مجالد، ابو وداک سے روایت ہے کہ حضرت سعید رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے (ذبیحہ کے پیٹ سے نکلنے والے) بچے کے متعلق دریافت کیا۔ فرمایا اگر چاہو تو اسے کھالو۔ مسدد نے کہا، ہم عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ ہم اونٹنی کو نحر اور گائے بکری کو ذبح کریں، پھر ہمیں اس کے پیٹ سے بچہ ملے تو کیا اسے پھینک دیں یا کھالیں؟ فرمایا اگر تم چاہو تو اسے کھالو کیونکہ اس کا ذبح ہونا اس کی ماں کا ذبح ہونا ہے۔

١٠٥٥ - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ فَارِسٍ قَالَ حَدَّثَنِي إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ قَالَ نَا عَتَّابُ بْنُ بَشِيرٍ قَالَ نَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ أَبِي زِيَادٍ الْقَدَّاحُ الْمَكِّيُّ عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ ذَكَاةُ الْجَنِينِ ذَكَاةُ أُمِّهِ.

محمد بن یحییٰ بن فارس، اسحاق بن ابراہیم، عتاب بن بشیر، عبید اللہ بن ابو زیاد قداح مکی، ابو الزبیر نے حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: بچے کا ذبح کرنا اس کی ماں کا ذبح کرنا ہے۔

باب ٤٥٧ اللحم لا يدري أذكر اسم الله عليه أم لا.

١٠٥٦ - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْمَاعِيلَ قَالَ نَا حَمَّادٌ ح وَحَدَّثَنَا الْقَعْنَبِيُّ عَنْ مَالِكٍ ح وَحَدَّثَنَا يُوسُفُ بْنُ مُوسَى قَالَ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ ابْنُ حَيَّانَ وَمُحَاضِرٌ الْمَعْنَى عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَائِشَةَ وَلَمْ يَذْكُرَا عَنْ حَمَّادٍ وَمَالِكٍ عَنْ عَائِشَةَ أَنَّهُمْ قَالُوا يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنَّ قَوْمًا حَدِيثُو عَهْدٍ بِجَاهِلِيَّةٍ يَأْتُونَنَا بِلُحْمَانٍ لَا نَدْرِي أَذَكَرُوا اسْمَ اللَّهِ عَلَيْهَا أَمْ لَمْ يَذْكُرُوا أَنَأْكُلُ مِنْهَا فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَمُّوا اللَّهَ وَكُلُوا.

نامعلوم گوشت کہ اس پر اللہ کا نام لیا گیا یا نہ لیا گیا!

موسیٰ بن اسمٰعیل، حماد۔ قعنبی، مالک۔ یوسف بن موسیٰ سلیمان بن حیان اور محاضر، ہشام بن عروہ، عروہ بن زبیر، عروہ بن زبیر نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کی اور ذکر نہیں کیا حماد اور مالک کے حضرت عائشہ سے روایت کرنے کا۔ لوگ عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ جن لوگوں کا عہد جاہلیت بالکل نزدیک ہے (نو مسلم) وہ ہمارے پاس گوشت لے کر آتے ہیں تو ہمیں معلوم نہیں ہوتا کہ اس پر اللہ کا نام لیا ہے یا نہیں لیا، کیا ہم اس میں سے کھا لیا کریں؟ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ کا نام لے کر کھا لیا کرو۔

باب ۴۵۸ فِي الْعَتِيرَةِ۔

عتیرہ کا بیان

۱۰۵۷۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ قَالَ ح وَحَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ عَنْ بِشْرِ بْنِ الْمُفَضَّلِ الْمَعْنَى قَالَ خَالِدٌ الْحَذَّاءُ عَنْ أَبِي قِلَابَةَ عَنْ أَبِي الْمَلِيحِ قَالَ قَالَ نُبَيْشَةُ نَادَى رَجُلٌ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّا كُنَّا نَعْتِرُ عَتِيرَةً فِي الْجَاهِلِيَّةِ فِي رَجَبٍ فَمَا تَأْمُرُنَا فَقَالَ اذْبَحُوا لِلَّهِ فِي أَيِّ شَهْرٍ كَانَ وَبَرُّوا اللَّهَ وَأَطْعِمُوا قَالَ إِنَّا كُنَّا نُفْرِعُ فَرَعًا فِي الْجَاهِلِيَّةِ فَمَا تَأْمُرُنَا قَالَ فِي كُلِّ سَائِمَةٍ فَرَعٌ تَغْذُوهُ مَاشِيَتُكَ حَتَّى إِذَا اسْتَحْمَلَ قَالَ نَصْرٌ اسْتَحْمَلَ لِلْحَجِيجِ ذَبَحْتَهُ فَتَصَدَّقْتَ بِلَحْمِهِ قَالَ خَالِدٌ أَحْسَبُهُ قَالَ عَلَى ابْنِ السَّبِيلِ فَإِنَّ ذَلِكَ خَيْرٌ قَالَ خَالِدٌ قُلْتُ لِأَبِي قِلَابَةَ كَمِ السَّائِمَةُ قَالَ مِائَةٌ۔

مسدد، نصر بن علی، بشر بن مفضل، خالد حذاء، ابو قلابہ، ابو الملیح، نبیشہ نے فرمایا کہ ایک شخص نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو آواز دی۔ بیشک ہم دورِ جاہلیت میں رجب کے اندر عتیرہ کیا کرتے تھے۔ آپ ہمیں کیا حکم فرماتے ہیں؟ فرمایا کہ کسی بھی مہینے میں ذبح کرو لیکن نیکی کرو اللہ کے لیے اور کھلاؤ۔ عرض کی کہ ہم جاہلیت میں فرع کیا کرتے تھے تو آپ ہمیں کیا حکم فرماتے ہیں؟ فرمایا کہ تمام چرنے والے جانوروں میں فرع ہے جس کے ذریعے تم اپنے جانوروں کو خوراک دیتے ہو جب کہ بوجھ اٹھانے کے قابل ہو جائے۔ نصر نے کہا کہ جب حجتی کے قابل ہو جائے تو اسے ذبح کرو اور اس کا گوشت صدقہ کیا کرو۔ خالد نے کہا کہ میرے خیال میں مسافروں پر کیونکہ یہ بہتر ہے۔ خالد کا بیان ہے کہ میں نے ابو قلابہ سے کہا کہ سائمہ کتنے جانور ہوتے ہیں؟ فرمایا کہ سو جانور۔

۱۰۵۸۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدَةَ قَالَ أَخْبَرَنَا سُفْيَانُ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَعِيدٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا فَرَعَ وَلَا عَتِيرَةَ۔

سعید بن مسیب نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: فرع اور عتیرہ کوئی چیز نہیں ہے۔

۱۰۵۹۔ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ قَالَ نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ قَالَ أَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَعِيدٍ قَالَ الْفَرَعُ أَوَّلُ النِّتَاجِ كَانَ يُنْتَجُ لَهُمْ فَيَذْبَحُونَهُ۔

حسن بن علی، عبد الرزاق، معمر، زہری، سعید نے فرمایا کہ فرع اونٹنی کے پہلے بچے کو کہتے ہیں۔ جب وہ جوان ہو جاتا تو (کافر) اُسے ذبح کیا کرتے تھے۔

۱۰۶۰۔ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْمَعِيلَ قَالَ نَا حَمَّادٌ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُثْمَانَ بْنِ خُثَيْمٍ عَنْ يُوسُفَ بْنِ مَاهَكَ عَنْ حَفْصَةَ بِنْتِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ أَمَرَنَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ كُلِّ خَمْسِينَ شَاةً شَاةٌ قَالَ أَبُو دَاوُدَ قَالَ بَعْضُهُمُ الْفَرَعُ أَوَّلُ مَا تُنْتَجُ الْإِبِلُ كَانُوا يَذْبَحُونَهُ لِطَوَاغِيتِهِمْ ثُمَّ يَأْكُلُونَهُ وَيُلْقُونَ

حفصہ بنت عبد الرحمن سے روایت ہے کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ہمیں حکم فرمایا ہر پچاس بکریوں میں سے ایک بکری کا۔ امام ابو داؤد نے فرمایا کہ بعض حضرات نے کہا کہ اونٹنی کے پہلے بچے کو فرع کہتے ہیں۔ کافر اُسے اپنے بتوں کے لیے ذبح کرتے، اس کا گوشت کھاتے اور اس کی کھال کو درخت پر ڈال کرتے تھے اور

www.sirat-e-mustaqeem.com

جِلْدَهُ عَلَى الشَّجَرِ وَالْعَتِيرَةُ فِي الْعَشْرِ الْأَوَّلِ مِنْ رَجَبَ۔

عتیرہ اُسے کہتے ہیں جس کو رجب کے پہلے عشرے میں ذبح کرتے۔

باب ۲۵۹ فِي الْعَقِيقَةِ۔

عقیقے کا بیان

۱۰۶۱۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ قَالَ نَا سُفْيَانُ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ عَنْ عَطَاءٍ عَنْ حَبِيبَةَ بِنْتِ مَيْسَرَةَ عَنْ أُمِّ كُرْزٍ الْكَعْبِيَّةِ قَالَتْ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ عَنِ الْغُلَامِ شَاتَانِ مُكَافِئَتَانِ وَعَنِ الْجَارِيَةِ شَاةٌ قَالَ أَبُو دَاوُدَ سَمِعْتُ أَحْمَدَ قَالَ مُكَافِئَتَانِ مُسْتَوِيَتَانِ أَوْ مُتَقَارِبَتَانِ۔

حبیبہ بنت میسرہ نے حضرت ام کرز کعبیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ لڑکے کی طرف سے دو بکریاں جو کفایت کرنے والی ہوں، اور لڑکی کی طرف سے ایک بکری ہے۔ امام ابو داؤد نے فرمایا کہ میں نے امام احمد سے سنا کہ مکافئتان سے مراد ہے کہ دونوں برابر یا قریب العمر ہوں۔

۱۰۶۲۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ قَالَ نَا سُفْيَانُ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ ابْنِ أَبِي يَزِيدَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ سِبَاعِ بْنِ ثَابِتٍ عَنْ أُمِّ كُرْزٍ قَالَتْ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ أَقِرُّوا الطَّيْرَ عَلَى مَكِنَاتِهَا قَالَتْ وَسَمِعْتُهُ يَقُولُ عَنِ الْغُلَامِ شَاتَانِ وَعَنِ الْجَارِيَةِ شَاةٌ لَا يَضُرُّكُمْ أَذُكْرَانًا كُنَّ أَمْ إِنَاثًا۔

سباع بن ثابت سے روایت ہے کہ حضرت ام کرز رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا۔ پرندوں کو ان کے گھونسلوں میں بیٹھنے دیا کرو۔ ان کا بیان ہے کہ میں نے آپ کو فرماتے ہوئے سنا کہ لڑکے کی طرف سے دو بکریاں اور لڑکی کی طرف سے ایک بکری اور نر ہو یا مادہ یہ بات تمہیں کوئی نقصان نہیں دے گی۔ (یعنی خواہ بکرا ذبح کرو یا بکری)

۱۰۶۳۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ ابْنِ أَبِي يَزِيدَ عَنْ سِبَاعِ بْنِ ثَابِتٍ عَنْ أُمِّ كُرْزٍ قَالَتْ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْغُلَامِ شَاتَانِ مِثْلَانِ وَعَنِ الْجَارِيَةِ شَاةٌ قَالَ أَبُو دَاوُدَ هٰذَا هُوَ الْحَدِيثُ وَحَدِيثُ سُفْيَانَ وَهْمٌ۔

سباع بن ثابت نے حضرت ام کرز رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کی کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ لڑکے کی طرف سے ایک جیسی دو بکریاں اور لڑکی کی طرف سے ایک بکری۔ امام ابو داؤد نے فرمایا کہ یہ وہی حدیث ہے اور سفیان کی حدیث وہم ہے (یعنی گزشتہ حدیث)

۱۰۶۴۔ حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ النَّمَرِيُّ قَالَ نَا هَمَّامٌ قَالَ نَا قَتَادَةُ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ سَمُرَةَ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ كُلُّ غُلَامٍ رَهِينَةٌ بِعَقِيقَتِهِ تُذْبَحُ عَنْهُ يَوْمَ السَّابِعِ وَيُحْلَقُ رَأْسُهُ وَيُدَمَّى فَكَانَ قَتَادَةُ إِذَا سُئِلَ عَنِ الدَّمِ

حسن نے حضرت سمرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ ہر لڑکا اپنے عقیقے کی جگہ رہن رکھا ہوا ہے۔ جس کی طرف سے ساتویں روز جانور ذبح کیا جاتا ہے، اس کا سر مونڈا جاتا اور اس پر خون لگایا جاتا ہے۔ قتادہ سے جب

www.sirat-e-mustaqeem.com

كَيْفَ يُصْنَعُ بِهِ. قَالَ إِذَا ذَبَحْتَ الْعَقِيقَةَ أَخَذْتَ مِنْهَا صُوفَةً وَاسْتَقْبَلْتَ بِهِ أَوْدَاجَهَا ثُمَّ تُوضَعُ عَلَى يَافُوخِ الصَّبِيِّ حَتَّى يَسِيلَ عَلَى رَأْسِهِ مِثْلَ الْخَيْطِ ثُمَّ يُغْسَلُ رَأْسُهُ بَعْدُ وَيُحْلَقُ. قَالَ أَبُو دَاوُدَ هَذَا وَهْمٌ مِنْ هَمَّامٍ وَيُدَمَّى وَإِنَّمَا قَالُوا يُسَمَّى فَقَالَ هَمَّامٌ يُدَمَّى. قَالَ أَبُو دَاوُدَ لَيْسَ يُؤْخَذُ بِهَذَا.

خون کے متعلق پوچھا گیا کہ کیسے لگایا جائے؟ تو فرمایا کہ جب جانور کو ذبح کرو تو اس کے خون کا ایک پھایا لے کر بچے کی کھوپڑی پر رکھا جائے اور پھر سر کے اگلے حصے پر یہاں تک کہ خون دھاگے کی طرح اس کے سر پر بہنے لگے اور اس کے بعد اس کا منڈایا جائے۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ یہ خون لگانا ہمام کا وہم ہے جب کہ دوسروں نے یسمّی کہا ہے کہ نام رکھا جائے اور ہمام نے یدمّی کہہ دیا۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ اس پر عمل نہیں کیا جاتا۔

١٠٦٥ - حَدَّثَنَا ابْنُ الْمُثَنَّى قَالَ نَا ابْنُ أَبِي عَدِيٍّ عَنْ سَعِيدٍ عَنْ قَتَادَةَ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ كُلُّ غُلَامٍ رَهِينَةٌ بِعَقِيقَتِهِ تُذْبَحُ عَنْهُ يَوْمَ سَابِعِهِ وَيُحْلَقُ وَيُسَمَّى. قَالَ أَبُو دَاوُدَ وَيُسَمَّى أَصَحُّ كَذَا قَالَ سَلَّامُ بْنُ أَبِي مُطِيعٍ عَنْ قَتَادَةَ وَإِيَاسُ بْنُ دَغْفَلٍ وَأَشْعَثُ عَنِ الْحَسَنِ.

حسن نے حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر لڑکا اپنے عقیقے کی وجہ سے مرہون ہوتا ہے۔ اس کے ساتویں روز جانور ذبح کیا جائے، سر منڈایا جائے اور اس کا نام رکھا جائے۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ یسمّی بالکل صحیح ہے جیسا کہ سلام بن ابو مطیع، قتادہ، ایاس بن دغفل اور اشعث نے حسن سے روایت کی ہے۔

١٠٦٦ - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ قَالَ نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ قَالَ نَا هِشَامُ بْنُ حَسَّانَ عَنْ حَفْصَةَ بِنْتِ سِيرِينَ عَنِ الرَّبَابِ عَنْ سَلْمَانَ بْنِ عَامِرٍ الضَّبِّيِّ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَعَ الْغُلَامِ عَقِيقَةٌ فَأَهْرِيقُوا عَنْهُ دَمًا وَأَمِيطُوا عَنْهُ الْأَذَى.

حسن بن علی، عبدالرزاق، ہشام بن حسان، حفصہ بنت سیرین، رباب نے حضرت سلمان بن عامر ضبی رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: عقیقہ لڑکے کے ساتھ ہے لہٰذا اس کی طرف سے خون بہاؤ اور تکلیف کو اس سے دور کرو۔

١٠٦٧ - حَدَّثَنَا أَبُو دَاوُدَ قَالَ نَا يَحْيَى بْنُ خَلَفٍ قَالَ نَا عَبْدُ الْأَعْلَى قَالَ نَا هِشَامٌ عَنِ الْحَسَنِ أَنَّهُ كَانَ يَقُولُ إِمَاطَةُ الْأَذَى حَلْقُ الرَّأْسِ.

ابوداؤد، یحییٰ بن خلف، عبدالاعلیٰ، ہشام سے روایت ہے کہ حسن کہا کرتے کہ تکلیف دور کرنے سے مراد اس کا سر منڈانا ہے۔

١٠٦٨ - حَدَّثَنَا أَبُو مَعْمَرٍ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عَمْرٍو قَالَ نَا عَبْدُ الْوَارِثِ قَالَ نَا أَيُّوبُ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَقَّ عَنِ الْحَسَنِ وَالْحُسَيْنِ رَضِيَ اللَّهُ

عکرمہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے امام حسن اور امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی طرف سے عقیقے میں ایک ایک دنبہ ذبح فرمایا۔

www.sirat-e-mustaqeem.com

عنهما كبشا كبشا.

۱۰۶۹- حدثنا القعنبي قال نا داود بن قيس عن عمرو بن شعيب أن النبي صلى الله عليه وسلم ح وحدثنا محمد بن سليمان الأنباري نا عبد الملك يعني ابن عمرو عن داود عن عمرو بن شعيب عن أبيه أراه عن جده قال سئل النبي صلى الله عليه وسلم عن العقيقة فقال لا يحب الله العقوق كأنه كره الاسم وقال من ولد له ولد فأحب أن ينسك عنه فلينسك عن الغلام شاتان مكافئتان وعن الجارية شاة وسئل عن الفرع قال والفرع حق وأن تتركوه حتى يكون بكرا شغزبا ابن مخاض أو ابن لبون فتعطيه أرملة أو تحمل عليه في سبيل الله خير من أن تذبحه فيلزق لحمه بوبره وتكفئ إناءك وتوله ناقتك.

۱۰۷۰- حدثنا أحمد بن محمد بن ثابت قال نا علي بن الحسين قال نا أبي قال حدثني عبد الله بن بريدة قال سمعت أبي بريدة يقول كنا في الجاهلية إذا ولد لأحدنا غلام ذبح شاة ولطخ رأسه بدمها فلما جاء الله بالإسلام كنا نذبح شاة ونحلق رأسه ونلطخه بزعفران.

قعنبی، داؤد بن قیس، عمرو بن شعیب سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔ محمد بن سلیمان انباری، عبد الملک بن عمرو، داؤد، عمرو بن شعیب، ان کے والد ماجد سے ان کے جدِ محترم نے فرمایا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے عقیقے کے متعلق دریافت کیا گیا تو فرمایا کہ اللہ تعالیٰ عقوق کو پسند نہیں فرماتا۔ گویا اس نام کو آپ نے پسند نہ فرمایا اور ارشاد ہوا کہ جس کے گھر بچہ پیدا ہو اور وہ اس کی طرف سے قربانی دینا چاہے تو لڑکے کی طرف سے ایک جیسی دو بکریوں کی قربانی کرے اور لڑکی کی طرف سے ایک بکری کی۔ آپ سے فرع کے متعلق پوچھا گیا تو فرمایا کہ فرع حق ہے اور اگر اُسے چھوڑے رہو یہاں تک کہ وہ جوان ہو جائے، ایک یا دو سال کا اونٹ تو کسی بیوہ کو دے دو یا راہِ خدا میں سوار ہونے کے لیے تو یہ ذبح کر کے اس کے گوشت کا چٹخارہ لینے سے بہتر ہے جب کہ وہ بالوں سے لگا ہوا اور اس کی ماں کو بیکل کر کے اپنے دودھ کا برتن اوندھا کرو۔

عبد اللہ بن بریدہ کا بیان ہے کہ میں نے اپنے والد ماجد حضرت بریدہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا: دورِ جاہلیت کے اندر جب ہم میں سے کسی کے گھر لڑکا پیدا ہوتا تو وہ بکری ذبح کر کے بچے کے سر کو اس کے خون سے رنگین کرتے۔ جب اللہ تعالیٰ دورِ اسلام لے آیا تو ہم بکری ذبح کرتے، بچے کا سر منڈاتے اور اس پر زعفران لگاتے تھے (گویا بچے کے سر پر خون لگانے کی رسم کو اسلام نے ختم کر دیا ہے)۔

اول الصید

باب ۴۶ اتخاذ الکلب للصید وغیرہ۔

۱۰۷۱۔ حدثنا الحسن بن علي نا عبد الرزاق قال اخبرنا معمر عن الزهري عن ابي سلمة عن ابي هريرة عن النبي صلى الله عليه وسلم قال من اتخذ كلبا الا كلب ماشية او صيد او زرع انتقص من اجره كل يوم قيراط۔

۱۰۷۲۔ حدثنا مسدد قال نا يزيد قال نا يونس عن الحسن عن عبد الله بن مغفل قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لولا ان الكلاب امة من الامم لامرت بقتلها فاقتلوا منها الاسود البهيم۔

۱۰۷۳۔ حدثنا يحيى بن خلف نا ابو عاصم عن ابن جريج قال اخبرني ابو الزبير عن جابر قال امرنا نبي الله صلى الله عليه وسلم بقتل الكلاب حتى ان كانت المرأة تقدم من البادية يعني بالكلب فنقتله ثم نهانا عن قتلها وقال عليكم بالاسود۔

باب ۴۷ في الصيد۔

۱۰۷۴۔ حدثنا محمد بن عيسى قال نا جرير عن منصور عن ابراهيم عن همام عن عدي بن حاتم قال سألت النبي صلى الله عليه وسلم قلت اني ارسل الكلاب المعلمة فتمسك علي أفآكل قال اذا ارسلت الكلاب المعلمة وذكرت اسم الله فكل مما امسكن عليك قلت وان قتلن قال وان قتلن ما

شکار کا بیان

شکار وغیرہ کی خاطر کتا رکھنا

ابوسلمہ نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جس نے کتا پالا اور وہ حفاظتی کتے، شکاری کتے اور زراعت کی رکھوالی والے کتے کے علاوہ ہو تو اس کے ثواب میں سے روزانہ ایک قیراط کم ہوتا رہے گا۔

حسن نے حضرت عبداللہ بن مغفل رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ اگر یہ بات نہ ہوتی کہ کتوں کی بھی ایک پوری جماعت ہے تو میں ان کو قتل کر دینے کا حکم دیتا لہٰذا اب ان کتوں کو مار دیا کرو جو بالکل سیاہ ہوں۔

ابوالزبیر سے روایت ہے کہ حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے کتوں کو مار ڈالنے کا حکم فرمایا۔ یہاں تک کہ جب عورت جنگل سے کتا لے کر آتی تو ہم اُسے قتل کر دیتے۔ پھر انہیں قتل کرنے سے آپ نے ہمیں منع فرما دیا اور فرمایا کہ صرف سیاہ کتے کو مار دیا کرو۔

شکار کا بیان

ہمام سے روایت ہے کہ حضرت عدی بن حاتم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ میں نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے دریافت کیا کہ اگر میں سکھائے ہوئے کتے کو شکار کے پیچھے بھیجوں اور وہ میرے لیے پکڑ لے اور کیا میں اسے کھا لوں؟ فرمایا کہ جب تم نے سکھائے ہوئے کتے کو بھیجا اور اللہ تعالیٰ کا نام لیا تو اس شکار میں سے کھا لو جسے تمہارے لیے پکڑے رکھا۔ میں عرض گزار ہوا کہ اگر وہ جان سے مار

www.sirat-e-mustaqeem.com

لَمْ يُشْرِكْهَا كَلْبٌ لَيْسَ مِنْهَا قُلْتُ أَرْمِي بِالْمِعْرَاضِ وَذَكَرْتَ اسْمَ اللهِ فَأَصَابَ فَخَزَقَ فَكُلْ وَإِنْ أَصَابَ بِعَرْضِهِ فَلَا تَأْكُلْ۔

ڈالے؟ فرمایا خواہ جان سے مار ڈالے جبکہ دوسرا کتا اس کے ساتھ شریک نہ ہوا ہو۔ میں نے عرض کیا کہ اگر معراض مار کر حاصل کروں تو کیا اُسے کھالوں فرمایا کہ جب تم نے معراض کو پھینکا اور اللہ کا نام لیا۔ پھر وہ اُسے لگ کر جسم [illegible]

۱۰۷۵۔ حَدَّثَنَا هَنَّادُ بْنُ السَّرِيِّ قَالَ أَخْبَرَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ عَنْ بَيَانٍ عَنْ عَامِرٍ عَنْ عَدِيِّ بْنِ حَاتِمٍ قَالَ سَأَلْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قُلْتُ إِنَّا نَصِيدُ بِهٰذِهِ الْكِلَابِ فَقَالَ لِي إِذَا أَرْسَلْتَ كِلَابَكَ الْمُعَلَّمَةَ وَذَكَرْتَ اسْمَ اللهِ عَلَيْهِ فَكُلْ مِمَّا أَمْسَكْنَ عَلَيْكَ وَإِنْ قَتَلْنَ إِلَّا أَنْ يَأْكُلَ الْكَلْبُ فَإِنْ أَكَلَ الْكَلْبُ فَلَا تَأْكُلْ فَإِنِّي أَخَافُ أَنْ يَكُونَ إِنَّمَا أَمْسَكَ عَلَى نَفْسِهِ۔

عامر سے روایت ہے کہ حضرت عدی بن حاتم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا:۔ میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے پوچھتے ہوئے عرض گزار ہوا۔ ہم کتوں کے ذریعے شکار کرتے ہیں۔ آپ نے مجھ سے فرمایا کہ جب تم نے سکھائے ہوئے کتے کو چھوڑا اور اس پر اللہ کا نام لیا تو اس میں سے کھاؤ جس کو تمہارے لیے پکڑے رکھا ہو۔ اگرچہ جان سے مار دے سوائے اس کے جس میں سے کتے نے کھا لیا۔ اگر کتے نے کھایا ہو تو اُسے نہ کھاؤ کیونکہ مجھے خدشہ ہے کہ اس نے اپنے لیے شکار کیا ہے۔

۱۰۷۶۔ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْمَاعِيلَ نَا حَمَّادٌ عَنْ عَاصِمٍ الْأَحْوَلِ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ عَدِيِّ ابْنِ حَاتِمٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِذَا رَمَيْتَ سَهْمَكَ وَذَكَرْتَ اسْمَ اللهِ عَلَيْهِ فَوَجَدْتَهُ مِنَ الْغَدِ وَلَمْ تَجِدْهُ فِي مَاءٍ وَلَا فِيهِ أَثَرٌ غَيْرُ سَهْمِكَ فَكُلْ وَإِذَا اخْتَلَطَ بِكِلَابِكَ كَلْبٌ مِنْ غَيْرِهَا فَلَا تَأْكُلْ لَا تَدْرِي لَعَلَّهُ قَتَلَهُ الَّذِي لَيْسَ مِنْهَا۔

شعبی نے حضرت عدی بن حاتم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ جب تم نے اپنا تیر پھینکا اور اس پر اللہ کا نام لیا۔ پس اُسے دوسرے روز پایا اور اسے پانی میں نہ پایا اور تمہارے تیر کے سوا اور کوئی نشان نظر نہ آیا تو اُسے کھالو۔ جب تمہارے کتے کے ساتھ دوسرا کتا بھی شامل ہوگیا تو اُسے نہ کھاؤ کیونکہ تمہیں کیا معلوم شاید دوسرے نے ہی شکار کیا ہو۔

۱۰۷۷۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ فَارِسٍ قَالَ أَنَا أَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ قَالَ نَا يَحْيَى بْنُ زَكَرِيَّا ابْنُ أَبِي زَائِدَةَ قَالَ أَخْبَرَنِي عَاصِمٌ الْأَحْوَلُ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ عَدِيِّ بْنِ حَاتِمٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِذَا وَقَعَتْ رَمِيَّتُكَ فِي مَاءٍ فَغَرِقَتْ فَمَاتَتْ فَلَا تَأْكُلْ۔

محمد بن یحییٰ بن فارس، احمد بن حنبل، یحییٰ بن زکریا بن ابوزائدہ، عاصم احول، شعبی نے حضرت عدی بن حاتم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ جس جانور کو تم نے تیر مارا ہے جب وہ پانی میں گر کر ڈوب جائے اور مر جائے تو اس جانور کا گوشت نہ کھاؤ۔

۱۰۷۸۔ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ قَالَ نَا عَبْدُ اللهِ بْنُ نُمَيْرٍ قَالَ نَا مُجَالِدٌ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ عَدِيِّ بْنِ حَاتِمٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَ

شعبی نے حضرت عدی بن حاتم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ جب تم نے کسی کتے یا باز کو سکھا لیا۔ پھر تم نے اُسے کسی شکار پر چھوڑا

سَلَّمَ مَا عَلَّمْتَ مِنْ كَلْبٍ أَوْ بَازٍ ثُمَّ أَرْسَلْتَهُ وَذَكَرْتَ اسْمَ اللّٰهِ فَكُلْ مِمَّا أَمْسَكَ عَلَيْكَ قُلْتُ وَإِنْ قَتَلَ قَالَ إِذَا قَتَلَهُ وَلَمْ يَأْكُلْ مِنْهُ شَيْئًا فَإِنَّمَا أَمْسَكَهُ عَلَيْكَ۔

۱۰۷۹۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِيسٰى قَالَ نَا هُشَيْمٌ قَالَ أَخْبَرَنَا دَاوُدُ بْنُ عَمْرٍو عَنْ بُسْرِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ عَنْ أَبِي إِدْرِيسَ الْخَوْلَانِيِّ عَنْ أَبِي ثَعْلَبَةَ الْخُشَنِيِّ قَالَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي صَيْدِ الْكَلْبِ إِذَا أَرْسَلْتَ كَلْبَكَ وَذَكَرْتَ اسْمَ اللّٰهِ تَعَالٰى فَكُلْ وَإِنْ أَكَلَ مِنْهُ وَكُلْ مَا رَدَّتْ عَلَيْكَ يَدُكَ۔

۱۰۸۰۔ حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ مُعَاذِ بْنِ خُلَيْفٍ قَالَ نَا عَبْدُ الْأَعْلٰى قَالَ نَا دَاوُدُ عَنْ عَامِرٍ عَنْ عَدِيِّ بْنِ حَاتِمٍ أَنَّهُ قَالَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ أَحَدُنَا يَرْمِي الصَّيْدَ فَيَقْتَفِي أَثَرَهُ الْيَوْمَيْنِ وَالثَّلَاثَةَ ثُمَّ يَجِدُهُ مَيِّتًا وَفِيهِ سَهْمُهُ أَيَأْكُلُ قَالَ نَعَمْ إِنْ شَاءَ أَوْ قَالَ يَأْكُلُ إِنْ شَاءَ۔

۱۰۸۱۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ قَالَ أَخْبَرَنَا شُعْبَةُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي السَّفَرِ عَنِ الشَّعْبِيِّ قَالَ قَالَ عَدِيُّ بْنُ حَاتِمٍ سَأَلْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْمِعْرَاضِ فَقَالَ إِذَا أَصَابَ بِحَدِّهِ فَكُلْ وَإِذَا أَصَابَ بِعَرْضِهِ فَلَا تَأْكُلْ فَإِنَّهُ وَقِيذٌ قُلْتُ أُرْسِلُ كَلْبِي قَالَ إِذَا سَمَّيْتَ فَكُلْ وَإِلَّا فَلَا تَأْكُلْ وَإِنْ أَكَلَ مِنْهُ فَلَا تَأْكُلْ فَإِنَّمَا أَمْسَكَ لِنَفْسِهِ فَقَالَ أُرْسِلُ كَلْبِي فَأَجِدُ عَلَيْهِ كَلْبًا آخَرَ فَقَالَ لَا تَأْكُلْ لِأَنَّكَ إِنَّمَا سَمَّيْتَ عَلٰى كَلْبِكَ۔

۱۰۸۲۔ حَدَّثَنَا هَنَّادُ بْنُ السَّرِيِّ عَنِ ابْنِ الْمُبَارَكِ عَنْ حَيْوَةَ بْنِ شُرَيْحٍ قَالَ سَمِعْتُ

اور اللہ کا نام لیا، پس اُسے کھالو جو تمہارے لیے روک رکھا۔ میں عرض گزار ہوا کہ اگر جان سے مار دے؟ فرمایا خواہ جان سے مار دے لیکن اُس میں سے ذرا بھی نہ کھائے تو اس نے تمہارے لیے پکڑا ہے۔

ابو ادریس خولانی نے حضرت ابو ثعلبہ خشنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے شکاری کتے کے بارے میں فرمایا کہ جب تم اپنے کتے کو شکار پر چھوڑو اور اللہ تعالیٰ کا نام لو، تو اُسے کھالو اور اگرچہ اس میں سے کھائے اور کھاؤ اُسے جس جانور کو تم نے اپنے ہاتھ سے تیر مارا۔

عامر سے روایت ہے کہ حضرت عدی بن حاتم رضی اللہ تعالیٰ عنہ عرض گزار ہوئے یا رسول اللہ! ہم میں سے کوئی شکار کو تیر مارتا ہے۔ پھر اس کے نشانات کے ذریعے دو تین روز تک اُسے ڈھونڈتا ہے۔ پھر اُسے مرا ہوا پاتا ہے اور تیر اس کے جسم میں پیوست ہے تو کیا اُسے کھائے؟ فرمایا ہاں اگر چاہے یا فرمایا کھالے اگر چاہے۔

شعبی سے روایت ہے کہ حضرت عدی بن حاتم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا، میں نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے معراض (تیر بغیر پر) کے متعلق دریافت کیا تو فرمایا، جب تیر اپنی نوک کی طرف سے لگے تو کھالو اور جب چوڑائی کی طرف سے لگے تو نہ کھاؤ کیونکہ یہ تو موقوذہ ہے۔ عرض گزار ہوا کہ میں کتے کو چھوڑتا ہوں؟ فرمایا جب تم نے تسمیہ پڑھ لی تھی کھالو ورنہ نہ کھاؤ اور اگر کتے نے اس میں سے کھا لیا تو نہ کھاؤ کیونکہ اس نے اپنے لیے پکڑا ہے۔ عرض کی کہ میں اپنے کتے کو چھوڑتا ہوں لیکن وہاں دوسرا کتا بھی پاتا ہوں فرمایا کہ اُسے نہ کھاؤ کیونکہ تم نے تسمیہ اپنے کتے پر پڑھی تھی۔

ہناد بن سری، ابن مبارک، حیوۃ بن شریح، ربیعہ بن یزید دمشقی، ابو ادریس خولانی سے روایت ہے کہ میں

www.sirat-e-mustaqeem.com

رَبِيعَةَ بْنِ يَزِيدَ الدِّمَشْقِيِّ يَقُولُ أَخْبَرَنِي أَبُو إِدْرِيسَ الْخَوْلَانِيُّ قَالَ سَمِعْتُ أَبَا ثَعْلَبَةَ الْخُشَنِيَّ يَقُولُ قُلْتُ يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنِّي أَصِيدُ بِكَلْبِي الْمُعَلَّمِ وَبِكَلْبِي الَّذِي لَيْسَ بِمُعَلَّمٍ قَالَ مَا صِدْتَ بِكَلْبِكَ الْمُعَلَّمِ فَاذْكُرِ اسْمَ اللَّهِ وَكُلْ وَمَا صِدْتَ بِكَلْبِكَ الَّذِي لَيْسَ بِمُعَلَّمٍ فَأَدْرَكْتَ ذَكَاتَهُ فَكُلْ۔

نے حضرت ابوثعلبہ خشنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا کہ میں عرض گزار ہوا۔ یا رسول اللہ! میں اپنے سکھائے ہوئے کتے کے ساتھ شکار کرتا ہوں اور میرا ایک کتا ایسا بھی ہے جو سکھایا ہوا نہیں ہے۔ فرمایا کہ جب تم سکھائے ہوئے کتے سے شکار کرو تو اللہ کا نام لو اور اُسے کھالو اور جب تم اپنے بغیر سکھائے ہوئے کتے کے ساتھ شکار کرو تو اُسے ذبح کرو اور کھاؤ۔

۱۰۸۳۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُصَفَّى قَالَ نَا مُحَمَّدُ بْنُ حَرْبٍ ح وَحَدَّثَنَا أَبُو عَلِيٍّ قَالَ نَا أَبُو دَاوُدَ قَالَ ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُصَفَّى قَالَ نَا بَقِيَّةُ عَنِ الزُّبَيْدِيِّ قَالَ نَا يُونُسُ بْنُ سَيْفٍ قَالَ نَا أَبُو إِدْرِيسَ الْخَوْلَانِيُّ قَالَ حَدَّثَنِي أَبُو ثَعْلَبَةَ الْخُشَنِيُّ قَالَ قَالَ لِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا أَبَا ثَعْلَبَةَ كُلْ مَا رَدَّتْ عَلَيْكَ قَوْسُكَ وَكَلْبُكَ زَادَ عَنِ ابْنِ حَرْبٍ الْمُعَلَّمُ وَيَدُكَ فَكُلْ ذَكِيًّا وَغَيْرَ ذَكِيٍّ۔

محمد بن مصفّٰی، محمد بن حرب، ابوعلی، ابوداؤد، محمد بن مصفّٰی، لقیہ، زبیدی، یونس بن سیف، ابوادریس خولانی سے روایت ہے کہ حضرت ابوثعلبہ خشنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مجھ سے فرمایا۔ اے ابوثعلبہ! اس شکار کو کھالیا کرو جسے تم اپنے تیر یا کتے سے شکار کرو۔ ابن حرب نے یہ بھی کہا۔ جو سکھائے ہوئے کتے یا اپنے ہاتھ سے شکار کیا ہو تو اُسے کھالو خواہ اُسے ذبح کر سکو یا ذبح نہ کر سکو۔

۱۰۸۴۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمِنْهَالِ الضَّرِيرُ قَالَ نَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ قَالَ نَا حَبِيبٌ الْمُعَلِّمُ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ أَنَّ أَعْرَابِيًّا يُقَالُ لَهُ أَبُو ثَعْلَبَةَ قَالَ يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنَّ لِي كِلَابًا مُكَلَّبَةً فَأَفْتِنِي فِي صَيْدِهَا فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنْ كَانَ لَكَ كِلَابٌ مُكَلَّبَةٌ فَكُلْ مِمَّا أَمْسَكْنَ عَلَيْكَ قَالَ ذَكِيًّا أَوْ غَيْرَ ذَكِيٍّ قَالَ نَعَمْ قَالَ وَإِنْ أَكَلَ مِنْهُ قَالَ وَإِنْ أَكَلَ مِنْهُ قَالَ يَا رَسُولَ اللَّهِ أَفْتِنِي فِي قَوْسِي قَالَ كُلْ مَا رَدَّتْ عَلَيْكَ قَوْسُكَ قَالَ ذَكِيًّا أَوْ غَيْرَ ذَكِيٍّ قَالَ وَإِنْ تَغَيَّبَ عَنِّي قَالَ وَإِنْ تَغَيَّبَ عَنْكَ مَا لَمْ يَصَلَّ أَوْ تَجِدْ فِيهِ أَثَرًا غَيْرَ سَهْمِكَ قَالَ أَفْتِنِي فِي آنِيَةِ

عمرو بن شعیب کے والد محترم نے اپنے والد ماجد سے روایت کی ہے کہ ایک اعرابی جنہیں حضرت ابوثعلبہ کہا جاتا تھا، وہ عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ! میرے پاس سکھائے ہوئے کتے ہیں۔ تو مجھے اُن کے شکار کے متعلق حکم بتایئے۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اگر تمہارے پاس سکھائے ہوئے کتے ہیں تو اس میں سے کھاؤ جسے وہ تمہارے لیے پکڑے رکھیں۔ عرض کی خواہ اُسے ذبح کر سکوں یا نہ کر سکوں؟ فرمایا، ہاں۔ عرض گزار ہوئے کہ اگر وہ اس میں سے کھالیں؟ فرمایا خواہ وہ اس میں سے کھالیں۔ عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ! میری کمان کے متعلق حکم بتایئے۔ فرمایا کہ کھالو جو تم اپنی کمان سے شکار کرو، خواہ اُسے تم ذبح کر سکو یا نہ کر سکو۔ عرض کی کہ خواہ وہ مجھ سے غائب ہو جائے؟ فرمایا کہ خواہ وہ تم سے غائب ہو جائے، جب تک نہ سڑے اور تمہارے تیر کے سوا جب کہ

إِذَا اضْطُرِرْنَا إِلَيْهَا قَالَ اغْسِلُوهَا وَكُلُوا فِيهَا۔

بَابٌ ۲۶۲ إِذَا قُطِعَ مِنَ الصَّيْدِ قِطْعَةٌ۔

۱۰۸۵۔ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ نَا هَاشِمُ بْنُ الْقَاسِمِ قَالَ نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِينَارٍ عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ عَنْ أَبِي وَاقِدٍ قَالَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا قُطِعَ مِنَ الْبَهِيمَةِ وَهِيَ حَيَّةٌ فَهِيَ مَيْتَةٌ۔

بَابٌ ۲۶۳ فِي اتِّبَاعِ الصَّيْدِ۔

۱۰۸۶۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ قَالَ يَحْيَى عَنْ سُفْيَانَ قَالَ حَدَّثَنِي أَبُو مُوسٰى عَنْ وَهْبِ بْنِ مُنَبِّهٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَالَ مَرَّةً سُفْيَانُ وَلَا أَعْلَمُهُ إِلَّا عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ سَكَنَ الْبَادِيَةَ جَفَا وَمَنِ اتَّبَعَ الصَّيْدَ غَفَلَ وَمَنْ أَتَى السُّلْطَانَ افْتُتِنَ۔

۱۰۸۷۔ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مَعِينٍ قَالَ نَا حَمَّادُ بْنُ خَالِدٍ الْخَيَّاطُ عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ صَالِحٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ نُفَيْرٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي ثَعْلَبَةَ الْخُشَنِيِّ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِذَا رَمَيْتَ الصَّيْدَ فَأَدْرَكْتَهُ بَعْدَ ثَلَاثِ لَيَالٍ وَسَهْمُكَ فِيهِ فَكُلْ مَا لَمْ يُنْتِنْ۔

آخِرُ كِتَابِ الضَّحَايَا۔

اور کوئی نشان نہ ہو۔ عرض گزار ہوئے کہ مجھے آتش پرست کے برتنوں کا حکم بتا دیجئے جب کہ ہم اس کے لیے مجبور ہوں، فرمایا کہ اُسے دھو لو اور اس میں کھاؤ۔

جب زندہ شکار کا ایک حصّہ کاٹ لیا گیا

عثمان بن ابوشیبہ، ہاشم بن قاسم، عبدالرحمٰن بن عبداللہ بن دینار، زید بن اسلم، عطا بن یسار نے حضرت ابو واقد لیثی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: نہیں کاٹا جاتا کسی زندہ جانور سے کوئی ٹکڑا مگر وہ مردار ہوتا ہے۔

شکار کا پیچھا کرنا

وہب بن منبّہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: سفیان نے ایک مرتبہ کہا کہ میرے خیال میں یہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے مرفوعاً روایت ہے۔ جنگل میں رہنے والے کا دل سخت ہو جاتا ہے، شکار کا پیچھا کرنے والا غافل ہو جاتا ہے اور جو بادشاہ کے پاس حاضری دے وہ فتنے میں مبتلا ہو جاتا ہے۔

یحییٰ بن معین، حماد بن خالد خیّاط، معاویہ بن صالح، عبدالرحمٰن بن جبیر بن نفیر، ان کے والد ماجد نے حضرت ابو ثعلبہ خشنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم اپنے شکار کو تیر مارو، پھر اُسے تین دن کے بعد پاؤ اور تمہارا تیر اس کے اندر ہو تو اُسے کھا لو جب تک اس میں بدبو نہ آ جائے۔

کتاب الضحایا ختم ہوئی۔

www.sirat-e-mustaqeem.com

اوّل کتاب الوصایا

باب ۴۶۴ ماجاء فی ما یؤمر بہ من الوصیۃ

۱۰۸۸- حدثنا مسدد بن مسرہد نا یحیی عن عبید اللہ قال حدثنی نافع عن عبد اللہ یعنی ابن عمر عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال ما حق امرئ مسلم لہ شیء یوصی فیہ یبیت لیلتین الا ووصیتہ مکتوبۃ عندہ۔

۱۰۸۹- حدثنا مسدد و محمد بن العلاء قالا نا ابو معاویۃ عن الاعمش عن ابی وائل عن مسروق عن عائشۃ قالت ما ترک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دینارا ولا درھما ولا بعیرا ولا شاۃ ولا اوصی بشیء۔

باب ۴۶۵ ماجاء فیما لا یجوز للموصی فی مالہ

۱۰۹۰- حدثنا عثمان بن ابی شیبۃ وابن ابی خلف قالا نا سفیان عن الزہری عن عامر بن سعد عن ابیہ قال مرض مرضا اشفی فیہ فعادہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقال یا رسول اللہ ان لی مالا کثیرا ولیس یرثنی الا ابنتی افاتصدق بالثلثین قال لا قال فبالشطر قال لا قال فبالثلث قال الثلث والثلث کثیر انک ان تترک ورثتک اغنیاء خیر من ان تدعہم عالۃ یتکففون الناس وانک لن تنفق نفقۃ الا اجرت فیہا حتی اللقمۃ ترفعہا الی فی امرأتک قلت یا رسول اللہ اتخلف عن ہجرتی قال انک ان تخلف بعدی فتعمل عملا

وصیتوں کا بیان

وصیت کرنے کی تاکید کا بیان

نافع نے حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ کسی مسلمان مرد کو یہ حق نہیں ہے کہ اس کے پاس کوئی قابلِ وصیت چیز ہو کر وہ دو راتیں بھی گزارے مگر اس کے پاس لکھی ہوئی وصیت ہونی چاہیے۔

مسدد اور محمد بن علا، ابو معاویہ، اعمش، ابو وائل، مسروق سے روایت ہے کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا: رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے میراث میں نہیں چھوڑے کوئی دینار، درہم، اونٹ یا بکری اور نہ کسی چیز کی وصیت فرمائی۔

موصی کو اپنے مال سے جو وصیت جائز نہیں

عامر بن سعید سے روایت ہے کہ ان کے والد ماجد نے فرمایا۔ میں سخت بیمار پڑا جس سے شفا ہوئی تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے میری عیادت فرمائی۔ میں عرض گزار ہوا کہ یا رسول اللہ! بیشک میرے پاس کافی مال ہے۔ اور ایک بیٹی کے سوا میرا کوئی وارث نہیں۔ کیا میں دو تہائی مال صدقہ کر دوں؟ فرمایا نہیں۔ عرض کی کہ نصف؟ فرمایا نہیں۔ عرض گزار ہوا کہ تہائی؟ فرمایا کہ تہائی سہی لیکن تہائی بھی زیادہ ہے۔ اگر تم اپنے وارثوں کو مالدار چھوڑ دو تو یہ اس سے بہتر ہے کہ انہیں تنگ چھوڑ جاؤ اور وہ لوگوں کے آگے ہاتھ پھیلاتے پھریں اور تم ان پر خرچ نہیں کرتے مگر اس کا تمہیں ثواب دیا جاتا ہے یہاں تک کہ وہ لقمہ جو تم اپنی بیوی کے منہ میں دیتے ہو۔ عرض گزار ہوا کہ یا رسول اللہ!

www.sirat-e-mustaqeem.com

تُرِيدُ بِهِ وَجْهَ اللّٰهِ إِلَّا ازْدَدْتَ بِهِ رِفْعَةً وَدَرَجَةً لَعَلَّكَ أَنْ تُخَلَّفَ حَتّٰى يَنْتَفِعَ بِكَ أَقْوَامٌ وَيُضَرَّ بِكَ آخَرُونَ ثُمَّ قَالَ اللّٰهُمَّ أَمْضِ لِأَصْحَابِي هِجْرَتَهُمْ وَلَا تَرُدَّهُمْ عَلٰى أَعْقَابِهِمْ لٰكِنِ الْبَائِسُ سَعْدُ بْنُ خَوْلَةَ يَرْثِي لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ مَاتَ بِمَكَّةَ۔

کیا میں اپنی ہجرت کے باوجود پیچھے چھوڑ دیا جاؤں گا؟ فرمایا کہ اگر تم میرے بعد پیچھے رہے تو رضائے الٰہی کے کام کرو گے جن سے تمہاری رفعت اور درجات میں اضافہ ہوگا۔ شاید تم پیچھے رہ جاؤ اور کتنے ہی لوگ تم سے فائدہ اٹھائیں اور کتنے ہی لوگوں کو نقصان پہنچے۔ پھر دعا فرمائی:۔ اے اللہ! میرے اصحاب کی ہجرت کو پورا فرما اور انہیں واپس نہ لوٹا ان کی ایڑیوں پر۔ لیکن تاسف رہا حضرت سعد بن خولہ کا کہ رسول اللہ بھی افسوس کیا کرتے تھے کیونکہ ان کا وصال مکہ مکرمہ میں ہوا۔

ف۔ جب سنہ ۸ھ میں مکہ مکرمہ کو فتح کیا گیا تو حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیمار پڑ گئے انہیں صدمہ لاحق ہوا کہ شاید میں بھی ہجرت کرنے کے باوجود مدینہ منورہ نہ جا سکوں اور حضرت سعید بن خولہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی طرح مکہ معظمہ میں دفن ہونا پڑے۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بشارت کے مطابق یہ مدتوں زندہ رہے ان کے سالِ وفات میں اگرچہ اختلاف ہے لیکن مولوی وحید الزمان خان صاحب نے لکھا ہے: "اور سنہ ۳۵ھ میں سعد کا انتقال ہوا، تو اس بیماری کے بعد سعد بن ابی وقاص ۴۵ برس تک زندہ رہے" ہماری سمجھ میں علامہ صاحب کا حساب آیا نہیں کیونکہ سنہ ۸ ہجری میں فتح مکہ کے وقت حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیمار ہوئے۔ اور بقول علامہ صاحب سنہ ۳۵ھ میں انہوں نے وفات پائی تو اس بیماری کے بعد پینتالیس برس تک کس طرح زندہ رہے؟

بَابُ فِي فَضْلِ الصَّدَقَةِ فِي الصِّحَّةِ۔

تندرستی میں صدقہ دینے کی فضیلت

١٠٩١۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ قَالَ نَا عَبْدُ الْوَاحِدِ ابْنُ زِيَادٍ قَالَ نَا عُمَارَةُ بْنُ الْقَعْقَاعِ عَنْ أَبِي زُرْعَةَ بْنِ عَمْرِو بْنِ جَرِيرٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَجُلٌ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ أَيُّ الصَّدَقَةِ أَفْضَلُ قَالَ أَنْ تَصَدَّقَ وَأَنْتَ صَحِيحٌ حَرِيصٌ تَأْمُلُ الْبَقَاءَ وَتَخْشَى الْفَقْرَ وَلَا تُمْهِلْ حَتّٰى إِذَا بَلَغَتِ الْحُلْقُومَ قُلْتَ لِفُلَانٍ كَذَا وَلِفُلَانٍ كَذَا وَقَدْ كَانَ لِفُلَانٍ۔

عمارہ بن قعقاع نے ابوزرعہ بن عمرو بن جریر سے روایت کی ہے کہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ ایک آدمی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض گزار ہوا:۔ یا رسول اللہ! کونسا صدقہ افضل ہے؟ فرمایا جب کہ تم تندرست ہو، مال کا لالچ ہو، زندگی کی امید ہو اور غریبی سے ڈرتے ہو۔ اتنا نہ رکے رہو کہ جان حلق میں آ پھنسے تو اس وقت کہنے لگو کہ فلاں کے لیے اتنا مال ہے اور فلاں کے لیے اس قدر مال ہے۔

١٠٩٢۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ قَالَ أَنَا ابْنُ أَبِي فُدَيْكٍ قَالَ أَخْبَرَنِي ابْنُ أَبِي ذِئْبٍ عَنْ شُرَحْبِيلَ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَأَنْ يَتَصَدَّقَ الْمَرْءُ

احمد بن صالح، ابن ابی فدیک، ابن ابی ذئب، شرجبیل حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ اگر آدمی ایک درہم اپنی زندگی میں صدقہ کرے تو یہ اس سے بہتر ہے کہ

www.sirat-e-mustaqeem.com

فِي حَيَاتِهِ بِدِرْهَمٍ خَيْرٌ لَهُ مِنْ أَنْ يَتَصَدَّقَ بِمِائَةٍ عِنْدَ مَوْتِهِ.

سو درہم اپنی موت کے وقت خیرات کرے۔

باب ۲۶۷ فِي كَرَاهِيَةِ الْإِضْرَارِ فِي الْوَصِيَّةِ

وصیت کے ذریعے نقصان پہنچانے کی کراہیت

۱۰۹۳ - حَدَّثَنَا عَبْدَةُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ أَخْبَرَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ قَالَ نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ الْحُدَّانِيُّ قَالَ نَا الْأَشْعَثُ بْنُ جَابِرٍ قَالَ حَدَّثَنِي شَهْرُ بْنُ حَوْشَبٍ أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ حَدَّثَهُ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِنَّ الرَّجُلَ لَيَعْمَلُ وَالْمَرْأَةُ بِطَاعَةِ اللَّهِ سِتِّينَ سَنَةً ثُمَّ يَحْضُرُهُمَا الْمَوْتُ فَيُضَارَّانِ فِي الْوَصِيَّةِ فَتَجِبُ لَهُمَا النَّارُ وَقَرَأَ عَلَيَّ أَبُو هُرَيْرَةَ مِنْ هَاهُنَا مِنْ بَعْدِ وَصِيَّةٍ يُوصِي بِهَا أَوْ دَيْنٍ غَيْرَ مُضَارٍّ حَتَّى بَلَغَ ذَلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيمُ قَالَ أَبُو دَاوُدَ هَذَا يَعْنِي الْأَشْعَثَ بْنَ جَابِرٍ جَدُّ نَصْرِ بْنِ عَلِيٍّ.

عبدہ بن عبداللہ، عبدالصمد، نصر بن علی حُدانی، اشعث بن جابر، شہر بن حوشب نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کوئی آدمی خواہ مرد ہو اور عورت ساٹھ سال تک خدا کی عبادت کریں، پھر ان دونوں کو موت آئے تو وصیت کے ذریعے نقصان پہنچائیں۔ پس ان کے لیے جہنم واجب ہے۔ حضرت ابوہریرہ نے میرے (شہر بن حوشب کے) سامنے یہ آیت تلاوت کی وصیت کے بعد جس کی وصیت کی گئی ہو یا قرض جو تکلیف دینے کے لیے نہ ہو (۴:۱۲) امام ابوداؤد نے فرمایا کہ مذکورہ اشعث بن جابر یہ نصر بن علی کے جدِ امجد ہیں۔

باب ۲۶۸ مَا جَاءَ فِي الدُّخُولِ فِي الْوَصَايَا

وصایا میں شامل ہونے کا بیان

۱۰۹۴ - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ نَا أَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْمُقْرِئُ قَالَ نَا سَعِيدُ بْنُ أَبِي أَيُّوبَ عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي جَعْفَرٍ عَنْ سَالِمِ بْنِ أَبِي سَالِمٍ الْجَيْشَانِيِّ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي ذَرٍّ قَالَ قَالَ لِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا أَبَا ذَرٍّ إِنِّي أَرَاكَ ضَعِيفًا وَإِنِّي أُحِبُّ لَكَ مَا أُحِبُّ لِنَفْسِي فَلَا تَأَمَّرَنَّ عَلَى اثْنَيْنِ وَلَا تَوَلَّيَنَّ مَالَ الْيَتِيمِ.

سالم بن ابوسالم جیشانی کے والد ماجد نے حضرت ابوذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ مجھ سے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ اے ابوذر! میں تمہیں کمزور دیکھتا ہوں اور بیشک میں تمہارے لیے بھی وہی پسند کرتا ہوں جو اپنے لیے پسند کرتا ہوں۔ لہٰذا تم دو آدمیوں پر بھی حاکم نہ بننا اور یتیم کے مال کا والی نہ بننا۔

باب ۲۶۹ مَا جَاءَ فِي نَسْخِ الْوَصِيَّةِ لِلْوَالِدَيْنِ وَالْأَقْرَبِينَ

والدین اور اقرباء کیلئے وصیت کرنا منسوخ ہے

۱۰۹۵ - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَرْوَزِيُّ حَدَّثَنِي عَلِيُّ بْنُ حُسَيْنِ بْنِ وَاقِدٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ يَزِيدَ النَّحْوِيِّ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ إِنْ تَرَكَ خَيْرًا الْوَصِيَّةُ لِلْوَالِدَيْنِ وَالْأَقْرَبِينَ فَكَانَتِ الْوَصِيَّةُ كَذَلِكَ حَتَّى نَسَخَتْهَا آيَةُ الْمِيرَاثِ.

احمد بن محمد مروزی، علی بن حسین بن واقد اُن کے والد ماجد یزید نحوی، عکرمہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے۔ اگر مال چھوڑے تو وصیت کرنا ہے والدین اور قریبی رشتہ داروں کے لیے (۲:۱۸۰) کے تحت اسی طرح وصیت ہوتی تھی، یہاں تک کہ اسے آیتِ میراث نے منسوخ کر دیا۔

باب [illegible] مَا جَاءَ فِي الْوَصِيَّةِ لِلْوَارِثِ۔

١٠٩٦۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ نَجْدَةَ قَالَ أَنَا ابْنُ عَيَّاشٍ عَنْ شُرَحْبِيلَ بْنِ مُسْلِمٍ قَالَ سَمِعْتُ أَبَا أُمَامَةَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ إِنَّ اللَّهَ قَدْ أَعْطَى كُلَّ ذِي حَقٍّ حَقَّهُ فَلَا وَصِيَّةَ لِوَارِثٍ۔

وارث کے لیے وصیت کرنے کا حکم

شرجیل بن مسلم سے روایت ہے کہ حضرت ابوامامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ اللہ تعالیٰ نے ہر حق دار کو اس کا حق دیا ہے لہٰذا وارث کے لیے کوئی وصیت نہیں ہے۔

باب [illegible] مُخَالَطَةِ الْيَتِيمِ فِي الطَّعَامِ۔

١٠٩٧۔ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ ابْنُ أَبِي شَيْبَةَ قَالَ نَا جَرِيرٌ عَنْ عَطَاءٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ لَمَّا أَنْزَلَ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ وَلَا تَقْرَبُوا مَالَ الْيَتِيمِ إِلَّا بِالَّتِي هِيَ أَحْسَنُ وَإِنَّ الَّذِينَ يَأْكُلُونَ أَمْوَالَ الْيَتَامَى ظُلْمًا الْآيَةَ انْطَلَقَ مَنْ كَانَ عِنْدَهُ يَتِيمٌ فَعَزَلَ طَعَامَهُ مِنْ طَعَامِهِ وَشَرَابَهُ مِنْ شَرَابِهِ فَجَعَلَ يَفْضُلُ مِنْ طَعَامِهِ فَيُحْبَسُ لَهُ حَتَّى يَأْكُلَهُ أَوْ يَفْسُدَ فَاشْتَدَّ ذَلِكَ عَلَيْهِمْ فَذَكَرُوا ذَلِكَ لِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَنْزَلَ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ وَيَسْأَلُونَكَ عَنِ الْيَتَامَى قُلْ إِصْلَاحٌ لَهُمْ خَيْرٌ وَإِنْ تُخَالِطُوهُمْ فَإِخْوَانُكُمْ فَخَلَطُوا طَعَامَهُمْ بِطَعَامِهِمْ وَشَرَابَهُمْ بِشَرَابِهِمْ۔

یتیم کو کھانے میں شریک کرنا

سعید بن جبیر سے روایت ہے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا کہ جب اللہ تعالیٰ نے حکم نازل فرمایا۔ اور نہ قریب جاؤ یتیم کے مال کے مگر اچھے طریقے سے اور بیشک جو لوگ یتیم کے مال میں سے کھاتے ہیں ظلم کے ساتھ (۴:۱۰) تو جس کے پاس کوئی یتیم تھا وہ اس کے کھانے کی چیزوں کو اپنے کھانے کی چیزوں سے اور اس کے پینے کی چیزوں کو اپنے پینے کی چیزوں سے علیحدہ رکھتا۔ پس ان کا کھانا اگر بچ جاتا تو رکھ دیا جاتا یہاں تک کہ خود کھا لیتا یا خراب ہو جاتا۔ یہ بات لوگوں پر گراں گزر رہی تھی، لہٰذا رسول اللہ سے اس کا ذکر کیا گیا۔ پس اللہ تعالیٰ نے حکم نازل فرمایا۔ اے محبوب! تم سے یتیموں کے متعلق سوال کرتے ہیں فرما دو کہ ان کی اصلاح کرنا نیکی ہے اگر انہیں اپنے ساتھ ملا لو تو تمہارے بھائی ہیں (۲:۲۲۰) پس لوگوں نے ان کے کھانے کو...

[illegible]

باب [illegible] مَا جَاءَ فِيمَا لِوَلِيِّ الْيَتِيمِ أَنْ يَنَالَ مِنْ مَالِ الْيَتِيمِ۔

١٠٩٨۔ حَدَّثَنَا حُمَيْدُ بْنُ مَسْعَدَةَ أَنَّ خَالِدَ ابْنَ الْحَارِثِ حَدَّثَهُمْ قَالَ نَا حُسَيْنٌ يَعْنِي الْمُعَلِّمَ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ أَنَّ رَجُلًا أَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ إِنِّي فَقِيرٌ لَيْسَ لِي شَيْءٌ وَلِي يَتِيمٌ قَالَ فَكُلْ مِنْ مَالِ يَتِيمِكَ غَيْرَ مُسْرِفٍ وَلَا مُبَادِرٍ وَلَا مُتَأَثِّلٍ۔

یتیم کے مال سے اس کا ولی کتنا مال لے سکتا ہے؟

عمرو بن شعیب کے والد ماجد نے اپنے والد محترم حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ ایک آدمی نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر عرض گزار ہوا۔ میں تنگ دست ہوں میرے پاس کچھ بھی نہیں اور میرے پاس ایک یتیم ہے فرمایا تو یتیم کے مال سے کھا لیا کرو لیکن فضول خرچی نہ ہو اس کے جوان ہونے کا ڈر نہ ہو اور اپنی پونجی نہ بنائی جائے۔

www.sirat-e-mustaqeem.com

باب ۳۷ مَا جَاءَ مَتَى يَنْقَطِعُ الْيُتْمُ۔

۱۰۹۹- حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ قَالَ نَا يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَدِينِيُّ قَالَ نَا عَبْدُ اللّٰهِ ابْنُ خَالِدِ بْنِ سَعِيدِ ابْنِ أَبِي مَرْيَمَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ سَعِيدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ رُقَيْشٍ أَنَّهُ سَمِعَ شُيُوخًا مِنْ بَنِي عَمْرِو بْنِ عَوْفٍ وَمِنْ خَالِهِ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ أَبِي أَحْمَدَ قَالَ قَالَ عَلِيُّ بْنُ أَبِي طَالِبٍ حَفِظْتُ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يُتْمَ بَعْدَ احْتِلَامٍ وَلَا صُمَاتَ يَوْمٍ إِلَى اللَّيْلِ۔

یتیم ہونے کی مدت کب ختم ہوتی ہے؟

احمد بن صالح، یحیٰی بن محمد مدینی، عبداللہ بن خالد بن سعید بن ابومریم، اُن کے والد ماجد، سعید بن عبدالرحمٰن بن رُقیش، بنی عمرو بن عوف کے ایک شیخ، اُن کے ماموں جان عبداللہ بن ابواحمد سے روایت ہے کہ حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے سن کر یہ بات محفوظ رکھی ہے کہ احتلام ہو جانے کے بعد یتیمی نہیں رہتی اور رات تک دن بھر کی خاموشی کا روزہ کوئی چیز نہیں ہے۔

باب ۳۸ مَا جَاءَ فِي التَّشْدِيدِ فِي أَكْلِ مَالِ الْيَتِيمِ۔

۱۱۰۰- حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ سَعِيدٍ الْهَمْدَانِيُّ قَالَ نَا ابْنُ وَهْبٍ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ بِلَالٍ عَنْ ثَوْرِ بْنِ زَيْدٍ عَنْ أَبِي الْغَيْثِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اجْتَنِبُوا السَّبْعَ الْمُوبِقَاتِ قِيلَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ وَمَا هُنَّ قَالَ الشِّرْكُ بِاللّٰهِ وَالسِّحْرُ وَقَتْلُ النَّفْسِ الَّتِي حَرَّمَ اللّٰهُ إِلَّا بِالْحَقِّ وَأَكْلُ الرِّبَا وَأَكْلُ مَالِ الْيَتِيمِ وَالتَّوَلِّي يَوْمَ الزَّحْفِ وَقَذْفُ الْمُحْصَنَاتِ الْغَافِلَاتِ الْمُؤْمِنَاتِ۔

یتیم کا مال کھانا کتنا بڑا گناہ ہے۔

ابوالغیث نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: ہلاک کرنے والے سات گناہوں (کبیرہ گناہوں) سے بچتے رہنا عرض کی گئی کہ یا رسول اللہ! وہ کون سے ہیں؟ فرمایا کہ اللہ کے ساتھ شرک کرنا، جادو کرنا، اس جان کو قتل کرنا جس کو اللہ نے حرام ٹھہرایا ہے مگر حق کے ساتھ، سود کھانا، یتیم کا مال کھانا کفار سے مقابلے میں پیٹھ دکھا جانا اور خاوند والی بدکاری سے بے خبر اور ایمان والی عورتوں پر بدکاری کی تہمت لگانا۔

۱۱۰۱- حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ يَعْقُوبَ الْجُوزَجَانِيُّ قَالَ نَا مُعَاذُ بْنُ هَانِئٍ قَالَ نَا حَرْبُ بْنُ شَدَّادٍ قَالَ نَا يَحْيَى ابْنُ أَبِي كَثِيرٍ عَنْ عَبْدِ الْحَمِيدِ بْنِ سِنَانٍ نَا عُبَيْدُ بْنُ عُمَيْرٍ عَنْ أَبِيهِ أَنَّهُ حَدَّثَهُ وَكَانَتْ لَهُ صُحْبَةٌ أَنَّ رَجُلًا سَأَلَهُ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ مَا الْكَبَائِرُ قَالَ هُنَّ تِسْعٌ فَذَكَرَ مَعْنَاهُ زَادَ وَعُقُوقُ الْوَالِدَيْنِ الْمُسْلِمَيْنِ وَاسْتِحْلَالُ الْبَيْتِ الْحَرَامِ قِبْلَتِكُمْ أَحْيَاءً

ابراہیم بن یعقوب جوزجانی، معاذ بن ہانی، حرب بن شداد، یحیٰی بن ابوکثیر، عبدالحمید بن سنان، عبید بن عمیر نے اپنے والد ماجد سے روایت کی ہے جنہیں شرف صحابیت حاصل تھا کہ ایک آدمی عرض گزار ہوا۔ یا رسول اللہ! کبیرہ گناہ کون سے ہیں؟ ارشاد ہوا کہ وہ نو ہیں پھر معناً مذکورہ حدیث بیان کرتے ہوئے دو یہ بتائے: مسلمان والدین کی نافرمانی کرنا اور بیت اللہ میں جو باتیں حرام ہیں انہیں حلال کر لینا حالانکہ وہ زندگی اور موت میں تمہارا قبلہ ہے۔

وَ اٰمُوا اَتًا۔

بابُ ۷۴ مَا جَاءَ فِي الدَّلِيْلِ عَلٰى اَنَّ الْكَفَنَ مِنْ جَمِيْعِ الْمَالِ۔

۱۱۰۲۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيْرٍ قَالَ اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اَبِيْ وَائِلٍ عَنْ خَبَّابٍ قَالَ مُصْعَبُ بْنُ عُمَيْرٍ قُتِلَ يَوْمَ اُحُدٍ وَلَمْ يَكُنْ لَهُ اِلَّا نَمِرَةٌ كُنَّا اِذَا غَطَّيْنَا رَاْسَهُ خَرَجَتْ رِجْلَاهُ وَاِذَا غَطَّيْنَا رِجْلَيْهِ خَرَجَ رَاْسُهُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غَطُّوْا بِهَا رَاْسَهُ وَاجْعَلُوْا عَلٰى رِجْلَيْهِ مِنَ الْاِذْخِرِ۔

بابُ ۷۵ مَا جَاءَ فِي الرَّجُلِ يَهَبُ الْهِبَةَ ثُمَّ يُوْصٰى لَهُ بِهَا اَوْ يَرِثُهَا۔

۱۱۰۳۔ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يُوْنُسَ قَالَ نَا زُهَيْرٌ قَالَ نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَطَاءٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ بُرَيْدَةَ عَنْ اَبِيْهِ بُرَيْدَةَ اَنَّ امْرَاَةً اَتَتْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ كُنْتُ تَصَدَّقْتُ عَلٰى اُمِّيْ بِوَلِيْدَةٍ وَاِنَّهَا مَاتَتْ وَتَرَكَتْ تِلْكَ الْوَلِيْدَةَ قَالَ قَدْ وَجَبَ اَجْرُكِ وَرَجَعَتْ اِلَيْكِ فِي الْمِيْرَاثِ قَالَتْ وَاِنَّهَا مَاتَتْ وَعَلَيْهَا صَوْمُ شَهْرٍ اَفَيُجْزِيْ اَوْ يَقْضِيْ عَنْهَا اَنْ اَصُوْمَ عَنْهَا قَالَ نَعَمْ قَالَتْ وَاِنَّهَا لَمْ تَحُجَّ اَفَيُجْزِيْ اَوْ يَقْضِيْ عَنْهَا اَنْ اَحُجَّ عَنْهَا قَالَ نَعَمْ۔

بابُ ۷۶ مَا جَاءَ فِي الرَّجُلِ يُوْقِفُ الْوَقْفَ

۱۱۰۴۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ قَالَ نَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ ح وَحَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ قَالَ نَا بِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ ح وَحَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ قَالَ نَا يَحْيٰى عَنِ ابْنِ عَوْنٍ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ اَصَابَ عُمَرُ اَرْضًا بِخَيْبَرَ فَاَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اَصَبْتُ اَرْضًا لَمْ اُصِبْ مَالًا قَطُّ اَنْفَسَ

کفن بھی مُردے کے مال میں شمار ہوتا ہے۔

ابو وائل نے حضرت خباب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ حضرت مصعب بن عمیر کو غزوۂ اُحد میں شہید کیا گیا تھا ان کے پاس ایک کمبل کے سوا کچھ نہ تھا۔ جب ہم ان کے سر کو چھپاتے تو پیر کھل جاتے اور جب پیروں کو چھپاتے تو سر کھل جاتا تھا۔ چنانچہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اس کے ساتھ ان کے سر کو ڈھک دو اور ان کے پیروں پر اذخر ڈال دو۔

کوئی چیز ہبہ کر دی جائے پھر وہی آدمی اسے وصیت یا میراث میں پلٹے

عبداللہ بن بریدہ نے اپنے والد ماجد حضرت بریدہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ ایک عورت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر عرض گزار ہوئی۔ میں نے اپنی والدہ ماجدہ کی خدمت میں ایک لونڈی پیش کی تھی۔ اب ان کا انتقال ہوگیا اور وہ لونڈی ترکہ میں چھوڑی ہے۔ فرمایا کہ تمہارا ثواب واجب ہوگیا اور لونڈی میراث میں تمہاری طرف لوٹ آئی۔ عرض کی کہ جب وہ فوت ہوئیں تو ان پر ایک مہینے کے روزے تھے۔ کیا یہ جائز ہے۔ کہ اُن روزوں کی میں اُن کی طرف سے قضا رکھ لوں۔ فرمایا، ہاں۔ عرض کہ انہوں نے حج بھی نہیں کیا تھا تو کیا یہ کفایت کریگا کہ میں ان کی طرف سے حج ادا کرلوں؟ فرمایا ہاں۔

جس نے کوئی چیز وقف کردی

مسدد، یزید بن زریع۔ مسدد، بشر بن مفضل۔ مسدد، یحییٰ، ابن عون، نافع سے روایت ہے کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا۔ حضرت عمر کو خیبر میں زمین ملی تھی۔ وہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض گزار ہوئے کہ مجھے یہ ایسی زمین حاصل ہوئی کہ اس سے نفیس میرے پاس اور کوئی مال نہیں ہے

www.sirat-e-mustaqeem.com

عِنْدِي مِنْهُ فَكَيْفَ تَأْمُرُنِي بِهِ قَالَ إِنْ شِئْتَ حَبَسْتَ أَصْلَهَا وَتَصَدَّقْتَ بِهَا فَتَصَدَّقَ بِهَا عُمَرُ أَنَّهُ لَا يُبَاعُ أَصْلُهَا وَلَا يُوهَبُ وَلَا يُورَثُ لِلْفُقَرَاءِ وَالْقُرْبَى وَالرِّقَابِ وَفِي سَبِيلِ اللَّهِ وَابْنِ السَّبِيلِ وَزَادَ عَنْ بِشْرٍ وَالضَّيْفِ ثُمَّ اتَّفَقُوا لَا جُنَاحَ عَلَى مَنْ وَلِيَهَا أَنْ يَأْكُلَ مِنْهَا بِالْمَعْرُوفِ وَيُطْعِمَ صَدِيقًا غَيْرَ مُتَمَوِّلٍ فِيهِ زَادَ عَنْ بِشْرٍ قَالَ وَقَالَ مُحَمَّدٌ غَيْرَ مُتَأَثِّلٍ مَالًا۔

۱۱۰۵۔ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ الْمَهْرِيُّ قَالَ أَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ أَخْبَرَنِي اللَّيْثُ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ عَنْ صَدَقَةِ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ قَالَ نَسَخَهَا لِي عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَنِ الرَّحِيمِ هَذَا مَا كَتَبَ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عُمَرَ فِي ثَمْغٍ فَقَصَّ مِنْ خَبَرِهِ نَحْوَ حَدِيثِ نَافِعٍ قَالَ غَيْرَ مُتَأَثِّلٍ مَالًا فَمَا عَفَا عَنْهُ مِنْ ثَمَرِهِ فَهُوَ لِلسَّائِلِ وَالْمَحْرُومِ وَسَاقَ الْقِصَّةَ قَالَ وَإِنْ شَاءَ وَلِيُّ ثَمْغٍ اشْتَرَى مِنْ ثَمَرِهِ رَقِيقًا لِعَمَلِهِ وَكَتَبَ مُعَيْقِيبٌ وَشَهِدَ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ الْأَرْقَمِ بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَنِ الرَّحِيمِ هَذَا مَا أَوْصَى بِهِ عَبْدُ اللَّهِ عُمَرُ أَمِيرُ الْمُؤْمِنِينَ إِنْ حَدَثَ بِهِ حَدَثٌ أَنَّ ثَمْغًا وَصِرْمَةَ بْنَ الْأَكْوَعِ وَالْعَبْدَ الَّذِي فِيهِ وَالْمِائَةَ السَّهْمَ الَّذِي بِخَيْبَرَ وَرَقِيقَهُ الَّذِي فِيهِ وَالْمِائَةَ الَّتِي أَطْعَمَهُ مُحَمَّدٌ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْوَادِي تَلِيهِ حَفْصَةُ مَا عَاشَتْ ثُمَّ يَلِيهِ ذُو الرَّأْيِ مِنْ أَهْلِهَا أَنْ لَا يُبَاعَ وَلَا يُشْتَرَى يُنْفِقُهُ حَيْثُ رَأَى مِنَ السَّائِلِ الْمَحْرُومِ

آپ اس کے متعلق کیا حکم فرماتے ہیں؟ فرمایا اگر تم چاہو تو اصل زمین روک لو اور جو اس سے حاصل ہو اُسے خیرات کر دو۔ پس حضرت عمرؓ نے اُسے خیرات کر دیا کہ اصل زمین نہ فروخت کی جائے، نہ ہبہ کی جائے اور نہ کسی کو میراث میں ملے بلکہ غریبوں، قریبی رشتہ داروں، گردن چھڑانے والوں، اللہ کی راہ میں لڑنے والوں اور مسافروں کے لیے اس کی پیداوار ہو۔ بشر نے مہمانوں کو بھی بیان کیا ہے۔ پھر دونوں متفق ہو گئے اور اس کے متولی پر کوئی گناہ نہیں ہے اگر دستور کے مطابق اس میں سے کھائے اور اپنے ان دوستوں کو کھلائے جو مالدار نہ ہوں۔ بشر نے محمد کا قول بیان کیا۔

یحییٰ بن سعید کو حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے صدقہ کی نقل کر کے دی عبدالحمید بن عبداللہ بن عبداللہ بن عمر بن خطاب نے یعنی: اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے۔ یہ تحریر ہے جو اللہ کے بندے عمر نے ثمغ کے متعلق لکھی۔ پھر واقعہ بیان کیا حدیث نافع کی طرح۔ کہا کہ مال جمع کرنے والا نہ ہو اور جو اس کے پھل گریں وہ سائل اور محروم لوگوں کے لیے ہیں۔ باقی واقعہ بیان کر کے فرمایا کہ اگر ثمغ کا متولی چاہے تو پھل بیچ دے اور غلام کام کرنے کے لیے خرید لے۔ معیقیب نے لکھا ہے اور حضرت عبداللہ بن ارقم نے اس پر گواہی دی۔ اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے جس کی وصیت فرمائی اللہ کے بندے عمر نے جو امیر المومنین ہیں کہ اگر مجھ پر کوئی حادثہ وارد ہو جائے تو ثمغ، صرمہ بن الاکوع، وہ غلام جو اس میں ہے اور میرے وہ سو حصے اور غلام جو خیبر میں ہیں نیز سو وہ حصے جو محمد مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مجھے مرحمت فرمائے تھے، ان سب کی حفصہ متولی رہے گی جب تک وہ زندہ ہے اس کے بعد میرے گھر والوں میں سے جو سب سے دانش مند ہو۔ لیکن ان کی خرید و فروخت نہیں کی جائے گی۔ اسے خرچ کیا جائے جہاں مناسب نظر آئے کسی سائل، محروم، قریبی رشتہ دار یا اور متولی کے کھانے کھلانے یا غلام خریدنے میں کوئی مضائقہ

وَذِي الْقُرْبَى وَلَا حَرَجَ عَلَى مَنْ وَلِيَهُ أَنْ يَأْكُلَ أَوْ أَكَلَ أَوِ اشْتَرَى بِهِ رَقِيقًا مِنْهُ۔

نہیں ہے۔

بَابٌ مَا جَاءَ فِي الصَّدَقَةِ عَنِ الْمَيِّتِ۔

میت کی طرف سے صدقہ دینا

۱۱۰۶۔ حَدَّثَنَا الرَّبِيعُ بْنُ سُلَيْمَانَ الْمُؤَذِّنُ قَالَ نَا ابْنُ وَهْبٍ عَنْ سُلَيْمَانَ يَعْنِي ابْنَ بِلَالٍ عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ أُرَاهُ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِذَا مَاتَ الْإِنْسَانُ انْقَطَعَ عَمَلُهُ إِلَّا مِنْ ثَلَاثَةِ أَشْيَاءَ مِنْ صَدَقَةٍ جَارِيَةٍ أَوْ عِلْمٍ يُنْتَفَعُ بِهِ أَوْ وَلَدٍ صَالِحٍ يَدْعُو لَهُ۔

سلیمان بن بلال کے خیال میں علاء بن عبدالرحمٰن کے والد ماجد نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جب انسان مرجاتا ہے تو اس کے اعمال کا سلسلہ ختم ہوجاتا ہے مگر تین چیزوں کا ایک وہ صدقہ جس کا نفع جاری رہے دوسرے وہ علم جس سے فائدہ اٹھائے جائے تیسرے نیک اولاد جو اس کے لیے دعا کرے۔

ف۔ فرمانِ رسالت اَلدَّالُّ عَلَى الْخَيْرِ كَفَاعِلِهٖ کے تحت جنہوں نے لوگوں کو علم پڑھایا یا نیکی کی باتیں بتائیں تو جب تک ان پر عمل ہوگا اور جتنا ان پر عمل کرنے والوں کو ثواب ملے گا۔ اتنا ہی اس بتانے والے کے نامۂ اعمال میں درج ہوتا رہے گا۔ خواہ اُسے وفات پائے ہوئے کتنا ہی عرصہ کیوں نہ گزر گیا ہو۔ اسی طرح صدقہ جاریہ کا ثواب بھی مرنے کے بعد جاری رہتا ہے اور دعا صرف بیٹے پر ہی موقوف نہیں بلکہ جو بھی اس کے حق میں دعائے خیر کرے گا اس سے متوفی کو فائدہ پہنچے گا اور ایصالِ ثواب کرے تو اُسے ثواب پہنچے گا۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

بَابٌ مَا جَاءَ فِي مَنْ مَاتَ مِنْ غَيْرِ وَصِيَّةٍ يُتَصَدَّقُ عَنْهُ۔

جو بغیر وصیت کیے مرجائے اس کی طرف سے صدقہ دینا

۱۱۰۷۔ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْمٰعِيلَ قَالَ نَا حَمَّادٌ عَنْ هِشَامٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَائِشَةَ أَنَّ امْرَأَةً قَالَتْ يَا رَسُولَ اللّٰهِ إِنَّ أُمِّي افْتُلِتَتْ نَفْسُهَا وَلَوْلَا ذٰلِكَ لَتَصَدَّقَتْ وَأَعْطَتْ أَفَيُجْزِئُ أَنْ أَتَصَدَّقَ عَنْهَا فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَعَمْ فَتَصَدَّقِي عَنْهَا۔

ہشام کے والد ماجد نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کی ہے کہ ایک عورت عرض گزار ہوئی۔ یارسول اللہ! میری والدہ ماجدہ کا اچانک انتقال ہوگیا ہے اگر ایسا نہ ہوتا تو ضرور وہ صدقہ و خیرات کرتیں۔ اگر میں ان کی طرف سے خیرات کروں تو کیا انہیں ثواب ملے گا؟ نبی کریم نے فرمایا ہاں۔ پس اس عورت نے اپنی والدہ ماجدہ کی طرف سے صدقہ خیرات کی۔

[illegible]

۱۱۰۸۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مَنِيعٍ نَا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ قَالَ نَا زَكَرِيَّا بْنُ إِسْحٰقَ قَالَ أَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ دِينَارٍ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ رَجُلًا قَالَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ إِنَّ أُمَّهُ تُوُفِّيَتْ أَفَيَنْفَعُهَا إِنْ تَصَدَّقْتُ عَنْهَا قَالَ نَعَمْ قَالَ فَإِنَّ لِي مَخْرَفًا وَإِنِّي أُشْهِدُكَ أَنِّي قَدْ تَصَدَّقْتُ بِهِ عَنْهَا۔

احمد بن منیع، روح بن عبادہ، زکریا بن اسحاق، عمرو بن دینار، عکرمہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ ایک آدمی عرض گزار ہوا:۔ یارسول اللہ میری والدہ ماجدہ فوت ہوگئی ہیں، اگر ان کی طرف سے میں خیرات کردوں تو کیا انہیں فائدہ پہنچے گا؟ فرمایا، ہاں۔ عرض کی کہ میرا ایک باغ ہے، میں آپ کو گواہ بناکر کہتا

www.sirat-e-mustaqeem.com

باب ۴۶ مَا جَاءَ فِي وَصِيَّةِ الْحَرْبِيِّ يُسْلِمُ وَلِيُّهُ أَيَلْزَمُهُ أَنْ يُنْفِذَهَا۔

۱۱۰۹۔ حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْوَلِيدِ بْنِ مَزْيَدٍ قَالَ أَخْبَرَنِي أَبِي قَالَ نَا الْأَوْزَاعِيُّ قَالَ حَدَّثَنِي حَسَّانُ بْنُ عَطِيَّةَ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ أَنَّ الْعَاصَ بْنَ وَائِلٍ أَوْصَى أَنْ يُعْتَقَ عَنْهُ مِائَةُ رَقَبَةٍ فَأَعْتَقَ ابْنُهُ هِشَامٌ خَمْسِينَ رَقَبَةً فَأَرَادَ ابْنُهُ عَمْرٌو أَنْ يُعْتِقَ عَنْهُ الْخَمْسِينَ الْبَاقِيَةَ فَقَالَ حَتَّى أَسْأَلَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنَّ أَبِي أَوْصَى بِعِتْقِ مِائَةِ رَقَبَةٍ وَإِنَّ هِشَامًا أَعْتَقَ عَنْهُ خَمْسِينَ وَبَقِيَتْ عَلَيْهِ خَمْسُونَ رَقَبَةً أَفَأُعْتِقُ عَنْهُ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْ كَانَ مُسْلِمًا فَأَعْتَقْتُمْ عَنْهُ أَوْ تَصَدَّقْتُمْ عَنْهُ بَلَغَهُ ذَلِكَ۔

حربی کافر کی وصیت کے مطابق مسلمان اس کا وارث ہوا۔ کیا وہ وصیت پوری کرے ؟

عمرو بن شعیب کے والد ماجد نے اپنے والد محترم سے روایت کی ہے کہ عاص بن وائل نے وصیت کی کہ اس کی طرف سے سو گردنیں آزاد کی جائیں۔ پس اس کے بیٹے ہشام نے پچاس گردنیں آزاد کر دیں۔ پھر اس کے صاحبزادے حضرت عمرو نے باقی پچاس گردنیں آزاد کرنے کا ارادہ کیا۔ پس دل میں کہا کہ کیوں نہ میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے دریافت کر لوں۔ پس یہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض گزار ہوئے یا رسول اللہ! میرے باپ نے سو گردنیں آزاد کرنے کی وصیت کی تو ہشام نے اُن کی طرف سے پچاس آزاد کر دیں اور پچاس گردنیں اُن کی طرف سے باقی رہ گئیں۔ پس کیا میں ان کی طرف سے آزاد کر دوں؟ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ اگر وہ مسلمان ہوتے اور تم ان کی طرف سے غلام آزاد کرتے یا صدقہ دیتے یا حج کرتے تو اس کا ثواب انہیں پہنچ جاتا۔

ف۔ اگر ایسے شخص کے لیے ثواب بھیجا جائے جو مسلمان ہوا اور ایمان پر اُس کا خاتمہ ہوا تو ثواب اُسے ضرور پہنچتا ہے لیکن جو مسلمان نہیں یا اس کا ایمان پر خاتمہ نہیں ہوا تو اُس کے وہ اعمال جو بظاہر نیک نظر آئیں وہ بھی ضائع ہو گئے۔ آخرت میں اُن کا اُسے کوئی اجر نہیں ملے گا اور نہ کسی کا ایصالِ ثواب کرنا اُسے پہنچے گا۔ کافر کے لیے ایصالِ ثواب کرنا بے سود اور دانستہ ایسا کرنا سخت گناہ اور جہالت ہے۔ بعض مسلمان کہلانے والے بھی کافروں کی طرح اپنے مُردوں کو ایصالِ ثواب کرنے سے پرہیز کرتے بلکہ چڑتے ہیں۔ معلوم نہیں کفار کی طرح كَمَا يَئِسَ الْكُفَّارُ مِنْ أَصْحَابِ الْقُبُورِ کیا وہ بھی اپنے مُردوں تک ثواب کے پہنچنے سے ناامید ہو گئے ہیں؟ آخر اپنے ہی عزیز و اقارب سے اِتنا لاتعلق ہو جانے کی کوئی وجہ تو ضرور ہوگی کہ انہیں ثواب سے محروم رکھنے کی کیوں سر توڑ کوشش کی جاتی ہے۔ وہ حضرات بتائیں یا نہ بتائیں لیکن ؏

کچھ تو ہے جس کی پردہ داری ہے

باب ۴۷ مَا جَاءَ فِي الرَّجُلِ يَمُوتُ وَعَلَيْهِ دَيْنٌ وَلَهُ وَفَاءٌ يُسْتَنْظَرُ غُرَمَاؤُهُ وَيُرْفَقُ بِالْوَارِثِ۔

۱۱۱۰۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ نَا

جو مر جائے جبکہ اس پر قرض ہو اور مال چھوڑے تو قرض خواہ انتظار کریں اور وارثوں سے نرمی برتیں

وہب بن کیسان کو حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ

www.sirat-e-mustaqeem.com

شُعَيْبُ بْنُ إِسْحٰقَ حَدَّثَهُمْ أَنَّ هِشَامَ بْنَ عُرْوَةَ عَنْ وَهْبِ بْنِ كَيْسَانَ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ أَنَّهُ أَخْبَرَهُ أَنَّ أَبَاهُ تُوُفِّيَ وَتَرَكَ عَلَيْهِ ثَلَاثِيْنَ وَسْقًا لِرَجُلٍ مِنَ الْيَهُوْدِ فَاسْتَنْظَرَهُ جَابِرٌ فَأَبٰى فَكَلَّمَ جَابِرٌ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يَشْفَعَ لَهُ إِلَيْهِ فَجَاءَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَكَلَّمَ الْيَهُوْدِيَّ لِيَأْخُذَ ثَمَرَ نَخْلِهِ بِالَّذِيْ لَهُ عَلَيْهِ فَأَبٰى وَكَلَّمَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يُنْظِرَهُ فَأَبٰى وَ سَاقَ الْحَدِيْثَ ۔ آخِرُ كِتَابِ الْوَصَايَا۔

رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے بتایا کہ اُن کے والد ما جد فوت ہو گئے اور ایک یہودی کا تیس وسق قرضہ چھوڑا۔ حضرت جابر نے اس سے مہلت مانگی۔ لیکن اس نے انکار کر دیا تو حضرت جابر نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے عرض کی کہ اُس (یہودی) سے ان کی سفارش کر دی جائے۔ چنانچہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تشریف لائے اور یہودی سے گفتگو کی کہ اپنے قرضے کے بدلے میں جتنے پھل باغ میں ہیں انہیں وصول کر لے تو اس نے انکار کیا۔ پھر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس سے کہا کہ تم اسے (حضرت جابر کو) مہلت دے دو، تب بھی اُس نے انکار کر دیا۔ اور پھر باقی حدیث بیان کی۔
کتاب الوصایا ختم ہوئی۔

www.sirat-e-mustaqeem.com

اَوَّلُ كِتَابِ الْفَرَائِضِ

بَابُ ۴۸۲ مَا جَاءَ فِي تَعْلِيمِ الْفَرَائِضِ۔

۱۱۱۱ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ السَّرْحِ قَالَ أَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ حَدَّثَنِي عَبْدُ الرَّحْمٰنِ ابْنُ زِيَادٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ رَافِعٍ التَّنُوخِيِّ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْعِلْمُ ثَلَاثَةٌ وَمَا سِوٰى ذٰلِكَ فَهُوَ فَضْلٌ آيَةٌ مُحْكَمَةٌ أَوْ سُنَّةٌ قَائِمَةٌ أَوْ فَرِيضَةٌ عَادِلَةٌ۔

بَابُ ۴۸۳ فِي الْكَلَالَةِ۔

۱۱۱۲ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ سَمِعْتُ ابْنَ الْمُنْكَدِرِ أَنَّهُ سَمِعَ جَابِرًا يَقُولُ مَرِضْتُ فَأَتَانِي رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَعُودُنِي هُوَ وَأَبُو بَكْرٍ مَاشِيَيْنِ وَقَدْ أُغْمِيَ عَلَيَّ فَلَمْ أُكَلِّمْهُ فَتَوَضَّأَ وَصَبَّهُ عَلَيَّ فَأَفَقْتُ فَقُلْتُ يَا رَسُولَ اللهِ كَيْفَ أَصْنَعُ فِي مَالِي وَلِي أَخَوَاتٌ قَالَ فَنَزَلَتْ آيَةُ الْمِيرَاثِ يَسْتَفْتُونَكَ قُلِ اللهُ يُفْتِيكُمْ فِي الْكَلَالَةِ۔

بَابُ ۴۸۴ مَنْ كَانَ لَيْسَ لَهُ وَلَدٌ وَلَهُ أَخَوَاتٌ۔

۱۱۱۳ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ ابْنُ أَبِي شَيْبَةَ قَالَ نَا كَثِيرُ بْنُ هِشَامٍ قَالَ نَا هِشَامٌ يَعْنِي الدَّسْتَوَائِيَّ عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ قَالَ اشْتَكَيْتُ وَعِنْدِي سَبْعُ أَخَوَاتٍ فَدَخَلَ عَلَيَّ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَنَفَخَ فِي وَجْهِي فَأَفَقْتُ فَقُلْتُ يَا رَسُولَ اللهِ أَلَا أُوصِي لِأَخَوَاتِي بِالثُّلُثَيْنِ قَالَ

میراث کا بیان

علم میراث سیکھنا

احمد بن عمرو بن سرح، ابن وہب، عبدالرحمن بن زیاد، عبدالرحمن بن رافع تنوخی نے حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: علم تین ہیں اور ان کے علاوہ باقی زائد ہیں۔ (۱) محکم آیات کا علم (۲) قائم کرنے والی سنتوں کا علم (۳) میراث کے حصوں کا از روئے انصاف علم۔

کلالہ کا بیان

ابن المنکدر نے حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا کہ میں بیمار پڑا تو رسول اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور حضرت ابوبکر پیدل میری عیادت کے لیے تشریف لائے اور میں بیہوش تھا تو آپ سے کلام نہ کر سکا۔ آپ نے وضو فرمایا اور وضو کا پانی مجھ پر چھڑکا تو مجھے افاقہ آ گیا۔ میں عرض گزار ہوا کہ یا رسول اللہ! میں اپنے مال کا کیا کروں جب کہ میری کئی بہنیں ہیں؟ ان کا بیان ہے کہ میراث کی آیت نازل ہو گئی "اے محبوب! تم سے فتویٰ پوچھتے ہیں کلالہ کے متعلق" (۴: ۱۷۶)

جس کا بیٹا نہ ہو اور بہنیں ہوں

ابوالزبیر سے روایت ہے کہ حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: میں بیمار پڑ گیا اور میرے پاس سات بہنیں تھیں۔ پس رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میرے پاس تشریف لائے اور میرے چہرے پر دم فرمایا تو مجھے افاقہ آ گیا۔ میں عرض گزار ہوا کہ یا رسول اللہ! کیا میں اپنی بہنوں کے لیے دو تہائی مال کی وصیت کر دوں؟ فرمایا کہ نیکی کرو۔ میں عرض گزار ہوا کہ نصف کی؟

www.sirat-e-mustaqeem.com

الحسين قلت الشطر قال الحسين ثم خرج و
تركني فقال يا جابر لا أراك ميتا من وجعك
هذا وأن الله قد أنزل فبين الذي لأخواتك
فجعل لهن الثلثين قال وكان جابر يقول
أنزلت في هذه الآية يستفتونك قل الله
يفتيكم في الكلالة۔

١١١٤۔ حدثنا مسلم بن ابراهيم قال
حدثنا شعبة عن أبي إسحق عن البراء بن
عازب قال آخر آية نزلت في الكلالة يستفتونك
قل الله يفتيكم في الكلالة۔

١١١٥۔ حدثنا منصور بن أبي مزاحم قال
ثنا أبو بكر عن أبي إسحق عن البراء بن عازب
قال جاء رجل إلى النبي صلى الله عليه وسلم
فقال يا رسول الله يستفتونك في الكلالة فما
الكلالة قال تجزيك آية الصيف فقلت
لأبي إسحق هو من مات ولم يدع ولدا ولا والدا
قال كذلك ظنوا أنه كذلك۔

باب ٣٨٥ ما جاء في ميراث الصلب۔

١١١٦۔ حدثنا عبد الله بن عامر بن زرارة
قال ثنا علي بن مسهر عن الأعمش عن أبي قيس
الأودي عن هزيل بن شرحبيل الأودي قال
جاء رجل إلى أبي موسى الأشعري وسلمان
ابن ربيعة فسألهما عن ابنة وابنة ابن و
أخت لأب وأم فقالا لابنته النصف وللأخت
من الأب والأم النصف ولم تورثا بنت
الابن شيئا وائت ابن مسعود فإنه سيتابعنا
فأتاه الرجل فسأله وأخبره بقولهما فقال
لقد ضللت إذا وما أنا من المهتدين ولكني سأقضي
فيها بقضاء رسول الله صلى الله عليه وسلم

فرمایا کہ نیکی کرو۔ پھر آپ مجھے چھوڑ کر تشریف لے گئے۔ دوبارہ فرمایا۔ اے جابر! میرے خیال میں تم اس مرض سے وفات نہیں پاؤ گے اور اللہ تعالیٰ نے حکم نازل کر کے تمہاری بہنوں کا حصہ واضح کر دیا کہ ان کے لیے دو تہائی ہے۔ ابو الزبیر کا بیان ہے کہ حضرت جابر فرمایا کرتے کہ آیت "اے محبوب! تم سے فتویٰ پوچھتے ہیں تم فرما دو کہ اللہ تمہیں کلالہ کے متعلق فتویٰ دیتا ہے (۴:۱۷۶) اسی کے متعلق نازل ہوئی۔

ابو اسحاق سے روایت ہے کہ حضرت براء بن عازب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ کلالہ کے متعلق جو سب سے آخر میں آیت نازل ہوئی وہ یہ ہے۔ "اے محبوب! تم سے فتویٰ پوچھتے ہیں۔ تم فرماؤ کہ اللہ تمہیں کلالہ کے متعلق فتویٰ دیتا ہے"۔ (۴:۱۷۶)

ابو اسحاق سے روایت ہے کہ حضرت براء بن عازب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ ایک شخص نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض گزار ہوا۔ یا رسول اللہ! آیت یستفتونک فی الکلالہ میں کلالہ سے کیا مراد ہے؟ فرمایا کہ تمہارے لیے وہ آیت کافی ہے جو گرمیوں میں نازل ہوئی تھی۔ میں (ابوبکر) نے ابو اسحاق سے کہا وہی جو فوت ہو جائے اور پیچھے نہ بیٹا اور والد نہ چھوڑے تو فرمایا کہ لوگوں نے ایسا ہی کیا (سمجھا) ہے۔

صلبی اولاد کی میراث کا حکم

ابو قیس اودی سے ہزیل بن شرحبیل نے فرمایا کہ ایک آدمی حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور حضرت سلمان بن ربیعہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا اور بیٹی، پوتی اور بہن جو باپ اور ماں سے ہو، ان کے حصوں کے متعلق دریافت کیا۔ دونوں حضرات نے فرمایا کہ بیٹی کے لیے نصف ہے اور وہ بہن جو باپ اور ماں سے ہے اُس کے لیے بھی نصف اور دونوں نے بھتیجی کا میراث میں کوئی حصہ نہ بنایا۔ تم حضرت ابن مسعود کی خدمت میں جاؤ، وہ بھی اسی طرح فرمائیں گے۔ وہ شخص اُن کی خدمت میں حاضر ہوا۔ اُنہوں نے وجہ پوچھی تو اس نے دونوں حضرات کا ارشاد بیان کر دیا۔ فرمایا کہ میں بھی ایسا ہی کہوں تو بھٹک جاؤں گا اور راستے پر چلنے والوں میں نہ رہوں گا۔ میں اس کے متعلق

لِابْنَتِهِ النِّصْفُ وَلِابْنَةِ الِابْنِ سَهْمٌ تَكْمِلَةُ الثُّلُثَيْنِ وَمَا بَقِيَ فَلِلْأُخْتِ مِنَ الْأَبِ وَالْأُمِّ۔

وہ فیصلہ کرتا ہوں جو فیصلہ رسول اللہ نے فرمایا تھا کہ بیٹی کیلئے نصف ہے اور پوتی کا حصہ اتنا جس سے دونوں دو تہائی کو پہنچ جائیں (یعنی ۱/۶ حصہ) اور ۱/۳

۱۱۱۷۔ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْمَعِيلَ قَالَ نَا أَبَانُ قَالَ نَا قَتَادَةُ قَالَ حَدَّثَنِي أَبُو حَسَّانَ عَنِ الْأَسْوَدِ بْنِ يَزِيدَ أَنَّ مُعَاذَ بْنَ جَبَلٍ وَرَّثَ أُخْتًا وَابْنَةً فَجَعَلَ لِكُلِّ وَاحِدَةٍ مِنْهُمَا النِّصْفَ وَهُوَ بِالْيَمَنِ وَنَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَئِذٍ حَيٌّ۔

ابو حسان نے اسود بن یزید سے روایت کی ہے کہ حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ تعالیٰ عنہ جبکہ یمن میں تھے تو انھوں نے بہن اور بیٹی میں سے ہر ایک کو نصف حصہ دلایا اور اُن دنوں نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم دنیا وی حیات کے ساتھ جلوہ افروز گیتی تھے۔

[illegible]

۱۱۱۸۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ قَالَ نَا بِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ قَالَ نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَقِيلٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ خَرَجْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّى جِئْنَا امْرَأَةً مِنَ الْأَنْصَارِ فِي الْأَسْوَافِ فَجَاءَتِ الْمَرْأَةُ بِابْنَتَيْنِ لَهَا فَقَالَتْ يَا رَسُولَ اللّٰهِ هَاتَانِ بِنْتَا ثَابِتِ بْنِ قَيْسٍ قُتِلَ مَعَكَ يَوْمَ أُحُدٍ وَقَدِ اسْتَفَاءَ عَمُّهُمَا مَالَهُمَا وَمِيرَاثَهُمَا كُلَّهُ وَلَمْ يَدَعْ لَهُمَا مَالًا إِلَّا أَخَذَهُ فَمَا تَرَى يَا رَسُولَ اللّٰهِ فَوَاللّٰهِ لَا تُنْكَحَانِ أَبَدًا إِلَّا وَلَهُمَا مَالٌ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْضِي اللّٰهُ فِي ذٰلِكَ وَقَالَ نَزَلَتْ سُورَةُ النِّسَاءِ يُوصِيكُمُ اللّٰهُ فِي أَوْلَادِكُمُ الْآيَةَ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ادْعُوا لِي الْمَرْأَةَ وَصَاحِبَهَا فَقَالَ لِعَمِّهِمَا أَعْطِهِمَا الثُّلُثَيْنِ وَأَعْطِ أُمَّهُمَا الثُّمُنَ وَمَا بَقِيَ فَلَكَ قَالَ أَبُو دَاوُدَ أَخْطَأَ بِشْرٌ فِيهِ إِنَّهُمَا ابْنَتَا سَعْدِ بْنِ الرَّبِيعِ وَثَابِتُ بْنُ قَيْسٍ قُتِلَ يَوْمَ الْيَمَامَةِ۔

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ ہم رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ نکلے یہاں تک کہ ہم مدینہ منورہ کے حرم میں انصار کی ایک عورت کے پاس پہنچے تو وہ اپنی دو بیٹیوں کو لے کر حاضر خدمت ہوئی اور عرض کی کہ یا رسول اللہ! یہ دونوں حضرت ثابت بن قیس کی صاحبزادیاں ہیں جو آپ کے حضور غزوۂ اُحد میں شہید کر دیئے گئے تھے اور ان کے چچا جان نے ان دونوں کے حصے کا بھی مال و میراث لے لیا اور ان کے لیے ذرا بھی مال نہیں چھوڑا۔ یا رسول اللہ! آپ کا ارشاد کیا ہے؟ خدا کی قسم، ان کا کبھی نکاح نہیں ہو سکے گا۔ مگر جب کہ ان کے پاس مال ہوتا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اس کا اللہ تعالیٰ فیصلہ فرمائے گا۔ راوی کا بیان ہے کہ سورۂ النساء کی یہ آیت نازل ہو گئی: اللہ تمہیں وصیت کرتا ہے تمہاری اولاد کے بارے میں (۴/۱۱) چنانچہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اس عورت اور اس کے صاحب (دیور) کو بلاؤ۔ پس لڑکیوں کے چچا سے فرمایا کہ ان دونوں کو دو تہائی حصہ دو اور آٹھواں حصہ ان کی ماں کو باقی جو بچے وہ تمہارا۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ بشر سے اس میں غلطی ہو گئی۔ وہ دونوں لڑکیاں حضرت سعد بن ربیع کی تھیں اور حضرت ثابت بن قیس تو جنگ یمامہ میں شہید ہوئے تھے۔

۱۱۱۹۔ حَدَّثَنَا ابْنُ السَّرْحِ قَالَ نَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ أَخْبَرَنِي دَاوُدُ بْنُ قَيْسٍ وَغَيْرُهُ مِنْ أَهْلِ الْعِلْمِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَقِيلٍ عَنْ

ابن سرح، ابن وہب، داؤد بن قیس، عبداللہ بن محمد بن عقیل نے حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ حضرت سعد بن ربیع کی اہلیہ محترمہ عرض گزار

www.sirat-e-mustaqeem.com

جابر بن عبد اللہ ان امراۃ سعد بن الربیع قالت یا رسول اللہ ان سعدا ھلک وترک ابنتین وساق نحوہ قال ابو داود وھذا ھو الصواب۔

ہوئیں۔ یا رسول اللہ! حضرت سعد شہید ہو گئے اور پیچھے دو بیٹیاں چھوڑی ہیں۔ آگے باقی حدیث اسی طرح بیان کی۔ امام ابوداؤد نے فرمایا (حضرت سعد بن ربیع کی بیٹیاں تھا نا) درست بات یہی ہے۔

باب ۲۸۶ فی الجدۃ۔

دادی اور نانی کی میراث

۱۱۳۰۔ حدثنا القعنبی عن مالک عن ابن شہاب عن عثمان ابن اسحق بن خرشۃ عن قبیصۃ بن ذؤیب انہ قال جاءت الجدۃ الی ابی بکر الصدیق تسالہ میراثہا فقال ما لک فی کتاب اللہ شیء وما علمت لک فی سنۃ نبی اللہ صلی اللہ علیہ وسلم شیئا فارجعی حتی اسال الناس فسال الناس فقال المغیرۃ بن شعبۃ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اعطاہا السدس فقال ابو بکر ھل معک غیرک فقام محمد بن مسلمۃ فقال مثل ما قال المغیرۃ بن شعبۃ فانفذہ لہا ابو بکر رضی اللہ عنہ ثم جاءت الجدۃ الاخری الی عمر بن الخطاب تسالہ میراثہا فقال ما لک فی کتاب اللہ شیء وما کان القضاء الذی قضی بہ الا لغیرک وما انا بزائد فی الفرائض ولکن ھو ذلک السدس فان اجتمعتما فیہ فہو بینکما وایتکما ما خلت بہ فہو لہا۔

قبیصہ بن ذویب کا بیان ہے کہ کسی کی نانی یا دادی حضرت ابوبکر صدیق کی خدمت میں حاضر ہوئی اور ان سے اپنی میراث کے متعلق دریافت کیا۔ انہوں نے فرمایا کہ اللہ کی کتاب میں تمہارے لیے کچھ نہیں ہے اور میرے علم میں نہیں کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی سنت میں تمہارے لیے کچھ ہو، تم واپس جاؤ، یہاں تک کہ میں لوگوں سے دریافت کروں۔ پس انہوں نے لوگوں سے پوچھا حضرت مغیرہ بن شعبہ نے کہا۔ میں موجود تھا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اُسے (دادی کو) چھٹا حصہ دیا۔ حضرت ابوبکر نے فرمایا۔ کیا آپ کے ساتھ کوئی دوسرا تھا؟ پس حضرت محمد بن مسلمہ کھڑے ہو گئے اور وہی کہا جو حضرت مغیرہ نے کہا تھا۔ پس حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے یہی فیصلہ نافذ فرمایا۔ پھر دوسری دادی یا نانی حضرت عمر کے حضور اپنی میراث مانگنے آئی۔ فرمایا کہ اللہ کی کتاب میں تمہارے لیے کچھ نہیں ہے اور فیصلہ وہی ہے جو تمہارے سوا دوسری ایک عورت کے متعلق ہوا تھا اور میں ترکہ کے حصوں کو بڑھا کر دے سکتا جبکہ یہ حصہ چھٹا ہے۔ اگر تم دونوں (یعنی دادی اور نانی) جمع ہو جاؤ تو چھٹا حصہ ہی دونوں کا ہے اگر ایک ہو تو یہ حصہ اُسی اکیلی کا ہوگا۔

۱۱۳۱۔ حدثنا محمد بن عبد العزیز ابن ابی رزمۃ قال اخبرنی ابی قال نا عبید اللہ العتکی عن ابن بریدۃ عن ابیہ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم جعل للجدۃ السدس اذا لم تکن دونہا ام۔

محمد بن عبد العزیز بن ابو رزمہ، اُن کے والد ماجد، عبید اللہ عتکی، ابن بریدہ نے اپنے والد ماجد سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے نانی کے لیے چھٹا حصہ مقرر مقرر فرمایا ہے جبکہ والدہ نہ ہو۔

www.sirat-e-mustaqeem.com

باب ٤٨٦ ما جاء في ميراث الجد۔

١١٢٢ـ حدثنا محمد بن كثير قال أخبرنا همام عن قتادة عن الحسن عن عمران بن حصين أن رجلا أتى النبي صلى الله عليه وسلم فقال إن ابن ابني مات فما لي من ميراثه قال لك السدس فلما أدبر دعاه فقال لك سدس آخر فلما أدبر دعاه فقال إن السدس الآخر طعمة قال قتادة فما يدرون مع أي شيء ورث قال قتادة أقل شيء ورث الجد السدس۔

١١٢٣ـ حدثنا وهب بن بقية عن خالد عن يونس عن الحسن أن عمر قال أيكم يعلم ما ورث رسول الله صلى الله عليه وسلم الجد قال معقل بن يسار أنا ورثه رسول الله صلى الله عليه وسلم السدس قال مع من قال لا أدري قال لا دريت فما تغني إذا۔

باب ٤٨٧ في ميراث العصبة۔

١١٢٤ـ حدثنا أحمد بن صالح ومخلد ابن خالد وهذا حديث مخلد وهو أشبع قالا نا عبد الرزاق نا معمر عن ابن طاؤس عن أبيه عن ابن عباس قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اقسم المال بين أهل الفرائض على كتاب الله فما تركت الفرائض فلأولى ذكر۔

باب ٤٨٩ في ميراث ذوي الأرحام۔

١١٢٥ـ حدثنا حفص بن عمر قال نا شعبة عن بديل عن علي ابن أبي طلحة عن راشد ابن سعد عن أبي عامر عن المقدام قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من ترك كلا

دادا کی میراث کا حکم

حسن نے حضرت عمران بن حصین رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں ایک شخص حاضر ہو کر عرض گزار ہوا۔ میرا پوتا فوت ہو گیا ہے پس اس کی میراث میں میرا کتنا حصہ ہے؟ فرمایا تمہارا چھٹا حصہ ہے۔ جب وہ لوٹ گیا تو اُسے بلا کر فرمایا کہ، تمہارے لیے دوسرا چھٹا حصہ بھی ہے۔ جب وہ پیٹھ پھیر کر چلا تو فرمایا کہ دوسرا چھٹا حصہ تیرے لیے انعام ہے۔ قتادہ نے فرمایا کہ کسی کو معلوم نہیں اُسے اتنی میراث کیوں ملی۔ قتادہ نے فرمایا کہ کم سے کم دادا کی میراث چھٹا حصہ ہے۔

حسن سے روایت ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ تم میں سے کس کو معلوم ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے دادا کو کتنا ترکہ دلایا؟ حضرت معقل بن یسار نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اُسے چھٹا حصہ دلایا۔ حضرت عمر نے پوچھا کہ کس وارث کے ساتھ یہ فرمایا؟ جواب دیا کہ مجھے معلوم نہیں تو فرمایا کہ اس بیان سے فائدہ کیا ہوگا۔

عصبات کی میراث کا بیان

ابن طاؤس کے والد ماجد نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ ترکہ اللہ کی کتاب کے مطابق وارثوں .... (ذوی الفروض) میں تقسیم کیا جائے اور جو بچ رہے اُسے قریبی مردوں (عصبات میں) میں تقسیم کیا جائے۔

ذوی الارحام کی میراث کا بیان

ابو عامر نے حضرت مقدام بن معدی کرب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جو صرف اولاد یا قرضہ چھوڑے تو وہ میری ذمہ داری ہے۔ کبھی فرمایا کہ وہ اللہ اور اس کے رسول کے

www.sirat-e-mustaqeem.com

فَإِلَيَّ وَرُبَّمَا قَالَ إِلَى اللهِ وَإِلَى رَسُولِهِ وَمَنْ تَرَكَ مَالًا فَلِوَرَثَتِهِ وَأَنَا وَارِثُ مَنْ لَا وَارِثَ لَهُ أَعْقِلُ لَهُ وَأَرِثُهُ وَالْخَالُ وَارِثُ مَنْ لَا وَارِثَ لَهُ يَعْقِلُ عَنْهُ وَيَرِثُهُ۔

سپرد اور جو مال چھوڑے تو وہ اس کے وارثوں کے لیے ہے اور میں اس کا وارث ہوں جس کا کوئی وارث نہ ہو میں اس کی دیت ادا کروں گا اور اس کا ترکہ لوں گا۔ جس کا کوئی وارث نہ ہو تو ماموں اس کا وارث ہے، اسکی دیت ادا کریگا اور اسکا ترکہ لے گا۔

١١٢٦۔ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ فِي آخَرِينَ قَالُوا نَا حَمَّادٌ عَنْ بُدَيْلٍ عَنْ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَلْحَةَ عَنْ رَاشِدِ بْنِ سَعْدٍ عَنْ أَبِي عَامِرٍ الْهَوْزَنِيِّ عَنِ الْمِقْدَامِ الْكِنْدِيِّ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَا أَوْلَى بِكُلِّ مُؤْمِنٍ مِنْ نَفْسِهِ فَمَنْ تَرَكَ دَيْنًا أَوْ ضَيْعَةً فَإِلَيَّ وَمَنْ تَرَكَ مَالًا فَلِوَرَثَتِهِ وَأَنَا مَوْلَى مَنْ لَا مَوْلَى لَهُ أَرِثُ مَالَهُ وَأَفُكُّ عَانَهُ وَالْخَالُ مَوْلَى مَنْ لَا مَوْلَى لَهُ يَرِثُ مَالَهُ وَيَفُكُّ عَانَهُ قَالَ أَبُودَاؤُدَ الضَّيْعَةُ مَعْنَاهُ عِيَالٌ قَالَ أَبُودَاؤُدَ رَوَاهُ الزُّبَيْدِيُّ عَنْ رَاشِدٍ عَنِ ابْنِ عَائِذٍ عَنِ الْمِقْدَامِ وَرَوَاهُ مُعَاوِيَةُ ابْنُ صَالِحٍ عَنْ رَاشِدٍ قَالَ سَمِعْتُ الْمِقْدَامَ۔

ابوعامر ہوزنی نے حضرت مقدام کندی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ میں ہر مسلمان کا اس کی جان سے بھی زیادہ مالک ہوں، لہٰذا جو قرضہ یا اولاد چھوڑے تو وہ میری ذمہ داری ہے اور جو مال چھوڑے تو وہ اس کے وارثوں کا ہے اور میں اس کا والی وارث ہوں جس کا کوئی وارث نہ ہو اس کے مال کا ترکہ لوں گا اور اس کے قیدیوں کو چھڑاؤں گا، ماموں بھی اس کا والی وارث ہے جس کا کوئی وارث نہ ہو۔ وہ اس کا ترکہ لے گا اور اس کے قیدیوں کو چھڑائے گا۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ الضَّيْعَة سے بال بچے مراد ہیں۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ روایت کیا اسے زبیدی، راشد ابن عائذ نے حضرت مقدام سے اور روایت کیا اسے معاویہ بن صالح نے راشد سے اور فرمایا کہ میں نے اسے حضرت مقدام سے سنا ہے۔

ف: اس حدیث سے معلوم ہوا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہر صاحبِ ایمان کے اس کی جان سے بھی زیادہ مالک ہیں۔ مسلمانوں کا چونکہ ہمیشہ سے یہی عقیدہ رہا ہے اس لیے امام اجل قاضی عیاض نے شفا شریف میں۔ پھر امام احمد خطیب قسطلانی نے مواہب لدنیہ شریف میں نقلاً و تذکیراً بیان کیا، پھر علامہ شہاب الدین خفاجی مصری نے نسیم الریاض میں اور علامہ محمد عبدالباقی زرقانی نے شرح مواہب میں شرحاً و تفسیراً فرماتے ہیں:۔

مَنْ لَمْ يَرَ وَلَايَةَ الرَّسُولِ عَلَيْهِ فِي جَمِيعِ أَحْوَالِهِ وَيَرَ نَفْسَهُ فِي مِلْكِهِ لَا يَذُوقُ حَلَاوَةَ سُنَّتِهِ۔

جو ہر حال میں رسولِ خدا کو اپنا والی اور اپنے کو حضور کی ملک نہ جانے وہ آپ کی سنت کی حلاوت کو نہیں چکھ سکے گا۔

١١٢٧۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ عَتِيقٍ الدِّمَشْقِيُّ قَالَ نَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُبَارَكِ قَالَ نَا إِسْمٰعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ عَنْ يَزِيدَ بْنِ حُجْرٍ عَنْ صَالِحِ بْنِ يَحْيَى بْنِ الْمِقْدَامِ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ أَنَا وَارِثُ مَنْ لَا وَارِثَ لَهُ أَفُكُّ

صالح بن یحییٰ بن مقدام کے والد ماجد سے ان کے والد محترم نے فرمایا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ اس کا میں وارث ہوں جس کا کوئی وارث نہ ہو۔ اس کی طرف سے دیت ادا کروں گا اور اس کا ترکہ لوں گا، ماموں بھی اس کا وارث ہوتا ہے جس کا کوئی وارث نہ ہو۔ متوفی کی دیت ماموں پر ہے اور وہی اس کے مال کا وارث

www.sirat-e-mustaqeem.com

عَنْهُ وَارِثُ مَالَهٗ وَالْخَالُ وَارِثُ مَنْ لَّا وَارِثَ لَهٗ يَفُكُّ عَنْهُ وَيَرِثُ مَالَهٗ۔

ہے۔

۱۱۲۸۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ قَالَ نَا يَحْيٰى قَالَ نَا شُعْبَةُ الْمَعْنٰى ح وَثَنَا عُثْمَانُ ابْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ قَالَ نَا وَكِيْعُ بْنُ الْجَرَّاحِ عَنْ سُفْيَانَ جَمِيْعًا عَنِ ابْنِ الْاَصْبَهَانِيِّ عَنْ مُجَاهِدِ بْنِ وَرْدَانَ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّ مَوْلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَاتَ وَتَرَكَ شَيْئًا وَّلَمْ يَدَعْ وَلَدًا وَّلَا حَمِيْمًا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَعْطُوْا مِيْرَاثَهٗ رَجُلًا مِّنْ اَهْلِ قَرْيَتِهٖ قَالَ اَبُوْدَاوٗدَ حَدِيْثُ سُفْيَانَ اَتَمُّ وَقَالَ مُسَدَّدٌ قَالَ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هٰهُنَا اَحَدٌ مِّنْ اَهْلِ اَرْضِهٖ قَالُوْا نَعَمْ قَالَ فَاَعْطُوْهُ مِيْرَاثَهٗ۔

مسدد، یحییٰ، شعبہ۔ عثمان بن ابوشیبہ، وکیع بن جراح، سفیان، ابن اصبہانی، مجاہد بن وردان، عروہ بن زبیر نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ایک آزاد کردہ غلام فوت ہوگیا۔ اس نے کچھ مال چھوڑا۔ لیکن نہ اس کی اولاد تھی اور نہ عزیز و اقارب۔ پس رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اس کی میراث اس کے گاؤں والوں کو دے دو۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ سفیان کی حدیث زیادہ مکمل ہے۔ مسدد کی روایت میں ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ کیا یہاں اُس کے علاقے کا کوئی آدمی ہے؟ لوگوں نے کہا، ہاں۔ فرمایا تو اس کی میراث اُسے دے دو۔

۱۱۲۹۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيْدِ الْكِنْدِيُّ قَالَ نَا الْمُحَارِبِيُّ عَنْ جِبْرِيْلَ بْنِ اَحْمَرَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُرَيْدَةَ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ اَتٰى رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلٌ فَقَالَ اِنَّ عِنْدِيْ مِيْرَاثَ رَجُلٍ مِّنَ الْاَزْدِ وَلَسْتُ اَجِدُ اَزْدِيًّا اَدْفَعُهٗ اِلَيْهِ فَقَالَ فَاذْهَبْ فَالْتَمِسْ اَزْدِيًّا حَوْلًا قَالَ فَاَتَاهُ بَعْدَ الْحَوْلِ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ لَمْ اَجِدْ اَزْدِيًّا اَدْفَعُهٗ اِلَيْهِ قَالَ فَانْطَلِقْ فَانْظُرْ اَوَّلَ خُزَاعِيٍّ تَلْقَاهُ فَادْفَعْهُ اِلَيْهِ فَلَمَّا وَلّٰى قَالَ عَلَيَّ الرَّجُلَ فَلَمَّا جَاءَهٗ قَالَ انْظُرْ اَكْبَرَ خُزَاعَةَ فَادْفَعْهُ اِلَيْهِ۔

عبداللہ بن بریدہ سے روایت ہے کہ ان کے والد ماجد نے فرمایا۔ رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوکر ایک شخص عرض گزار ہوا۔ میرے پاس ازد قبیلے کے ایک آدمی کی میراث ہے اور مجھے کوئی ازدی نہیں ملا کہ یہ اس کے سپرد کردوں۔ فرمایا جاؤ اور ایک سال تک کسی ازدی کو تلاش کرو۔ پس ایک سال کے بعد میں دوبارہ حاضر ہوکر عرض گزار ہوا۔ یارسول اللہ! مجھے تو کوئی ازدی نہیں ملا جس کو یہ دے دوں۔ فرمایا کہ جاکر دیکھو، جو خزاعی تمہیں سب سے پہلے ملے تو یہ مال اُسے دے دینا۔ جب وہ لوٹا تو فرمایا اُسے میرے پاس بلا لاؤ۔ جب وہ حاضرِ خدمت ہوا تو فرمایا۔ جو خزاعہ میں سب سے عمر رسیدہ ہو، یہ اُسے دے دینا۔

۱۱۳۰۔ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ الْاَسْوَدِ الْعِجْلِيُّ نَا يَحْيَى بْنُ اٰدَمَ قَالَ حَدَّثَنَا شَرِيْكٌ عَنْ جِبْرِيْلَ ابْنِ اَحْمَرَ اَبِيْ بَكْرٍ عَنْ بُرَيْدَةَ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ مَاتَ رَجُلٌ مِّنْ خُزَاعَةَ فَاُتِيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِيْرَاثِهٖ فَقَالَ الْتَمِسُوْا لَهٗ وَارِثًا اَوْ ذَا رَحِمٍ

جبریل بن احمر ابوبکر نے ابن بریدہ سے روایت کی ہے کہ ان کے والد ماجد نے فرمایا۔ قبیلہ خزاعہ کا ایک آدمی فوت ہوگیا اس کی میراث نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں پیش کی گئی۔ فرمایا کہ اس کے کسی وارث یا ذی رحم کو تلاش کرو۔ لیکن اس کا کوئی وارث یا ذی رحم نہ ملا۔ چنانچہ رسول اللہ

www.sirat-e-mustaqeem.com

فَلَمْ يَجِدْ وَالَهُ وَارِثًا وَلَا ذَا رَحِمٍ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَعْطُوهُ الْكُبْرَ مِنْ خُزَاعَةَ قَالَ يَحْيَى قَدْ سَمِعْتُهُ مَرَّةً يَقُولُ فِي هَذَا الْحَدِيثِ انْظُرُوا أَكْبَرَ رَجُلٍ مِنْ خُزَاعَةَ

۱۱۳۱- حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْمَاعِيلَ نَا حَمَّادٌ نَا عَمْرُو بْنُ دِينَارٍ عَنْ عَوْسَجَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ رَجُلًا مَاتَ وَلَمْ يَدَعْ وَارِثًا إِلَّا غُلَامًا لَهُ كَانَ أَعْتَقَهُ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَلْ لَهُ أَحَدٌ قَالُوا لَا إِلَّا غُلَامًا لَهُ كَانَ أَعْتَقَهُ فَجَعَلَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِيرَاثَهُ لَهُ۔

بَاب ۴۹- مِيرَاثِ ابْنِ الْمُلَاعَنَةِ

۱۱۳۲- حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُوسَى الرَّازِيُّ نَا مُحَمَّدُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنِي عُمَرُ بْنُ رُؤْبَةَ التَّغْلِبِيُّ عَنْ عَبْدِ الْوَاحِدِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ النَّصْرِيِّ عَنْ وَاثِلَةَ بْنِ الْأَسْقَعِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْمَرْأَةُ تَحُوزُ ثَلَاثَ مَوَارِيثَ عَتِيقَهَا وَلَقِيطَهَا وَوَلَدَهَا الَّذِي لَاعَنَتْ عَلَيْهِ۔

۱۱۳۳- حَدَّثَنَا مَحْمُودُ بْنُ خَالِدٍ وَمُوسَى بْنُ عَامِرٍ نَا الْوَلِيدُ نَا ابْنُ جَابِرٍ نَا مَكْحُولٌ قَالَ جَعَلَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِيرَاثَ ابْنِ الْمُلَاعَنَةِ لِأُمِّهِ وَلِوَرَثَتِهَا مِنْ بَعْدِهَا۔

۱۱۳۴- حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ عَامِرٍ نَا الْوَلِيدُ أَخْبَرَنِي عِيسَى أَبُو مُحَمَّدٍ عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ الْحَارِثِ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ۔

بَاب ۴۹- هَلْ يَرِثُ الْمُسْلِمُ الْكَافِرَ

۱۱۳۵- حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا سُفْيَانُ عَنِ الزُّهْرِيِّ

صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ یہ مال خزاعہ کے کسی عمر رسیدہ شخص کو دے دو۔ یحییٰ نے کہا کہ ایک دفعہ میں نے شریک کو اس حدیث میں یہ فرماتے سنا خزاعہ میں دیکھو کہ سب سے عمر رسیدہ شخص کون ہے۔

عوسجہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ ایک شخص فوت ہو گیا۔ اور اس نے کوئی وارث نہ چھوڑا سوائے ایک غلام کے جس کو اس نے آزاد کر دیا تھا۔ چنانچہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ کیا اس کا کوئی ہے؟ لوگ عرض گزار ہوئے کہ ایک غلام کے سوا کوئی بھی نہیں اور اسے بھی آزاد کر دیا ہے پس رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس متوفی کی میراث اسی (آزاد کردہ غلام) کا حق بتلائی۔

ملاعنہ کے بیٹے کی میراث

ابراہیم بن موسیٰ رازی، محمد بن حرب، عمر بن روبہ تغلبی، عبدالواحد بن عبداللہ نصری نے حضرت واثلہ بن اسقع رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ عورت تین شخصوں کی میراث پاتی ہے:۔ اپنے آزاد کردہ غلام لونڈی کی، اپنے پائے ہوئے کی اور اپنے اس بیٹے کی جس پر اس نے لعان کیا ہو۔

محمود بن خالد اور موسیٰ بن عامر، ولید، ابن جابر نے مکحول سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ملاعنہ کے بیٹے کی میراث اس کی والدہ کے لیے مقرر فرمائی اور عورت کے وارثوں کو اس کے بعد دلائی۔

موسیٰ بن عامر، ولید، عیسیٰ ابو محمد، علاء بن حارث، عمرو بن شعیب، ان کے والد ماجد، ان کے جدّ امجد سے روایت ہے کہ حضرت کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مذکورہ حدیث کی طرح فرمایا۔

کیا مسلمان کافر کا وارث ہو سکتا ہے؟

عمرو بن عثمان نے حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ

www.sirat-e-mustaqeem.com

عَنْ عَلِيِّ ابْنِ حُسَيْنٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ عُثْمَانَ عَنْ أُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَرِثُ الْمُسْلِمُ الْكَافِرَ وَلَا الْكَافِرُ الْمُسْلِمَ۔

تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ نہیں وارث ہوتا مسلمان کسی کافر کا اور نہ کافر کسی مسلمان کا وارث ہو سکتا ہے۔

۱۱۳۶۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ ابْنُ حَنْبَلٍ نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ نَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عَلِيِّ ابْنِ حُسَيْنٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ عُثْمَانَ عَنْ أُسَامَةَ ابْنِ زَيْدٍ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ أَيْنَ تَنْزِلُ غَدًا فِي حَجَّتِهِ قَالَ وَهَلْ تَرَكَ لَنَا عَقِيلٌ مَنْزِلًا ثُمَّ قَالَ نَحْنُ نَازِلُونَ بِخَيْفِ بَنِي كِنَانَةَ حَيْثُ تَقَاسَمَتْ قُرَيْشٌ عَلَى الْكُفْرِ يَعْنِي الْمُحَصَّبَ وَذَاكَ أَنَّ بَنِي كِنَانَةَ حَالَفَتْ قُرَيْشًا عَلَى بَنِي هَاشِمٍ أَنْ لَا يُنَاكِحُوهُمْ وَلَا يُبَايِعُوهُمْ وَلَا يُؤْوُوهُمْ قَالَ الزُّهْرِيُّ وَالْخَيْفُ الْوَادِي۔

عمرو بن عثمان سے روایت ہے کہ حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ میں عرض گزار ہوا کہ یا رسول اللہ! اس حج کے موقع پر آپ کس مکان میں قیام فرمائیں گے؟ فرمایا کیا عقیل نے ہمارے ٹھہرنے کے لیے کوئی گھر چھوڑا ہے؟ پھر فرمایا کہ ہم خیف بنی کنانہ میں اتریں گے جہاں قریش نے کفر پر قائم رہنے کی قسمیں کھائی تھیں یعنی محصب میں اور یہ اس طرح ہے کہ بنی کنانہ نے قریش سے بنی ہاشم کے خلاف قسمیں کھائی تھیں کہ ان کے ساتھ شادی بیاہ کریں گے نہ ان سے خرید و فروخت کریں گے اور نہ انہیں پناہ دیں گے۔ زہری نے فرمایا کہ الخیف وادی کو کہتے ہیں۔

ف۔ محصب یعنی خیف بنی کنانہ میں قریش نے بنی ہاشم کے خلاف قسمیں کھائی تھیں کہ ان سے سوشل بائیکاٹ کریں گے اور ایک تحریری معاہدہ لکھ کر آویزاں کر دیا گیا۔ فتح مکہ کے وقت نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اعلان فرمایا کہ ہمارا قیام اسی خیف بنی کنانہ میں ہو گا جہاں کسی وقت قریش نے ہم سے سوشل بائیکاٹ کرنے اور ہمارا ناطقہ بند کرنے کی قسمیں کھائی تھیں ـــ یہ فیصلہ اس لیے فرمایا تھا کہ کفر کی تذلیل میں اسلام کی سربلندی ہے۔ آج کافروں کو دکھایا جا رہا تھا کہ جس جگہ انہوں نے شمعِ ہدایت کو بجھانے کی قسمیں کھائی تھیں آج وہی شمعِ رسالت اسی جگہ پر پوری آب و تاب سے جلوہ افروز ہے کیونکہ ؎

نورِ خدا ہے کفر کی حرکت پہ خندہ زن
پھونکوں سے یہ چراغ بجھایا نہ جائے گا۔

۱۱۳۷۔ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْمٰعِيلَ نَا حَمَّادٌ عَنْ حَبِيبٍ الْمُعَلِّمِ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ قَالَ

عمرو بن شعیب کے والد ماجد نے اپنے والد محترم حضرت عبد اللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔

رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَتَوَارَثُ أَهْلُ مِلَّتَيْنِ شَتّٰى۔

دو مختلف دین رکھنے والے ایک دوسرے کی وراثت نہیں پاتے۔

١١٣٨۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا عَبْدُ الْوَارِثِ عَنْ عَمْرٍو الْوَاسِطِيِّ نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بُرَيْدَةَ أَنَّ أَخَوَيْنِ اخْتَصَمَا إِلٰى يَحْيَى بْنِ يَعْمَرَ يَهُوْدِيٌّ وَمُسْلِمٌ فَوَرَّثَ الْمُسْلِمَ مِنْهُمَا وَقَالَ حَدَّثَنِيْ أَبُو الْأَسْوَدِ أَنَّ رَجُلًا حَدَّثَهُ أَنَّ مُعَاذًا قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ الْإِسْلَامُ يَزِيْدُ وَلَا يَنْقُصُ فَوَرَّثَ الْمُسْلِمَ۔

عمرو واسطی نے عبداللہ بن بریدہ سے روایت کی ہے کہ دو بھائیوں نے آپس میں یحیٰی بن یعمر کے پاس جھگڑا کیا، جن میں ایک یہودی اور دوسرا مسلمان تھا۔ آپ نے دونوں میں سے مسلمان کو میراث دلائی اور فرمایا کہ حدیث بیان کی مجھ سے ابوالاسود نے کہ ایک آدمی نے انہیں بتایا کہ حضرت معاذ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا۔ اسلام بڑھتا ہے گھٹتا نہیں ہے۔ پس مسلمان کو میراث

١١٣٩۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ عَمْرِو بْنِ أَبِيْ حَكِيْمٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ بُرَيْدَةَ عَنْ يَحْيَى بْنِ يَعْمَرَ عَنْ أَبِي الْأَسْوَدِ الدِّيْلِيِّ أَنَّ مُعَاذًا أُتِيَ بِمِيْرَاثِ يَهُوْدِيٍّ وَارِثُهُ مُسْلِمٌ بِمَعْنَاهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔

مسدد، یحیٰی بن سعید، شعبہ، عمرو بن ابوحکیم، عبداللہ بن بریدہ، یحیٰی بن یعمر، ابوالاسود الدیلی سے روایت ہے کہ حضرت معاذ رضی اللہ تعالیٰ عنہ ایک ایسے یہودی کی میراث لے کر آئے جس کا وارث مسلمان تھا اور اسے معناً نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے روایت کیا۔

بَابٌ ٤٩٢ فِيْمَنْ أَسْلَمَ عَلٰى مِيْرَاثٍ۔

جو میراث تقسیم ہونے سے پہلے مسلمان ہوا

١١٤٠۔ حَدَّثَنَا حَجَّاجُ بْنُ أَبِيْ يَعْقُوْبَ نَا مُوْسَى بْنُ دَاوُدَ نَا مُحَمَّدُ بْنُ مُسْلِمٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ عَنْ أَبِي الشَّعْثَاءِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كُلُّ قَسْمٍ قُسِمَ فِي الْجَاهِلِيَّةِ فَهُوَ عَلٰى مَا قُسِمَ وَكُلُّ قَسْمٍ أَدْرَكَهُ الْإِسْلَامُ فَإِنَّهُ عَلٰى قَسْمِ الْإِسْلَامِ۔

حجاج بن ابویعقوب، موسیٰ بن داؤد، محمد بن مسلم، عمرو بن دینار، ابوالشعثاء نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ ہر وہ تقسیم جو دورِ جاہلیت میں ہوئی وہ اسی طرح رہے گی اور ہر وہ تقسیم جو عہدِ اسلام میں ہوگی وہ اسلامی طریقے پر واقع ہوگی۔

بَابٌ ٤٩٣ فِي الْوَلَاءِ۔

ولاء کا بیان

١١٤١۔ حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ قَالَ مَالِكٌ عُرِضَ عَلَيَّ نَافِعٌ عَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّ عَائِشَةَ أُمَّ الْمُؤْمِنِيْنَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا أَرَادَتْ أَنْ تَشْتَرِيَ جَارِيَةً تُعْتِقُهَا فَقَالَ أَهْلُهَا نَبِيْعُهَا عَلٰى أَنَّ وَلَاءَهَا لَنَا فَذَكَرَتْ عَائِشَةُ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَا يَمْنَعُكِ ذٰلِكِ فَإِنَّ الْوَلَاءَ لِمَنْ أَعْتَقَ۔

حضرت ابن عمر سے روایت ہے کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے آزاد کرنے کے لیے ایک لونڈی کو خریدنے کا ارادہ کیا۔ اس کے مالکوں نے کہا کہ ہم اس شرط پر بیچتے ہیں کہ اس کی ولاء ہمارے لیے ہوگی۔ حضرت عائشہ نے اس کا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے ذکر کیا۔ آپ نے فرمایا کہ یہ بات تمہیں نہ روکے کیونکہ ولاء تو اسی کا حق ہے جو آزاد کرے۔

۱۱۴۲۔ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ ابْنُ أَبِي شَيْبَةَ نَا وَكِيعُ بْنُ الْجَرَّاحِ عَنْ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ عَنْ مَنْصُورٍ عَنْ إِبْرَاهِيمَ عَنِ الْأَسْوَدِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْوَلَاءُ لِمَنْ أَعْطَى الثَّمَنَ وَوَلِيَ النِّعْمَةَ۔

عثمان بن ابوشیبہ، وکیع بن جراح، سفیان ثوری، منصور ابراہیم، اسود نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا ولاء اس کے لیے ہے جس نے قیمت دی اور انعام کیا آزاد کر کے۔

۱۱۴۳۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عَمْرِو بْنِ أَبِي الْحَجَّاجِ أَبُو مَعْمَرٍ نَا عَبْدُ الْوَارِثِ عَنْ حُسَيْنٍ الْمُعَلِّمِ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ أَنَّ رِئَابَ بْنَ حُذَيْفَةَ تَزَوَّجَ امْرَأَةً فَوَلَدَتْ لَهُ ثَلَاثَةَ غِلْمَةٍ فَمَاتَتْ أُمُّهُمْ فَوَرِثُوهَا رِبَاعَهَا وَوَلَاءَ مَوَالِيهَا وَكَانَ عَمْرُو بْنُ الْعَاصِ عَصَبَةَ بَنِيهَا فَأَخْرَجَهُمْ إِلَى الشَّامِ فَمَاتُوا فَقَدِمَ عَمْرُو بْنُ الْعَاصِ وَمَاتَ مَوْلًى لَهَا وَتَرَكَ مَالًا لَهُ فَخَاصَمَهُ إِخْوَتُهَا إِلَى عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ فَقَالَ عُمَرُ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا أَحْرَزَ الْوَلَدُ أَوِ الْوَالِدُ فَهُوَ لِعَصَبَتِهِ مَنْ كَانَ قَالَ فَكَتَبَ لَهُ كِتَابًا فِيهِ شَهَادَةُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ ابْنِ عَوْفٍ وَزَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ وَرَجُلٍ آخَرَ فَلَمَّا اسْتُخْلِفَ عَبْدُ الْمَلِكِ اخْتَصَمُوا إِلَى هِشَامِ ابْنِ إِسْمَعِيلَ أَوْ إِلَى إِسْمَعِيلَ بْنِ هِشَامٍ فَرَفَعَهُمْ إِلَى عَبْدِ الْمَلِكِ فَقَالَ هَذَا مِنَ الْقَضَاءِ الَّذِي مَا كُنْتُ أَرَاهُ قَالَ فَقَضَى لَنَا بِكِتَابِ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ فَنَحْنُ فِيهِ إِلَى السَّاعَةِ۔

عمرو بن شعیب کے والد ماجد نے حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رباب بن حذیفہ نے ایک عورت سے نکاح کیا جس سے تین لڑکے پیدا ہوئے پس ان کی والدہ فوت ہو گئی تو وہ اس کے گھروں اور موالی کی ولاء کے وارث ہوئے اور حضرت عمرو بن العاص ان کے عصبہ تھے۔ یہ اُن لڑکوں کو شام کی طرف لے گئے جہاں وہ فوت ہو گئے۔ حضرت عمرو بن العاص آئے تو اس عورت کا ایک مولیٰ فوت ہو گیا جس نے اپنا مال چھوڑا۔ عورت کے بھائیوں نے ان سے جھگڑا کیا۔ حضرت عمر کی بارگاہ میں۔ حضرت عمر نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جو ولاء اولاد یا باپ حاصل کرے وہ اس کے عصبہ کے لیے ہے جو بھی ہوں، راوی کا بیان ہے کہ پھر انہوں نے تحریر لکھی جس میں حضرت عبدالرحمٰن بن عوف، حضرت زید بن ثابت اور ایک تیسرے بزرگ کی گواہی ہے۔ جب عبدالملک خلیفہ بنے تو یہ جھگڑے کو ہشام بن اسمٰعیل یا اسمٰعیل بن ہشام کی طرف لے گئے۔ انہوں نے عبدالملک کی طرف مقدمہ بھیج دیا۔ انہوں نے فرمایا کہ یہ ایسا فیصلہ معلوم ہوتا ہے جسے میں دیکھ چکا ہوں، راوی کا بیان ہے کہ پھر ہمارا فیصلہ حضرت عمر کی تحریر کے مطابق کیا جس کے باعث اب تک

بَابٌ ۴۹ فِي الرَّجُلِ يُسْلِمُ عَلَى يَدَيِ الرَّجُلِ

جو آدمی دوسرے کے ہاتھ پر اسلام لائے۔

۱۱۴۴۔ حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ خَالِدِ بْنِ مَوْهَبٍ الرَّمْلِيُّ وَهِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ قَالَا نَا يَحْيَى قَالَ أَبُو دَاوُدَ وَهُوَ ابْنُ حَمْزَةَ عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ عُمَرَ قَالَ سَمِعْتُ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ مَوْهَبٍ يُحَدِّثُ عَنْ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ عَنْ قَبِيصَةَ بْنِ ذُؤَيْبٍ

یزید بن خالد بن موہب رملی اور ہشام بن عمار، یحییٰ، ابوداؤد بن حمزہ، عبدالعزیز بن عمر، عبداللہ بن موہب، عمر بن عبدالعزیز، قبیصہ بن ذویب، ہشام سے روایت ہے کہ حضرت تمیم داری رضی اللہ تعالیٰ عنہ عرض گزار ہوئے، یا رسول اللہ! یزید بن خالد کا بیان ہے کہ ایک تمیم عرض گزار ہوا کہ یا رسول اللہ!

قال هشام عن تميم الداري أنه قال يا رسول الله وقال يزيد إن تميما قال يا رسول الله ما السنة في الرجل يسلم على يدي الرجل من المسلمين قال هو أولى الناس بمحياه ومماته۔

اس شخص کے بارے میں سنت کیا ہے جو کسی مسلمان کے ہاتھ پر اسلام قبول کرے؟ فرمایا وہ زندگی اور موت میں دوسرے لوگوں کی نسبت اس سے زیادہ قریب ہے۔

باب ۴۹۵ في بيع الولاء۔

۱۱۴۵ — حدثنا حفص بن عمر نا شعبة عن عبد الله بن دينار عن ابن عمر رضي الله عنهما قال نهى رسول الله صلى الله عليه وسلم عن بيع الولاء وعن هبته۔

ولاء کو بیچنے کا بیان

عبداللہ بن دینار سے روایت ہے کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ولاء کو بیچنے اور ہبہ کرنے سے منع فرمایا ہے۔

باب ۴۹۶ في المولود يستهل ثم يموت۔

۱۱۴۶ — حدثنا حسين بن معاذ نا عبد الأعلى نا محمد يعني ابن إسحق عن يزيد بن عبد الله بن قسيط عن أبي هريرة رضي الله عنه عن النبي صلى الله عليه وسلم قال إذا استهل المولود ورث۔

جو زندہ پیدا ہو کر مر جائے

حسین بن معاذ، عبدالاعلیٰ، محمد بن اسحاق، یزید بن عبداللہ بن قسیط نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جب بچے کی آواز نکلی تو وہ وارث قرار پا گیا۔

باب ۴۹۷ نسخ ميراث العقد بميراث الرحم۔

۱۱۴۷ — حدثنا أحمد بن محمد بن ثابت قال حدثني علي بن حسين عن أبيه عن يزيد النحوي عن عكرمة عن ابن عباس رضي الله عنهما قال والذين عقدت أيمانكم فآتوهم نصيبهم كان الرجل يحالف الرجل ليس بينهما نسب فيرث أحدهما الآخر فنسخ ذلك الأنفال وأولوا الأرحام بعضهم أولى ببعض۔

معاہد کی میراث کو رشتے کی میراث نے منسوخ کر دیا ہے

یزید نحوی نے عکرمہ سے روایت کی ہے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے آیت: "اور جن لوگوں سے تم نے قسموں کے ساتھ عہد باندھا ہے انہیں ان کا حصہ دو" (۴: ۳۳) کے متعلق فرمایا کہ پہلے دور میں آدمی قسم کھاتا ہے کہ ان دونوں کے درمیان نسبی تعلق نہیں ہے۔ پس ان میں سے ایک دوسرے کی میراث پاتا۔ یہ حکم سورۃ الانفال کی اس آیت سے منسوخ ہو گیا: "رشتے والے آپس میں ایک دوسرے کے مال کے زیادہ حقدار ہیں" (۸: ۷۵)

۱۱۴۸ — حدثنا هارون بن عبد الله نا أبو أسامة حدثني إدريس بن يزيد نا طلحة بن مصرف عن سعيد بن جبير عن ابن عباس في قوله تعالى والذين عاقدت أيمانكم

سعید بن جبیر نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے ارشاد باری تعالیٰ: "اور وہ جن سے تم نے قسموں کے ساتھ عہد باندھا ہے انہیں ان کا حصہ دو" (۴: ۳۳) کے بارے میں روایت کی ہے کہ مہاجرین جب مدینہ منورہ میں آئے تو

www.sirat-e-mustaqeem.com

فَاٰتُوْهُمْ نَصِيْبَهُمْ قَالَ كَانَ الْمُهَاجِرُوْنَ حِيْنَ قَدِمُوا الْمَدِيْنَةَ تُوَرِّثُ الْاَنْصَارَ دُوْنَ ذَوِيْ رَحِمِهِ لِلْاُخُوَّةِ الَّتِيْ اٰخَى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَهُمْ فَلَمَّا نَزَلَتْ هٰذِهِ الْاٰيَةُ وَلِكُلٍّ جَعَلْنَا مَوَالِيَ مِمَّا تَرَكَ نَسَخَتْهَا وَالَّذِيْنَ عَاقَدَتْ اَيْمَانُكُمْ فَاٰتُوْهُمْ نَصِيْبَهُمْ مِنَ النَّصْرِ وَالنَّصِيْحَةِ وَالرِّفَادَةِ وَيُوْصِيْ لَهٗ وَقَدْ ذَهَبَ الْمِيْرَاثُ۔

ذی رحم کے علاوہ وہ انصار کی میراث پاتے تھے اس رشتۂ اخوت کے باعث جو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان کے درمیان قائم فرمادیا تھا۔ جب یہ آیت نازل ہوئی ، "ہر ایک کے لیے ہم نے وارث مقرر کردیے ہیں جو مال وہ چھوڑے"۔ (۴ : ۳۳) تو سابقہ حکم "اور وہ جن سے تم نے قسموں کے ساتھ عہد باندھا انہیں اُن کا حق دو" (۴ : ۳۳) منسوخ ہوگیا جو نصرت و نصیحت اور رفاقت و وصیت کے باعث تھا، اُن کی میراث جاتی رہی۔

۱۱۴۹۔ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ وَعَبْدُ الْعَزِيْزِ ابْنُ يَحْيَى الْمَعْنٰى قَالَ اَحْمَدُ نَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ عَنِ ابْنِ اِسْحٰقَ عَنْ دَاوٗدَ بْنِ الْحُصَيْنِ قَالَ كُنْتُ اَقْرَاُ عَلٰى اُمِّ سَعْدٍ بِنْتِ الرَّبِيْعِ وَكَانَتْ يَتِيْمَةً فِيْ حِجْرِ اَبِيْ بَكْرٍ فَقَرَاْتُ وَالَّذِيْنَ عَاقَدَتْ اَيْمَانُكُمْ فَقَالَتْ لَا تَقْرَاْ وَالَّذِيْنَ عَاقَدَتْ اَيْمَانُكُمْ اِنَّمَا نَزَلَتْ فِيْ اَبِيْ بَكْرٍ وَابْنِهٖ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ حِيْنَ اَبَى الْاِسْلَامَ فَحَلَفَ اَبُوْ بَكْرٍ اَنْ لَّا يُوَرِّثَهٗ فَلَمَّا اَسْلَمَ اَمَرَهُ نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يُؤْتِيَهٗ نَصِيْبَهٗ زَادَ عَبْدُ الْعَزِيْزِ فَمَا اَسْلَمَ حَتّٰى حُمِلَ عَلَى الْاِسْلَامِ بِالسَّيْفِ۔

ابن اسحاق کا بیان ہے کہ داؤد بن حصین نے فرمایا ، میں اُمِ سعد بنت ربیع کے پاس قرآن مجید پڑھا کرتا تھا ، جو یتیمہ اور حضرت ابوبکر صدیق کی زیر پرورش تھیں۔ میں نے آیت پڑھی۔ "وہ جن سے تم نے قسموں کے ساتھ عہد باندھا"۔ انہوں نے فرمایا کہ اسے نہ پڑھو کیونکہ یہ حضرت ابوبکر اور ان کے صاحبزادے حضرت عبدالرحمٰن کے بارے میں نازل ہوئی ہے جب کہ انہوں نے مسلمان ہونے سے انکار کردیا تھا تو حضرت ابوبکر نے قسم کھائی کہ میں اُسے اپنا وارث نہیں بننے دوں گا۔ جب وہ مسلمان ہوگئے تو نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے انہیں حکم دیا کہ انہیں (حضرت عبدالرحمٰن کو) اُن کا حصہ دیا جائے۔ اور عبدالعزیز کی روایت میں یہ بھی ہے کہ وہ مسلمان نہ ہوئے مگر مسلمانوں کی تلوار کا زور دیکھ کر۔

۱۱۵۰۔ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ نَا عَلِيُّ بْنُ حُسَيْنٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ يَزِيْدَ النَّحْوِيِّ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَهَاجَرُوْا وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَلَمْ يُهَاجِرُوْا فَكَانَ الْاَعْرَابِيُّ لَا يَرِثُ الْمُهَاجِرَ وَلَا يَرِثُهُ الْمُهَاجِرُ فَنَسَخَهَا قَالَ وَاُولُوا الْاَرْحَامِ بَعْضُهُمْ اَوْلٰى بِبَعْضٍ۔

عکرمہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے "وہ لوگ جو ایمان لائے اور ہجرت کی اور وہ لوگ جو ایمان لائے اور ہجرت نہ کی۔ اس (ابتدائی اصول) کے بارے میں روایت کی ہے کہ اعرابی کسی مہاجر کی میراث نہ پاتا اور نہ مہاجر اعرابی کی۔ پس اسے منسوخ کرتے ہوئے فرمایا ، "اور رحم کے رشتے والے ایک دوسرے کے وارث ہیں"۔ (۸ : ۷۵)

بَابٌ ۴۹۸ فِي الْحِلْفِ۔

قسم کھانے کا بیان

۱۱۵۱۔ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ نَا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ وَابْنُ نُمَيْرٍ وَاَبُوْ اُسَامَةَ عَنْ زَكَرِيَّا عَنْ سَعْدِ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ

عثمان بن ابو شیبہ ، محمد بن بشر اور ابن نمیر اور ابو اسامہ ، زکریا ، سعد بن ابراہیم کے والد ماجد نے حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ

قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا حِلْفَ فِي الْإِسْلَامِ وَأَيُّمَا حِلْفٍ كَانَ فِي الْجَاهِلِيَّةِ لَمْ يَزِدْهُ الْإِسْلَامُ إِلَّا شِدَّةً۔

۱۱۵۲- حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا سُفْيَانُ عَنْ عَاصِمٍ الْأَحْوَلِ قَالَ سَمِعْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَقُولُ حَالَفَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَ الْمُهَاجِرِينَ وَالْأَنْصَارِ فِي دَارِنَا فَقِيلَ لَهُ أَلَيْسَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا حِلْفَ فِي الْإِسْلَامِ فَقَالَ حَالَفَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَ الْمُهَاجِرِينَ وَالْأَنْصَارِ فِي دَارِنَا مَرَّتَيْنِ أَوْ ثَلَاثًا۔

علیہ وسلم نے فرمایا: اسلام میں کوئی عہد و پیمان نہیں اور جن باتوں (نیک کاموں) پر دورِ جاہلیت میں عہد و پیمان ہوئے اسلام نے اُن میں اضافہ نہیں کیا مگر تاکید کا۔

عاصم احول نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو فرماتے ہوئے سُنا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مہاجرین وانصار کا عہدِ مواخات ہمارے گھر میں کروایا۔ اُن سے کہا گیا کہ کیا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے یہ نہیں فرمایا: اسلام میں کوئی عہد و پیمان نہیں ہے؟ انھوں نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مہاجرین وانصار کے درمیان عہدِ مواخات ہمارے گھر میں کروایا۔ چنانچہ یہی بات دو یا تین مرتبہ کہی۔

بَابُ ۹۹ فِي الْمَرْأَةِ تَرِثُ مِنْ دِيَةِ زَوْجِهَا۔

عورت اپنے خاوند کی میراث سے دیت کا حصہ بھی پائے گی

۱۱۵۳- حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ نَا سُفْيَانُ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَعِيدٍ قَالَ كَانَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ يَقُولُ الدِّيَةُ لِلْعَاقِلَةِ وَلَا تَرِثُ الْمَرْأَةُ مِنْ دِيَةِ زَوْجِهَا شَيْئًا حَتَّى قَالَ لَهُ الضَّحَّاكُ بْنُ سُفْيَانَ كَتَبَ إِلَيَّ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ وَرِّثِ امْرَأَةَ أَشْيَمَ الضِّبَابِيِّ مِنْ دِيَةِ زَوْجِهَا فَرَجَعَ عُمَرُ قَالَ أَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ بِهَذَا الْحَدِيثِ عَنْ مَعْمَرٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَعِيدٍ وَقَالَ فِيهِ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اسْتَعْمَلَهُ عَلَى الْأَعْرَابِ۔ آخِرُ كِتَابِ الْوَصَايَا۔

زہری نے سعید سے روایت کی ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ پہلے کہا کرتے: دیت عاقلہ کے لیے ہے اور عورت اپنے خاوند کی دیت میں سے کوئی حصہ نہیں پائے گی۔ یہاں تک کہ اُن سے حضرت ضحاک بن سفیان نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے میرے لیے لکھ بھیجا کہ اشیم ضبابی کی دیت میں سے اُن کی بیوی کو حصہ دلاؤ۔ چنانچہ حضرت عمر نے رجوع کر لیا۔ احمد بن صالح، عبدالرزاق، معمر، زہری نے سعید سے روایت کرتے ہوئے اس میں کہا: نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے انہیں اعراب پر عامل بنایا تھا۔

کتاب الوصایا ختم ہوئی۔

www.sirat-e-mustaqeem.com

پارہ ــــ ۱۹

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے۔

اوّل کتاب الخراج والفیئ والامارۃ

خراج غنیمت اور حکمرانی کا بیان

باب: ما یلزم الامام من حق الرعیۃ۔

امام پر رعایا کے کیا حقوق ہیں

۱۱۵۴ - حدثنا عبد اللہ بن مسلمۃ عن مالک عن عبد اللہ بن دینار عن عبد اللہ ابن عمر ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال الا کلکم راع وکلکم مسئول عن رعیتہ فالامیر الذی علی الناس راع علیہم وھو مسئول عنہم والمرأۃ راعیۃ علی بیت بعلہا وولدہ وھی مسئولۃ عنہم والعبد راع علی مال سیدہ وھو مسئول عنہ فکلکم راع وکلکم مسئول عن رعیتہ۔

عبد اللہ بن دینار نے حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ آگاہ ہو جاؤ کہ تم میں سے ہر ایک انچارج ہے اور ہر ایک سے اس کے ماتحتوں کے متعلق سوال ہوگا حاکم لوگوں کے اوپر نگران ہے اور اس سے ان کے متعلق پوچھا جائے گا آدمی اپنے گھر والوں کا نگران ہے اور عورت اپنے خاوند کے گھر اور اولاد کی نگران ہے اور وہ ان کے متعلق پوچھی جائے گی۔ غلام اپنے آقا کے مال کا نگران ہے اس مال کے بارے میں پوچھا جائے گا پس تم میں سے ہر ایک نگران ہے اور ہر ایک سے اس کی زیر نگرانی چیزوں کے متعلق پوچھا جائے گا۔

ف۔ ہر آدمی اس دنیا میں انچارج اور حکمران ہے خواہ وہ صدر مملکت ہو یا مزدور، مرد ہو یا عورت کیونکہ ہر آدمی کو بعض اشیاء پر اختیار ضرور ملا ہوا ہوتا ہے۔ بس یہی اس کا دائرہ اختیار ہے اور اسی کے متعلق اس سے پوچھ گچھ ہوگی سیاست کے متعلق حکمران سے، صوبے کے بارے میں گورنر سے، کمشنری کے متعلق کمشنر سے جہاں پوچھا جائے گا وہاں ایک گھر کے سربراہ سے اس کے اہل خانہ کے متعلق سوال کیا جائے گا کہ فلاں ایسا کیوں کیا کرتا تھا فلاں نماز کیوں نہیں پڑھتا تھا اور فلاں جھوٹ کیوں بولتا تھا تمہارا بیٹا کم کیوں تولتا تھا اور تمہاری بیوی کیوں بے پردہ پھرتی تھی، غرضیکہ ہر شخص حکمران ہے اور ہر ایک سے اس کے ماتحت افراد کے متعلق پوچھ گچھ ہوگی جو کہ اس کے زیر اثر رہے ہوں گے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

باب: ما جاء فی طلب الامارۃ۔

حکومت طلب کرنے کا حکم

۱۱۵۵ - حدثنا محمد بن الصباح البزار نا ھشیم انا یونس ومنصور عن الحسن عن

حسن نے حضرت عبد الرحمٰن بن سمرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مجھ سے فرمایا

www.sirat-e-mustaqeem.com

عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ سَمُرَةَ لَا تَسْئَلِ الْإِمَارَةَ فَإِنَّكَ إِنْ أُعْطِيْتَهَا عَنْ مَسْئَلَةٍ وُكِلْتَ فِيْهَا إِلٰى نَفْسِكَ وَإِنْ أُعْطِيْتَهَا عَنْ غَيْرِ مَسْئَلَةٍ أُعِنْتَ عَلَيْهَا۔

اے عبدالرحمن بن سمرہ! حکومت کا کبھی سوال نہ کرنا کیونکہ تمہارے مانگنے پر اگر وہ تمہیں دے دی گئی تو تمہیں تمہارے نفس کے سپرد کر دیا جائے گا اور اگر تمہیں بغیر مانگے دی گئی تو اس پر تمہاری مدد کی جائے گی۔

۱۵۶۔ حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ نَا خَالِدٌ عَنْ إِسْمٰعِيْلَ ابْنِ أَبِيْ خَالِدٍ عَنْ أَخِيْهِ عَنْ بِشْرِ بْنِ قُرَّةَ الْكَلْبِيِّ عَنْ أَبِيْ بُرْدَةَ عَنْ أَبِيْ مُوْسٰى رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ انْطَلَقْتُ مَعَ رَجُلَيْنِ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَتَشَهَّدَ أَحَدُهُمَا ثُمَّ قَالَ جِئْنَا لِتَسْتَعِيْنَ بِنَا عَلٰى عَمَلِكَ فَقَالَ الْآخَرُ مِثْلَ قَوْلِ صَاحِبِهِ فَقَالَ إِنَّ أَخْوَنَكُمْ عِنْدَنَا مَنْ طَلَبَهُ فَاعْتَذَرَ أَبُوْ مُوْسٰى إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَالَ لَمْ أَعْلَمْ لِمَا جَاءَا لَهُ فَلَمْ يَسْتَعِنْ بِهِمَا عَلٰى شَيْءٍ حَتّٰى مَاتَ۔

ابوبردہ سے روایت ہے کہ حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: میں نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں دو آدمیوں کے ساتھ حاضر ہوا۔ ان میں سے ہر ایک نے تشہد پڑھ کر کہا ہم آپ کی خدمت میں اس لئے حاضر ہوئے ہیں کہ امور مملکت میں ہماری خدمات حاصل کیجیے۔ دوسرے نے بھی وہی بات کہی جو اس کے ساتھی نے کہی تھی۔ آپ نے فرمایا تمہارے بھائی ہمارے پاس کیا طلب کر رہے ہیں؟ پس نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حضرت ابوموسیٰ عذر پیش کرتے ہوئے عرض گزار ہوئے کہ مجھے معلوم نہیں تھا کہ کس کام کی غرض سے یہ حاضر خدمت ہوئے ہیں چنانچہ آخری دم تک آپ نے ان سے کسی کام میں مدد حاصل نہ کی

بَابٌ ۵۰۲ فِي الضَّرِيْرِ يُوَلّٰى۔

نابینا کو حاکم مقرر کرنا

۱۵۷۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْمُخَرِّمِيُّ نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ نَا عِمْرَانُ الْقَطَّانُ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ أَنَسٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اسْتَخْلَفَ ابْنَ أُمِّ مَكْتُوْمٍ عَلَى الْمَدِيْنَةِ مَرَّتَيْنِ۔

محمد بن عبداللہ مخرمی، عبدالرحمن بن مہدی، عمران القطان قتادہ نے حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت ابن ام مکتوم کو دو مرتبہ مدینہ منورہ پر اپنا نائب مقرر فرمایا۔

بَابٌ ۵۰۳ فِي اتِّخَاذِ الْوَزِيْرِ۔

وزیر بنانے کا بیان

۱۵۸۔ حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ عَامِرٍ الْمُرِّيُّ نَا الْوَلِيْدُ نَا زُهَيْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ ابْنِ الْقَاسِمِ عَنْ أَبِيْهِ عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا أَرَادَ اللّٰهُ بِالْأَمِيْرِ خَيْرًا جَعَلَ لَهُ وَزِيْرَ صِدْقٍ إِنْ نَسِيَ ذَكَّرَهُ وَإِنْ ذَكَرَ أَعَانَهُ وَإِذَا أَرَادَ اللّٰهُ بِهِ غَيْرَ ذٰلِكَ جَعَلَ لَهُ وَزِيْرَ سُوْءٍ إِنْ نَسِيَ لَمْ يُذَكِّرْهُ وَإِنْ ذَكَرَ لَمْ يُعِنْهُ۔

عبدالرحمن بن قاسم کے والد ماجد نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جب اللہ تعالیٰ کسی حکمران کے ساتھ بھلائی کا ارادہ فرماتا ہے تو اسے راست گو وزیر عطا فرماتا ہے کہ جب حاکم بھولے تو وہ اسے یاد کروا دے اور جب یاد رکھے تو اس کی مدد کرے اور جب اللہ تعالیٰ کسی کے ساتھ اس کے برعکس ارادہ فرماتا ہے تو برے آدمی کو اس کا وزیر بنا دیتا ہے کہ وہ بھولے تو یاد نہ دلائے اور ذکر کرے تو اس کا مددگار نہ بنے۔

ف۔ حکمرانوں کی رہنمائی کے لئے اس حدیث میں بہترین دستور العمل موجود ہے۔ سربراہ مملکت اگر دیندار، دیانتدار، مدبر اور بیدار مغز قسم کے وزیر و مشیر رکھے گا تو کوئی وجہ نہیں کہ ملکی حالات ان صلاحیتوں کی واضح شہادت نہ دیں اور ملک کے طول و عرض میں سکون و اطمینان کی لہر نہ دوڑ رہی ہو۔ اگر خدانخواستہ کسی ملک میں حالات اس کے برعکس نظر آئیں تو یہ اس بات کی شہادت ہے کہ سربراہ مملکت نااہل یا بدخواہ ہے یا بصورت دیگر اس نے ایسے لوگوں کو وزیر و مشیر بنایا ہوا ہے جنہوں نے ملک و ملت کے مفاد کو نظر انداز کر کے اپنے ذاتی مفاد کو مطمح نظر بنایا ہوا ہے۔ یہ دوسری بات ہے کہ ان کے بیانات بظاہر بڑے خوشنما اور ملک و ملت کی خیر خواہی سے لبریز نظر آئیں۔ ان کے ملک و قوم کی ہمدردی میں ڈوبے ہوئے بلند بانگ دعاوی پر قربان ہونے کو دل بھی چاہے لیکن وہ صرف ایسے ڈھول کی آواز سے زیادہ اور کچھ نہیں جو اندر سے بالکل اسی طرح خالی ہوتا ہے جیسے ان لوگوں کے دل قومی ہمدردی کے جذبات سے سراسر خالی ہوتے ہیں۔ مسلم ممالک کو اولاً تو غیرت مند اور صحیح مسلمان سربراہ میسر نہیں آتے بلکہ جس کی لاٹھی اس کی بھینس ہوتی ہے۔ ثانیاً جو سربراہ بنتے ہیں وہ ایسے لوگوں کو اپنے گرد جمع کر لیتے ہیں جو ان کے ذاتی مفادات کی حفاظت کریں۔ باقی رہا ملک و قوم کا مفاد تو اسے بڑی حد تک بھاڑ میں جھونک دیتے ہیں۔ خدا وہ دن لائے جبکہ ہمارے سربراہ دین و ملت کے مفاد کو ہر قسم کے مفاد پر ترجیح دینے لگیں، آمین۔

بَابٌ فِي الْعِرَافَةِ۔

عرافت کا بیان

۱۵۹ - حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عُثْمَانَ نَا مُحَمَّدُ بْنُ حَرْبٍ عَنْ أَبِي سَلَمَةَ سُلَيْمَانَ بْنِ سُلَيْمٍ عَنْ يَحْيَى بْنِ جَابِرٍ عَنْ صَالِحِ بْنِ يَحْيَى بْنِ الْمِقْدَامِ عَنْ جَدِّهِ الْمِقْدَامِ بْنِ مَعْدِيكَرِبَ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ضَرَبَ عَلَى مَنْكِبِهِ ثُمَّ قَالَ أَفْلَحْتَ يَا قُدَيْمُ إِنْ مِتَّ وَلَمْ تَكُنْ أَمِيرًا وَلَا كَاتِبًا وَلَا عَرِيفًا۔

عمرو بن عثمان، محمد بن حرب، ابوسلمہ سلیمان بن سلیم، یحییٰ بن جابر، صالح بن یحییٰ بن مقدام نے اپنے جدِ امجد حضرت مقدام بن معدیکرب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان کے کندھوں پر ہاتھ مار کر فرمایا اے قدیم! تم نے فلاح پائی اگر اس حالت میں دنیا کو چھوڑا کہ نہ حاکم بنے نہ کاتب اور نہ عریف۔

ف۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ اس لیے فرمایا ہے کہ جب آدمی کوئی عہدہ حاصل کر لیتا ہے تو جتنا عہدہ بڑا اتنی ہی ذمہ داری زیادہ اور جتنی ذمہ داری زیادہ اتنا ہی ذمہ داریوں سے سبکدوش ہونا مشکل۔ لہٰذا عہدہ قبول کر کے آدمی اپنے آپ کو الجھن میں پھنسا لیتا ہے۔ آدمی کی کوشش یہی چاہیے کہ جن ذمہ داریوں سے بچ سکتا ہو انہیں خواہ مخواہ اپنے سر نہ لے اور جن سے بچ نہیں سکتا ان کو بخیر و خوبی نبھائے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

۱۶۰ - حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا بِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ نَا غَالِبٌ الْقَطَّانُ عَنْ رَجُلٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ أَنَّهُمْ كَانُوا عَلَى مَنْهَلٍ مِنَ الْمَنَاهِلِ فَلَمَّا بَلَغَهُمُ الْإِسْلَامُ جَعَلَ صَاحِبُ الْمَاءِ لِقَوْمِهِ مِائَةً مِنَ الْإِبِلِ عَلَى أَنْ يُسْلِمُوا فَأَسْلَمُوا وَقَسَمَ الْإِبِلَ بَيْنَهُمْ وَبَدَا لَهُ أَنْ يَرْتَجِعَهَا مِنْهُمْ فَأَرْسَلَ ابْنَهُ

غالب قطان نے ایک آدمی سے روایت کی جس کے والد ماجد سے اس کے جدِ امجد نے فرمایا۔ وہ ایک چشمے پر رہتے تھے جب انہیں اسلام کا علم ہوا تو پانی والے نے اپنی قوم سے اس شرط پر سو اونٹوں کا وعدہ کیا کہ وہ مسلمان ہو جائیں۔ اس نے اونٹ ان میں بانٹ دیئے۔ پھر ان سے واپس لینے چاہے تو اپنے بیٹے کو نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں بھیجتے ہوئے

إلى النبي صلى الله عليه وسلم فقال له ائت
النبي صلى الله عليه وسلم فقل له إن أبي
يقرئك السلام وإنه جعل لقومه مائة من
الإبل على أن يسلموا فأسلموا وقسم الإبل
بينهم وبدا له أن يرتجعها منهم أفهو أحق
بها أم هم فإن قال لك نعم أو لا فقل له
إن أبي شيخ كبير وهو عريف الماء وإنه
يسألك أن تجعل لي العرافة بعده فأتاه
فقال إن أبي يقرئك السلام فقال وعليك
وعلى أبيك السلام فقال إن أبي جعل لقومه
مائة من الإبل على أن يسلموا فأسلموا
وحسن إسلامهم ثم بدا له أن يرتجعها
منهم فهو أحق بها أم هم فقال إن بدا له
أن يسلمها لهم فليسلمها وإن بدا له أن
يرتجعها فهو أحق بها منهم فإن أسلموا فلهم
إسلامهم وإن لم يسلموا قوتلوا على الإسلام
وقال إن أبي شيخ كبير وهو عريف الماء
وإنه يسألك أن تجعل لي العرافة بعده
فقال إن العرافة حق ولا بد للناس من
العرفاء ولكن العرفاء في النار.

باب ۵۰۵ في اتخاذ الكاتب.

۱۱۴۱ - حدثنا قتيبة بن سعيد نا نوح
ابن قيس عن يزيد بن كعب عن عمرو بن
مالك عن أبي الجوزاء عن ابن عباس قال
السجل كاتب كان للنبي صلى الله عليه وسلم

باب ۵۰۶ في السعاية على الصدقة.

۱۱۴۲ - حدثنا محمد بن إبراهيم الأسباطي
نا عبد الرحيم بن سليمان عن محمد بن إسحق
عن عاصم بن عمر بن قتادة عن محمود بن

اس سے کہا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کرنا کہ میرے والد نے سلام عرض کیا ہے اور انہوں نے اپنی قوم کو سو اونٹ اس شرط پر دیئے کہ وہ مسلمان ہو جائیں۔ وہ مسلمان ہو گئے اور اونٹ ان میں بانٹ دیئے گئے اب وہ واپس لینا چاہتے ہیں پس یہ زیادہ حقدار ہیں یا وہ لوگ؟ حضور ہاں یا نہ جو کچھ فرمائیں اس کے بعد عرض کرنا کہ میرا والد چشمے کا عریف ہے وہ آپ سے سوال کرتے ہیں کہ ان کے بعد مجھے عریف مقرر فرما دیا جائے۔ وہ حاضر خدمت ہو کر عرض گزار ہوا کہ میرے والد ماجد نے سلام عرض کیا ہے۔ فرمایا کہ تم پر اور تمہارے باپ پر سلام ہو کہا کہ میرے والد محترم نے اپنی قوم کے لیے سو اونٹ مقرر فرمائے کہ وہ مسلمان ہو جائیں وہ اچھی طرح مسلمان ہو گئے پھر اونٹ ان سے واپس لینے کا ارادہ ہو گیا پس والد ماجد ان کے زیادہ حقدار ہیں یا وہ لوگ؟ فرمایا کہ اگر وہ دینا چاہیں تو دے دیں اور واپس لینے چاہیں تو ان لوگوں سے زیادہ حقدار ہیں اگر وہ مسلمان ہوئے ہیں تو ان کا اسلام ان کے لیے ہے۔ اگر مسلمان نہ ہوتے تو اسلام پر قتل کئے جاتے عرض کی کہ میرے والد محترم بہت بوڑھے اور چشمے کے عریف ہیں انہوں نے آپ سے سوال کیا ہے کہ ان کے بعد عرافت میرے لئے مقرر فرما دیجیے۔ فرمایا کہ عرافت حق ہے اور اس کے بغیر لوگوں کو چارہ کار نہیں لیکن عریف دوزخ میں جائیں گے۔

منشی رکھنے کا بیان

قتیبہ بن سعید، نوح بن قیس، یزید بن کعب، عمرو بن مالک ابو الجوزاء سے روایت ہے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے کاتب سجل تھے۔

زکوٰۃ وصول کرنے کا ثواب

محمد بن ابراہیم اسباطی، عبد الرحیم بن سلیمان، محمد بن اسحق عاصم بن عمر بن قتادہ، محمود بن لبید، حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ

www.sirat-e-mustaqeem.com

لبيد عن رافع بن خديج قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول العامل على الصدقة بالحق كالغازي في سبيل الله حتى يرجع إلى بيته.

علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا۔ انصاف کے ساتھ زکوٰۃ وصول کرنے والا عامل، اللہ کی راہ میں جہاد کرنے والے غازی کی طرح ہے یہاں تک کہ اپنے گھر کو لوٹ آئے۔

۱۱۶۳۔ حدثنا عبد الله بن محمد النفيلي نا محمد بن سلمة عن محمد بن إسحق عن يزيد بن أبي حبيب عن عبد الرحمن بن شماسة عن عقبة بن عامر قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول لا يدخل الجنة صاحب مكس.

عبداللہ بن محمد نفیلی، محمد بن سلمہ، محمد بن اسحٰق، یزید بن ابوحبیب، عبدالرحمٰن بن شماسہ، حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا۔ زکوٰۃ سے زیادہ وصول کرنے والا جنت میں داخل نہیں ہوگا۔

۱۱۶۴۔ حدثنا محمد بن عبد الله القطان عن ابن مغراء عن ابن إسحق قال الذي يعشر الناس يعني صاحب المكس.

محمد بن عبداللہ قطان، ابن مغراء، ابن اسحٰق نے فرمایا کہ صاحب مکس وہ ہے جو لوگوں سے دسواں حصہ وصول کرتا ہے۔

باب ۵۰ في الخليفة يستخلف.

خلیفہ کا کسی کو جانشین مقرر کرنا

۱۱۶۵۔ حدثنا محمد بن داود بن سفيان وسلمة قالا نا عبد الرزاق أنا معمر عن الزهري عن سالم عن ابن عمر قال قال عمر إني لا أستخلف فإن رسول الله صلى الله عليه وسلم لم يستخلف وإن أستخلف فإن أبا بكر قد استخلف قال فوالله ما هو إلا أن ذكر رسول الله صلى الله عليه وسلم وأبا بكر فعلمت أنه لا يعدل برسول الله صلى الله عليه وسلم أحدا وأنه غير مستخلف.

سالم نے حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ حضرت عمر نے فرمایا میں کسی کو خلیفہ نامزد نہیں کروں گا کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے کسی کو خلیفہ مقرر نہیں فرمایا تھا اور اگر میں نے خلیفہ نامزد کر دیا تو حضرت ابوبکر نے اپنا خلیفہ نامزد کیا تھا۔ حضرت عبداللہ نے فرمایا کہ خدا کی قسم انہوں نے صرف رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور حضرت ابوبکر کا ذکر کیا تو میں جان گیا کہ وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے برابر کسی کو اہمیت نہیں دیں گے لہٰذا انہوں نے خلیفہ مقرر نہیں فرمایا۔ ف

ف۔ خلافت راشدہ کے بارے میں اس وقت تک دو اصول سامنے آئے تھے۔ ایک یہ کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے کسی کو صاف لفظوں میں اپنا جانشین مقرر نہیں فرمایا تھا۔ دوسرا اصول یہ سامنے آیا کہ حضرت ابوبکر صدیق نے حضرت عمر کو اپنا جانشین مقرر فرما دیا تھا کیونکہ وہ باقی ماندہ امت محمدیہ میں سب سے افضل تھے۔ حضرت عمر نے اپنے جانشین کے بارے دونوں اصولوں کو ملا کر عمل کر لیا کہ کسی ایک کو نامزد نہیں کیا بلکہ امت محمدیہ میں سے چھ افضل ترین حضرات کو نامزد کر دیا کہ یہ حضرات اپنے میں سے جس کو چاہیں چن لیں اور اس کے ہاتھ پر بیعت خلافت کر لیں چنانچہ ان چھ حضرات کے نام یہ ہیں حضرت عثمان، حضرت علی، حضرت طلحہ، حضرت زبیر، حضرت سعد بن ابی وقاص اور حضرت عبدالرحمٰن بن عوف۔ چنانچہ ان بزرگوں کی باہمی گفت و

www.sirat-e-mustaqeem.com

شنید اور مشوروں کا نتیجہ یہ نکلا کہ بالاتفاق حضرت عثمان ذی النورین کو خلیفہ مقرر کر لیا گیا رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین۔

باب ۵۰۸ مَا جَاءَ فِي الْبَيْعَةِ۔ بیعت کا حکم

۱۱۶۶۔ حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ نَا شُعْبَةُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِينَارٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ كُنَّا نُبَايِعُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى السَّمْعِ وَالطَّاعَةِ وَيُلَقِّنُنَا فِيمَا اسْتَطَعْتُمْ۔

عبد اللہ بن دینار سے روایت ہے کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا ہم نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے بیعت کیا کرتے تھے سننے اور حکم ماننے پر اور آپ ہمیں تلقین فرماتے کہ جہاں تک کہ تم میں طاقت ہو۔

ف۔ اس سے معلوم ہوا کہ ایسے لوگوں کے ہاتھ پر بیعت کرنا سنت ہے جو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی نیابت کے شرف سے مشرف ہوں۔ ایسے حضرات کی باتیں غور سے سننا اور حسب استطاعت ان پر عمل کرنا ذریعۂ نجات ہے ایسے حضرات کا وجود اللہ تعالیٰ کا اپنے بندوں پر احسان ہوتا ہے۔ ایسے لوگوں سے وابستہ رہنا سعادت مندی اور نجات اخروی کی ضمانت ہے کیونکہ اللہ والے خود صراط مستقیم پر چلتے اور دوسروں کو اسی راہ ہدایت پر چلانے میں کوشاں رہتے ہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

۱۱۶۷۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ نَا وَهْبٌ حَدَّثَنِي مَالِكٌ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عُرْوَةَ أَنَّ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا أَخْبَرَتْهُ عَنْ بَيْعَةِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ النِّسَاءَ قَالَتْ مَا مَسَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِيَدِهِ امْرَأَةً قَطُّ إِلَّا أَنْ يَأْخُذَ عَلَيْهَا فَإِذَا أَخَذَ عَلَيْهَا فَأَعْطَتْهُ قَالَ اذْهَبِي فَقَدْ بَايَعْتُكِ۔

عروہ کو حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے عورتوں کو بیعت کرنے کے متعلق خبر دیتے ہوئے فرمایا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہرگز کسی عورت کو کبھی ہاتھ نہیں لگایا بلکہ اس سے زبانی عہد لیتے اور جب وہ عہد کر لیتی تو فرماتے کہ جاؤ میں نے تمہیں بیعت کر لیا ہے۔ ف

اس حدیث سے سبق ملتا ہے کہ کوئی خواہ کتنا ہی بڑا بزرگ کیوں نہ ہو وہ بھی اجنبی اور نامحرم عورتوں کو دیکھنے اور چھونے سے اجتناب کرے۔ جائے غور ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے بڑا بزرگ بھلا اس ساری کائنات میں کون ہے؟ جب وہ بھی اجنبی عورتوں کو ہاتھ نہیں لگایا کرتے تھے تو دوسرا کون مجاز ہو سکتا ہے۔ پیری مریدی کا کاروبار کرنے والے بعض حضرات اپنی مریدنیوں کو دیکھتے ان سے ہاتھ پیر دبواتے اور خود ان کے جسم کو ہاتھ لگاتے ہیں وہ ہرگز پیر اور رہنما نہیں بلکہ گمراہ اور کاروباری رہزن ہیں جو جاہلوں کو اپنے جال میں پھنسا کر ان کے دین و ایمان، مال و دولت اور عزت آبرو کو لوٹتے رہتے ہیں۔ سمجھدار آدمی ایسے پیروں کے سائے سے بھی بھاگیں اور بے خبر لوگوں کو ان کے شر سے بچانے کی مدبرانہ کوشش کریں کیونکہ ایسا کرنا ان کی خیر خواہی ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

۱۱۶۸۔ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ مَيْسَرَةَ نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَزِيدَ قَالَ حَدَّثَنَا

عبید اللہ بن عمر بن میسرہ، عبد اللہ بن یزید، سعید بن ابوایوب، ابو عقیل، زہرہ بن معبد سے روایت ہے کہ ان کے

www.sirat-e-mustaqeem.com

سعيد بن أبي أيوب نا أبو عقيل زهرة بن معبد عن جده عبد الله بن هشام قال وكان قد أدرك النبي صلى الله عليه وسلم وذهبت به أمه زينب بنت حميد إلى رسول الله صلى الله عليه وسلم فقالت يا رسول الله بايعه فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم هو صغير فمسح رأسه۔

جد امجد حضرت عبد اللہ بن ہشام رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا جنہوں نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو پایا اور ان کی والدہ ماجدہ حضرت زینب بنت حمید انہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں لے گئیں اور عرض گزار ہوئیں۔ یا رسول اللہ اسے بیعت کر لیجیے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ یہ چھوٹا ہے اور ان کے سر پر دست کرم پھیر دیا۔

باب في أرزاق العمال۔

عمال کی تنخواہ کا بیان

١١٦٩۔ حدثنا زيد بن أخزم أبو طالب نا أبو عاصم عن عبد الوارث بن سعيد عن حسين المعلم عن عبد الله بن بريدة عن أبيه عن النبي صلى الله عليه وسلم قال من استعملناه على عمل فرزقناه رزقا فما أخذ بعد ذلك فهو غلول۔

زید بن اخزم ابو طالب، ابو عاصم، عبد الوارث بن سعید حسین معلم، عبد اللہ بن بریدہ نے اپنے والد ماجد سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جسے ہم عامل مقرر کریں اور اس پر کچھ معاوضہ بطور روزی دیں تو جو اس کے علاوہ لے گا وہ چوری ہے۔

١١٧٠۔ حدثنا أبو الوليد الطيالسي نا ليث عن بكير بن عبد الله الأشج عن بسر بن سعيد عن ابن الساعدي قال استعملني عمر على الصدقة فلما فرغت أمر لي بعمالة فقلت إنما عملت لله فقال خذ ما أعطيت فإني عملت على عهد رسول الله صلى الله عليه وسلم فعملني۔

بسر بن سعید سے روایت ہے کہ ابن ساعدی نے فرمایا۔ مجھے حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے زکوٰۃ کا عامل مقرر فرمایا۔ جب میں فارغ ہوا تو مجھے اجرت دینے کا حکم فرمایا میں عرض گزار ہوا کہ میں نے تو یہ کام اللہ کے لئے کیا ہے۔ فرمایا کہ جو میں دے رہا ہوں اسے لے لو کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مجھے عامل مقرر فرمایا تھا اور اجرت مرحمت فرمائی تھی۔

١١٧١۔ حدثنا موسى بن مروان الرقي نا المعافى نا الأوزاعي عن الحارث بن يزيد عن جبير بن نفير عن المستورد بن شداد قال سمعت النبي صلى الله عليه وسلم يقول من كان لنا عاملا فليكتسب زوجة فإن لم يكن له خادم فليكتسب خادما فإن لم يكن له مسكن فليكتسب مسكنا قال قال أبو بكر أخبرت أن النبي صلى الله عليه وسلم قال من اتخذ غير ذلك فهو غال أو سارق۔

جبیر بن نفیر سے روایت ہے کہ حضرت مستورد بن شداد رضی اللہ عنہ نے فرمایا میں نے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ جو ہمارا عامل ہو تو وہ کام کاج کے لیے اپنی بیوی کو رکھ لے اگر اس کے پاس خادم نہ ہو تو خادم رکھ لے اگر اس کے پاس مکان نہ ہو تو مکان حاصل کر لے۔ راوی کا بیان ہے کہ حضرت ابو بکر نے فرمایا۔ مجھے بتایا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جو اس کے سوا لے گا تو وہ خائن ہے یا چور

بَابٌ ۱۳ فِي هَدَايَا الْعُمَّالِ.

۱۷۲۲ - حَدَّثَنَا ابْنُ السَّرْحِ وَابْنُ أَبِي خَلَفٍ لَفْظُهُ قَالَا نَا سُفْيَانُ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ أَبِي حُمَيْدٍ السَّاعِدِيِّ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اسْتَعْمَلَ رَجُلًا مِنَ الْأَزْدِ يُقَالُ لَهُ ابْنُ اللُّتْبِيَّةِ قَالَ ابْنُ السَّرْحِ ابْنُ الْأُتْبِيَّةِ عَلَى الصَّدَقَةِ فَجَاءَ فَقَالَ هَذَا لَكُمْ وَهَذَا أُهْدِيَ لِي فَقَامَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الْمِنْبَرِ فَحَمِدَ اللهَ وَأَثْنَى عَلَيْهِ وَقَالَ مَا بَالُ الْعَامِلِ نَبْعَثُهُ فَيَجِيءُ فَيَقُولُ هَذَا لَكُمْ وَهَذَا أُهْدِيَ لِي أَلَا جَلَسَ فِي بَيْتِ أُمِّهِ أَوْ أَبِيهِ فَيَنْظُرَ أَيُهْدَى لَهُ أَمْ لَا لَا يَأْتِي أَحَدٌ مِنْكُمْ بِشَيْءٍ مِنْ ذَلِكَ إِلَّا جَاءَ بِهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ إِنْ كَانَ بَعِيرًا فَلَهُ رُغَاءٌ أَوْ بَقَرَةً فَلَهَا خُوَارٌ أَوْ شَاةً تَيْعَرُ ثُمَّ رَفَعَ يَدَيْهِ حَتَّى رَأَيْنَا عُفْرَةَ إِبْطَيْهِ ثُمَّ قَالَ اللَّهُمَّ هَلْ بَلَّغْتُ اللَّهُمَّ هَلْ بَلَّغْتُ.

بَابٌ ۱۴ فِي غُلُولِ الصَّدَقَةِ.

۱۷۲۳ - حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ نَا جَرِيرٌ عَنْ مُطَرِّفٍ عَنْ أَبِي الْجَهْمِ عَنْ أَبِي مَسْعُودٍ الْأَنْصَارِيِّ قَالَ بَعَثَنِي النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَاعِيًا ثُمَّ قَالَ انْطَلِقْ أَبَا مَسْعُودٍ لَا أُلْفِيَنَّكَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ تَجِيءُ وَعَلَى ظَهْرِكَ بَعِيرٌ مِنْ إِبِلِ الصَّدَقَةِ لَهُ رُغَاءٌ قَدْ غَلَلْتَهُ قَالَ إِذًا لَا أَنْطَلِقُ قَالَ إِذًا لَا أُكْرِهُكَ.

بَابٌ ۱۵ فِي مَا يَلْزَمُ الْإِمَامَ مِنْ أَمْرِ الرَّعِيَّةِ وَالْاِحْتِجَابِ عَنْهُمْ.

۱۷۲۴ - حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الدِّمَشْقِيُّ نَا يَحْيَى بْنُ حَمْزَةَ قَالَ حَدَّثَنِي ابْنُ أَبِي مَرْيَمَ أَنَّ الْقَاسِمَ بْنَ مُخَيْمِرَةَ أَخْبَرَهُ أَنَّ

عمال کے تحفوں کا بیان

عروہ نے حضرت ابو حمید ساعدی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے قبیلہ ازد کے لتبیہ نامی ایک شخص کو عامل مقرر فرمایا۔ ابن السرح نے کہا ہے کہ ابن لاتبیہ کو زکوٰۃ پر۔ وہ آیا تو کہا۔ یہ آپ کے لیے ہے اور وہ مجھے تحفے کے طور پر دیا گیا ہے۔ پس نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم منبر پر جلوہ افروز ہوئے اللہ تعالیٰ کی حمد وثنا بیان کرنے کے بعد فرمایا۔ عامل کا کیا حال ہے جس کو ہم نے بھیجا تو آکر کہتا ہے کہ یہ آپ کا ہے اور وہ مجھے تحفہ دیا گیا ہے بھلا اپنے ماں باپ کے گھر میں بیٹھ کر دیکھتا کہ اسے کون تحفہ دیتا ہے جو تم میں سے کوئی چیز اس طرح لے گا وہ اسے قیامت کے روز لے کر حاضر ہوگا۔ اگر وہ اونٹ ہوا تو بلبلاتا ہوگا۔ اگر گائے ہوئی تو ڈکراتی ہوگی اور بکری ہوئی تو ممیاتی ہوگی۔ پھر اپنے دست مبارک اٹھائے یہاں تک کہ ہم نے بغلوں کی سفیدی دیکھی۔ پھر کہا۔ اے اللہ! کیا میں نے پہنچا دیا؟ اے اللہ! کیا میں نے پہنچا دیا۔

مال زکوٰۃ سے چرانے کا بیان

ابوجہم سے روایت ہے کہ حضرت ابو مسعود انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مجھے عامل بنا کر بھیجنے لگے تو فرمایا کہ اے ابو مسعود! میں یہ نہ دیکھوں کہ قیامت کے روز تم اپنی پیٹھ پر زکوٰۃ کا اونٹ لا رہے ہو جو بلبلا رہا ہو اور تم نے چوری کیا ہو عرض گزار ہوئے کہ ایسا ہے تو میں نہ جاؤں۔ فرمایا کہ میں تمہیں مجبور نہیں کرتا۔

امام پر رعایا کے کیا حقوق ہیں اور ان سے احتجاب کرنا

قاسم بن مخیمرہ نے حضرت ابو مریم ازدی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ میں حضرت معاویہ کے پاس گیا تو انہوں نے کہا۔ اے فلاں! آپ کا تشریف لانا ہمارے لیے کتنا مبارک

www.sirat-e-mustaqeem.com

أَبَا مَرْيَمَ الْأَزْدِيَّ أَخْبَرَهُ قَالَ دَخَلْتُ عَلَى مُعَاوِيَةَ فَقَالَ مَا أَنْعَمَنَا بِكَ أَبَا فُلَانٍ وَهِيَ كَلِمَةٌ تَقُولُهَا الْعَرَبُ فَقُلْتُ حَدِيثًا سَمِعْتُهُ أُخْبِرُكَ بِهِ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ مَنْ وَلَّاهُ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ شَيْئًا مِنْ أَمْرِ الْمُسْلِمِينَ فَاحْتَجَبَ دُونَ حَاجَتِهِمْ وَخَلَّتِهِمْ وَفَقْرِهِمُ احْتَجَبَ اللَّهُ تَعَالَى عَنْهُ دُونَ حَاجَتِهِ وَخَلَّتِهِ وَفَقْرِهِ قَالَ فَجَعَلَ رَجُلًا عَلَى حَوَائِجِ النَّاسِ۔

ہے یہ وہ کلمہ ہے جس کو اہل عرب کہا کرتے تھے۔ میں نے کہا کہ ایک حدیث سنی ہے جو آپ سے بیان کرنا چاہتا ہوں میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ جس کو اللہ تعالیٰ مسلمانوں کے کام کا والی بنائے اور وہ ان کی حاجت مندی، بے کسی اور غریبی میں ان سے کنارا کشی کرے تو اللہ تعالیٰ اس کی حاجت مندی، بے کسی اور غریبی میں اس سے کنارا کشی فرمائے گا۔ راوی کا بیان ہے کہ انہوں نے لوگوں کی حاجت براری پر ایک آدمی مقرر فرما دیا۔

۱۱۷۵۔ حَدَّثَنَا سَلَمَةُ بْنُ شَبِيبٍ نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنْ هَمَّامِ بْنِ مُنَبِّهٍ قَالَ هَذَا مَا حَدَّثَنَا أَبُو هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا أُوتِيكُمْ مِنْ شَيْءٍ وَمَا أَمْنَعُكُمُوهُ إِنْ أَنَا إِلَّا خَازِنٌ أَضَعُ حَيْثُ أُمِرْتُ۔

سلمہ بن شبیب، عبد الرزاق، معمر، ہمام بن منبہ نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ میں تمہیں جو چیز دیتا ہوں اور جس چیز سے انکار کر دیتا ہوں یونہی نہیں بلکہ میں تو خازن ہوں رکھتا ہوں جہاں کے لئے حکم فرما دیا جاتا ہے۔

اس حدیث میں نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے خصائص میں سے ایک خصوصیت کا بیان ہے کہ آپ خزائن الٰہیہ کے خازن ہونے کی حیثیت سے مخلوق خدا میں بانٹنے پر مامور ہیں۔ پروردگار عالم کے قبضے میں تو دنیا و آخرت کی ہر خیر و برکت اور کائنات کی ہر چیز ہے اس سے معلوم ہوا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بھی ہر نعمت الٰہی کے خازن اور تقسیم کرنے والے ہیں اسی لئے تو پروردگار عالم نے فرمایا ہے۔ وَمَا أَرْسَلْنَاكَ إِلَّا رَحْمَةً لِّلْعَالَمِينَ (۲۱ : ۱۰۷) اے محبوب! ہم نے تمہیں نہیں بھیجا مگر تمام جہانوں کے لئے رحمت بنا کر۔ معلوم ہوا کہ اہل جہاں کو جو رحمت و نعمت ملتی ہے وہ رحمت دو عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ہاتھوں ملتی ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے خود فرمایا ہے وَاللّٰہُ یُعْطِیْ اَنَا قَاسِمٌ (بخاری شریف) اللہ تعالیٰ عطا فرماتا ہے اور میں بانٹنے والا ہوں۔ دوسری روایت میں ہے۔ وَاللّٰہُ مُعْطِیْ اَنَا قَاسِمٌ۔ اسی حقیقت کو ایک دانائے راز نے یوں بیان فرمایا ہے۔ ؎

میں تو مالک ہی کہوں گا کہ ہو مالک کے حبیب
کیونکہ محبوب و محب میں نہیں میرا تیرا

۱۱۷۶۔ حَدَّثَنَا النُّفَيْلِيُّ نَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ عَطَاءٍ عَنْ مَالِكِ بْنِ أَوْسِ بْنِ الْحَدَثَانِ قَالَ ذَكَرَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ يَوْمًا الْفَيْءَ فَقَالَ مَا أَنَا

محمد بن عمرو بن عطاء نے مالک بن اوس بن حدثان سے روایت کی ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ایک روز فی کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا۔ میں فی کے مال کا آپ کی نسبت زیادہ حقدار نہیں ہوں اور نہ کوئی ایک بھی کسی دوسرے سے زیادہ حقدار ہے

بِأَحَقَّ بِهٰذَا الْفَيْءِ مِنْكُمْ وَلَا أَنَا أَحَقُّ بِهِ مِنْ أَحَدٍ إِلَّا أَنَّا عَلٰى مَنَازِلِنَا مِنْ كِتَابِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ وَقَسْمِ رَسُوْلِهِ فَالرَّجُلُ وَقِدَمُهُ وَالرَّجُلُ وَبَلَاؤُهُ وَالرَّجُلُ وَعِيَالُهُ وَالرَّجُلُ وَحَاجَتُهُ۔

بَابٌ ۱۵ فِيْ قَسْمِ الْفَيْءِ۔

۱۱۷۷۔ حَدَّثَنَا هَارُوْنُ بْنُ زَيْدِ بْنِ أَبِي الزَّرْقَاءِ أَخْبَرَنِيْ أَبِيْ نَا هِشَامُ بْنُ سَعْدٍ عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ دَخَلَ عَلٰى مُعَاوِيَةَ فَقَالَ حَاجَتُكَ يَا أَبَا عَبْدِ الرَّحْمٰنِ فَقَالَ عَطَاءُ الْمُحَرَّرِيْنَ فَقَالَ رَأَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَوَّلُ مَا جَاءَهُ شَيْءٌ بَدَأَ بِالْمُحَرَّرِيْنَ۔

۱۱۷۸۔ حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُوْسَى الرَّازِيُّ أَخْبَرَنَا عِيْسٰى نَا ابْنُ أَبِيْ ذِئْبٍ عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ عَبَّاسٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أُتِيَ بِظَبْيَةٍ فِيْهَا خَرَزٌ فَقَسَمَهَا لِلْحُرَّةِ وَالْأَمَةِ قَالَتْ عَائِشَةُ كَانَ أَبِيْ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يَقْسِمُ لِلْحُرِّ وَالْعَبْدِ۔

۱۱۷۹۔ حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ نَا عَبْدُ اللّٰهِ ابْنُ الْمُبَارَكِ ح وَحَدَّثَنَا ابْنُ الْمُصَفّٰى قَالَ حَدَّثَنَا أَبُو الْمُغِيْرَةِ جَمِيْعًا عَنْ صَفْوَانَ بْنِ عَمْرٍو عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ نُفَيْرٍ عَنْ أَبِيْهِ عَنْ عَوْفِ بْنِ مَالِكٍ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ إِذَا أَتَاهُ الْفَيْءُ قَسَمَهُ فِيْ يَوْمِهِ فَأَعْطَى الْآهِلَ حَظَّيْنِ وَأَعْطَى الْعَزَبَ حَظًّا زَادَ ابْنُ الْمُصَفّٰى فَدُعِيْنَا وَقَدْ أُدْعٰى قَبْلَ عَمَّارٍ فَدُعِيْتُ فَأَعْطَانِيْ حَظَّيْنِ وَكَانَ لِيْ أَهْلٌ ثُمَّ دُعِيَ عَمَّارُ بْنُ يَاسِرٍ فَأَعْطٰى حَظًّا وَاحِدًا۔

سوائے اس کے کہ اللہ عزوجل کی کتاب میں ہم اپنی اپنی منزل پر ہیں جیسا کہ اس کے رسول نے تقسیم فرمائی لہٰذا ترجیح اسے دی جاتی جو قدیم الاسلام ہوتا، بہادر ہوتا، عیالدار ہوتا یا زیادہ حاجتمند ہوتا۔

فی تقسیم کرنے کا بیان

زید بن اسلم سے روایت ہے کہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما حضرت معاویہ کے پاس گئے تو انہوں نے کہا اے ابو عبدالرحمٰن! کیا حاجت ہے؟ کہا کہ آزاد کردہ غلاموں کا حصہ دے دیجئے کیونکہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو دیکھا ہے کہ جب ایسا مال آتا تو آزاد کردہ غلاموں سے ابتدا فرمایا کرتے تھے۔

ابراہیم بن موسیٰ رازی، عیسیٰ، ابن ابی ذئب، قاسم بن عباس، عبداللہ بن دینار، عروہ نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں ایک تھیلا پیش کیا گیا جس میں نگینے تھے۔ آپ نے انہیں آزاد عورتوں اور لونڈیوں میں تقسیم فرما دیا۔ حضرت عائشہ نے فرمایا کہ میرے والد ماجد رضی اللہ تعالیٰ عنہ آزاد مردوں اور غلاموں میں تقسیم فرماتے تھے۔

سعید بن منصور، عبداللہ بن مبارک۔ ابن المصفیٰ، ابو المغیرہ، صفوان بن عمرو، عبدالرحمٰن بن جبیر، جبیر بن نفیر نے حضرت عوف بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس جب فئے کا مال آتا تو آپ اسی روز تقسیم فرما دیتے۔ چنانچہ بیوی والے کو دو حصے اور مجرد کو ایک حصہ عطا فرمایا جاتا۔ ابن المصفیٰ نے یہ بھی کہا کہ ہمیں بلایا گیا اور مجھے حضرت عمار سے پہلے بلایا گیا۔ جب میں بلایا گیا تو مجھے دو حصے عطا فرمائے کیونکہ میری بیوی تھی۔ پھر حضرت عمار بن یاسر کو بلایا گیا تو انہیں ایک حصہ عطا فرمایا گیا۔

www.sirat-e-mustaqeem.com

نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پاس بنی نضیر، فدک اور خیبر والوں کے اموال فَیْ تھے جن سے آپ ازواج مطہرات کو سال بھر کا خرچ عنایت فرمایا کرتے اور جو باقی بچتا اسے جن پر مناسب نظر آتا خرچ فرماتے رہتے تھے۔ چونکہ یہ اموال بوقت وصال باقی تھے یہاں دو نظریات سامنے آئے پہلا یہ کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے جو دنیاوی مال چھوڑا ہے آپ کے ورثاء میں تقسیم کر دیا جائے۔ دوسرا نظریہ یہ کہ دنیاوی مال و دولت نبی کی میراث نہیں ہوتی اور نبی جو دولت چھوڑے وہ دوسرے لوگوں کی طرح اُس کے وارثوں میں تقسیم نہیں کی جاتی بلکہ نبی کا جانشین اس کی نگرانی کرے اور نبی کی زندگی میں جس طرح اس کی آمدنی خرچ کی جاتی تھی اسی طرح جانشین خرچ کرتا ہے۔ سیدہ فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے پہلا خیال ظاہر فرمایا جبکہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے دوسرا نظریہ ظاہر فرمایا جس کی حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سمیت تمام صحابہ کرام نے تائید کی یہ صحابہ کرام کا اجماعی فیصلہ ہوا جسے ظلم قرار نہیں دے گا مگر اصحاب رسول کا دشمن۔ حضرت ابوبکر صدیق پر اعتراض تو تب وارد ہو جب انہوں نے ان اموال کو اپنی ملکیت قرار دیا ہو یا ان سے کوئی حصہ لیا ہو۔ بلکہ ان کی آمدنی برابر اسی طرح خرچ ہوتی رہی جس طرح رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی حیات مبارکہ میں خرچ ہوا کرتی تھی۔ ورپی حالات سیدنا صدیق اکبر کو مطعون کرنے کا مقصد امت مرحومہ کو امت ملعونہ ثابت کرنے کے سوا اور کچھ نہیں جو ایک یہودی سازش ہے جس کا ایک فرقہ پوری طرح شکار ہوا پڑا ہے۔ اللہ تعالیٰ انہیں ہدایت دے، آمین۔

بَابٌ ۱۵ فِي أَرْزَاقِ الذُّرِّيَّةِ۔

۱۱۸۰۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ أَخْبَرَنَا سُفْيَانُ عَنْ جَعْفَرٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ أَنَا أَوْلَى بِالْمُؤْمِنِينَ مِنْ أَنْفُسِهِمْ مَنْ تَرَكَ مَالًا فَلِأَهْلِهِ وَمَنْ تَرَكَ دَيْنًا أَوْ ضَيَاعًا فَإِلَيَّ وَعَلَيَّ۔

۱۱۸۱۔ حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ نَا شُعْبَةُ عَنْ عَدِيِّ بْنِ ثَابِتٍ عَنْ أَبِي حَازِمٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ تَرَكَ مَالًا فَلِوَرَثَتِهِ وَمَنْ تَرَكَ كَلًّا فَإِلَيْنَا۔

۱۱۸۲۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ عَنْ مَعْمَرٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ أَبِي سَلَمَةَ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُولُ أَنَا أَوْلَى بِكُلِّ مُؤْمِنٍ مِنْ نَفْسِهِ فَأَيُّمَا رَجُلٍ مَاتَ وَتَرَكَ دَيْنًا فَإِلَيَّ وَمَنْ

اولاد کی گزر اوقات کا بندوبست کرنا

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرمایا کرتے:۔ میں مسلمانوں کا اُن کی جان سے بھی زیادہ مالک ہوں لہٰذا جو مال چھوڑے تو وہ اُس کے گھر والوں کے لئے ہے اور جو قرض یا چھوٹے چھوٹے بچے چھوڑے تو ربچوں کی ذمہ داری مجھ پر اور (وہ قرض) مجھ پر ہے۔

ابو حازم نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جس نے ترکہ میں مال چھوڑا تو وہ اُس کے وارثوں کا ہے اور جو اہل و عیال چھوڑے تو وہ میری ذمہ داری ہے۔

ابو سلمہ نے حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرمایا کرتے:۔ میں ہر صاحب ایمان کا اُس کی جان سے بھی زیادہ مالک ہوں پس جو آدمی فوت ہو جائے اور قرض چھوڑے تو وہ مجھ پر ہے اور جو مال چھوڑے وہ اُس کے وارثوں کا ہے۔

www.sirat-e-mustaqeem.com

تَرَكَ مَالًا فَلِوَرَثَتِهِ۔

بَاب ۵۱۵ مَتَى يُفْرَضُ لِلرَّجُلِ فِي الْمُقَاتِلَةِ۔

۱۱۹۳۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ نَا يَحْيَى نَا عُبَيْدُ اللهِ أَخْبَرَنِي نَافِعٌ عَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَرَضَهُ يَوْمَ أُحُدٍ ابْنَ أَرْبَعَ عَشْرَةَ فَلَمْ يُجِزْهُ وَعَرَضَهُ يَوْمَ الْخَنْدَقِ وَهُوَ ابْنُ خَمْسَ عَشْرَةَ سَنَةً فَأَجَازَهُ۔

بَاب ۵۱۶ فِي كَرَاهِيَةِ الْإِفْتِرَاضِ فِي آخِرِ الزَّمَانِ۔

۱۱۹۴۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ أَبِي الْحَوَارِيِّ نَا سُلَيْمُ بْنُ مُطَيْرٍ شَيْخٌ مِنْ أَهْلِ وَادِي الْقُرَى قَالَ حَدَّثَنِي أَبِي مُطَيْرٌ أَنَّهُ خَرَجَ حَاجًّا حَتَّى إِذَا كَانَ بِالسُّوَيْدَاءِ إِذَا أَنَا بِرَجُلٍ قَدْ جَاءَ كَأَنَّهُ يَطْلُبُ دَوَاءً أَوْ حُضُضًا فَقَالَ أَخْبَرَنِي مَنْ سَمِعَ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي حَجَّةِ الْوَدَاعِ وَهُوَ يَعِظُ النَّاسَ وَيَأْمُرُهُمْ وَيَنْهَاهُمْ فَقَالَ يَا أَيُّهَا النَّاسُ خُذُوا الْعَطَاءَ مَا كَانَ عَطَاءً فَإِذَا تَجَاحَفَتْ قُرَيْشٌ عَلَى الْمُلْكِ وَكَانَ عَنْ دِينِ أَحَدِكُمْ فَدَعُوهُ قَالَ أَبُو دَاوُدَ وَرَوَاهُ ابْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَسَارٍ عَنْ سُلَيْمِ بْنِ مُطَيْرٍ۔

۱۱۹۵۔ حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ نَا سُلَيْمُ بْنُ مُطَيْرٍ مِنْ أَهْلِ وَادِي الْقُرَى عَنْ أَبِيهِ أَنَّهُ حَدَّثَهُ قَالَ سَمِعْتُ رَجُلًا يَقُولُ سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي حَجَّةِ الْوَدَاعِ أَمَرَ النَّاسَ وَنَهَاهُمْ ثُمَّ قَالَ اللَّهُمَّ هَلْ بَلَّغْتُ قَالُوا اللَّهُمَّ نَعَمْ ثُمَّ قَالَ إِذَا تَجَاحَفَتْ قُرَيْشٌ عَلَى الْمُلْكِ فِيمَا بَيْنَهُمْ وَعَادَ الْعَطَاءُ أَوْ كَانَ رُشًا فَدَعُوهُ فَقِيلَ مَنْ هَذَا قَالُوا هَذَا ذُو الزَّوَائِدِ صَاحِبُ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔

جہاد میں کب حصہ لینا فرض ہے؟

نافع نے حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ غزوہ احد کے وقت وہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں پیش کیے گئے جبکہ چودہ سال کے تھے تو آپ نے انہیں اجازت نہ دی اور غزوہ خندق کے وقت پیش کیے گئے جبکہ پندرہ سال کے تھے تو آپ نے انہیں اجازت مرحمت فرما دی۔

آخری زمانے میں حکام کے عطیات نہ لیے جائیں

وادی القریٰ والوں کے شیخ سلیم بن مطیر سے روایت ہے کہ میرے والد ماجد مطیر حج کے ارادے سے نکلے جب وہ سویداء کے مقام پر تھے تو ایک آدمی آیا جسے کوئی دوائی یا رسوت کی تلاش تھی اس نے کہا کہ مجھے اس شخص نے بتایا ہے جس نے حجۃ الوداع میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے سنا جبکہ آپ بعض باتوں کا حکم فرما رہے تھے اور بعض امور سے منع فرماتے تھے کہ اے لوگو! عطیات لے لیا کرو جب تک وہ انعام ہی رہیں اور جب ملک گیری پر قریش آپس میں لڑنے لگیں اور وہ تمہارے قرض کی جگہ دیا کریں تو نہ لینا۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ روایت کیا ہے اسے ابن مبارک نے محمد بن یسار سے سلیم بن مطیر سے۔

سلیم بن مطیر کے والد ماجد کا بیان ہے کہ میں نے ایک آدمی کو بیان کرتے ہوئے سنا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو حجۃ الوداع میں فرماتے ہوئے سنا جبکہ آپ لوگوں کو حکم فرما رہے تھے اور بعض باتوں سے انہیں روکا۔ پھر کہا۔ اے خدا کیا میں نے پہنچا دیا؟ لوگوں نے کہا۔ اے اللہ! ہاں۔ پھر فرمایا کہ قریش ملک گیری کے باعث آپس میں لڑیں گے اور عطیات رشوت ہو جائیں گے تو تم انہیں نہ لینا۔ کہا گیا کہ وہ صاحب کون تھے؟ لوگوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے صحابی حضرت ذوالزوائد تھے۔

باب فِي تَدْوِينِ الْعَطَاءِ.

۱۱۸۶۔ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْمٰعِيلَ نَا إِبْرَاهِيمُ يَعْنِي ابْنَ سَعْدٍ أَخْبَرَنَا ابْنُ شِهَابٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ الْأَنْصَارِيِّ أَنَّ جَيْشًا مِنَ الْأَنْصَارِ كَانُوا بِأَرْضِ فَارِسَ مَعَ أَمِيرِهِمْ وَكَانَ عُمَرُ يُعْقِبُ الْجُيُوشَ فِي كُلِّ عَامٍ فَشُغِلَ عَنْهُمْ عُمَرُ فَلَمَّا مَرَّ الْأَجَلُ قَفَلَ أَهْلُ ذٰلِكَ الثَّغْرِ فَاشْتَدَّ عَلَيْهِمْ وَتَوَاعَدَهُمْ وَهُمْ أَصْحَابُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالُوا يَا عُمَرُ إِنَّكَ غَفَلْتَ عَنَّا وَتَرَكْتَ فِينَا الَّذِي أَمَرَ بِهِ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ إِعْقَابِ بَعْضِ الْغَزِيَّةِ بَعْضًا.

۱۱۸۷۔ حَدَّثَنَا مَحْمُودُ بْنُ خَالِدٍ نَا مُحَمَّدُ بْنُ عَائِذٍ نَا الْوَلِيدُ نَا عِيسَى بْنُ يُونُسَ حَدَّثَنِي فِيمَا حَدَّثَهُ ابْنٌ لِعَدِيِّ بْنِ عَدِيٍّ الْكِنْدِيِّ أَنَّ عُمَرَ بْنَ عَبْدِ الْعَزِيزِ كَتَبَ أَنَّ مَنْ سَأَلَ عَنْ مَوَاضِعِ الْفَيْءِ فَهُوَ مَا حَكَمَ فِيهِ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ فَرَآهُ الْمُؤْمِنُونَ عَدْلًا مُوَافِقًا لِقَوْلِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَعَلَ اللّٰهُ الْحَقَّ عَلٰى لِسَانِ عُمَرَ وَقَلْبِهِ فَرَضَ الْأَعْطِيَةَ وَعَقَدَ لِأَهْلِ الْأَدْيَانِ ذِمَّةً بِمَا فَرَضَ عَلَيْهِمْ مِنَ الْجِزْيَةِ لَمْ يَضْرِبْ فِيهَا بِخُمُسٍ وَلَا مَغْنَمٍ.

۱۱۸۸۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ يُونُسَ نَا زُهَيْرٌ نَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحٰقَ عَنْ مَكْحُولٍ عَنْ غُضَيْفِ بْنِ الْحَارِثِ عَنْ أَبِي ذَرٍّ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ إِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى وَضَعَ الْحَقَّ عَلٰى لِسَانِ عُمَرَ يَقُولُ بِهِ.

عطیات کا ریکارڈ رکھنا

ابن شہاب نے حضرت عبد اللہ بن کعب بن مالک انصاری سے روایت کی ہے کہ انصار کا ایک لشکر اپنے امیر کے ساتھ ایران کی سرزمین میں تھا حضرت عمر ہر سال ایک فوج کے لوٹنے کے بعد دوسری بھیجا کرتے تھے۔ مشغولیت کے باعث حضرت عمر انہیں بھول گئے جب مدت گزر گئی تو اس فوج والے واپس لوٹ آئے۔ انہوں نے سختی کی اور انہیں دھمکایا حالانکہ وہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اصحاب تھے۔ پس انہوں نے کہا۔ اے عمر! آپ ہماری جانب سے غافل ہو چکے ہیں اور ہمارے متعلق وہ اصول ترک کر دیا ہے جس کا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حکم فرمایا تھا کہ ایک لشکر کے پیچھے دوسرا بھیجتے رہنا۔

ابن عدی نے عدی کندی سے روایت کی ہے کہ عمر بن عبد العزیز نے لکھا کہ جو پوچھے کہ فئی کا مال کہاں صرف کیا جائے تو اس کا حکم وہی ہے جو حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا تھا جس کو مسلمانوں نے انصاف پر مبنی اور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ارشاد گرامی کے مطابق پایا کیونکہ اللہ تعالیٰ نے حضرت عمر کی زبان اور دل پر حق جاری فرما دیا تھا عطیات کی تقسیم میں اور انہوں نے دیگر ادیان والوں کی ذمہ داری لی تھی ان پر جزیہ مقرر کرنے کے باعث اور اس میں سے مال غنیمت کی طرح خمس نہیں لیا جاتا تھا۔

غضیف بن حارث نے حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا۔ اللہ تعالیٰ نے عمر کی زبان پر حق جاری فرما دیا ہے جس کے ساتھ وہ گفتگو کرتے ہیں۔

www.sirat-e-mustaqeem.com

بابٌ ١٥٨ فِي صَفَايَا رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْأَمْوَالِ.

١١٨٩ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ وَمُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ فَارِسٍ الْمَعْنَى قَالَا نَا بِشْرُ بْنُ عُمَرَ الزَّهْرَانِيُّ قَالَ حَدَّثَنِي مَالِكُ بْنُ أَنَسٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ مَالِكِ بْنِ أَوْسِ بْنِ الْحَدَثَانِ قَالَ أَرْسَلَ إِلَيَّ عُمَرُ حِينَ تَعَالَى النَّهَارُ فَجِئْتُهُ فَوَجَدْتُهُ جَالِسًا عَلَى سَرِيرٍ مُفْضِيًا إِلَى رِمَالِهِ فَقَالَ حِينَ دَخَلْتُ عَلَيْهِ يَا مَالِ إِنَّهُ قَدْ دَفَّ أَهْلُ أَبْيَاتٍ مِنْ قَوْمِكَ وَإِنِّي قَدْ أَمَرْتُ فِيهِمْ بِشَيْءٍ فَاقْسِمْ فِيهِمْ قُلْتُ لَوْ أَمَرْتَ غَيْرِي بِذٰلِكَ فَقَالَ خُذْهُ فَجَاءَهُ يَرْفَأُ فَقَالَ يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ هَلْ لَكَ فِي عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ وَعَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ وَالزُّبَيْرِ بْنِ الْعَوَّامِ وَسَعْدِ بْنِ أَبِي وَقَّاصٍ قَالَ نَعَمْ فَأَذِنَ لَهُمْ فَدَخَلُوا ثُمَّ جَاءَهُ يَرْفَأُ فَقَالَ يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ هَلْ لَكَ فِي الْعَبَّاسِ وَعَلِيٍّ قَالَ نَعَمْ فَأَذِنَ لَهُمْ فَدَخَلُوا قَالَ الْعَبَّاسُ يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ اقْضِ بَيْنِي وَبَيْنَ هٰذَا يَعْنِي عَلِيًّا فَقَالَ بَعْضُهُمْ أَجَلْ يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ اقْضِ بَيْنَهُمَا وَارْحَمْهُمَا قَالَ مَالِكُ بْنُ أَوْسٍ خُيِّلَ إِلَيَّ أَنَّهُمَا قَدَّمَا أُولٰئِكَ النَّفَرَ لِذٰلِكَ فَقَالَ عُمَرُ اتَّئِدَا ثُمَّ أَقْبَلَ عَلَى أُولٰئِكَ الرَّهْطِ فَقَالَ أَنْشُدُكُمْ بِاللّٰهِ الَّذِي بِإِذْنِهِ تَقُومُ السَّمَاءُ وَالْأَرْضُ هَلْ تَعْلَمُونَ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا نُورَثُ مَا تَرَكْنَا صَدَقَةٌ فَقَالُوا نَعَمْ ثُمَّ أَقْبَلَ عَلَى عَلِيٍّ وَالْعَبَّاسِ فَقَالَ أَنْشُدُكُمَا بِاللّٰهِ الَّذِي بِإِذْنِهِ تَقُومُ السَّمَاءُ وَالْأَرْضُ هَلْ تَعْلَمَانِ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا

رسول اللہ صلی اللہ علیہ نے اموال سے اپنے لیے جو چن لیے تھے

ابن شہاب سے روایت ہے کہ حضرت مالک بن حدثان نے فرمایا۔ حضرت عمر نے دن چڑھے مجھے بلا بھیجا۔ میں حاضر خدمت ہوا تو میں نے انہیں تخت پر بیٹھے ہوئے پایا بالغیر بستر کے جب میں ان کے پاس پہنچا تو فرمایا۔ اے مالک! تمہاری قوم کے کچھ لوگ میرے پاس آئے تھے اور میں نے ان میں کچھ مال تقسیم کرنے کا حکم کیا تھا پس تم ان میں تقسیم کر دو۔ میں نے کہا کہ میرے سوا کسی دوسرے کو حکم فرمائیں تو بہتر ہے۔ فرمایا اسے لے لو۔ پس یرفا حاضر ہو کر عرض گزار ہوا۔ اے امیر المومنین! کیا آپ کو عثمان بن عفان، عبدالرحمن بن عوف، زبیر بن عوام اور سعد بن ابی وقاص سے کام ہے؟ فرمایا ہاں انہیں اجازت دے دو۔ اجازت دے دی تو وہ اندر داخل ہوئے۔ یرفا پھر حاضر ہو کر عرض گزار ہوا۔ اے امیر المومنین! علی اور عباس کو آنے کی اجازت ہے؟ فرمایا ہاں پس انہیں اجازت دے دی تو وہ اندر داخل ہوئے۔ حضرت عباس نے کہا کہ اے امیر المومنین! میرے اور علی کے درمیان فیصلہ کر دیجیے۔ بعض حضرات نے کہا کہ اے امیر المومنین ان دونوں کے درمیان فیصلہ کر دیجیے اور ان پر مہربانی کیجیے۔ مالک بن اوس کا بیان ہے کہ میرے خیال میں ان حضرات کو ان دونوں نے ہی بھیجا تھا۔ پس حضرت عمر نے کہا کہ صبر سے کام لیجیے۔ پھر اس گروہ کی جانب متوجہ ہو کر فرمایا۔ میں آپ کو اللہ تعالیٰ کی قسم دیتا ہوں جس کے حکم سے زمین و آسمان قائم ہیں کیا آپ جانتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا ہماری میراث نہیں بلکہ جو ہم چھوڑتے ہیں وہ صدقہ ہے؟ انہوں نے کہا ہاں۔ پھر حضرت علی اور حضرت عباس کی جانب متوجہ ہو کر فرمایا۔ میں آپ دونوں کو اللہ تعالیٰ کی قسم دیتا ہوں جس کے حکم سے آسمان و زمین قائم ہیں کیا آپ دونوں کے علم میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ ہماری میراث نہیں بلکہ ہم جو چھوڑتے ہیں وہ صدقہ ہے؟ دونوں نے کہا ہاں۔

www.sirat-e-mustaqeem.com

نورث ما ترکنا صدقة فقالا نعم قال فإن الله
خص رسول الله صلى الله عليه وسلم بخاصة
لم يخص بها أحدا من الناس فقال تعالى
وما أفاء الله على رسوله منهم فما أوجفتم عليه
من خيل ولا ركاب ولكن الله يسلط رسله على
من يشاء والله على كل شيء قدير فكان الله
تعالى أفاء على رسوله بني النضير فوالله ما استأثر
بها عليكم ولا أخذها دونكم فكان رسول الله
صلى الله عليه وسلم يأخذ منها نفقة سنة
أو نفقته ونفقة أهله سنة ويجعل ما بقي
أسوة المال ثم أقبل على أولئك الرهط فقال
أنشدكم بالله الذي بإذنه تقوم السماء و
الأرض هل تعلمون ذلك قالوا نعم ثم أقبل
على العباس وعلي رضي الله عنهما فقال أنشدكما
بالله الذي بإذنه تقوم السماء والأرض هل
تعلمان ذلك قال نعم فلما توفي رسول الله
صلى الله عليه وسلم قال أبو بكر أنا ولي رسول
الله صلى الله عليه وسلم فجئت أنت وهذا
إلى أبي بكر تطلب أنت ميراثك من ابن
أخيك ويطلب هذا ميراث امرأته من أبيها
فقال أبو بكر قال رسول الله صلى الله عليه
وسلم لا نورث ما تركنا صدقة والله يعلم
أنه صادق بار راشد تابع للحق فوليها
أبو بكر فلما توفي أبو بكر قلت أنا ولي رسول
الله صلى الله عليه وسلم وولي أبي بكر فوليتها
ما شاء الله أن أليها فجئت أنت وهذا وأنتما
جميع وأمركما واحد فسألتمانيها فقلت
إن شئتما أن أدفعها إليكما على أن عليكما
عهد الله أن تلياها بالذي كان رسول الله

فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو وہ خصوصیت عطا فرمائی تھی کہ لوگوں میں سے کسی دوسرے کو وہ خصوصیت مرحمت نہیں فرمائی۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔ اور جو غنیمت دلائی اللہ نے اپنے رسول کو ان سے تو تم نے ان پر اپنے گھوڑے دوڑائے تھے اور نہ اونٹ ہاں اللہ اپنے رسولوں کو قبضہ دیتا ہے جس چیز پر چاہے اور اللہ سب کچھ کرسکتا ہے (۵۹: ۶) چنانچہ اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول کو بنی نضیر کا مال دلایا اور خدا کی قسم انہوں نے آپ پر کسی کو اس کے ساتھ ترجیح نہیں دی اور نہ آپ کے سوا کسی کو مرحمت فرمایا کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اس مال سے اپنا اور ازواج مطہرات کا ایک سال کا خرچ نکال لیتے اور باقی دوسرے مال کی طرح ہوتا تھا پھر آپ نے اس گروہ کی جانب متوجہ ہو کر فرمایا۔ میں آپ کو اللہ کی قسم دیتا ہوں جس کے حکم سے آسمان اور زمین قائم ہیں کیا یہ بات آپ کے دائرہ علم میں ہے؟ انہوں نے کہا ہاں پھر حضرت عباس اور حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی جانب متوجہ ہو کر فرمایا۔ میں آپ دونوں کو اللہ کی قسم دیتا ہوں جس کے حکم سے آسمان اور زمین قائم ہیں کیا آپ دونوں کو اس کا علم ہے؟ کہا ہاں۔ فرمایا جب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا وصال ہوا تو حضرت ابوبکر نے کہا کہ میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا جانشین ہوں۔ پس آپ اور یہ ان کے پاس آئے آپ ان سے اپنے بھتیجے کی اور یہ اپنی بیوی کے خاوند کی میراث کا مطالبہ کرتے تھے چنانچہ حضرت ابوبکر نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا ہے۔ ہمارا کوئی وارث نہیں ہم جو چھوڑیں وہ صدقہ ہے۔ خدا جانتا ہے کہ وہ سچے نیکوکار، ہدایت یافتہ اور حق کے تابع تھے۔ چنانچہ حضرت ابوبکر اس کے متولی رہے۔ جب حضرت ابوبکر نے وفات پائی تو میں نے کہا کہ میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا جانشین ہوں اور حضرت ابوبکر کا۔ پس میں اس کا متولی رہا جب تک اللہ نے چاہا۔ پس آپ اور یہ دونوں میرے پاس آئے

www.sirat-e-mustaqeem.com

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَلِيهَا فَأَخَذْتُمَاهَا مِنِّي عَلَى ذٰلِكَ ثُمَّ جِئْتُمَانِي لِأَقْضِيَ بَيْنَكُمَا بِغَيْرِ ذٰلِكَ وَاللّٰهِ لَا أَقْضِي بَيْنَكُمَا بِغَيْرِ ذٰلِكَ حَتَّى تَقُومَ السَّاعَةُ فَإِنْ عَجَزْتُمَا عَنْهَا فَرُدَّاهَا إِلَيَّ قَالَ أَبُو دَاوُدَ إِنَّمَا سَأَلَاهُ أَنْ يَكُونَ بَصِيرَةً بَيْنَهُمَا نِصْفَيْنِ لَا أَنَّهُمَا جَهِلَا أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا نُورَثُ مَا تَرَكْنَا صَدَقَةٌ فَإِنَّهُمَا كَانَا لَا يَطْلُبَانِ إِلَّا الصَّوَابَ فَقَالَ عُمَرُ لَا أُوقِعُ عَلَيْهِ اسْمَ الْقَسْمِ أَدَعُهُ عَلَى مَا هُوَ عَلَيْهِ۔

جبکہ آپ دونوں کا مقصد ایک ہی تھا اور آپ نے اس کا سوال کیا۔ میں نے کہا کہ اگر آپ چاہیں تو میں اسے آپ دونوں کے سپرد کر دوں؟ اس شرط پر کہ اس میں اسی طرح تصرف کیا جائے گا جیسے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کیا کرتے تھے تو اس کو آپ دونوں نے مجھ سے لے لیا۔ مذکورہ شرط پر۔ پھر آپ دونو میرے پاس آئے ہیں کہ میں اس کے علاوہ کوئی دوسرا فیصلہ کروں۔ خدا کی قسم میں قیامت تک اس کے سوا کوئی فیصلہ نہیں کروں گا اگر آپ عاجز آگئے ہیں تو مجھے واپس دے دیجیے۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ ان دونوں حضرات کا مطالبہ یہ تھا کہ اسے ہم دونوں میں برابر برابر تقسیم کر دیا جائے ورنہ وہ اس چیز سے بے خبر نہیں تھے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ ہمارا کوئی وارث نہیں ہوتا ہم جو چھوڑیں وہ صدقہ ہے اور وہ دونوں حضرات بھی درست بات ہی کی تلاش میں تھے۔ حضرت عمر نے فرمایا۔ میں اس پر تقسیم کا نام بھی نہیں آنے دوں گا بلکہ اسے اس کی حالت پر ہی قائم رکھوں گا۔

۱۱۹۰۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدٍ قَالَ نَا مُحَمَّدُ بْنُ ثَوْرٍ عَنْ مَعْمَرٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ مَالِكِ بْنِ أَوْسٍ بِهٰذِهِ الْقِصَّةِ قَالَ وَهُمَا يَعْنِي عَلِيًّا وَالْعَبَّاسَ يَخْتَصِمَانِ فِيمَا أَفَاءَ اللّٰهُ عَلَى رَسُولِهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ أَمْوَالِ بَنِي النَّضِيرِ قَالَ أَبُو دَاوُدَ أَرَادَ أَنْ لَا يُوقِعَ عَلَيْهَا اسْمَ قَسْمٍ۔

زہری نے حضرت مالک بن اوس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے اس واقعہ کو روایت کرتے ہوئے کہا کہ وہ دونوں یعنی حضرت علی اور حضرت عباس اس میں جھگڑے جو اللہ تعالیٰ نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو بنی نضیر کے مال سے عطا فرمایا تھا۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ ان حضرت عمر کا ارادہ تھا کہ اس پر تقسیم کرنے کا نام بھی نہ آئے۔

۱۱۹۱۔ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ ابْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَأَحْمَدُ بْنُ عَبْدَةَ الْمَعْنَى أَنَّ سُفْيَانَ بْنَ عُيَيْنَةَ أَخْبَرَهُمْ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ مَالِكِ بْنِ أَوْسِ بْنِ الْحَدَثَانِ عَنْ عُمَرَ قَالَ كَانَتْ أَمْوَالُ بَنِي النَّضِيرِ مِمَّا أَفَاءَ اللّٰهُ عَلَى رَسُولِهِ مِمَّا لَمْ يُوجِفِ الْمُسْلِمُونَ عَلَيْهِ بِخَيْلٍ وَلَا رِكَابٍ كَانَتْ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَالِصًا يُنْفِقُ عَلَى أَهْلِ بَيْتِهِ قَالَ ابْنُ عَبْدَةَ يُنْفِقُ عَلَى أَهْلِهِ قُوتَ سَنَةٍ

زہری نے حضرت مالک بن اوس بن حدثان سے روایت کی ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ بنی نضیر کا مال غنیمت وہ ہے جو اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول کو عطا فرمایا اور اس پر مسلمانوں نے گھوڑے یا اونٹ نہیں دوڑائے تھے۔ وہ صرف اور صرف رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لئے تھا جس کو اپنے اہل خانہ پر خرچ فرمایا کرتے تھے۔ ابن عبدہ نے کہا کہ اس سے اپنے گھر والوں کو ایک سال کا خرچ دیتے اور باقی سے سواری کے جانور خریدتے اور جہاد کی تیاری کرتے

www.sirat-e-mustaqeem.com

فَمَا بَقِيَ جَعَلَ فِي الْكُرَاعِ وَعُدَّةً فِي سَبِيلِ اللّٰهِ قَالَ ابْنُ عَبْدَةَ فِي الْكُرَاعِ وَالسِّلَاحِ.

ابن عبدہ نے کہا کہ جانوروں اور ہتھیاروں کے حصول میں۔

۱۱۹۲ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا إِسْمٰعِيلُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ أَنَا أَيُّوبُ عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ قَالَ عُمَرُ وَمَا أَفَاءَ اللّٰهُ عَلٰى رَسُولِهِ مِنْهُمْ فَمَا أَوْجَفْتُمْ عَلَيْهِ مِنْ خَيْلٍ وَلَا رِكَابٍ قَالَ الزُّهْرِيُّ قَالَ عُمَرُ هٰذِهِ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَاصَّةً قُرًى عُرَيْنَةَ فَدَكُ وَكَذَا وَكَذَا مَا أَفَاءَ اللّٰهُ عَلٰى رَسُولِهِ مِنْ أَهْلِ الْقُرٰى فَلِلّٰهِ وَلِلرَّسُولِ وَلِذِي الْقُرْبٰى وَالْيَتَامٰى وَالْمَسَاكِينِ وَابْنِ السَّبِيلِ وَالْفُقَرَاءِ الَّذِينَ أُخْرِجُوا مِنْ دِيَارِهِمْ وَأَمْوَالِهِمْ وَالَّذِينَ تَبَوَّءُوا الدَّارَ وَالْإِيمَانَ مِنْ قَبْلِهِمْ وَالَّذِينَ جَاءُوا مِنْ بَعْدِهِمْ فَاسْتَوْعَبَتْ هٰذِهِ الْآيَةُ النَّاسَ فَلَمْ يَبْقَ أَحَدٌ مِنَ الْمُسْلِمِينَ إِلَّا لَهُ فِيهَا حَقٌّ قَالَ أَيُّوبُ أَوْ قَالَ حَظٌّ إِلَّا بَعْضَ مَنْ تَمْلِكُونَ مِنْ أَرِقَّائِكُمْ.

زہری نے حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے اور جو مال دیا غنیمت کا اللہ نے اپنے رسول کو تو اس پر تم نے اپنے گھوڑے اور اونٹ نہیں دوڑائے تھے" (۵۹:۶) کے بارے میں روایت کی ہے۔ زہری کا بیان ہے کہ حضرت عمر نے فرمایا یہ خاص رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لیے تھے عرینہ کے چند گاؤں یعنی فدک اور فلاں فلاں جنہیں بعض بستیوں والوں سے اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول کو مرحمت فرمایا پس وہ اللہ اس کے رسول، قرابت داروں، یتیموں، مسکینوں، مسافروں اور ان تنگ دستوں کے لیے جنہیں ان کے گھروں اور مالوں سے نکال دیا گیا اور ان لوگوں کے لیے جو دارالاسلام میں آ گئے ایمان لا کر ان سے پہلے اور جو ان کے بعد آئے (۵۹:۹) تو اس آیت نے تمام لوگوں کو اس مال میں شامل کر دیا اور مسلمانوں میں سے کوئی ایک بھی باقی نہ رہا مگر اس مال میں اس کا حق بنا دیا۔ ایوب نے کہا کہ ہر ایک کا حصہ ہے سوائے ان چند لوگوں کے جن کی گردنوں

۱۱۹۳ حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ نَا حَاتِمُ بْنُ إِسْمٰعِيلَ ح وَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ الْمَهْرِيُّ قَالَ أَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ أَخْبَرَنِي عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ ح وَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ قَالَ أَنَا صَفْوَانُ بْنُ عِيسٰى وَهٰذَا لَفْظُ حَدِيثِهِ كُلُّهُمْ عَنْ أُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ مَالِكِ بْنِ أَوْسِ بْنِ الْحَدَثَانِ قَالَ كَانَ فِيمَا احْتَجَّ بِهِ عُمَرُ أَنَّهُ قَالَ كَانَتْ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَلَاثُ صَفَايَا بَنُو النَّضِيرِ وَخَيْبَرُ وَفَدَكُ فَأَمَّا بَنُو النَّضِيرِ فَكَانَتْ حُبُسًا لِنَوَائِبِهِ وَأَمَّا فَدَكُ فَكَانَتْ حُبُسًا لِأَبْنَاءِ السَّبِيلِ وَأَمَّا خَيْبَرُ فَجَزَّأَهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَلَاثَةَ أَجْزَاءٍ جُزْأَيْنِ بَيْنَ الْمُسْلِمِينَ وَجُزْءًا لِنَفَقَةِ أَهْلِهِ

ہشام بن عمار، حاتم بن اسماعیل۔ سلیمان بن داؤد مہری ابن وہب، عبدالعزیز بن محمد نصر بن علی، صفوان بن عیسیٰ، اسامہ بن زید، زہری سے روایت ہے کہ حضرت مالک بن اوس بن حدثان رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ حضرت عمر نے اس بات پر حجت قائم کرتے ہوئے فرمایا تھا کہ تین مال خاص رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے نکلتے تھے یعنی بنو نضیر، خیبر اور فدک کے بچنا نچہ بنو نضیر کا مال تو خاص اپنی ضروریات کے لیے مخصوص فرمایا تھا۔ فدک کو مسافروں کے لئے مخصوص کر رکھا تھا اور خیبر کی آمدنی کو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے تین حصوں میں تقسیم فرمایا تھا۔ ایک حصہ مسلمانوں کے درمیان تقسیم کیا جاتا، دوسرا اپنے گھر والوں کے اخراجات پر اور جو اہل خانہ کے اخراجات سے بچتا تو وہ تیسرا حصہ ان مہاجرین کے لیے مخصوص فرما دیا تھا جو تنگ دست تھے۔

www.sirat-e-mustaqeem.com

فِيمَا فَضَلَ عَنْ نَفَقَةِ أَهْلِهِ جَعَلَهُ بَيْنَ فُقَرَاءِ الْمُهَاجِرِينَ.

۱۱۹۴۔ حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ خَالِدِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ ابْنِ مَوْهَبٍ الْهَمْدَانِيُّ نَا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ عَنْ عُقَيْلِ بْنِ خَالِدٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عُرْوَةَ ابْنِ الزُّبَيْرِ عَنْ عَائِشَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهَا أَخْبَرَتْهُ أَنَّ فَاطِمَةَ بِنْتَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَرْسَلَتْ إِلَى أَبِي بَكْرٍ الصِّدِّيقِ تَسْأَلُهُ مِيرَاثَهَا مِنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِمَّا أَفَاءَ اللَّهُ عَلَيْهِ بِالْمَدِينَةِ وَفَدَكٍ وَمَا بَقِيَ مِنْ خُمُسِ خَيْبَرَ فَقَالَ أَبُو بَكْرٍ إِنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا نُورَثُ مَا تَرَكْنَا صَدَقَةٌ إِنَّمَا يَأْكُلُ آلُ مُحَمَّدٍ مِنْ هَذَا الْمَالِ وَإِنِّي وَاللَّهِ لَا أُغَيِّرُ شَيْئًا مِنْ صَدَقَةِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ حَالِهَا الَّتِي كَانَتْ عَلَيْهَا فِي عَهْدِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَأَعْمَلَنَّ فِيهَا بِمَا عَمِلَ بِهِ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَبَى أَبُو بَكْرٍ أَنْ يَدْفَعَ إِلَى فَاطِمَةَ مِنْهَا شَيْئًا.

عروہ بن زبیر نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی زوجہ مطہرہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی لخت جگر حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے حضرت ابوبکر صدیق کے لیے پیغام بھیجا ان سے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی میراث کا مطالبہ کرتے ہوئے جو اللہ تعالیٰ نے حضور کو مدینہ منورہ اور فدک میں عطا فرمایا تھا اور جو خیبر کے خمس سے باقی تھا۔ حضرت ابوبکر نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ارشاد ہے "ہمارا کوئی وارث نہیں ہوتا ہم جو کچھ چھوڑیں وہ صدقہ ہے"۔ اس مال سے آل محمد کھاتے ہیں اور خدا کی قسم میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے صدقہ میں ذراسی تبدیلی بھی نہیں کروں گا اور اسی حال میں رکھوں گا جس حال میں وہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے عہد مبارک میں تھا اور میں اس میں عمل نہیں کروں گا مگر اسی طرح جیسے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کیا کرتے تھے۔ پس حضرت ابوبکر نے اس میں سے حضرت فاطمہ کو کچھ دینے سے بالکل انکار کر دیا۔

۱۱۹۵۔ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عُثْمَانَ الْحِمْصِيُّ نَا أَبِي نَا شُعَيْبُ ابْنُ أَبِي حَمْزَةَ عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ حَدَّثَنِي عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ أَنَّ عَائِشَةَ زَوْجَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَخْبَرَتْهُ بِهَذَا الْحَدِيثِ قَالَ وَفَاطِمَةُ حِينَئِذٍ تَطْلُبُ صَدَقَةَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الَّتِي بِالْمَدِينَةِ وَفَدَكٍ وَمَا بَقِيَ مِنْ خُمُسِ خَيْبَرَ قَالَتْ عَائِشَةُ فَقَالَ أَبُو بَكْرٍ إِنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا نُورَثُ مَا تَرَكْنَا صَدَقَةٌ وَإِنَّمَا يَأْكُلُ آلُ مُحَمَّدٍ فِي هَذَا الْمَالِ يَعْنِي مَالَ اللَّهِ لَيْسَ

عروہ بن زبیر نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی زوجۂ مطہرہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے اس حدیث کو روایت کرتے ہوئے فرمایا۔ حضرت فاطمہ اس وقت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اس صدقہ کا مطالبہ کر رہی تھیں جو مدینہ منورہ اور فدک میں تھا نیز جو خیبر کے خمس سے باقی تھا۔ حضرت عائشہ کا بیان ہے کہ حضرت ابوبکر نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ارشاد گرامی ہے۔ "ہمارا کوئی وارث نہیں ہوتا جو کچھ ہم چھوڑیں وہ صدقہ ہے"۔ اور آل محمد اسی مال سے کھاتے ہیں یعنی اللہ تعالیٰ کے مال سے لہٰذا کھانے پینے کے سوا ان کا اور کوئی حق نہیں ہے۔

كُلُّهُمْ أَنْ يَزِيدُوا عَلَى الْمَأْكَلِ.

١١٩٦ - حَدَّثَنَا حَجَّاجُ بْنُ أَبِي يَعْقُوبَ حَدَّثَنِي يَعْقُوبُ يَعْنِي ابْنَ إِبْرَاهِيمَ بْنِ سَعْدٍ حَدَّثَنِي أَبِي عَنْ صَالِحٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ أَخْبَرَنِي عُرْوَةُ أَنَّ عَائِشَةَ أَخْبَرَتْهُ بِهَذَا الْحَدِيثِ قَالَ فِيهِ فَأَبَى أَبُو بَكْرٍ عَلَيْهَا ذَلِكَ وَقَالَ لَسْتُ تَارِكًا شَيْئًا كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَعْمَلُ بِهِ إِلَّا عَمِلْتُ بِهِ إِنِّي أَخْشَى إِنْ تَرَكْتُ شَيْئًا مِنْ أَمْرِهِ أَنْ أَزِيغَ فَأَمَّا صَدَقَتُهُ بِالْمَدِينَةِ فَدَفَعَهَا عُمَرُ إِلَى عَلِيٍّ وَعَبَّاسٍ فَغَلَبَهُ عَلِيٌّ عَلَيْهَا وَأَمَّا خَيْبَرُ وَفَدَكُ فَأَمْسَكَهُمَا عُمَرُ وَقَالَ هُمَا صَدَقَةُ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَتَا لِحُقُوقِهِ الَّتِي تَعْرُوهُ وَنَوَائِبِهِ وَأَمْرُهُمَا إِلَى مَنْ وَلِيَ الْأَمْرَ قَالَ فَهُمَا عَلَى ذَلِكَ إِلَى الْيَوْمِ.

١١٩٧ - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدٍ نَا ابْنُ ثَوْرٍ عَنْ مَعْمَرٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ فِي قَوْلِهِ فَمَا أَوْجَفْتُمْ عَلَيْهِ مِنْ خَيْلٍ وَلَا رِكَابٍ قَالَ صَالَحَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَهْلَ فَدَكَ وَقُرًى قَدْ سَمَّاهَا لَا أَحْفَظُهَا وَهُوَ مُحَاصِرٌ قَوْمًا آخَرِينَ فَأَرْسَلُوا إِلَيْهِ بِالصُّلْحِ قَالَ فَمَا أَوْجَفْتُمْ عَلَيْهِ مِنْ خَيْلٍ وَلَا رِكَابٍ يَقُولُ بِغَيْرِ قِتَالٍ قَالَ الزُّهْرِيُّ وَكَانَتْ بَنُو النَّضِيرِ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَالِصًا لَمْ يَفْتَحُوهَا عَنْوَةً افْتَتَحُوهَا عَلَى صُلْحٍ فَقَسَمَهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَ الْمُهَاجِرِينَ لَمْ يُعْطِ الْأَنْصَارَ مِنْهَا شَيْئًا إِلَّا رَجُلَيْنِ كَانَتْ بِهِمَا حَاجَةٌ.

١١٩٨ - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ الْجَرَّاحِ نَا جَرِيرٌ عَنِ الْمُغِيرَةِ قَالَ جَمَعَ عُمَرُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ بَنِي مَرْوَانَ حِينَ اسْتُخْلِفَ فَقَالَ إِنَّ رَسُولَ

عروہ بن زبیر نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے اس حدیث کو روایت کرتے ہوئے اس میں کہا کہ حضرت ابوبکر نے اس بات کو ماننے سے انکار کر دیا اور فرمایا کہ میں کسی کام کو نہیں چھوڑوں گا جس کو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کیا کرتے تھے مگر اسی طرح کروں گا مجھے ڈر ہے کہ میں آپ کے کسی کام کو چھوڑ دوں تو گمراہ ہو جاؤں گا۔ پس جو صدقہ مدینہ منورہ میں تھا وہ حضرت عمر نے حضرت علی اور حضرت عباس کے سپرد کر دیا تھا تو حضرت علی اس پر قابض ہو گئے اور جو خیبر اور فدک میں مال تھا اسے حضرت عمر نے اپنے پاس رکھا کیونکہ وہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ایسا صدقہ تھا جو آپ کی ذاتی ضروریات میں کام آتا تھا لہٰذا ان کا معاملہ آپ کے جانشین سے وابستہ تھا۔ راوی کا بیان ہے کہ وہ دونوں اموال آج تک اسی حالت پر ہیں۔

زہری نے ارشاد باری تعالیٰ "تم نے اس پر گھوڑے اور اونٹ نہیں دوڑائے تھے" کے بارے میں فرمایا کہ وہ فدک اور دوسرے گاؤں والے تھے انہوں (زہری) نے اس گاؤں کا نام لیا تھا لیکن مجھے (معمر کو) یاد نہیں رہا جبکہ حضور دوسری قوم کا محاصرہ کئے ہوئے تھے تو ان لوگوں نے آپ کی خدمت میں صلح کا پیغام بھیجا۔ اسی لیے اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے "تم نے اس پر گھوڑے اور اونٹ نہیں دوڑائے" کہتے ہیں کہ بغیر لڑے ملا۔ زہری کا بیان ہے کہ بنو نضیر کا مال خالص نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہی کے لیے تھا جو لڑ کر نہیں بلکہ صلح کے ذریعے فتح کیا تھا۔ پس نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے وہ مہاجرین پر تقسیم فرمایا اور انصار کو اس میں سے کچھ بھی نہ دیا سوائے دو آدمیوں کے جو حاجتمند تھے۔

مغیرہ کا بیان ہے کہ عمر بن عبد العزیز نے بنی مروان کو جمع کیا جبکہ وہ خلیفہ بنائے گئے تھے اور فرمایا کہ فدک بیشک رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ملکیت تھا جس میں سے

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَتْ لَهُ فَدَكُ فَكَانَ يُنْفِقُ مِنْهَا وَيَعُودُ مِنْهَا عَلَى صَغِيرِ بَنِي هَاشِمٍ وَيُزَوِّجُ مِنْهَا أَيِّمَهُمْ وَأَنَّ فَاطِمَةَ سَأَلَتْهُ أَنْ يَجْعَلَهَا لَهَا فَأَبَى فَكَانَتْ كَذٰلِكَ فِي حَيٰوةِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى مَضٰى لِسَبِيلِهِ فَلَمَّا أَنْ وَلِيَ أَبُو بَكْرٍ عَمِلَ فِيهَا بِمَا عَمِلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي حَيٰوتِهِ حَتّٰى مَضٰى لِسَبِيلِهِ فَلَمَّا أَنْ وَلِيَ عُمَرُ عَمِلَ فِيهَا بِمِثْلِ مَا عَمِلَا حَتّٰى مَضٰى لِسَبِيلِهِ ثُمَّ أَقْطَعَهَا مَرْوَانُ ثُمَّ صَارَتْ لِعُمَرَ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ قَالَ عُمَرُ يَعْنِي ابْنَ عَبْدِ الْعَزِيزِ فَرَأَيْتُ أَمْرًا مَنَعَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاطِمَةَ لَيْسَ لِي بِحَقٍّ وَإِنِّي أُشْهِدُكُمْ أَنِّي قَدْ رَدَدْتُهَا عَلَى مَا كَانَتْ يَعْنِي عَلٰى عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔

خرچ کرتے اور اس میں سے بنی ہاشم کے بچوں کی خبر گیری اور ان کی بیوگان کے نکاح کیے جاتے۔ حضرت فاطمہ نے اس کے متعلق آپ سے سوال کیا تھا کہ انہیں دے دیا جائے تو آپ نے انکار فرما دیا تھا۔ چنانچہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی حیات مبارکہ میں وہ اسی طرح رہا یہاں تک کہ آپ کا وصال ہو گیا۔ جب حضرت ابوبکر خلیفہ ہوئے تو اسی طرح اسے صرف کیا جیسے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اپنی حیات مقدسہ میں کیا کرتے تھے۔ یہاں تک کہ ان کا وصال ہو گیا۔ جب حضرت عمر خلیفہ ہوئے تو اسے اسی طرح صرف کیا جیسے صرف کیا جاتا تھا یہاں تک کہ وفات پا گئے۔ پھر مروان نے اسے جاگیر بنا لیا جب معاملہ عمر بن عبد العزیز کے ہاتھوں میں آیا تو عمر بن عبد العزیز نے فرمایا کہ میں نے یہ بات دیکھی ہے جس کا نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت فاطمہ سے انکار کر دیا تھا تو میرا حق کہاں سے آیا؟ اور میں آپ حضرات کو گواہ بناتا ہوں کہ میں نے اسے اسی حالت پر لوٹا دیا ہے جس پر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے

١١٩٩۔ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ نَا مُحَمَّدُ بْنُ الْفُضَيْلِ عَنِ الْوَلِيدِ بْنِ جُمَيْعٍ عَنْ أَبِي الطُّفَيْلِ قَالَ جَاءَتْ فَاطِمَةُ إِلٰى أَبِي بَكْرٍ تَطْلُبُ مِيرَاثَهَا مِنَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فَقَالَ أَبُو بَكْرٍ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ إِنَّ اللّٰهَ إِذَا أَطْعَمَ نَبِيًّا طُعْمَةً فَهِيَ لِلَّذِي يَقُومُ مِنْ بَعْدِهِ۔

ولید بن جمیع سے روایت ہے کہ ابو الطفیل نے فرمایا۔ حضرت فاطمہ نے آ کر حضرت ابوبکر سے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی میراث کا مطالبہ کیا چنانچہ حضرت ابوبکر نے کہا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ اللہ تعالیٰ جب کسی نبی کو روزی عطا فرماتا ہے تو اس کے بعد وہ اس کے جانشین کے لیے ہوتی ہے۔

١٢٠٠۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ عَنْ مَالِكٍ عَنْ أَبِي الزِّنَادِ عَنِ الْأَعْرَجِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يَقْتَسِمُ وَرَثَتِي دِينَارًا مَا تَرَكْتُ بَعْدَ نَفَقَةِ نِسَائِي وَمَؤُنَةِ عَامِلِي فَهُوَ صَدَقَةٌ۔

اعرج نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ میرے وارث ایک بھی دینار تقسیم نہیں کریں گے کیونکہ جو کچھ میں اپنے بعد چھوڑوں وہ میری ازواج مطہرات کے خرچ اور میرے خلیفہ کی گزر اوقات سے جو بچے وہ صدقہ ہے۔

١٢٠١۔ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ مَرْزُوقٍ نَا شُعْبَةُ عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ عَنْ أَبِي الْبَخْتَرِيِّ قَالَ سَمِعْتُ

ابو البختری کا بیان ہے کہ میں نے ایک حدیث سنی جو مجھے بہت پسند آئی تو میں نے اس شخص سے کہا کہ مجھے لکھ دیجیے

www.sirat-e-mustaqeem.com

حَدِيثًا مِنْ رَجُلٍ فَأَعْجَبَنِي فَقُلْتُ اكْتُبْهُ لِي فَأَتَى بِهِ مَكْتُوبًا مُذَبَّرًا دَخَلَ الْعَبَّاسُ وَعَلِيٌّ عَلَى عُمَرَ وَعِنْدَهُ طَلْحَةُ وَالزُّبَيْرُ وَسَعْدٌ وَعَبْدُ الرَّحْمٰنِ وَهُمَا يَخْتَصِمَانِ فَقَالَ عُمَرُ لِطَلْحَةَ وَالزُّبَيْرِ وَعَبْدِ الرَّحْمٰنِ وَسَعْدٍ أَلَمْ تَعْلَمُوا أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ كُلُّ مَالِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَدَقَةٌ إِلَّا مَا أَطْعَمَهُ أَهْلَهُ وَكَسَاهُمْ إِنَّا لَا نُورَثُ قَالُوا بَلَى قَالَ فَكَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُنْفِقُ مِنْ مَالِهِ عَلَى أَهْلِهِ وَيَتَصَدَّقُ بِفَضْلِهِ ثُمَّ تُوُفِّيَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَوَلِيَهَا أَبُو بَكْرٍ سَنَتَيْنِ فَكَانَ يَصْنَعُ الَّذِي كَانَ يَصْنَعُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ ذَكَرَ شَيْئًا مِنْ حَدِيثِ مَالِكِ ابْنِ أَوْسٍ۔

وہ میرے پاس ایک تحریر لکھ کر لائے کہ حضرت عباس اور حضرت علی دونوں حضرت عمر کے پاس آئے اور ان کے پاس حضرت طلحہ حضرت زبیر حضرت سعد اور حضرت عبدالرحمٰن تھے ان دونوں حضرات میں جھگڑا تھا حضرت عمر نے حضرت طلحہ حضرت زبیر حضرت عبدالرحمٰن اور حضرت سعد سے کہا۔ کیا آپ حضرات کے علم میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ نبی کا تمام مال صدقہ ہوتا ہے مگر جو اس کے گھر والوں کے کھانے پہننے پر خرچ ہو کیونکہ ہمارا کوئی وارث نہیں ہوتا سب نے کہا کیوں نہیں۔ فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اپنے مال سے اپنے گھر والوں پر خرچ کرتے اور جو باقی بچتا اسے صدقہ کر دیتے پھر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے وفات پائی تو دو سال اس مال کے متولی حضرت ابوبکر رہے۔ وہ اسے اسی طرح خرچ کرتے رہے جیسے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کیا کرتے تھے پھر مالک بن اوس کی حدیث کا کچھ حصہ بیان کیا۔

۱۲۰۲۔ حَدَّثَنَا الْقَعْنَبِيُّ عَنْ مَالِكٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ أَنَّهَا قَالَتْ إِنَّ أَزْوَاجَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَ تُوُفِّيَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَرَدْنَ أَنْ يَبْعَثْنَ عُثْمَانَ بْنَ عَفَّانَ إِلَى أَبِي بَكْرٍ الصِّدِّيقِ فَيَسْأَلْنَهُ ثُمُنَهُنَّ مِنْ مِيرَاثِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ لَهُنَّ عَائِشَةُ أَلَيْسَ قَدْ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا نُورَثُ مَا تَرَكْنَا فَهُوَ صَدَقَةٌ۔

عروہ سے روایت ہے کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا۔ بیشک نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ازواج مطہرات نے جبکہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے وفات پائی تو ارادہ کیا کہ حضرت ابوبکر صدیق کی خدمت میں حضرت عثمان کو بھیجیں تاکہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی میراث سے آٹھویں حصے کا ان کے لیے سوال کریں حضرت عائشہ نے ان سے فرمایا کیا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے یہ نہیں فرمایا ہے کہ ہمارا کوئی وارث نہیں بلکہ جو ہم چھوڑ جائیں وہ صدقہ ہے؟

ف۔ جب حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنی صاحبزادی حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو بھی نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے دنیاوی اموال فدک و خیبر وغیرہ سے میراث نہ دی اور نہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی صاحبزادی حضرت حفصہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو۔ کیونکہ دنیاوی مال میں نبی کا کوئی وارث نہیں ہوتا بلکہ وہ حضرات جو کچھ چھوڑتے تھے وہ صدقہ ہوتا تھا۔ دریں حالات حضرت سیدہ فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو بطور میراث حصہ نہ دینا قابل اعتراض تو نہیں ہے ہاں جس جس طرح آمدنی سے انہیں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی حیات مبارکہ میں ملا کرتا تھا اسی طرح آپ کے بعد بھی ملتا رہا۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

www.sirat-e-mustaqeem.com

۱۲۰۳۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ فَارِسٍ نَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ حَمْزَةَ نَا حَاتِمٌ عَنْ أُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ بِإِسْنَادِهِ نَحْوَهُ قُلْتُ أَلَا تَتَّقِينَ اللَّهَ أَلَمْ تَسْمَعْنَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ لَا نُوْرَثُ مَا تَرَكْنَا فَهُوَ صَدَقَةٌ وَإِنَّمَا هَذَا الْمَالُ لِآلِ مُحَمَّدٍ لِنَائِبَتِهِمْ وَلِضَيْفِهِمْ وَإِذَا مِتُّ فَهُوَ إِلَى مَنْ وَلِيَ الْأَمْرَ مِنْ بَعْدِي۔

اسامہ بن زید نے ابن شہاب سے اپنی اسناد کے ساتھ اسی طرح روایت کی ہے میں (حضرت عائشہ) نے کہا کہ کیا آپ اللہ سے نہیں ڈرتیں؟ کیا آپ نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے نہیں سنا کہ ہمارا کوئی وارث نہیں ہوتا۔ ہم جو کچھ چھوڑیں وہ صدقہ ہے اور بیشک یہ مال آل محمد کی ضروریات اور ان کے مہمانوں کے لیے ہے۔ جب میں وفات پا جاؤں تو یہ اس کے پاس رہے گا جو میرے بعد خلیفہ مقرر ہو۔

بَابٌ ۹۵ فِي بَيَانِ مَوَاضِعِ قَسْمِ الْخُمُسِ وَسَهْمِ ذِي الْقُرْبَى۔

خمس کو کہاں تقسیم کیا جاتا تھا اور قرابت والوں کے حصے

۱۲۰۴۔ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ مَيْسَرَةَ نَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مَهْدِيٍّ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ ابْنِ الْمُبَارَكِ عَنْ يُونُسَ بْنِ يَزِيدَ عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ أَخْبَرَنِي سَعِيدُ بْنُ الْمُسَيَّبِ قَالَ أَخْبَرَنِي جُبَيْرُ بْنُ مُطْعِمٍ أَنَّهُ جَاءَ هُوَ وَعُثْمَانُ بْنُ عَفَّانَ يُكَلِّمَانِ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيمَا قَسَمَ مِنَ الْخُمُسِ بَيْنَ بَنِي هَاشِمٍ وَبَنِي الْمُطَّلِبِ فَقُلْتُ يَا رَسُولَ اللَّهِ قَسَمْتَ لِإِخْوَانِنَا بَنِي الْمُطَّلِبِ وَلَمْ تُعْطِنَا شَيْئًا وَقَرَابَتُنَا وَقَرَابَتُهُمْ مِنْكَ وَاحِدَةٌ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّمَا بَنُو هَاشِمٍ وَبَنُو الْمُطَّلِبِ شَيْءٌ وَاحِدٌ قَالَ جُبَيْرٌ وَلَمْ يَقْسِمْ لِبَنِي عَبْدِ شَمْسٍ وَلَا لِبَنِي نَوْفَلٍ مِنْ ذَلِكَ الْخُمُسِ كَمَا قَسَمَ لِبَنِي هَاشِمٍ وَعَبْدِ الْمُطَّلِبِ قَالَ وَكَانَ أَبُو بَكْرٍ يَقْسِمُ الْخُمُسَ نَحْوَ قَسْمِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غَيْرَ أَنَّهُ لَمْ يَكُنْ يُعْطِي قُرْبَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُعْطِيهِمْ قَالَ فَكَانَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ يُعْطِيهِمْ مِنْهُ وَعُثْمَانُ بَعْدَهُ۔

سعید بن مسیب نے حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ وہ اور حضرت عثمان دونوں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر عرض کرتے ہیں اس خمس کے متعلق جو بنی ہاشم اور بنی عبدالمطلب میں تقسیم کیا گیا تھا۔ میں عرض گزار ہوا کہ یا رسول اللہ! آپ نے بنی عبدالمطلب کے ہمارے بھائیوں میں مال تقسیم فرمایا اور ہمیں کچھ بھی نہ دیا جبکہ ہماری اور ان کی آپ سے قرابت ایک جیسی ہے چنانچہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بنو ہاشم اور بنو مطلب ایک ہیں حضرت جبیر عرض گزار ہوئے کہ آپ نے بنی عبد شمس اور بنی نوفل میں اس خمس میں سے تقسیم نہیں کیا جیسے بنی ہاشم اور بنی عبدالمطلب میں تقسیم فرمایا ہے؟ راوی کا بیان ہے کہ حضرت ابوبکر بھی خمس کو اسی طرح تقسیم کرتے جیسے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تقسیم فرمایا کرتے تھے سوائے اس کے کہ وہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے قرابت داروں کو نہیں دیا کرتے تھے جنہیں کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم عطا فرمایا کرتے تھے۔ راوی کا بیان ہے کہ حضرت عمر اس میں سے انہیں دیا کرتے اور ان کے بعد حضرت عثمان بھی۔

١٢٠٥۔ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ نَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ قَالَ اَخْبَرَنِي يُونُسُ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ قَالَ نَا جُبَيْرُ بْنُ مُطْعِمٍ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يَقْسِمْ لِبَنِي عَبْدِ شَمْسٍ وَلَا لِبَنِي نَوْفَلٍ مِنَ الْخُمُسِ شَيْئًا كَمَا قَسَمَ لِبَنِي هَاشِمٍ وَبَنِي الْمُطَّلِبِ قَالَ وَكَانَ اَبُو بَكْرٍ يَقْسِمُ الْخُمُسَ نَحْوَ قَسْمِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غَيْرَ اَنَّهُ لَمْ يَكُنْ يُعْطِي قُرْبَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَمَا كَانَ يُعْطِيهِمْ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَكَانَ عُمَرُ يُعْطِيهِمْ وَمَنْ كَانَ بَعْدَهُ مِنْهُ۔

سعید بن مسیب نے حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بنی عبد شمس اور بنی نوفل میں خمس سے کچھ بھی تقسیم نہ کرتے جیسے بنی ہاشم اور بنی مطلب میں تقسیم فرماتے۔ راوی کا بیان ہے کہ حضرت ابوبکر بھی اسی طرح تقسیم کرتے جیسے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تقسیم فرماتے تھے سوائے اس کے کہ یہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے قرابت داروں کو نہیں دیا کرتے تھے جیسے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم انہیں عطا فرمایا کرتے تھے اور حضرت عمر انہیں دیا کرتے تھے اور جو بھی ان کے بعد مقرر ہوئے۔

١٢٠٦۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا هُشَيْمٌ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحٰقَ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ قَالَ اَخْبَرَنِي جُبَيْرُ بْنُ مُطْعِمٍ قَالَ لَمَّا كَانَ يَوْمُ خَيْبَرَ وَضَعَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَهْمَ ذِي الْقُرْبَى فِي بَنِي هَاشِمٍ وَبَنِي الْمُطَّلِبِ وَتَرَكَ بَنِي نَوْفَلٍ وَبَنِي عَبْدِ شَمْسٍ فَانْطَلَقْتُ اَنَا وَعُثْمَانُ ابْنُ عَفَّانَ حَتَّى اَتَيْنَا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ هٰؤُلَاءِ بَنُو هَاشِمٍ لَا نُنْكِرُ فَضْلَهُمْ لِلْمَوْضِعِ الَّذِي وَضَعَكَ اللّٰهُ بِهِ مِنْهُمْ فَمَا بَالُ اِخْوَانِنَا بَنِي الْمُطَّلِبِ اَعْطَيْتَهُمْ وَتَرَكْتَنَا وَقَرَابَتُنَا وَاحِدَةٌ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَا وَبَنِي الْمُطَّلِبِ لَا نَفْتَرِقُ فِي جَاهِلِيَّةٍ وَلَا اِسْلَامٍ وَاِنَّمَا نَحْنُ وَهُمْ شَيْءٌ وَاحِدٌ وَشَبَّكَ بَيْنَ اَصَابِعِهِ عَلَيْهِ السَّلَامُ۔

سعید بن مسیب سے روایت ہے کہ حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ فتح خیبر کے روز رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ عنہ نے جب قرابت والوں کو حصے مرحمت فرمائے تو بنی ہاشم اور بنی مطلب کو دیئے اور بنی نوفل و بنی عبد شمس کو نظر انداز کر دیا۔ لیں میں اور حضرت عثمان دونوں نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر عرض گزار ہوئے۔ یا رسول اللہ! یہ ہمارے بھائی بنو ہاشم ہیں جن کی خداداد فضیلت کا ہمیں انکار نہیں لیکن ہمارے بھائی بنی مطلب کا کیا حال ہے جبکہ آپ نے انہیں مال عطا فرمایا اور ہمیں نہ دیا حالانکہ ہم سب کی قرابت ایک ہے تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں اور بنی مطلب ایک ہیں جو دور جاہلیت میں بھی جدا نہ ہوئے اور نہ دور اسلام میں اور بیشک ہم اور وہ ایک ہیں اور پھر اپنے ایک دست مبارک کی انگلیوں کو دوسرے کی انگلیوں میں ڈالا۔

١٢٠٧۔ حَدَّثَنَا حُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ الْعِجْلِيُّ نَا وَكِيعٌ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ صَالِحٍ عَنِ السُّدِّيِّ فِي ذِي الْقُرْبَى قَالَ هُمْ بَنُو عَبْدِ الْمُطَّلِبِ۔

حسن بن صالح نے سدی سے ذی القربیٰ کے بارے میں روایت کی ہے کہ اس سے بنو عبد المطلب مراد ہیں۔

١٢٠٨۔ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ نَا عَنْبَسَةُ

ابن شہاب نے یزید بن ہرمز سے روایت کی ہے کہ جب

أَنَا يُونُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ أَنَا يَزِيْدُ بْنُ هُرْمُزَ أَنَّ نَجْدَةَ الْحَرُوْرِيَّ حِيْنَ حَجَّ فِي فِتْنَةِ ابْنِ الزُّبَيْرِ أَرْسَلَ إِلَى ابْنِ عَبَّاسٍ يَسْأَلُهُ عَنْ سَهْمِ ذِي الْقُرْبَى وَيَقُوْلُ لِمَنْ تَرَاهُ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ لِقُرْبَى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَسَمَهُ لَهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَدْ كَانَ عُمَرُ عَرَضَ عَلَيْنَا مِنْ ذٰلِكَ عَرْضًا رَأَيْنَاهُ دُوْنَ حَقِّنَا فَرَدَدْنَاهُ عَلَيْهِ وَأَبَيْنَا أَنْ نَقْبَلَهُ۔

نجدہ حروری نے حج کیا جبکہ حضرت ابن زبیر کی شہادت ہوئی تو اس نے حضرت ابن عباس کے پاس ایک آدمی بھیجا ذی القربٰی کا حصہ دریافت کرنے کے لیے کہ آپ کے نزدیک وہ کون ہیں؟ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا کہ وہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے قرابت دار ہیں جنہیں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم حصہ مرحمت فرمایا کرتے تھے اور حضرت عمر ہمیں اس میں سے مال دینے لگے تھے جسے ہم نے اپنے حق سے کم شمار کیا تو ہم نے واپس کر دیا اور اسے قبول کرنے سے انکار کر دیا گیا۔

۱۳۶۹۔ حَدَّثَنَا عَبَّاسُ بْنُ عَبْدِ الْعَظِيْمِ نَا يَحْيَى بْنُ أَبِي بُكَيْرٍ نَا أَبُوْ جَعْفَرٍ الرَّازِيُّ عَنْ مُطَرِّفٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى قَالَ سَمِعْتُ عَلِيًّا يَقُوْلُ وَلَّانِي رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خُمُسَ الْخُمُسِ فَوَضَعْتُهُ مَوَاضِعَهُ حَيَاةَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَحَيَاةَ أَبِي بَكْرٍ وَحَيَاةَ عُمَرَ فَأُتِيَ بِمَالٍ فَدَعَانِي فَقَالَ خُذْهُ فَقُلْتُ لَا أُرِيْدُهُ فَقَالَ خُذْهُ فَأَنْتُمْ أَحَقُّ بِهِ قُلْتُ قَدِ اسْتَغْنَيْنَا عَنْهُ فَجَعَلَهُ فِي بَيْتِ الْمَالِ۔

عبد الرحمٰن بن ابو لیلیٰ کا بیان ہے کہ میں نے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مجھے خمس کے خمس کا متولی کیا تو میں اسے ان مقامات پر ہی خرچ کرتا رہا جہاں میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی حیات مبارکہ میں صرف کیا جاتا نیز حضرت ابوبکر اور حضرت عمر کے دورِ حیات میں صرف ہوتا تھا پس ان (حضرت عمر) کے پاس مال آیا تو انہوں نے مجھے بلا کر فرمایا کہ اسے لے لیجئے میں نے کہا میرا اسے لینے کا ارادہ نہیں۔ فرمایا کہ اسے لے لیجیے کیونکہ آپ اس کے زیادہ حقدار ہیں میں نے کہا کہ میں اس سے غنی ہو چکا ہوں پس انہوں نے وہ بیت المال میں جمع کروا دیا۔ ف،

ف۔ صحابۂ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین سارے ہی أَشِدَّاءُ عَلَى الْكُفَّارِ رُحَمَاءُ بَيْنَهُمْ۔ کی منہ بولتی ہوئی عدیم المثال تصویریں تھے۔ ان حضرات نے آپس میں مہربانی اور الفت کے جو مظاہرے پیش کئے انہیں پڑھ کر عقل دنگ رہ جاتی ہے خصوصاً خلفائے راشدین تو شمع رسالت کے ان بے مثال پروانوں میں اور بھی نرالے اور ممتاز تھے۔ جو ان حضرات کے درمیان مخالفت و نفرت بتائے وہ کلام الٰہی کی تکذیب کرتا اور خدائے علیم و خبیر کو بے خبر بتاتا ہے۔ ایسا کہنے والے دشمنان اسلام کی سازش کا شکار ہو کر مسلمانوں کو حقیقی اسلام اور صحابۂ کرام سے بدظن کرنے میں مصروف رہتے ہیں اللہ تعالیٰ ایسے لوگوں کو ہدایت دے اور مسلمانوں کو ان کے شر سے محفوظ و مامون رکھے، آمین۔

۱۳۷۰۔ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ نَا ابْنُ نُمَيْرٍ نَا هَاشِمُ بْنُ الْبَرِيْدِ نَا حُسَيْنُ بْنُ مَيْمُوْنٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى قَالَ سَمِعْتُ عَلِيًّا يَقُوْلُ اجْتَمَعْتُ أَنَا وَالْعَبَّاسُ وَفَاطِمَةُ وَزَيْدُ بْنُ حَارِثَةَ عِنْدَ

عبد اللہ بن عبد اللہ نے عبد الرحمٰن بن ابو لیلیٰ سے روایت کی ہے کہ میں نے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا میں حضرت عباس، فاطمہ اور حضرت زید بن حارثہ سارے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حضور جمع ہوئے۔ میں عرض گزار ہوا۔ یا رسول اللہ! اگر آپ کو مناسب نظر

www.sirat-e-mustaqeem.com

النبي صلى الله عليه وسلم فقلت يا رسول الله إن رأيت أن توليني حقنا من هذا الخمس في كتاب الله عز وجل فأقسمه حياتك كيلا ينازعني أحد بعدك قال ففعل ذلك قال فقسمته حياة رسول الله صلى الله عليه وسلم ثم ولانيه أبو بكر حتى إذا كانت آخر سنة من سني عمر فإنه أتاه مال كثير فعزل حقنا ثم أرسل إلي فقلت بنا عنه العام غنى وبالمسلمين إليه حاجة فاردده عليهم فرده عليهم ثم لم يدعني إليه أحد بعد عمر فلقيت العباس بعد ما خرجت من عند عمر فقال يا علي حرمتنا الغداة شيئا لا يرد علينا أبدا وكان رجلا داهيا۔

۲۱۱ - حدثنا أحمد بن صالح نا عنبسة نا يونس عن ابن شهاب قال أخبرني عبد الله بن الحارث بن نوفل الهاشمي أن عبد المطلب أخبره أن أباه ربيعة بن الحارث وعباس بن عبد المطلب قالا لعبد المطلب بن ربيعة وللفضل بن عباس ائتيا رسول الله صلى الله عليه وسلم فقولا له يا رسول الله قد بلغنا من السن ما ترى وأحببنا أن نتزوج وأنت يا رسول الله أبر الناس وأوصلهم وليس عند أبوينا ما يصدقان عنا فاستعملنا يا رسول الله على الصدقات فلنؤد إليك ما يؤدي العمال ولنصب ما كان فيها من مرفق قال فأتى إلينا علي بن أبي طالب ونحن على تلك الحال فقال لنا إن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال لا والله لا يستعمل أحدا منكم على الصدقة فقال له ربيعة هذا من

آئے تو اس خمس میں ہمارا جو حق اللہ کی کتاب کے مطابق ہے مجھے اس کا متولی بنا دیجیے تاکہ میں اسے آپ کی حیات مبارکہ میں تقسیم کروں اور کوئی مجھ سے آپ کے بعد جھگڑا نہ کرے۔ چنانچہ آپ نے ایسا ہی کر دیا تو میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی حیات مقدسہ میں اسے تقسیم کرتا رہا۔ پھر مجھے حضرت ابوبکر نے اس کا متولی بنا دیا، یہاں تک کہ جب حضرت عمر کی خلافت کا آخری سال آیا تو ان کے پاس بڑا مال آیا انہوں نے ہمارا حق علیحدہ کر کے مجھے بلوایا میں نے کہا کہ اس سال ہم مالدار ہیں جبکہ دوسرے مسلمانوں کو اس کی ضرورت ہے لہٰذا انہیں دے دیجیے۔ چنانچہ انہیں دے دیا گیا پھر حضرت عمر کے بعد ہمیں کسی نے نہ بلایا۔ حضرت عمر کے پاس آنے کے بعد میری حضرت عباس سے ملاقات ہوئی تو انہوں نے فرمایا۔ آپ نے آئندہ کے لیے ہمیں محروم کر دیا ہے اب کوئی ہمیں کبھی کچھ بھی نہیں دے گا اور وہ دور اندیش آدمی تھے۔

عبدالمطلب بن ربیعہ بن حارث سے روایت ہے کہ ان کے والد ماجد حضرت ربیعہ بن حارث اور حضرت عباس بن عبد المطلب نے عبد المطلب بن ربیعہ اور فضل بن عباس سے فرمایا کہ تم دونوں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر عرض کرو کہ یا رسول اللہ! ہم جوان ہو گئے ہیں جیسا کہ آپ ملاحظہ فرما رہے ہیں اور ہم چاہتے ہیں کہ ہمارا نکاح ہو جائے جبکہ یا رسول اللہ! آپ تمام لوگوں سے زیادہ نیکی کرنے والے اور صلہ رحمی کرنے والے ہیں اور ہم دونوں کے والدوں کے پاس ہم پر خرچ کرنے کی گنجائش نہیں ہے۔ لہٰذا یا رسول اللہ آپ ہمیں زکوٰۃ وصول کرنے پر عامل مقرر فرما دیں تاکہ دوسرے عمال کی طرح ہم بھی مال زکوٰۃ جمع کر کے آپ کی خدمت میں پیش کیا کریں اور حق محنت سے فائدہ اٹھائیں۔ راوی کا بیان ہے کہ جبکہ ہم اسی جگہ تھے تو حضرت علی ہمارے پاس تشریف لائے اور ہم سے فرمایا کہ خدا کی قسم رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم آپ میں سے کسی کو بھی زکوٰۃ کا عامل مقرر نہیں فرمائیں گے۔ حضرت ربیعہ نے ان سے کہا یہ آپ جلے دل سے کہہ رہے ہیں

أَمْرَكَ فَقَدْ بَلَغْتَ بِصِهْرِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمْ نَحْسُدْكَ إِلَيْهِ فَأَلْقَى عَلِيٌّ رِدَاءَهُ ثُمَّ اضْطَجَعَ عَلَيْهِ فَقَالَ أَنَا أَبُو حَسَنٍ الْقَرْمُ وَاللّٰهِ لَا أَرِيْمُ حَتّٰى يَرْجِعَ إِلَيْكُمَا ابْنَاكُمَا بِحَوْرِ مَا بَعَثْتُمَا بِهِ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ عَبْدُ الْمُطَّلِبِ فَانْطَلَقْتُ أَنَا وَالْفَضْلُ حَتّٰى نُوَافِقَ صَلٰوةَ الظُّهْرِ قَدْ قَامَتْ فَصَلَّيْنَا مَعَ النَّاسِ ثُمَّ أَسْرَعْتُ أَنَا وَالْفَضْلُ إِلَى بَابِ حُجْرَةِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يَوْمَئِذٍ عِنْدَ زَيْنَبَ بِنْتِ جَحْشٍ فَقُمْنَا عِنْدَ الْبَابِ حَتّٰى أَتَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَخَذَ بِأُذُنِي وَأُذُنِ الْفَضْلِ ثُمَّ قَالَ أَخْرِجَا مَا تُصَرِّرَانِ ثُمَّ دَخَلَ فَأَذِنَ لِي وَلِلْفَضْلِ فَدَخَلْنَا فَتَوَاكَلْنَا الْكَلَامَ قَلِيلًا ثُمَّ كَلَّمْتُهُ أَوْ كَلَّمَهُ الْفَضْلُ قَدْ شَكَّ فِي ذٰلِكَ عَبْدُ اللّٰهِ قَالَ كَلَّمَهُ بِالَّذِي أَمَرَنَا بِهِ أَبَوَانَا فَسَكَتَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَاعَةً وَرَفَعَ بَصَرَهُ قِبَلَ سَقْفِ الْبَيْتِ حَتّٰى طَالَ عَلَيْنَا أَنَّهُ لَا يَرْجِعُ إِلَيْنَا شَيْئًا حَتّٰى رَأَيْنَا زَيْنَبَ تُلْمِعُ مِنْ وَرَاءِ الْحِجَابِ بِيَدِهَا تُرِيْدُ أَنْ لَا تَعْجَلَا وَأَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي أَمْرِنَا ثُمَّ خَفَضَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَأْسَهُ فَقَالَ لَنَا إِنَّ هٰذِهِ الصَّدَقَةَ إِنَّمَا هِيَ أَوْسَاخُ النَّاسِ وَإِنَّهَا لَا تَحِلُّ لِمُحَمَّدٍ وَلَا لِآلِ مُحَمَّدٍ اُدْعُوا لِي نَوْفَلَ بْنَ الْحَارِثِ فَدُعِيَ لَهُ نَوْفَلُ بْنُ الْحَارِثِ فَقَالَ يَا نَوْفَلُ أَنْكِحْ عَبْدَ الْمُطَّلِبِ فَأَنْكَحَنِي نَوْفَلٌ ثُمَّ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُدْعُوا لِي مَحْمِيَةَ بْنَ جَزْءٍ وَهُوَ رَجُلٌ مِنْ بَنِي زُبَيْدٍ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ

حالانکہ جب آپ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے داماد بنے ہم نے تب بھی حسد نہ کیا پس حضرت علی نے اپنی چادر بچھائی اور اس پر لیٹتے ہوئے فرمایا۔ میں ابوالحسن ہوں، خدا کی قسم میں اس وقت تک یہیں رہوں گا جب تک آپ کے صاحبزادے اس کام سے ناامید ہو کر واپس نہ آجائیں جس کے لیے آپ انہیں نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں بھیج رہے ہیں۔ عبدالمطلب کا بیان ہے کہ میں اور فضل چلے گئے یہاں تک کہ نماز ظہر کی اقامت ہو رہی تھی تو ہم نے لوگوں کے ساتھ نماز پڑھی پھر میں اور فضل جلدی سے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حجرے کے دروازے پر پہنچے جبکہ آپ اس روز حضرت زینب بنت جحش کے پاس تھے۔ پس ہم دروازے کے پاس کھڑے رہے یہاں تک کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تشریف لے آئے تو میرا اور فضل کا کان پکڑ کر فرمایا جو تمہارے دلوں میں ہے اسے باہر نکال دو۔ پھر آپ اندر تشریف لے گئے تو مجھے اور فضل کو اجازت مرحمت فرمائی۔ پس ہم اندر داخل ہوگئے ہم کچھ دیر ایک دوسرے سے عرض کرنے کے لیے کہتے رہے پھر میں عرض گزار ہوا یا فضل اس میں عبداللہ راوی کو شک ہے۔ چنانچہ جو ہمارے والدوں نے فرمایا تھا ہم نے وہ بات عرض کردی چنانچہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کچھ دیر خاموش رہے اور چھت کی طرف دیکھا کیے۔ کافی دیر ہوگئی تو گمان گزرا کہ آپ ہمیں کوئی خاطر خواہ جواب مرحمت نہیں فرمائیں گے۔ حضرت زینب نے پردے کے پیچھے سے ہمیں ہاتھ کا اشارہ کیا کہ عجلت سے کام نہ لینا کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تمہارے معاملے میں غور فرما رہے ہیں پھر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے نیچے توجہ فرمائی اور ارشاد ہوا کہ مال زکوٰۃ لوگوں کا میل کچیل ہے جو محمد اور آل محمد کے لیے حلال نہیں ہے پھر فرمایا کہ نوفل بن حارث کو میرے پاس بُلا کر لاؤ چنانچہ حضرت نوفل بن حارث کو بلایا گیا۔ فرمایا اے نوفل عبدالمطلب کا نکاح کر دو چنانچہ حضرت نوفل نے میرا نکاح کر دیا۔

سَلَّمَ اسْتَعْمَلَهُ عَلَى الْأَخْمَاسِ فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِمَحْمِيَةَ أَنْكِحِ الْفَضْلَ فَأَنْكَحَهُ ثُمَّ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قُمْ فَأَصْدِقْ عَنْهُمَا مِنَ الْخُمُسِ كَذَا وَكَذَا لَمْ يُسَمِّهِ لِي عَبْدُ اللهِ بْنُ الْحَارِثِ۔

پھر نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ میرے پاس محمیہ بن جزء کو بلا کر لاؤ وہ بنی زبید کے ایک فرد تھے اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے انہیں خمس کا عامل بنایا تھا۔ پس رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت محمیہ سے فرمایا کہ فضل کا نکاح کر دو۔ تو انہوں نے ان کا نکاح کر دیا پھر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے (حضرت محمیہ سے) فرمایا۔ کھڑے ہو جاؤ اور خمس سے انہیں اتنا اور اتنا مال دے دو۔ راوی کا بیان ہے کہ عبداللہ بن حارث نے مجھ سے مقدار بیان نہیں کی۔

۱۲۱۲۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ نَا عَنْبَسَةُ بْنُ خَالِدٍ نَا يُونُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ أَخْبَرَنِي عَلِيُّ بْنُ حُسَيْنٍ أَنَّ حُسَيْنَ بْنَ عَلِيٍّ أَخْبَرَهُ أَنَّ عَلِيَّ بْنَ أَبِي طَالِبٍ قَالَ كَانَتْ لِي شَارِفٌ مِنْ نَصِيبِي مِنَ الْمَغْنَمِ يَوْمَ بَدْرٍ وَكَانَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَعْطَانِي شَارِفًا مِنَ الْخُمُسِ يَوْمَئِذٍ فَلَمَّا أَرَدْتُ أَنْ أَبْتَنِيَ بِفَاطِمَةَ بِنْتِ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاعَدْتُ رَجُلًا صَوَّاغًا مِنْ بَنِي قَيْنُقَاعَ أَنْ يَرْتَحِلَ مَعِي فَنَأْتِيَ بِإِذْخِرٍ أَرَدْتُ أَنْ أَبِيعَهُ مِنَ الصَّوَّاغِينَ فَأَسْتَعِينَ بِهِ فِي وَلِيمَةِ عُرْسِي فَبَيْنَا أَنَا أَجْمَعُ لِشَارِفَيَّ مَتَاعًا مِنَ الْأَقْتَابِ وَالْغَرَائِرِ وَالْحِبَالِ وَشَارِفَايَ مُنَاخَتَانِ إِلَى جَنْبِ حُجْرَةِ رَجُلٍ مِنَ الْأَنْصَارِ أَقْبَلْتُ حِينَ جَمَعْتُ مَا جَمَعْتُ فَإِذَا بِشَارِفَيَّ قَدِ اجْتُبَّتْ أَسْنِمَتُهُمَا وَبُقِرَتْ خَوَاصِرُهُمَا وَأُخِذَ مِنْ أَكْبَادِهِمَا فَلَمْ أَمْلِكْ عَيْنَيَّ حِينَ رَأَيْتُ ذَلِكَ الْمَنْظَرَ فَقُلْتُ مَنْ فَعَلَ هَذَا قَالُوا فَعَلَهُ حَمْزَةُ بْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ وَهُوَ فِي هَذَا الْبَيْتِ فِي شَرْبٍ مِنَ الْأَنْصَارِ غَنَّتْهُ قَيْنَةٌ وَأَصْحَابَهُ فَقَالَتْ فِي غِنَائِهَا أَلَا يَا حَمْزَ لِلشُّرُفِ النِّوَاءِ ۔ فَوَثَبَ إِلَى السَّيْفِ

حسین بن علی سے روایت ہے کہ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ غزوہ بدر کے مال غنیمت سے میرے حصے میں ایک عمر رسیدہ اونٹنی آئی اور ایک عمر رسیدہ اونٹنی مجھے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے خمس سے عطا فرمائی تھی جب میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی صاحبزادی حضرت فاطمہ کے ساتھ رات گزارنے کا ارادہ کیا تو میں نے بنی قینقاع کے ایک سنار کو تیار کیا تا کہ وہ میرے ساتھ جائے اور ہم اذخر لائیں اور اسے سناروں کے ہاتھوں بیچ کر دعوت ولیمہ کا انتظام کریں اسی دوران کہ میں اپنی اونٹنیوں کے لیے پالان، ٹوکرے اور رسیوں وغیرہ کا بندوبست کر رہا تھا اور میری اونٹنیاں ایک انصاری کے گھر کے ایک گوشے میں تھیں جب میں سامان جمع کر کے آیا تو دیکھا کہ میری اونٹنیوں کے کوہان کٹے ہوئے ہیں، کمریں پھٹی ہوئی ہیں اور ان کی کلیجیاں نکال لی گئی ہیں۔ یہ منظر دیکھ کر میں اپنی آنکھوں کو قابو میں نہ رکھ سکا۔ میں نے کہا کہ یہ کس نے کیا ہے؟ لوگوں نے کہا کہ حضرت حمزہ بن عبدالمطلب نے جو اس گھر میں انصار کے ساتھ شراب پی رہے ہیں۔ ایک رقاصہ اس ٹولی کو گانا سنا رہی تھی کہ اے حمزہ! اونٹنیوں پر چھری رکھ دے۔ چنانچہ انہوں نے تلوار پکڑی، ان کے کوہانوں کو کاٹا، کمروں کو چیرا اور ان کے کلیجے نکال لیے۔ حضرت علی کا بیان ہے کہ میں گیا یہاں تک کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو گیا اور حضرت زید

فَاجْتَبَّ أَسْنِمَتَهُمَا وَبَقَرَ خَوَاصِرَهُمَا فَأَخَذَ مِنْ أَكْبَادِهِمَا قَالَ عَلِيٌّ فَانْطَلَقْتُ حَتَّى أَدْخُلَ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعِنْدَهُ زَيْدُ بْنُ حَارِثَةَ قَالَ فَعَرَفَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الَّذِي لَقِيتُ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا لَكَ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ مَا رَأَيْتُ كَالْيَوْمِ عَدَا حَمْزَةُ عَلَى نَاقَتَيَّ فَاجْتَبَّ أَسْنِمَتَهُمَا وَبَقَرَ خَوَاصِرَهُمَا وَهَا هُوَ ذَا فِي بَيْتٍ مَعَهُ شَرْبٌ فَدَعَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِرِدَائِهِ فَارْتَدَى بِهِ ثُمَّ انْطَلَقَ يَمْشِي وَاتَّبَعْتُهُ أَنَا وَزَيْدُ بْنُ حَارِثَةَ حَتَّى جَاءَ الْبَيْتَ الَّذِي فِيهِ حَمْزَةُ فَاسْتَأْذَنَ فَأَذِنَ لَهُ فَإِذَا هُمْ شَرْبٌ فَطَفِقَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَلُومُ حَمْزَةَ فِيمَا فَعَلَ فَإِذَا حَمْزَةُ ثَمِلٌ مُحْمَرَّةٌ عَيْنَاهُ فَنَظَرَ حَمْزَةُ إِلَى رُكْبَتَيْهِ ثُمَّ صَعَّدَ النَّظَرَ فَنَظَرَ إِلَى سُرَّتِهِ ثُمَّ صَعَّدَ النَّظَرَ فَنَظَرَ إِلَى وَجْهِهِ ثُمَّ قَالَ حَمْزَةُ وَهَلْ أَنْتُمْ إِلَّا عَبِيدٌ لِأَبِي فَعَرَفَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ ثَمِلٌ فَنَكَصَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى عَقِبَيْهِ الْقَهْقَرَى فَخَرَجَ وَخَرَجْنَا مَعَهُ۔

بن حارثہ وہاں موجود تھے۔ ان کا بیان ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے میری پریشانی کو پہچان لیا اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ تمہیں کیا ہو گیا ہے؟ میں عرض گزار ہوا کہ یا رسول اللہ! میں نے آج جیسا دن نہیں دیکھا کیونکہ حضرت حمزہ نے میری اونٹنیوں پر ظلم کیا، ان کے کوہان کاٹ ڈالے اور پیٹ پھاڑ دیئے وہ اس گھر میں شرابیوں کے ساتھ ہیں پس رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنی چادر منگوائی اور اسے لے کر چل دیئے میں اور حضرت زید بن حارثہ بھی پیچھے پیچھے چل دیئے۔ یہاں تک کہ اس گھر میں پہنچ گئے جس میں حضرت حمزہ تھے۔ اجازت مانگی تو آپ کو اجازت مل گئی وہاں شرابی ہی بیٹھے تھے پس رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم حضرت حمزہ کو ان کے فعل پر ملامت کرنے لگے جبکہ حضرت حمزہ کی نشے میں آنکھیں سرخ تھیں۔ حضرت حمزہ نے نگاہیں اٹھا کر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی جانب دیکھا پھر نگاہیں اسا اوپر کر لیں پھر آپ کے گھٹنوں کو دیکھنے لگے پھر نگاہیں اوپر کر لیں پھر آپ کی ناف کو دیکھا پھر نگاہیں اٹھا کر آپ کے چہرۂ انور کو دیکھا پھر حضرت حمزہ نے کہا: آپ میرے والد ماجد کے غلام معلوم ہوتے ہیں۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جان گئے کہ وہ نشے میں چور ہیں۔ پس رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اپنے ان قدموں پر ہی واپس لوٹے۔ آپ باہر نکلے تو ہم بھی آپ کے ساتھ باہر نکل آئے۔

ف حضرت حمزہ اور ان کے ساتھی دیگر صحابۂ کرام کے شراب پینے کا یہ واقعہ سنہ ۲ھ کا ہے کیونکہ حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہجرت کے دوسرے سال ماہ صفر، رجب، رمضان یا ذوالحجہ میں نکاح ہوا تھا جیسا کہ مہینے کے متعلق اختلاف روایات ہے جبکہ مشہور قول کے مطابق شراب کی حرمت کا حکم ۳ھ میں نازل ہوا تھا۔ چنانچہ پہلے فرمایا گیا:۔

يَسْئَلُونَكَ عَنِ الْخَمْرِ وَالْمَيْسِرِ قُلْ فِيهِمَا إِثْمٌ كَبِيرٌ وَّمَنَافِعُ لِلنَّاسِ وَإِثْمُهُمَا أَكْبَرُ مِنْ نَّفْعِهِمَا ط (۲:۲۱۹)

تم سے شراب اور جوئے کا حکم پوچھتے ہیں۔ تم فرماؤ کہ ان دونوں میں بڑا ہی گناہ ہے اور لوگوں کے لئے کچھ دنیاوی نفع بھی اور ان کا گناہ ان کے نفع سے بڑا ہے۔

اس آیت میں شراب اور جوئے کی مضرت سے آگاہ کیا گیا تھا تاکہ لوگ چھوڑنے کے لئے آمادہ ہو جائیں لیکن جس حکم پر شراب

مدینہ طیبہ کی گلیوں میں بہا دی گئی اور شمع رسالت کے پروانوں نے ام الخبائث کو منہ سے لگانا ہمیشہ کے لئے بند کر دیا تھا۔ وہ حکم یوں دیا گیا تھا۔

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اِنَّمَا الْخَمْرُ وَالْمَيْسِرُ وَالْاَنْصَابُ وَالْاَزْلَامُ رِجْسٌ مِّنْ عَمَلِ الشَّيْطٰنِ فَاجْتَنِبُوْهُ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ○ اِنَّمَا الشَّيْطٰنُ اَنْ يُّوْقِعَ بَيْنَكُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَآءَ فِي الْخَمْرِ وَالْمَيْسِرِ وَيَصُدَّكُمْ عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ وَعَنِ الصَّلٰوةِ فَهَلْ اَنْتُمْ مُّنْتَهُوْنَ ○

اے ایمان والو! شراب اور جوا اور بت اور پانسے ناپاک ہی ہیں شیطانی کام تم ان سے بچتے رہنا کہ تم فلاح پاؤ۔ شیطان یہی چاہتا ہے کہ تم میں دشمنی اور بغض وعناد ڈلوا دے شراب اور جوئے میں اور تمہیں اللہ کی یاد اور نماز سے روکے تو کیا تم باز آجانے والے ہو۔

(۵: ۹۰، ۹۱)

اب جو لوگ صحابۂ کرام کے شراب پینے کے واقعات سے اپنی شراب نوشی پر استدلال کریں یا ان بزرگوں پر زبان طعن دراز کریں تو ایسا کرنا اپنی جہالت کا ثبوت دینا اور شمع رسالت کے عدیم النظیر پروانوں سے عداوت رکھنے کی بیماری ہوگی جس سے بسا اوقات ایمان کی موت واقع ہو جاتی ہے وہ امت محمدیہ کے محسن اور قصر ملت کی بنیادیں ہیں جن کے احسان سے ہم سعی بسیار کے باوجود بھی سبک دوش نہیں ہو سکتے۔ اللہ تعالیٰ ہمیں ان بزرگوں کی غلامی میں ثابت قدم رکھے اور اپنے ان پیاروں کے قدموں میں ہمارا حشر ونشر فرمائے۔ آمین۔

۱۲۱۳۔ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ نَا عَبْدُ اللّٰهِ ابْنُ وَهْبٍ حَدَّثَنِيْ عَيَّاشُ بْنُ عُقْبَةَ الْحَضْرَمِيُّ عَنِ الْفَضْلِ بْنِ الْحَسَنِ الضَّمْرِيِّ اَنَّ اُمَّ الْحَكَمِ اَوْ ضُبَاعَةَ ابْنَتَيِ الزُّبَيْرِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ حَدَّثَهُ عَنْ اِحْدٰىهُمَا اَنَّهَا قَالَتْ اَصَابَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَبْيًا فَذَهَبْتُ اَنَا وَاُخْتِيْ وَفَاطِمَةُ بِنْتُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَشَكَوْنَا اِلَيْهِ مَا نَحْنُ فِيْهِ وَسَاَلْنَاهُ اَنْ يَّاْمُرَ لَنَا بِشَيْءٍ مِّنَ السَّبْيِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَبَقَكُنَّ يَتَامٰى بَدْرٍ وَلٰكِنْ سَاَدُلُّكُنَّ عَلٰى مَا هُوَ خَيْرٌ لَّكُنَّ مِنْ ذٰلِكَ تُكَبِّرْنَ اللّٰهَ عَلٰى اِثْرِ كُلِّ صَلٰوةٍ ثَلَاثًا وَّثَلَاثِيْنَ تَكْبِيْرَةً وَّثَلَاثًا وَّثَلَاثِيْنَ تَسْبِيْحَةً وَّثَلَاثًا وَّثَلَاثِيْنَ تَحْمِيْدَةً وَّلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ قَالَ عَيَّاشٌ وَهُمَا ابْنَتَا عَمِّ النَّبِيِّ صَلَّى ..

فضل بن حسن ضمری سے روایت ہے کہ زبیر بن عبد المطلب کی صاحبزادیوں حضرت ام الحکم یا حضرت ضباعہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما میں سے کسی ایک نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پاس قیدی آئے پس میں، میری بہن اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی صاحبزادی حضرت فاطمہ آپ کی خدمت میں حاضر ہوئیں۔ اپنی حالت کی آپ سے شکایت کی اور آپ سے سوال کیا کہ کسی قیدی کا ہمارے لیے بھی حکم فرما دیا جائے۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ غزوۂ بدر کے باعث یتیم ہونے والی لڑکیاں زیادہ مستحق ہیں لیکن میں تمہیں ایسی بات بتاتا ہوں جو تمہارے لیے اس سے بہتر ہے یعنی ہر فرض نماز کے بعد تینتیس بار اللہ اکبر کہنا تینتیس بار سبحان اللہ تینتیس بار الحمد للہ اور پھر کہنا۔ نہیں ہے کوئی معبود مگر اللہ وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں۔ اسی کی بادشاہی ہے اور اسی کے لیے سب تعریفیں ہیں اور وہ ہر چیز پر قادر ہے عیاش کا بیان ہے کہ وہ دونوں نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے چچا کی بیٹیاں تھیں۔

www.sirat-e-mustaqeem.com

ف۔ امیر اور دولت مند پہلے لونڈی غلاموں سے خدمت لیا کرتے تھے اور اب نوکر چاکروں سے۔ لیکن غریب اس وقت بھی اس سہولت سے محروم تھے اور آج بھی محبت دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی امت کے غریبوں کو جو نسخہ نمازوں کے بعد مذکورہ عمل بتایا وہ امیروں کے لونڈی غلاموں اور نوکر چاکروں سے بوجوہ بہتر ہے۔ نوکر چاکروں کے ذریعے جسموں کو ضرور آرام پہنچتا ہے لیکن غریبوں کو وہ چیز بتائی گئی جس میں دلوں کا چین اور اطمینان ہے جیسا کہ کلام الٰہی میں ہے۔

اَلَا بِذِكْرِ اللّٰهِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ ؕ — سن لو اللہ کی یاد ہی میں دلوں کا اطمینان ہے۔

(۱۳ : ۲۸)

دوسرے نوکر چاکروں کا فائدہ صرف دنیا وی اور چند روزہ زندگی سے وابستہ ہے لیکن ذکر الٰہی کا فائدہ دنیا میں بھی ہوتا ہے اور ابدی و دائمی زندگی میں بھی۔ دانش مند وہ ہے جو عارضی اور مستقل فائدوں کے فرق کو پہچان کر ان فائدوں کو حاصل کرنے میں بساط بھر کوشاں رہے جو اصلی اور دائمی زندگی میں حاصل ہو سکتے ہیں اور چند روزہ زندگی کے راحت و آرام کے ابدی راحت و آرام کو قربان کرنے کی غلطی نہ کرے۔ اگلی حدیث کے اندر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی جگر گوشہ سیدہ فاطمہ زہرا رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے اس تسبیح کے متعلق فرمایا۔ فَہُوَ خَیْرٌ لَّکِ مِنْ خَادِمٍ۔ اس ارشاد گرامی میں مذکورہ معانی کا سمندر ٹھاٹھیں مار رہا ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

۱۲۱۴۔ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ خَلَفٍ نَا عَبْدُ الْأَعْلَى عَنْ سَعِيدٍ يَعْنِي الْجُرَيْرِيَّ عَنْ أَبِي الْوَرْدِ عَنِ ابْنِ أَعْبُدَ قَالَ قَالَ لِي عَلِيٌّ أَلَا أُحَدِّثُكَ عَنِّي وَعَنْ فَاطِمَةَ بِنْتِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَكَانَتْ مِنْ أَحَبِّ أَهْلِهِ إِلَيْهِ قُلْتُ بَلَى قَالَ إِنَّهَا جَرَّتْ بِالرَّحَى حَتَّى أَثَّرَ فِي يَدِهَا وَاسْتَقَتْ بِالْقِرْبَةِ حَتَّى أَثَّرَ فِي نَحْرِهَا وَكَنَسَتِ الْبَيْتَ حَتَّى اغْبَرَّتْ ثِيَابُهَا فَأَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَدَمٌ فَقُلْتُ لَوْ أَتَيْتِ أَبَاكِ فَسَأَلْتِيهِ خَادِمًا فَأَتَتْهُ فَوَجَدَتْ عِنْدَهُ حُدَّاثًا فَرَجَعَتْ فَأَتَاهَا مِنَ الْغَدِ فَقَالَ مَا كَانَ حَاجَتُكِ فَسَكَتَتْ فَقُلْتُ أَنَا أُحَدِّثُكَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ جَرَّتْ بِالرَّحَى حَتَّى أَثَّرَتْ فِي يَدِهَا وَحَمَلَتْ بِالْقِرْبَةِ حَتَّى أَثَّرَتْ فِي نَحْرِهَا فَلَمَّا أَنْ جَاءَكَ الْخَدَمُ أَمَرْتُهَا أَنْ تَأْتِيَكَ فَتَسْتَخْدِمَكَ خَادِمًا يَقِيهَا حَرَّ مَا هِيَ فِيهِ قَالَ اتَّقِي اللّٰهَ يَا فَاطِمَةُ وَأَدِّي فَرِيضَةَ

ابن اعبد کا بیان ہے کہ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے مجھ سے فرمایا۔ کیا میں تم سے اپنا اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی صاحبزادی فاطمہ کا ایک واقعہ بیان نہ کروں اور وہ آپ کو اپنے گھر والوں میں سب سے عزیز تھیں۔ میں عرض گزار ہوا کہ کیوں نہیں؟ فرمایا کہ وہ چکی پیستی تھیں جس کے باعث ان کے ہاتھ میں نشان پڑ گیا تھا، مشک سے پانی بھرنے کے باعث ان کے سینے میں درد ہونے لگا تھا اور جھاڑو دینے کے سبب ان کے کپڑے گرد آلود ہو جاتے تھے۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں خدام آئے تو میں نے کہا کہ اپنے والد محترم سے خادم کا سوال کرو۔ وہ حاضر ہوئیں تو آپ کے پاس آدمیوں کو دیکھ کر واپس لوٹ آئیں۔ اگلے روز حاضر ہوئیں تو آپ نے فرمایا۔ تمہیں کیا کام تھا وہ خاموش ہو گئیں تو میں عرض گزار ہوا۔ یا رسول اللہ! میں وجہ بیان کرتا ہوں کہ چکی پیسنے کے باعث ان کے ہاتھ میں نشان پڑ گیا ہے، مشک اٹھانے کی وجہ سے ان کے سینے میں درد ہونے لگا ہے۔ اب جبکہ آپ کے پاس خدام آئے ہیں تو میں نے ان سے آپ کی خدمت میں حاضر ہو کر خادم مانگنے کے لیے کہا جو انہیں اس محنت سے بچائے

www.sirat-e-mustaqeem.com

رَبِّكِ وَاعْمَلِي عَمَلَ أَهْلِكِ فَإِذَا أَخَذْتِ مَضْجَعَكِ فَسَبِّحِي ثَلَاثًا وَثَلَاثِينَ وَاحْمَدِي ثَلَاثًا وَثَلَاثِينَ وَكَبِّرِي أَرْبَعًا وَثَلَاثِينَ فَتِلْكَ مِائَةٌ فَهِيَ خَيْرٌ لَكِ مِنْ خَادِمٍ قَالَتْ رَضِيتُ عَنِ اللهِ وَعَنْ رَسُولِهِ۔

فرمایا اے فاطمہ! اللہ سے ڈرو، اپنے رب کے احکام بجالاؤ اور اپنے گھر کا کام کاج خود کرو۔ جب تم اپنے بستر پر لیٹنے لگو تو ۳۳ مرتبہ سبحان اللہ، ۳۳ مرتبہ الحمد للہ اور ۳۴ مرتبہ اللہ اکبر کہو، یہ سو ہو گئے یہ جو تمہارے لیے خادم سے بہتر ہیں وہ عرض گزار ہوئیں۔ میں اللہ سے راضی ہوں اور اس کے رسول سے۔

۱۲۱۵۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَرْوَزِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ أَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عَلِيِّ بْنِ حُسَيْنٍ بِهَذِهِ الْقِصَّةِ قَالَ وَلَمْ يُخْدِمْهَا۔

زہری نے علی بن حسین (امام زین العابدین) سے اس واقعے کو روایت کرتے ہوئے فرمایا کہ آپ نے انہیں (حضرت فاطمہ کو) خادم نہ دیا۔

۱۲۱۶۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِيسَى نَا عَنْبَسَةُ بْنُ عَبْدِ الْوَاحِدِ الْقُرَشِيُّ قَالَ أَبُو جَعْفَرٍ يَعْنِي ابْنَ عِيسَى كُنَّا نَقُولُ إِنَّهُ مِنَ الْأَبْدَالِ قَبْلَ أَنْ نَسْمَعَ أَنَّ الْأَبْدَالَ مِنَ الْمَوَالِي قَالَ حَدَّثَنِي الدُّخَيْلُ بْنُ إِيَاسِ بْنِ نُوحِ بْنِ مُجَّاعَةَ عَنْ هِلَالِ بْنِ سِرَاجِ بْنِ مُجَّاعَةَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ مُجَّاعَةَ أَنَّهُ أَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَطْلُبُ دِيَةَ أَخِيهِ قَتَلَتْهُ بَنُو سَدُوسٍ مِنْ بَنِي ذُهْلٍ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْ كُنْتُ جَاعِلًا لِمُشْرِكٍ دِيَةً جَعَلْتُ لِأَخِيكَ وَلَكِنْ سَأُعْطِيكَ مِنْهُ عُقْبَى فَكَتَبَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِائَةٍ مِنَ الْإِبِلِ مِنْ أَوَّلِ خُمُسٍ يَخْرُجُ مِنْ مُشْرِكِي بَنِي ذُهْلٍ فَأَخَذَ طَائِفَةً مِنْهَا وَأَسْلَمَتْ بَنُو ذُهْلٍ فَطَلَبَهَا بَعْدُ مُجَّاعَةُ إِلَى أَبِي بَكْرٍ وَأَتَاهُ بِكِتَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَكَتَبَ لَهُ أَبُو بَكْرٍ بِاثْنَيْ عَشَرَ أَلْفَ صَاعٍ مِنْ صَدَقَةِ الْيَمَامَةِ أَرْبَعَةَ آلَافٍ بُرًّا وَأَرْبَعَةَ آلَافٍ شَعِيرًا وَأَرْبَعَةَ آلَافٍ تَمْرًا وَكَانَ فِي كِتَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِمُجَّاعَةَ

محمد بن عیسیٰ، عنبسہ بن عبد الواحد قرشی جنہیں ابو جعفر ابن عیسیٰ ابدال کہا کرتے اس بات کو سننے سے پہلے کہ ابدال موالی سے ہوتے ہیں، دخیل بن ایاس بن نوح بن مجاعہ، ہلال بن سراج سراج بن مجاعہ نے حضرت مجاعہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ وہ اپنے بھائی کی دیت کا مطالبہ کرنے کے لیے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوئے۔ جن کو بنی سدوس نے قتل کر دیا تھا جو بنی ذھل کی شاخ ہیں نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اگر میں مشرک کی دیت دلاتا تو تمہارے بھائی کی بھی دلا دیتا لیکن اس کا بدلہ تمہیں میں دے دیتا ہوں۔ چنانچہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان کے لیے سو اونٹ لکھ دیئے اس پہلے خمس میں سے جو بنی ذہل کے مشرکوں سے حاصل ہو۔ کچھ اونٹ انہیں مل گئے اور بنی ذہل نے اسلام قبول کر لیا۔ پھر حضرت مجاعہ نے اس کا مطالبہ حضرت ابوبکر سے کیا اور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تحریر لے آئے پس حضرت ابوبکر نے ان کے لیے یمامہ کے صدقہ سے بارہ ہزار صاع لکھ دیئے یعنی چار ہزار صاع گندم چار ہزار صاع جو اور چار ہزار صاع کھجوریں۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تحریر میں مجاعہ کے لیے یہ لکھا تھا: اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے یہ تحریر ہے محمد مصطفےٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی طرف سے مجاعہ بن مرارہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ هٰذَا كِتَابٌ مِنْ مُحَمَّدٍ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِمُجَّاعَةَ ابْنِ مُرَارَةَ مِنْ بَنِي سُلْمٰى أَنِّي أَعْطَيْتُهُ مِائَةً مِنَ الْإِبِلِ مِنْ أَوَّلِ خُمُسٍ يَخْرُجُ مِنْ مُشْرِكِي بَنِي عُقْبَةَ مِنْ أَخِيهِ۔

کے لیے جو بنی سلمیٰ سے ہیں کہ میں نے انہیں سو اونٹ دیئے ہیں اس پہلے خمس سے جو بنی ذہل کے مشرکوں سے حاصل ہو ان کے بھائی کے بدلے میں۔

بَابُ ٢٠٥ مَا جَاءَ فِي سَهْمِ الصَّفِيِّ۔

حضور کے خاص حصے کا بیان

١٢١٧ - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ أَنَا سُفْيَانُ عَنْ مُطَرِّفٍ عَنْ عَامِرٍ الشَّعْبِيِّ قَالَ كَانَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَهْمٌ يُدْعَى الصَّفِيَّ إِنْ شَاءَ عَبْدًا أَوْ إِنْ شَاءَ أَمَةً وَإِنْ شَاءَ فَرَسًا يَخْتَارُهُ قَبْلَ الْخُمُسِ۔

مطرف سے روایت ہے کہ عامر شعبی نے فرمایا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ایک خاص حصہ ہوتا ہے جس کو صفی کہا جاتا ہے یعنی آپ کسی غلام، لونڈی یا گھوڑے کو چاہتے تو اپنے لیے چن لیتے خمس سے پہلے۔

١٢١٨ - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا أَبُوْ عَاصِمٍ وَأَزْهَرُ قَالَا نَا ابْنُ عَوْنٍ قَالَ سَأَلْتُ مُحَمَّدًا عَنْ سَهْمِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالصَّفِيِّ قَالَ كَانَ يُضْرَبُ لَهٗ بِسَهْمٍ مَعَ الْمُسْلِمِيْنَ وَإِنْ لَمْ يَشْهَدْ وَالصَّفِيُّ يُؤْخَذُ لَهٗ رَأْسٌ مِنَ الْخُمُسِ قَبْلَ كُلِّ شَيْءٍ۔

ابن عون کا بیان ہے کہ میں نے محمد سے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے حصے اور صفی کے متعلق دریافت کیا فرمایا کہ مسلمانوں کے ساتھ آپ کا حصہ بھی نکالا جاتا اگرچہ آپ شریک نہ ہوتے اور صفی آپ کے لیے ہر چیز سے پہلے خمس میں سے نکالا جاتا۔

ف - مال غنیمت میں سے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لئے ایک خاص حصہ ہوتا جس کو صفی کہا جاتا تھا یعنی غنیمت میں سے جس چیز کو آپ چاہتے اپنے لئے پسند فرما لیتے۔ پروردگار عالم نے آپ کو یہ اجازت مرحمت فرمائی تھی۔ اہل علم حضرات کا اس بات میں اختلاف ہے کہ صفی کے طور پر آپ جس چیز کو اپنے لئے چن لیتے وہ خمس میں محسوب ہوتی تھی یا نہیں؟ بعض حضرات کے نزدیک وہ خمس یعنی آپ کے پانچویں حصے میں محسوب ہوتی اور بعض کے نزدیک یہ اختیار خمس کے علاوہ تھا۔ بہر حال روایات دونوں جانب موجود ہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

١٢١٩ - حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ خَالِدٍ السُّلَمِيُّ نَا عُمَرُ يَعْنِي ابْنَ عَبْدِ الْوَاحِدِ عَنْ سَعِيْدٍ يَعْنِي ابْنَ بَشِيْرٍ عَنْ قَتَادَةَ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا غَزَا كَانَ لَهٗ سَهْمٌ صَافٍ يَأْخُذُهٗ مِنْ حَيْثُ شَاءَ فَكَانَتْ صَفِيَّةُ مِنْ ذٰلِكَ السَّهْمِ وَكَانَ إِذَا لَمْ يَغْزُ بِنَفْسِهٖ ضُرِبَ لَهٗ بِسَهْمِهٖ وَلَمْ يُخَيَّرْ۔

سعید بن بشیر سے روایت ہے کہ حضرت قتادہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب جہاد میں خود شریک ہوتے تو آپ کا حصہ صفی رہتا تھا جو جہاں سے چاہتے لے لیتے اور حضرت صفیہ اسی حصے میں سے تھیں اور جب بنفس نفیس شریک جہاد نہ ہوتے تو آپ کا حصہ نکالا جاتا اور انتخاب نہ فرماتے۔

www.sirat-e-mustaqeem.com

۱۲۲۰۔ حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ نَا أَبُو أَحْمَدَ أَنَا سُفْيَانُ عَنْ هِشَامِ ابْنِ عُرْوَةَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَتْ صَفِيَّةُ مِنَ الصَّفِيِّ۔

ہشام بن عروہ نے اپنے والد ماجد سے روایت کی ہے کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا کہ حضرت صفیہ صفی والے حصے سے تھیں۔

۱۲۲۱۔ حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ نَا يَعْقُوبُ ابْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الزُّهْرِيُّ عَنْ عَمْرٍو وَابْنِ أَبِي عَمْرٍو عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ قَدِمْنَا خَيْبَرَ فَلَمَّا فَتَحَ اللّٰهُ تَعَالَى الْحِصْنَ ذُكِرَ لَهُ جَمَالُ صَفِيَّةَ بِنْتِ حُيَيٍّ وَقَدْ قُتِلَ زَوْجُهَا وَكَانَتْ عَرُوسًا فَاصْطَفَاهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِنَفْسِهِ فَخَرَجَ بِهَا حَتَّى بَلَغْنَا سَدَّ الصَّهْبَاءِ حَلَّتْ فَبَنَى بِهَا۔

عمرو بن ابو عمرو سے روایت ہے کہ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے فرمایا۔ ہم خیبر آئے۔ جب اللہ تعالیٰ نے قلعے کو فتح کروا دیا تو آپ سے حضرت صفیہ بنت حیی کے جمال کا ذکر ہوا جن کا خاوند قتل کر دیا گیا تھا اور یہ حالت عروسی میں تھیں۔ پس رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے انہیں اپنے لیے چن لیا تھا۔ پس آپ انہیں لے کر نکلے یہاں تک کہ جب ہم سد الصہبا پہنچے تو وہ حلال ہو گئیں، پس آپ نے ان کے ساتھ شب باشی فرمائی۔

۱۲۲۲۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ صُهَيْبٍ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ صَارَتْ صَفِيَّةُ لِدِحْيَةَ الْكَلْبِيِّ ثُمَّ صَارَتْ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔

عبد العزیز بن صہیب سے روایت ہے کہ حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ حضرت صفیہ پہلے حضرت دحیہ کلبی کے حصے میں آئی تھیں پھر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حصے میں آ گئیں۔

۱۲۲۳۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خَلَّادٍ الْبَاهِلِيُّ نَا بَهْزُ بْنُ أَسَدٍ نَا حَمَّادٌ أَنَا ثَابِتٌ عَنْ أَنَسٍ قَالَ وَقَعَ فِي سَهْمِ دِحْيَةَ جَارِيَةٌ جَمِيلَةٌ فَاشْتَرَاهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِسَبْعَةِ أَرْؤُسٍ ثُمَّ دَفَعَهَا إِلَى أُمِّ سُلَيْمٍ تُصَنِّعُهَا وَتُهَيِّئُهَا قَالَ حَمَّادٌ وَأَحْسِبُهُ قَالَ وَتَعْتَدُّ فِي بَيْتِهَا صَفِيَّةُ ابْنَةُ حُيَيٍّ۔

ثابت سے روایت ہے کہ حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ حضرت دحیہ کے حصے میں ایک خوبصورت لونڈی آئی پھر اسے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے سات غلاموں کے بدلے خرید لیا پھر انہیں حضرت ام سلیم کے سپرد کر دیا تاکہ ان کا بناؤ سنگار کریں۔ حماد نے فرمایا کہ میرے خیال میں آپ نے فرمایا کہ صفیہ بنت حیی ان کے گھر میں عدت گزاریں۔

۱۲۲۴۔ حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ مُعَاذٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ ح وَحَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الْمَعْنَى قَالَ نَا ابْنُ عُلَيَّةَ عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ صُهَيْبٍ عَنْ أَنَسٍ قَالَ جُمِعَ السَّبْيُ يَعْنِي بِخَيْبَرَ فَجَاءَ دِحْيَةُ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ أَعْطِنِي جَارِيَةً مِنَ السَّبْيِ قَالَ اذْهَبْ فَخُذْ جَارِيَةً فَأَخَذَ صَفِيَّةَ بِنْتَ حُيَيٍّ فَجَاءَ رَجُلٌ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى

داؤد بن معاذ، عبد الوارث۔ یعقوب بن ابراہیم، ابن علیہ، عبد العزیز بن صہیب سے روایت ہے کہ حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ جب خیبر کے قیدی جمع کیے گئے تو حضرت دحیہ آکر عرض گزار ہوئے۔ یا رسول اللہ! مجھے قیدیوں میں سے ایک لونڈی عطا فرما دیجیے۔ فرمایا جاؤ ایک لونڈی لے لو۔ انہوں نے حضرت صفیہ بنت حیی کو لے لیا۔ ایک شخص نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر عرض گزار ہوا

www.sirat-e-mustaqeem.com

اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللهِ أَعْطَيْتَ دِحْيَةَ قَالَ يَعْقُوبُ صَفِيَّةَ ابْنَةَ حُيَيٍّ سَيِّدَةَ قُرَيْظَةَ وَالنَّضِيرِ مَا تَصْلُحُ إِلَّا لَكَ قَالَ ادْعُوهُ بِهَا فَلَمَّا نَظَرَ إِلَيْهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَهُ خُذْ جَارِيَةً مِنَ السَّبْيِ غَيْرَهَا وَإِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَعْتَقَهَا وَتَزَوَّجَهَا۔

یا رسول اللہ! آپ نے حضرت دحیہ کو عطا فرمائی۔ یعقوب راوی نے کہا صفیہ بنت حیی جو بنو قریظہ اور بنو نضیر کے سردار کی بیٹی ہے وہ مناسب نہیں مگر آپ کے لیے فرمایا کہ اس سمیت اسے (حضرت دحیہ کو) بلاؤ جب نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اسے (حضرت دحیہ کو) دیکھا تو فرمایا کہ اس کے سوا کوئی اور لونڈی لے لو چنانچہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے انہیں لیکر آزاد کیا۔

۱۲۲۵۔ حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ نَا قُرَّةُ قَالَ سَمِعْتُ يَزِيدَ بْنَ عَبْدِ اللهِ قَالَ كُنَّا بِالْمِرْبَدِ فَجَاءَ رَجُلٌ أَشْعَثُ الرَّأْسِ بِيَدِهِ قِطْعَةُ أَدِيمٍ أَحْمَرَ فَقُلْنَا كَأَنَّكَ مِنْ أَهْلِ الْبَادِيَةِ قَالَ أَجَلْ قُلْنَا نَاوِلْنَا هَذِهِ الْقِطْعَةَ الْأَدِيمَ الَّتِي فِي يَدِكَ فَنَاوَلَنَاهَا فَقَرَأْنَا مَا فِيهَا فَإِذَا فِيهَا مِنْ مُحَمَّدٍ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى بَنِي زُهَيْرِ بْنِ أُقَيْشٍ إِنَّكُمْ إِنْ شَهِدْتُمْ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللهُ وَأَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللهِ وَأَقَمْتُمُ الصَّلَوٰةَ وَآتَيْتُمُ الزَّكَوٰةَ وَأَدَّيْتُمُ الْخُمُسَ مِنَ الْمَغْنَمِ وَسَهْمَ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَسَهْمَ الصَّفِيِّ أَنْتُمْ آمِنُونَ بِأَمَانِ اللهِ وَرَسُولِهِ فَقُلْنَا مَنْ كَتَبَ لَكَ هَذَا الْكِتَابَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔

یزید بن عبد اللہ کا بیان ہے کہ ہم مربد کے مقام پر تھے تو ایک آدمی آیا جس کے ہاتھ میں سرخ چمڑے کا ایک ٹکڑا تھا۔ ہم نے کہا کہ شاید یہ دیہاتی ہے۔ اس نے کہا کہ یہی بات ہے ہم نے کہا کہ یہ چمڑے کا ٹکڑا ہمیں دے دیجیے جو آپ کے ہاتھ میں ہے پس ہم نے وہ لے لیا اور اسے پڑھا تو اس میں یہ تحریر تھا: اللہ کے رسول محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی طرف سے بنی زہیر بن اقیش کے لیے۔ اگر تم اس بات کی گواہی دو کہ نہیں کوئی معبود مگر اللہ اور محمد اللہ کے رسول ہیں اور نماز قائم کرو۔ اور زکوٰۃ دیا کرو اور غنیمتوں میں سے خمس دیا کرو نیز نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا حصہ اور چھانٹے کا حصہ (صفی) تو تم امان میں ہو گے یعنی اللہ اور اس کے رسول کی امان میں۔ ہم نے کہا کہ یہ تحریر تمہیں کس نے لکھ کر دی ہے؟ اس نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے۔

ف۔ اس حدیث سے معلوم ہوا ہے کہ غنیمت سے وہ چیز جو صفی کے طور پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو لینے کا اختیار تھا وہ خمس میں محسوب نہیں ہوتی تھی واللہ تعالیٰ اعلم۔

بَابٌ ۲۲۵ كَيْفَ كَانَ إِخْرَاجُ الْيَهُودِ مِنَ الْمَدِينَةِ

یہود کو مدینہ منورہ سے کیسے نکالا گیا؟

۱۲۲۶۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ فَارِسٍ أَنَّ الْحَكَمَ بْنَ نَافِعٍ حَدَّثَهُمْ قَالَ أَنَا شُعَيْبٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَبْدِ اللهِ ابْنِ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ عَنْ أَبِيهِ وَكَانَ أَحَدَ الثَّلَاثَةِ الَّذِينَ تِيبَ عَلَيْهِمْ وَكَانَ كَعْبُ

عبد اللہ بن کعب بن مالک نے اپنے والد ماجد سے روایت کی ہے کہ جو ان تین میں سے ایک تھے جن کی توبہ قبول ہوئی کہ کعب بن اشرف یہودی نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بدگوئی کرتا اور کفار قریش کو نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے خلاف ابھارتا تھا جب آپ مدینہ منورہ میں جلوہ افروز

www.sirat-e-mustaqeem.com

ابن الأشرف يهجو النبي صلى الله عليه وسلم ويحرض عليه كفار قريش وكان النبي صلى الله عليه وسلم حين قدم المدينة وأهلها أخلاط منهم المسلمون والمشركون يعبدون الأوثان واليهود وكانوا يؤذون النبي صلى الله عليه وسلم وأصحابه فأمر الله عز وجل نبيه صلى الله عليه وسلم بالصبر والعفو ففيهم أنزل الله ولتسمعن من الذين أوتوا الكتاب من قبلكم الآية فلما أبى كعب بن الأشرف أن ينزع عن أذى النبي صلى الله عليه وسلم أمر النبي صلى الله عليه وسلم سعد بن معاذ أن يبعث رهطا يقتلونه فبعث محمد بن مسلمة وذكر قصة قتله فلما قتلوه فزعت اليهود والمشركون فغدوا على النبي صلى الله عليه وسلم فقالوا طرق صاحبنا فقتل فذكر لهم النبي صلى الله عليه وسلم الذي كان يقول ودعاهم النبي صلى الله عليه وسلم إلى أن يكتب بينه وبينهم كتابا ينتهون إلى ما فيه فكتب النبي صلى الله عليه وسلم بينه وبينهم وبين المسلمين عامة صحيفة۔

۱۲۲۷۔ حدثنا مصرف بن عمرو الأيامي نا يونس يعني ابن بكير قال نا محمد بن إسحق حدثني محمد بن أبي محمد مولى زيد بن ثابت عن سعيد بن جبير وعكرمة عن ابن عباس قال لما أصاب رسول الله صلى الله عليه وسلم قريشا يوم بدر وقدم المدينة جمع اليهود في سوق بني قينقاع فقال يا معشر يهود أسلموا قبل أن يصيبكم

ہوئے تو یہاں لوگ ملے جلے تھے یعنی مسلمان، مشرک، بت پرست اور یہودی۔ یہودی نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور آپ کے اصحاب کو اذیت پہنچاتے رہتے تھے۔ پس اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی کو صبر اور درگزر سے کام لینے کا حکم فرمایا اور ان کے متعلق یہ آیت نازل فرمائی: ضرور تم نامناسب باتیں سنو گے ان لوگوں سے جو تم سے پہلے کتاب دیے گئے (۳: ۱۸۶) جب کعب بن اشرف باز نہ آیا نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ایذا رسانی سے تو نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت سعد بن معاذ کو حکم فرمایا کہ ایک گروہ بھیج کر اسے قتل کروا دیا جائے۔ پس حضرت محمد بن مسلمہ کو بھیجا گیا اور اس کے قتل کا آگے قصہ بیان کیا جب اسے قتل کر دیا گیا تو یہود اور مشرکین پر خوف طاری ہو گیا اور اگلے روز نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر عرض گزار ہوئے کہ ہمارا سردار رات کو مارا گیا ہے۔ پس نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے انہیں وہ باتیں بتائیں جو وہ کہا کرتا تھا اور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے انہیں دعوت دی کہ ہمارے اور تمہارے درمیان ایک تحریری معاہدہ ہونا چاہیے جس کی فریقین پابندی کریں۔ پس نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنے، ان کے اور مسلمانوں کے درمیان معاہدے کی عام تحریر لکھ دی۔

محمد بن ابو محمد نے سعید بن جبیر اور عکرمہ سے روایت کی ہے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا جب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے غزوۂ بدر میں قریش کو نقصان پہنچایا اور آپ مدینہ منورہ میں تشریف لائے تو یہود کو بنی قینقاع کے بازار میں اکٹھا کر کے فرمایا۔ اے یہودیو! اسلام قبول کر لو اس سے پہلے کہ تمہیں بھی وہی نقصان پہنچے جو قریش کو پہنچ چکا ہے۔ انہوں نے کہا اے محمد! اس بات پر مغرور نہ ہو جانا کہ آپ نے قریش کے چند آدمیوں کو قتل کر

مِثْلُ مَا اَصَابَ قُرَيْشًا قَالُوْا يَا مُحَمَّدُ
لَا يَغُرَّنَّكَ مِنْ نَفْسِكَ اَنَّكَ قَتَلْتَ نَفَرًا مِنْ
قُرَيْشٍ كَانُوْا اَغْمَارًا لَا يَعْرِفُوْنَ الْقِتَالَ اِنَّكَ
لَوْ قَاتَلْتَنَا لَعَرَفْتَ اَنَّا نَحْنُ النَّاسُ وَاَنَّكَ
لَمْ تَلْقَ مِثْلَنَا فَاَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالٰى قُلْ لِلَّذِيْنَ كَفَرُوْا
سَتُغْلَبُوْنَ قَرَاَ مُصَرِّفٌ اِلٰى قَوْلِهٖ فِئَةٌ تُقَاتِلُ
فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ بِبَدْرٍ وَاُخْرٰى كَافِرَةٌ۔

۱۲۲۸۔ حَدَّثَنَا مُصَرِّفُ بْنُ عَمْرٍو
نَا يُوْنُسُ قَالَ ابْنُ اِسْحٰقَ حَدَّثَنِيْ مَوْلًى لِزَيْدِ
ابْنِ ثَابِتٍ قَالَ حَدَّثَتْنِيْ بِنْتُ مُحَيِّصَةَ عَنْ اَبِيْهَا
مُحَيِّصَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
قَالَ مَنْ ظَفِرْتُمْ بِهٖ مِنْ رِجَالِ يَهُوْدَ فَاقْتُلُوْهُ
فَوَثَبَ مُحَيِّصَةُ عَلٰى شُبَيْبَةَ رَجُلٍ مِنْ تُجَّارِ
يَهُوْدَ كَانَ يُلَابِسُهُمْ فَقَتَلَهٗ وَكَانَ حُوَيِّصَةُ اِذْ
ذَاكَ لَمْ يُسْلِمْ وَكَانَ اَسَنَّ مِنْ مُحَيِّصَةَ فَلَمَّا
قَتَلَهٗ جَعَلَ حُوَيِّصَةُ يَضْرِبُهٗ وَيَقُوْلُ اَيْ عَدُوَّ
اللّٰهِ اَمَا وَاللّٰهِ لَرُبَّ شَحْمٍ فِيْ بَطْنِكَ مِنْ مَالِهٖ۔

۱۲۲۹۔ حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ نَا
اللَّيْثُ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ اَبِيْ سَعِيْدٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ
اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّهٗ قَالَ بَيْنَا نَحْنُ فِي الْمَسْجِدِ اِذْ
خَرَجَ اِلَيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ
انْطَلِقُوْا اِلٰى يَهُوْدَ فَخَرَجْنَا مَعَهٗ حَتّٰى جِئْنَاهُمْ
فَقَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَنَادَاهُمْ
فَقَالَ يَا مَعْشَرَ يَهُوْدَ اَسْلِمُوْا تَسْلَمُوْا فَقَالُوْا
قَدْ بَلَّغْتَ يَا اَبَا الْقَاسِمِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى
اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذٰلِكَ اُرِيْدُ ثُمَّ قَالَهَا الثَّالِثَةَ
اِعْلَمُوْا اَنَّمَا الْاَرْضُ لِلّٰهِ وَلِرَسُوْلِهٖ وَاِنِّيْ اُرِيْدُ
اَنْ اُجْلِيَكُمْ مِنْ هٰذِهِ الْاَرْضِ فَمَنْ وَجَدَ
مِنْكُمْ شَيْئًا بِمَالِهٖ فَلْيَبِعْهُ وَاِلَّا فَاعْلَمُوْا اَنَّمَا

دیا وہ ناتجربہ کار اور حرب و ضرب سے ناواقف تھے۔ اگر آپ نے ہم سے دو دو ہاتھ کیے تو پتہ لگ جائے گا کہ کن سے پالا پڑا اور ہمارے جیسے آپ کو ملے نہیں ہوں گے۔ پس اللہ تعالیٰ نے وحی نازل فرمائی: "اے محبوب! کافروں سے فرما دو کہ عنقریب تم مغلوب ہو جاؤ گے"۔ مصرف نے اسے یہاں تک پڑھا۔ ایک گروہ اللہ کی راہ میں لڑتا ہے یعنی بدر میں اور دوسرا گروہ کافر ہے۔

بنت محیصہ نے اپنے والد ماجد حضرت محیصہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ تم جس یہودی پر بھی قابو پاؤ تو اسے قتل کر دینا پس محیصہ نے شبیبہ پر حملہ کیا جو تجارت پیشہ یہودی تھا اور اسے قتل کر دیا۔ ان میں ملے جلے رہنے کے باعث اسے قتل کیا اور اس وقت تک حویصہ مسلمان نہیں ہوئے تھے جو حضرت محیصہ سے عمر میں بڑے تھے۔ جب اسے قتل کیا تو حویصہ اس پر ضرب لگاتے اور کہتے۔ اے خدا کے دشمن! خدا کی قسم، تیرے پیٹ میں مال کی چربی بہت ہے۔

سعید بن ابو سعید نے اپنے والد ماجد سے روایت کی ہے کہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا ہم مسجد میں تھے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہمارے پاس تشریف لائے اور فرمایا کہ یہودیوں کی طرف چلو۔ پس ہم آپ کے ساتھ نکلے یہاں تک کہ ان کے پاس پہنچ گئے پس رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے کھڑے ہو کر انہیں آواز دی اور فرمایا اے یہودیو! اسلام قبول کر لو کر سلامت رہو گے۔ انہوں نے کہا اے ابو القاسم! آپ نے بات پہنچا دی۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے دوبارہ ان سے فرمایا۔ اسلام قبول کر لو سلامت رہو گے انہوں نے کہا۔ اے ابو القاسم! آپ نے بات پہنچا دی۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا میرا ارادہ بھی یہی تھا پھر تیسری مرتبہ فرمایا۔ جان لو کہ زمین اللہ

الْأَرْضَ لِلّٰهِ وَلِرَسُوْلِهٖ۔

اور اس کے رسول کی ہے جو تم میں سے اپنے مال کے ساتھ محبت رکھتا ہے وہ اسے فروخت کر دے ورنہ جان لو کہ زمین اللہ اور اس کے رسول کی ہے۔

ف۔ اس حدیث پاک کے آخری الفاظ فَاعْلَمُوْا اَنَّمَا الْاَرْضُ لِلّٰهِ وَلِرَسُوْلِهٖ کو دیکھنے سے معلوم ہو رہا ہے کہ کائنات کی ہر چیز اور زمین کا مالک صرف اللہ تعالیٰ ہے اور اس کی اس ملکیت دوسرا کوئی بھی شریک نہیں ہے لیکن اللہ تعالیٰ کی عطا سے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لئے ملکیت سب سے زیادہ ثابت ہے جس کی رحمتِ دو عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنی جانب نسبت فرمائی۔ جہاں اللہ تعالیٰ کی ذاتی و حقیقی ملکیت میں کسی کو شریک کرنا کفر ہے وہاں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی اس عطائی ملکیت سے انکار کرنے کی تہہ میں رسول دشمنی کے سوا اور کونسا جذبہ کارفرما ہو سکتا ہے۔ دریں حالات یہ کہنا "جس کا نام محمد یا علی ہے وہ کسی چیز کا مختار نہیں"۔ (تقویۃ الایمان) ۔عطائی اختیار کی نفی کر دینے سے قطع نظر اس فقرے سے ذرا سی بھی اس بات کی بو نہیں آتی کہ کوئی امتی اپنے نبی کے متعلق کچھ وضاحت کر رہا ہو بلکہ ایسے عامیانہ طریقے سے نام لیا ہے جس سے عداوت و نفرت کی سڑاند محسوس ہو رہی ہے۔ اللہ تعالیٰ ہر مسلمان کو ایسے اندازِ فکر اور طرزِ بیان سے محفوظ رکھے جس میں ایمان کی موت پنہاں ہو۔ آمین۔

بَابٌ ۲۳ فِيْ خَبَرِ النَّضِيْرِ

بنو نضیر کا حال

۳۰۰۴۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ دَاوٗدَ بْنِ سُفْيَانَ نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ نَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ عَنْ رَجُلٍ مِّنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّ كُفَّارَ قُرَيْشٍ كَتَبُوْا اِلَى ابْنِ اُبَيٍّ وَمَنْ كَانَ يَعْبُدُ مَعَهُ الْاَوْثَانَ مِنَ الْاَوْسِ وَالْخَزْرَجِ وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَئِذٍ بِالْمَدِيْنَةِ قَبْلَ وَقْعَةِ بَدْرٍ اِنَّكُمْ اٰوَيْتُمْ صَاحِبَنَا وَاِنَّا نُقْسِمُ بِاللّٰهِ لَتُقَاتِلُنَّهٗ اَوْ لَتُخْرِجُنَّهٗ اَوْ لَنَسِيْرَنَّ اِلَيْكُمْ بِاَجْمَعِنَا حَتّٰى نَقْتُلَ مُقَاتِلَتَكُمْ وَنَسْتَبِيْحَ نِسَاءَكُمْ فَلَمَّا بَلَغَ ذٰلِكَ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ اُبَيٍّ وَمَنْ كَانَ مَعَهٗ مِنْ عَبَدَةِ الْاَوْثَانِ اجْتَمَعُوْا لِقِتَالِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمَّا بَلَغَ ذٰلِكَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَقِيَهُمْ فَقَالَ لَقَدْ بَلَغَ وَعِيْدُ قُرَيْشٍ مِنْكُمُ الْمَبَالِغَ مَا كَانَتْ تَكِيْدُكُمْ بِاَكْثَرَ مِمَّا تُرِيْدُوْنَ اَنْ تَكِيْدُوْا

عبد الرحمٰن بن کعب بن مالک نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ایک صحابی سے روایت کی ہے کہ کفار قریش نے ابن ابی اور قبیلہ اوس و قبیلہ خزرج کے بت پرستوں کے لیے لکھا جبکہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مدینہ منورہ میں تھے واقعہ بدر سے پہلے کہ آپ حضرات نے ہمارے صاحب کو پناہ دی ہے اور ہم اللہ کی قسم کھا کر کہتے ہیں کہ آپ ضرور ان سے لڑیں گے اور ضرور انہیں نکال دیں گے ورنہ ہم اکٹھے ہو کر آپ پر حملہ آور ہوں گے یہاں تک کہ آپ کے ساتھ سخت جنگ کریں گے آپ کی عورتوں کو اپنے قبضے میں کریں گے جب یہ تحریر عبد اللہ بن ابی اور اس کے بت پرست ساتھیوں کو ملی تو وہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے لڑنے کے لیے اکٹھے ہوئے جب یہ خبر نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو پہنچی تو آپ نے ان سے ملاقات کی اور فرمایا۔ آپ لوگوں کے پاس قریش کی جو دھمکی پہنچی اسے آپ نے بہت اہمیت دی ہے حالانکہ وہ آپ کو اتنا نقصان نہیں پہنچا سکتے جس قدر اپنا نقصان آپ خود کرنے کے درپے ہیں جب آپ اپنے بیٹوں

www.sirat-e-mustaqeem.com

بِهِ أَنْفُسَكُمْ تُرِيدُونَ أَنْ تُقَاتِلُوا أَبْنَاءَكُمْ
وَإِخْوَانَكُمْ فَلَمَّا سَمِعُوا ذَلِكَ مِنَ النَّبِيِّ صَلَّى
اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَفَرَّقُوا فَبَلَغَ ذَلِكَ كُفَّارَ قُرَيْشٍ
فَكَتَبَتْ كُفَّارُ قُرَيْشٍ بَعْدَ وَقْعَةِ بَدْرٍ إِلَى
الْيَهُودِ إِنَّكُمْ أَهْلُ الْحَلْقَةِ وَالْحُصُونِ وَإِنَّكُمْ
لَتُقَاتِلُنَّ صَاحِبَنَا أَوْ لَنَفْعَلَنَّ كَذَا وَلَا يَحُولُ
بَيْنَنَا وَبَيْنَ خَدَمِ نِسَائِكُمْ شَيْءٌ وَهِيَ الْخَلَاخِيلُ
فَلَمَّا بَلَغَ كِتَابُهُمُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
أَجْمَعَتْ بَنُو النَّضِيرِ بِالْغَدْرِ فَأَرْسَلُوا إِلَى النَّبِيِّ
صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اخْرُجْ إِلَيْنَا فِي ثَلَاثِينَ
رَجُلًا مِنْ أَصْحَابِكَ وَلْيَخْرُجْ مِنَّا ثَلَاثُونَ
حَبْرًا حَتَّى نَلْتَقِيَ بِمَكَانِ الْمَنْصَفِ فَيَسْمَعُوا ۱
مِنْكَ فَإِنْ صَدَّقُوكَ وَآمَنُوا بِكَ آمَنَّا بِكَ
فَقَصَّ خَبَرَهُمْ فَلَمَّا كَانَ الْغَدُ غَدَا عَلَيْهِمْ
رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْكَتَائِبِ
فَحَصَرَهُمْ فَقَالَ لَهُمْ إِنَّكُمْ وَاللَّهِ لَا تَأْمَنُونَ
عِنْدِي إِلَّا بِعَهْدٍ تُعَاهِدُونِي عَلَيْهِ فَأَبَوْا
أَنْ يُعْطُوهُ عَهْدًا فَقَاتَلَهُمْ يَوْمَهُمْ ذَلِكَ ثُمَّ
غَدَا الْغَدُ عَلَى بَنِي قُرَيْظَةَ بِالْكَتَائِبِ وَتَرَكَ
بَنِي النَّضِيرِ وَدَعَاهُمْ إِلَى أَنْ يُعَاهِدُوهُ
فَعَاهَدُوهُ فَانْصَرَفَ عَنْهُمْ وَغَدَا عَلَى بَنِي
النَّضِيرِ بِالْكَتَائِبِ فَقَاتَلَهُمْ حَتَّى نَزَلُوا عَلَى
الْجَلَاءِ فَجَلَتْ بَنُو النَّضِيرِ وَاحْتَمَلُوا مَا أَقَلَّتِ
الْإِبِلُ مِنْ أَمْتِعَتِهِمْ وَأَبْوَابِ بُيُوتِهِمْ وَخَشَبِهَا
فَكَانَ نَخْلُ بَنِي النَّضِيرِ لِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ
عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَاصَّةً أَعْطَاهُ اللَّهُ إِيَّاهَا وَخَصَّهُ
بِهَا قَالَ تَعَالَى وَمَا أَفَاءَ اللَّهُ عَلَى رَسُولِهِ مِنْهُمْ
فَمَا أَوْجَفْتُمْ عَلَيْهِ مِنْ خَيْلٍ وَلَا رِكَابٍ يَقُولُ
بِغَيْرِ قِتَالٍ فَأَعْطَى النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

اور بھائیوں سے لڑنا چاہتے ہیں۔ جب انہوں نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی یہ بات سنی تو متفرق ہو گئے۔ جب کفار قریش کو یہ بات پہنچی تو واقعہ بدر کے بعد انہوں نے یہودیوں کے لیے لکھا کہ آپ عمارتوں اور قلعوں والے ہیں لہٰذا آپ ہمارے صاحب سے ضرور لڑیں گے ورنہ ہم آپ کے ساتھ ایسا سلوک کریں گے اور آپ کی عورتوں کی پازیبوں کو ہم سے کوئی بچا نہیں سکے گا۔ جب ان کی تحریر بنو نضیر کے پاس پہنچی تو وہ عہد شکنی کے لیے جمع ہوئے اور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لیے پیغام بھیجا کہ آپ اپنے تیس ساتھیوں کو لے کر نکلیں اور ہم اپنے تیس جید علماء لے کر نکلتے ہیں یہاں تک کہ ایک درمیانی مقام پر ملاقات ہو اگر وہ آپ کی تصدیق کر دیں اور آپ پر ایمان لے آئیں تو ہم بھی ایمان لے آئیں گے۔ پس آپ نے اس خبر کی تشہیر کروا دی دوسرے روز رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ان پر فوج لے کر گئے اور ان کا محاصرہ کر لیا۔ ان سے فرمایا کہ خدا کی قسم تمہارا ہمیں اعتبار نہیں مگر عہد سے۔ لہٰذا ہمارے ساتھ معاہدہ کرو۔ انہوں نے عہد کرنے سے انکار کیا۔ لہٰذا اس روز ان سے جنگ ہوئی۔ اگلے روز بنو نضیر کو چھوڑ کر بنو قریظہ پر چڑھائی کی اور ان سے معاہدہ کرنے کے لیے کہا تو انہوں نے معاہدہ کر لیا۔ پس ان سے لوٹ کر بنو نضیر پر فوج کشی کر دی۔ پس ان سے لڑائی ہوئی یہاں تک کہ وہ جلاوطنی پر رضامند ہو گئے تو بنو نضیر کو جلاوطن کر دیا گیا اور جو کچھ سامان، گھروں کے دروازے اور لکڑیاں ان کے اونٹ اٹھا سکے اٹھا لے گئے۔ پس بنو نضیر کے باغ صرف رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لیے ہے جو اللہ تعالیٰ نے خاص آپ کو عطا کرتے ہوئے فرمایا: "اور جو غنیمت دلائی ان سے اللہ نے اپنے رسول کو جس پر تم نے گھوڑے یا اونٹ نہیں دوڑائے (۵۹: ۶) کہتے ہیں کہ لڑائی کے بغیر پس نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس میں سے اکثر مہاجرین کو دیا اور ان میں تقسیم فرما دیا جبکہ ان کے سوا انصار کے صرف دو آدمیوں میں تقسیم فرمایا اور جو اس سے باقی بچا وہ

أَكْثَرَهَا لِلْمُهَاجِرِينَ وَقَسَمَهَا بَيْنَهُمْ وَقَسَمَ مِنْهَا لِرَجُلَيْنِ مِنَ الْأَنْصَارِ كَانَا ذَوِي حَاجَةٍ لَمْ يَقْسِمْ لِأَحَدٍ مِنَ الْأَنْصَارِ غَيْرِهِمَا وَبَقِيَ مِنْهَا صَدَقَةُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الَّتِي فِي أَيْدِي بَنِي فَاطِمَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا۔

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا صدقہ تھا جو بنی فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے قبضے میں رہا۔

۱۲۳۱- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ فَارِسٍ نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ أَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّ يَهُودَ النَّضِيرِ وَقُرَيْظَةَ حَارَبُوا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَجْلَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَنِي النَّضِيرِ وَأَقَرَّ قُرَيْظَةَ وَمَنَّ عَلَيْهِمْ حَتَّى حَارَبَتْ قُرَيْظَةُ بَعْدَ ذٰلِكَ فَقَتَلَ رِجَالَهُمْ وَقَسَمَ نِسَاءَهُمْ وَأَمْوَالَهُمْ وَأَوْلَادَهُمْ بَيْنَ الْمُسْلِمِينَ إِلَّا بَعْضَهُمْ لَحِقُوا بِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَآمَنَهُمْ وَأَسْلَمُوا وَأَجْلَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَهُودَ الْمَدِينَةِ كُلَّهُمْ بَنِي قَيْنُقَاعَ قَوْمَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَلَامٍ وَيَهُودَ بَنِي حَارِثَةَ وَكُلَّ يَهُودِيٍّ كَانَ بِالْمَدِينَةِ۔

نافع نے حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ بنو نضیر اور بنو قریظہ کے یہودی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے لڑے تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بنو نضیر کو جلا وطن کر دیا اور بنو قریظہ کو برقرار رکھا اور ان پر احسان فرمایا یہاں تک کہ اس کے بعد بنو قریظہ بھی لڑے تو ان کے مرد قتل کر دیئے گئے لیکن ان کی عورتوں اور مال و اولاد کو مسلمانوں میں تقسیم کر دیا گیا مگر جو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے آملے تو انہیں اماں دی گئی اور وہ مسلمان ہو گئے۔ چنانچہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مدینہ منورہ کے تمام یہودیوں کو نکال دیا یعنی بنی قینقاع، عبد اللہ بن سلام کی قوم بنی حارثہ کے یہودی اور مدینہ منورہ میں رہنے والے دیگر تمام یہودی نکال دیئے گئے۔

بَابُ مَا جَاءَ فِي حُكْمِ أَرْضِ خَيْبَرَ۔

خیبر کی زمین کا حکم

۱۲۳۲- حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ زَيْدِ بْنِ أَبِي الزَّرْقَاءِ نَا أَبِي نَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ أَحْسِبُهُ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَاتَلَ أَهْلَ خَيْبَرَ فَغَلَبَ عَلَى الْأَرْضِ وَالنَّخْلِ وَأَلْجَأَهُمْ إِلَى قَصْرِهِمْ فَصَالَحُوهُ عَلَى أَنَّ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الصَّفْرَاءَ وَالْبَيْضَاءَ وَالْحَلْقَةَ وَلَهُمْ مَا حَمَلَتْ رِكَابُهُمْ عَلَى أَنْ لَا يَكْتُمُوا وَلَا يُغَيِّبُوا شَيْئًا فَإِنْ فَعَلُوا فَلَا

نافع نے حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اہل خیبر سے جنگ کی تو آپ ان کی زمین اور باغوں پر غالب آئے اور انہیں ان کی عمارت میں محصور کر دیا پس انہوں نے اس صلح پر شرط کی کہ سونا چاندی اور ہتھیار رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لیے ہوں گے اور جو کچھ وہ اٹھا کر لے جا سکیں وہ ان کا ہوگا جبکہ وہ کسی چیز کو چھپائیں اور نہ غائب کریں۔ اگر انہوں نے ایسا کیا تو ان کے لیے کوئی عہد اور ذمہ داری نہ ہوگی۔ پس انہوں نے حیی بن اخطب کی تھیلی گم کر لی جو خیبر سے پہلے قتل کر دیا گیا تھا

ذِمَّةَ لَهُمْ وَلَا عَهْدَ فَغَيَّبُوا مَسْكًا لِحُيَيِّ بْنِ أَخْطَبَ وَقَدْ كَانَ قُتِلَ قَبْلَ خَيْبَرَ كَانَ احْتَمَلَهُ مَعَهُ يَوْمَ بَنِي النَّضِيرِ حِيْنَ أُجْلِيَتِ النَّضِيرُ فِيهِ حُلِيُّهُمْ قَالَ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِسَعْيَةَ أَيْنَ مَسْكُ حُيَيِّ بْنِ أَخْطَبَ قَالَ أَذْهَبَتْهُ الْحُرُوبُ وَالنَّفَقَاتُ فَوَجَدُوا الْمَسْكَ فَقَتَلَ ابْنَ أَبِي الْحُقَيْقِ وَسَبَا نِسَاءَهُمْ وَذَرَارِيَّهُمْ وَأَرَادَ أَنْ يُجْلِيَهُمْ فَقَالُوا يَا مُحَمَّدُ دَعْنَا نَعْمَلُ فِي هَذِهِ الْأَرْضِ وَلَنَا الشَّطْرُ مَا بَدَا لَكَ وَلَكُمُ الشَّطْرُ وَكَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُعْطِي كُلَّ امْرَأَةٍ مِنْ نِسَائِهِ ثَمَانِينَ وَسْقًا مِنْ تَمْرٍ وَعِشْرِينَ وَسْقًا مِنْ شَعِيرٍ۔

وہ بنی نضیر کے روز اسے اٹھا لایا تھا جبکہ بنی نضیر کو جلا وطن کیا گیا۔ اس میں ان کے زیورات تھے۔ راوی کا بیان ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے سعیہ یہودی سے کہا کہ حیی بن اخطب کا تھیلا کہاں ہے؟ اس نے کہا کہ لڑائیوں کے اخراجات میں جاتا رہا۔ صحابۂ کرام کو تھیلا مل گیا تو ابن ابی حقیق کو قتل کر دیا گیا۔ ان کی عورتوں اور بچوں کو قید کر لیا گیا اور انہیں جلا وطن کرنے کا ارادہ کیا۔ وہ عرض گزار ہوئے اے محمد! ہمیں چھوڑ دیجیے۔ ہم اسی زمین میں کام کریں اور جو اس سے پیداوار حاصل ہو اس کا نصف آپ کو دیں اور نصف خود لیں۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اپنی ازواج مطہرات میں سے ہر ایک کو اس آمدنی سے اسی وسق کھجوریں اور بیس وسق جو عطا فرمایا کرتے تھے۔

۱۲۲۲ - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ نَا يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ نَا أَبِي عَنِ ابْنِ إِسْحٰقَ قَالَ حَدَّثَنِي نَافِعٌ مَوْلَى عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ أَنَّ عُمَرَ قَالَ يَا أَيُّهَا النَّاسُ إِنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ عَامَلَ يَهُودَ خَيْبَرَ عَلَى أَنْ نُخْرِجَهُمْ إِذَا شِئْنَا فَمَنْ كَانَ لَهُ مَالٌ فَلْيَلْحَقْ بِهِ فَإِنِّي مُخْرِجٌ يَهُودَ فَأَخْرَجَهُمْ۔

نافع مولیٰ عبد اللہ بن عمر نے حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ اے لوگو! بیشک رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے خیبر کے یہودیوں سے معاملہ کیا تھا کہ جب ہم چاہیں تمہیں نکال دیں گے پس جس کے پاس مال ہو وہ اسے سنبھال لے کیونکہ میں یہودیوں کو نکالنے لگا ہوں۔ پس انہیں نکال دیا۔

۱۲۲۳ - حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ الْمَهْرِيُّ نَا ابْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي أُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ اللَّيْثِيُّ عَنْ نَافِعٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ لَمَّا افْتُتِحَتْ خَيْبَرُ سَأَلَتْ يَهُودُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يُقِرَّهُمْ عَلَى أَنْ يَعْمَلُوا عَلَى النِّصْفِ مِمَّا خَرَجَ مِنْهَا فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أُقِرُّكُمْ عَلَى ذَلِكَ فِيهَا مَا شِئْنَا فَكَانُوا عَلَى ذَلِكَ وَكَانَ التَّمْرُ يُقْسَمُ

نافع سے روایت ہے کہ حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا۔ جب خیبر فتح کیا گیا تو یہود نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے سوال کیا کہ انہیں برقرار رکھا جائے تاکہ وہ نصف حصے پر کام کاج کریں۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ہم تمہیں برقرار رکھیں گے جب تک چاہیں گے وہ اسی حالت پر رہے اور خیبر کی کھجوریں دو برابر حصوں میں تقسیم کر لی جاتی تھیں اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم خمس لے لیا کرتے اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

www.sirat-e-mustaqeem.com

عَلَى أَنْ يُسْهِمَانِ مِنْ نِصْفِ خَيْبَرَ وَيَأْخُذُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْخُمُسَ وَكَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَطْعَمَ كُلَّ امْرَأَةٍ مِنْ أَزْوَاجِهِ مِنَ الْخُمُسِ مِائَةَ وَسْقٍ تَمْرًا وَعِشْرِينَ وَسْقًا مِنْ شَعِيرٍ فَلَمَّا أَرَادَ عُمَرُ إِخْرَاجَ الْيَهُودِ أَرْسَلَ إِلَى أَزْوَاجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَهُنَّ مَنْ أَحَبَّ مِنْكُنَّ أَنْ أَقْسِمَ لَهَا نَخْلًا بِخَرْصِهَا مِائَةَ وَسْقٍ فَيَكُونَ لَهَا أَصْلُهَا وَأَرْضُهَا وَمَاؤُهَا وَمِنَ الزَّرْعِ مَزْرَعَةً خَرْصَ عِشْرِينَ وَسْقًا فَعَلْنَا وَمَنْ أَحَبَّ أَنْ نَعْزِلَ الَّذِي لَهَا فِي الْخُمُسِ كَمَا هُوَ فَعَلْنَا۔

خمس سے اپنی ازواج مطہرات میں سے ہر ایک کو سو وسق کھجوریں اور بیس وسق جَو عطا فرمایا کرتے۔ جب حضرت عمر نے یہود کو نکالنے کا ارادہ فرمایا تو نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ازواج مطہرات کے لیے پیغام بھیجا کہ آپ میں سے جو چاہے میں انہیں سو وسق کے اندازے سے کھجور کے درخت تقسیم کر دوں لیکن اصل درخت زمین اور پانی اپنا ہوگا اور زرعی زمین سے اتنی جس میں بیس وسق پیدا ہو سکیں۔ فرمائیں تو ہم ایسا کر دیں اور جو چاہیں کہ ہم خمس میں سے ان کا وہی حصہ نکالیں تو ہم ایسا کر دیا کریں گے۔

۱۲۳۵۔ حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ مُعَاذٍ نَا عَبْدُ الْوَارِثِ ح وَنَا يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ وَزِيَادُ بْنُ أَيُّوبَ أَنَّ إِسْمَعِيلَ بْنَ إِبْرَاهِيمَ حَدَّثَهُمْ عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ صُهَيْبٍ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غَزَا خَيْبَرَ فَأَصَبْنَاهَا عَنْوَةً فَجُمِعَ السَّبْيُ۔

داؤد بن معاذ، عبد الوارث۔ یعقوب بن ابراہیم، زیاد بن ایوب، اسمٰعیل بن ابراہیم، عبد العزیز بن صہیب نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے غزوہ خیبر فرمایا تو ہم نے اسے لڑ کر حاصل کیا لہٰذا قیدی (ان کے بیوی بچے) جمع کیے گئے۔

۱۲۳۶۔ حَدَّثَنَا الرَّبِيعُ بْنُ سُلَيْمَانَ الْمُؤَذِّنُ نَا أَسَدُ بْنُ مُوسَى نَا يَحْيَى بْنُ زَكَرِيَّا حَدَّثَنِي سُفْيَانُ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ عَنْ بُشَيْرِ بْنِ يَسَارٍ عَنْ سَهْلِ بْنِ أَبِي حَثْمَةَ قَالَ قَسَمَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَيْبَرَ نِصْفَيْنِ نِصْفًا لِنَوَائِبِهِ وَحَاجَتِهِ وَنِصْفًا بَيْنَ الْمُسْلِمِينَ قَسَمَهَا بَيْنَهُمْ عَلَى ثَمَانِيَةَ عَشَرَ سَهْمًا۔

ربیع بن سلیمان مؤذن، اسد بن موسیٰ، یحییٰ بن زکریا، سفیان، یحییٰ بن سعید، بشیر بن یسار سے روایت ہے کہ حضرت سہل بن ابی حثمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے خیبر کو دو حصوں میں تقسیم فرمایا۔ نصف حصہ اپنے کاموں اور ضروریات کے لیے رکھا اور دوسرا نصف مسلمانوں کے درمیان تقسیم فرما دیا جس کے اٹھارہ حصے بنائے گئے۔

۱۲۳۷۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ سَعِيدٍ الْكِنْدِيُّ نَا أَبُو خَالِدٍ يَعْنِي سُلَيْمَانَ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ عَنْ بُشَيْرِ بْنِ يَسَارٍ قَالَ لَمَّا أَفَاءَ اللَّهُ عَلَى نَبِيِّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَيْبَرَ فَقَسَمَهَا عَلَى سِتَّةٍ وَثَلَاثِينَ سَهْمًا جَمَعَ كُلُّ سَهْمٍ مِائَةَ سَهْمٍ

یحییٰ بن سعید سے روایت ہے کہ بشیر بن یسار نے فرمایا جب اللہ تعالیٰ نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو خیبر کی غنیمت عطا فرمائی تو آپ نے اسے چھتیس میں تقسیم فرمایا پس اس میں سے نصف حصہ تو اپنی ضروریات کے لیے رکھ لیا جو زمین کہ وطیحہ، کتیبہ اور ان دونوں سے ملحقہ بھی اور دوسرے

www.sirat-e-mustaqeem.com

فَعَزَلَ نِصْفَهَا لِنَوَائِبِهِ وَمَا يَنْزِلُ بِهِ الْوَطِيْحَةُ وَالْكُتَيْبَةُ وَمَا أُحِيزَ مَعَهُمَا وَعَزَلَ نِصْفَ الْأُخْرَى فَقَسَمَهُ بَيْنَ الْمُسْلِمِينَ الشِّقُّ وَالنَّطَاةُ وَمَا أُحِيزَ مَعَهُمَا وَكَانَ سَهْمُ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيمَا أُحِيزَ مَعَهُمَا.

نصف رلیتی اٹھارہ حصوں کو مسلمانوں میں تقسیم فرمادیا جو شق نطاۃ اور ان دونوں کے قریب والی زمین تھی اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا حصہ بھی ان دونوں بستیوں کے نزدیک ہی تھا۔

۱۲۳۸۔ حَدَّثَنَا حُسَيْنُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْأَسْوَدِ أَنَّ يَحْيَى بْنَ آدَمَ حَدَّثَهُمْ عَنْ أَبِي شِهَابٍ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ عَنْ بُشَيْرِ بْنِ يَسَارٍ أَنَّهُ سَمِعَ نَفَرًا مِنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالُوا فَذَكَرَ هَذَا الْحَدِيثَ قَالَ فَكَانَ النِّصْفُ سِهَامَ الْمُسْلِمِينَ وَسَهْمَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَزَلَ النِّصْفَ لِلْمُسْلِمِينَ لِمَا يَنُوبُهُ مِنَ الْأُمُورِ وَالنَّوَائِبِ.

یحییٰ بن سعید سے روایت ہے کہ بشیر بن یسار نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے کتنے ہی اصحاب کو فرماتے ہوئے سنا۔ پھر اس حدیث کو بیان کرتے ہوئے فرمایا نصف میں مسلمانوں کے حصے تھے اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا حصہ بھی تھا اور دوسرے نصف کو مسلمانوں کے لیے رکھ چھوڑا تاکہ یہ ان کے ضروری امور اور حوادث وغیرہ میں کام آئے۔

۱۲۳۹۔ حَدَّثَنَا حُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ نَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ عَنْ بُشَيْرِ بْنِ يَسَارٍ مَوْلَى الْأَنْصَارِ عَنْ رِجَالٍ مِنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا ظَهَرَ عَلَى خَيْبَرَ قَسَمَهَا عَلَى سِتَّةٍ وَثَلَاثِينَ سَهْمًا جَمَعَ كُلُّ سَهْمٍ مِائَةَ سَهْمٍ فَكَانَ لِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلِلْمُسْلِمِينَ النِّصْفُ مِنْ ذَلِكَ وَعَزَلَ النِّصْفَ الْبَاقِيَ لِمَنْ نَزَلَ بِهِ مِنَ الْوُفُودِ وَالْأُمُورِ وَنَوَائِبِ النَّاسِ.

بشیر بن یسار مولی انصار نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے کئی اصحاب سے روایت کی ہے کہ جب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم خیبر پر غالب آئے تو آپ نے اس کے مال کو چھتیس حصوں میں تقسیم فرمایا۔ ہر حصے میں سو حصوں کو جمع فرمایا پس اس میں سے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور مسلمانوں کے لیے نصف تھا اور دوسرے باقی نصف حصے کو علیحدہ کر دیا وفود کے اخراجات دیگر ضروری امور اور مسلمانوں کی ضروریات کے لیے۔

۱۲۴۰۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مِسْكِينٍ الْيَمَامِيُّ نَا يَحْيَى بْنُ حَسَّانَ نَا سُلَيْمَانُ يَعْنِي ابْنَ بِلَالٍ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ عَنْ بُشَيْرِ بْنِ يَسَارٍ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا أَفَاءَ اللَّهُ عَلَيْهِ خَيْبَرَ قَسَمَهَا سِتَّةً وَثَلَاثِينَ سَهْمًا جَمْعًا فَعَزَلَ لِلْمُسْلِمِينَ الشَّطْرَ ثَمَانِيَةَ عَشَرَ

یحییٰ بن سعید نے بشیر بن یسار سے روایت کی ہے کہ جب اللہ تعالیٰ نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو خیبر کا مال غنیمت عطا فرمایا تو آپ نے سارے مال کو چھتیس حصوں میں تقسیم کیا۔ پس اٹھارہ حصے تو مسلمانوں کے لیے علیحدہ کر لیے اور ہر حصے میں سو حصے جمع فرما دیئے اور ان کے ساتھ دوسرے لوگوں کی طرح نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا حصہ بھی تھا اور

سَهْمًا يَجْمَعُ كُلُّ سَهْمٍ مِائَةً النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ
وَسَلَّمَ مَعَهُمْ لَهُ سَهْمٌ كَسَهْمِ أَحَدِهِمْ وَعَزَلَ
رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَمَانِيَةَ عَشَرَ
سَهْمًا وَهُوَ الشَّطْرُ لِنَوَائِبِهِ وَمَا يَنْزِلُ بِهِ
مِنْ أَمْرِ الْمُسْلِمِينَ وَكَانَ ذَلِكَ الْوَطِيحَ وَ
الْكُتَيْبَةَ وَالسُّلَالِمَ وَتَوَابِعَهَا فَلَمَّا صَارَتِ
الْأَمْوَالُ بِيَدِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
وَالْمُسْلِمِينَ لَمْ يَكُنْ لَهُمْ عُمَّالٌ يَكْفُونَهُمْ
عَمَلَهَا فَدَعَا رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
الْيَهُودَ فَعَامَلَهُمْ۔

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اٹھارہ حصے یعنی باقی نصف اپنی ضروریات اور مسلمانوں کے امور کی خاطر علیٰحدہ کر دیئے یہ وطیح، کتیبہ، سلالم اور ان کے متعلقات کی زمین تھی جب یہ زمینیں نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور مسلمانوں کے قبضے میں آئیں اور ان کے پاس ایسے آدمی نہ تھے جو ان کی جگہ کام کریں تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے یہود کو بلا کر ان کے ساتھ معاملہ طے کر لیا۔

۱۲۴۱ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِيسَى نَا مُجَمِّعُ
ابْنُ يَعْقُوبَ بْنِ مُجَمِّعِ بْنِ يَزِيدَ الْأَنْصَارِيُّ
قَالَ سَمِعْتُ أَبِي يَعْقُوبَ بْنَ مُجَمِّعٍ يَذْكُرُ
لِي عَنْ عَمِّهِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ يَزِيدَ الْأَنْصَارِيِّ
عَنْ عَمِّهِ مُجَمِّعِ بْنِ جَارِيَةَ الْأَنْصَارِيِّ وَ
كَانَ أَحَدَ الْقُرَّاءِ الَّذِينَ قَرَءُوا الْقُرْآنَ قَالَ
قُسِمَتْ خَيْبَرُ عَلَى أَهْلِ الْحُدَيْبِيَةِ فَقَسَمَهَا
رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى ثَمَانِيَةَ
عَشَرَ سَهْمًا وَكَانَ الْجَيْشُ أَلْفًا وَخَمْسَمِائَةٍ
فِيهِمْ ثَلَاثُ مِائَةِ فَارِسٍ فَأَعْطَى الْفَارِسَ
سَهْمَيْنِ وَأَعْطَى الرَّاجِلَ سَهْمًا۔

ابو یعقوب بن مجمع نے اپنے چچا جان عبدالرحمٰن بن یزید انصاری سے روایت کی ہے کہ قرآن مجید پڑھانے والے قاریوں میں سے حضرت مجمع بن جاریہ انصاری رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ خیبر کے مال کو اہل حدیبیہ پر تقسیم فرمایا گیا پس رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اسے اٹھارہ حصوں میں تقسیم فرمایا جبکہ لشکر میں پندرہ سو افراد تھے جن میں تین سو سوار تھے پس آپ نے سوار کو دو حصے اور پیدل کو ایک حصہ مرحمت فرمایا۔

۱۲۴۲ حَدَّثَنَا حُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ الْعِجْلِيُّ
نَا يَحْيَى يَعْنِي ابْنَ آدَمَ نَا ابْنُ أَبِي زَائِدَةَ عَنْ
مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحٰقَ عَنِ الزُّهْرِيِّ وَعَبْدِ اللهِ بْنِ
أَبِي بَكْرٍ وَبَعْضِ وَلَدِ مُحَمَّدِ بْنِ مَسْلَمَةَ قَالُوا
بَقِيَتْ بَقِيَّةٌ مِنْ أَهْلِ خَيْبَرَ فَتَحَصَّنُوا فَسَأَلُوا
رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يَحْقِنَ
دِمَاءَهُمْ وَيُسَيِّرَهُمْ فَفَعَلَ فَسَمِعَ بِذٰلِكَ
أَهْلُ فَدَكَ فَنَزَلُوا عَلَى مِثْلِ ذٰلِكَ فَكَانَتْ

عبداللہ بن ابوبکر سے روایت ہے کہ حضرت محمد بن مسلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے بعض لڑکوں نے فرمایا۔ خیبر والوں میں سے جو بعض رہ گئے تو وہ قلعے میں محصور ہو گئے۔ انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے سوال کیا کہ ان کے خون معاف فرما دیئے جائیں اور انہیں یہاں سے چلے جانے کی اجازت دی جائے۔ آپ نے ایسا ہی کیا۔ یہ بات جب فدک والوں نے سنی تو وہ بھی اسی شرط پر اتر آئے کیس یہ (فدک) خاص رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہی کا حصہ تھا کیونکہ

www.sirat-e-mustaqeem.com

لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَاصَّةً لِأَنَّهُ لَمْ يُوجِفْ عَلَيْهَا بِخَيْلٍ وَلَا رِكَابٍ.

اس کو فتح کرنے کے لیے کسی نے گھوڑے، یا اونٹ نہیں دوڑائے تھے۔

۱۲۴۳- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ فَارِسٍ نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنْ جُوَيْرِيَةَ عَنْ مَالِكٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ أَنَّ سَعِيدَ بْنَ الْمُسَيَّبِ أَخْبَرَهُ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ افْتَتَحَ بَعْضَ خَيْبَرَ عَنْوَةً قَالَ أَبُو دَاوُدَ قُرِئَ عَلَى الْحَارِثِ بْنِ مِسْكِينٍ وَأَنَا شَاهِدٌ أَخْبَرَكُمُ ابْنُ وَهْبٍ قَالَ حَدَّثَنِي مَالِكٌ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ أَنَّ خَيْبَرَ كَانَ بَعْضُهَا عَنْوَةً وَبَعْضُهَا صُلْحًا وَالْكَتِيبَةُ أَكْثَرُهَا عَنْوَةً وَفِيهَا صُلْحٌ قُلْتُ لِمَالِكٍ وَمَا الْكَتِيبَةُ قَالَ أَرْضُ خَيْبَرَ وَهِيَ أَرْبَعُونَ أَلْفَ عَذْقٍ.

محمد بن یحییٰ بن فارس، عبد اللہ بن محمد، جویریہ، مالک، زہری کو سعید بن مسیب نے بتایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے خیبر کو بزور شمشیر فتح کیا۔ امام ابو داؤد نے فرمایا کہ یہ حدیث حارث بن مسکین کے سامنے پڑھی گئی اور میں موجود ہونے کی بنا پر آپ کو بتاتا ہوں بواسطہ ابن وہب، امام مالک نے ابن شہاب سے روایت کی کہ خیبر کا بعض حصہ لڑ کر حاصل کیا گیا اور بعض صلح کے ذریعے۔ کتیبہ کا اکثر حصہ لڑ کر لیا گیا جبکہ اس میں صلح ہوئی۔ میں (ابن وہب) نے امام مالک سے کہا کہ کتیبہ کیا ہے؟ فرمایا کہ سرزمین خیبر کا ایک ٹکڑا ہے جس میں فدق کھجور کے چالیس ہزار درخت تھے۔

۱۲۴۴- حَدَّثَنَا ابْنُ السَّرْحِ نَا ابْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي يُونُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ بَلَغَنِي أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ افْتَتَحَ خَيْبَرَ عَنْوَةً بَعْدَ الْقِتَالِ وَنَزَلَ مَنْ نَزَلَ مِنْ أَهْلِهَا عَلَى الْجَلَاءِ بَعْدَ الْقِتَالِ.

یونس سے روایت ہے کہ ابن شہاب نے فرمایا بیشک رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے خیبر کو لڑائی کے ذریعے فتح فرمایا۔ معرکہ آرائی کے بعد باقی لوگ جلاوطنی کی شرط پر نیچے اتر آئے تھے۔

۱۲۴۵- حَدَّثَنَا ابْنُ السَّرْحِ نَا ابْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي يُونُسُ بْنُ يَزِيدَ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ خَمَّسَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَيْبَرَ ثُمَّ قَسَمَ سَائِرَهَا عَلَى مَنْ شَهِدَهَا وَمَنْ غَابَ عَنْهَا مِنْ أَهْلِ الْحُدَيْبِيَةِ.

یونس بن یزید سے روایت ہے کہ ابن شہاب نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے خیبر کی غنیمت سے خمس لیا پھر سارے مال کو موجودہ حضرات میں تقسیم فرما دیا اور حدیبیہ والوں میں سے جو موجود نہ تھے۔

۱۲۴۶- حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ عَنْ مَالِكٍ عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عُمَرَ قَالَ لَوْلَا آخِرُ الْمُسْلِمِينَ مَا فُتِحَتْ قَرْيَةٌ إِلَّا قَسَمْتُهَا كَمَا قَسَمَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ.

زید بن اسلم نے اپنے والد ماجد سے روایت کی ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا اگر مجھے پچھلے مسلمانوں کا خیال نہ ہوتا تو جس شہر کو فتح کیا جاتا اس کی غنیمت کو تقسیم کر دیا کرتا جیسے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے خیبر کو تقسیم فرما دیا تھا۔

باب ۲۷۵ ما جاء فی خبر مکۃ

۱۲۴۷۔ حدثنا عثمان بن ابی شیبۃ نا یحیی بن آدم نا ابن ادریس عن محمد بن اسحق عن الزھری عن عبید اللہ بن عبد اللہ بن عتبۃ عن ابن عباس ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عام الفتح جاءہ العباس بن عبد المطلب بابی سفیان بن حرب فاسلم بمر الظھران فقال لہ العباس یا رسول اللہ ان ابا سفیان رجل یحب ھذا الفخر فلو جعلت لہ شیئا قال نعم من دخل دار ابی سفیان فھو امن ومن اغلق بابہ فھو امن۔

مکہ مکرمہ کا حال

عبید اللہ بن عبد اللہ بن عتبہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ فتح مکہ کے سال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں حضرت عباس بن عبد المطلب حاضر ہوئے ابوسفیان بن حرب کو لے کر جنہوں نے مر الظہران کے مقام پر اسلام قبول کر لیا پس حضرت عباس عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ! بیشک ابوسفیان شہرت پسند آدمی ہیں لہٰذا انہیں کوئی اعزاز مرحمت فرما دیا جائے۔ فرمایا ٹھیک ہے لہٰذا جو ابوسفیان کے گھر میں داخل ہو جائے اسے امان ہوگی اور جو اپنے گھر کا دروازہ بند کر لے اسے بھی امان ہوگی۔

۱۲۴۸۔ حدثنا محمد بن عمرو الرازی نا سلمۃ یعنی ابن الفضل عن محمد بن اسحق عن العباس بن عبد اللہ بن معبد عن بعض اھلہ عن ابن عباس قال لما نزل النبی صلی اللہ علیہ وسلم بمر الظھران قال العباس قلت واللہ لئن دخل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مکۃ عنوۃ قبل ان یاتوہ فیستامنوہ انہ لھلاک قریش فجلست علی بغلۃ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقلت لعلی اجد ذا حاجۃ یاتی اھل مکۃ فیخبرھم بمکان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لیخرجوا الیہ فیستامنوہ فانی لاسیر اذ سمعت کلام ابی سفیان وبدیل بن ورقاء فقلت یا ابا حنظلۃ فعرف صوتی فقال ابو الفضل قلت نعم قال مالک فداک ابی وامی قلت ھذا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم والناس قال فما الحیلۃ قال فرکب

عباس بن عبد اللہ بن معبد نے اپنے بعض گھر والوں سے روایت کی ہے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا۔ جب نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مر الظہران کے مقام پر اترے تو حضرت عباس نے اپنے دل میں کہا کہ اگر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اس لشکر جرار کو لے کر مکہ مکرمہ میں داخل ہو گئے اس سے پہلے کہ وہ لوگ حاضر بارگاہ ہو کر امان حاصل کر لیں تو قریش ہلاک کر دیئے جائیں گے لیں میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے خچر پر سوار ہو کر شاید ضرورت کے تحت آتا ہوا کوئی شخص مل جائے اہل مکہ سے جو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تشریف آوری کے متعلق انہیں بتائے تاکہ وہ آپ کی خدمت میں حاضر ہو کر امان حاصل کر لیں میں ان خیالات میں پھنسا ہوا تھا کہ میں نے ابوسفیان اور بدیل بن ورقاء کی گفتگو سنی۔ میں نے کہا۔ اے ابو حنظلہ! انہوں نے میری آواز پہچان کر کہا۔ ابو الفضل! میں نے کہا ہاں۔ کہا کہ میرے ماں باپ آپ پر قربان کیا بات ہے؟ میں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم لوگوں کو لے کر آئے ہوئے ہیں کہا کہ حیلہ کیا ہو؟ فرمایا کہ میرے پیچھے بیٹھ جایئے اور

www.sirat-e-mustaqeem.com

www.sirat-e-mustaqeem.com

خَلْفِي وَرَجِيمٍ صَاحِبٌ فَلَمَّا أَصْبَحَ غَدَوْتُ بِهِ عَلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قُلْتُ يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنَّ أَبَا سُفْيَانَ رَجُلٌ يُحِبُّ هَذَا الْفَخْرَ فَاجْعَلْ لَهُ شَيْئًا قَالَ نَعَمْ مَنْ دَخَلَ دَارَ أَبِي سُفْيَانَ فَهُوَ آمِنٌ وَمَنْ أَغْلَقَ عَلَيْهِ دَارَهُ فَهُوَ آمِنٌ وَمَنْ دَخَلَ الْمَسْجِدَ فَهُوَ آمِنٌ قَالَ فَتَفَرَّقَ النَّاسُ إِلَى دُورِهِمْ وَإِلَى الْمَسْجِدِ

حضور کے پاس لوٹ آئے۔ جب صبح ہوئی تو میں انہیں لے کر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو گیا۔ عرض گزار ہوا کہ یا رسول اللہ! بیشک ابوسفیان نام ونمود کو دوست رکھنے والے آدمی ہیں تو انہیں کوئی اعزاز بخش دیجیے۔ فرمایا اچھا جو ابوسفیان کے گھر میں داخل ہو جائے اسے امان ہے اور جو اپنے گھر کا دروازہ بند کرلے اسے امان ہے اور جو مسجد (بیت اللہ) میں داخل ہو جائے اسے امان ہے۔

راوی کا بیان ہے کہ لوگ اپنے گھروں اور بیت اللہ کی طرف دوڑنے لگے۔

ف۔ سبحان اللہ! یہ رحمت دوعالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی انتہائی شان کریمانہ ہے کہ فتح مکہ کے وقت آپ نے عام اعلان کروا دیا کہ جو ابوسفیان کے گھر میں داخل ہو جائے گا اسے امان ہے یعنی کوئی مسلمان اسے قتل نہیں کرے گا۔ ابوسفیان نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور آپ کے ساتھیوں کو اذیت پہنچانے میں کوئی کسر باقی نہیں چھوڑی تھی۔ فتح مکہ تک اسلام اور مسلمانوں کو صفحۂ ہستی سے مٹانے پر سارا زور لگا دیا تھا۔ اب جبکہ وہ مسلمان ہو گئے، اسلام قبول کر لیا تو دوسرا کوئی زیادہ سے زیادہ یہی کر سکتا تھا کہ ان کے سابقہ سلوک کو معاف کر دیا اور کسی قسم کی باز پرس نہ کی جاتی اور لَا تَثْرِيبَ عَلَيْكُمُ الْيَوْمَ۔ (۱۲ : ۹۲) کے مژدہ جانفزا پر ہی اکتفا کی جاتی لیکن جتنے دشمن اس وقت زمین کے سینے پر چلتے پھرتے تھے ان میں حضرت ابوسفیان رضی اللہ تعالیٰ عنہ اپنی مثال خود آپ تھے۔ چونکہ وہ اسلام قبول کر کے امت محمدیہ میں شامل ہو گئے تو بے مثال دشمن کو حلقہ بگوش اسلام دیکھ کر کائناتِ ارضی وسماوی کی اس بے مثال ہستی اور رحمت کونین کا دریائے کرم بھی ایسا جوش میں آیا کہ حضرت ابوسفیان کے گھر کو بھی دشمنوں کے لئے دارالامان بنا دیا۔ رحمت دوعالم صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت مقدسہ ایسی تابناک اور دلکش ہے جس کے باعث اسلام دنیا کے ہر گوشے میں جلوہ گر ہو کر رہا اور باطل کی آندھیاں اپنی تمام تر فتنہ سامانیوں کے باوجود اس شمع ہدایت کو بجھانے میں ناکام ہی رہیں۔ افسوس! آج ہم سیرت رسول عربی کا عملی نمونہ پیش کرنے سے قاصر ہو بیٹھے ہیں اور میلاد النبی یا سیرت النبی کے نام سے جلسے کر لینا ہی کافی سمجھ بیٹھے ہیں۔ چاہیے تو یہ کہ مسلمان کی گفتار و کردار سے خوشبو پھوٹ رہی ہو کہ دیکھنے والا فوراً پہچان جائے کہ یہ محمد عربی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا غلام ہے۔ ستم ظریفی کہ خوشبو کے بجائے ہمارے اخلاق و کردار سے ایسی بدبو آتی ہے کہ دیگر اقوام عالم کے سامنے مسلمان سامان تضحیک ہو کر رہ گئے ہیں۔ شاعر مشرق ڈاکٹر محمد اقبال مرحوم نے مسلمانوں کی اس حالت پر یوں مرثیہ خوانی کی ہے۔

وضع میں تم ہو نصاریٰ اور تمدن میں ہنود
یہ مسلماں ہیں جنہیں دیکھ کے شرمائیں یہود

۱۲۴۹۔ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ الصَّبَّاحِ نَا إِسْمَعِيلُ يَعْنِي ابْنَ عَبْدِ الْكَرِيمِ نَا إِبْرَاهِيمُ ابْنُ عُقَيْلِ بْنِ مَعْقِلٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ وَهْبٍ قَالَ سَأَلْتُ جَابِرًا هَلْ غَنِمُوا يَوْمَ الْفَتْحِ شَيْئًا قَالَ لَا.

حسن بن صباح، اسمٰعیل بن عبد الکریم، ابراہیم بن عقیل بن معقل ان کے والد ماجد وہب کا بیان ہے کہ میں نے حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے پوچھا کیا فتح مکہ سے غنیمت حاصل ہوئی؟ فرمایا نہیں۔

۱۲۵۰۔ حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ نَا سَلَّامٌ

عبد اللہ بن رباح انصاری نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ

www.sirat-e-mustaqeem.com

ابن مسکین نا ثابت البنانی عن عبد الله بن
رباح الانصاری عن ابی هریرة ان النبی صلی
الله علیه وسلم لما دخل مکة سرح الزبیر
ابن العوام وابا عبیدة بن الجراح وخالد
ابن الولید علی الخیل وقال یا ابا هریرة
اهتف بالانصار قال اسلکوا هذا الطریق
فلا یشرفن لکم احد الا انمتموه فنادی مناد
لا قریش بعد الیوم فقال رسول الله صلی الله
علیه وسلم من دخل دارا فهو امن ومن
القی السلاح فهو امن وعمد صنادید
قریش فدخلوا الکعبة فغص بهم وطاف
النبی صلی الله علیه وسلم وصلی خلف
المقام ثم اخذ بجنبتی الباب فخرجوا
فبایعوا النبی صلی الله علیه وسلم
علی الاسلام۔

تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب مکہ مکرمہ میں داخل ہوئے تو حضرت زبیر بن العوام، حضرت ابو عبیدہ ابن الجراح اور حضرت خالد بن ولید کو گھوڑوں پر روانہ کیا اور فرمایا اے ابو ہریرہ! انصار کو بتا دو کہ اس راستے سے جائیں اور جو بھی ان کے راستے میں حائل ہو اسے قتل کر دیں۔ پس ایک شخص نے منادی کی کہ آج کے بعد کوئی قریش نہیں۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو گھر میں داخل ہو جائے اسے امان ہے جو ہتھیار ڈال دے اسے امان ہے۔ پس قریش کے سردار خانہ کعبہ میں داخل ہو گئے اور ان کے ساتھ وہ بھر گیا۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے طواف کیا، مقام ابراہیم کے پیچھے نماز پڑھی۔ پھر دروازہ کعبہ کے دونوں پہلو پکڑ لیے تو وہ لوگ باہر نکل آئے اور اسلام پر نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے بیعت ہو گئے۔

باب ۵۲ ما جاء فی خبر الطائف۔

فتح طائف کا حال

۱۲۵۱۔ حدثنا الحسن بن الصباح نا
اسمعیل یعنی ابن عبد الکریم حدثنی
ابراهیم یعنی ابن عقیل بن منبه عن ابیه
عن وهب قال سألت جابرا عن شأن
ثقیف اذ بایعت قال اشترطت علی النبی
صلی الله علیه وسلم ان لا صدقة علیها
ولا جهاد وانه سمع النبی صلی الله علیه
وسلم بعد ذلک یقول سیتصدقون
ویجاهدون اذا اسلموا۔

حسن بن صباح، اسمٰعیل بن عبد الکریم، ابراہیم بن عقیل بن منبہ ان کے والد ماجد وہب کا بیان ہے کہ میں نے حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ثقیف کے متعلق دریافت کیا جبکہ انہوں نے بیعت کی فرمایا کہ انہوں نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حضور شرط رکھی تھی کہ وہ زکوٰۃ نہیں دیں گے اور نہ جہاد کریں گے۔ اس کے بعد انہوں نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ عنقریب وہ زکوٰۃ دیں گے اور جہاد بھی کریں گے جبکہ مسلمان بھی ہو جائیں گے۔

۱۲۵۲۔ حدثنا احمد بن علی بن سوید
یعنی ابن منجوف نا ابو داود عن حماد بن
سلمة عن حمید عن الحسن عن عثمان بن
ابی العاص ان وفد ثقیف لما قدموا علی

حسن نے حضرت عثمان بن ابو العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ ثقیف کا وفد جب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوا تو آپ نے انہیں مسجد میں ٹھہرایا تاکہ ان کے دل پگھل جائیں۔ انہوں نے شرط رکھی

www.sirat-e-mustaqeem.com

رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَنْزَلَهُمُ الْمَسْجِدَ لِیَکُوْنَ اَرَقَّ لِقُلُوْبِہِمْ فَاشْتَرَطُوْا عَلَیْہِ اَنْ لَّا یُحْشَرُوْا وَلَا یُعْشَرُوْا وَلَا یُجَبُّوْا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَکُمْ اَنْ لَّا تُحْشَرُوْا وَلَا تُعْشَرُوْا وَلَا خَیْرَ فِیْ دِیْنٍ لَّیْسَ فِیْہِ رُکُوْعٌ۔

بَابُ ۵۲۶ مَا جَآءَ فِیْ حُکْمِ اَرْضِ الْیَمَنِ۔

۱۲۵۳۔ حَدَّثَنَا هَنَّادُ بْنُ السَّرِیِّ عَنْ اَبِیْ اُسَامَةَ عَنْ اَبِیْ مُجَالِدٍ عَنِ الشَّعْبِیِّ عَنْ عَامِرِ بْنِ شَہْرٍ قَالَ خَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ لِیْ هَمْدَانُ هَلْ اَنْتَ اٰتٍ هٰذَا الرَّجُلَ وَمُرْتَادٌ لَنَا فَاِنْ رَضِیْتَ لَنَا شَیْئًا قَبِلْنَاهُ وَاِنْ کَرِهْتَ شَیْئًا کَرِهْنَاهُ قُلْتُ نَعَمْ فَجِئْتُ حَتّٰی قَدِمْتُ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَرَضِیْتُ اَمْرَهُ وَاَسْلَمَ قَوْمِیْ وَکَتَبَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ هٰذَا الْکِتَابَ عَلٰی عُمَیْرٍ ذِیْ مَرَّانَ قَالَ وَبَعَثَ مَالِکُ بْنُ مُرَارَةَ الرَّهَاوِیُّ اِلَی الْیَمَنِ جَمِیْعًا فَاَسْلَمَ عَکٌّ ذُوْ خَیْوَانَ قَالَ فَقِیْلَ لِعَکٍّ انْطَلِقْ اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَخُذْ مِنْہُ الْاَمَانَ عَلٰی قَرْیَتِکَ وَمَالِکَ فَقَدِمَ فَکَتَبَ لَہٗ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ مِنْ مُّحَمَّدٍ رَّسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لِعَکٍّ ذِیْ خَیْوَانَ اِنْ کَانَ صَادِقًا فِیْ اَرْضِہٖ وَمَالِہٖ وَرَقِیْقِہٖ فَلَہُ الْاَمَانُ وَذِمَّةُ اللّٰہِ وَذِمَّةُ مُحَمَّدٍ رَّسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَکَتَبَ خَالِدُ بْنُ سَعِیْدِ بْنِ الْعَاصِ۔

کر وہ جہاد نہیں کریں گے، زکوٰۃ نہیں دیں گے اور نماز نہیں پڑھیں گے۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ یہ تو ہو سکتا ہے کہ جہاد کے لیے نہ بلائے جاؤ اور زکوٰۃ نہ لی جائے لیکن اس دین میں کوئی بھلائی نہیں جس میں رکوع (خدا کے حضور جھک کر نذرانہ عبودیت پیش کرنا) نہ ہو۔

یمن کی زمین کا حکم

شعبی سے روایت ہے کہ حضرت عامر بن شہر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نکلے تو ہمدان نے مجھ سے کہا کیا آپ سے یہ ہو سکتا ہے کہ اس آدمی (حضور) کے پاس ہماری طرف سے جا کر گفتگو کریں اگر ہمارے لیے کسی چیز سے خوش ہوں گے تو ہم اسے قبول کر لیں گے اور اگر کسی چیز کو آپ ناپسند کریں تو ہم بھی پسند نہیں کریں گے میں نے کہا بہت اچھا۔ پس میں گیا یہاں تک کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو گیا مجھے ان کا دین اچھا معلوم ہوا لہٰذا میری قوم مسلمان ہو گئی اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ذی مران والے عمیر کے لیے ایسی ہی تحریر بھیجی۔ راوی کا بیان ہے کہ مالک بن مرارہ رہاوی کو تمام اہل یمن کی طرف بھیجا گیا تو عک ذو خیوان مسلمان ہو گیا۔ عک سے کہا گیا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر اپنی بستی کے لیے امان حاصل کر لو اور اپنے مال کے لیے۔ وہ حاضر خدمت ہوئے تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے انہیں تحریر لکھ دی "اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے۔ اللہ کے رسول محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی طرف سے عک ذی خیوان کے لیے اگر وہ سچا ہے تو اس کی زمین اس کے مال اور اس کے غلاموں میں اس کے لیے امان اور ذمہ ہے اللہ کا اور ذمہ ہے محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا یہ تحریر حضرت خالد ۲ بن سعید بن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے لکھی۔

۱۲۵۴ — حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَحْمَدَ الْقُرَشِيُّ وَهَارُونُ بْنُ عَبْدِ اللهِ أَنَّ عَبْدَ اللهِ بْنَ الزُّبَيْرِ حَدَّثَهُمْ قَالَ نَا فَرَجُ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنِي عَمِّي ثَابِتُ بْنُ سَعِيدٍ عَنْ أَبِيهِ سَعِيدٍ يَعْنِي ابْنَ أَبْيَضَ عَنْ جَدِّهِ أَبْيَضَ بْنِ حَمَّالٍ أَنَّهُ كَلَّمَ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الصَّدَقَةِ حِينَ وَفَدَ عَلَيْهِ فَقَالَ يَا أَخَا سَبَا لَا بُدَّ مِنْ صَدَقَةٍ فَقَالَ إِنَّمَا زَرَعْنَا الْقُطْنَ يَا رَسُولَ اللهِ وَقَدْ تَبَدَّدَتْ سَبَا وَلَمْ يَبْقَ مِنْهُمْ إِلَّا قَلِيلٌ بِمَأْرِبَ فَصَالَحَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى سَبْعِينَ حُلَّةً مِنْ قِيمَةِ وَفَاءِ بَزِّ الْمَعَافِرِ كُلَّ سَنَةٍ عَمَّنْ بَقِيَ مِنْ سَبَا بِمَأْرِبَ فَلَمْ يَزَالُوا يُؤَدُّونَهَا حَتَّى قُبِضَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَإِنَّ الْعُمَّالَ انْتَقَضُوا عَلَيْهِمْ بَعْدَ قَبْضِ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيمَا صَالَحَ أَبْيَضُ بْنُ حَمَّالٍ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْحُلَلِ السَّبْعِينَ فَرَدَّ ذَلِكَ أَبُو بَكْرٍ عَلَى مَا وَضَعَهُ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّى مَاتَ أَبُو بَكْرٍ فَلَمَّا مَاتَ أَبُو بَكْرٍ انْتَقَضَ ذَلِكَ وَصَارَتْ عَلَى الصَّدَقَةِ۔

سعید بن ابیض نے اپنے والد ماجد حضرت ابیض بن حمال رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے صدقہ کے بارے میں گفتگو کی جبکہ وہ وفد میں آئے تھے۔ آپ نے فرمایا۔ اے سبا کے بھائی! صدقہ کے بغیر چارہ نہیں۔ عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ! ہم کپاس کی کاشت کاری کرتے ہیں سبا والے اب بدل گئے ہیں۔ اب تھوڑے سے آدمی مآرب میں رہ گئے ہیں۔ پس نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان سے سالانہ معافر کپڑے کے ستر جوڑے دینے طے کیے۔ ان سبا والوں سے جو معارب میں باقی رہ گئے تھے۔ وہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی وفات تک برابر ادا کرتے رہے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے وصال کے بعد عمال نے وہ عہد توڑ دیا جو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت ابیض بن حمال سے ستر جوڑے طے کیے تھے پس حضرت ابوبکر نے اسی عہد کو برقرار کیا جو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے طے فرمایا تھا۔ یہاں تک کہ حضرت ابوبکر کا وصال ہوگیا۔ حضرت ابوبکر کی وضاحت کے بعد یہ عہد ٹوٹ گیا اور عام صدقہ کی طرح ہوگیا۔

بَابُ ۵۲۴ فِي إِخْرَاجِ الْيَهُودِ مِنْ جَزِيرَةِ الْعَرَبِ۔

یہود کو جزیرہ عرب سے نکالنے کا بیان

۱۲۵۵ — حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ نَا سُفْيَانُ ابْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ سُلَيْمَانَ الْأَحْوَلِ عَنْ سَعِيدِ ابْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَوْصَى بِثَلَاثَةٍ فَقَالَ أَخْرِجُوا الْمُشْرِكِينَ مِنْ جَزِيرَةِ الْعَرَبِ وَأَجِيزُوا الْوَفْدَ بِنَحْوِ مَا كُنْتُ أُجِيزُهُمْ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ وَ

سعید بن جبیر نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے تین باتوں کی وصیت کرتے ہوئے فرمایا۔ مشرکین کو جزیرہ عرب سے نکال دینا قاصدوں سے وہی سلوک کرنا جو میں کیا کرتا ہوں حضرت ابن عباس نے فرمایا کہ تیسری بات سے آپ خاموش ہوگئے یا یہ فرمایا کہ میں اسے بھول گیا۔

www.sirat-e-mustaqeem.com

www.sirat-e-mustaqeem.com

سكت عن الثالثة او قال فانسيتها.

۱۲۵۶- حدثنا الحسن بن علي نا ابو عاصم وعبد الرزاق قال انا ابن جريج انا ابو الزبير انه سمع جابر بن عبد الله يقول اخبرني عمر بن الخطاب انه سمع رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول لاخرجن اليهود والنصارى من جزيرة العرب فلا اترك فيها الا مسلما.

ابوالزبیر نے حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما کو فرماتے ہوئے سنا کہ مجھے حضرت عمر نے بتایا جنہوں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا تھا کہ یہود اور نصاریٰ کو جزیرۂ عرب سے ضرور نکال دوں گا اور اس میں نہیں چھوڑوں گا مگر مسلمان (یعنی مسلمانوں کے سوا جزیرۂ عرب میں کسی کو رہنے نہیں دیا جائے گا۔

۱۲۵۷- حدثنا احمد بن حنبل نا ابو احمد محمد بن عبد الله نا سفيان عن ابي الزبير عن جابر عن عمر قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم بمعناه والاول اتم.

احمد بن حنبل، ابو احمد محمد بن عبداللہ، سفیان، ابوالزبیر حضرت جابر نے حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ معناً اسے روایت کیا جبکہ پہلی حدیث زیادہ مکمل ہے۔

۱۲۵۸- حدثنا سليمان بن داود العتكي نا جرير عن قابوس ابن ابي ظبيان عن ابيه عن ابن عباس قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا تكون قبلتان في بلد واحد.

قابوس بن ابی ظبیان کے والد ماجد نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ ایک ہی شہر میں دو قبیلے نہیں رہ سکتے

۱۲۵۹- حدثنا محمود بن خالد نا عمر يعني عبد الواحد قال قال سعيد يعني ابن عبد العزيز جزيرة العرب ما بين الوادي الى اقصى اليمن الى تخوم العراق الى البحر قال ابو داود قرئ على الحارث بن مسكين وانا شاهد اخبرك اشهب بن عبد العزيز قال قال مالك عمر اجلا اهل نجران ولم يجلوا من تيماء لانها ليست من بلاد العرب فاما الوادي فاني ارى انما لم يجل من فيها من اليهود انهم لم يروها من ارض العرب.

محمود بن خالد، عمر، عبدالواحد نے سعید بن عبدالعزیز سے روایت کی کہ جزیرۂ عرب یہ وادی القریٰ سے یمن کی آخری سرحد تک اور عراق کی جانب سمندر تک ہے۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ یہ حدیث حارث بن مسکین کے سامنے پڑھی گئی اور میں موجود ہونے کی بنا پر اشہب بن عبدالعزیز کے واسطے سے آپ کو خبر دیتا ہوں کہ امام مالک نے فرمایا کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے نجران والوں کو تو جلاوطن کیا لیکن تیما والوں کو جلاوطن نہ کیا کیونکہ وہ عرب کے شہروں میں سے نہیں ہے رہی وادی القریٰ کی بات تو میرے خیال میں وہاں کے یہودیوں کو اس لیے جلاوطن نہیں کیا ہوگا کہ اس جگہ کو عرب کی زمین شمار نہ کیا ہوگا۔

۱۲۶۰- حدثنا ابن السرح نا ابن وهب قال قال مالك وقد اجلا عمر يهود نجران

ابن سرح، ابن وہب، امام مالک نے فرمایا کہ حضرت عمر نے نجران اور فدک کے یہودیوں کو جلاوطن کیا۔

www.sirat-e-mustaqeem.com

وَقَتْلِكَ۔

بَابٌ ۵۲۸ فِي إِيقَافِ أَرْضِ السَّوَادِ وَأَرْضِ الْعَنْوَةِ

۱۲۶۱۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ يُونُسَ نَا زُهَيْرٌ نَا سُهَيْلُ بْنُ أَبِي صَالِحٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنَعَتِ الْعِرَاقُ قَفِيزَهَا وَدِرْهَمَهَا وَمَنَعَتِ الشَّامُ مُدْيَهَا وَدِينَارَهَا وَمَنَعَتْ مِصْرُ إِرْدَبَّهَا وَدِينَارَهَا ثُمَّ عُدْتُمْ مِنْ حَيْثُ بَدَأْتُمْ قَالَهَا زُهَيْرٌ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ شَهِدَ عَلَى ذٰلِكَ لَحْمُ أَبِي هُرَيْرَةَ وَدَمُهُ۔

کافروں کی زمین کو تقسیم کرنے کا بیان

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ ایک وقت وہ آئے گا کہ عراق اپنے پیمانوں اور درہموں کو روک لے گا اور شام اپنے مدوں اور دیناروں کو روک لے گا اور مصر اپنے اردبوں اور دیناروں کو روک لے گا۔ پھر تم اسی حالت میں آجاؤ گے جس پر پہلے تھے اس بات کو زہیر راوی نے تین دفعہ کہا اور اس پر حضرت ابوہریرہ کا گوشت اور خون گواہ ہے۔

۱۲۶۲۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ نَا مَعْمَرٌ عَنْ هَمَّامِ بْنِ مُنَبِّهٍ قَالَ هٰذَا مَا حَدَّثَنَا أَبُو هُرَيْرَةَ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَيُّمَا قَرْيَةٍ أَتَيْتُمُوهَا وَأَقَمْتُمْ فِيهَا فَسَهْمُكُمْ فِيهَا وَأَيُّمَا قَرْيَةٍ عَصَتِ اللّٰهَ وَرَسُولَهُ فَإِنَّ خُمُسَهَا لِلّٰهِ وَرَسُولِهِ ثُمَّ هِيَ لَكُمْ۔

احمد بن حنبل، عبدالرزاق، معمر، ہمام بن منبہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مرفوعاً روایت کی کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جس بستی میں تم آؤ اور اس میں سکونت اختیار کر لو تو اس میں تمہارا حصہ ہے اور جس بستی والوں نے اللہ اور اس کے رسول کی نافرمانی کی تو اس کے مال سے پانچواں حصہ اللہ اور اس کے رسول کا ہے اور باقی سارا مال غنیمت تمہارے لیے ہے۔

بَابٌ ۵۲۹ فِي أَخْذِ الْجِزْيَةِ۔

۱۲۶۳۔ حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ عَبْدِ الْعَظِيمِ نَا سَهْلُ بْنُ مُحَمَّدٍ نَا يَحْيَى بْنُ أَبِي زَائِدَةَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحٰقَ عَنْ عَاصِمِ بْنِ عُمَرَ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ وَعَنْ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي سُلَيْمَانَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَ خَالِدَ بْنَ الْوَلِيدِ إِلَى أُكَيْدِرِ دُومَةَ فَأُخِذَ فَأَتَوْهُ بِهِ فَحَقَنَ لَهُ دَمَهُ وَصَالَحَهُ عَلَى الْجِزْيَةِ۔

۱۲۶۴۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ النُّفَيْلِيُّ نَا أَبُو مُعَاوِيَةَ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ أَبِي وَائِلٍ عَنْ

جزیہ لینے کا بیان

عباس بن عبدالعظیم، سہل بن محمد، یحییٰ بن ابوزائدہ، محمد بن اسحٰق، عاصم بن عمر نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ اور حضرت عثمان بن ابوسلیمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت خالد بن ولید کو دومہ کے اکیدر کی جانب روانہ فرمایا۔ وہ اسے گرفتار کر کے آپ کی خدمت میں لے آئے تو آپ نے اس کا خون معاف فرما دیا اور اس شرط پر اس سے صلح کر لی کہ وہ جزیہ دیا کرے گا۔

ابووائل نے حضرت معاذ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے انہیں یمن کی جانب

www.sirat-e-mustaqeem.com

مُعَاذٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا وَجَّهَهُ إِلَى الْيَمَنِ أَمَرَهُ أَنْ يَأْخُذَ مِنْ كُلِّ حَالِمٍ يَعْنِي مُحْتَلِمًا دِينَارًا أَوْ عِدْلَهُ مِنَ الْمَعَافِرِيِّ ثِيَابٌ تَكُونُ بِالْيَمَنِ۔

روانہ فرمایا تو انہیں حکم دیا کہ ہر بالغ سے ایک دینار لیا جائے یا اس کے برابر معافری لے لینا جو یمن کا ایک کپڑا تھا جو وہاں تیار کیا جاتا تھا۔

۱۲۶۵۔ حَدَّثَنَا النُّفَيْلِيُّ نَا أَبُو مُعَاوِيَةَ نَا الْأَعْمَشُ عَنْ إِبْرَاهِيمَ عَنْ مَسْرُوقٍ عَنْ مُعَاذٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔

نفیلی، ابومعاویہ، اعمش، ابراہیم، مسروق، حضرت معاذ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے اسی کے مانند روایت کی ہے۔

۱۲۶۶۔ حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ عَبْدِ الْعَظِيمِ حَدَّثَنِي عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ هَانِئٍ أَبُو نُعَيْمٍ النَّخَعِيُّ نَا شَرِيكٌ عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ مُهَاجِرٍ عَنْ زِيَادِ بْنِ حُدَيْرٍ قَالَ عَلِيٌّ لَئِنْ بَقِيتُ لِنَصَارٰى بَنِي تَغْلِبَ لَأَقْتُلَنَّ الْمُقَاتِلَةَ وَ لَأَسْبِيَنَّ الذُّرِّيَّةَ فَإِنِّي كَتَبْتُ الْكِتَابَ بَيْنَهُمْ وَبَيْنَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ لَا يُنَصِّرُوا أَبْنَاءَهُمْ قَالَ أَبُو دَاوُدَ هٰذَا حَدِيثٌ مُنْكَرٌ بَلَغَنِي عَنْ أَحْمَدَ أَنَّهُ كَانَ يُنْكِرُ هٰذَا الْحَدِيثَ إِنْكَارًا شَدِيدًا وَهُوَ عِنْدَ بَعْضِ النَّاسِ شِبْهُ الْمَتْرُوكِ وَأَنْكَرُوا هٰذَا الْحَدِيثَ عَلَى عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ هَانِئٍ قَالَ أَبُو عَلِيٍّ وَلَمْ يَقْرَأْهُ أَبُو دَاوُدَ فِي الْعَرْضَةِ الثَّانِيَةِ۔

ابراہیم بن مہاجر نے زیاد بن حدیر سے روایت کی ہے کہ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ اگر میں زندہ رہا تو بنی تغلب کے نصاریٰ سے سخت جنگ کر کے ضرور انہیں قتل کروں گا اور ضرور ان کے بچوں کو قیدی بنالوں گا کیونکہ وہ معاہدہ میں نے لکھا تھا جو ان کے اور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے درمیان ہوا تھا کہ وہ مدد نہ کریں خواہ ان کے بیٹے بھی ہوں۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ یہ حدیث منکر ہے اور امام احمد سے مجھے یہ بات پہنچی ہے کہ وہ اسے منکر کہتے اور اس کا سخت انکار فرماتے اور بعض لوگوں کے نزدیک یہ متروک جیسی ہے اور اس حدیث کے منکر ہونے کا بار عبدالرحمٰن بن ہانی پر ہے ابوعلی کا بیان ہے کہ امام ابوداؤد نے جب دوبارہ یہ کتاب سنائی تو اس حدیث کو نہ پڑھا۔

۱۲۶۷۔ حَدَّثَنَا مُصَرِّفُ بْنُ عَمْرٍو الْيَامِيُّ نَا يُونُسُ يَعْنِي ابْنَ بُكَيْرٍ نَا أَسْبَاطُ بْنُ نَصْرٍ الْهَمْدَانِيُّ عَنْ إِسْمٰعِيلَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْقُرَشِيِّ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ صَالَحَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَهْلَ نَجْرَانَ عَلَى أَلْفَيْ حُلَّةٍ النِّصْفُ فِي صَفَرَ وَالنِّصْفُ فِي رَجَبٍ يُؤَدُّونَهَا إِلَى الْمُسْلِمِينَ وَعَارِيَةِ ثَلَاثِينَ دِرْعًا وَثَلَاثِينَ فَرَسًا وَثَلَاثِينَ بَعِيرًا وَثَلَاثِينَ مِنْ كُلِّ صِنْفٍ مِنْ أَصْنَافِ السِّلَاحِ يَغْزُونَ بِهَا وَالْمُسْلِمُونَ ضَامِنُونَ لَهَا حَتّٰى يَرُدُّوهَا عَلَيْهِمْ إِنْ كَانَ بِالْيَمَنِ

اسمٰعیل بن عبدالرحمٰن قرشی سے روایت ہے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے نجران والوں سے اس شرط پر صلح کی کہ وہ کپڑوں کے دو ہزار جوڑے دیا کریں گے۔ نصف صفر میں اور نصف رجب میں مسلمانوں کو ادا کیا کریں گے اور بطور عاریت تیس زرہیں، تیس گھوڑے، تیس اونٹ اور ہر قسم کے ہتھیاروں میں سے تیس تیس جن کے ذریعے جنگ کی جاتی ہے، دیں گے اور ان کے واپس لوٹانے تک مسلمان ان کے ضامن ہوں گے جبکہ یمن میں کوئی فریب یا عہد شکنی نہ ہو تو ان کا کوئی گر جا گرایا

كَيْدٌ ذَاتُ غَدْرٍ عَلَى أَنْ لَا تُهْدَمَ لَهُمْ بِيعَةٌ وَلَا يُخْرَجَ لَهُمْ قَسٌّ وَلَا يُفْتَنُوا عَنْ دِينِهِمْ مَا لَمْ يُحْدِثُوا حَدَثًا أَوْ يَأْكُلُوا الرِّبَا قَالَ إِسْمٰعِيلُ فَقَدْ أَكَلُوا الرِّبَا۔

بَابٌ ۵۳ فِي أَخْذِ الْجِزْيَةِ مِنَ الْمَجُوسِ۔

۱۲۶۸۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ سِنَانٍ الْوَاسِطِيُّ نَا مُحَمَّدُ بْنُ بِلَالٍ عَنْ عِمْرَانَ الْقَطَّانِ عَنْ أَبِي جَمْرَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ إِنَّ أَهْلَ فَارِسَ لَمَّا مَاتَ نَبِيُّهُمْ كَتَبَ لَهُمْ إِبْلِيسُ الْمَجُوسِيَّةَ۔

۱۲۶۹۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا سُفْيَانُ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ سَمِعَ بَجَالَةَ يُحَدِّثُ عَمْرَو بْنَ أَوْسٍ وَأَبَا الشَّعْثَاءِ قَالَ كُنْتُ كَاتِبًا لِجَزْءِ بْنِ مُعَاوِيَةَ عَمِّ الْأَحْنَفِ بْنِ قَيْسٍ إِذْ جَاءَنَا كِتَابُ عُمَرَ قَبْلَ مَوْتِهِ بِسَنَةٍ اقْتُلُوا كُلَّ سَاحِرٍ وَفَرِّقُوا بَيْنَ كُلِّ ذِي مَحْرَمٍ مِنَ الْمَجُوسِ وَانْهَوْهُمْ عَنِ الزَّمْزَمَةِ فَقَتَلْنَا فِي يَوْمٍ ثَلٰثَةَ سَوَاحِرَ وَفَرَّقْنَا بَيْنَ كُلِّ مَحْرَمٍ مِنَ الْمَجُوسِ وَحَرِيمِهِ فِي كِتَابِ اللّٰهِ تَعَالَى وَصَنَعَ طَعَامًا كَثِيرًا فَدَعَاهُمْ فَعَرَضَ السَّيْفَ عَلَى فَخِذِهِ فَأَكَلُوا وَلَمْ يُزَمْزِمُوا وَأَلْقَوْا وِقْرَ بَغْلٍ أَوْ بَغْلَيْنِ مِنَ الْوَرِقِ وَلَمْ يَكُنْ عُمَرُ أَخَذَ الْجِزْيَةَ مِنَ الْمَجُوسِ حَتَّى شَهِدَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَوْفٍ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَخَذَهَا مِنْ مَجُوسِ هَجَرَ۔

۱۲۷۰۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مِسْكِينٍ الْيَمَامِيُّ نَا يَحْيَى بْنُ حَسَّانَ نَا هُشَيْمٌ أَنَا دَاوُدُ بْنُ أَبِي هِنْدٍ عَنْ قُشَيْرِ بْنِ عَمْرٍو عَنْ بَجَالَةَ بْنِ عَبْدَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ مِنَ الْأَسْبَذِيِّينَ مِنْ أَهْلِ الْبَحْرَيْنِ وَهُمْ مَجُوسُ أَهْلِ هَجَرَ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ

نہ جائے اور ان کے کسی پادری کو نکالا نہ جائے اور ان کے دین میں مداخلت نہ کی جائے جبکہ وہ کوئی نئی بات نہ نکالیں اور سود نہ کھائیں۔ اسمٰعیل راوی نے کہا کہ وہ سود کھانے لگے تھے۔

آتش پرستوں سے جزیہ لینے کا بیان

احمد بن سنان واسطی، محمد بن بلال، عمران القطان، ابو جمرہ سے روایت ہے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا۔ جب ایران والوں کے نبی نے وفات پائی تو ابلیس نے انہیں آگ کی پرستش پر لگا دیا۔

عمرو بن اوس اور ابو الشعثاء سے روایت ہے کہ میں جزء بن معاویہ کا کاتب تھا جو احنف بن قیس کے چچا تھے جبکہ ہمارے پاس حضرت عمر کا گرامی نامہ آیا ان کی وفات سے ایک سال پہلے کہ ہر جادوگر کو قتل کر دو اور جس مجوسی کے نکاح میں اس کی ذی محرم عورت ہو انہیں جدا کر دو اور انہیں گنگنانے سے روک دو۔ پس ہم نے ایک دن میں تین جادوگروں کو قتل کیا اور جس مجوسی کے نکاح میں اس کی محرم عورت تھی ایسے تمام جوڑوں کو جدا کر دیا جن کی حرمت اللہ کی کتاب میں ہے۔ اور اس احنف بن قیس نے بہت سا کھانا تیار کروایا اور انہیں بلا کر تلوار اپنی ران پر رکھ لی۔ وہ کھانا کھا گئے لیکن نہ گنگنائے اور انہوں نے ایک خچر یا دو خچروں کا بوجھ چاندی لا ڈالی لیکن حضرت عمر نے آتش پرستوں سے جزیہ نہ لیا یہاں تک کہ حضرت عبد الرحمٰن بن عوف نے شہادت دی کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ہجر کے مجوسیوں سے جزیہ لیا تھا۔

بجالہ بن عبدہ سے روایت ہے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا۔ ایک شخص بحرین کے اسبذیین میں سے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا جو ہجر کے باشندوں میں سے آتش پرست تھا وہ کچھ دیر آپ کی بارگاہ میں رہا پھر باہر چلا گیا تو میں نے اس سے پوچھا

www.sirat-e-mustaqeem.com

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَكَتَ عَنِّي ثُمَّ خَرَجَ فَسَأَلْتُهُ مَا قَضَى اللّٰهُ وَرَسُولُهُ فِيكُمْ قَالَ شَرٌّ قُلْتُ مَهْ قَالَ الْإِسْلَامُ أَوِ الْقَتْلُ قَالَ وَقَالَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَوْفٍ قَبِلَ مِنْهُمُ الْجِزْيَةَ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ فَأَخَذَ النَّاسُ بِقَوْلِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ وَتَرَكُوا مَا سَمِعْتُ مِنَ الْأَسْبَذِيِّ۔

اللہ اور رسول نے آپ لوگوں کے بارے میں کیا فیصلہ فرمایا؟ کہا، بُرا۔ میں نے کہا کہ مت بند کرو۔ اس نے کہا کہ اسلام یا قتل۔ حضرت عبدالرحمٰن بن عوف کا بیان ہے کہ حضور نے ان لوگوں سے جزیہ لیا۔ حضرت ابن عباس کا بیان ہے کہ لوگوں نے حضرت عبدالرحمٰن کے قول پر عمل کیا اور اسبذی کو چھوڑ دیا اس سے میرے یہ سننے کے باوجود۔

www.sirat-e-mustaqeem.com

پارہ ــــــ ۲۰

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے

باب ۵۳ فِي التَّشْدِيْدِ فِي جِبَايَةِ الْجِزْيَةِ۔

۱۲۷۱۔ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ الْمَهْرِيُّ أَنَا ابْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي يُونُسُ بْنُ يَزِيْدَ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ أَنَّ هِشَامَ بْنَ حَكِيْمٍ وَجَدَ رَجُلًا وَهُوَ عَلَى حِمْصٍ يُشَمِّسُ نَاسًا مِنَ الْقِبْطِ فِي أَدَاءِ الْجِزْيَةِ فَقَالَ مَا هٰذَا سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ إِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ يُعَذِّبُ الَّذِيْنَ يُعَذِّبُوْنَ النَّاسَ فِي الدُّنْيَا۔

جزیہ وصول کرنے میں سختی کرنا

ابن شہاب نے عروہ بن زبیر سے روایت کی ہے کہ حضرت ہشام بن حکیم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ایک شخص کو دیکھا جو حمص پر عامل تھا کہ وہ جزیہ وصول کرنے پر لوگوں کو دھوپ میں کھڑا کرتا تھا انہوں نے فرمایا یہ کیا ہے؟ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ اللہ تعالیٰ ان لوگوں کو عذاب دے گا جو دنیا میں لوگوں کو عذاب دیتے ہیں۔

ف۔ حدیث پاک کے اندر آتا ہے کہ ہر ظالم کا قیامت کے روز ایک جھنڈا ہوگا جس کے ذریعے وہ پہچانا جائے گا (بخاری) قرآن مجید میں ہے اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الظّٰلِمِيْنَ بیشک اللہ ظالموں کو پسند نہیں کرتا۔ ظلم کرنے سے حتی الامکان بچنا چاہیے کیونکہ مظلوم کی دعا اور درِ قبولیت کے درمیان کوئی رکاوٹ نہیں ہوتی لوگوں کو تکلیف اور تنگی میں مبتلا کرنے والے گویا اپنی جانوں کو اپنے ہاتھوں جہنم کا ایندھن بناتے ہیں، واللہ تعالیٰ اعلم۔

باب ۵۴ فِي تَعْشِيْرِ أَهْلِ الذِّمَّةِ إِذَا اخْتَلَفُوْا بِالتِّجَارَةِ۔

۱۲۷۲۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا أَبُو الْأَحْوَصِ نَا عَطَاءُ بْنُ السَّائِبِ عَنْ حَرْبِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ عَنْ جَدِّهِ أَبِي أُمِّهِ عَنْ أَبِيْهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّمَا الْعُشُوْرُ عَلَى الْيَهُوْدِ وَالنَّصَارٰى وَلَيْسَ عَلَى الْمُسْلِمِيْنَ عُشُوْرٌ۔

۱۲۷۳۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْمُحَارِبِيُّ نَا وَكِيْعٌ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ عَنْ حَرْبِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ

ذمی جب مال تجارت لیکر پھریں تو ان سے دسواں حصہ لیا جائے

حرب بن عبید اللہ کے نانا جان نے اپنے والد محترم سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا (مال تجارت سے) دسواں حصہ یہود و نصاریٰ پر ہے اور مسلمانوں پر دسواں حصہ نہیں ہے (کیونکہ ان کے اوپر زکوٰۃ اور عشر دینا لازم ہے)۔

عطاء بن سائب نے حرب بن عبید اللہ سے روایت کی کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ پھر معناً اسے روایت کرتے ہوئے فرمایا کہ دسواں حصہ خراج کی جگہ

سَلَّمَ بِمَعْنَاهُ قَالَ الْخَرَاجُ مَكَانَ الْعُشُورِ۔

ہے۔

۱۲۷۴۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ نَا سُفْيَانُ عَنْ عَطَاءٍ عَنْ رَجُلٍ مِنْ بَكْرِ بْنِ وَائِلٍ عَنْ خَالِهِ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ أَعْشِرُ قَوْمِي قَالَ إِنَّمَا الْعُشُورُ عَلَى الْيَهُودِ وَالنَّصَارٰى۔

عطاء نے بکر بن وائل کے ایک شخص سے روایت کی کہ اس کے ماموں جان عرض گزار ہوئے۔ یا رسول اللہ! کیا میں اپنی قوم سے (مال تجارت میں سے) دسواں حصہ لیا کروں فرمایا کہ دسواں حصہ تو یہود و نصاریٰ پر ہے۔

۱۲۷۵۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الْبَزَّازُ نَا أَبُو نُعَيْمٍ نَا عَبْدُ السَّلَامِ عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ عَنْ حَرْبِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَيْرٍ الثَّقَفِيِّ عَنْ جَدِّهِ رَجُلٍ مِنْ بَنِي تَغْلِبَ قَالَ أَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَسْلَمْتُ وَعَلَّمَنِي الْإِسْلَامَ وَعَلَّمَنِي كَيْفَ آخُذُ الصَّدَقَةَ مِنْ قَوْمِي مِمَّنْ أَسْلَمَ ثُمَّ رَجَعْتُ إِلَيْهِ فَقُلْتُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ كُلُّ مَا عَلَّمْتَنِي فَقَدْ حَفِظْتُ إِلَّا الصَّدَقَةَ أَفَأُعَشِّرُهُمْ قَالَ لَا إِنَّمَا الْعُشُرُ عَلَى النَّصَارٰى وَالْيَهُودِ۔

حرب بن عبید اللہ ابن عمیر ثقفی نے اپنے جد امجد سے روایت کی ہے جو بنی تغلب کے ایک فرد تھے کہ میں نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوا تو مسلمان ہو گیا۔ حضور نے مجھے اسلام سکھایا اور سکھایا کہ اپنی قوم کے مسلمانوں سے صدقہ کیسے لوں۔ پھر دوبارہ حاضر بارگاہ ہو کر عرض گزار ہوا کہ یا رسول اللہ جو کچھ آپ نے سکھایا وہ میں نے یاد کر لیا ماسوائے صدقے کے تو کیا میں ان سے (اپنی قوم سے) دسواں حصہ لیا کروں؟ فرمایا نہیں۔ دسواں حصہ تو (خراج کی جگہ پر) نصاریٰ اور یہود پر ہے

۱۲۷۶۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِيسٰى نَا أَشْعَثُ بْنُ شُعْبَةَ نَا أَرْطَاةُ بْنُ الْمُنْذِرِ قَالَ سَمِعْتُ حَكِيمَ بْنَ عُمَيْرٍ أَبَا الْأَحْوَصِ يُحَدِّثُ عَنِ الْعِرْبَاضِ بْنِ سَارِيَةَ السُّلَمِيِّ قَالَ نَزَلْنَا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَيْبَرَ وَمَعَهُ مَنْ مَعَهُ مِنْ أَصْحَابِهِ وَكَانَ صَاحِبُ خَيْبَرَ رَجُلًا مَارِدًا مُنْكَرًا فَأَقْبَلَ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا مُحَمَّدُ أَلَكُمْ أَنْ تَذْبَحُوا حُمُرَنَا وَتَأْكُلُوا ثَمَرَنَا وَتَضْرِبُوا نِسَاءَنَا فَغَضِبَ يَعْنِي النَّبِيَّ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَقَالَ يَا ابْنَ عَوْفٍ ارْكَبْ فَرَسَكَ ثُمَّ نَادِ أَلَا إِنَّ الْجَنَّةَ لَا تَحِلُّ إِلَّا لِمُؤْمِنٍ وَأَنِ اجْتَمِعُوا لِلصَّلٰوةِ قَالَ فَاجْتَمَعُوا ثُمَّ صَلّٰى بِهِمُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حکیم بن عمیر ابو الاحوص سے روایت ہے کہ حضرت عرباض بن ساریہ سلمی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ ہم نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ خیبر کے مقام پر اترے اور کتنے ہی صحابہ کرام آپ کے ساتھ تھے۔ خیبر کا سردار ایک مغرور اور سرکش آدمی تھا۔ اس نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر کہا۔ کیا آپ کے لیے مناسب ہے کہ آپ ہمارے گدھوں کو ذبح کریں ہمارے پھلوں کو کھائیں اور ہماری عورتوں کو پیٹیں؟ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ناراض ہوئے اور فرمایا اے ابن عوف! اپنے گھوڑے پر سوار ہو کر یہ منادی کر دو کہ جنت حلال نہیں ہے مگر ایمان والے کے لیے اور نماز کے واسطے جمع ہو جاؤ۔ راوی کا بیان ہے کہ لوگ جمع ہو گئے تو آپ نے انہیں نماز پڑھائی پھر آپ کھڑے ہوئے اور فرمایا کیا تم میں سے کوئی اپنی مسند پر ٹیک لگا کر یہ سمجھتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے

www.sirat-e-mustaqeem.com

وَسَلَّمَ ثُمَّ قَامَ فَقَالَ أَيَحْسَبُ أَحَدُكُمْ مُتَّكِئًا عَلَى أَرِيكَتِهِ قَدْ يَظُنُّ أَنَّ اللّٰهَ لَمْ يُحَرِّمْ شَيْئًا إِلَّا مَا فِي هٰذَا الْقُرْآنِ أَلَا وَإِنِّي وَاللّٰهِ قَدْ وَعَظْتُ وَأَمَرْتُ وَنَهَيْتُ عَنْ أَشْيَاءَ إِنَّهَا لَمِثْلُ الْقُرْآنِ أَوْ أَكْثَرُ وَأَنَّ اللّٰهَ تَعَالَى لَمْ يُحِلَّ لَكُمْ أَنْ تَدْخُلُوا بُيُوتَ أَهْلِ الْكِتَابِ إِلَّا بِإِذْنٍ وَلَا ضَرْبَ نِسَائِهِمْ وَلَا أَكْلَ ثِمَارِهِمْ إِذَا أَعْطَوْكُمُ الَّذِي عَلَيْهِمْ۔

کوئی چیز حرام قرار نہیں دی مگر وہی جن کا ذکر قرآن مجید میں ہے خبردار ہو جاؤ، خدا کی قسم میں نے نصیحت کرتے ہوئے حکم دیتے ہوئے اور بعض چیزوں سے منع کرتے ہوئے جو کہا وہ بھی قرآن کریم کی طرح ہے بلکہ وہ قرآنی امور سے زیادہ ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے تمہارے لیے یہ جائز نہیں رکھا ہے کہ اہل کتاب کے گھروں میں داخل ہو جاؤ مگر اجازت سے نیز ان کی عورتوں کو پیٹنا اور پھلوں کو کھانا بھی حلال نہیں ٹھہرایا جبکہ تمہیں وہ حق ادا کر دیں جو ان پر لازم آتا ہے۔

ف۔ حلال و حرام قرار دینے کا اختیار صرف اللہ تعالیٰ کو ہے لیکن اس کے اختیار دینے سے حضرات انبیائے کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام کو بھی یہ اختیار حاصل رہا ہے وہ حضرات اللہ تعالیٰ کے حکم دینے یا نور نبوت سے دیکھ کر بتا دیا کرتے تھے کہ فلاں چیز سے اجتناب کرنا چاہیئے۔ تمام حرام چیزوں کی فہرست تو قرآن مجید میں بھی نہیں ہے لہٰذا یہ سمجھنا کہ حرام صرف وہی چیزیں ہیں جن کو اللہ تعالیٰ نے اپنی کتاب میں بیان فرما دیا، ایسا سمجھنا اور کہنا ہرگز درست نہیں ہے کیونکہ ان سے بدرجہا زیادہ چیزوں کو اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب نبی آخر الزماں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی زبانی حرام قرار دیا ہے اور انہیں بھی حرام مان کر ان سے احتراز و اجتناب کرنا ضروری ہے۔ انہیں سرے سے حرام نہ ماننا یا رسولوں کے لیے اس اختیار کو تسلیم نہ کرنا یا ایسی چیزوں کے باعث بھی جی کی جانب تحلیل و تحریم کی نسبت کو غلط یا خلاف شرع بتانا کسی مسلمان کا کام نہیں ہو سکتا کیونکہ یہ تمام امور قرآن کریم سے تصریحاً ثابت ہیں۔ پروردگار عالم نے اپنے محبوب کے اختیارات کو بیان کرتے ہوئے فرمایا ہے۔

اَلَّذِيْنَ يَتَّبِعُوْنَ الرَّسُوْلَ النَّبِيَّ الْاُمِّيَّ الَّذِيْ يَجِدُوْنَهٗ مَكْتُوْبًا عِنْدَهُمْ فِي التَّوْرٰىةِ وَالْاِنْجِيْلِ يَاْمُرُهُمْ بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهٰىهُمْ عَنِ الْمُنْكَرِ وَيُحِلُّ لَهُمُ الطَّيِّبٰتِ وَيُحَرِّمُ عَلَيْهِمُ الْخَبٰٓئِثَ وَيَضَعُ عَنْهُمْ اِصْرَهُمْ وَالْاَغْلٰلَ الَّتِيْ كَانَتْ عَلَيْهِمْ ط

(۷:۱۵۷)

وہ جو غلامی کریں گے اس رسول، بے پڑھے، غیب کی خبریں دینے والے کی جسے لکھا ہوا پائیں گے اپنے پاس توریت اور انجیل میں وہ انہیں بھلائی کا حکم دے گا اور برائی سے منع فرمائے گا اور ستھری چیزیں ان کے لئے حلال فرمائے گا اور گندی چیزیں ان پر حرام کرے گا اور ان پر سے وہ بوجھ اور گلے کے پھندے جو ان پر تھے اتارے گا۔

اللہ تعالیٰ نے اس آیت میں اپنے محبوب کی طرف خود بھی تحلیل و تحریم کی نسبت فرمائی اور ساتھ ہی یہ بھی بتا دیا کہ میرے عطا کردہ اختیارات سے میرا محبوب لوگوں کے اوپر سے حوصلہ شکن بوجھ اتار کر پھینکے گا اور ہلاک کرنے والے گلوں کے پھندوں کو کھول کر پھینک دے گا کیونکہ اسے رحمتِ دو عالم بنایا ہے جو ہر قسم کی زحمت سے انہیں بچانے کی اہلیت سے پوری طرح مالا مال کر دیا گیا ہے۔ اسی طرح حضرت عیسیٰ علی نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام کا اس سلسلے میں ارشاد گرامی قرآن کریم نے یوں نقل فرمایا ہے۔

وَمُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيَّ مِنَ التَّوْرٰىةِ وَلِاُحِلَّ لَكُمْ بَعْضَ الَّذِيْ حُرِّمَ عَلَيْكُمْ وَجِئْتُكُمْ بِاٰيَةٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوْنِ ۝

اور تصدیق کرتا ہوا آیا ہوں اپنے سے پہلی کتاب توریت کی اور اس لئے کہ حلال کر دوں تمہارے لئے بعض وہ چیزیں جو تم پر حرام تھیں اور میں تمہارے پاس تمہارے رب کی طرف سے نشانی

www.sirat-e-mustaqeem.com

لایا ہوں تو اللہ سے ڈرو اور میرا حکم مانو۔

اس آیت کریمہ میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے تحلیل یعنی حلال قرار دینے کی نسبت اپنی جانب فرمائی اور قرآن مجید نے اسے نقل فرمایا ہے۔ معلوم ہوا کہ حضرات انبیائے کرام کو اللہ تعالیٰ تحلیل و تحریم کا اختیار عطا فرماتا تھا اور وہ حضرات اپنی مدیم المثال خداداد صلاحیت سے جان پہچان کر ستھری چیزوں کو حلال اور گندی چیزوں کو حرام قرار دیا کرتے تھے۔ جس طرح عام انسان مختلف رنگ کی چیزوں کو الگ الگ کر سکتے ہیں اسی طرح حضرات انبیائے کرام اپنے نور نبوت سے دیکھ کر ستھری اور گندی چیزوں میں امتیاز کر کے انہیں حلال و حرام قرار دے دیا کرتے تھے اس خصوصیت کا انکار منصب نبوت سے بے خبری یا عداوت کی دلیل ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

۱۲۷۷۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ وَسَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ قَالَا نَا أَبُو عَوَانَةَ عَنْ مَنْصُورٍ عَنْ هِلَالٍ عَنْ رَجُلٍ مِنْ ثَقِيفٍ عَنْ رَجُلٍ مِنْ جُهَيْنَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَعَلَّكُمْ تُقَاتِلُونَ قَوْمًا فَتَظْهَرُونَ عَلَيْهِمْ فَيَتَّقُونَكُمْ بِأَمْوَالِهِمْ دُونَ أَنْفُسِهِمْ وَأَبْنَائِهِمْ قَالَ سَعِيدٌ فِي حَدِيثِهِ فَيُصَالِحُونَكُمْ عَلَى صُلْحٍ ثُمَّ اتَّفَقَا فَلَا تُصِيبُوا مِنْهُمْ شَيْئًا فَوْقَ ذٰلِكَ فَإِنَّهُ لَا يَصْلُحُ لَكُمْ۔

مسدد، سعید بن منصور، ابوعوانہ، منصور، ہلال، ثقیف کا ایک آدمی جہینہ کے ایک آدمی سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ شاید تم ایک قوم سے لڑو گے اور ان پر غالب آ جاؤ گے۔ پس وہ اپنے آپ کو تم سے بچائیں گے اپنی جانوں اور مالوں کے ذریعے۔ سعید نے اپنی روایت میں کہا کہ پھر تم سے ایک بات پر صلح کریں گے۔ پھر دونوں راوی متفق ہو گئے کہ اس سے زیادہ ان سے کوئی چیز نہ لینا کیونکہ یہ تمہارے لیے مناسب نہیں ہے۔

۱۲۷۸۔ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ الْمَهْرِيُّ أَنَا ابْنُ وَهْبٍ حَدَّثَنِي أَبُو صَخْرٍ الْمَدِينِيُّ أَنَّ صَفْوَانَ بْنَ سُلَيْمٍ أَخْبَرَهُ عَنْ عِدَّةٍ مِنْ أَبْنَاءِ أَصْحَابِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ آبَائِهِمْ دِنْيَةً عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ أَلَا مَنْ ظَلَمَ مُعَاهِدًا أَوِ انْتَقَصَهُ أَوْ كَلَّفَهُ فَوْقَ طَاقَتِهِ أَوْ أَخَذَ مِنْهُ شَيْئًا بِغَيْرِ طِيبِ نَفْسٍ فَأَنَا حَجِيجُهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ۔

سلیمان بن داؤد مہری، ابن وہب، ابوصخر مدینی صفوان بن سلیم، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے کئی اصحاب کے صاحبزادوں نے اپنے دینی والدوں سے روایت کی کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ خبردار! جس نے کسی معاہد (ذمی)، پر ظلم کیا یا اس کے حق میں کمی کی یا اسے کسی ایسے کام کی تکلیف دی جو اس کی طاقت سے باہر ہو یا اس کی دلی رضامندی کے بغیر کوئی چیز اس سے لی تو قیامت کے روز میں اس کی طرف سے جھگڑوں گا۔

بَابُ ۵۳۳ فِي الذِّمِّيِّ يُسْلِمُ فِي بَعْضِ السَّنَةِ هَلْ عَلَيْهِ جِزْيَةٌ۔

ذمی اگر مسلمان ہو جائے تو کیا اس سال کا جزیہ بھی دیگا

۱۲۷۹۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْجَرَّاحِ عَنْ جَرِيرٍ عَنْ قَابُوسَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ

قابوس کے والد ماجد نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ

قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَیْسَ عَلٰی مُسْلِمٍ جِزْیَۃٌ۔

۱۲۸۰ـ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ کَثِیْرٍ قَالَ سُئِلَ سُفْیَانُ عَنْ تَفْسِیْرِ ھٰذَا فَقَالَ اِذَا اَسْلَمَ فَلَا جِزْیَۃَ عَلَیْہِ۔

باب ۵۳۴ فِی الْاِمَامِ یَقْبَلُ ھَدَایَا الْمُشْرِکِیْنَ

۱۲۸۱ـ حَدَّثَنَا اَبُوْ تَوْبَۃَ الرَّبِیْعُ بْنُ نَافِعٍ نَا مُعَاوِیَۃُ یَعْنِی ابْنَ سَلَّامٍ عَنْ زَیْدٍ اَنَّہٗ سَمِعَ اَبَا سَلَّامٍ قَالَ حَدَّثَنِیْ عَبْدُ اللّٰہِ الْھَوْزَنِیُّ قَالَ لَقِیْتُ بِلَالًا مُؤَذِّنَ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بِحَلَبَ فَقُلْتُ یَا بِلَالُ حَدِّثْنِیْ کَیْفَ کَانَتْ نَفَقَۃُ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ مَا کَانَ لَہٗ شَیْءٌ کُنْتُ اَنَا الَّذِیْ اَلِیْ ذٰلِکَ مِنْہُ مُنْذُ بَعَثَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی حَتّٰی تُوُفِّیَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَکَانَ اِذَا اَتَاہُ مُسْلِمًا فَرَاٰہُ عَارِیًا یَاْمُرُنِیْ فَاَنْطَلِقُ فَاَسْتَقْرِضُ فَاَشْتَرِیْ لَہُ الْبُرْدَۃَ فَاَکْسُوْہُ وَاُطْعِمُہٗ حَتَّی اعْتَرَضَنِیْ رَجُلٌ مِّنَ الْمُشْرِکِیْنَ فَقَالَ یَا بِلَالُ اِنَّ عِنْدِیْ سَعَۃً فَلَا تَسْتَقْرِضْ مِنْ اَحَدٍ اِلَّا مِنِّیْ فَفَعَلْتُ فَلَمَّا اَنْ کَانَ ذَاتَ یَوْمٍ تَوَضَّاْتُ ثُمَّ قُمْتُ لِاُؤَذِّنَ بِالصَّلٰوۃِ فَاِذَا الْمُشْرِکُ قَدْ اَقْبَلَ فِیْ عِصَابَۃٍ مِّنَ التُّجَّارِ فَلَمَّا اَنْ رَاٰنِیْ قَالَ یَا حَبَشِیُّ قُلْتُ یَا لَبَّاہُ فَتَجَھَّمَنِیْ وَقَالَ لِیْ قَوْلًا غَلِیْظًا وَقَالَ لِیْ اَتَدْرِیْ کَمْ بَیْنَکَ وَبَیْنَ الشَّھْرِ قَالَ قُلْتُ قَرِیْبٌ قَالَ اِنَّمَا بَیْنَکَ وَبَیْنَہٗ اَرْبَعٌ فَاٰخُذُکَ بِالَّذِیْ عَلَیْکَ فَاَرُدُّکَ لِرَعْیِ الْغَنَمِ کَمَا کُنْتَ قَبْلَ ذٰلِکَ فَاَخَذَ فِیْ نَفْسِیْ مَا یَاْخُذُ فِیْ نَفْسِ النَّاسِ

نے فرمایا۔ مسلمان پر جزیہ نہیں ہے۔

محمد بن کثیر کا بیان ہے کہ سفیان سے اس ارشاد کی تفسیر پوچھی گئی تو فرمایا کہ جب کوئی مسلمان ہو گیا تو اس پر جزیہ نہیں ہے۔

کیا امام مشرکین کے ہدایا قبول کرلے

عبد اللہ ہوزنی کا بیان ہے کہ میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے مؤذن حضرت بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے حلب کے مقام پر ملا تو میں نے کہا۔ اے بلال! رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کس طرح خرچ فرمایا کرتے تھے؟ فرمایا کہ آپ کے پاس کوئی چیز ہوتی تو آپ کی طرف سے میں اسے خرچ کرتا اس وقت سے جبکہ اللہ تعالیٰ نے آپ کو مبعوث فرمایا اور وصال تک۔ جب کوئی مسلمان آپ کی خدمت میں حاضر ہوتا اور آپ اسے ننگا دیکھتے تو مجھے حکم فرماتے۔ میں جا کر قرض لیتا اور اس کیلئے چادر خرید کر اسے پہناتا اور کھانا کھلاتا۔ یہاں تک کہ مشرکوں میں سے ایک آدمی مجھے ملا۔ اور اس نے کہا:۔ اے بلال! میرے پاس بڑا مال ہے لہٰذا آپ میرے سوا کسی سے قرض نہ لیا کریں۔ میں نے ایسا ہی کیا۔ ایک روز کا واقعہ ہے کہ میں نے وضو کیا۔ پھر نماز کے لیے اذان کہنے کو کھڑا ہوا تو وہی مشرک چند تاجروں کو لے کر آ گیا اس نے مجھے دیکھ کر کہا۔ اے حبشی! میں نے کہا حاضر ہوں۔ وہ مجھے جھڑکنے لگا میرے لیے سخت الفاظ استعمال کیے اور کہا۔ تمہیں معلوم ہے کہ وعدے میں کتنے دن رہ گئے؟ میں نے کہا کہ قریب ہی ہے۔ اس نے کہا کہ چار دن ہیں۔ اس نے کہا کہ اپنا قرضہ تم سے لے کر چھوڑوں گا اور تم پہلے کی طرح بکریاں چراتے رہ جاؤ گے۔ مجھے بڑی غیرت آئی جیسا کہ ہر شخص کو آتی ہے۔ یہاں تک کہ جب میں نے نماز عشاء پڑھ لی تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اپنے گھر والوں کی طرف لوٹے۔ میں نے اجازت طلب کی تو مجھے اجازت مرحمت فرما دی گئی۔ عرض گزار ہوا۔ یا رسول اللہ! میرے

www.sirat-e-mustaqeem.com

حَتّٰى إِذَا صَلَّيْتُ الْعَتَمَةَ رَجَعَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلٰى أَهْلِهِ فَاسْتَأْذَنْتُ عَلَيْهِ فَأَذِنَ لِي قُلْتُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ بِأَبِي أَنْتَ وَأُمِّي إِنَّ الْمُشْرِكَ الَّذِي كُنْتُ أَتَدَيَّنُ مِنْهُ قَالَ لِي كَذَا وَكَذَا وَلَيْسَ عِنْدَكَ مَا تَقْضِي عَنِّي وَلَا عِنْدِي وَهُوَ فَاضِحِي فَأْذَنْ لِي أَنْ آبَقَ إِلٰى بَعْضِ هٰؤُلَاءِ الْأَحْيَاءِ الَّذِينَ قَدْ أَسْلَمُوا حَتّٰى يَرْزُقَ اللّٰهُ تَعَالٰى رَسُولَهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا يَقْضِي عَنِّي فَخَرَجْتُ حَتّٰى إِذَا أَتَيْتُ مَنْزِلِي فَجَعَلْتُ سَيْفِي وَجِرَابِي وَنَعْلِي وَمِجَنِّي عِنْدَ رَأْسِي حَتّٰى إِذَا انْشَقَّ عَمُودُ الصُّبْحِ الْأَوَّلِ أَرَدْتُ أَنْ أَنْطَلِقَ فَإِذَا إِنْسَانٌ يَسْعٰى يَدْعُو يَا بِلَالُ أَجِبْ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَانْطَلَقْتُ حَتّٰى أَتَيْتُهُ فَإِذَا أَرْبَعُ رَكَائِبَ مُنَاخَاتٍ عَلَيْهِنَّ أَحْمَالُهُنَّ فَاسْتَأْذَنْتُ فَقَالَ لِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَبْشِرْ فَقَدْ جَاءَكَ اللّٰهُ تَعَالٰى بِقَضَائِكَ ثُمَّ قَالَ أَلَمْ تَرَ الرَّكَائِبَ الْمُنَاخَاتِ الْأَرْبَعَ فَقُلْتُ بَلٰى فَقَالَ إِنَّ لَكَ رِقَابَهُنَّ وَمَا عَلَيْهِنَّ فَإِنَّ عَلَيْهِنَّ كِسْوَةً وَطَعَامًا أَهْدَاهُنَّ إِلَيَّ عَظِيمُ فَدَكَ فَاقْبِضْهُنَّ وَاقْضِ دَيْنَكَ فَفَعَلْتُ فَذَكَرَ الْحَدِيثَ ثُمَّ انْطَلَقْتُ إِلَى الْمَسْجِدِ فَإِذَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَاعِدٌ فِي الْمَسْجِدِ فَسَلَّمْتُ عَلَيْهِ فَقَالَ مَا فَعَلَ مَا قِبَلَكَ قُلْتُ قَدْ قَضَى اللّٰهُ تَعَالٰى كُلَّ شَيْءٍ كَانَ عَلٰى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمْ يَبْقَ شَيْءٌ قَالَ أَفَضَلَ شَيْءٌ قُلْتُ نَعَمْ قَالَ انْظُرْ أَنْ تُرِيحَنِي مِنْهُ فَإِنِّي لَسْتُ بِدَاخِلٍ عَلٰى أَحَدٍ مِنْ أَهْلِي حَتّٰى تُرِيحَنِي مِنْهُ فَلَمَّا

ماں باپ آپ پر قربان۔ سو ہی مشرک جس سے میں قرض لیا کرتا ہوں اس نے میرے لیے نازیبا الفاظ کہے ہیں جبکہ آپ کے پاس اتنا مال نہیں کہ میرا قرضہ ادا ہو جائے اور نہ میرے پاس ہے۔

وہ چونکہ مجھ سے لڑتا ہے لہٰذا آپ مجھے اجازت مرحمت فرمائیں کہ مسلمانوں کے کسی قبیلے میں چلا جاؤں یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ اپنے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو مال عطا فرمائے جس سے میرا قرضہ ادا ہو جائے۔ پس میں آپ کے پاس سے اپنی رہائش گاہ پر آ گیا۔ میں نے اپنی تلوار، موزے، جوتے اور ڈھال اپنے سرہانے رکھ لی۔ یہاں تک کہ جب پو پھٹی تو میں نے جانے کا ارادہ کیا۔ پس ایک آدمی نے مجھے آواز دی، اے بلال! رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم آپ کو بلاتے ہیں میں چل دیا اور حاضر خدمت ہو گیا۔ دیکھا تو چار اونٹنیاں مال سے لدی ہوئی بیٹھی ہیں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مجھ سے فرمایا تمہیں بشارت ہو کہ اللہ تعالیٰ نے تمہارا قرضہ ادا کروا دیا ہے پھر فرمایا کیا تم نے لدی ہوئی چار اونٹنیاں نہیں دیکھیں میں عرض گزار ہوا۔ کیوں نہیں۔ فرمایا کہ یہ جانور اور جو کچھ ان پر ہے وہ تمہارا ہے۔ میرے رئیس فدک نے مجھے تحفہ بھیجا ہے۔ تم انہیں لے کر اپنا قرض ادا کر دو۔ میں نے ایسا ہی کیا۔ پھر باقی حدیث بیان کرتے ہوئے کہا پھر میں مسجد کی طرف گیا تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مسجد میں بیٹھے ہوئے تھے۔ میں نے سلام عرض کیا تو فرمایا اس مال کا کیا بنایا؟ میں عرض گزار ہوا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی طرف جو کچھ تھا اللہ تعالیٰ نے سارا قرض ادا کروا دیا اور اب کوئی قرض باقی نہیں رہا۔ فرمایا کہ کچھ بچا بھی ہے؟ عرض گزار ہوا۔ ہاں۔ فرمایا کہ اسے خرچ کر دو کیونکہ میں اس وقت تک اپنی کسی بیوی کے پاس نہیں جاؤں گا جب تک تم اسے خرچ نہ کر دو۔ جب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے نماز عشاء پڑھ لی تو مجھے طلب فرمایا۔ ارشاد ہوا کہ تم نے بچے ہوئے مال کا کیا بنایا؟ عرض کی کہ وہ میرے پاس ہے کوئی حاجتمند آیا ہی نہیں۔ پس رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

www.sirat-e-mustaqeem.com

صَلَّى بِي رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْعَتَمَةَ دَعَانِي فَقَالَ مَا فَعَلَ الَّذِي قِبَلَكَ قَالَ قُلْتُ هُوَ مَعِي لَمْ يَأْتِنَا أَحَدٌ فَبَاتَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْمَسْجِدِ وَقَصَّ الْحَدِيثَ حَتَّى إِذَا صَلَّى الْعَتَمَةَ يَعْنِي مِنَ الْغَدِ دَعَانِي قَالَ مَا فَعَلَ الَّذِي قِبَلَكَ قَالَ قُلْتُ قَدْ أَرَاحَكَ اللهُ مِنْهُ يَا رَسُولَ اللهِ فَكَبَّرَ وَحَمِدَ اللهَ شَفَقًا مِنْ أَنْ يُدْرِكَهُ الْمَوْتُ وَعِنْدَهُ ذَلِكَ ثُمَّ اتَّبَعْتُهُ حَتَّى إِذَا جَاءَ أَزْوَاجَهُ فَسَلَّمَ عَلَى امْرَأَةٍ امْرَأَةٍ حَتَّى أَتَى مَبِيتَهُ فَهَذَا الَّذِي سَأَلْتَنِي عَنْهُ.

نے مسجد میں رات گزاری اور باقی حدیث بیان کرتے ہوئے کہا کہ جب اگلے روز نماز عشاء پڑھ لی تو مجھے بلا کر فرمایا۔ تم نے بچے ہوئے مال کا کیا بتایا؟ عرض گزار ہوا کہ یا رسول اللہ! میں نے اسے خرچ کر دیا ہے۔ آپ نے تکبیر کہی اور خدا کا شکر ادا کیا۔ آپ کو ڈر تھا کہ اس مال کی موجودگی میں کہیں وصال نہ ہو جائے۔ پھر میں آپ کے پیچھے چل دیا یہاں تک کہ اپنی ازواج مطہرات کے پاس تشریف لے گئے، ہر زوجہ مطہرہ کو سلام کیا یہاں تک کہ اپنی خواب گاہ میں جلوہ افروز ہوئے۔ یہ ہے وہ طرز عمل جس کے متعلق آپ نے مجھ سے دریافت کیا۔

١٢٨٢ - حَدَّثَنَا مَحْمُودُ بْنُ خَالِدٍ نَا مَرْوَانُ نَا مُحَمَّدُ بْنُ مُعَاوِيَةَ بِمَعْنَى إِسْنَادِ أَبِي تَوْبَةَ وَحَدِيثِهِ قَالَ عِنْدَ قَوْلِهِ مَا يَقْضِي عَنِّي فَسَكَتَ عَنِّي رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاغْتَنَمْتُهَا.

محمود بن خالد، مروان بن محمد نے بھی اپنی اسناد کے ساتھ اسے معاویہ سے روایت کیا۔ ابو توبہ نے اپنی حدیث میں "جو میرے قرضہ ادا کروا دے گا" کے نزدیک کہا پس رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مجھ سے کچھ نہ فرمایا اور اس سے میں دل برداشتہ ہوا۔

١٢٨٣ - حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ عَبْدِ اللهِ نَا أَبُو دَاوُدَ نَا عِمْرَانُ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ يَزِيدَ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ الشِّخِّيرِ عَنْ عِيَاضِ بْنِ حِمَارٍ قَالَ أَهْدَيْتُ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَاقَةً فَقَالَ أَسْلَمْتَ قُلْتُ لَا فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنِّي نُهِيتُ عَنْ زَبْدِ الْمُشْرِكِينَ.

یزید بن عبد اللہ بن شخیر سے روایت ہے کہ حضرت عیاض بن حمار رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ میں نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں ایک اونٹنی تحفے کے طور پر پیش کی۔ فرمایا کیا تم مسلمان ہو گئے ہو؟ میں نے کہا نہیں۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا مجھے مشرکین کے تحفوں سے منع فرمایا گیا ہے۔

بَابٌ ٥٣٥ فِي إِقْطَاعِ الْأَرَضِينَ

کسی کو قطعۂ زمین بخشنا

١٢٨٤ - حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ مَرْزُوقٍ نَا شُعْبَةُ عَنْ سِمَاكٍ عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ وَائِلٍ عَنْ أَبِيهِ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَقْطَعَهُ أَرْضًا بِحَضْرَمَوْتَ.

علقمہ بن وائل نے اپنے والد ماجد سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے انہیں حضرموت میں ایک قطعۂ زمین مرحمت فرمایا تھا۔

ف۔ حاکم وقت اگر اپنی رعیت میں سے کسی کے کام سے خوش ہو کر اسے کوئی جاگیر یا قطعۂ زمین وغیرہ انعام کے طور پر دے تو ایسا کرنا جائز اور سنت سے ثابت ہے۔ اسے مقطعہ کہتے ہیں جو لوگوں کو کارہائے نمایاں سرانجام دینے کی جانب بہتر ترغیب

www.sirat-e-mustaqeem.com

تحریک ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

۱۲۸۵۔ حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ نَا جَامِعُ بْنُ مَطَرٍ عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ وَائِلٍ بِإِسْنَادِهِ مِثْلَهُ۔

حفص بن عمر، جامع بن مطر نے علقمہ بن وائل سے اپنی اسناد کے ساتھ حدیث مذکورہ کے مطابق روایت کی ہے۔

۱۲۸۶۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ دَاوُدَ عَنْ فِطْرٍ قَالَ حَدَّثَنِي أَبِي عَنْ عَمْرِو بْنِ حُرَيْثٍ قَالَ خَطَّ لِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَارًا بِالْمَدِينَةِ بِقَوْسٍ وَقَالَ أَزِيدُكَ أَزِيدُكَ۔

حضرت عمرو بن حریث رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مدینہ منورہ میں میرے مکان کے لیے کمان کے ساتھ زمین کی نشاندہی کرتے ہوئے فرمایا۔ تمہیں اور زیادہ دوں گا، تمہیں اور زیادہ دوں گا۔

۱۲۸۷۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ عَنْ مَالِكٍ عَنْ رَبِيعَةَ بْنِ أَبِي عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ غَيْرِ وَاحِدٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَقْطَعَ بِلَالَ بْنَ الْحَارِثِ الْمُزَنِيَّ مَعَادِنَ الْقَبَلِيَّةِ وَهِيَ مِنْ نَاحِيَةِ الْفُرْعِ فَتِلْكَ الْمَعَادِنُ لَا يُؤْخَذُ مِنْهَا إِلَّا الزَّكَاةُ إِلَى الْيَوْمِ۔

ربیعہ بن ابو عبد الرحمٰن نے کئی حضرات سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت بلال بن حارث مزنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو قبلیہ کی کانیں مرحمت فرمائیں جو فرع کے نزدیک ہیں۔ ان کانوں سے آج کے دن تک صرف زکوٰۃ ہی وصول کی جاتی ہے۔

۱۲۸۸۔ حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ حَاتِمٍ وَغَيْرُهُ قَالَ الْعَبَّاسُ نَا حُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدٍ قَالَ نَا أَبُو أُوَيْسٍ قَالَ حَدَّثَنِي كَثِيرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ عَوْفٍ الْمُزَنِيُّ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَقْطَعَ بِلَالَ بْنَ الْحَارِثِ الْمُزَنِيَّ مَعَادِنَ الْقَبَلِيَّةِ جَلْسِيَّهَا وَغَوْرِيَّهَا وَقَالَ غَيْرُ الْعَبَّاسِ جَلْسَهَا وَغَوْرَهَا وَحَيْثُ يَصْلُحُ الزَّرْعُ مِنْ قُدْسٍ وَلَمْ يُعْطِهِ حَقَّ مُسْلِمٍ وَكَتَبَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ هٰذَا مَا أَعْطَى مُحَمَّدٌ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِلَالَ بْنَ الْحَارِثِ الْمُزَنِيَّ أَعْطَاهُ مَعَادِنَ الْقَبَلِيَّةِ جَلْسِيَّهَا وَغَوْرِيَّهَا وَقَالَ غَيْرُهُ جَلْسَهَا وَغَوْرَهَا وَحَيْثُ يَصْلُحُ الزَّرْعُ مِنْ قُدْسٍ وَلَمْ يُعْطِهِ حَقَّ مُسْلِمٍ قَالَ أَبُو أُوَيْسٍ وَحَدَّثَنِي

کثیر بن عبد اللہ، عبد اللہ بن عمرو، حضرت عمرو بن عوف مزنی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت بلال بن حارث مزنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو قبلیہ کی بلندی اور پستی والی کانیں مرحمت فرمائیں۔ عباس کے سوا دوسرے حضرات نے کہا کہ بلندی و پستی والی اور قدس پہاڑ کی قابل زراعت زمین۔ جبکہ کسی مسلمان کا آپ کو حق نہیں دیا اور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے انہیں یہ تحریر لکھ دی تھی: اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے۔ یہ اس بات کی تحریر ہے کہ محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بلال بن حارث مزنی کو قبلیہ کی کانیں عطا فرما دی ہیں جو بلند ہیں اور پست، دوسرے حضرات نے کہا کہ بلندی و پستی والی اور قدس پہاڑ کی قابل زراعت زمین اور کسی مسلمان کا انہیں حق نہیں دیا۔ نیز ابو اویس۔ ثور بن زید مولیٰ بنی دیل بن بکر بن کنانہ، عکرمہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے اسی کے مانند

www.sirat-e-mustaqeem.com

ثَوْرُ بْنُ زَيْدٍ مَوْلَى بَنِي الدِّيلِ بْنِ بَكْرِ بْنِ كِنَانَةَ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ مِثْلَهُ۔

روایت کی ہے۔

۱۲۸۹۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ قَالَ سَمِعْتُ الْحُنَيْنِيَّ قَالَ قَرَأْتُهُ غَيْرَ مَرَّةٍ يَعْنِي كِتَابَ قَطِيعَةِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ أَبُو دَاوُدَ حَدَّثَنِي غَيْرُ وَاحِدٍ عَنْ حُسَيْنِ بْنِ مُحَمَّدٍ قَالَ أَنَا أَبُو أُوَيْسٍ قَالَ حَدَّثَنِي كَثِيرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَقْطَعَ بِلَالَ بْنَ حَارِثٍ الْمُزَنِيَّ مَعَادِنَ الْقَبَلِيَّةِ جَلْسِيَّهَا وَغَوْرِيَّهَا قَالَ ابْنُ النَّضْرِ وَجَرْسَهَا وَذَاتَ النُّصُبِ ثُمَّ اتَّفَقَا وَحَيْثُ يَصْلُحُ الزَّرْعُ مِنْ قُدْسٍ وَلَمْ يُعْطِ بِلَالَ بْنَ الْحَارِثِ حَقَّ مُسْلِمٍ وَكَتَبَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هٰذَا مَا أَعْطَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِلَالَ بْنَ الْحَارِثِ الْمُزَنِيَّ أَعْطَاهُ مَعَادِنَ الْقَبَلِيَّةِ جَلْسَهَا وَغَوْرَهَا وَحَيْثُ يَصْلُحُ الزَّرْعُ مِنْ قُدْسٍ وَلَمْ يُعْطِهِ حَقَّ مُسْلِمٍ قَالَ أَبُو أُوَيْسٍ وَحَدَّثَنِي ثَوْرُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ زَادَ ابْنُ النَّضْرِ وَكَتَبَ أُبَيُّ بْنُ كَعْبٍ۔

حنینی کا بیان ہے کہ میں نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے مقطعہ کی تحریر کو کئی مرتبہ پڑھا۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ مجھ سے کئی حضرات نے حدیث بیان کی، حسین بن محمد، ابو اویس، کثیر بن عبداللہ ان کے والد ماجد نے ان کے جد امجد سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت بلال بن حارث مزنی کو قبلیہ کی بلند و پست کانوں کا مقطعہ دیا۔ ابن النضر نے کہا کہ جرس اور ذات النصب کی پھر دونوں متفق ہو گئے کہ قدس پہاڑ کی قابل زراعت زمین بھی اور حضرت بلال بن حارث کو کسی مسلمان کا حق نہیں دیا تھا اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے انہیں یہ تحریر لکھ دی تھی یہ اس مقطعہ کی تحریر ہے جو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بلال بن حارث مزنی کو عطا فرمایا جو قبلیہ کی بلند و پست کانیں ہیں اور قدس پہاڑ کی قابل زراعت زمین یہ آپ نے انہیں کسی مسلمان کا حق نہیں دیا تھا۔ ابو اویس، ثور بن زید، عکرمہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے اسی طرح روایت کی۔ ابن النضر نے یہ بھی کہا کہ وہ تحریر حضرت ابی بن کعب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے لکھی تھی۔

۱۲۹۰۔ حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ الثَّقَفِيُّ وَمُحَمَّدُ بْنُ الْمُتَوَكِّلِ الْعَسْقَلَانِيُّ الْمَعْنَى وَاحِدٌ أَنَّ مُحَمَّدَ بْنَ يَحْيَى بْنِ قَيْسٍ الْمَأْرِبِيَّ حَدَّثَهُمْ قَالَ أَخْبَرَنِي أَبِي عَنْ ثُمَامَةَ بْنِ شَرَاحِيلَ عَنْ سُمَيِّ بْنِ قَيْسٍ عَنْ شُمَيْرٍ قَالَ أَبُو الْمُتَوَكِّلِ بْنُ عَبْدِ الْمَدَانِ عَنْ أَبْيَضَ بْنِ حَمَّالٍ أَنَّهُ وَفَدَ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاسْتَقْطَعَهُ الْمِلْحَ قَالَ ابْنُ الْمُتَوَكِّلِ الَّذِي بِمَأْرِبَ فَقَطَعَهُ

قتیبہ بن سعید ثقفی، محمد بن متوکل عسقلانی، محمد بن یحییٰ بن قیس مازنی ان کے والد ماجد ثمامہ بن شراحیل، سمی بن قیس شمیر، ابو المتوکل ابن عبد المدان نے حضرت ابیض بن حمال سے روایت کی ہے کہ وہ وفد لے کر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوئے تو آپ نے نمک کا مقطعہ کر دیا۔ ابن متوکل نے کہا کہ جو مارب میں تھی اس کا ان کے لیے مقطعہ کر دیا۔ جب وہ واپس لوٹا تو مجلس والوں میں سے ایک نے کہا کیا آپ کو معلوم ہے کہ آپ نے کس چیز کا اسے

www.sirat-e-mustaqeem.com

يُقْطَعُهَا أَنْ وَلَّى قَالَ رَجُلٌ مِنَ الْمَجْلِسِ أَتَدْرِي مَا قَطَعْتَ لَهُ إِنَّمَا قَطَعْتَ لَهُ الْمَاءَ الْعِدَّ قَالَ فَانْتَزَعَهُ مِنْهُ قَالَ وَسَأَلَهُ عَمَّا يُحْمَى مِنَ الْأَرَاكِ قَالَ مَا لَمْ تَنَلْهُ خِفَافٌ وَقَالَ ابْنُ الْمُتَوَكِّلِ أَخْفَافُ الْإِبِلِ۔

مقطعہ دیا ہے؟ آپ نے تو انہیں تیار پانی عطا فرما دیا۔ راوی کا بیان ہے کہ آپ نے ان سے وہ واپس لے لی۔ وہ عرض گزار ہوئے کہ پیلو کے درختوں کی چراگاہ کہاں بنائی جائے فرمایا کہ جہاں اونٹ نہ پہنچ سکیں۔ ابن المتوکل کا بیان ہے کہ جو جگہ اونٹوں سے محفوظ ہو۔

۱۲۹۱ - حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ قَالَ مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ الْمَخْزُومِيُّ مَا لَمْ تَنَلْهُ أَخْفَافُ الْإِبِلِ يَعْنِي أَنَّ الْإِبِلَ تَأْكُلُ مُنْتَهَى رُءُوسِهَا وَيُحْمَى مَا فَوْقَهُ۔

ہارون بن عبد اللہ نے محمد بن حسن مخزومی سے روایت کی ہے کہ جہاں اونٹوں کے قدم نہ پہنچ سکیں کیونکہ اونٹ اپنے سر کی بلندی تک کھاتے ہیں جبکہ اسے بچایا جا سکتا ہے جو اس سے اوپر ہو۔

۱۲۹۲ - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَحْمَدَ الْقُرَشِيُّ نَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ الزُّبَيْرِ نَا فَرَجُ بْنُ سَعِيدٍ قَالَ حَدَّثَنِي عَمِّي ثَابِتُ بْنُ سَعِيدٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ عَنْ أَبْيَضَ بْنِ حَمَّالٍ أَنَّهُ سَأَلَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ حِمَى الْأَرَاكِ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا حِمَى فِي الْأَرَاكِ فَقَالَ أَرَاكَةٌ فِي حِظَارِي فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا حِمَى فِي الْأَرَاكِ قَالَ فَرَجٌ يَعْنِي بِحِظَارِي الْأَرْضَ الَّتِي فِيهَا الزَّرْعُ الْمُحَاطُ عَلَيْهَا۔

محمد بن احمد قرشی، عبد اللہ بن زبیر، فرج بن سعید ان کے والد ماجد ان کے جد امجد سے روایت ہے کہ حضرت ابیض بن حمال رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے پیلو کے درختوں کی چراگاہ کے متعلق دریافت کیا تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ پیلو کے درختوں کی چراگاہ نہیں ہوتی۔ عرض کی کہ پیلو کے درخت میرے کھیت میں ہیں۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ پیلوں کے درختوں میں چراگاہ نہیں ہوتی۔ فرج کا بیان ہے کہ حظار سے مراد وہ زمین ہے جسے روک کر اس میں زراعت کرتے تھے۔

۱۲۹۳ - حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ أَبُو حَفْصٍ قَالَ نَا الْفِرْيَابِيُّ قَالَ نَا أَبَانُ قَالَ عُمَرُ وَهُوَ ابْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي حَازِمٍ قَالَ حَدَّثَنِي عُثْمَانُ ابْنُ أَبِي حَازِمٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ صَخْرٍ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غَزَا ثَقِيفًا فَلَمَّا أَنْ سَمِعَ صَخْرٌ رَكِبَ فِي خَيْلٍ يُمِدُّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَوَجَدَ نَبِيَّ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدِ انْصَرَفَ وَلَمْ يَفْتَحْ فَجَعَلَ صَخْرٌ حِينَئِذٍ عَهْدَ اللَّهِ وَذِمَّتَهُ أَنْ لَا يُفَارِقَ هَذَا الْقَصْرَ حَتَّى يَنْزِلُوا عَلَى حُكْمِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ

عمر بن خطاب ابو حفص، فریابی، ابان، عمر بن عبد اللہ بن ابو حازم، عثمان بن ابو حازم کے والد ماجد نے اپنے والد محترم حضرت صخر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ثقیف سے جہاد کیا۔ جب یہ خبر حضرت صخر نے سنی تو گھڑ سوار لیے اور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی مدد کے لیے چل پڑے۔ انہوں نے دیکھا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فتح کیے بغیر لوٹ گئے ہیں تو حضرت صخر نے اللہ کے عہد اور ذمہ پر کہا کہ اس قلعے سے جدا نہ ہوں گے جب تک وہ لوگ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حکم پر اتر نہیں آئیں گے۔ پس یہ ان لوگوں سے جدا نہ ہوئے

عليه وسلم فلم يفارقهم حتى نزلوا على حكم رسول الله صلى الله عليه وسلم فكتب إليه صخر أما بعد فإن ثقيفا قد نزلت على حكمك يا رسول الله وأنا مقبل إليهم وهم في خيل فأمر رسول الله صلى الله عليه وسلم بالصلاة جامعة فدعا لأحمس عشر دعوات اللهم بارك لأحمس في خيلها ورجالها وأتاه القوم فتكلم المغيرة بن شعبة فقال يا نبي الله إن صخرا أخذ عمتي ودخلت فيما دخل فيه المسلمون فدعاه فقال يا صخر إن القوم إذا أسلموا أحرزوا دماءهم وأموالهم فادفع إلى المغيرة عمته فدفعها إليه وسأل نبي الله صلى الله عليه وسلم ماء لبني سليم قد هربوا عن الإسلام وتركوا ذلك الماء فقال يا نبي الله أنزلنيه أنا وقومي قال نعم فأنزله وأسلم يعني السلميين فأتوا صخرا فسألوه أن يدفع إليهم الماء فأبوا فأتوا نبي الله أسلمنا وأتينا صخرا ليدفع إلينا ماءنا فأبى علينا فدعاه فقال يا صخر إن القوم إذا أسلموا أحرزوا أموالهم ودماءهم فادفع إلى القوم ماءهم قال نعم يا نبي الله فرأيت وجه رسول الله صلى الله عليه وسلم يتغير عند ذلك حمرة حياء من أخذه الجارية وأخذه الماء۔

یہاں تک کہ وہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حکم پر اتر آئے پس حضرت صخر نے آپ کے لیے لکھا اما بعد! بیشک یا رسول اللہ! ثقیف آپ کے حکم پر اتر آئے ہیں۔ میں ان کی طرف جا تا ہوں اور وہ گھوڑے رکھتے ہیں۔ پس رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے نماز کے لیے اکٹھے ہونے کا حکم فرمایا اور احمس کے لیے دس دفعہ دعا فرمائی۔ اے اللہ! قبیلہ احمس کے گھوڑوں اور مردوں میں برکت عطا فرما۔ وہ لوگ حاضر بارگاہ ہوئے تو حضرت مغیرہ بن شعبہ نے شکوہ کیا کہ یا نبی اللہ صخر نے میری پھوپھی جان کو گرفتار کر لیا ہے حالانکہ وہ دائرہ اسلام میں داخل ہو چکی ہیں۔ آپ نے انہیں بلا کر فرمایا اے صخر! جب لوگ اسلام قبول کر لیں تو انہوں نے اپنی جانوں اور مالوں کو بچا لیا۔ پس مغیرہ کی پھوپھی انہیں دے دو۔ چنانچہ انہوں نے وہ واپس کر دیں۔ نیز نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے بنی سلیم کے چشمے کے متعلق پوچھا جو اسلام کے نام سے بھاگ گئے اور چشمے کو چھوڑ گئے تھے۔ عرض گزار ہوئے کہ یا نبی اللہ! مجھے اور قوم کو اس چشمے پر رہنے کی اجازت ہے؟ فرمایا ہاں۔ یہ وہاں رہنے لگے تو بنی سلیم والے مسلمان ہو گئے وہ حضرت صخر کے پاس آئے اور سوال کیا کہ ان کا چشمہ انہیں واپس دیا جائے۔ انہوں نے انکار کیا تو وہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر عرض گزار ہوئے۔ یا نبی اللہ! ہم اسلام قبول کر کے حضرت صخر کے پاس گئے کہ ہمارا چشمہ ہمیں دے دیجیے لیکن انہوں نے انکار کیا۔ آپ نے انہیں بلا کر فرمایا اے صخر! جب لوگ اسلام قبول کر لیں تو انہوں نے اپنی مالوں اور اپنے خون کو بچا لیا۔ ان لوگوں کو ان کا چشمہ دے دو۔ عرض گزار ہوئے کہ یا نبی اللہ! بہت اچھا۔ پس میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے نورانی چہرے کو دیکھا کہ اس وقت رنگ حیا سے سرخ ہو گیا تھا کہ لونڈی اُن سے لے لی اور چشمہ بھی لے لیا گیا۔

۲۹۴۱ حدثنا سليمان بن داود المهري

عبد العزیز ابن الربیع جہنی نے اپنے والد ماجد سے

www.sirat-e-mustaqeem.com

أنا ابن وهب حدثني سبرة بن عبد العزيز ابن الربيع الجهني عن أبيه عن جده أن النبي صلى الله عليه وسلم نزل في موضع المسجد تحت دومة فأقام ثلاثا ثم خرج إلى تبوك وإن جهينة لحقوه بالرحبة فقال كم من أهل ذي المروة فقالوا بنو رفاعة من جهينة فقال قد أقطعتها لبني رفاعة فاقتسموها فمنهم من باع ومنهم من أمسك فعمل ثم سألت أباه عبد العزيز عن هذا الحديث فحدثني ببعضه ولم يحدثني به كله۔

روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ایک بستی میں مسجد کی جگہ پر درخت کے نیچے اترے۔ تین روز ٹھہرے اور تبوک کی جانب روانہ ہو گئے۔ رحبہ کے مقام پر جہینہ آپ سے ملے تو ان سے فرمایا۔ یہ کس خاندان سے ہیں؟ انہوں نے کہا کہ جہینہ کی شاخ بنو رفاعہ ہیں۔ فرمایا کہ میں نے بنو رفاعہ کو مقطعہ دیا تو انہوں نے اسے تقسیم کر لیا۔ بعض نے اپنا حصہ بیچ دیا اور بعض نے رکھ کر اس میں کاشتکاری کی پھر میں (ابن وہب) نے ان (سبرہ) کے والد ماجد عبدالعزیز سے اس حدیث کے متعلق پوچھا تو انہوں نے اس حدیث کا بعض حصہ بیان کیا اور بعض حصہ بیان نہ کیا۔

۱۲۹۵ حدثنا حسين بن علي نا يحيى يعني ابن آدم نا أبو بكر بن عياش عن هشام ابن عروة عن أبيه عن أسماء بنت أبي بكر أن رسول الله صلى الله عليه وسلم أقطع الزبير نخلا۔

حسین بن علی، یحییٰ بن آدم، ابوبکر بن عیاش، ہشام بن عروہ، عروہ بن زبیر نے حضرت اسماء بنت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے کھجور کے درختوں کا حضرت زبیر کو مقطعہ دیا۔ ف

ف۔ حضرت زبیر بن العوام رضی اللہ تعالیٰ عنہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حواری یعنی جانثار ساتھی اور عشرہ مبشرہ سے تھے جن دس خوش نصیب حضرات کو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک ہی محفل میں جنت کی بشارت دی تھی۔ ان بزرگوں کے اسمائے گرامی یہ ہیں۔ حضرت ابوبکر صدیق، حضرت عمر فاروق، حضرت عثمان ذی النورین، حضرت علی المرتضیٰ، حضرت زبیر بن العوام، حضرت سعد بن ابی وقاص، حضرت طلحہ، حضرت ابوعبیدہ ابن الجراح، حضرت عبدالرحمٰن بن عوف اور حضرت سعید بن زید رضی اللہ تعالیٰ عنہم۔

حضرت زبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی پھوپھی اور حضرت حمزہ سید الشہداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی سگی ہمشیرہ حضرت صفیہ بنت عبدالمطلب رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے صاحبزادے تھے ان کا شمار سابقین اولین میں ہے نوعمری ہی میں اسلام قبول کر لیا تھا اور تمام غزوات میں شریک رہ کر دادِ شجاعت دی۔ راہ خدا میں سب سے پہلے تلوار حضرت زبیر نے اٹھائی اور سب سے پہلے تیر حضرت سعد بن ابی وقاص نے چلایا۔ ان کا رنگ گندمی، قد میانہ، جسم معتدل اور داڑھی ہلکی تھی۔ مسلمانوں کی امداد کے لئے غزوہ بدر میں جن فرشتوں کا نزول ہوا وہ حضرت زبیر ہی کی وضع قطع میں آئے تھے۔

جنگ جمل کے وقت حضرت زبیر نے ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا ساتھ دیا۔ میدان کارزار گرم تھا تو حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے انہیں مصروف پیکار دیکھ کر اپنے پاس بلایا اور ایک فرمانِ رسالت یاد دلایا۔ حضرت زبیر نے اسے سنتے ہی جنگ سے ہاتھ اٹھا لیا اور واپس مدینہ منورہ کی جانب روانہ ہو گئے۔ راستے میں عبداللہ بن جرموز یا عمیرہ بن

جرموز نے وادی السباع میں انہیں دھوکے سے شہید کر دیا۔ یہ ۱۰ جمادی الاول ۳۶ھ مطابق ۵-۲ نومبر ۶۵۶ء کی بات ہے کہا جاتا ہے کہ اس وقت حضرت زبیر کی عمر ۶۷ سال تھی۔ اس حساب سے دیکھیں تو ہجرت کے وقت ان کی عمر اکتالیس سال تھی اور اعلان نبوت کے وقت حضرت زبیر نے عمر عزیز کی اٹھائیس منزلیں طے کر لیں تھیں۔ حالانکہ دوسری روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ انہوں نے نوعمری میں اسلام قبول کیا یعنی حسب اختلاف روایات آٹھ، بارہ، پندرہ یا سولہ سال کی عمر میں ان روایات کے مطابق ۶۷ سال کی عمر میں شہادت پانا درست قرار نہیں پاتا۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

۱۲۹۶۔ حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ وَمُوسَى بْنُ إِسْمَعِيلَ الْمَعْنَى وَاحِدٌ قَالَا نَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ حَسَّانَ الْعَنْبَرِيُّ قَالَ حَدَّثَتْنِي جَدَّتَايَ صَفِيَّةُ وَدُحَيْبَةُ ابْنَتَا عُلَيْبَةَ وَكَانَتَا رَبِيبَتَيْ قَيْلَةَ بِنْتِ مَخْرَمَةَ وَكَانَتْ جَدَّةَ أَبِيهِمَا أَنَّهَا أَخْبَرَتْهُمَا قَالَتْ قَدِمْنَا عَلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَتْ تَقَدَّمَ صَاحِبِي تَعْنِي حُرَيْثَ بْنَ حَسَّانَ وَافِدَ بَكْرِ بْنِ وَائِلٍ فَبَايَعَهُ عَلَى الْإِسْلَامِ عَلَيْهِ وَعَلَى قَوْمِهِ ثُمَّ قَالَ يَا رَسُولَ اللَّهِ اكْتُبْ بَيْنَنَا وَبَيْنَ تَمِيمٍ بِالدَّهْنَاءِ أَنْ لَا يُجَاوِزَهَا إِلَيْنَا مِنْهُمْ أَحَدٌ إِلَّا مُسَافِرٌ أَوْ مُجَاوِرٌ فَقَالَ اكْتُبْ لَهُ يَا غُلَامُ بِالدَّهْنَاءِ فَلَمَّا رَأَيْتُهُ قَدْ أَمَرَ لَهُ بِهَا شُخِصَ بِي وَهِيَ وَطَنِي وَدَارِي فَقُلْتُ يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنَّهُ لَمْ يَسْأَلْكَ السَّوِيَّةَ مِنَ الْأَرْضِ إِذْ سَأَلَكَ إِنَّمَا هَذِهِ الدَّهْنَاءُ عِنْدَكَ مُقَيَّدُ الْجَمَلِ وَمَرْعَى الْغَنَمِ وَنِسَاءُ بَنِي تَمِيمٍ وَأَبْنَاؤُهَا وَرَاءَ ذَلِكَ فَقَالَ أَمْسِكْ يَا غُلَامُ صَدَقَتِ الْمِسْكِينَةُ الْمُسْلِمُ أَخُو الْمُسْلِمِ يَسَعُهُمَا الْمَاءُ وَالشَّجَرُ وَيَتَعَاوَنُونَ عَلَى الْفُتَّانِ۔

عبداللہ بن حسان عنبری نے اپنی دادی و نانی حضرت صفیہ اور حضرت دحیبہ سے روایت کی ہے جو علیبہ کی بیٹیاں تھیں اور قیلہ بنت مخرمہ کی پروردہ تھیں جو ان کے والدوں کی دادی تھیں۔ انہوں نے خبر دیتے ہوئے فرمایا کہ ہم رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور بکر بن وائل کی طرف سے ہمارا سردار حریث بن حسان بھی حاضر بارگاہ ہوا اور اسلام پر آپ سے بیعت کی اور اپنی قوم کی طرف سے بھی پھر عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ! ہمارے اور بنی تمیم کے درمیان کی سرحد لکھ دیجیے کہ ان میں سے کوئی بھی اس سے آگے ہماری طرف نہ بڑھے سوائے مسافر اور آگے جانے والے کے۔ فرمایا۔ اے لڑکے انہیں دہنا کی سرحد لکھ دو۔ جب میں نے دیکھا کہ آپ نے اس کا حکم فرما دیا تو مجھے رنج ہوا کیونکہ وہ میرا وطن ہے اور وہاں میرا گھر ہے پس حضرت قیلہ عرض گزار ہوئی۔ یا رسول اللہ! انہوں نے انصاف کے ساتھ آپ سے زمین نہیں مانگی کیونکہ دہنا تو اونٹ باندھنے اور بکریاں چرانے کی جگہ ہے جبکہ بنی تمیم کے بیوی بچے اس سے پرے رہتے ہیں فرمایا کہ اے لڑکے! ٹھہر جاؤ۔ اس بوڑھی عورت نے درست کہا ہے ایک مسلمان دوسرے مسلمان کا بھائی ہے، پانی اور درخت میں وسعت کرتے ہیں اور مصیبت کے وقت ایک دوسرے کے معاون بنتے ہیں۔

۱۲۹۷۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ عَبْدِ الْوَاحِدِ حَدَّثَتْنِي أُمُّ جَنُوبٍ بِنْتُ نُمَيْلَةَ عَنْ أُمِّهَا سُوَيْدَةَ بِنْتِ جَابِرٍ عَنْ أُمِّهَا عَقِيلَةَ بِنْتِ أَسْمَرَ بْنِ مُضَرِّسٍ

محمد بن بشار، عبدالحمید بن عبدالواحد، ام جنوب بنت نمیلہ ان کی والدہ سویدہ بنت جابر، ان کی والدہ عقیلہ بنت اسمر بن مضرس سے روایت ہے کہ ان کے والد ماجد حضرت اسمر بن مضرس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ میں نے نبی کریم

www.sirat-e-mustaqeem.com

عَنْ اُمِّهَا اُسَيْرٍ بِنْ مُضَرِّسٍ قَالَ اَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَبَايَعْتُهُ فَقَالَ مَنْ سَبَقَ اِلَى مَاءٍ لَمْ يَسْبِقْهُ اِلَيْهِ مُسْلِمٌ فَهُوَ لَهُ قَالَ فَخَرَجَ النَّاسُ يَتَعَادَوْنَ يَتَخَاطُّوْنَ۔

۱۲۹۸ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ نَا حَمَّادُ ابْنُ خَالِدٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَقْطَعَ الزُّبَيْرَ حُضْرَ فَرَسِهٖ فَاَجْرٰى فَرَسَهٗ حَتّٰى قَامَ ثُمَّ رَمٰى بِسَوْطِهٖ فَقَالَ اَعْطُوْهُ مِنْ حَيْثُ بَلَغَ السَّوْطُ۔

صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر آپ سے بیعت کی۔ آپ نے فرمایا کہ جو ایسے پانی تک پہنچ جائے جس تک کوئی مسلمان نہ پہنچا ہو تو وہ اسی کا ہے تو لوگ دوڑتے ہوئے اور لکیریں لگاتے ہوئے نکل گئے۔

نافع نے حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت زبیر کو مقطعہ دیا کہ جہاں تک ان کا گھوڑا پہنچ جائے۔ پس ان کا گھوڑا تھک کر کھڑا ہو گیا۔ پھر انہوں نے کوڑا پھینکا تو کوڑا پہنچنے تک کی جگہ انہیں عطا فرما دی۔

بَابُ ۵۳ اِحْيَاءِ الْمَوَاتِ۔

بنجر زمین کو قابلِ کاشت بنانا

۱۲۹۹ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى نَا عَبْدُ الْوَهَّابِ نَا اَيُّوْبُ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ زَيْدٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ اَحْيٰى اَرْضًا مَيْتَةً فَهِيَ لَهٗ وَلَيْسَ لِعِرْقٍ ظَالِمٍ حَقٌّ۔

ہشام بن عروہ کے والد ماجد نے حضرت سعید بن زید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے بنجر زمین کو آباد کیا وہ اسی کی ہے اور ظالم کی رگ کا اس پر کوئی حق نہیں ہے۔

۱۳۰۰ حَدَّثَنَا هَنَّادُ بْنُ السَّرِيِّ نَا عَبْدَةُ عَنْ مُحَمَّدٍ يَعْنِي ابْنَ اِسْحٰقَ عَنْ يَحْيَى بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ اَحْيٰى اَرْضًا فَهِيَ لَهٗ وَذَكَرَ مِثْلَهٗ قَالَ فَلَقَدْ خَبَّرَنِي الَّذِيْ حَدَّثَنِيْ هٰذَا الْحَدِيْثَ اَنَّ رَجُلَيْنِ اخْتَصَمَا اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غَرَسَ اَحَدُهُمَا نَخْلًا فِيْ اَرْضِ الْاٰخَرِ فَقَضٰى لِصَاحِبِ الْاَرْضِ بِاَرْضِهٖ وَاَمَرَ صَاحِبَ النَّخْلِ اَنْ يُّخْرِجَ نَخْلَهٗ مِنْهَا فَلَقَدْ رَاَيْتُهَا وَاِنَّهَا لَتُضْرَبُ اُصُوْلُهَا بِالْفُؤُوْسِ وَاِنَّهَا لَنَخْلٌ عُمٌّ حَتّٰى اُخْرِجَتْ مِنْهَا۔

یحییٰ بن عروہ نے اپنے والد ماجد سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جس نے مردہ (بنجر) زمین آباد کی وہ اسی کی ہے اور اسی طرح ذکر کرتے ہوئے فرمایا بیشک مجھے اس حدیث کے ایک راوی نے بتایا کہ دو شخص اپنے جھگڑے کو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں لے گئے ان میں سے ایک نے دوسرے کی زمین میں کھجور کے درخت لگائے تھے۔ آپ نے زمین والے کے متعلق فیصلہ فرمایا کہ اس کی صرف زمین ہے اور درختوں والے کو حکم دیا کہ اپنے درختوں کو اس کی زمین سے نکال لے۔ پس میں نے دیکھا کہ ان درختوں کی جڑوں پر کلہاڑیاں ماری جا رہی تھیں حالانکہ وہ پورے درخت ہو گئے تھے لیکن سب وہاں سے نکال لیے گئے۔

۱۳۰۱ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ سَعِيْدٍ الدَّارِمِيُّ نَا وَهْبٌ عَنْ اَبِيْهِ عَنِ ابْنِ اِسْحٰقَ بِاِسْنَادِهٖ

وہب کے والد ماجد نے ابن اسحٰق سے اپنی اسناد کے ساتھ معناً اسے روایت کیا مگر اس میں یہ بھی کہا کہ نبی کریم صلی اللہ

www.sirat-e-mustaqeem.com

مَعْنَاهُ إِلَّا أَنَّهُ قَالَ عِنْدَ قَوْلِهِ مَكَانَ الَّذِي حَدَّثَنِي هَذَا فَقَالَ رَجُلٌ مِنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَكْثَرُ ظَنِّي أَنَّهُ أَبُو سَعِيدٍ الْخُدْرِيُّ فَأَنَا رَأَيْتُ الرَّجُلَ يَضْرِبُ فِي أُصُولِ النَّخْلِ.

تعالیٰ علیہ وسلم کے ایک صحابی نے فرمایا اور میرا غالب گمان یہ ہے کہ وہ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہیں کہ میں نے اس شخص (درخت لگانے والے) کو کھجور کے درختوں کی جڑوں کو کاٹتے ہوئے دیکھا۔

۱۳۰۲۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدَةَ الْآمُلِيُّ نَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عُثْمَانَ نَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ الْمُبَارَكِ أَنَا نَافِعُ بْنُ عُمَرَ عَنِ ابْنِ أَبِي مُلَيْكَةَ عَنْ عُرْوَةَ قَالَ أَشْهَدُ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَضَى أَنَّ الْأَرْضَ أَرْضُ اللَّهِ وَالْعِبَادُ عِبَادُ اللَّهِ وَمَنْ أَحْيَا مَوَاتًا فَهُوَ أَحَقُّ بِهَا جَاءَنَا بِهَذَا عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الَّذِينَ جَاءُوا بِالصَّلَوَاتِ عَنْهُ.

احمد بن عبدہ آملی، عبداللہ بن عثمان، عبداللہ بن مبارک، نافع بن عمر، ابن ابی ملیکہ سے روایت ہے کہ حضرت عروہ نے فرمایا۔ میں گواہی دیتا ہوں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ فیصلہ فرمایا تھا کہ زمین تو اللہ کی زمین ہے اور بندے بھی اللہ کے بندے ہیں۔ لہٰذا جس نے بنجر زمین کو آباد کیا تو وہ اس کا سب سے زیادہ حقدار ہے۔ یہ بات نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے ان حضرات کے واسطے سے پہنچی جن کے ذریعے نماز پہنچی ہے۔

ف۔ ایک یہ حدیث یا نمازوں سے متعلقہ روایات ہی کیا بلکہ بعد والوں کو سارا دین ہی حضرات صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کی معرفت ملا ہے۔ اس لحاظ سے صحابہ کرام ساری امت محمدیہ کے محسن ہیں اور ہمارے لئے ضروری ہے کہ اپنے ان محسنوں کا ذکر ہمیشہ اچھے لفظوں میں کریں اور بھول کر بھی ان کے متعلق ایسا لفظ کبھی زبان پر نہ لائیں جس سے احسان فراموشی کی بدبو آتی ہو کیونکہ ہمارے مسلمان کہلاتے میں ان بزرگوں کی کاوشوں کو بھی بڑا دخل ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

۱۳۰۳۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ نَا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ نَا سَعِيدٌ عَنْ قَتَادَةَ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ سَمُرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ أَحَاطَ حَائِطًا عَلَى أَرْضٍ فَهِيَ لَهُ.

احمد بن حنبل، محمد بن بشیر، سعید، قتادہ، حسن، حضرت سمرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جس نے بنجر زمین کے گرد دیوار کھینچ کر احاطہ بنا لیا تو وہ زمین اسی کی ہے۔

۱۳۰۴۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ السَّرْحِ أَنَا ابْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي مَالِكٌ قَالَ هِشَامٌ الْعِرْقُ الظَّالِمُ أَنْ يَغْرِسَ الرَّجُلُ فِي أَرْضِ غَيْرِهِ فَيَسْتَحِقَّهَا بِذَلِكَ وَالْعِرْقُ الظَّالِمُ كُلُّ مَا أُخِذَ وَاحْتُفِرَ وَغُرِسَ بِغَيْرِ حَقٍّ.

امام مالک سے روایت ہے کہ ہشام نے فرمایا۔ ظالم رگ سے مراد یہ ہے کہ دوسرے کی زمین میں درخت لگا کر اس پر کوئی اپنا حق جتائے۔ ظالم رگ سے مراد تصرف کا ہر فعل ہے جیسے اس سے کوئی چیز لینا، گڑھا کھودنا یا درخت لگانا۔

۱۳۰۵۔ حَدَّثَنَا سَهْلُ بْنُ بَكَّارٍ نَا وُهَيْبُ بْنُ خَالِدٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ يَحْيَى عَنِ الْعَبَّاسِ السَّاعِدِيِّ يَعْنِي ابْنَ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ عَنْ

ابن سہل بن سعد سے روایت ہے کہ حضرت ابو حمید ساعدی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ غزوہ تبوک میں شامل ہوا۔ جب

www.sirat-e-mustaqeem.com

أَبِي حُمَيْدٍ السَّاعِدِيِّ قَالَ غَزَوْتُ مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَبُوكًا فَلَمَّا أَتَى وَادِي الْقُرَى إِذَا امْرَأَةٌ فِي حَدِيقَةٍ لَهَا فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِأَصْحَابِهِ اخْرُصُوا فَخَرَصَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَشَرَةَ أَوْسُقٍ فَقَالَ لِلْمَرْأَةِ أَحْصِي مَا يَخْرُجُ مِنْهَا فَأَتَيْنَا تَبُوكَ فَأَهْدَى مَلِكُ أَيْلَةَ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَغْلَةً بَيْضَاءَ وَكَسَاهُ بُرْدَةً وَكَتَبَ لَهُ يَعْنِي بِبَحْرِهِ قَالَ فَلَمَّا أَتَيْنَا وَادِيَ الْقُرَى قَالَ لِلْمَرْأَةِ كَمْ كَانَ فِي حَدِيقَتِكِ قَالَتْ عَشَرَةَ أَوْسُقٍ خَرْصَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنِّي مُتَعَجِّلٌ إِلَى الْمَدِينَةِ فَمَنْ أَرَادَ مِنْكُمْ أَنْ يَتَعَجَّلَ مَعِي فَلْيَتَعَجَّلْ.

۱۳۰۶ - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ غِيَاثٍ نَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ زِيَادٍ نَا الْأَعْمَشُ عَنْ جَامِعِ بْنِ شَدَّادٍ عَنْ كُلْثُومٍ عَنْ زَيْنَبَ أَنَّهَا كَانَتْ تَفْلِي رَأْسَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعِنْدَهُ امْرَأَةُ عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ وَنِسَاءٌ مِنَ الْمُهَاجِرَاتِ وَهُنَّ يَشْتَكِينَ مَنَازِلَهُنَّ أَنَّهَا تَضِيقُ عَلَيْهِنَّ وَيُخْرَجْنَ مِنْهَا فَأَمَرَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ تُوَرَّثَ دُورُ الْمُهَاجِرِينَ النِّسَاءَ فَمَاتَ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مَسْعُودٍ فَوَرِثَتْهُ امْرَأَتُهُ دَارًا بِالْمَدِينَةِ.

بَابُ ۵۳ مَا جَاءَ فِي الدُّخُولِ فِي أَرْضِ الْخَرَاجِ.

۱۳۰۷ - حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ بَكَّارِ بْنِ بِلَالٍ أَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِيسَى يَعْنِي ابْنَ سُمَيْعٍ قَالَ نَا زَيْدُ بْنُ وَاقِدٍ حَدَّثَنِي أَبُو عُبَيْدَةَ عَنْ

وادی القریٰ میں پہنچے تو ایک عورت اپنے باغ میں بیٹھی ہوئی تھی۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنے اصحاب سے فرمایا کہ اس کے پھلوں کا اندازہ کرو۔ چنانچہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے دس وسق کا اندازہ فرمایا۔ پھر آپ نے اس عورت سے فرمایا کہ اس کے پھلوں کا حساب رکھنا۔ پھر ہم تبوک پہنچ گئے تو ایلہ کے بادشاہ نے آپ کی خدمت میں تحفے کے طور پر ایک سفید خچر بھیجا۔ آپ نے اس کے لیے چادر بھیجی اور اس کے ملک کی اسے تحریر لکھ دی جب ہم وادی القریٰ میں آئے تو اس عورت سے کہا جو اپنے باغ میں تھی کہ کتنے پھل ہوئے؟ اس نے کہا کہ وہی دس وسق جو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اندازہ کیا تھا پس رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں مدینہ منورہ پہنچنے کی جلدی کر رہا ہوں جو میرے ساتھ جلدی کرنا چاہے وہ جلدی کرے۔

کلثوم نے حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کی ہے کہ وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا سر مبارک دھو رہی تھیں اور ان کے پاس حضرت عثمان کی زوجہ مطہرہ اور مہاجرین کی کچھ عورتیں تھیں جو اپنے گھروں کی تنگی کا شکوہ کر رہی تھیں کیونکہ ان سے نکال دی جاتی ہیں۔ پس رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حکم فرمایا کہ مہاجرین کے گھر ان کی عورتوں کو ورثے میں ملیں گے پس جب حضرت عبداللہ بن مسعود کا وصال ہوا تو ان کا گھر میراث میں ان کی اہلیہ محترمہ کو ملا جو مدینہ منورہ میں تھا۔

خراجی زمین میں رہنے کا حکم

ہارون بن محمد بن بکار بن بلال، محمد بن عیسیٰ ابن سمیع زید بن واقد، ابو عبداللہ سے روایت ہے کہ حضرت معاذ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ جس نے اپنے اوپر جزیہ مقرر

www.sirat-e-mustaqeem.com

مُعَاذٍ أَنَّهُ قَالَ مَنْ عَقَدَ الْجِزْيَةَ فِي عُنُقِهِ فَقَدْ بَرِئَ مِمَّا عَلَيْهِ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔

١٣٠٨۔ حَدَّثَنَا حَيْوَةُ بْنُ شُرَيْحٍ الْحَضْرَمِيُّ نَا بَقِيَّةُ حَدَّثَنِي عُمَارَةُ بْنُ أَبِي الشَّعْثَاءِ حَدَّثَنِي سِنَانُ بْنُ قَيْسٍ حَدَّثَنِي شَبِيبُ بْنُ نُعَيْمٍ حَدَّثَنِي يَزِيدُ بْنُ خُمَيْرٍ حَدَّثَنِي أَبُو الدَّرْدَاءِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ أَخَذَ أَرْضًا بِجِزْيَتِهَا فَقَدِ اسْتَقَالَ هِجْرَتَهُ وَمَنْ نَزَعَ صَغَارَ كَافِرٍ مِنْ عُنُقِهِ فَجَعَلَهُ فِي عُنُقِهِ فَقَدْ وَلَّى الْإِسْلَامَ ظَهْرَهُ قَالَ فَسَمِعَ مِنِّي خَالِدُ بْنُ مَعْدَانَ هٰذَا الْحَدِيثَ فَقَالَ لِي أَشَبِيبُ حَدَّثَكَ فَقُلْتُ نَعَمْ قَالَ فَإِذَا قَدِمْتَ فَسَلْهُ فَلْيَكْتُبْ إِلَيَّ بِالْحَدِيثِ قَالَ فَكَتَبَهُ لَهُ فَلَمَّا قَدِمْتُ سَأَلَنِي خَالِدُ بْنُ مَعْدَانَ الْقِرْطَاسَ فَأَعْطَيْتُهُ فَلَمَّا قَرَأَهُ تَرَكَ مَا فِي يَدَيْهِ مِنَ الْأَرْضِ حِينَ سَمِعَ ذٰلِكَ قَالَ أَبُو دَاؤدَ هٰذَا يَزِيدُ بْنُ خُمَيْرٍ الْيَزَنِيُّ لَيْسَ هُوَ صَاحِبَ شُعْبَةَ۔

بَابٌ ٥٣٨ فِي الْأَرْضِ يَحْمِيهَا الْإِمَامُ أَوِ الرَّجُلُ۔

١٣٠٩۔ حَدَّثَنَا ابْنُ السَّرْحِ أَنَا ابْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي يُونُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عُبَيْدِ اللهِ بْنِ عَبْدِ اللهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ الصَّعْبِ بْنِ جَثَّامَةَ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا حِمَى إِلَّا لِلّٰهِ وَلِرَسُولِهِ قَالَ ابْنُ شِهَابٍ وَبَلَغَنِي أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَمَى النَّقِيعَ۔

١٣١٠۔ حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ نَا

کروایا تو وہ اس طریقے سے علیحدہ ہوگیا جس پر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تھے۔

حیوۃ بن شریح حضرمی، بقیہ، عمارہ بن ابو شعثاء، سنان بن قیس، شبیب بن نعیم، یزید بن خمیر نے حضرت ابو درداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جس نے زمین لے کر اس کا جزیہ دینا قبول کیا تو اس نے اپنی ہجرت توڑ ڈالی اور جس نے کافر کے گلے سے ذلت (جزیہ) کو اپنے گلے میں ڈال لیا تو اس نے اسلام کی طرف اپنی پیٹھ کر لی۔ سنان کا بیان ہے کہ مجھ سے خالد بن معدان نے یہ حدیث سنی تو کہا۔ کیا شبیب نے آپ سے بیان کی؟ میں نے کہا ہاں کہا کہ جب تم جاؤ تو ان سے میرے لیے یہ حدیث لکھنے کے لیے کہنا۔ چنانچہ انہوں نے وہ لکھ دی۔ جب میں واپس آیا تو خالد بن معدان نے مجھ سے تحریر مانگی۔ جب اسے پڑھا تو یہ بات سن کر جتنی زمین ان کے قبضے میں تھی ساری چھوڑ دی۔ امام ابو داؤد نے فرمایا کہ یہ یزید بن خمیر یزنی وہ نہیں جو شعبہ کے شاگرد تھے۔

امام یا کوئی شخص جس زمین کو خاص چراگاہ بنالے

ابن السرح، ابن وہب، یونس، ابن شہاب، عبید اللہ بن عبد اللہ، حضرت ابن عباس نے حضرت صعب بن جثامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ چراگاہ نہیں ہے مگر اللہ اور اس کے رسول کی۔ ابن شہاب کا بیان ہے کہ مجھے یہ بات پہنچی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے نقیع کی جگہ میں چراگاہ بنائی۔

سعید بن منصور، عبد العزیز بن محمد، عبد الرحمٰن بن حارث

عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْحَارِثِ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ عَنِ الصَّعْبِ بْنِ جَثَّامَةَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَمَى النَّقِيعَ وَقَالَ لَا حِمٰى إِلَّا لِلّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ۔

عبید اللہ بن عبد اللہ، حضرت عبد اللہ بن عباس نے حضرت سعد بن جثامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے نقیع کے مقام کو چراگاہ بنایا۔ اور فرمایا کہ چراگاہ نہیں ہے مگر صرف اللہ تعالیٰ کے لیے۔

باب ۳۹ھ مَا جَاءَ فِي الرِّكَازِ وَمَا فِيهِ۔

دفینہ کا حکم

۱۳۱۱۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا سُفْيَانُ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ وَأَبِي سَلَمَةَ سَمِعَا أَبَا هُرَيْرَةَ يُحَدِّثُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فِي الرِّكَازِ الْخُمُسُ۔

مسدد، سفیان، زہری، سعید بن مسیب، ابو سلمہ نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو بیان کرتے ہوئے سنا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ رکاز میں پانچواں حصہ ہے۔

۱۳۱۲۔ حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُسَافِرٍ نَا ابْنُ أَبِي فُدَيْكٍ نَا الزَّمْعِيُّ عَنْ عَمَّتِهِ قُرَيْبَةَ بِنْتِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ وَهْبٍ عَنْ أُمِّهَا كَرِيمَةَ بِنْتِ الْمِقْدَادِ عَنْ ضُبَاعَةَ بِنْتِ الزُّبَيْرِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ بْنِ هَاشِمٍ أَنَّهَا أَخْبَرَتْهَا قَالَتْ ذَهَبَ الْمِقْدَادُ لِحَاجَتِهِ بِبَقِيعِ الْخَبْخَبَةِ فَإِذَا جُرَذٌ يُخْرِجُ مِنْ جُحْرٍ دِينَارًا ثُمَّ لَمْ يَزَلْ يُخْرِجُ دِينَارًا دِينَارًا حَتّٰى أَخْرَجَ سَبْعَةَ عَشَرَ دِينَارًا ثُمَّ أَخْرَجَ خِرْقَةً حَمْرَاءَ يَعْنِي فِيهَا دِينَارٌ فَكَانَتْ ثَمَانِيَةَ عَشَرَ دِينَارًا فَذَهَبَ بِهَا إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَخْبَرَهُ وَقَالَ لَهُ خُذْ صَدَقَتَهَا فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَلْ هَوَيْتَ إِلَى الْجُحْرِ قَالَ لَا فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَارَكَ اللّٰهُ لَكَ فِيهَا۔

ضباعہ بنت زبیر بن عبد المطلب بن ہاشم کا بیان ہے کہ حضرت مقداد رضی اللہ تعالیٰ عنہ اپنی ایک ضرورت کے تحت نقیع خبخبہ نامی بستی کی طرف گئے تو ایک چوہا بل سے ایک دینار نکال کر لایا۔ پھر وہ برابر ایک ایک دینار لاتا ہی رہا۔ یہاں تک کہ سترہ دینار ہو گئے۔ پھر وہ سرخ تھیلی نکال کر لایا جس میں ایک دینار تھا۔ یوں اٹھارہ دینار ہو گئے۔ یہ انہیں لے کر نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو گئے اور آپ کو بتا کر عرض گزار ہوئے کہ ان کی زکوٰۃ لے لیجیے۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ کیا تم سوراخ کی طرف ارادے سے گئے تھے؟ عرض کی نہیں۔ پس رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا۔ اللہ تعالیٰ تمہیں ان میں برکت دے (یعنی انہیں اپنے خرچ میں لانا تمہارے لیے جائز ہے)۔

باب ۴۰ھ نَبْشِ الْقُبُورِ الْعَادِيَةِ۔

پرانی قبروں کا کھودنا

۱۳۱۳۔ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مَعِينٍ نَا وَهْبُ بْنُ جَرِيرٍ قَالَ سَمِعْتُ مُحَمَّدَ بْنَ إِسْحٰقَ يُحَدِّثُ عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أُمَيَّةَ

یحییٰ بن معین، وہب بن جریر، محمد بن اسحٰق، اسمٰعیل بن امیہ، بجیر بن ابو بجیر، حضرت عبد اللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ

www.sirat-e-mustaqeem.com

عَنْ بُجَيْرِ بْنِ اَبِيْ بُجَيْرٍ قَالَ سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَمْرٍو يَقُوْلُ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ حِيْنَ خَرَجْنَا مَعَهُ اِلَى الطَّائِفِ فَمَرَرْنَا بِقَبْرٍ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هٰذَا قَبْرُ اَبِيْ رِغَالٍ وَكَانَ بِهٰذَا الْحَرَمِ يَدْفَعُ عَنْهُ فَلَمَّا خَرَجَ اَصَابَتْهُ النِّقْمَةُ الَّتِيْ اَصَابَتْ قَوْمَهُ بِهٰذَا الْمَكَانِ فَدُفِنَ فِيْهِ وَاٰيَةُ ذٰلِكَ اَنَّهُ دُفِنَ مَعَهُ غُصْنٌ مِنْ ذَهَبٍ اِنْ اَنْتُمْ نَبَشْتُمْ عَنْهُ اَصَبْتُمُوْهُ مَعَهُ فَابْتَدَرَهُ النَّاسُ فَاسْتَخْرَجُوا الْغُصْنَ۔ اٰخِرُ كِتَابِ الْخَرَاجِ وَالْفَيْءِ وَالْاِمَارَةِ۔

تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا جبکہ ہم آپ کے ساتھ طائف کی طرف نکلے۔ ہم ایک قبر کے پاس سے گزرے تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ یہ ابو رغال کی قبر ہے جو عذاب سے بچنے کے لیے حرم کی حد میں رہتا تھا جب وہ اس سے باہر نکلا تو اسی عذاب میں گرفتار ہوا جو اس کی قوم پر آیا تھا اور اس جگہ دفن کیا گیا۔ اس کی نشانی یہ ہے کہ اس کے ساتھ سونے کی ایک سلاخ بھی دفن کی گئی تھی۔ اگر تم اس کی قبر کو کھودو تو اس کے ساتھ سلاخ کو پالوگے۔ لوگ اس کی طرف دوڑے اور اس سلاخ کو نکال لیا۔ یہاں خراج فئی اور امارت کا بیان ختم ہوا۔

ف۔ ابو رغال قوم ثمود کا ایک فرد تھا جو ثقیف کا جدِ اعلیٰ بنا۔ اُس نے اپنی قوم کی کرتوت کو دیکھ کر اندازہ کر لیا تھا کہ میری قوم پر جلد یا بدیر عذابِ الٰہی نازل ہو کر رہے گا۔ قوم کی طرح خود بھی وہ سرکشی سے باز نہ آیا لیکن خدا کے عذاب سے بچنے کے لیے تدبیر یہ کی کہ حرم کی حدود میں رہنے لگا اور اُس سے باہر نہیں نکلتا تھا تاکہ لوگوں پر عذاب آئے تو وہ محفوظ رہے کیونکہ حرم کی حدود میں عذاب نازل نہیں ہوتا۔ آخر اس کی قوم پر عذاب آیا اور وہ ہلاک ہو گئی جبکہ ابو رغال عذاب سے محفوظ رہا۔ کچھ عرصہ بعد ابو رغال کو حرم کی حد سے باہر نکلنا پڑا تو اس پر بھی وہی عذاب آیا جو قوم پر آیا تھا اور وہ ہلاک ہو گیا۔ ابو رغال کو جب دفن کیا گیا تو اس کی قبر میں سونے کی ایک سلاخ بھی گاڑی گئی تھی۔ ہزاروں سال بعد جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابۂ کرام کو اس کی خبر دی تو ابو رغال کا نام بتاتے ہوئے سلاخ کے متعلق بھی بتا دیا کہ وہ آج بھی قبر کھودنے پر مل سکتی ہے۔ معلوم ہوا کہ نگاہِ مصطفیٰ سے کوئی بھی چیز چھپی ہوئی نہیں ہے۔ سبحان اللہ! مازاغ البصر کے سرمے والی آنکھوں سے جب جہاں آفریں بھی نہ چھپ سکا تو دنیا کی اور کونسی چیز اتنی اہم اور محبوب سے چھپانے والی ہے جس کو پوشیدہ رکھا جاتا؟ اسی لئے ایک دانائے راز نے فرمایا ہے:۔ ؎

اور کوئی غیب کیا تم سے نہاں ہو بھلا
جب نہ خدا ہی چھپا تم پہ کروڑوں درود

www.sirat-e-mustaqeem.com

أَوَّلُ كِتَابِ الْجَنَائِزِ

بَابُ الْأَمْرَاضِ الْمُكَفِّرَةِ لِلذُّنُوبِ

١٣١٤ - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مُحَمَّدٍ النُّفَيْلِيُّ ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحٰقَ قَالَ حَدَّثَنِي رَجُلٌ مِنْ أَهْلِ الشَّامِ يُقَالُ لَهُ أَبُو مَنْظُورٍ عَنْ عَمِّهِ قَالَ حَدَّثَنِي عَمِّي عَنْ عَامِرٍ الرَّامِ أَخِي الْخُضْرِ قَالَ النُّفَيْلِيُّ هُوَ الْخُضْرُ وَلَكِنْ كَذَا قَالَ قَالَ إِنِّي لَبِبِلَادِنَا إِذْ رُفِعَتْ لَنَا رَايَاتٌ وَأَلْوِيَةٌ فَقُلْتُ مَا هَذَا قَالُوا هَذَا لِوَاءُ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَتَيْتُهُ وَهُوَ تَحْتَ شَجَرَةٍ قَدْ بُسِطَ لَهُ كِسَاءٌ وَهُوَ جَالِسٌ عَلَيْهِ وَقَدِ اجْتَمَعَ عَلَيْهِ أَصْحَابُهُ فَجَلَسْتُ إِلَيْهِمْ فَذَكَرَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْأَسْقَامَ فَقَالَ إِنَّ الْمُؤْمِنَ إِذَا أَصَابَهُ السَّقَمُ ثُمَّ أَعْفَاهُ اللَّهُ مِنْهُ كَانَ كَفَّارَةً لِمَا مَضَى مِنْ ذُنُوبِهِ وَمَوْعِظَةً لَهُ فِيمَا يَسْتَقْبِلُ وَإِنَّ الْمُنَافِقَ إِذَا مَرِضَ ثُمَّ أُعْفِيَ كَانَ كَالْبَعِيرِ عَقَلَهُ أَهْلُهُ ثُمَّ أَرْسَلُوهُ فَلَمْ يَدْرِ لِمَ عَقَلُوهُ وَلَمْ يَدْرِ لِمَ أَرْسَلُوهُ فَقَالَ رَجُلٌ مِمَّنْ حَوْلَهُ يَا رَسُولَ اللَّهِ وَمَا الْأَسْقَامُ وَاللَّهِ مَا مَرِضْتُ قَطُّ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قُمْ عَنَّا فَلَسْتَ مِنَّا فَبَيْنَا نَحْنُ عِنْدَهُ إِذْ أَقْبَلَ رَجُلٌ عَلَيْهِ كِسَاءٌ وَفِي يَدِهِ شَيْءٌ قَدِ الْتَفَّ عَلَيْهِ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنِّي لَمَّا رَأَيْتُكَ أَقْبَلْتُ إِلَيْكَ فَمَرَرْتُ بِغَيْضَةِ شَجَرٍ فَسَمِعْتُ فِيهَا أَصْوَاتَ فِرَاخِ طَائِرٍ فَأَخَذْتُهُنَّ فَوَضَعْتُهُنَّ

جنازے کا بیان

گناہوں کو دور کرنے والی بیماریاں

قبیلہ خضر کے عامر الرام سے روایت ہے کہ اسی قبیلہ خضر کے حضرت نفیلی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ میں اپنے علاقے میں تھا کہ اچانک ہمیں جھنڈے اور نشان نظر آئے۔ میں نے کہا یہ کیا ہے؟ لوگوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا جھنڈا ہے۔ میں حاضر بارگاہ ہوا تو آپ ایک درخت کے نیچے اپنے کمبل کو بچھا کر اس پر جلوہ افروز تھے اور شمع رسالت کے پروانوں نے آپ کو جھرمٹ میں لیا ہوا تھا۔ میں بھی ان کے پاس بیٹھ گیا۔ پس رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بیماریوں کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا۔ مومن کو جب کوئی بیماری پہنچتی ہے اور پھر اللہ تعالیٰ اس سے صحت بخش دیتا ہے تو وہ پچھلے گناہوں کے لیے کفارہ ہو جاتی ہے اور آئندہ کے لیے نصیحت بن جاتی ہے۔ منافق جب بیمار پڑے اور شفایاب ہو جائے تو اس اونٹ کی طرح ہوتا ہے جسے اس کا مالک باندھے اور کھول دے وہ نہیں جانتا کہ کیوں باندھا اور کیوں کھولا؟ گرد بیٹھے ہوئے حضرات میں سے ایک صاحب عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ! بیماریاں کیا ہوتی ہیں؟ میں تو بالکل کبھی بیمار نہیں ہوا۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ہمارے پاس سے اٹھ جاؤ کیونکہ تم ہم میں سے نہیں ہو۔ ابھی ہم آپ کی خدمت میں حاضر تھے کہ ایک شخص کمبل اوڑھے ہوئے آپ کی جانب بڑھا اور اس کے ہاتھ میں کوئی چیز دبائی ہوئی تھی۔ عرض گزار ہوا کہ یا رسول اللہ! جب میں نے آپ کو دیکھا تو آپ کی جانب آنے لگا۔ میں درختوں کے جھنڈ کے پاس سے گزرا جن سے چڑیا کے بچوں کی آواز آ رہی تھی۔ میں نے انہیں پکڑ کر اپنے کمبل میں چھپا لیا تو ان کی ماں میرے سر پر گھومنے لگی۔ میں نے کھول کر بچے اسے دکھائے تو

www.sirat-e-mustaqeem.com

فِي كِسَائِي فَجَاءَتْ أُمُّهُنَّ فَاسْتَدَارَتْ عَلَى رَأْسِي فَكَشَفْتُ لَهَا عَنْهُنَّ فَوَقَعَتْ عَلَيْهِنَّ مَعَهُنَّ فَلَفَفْتُهُنَّ بِكِسَائِي فَهُنَّ أُولَاءِ مَعِي قَالَ ضَعْهُنَّ عَنْكَ فَوَضَعْتُهُنَّ وَأَبَتْ أُمُّهُنَّ إِلَّا لُزُومَهُنَّ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِأَصْحَابِهِ أَتَعْجَبُونَ لِرُحْمِ أُمِّ الْأَفْرَاخِ فِرَاخَهَا قَالُوا نَعَمْ يَا رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فَوَالَّذِي بَعَثَنِي بِالْحَقِّ لَلَّهُ أَرْحَمُ بِعِبَادِهِ مِنْ أُمِّ الْأَفْرَاخِ بِفِرَاخِهَا ارْجِعْ بِهِنَّ حَتَّى تَضَعَهُنَّ مِنْ حَيْثُ أَخَذْتَهُنَّ وَأُمُّهُنَّ مَعَهُنَّ فَرَجَعَ بِهِنَّ۔

باب ۵۴۲ إِذَا كَانَ الرَّجُلُ يَعْمَلُ عَمَلًا صَالِحًا فَيَشْغَلُهُ عَنْهُ مَرَضٌ أَوْ سَفَرٌ۔

۱۳۱۵۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِيسَى وَمُسَدَّدٌ الْمَعْنَى قَالَا نَا هُشَيْمٌ عَنِ الْعَوَّامِ ابْنِ حَوْشَبٍ عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ السَّكْسَكِيِّ عَنْ أَبِي بُرْدَةَ عَنْ أَبِي مُوسَى قَالَ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غَيْرَ مَرَّةٍ وَلَا مَرَّتَيْنِ يَقُولُ إِذَا كَانَ الْعَبْدُ يَعْمَلُ عَمَلًا صَالِحًا فَشَغَلَهُ عَنْهُ مَرَضٌ أَوْ سَفَرٌ كُتِبَ لَهُ كَصَالِحِ مَا كَانَ يَعْمَلُ وَهُوَ صَحِيحٌ مُقِيمٌ۔

باب ۵۴۳ عِيَادَةِ النِّسَاءِ۔

۱۳۱۶۔ حَدَّثَنَا سَهْلُ بْنُ بَكَّارٍ عَنْ أَبِي عَوَانَةَ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ عَنْ أُمِّ الْعَلَاءِ قَالَتْ عَادَنِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَنَا مَرِيضَةٌ فَقَالَ أَبْشِرِي يَا أُمَّ الْعَلَاءِ فَإِنَّ مَرَضَ الْمُسْلِمِ يُذْهِبُ اللَّهُ بِهِ خَطَايَاهُ كَمَا تُذْهِبُ النَّارُ خَبَثَ الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ۔

۱۳۱۷۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا يَحْيَى ح وَنَا

وہ ان پر گر پڑی تو میں نے اسے بھی بچوں کے ساتھ اپنے کمبل میں چھپا لیا وہ سب میرے پاس ہیں۔ فرمایا کہ انہیں رکھ دو۔ میں نے انہیں رکھ دیا لیکن ان کی ماں نے ان کا ساتھ نہ چھوڑا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنے اصحاب سے فرمایا کیا ان بچوں سے ان کی ماں کی محبت پر تمہیں تعجب نہیں ہوتا؟ عرض گزار ہوئے کہاں یا رسول اللہ۔ فرمایا قسم ہے اس ذات کی جس نے مجھے حق کے ساتھ مبعوث فرمایا اللہ تعالیٰ اپنے بندوں پر ان بچوں کی ماں سے بھی زیادہ مہربان ہے انہیں لے کر جاؤ اور جہاں سے انہیں پکڑا تھا وہیں رکھ آؤ اور ان کی ماں ان کے ساتھ رہی پس وہ انہیں لے کر لوٹ گیا۔

آدمی نیک کام کرتا ہو لیکن بیماری یا سفر کے باعث نہ کر سکے۔

ابراہیم بن عبدالرحمٰن سکسکی نے ابوبردہ سے روایت کی ہے کہ حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا میں نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو کئی مرتبہ فرماتے ہوئے سنا کہ جب کوئی شخص برابر نیک کام کرتا رہتا ہے لیکن کسی وقت وہ اسے بیماری یا سفر کے باعث پوری طرح نہ کر پاتا تو اس کے لیے در پیش حالات بھی اسی طرح لکھا جائے گا جتنا صحت و اقامت کی حالت میں لکھا جاتا تھا۔

عورتوں کی بیمار پرسی

عبدالملک بن عمیر سے روایت ہے کہ حضرت ام العلاء رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بیماری کے دوران میری عیادت فرمائی چنانچہ ارشاد فرمایا۔ اے ام العلاء! تمہیں بشارت ہو کیونکہ مسلمان کی بیماری کے ذریعے اللہ تعالیٰ اسی طرح اس کے گناہوں کو دور فرماتا ہے جیسے آگ سے سونے اور چاندی کا میل کچیل دور ہو جاتا ہے۔

مسدد، یحییٰ۔ محمد بن بشار، عثمان بن عمرو، امام ابوداؤد

www.sirat-e-mustaqeem.com

مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ قَالَ أَبُو دَاوُدَ وَهٰذَا لَفْظُهُ عَنْ أَبِي عَامِرٍ الْخَزَّازِ عَنِ ابْنِ أَبِي مُلَيْكَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قُلْتُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ إِنِّي لَأَعْلَمُ أَشَدَّ آيَةٍ فِي كِتَابِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ قَالَ أَيَّةُ آيَةٍ يَا عَائِشَةُ قَالَتْ قَوْلُ اللّٰهِ تَعَالَى مَنْ يَعْمَلْ سُوْءًا يُّجْزَ بِهٖ قَالَ أَمَا عَلِمْتِ يَا عَائِشَةُ إِنَّ الْمُؤْمِنَ تُصِيبُهُ النَّكْبَةُ أَوِ الشَّوْكَةُ فَيُكَافَأُ بِأَسْوَإِ عَمَلِهٖ وَمَنْ حُوسِبَ عُذِّبَ قُلْتُ أَلَيْسَ يَقُولُ اللّٰهُ فَسَوْفَ يُحَاسَبُ حِسَابًا يَّسِيرًا قَالَ ذَاكُمُ الْعَرْضُ يَا عَائِشَةُ مَنْ نُوقِشَ الْحِسَابَ عُذِّبَ قَالَ أَبُو دَاوُدَ وَهٰذَا لَفْظُ ابْنِ بَشَّارٍ قَالَ نَا ابْنُ أَبِي مُلَيْكَةَ۔

نے فرمایا کہ یہ الفاظ حدیث ابو عامر خزاز کے ہیں، ابن ابی ملیکہ سے روایت ہے کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا۔ میں عرض گزار ہوئی کہ یا رسول اللہ! مجھے اس آیت کا علم ہے جو اللہ تعالیٰ کی کتاب میں سب سے سخت ہے فرمایا کہ اے عائشہ! وہ کونسی آیت ہے؟ عرض گزار ہوئیں کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے جو برا کام کرے تو اس کا بدلہ دیا جائے گا (۴:۱۲۳) فرمایا کہ اے عائشہ! کیا تمہیں یہ معلوم نہیں کہ مسلمان کو جب مصیبت یا تکلیف پہنچتی ہے تو وہ اس کے برے اعمال کا بدلہ ہو جاتا ہے اور جس کا حساب لیا گیا اسے عذاب ہوگا۔ میں عرض گزار ہوئی کہ کیا اللہ تعالیٰ یہ نہیں فرماتا کہ عنقریب اس کا حساب آسانی سے لیا جائے گا (۸۴:۸) فرمایا اے عائشہ! اس سے مراد اعمال کا پیش ہونا ہے لیکن جو حساب کے جھنجھٹ میں پھنسا اسے عذاب دیا جائے گا۔ امام ابو داؤد نے فرمایا کہ یہ لفظ

بَابٌ ۵۴۶ فِي الْعِيَادَةِ۔

بیمار پرسی کا بیان

۱۳۱۸۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ يَحْيَى نَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحٰقَ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ أُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ قَالَ خَرَجَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَعُودُهُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ أُبَيٍّ فِي مَرَضِهِ الَّذِي مَاتَ فِيهِ فَلَمَّا دَخَلَ عَلَيْهِ عَرَفَ فِيهِ الْمَوْتَ قَالَ قَدْ كُنْتُ أَنْهَاكَ عَنْ حُبِّ الْيَهُودِ قَالَ فَقَدْ أَبْغَضَهُمْ أَسْعَدُ بْنُ زُرَارَةَ فَمَهْ فَلَمَّا مَاتَ أَتَاهُ ابْنُهُ فَقَالَ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ إِنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ أُبَيٍّ قَدْ مَاتَ فَأَعْطِنِي قَمِيصَكَ أُكَفِّنْهُ فِيهِ فَنَزَعَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَمِيصَهُ فَأَعْطَاهُ إِيَّاهُ۔

عروہ بن زبیر سے روایت ہے کہ حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اس مرض میں عبد اللہ بن ابی (رئیس منافقین) کی عیادت کے لیے نکلے جس میں اس نے وفات پائی تھی جب آپ اس کے پاس پہنچے تو اس کی موت کے نشانات واضح تھے۔ فرمایا کہ میں تمہیں یہود کی محبت سے منع کیا کرتا تھا۔ اس نے کہا کہ ان میں سب سے کینہ پرور اسعد بن زرارہ تھا۔ لیکن بے سود۔ جب وہ (منافقوں کا سردار) مر گیا تو اس کا بیٹا حاضر بارگاہ ہو کر عرض گزار ہوا۔ یا نبی اللہ! بیشک عبد اللہ بن ابی وفات پا گئے ہیں پس ان کے کفن کی خاطر اپنی قمیص مبارک عنایت فرما دیجیے۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنی قمیص مبارک اتار کر اسے عطا فرما دی۔

اس حدیث سے ایک بات تو یہ بات معلوم ہوئی کہ بزرگوں کے تبرکات نفع بخش اور باعث برکت ہوتے ہیں اسی لئے تو عبد اللہ بن ابی جیسے رئیس المنافقین کے صاحبزادے نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے اپنے باپ کو کفن دینے کے لئے آپ کی قمیص مبارک مانگی۔ تبرکات کے نفع بخش اور باعث برکت ہونے کا حال قرآن مجید سے بھی واضح ہوتا ہے جبکہ حضرت یوسف

علیہ السلام نے اپنے بھائیوں سے فرمایا۔

اِذْهَبُوْا بِقَمِيْصِيْ هٰذَا فَاَلْقُوْهُ عَلٰى وَجْهِ اَبِيْ يَاْتِ بَصِيْرًا۔ (۱۲ : ۹۳)

میرا یہ کرتہ لے جاؤ۔ اسے میرے باپ کے منہ پر ڈال دو ان کی آنکھیں کھل جائیں گی۔

جب حضرت یوسف علیہ السلام کے بھائیوں میں سے ایک نے حضرت یوسف علیہ السلام کا کرتہ مبارک لے جا کر حضرت یعقوب علیہ السلام کے منہ پر ڈالا تو قرآن مجید نے اس کی یہ برکت بیان فرمائی۔

فَلَمَّآ اَنْ جَآءَ الْبَشِيْرُ اَلْقٰهُ عَلٰى وَجْهِهٖ فَارْتَدَّ بَصِيْرًا۔ (۱۲ : ۹۶)

پھر جب بشارت دینے والا آیا، اس نے وہ (کرتہ) اس (حضرت یعقوب) کے منہ پر ڈالا تو اس کی بینائی پھر آئی۔

جب حضرت یوسف علیہ السلام کے کرتے کی قرآن مجید نے یہ برکت اور نفع رسانی بیان فرمائی تو سائل کے سامنے نبی الانبیاء صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے کرتہ مبارک کی برکتیں تھیں جس کی برکت اور نفع رسانی کا حضرات صحابۂ کرام شب و روز مشاہدہ کر رہے تھے۔ سائل بخوبی جانتا تھا کہ میرے باپ کی بدبختی اور اسلام دشمنی کا کوئی ٹھکانا نہیں تھا لیکن اس کے سامنے یہ حقیقت بھی تو روز روشن کی طرح عیاں تھی کہ رحمت دو عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے دریائے رحمت کا کوئی کنارا نہیں ہے۔ دوست توفیق یاب ہوتے ہی ہیں لیکن اس بارگاہ سے دشمن بھی محروم نہیں لوٹا کرتے۔ رحمۃ للعالمین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی شان جود و سخا کے پیش نظر ایک محرم راز نے کہا ہے۔ ؎

مانگیں گے مانگے جائیں گے منہ مانگی پائیں گے
سرکار میں نہ لا ہے نہ حاجت اگر کی ہے

بَابُ ۵۴۵ فِيْ عِيَادَةِ الذِّمِّيِّ۔

۱۳۱۹۔ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ نَا حَمَّادٌ يَعْنِيْ ابْنَ زَيْدٍ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ اَنَسٍ اَنَّ غُلَامًا مِّنَ الْيَهُوْدِ كَانَ مَرِضَ فَاَتَاهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَعُوْدُهٗ فَقَعَدَ عِنْدَ رَاْسِهٖ فَقَالَ لَهٗ اَسْلِمْ فَنَظَرَ اِلٰى اَبِيْهِ وَهُوَ عِنْدَ رَاْسِهٖ فَقَالَ لَهٗ اَبُوْهُ اَطِعْ اَبَا الْقَاسِمِ فَاَسْلَمَ فَقَامَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يَقُوْلُ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ اَنْقَذَهٗ بِيْ مِنَ النَّارِ۔

ذمی کی بیمار پرسی کا بیان

ثابت نے حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ یہودیوں کا ایک لڑکا بیمار پڑا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس کی عیادت کے لیے تشریف لے گئے۔ پس اس کے سر کے پاس بیٹھے اور فرمایا۔ مسلمان ہو جاؤ۔ اس نے اپنے باپ کی طرف دیکھا جو سرہانے بیٹھا ہوا تھا۔ اس کے باپ نے اس سے کہا ابوالقاسم کا حکم مانو۔ پس اس نے اسلام قبول کر لیا۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اس کے پاس سے کھڑے ہو گئے اور آپ فرما رہے تھے خدا کا شکر ہے جس نے میری وجہ سے اسے دوزخ سے

بَابُ ۵۴۶ الْمَشْيِ فِي الْعِيَادَةِ۔

۱۳۲۰۔ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ عَنْ جَابِرٍ قَالَ كَانَ

بیمار پرسی کے لیے پیدل جانا

محمد بن منکدر سے روایت ہے کہ حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے فرمایا۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میری عیادت کے لیے تشریف لایا کرتے تو آپ خچر یا ترکی گھوڑے پر سوار ہو کر

www.sirat-e-mustaqeem.com

النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَعُودُنِي لَيْسَ بِرَاكِبِ بَغْلٍ وَلَا بِرْذَوْنٍ۔

بَابٌ ۵۲۴ فِي فَضْلِ الْعِيَادَةِ عَلَى وُضُوءٍ۔

۱۳۲۱ - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَوْفٍ الطَّائِيُّ نَا الرَّبِيعُ بْنُ رَوْحِ بْنِ خُلَيْدٍ نَا مُحَمَّدُ بْنُ خَالِدٍ قَالَ نَا الْفَضْلُ بْنُ دَلْهَمٍ الْوَاسِطِيُّ عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ تَوَضَّأَ فَأَحْسَنَ الْوُضُوءَ وَعَادَ أَخَاهُ الْمُسْلِمَ مُحْتَسِبًا بُوعِدَ مِنْ جَهَنَّمَ مَسِيرَةَ سَبْعِينَ خَرِيفًا قُلْتُ يَا أَبَا حَمْزَةَ وَمَا الْخَرِيفُ قَالَ الْعَامُ قَالَ أَبُو دَاوُدَ وَالَّذِي تَفَرَّدَ بِهِ الْبَصْرِيُّونَ مِنْهُ الْعِيَادَةُ وَهُوَ مُتَوَضِّئٌ۔

۱۳۲۲ - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ أَنَا شُعْبَةُ عَنِ الْحَكَمِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نَافِعٍ عَنْ عَلِيٍّ قَالَ مَا مِنْ رَجُلٍ يَعُودُ مَرِيضًا مُمْسِيًا إِلَّا خَرَجَ مَعَهُ سَبْعُونَ أَلْفَ مَلَكٍ يَسْتَغْفِرُونَ لَهُ حَتَّى يُصْبِحَ وَكَانَ لَهُ خَرِيفٌ فِي الْجَنَّةِ وَمَنْ أَتَاهُ مُصْبِحًا خَرَجَ مَعَهُ سَبْعُونَ أَلْفَ مَلَكٍ يَسْتَغْفِرُونَ لَهُ حَتَّى يُمْسِيَ وَكَانَ لَهُ خَرِيفٌ فِي الْجَنَّةِ۔

۱۳۲۳ - حَدَّثَنَا عُثْمَانُ ابْنُ أَبِي شَيْبَةَ نَا أَبُو مُعَاوِيَةَ قَالَ نَا الْأَعْمَشُ عَنِ الْحَكَمِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ أَبِي لَيْلَى عَنْ عَلِيٍّ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَعْنَاهُ وَلَمْ يَذْكُرِ الْخَرِيفَ قَالَ أَبُو دَاوُدَ وَرَوَاهُ مَنْصُورٌ عَنِ الْحَكَمِ عَنْ أَبِي حَفْصٍ كَمَا رَوَاهُ شُعْبَةُ۔

بَابٌ ۵۲۵ فِي الْعِيَادَةِ مِرَارًا۔

۱۳۲۴ - حَدَّثَنَا عُثْمَانُ ابْنُ أَبِي شَيْبَةَ نَا

نہیں آتے تھے۔

باوضو عیادت کرنے کی فضیلت

محمد بن عوف طائی، ربیع بن روح بن خلید، محمد بن خالد فضل بن دلہم واسطی، ثابت بنانی، حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جو وضو کرے اور اچھی طرح وضو کرے اور ثواب کی نیت سے اپنے مسلمان بھائی کی عیادت کرے تو وہ جہنم سے ستر خریف دور کر دیا جاتا ہے میں (ثابت بنانی) عرض گزار ہوا کہ اے ابو حمزہ! خریف کیا ہے؟ فرمایا کہ سال۔ امام ابو داؤد نے فرمایا کہ باوضو عیادت کرنے کا بصریوں کے سوا اور کوئی قائل نہیں ہے۔

عبد اللہ بن نافع سے روایت ہے کہ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ کوئی آدمی ایسا نہیں جو شام کے وقت کسی کی عیادت کے لیے نکلے مگر ستر ہزار فرشتے اس کے ساتھ نکلتے ہیں جو صبح تک اس کے لیے دعائے مغفرت کرتے ہیں اور جنت میں اسے ایک باغ ملے گا۔ جو صبح کے وقت نکلا اس کے ساتھ بھی ستر ہزار فرشتے نکلتے ہیں جو شام تک اس کے لیے دعائے مغفرت کرتے ہیں اور اس کے لیے بھی جنت میں ایک باغ مخصوص فرما دیا جائے گا۔

عثمان بن ابو شیبہ، ابو معاویہ، اعمش، حکم، عبد اللہ بن ابو لیلی حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے اسے معناً روایت کیا ہے لیکن اس میں باغ کا ذکر نہیں فرمایا۔ امام ابو داؤد نے فرمایا کہ روایت کیا ہے اسے منصور نے حکم ابو حفص سے جیسے شعبہ نے روایت کیا۔

بار بار عیادت کرنا

ہشام بن عروہ نے اپنے والد ماجد سے روایت کی ہے

www.sirat-e-mustaqeem.com

عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نُمَيْرٍ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ أَبِيْهِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ لَمَّا أُصِيْبَ سَعْدُ بْنُ مُعَاذٍ يَوْمَ الْخَنْدَقِ رَمَاهُ رَجُلٌ فِي الْأَكْحَلِ فَضَرَبَ عَلَيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَيْمَةً فِي الْمَسْجِدِ لِيَعُوْدَهُ مِنْ قَرِيْبٍ۔

کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا۔ جب حضرت سعد بن معاذ غزوۂ خندق کے وقت زخمی ہوئے جن کے ہاتھ کی رگ میں کسی آدمی کا تیر لگا تھا تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مسجد میں ان کا خیمہ نصب کروایا تھا تاکہ نزدیک ہونے کے باعث بار بار ان کی عیادت کر سکیں۔

بَابُ ۵۴۹ الْعِيَادَةِ مِنَ الرَّمَدِ۔

آشوب چشم کی عیادت کرنا

۱۳۲۵۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ النُّفَيْلِيُّ نَا حَجَّاجُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يُوْنُسَ بْنِ أَبِيْ إِسْحٰقَ عَنْ أَبِيْهِ عَنْ زَيْدِ بْنِ أَرْقَمَ قَالَ عَادَنِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ وَجَعٍ كَانَ بِعَيْنِيْ۔

عبداللہ بن محمد نفیلی، حجاج بن محمد بن یونس بن ابو اسحاق نے اپنے والد ماجد سے روایت کی ہے کہ حضرت زید بن ارقم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے میری عیادت فرمائی جبکہ میری آنکھ میں تکلیف تھی۔

بَابُ ۵۵۰ الْخُرُوْجِ مِنَ الطَّاعُوْنِ۔

طاعون کی جگہ سے نکلنا

۱۳۲۶۔ حَدَّثَنَا الْقَعْنَبِيُّ عَنْ مَالِكٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عَبْدِ الْحَمِيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ زَيْدِ بْنِ الْخَطَّابِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ نَوْفَلٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَوْفٍ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا سَمِعْتُمْ بِهِ بِأَرْضٍ فَلَا تَقْدَمُوْا عَلَيْهِ وَإِذَا وَقَعَ بِأَرْضٍ وَأَنْتُمْ بِهَا فَلَا تَخْرُجُوْا فِرَارًا مِنْهُ يَعْنِي الطَّاعُوْنَ۔

قعنبی، مالک، ابن شہاب، عبدالحمید بن عبدالرحمٰن بن زید بن خطاب، عبداللہ بن عبداللہ بن حارث بن نوفل حضرت عبداللہ بن عباس، حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ جب تم کسی زمین میں اس (طاعون) کے متعلق سنو تو وہاں نہ جاؤ اور جب اس زمین میں پھوٹ نکلے جہاں تم رہتے ہو تو طاعون سے ڈرتے ہوئے وہاں سے بھاگ کر نہ نکلو۔

ف۔ جس جگہ طاعون کی بیماری پھوٹ نکلے وہاں نہیں جانا چاہیئے اور جس جگہ آدمی رہتا ہے اگر خدانخواستہ وہاں طاعون کی بیماری پھیل جائے تو اس شہر یا بستی سے طاعون کے باعث نہیں بھاگنا چاہیئے۔ طاعون کے ڈر سے بھاگنے والے کو ایک روایت میں جہاد سے بھاگنے والے کی طرح بتایا گیا ہے۔

بَابُ ۵۵۱ الدُّعَاءِ لِلْمَرِيْضِ بِالشِّفَاءِ عِنْدَ الْعِيَادَةِ۔

عیادت کے وقت مریض کی تندرستی کیلئے دعا کرنا

۱۳۲۷۔ حَدَّثَنَا هَارُوْنُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ نَا مَكِّيُّ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ نَا الْجُعَيْدُ عَنْ عَائِشَةَ بِنْتِ سَعْدٍ أَنَّ أَبَاهَا قَالَ اشْتَكَيْتُ بِمَكَّةَ فَجَاءَنِيْ

عائشہ بنت سعد سے روایت ہے کہ ان کے والد ماجد نے فرمایا: میں مکہ مکرمہ میں بیمار پڑا تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میری عیادت کے لیے تشریف لائے اور میری پیشانی

www.sirat-e-mustaqeem.com

رسول الله صلى الله عليه وسلم يعودني ووضع يده على جبهتي ثم مسح صدري وبطني ثم قال اللهم اشف سعدا وأتمم له هجرته۔

پر اپنا دست مبارک رکھا پھر میرے سینے اور پیٹ پر پھیرا پھر دعا فرمائی۔ اے اللہ! سعد کو شفا دے اور ان کی ہجرت کو پوری فرما۔

۱۳۲۸۔ حدثنا ابن كثير قال انا سفيان عن منصور عن أبي وائل عن أبي موسى الأشعري قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم أطعموا الجائع وعودوا المريض وفكوا العاني قال سفيان والعاني الأسير۔

ابو وائل نے حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ بھوکے کو کھانا کھلاؤ، بیمار کی عیادت کرو اور قیدی کو رہا کراؤ۔ سفیان کا قول ہے کہ العانی سے قیدی مراد ہے۔

ف۔ اس حدیث میں اہل اسلام کو ایک دوسرے کی خیر خواہی کا بہترین درس دیا گیا ہے کہ تمہارا مسلمان بھائی اگر بھوکا ہو تو اسے کھانا کھلاؤ، اگر بیمار ہو تو اس کی دیکھ بھال کرو اور اگر قید میں ہو تو اس کی رہائی کی کوشش کرو گویا مسلمانوں کو فائدہ پہنچانے کی حتی الامکان کوشش کرنی چاہیے اور جس مصیبت میں بھی اسے مبتلا دیکھے اس سے نجات دلانے کی بساط بھر کوشش کرنی چاہیے کیونکہ اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ اِخْوَۃٌ۔ تمام اہل ایمان ایک دوسرے کے بھائی ہیں اور بھائی کا کام دوسرے بھائی کے ساتھ ہمدردی کرنا ہوتا ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

باب ۵۵۲ الدعاء للمريض عند العيادة۔

وقت عیادت مریض کے لیے دعا کرنا

۱۳۲۹۔ حدثنا الربيع بن يحيى نا شعبة نا يزيد أبو خالد عن المنهال بن عمرو عن سعيد بن جبير عن ابن عباس عن النبي صلى الله عليه وسلم قال من عاد مريضا لم يحضر أجله فقال عنده سبع مرار أسأل الله العظيم رب العرش العظيم أن يشفيك إلا عافاه الله من ذلك المرض۔

سعید بن جبیر نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جو ایسے مریض کی عیادت کرے جس کی موت کا وقت نہ آیا ہو اور اس کے پاس سات دفعہ یہ کہے "میں اللہ سے سوال کرتا ہوں جو عظمت والا ہے اور عظمت والے عرش کا رب ہے کہ وہ تمہیں شفا عطا فرمائے" تو اس بیماری سے اللہ تعالیٰ اسے شفا عطا فرما دیتا ہے۔

۱۳۳۰۔ حدثنا يزيد بن خالد الرملي نا ابن وهب عن حيي بن عبد الله عن الحبلي عن ابن عمرو قال قال النبي صلى الله عليه وسلم إذا جاء الرجل يعود مريضا فليقل اللهم اشف عبدك ينكأ لك عدوا أو يمشي لك إلى جنازة۔

حبلی نے حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جب آدمی کسی بیمار کی عیادت کے لیے جائے تو یوں کہے۔ اے اللہ! شفا دے اپنے بندے کو تاکہ تیری رضا کے لیے دشمن کو زخمی کرے اور تیرے لیے جنازے کے ساتھ چلے۔

www.sirat-e-mustaqeem.com

باب ۵۵۴ كَرَاهِيَةِ تَمَنِّي الْمَوْتِ۔

موت چاہنے کی کراہیت

۱۳۳۱۔ حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ هِلَالٍ نَا عَبْدُ الْوَارِثِ عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ صُهَيْبٍ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَدْعُوَنَّ أَحَدُكُمْ بِالْمَوْتِ لِضُرٍّ نَزَلَ بِهِ وَلٰكِنْ لِيَقُلِ اللّٰهُمَّ أَحْيِنِي مَا كَانَتِ الْحَيٰوةُ خَيْرًا لِي وَتَوَفَّنِي إِذَا كَانَتِ الْوَفَاةُ خَيْرًا لِي۔

عبد العزیز بن صہیب نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ تم میں سے کوئی موت نہ مانگے اس تکلیف کے باعث جو اسے پہنچی ہو بلکہ یوں کہے کہ اے اللہ! مجھے زندہ رکھ جب تک زندگی میرے لیے بہتر ہو اور مجھے وفات دینا جب موت میرے لیے بہتر ہو۔

۱۳۳۲۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا أَبُو دَاوُدَ نَا شُعْبَةُ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يَتَمَنَّيَنَّ أَحَدُكُمُ الْمَوْتَ فَذَكَرَ مِثْلَهُ۔

قتادہ نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ تم میں سے کوئی موت کی تمنا نہ کرے۔ پھر مذکورہ حدیث کی طرح بیان کیا۔

باب ۵۵۵ مَوْتِ الْفُجَاءَةِ۔

ناگہانی موت

۱۳۳۳۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا يَحْيٰى عَنْ شُعْبَةَ عَنْ مَنْصُورٍ عَنْ تَمِيمِ بْنِ سَلَمَةَ أَوْ سَعْدِ بْنِ عُبَيْدَةَ عَنْ عُبَيْدِ بْنِ خَالِدٍ السُّلَمِيِّ رَجُلٍ مِنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَرَّةً عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ قَالَ مَرَّةً عَنْ عُبَيْدٍ قَالَ مَوْتُ الْفُجَاءَةِ أَخْذَةُ أَسَفٍ۔

تمیم بن سلمہ یا سعد بن عبیدہ نے حضرت عبید بن خالد سلمی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی جو نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ایک صحابی تھے۔ انہوں نے ایک دفعہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے مرفوعاً روایت کی اور ایک دفعہ حضرت عبید سے روایت کرتے ہوئے کہا۔ ناگہانی موت (اچانک مرجانا) قدرت کی جانب سے پکڑ ہوتی ہے۔

انسان کی زندگی کا دارومدار خاتمے پر ہے۔ اللہ تعالیٰ ہر مسلمان کو خاتمہ بالخیر نصیب فرمائے آمین یا الٰہ العالمین بحرمت سید المرسلین۔ اہل بیت اطہار کی محبت کو بھی حسنِ خاتمہ میں بڑا دخل ہے۔ اس پُرفتن دور میں جبکہ کتنے ہی رہزنوں نے رہنماؤں کا لباس پہن کر مسلمانوں کے دین و ایمان پر ڈاکہ ڈالنا اپنا مشغلہ بنایا ہوا ہے یہ المناک منظر بھی ہر دیدۂ بینا کے سامنے آتا رہا؟ کہ گستاخانِ رسول کے سرغنوں میں سے اکثر حضرات کو ماضی قریب میں ناگہانی موت ہی نے دبوچا تھا۔ ایک بھی شہادت ایسی نہیں ملی کہ انہیں مرتے وقت کلمہ تک نصیب ہوا ہو اگرچہ معتقدین کے نزدیک وہ پھر بھی تقویٰ و طہارت کے اعلیٰ مقام پر فائز ہے اور ان حضرات کی بزرگی پر چنداں حرف نہ آیا لیکن نگاہِ انصاف سے دیکھتے تو عبرت حاصل کرتے اور دیکھنے والے کم از کم اپنی عاقبت کو برباد ہونے سے بچانے کی فکر کرتے لیکن متوسلین نے اس بات کی چنداں پروا نہ کی بلکہ عار پہ نار کو ترجیح دے کر اختیار کرلیا اور اپنے ارباباً من دون اللہ کی بزرگی کا پوری ہمت سے ڈھول بجاتے آرہے ہیں۔ خدائے ذو المنن ہر مدعیٔ اسلام کو سچی ہدایت، اپنے پیاروں کی سچی عقیدت اور چشم بینا عطا فرمائے اور اس دنیا سے ہم سب کو ایمان کی دولت ساتھ لے جانے کی توفیق مرحمت کرے۔ آمین۔

www.sirat-e-mustaqeem.com

بابٌ فِی فَضْلِ مَنْ مَاتَ بِالطَّاعُوْنِ۔

۱۳۲۴۔ حَدَّثَنَا الْقَعْنَبِیُّ عَنْ مَالِكٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ جَابِرِ بْنِ عَتِیْكٍ عَنْ عَتِیْكِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ عَتِیْكٍ وَهُوَ جَدُّ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ عَبْدِ اللّٰہِ أَبُوْ أُمِّهٖ أَنَّهٗ أَخْبَرَهٗ أَنَّ عَمَّهٗ جَابِرَ بْنَ عَتِیْكٍ أَخْبَرَهٗ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّى اللّٰہُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ جَاءَ یَعُوْدُ عَبْدَ اللّٰہِ بْنَ ثَابِتٍ فَوَجَدَهٗ قَدْ غُلِبَ فَصَاحَ بِهٖ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّى اللّٰہُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَلَمْ یُجِبْهُ فَاسْتَرْجَعَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّى اللّٰہُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَقَالَ غُلِبْنَا عَلَیْكَ یَا أَبَا الرَّبِیْعِ فَصَاحَ النِّسْوَةُ وَبَكَیْنَ فَجَعَلَ ابْنُ عَتِیْكٍ یُسَكِّتُهُنَّ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّى اللّٰہُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ دَعْهُنَّ فَإِذَا وَجَبَ فَلَا تَبْكِیَنَّ بَاكِیَةٌ قَالُوْا وَمَا الْوُجُوْبُ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ قَالَ الْمَوْتُ قَالَتِ ابْنَتُهٗ وَاللّٰہِ إِنْ كُنْتُ لَأَرْجُوْ أَنْ تَكُوْنَ شَهِیْدًا فَإِنَّكَ كُنْتَ قَدْ قَضَیْتَ جِهَازَكَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّى اللّٰہُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ اللّٰہَ عَزَّ وَجَلَّ قَدْ أَوْقَعَ أَجْرَهٗ عَلٰى قَدْرِ نِیَّتِهٖ وَمَا تَعُدُّوْنَ الشَّهَادَةَ قَالَ الْقَتْلُ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّى اللّٰہُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ الشَّهَادَةُ سَبْعٌ سِوَى الْقَتْلِ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ الْمَطْعُوْنُ شَهِیْدٌ وَالْغَرِقُ شَهِیْدٌ وَصَاحِبُ ذَاتِ الْجَنْبِ شَهِیْدٌ وَالْمَبْطُوْنُ شَهِیْدٌ وَصَاحِبُ الْحَرِیْقِ شَهِیْدٌ وَالَّذِیْ یَمُوْتُ تَحْتَ الْهَدْمِ شَهِیْدٌ وَالْمَرْأَةُ تَمُوْتُ بِجُمْعٍ شَهِیْدٌ۔

طاعون سے مرنے کی فضیلت

عتیک بن حارث بن عتیک سے روایت ہے کہ ان کے چچا جان حضرت جابر بن عتیک رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے انہیں بتایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم حضرت عبد اللہ بن ثابت کی عیادت کے لیے تشریف لائے تو انہیں بیہوش پایا۔ پس رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے انہیں زور سے آواز دی لیکن انہوں نے جواب نہ دیا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ کہتے ہوئے فرمایا۔ اے ابو الربیع! ہم تمہارے بارے میں مغلوب ہو گئے ہیں۔ چنانچہ عورتیں چیخنے اور رونے لگیں اور حضرت ابن عتیک انہیں چپ کراتے تھے۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ انہیں چھوڑ دو۔ جب واجب ہو جائے اس وقت کوئی رونے والی نہ آئے۔ لوگ عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ! واجب ہونا کیا ہے؟ فرمایا کہ موت۔ ان کی صاحبزادی نے کہا خدا کی قسم ہم تو یہ امید رکھتے تھے کہ آپ شہید ہوں گے کیونکہ آپ جہاد کی تیاری کر چکے تھے۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے ان کی نیت کے مطابق ان کو ثواب دے دیا ہے اور تم شہادت کس چیز کو شمار کرتے ہو؟ عرض کی کہ اللہ کی راہ میں قتل ہونے کو۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ کی راہ میں قتل ہونے کے سوا سات قسم کی شہادت اور ہے۔ طاعون سے مرنے والا شہید ہے، ڈوب کر مرنے والا شہید ہے، ذات الجنب سے مرنے والا شہید ہے، جل کر مر جانے والا شہید ہے، دب کر مرنے والا شہید ہے اور بچے کے باعث مرنے والی عورت شہید ہے۔

بابٌ الْمَرِیْضُ یُؤْخَذُ مِنْ أَظْفَارِهٖ وَعَانَتِهٖ۔

۱۳۲۵۔ حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ إِسْمٰعِیْلَ نَا إِبْرَاهِیْمُ بْنُ سَعْدٍ أَنَا ابْنُ شِهَابٍ أَخْبَرَنِیْ عُمَرُ

مریض کا ناخن کاٹنا اور موئے زیر ناف مونڈنا

عمر بن جاریہ ثقفی سے روایت ہے جو بنی زہرہ کے حلیف اور حضرت ابو ہریرہ کے مصاحب تھے کہ حضرت ابو ہریرہ

www.sirat-e-mustaqeem.com

ابْنُ جَارِيَةَ الثَّقَفِيُّ حَلِيفُ بَنِي زُهْرَةَ وَكَانَ مِنْ أَصْحَابِ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ ابْتَاعَ بَنُو الْحَارِثِ بْنِ عَامِرِ بْنِ نَوْفَلٍ خُبَيْبًا وَكَانَ خُبَيْبٌ هُوَ قَتَلَ الْحَارِثَ بْنَ عَامِرٍ يَوْمَ بَدْرٍ فَلَبِثَ خُبَيْبٌ عِنْدَهُمْ أَسِيرًا حَتَّى أَجْمَعُوا لِقَتْلِهِ فَاسْتَعَارَ مِنِ ابْنَةِ الْحَارِثِ مُوسًى يَسْتَحِدُّ بِهَا فَأَعَارَتْهُ فَدَرَجَ بُنَيٌّ لَهَا وَهِيَ غَافِلَةٌ حَتَّى أَتَتْهُ فَوَجَدَتْهُ مُخْلِيًا وَهُوَ عَلَى فَخِذِهِ وَالْمُوسَى بِيَدِهِ فَفَزِعَتْ فَزْعَةً عَرَفَهَا فِيهَا فَقَالَ أَتَخْشَيْنَ أَنْ أَقْتُلَهُ مَا كُنْتُ لِأَفْعَلَ ذٰلِكَ قَالَ أَبُو دَاوُدَ رَوَى هٰذِهِ الْقِصَّةَ شُعَيْبُ بْنُ أَبِي حَمْزَةَ عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ أَخْبَرَنِي عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عِيَاضٍ أَنَّ ابْنَةَ الْحَارِثِ أَخْبَرَتْهُ أَنَّهُمْ حِينَ اجْتَمَعُوا يَعْنِي لِقَتْلِهِ اسْتَعَارَ مِنْهَا مُوسًى يَسْتَحِدُّ بِهَا فَأَعَارَتْهُ۔

رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ بنو حارث بن عامر بن نوفل نے حضرت خبیب کو خرید لیا کیونکہ غزوۂ بدر میں انہوں نے حارث بن عامر کو قتل کیا تھا۔ حضرت خبیب ان کی قید میں رہے یہاں تک کہ وہ انہیں قتل کرنے کے لیے جمع ہو گئے تو انہوں نے موئے زیر ناف مونڈنے کے لیے حارث کی بیٹی سے استرا مانگا اس نے دے دیا۔ اس کا چھوٹا بچہ بے خبری میں ان کے پاس آگیا وہ آئی تو بچے کو ان کی ران پر تنہا بیٹھے دیکھا جبکہ اُسترا ان کے ہاتھ میں تھا وہ گھبرائی جس کو یہ تاڑ گئے اور فرمایا کیا تم اس بات سے ڈر رہی ہو کہ میں اسے قتل کر دوں گا؟ میں ایسا نہیں کروں گا۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ روایت کیا اس واقعہ کو شعیب بن ابوحمزہ، زہری، عبید اللہ بن عیاض کو حارث کی صاحب زادی نے بتایا کہ جب وہ قتل کرنے کے لیے جمع ہو گئے تو انہوں (حضرت خبیب نے) اس سے موئے زیر ناف مونڈنے کے لیے استرا مانگا تھا۔

بَابٌ ۵۵ مَا يُسْتَحَبُّ مِنْ حُسْنِ الظَّنِّ بِاللّٰهِ عِنْدَ الْمَوْتِ۔

مرتے وقت اللہ سے اچھا گمان رکھنا چاہیئے

۱۳۳۶۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا عِيسَى بْنُ يُونُسَ نَا الْأَعْمَشُ عَنْ أَبِي سُفْيَانَ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ قَبْلَ مَوْتِهِ بِثَلَاثٍ قَالَ لَا يَمُوتُ أَحَدُكُمْ إِلَّا وَهُوَ يُحْسِنُ الظَّنَّ بِاللّٰهِ۔

حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو وصال سے تین روز پہلے فرماتے ہوئے سنا کہ تم میں سے کوئی نہ مرے مگر اس حالت میں کہ اللہ تعالیٰ سے نیک گمان رکھتا ہو۔

بَابٌ ۵۶ مَا يُسْتَحَبُّ مِنْ تَطْهِيرِ ثِيَابِ الْمَيِّتِ عِنْدَ الْمَوْتِ۔

مرتے وقت میّت کو صاف کپڑے پہنائے جائیں

۱۳۳۷۔ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ نَا ابْنُ أَبِي مَرْيَمَ أَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ عَنِ ابْنِ الْهَادِ عَنْ

حسن بن علی، ابن ابو مریم، یحییٰ بن ایوب، ابن الہاد، محمد بن ابراہیم، ابو سلمہ نے حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ

www.sirat-e-mustaqeem.com

مُحَمَّدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِي سَلَمَةَ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ أَنَّهُ لَمَّا حَضَرَهُ الْمَوْتُ دَعَا بِثِيَابٍ جُدُدٍ فَلَبِسَهَا ثُمَّ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ الْمَيِّتُ يُبْعَثُ فِي ثِيَابِهِ الَّتِي يَمُوتُ فِيهَا۔

عنہ سے روایت کی ہے کہ جب ان کی وفات کا وقت قریب آیا تو انھوں نے نئے کپڑے منگا کر پہنے اور فرمایا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ مرنے والا ان کپڑوں میں ہی اٹھایا جائے گا جن میں اس نے وفات پائی ہوگی۔

باب ۵۵ مَا يُقَالُ عِنْدَ الْمَيِّتِ مِنَ الْكَلَامِ۔

میت کے پاس کیسا کلام کرنا چاہیے

۱۳۳۸- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ نَا سُفْيَانُ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ أَبِي وَائِلٍ عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا حَضَرْتُمُ الْمَيِّتَ فَقُولُوا خَيْرًا فَإِنَّ الْمَلَائِكَةَ يُؤَمِّنُونَ عَلَى مَا تَقُولُونَ فَلَمَّا مَاتَ أَبُو سَلَمَةَ قُلْتُ يَا رَسُولَ اللَّهِ مَا أَقُولُ قَالَ قُولِي اللَّهُمَّ اغْفِرْ لَهُ وَأَعْقِبْنَا عُقْبَى صَالِحَةً قَالَتْ فَأَعْقَبَنِي اللَّهُ تَعَالَى بِهِ مُحَمَّدًا صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔

حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جب تم کسی میت کے پاس جاؤ تو اچھی بات کہا کرو کیونکہ فرشتے اس پر آمین کہتے ہیں جو تم کہتے ہو۔ جب حضرت ابو سلمہ نے وفات پائی تو میں عرض گزار ہوئی کہ یا رسول اللہ میں کیا کہوں؟ فرمایا کہ تم یوں کہو "اے اللہ ان کی مغفرت فرما اور مجھے ان کا اچھا بدلہ عطا فرما" پس اللہ تعالیٰ نے مجھے ان کے بدلے محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم مرحمت فرمائے۔

باب ۵۶ فِي التَّلْقِينِ۔

تلقین کا بیان

۱۳۳۹- حَدَّثَنَا مَالِكُ بْنُ عَبْدِ الْوَاحِدِ الْمِسْمَعِيُّ نَا الضَّحَّاكُ بْنُ مَخْلَدٍ نَا عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ جَعْفَرٍ قَالَ حَدَّثَنِي صَالِحُ بْنُ أَبِي عَرِيبٍ عَنْ كَثِيرِ بْنِ مُرَّةَ عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ كَانَ آخِرُ كَلَامِهِ لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ دَخَلَ الْجَنَّةَ۔

مالک بن عبد الواحد مسمعی، ضحاک بن مخلد، عبد الحمید بن جعفر، صالح بن ابو عریب، کثیر بن مرہ نے حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جس کا آخری کلام یہ ہوا۔ "نہیں کوئی معبود مگر اللہ" تو وہ جنت میں داخل ہو گیا۔

ف۔ آخری دم تک عقیدۂ توحید پر اُس کے تمام تقاضوں کے ساتھ قائم رہنا بہت بڑی مردانگی، سرمایۂ حیات اور نجات کی ضمانت ہے۔ اللہ تعالیٰ کو اپنا معبود اور رب کہنے کے بعد اس بات پر قائم رہنے والوں کے متعلق پروردگار عالم نے اپنے کلام معجز نظام میں فرمایا ہے:-

إِنَّ الَّذِينَ قَالُوا رَبُّنَا اللَّهُ ثُمَّ اسْتَقَامُوا تَتَنَزَّلُ عَلَيْهِمُ الْمَلَائِكَةُ أَلَّا تَخَافُوا وَلَا تَحْزَنُوا وَأَبْشِرُوا بِالْجَنَّةِ الَّتِي كُنْتُمْ تُوعَدُونَ ۝ نَحْنُ أَوْلِيَاؤُكُمْ فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَفِي الْآخِرَةِ وَلَكُمْ فِيهَا مَا تَشْتَهِي أَنْفُسُكُمْ وَلَكُمْ فِيهَا مَا تَدَّعُونَ ۝ نُزُلًا مِنْ غَفُورٍ

بیشک وہ جنہوں نے کہا ہمارا رب اللہ ہے پھر اس پر قائم رہے ان پر فرشتے اترتے ہیں کہ نہ ڈرو اور نہ غم کرو اور خوش ہو اس جنت پر جس کا تمہیں وعدہ دیا جاتا ہے ہم تمہارے دوست ہیں دنیا کی زندگی میں اور آخرت میں اور تمہارے لئے ہے اس میں جو تمہارا جی چاہے اور تمہارے لئے ہے اس میں جو

www.sirat-e-mustaqeem.com

ترجمہ (۴۱: ۳۰ تا ۳۲) تم مانگو مہمانی بخشنے والے مہربان کی طرف سے۔

عقیدۂ توحید پر استقامت حاصل کر لینے والوں کو اصطلاح شرع میں اولیاء اللہ کہا جاتا ہے جنہیں پروردگار عالم کی طرف سے یہ شرف حاصل ہوتا ہے کہ:۔

۱۔ ان کی طرف فرشتے نازل ہوتے ہیں۔

۲۔ فرشتے انہیں تسلی دیتے ہیں کہ رنج و ملال کو اپنے دل سے نکال دو۔

۳۔ فرشتے انہیں جنت کی بشارت دیتے ہیں کہ تم جنتی ہو۔

۴۔ فرشتے ان سے کہتے ہیں کہ ہم دنیاوی زندگی میں تمہاری مدد پر متعین ہیں۔

۵۔ نیز اخروی زندگی میں بھی تمہارے ہر مقام پہ مددگار رہیں گے۔

۶۔ جو چیز تم چاہو گے اور جو مانگو گے وہ تمہیں جنت میں ملے گی۔

۷۔ مہربان رب تمہاری مہمانی فرمائے گا۔

عقیدۂ توحید پر اس کے تقاضوں کے ساتھ قائم رہنے والوں کو فرشتوں کے ذریعے پروردگار عالم ان امور کی بشارت دیتا ہے آج ولایت کی پگڑی تو ہر کسی کے سر پر سجادی جاتی ہے لیکن ان میں سے کتنے حضرات ایسے ہیں جنہیں قرآن کریم کی بتائی ہوئی یہ سعادت میسر آجاتی ہے۔ دوستو! باتوں کے پل باندھنے اور زبانی جمع خرچ سے بات نہیں بنتی بلکہ:۔

ایں سعادت بزور بازو نیست
تا نہ بخشد خدائے بخشندہ

۱۳۴۰۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا بِشْرٌ نَا عُمَارَةُ بْنُ غَزِيَّةَ نَا يَحْيَى بْنُ عُمَارَةَ قَالَ سَمِعْتُ أَبَا سَعِيدٍ الْخُدْرِيَّ يَقُولُ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَقِّنُوا مَوْتَاكُمْ قَوْلَ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ۔

یحییٰ بن عمارہ نے حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت کی کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ اپنے مرنے والوں کو اس بات کی تلقین کیا کرو کہ نہیں کوئی معبود مگر اللہ۔

ف۔ متعدد احادیث میں حکم آیا ہے کہ جب کوئی مرنے لگے کہ اسے کلمہ طیبہ کی تلقین کرو کیونکہ جس کا آخری کلام کلمہ طیبہ ہو گا وہ جنت میں داخل ہو گیا۔ تلقین سے یہ مراد نہیں ہے کہ مرنے والے سے کلمہ پڑھنے کے لئے کہا جائے بلکہ کوئی شخص اس کے پاس اتنی آواز سے کلمہ پڑھتا رہے کہ وہ سنے تاکہ اس کی توجہ ادھر ہو جائے اور وہ بھی کلمہ پڑھ لے کہنے میں یہ خدشہ ہے کہ مبادا پڑھنے سے انکار کر دے اور یہ بات اس کے لئے نقصان دہ ثابت ہو جائے۔ اللہ تعالیٰ ہمیں دنیا و آخرت میں ایمان اور قول ثابت پر قائم رکھے جبکہ بغیر اس کے کرم کے یہ سعادت میسر نہیں آتی جیسا کہ خدائے ذوالمنن نے خود فرمایا ہے۔ يُثَبِّتُ اللهُ الَّذِينَ آمَنُوا بِالْقَوْلِ الثَّابِتِ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَفِي الْآخِرَةِ۔ (۱۴: ۲۷) اللہ ثابت رکھتا ہے ایمان والوں کو حق بات پر دنیا کی زندگی میں اور آخرت میں۔

باب ۵۶ تَغْمِيضُ الْمَيِّتِ۔ میت کی آنکھیں بند کرنا

۱۳۴۱۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ حَبِيبٍ

قبیصہ بن ذویب سے روایت ہے کہ حضرت ام سلمہ

أَبُو مَرْوَانَ أَنَا أَبُو إِسْحٰقَ يَعْنِي الْفَزَارِيَّ عَنْ خَالِدٍ عَنْ أَبِي قِلَابَةَ عَنْ قَبِيصَةَ بْنِ ذُؤَيْبٍ عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ دَخَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى أَبِي سَلَمَةَ وَقَدْ شَقَّ بَصَرُهُ فَأَغْمَضَهُ فَضَجَّ نَاسٌ مِنْ أَهْلِهِ فَقَالَ لَا تَدْعُوا عَلَى أَنْفُسِكُمْ إِلَّا بِخَيْرٍ فَإِنَّ الْمَلَائِكَةَ يُؤَمِّنُونَ عَلَى مَا تَقُولُونَ ثُمَّ قَالَ اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِأَبِي سَلَمَةَ وَارْفَعْ دَرَجَتَهُ فِي الْمَهْدِيِّينَ وَاخْلُفْهُ فِي عَقِبِهِ فِي الْغَابِرِينَ وَاغْفِرْ لَنَا وَلَهُ يَا رَبَّ الْعٰلَمِينَ اللّٰهُمَّ افْسَحْ لَهُ فِي قَبْرِهِ وَنَوِّرْ لَهُ فِيهِ۔

رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم حضرت ابوسلمہ کے پاس تشریف لائے اور ان کی آنکھیں کھلی ہوئی تھیں تو آپ نے انہیں بند کر دیا۔ ان کے گھر والے چیخنے چلانے لگے۔ فرمایا کہ نہ مانگو اپنے لیے مگر بھلائی کیونکہ جو کچھ تم کہو فرشتے اس پر آمین کہتے ہیں۔ پھر دعا کی: "اے اللہ ابوسلمہ کی مغفرت فرما اور راہ پانے والوں میں ان کا درجہ بلند فرما اور ان کی پسماندگان میں ان کا جانشین بنا نیز ہماری اور ان کی مغفرت فرما۔ اے تمام جہانوں کے پالنے والے اے اللہ! ان کی قبر کو کشادہ کرنا اور ان کے لیے اسے نورانی کرنا۔

بَابٌ ۵۶۲ فِي الْاِسْتِرْجَاعِ۔

۱۳۴۲۔ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْمٰعِيلَ نَا حَمَّادٌ أَنَا ثَابِتٌ عَنِ ابْنِ أَبِي سَلَمَةَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا أَصَابَتْ أَحَدَكُمْ مُصِيبَةٌ فَلْيَقُلْ إِنَّا لِلّٰهِ وَإِنَّا إِلَيْهِ رَاجِعُونَ اللّٰهُمَّ عِنْدَكَ أَحْتَسِبُ مُصِيبَتِي فَأْجُرْنِي فِيهَا وَأَبْدِلْ لِي بِهَا خَيْرًا مِنْهَا۔

استرجاع کا بیان

ابوسلمہ کے والد ماجد نے حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جب تم میں سے کسی کو کوئی مصیبت پہنچے تو کہے۔ بیشک ہم اللہ کے لیے ہیں اور بیشک ہم اسی کی طرف لوٹنے والے ہیں۔ اے اللہ! میں اپنی مصیبت تیرے حضور پیش کرتا ہوں پس اس میں مجھے ثواب عطا فرما اور میرے لیے اسے بھلائی سے بدل دے۔

بَابٌ ۵۶۳ فِي الْمَيِّتِ يُسَجّٰى۔

۱۳۴۳۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ نَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ أَبِي سَلَمَةَ عَنْ عَائِشَةَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُجِّيَ فِي ثَوْبِ حِبَرَةٍ۔

میت کو ڈھانپنے کا بیان

ابوسلمہ نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو یمنی کپڑے سے ڈھانپا گیا تھا۔

بَابٌ ۵۶۴ الْقِرَاءَةِ عِنْدَ الْمَيِّتِ۔

۱۳۴۴۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ وَمُحَمَّدُ بْنُ مَكِّيٍّ الْمَرْوَزِيُّ الْمَعْنٰى قَالَا نَا ابْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ سُلَيْمَانَ التَّيْمِيِّ عَنْ أَبِي عُثْمَانَ وَلَيْسَ بِالنَّهْدِيِّ عَنْ أَبِيهِ عَنْ مَعْقِلِ بْنِ يَسَارٍ قَالَ

میت کے پاس قرآن مجید پڑھنا

محمد بن علاء اور محمد بن مکی مروزی، ابن المبارک، سلیمان تیمی، ابوعثمان (یہ نہدی نہیں) ان کے والد ماجد نے حضرت معقل بن یسار رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ اپنے مرنے

www.sirat-e-mustaqeem.com

www.sirat-e-mustaqeem.com

فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اقْرَءُوْا يٰسٓ عَلٰى مَوْتَاكُمْ۔

والوں پر سورۂ یٰسٓ پڑھا کرو۔

ف۔ مرنے والوں کے متعلق احادیث مطہرہ میں حکم آیا ہے کہ ان کے پاس دنیاوی باتیں نہ کی جائیں مرنے والے کو کلمۂ طیبہ کی تلقین کی جائے اور اس کے پاس پوری صحت کے ساتھ سورۂ یٰسین کی تلاوت کی جائے کہ اس کی برکت سے جان کنی میں آسانی ہوگی۔ یہ وقت انسان کی پوری زندگی کا نچوڑ ہوتا ہے اللہ تعالیٰ اپنے پیاروں کے صدقے ہمیں خاتمہ بالخیر نصیب فرمائے آمین۔

بَابُ ۵۶۵ الْجُلُوْسِ عِنْدَ الْمُصِيْبَةِ۔

مصیبت کے وقت بیٹھنا

۱۳۴۵۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيْرٍ نَا سُلَيْمَانُ ابْنُ كَثِيْرٍ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ عَنْ عَمْرَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ لَمَّا قُتِلَ زَيْدُ بْنُ حَارِثَةَ وَجَعْفَرٌ وَعَبْدُ اللّٰهِ ابْنُ رَوَاحَةَ جَلَسَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْمَسْجِدِ يُعْرَفُ فِيْ وَجْهِهِ الْحُزْنُ وَذَكَرَ الْقِصَّةَ۔

عمرہ سے روایت ہے کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا۔ جب حضرت زید بن حارثہ، حضرت جعفر اور حضرت عبداللہ بن رواحہ کو شہید کر دیا گیا تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مسجد میں بیٹھ گئے۔ آپ کے چہرۂ انور پر غم کے آثار نمایاں تھے آگے واقعہ بیان کیا۔

بَابُ ۵۶۶ التَّعْزِيَةِ۔

تعزیت کا بیان

۱۳۴۶۔ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ خَالِدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ مَوْهَبٍ الْهَمْدَانِيُّ قَالَ نَا الْمُفَضَّلُ عَنْ رَبِيْعَةَ بْنِ سَيْفٍ الْمَعَافِرِيِّ عَنْ اَبِيْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْحُبُلِيِّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ قَالَ قَبَرْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَعْنِيْ مَيِّتًا فَلَمَّا فَرَغْنَا انْصَرَفَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَانْصَرَفْنَا مَعَهُ فَلَمَّا حَاذٰى بَابَهُ وَقَفَ فَاِذَا نَحْنُ بِامْرَاَةٍ مُقْبِلَةٍ قَالَ اَظُنُّهُ عَرَفَهَا فَلَمَّا ذَهَبَتْ اِذَا هِيَ فَاطِمَةُ فَقَالَ لَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا اَخْرَجَكِ يَا فَاطِمَةُ مِنْ بَيْتِكِ قَالَتْ اَتَيْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَهْلَ هٰذَا الْبَيْتِ فَرَحَّمْتُ اِلَيْهِمْ مَيِّتَهُمْ اَوْ عَزَّيْتُهُمْ بِهٖ فَقَالَ لَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَعَلَّكِ بَلَغْتِ مَعَهُمُ الْكُدٰى قَالَتْ مَعَاذَ اللّٰهِ وَقَدْ سَمِعْتُكَ تَذْكُرُ فِيْهَا مَا تَذْكُرُ قَالَ لَوْ بَلَغْتِ مَعَهُمُ الْكُدٰى فَذَكَرَ تَشْدِيْدًا

ابوعبدالرحمٰن حبلی سے روایت ہے کہ حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ ہم نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ ایک میت کو دفن کیا۔ جب فارغ ہوئے تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم واپس ہوئے اور ہم بھی آپ کے ساتھ واپس لوٹے۔ جب اس کے دروازے کے سامنے پہنچے تو کھڑے ہو گئے۔ سامنے سے ایک عورت آ رہی تھی۔ میرے خیال میں آپ نے اسے پہچان لیا تھا۔ ان کے چلے جانے کے بعد معلوم ہوا کہ وہ حضرت فاطمہ تھیں۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا۔ اے فاطمہ! تم اپنے گھر سے کس لیے نکلی ہو؟ عرض گزار ہوئیں کہ یا رسول اللہ! میں اس میت کے گھر والوں سے ہمدردی کا اظہار کرنے آئی ہوں یا تعزیت کرنے۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ شاید تم ان کے ساتھ قبرستان تک گئی تھیں؟ عرض گزار ہوئیں معاذ اللہ! یہ کیسے ہو سکتا تھا جبکہ میں آپ سے اس کی ممانعت سن چکی ہوں۔ فرمایا کہ اگر تم ان کے ساتھ قبرستان جاتیں تو اس بات پر میں تمہیں جھڑکتا۔ میں (مفضل) نے ربیعہ سے

www.sirat-e-mustaqeem.com

فِي ذَلِكَ فَسَأَلْتُ رَبِيعَةَ عَنِ الْكُدَى فَقَالَ الْقُبُورُ فِيمَا أَحْسِبُ.

باب ۵۶۷ الصَّبْرِ عِنْدَ الْمُصِيبَةِ.

۱۳۴۷ - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى نَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ نَا شُعْبَةُ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ أَنَسٍ قَالَ أَتَى نَبِيُّ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى امْرَأَةٍ تَبْكِي عَلَى صَبِيٍّ لَهَا فَقَالَ لَهَا اتَّقِي اللَّهَ وَاصْبِرِي فَقَالَتْ وَمَا تُبَالِي أَنْتَ بِمُصِيبَتِي فَقِيلَ لَهَا هَذَا النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَتَتْهُ فَلَمْ تَجِدْ عَلَى بَابِهِ بَوَّابِينَ فَقَالَتْ يَا رَسُولَ اللَّهِ لَمْ أَعْرِفْكَ فَقَالَ إِنَّمَا الصَّبْرُ عِنْدَ الصَّدْمَةِ الْأُولَى أَوْ عِنْدَ أَوَّلِ صَدْمَةٍ.

باب ۵۶۸ فِي الْبُكَاءِ عَلَى الْمَيِّتِ.

۱۳۴۸ - حَدَّثَنَا أَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ نَا شُعْبَةُ عَنْ عَاصِمٍ الْأَحْوَلِ قَالَ سَمِعْتُ أَبَا عُثْمَانَ عَنْ أُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ أَنَّ ابْنَةً لِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَرْسَلَتْ إِلَيْهِ وَأَنَا مَعَهُ وَسَعْدٌ وَأَحْسِبُ أُبَيًّا أَنَّ ابْنِي أَوْ بِنْتِي قَدْ حُضِرَ فَاشْهَدْنَا فَأَرْسَلَ يُقْرِئُ السَّلَامَ فَقَالَ قُلْ لِلَّهِ مَا أَخَذَ وَمَا أَعْطَى وَكُلُّ شَيْءٍ عِنْدَهُ إِلَى أَجَلٍ فَأَرْسَلَتْ تُقْسِمُ عَلَيْهِ فَأَتَاهَا فَوُضِعَ الصَّبِيُّ فِي حَجْرِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنَفْسُهُ تَقَعْقَعُ فَفَاضَتْ عَيْنَا رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَهُ سَعْدٌ مَا هَذَا قَالَ إِنَّهَا رَحْمَةٌ يَضَعُهَا اللَّهُ فِي قُلُوبِ مَنْ يَشَاءُ وَإِنَّمَا يَرْحَمُ اللَّهُ مِنْ عِبَادِهِ الرُّحَمَاءَ.

۱۳۴۹ - حَدَّثَنَا شَيْبَانُ بْنُ فَرُّوخَ نَا سُلَيْمَانُ بْنُ الْمُغِيرَةِ عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَ

الکدیٰ کے متعلق پوچھا تو فرمایا کہ میرے خیال میں قبرستان کو کہتے ہیں۔

مصیبت کے وقت صبر کرنا

ثابت سے روایت ہے کہ حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ایک عورت کے پاس آئے جو اپنے بچے پر رو رہی تھی۔ آپ نے اس سے فرمایا اللہ سے ڈرو اور صبر کرو اس نے کہا اس لیے کہ آپ پر میرے جیسی مصیبت نہیں پڑی ہے۔ اس سے کہا گیا کہ وہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تھے۔ وہ حاضر بارگاہ ہوئی تو دربانوں کو در اقدس پر نہ پایا۔ عرض گزار ہوئی کہ یا رسول اللہ! میں نے آپ کو پہچانا نہیں تھا۔ فرمایا کہ صبر پہلے صدمے کے وقت ہوتا ہے یا فرمایا کہ صدمے کی ابتدا میں ہوتا ہے۔

میت پر رونا

ابو عثمان نے حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی صاحبزادی نے آپکو بلانے کیلئے کسی کو بھیجا۔ میں اور حضرت سعد آپ کے پاس تھے اور میرے خیال میں حضرت ابی بھی کیونکہ ان کے بیٹے یا بیٹی میں سے کوئی قریب المرگ تھا۔ آپ نے اس سے کہہ بھیجا کہ میرا اس سے سلام کہنا اور کہنا کہ اللہ کا ہے جو اس نے لیا اور جو کچھ دیا اور ہر چیز کی اس کے پاس مدت مقرر ہے۔ اس نے دوبارہ قسم دے کر بلایا۔ آپ تشریف لے گئے تو بچے کو نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی گود میں رکھ دیا گیا اور اس کا سانس منقطع ہو رہا تھا۔ پس رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے آنسو بہنے لگے۔ حضرت سعد عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ! یہ کیا ہے؟ فرمایا کہ یہ رحمت ہے جو اللہ تعالیٰ اپنے رحم دل بندوں میں سے جس کے دل میں چاہے اسے رکھ دیتا ہے۔

ثابت بنانی نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ آج رات میرے گھر لڑکا پیدا ہوا تو میں نے اس کے

www.sirat-e-mustaqeem.com

سَلَّمَ وُلِدَ لِيَ اللَّيْلَةَ غُلَامٌ فَسَمَّيْتُهُ بِاسْمِ أَبِي إِبْرَاهِيمَ فَذَكَرَ الْحَدِيثَ قَالَ أَنَسٌ لَقَدْ رَأَيْتُهُ يَكِيدُ بِنَفْسِهِ بَيْنَ يَدَيْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَدَمَعَتْ عَيْنَا رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ تَدْمَعُ الْعَيْنُ وَيَحْزَنُ الْقَلْبُ وَلَا نَقُولُ إِلَّا مَا يَرْضَى رَبُّنَا إِنَّا بِكَ يَا إِبْرَاهِيمُ لَمَحْزُونُونَ۔

جد امجد کے نام پر اس کا ابراہیم نام رکھا۔ پھر باقی حدیث بیان کرتے ہوئے حضرت انس نے فرمایا میں نے دیکھا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے سامنے اس کا سانس ٹوٹ رہا تھا۔ پس رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی مبارک آنکھوں سے آنسو بہنے لگے اور فرمایا۔ آنکھیں آنسو بہاتی ہیں دل کو صدمہ پہنچ رہا ہے لیکن ہم منہ سے کچھ نہیں کہتے مگر وہی بات جس سے ہمارا پروردگار راضی ہوتا ہے بیشک اے ابراہیم! ہم تمہارا غم اٹھا رہے ہیں۔

باب ۵۶۹ فِي النَّوْحِ۔

نوحہ کرنے کا بیان

۱۳۵۰۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا عَبْدُ الْوَارِثِ عَنْ أَيُّوبَ عَنْ حَفْصَةَ عَنْ أُمِّ عَطِيَّةَ قَالَتْ إِنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَانَا عَنِ النِّيَاحَةِ۔

حفصہ سے روایت ہے کہ حضرت ام عطیہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے نوحہ کرنے سے منع فرمایا ہے۔

۱۳۵۱۔ حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُوسَى أَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَبِيعَةَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَسَنِ بْنِ عَطِيَّةَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ لَعَنَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ النَّائِحَةَ وَالْمُسْتَمِعَةَ۔

محمد بن حسن بن عطیہ کے والد ماجد نے اپنے والد محترم سے روایت کی ہے کہ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے نوحہ کرنے والی اور بخوشی اسے سننے والی پر لعنت فرمائی ہے۔

۱۳۵۲۔ حَدَّثَنَا هَنَّادُ بْنُ السَّرِيِّ عَنْ عَبْدَةَ وَأَبِي مُعَاوِيَةَ الْمَعْنَى عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ الْمَيِّتَ لَيُعَذَّبُ بِبُكَاءِ أَهْلِهِ عَلَيْهِ فَذُكِرَ ذَلِكَ لِعَائِشَةَ فَقَالَتْ وَهَلَ تَعْنِي ابْنَ عُمَرَ إِنَّمَا مَرَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى قَبْرٍ فَقَالَ إِنَّ صَاحِبَ هَذَا لَيُعَذَّبُ وَأَهْلُهُ يَبْكُونَ عَلَيْهِ ثُمَّ قَرَأَتْ وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِزْرَ أُخْرَى قَالَ عَنْ أَبِي مُعَاوِيَةَ عَلَى قَبْرِ يَهُودِيٍّ۔

ہشام بن عروہ کے والد ماجد نے حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ میت کو اس کے گھر والوں کی چیخ و پکار کے باعث عذاب دیا جاتا ہے۔ جب حضرت عائشہ سے اس بات کا ذکر کیا گیا تو انہوں نے فرمایا۔ ابن عمر سے سمجھنے میں غلطی ہو گئی۔ بیشک نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ایک قبر کے پاس سے گزرے تو آپ نے فرمایا کہ اسے عذاب دیا جا رہا ہے اور اس کے گھر والے اس پر رو رہے ہیں۔ پھر انہوں نے آیت پڑھی۔ کوئی کسی دوسرے کا بوجھ نہیں اٹھائے گا (۶: ۱۶۴) ابو معاویہ کی روایت میں ہے کہ وہ یہودی کی قبر تھی۔

۱۳۵۳۔ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ نَا جَرِيرٌ عَنْ مَنْصُورٍ عَنْ إِبْرَاهِيمَ عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَوْسٍ

یزید بن اوس کا بیان ہے کہ میں حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا جبکہ وہ علیل تھے ان کی

www.sirat-e-mustaqeem.com

قَالَ دَخَلْتُ عَلَى أَبِي مُوسَى وَهُوَ ثَقِيلٌ فَذَهَبَتِ امْرَأَتُهُ لِتَبْكِيَ أَوْ تَهُمَّ بِهِ فَقَالَ لَهَا أَبُو مُوسَى أَمَا سَمِعْتِ مَا قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ بَلَى قَالَ فَسَكَتَتْ قَالَ فَلَمَّا مَاتَ أَبُو مُوسَى قَالَ يَزِيدُ لَقِيتُ الْمَرْأَةَ فَقُلْتُ لَهَا قَوْلُ أَبِي مُوسَى لَكِ أَمَا سَمِعْتِ مَا قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ سَكَتِّ قَالَتْ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْسَ مِنَّا مَنْ حَلَقَ وَمَنْ سَلَقَ وَمَنْ خَرَقَ۔

اہلیہ محترمہ رونے لگیں یا ایسا ارادہ کیا تو حضرت ابوموسیٰ نے ان سے فرمایا۔ کیا تم نے نہیں سنا جو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا ہے؟ عرض گزار ہوئیں۔ کیوں نہیں۔ پس وہ خاموش ہو گئیں۔ راوی کا بیان ہے کہ حضرت ابوموسیٰ نے وفات پائی۔ یزید بن اوس کا بیان ہے کہ میں ان کی اہلیہ محترمہ کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض گزار ہوا۔ حضرت ابوموسیٰ کا آپ سے فرمانا کہ کیا تم نے نہیں سنا جو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا ہے؟ اور پھر آپ کا خاموش ہونا وہ کیا تھا؟ ان کا بیان ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے

۱۳۵۴۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا حُمَيْدُ بْنُ الْأَسْوَدِ نَا الْحَجَّاجُ عَامِلُ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ عَلَى الرَّبَذَةِ قَالَ حَدَّثَنِي أَسِيدُ بْنُ أَبِي أَسِيدٍ عَنِ امْرَأَةٍ مِنَ الْمُبَايِعَاتِ قَالَتْ كَانَ فِيمَا أَخَذَ عَلَيْنَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْمَعْرُوفِ الَّذِي أَخَذَ عَلَيْنَا أَنْ لَا نَعْصِيَهُ فِيهِ أَنْ لَا نَخْمِشَ وَجْهًا وَلَا نَدْعُوَ وَيْلًا وَلَا نَشُقَّ جَيْبًا وَلَا نَنْشُرَ شَعْرًا۔

اسید بن ابواسید سے روایت ہے کہ حضور سے بیعت ہونے والی صحابیات میں سے ایک نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے جن باتوں کا ہم سے عہد لیا ان میں سے یہ بھی ہیں کہ کسی کی موت پر، ہم اپنے چہرے نہ نوچیں، بین کر کے نہ روئیں گریبان نہ پھاڑیں اور اپنے بالوں کو نہ بکھیریں۔

بَابُ صَنْعَةِ الطَّعَامِ لِأَهْلِ الْمَيِّتِ۔

میت والوں کے لیے کھانا تیار کرنا

۱۳۵۵۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا سُفْيَانُ حَدَّثَنِي جَعْفَرُ بْنُ خَالِدٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ جَعْفَرٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اصْنَعُوا لِآلِ جَعْفَرٍ طَعَامًا فَإِنَّهُ قَدْ أَتَاهُمْ أَمْرٌ يَشْغَلُهُمْ۔

حضرت عبداللہ بن جعفر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جعفر کے لواحقین کیلئے کھانا تیار کرو کیونکہ انہیں ایسا صدمہ پہنچا ہے جس نے انہیں اپنی جانب مشغول کر رکھا ہے۔

ف۔ میت والے چونکہ رنج و غم میں مبتلا ہوتے ہیں لہٰذا اس لواحقین میں سے کوئی ان کے لئے کھانا بھیجے تو یہ صلہ رحمی ہے۔ ان کی دلجوئی کرنا اور تسلی دینا بہت ضروری ہے۔ اصرار کر کے انہیں تھوڑا بہت ضرور کھلانا چاہیئے لیکن ایسے وقت پر پُر تکلف ضیافت کا اہتمام کرنا یا نام و نمود کی خاطر اسے ایک خوشی کی تقریب بنا دینا اچھا نہیں ہے۔

بَابٌ فِي الشَّهِيدِ يُغَسَّلُ۔

کیا شہید کو غسل دیا جائے

۱۳۵۶۔ حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ نَا مَعْنٌ

قتیبہ بن سعید، معن بن عیسیٰ۔ عبید اللہ ابن عمر جشمی،

www.sirat-e-mustaqeem.com

ابن عيسى ح ونا عبيد الله ابن عمر الجشمي نا عبد الرحمن بن مهدي عن ابراهيم بن طهمان عن ابي الزبير عن جابر قال رمي رجل بسهم في صدره او في حلقه فمات فادرج في ثيابه كما هو قال ونحن مع رسول الله صلى الله عليه وسلم۔

عبدالرحمٰن بن مہدی، ابراہیم بن طہمان، ابوالزبیر سے روایت ہے کہ حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ ایک شخص کے سینے یا حلق میں تیر لگا جس سے وہ جاں بحق ہو گیا تو اسے اس کے لباس میں ہی لپیٹ دیا گیا جیسے وہ تھا۔ راوی کا بیان ہے کہ ہم رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ تھے۔

۱۳۵۷۔ حدثنا زياد بن ايوب نا علي بن عاصم عن عطاء بن السائب عن سعيد بن جبير عن ابن عباس قال امر رسول الله صلى الله عليه وسلم بقتلى احد ان ينزع عنهم الحديد والجلود وان يدفنوا بدمائهم وثيابهم۔

سعید بن جبیر سے روایت ہے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے شہدائے احد کے متعلق حکم فرمایا کہ ان کے ہتھیار اور پوستین وغیرہ ان سے علیحدہ کر دی جائیں اور انہیں اسی طرح خون میں بھرے ہوئے کپڑوں کے ساتھ دفن کر دیا جائے

۱۳۵۸۔ حدثنا احمد بن صالح نا ابن وهب ح ونا سليمان بن داود المهري انا ابن وهب وهذا لفظه قال اخبرني اسامة بن زيد الليثي ان ابن شهاب اخبره ان انس بن مالك حدثهم ان شهداء احد لم يغسلوا ودفنوا بدمائهم ولم يصل عليهم۔

احمد بن صالح، ابن وہب۔ سلیمان بن داؤد مہری، ابن وہب، اسامہ بن زید لیثی، ابن شہاب نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ شہدائے احد کو غسل نہیں دیا گیا تھا بلکہ اسی طرح خون آلودہ ہی دفن کیا گیا اور ان پر نماز جنازہ نہیں پڑھی گئی تھی۔

۱۳۵۹۔ حدثنا عثمان ابن ابي شيبة نا زيد يعني ابن الحباب ح ونا قتيبة بن سعيد نا ابو صفوان يعني المرواني عن اسامة عن الزهري عن انس بن مالك المعنى ان رسول الله صلى الله عليه وسلم مر على حمزة وقد مثل به فقال لولا ان تجد صفية في نفسها لتركته حتى تاكله العافية حتى يحشر من بطونها وقلت الثياب وكثرت القتلى فكان الرجل والرجلان والثلاثة يكفنون في الثوب الواحد زاد قتيبة ثم يدفنون في قبر واحد فكان رسول الله صلى الله عليه

عثمان بن ابوشیبہ، زید ابن حباب۔ قتیبہ بن سعید، ابوصفوان مروانی، اسامہ، زہری نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم حضرت حمزہ کے پاس سے گزرے تو ان کا مثلہ کیا ہوا تھا۔ فرمایا اگر مجھے صفیہ کی اذیت کا خیال نہ ہوتا تو میں انہیں اسی طرح چھوڑے رکھتا یہاں تک کہ انہیں درندے کھا جاتے اور قیامت کے روز یہ ان کے شکموں سے نکلتے (اس روز) کپڑے کم اور شہداء زیادہ تھے۔ پس ایک دو اور تین آدمی تک ایک کپڑے میں کفنائے گئے۔ قتیبہ نے یہ بھی کہا کہ پھر ایک ہی قبر میں دفن کر دیے جاتے چنانچہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم دریافت فرماتے کہ ان میں سے قرآن مجید کس کو زیادہ یاد تھا۔

www.sirat-e-mustaqeem.com

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْأَلُ أَيُّهُمْ أَكْثَرُ قُرْآنًا فَيُقَدِّمُهُ إِلَى الْقِبْلَةِ۔

چنانچہ اسے قبلے کی جانب آگے کرتے۔

١٣٦٠۔ حَدَّثَنَا عَبَّاسٌ الْعَنْبَرِيُّ نَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ قَالَ نَا أُسَامَةُ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ أَنَسٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّ بِحَمْزَةَ وَقَدْ مُثِّلَ بِهِ وَلَمْ يُصَلِّ عَلَى أَحَدٍ مِنَ الشُّهَدَاءِ غَيْرِهِ۔

زہری نے حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم حضرت حمزہ کے پاس سے گزرے جن کا مثلہ کر دیا گیا تھا تو آپ نے ان کے سوا اور کسی شہید کی نماز جنازہ نہ پڑھی۔

١٣٦١۔ حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ وَيَزِيدُ بْنُ خَالِدِ بْنِ مَوْهَبٍ أَنَّ اللَّيْثَ حَدَّثَهُمْ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ أَنَّ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللَّهِ أَخْبَرَهُ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَجْمَعُ بَيْنَ الرَّجُلَيْنِ مِنْ قَتْلَى أُحُدٍ وَيَقُولُ أَيُّهُمَا أَكْثَرُ أَخْذًا لِلْقُرْآنِ فَإِذَا أُشِيرَ لَهُ إِلَى أَحَدِهِمَا قَدَّمَهُ فِي اللَّحْدِ فَقَالَ أَنَا شَهِيدٌ عَلَى هٰؤُلَاءِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَأَمَرَ بِدَفْنِهِمْ بِدِمَائِهِمْ وَلَمْ يُغَسِّلْهُمْ۔

عبدالرحمٰن بن کعب بن مالک نے حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم شہدائے احد میں سے دو کو جمع کرتے اور فرماتے کہ ان میں سے قرآن مجید کس کو زیادہ آتا تھا؟ جب ان میں سے کسی ایک کی جانب اشارہ کر دیا جاتا تو لحد میں اسے آگے کر دیا جاتا کہ قیامت کے روز ان کا گواہ میں ہوں اور ان کے خون کے ساتھ انہیں دفن کرنے کا حکم فرمایا اور انہیں غسل نہ دیا۔

١٣٦٢۔ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ الْمَهْرِيُّ أَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ عَنِ اللَّيْثِ بِهٰذَا الْحَدِيثِ بِمَعْنَاهُ قَالَ يَجْمَعُ بَيْنَ الرَّجُلَيْنِ مِنْ قَتْلَى أُحُدٍ فِي ثَوْبٍ وَاحِدٍ۔

سلیمان بن داؤد مہری، ابن وہب نے اس حدیث کو لیث سے معناً روایت کرتے ہوئے کہا کہ شہدائے احد سے دو حضرات کو ایک کپڑے میں جمع کرتے۔

بَابٌ فِي سَتْرِ الْمَيِّتِ عِنْدَ غُسْلِهِ۔

غسل کے وقت میت کا ستر چھپانا۔

١٣٦٣۔ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَهْلٍ الرَّمْلِيُّ نَا حَجَّاجٌ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ قَالَ أُخْبِرْتُ عَنْ حَبِيبِ بْنِ أَبِي ثَابِتٍ عَنْ عَاصِمِ بْنِ ضَمْرَةَ عَنْ عَلِيٍّ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تُبْرِزْ فَخِذَكَ وَلَا تَنْظُرْ إِلَى فَخِذِ حَيٍّ وَلَا مَيِّتٍ۔

علی بن سہل رملی، حجاج، ابن جریج، ابن حبیب بن ابو ثابت، عاصم بن ضمرہ نے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا اپنی ران ننگی نہ کرو اور کسی کی ران نہ دیکھو خواہ وہ زندہ ہو یا مردہ۔

١٣٦٤۔ حَدَّثَنَا النُّفَيْلِيُّ نَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ

عباد بن عبداللہ بن زبیر نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ

www.sirat-e-mustaqeem.com

عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحٰقَ قَالَ حَدَّثَنِي يَحْيَى ابْنُ عَبَّادٍ عَنْ أَبِيهِ عَبَّادِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ قَالَ سَمِعْتُ عَائِشَةَ تَقُولُ لَمَّا أَرَادُوا غُسْلَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالُوا وَاللّٰهِ مَا نَدْرِي أَنُجَرِّدُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ ثِيَابِهِ كَمَا نُجَرِّدُ مَوْتَانَا أَمْ نَغْسِلُهُ وَعَلَيْهِ ثِيَابُهُ فَلَمَّا اخْتَلَفُوا أَلْقَى اللّٰهُ عَلَيْهِمُ النَّوْمَ حَتَّى مَا مِنْهُمْ رَجُلٌ إِلَّا وَذَقْنُهُ فِي صَدْرِهِ ثُمَّ كَلَّمَهُمْ مُكَلِّمٌ مِنْ نَاحِيَةِ الْبَيْتِ لَا يَدْرُونَ مَنْ هُوَ أَنِ اغْسِلُوا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَلَيْهِ ثِيَابُهُ فَقَامُوا إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَغَسَلُوهُ وَعَلَيْهِ قَمِيصُهُ يَصُبُّونَ الْمَاءَ فَوْقَ الْقَمِيصِ وَيُدَلِّكُونَهُ بِالْقَمِيصِ دُونَ أَيْدِيهِمْ وَكَانَتْ عَائِشَةُ تَقُولُ لَوِ اسْتَقْبَلْتُ مِنْ أَمْرِي مَا اسْتَدْبَرْتُ مَا غَسَّلَهُ إِلَّا نِسَاؤُهُ۔

تعالیٰ عنہا کو فرماتے ہوئے سنا کہ جب لوگوں نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو غسل دینے کا ارادہ کیا تو انہوں نے کہا۔ خدا کی قسم ہمیں نہیں معلوم کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے کپڑے اتار دیں جیسے کہ دوسروں لوگوں کے اتار دیا کرتے ہیں یا آپ کے مبارک کپڑوں میں ہی آپ کو غسل دیں۔ جب ان میں یہ اختلاف ہوا تو اللہ تعالیٰ نے ان پر نیند طاری کر دی یہاں تک کہ ان میں سے ایک بھی ایسا نہ رہا جس کی ٹھوڑی اس کے سینے سے نہ لگ گئی ہو۔ پھر کاشانۂ اقدس کے ایک گوشے سے کسی کہنے والے نے کہا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو ان کے مبارک کپڑوں میں غسل دیجیے۔ پس لوگ کھڑے ہوئے اور انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو آپ کے لباس سمیت ہی غسل دیا یعنی کرتہ مبارک جسم اطہر پر تھا اور کرتہ مبارک کے اوپر پانی ڈالتے اور تن انور کو ہاتھوں سے نہیں بلکہ کرتہ مبارک ہی سے ملتے تھے حضرت عائشہ صدیقہ فرمایا کرتی تھیں کہ کاش! یہ بات مجھے پہلے سوجھتی جو دیر سے ذہن میں آئی کہ حضور کو کوئی غسل نہ

ف۔ خاوند کی وفات کے بعد بیوی اس کے جسم کو ہاتھ لگا سکتی ہے اور غسل دے سکتی ہے لیکن بیوی کی وفات کے بعد خاوند اس کے جسم کو ہاتھ نہیں لگا سکتا اور نہ اسے غسل دے سکتا ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

باب ۵۷ كَيْفَ غُسْلُ الْمَيِّتِ۔

میت کو کیسے غسل دیا جائے

۱۳۶۵۔ حَدَّثَنَا الْقَعْنَبِيُّ عَنْ مَالِكٍ ح وَحَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ الْمَعْنَى عَنْ أَيُّوبَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ عَنْ أُمِّ عَطِيَّةَ قَالَتْ دَخَلَ عَلَيْنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَ تُوُفِّيَتِ ابْنَتُهُ فَقَالَ اغْسِلْنَهَا ثَلَاثًا أَوْ خَمْسًا أَوْ أَكْثَرَ مِنْ ذٰلِكَ إِنْ رَأَيْتُنَّ ذٰلِكَ بِمَاءٍ وَسِدْرٍ وَاجْعَلْنَ فِي الْآخِرَةِ كَافُورًا أَوْ شَيْئًا مِنْ كَافُورٍ فَإِذَا فَرَغْتُنَّ فَآذِنَّنِي فَلَمَّا فَرَغْنَا آذَنَّاهُ فَأَعْطَانَا حِقْوَهُ فَقَالَ أَشْعِرْنَهَا إِيَّاهُ قَالَ عَنْ مَالِكٍ تَعْنِي إِزَارَهُ وَلَمْ يَقُلْ

قعنبی، مالک۔ مسدد، حماد بن زید، ایوب، محمد بن سیرین سے روایت ہے کہ حضرت ام عطیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہمارے پاس تشریف لائے جبکہ آپ کی صاحبزادی (حضرت زینب) نے وفات پائی۔ فرمایا کہ اسے تین پانچ یا اس سے بھی زیادہ مرتبہ غسل دو اور پانی میں بیری کے پتے ڈال لینا اور آخر میں کافور رکھنا یا کوئی کافوری چیز۔ جب فارغ ہو جاؤ تو مجھے اطلاع دینا۔ جب ہم فارغ ہوئے تو اطلاع عرض کر دیا۔ پس آپ نے تہمد عطا فرمایا کہ اسے اس میں لپیٹ دو۔ امام مالک سے مروی ہے کہ ازار مبارک اور مسدد نے یہ نہیں کہا کہ آپ ہمارے پاس تشریف لائے۔

www.sirat-e-mustaqeem.com

مُسَدَّدٌ دَخَلَ عَلَيْنَا۔

۱۳۶۶۔ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدَةَ وَاَبُوْ كَامِلٍ اَنَّ يَزِيْدَ بْنَ زُرَيْعٍ حَدَّثَهُمْ قَالَ نَا اَيُّوْبُ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيْرِيْنَ عَنْ حَفْصَةَ اُخْتِهٖ عَنْ اُمِّ عَطِيَّةَ قَالَتْ مَشَطْنَاهَا ثَلَاثَةَ قُرُوْنٍ۔

احمد بن عبدہ اور ابو کامل، یزید بن زریع، ایوب، محمد بن سیرین ان کی بہن حفصہ سے روایت ہے کہ حضرت ام عطیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا۔ ہم نے ان کے سر کے بالوں کی تین لٹیں بنائیں۔

۱۳۶۷۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى نَا عَبْدُ الْاَعْلٰى نَا هِشَامٌ عَنْ حَفْصَةَ بِنْتِ سِيْرِيْنَ عَنْ اُمِّ عَطِيَّةَ قَالَتْ وَضَفَّرْنَا رَاْسَهَا ثَلَاثَةَ قُرُوْنٍ ثُمَّ اَلْقَيْنَاهَا خَلْفَهَا مُقَدَّمَ رَاْسِهَا وَقَرْنَيْهَا۔

حفصہ بنت سیرین سے روایت ہے کہ حضرت ام عطیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا۔ ہم نے ان کے سر کے بالوں کو تین لٹوں میں گوندھ دیا پھر پیچھے والی لٹ کو سامنے ڈال دیا اور باقی دو لٹوں اِدھر اُدھر رکھیں۔

۱۳۶۸۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ كَامِلٍ نَا اِسْمٰعِيْلُ نَا خَالِدٌ عَنْ حَفْصَةَ بِنْتِ سِيْرِيْنَ عَنْ اُمِّ عَطِيَّةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَهُنَّ فِيْ غُسْلِ ابْنَتِهٖ اَبْدَاْنَ بِمَيَامِنِهَا وَمَوَاضِعِ الْوُضُوْءِ مِنْهَا۔

حفصہ بنت سیرین نے حضرت ام عطیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنی صاحبزادی کو غسل دینے والی عورتوں سے فرمایا کہ ان کی داہنی جانب اور وضو کے اعضاء سے ابتداء کرنا۔

۱۳۶۹۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدٍ نَا حَمَّادٌ عَنْ اَيُّوْبَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيْرِيْنَ عَنْ اُمِّ عَطِيَّةَ بِمَعْنٰى حَدِيْثِ مَالِكٍ زَادَ فِيْ حَدِيْثِ حَفْصَةَ عَنْ اُمِّ عَطِيَّةَ بِنَحْوِ هٰذَا وَزَادَتْ فِيْهِ اَوْ سَبْعًا اَوْ اَكْثَرَ مِنْ ذٰلِكَ اِنْ رَاَيْتُنَّ ذٰلِكَ۔

محمد بن سیرین نے حضرت ام عطیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے معناً حدیث مالک کی طرح روایت کی اور حدیث حفصہ جو حضرت ام عطیہ سے مروی ہے، وہ بھی اسی طرح ہے اس میں یہ بھی ہے کہ سات دفعہ غسل دینا یا اس سے زیادہ جیسے تم مناسب سمجھو۔

۱۳۷۰۔ حَدَّثَنَا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ نَا هَمَّامٌ نَا قَتَادَةُ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيْرِيْنَ اَنَّهٗ كَانَ يَاْخُذُ الْغُسْلَ مِنْ اُمِّ عَطِيَّةَ يَغْسِلُ بِالسِّدْرِ مَرَّتَيْنِ وَالثَّالِثَةَ بِالْمَاءِ وَالْكَافُوْرِ۔

قتادہ سے روایت ہے کہ محمد بن سیرین تو حضرت ام عطیہ سے غسل میت سیکھا کرتے کہ دو دفعہ بیری کے پتوں کے پانی سے غسل دیا کرو اور تیسری مرتبہ پانی اور کافور سے۔

بَابٌ ۷۵ فِي الْكَفَنِ۔

کفن کا بیان

۱۳۷۱۔ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ اَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ اَنَّهٗ سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ يُحَدِّثُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ خَطَبَ يَوْمًا فَذَكَرَ رَجُلًا مِّنْ اَصْحَابِهٖ قُبِضَ فَكُفِّنَ فِيْ كَفَنٍ

ابو الزبیر نے حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما کو حدیث بیان کرتے ہوئے سنا کہ ایک روز نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنے اصحاب میں سے ایک کا ذکر فرمایا جو وفات پا گئے تھے پس انہیں ناقص کفن دے کر رات میں دفن کر دیا گیا۔ پس نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مرنے کو رات

www.sirat-e-mustaqeem.com

غَيْرِ طَائِلٍ وَقُبِرَ لَيْلًا فَزَجَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يُقْبَرَ الرَّجُلُ بِاللَّيْلِ حَتَّى يُصَلَّى عَلَيْهِ إِلَّا أَنْ يُضْطَرَّ إِنْسَانٌ إِلَى ذٰلِكَ وَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا كَفَّنَ أَحَدُكُمْ أَخَاهُ فَلْيُحَسِّنْ كَفَنَهُ۔

کے وقت دفن کرنے سے منع فرمایا۔ جب تک اس پر نمازنہ پڑھ لی جائے مگر یہ کہ آدمی اس بات پر مجبور ہو جائے۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جب تم اپنے کسی بھائی کو کفن دو تو اچھا کفن دیا کرو۔

۱۳۷۲۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ نَا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ نَا الْأَوْزَاعِيُّ نَا الزُّهْرِيُّ عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ أُدْرِجَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي ثَوْبٍ حِبَرَةٍ ثُمَّ أُخِّرَ عَنْهُ۔

قاسم بن محمد سے روایت ہے کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو یمنی کپڑے میں لپیٹا گیا، پھر دوسرے میں۔

۱۳۷۳۔ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ الصَّبَّاحِ الْبَزَّارُ نَا إِسْمٰعِيلُ يَعْنِي ابْنَ عَبْدِ الْكَرِيمِ حَدَّثَنِي إِبْرَاهِيمُ بْنُ عَقِيلِ بْنِ مَعْقِلٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ وَهْبٍ يَعْنِي ابْنَ مُنَبِّهٍ عَنْ جَابِرٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ إِذَا تُوُفِّيَ أَحَدُكُمْ فَوَجَدَ شَيْئًا فَلْيُكَفَّنْ فِي ثَوْبٍ حِبَرَةٍ۔

حسن بن صباح، بزار، اسمٰعیل بن عبدالکریم، ابراہیم بن عقیل بن معقل ان کے والد ماجد وہب بن منبہ سے روایت ہے کہ حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا۔ جب تم میں سے کوئی فوت ہو جائے اور ہو سکے تو حبرہ نامی یمنی کپڑے میں کفن دیا کرو۔

۱۳۷۴۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ نَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ عَنْ هِشَامٍ قَالَ أَخْبَرَنِي أَبِي قَالَ أَخْبَرَتْنِي عَائِشَةُ قَالَتْ كُفِّنَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي ثَلَاثَةِ أَثْوَابٍ يَمَانِيَةٍ بِيضٍ لَيْسَ فِيهَا قَمِيصٌ وَلَا عِمَامَةٌ۔

ہشام نے اپنے والد ماجد سے روایت کی ہے کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو تین سفید اور یمانی کپڑوں کا کفن دیا گیا جن میں نہ قمیص تھی اور نہ عمامہ تھا۔

۱۳۷۵۔ حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ نَا حَفْصٌ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَائِشَةَ مِثْلَهُ زَادَ مِنْ كُرْسُفٍ قَالَ فَذُكِرَ لِعَائِشَةَ قَوْلُهُمْ فِي ثَوْبَيْنِ وَبُرْدِ حِبَرَةٍ فَقَالَتْ قَدْ أُتِيَ بِالْبُرْدِ وَلٰكِنَّهُمْ رَدُّوهُ وَلَمْ يُكَفِّنُوهُ۔

عروہ بن زبیر نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے اسے روایت کرتے ہوئے یہ بھی کہا کہ وہ روئی کے تھے۔ حضرت عائشہ سے دو کپڑوں اور حبرہ کی چادر کے متعلق لوگوں کے قول کا ذکر کیا گیا تو فرمایا کہ چادر لائی گئی تھی اور پھر خیال میں واپس کر دی تھی اس میں کفنایا نہیں گیا۔

۱۳۷۶۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ وَعُثْمَانُ

ابن ابی زیاد نے مقسم سے روایت کی ہے کہ حضرت ابن عباس

www.sirat-e-mustaqeem.com

ابْنُ أَبِي شَيْبَةَ قَالَا نَا ابْنُ إِدْرِيسَ عَنْ يَزِيدَ يَعْنِي ابْنَ أَبِي زِيَادٍ عَنْ مِقْسَمٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ كُفِّنَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي ثَلَاثَةِ أَثْوَابٍ نَجْرَانِيَّةٍ الْحُلَّةُ ثَوْبَانِ وَقَمِيصُهُ الَّذِي مَاتَ فِيهِ قَالَ أَبُو دَاوُدَ قَالَ عُثْمَانُ فِي ثَلَاثَةِ أَثْوَابٍ حُلَّةٍ حَمْرَاءَ وَقَمِيصِهِ الَّذِي مَاتَ فِيهِ۔

رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تین نجرانی کپڑوں میں کفن دیئے گئے دو حلے اور ایک وہی کرتہ مبارک جس میں وفات پائی تھی۔ امام ابو داؤد نے فرمایا ہے کہ عثمان بن ابو شیبہ کا بیان ہے کہ آپ کو تین کپڑوں میں کفنایا گیا۔ سرخ جوڑا اور وہی کرتہ مبارک جس میں آپ نے وفات پائی تھی۔

گراں مایہ کفن کی کراہیت

بَابُ كَرَاهِيَةِ الْمُغَالَاةِ فِي الْكَفَنِ۔

۱۳۷۷۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدٍ الْمُحَارِبِيُّ نَا عَمْرُو بْنُ هَاشِمٍ أَبُو مَالِكٍ الْجَنْبِيُّ عَنْ إِسْمٰعِيلَ ابْنِ أَبِي خَالِدٍ عَنْ عَامِرٍ عَنْ عَلِيِّ ابْنِ أَبِي طَالِبٍ كَرَّمَ اللَّهُ وَجْهَهُ قَالَ لَا تُغَالِ فِي كَفَنٍ فَإِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ لَا تَغَالَوْا فِي الْكَفَنِ فَإِنَّهُ يُسْلَبُهُ سَلْبًا سَرِيعًا۔

محمد بن عبید محاربی، عمرو بن ہاشم ابو مالک جنبی، اسمٰعیل بن ابو خالد عامر سے روایت ہے کہ حضرت علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم نے فرمایا۔ کفن میں مبالغہ نہ کیا کرو کیونکہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ کفن میں مبالغہ نہ کیا کرو۔ جبکہ آخر کار وہ جلد ہی خراب ہو جاتا ہے۔

۱۳۷۸۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ أَنَا سُفْيَانُ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ أَبِي وَائِلٍ عَنْ خَبَّابٍ قَالَ مُصْعَبُ بْنُ عُمَيْرٍ قُتِلَ يَوْمَ أُحُدٍ وَلَمْ يَكُنْ لَهُ إِلَّا نَمِرَةٌ كُنَّا إِذَا غَطَّيْنَا بِهَا رَأْسَهُ خَرَجَتْ رِجْلَاهُ وَإِذَا غَطَّيْنَا رِجْلَيْهِ خَرَجَ رَأْسُهُ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غَطُّوا بِهَا رَأْسَهُ وَاجْعَلُوا عَلَى رِجْلَيْهِ مِنَ الْإِذْخِرِ۔

ابو وائل سے روایت ہے کہ حضرت خباب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ حضرت مصعب بن عمیر کو غزوۂ احد میں شہید کر دیا گیا اور ان کے پاس ایک کمبل کے سوا اور کچھ نہ تھا۔ جب اس کے ساتھ ہم ان کے سر کو ڈھکتے تو پیر کھل جاتے اور جب ان کے پیروں کو اس کے ساتھ ڈھانپتے تو سر کھل جاتا تھا چنانچہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اس کے ساتھ ان کا سر ڈھانپ دو اور ان کے پیروں پر اذخر گھاس ڈال دو۔

۱۳۷۹۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ حَدَّثَنِي ابْنُ وَهْبٍ حَدَّثَنِي هِشَامُ بْنُ سَعْدٍ عَنْ حَاتِمِ ابْنِ أَبِي نَصْرٍ عَنْ عُبَادَةَ بْنِ نُسَيٍّ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ خَيْرُ الْكَفَنِ الْحُلَّةُ وَخَيْرُ الْأُضْحِيَّةِ الْكَبْشُ الْأَقْرَنُ۔

احمد بن صالح، ابن وہب، ہشام بن سعد، حاتم بن ابو النصر عبادہ بن ابو نسی ان کے والد ماجد نے حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ بہترین کفن جوڑا (دو کپڑے) ہے اور بہترین قربانی سینگوں والے دنبے کی ہے۔

www.sirat-e-mustaqeem.com

باب ۷۵ فِي كَفَنِ الْمَرْأَةِ۔

۱۳۸۰۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ نَا يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ نَا أَبِي عَنِ ابْنِ إِسْحَقَ حَدَّثَنِي نُوحُ بْنُ حَكِيمٍ الثَّقَفِيُّ وَكَانَ قَارِئًا لِلْقُرْآنِ عَنْ رَجُلٍ مِنْ بَنِي عُرْوَةَ بْنِ مَسْعُودٍ يُقَالُ لَهُ دَاوُدُ قَدْ وَلَدَتْهُ أُمُّ حَبِيبَةَ بِنْتُ أَبِي سُفْيَانَ زَوْجُ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّ لَيْلَى بِنْتَ قَانِفٍ الثَّقَفِيَّةَ قَالَتْ كُنْتُ فِيمَنْ غَسَّلَ أُمَّ كُلْثُومٍ ابْنَةَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِنْدَ وَفَاتِهَا فَكَانَ أَوَّلُ مَا أَعْطَانَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْحِقَاءَ ثُمَّ الدِّرْعَ ثُمَّ الْخِمَارَ ثُمَّ الْمِلْحَفَةَ ثُمَّ أُدْرِجَتْ بَعْدُ فِي الثَّوْبِ الْآخَرِ قَالَتْ وَرَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَالِسٌ عِنْدَ الْبَابِ مَعَهُ كَفَنُهَا يُنَاوِلُنَاهَا ثَوْبًا ثَوْبًا۔

عورت کے کفن کا بیان

نوح بن حکیم ثقفی سے روایت ہے جو قرآن مجید کے قاری اور بنی عروہ بن مسعود کے فرد تھے اور جن کی والدہ نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی زوجہ مطہرہ حضرت ام حبیبہ بنت ابو سفیان کو جنا کہ حضرت لیلیٰ بنت قانف ثقفیہ رضی اللہ تعالےٰ عنہا نے فرمایا کہ میں ان عورتوں میں شامل تھی جنہوں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی صاحبزادی حضرت ام کلثوم کو غسل دیا جبکہ انہوں نے وفات پائی۔ پس رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ہمیں سب سے پہلے ازار عطا فرمائی، پھر قمیص پھر اوڑھنی، پھر چادر، پھر بعد میں لپیٹنے کے لیے ایک اور کپڑا۔ ان کا بیان ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم دروازے پر بیٹھے تھے اور ان کا کفن آپ کے پاس تھا جس میں سے ہمیں ایک ایک کپڑا مرحمت فرماتے جاتے تھے۔

باب ۷۶ فِي الْمِسْكِ لِلْمَيِّتِ۔

۱۳۸۱۔ حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ نَا الْمُسْتَمِرُّ بْنُ الرَّيَّانِ عَنْ أَبِي نَضْرَةَ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَطْيَبُ طِيبِكُمُ الْمِسْكُ۔

میت کو مشک لگانا

ابونضرہ نے حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ بہترین خوشبو مشک کی ہے۔

باب ۷۷ تَعْجِيلِ الْجَنَازَةِ۔

۱۳۸۲۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ مُطَرِّفٍ الرُّؤَاسِيُّ أَبُو سُفْيَانَ وَأَحْمَدُ بْنُ جَنَابٍ قَالَا نَا عِيسَى قَالَ أَبُو دَاوُدَ وَهُوَ ابْنُ يُونُسَ عَنْ سَعِيدِ بْنِ عُثْمَانَ الْبَلَوِيِّ عَنْ عَزْرَةَ وَقَالَ عَبْدُ الرَّحِيمِ عَنْ عُرْوَةَ بْنِ سَعِيدٍ الْأَنْصَارِيِّ عَنْ أَبِيهِ عَنِ الْحُصَيْنِ بْنِ وَحْوَحٍ أَنَّ طَلْحَةَ بْنَ الْبَرَاءِ مَرِضَ فَأَتَاهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَعُودُهُ فَقَالَ إِنِّي لَا أَرَى طَلْحَةَ إِلَّا قَدْ حَدَثَ فِيهِ الْمَوْتُ

کفن دفن میں جلدی کرنا

عبدالرحیم بن مطرف رواسی ابوسفیان اور احمد بن جناب، عیسیٰ بن یونس، سعید بن عثمان بلوی، عزرہ یا عروہ بن سعید انصاری کے والد ماجد نے حضرت حصین بن وحوح رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ حضرت طلحہ بن براء بیمار پڑے تو ان کی عیادت کرنے کے لیے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تشریف لائے فرمایا مجھے معلوم ہوتا ہے طلحہ اس بیماری میں وفات پا جائیں گے لہٰذا مجھے اطلاع کر دینا اور دفن کرنے میں جلدی کرنا کیونکہ مناسب نہیں ہے کہ کسی مسلمان کی لاش

www.sirat-e-mustaqeem.com

كان توفي فآذنوني به وعجلوا فإنه لا ينبغي لجيفة مسلم أن تحبس بين ظهراني أهله.

اس کے گھر میں پڑی رہے۔

جب کوئی وفات پا جائے تو اس کے کفن دفن میں جلدی کرنی چاہیے۔ دور دراز رہنے والے رشتہ داروں کے انتظار میں زیادہ دیر کرنا مناسب نہیں۔ میت خواہ نیک ہو یا بد اسے دفن کرنے کی بہر صورت جلدی کرنا ہی مناسب ہے۔ فرمان رسالت ہے کہ اگر وہ نیک ہے تو اسے آرام تک جلد پہنچاؤ اور اگر بد ہے تو اپنا بوجھ جلدی سروں سے اتار دو۔ اتنی دیر کرنا کہ میت سے بو آنے لگے یہ سخت نامناسب اور جہالت ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

باب في الغسل من غسل الميت.

غسّال کا غسل کرنا

۱۳۸۳۔ حدثنا عثمان بن أبي شيبة نا محمد بن بشر نا زكريا نا مصعب بن شيبة عن طلق بن حبيب العنزي عن عبد الله ابن الزبير عن عائشة أنها حدثته أن النبي صلى الله عليه وسلم كان يغتسل من أربع من الجنابة ويوم الجمعة ومن الحجامة وغسل الميت.

عثمان بن ابو شیبہ، محمد بن بشر، زکریا، مصعب بن شیبہ، طلق بن حبیب، عنزی، حضرت عبد اللہ بن زبیر نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم چار باتوں سے غسل فرمایا کرتے جنابت سے، جمعہ کے روز، پچھنے لگوانے کے بعد اور میت کو غسل دینے کے بعد۔

۱۳۸۴۔ حدثنا أحمد بن صالح نا ابن أبي فديك حدثني ابن أبي ذئب عن القاسم ابن عباس عن عمرو بن عمير عن أبي هريرة أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال من غسل الميت فليغتسل ومن حمله فليتوضأ.

احمد بن صالح، ابن ابی فدیک، ابن ابی ذئب، قاسم بن عباس، عمرو بن عمیر نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا **جو میت کو غسل دے اسے غسل کرنا چاہیے اور جو میت کو کندھا دے اسے وضو کرنا چاہیے۔**

۱۳۸۵۔ حدثنا حامد بن يحيى عن سفيان عن سهيل ابن أبي صالح عن أبيه عن إسحق مولى زائدة عن أبي هريرة عن النبي صلى الله عليه وسلم بمعناه قال أبو داود هذا منسوخ سمعت أحمد بن حنبل وسئل عن الغسل من غسل الميت فقال يجزئه الوضوء قال أبو داود أدخل أبو صالح بينه وبين أبي هريرة في هذا الحديث يعني إسحق مولى زائدة قال وحديث مصعب فيه خصال

اسحاق مولیٰ زائدہ کا بیان ہے کہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اسے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے معناً روایت کیا۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ یہ منسوخ ہے۔ میں نے امام احمد بن حنبل سے سنا جبکہ ان سے غسل میت کے متعلق پوچھا گیا تو فرمایا کہ وضو کرنا کافی ہے۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ ابوصالح نے اس حدیث میں اپنے اور حضرت ابوہریرہ کے درمیان اسحاق مولیٰ زائدہ کو داخل کر لیا ہے اور کہا کہ مصعب کی حدیث میں کچھ باتیں ایسی ہیں جن پر امت محمدیہ کا عمل نہیں ہے۔

www.sirat-e-mustaqeem.com

لَيْسَ الْعَمَلُ عَلَيْهِ۔

بَابٌ ۵۸۰ فِي تَقْبِيلِ الْمَيِّتِ۔

۱۳۸۶۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ أَنَا سُفْيَانُ عَنْ عَاصِمِ بْنِ عُبَيْدِ اللَّهِ عَنِ الْقَاسِمِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ رَأَيْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُقَبِّلُ عُثْمَانَ بْنَ مَظْعُونٍ وَهُوَ مَيِّتٌ حَتَّى رَأَيْتُ الدُّمُوعَ تَسِيلُ۔

میت کو بوسہ دینا

قاسم بن محمد سے روایت ہے کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا۔ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا کہ آپ حضرت عثمان بن مظعون کو بوسہ دے رہے تھے جبکہ وہ وفات پا چکے تھے۔

بَابٌ ۵۸۱ فِي الدَّفْنِ بِاللَّيْلِ۔

۱۳۸۷۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَاتِمِ بْنِ بَزِيعٍ نَا أَبُو نُعَيْمٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ قَالَ أَخْبَرَنِي جَابِرُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ أَوْ سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ رَأَى نَاسٌ نَارًا فِي الْمَقْبَرَةِ فَأَتَوْهَا فَإِذَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْقَبْرِ وَإِذَا هُوَ يَقُولُ نَاوِلُونِي صَاحِبَكُمْ فَإِذَا هُوَ الرَّجُلُ الَّذِي كَانَ يَرْفَعُ صَوْتَهُ بِالذِّكْرِ۔

رات میں دفن کرنے کا بیان

عمرو بن دینار نے حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے یا میں نے حضرت جابر بن عبداللہ سے سنا کہ انہوں نے فرمایا۔ لوگوں نے قبرستان میں روشنی دیکھی تو وہاں گئے۔ دیکھا تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ایک قبر میں کھڑے فرما رہے تھے۔ اپنا ساتھی مجھے پکڑاؤ۔ وہ ایسا آدمی تھا جو بلند آواز سے ذکر الٰہی کیا کرتا تھا۔

ف۔ آہستہ آواز سے ذکر کرنا افضل اور بہت خوب ہے کیونکہ یہ ریا سے بہت دور ہے لیکن بلند آواز سے ذکر کرنا بھی محض بے اصل نہیں ہے جبکہ اس میں ریا اور دکھاوا نہ ہو۔ بلند آواز سے ذکر الٰہی کرنے والے پر آخری وقت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے کتنی شفقت فرمائی کہ اسے خود اپنے مبارک ہاتھوں سے قبر میں اتارا۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

بَابٌ ۵۸۲ فِي الْمَيِّتِ يُحْمَلُ مِنْ أَرْضٍ إِلَى أَرْضٍ۔

۱۳۸۸۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ أَنَا سُفْيَانُ عَنِ الْأَسْوَدِ بْنِ قَيْسٍ عَنْ نُبَيْحٍ عَنْ جَابِرٍ قَالَ كُنَّا حَمَلْنَا الْقَتْلَى يَوْمَ أُحُدٍ لِنَدْفِنَهُمْ فَجَاءَ مُنَادِي النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ إِنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَأْمُرُكُمْ أَنْ تَدْفِنُوا الْقَتْلَى فِي مَضَاجِعِهِمْ فَرَدَدْنَاهُمْ۔

میت کو ایک ملک سے دوسرے میں لے جانا

نبیح سے روایت ہے کہ حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ ہم نے دفن کرنے کے لیے شہدائے احد کو اٹھایا تو نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے منادی نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم آپ حضرات کو حکم دیتے ہیں کہ شہیدوں کو ان کی اپنی جگہ پر دفن کیا جائے پس ہم انہیں واپس لے آئے۔

بَابٌ ۵۸۳ فِي الصُّفُوفِ عَلَى الْجَنَازَةِ۔

۱۳۸۹۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدٍ نَا حَمَّادٌ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي حَبِيبٍ

نماز جنازہ کے لیے صفیں

مرثد یزنی نے حضرت مالک بن ہبیرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے

www.sirat-e-mustaqeem.com

عَنْ مَرْثَدٍ الْيَزَنِيِّ عَنْ مَالِكِ بْنِ هُبَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا مِنْ مَيِّتٍ يَمُوْتُ فَيُصَلِّيْ عَلَيْهِ ثَلَاثَةُ صُفُوْفٍ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ إِلَّا أَوْجَبَ قَالَ فَكَانَ مَالِكٌ إِذَا اسْتَقَلَّ أَهْلَ الْجَنَازَةِ جَزَّأَهُمْ ثَلَاثَةَ صُفُوْفٍ لِلْحَدِيْثِ۔

فرمایا۔ کوئی میت ایسی نہیں کہ اس کے جنازے پر مسلمانوں کی تین صفیں نماز پڑھیں مگر اس کے لیے جنت واجب ہو جاتی ہے۔ امام مالک جب دیکھتے کہ آدمی کم ہیں تو اس حدیث کے باعث انہیں تین صفوں میں تقسیم کر لیا کرتے۔

بَابٌ ۵۸۴ اِتِّبَاعِ النِّسَاءِ الْجَنَازَةَ۔

عورتوں کا جنازے کے پیچھے جانا

۱۳۹۰۔ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ نَا حَمَّادٌ عَنْ أَيُّوْبَ عَنْ حَفْصَةَ عَنْ أُمِّ عَطِيَّةَ قَالَتْ نُهِيْنَا أَنْ نَتَّبِعَ الْجَنَائِزَ وَلَمْ يُعْزَمْ عَلَيْنَا۔

حفصہ سے روایت ہے کہ حضرت ام عطیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا۔ ہمیں جنازوں کے پیچھے جانے سے منع فرمایا گیا ہے لیکن تاکید نہیں فرمائی گئی۔

بَابٌ ۵۸۵ فَضْلِ الصَّلٰوةِ عَلَى الْجَنَازَةِ وَتَشْيِيْعِهَا۔

جنازے کی نماز پڑھنے اور اس کے ساتھ جانے کی فضیلت

۱۳۹۱۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا سُفْيَانُ عَنْ سُمَيٍّ عَنْ أَبِيْ صَالِحٍ عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ يَرْوِيْهِ قَالَ مَنْ تَبِعَ جَنَازَةً فَصَلَّى عَلَيْهَا فَلَهُ قِيْرَاطٌ وَمَنْ تَبِعَهَا حَتّٰى يُفْرَغَ مِنْهَا فَلَهُ قِيْرَاطَانِ أَصْغَرُهُمَا مِثْلُ أُحُدٍ أَوْ أَحَدُهُمَا مِثْلُ أُحُدٍ۔

ابو صالح سے روایت ہے کہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے مرفوعاً فرمایا۔ جو جنازے کے پیچھے جائے اور نماز بھی پڑھے تو اس کے لیے ایک قیراط ثواب ہے لیکن جو ساتھ جائے اور فارغ ہونے تک رہے تو اس کے لیے دو قیراط ثواب ہے جو کم از کم احد پہاڑ جتنا ہے یا ان میں سے ایک احد کے برابر ہے۔

۱۳۹۲۔ حَدَّثَنَا هَارُوْنُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ وَعَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ حُسَيْنٍ الْهَرَوِيُّ قَالَا نَا الْمُقْرِئُ حَدَّثَنَا حَيْوَةُ حَدَّثَنِيْ أَبُوْ صَخْرٍ وَهُوَ حُمَيْدُ بْنُ زِيَادٍ أَنَّ يَزِيْدَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ قُسَيْطٍ حَدَّثَهُ أَنَّ دَاوُدَ بْنَ عَامِرِ بْنِ سَعْدِ بْنِ أَبِيْ وَقَّاصٍ حَدَّثَهُ عَنْ أَبِيْهِ أَنَّهُ كَانَ عِنْدَ ابْنِ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ إِذْ طَلَعَ خَبَّابٌ صَاحِبُ الْمَقْصُوْرَةِ فَقَالَ يَا عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ أَلَا تَسْمَعُ مَا يَقُوْلُ أَبُوْ هُرَيْرَةَ أَنَّهُ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنْ خَرَجَ مَعَ جَنَازَةٍ مِنْ بَيْتِهَا وَصَلَّى عَلَيْهَا فَذَكَرَ مَعْنٰى حَدِيْثِ سُفْيَانَ فَأَرْسَلَ ابْنُ عُمَرَ إِلٰى عَائِشَةَ فَقَالَتْ صَدَقَ أَبُوْ هُرَيْرَةَ۔

ہارون بن عبداللہ اور عبدالرحمٰن بن حسین ہروی، مقری، حیوۃ، ابوصخر حمید بن زیاد، یزید بن عبداللہ بن قسیط، داؤد بن عامر بن سعد بن ابی وقاص کے والد ماجد حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے پاس تھے کہ صاحب مقصورہ حضرت خباب رضی اللہ تعالیٰ عنہ آئے۔ انہوں نے کہا اے عبداللہ بن عمر! کیا آپ نے سنا جو حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہتے ہیں کہ انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ جو اپنے گھر سے جنازے کے ساتھ جانے کے لیے نکلا اور اس پر نماز پڑھی۔ پھر معناً حدیث سفیان کی طرح بیان کیا۔ پس حضرت ابن عمر نے کسی کو حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی خدمت میں بھیجا تو انہوں نے فرمایا کہ ابوہریرہ نے سچ کہا ہے۔

www.sirat-e-mustaqeem.com

۱۳۹۳ - حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ شُجَاعٍ السَّكُونِيُّ نَا ابْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي أَبُو صَخْرٍ عَنْ شَرِيكِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي نَمِرٍ عَنْ كُرَيْبٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ مَا مِنْ مُسْلِمٍ يَمُوتُ فَيَقُومُ عَلَى جَنَازَتِهِ أَرْبَعُونَ رَجُلًا لَا يُشْرِكُونَ بِاللَّهِ شَيْئًا إِلَّا شُفِّعُوا فِيهِ۔

بَابُ ۵۸۶ فِي اتِّبَاعِ الْمَيِّتِ بِالنَّارِ۔

۱۳۹۴ - هَارُونُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ نَا عَبْدُ الصَّمَدِ ح وَنَا ابْنُ الْمُثَنَّى نَا أَبُو دَاوُدَ قَالَا نَا حَرْبٌ يَعْنِي ابْنَ شَدَّادٍ نَا يَحْيَى حَدَّثَنِي بَابُ بْنُ عُمَيْرٍ حَدَّثَنِي رَجُلٌ مِنْ أَهْلِ الْمَدِينَةِ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تُتْبَعُ الْجَنَازَةُ بِصَوْتٍ وَلَا نَارٍ زَادَ هَارُونُ وَلَا يُمْشَى بَيْنَ يَدَيْهَا۔

بَابُ ۵۸۷ الْقِيَامِ لِلْجَنَازَةِ۔

۱۳۹۵ - حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا سُفْيَانُ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَالِمٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَامِرِ بْنِ رَبِيعَةَ يَبْلُغُ بِهِ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا رَأَيْتُمُ الْجَنَازَةَ فَقُومُوا لَهَا حَتَّى تُخَلِّفَكُمْ أَوْ تُوضَعَ۔

۱۳۹۶ - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ يُونُسَ نَا زُهَيْرٌ نَا سُهَيْلُ بْنُ أَبِي صَالِحٍ عَنِ ابْنِ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ عَنْ أَبِيهِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا تَبِعْتُمُ الْجَنَازَةَ فَلَا تَجْلِسُوا حَتَّى تُوضَعَ قَالَ أَبُو دَاوُدَ رَوَى الثَّوْرِيُّ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سُهَيْلٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ فِيهِ حَتَّى تُوضَعَ بِالْأَرْضِ وَرَوَاهُ أَبُو مُعَاوِيَةَ عَنْ سُهَيْلٍ قَالَ حَتَّى تُوضَعَ فِي اللَّحْدِ وَسُفْيَانُ أَحْفَظُ مِنْ أَبِي مُعَاوِيَةَ۔

۱۳۹۷ - حَدَّثَنَا مُؤَمَّلُ بْنُ الْفَضْلِ الْحَرَّانِيُّ

ولید بن شجاع سکونی، ابن وہب، ابوصخر، شریک بن عبداللہ بن ابی نمر، کریب، حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما کا بیان ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا۔ کوئی مسلمان ایسا نہیں جو فوت ہو جائے اور اس کے جنازے کی چالیس ایسے آدمی نماز پڑھیں جو اللہ کے ساتھ کسی کو شریک نہ کرتے ہوں مگر ان کی شفاعت قبول فرمائی جاتی ہے

جنازے کے پیچھے آگ لے جانا

ہارون بن عبداللہ، عبدالصمد۔ ابن المثنیٰ، ابوداؤد، حرب بن شداد، یحییٰ، باب بن عمیر، اہل مدینہ سے ایک شخص ان کے والد ماجد نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جنازے کے پیچھے آواز نہ ہو (رونے پیٹنے کی) اور نہ آگ ہو۔ ہارون بن عبداللہ نے یہ بھی کہا کہ اس کے آگے آگے نہ چلا جائے۔

جنازے کے لیے کھڑے ہونا

سالم کے والد ماجد نے حضرت عامر بن ربیعہ سے روایت کی کہ انہیں نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے یہ بات پہنچی کہ جب تم جنازے کو دیکھو تو اس کے لیے کھڑے ہو جایا کرو یہاں تک کہ وہ تمہیں پیچھے چھوڑ جائے یا رکھ دیا جائے۔

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جب تم جنازے کے ساتھ جاؤ تو بیٹھا نہ کرو یہاں تک کہ اسے رکھ دیا جائے۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ ثوری نے روایت کیا اس حدیث کو سہیل کا ان کے والد ماجد، حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے اور اس میں فرمایا: "یہاں تک کہ اسے زمین پر رکھ دیا جائے" اور ابومعاویہ نے سہیل سے اسے روایت کرتے ہوئے کہا۔ "یہاں تک کہ لحد میں رکھ دیا جائے" سفیان زیادہ حافظ ہیں ابومعاویہ کی نسبت۔

عبیداللہ بن مقسم سے روایت ہے کہ حضرت جابر رضی اللہ

نا الولید نا ابو عمرو عن یحییٰ بن ابی کثیر عن عبید اللہ بن مقسم قال حدثنی جابر قال کنا مع النبی صلی اللہ علیہ وسلم اذ مرت بنا جنازۃ فقام لها فلما ذهبنا لنحمل اذا هی جنازۃ یهودی فقال ان الموت فزع فاذا رایتم الجنازۃ فقوموا۔

تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ ہم نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ تھے کہ ہمارے پاس سے ایک جنازہ گزرا پس ہم اس کے لیے کھڑے ہو گئے۔ جب ہم اسے اٹھانے کے لیے چلے تو معلوم ہوا کہ وہ یہودی کا جنازہ ہے۔ عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ یہ تو یہودی کا جنازہ ہے۔ فرمایا کہ موت باعث عبرت ہے لہٰذا جب تم کوئی جنازہ دیکھو تو اس کے لیے کھڑے ہو جایا کرو۔

١٣٩٨ حدثنا القعنبی عن مالک عن یحییٰ بن سعید عن واقد بن عمرو بن سعد بن معاذ الانصاری عن نافع بن جبیر بن مطعم عن مسعود بن الحکم عن علی بن ابی طالب ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قام فی الجنازۃ ثم قعد بعد۔

قعنبی، مالک، یحییٰ بن سعید، واقد بن عمرو بن سعد بن معاذ انصاری، نافع بن جبیر بن مطعم، مسعود بن الحکم نے حضرت علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پہلے جنازے کے لیے کھڑے ہو جاتے تھے لیکن بعد میں بیٹھے رہنے پر عمل رہا۔

١٣٩٩ حدثنا هشام بن بهرام المدائنی نا حاتم بن اسمعیل نا ابو الاسباط الحارثی عن عبد اللہ بن سلیمان بن جنادۃ بن ابی امیۃ عن ابیه عن جده عن عبادۃ بن الصامت قال کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقوم فی الجنازۃ حتی توضع فی اللحد فمر به حبر من الیهود فقال هکذا نفعل فجلس النبی صلی اللہ علیہ وسلم وقال اجلسوا خالفوهم۔

ہشام بن بہرام مدائنی، حاتم بن اسمٰعیل، ابو الاسباط حارثی، عبد اللہ بن سلیمان بن جنادہ بن امیہ، سلیمان بن جنادہ، جنادہ بن امیہ نے حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ایک جنازے کے لیے کھڑے رہے یہاں تک کہ اسے لحد میں رکھ دیا گیا پس یہود کا ایک عالم وہاں سے گزرا تو کہا کہ ہم بھی ایسا ہی کرتے ہیں۔ چنانچہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بیٹھ گئے اور فرمایا کہ تم بھی بیٹھ جاؤ اور ان یہودیوں کی مخالفت کرو۔

باب ٥٨٨ الرکوب فی الجنازۃ۔

جنازے کے ساتھ سوار ہونا

١٤٠٠ حدثنا یحییٰ بن موسی البلخی انا عبد الرزاق انا معمر عن یحییٰ بن ابی کثیر عن ابی سلمۃ بن عبد الرحمن بن عوف عن ثوبان ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اتی بدابۃ وهو مع الجنازۃ فابی ان یرکب فلما انصرف اتی بدابۃ فرکب فقیل له فقال ان الملائکۃ کانت تمشی فلم اکن لارکب

ابو سلمہ بن عبد الرحمٰن بن عوف نے حضرت ثوبان رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں سواری کے لیے جانور پیش کیا گیا جب کہ آپ ایک جنازے کے ساتھ تھے تو آپ نے سوار ہونے سے انکار کر دیا۔ جب فارغ ہو گئے تو سواری کے لیے جانور پیش کیا گیا۔ آپ سوار ہو گئے تو وجہ دریافت کی گئی۔ آپ نے ان سے فرمایا کہ فرشتے بھی چلتے ہیں۔ میں نے مناسب

www.sirat-e-mustaqeem.com

وَهُمْ يَمْشُونَ فَلَمَّا ذَهَبُوا اَمَّرَكِبْتُ۔

١٤٠١۔ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُعَاذٍ نَا اَبِيْ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ سِمَاكٍ سَمِعَ جَابِرَ بْنَ سَمُرَةَ قَالَ صَلَّى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى ابْنِ الدَّحْدَاحِ وَنَحْنُ شُهُوْدٌ ثُمَّ اُتِيَ بِفَرَسٍ فَعُقِلَ حَتّٰى رَكِبَهُ فَجَعَلَ يَتَوَقَّصُ بِهِ وَنَحْنُ نَسْعٰى حَوْلَهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔

باب ٥٨٩ اَلْمَشْيُ اَمَامَ الْجَنَازَةِ۔

١٤٠٢۔ حَدَّثَنَا الْقَعْنَبِيُّ نَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَالِمٍ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ رَاَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَبَا بَكْرٍ وَعُمَرَ يَمْشُوْنَ اَمَامَ الْجَنَازَةِ۔

١٤٠٣۔ حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ عَنْ خَالِدٍ عَنْ يُوْنُسَ عَنْ زِيَادِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنِ الْمُغِيْرَةِ بْنِ شُعْبَةَ قَالَ وَاَحْسِبُ اَنَّ اَهْلَ زِيَادٍ اَخْبَرُوْنِيْ اَنَّهُ رَفَعَهُ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الرَّاكِبُ يَسِيْرُ خَلْفَ الْجَنَازَةِ وَالْمَاشِيْ يَمْشِيْ خَلْفَهَا وَاَمَامَهَا وَعَنْ يَمِيْنِهَا وَعَنْ يَسَارِهَا قَرِيْبًا مِنْهَا وَالسِّقْطُ يُصَلّٰى عَلَيْهِ وَيُدْعٰى لِوَالِدَيْهِ بِالْمَغْفِرَةِ وَالرَّحْمَةِ۔

باب ٥٩٠ اَلْاِسْرَاعُ بِالْجَنَازَةِ۔

١٤٠٤۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا سُفْيَانُ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ يَبْلُغُ بِهِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَسْرِعُوْا بِالْجَنَازَةِ فَاِنْ تَكُ صَالِحَةً فَخَيْرٌ تُقَدِّمُوْنَهَا اِلَيْهِ وَاِنْ تَكُ سِوٰى ذٰلِكَ فَشَرٌّ تَضَعُوْنَهُ عَنْ رِقَابِكُمْ۔

١٤٠٥۔ حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ نَا شُعْبَةُ عَنْ عُيَيْنَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّهُ

نہ سمجھا کر سوار ہو جاؤں اور وہ پیدل چلیں۔ جب وہ چلے گئے تو میں

سماک سے روایت ہے کہ حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ابن الدحداح کی نماز جنازہ پڑھائی اور ہم موجود تھے۔ آپ کی خدمت میں سواری کے لیے گھوڑا پیش کیا گیا آپ نے اسے باندھ دیا اور آخر کار اس پر سوار ہو گئے۔ پس وہ قدم قدم چلنے لگا اور ہم نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اردگرد دوڑ رہے تھے۔

جنازے کے آگے آگے چلنا

سالم کے والد ماجد نے فرمایا کہ میں نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو دیکھا اور حضرت ابوبکر و حضرت عمر کو کہ وہ جنازے کے آگے چلا کرتے تھے۔

زیاد بن جبیر نے اپنے والد ماجد سے روایت کی ہے کہ حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا میرا (یونس کا) گمان ہے کہ زیاد بن جبیر نے یہ حدیث مجھ سے مرفوعاً بیان کرتے ہوئے فرمایا۔ سوار جنازے کے پیچھے چلے اور پیدل چلنے والا اس کے پیچھے اس کے آگے نیز اس کے دائیں اور بائیں چلے اور قریب رہے جو بچہ ساقط ہو جائے اس پر نماز پڑھی جائے اور اس کے والدین کے لیے بخشش اور رحمت کی دعا کی جائے۔

جنازے کو جلدی لے چلنا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے یہ بات پہنچی کہ آپ نے فرمایا۔ جنازے کو (دفن کرنے کے لیے) جلدی لے جایا کرو کیونکہ اگر وہ نیک ہے تو اسے بھلائی کی طرف لے جا رہے ہو اور اگر وہ اس کے برعکس ہے تو تم شر کو اپنی گردنوں سے اتار رہے ہو۔

عیینہ بن عبدالرحمٰن نے اپنے والد ماجد سے روایت کی ہے کہ وہ حضرت عثمان بن ابوالعاص کے جنازے میں تھے

www.sirat-e-mustaqeem.com

كَانَ فِي جَنَازَةِ عُثْمَانَ ابْنِ أَبِي الْعَاصِ وَكُنَّا نَمْشِي مَشْيًا خَفِيفًا فَلَحِقَنَا أَبُو بَكْرَةَ فَرَفَعَ سَوْطَهُ فَقَالَ لَقَدْ رَأَيْتُنَا وَنَحْنُ مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَرْمُلُ رَمَلًا۔

۱۲۰۶۔ حَدَّثَنَا حُمَيْدُ بْنُ مَسْعَدَةَ نَا خَالِدُ بْنُ الْحَارِثِ ح وَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُوسَى نَا عِيسَى يَعْنِي ابْنَ يُونُسَ عَنْ عُيَيْنَةَ بِهَذَا الْحَدِيثِ قَالَا فِي جَنَازَةِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ فَحَمَلَ عَلَيْهِمْ بَغْلَتَهُ وَأَهْوَى بِالسَّوْطِ۔

۱۲۰۷۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا أَبُو عَوَانَةَ عَنْ يَحْيَى الْمُجَبِّرِ قَالَ أَبُو دَاوُدَ وَهُوَ يَحْيَى بْنُ عَبْدِ اللَّهِ التَّيْمِيُّ عَنْ أَبِي مَاجِدَةَ عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ قَالَ سَأَلْنَا نَبِيَّنَا صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْمَشْيِ مَعَ الْجَنَازَةِ فَقَالَ مَا دُونَ الْخَبَبِ إِنْ يَكُنْ خَيْرًا تَعَجَّلْ إِلَيْهِ وَإِنْ يَكُنْ غَيْرَ ذَلِكَ فَبُعْدًا لِأَهْلِ النَّارِ وَالْجَنَازَةُ مَتْبُوعَةٌ وَلَا تُتْبَعُ لَيْسَ مَعَهَا مَنْ تَقَدَّمَهَا۔

بَابٌ ۵۹ الْإِمَامُ يُصَلِّي عَلَى مَنْ قَتَلَ نَفْسَهُ

۱۲۰۸۔ حَدَّثَنَا ابْنُ نُفَيْلٍ نَا زُهَيْرٌ نَا سِمَاكٌ حَدَّثَنِي جَابِرُ بْنُ سَمُرَةَ قَالَ مَرِضَ رَجُلٌ فَصِيحَ عَلَيْهِ فَجَاءَ جَارُهُ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ إِنَّهُ قَدْ مَاتَ قَالَ وَمَا يُدْرِيكَ فَقَالَ أَنَا رَأَيْتُهُ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّهُ لَمْ يَمُتْ قَالَ فَرَجَعَ فَصِيحَ عَلَيْهِ فَجَاءَ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ إِنَّهُ قَدْ مَاتَ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّهُ لَمْ يَمُتْ قَالَ فَرَجَعَ فَصِيحَ عَلَيْهِ فَقَالَتْ امْرَأَتُهُ انْطَلِقْ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ

اور ہم آہستہ آہستہ پیدل چل رہے تھے کہ ہمیں حضرت ابوبکرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ ملے انھوں نے کوڑا اٹھا کر فرمایا۔ ہم نے دیکھا جبکہ ہم رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ تھے کہ ہم جلدی جلدی چل رہے تھے۔

حمید ہ بن مسعدہ، خالد بن حارث۔ ابراہیم بن موسیٰ عیسیٰ بن یونس نے عیینہ سے مذکورہ حدیث کے متعلق روایت کرتے ہوئے فرمایا کہ وہ حضرت عبدالرحمٰن بن سمرہ کا جنازہ تھا۔ راوی کا بیان ہے کہ حضرت ابوبکرہ نے ان کی طرف اپنا خچر دوڑایا اور کوڑے سے اشارہ کیا۔

مسدد، ابوعوانہ، یحییٰ مجبر یعنی یحییٰ بن عبداللہ تیمی، ابوماجدہ سے روایت ہے کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہم نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے جنازے کے ساتھ چلنے کے متعلق دریافت کیا تو آپ نے فرمایا کہ دوڑنے سے کم چال ہو۔ اگر وہ نیک ہے تو بھلائی کی طرف جلد پہنچاؤ اور اگر اس کے برعکس ہے تو دوزخی کو دور کرنا چاہیے۔ جنازہ آگے رہے اسے پیچھے نہ رکھا جائے اور جو اس کے آگے ہو گویا وہ ساتھ ہی نہیں ہے۔

کیا امام خودکشی کرنے والے کی نماز جنازہ پڑھائے

جابر بن سمرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ایک آدمی بیمار پڑا تو اس پر چیخ پکار ہوئی اس کا ہمسایہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر عرض گزار ہوا کہ وہ فوت ہو گیا ہے۔ فرمایا کہ تمہیں کیسے معلوم ہوا؟ عرض کی کہ میں نے اسے دیکھا ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ وہ مرا نہیں ہے۔ راوی کا بیان ہے کہ وہ لوٹا تو چیخ پکار ہوئی۔ اس نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر عرض کی کہ وہ مر گیا ہے۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ وہ مرا نہیں ہے۔ راوی کا بیان ہے کہ وہ لوٹا تو اس پر چیخ پکار ہوئی۔ اس کی بیوی نے کہا کہ

www.sirat-e-mustaqeem.com

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَخْبَرَهُ فَقَالَ لَمْ يَمُتْ قَالَ اللّٰهُمَّ الْعَنْهُ قَالَ ثُمَّ انْطَلَقَ الرَّجُلُ فَرَآهُ قَدْ نَحَرَ نَفْسَهُ بِمِشْقَصٍ مَعَهُ فَانْطَلَقَ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَخْبَرَهُ أَنَّهُ قَدْ مَاتَ قَالَ وَمَا يُدْرِيكَ قَالَ رَأَيْتُهُ يَنْحَرُ نَفْسَهُ بِمَشَاقِصَ مَعَهُ قَالَ أَنْتَ رَأَيْتَهُ قَالَ نَعَمْ قَالَ إِذًا لَا أُصَلِّي عَلَيْهِ۔

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر صورت حال عرض کر دی ... اے اللہ اس پر لعنت فرما۔ راوی کا [illegible] ... اپنا گلا کاٹ لیا تھا ... [illegible] رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر یہ بات آپ کو بتا دی کہ وہ مر گیا ہے۔ فرمایا کہ تمہیں کیسے معلوم ہوا؟ عرض کی میں نے اسے دیکھا ہے کہ تیر پیکان کے ساتھ اپنا گلا کاٹ لیا ہے فرمایا کہ تم نے خود دیکھا ہے؟

بَابٌ ۵۹۳ اَلصَّلٰوةُ عَلٰى مَنْ قَتَلَتْهُ الْحُدُوْدُ۔

شرعی حد میں قتل ہونے والے کی نماز جنازہ

۱۴۰۹ - حَدَّثَنَا أَبُو كَامِلٍ نَا أَبُو عَوَانَةَ عَنْ أَبِي بِشْرٍ قَالَ حَدَّثَنِي نَفَرٌ مِنْ أَهْلِ الْبَصْرَةِ عَنْ أَبِي بَرْزَةَ الْأَسْلَمِيِّ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يُصَلِّ عَلٰى مَاعِزِ بْنِ مَالِكٍ وَلَمْ يَنْهَ عَنِ الصَّلٰوةِ عَلَيْهِ۔

اہل بصرہ کے ایک فرد نے حضرت ابو برزہ اسلمی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت ماعز بن مالک پر نماز جنازہ نہ پڑھی اور نہ ان پر نماز جنازہ پڑھنے سے منع فرمایا۔

ف۔ اس حدیث سے معلوم ہوا کہ زانی اسلام سے خارج نہیں ہوتا اور گزشتہ حدیث سے معلوم ہوا کہ خودکشی کرنے والا اگرچہ سخت گنہگار ہے لیکن مسلمان ہی شمار ہوگا اور اس کے جنازے کی نماز پڑھی جائے گی۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے خودکشی کرنے والے اور زانی کی نماز جنازہ پڑھنے سے صحابۂ کرام کو منع نہیں فرمایا تھا۔ معلوم ہوا کہ کبیرہ گناہ کا مرتکب مسلمان ہی رہتا ہے کافر نہیں ہوتا اگرچہ وہ پرلے درجے کا فاسق ہے لیکن مسلمانوں میں ہی شمار ہوگا۔ مسلمانوں کی میراث پائے گا اور مسلمان اس کے وارث ہوں گے۔ برخلاف معتزلہ کے کہ وہ مرتکب کبائر کو کافر شمار کرتے تھے جبکہ یہ عقیدہ کتاب و سنت کی روشنی میں درست نہیں ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

بَابٌ ۵۹۴ فِي الصَّلٰوةِ عَلَى الطِّفْلِ۔

بچے کی نماز جنازہ

۱۴۱۰ - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ فَارِسٍ نَا يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ سَعْدٍ نَا أَبِي عَنِ ابْنِ إِسْحٰقَ حَدَّثَنِي عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَبِي بَكْرٍ عَنْ عَمْرَةَ بِنْتِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ مَاتَ إِبْرَاهِيمُ بْنُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ ابْنُ ثَمَانِيَةَ عَشَرَ شَهْرًا فَلَمْ يُصَلِّ عَلَيْهِ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔

محمد بن یحییٰ بن فارس، یعقوب بن ابراہیم بن سعد، ابراہیم بن سعد، ابن اسحٰق، عبد اللہ بن ابو بکر، عمرہ بنت عبد الرحمٰن سے روایت ہے کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے صاحبزادے حضرت ابراہیم فوت ہوئے جبکہ ان کی عمر اٹھارہ مہینے تھی تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان پر نماز جنازہ نہ پڑھی۔

۱۴۱۱ - حَدَّثَنَا هَنَّادُ بْنُ السَّرِيِّ نَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدٍ عَنْ وَائِلِ بْنِ دَاوُدَ قَالَ سَمِعْتُ الْبَهِيَّ

وائل بن داؤد کا بیان ہے کہ میں نے حضرت بہی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا کہ جب نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

www.sirat-e-mustaqeem.com

قَالَ لَمَّا مَاتَ إِبْرَاهِيمُ بْنُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّى عَلَيْهِ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْمَقَاعِدِ قَالَ أَبُو دَاوُدَ قَرَأْتُ عَلَى سَعِيدِ بْنِ يَعْقُوبَ الطَّالَقَانِيِّ حَدَّثَكُمُ ابْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ يَعْقُوبَ بْنِ الْقَعْقَاعِ عَنْ عَطَاءٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّى عَلَى ابْنِهِ إِبْرَاهِيمَ وَهُوَ ابْنُ سَبْعِينَ لَيْلَةً۔

کے صاحبزادے حضرت ابراہیم فوت ہوئے تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنے بیٹھنے کی جگہ میں ان کی نماز جنازہ پڑھی۔
امام ابوداؤد نے فرمایا کہ میں نے یہ حدیث پڑھی سعید یعقوب طالقانی کے سامنے کہ آپ سے حدیث بیان کی ابن المبارک یعقوب بن قعقاع، عطاء سے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنے صاحبزادے حضرت ابراہیم کی نماز جنازہ پڑھی اور ستر روز (دو ماہ دس روز) کے تھے۔

بَابُ ٥٩٤ الصَّلٰوةُ عَلَى الْجَنَازَةِ فِي الْمَسْجِدِ۔

مسجد میں نماز جنازہ پڑھنا

١٤١٢ - حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ نَا فُلَيْحُ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنْ صَالِحِ بْنِ عَجْلَانَ وَمُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّادٍ عَنْ عَبَّادِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ الزُّبَيْرِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَ وَاللّٰهِ مَا صَلَّى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى سُهَيْلِ بْنِ الْبَيْضَاءِ إِلَّا فِي الْمَسْجِدِ۔

سعید بن منصور، فلیح بن سلیمان، صالح بن عجلان اور محمد بن عبداللہ بن عباد، عباد بن عبداللہ بن زبیر سے روایت ہے کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا:۔ خدا کی قسم، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے سہیل بن بیضاء پر نماز جنازہ نہیں پڑھی مگر مسجد میں۔

١٤١٣ - حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ نَا ابْنُ أَبِي فُدَيْكٍ عَنِ الضَّحَّاكِ يَعْنِي ابْنَ عُثْمَانَ عَنْ أَبِي النَّضْرِ عَنْ أَبِي سَلَمَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ وَاللّٰهِ لَقَدْ صَلَّى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى ابْنَيْ بَيْضَاءَ فِي الْمَسْجِدِ سُهَيْلٍ وَأَخِيهِ۔

ہارون بن عبداللہ، ابن ابی فدیک، ضحاک بن عثمان، ابو النضر ابو سلمہ سے روایت ہے کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا، خدا کی قسم رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بیضاء کے دونوں صاحبزادوں پر نماز جنازہ مسجد میں پڑھی یعنی سہیل اور ان کے بھائی پر۔

١٤١٤ - حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا يَحْيَى عَنِ ابْنِ أَبِي ذِئْبٍ حَدَّثَنِي صَالِحٌ مَوْلَى التَّوْأَمَةِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ صَلَّى عَلَى جَنَازَةٍ فِي الْمَسْجِدِ فَلَا شَيْءَ عَلَيْهِ۔

صالح مولیٰ توامہ نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جس نے نماز جنازہ مسجد میں پڑھائی اس پر کوئی گناہ نہیں۔

بَابُ ٥٩٥ الدَّفْنِ عِنْدَ طُلُوعِ الشَّمْسِ وَغُرُوبِهَا۔

سورج طلوع یا غروب ہوتے وقت دفن کرنا

١٤١٥ - حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ نَا وَكِيعٌ نَا مُوسَى بْنُ عَلِيِّ بْنِ رَبَاحٍ قَالَ سَمِعْتُ أَبِي يُحَدِّثُ أَنَّهُ سَمِعَ عُقْبَةَ بْنَ عَامِرٍ قَالَ

موسیٰ بن علی بن رباح نے اپنے والد ماجد کو حدیث بیان کرتے ہوئے سنا کہ حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ تین ساعتیں ایسی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

www.sirat-e-mustaqeem.com

مَوْتَانَا حِيْنَ تَطْلُعُ الشَّمْسُ بَازِغَةً حَتّٰى تَرْتَفِعَ وَحِيْنَ تَقُوْمُ قَائِمُ الظَّهِيْرَةِ حَتّٰى تَمِيْلَ وَحِيْنَ تَضَيَّفُ الشَّمْسُ لِلْغُرُوْبِ حَتّٰى تَغْرُبَ اَوْ كَمَا قَالَ۔

نے ان میں نماز پڑھنے اور اپنے مردوں کو ان میں دفن کرنے سے منع فرمایا ہے۔ جب سورج چمکتا ہوا طلوع ہو یہاں تک کہ بلند ہو جائے اور اس وقت جبکہ دوپہر کا کھڑا ہونے والا سیدھا کھڑا ہو یہاں تک کہ ڈھل جائے اور جبکہ سورج جھک جائے غروب ہونے کے

بَابٌ ۵۹۶ اِذَا حَضَرَ جَنَائِزُ رِجَالٍ وَنِسَاءٍ مَنْ يُقَدَّمُ۔

جب مردوں اور عورتوں کے جنازے حاضر ہوں تو کس کو آگے کیا جائے

۱۹۱۶۔ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ خَالِدِ بْنِ مَوْهَبٍ الرَّمْلِيُّ حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنْ يَحْيَى بْنِ صُبَيْحٍ قَالَ حَدَّثَنِيْ عَمَّارٌ مَوْلَى الْحَارِثِ بْنِ نَوْفَلٍ اَنَّهُ شَهِدَ جَنَازَةَ اُمِّ كُلْثُوْمٍ وَابْنِهَا فَجُعِلَ الْغُلَامُ مِمَّا يَلِي الْاِمَامَ فَاَنْكَرْتُ ذٰلِكَ وَفِي الْقَوْمِ ابْنُ عَبَّاسٍ وَاَبُوْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيُّ وَاَبُوْ قَتَادَةَ وَاَبُوْ هُرَيْرَةَ فَقَالُوْا هٰذِهِ السُّنَّةُ۔

یحییٰ بن صبیح نے عمار مولیٰ حارث بن نوفل سے روایت کی ہے کہ وہ ام کلثوم اور ان کے صاحبزادے کے جنازے میں حاضر تھے۔ پس لڑکے کو امام کے نزدیک رکھا گیا۔ میں نے اس بات پر اعتراض کیا۔ لوگوں میں حضرت ابن عباس، حضرت ابو سعید خدری، حضرت ابو قتادہ اور حضرت ابو ہریرہ بھی تھے رضی اللہ تعالیٰ عنہم انہوں نے فرمایا کہ سنت یہی ہے۔

بَابٌ ۵۹۷ اَيْنَ يَقُوْمُ الْاِمَامُ مِنَ الْمَيِّتِ اِذَا صَلّٰى عَلَيْهِ۔

نماز جنازہ کے وقت امام میت کے کس حصے کے سامنے کھڑا ہو؟

۱۹۱۷۔ حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ مُعَاذٍ نَا عَبْدُ الْوَارِثِ عَنْ نَافِعٍ اَبِيْ غَالِبٍ قَالَ كُنْتُ فِيْ سِكَّةِ الْمِرْبَدِ فَمَرَّتْ جَنَازَةٌ مَعَهَا نَاسٌ كَثِيْرٌ قَالُوْا جَنَازَةُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَيْرٍ فَتَبِعْتُهَا فَاِذَا اَنَا بِرَجُلٍ عَلَيْهِ كِسَاءٌ رَقِيْقٌ عَلٰى بُرَيْذِينَتِهِ عَلٰى رَاْسِهِ خِرْقَةٌ تَقِيْهِ مِنَ الشَّمْسِ فَقُلْتُ مَنْ هٰذَا الدِّهْقَانُ قَالُوْا هٰذَا اَنَسُ بْنُ مَالِكٍ فَلَمَّا وُضِعَتِ الْجَنَازَةُ قَامَ اَنَسٌ فَصَلّٰى عَلَيْهَا وَاَنَا خَلْفَهُ لَا يَحُوْلُ بَيْنِيْ وَبَيْنَهُ شَيْءٌ فَقَامَ عِنْدَ رَاْسِهِ فَكَبَّرَ اَرْبَعَ تَكْبِيْرَاتٍ لَمْ يُطِلْ وَلَمْ يُسْرِعْ ثُمَّ ذَهَبَ يَقْعُدُ فَقَالُوْا يَا اَبَا حَمْزَةَ الْمَرْاَةُ الْاَنْصَارِيَّةُ فَقَرَّبُوْهَا وَعَلَيْهَا نَعْشٌ اَخْضَرُ فَقَامَ عِنْدَ عَجِيْزَتِهَا فَصَلّٰى عَلَيْهَا نَحْوَ صَلَاتِهِ عَلَى الرَّجُلِ ثُمَّ جَلَسَ فَقَالَ

نافع ابو غالب کا بیان ہے کہ میں سکہ مربد میں تھا کہ ایک جنازہ گزرا جس کے ساتھ بڑا مجمع تھا۔ لوگوں نے کہا کہ حضرت عبداللہ بن عمیر کا جنازہ ہے۔ پس میں پیچھے ہو لیا تو ایک شخص کو دیکھا جس نے پتلا سا کمبل اوڑھا ہوا تھا، ٹٹو پر سوار تھا اور دھوپ سے بچنے کے لیے سر پر کپڑا ڈالا ہوا تھا۔ میں نے کہا کہ یہ دیہاتی کون ہے؟ لوگوں نے کہا کہ حضرت انس بن مالک ہیں۔ جب جنازہ رکھا گیا تو حضرت انس کھڑے ہوئے، ان پر نماز پڑھائی میں ان کے پیچھے تھا جبکہ میرے اور ان کے درمیان کچھ نہ تھا پس وہ ان کے سر کے قریب کھڑے ہوئے اور چار تکبیریں کہیں۔ نہ دیر کی اور نہ جلدی کی۔ پھر بیٹھنے کے لیے جانے لگے تو لوگوں نے کہا۔ اے ابو حمزہ! یہ انصاریہ کا جنازہ ہے۔ یہ سبز تابوت کے نزدیک ہوئے اور کولہے کے پاس کھڑے ہو کر اس کی نماز جنازہ پڑھائی آدمی کی طرح پھر بیٹھ گئے۔ علاء بن زیاد نے کہا کہ اے ابو حمزہ!

www.sirat-e-mustaqeem.com

الْعَلَاءُ بْنُ زِيَادٍ يَا أَبَا حَمْزَةَ هٰكَذَا كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي عَلَى الْجَنَازَةِ كَصَلَاتِكَ يُكَبِّرُ عَلَيْهَا أَرْبَعًا وَيَقُومُ عِنْدَ رَأْسِ الرَّجُلِ وَعَجِيزَةِ الْمَرْأَةِ قَالَ نَعَمْ قَالَ يَا أَبَا حَمْزَةَ غَزَوْتَ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ نَعَمْ غَزَوْتُ مَعَهُ حُنَيْنًا فَخَرَجَ الْمُشْرِكُونَ فَحَمَلُوا عَلَيْنَا حَتّٰى رَأَيْنَا خَيْلَنَا وَرَاءَ ظُهُورِنَا وَفِي الْقَوْمِ رَجُلٌ يَحْمِلُ عَلَيْنَا فَيَدُقُّنَا وَيَحْطِمُنَا فَهَزَمَهُمُ اللّٰهُ وَجَعَلَ يُجَاءُ بِهِمْ فَيُبَايِعُونَهُ عَلَى الْإِسْلَامِ وَقَالَ رَجُلٌ مِنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ عَلَيَّ نَذْرًا إِنْ جَاءَ اللّٰهُ بِالرَّجُلِ الَّذِي كَانَ مُنْذُ الْيَوْمِ يَحْطِمُنَا لَأَضْرِبَنَّ عُنُقَهُ فَسَكَتَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَجِيءَ بِالرَّجُلِ فَلَمَّا رَأَى رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ تُبْتُ إِلَى اللّٰهِ فَأَمْسَكَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يُبَايِعُهُ لِيَفِيَ الْآخَرُ بِنَذْرِهِ وَجَعَلَ يَهَابُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يَقْتُلَهُ فَلَمَّا رَأَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ لَا يَصْنَعُ شَيْئًا بَايَعَهُ فَقَالَ الرَّجُلُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ نَذْرِي قَالَ إِنِّي لَمْ أُمْسِكْ عَنْهُ مُنْذُ الْيَوْمِ إِلَّا لِتُوفِيَ بِنَذْرِكَ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ أَلَا أَوْمَضْتَ إِلَيَّ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّهُ لَيْسَ لِنَبِيٍّ أَنْ يُومِضَ قَالَ أَبُو غَالِبٍ فَسَأَلْتُ عَنْ صَنِيعِ أَنَسٍ فِي قِيَامِهِ عَلَى الْمَرْأَةِ عِنْدَ عَجِيزَتِهَا فَحَدَّثُونِي أَنَّهُ إِنَّمَا كَانَ لِأَنَّهُ لَمْ تَكُنِ النُّعُوشُ فَكَانَ الْإِمَامُ يَقُومُ حِيَالَ عَجِيزَتِهَا يَسْتُرُهَا مِنَ الْقَوْمِ۔

کیا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نماز جنازہ اسی طرح پڑھایا کرتے تھے جیسے آپ نے پڑھائی کہ چار تکبیریں کہیں اور آدمی کے سر کے پاس کھڑے ہوئے اور عورت کے کولہے کے پاس؟ فرمایا ہاں۔ عرض کی کہ اے ابوحمزہ! کیا آپ نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی معیت میں جہاد کیا؟ فرمایا ہاں میں نے آپ کے ساتھ غزوہ حنین کیا۔ مشرک نکلے اور ہم پر حملہ آور ہوئے یہاں تک کہ ہمارے گھوڑے ہمارے پس پشت چلے گئے۔ ان میں ایک آدمی ایسا تھا جو ہمیں زخمی کرتا اور دھکیلتا جا رہا تھا۔ پس اللہ تعالیٰ نے انہیں شکست دی اور وہ حاضر خدمت ہو کر اسلام پر بیعت کرنے لگے۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اصحاب میں سے ایک نے کہا کہ مجھ پر ایک نذر ہے کہ اگر اللہ تعالیٰ اس شخص کو لے آئے جو ہمیں زخمی کرتا تھا تو میں اس کی گردن اڑا دوں۔ پس رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم خاموش ہو گئے۔ وہ کافر آگیا۔ جب اس نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو دیکھا تو عرض گزار ہوا۔ یا رسول اللہ! میں اللہ کی طرف تائب ہوتا ہوں۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اسے بیعت کرنے سے رکے رہے تاکہ صحابی اپنی نذر پوری کرے اور وہ اس انتظار میں رہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم قتل کرنے کا مجھے حکم فرمائیں گے جب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے دیکھا کہ صحابی نے کچھ نہیں کیا تو اسے بیعت کر لیا۔ صحابی عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ میری نذر؟ فرمایا کہ اتنی دیر میں اسی لیے تو رکا رہا تھا کہ تم اپنی نذر پوری کر لو۔ عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ! آپ نے مجھے اشارہ کیوں نہ فرمایا؟ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اشارہ کرنا نبی کے شایان شان نہیں۔ ابوغالب کا بیان ہے کہ میں نے حضرت انس کے ساتھیوں سے عورت کے کولہے کے نزدیک کھڑے ہونے کے متعلق پوچھا تو انہوں نے بتایا، یہ اس لیے ہے کہ پہلے تابوت نہ تھے تو امام عورت کے کولہے کے پاس کھڑا ہوتا تاکہ عورت لوگوں سے چھپ جائے۔

www.sirat-e-mustaqeem.com

۱۴۱۸- حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ قَالَ نَا حُسَيْنٌ الْمُعَلِّمُ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بُرَيْدَةَ عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ قَالَ صَلَّيْتُ وَرَاءَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى امْرَأَةٍ مَاتَتْ فِي نِفَاسِهَا فَقَامَ عَلَيْهَا لِلصَّلٰوةِ وَسَطَهَا۔

عبداللہ بن بریدہ سے روایت ہے کہ حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ نے فرمایا۔ میں نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پیچھے ایسی عورت کی نماز جنازہ پڑھی جو حالت نفاس میں فوت ہو گئی تھی تو آپ اس کی نماز جنازہ پڑھانے کے لیے اس کے درمیان میں کھڑے ہوئے۔

بَابُ ۵۹۸ التَّكْبِيرِ عَلَى الْجَنَازَةِ۔

نماز جنازہ کی تکبیریں

۱۴۱۹- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ قَالَ نَا ابْنُ إِدْرِيسَ قَالَ سَمِعْتُ أَبَا إِسْحٰقَ عَنِ الشَّعْبِيِّ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّ بِقَبْرٍ رَطْبٍ فَصَفُّوا عَلَيْهِ وَكَبَّرَ عَلَيْهِ أَرْبَعًا فَقُلْتُ لِلشَّعْبِيِّ مَنْ حَدَّثَكَ قَالَ الثِّقَةُ مَنْ شَهِدَهُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبَّاسٍ۔

ابو اسحٰق نے شعبی سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ایک تازہ قبر کے پاس سے گزرے تو اس پر صفیں بنوائیں اور چار تکبیریں کہیں۔ میں نے شعبی سے کہا کہ آپ سے کس نے حدیث بیان کی؟ فرمایا کہ ایسے ثقہ آدمی نے جس کی حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے شہادت دی ہے:

۱۴۲۰- حَدَّثَنَا أَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ نَا شُعْبَةُ ح وَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى نَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ عَنِ ابْنِ أَبِي لَيْلٰى قَالَ كَانَ زَيْدٌ يَعْنِي ابْنَ أَرْقَمَ يُكَبِّرُ عَلَى جَنَائِزِنَا أَرْبَعًا وَأَنَّهُ كَبَّرَ عَلَى جَنَازَةٍ خَمْسًا فَسَأَلْتُهُ فَقَالَ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُكَبِّرُهَا قَالَ أَبُو دَاوُدَ وَأَنَا لِحَدِيثِ ابْنِ الْمُثَنّٰى أَتْقَنُ۔

ابوالولید طیالسی، شعبہ۔ محمد بن مثنیٰ، محمد بن جعفر، شعبہ عمرو بن مرہ، ابن ابی لیلیٰ سے روایت ہے کہ حضرت زید بن ارقم رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہمارے جنازوں پر چار تکبیریں کہا کرتے تھے اور ایک جنازے پر انہوں نے پانچ تکبیریں کہیں ان سے پوچھا تو فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اسی طرح تکبیریں کہا کرتے تھے۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ مجھے ابن مثنیٰ کی حدیث نسبتاً یاد ہے۔

بَابُ ۵۹۹ مَا يَقْرَأُ عَلَى الْجَنَازَةِ۔

جنازے پر کیا پڑھے

۱۴۲۱- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ أَنَا سُفْيَانُ عَنْ سَعْدِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ طَلْحَةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ عَوْفٍ قَالَ صَلَّيْتُ مَعَ ابْنِ عَبَّاسٍ عَلَى جَنَازَةٍ فَقَرَأَ بِفَاتِحَةِ الْكِتَابِ فَقَالَ إِنَّهَا مِنَ السُّنَّةِ۔

طلحہ بن عبید اللہ بن عوف کا بیان ہے کہ میں نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے ساتھ نماز جنازہ پڑھی تو انہوں نے سورۂ فاتحہ بھی پڑھی اور فرمایا کہ یہ سنت ہے۔

ف۔ دیگر احادیث کی رو سے نماز جنازہ میں سورۂ فاتحہ کا پڑھنا مسنون نہیں ہے بلکہ تکبیر اولیٰ کے بعد ثنا پڑھی جاتی ہے۔ دوسری تکبیر کے بعد درود، تیسری تکبیر کے بعد میت کے لئے دعا اور چوتھی تکبیر کے بعد سلام پھیر دیا جاتا ہے۔ ہاں اگر بطور دعا سورۂ فاتحہ پڑھ لی جائے تو کوئی مضائقہ بھی نہیں ہے لیکن نماز جنازہ میں اس سورت کا پڑھنا ضروری نہیں ہے واللہ تعالیٰ اعلم۔

بَابُ الدُّعَاءِ لِلْمَيِّتِ۔

میت کے لیے دعا کرنا

۱۴۲۲ – حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ يَحْيَى الْحَرَّانِيُّ حَدَّثَنِي مُحَمَّدٌ يَعْنِي ابْنَ سَلَمَةَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَقَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِي سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ إِذَا صَلَّيْتُمْ عَلَى الْمَيِّتِ فَأَخْلِصُوا لَهُ الدُّعَاءَ۔

عبدالعزیز بن یحییٰ حرانی، محمد ابن سلمہ، محمد بن اسحٰق، محمد بن ابراہیم، ابوسلمہ بن عبدالرحمٰن، حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ جب تم میت پر نماز جنازہ پڑھو تو خلوص دل سے اس کے لیے دعا کرو۔

۱۴۲۳ – حَدَّثَنَا أَبُو مَعْمَرٍ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو نَا عَبْدُ الْوَارِثِ نَا أَبُو الْجُلَاسِ عُقْبَةُ بْنُ سَيَّارٍ حَدَّثَنِي عَلِيُّ بْنُ شَمَّاخٍ قَالَ شَهِدْتُ مَرْوَانَ سَأَلَ أَبَا هُرَيْرَةَ كَيْفَ سَمِعْتَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي عَلَى الْجَنَازَةِ قَالَ أَمَعَ الَّذِي قُلْتَ قَالَ نَعَمْ قَالَ كَلَامٌ كَانَ بَيْنَهُمَا قَبْلَ ذٰلِكَ قَالَ أَبُو هُرَيْرَةَ اللّٰهُمَّ أَنْتَ رَبُّهَا وَأَنْتَ خَلَقْتَهَا وَأَنْتَ هَدَيْتَهَا لِلْإِسْلَامِ وَأَنْتَ قَبَضْتَ رُوحَهَا وَأَنْتَ أَعْلَمُ بِسِرِّهَا وَعَلَانِيَتِهَا جِئْنَا شُفَعَاءَ فَاغْفِرْ لَهَا۔

علی بن شماخ کا بیان ہے کہ مروان بن حکم نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے دریافت کیا کہ آپ نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو جنازے پر کیسے نماز پڑھتے ہوئے سنا؟ فرمایا کہ کیا اس کے باوجود جو آپ نے کہا؟ کہا ہاں۔ راوی کا بیان ہے کہ اس سے پہلے دونوں میں تلخ کلامی ہو گئی تھی۔ حضرت ابوہریرہ نے بتایا: "اے اللہ! تو اس کا رب ہے اور تو نے اسے پیدا کیا اور تو نے اسے اسلام کی ہدایت دی اور تو نے اس کی روح قبض فرمائی اور تو اس کے چھپے اور ظاہر کاموں کو بہتر جانتا ہے ہم اس کی شفاعت کے لیے حاضر ہوئے ہیں لہٰذا اس کو بخش دے۔

۱۴۲۴ – حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ مَرْوَانَ الرَّقِّيُّ نَا شُعَيْبٌ يَعْنِي ابْنَ إِسْحٰقَ عَنِ الْأَوْزَاعِيِّ عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي كَثِيرٍ عَنْ أَبِي سَلَمَةَ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ صَلَّى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى جَنَازَةٍ فَقَالَ اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِحَيِّنَا وَمَيِّتِنَا وَصَغِيرِنَا وَكَبِيرِنَا وَذَكَرِنَا وَأُنْثَانَا وَشَاهِدِنَا وَغَائِبِنَا اللّٰهُمَّ مَنْ أَحْيَيْتَهُ مِنَّا فَأَحْيِهِ عَلَى الْإِيمَانِ وَمَنْ تَوَفَّيْتَهُ مِنَّا فَتَوَفَّهُ عَلَى الْإِسْلَامِ اللّٰهُمَّ لَا تَحْرِمْنَا أَجْرَهُ وَلَا تُضِلَّنَا بَعْدَهُ۔

یحییٰ بن ابوکثیر نے ابوسلمہ سے روایت کی ہے کہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک جنازے پر نماز پڑھی تو دعا مانگتے ہوئے کہا۔ اے اللہ! بخش دے جو ہم میں سے زندہ ہیں اور جو وفات پا چکے اور جو چھوٹے ہیں اور جو عمر میں بڑے ہیں اور جو مرد ہیں اور جو عورتیں ہیں اور جو حاضر ہیں اور جو غائب ہیں۔ اے اللہ! جس کو تو ہم میں سے زندہ رکھے تو اسے ایمان پر زندہ رکھنا اور جس کو تو ہم میں سے مارے تو اس کو اسلام پر وفات دینا اے اللہ! ہمیں اس کے اجر سے محروم نہ کرنا اور اس کے بعد ہمیں گمراہ نہ کرنا۔

۱۴۲۵ – حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدِّمَشْقِيُّ نَا الْوَلِيدُ ح وَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُوسَى الرَّازِيُّ أَنَا الْوَلِيدُ وَحَدِيثُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ أَتَمُّ

عبدالرحمٰن بن ابراہیم دمشقی، ولید، ابراہیم بن موسیٰ رازی، ولید، (عبدالرحمٰن کی حدیث زیادہ مکمل ہے) مروان بن جناح، یونس بن میسرہ بن حلبس نے روایت ہے کہ حضرت

www.sirat-e-mustaqeem.com

قَالَ نَا مَرْوَانُ بْنُ جَنَاحٍ عَنْ يُونُسَ بْنِ مَيْسَرَةَ ابْنِ حَلْبَسٍ عَنْ وَاثِلَةَ بْنِ الْأَسْقَعِ قَالَ صَلَّى بِنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى رَجُلٍ مِنَ الْمُسْلِمِينَ فَسَمِعْتُهُ يَقُولُ اللّٰهُمَّ إِنَّ فُلَانَ بْنَ فُلَانٍ فِي ذِمَّتِكَ فَقِهِ فِتْنَةَ الْقَبْرِ قَالَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ فِي ذِمَّتِكَ وَحَبْلِ جِوَارِكَ فَقِهِ مِنْ فِتْنَةِ الْقَبْرِ وَعَذَابِ النَّارِ وَأَنْتَ أَهْلُ الْوَفَاءِ وَالْحَقِّ **اللّٰهُمَّ فَاغْفِرْ لَهُ وَارْحَمْهُ** إِنَّكَ أَنْتَ الْغَفُورُ الرَّحِيمُ قَالَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ عَنْ مَرْوَانَ بْنِ جَنَاحٍ۔

باب ٦٠١ الصَّلَاةِ عَلَى الْقَبْرِ۔

١٤٢٦۔ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ وَمُسَدَّدٌ قَالَا حَدَّثَنَا حَمَّادٌ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ أَبِي رَافِعٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ امْرَأَةً سَوْدَاءَ أَوْ رَجُلًا كَانَ يَقُمُّ الْمَسْجِدَ فَفَقَدَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَأَلَ عَنْهُ فَقِيلَ مَاتَ فَقَالَ أَلَا آذَنْتُمُونِي بِهِ قَالَ دُلُّونِي عَلَى قَبْرِهِ فَدَلُّوهُ فَصَلَّى عَلَيْهِ۔

باب ٦٠٢ الصَّلَاةِ عَلَى الْمُسْلِمِ يَمُوتُ فِي بِلَادِ الشِّرْكِ۔

١٤٢٧۔ حَدَّثَنَا الْقَعْنَبِيُّ قَالَ قَرَأْتُ عَلَى مَالِكِ بْنِ أَنَسٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَعَى لِلنَّاسِ النَّجَاشِيَّ فِي الْيَوْمِ الَّذِي مَاتَ فِيهِ وَخَرَجَ بِهِمْ إِلَى الْمُصَلَّى فَصَفَّ بِهِمْ وَكَبَّرَ أَرْبَعَ تَكْبِيرَاتٍ۔

١٤٢٨۔ حَدَّثَنَا عَبَّادُ بْنُ مُوسَى نَا إِسْمَاعِيلُ يَعْنِي ابْنَ جَعْفَرٍ عَنْ إِسْرَائِيلَ عَنْ أَبِي إِسْحٰقَ عَنْ أَبِي بُرْدَةَ عَنْ أَبِيهِ قَالَ أَمَرَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ نَنْطَلِقَ إِلَى أَرْضِ

واثلہ بن اسقع رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مسلمانوں میں سے ایک کی میت پر ہمیں نماز پڑھائی۔ پس میں نے آپ کو دعا مانگتے ہوئے سنا۔ اے اللہ فلاں بن فلاں تیرے سپرد ہے پس اسے قبر کی آزمائش سے بچانا۔ عبدالرحمٰن نے کہا تیرے سپرد ہے اور تیری رحمت کا سہارا لیتا ہے۔ لہٰذا اسے قبر کی آزمائش اور دوزخ کے عذاب سے بچانا تو وفا اور حق والا ہے۔ اے اللہ! اس کو **بخش دے اور اس پر رحم فرما کیونکہ بیشک تو بخشنے والا مہربان** ہے۔ عبدالرحمٰن نے مروان بن جناح سے روایت کی ہے۔

قبر پر نماز جنازہ پڑھنا

ابو رافع نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ ایک کالے رنگ کی عورت یا مرد مسجد میں جھاڑو دیا کرتا تھا۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے جب اسے نہ دیکھا تو اس کے متعلق پوچھا۔ عرض کی گئی کہ وہ فوت ہو گیا۔ فرمایا تم نے مجھے بتایا کیوں نہیں؟ پھر فرمایا کہ مجھے اس کی قبر بتاؤ۔ لوگوں نے وہ بتا دی تو آپ نے اس پر نماز جنازہ پڑھی۔

مشرکوں کے شہر میں مرنے والے مسلمان کی نماز جنازہ

سعید بن مسیب نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے نجاشی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے انتقال کی اسی روز لوگوں کو خبر دے دی جس روز انہوں نے وفات پائی تھی اور آپ لوگوں کو لے کر ان کی نماز جنازہ کے لیے نکلے پس لوگ بستہ ہوئے اور آپ نے ان پر چار تکبیریں کہیں۔

ابو بردہ سے روایت ہے کہ ان کے والد ماجد حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ ہمیں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے نجاشی کے ملک میں چلے جانے کا حکم فرمایا۔ پھر مذکورہ حدیث بیان کی۔ نجاشی نے کہا۔ میں گواہی

www.sirat-e-mustaqeem.com

النَّجَاشِيِّ فَذَكَرَ حَدِيثَهُ قَالَ النَّجَاشِيُّ أَشْهَدُ أَنَّهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَنَّهُ الَّذِي بَشَّرَ بِهِ عِيسَى بْنُ مَرْيَمَ وَلَوْلَا مَا أَنَا فِيهِ مِنَ الْمُلْكِ لَأَتَيْتُهُ حَتَّى أَحْمِلَ نَعْلَيْهِ۔

دیتا ہوں کہ محمد مصطفےٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اللہ تعالیٰ کے رسول ہیں جن کی حضرت عیسیٰ بن مریم نے بشارت دی تھی اگر میں اپنی ملکی ذمہ داری میں پھنسا ہوا نہ ہوتا تو بارگاہ رسالت میں حاضر ہو کر ان کی نعلین مبارک اٹھانے کی سعادت حاصل کیا کرتا۔

ف۔ حبشہ کے بادشاہ نجاشی کا اسلام قبول کرنا مسلمانوں کے لئے بڑی تقویت کا باعث ہوا کہ ایسے نازک وقت میں بعض مسلمانوں کو محفوظ پناہ گاہ مل گئی۔ کتنے مسلمان مرد و عورت حبشہ کی جانب ہجرت کر کے گئے تھے ان کی تعداد میں اختلاف ہے ایک قول کے مطابق ہجرت کرنے والے گیارہ مرد تھے۔ دوسرے قول کے مطابق بارہ مرد اور چار عورتیں تھیں تیسرے قول کے مطابق عورتیں پانچ تھیں بہرحال ان میں سب سے پہلے حضرت عثمان ذی النورین رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ہجرت کی جن کے ساتھ ان کی اہلیہ محترمہ یعنی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی صاحبزادی حضرت رقیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا تھیں فرمانِ رسالت ہے کہ حضرت لوط علیہ السلام کے بعد عثمان پہلے شخص ہیں جنہوں نے اپنی اہلیہ کے ساتھ ہجرت کی ہے۔ یہ ہجرت اعلان نبوت کے پانچویں سال ماہ رجب میں ہوئی۔ نجاشی اصحمہ نے مہاجرین کی خوب خاطر مدارات کی اور قریش کا جو وفد مسلمانوں کو اپنی تحویل میں لینے کی غرض سے گیا تھا اسے ناکام و نامراد واپس کیا۔ نجاشی اصحمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حبشہ میں حضرت ام حبیبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے بیوہ ہو جانے پر ان کا نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ نکاح کر دیا اور مہر اپنے پاس سے ادا کیا۔ رحمت دوعالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں تحائف بھیجے۔ شاہ حبشہ نے عقیدت مندی و جانثاری کا پوری طرح حق ادا کیا تو سرورِ کون و مکان صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے نجاشی کے وفات پانے پر صحابۂ کرام کو ساتھ لے کر ان کی غائبانہ نماز جنازہ پڑھی جو ایک طرف آپ کے خصائص سے ہے اور دوسری جانب آقائی کی نادر مثال ہے کہ شفقت اور تعلق خاطر کی ایک تاریخی مثال قائم کر دی۔ ان کی نگاہِ کرم کا محتاج کون نہیں ہے؟ خدا کرے کہ اس عصیاں شعار پر بھی رحمتِ دوعالم کا خاص لطف و کرم ہو جائے آمین۔

باب ۶۰ فِي جَمْعِ الْمَوْتَى فِي قَبْرٍ وَالْقَبْرُ يُعَلَّمُ

ایک قبر میں کئی آدمی دفن کرنا اور قبر پر نشانی لگانا

۱۴۲۹۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ نَجْدَةَ نَا سَعِيدُ بْنُ سَالِمٍ وَنَا يَحْيَى ابْنُ الْفَضْلِ السِّجِسْتَانِيُّ نَا حَاتِمٌ يَعْنِي ابْنَ إِسْمَعِيلَ بِمَعْنَاهُ عَنْ كَثِيرِ بْنِ زَيْدٍ الْمَدَنِيِّ عَنِ الْمُطَّلِبِ قَالَ لَمَّا مَاتَ عُثْمَانُ بْنُ مَظْعُونٍ أُخْرِجَ بِجَنَازَتِهِ فَدُفِنَ فَأَمَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلًا أَنْ يَأْتِيَهُ بِحَجَرٍ فَلَمْ يَسْتَطِعْ حَمْلَهُ فَقَامَ إِلَيْهَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَحَسَرَ عَنْ ذِرَاعَيْهِ قَالَ كَثِيرٌ قَالَ الْمُطَّلِبُ قَالَ

عبد الوہاب بن نجدہ، سعید بن سالم، یحییٰ بن فضل سجستانی، حاتم بن اسمٰعیل، کثیر بن زید مدنی سے روایت ہے کہ حضرت مطلب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ جب حضرت عثمان بن مظعون نے وفات پائی تو ان کا جنازہ دفن کرنے کے لیے نکالا گیا پس نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک آدمی کو ایک پتھر لانے کا حکم فرمایا وہ اسے اٹھا نہ سکا تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بھی اس کے پاس تشریف لے گئے اور آستینیں چڑھانے لگے۔ کثیر کا بیان ہے کہ مطلب نے فرمایا۔ جنہوں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے مجھے یہ حدیث بتائی

www.sirat-e-mustaqeem.com

الَّذِي يُخْبِرُنِي ذٰلِكَ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ كَأَنِّي أَنْظُرُ إِلَى بَيَاضِ ذِرَاعَيْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَ حَسَرَ عَنْهُمَا ثُمَّ حَمَلَهَا فَوَضَعَهَا عِنْدَ رَأْسِهِ وَقَالَ أَتَعَلَّمُ بِهَا قَبْرَ أَخِي وَأَدْفِنُ إِلَيْهِ مَنْ مَاتَ مِنْ أَهْلِي۔

انھوں نے فرمایا۔ گویا میں اب بھی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی مبارک کلائیوں کی سفیدی دیکھ رہا ہوں جبکہ آپ نے آستینیں چڑھائیں۔ پھر آپ نے اس پتھر کو اٹھایا اور ان کے سر کے پاس رکھ دیا۔ اور آپ نے فرمایا اسے قبر! تو جانتی ہے کہ یہ میرا بھائی ہے اور میرے گھر والوں میں سے جو فوت ہوگا اسے ان کے پاس دفن کروں گا۔

www.sirat-e-mustaqeem.com

پارہ ـــــــ ۲۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے۔

بَابُ ۶۰۴ فِي الْحَفَّارِ يَجِدُ الْعَظْمَ هَلْ يَتَنَكَّبُ ذٰلِكَ الْمَكَانَ۔

۱۴۳۰۔ حَدَّثَنَا الْقَعْنَبِيُّ نَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنْ سَعْدٍ يَعْنِي ابْنَ سَعِيْدٍ عَنْ عُمْرَةَ بِنْتِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ كَسْرُ عَظْمِ الْمَيِّتِ كَكَسْرِهٖ حَيًّا۔

گورکن مردے کی ہڈی پائے تو کیا اس جگہ قبر نہ کھودے

عمرہ بنت عبدالرحمان نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ کسی مردے کی ہڈی توڑنا ایسا ہے جیسے کسی زندہ آدمی کی ہڈی توڑی جائے۔

بَابُ ۶۰۵ فِي اللَّحْدِ۔

۱۴۳۱۔ حَدَّثَنَا اِسْحٰقُ بْنُ اِسْمٰعِيْلَ نَا حَكَّامُ بْنُ سَلْمٍ عَنْ عَلِيِّ بْنِ عَبْدِ الْاَعْلٰى عَنْ اَبِيْهِ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اللَّحْدُ لَنَا وَالشَّقُّ لِغَيْرِنَا۔

لحد کا بیان

اسحاق بن اسمٰعیل، حکام ابن سلم، علی بن عبدالاعلیٰ، اُن کے والد ماجد، سعید بن جبیر نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ ہمارے لیے لحد ہے اور ہمارے سوا دوسرے لوگوں کے لیے شق ہے۔

بَابُ ۶۰۶ كَمْ يَدْخُلُ الْقَبْرَ۔

۱۴۳۲۔ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يُوْنُسَ نَا زُهَيْرٌ نَا اِسْمٰعِيْلُ بْنُ اَبِيْ خَالِدٍ عَنْ عَامِرٍ قَالَ غَسَّلَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلِيٌّ وَالْفَضْلُ وَاُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ وَهُمْ اَدْخَلُوْهُ قَبْرَهٗ وَقَالَ وَحَدَّثَنِيْ مَرْحَبٌ اَوِ ابْنُ اَبِيْ مَرْحَبٍ اَنَّهُمْ اَدْخَلُوْا مَعَهُمْ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ عَوْفٍ فَلَمَّا فَرَغَ عَلِيٌّ قَالَ اِنَّمَا يَلِي الرَّجُلَ اَهْلُهٗ۔

کتنے آدمی قبر میں داخل ہوں

اسمٰعیل بن ابو خالد نے عامر سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو حضرت علی، حضرت فضل اور حضرت اسامہ بن زید نے غسل دیا اور یہی آپ کی قبر انور میں داخل ہوئے۔ راوی کا بیان ہے کہ مجھ سے مرحب یا ابن ابو مرحب نے حدیث بیان کی کہ یہ داخل ہوئے اور ان کے ساتھ حضرت عبدالرحمٰن بن عوف بھی۔ جب فارغ ہوئے تو حضرت علی نے فرمایا۔ ہر آدمی سے قریب اس کے گھر والے ہیں۔

۱۴۳۳۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الصَّبَّاحِ بْنِ سُفْيَانَ اَنَا سُفْيَانُ عَنِ ابْنِ اَبِيْ خَالِدٍ عَنْ

محمد بن صباح بن سفیان، سفیان، ابن ابو خالد، شعبی نے ابو مرحب سے روایت کی ہے کہ حضرت عبدالرحمٰن بن عوف بھی

www.sirat-e-mustaqeem.com

الشَّعْبِيِّ عَنْ أَبِي مَرْحَبٍ أَنَّ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ عَوْفٍ نَزَلَ فِي قَبْرِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ كَأَنِّي أَنْظُرُ إِلَيْهِمْ أَرْبَعَةً۔

نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی قبرِ اطہر میں اُترے تھے۔ راوی کا بیان ہے کہ گویا میں اُن چاروں حضرات کو دیکھ رہا ہوں۔ ف

ف۔ جس طرح حضرت ابو مرحب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اس حدیث میں فرمایا: كَأَنِّي أَنْظُرُ إِلَيْهِمْ أَرْبَعَةً۔ گویا میں اب بھی اُن چاروں حضرات کو دیکھ رہا ہوں، اسی طرح احادیثِ مطہرہ میں متعدد واقعات آئے ہیں۔ جن میں کئی صحابۂ کرام نے فرمایا کہ گویا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم وسلم کی فلاں ادا یا خوبی کو اب بھی دیکھ رہا ہوں۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ صحابۂ کرام جہاں نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی پیروی میں اپنی مثال آپ تھے وہاں انہیں آپ کی ذاتِ مقدسہ سے بے پناہ محبت تھی اور وہ حضرات گویا آپ پر پروانہ وار نثار تھے، جس کے باعث انہوں نے وہ مقام پایا جو دوسرے لوگوں کو سعیٔ بسیار سے بھی حاصل نہیں ہو سکتا۔ معلوم ہوا کہ انسانوں کی سربلندی کا راز نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ سچی محبت رکھتے ہوئے آپ کی پیروی کرنے میں مضمر ہے۔ اسی لیے پروردگارِ عالم نے فرمایا ہے:۔

قُلْ إِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّونَ اللّٰهَ فَاتَّبِعُونِي يُحْبِبْكُمُ اللّٰهُ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوبَكُمْ وَاللّٰهُ غَفُورٌ رَّحِيمٌ ۝ (۳ : ۳۱)

اے محبوب! تم فرما دو، لوگو اگر تم اللہ کو دوست رکھتے ہو تو میرے فرمانبردار ہو جاؤ، اللہ تمہیں دوست رکھے گا اور تمہارے گناہ بخش دے گا اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔

اللہ تعالیٰ اسی شخص سے محبت کرتا ہے جو اُس کے محبوب کی پیروی کرے، اُسی کے گناہ معاف فرماتا ہے اور مغفرت و رحمت سے اُسی کو نوازتا ہے جو محمد مصطفےٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی پیروی کرے۔ پیروی کے لیے شرط ہے کہ آپ پر ایمان لایا ہو، تمام انسانوں سے زیادہ آپ کی محبت دل میں رکھتا ہو اور ساری مخلوق سے زیادہ آپ کی تعظیم و توقیر کرتا ہو۔ اگر کوئی گستاخِ رسول یا کفر و شرک کرنے والا آپ کی ظاہری پیروی کرتا ہوا بھی نظر آئے تو وہ بالکل اُسی طرح ہے جیسے کوئی غیر مسلم نماز پڑھتا ہے یا روزے رکھتا ہو۔ اللہ تعالیٰ ہمیں اپنے محبوب کی سچی محبت اور اتباع نصیب فرمائے، آمین۔

بَابُ ۶۰۷ كَيْفَ يُدْخَلُ الْمَيِّتُ قَبْرَهُ۔

میت کو قبر میں کس طرح داخل کرنا چاہیے

۱۴۳۴۔ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُعَاذٍ نَا أَبِي نَا شُعْبَةُ عَنْ أَبِي إِسْحٰقَ قَالَ أَوْصَى الْحَارِثُ أَنْ يُصَلِّيَ عَلَيْهِ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَزِيدَ فَصَلَّى عَلَيْهِ ثُمَّ أَدْخَلَهُ الْقَبْرَ مِنْ قِبَلِ رِجْلَيِ الْقَبْرِ وَقَالَ هٰذَا مِنَ السُّنَّةِ۔

شعبہ سے روایت ہے کہ ابن اسحاق نے فرمایا، حارث نے وصیت کی کہ اُن کے جنازے کی نماز عبد اللہ بن یزید پڑھائیں پس اُنہوں نے نماز پڑھائی۔ پھر پیروں کی جانب سے ان کو قبر میں داخل کیا اور فرمایا کہ سنت یہی ہے۔

بَابُ ۶۰۸ كَيْفَ يَجْلِسُ عِنْدَ الْقَبْرِ۔

قبر کے پاس کس طرح بیٹھے؟

۱۴۳۵۔ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ نَا جَرِيرٌ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنِ الْمِنْهَالِ بْنِ عَمْرٍو عَنْ زَاذَانَ عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ قَالَ خَرَجْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي جَنَازَةِ

منہال بن عمرو نے زاذان سے روایت کی ہے کہ حضرت براء بن عازب رضی اللہ تعالیٰ نے فرمایا، ہم رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ انصار کے ایک آدمی کے جنازے پر نکلے۔ جب ہم قبر کے پاس پہنچے تو لحد ابھی کھودی نہیں گئی تھی۔

www.sirat-e-mustaqeem.com

رَجُلٍ مِنَ الْاَنْصَارِ فَانْتَهَيْنَا اِلَى الْقَبْرِ وَلَمْ يُلْحَدْ بَعْدُ فَجَلَسَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُسْتَقْبِلَ الْقِبْلَةِ وَجَلَسْنَا مَعَهُ۔

پس نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم قبلے کی جانب بیٹھ گئے اور آپ کے ساتھ ہم بھی بیٹھ گئے۔

بَابٌ فِي الدُّعَاءِ لِلْمَيِّتِ اِذَا وُضِعَ فِي قَبْرِهِ۔

قبر میں رکھتے وقت میت کیلئے کیا دعا مانگے؟

۱۴۳۶۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيْرٍ قَالَ اَنَا ح وَحَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ نَا هَمَّامٌ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَبِي الصِّدِّيْقِ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا وُضِعَ الْمَيِّتُ فِي الْقَبْرِ قَالَ بِسْمِ اللّٰهِ وَعَلٰى سُنَّةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هٰذَا لَفْظُ مُسْلِمٍ۔

محمد بن کثیر، مسلم بن ابراہیم، ہمام، قتادہ، ابو الصدیق نے حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب میت کو قبر میں رکھتے تو فرماتے: اللہ کے نام کے ساتھ اور رسول اللہ کی سنت کے مطابق۔ یہ الفاظ حدیث مسلم بن ابراہیم کے ہیں۔

بَابُ الرَّجُلِ يَمُوْتُ لَهُ قَرَابَةٌ مُشْرِكٌ۔

جس کا قرابت دار مشرک مرجائے

۱۴۳۷۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا يَحْيٰى عَنْ سُفْيَانَ حَدَّثَنِيْ اَبُوْ اِسْحٰقَ عَنْ نَاجِيَةَ بْنِ كَعْبٍ عَنْ عَلِيٍّ قَالَ قُلْتُ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ عَمَّكَ الشَّيْخَ الضَّالَّ قَدْ مَاتَ قَالَ اذْهَبْ فَوَارِ اَبَاكَ ثُمَّ لَا تُحْدِثَنَّ شَيْئًا حَتّٰى تَاْتِيَنِيْ فَذَهَبْتُ فَوَارَيْتُهُ وَجِئْتُهُ فَاَمَرَنِيْ فَاغْتَسَلْتُ وَدَعَا لِيْ۔

ناجیہ بن کعب سے روایت ہے کہ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: میں نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں عرض گزار ہوا کہ آپ کا بوڑھا چچا گمراہی کی حالت میں فوت ہو گیا۔ فرمایا جاؤ اور اپنے والد کو دفن کر آؤ۔ پھر میرے پاس آنے تک کوئی اور کام نہ کرنا۔ پس میں نے جا کر انہیں دفن کیا اور آپ کی خدمت میں حاضر ہو گیا۔ آپ نے مجھے حکم فرمایا کہ میں تو نے غسل کیا اور آپ نے میرے لیے دعا فرمائی۔ ف

ف۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے شفیق چچا ابو طالب کے متعلق اس حدیث اور بعض دیگر احادیث صحیحہ سے بھی یہ صاف واضح ہو رہا ہے کہ انہوں نے آخری دم تک اسلام قبول نہیں کیا تھا۔ اگرچہ کتب تواریخ و سیر میں ان کا رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی حمایت و تعریف کرنا مذکور لیکن قابل اعتماد طریقے سے ایمان لانے اسلام قبول کرنے کا ذکر منقول نہیں۔ بعض حضرات کمزور دلائل کے سہارے ابو طالب کو مومن ثابت کرنے پر زور لگانے میں آج کل معروف نظر آتے ہیں۔ جن کے پتے قطعی دلیل تو کتاب و سنت سے ایک بھی نہیں لیکن محقق کہلانے کی تان اور روافض کو خوش کرنے کی اُٹھان انہیں آرام سے بیٹھنے نہیں دیتی۔ وہ حضرات جو عقیدہ چاہیں رکھ سکتے ہیں۔ لیکن ایک اختلافی مسئلے میں اہل حق کا خلاف کر کے اہلسنت و جماعت میں افتراق و انتشار پیدا کرنا مناسب نہیں۔ گمراہ گروں بدمذہبوں کے مقابلے پر اپنے تحقیقی ذوق کو کام میں لائیں تو ہم خرما و ہم ثواب پائیں۔ یہ کیسا انصاف ہے کہ اکابر خلف و سلف کا منہ چڑائیں اور اپنی تحقیق کی گاڑی چلائیں:۔

میں اس عارفانہ تجاہل کے صدقے!
ہر اک دل کو چھپا مرا دل سمجھ کے

www.sirat-e-mustaqeem.com

چودھویں صدی کے مجدد برحق امام احمد رضا خان بریلوی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی ۱۳۴۰ھ / ۱۹۲۱ء) نے اپنے رسالہ مبارکہ "شرح المطالب فی مبحث ابی طالب" میں تین آیات، پندرہ احادیث اور انسٹھ صحابہ کرام و تابعین عظام و علمائے اعلام کے ایک سو بچاس اقوال سے اس امر کی تحقیق فرمائی ہے کہ نبی آخرالزمان سیدنا محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے چچا ابوطالب آخری وقت تک دولت اسلام و ایمان سے بہرہ ور نہیں ہوئے تھے۔ اس مبارک رسالے میں تفسیر، حدیث، شرح حدیث، فقہ، سیر، عقائد و اصول وغیرہ کی ایک سو تیس کتب سے وہ تحقیق پیش کی ہے کہ منصف مزاج کے لیے ان سے اختلاف کرنے کی گنجائش نہیں رہتی، رہی ضد ہٹ دھرمی اور اختلاف برائے اختلاف کی بات تو کون کسی کا منہ بند کر سکتا ہے۔ اور کس کے قلم پر اس پر نفتی دور میں پہرہ بٹھایا جا سکتا ہے۔ وَاللّٰهُ يَهْدِي مَنْ يَّشَآءُ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ۔

بَابٌ ۶۱۲ فِي تَعْمِيقِ الْقَبْرِ

۱۴۳۸- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ الْقَعْنَبِيُّ أَنَّ سُلَيْمَانَ بْنَ الْمُغِيرَةِ حَدَّثَهُمْ عَنْ حُمَيْدٍ يَعْنِي ابْنَ هِلَالٍ عَنْ هِشَامِ بْنِ عَامِرٍ قَالَ جَاءَتِ الْأَنْصَارُ إِلٰى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ أُحُدٍ فَقَالُوا أَصَابَنَا قَرْحٌ وَجُهْدٌ فَكَيْفَ تَأْمُرُنَا قَالَ احْفِرُوا وَأَوْسِعُوا وَاجْعَلُوا الرَّجُلَيْنِ وَالثَّلَاثَةَ فِي الْقَبْرِ قِيلَ فَأَيُّهُمْ يُقَدَّمُ قَالَ أَكْثَرُهُمْ قُرْآنًا قَالَ أُصِيبَ أَبِي يَوْمَئِذٍ عَامِرٌ بَيْنَ اثْنَيْنِ أَوْ قَالَ وَاحِدٌ۔

قبر کی گہرائی کا بیان

حمید بن ہلال سے روایت ہے کہ حضرت ہشام بن عامر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ غزوۂ اُحد کے روز انصار رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوئے اگرچہ ہم زخمی اور تھکے ماندے ہیں۔ لیکن آپ ہمیں کیا حکم فرماتے ہیں؟ فرمایا کہ قبریں کھود و اور گہری رکھنا اور ایک قبر میں دو تین آدمی رکھنا۔ عرض کی گئی کہ آگے کس کو رکھیں؟ فرمایا جو زیادہ قرآن مجید جانتا ہو۔ راوی (ہشام بن عامر) کا بیان ہے کہ میرے والد ماجد (حضرت عامر) اسی روز شہید ہوئے اور دو یا ایک آدمی کے ساتھ دفن کیے گئے۔

۱۴۳۹- حَدَّثَنَا أَبُو صَالِحٍ يَعْنِي الْأَنْطَاكِيَّ أَنَا أَبُو إِسْحَاقَ الْفَزَارِيُّ عَنِ الثَّوْرِيِّ عَنْ أَيُّوبَ عَنْ حُمَيْدِ بْنِ هِلَالٍ بِإِسْنَادِهِ وَمَعْنَاهُ زَادَ فِيهِ وَأَعْمِقُوا۔

ابو صالح انطاکی، ابو اسحاق، فزاری، ثوری، ایوب نے حمید بن ہلال سے اپنی اسناد کے ساتھ اسے معناً روایت کیا۔ اس میں یہ بھی ہے کہ اسے گہری رکھا کرو۔

۱۴۴۰- حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْمَاعِيلَ نَا جَرِيرٌ نَا حُمَيْدٌ يَعْنِي ابْنَ هِلَالٍ عَنْ سَعْدِ ابْنِ هِشَامِ بْنِ عَامِرٍ بِهٰذَا۔

موسیٰ بن اسمٰعیل، جریر، حمید ابن ہلال نے سعد بن ہشام بن عامر سے اس حدیث کو روایت کیا ہے۔

بَابٌ ۶۱۳ فِي تَسْوِيَةِ الْقَبْرِ

۱۴۴۱- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ أَنَا سُفْيَانُ نَا حَبِيبُ بْنُ أَبِي ثَابِتٍ عَنْ أَبِي وَائِلٍ عَنْ أَبِي هَيَّاجٍ الْأَسَدِيِّ قَالَ بَعَثَنِي عَلِيٌّ قَالَ أَبْعَثُكَ عَلٰى مَا بَعَثَنِي عَلَيْهِ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

قبر کو مساوی کرنا

ابو وائل نے ابو ہیاج اسدی سے روایت کی ہے کہ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے مجھے بھیجتے ہوئے فرمایا۔ میں تمہیں اسی کام کے لیے بھیج رہا ہوں جس کے لیے مجھے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بھیجا تھا کہ میں کسی بلند قبر کو نہ چھوڑوں مگر اسے برابر کر دوں

www.sirat-e-mustaqeem.com

وَسَلَّمَ اَنْ لَا اَدَعَ قَبْرًا مُشْرِفًا اِلَّا سَوَّيْتُهُ وَلَا تِمْثَالًا اِلَّا طَمَسْتُهُ۔

اور کسی تصویر کو نہ چھوڑوں مگر اُسے مٹا دوں۔

۳۲۴۲ - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ السَّرْحِ قَالَ نَا ابْنُ وَهْبٍ حَدَّثَنِي عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ اَنَّ اَبَا عَلِيٍّ الْهَمْدَانِيَّ حَدَّثَهُ قَالَ كُنَّا عِنْدَ فَضَالَةَ بْنِ عُبَيْدٍ بِرُوْدِسَ بِاَرْضِ الرُّوْمِ فَتُوُفِّيَ صَاحِبٌ لَنَا فَاَمَرَ فَضَالَةُ بِقَبْرِهِ فَسُوِّيَ ثُمَّ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَاْمُرُ بِتَسْوِيَتِهَا قَالَ اَبُوْ دَاوُدَ رُوْدِسُ جَزِيْرَةٌ فِي الْبَحْرِ۔

عمرو بن حارث نے ابو علی ہمدانی سے روایت کی ہے کہ ہم سرزمین روم کے جزیرہ بروذس میں حضرت فضالہ بن عبید کے پاس تھے چنانچہ وہاں ہمارے ایک ساتھی کا انتقال ہو گیا تو حضرت فضالہ نے ہمیں قبر کے لیے حکم فرمایا۔ پس وہ برابر کی اور فرمایا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو انہیں برابر رکھنے کا حکم فرماتے ہوئے سنا ہے۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ روذس ایک سمندری جزیرہ ہے (یعنی سمندر میں خشکی کا قطعۂ زمین)

۳۲۴۳ - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ نَا ابْنُ اَبِي فُدَيْكٍ اَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ عُثْمَانَ بْنِ هَانِئٍ عَنِ الْقَاسِمِ قَالَ دَخَلْتُ عَلَى عَائِشَةَ فَقُلْتُ يَا اُمَّهْ اكْشِفِي لِي عَنْ قَبْرِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَصَاحِبَيْهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا فَكَشَفَتْ لِي عَنْ ثَلَاثَةِ قُبُوْرٍ لَا مُشْرِفَةٍ وَلَا لَاطِئَةٍ مَبْطُوْحَةٍ بِبَطْحَاءِ الْعَرْصَةِ الْحَمْرَاءِ قَالَ اَبُوْ عَلِيٍّ يُقَالُ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُقَدَّمٌ وَاَبُوْ بَكْرٍ عِنْدَ رَاْسِهِ وَعُمَرُ عِنْدَ رِجْلَيْهِ رَاْسُهُ عِنْدَ رِجْلَيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔

عمرو بن عثمان بن ہانی نے قاسم بن محمد سے روایت کی ہے کہ میں حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض گزار ہوا: اماں جان! میرے لیے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی قبر انور کھول دیجئے اور آپ کے دونوں ساتھیوں کی رضی اللہ تعالیٰ عنہما۔ پس انہوں نے میرے لیے تینوں قبریں کھول دیں جو نہ بہت بلند تھیں اور نہ زمین سے ملی ہوئی اور اُن کے اُوپر میدان کی سُرخ کنکریاں بچھائی ہوئی تھیں۔ ابو علی نے فرمایا: کہا جاتا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم آگے ہیں اور حضرت ابوبکر صدیق آپ کے سر مبارک کے پاس ہیں اور حضرت عمر فاروق آپ کے قدموں میں۔ ان کا سر مبارک رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے مبارک قدموں میں ہے۔ ف

ف۔ سبحان اللہ! سیدنا ابوبکر صدیق اور سیدنا عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہما رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے کیسے عدیم المثال ساتھی تھے کہ زندگی بھر رفاقت کا حق ادا کرتے رہے اور دنیا کو خیرباد کہتے ہی رحمت دو عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے قدموں میں آرام فرما ہو گئے۔ جہاں انبیائے کرام کی ساری مقدس جماعت میں بھی آخر الزمان سیدنا محمد مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا جواب نہیں وہاں سارے انبیائے کرام کے ساتھیوں میں صدیق اکبر اور فاروق اعظم کا بھی جواب نہیں ہے کہ ظاہری و باطنی رفاقت کا نرالا ہی ریکارڈ قائم کر دکھایا ہے۔

بَابُ الْاِسْتِغْفَارِ عِنْدَ الْقَبْرِ لِلْمَيِّتِ فِي وَقْتِ الْاِنْصِرَافِ۔

لوٹتے وقت قبر کے پاس میت کی بخشش کے لیے دعا کرنا

۳۲۴۴ - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُوْسَى الرَّازِيُّ

عبداللہ بن بحیر نے ہانی مولیٰ عثمان سے روایت کی ہے کہ

www.sirat-e-mustaqeem.com

ثنا هِشَامٌ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بَحِيرٍ عَنْ هَانِئٍ مَوْلَى عُثْمَانَ عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا فَرَغَ مِنْ دَفْنِ الْمَيِّتِ وَقَفَ عَلَيْهِ فَقَالَ اسْتَغْفِرُوا لِأَخِيكُمْ وَاسْأَلُوا لَهُ بِالتَّثْبِيتِ فَإِنَّهُ الْآنَ يُسْأَلُ قَالَ أَبُو دَاوُدَ بَحِيرُ بْنُ رَيْسَانَ۔

حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب میت کو دفن کر کے فارغ ہو جاتے تو وہاں کھڑے ہو کر فرماتے ۔ اپنے بھائی کے لیے استغفار کرو اور اس کے لیے ثابت قدمی مانگو کیونکہ اب اس سے سوالات ہوں گے ۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ اسے بحیر بن ریسان نے روایت کیا ہے۔

بَابٌ ۶۱۴ كَرَاهِيَةِ الذَّبْحِ عِنْدَ الْقَبْرِ۔

قبر کے پاس ذبح کرنا مکروہ ہے

۱۴۲۵۔ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مُوسَى الْبَلْخِيُّ نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ أَنَا مَعْمَرٌ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ أَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا عَقْرَ فِي الْإِسْلَامِ قَالَ عَبْدُ الرَّزَّاقِ كَانُوا يَعْقِرُونَ عِنْدَ الْقَبْرِ يَعْنِي بِبَقَرَةٍ أَوْ بِشَيْءٍ۔

ثابت نے حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا ۔ اسلام میں عقر نہیں ہے عبدالرزاق نے فرمایا کہ (دورِ جاہلیت میں) لوگ قبر کے پاس گائے یا کوئی اور جانور ذبح کیا کرتے تھے ۔

بَابٌ ۶۱۵ الصَّلٰوةِ عَلَى الْقَبْرِ بَعْدَ حِينٍ۔

ایک مدت بعد قبر پر نمازِ جنازہ پڑھنا

۱۴۲۶۔ حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ نَا اللَّيْثُ عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي حَبِيبٍ عَنْ أَبِي الْخَيْرِ عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ يَوْمًا فَصَلَّى عَلَى أَهْلِ أُحُدٍ صَلٰوتَهُ عَلَى الْمَيِّتِ ثُمَّ انْصَرَفَ۔

ابوالخیر نے حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ایک روز باہر نکلے اور آپ نے شہدائے اُحد پر نماز پڑھی جیسے میت پر نمازِ جنازہ پڑھی جاتی ہے اور پھر واپس لوٹ آئے۔

۱۴۲۷۔ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ نَا يَحْيَى بْنُ آدَمَ نَا ابْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ حَيْوَةَ بْنِ شُرَيْحٍ عَنِ ابْنِ أَبِي حَبِيبٍ بِهٰذَا الْحَدِيثِ قَالَ إِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّى عَلَى قَتْلَى أُحُدٍ بَعْدَ ثَمَانِي سِنِينَ كَالْمُوَدِّعِ لِلْأَحْيَاءِ وَالْأَمْوَاتِ۔

حیوٰۃ بن شریح نے یزید بن ابو حبیب سے اس حدیث کو روایت کرتے ہوئے فرمایا ۔ بیشک نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے شہدائے اُحد پر آٹھ سال بعد بھی نماز پڑھی ۔ جیسے آپ زندے اور مُردے تمام حضرات سے رخصت ہو رہے تھے ۔

بَابٌ ۶۱۶ الْبِنَاءِ عَلَى الْمَيِّتِ۔

قبر پر عمارت بنانا

۱۴۲۸۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ نَا ابْنُ جُرَيْجٍ أَخْبَرَنِي أَبُو الزُّبَيْرِ أَنَّهُ سَمِعَ جَابِرًا يَقُولُ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى أَنْ يُقْعَدَ عَلَى الْقَبْرِ

ابوالزبیر سے روایت ہے کہ حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو قبر پر بیٹھنے، اُسے پختہ کرنے اور اس پر عمارت بنانے سے منع فرماتے ہوئے سنا ہے ۔

www.sirat-e-mustaqeem.com

وَاَنْ يُقْتَصَّ وَيُبْنٰى عَلَيْهِ۔

١٤٤٩۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ وَعُثْمَانُ ابْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ قَالَا نَا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ مُوْسٰى وَعَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ بِهٰذَا الْحَدِيْثِ قَالَ اَبُوْدَاؤُدَ قَالَ عُثْمَانُ اَوْ يُزَادُ عَلَيْهِ وَزَادَ سُلَيْمَانُ بْنُ مُوْسٰى اَوْ اَنْ يُكْتَبَ عَلَيْهِ وَلَمْ يَذْكُرْ مُسَدَّدٌ فِيْ حَدِيْثِهِ اَوْ يُزَادُ عَلَيْهِ قَالَ اَبُوْدَاؤُدَ خَفِيَ عَلَيَّ مِنْ حَدِيْثِ مُسَدَّدٍ حَرْفُ وَاَنْ۔

سلیمان بن موسیٰ کا بیان ہے کہ ابوالزبیر نے حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے اس حدیث کو روایت کیا ہے۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ عثمان نے اَوْ یُزَادُ عَلَیْہِ کہا ہے۔ سلیمان بن موسیٰ نے اَوْ اَنْ یُکْتَبَ عَلَیْہِ بھی کہا ہے لیکن مسدد نے اپنی حدیث میں اَوْ یُزَادُ عَلَیْہِ کا ذکر کیا۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ حدیث مسدد میں وَاَنْ کا لفظ مجھ پر مخفی رہا۔

١٤٥٠۔ حَدَّثَنَا الْقَعْنَبِيُّ عَنْ مَالِكٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ قَاتَلَ اللّٰهُ الْيَهُوْدَ اتَّخَذُوْا قُبُوْرَ اَنْبِيَائِهِمْ مَسَاجِدَ۔

سعید بن مسیب نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، اللہ تعالیٰ یہودیوں کو ہلاک کرے کہ انہوں نے اپنے انبیائے کرام کی قبروں کو مسجدیں بنالیا۔

بَابٌ ٦١٧ فِيْ كَرَاهِيَةِ الْقُعُوْدِ عَلَى الْقَبْرِ۔

قبر پر بیٹھنے کی ممانعت

١٤٥١۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا خَالِدٌ نَا سُهَيْلٌ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَاَنْ يَجْلِسَ اَحَدُكُمْ عَلٰى جَمْرَةٍ فَتُحْرِقَ ثِيَابَهُ حَتّٰى تَخْلُصَ اِلٰى جِلْدِهِ خَيْرٌ لَهُ مِنْ اَنْ يَجْلِسَ عَلٰى قَبْرٍ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، اگر تم میں سے چنگاری پر بیٹھے کہ اس کے کپڑے جل جائیں اور وہ جلد تک جا پہنچے تو یہ اس کے لیے اس سے بہتر ہے کہ وہ قبر پر بیٹھے۔

١٤٥٢۔ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُوْسَى الرَّازِيُّ اَنَا عِيْسٰى نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ يَعْنِي ابْنَ يَزِيْدَ عَنْ جَابِرٍ عَنْ بُسْرِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ قَالَ سَمِعْتُ وَاثِلَةَ بْنَ الْاَسْقَعِ يَقُوْلُ سَمِعْتُ اَبَا مَرْثَدٍ الْغَنَوِيَّ يَقُوْلُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَجْلِسُوْا عَلَى الْقُبُوْرِ وَلَا تُصَلُّوْا اِلَيْهَا۔

ابراہیم بن موسیٰ رازی، عیسیٰ، عبدالرحمان بن یزید، جابر، بسر بن عبید اللہ، حضرت واثلہ بن اسقع نے حضرت ابو مرثد غنوی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، قبروں پر (خواہ وہ کسی کی ہوں) نہ بیٹھا کرو اور نہ ان کی طرف منہ کرکے نماز پڑھا کرو۔

بَابٌ ٦١٨ الْمَشْيِ بَيْنَ الْقُبُوْرِ فِي النَّعْلِ۔

جوتے پہن کر قبروں کے درمیان میں چلنا

١٤٥٣۔ حَدَّثَنَا سَهْلُ بْنُ بَكَّارٍ نَا الْاَسْوَدُ ابْنُ شَيْبَانَ عَنْ خَالِدِ بْنِ سُمَيْرٍ السَّدُوْسِيِّ عَنْ

بشیر بن نہیک نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے مولیٰ حضرت بشیر سے روایت کی ہے جن کا نام دور جاہلیت میں زحم بن معبد

www.sirat-e-mustaqeem.com

بَشِيرِ بْنِ نَهِيكٍ عَنْ بَشِيرٍ مَوْلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَكَانَ اسْمُهُ فِي الْجَاهِلِيَّةِ زَحْمُ بْنُ مَعْبَدٍ فَهَاجَرَ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ مَا اسْمُكَ فَقَالَ زَحْمٌ قَالَ بَلْ أَنْتَ بَشِيرٌ قَالَ بَيْنَمَا أَنَا أُمَاشِي رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّ بِقُبُورِ الْمُشْرِكِينَ فَقَالَ لَقَدْ سَبَقَ هَؤُلَاءِ خَيْرًا كَثِيرًا ثَلَاثًا ثُمَّ مَرَّ بِقُبُورِ الْمُسْلِمِينَ فَقَالَ لَقَدْ أَدْرَكَ هَؤُلَاءِ خَيْرًا كَثِيرًا وَحَانَتْ مِنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَظْرَةٌ فَإِذَا رَجُلٌ يَمْشِي فِي الْقُبُورِ عَلَيْهِ نَعْلَانِ فَقَالَ يَا صَاحِبَ السِّبْتِيَّتَيْنِ وَيْحَكَ أَلْقِ سِبْتِيَّتَيْكَ فَنَظَرَ الرَّجُلُ فَلَمَّا عَرَفَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَلَعَهُمَا فَرَمَى بِهِمَا۔

تھا۔ یہ ہجرت کر کے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پاس آئے تو آپ نے فرمایا: تمہارا نام کیا ہے؟ عرض کی کہ زحم۔ فرمایا بلکہ تمہارا نام بشیر ہے۔ ان کا بیان ہے کہ جس وقت میں رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ چل رہا تھا تو آپ مشرکین کی قبروں کے پاس سے گزرے۔ آپ نے تین مرتبہ فرمایا کہ یہ بڑی بھلائی (اسلام) کے آنے سے پہلے ہی چلے گئے۔ پھر آپ مسلمانوں کی قبروں کے پاس سے گزرے۔ آپ نے فرمایا کہ انہوں نے بہت بڑی بھلائی کو پالیا ہے۔ پھر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے جان بخش نگاہیں اُٹھا کر دیکھا تو ایک آدمی جوتے پہن کر قبرستان میں چل رہا تھا۔ فرمایا اے جوتوں والے! تم پر افسوس ہے، اپنے جوتے اتار لو۔ اُس آدمی نے دیکھا تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو پہچان لیا، لہٰذا جوتے اتار دیئے اور انہیں پھینک دیا۔ ف

ف۔ قبروں کے درمیان جوتے پہن کر چلنے میں مسلمان مردوں کا استخفاف ہے لہٰذا رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے جوتے پہن کر قبروں کے درمیان سے گزرنے والے کو ٹوکا۔ یہ احترام مسلم کے باعث ہے۔ جائے غور ہے کہ جب مسلمانوں کے قبرستان کا یہ احترام رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے کروایا اور بتایا تو مساجد کا احترام تو قبرستانوں سے بدرجہا زیادہ ہے لہٰذا جو بے ادب لوگ جوتے پہن کر مساجد میں جانے اور جوتے پہن کر مساجد میں نماز پڑھنے کو جائز بتاتے ہیں ان کے شر سے اللہ تعالیٰ تمام مسلمانوں کو محفوظ و مامون رکھے۔ آمین

۱۴۵۴۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ الْأَنْبَارِيُّ ثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ يَعْنِي ابْنَ عَطَاءٍ عَنْ سَعِيدٍ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ أَنَسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ إِنَّ الْعَبْدَ إِذَا وُضِعَ فِي قَبْرِهِ وَتَوَلَّى عَنْهُ أَصْحَابُهُ إِنَّهُ لَيَسْمَعُ قَرْعَ نِعَالِهِمْ۔

قتادہ نے حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: بیشک جب بندے کو قبر میں رکھ دیا جاتا ہے اور اس کے ساتھی واپس لوٹتے ہیں۔ تو مردہ ان کے جوتوں کی آواز سنتا رہتا ہے۔ ف

ف۔ سماعِ موتیٰ کا مسئلہ اجماعی ہے جس میں صرف معتزلہ اختلاف کرتے تھے اور ابن حزم ظاہری المذہب (المتوفی ۴۵۶ھ ۱۰۶۴ء) نے سب سے پہلے اس میں اہلِ حق سے اختلاف کیا۔ موجودہ زمانے میں انبیائے کرام و اولیائے عظام کے گستاخوں نے بھی اہلسنت وجماعت سے اس مسئلے میں اختلاف کرنا ضروری سمجھا کیونکہ مقربین بارگاہ الٰہیہ کے خصائص کا انکار کرنا ان کے دین کا رکن اول ہے جس کی خاطر سماعِ موتیٰ کا انکار کرنا راستہ نکالنے میں مددگار نظر آیا۔ جب کہ اہلِ حق کا ہمیشہ سے یہی عقیدہ ہے کہ برزخی زندگی میں بھی اللہ تعالیٰ ہر مومن و کافر کو ایک گونہ حیات عطا فرماتا ہے یعنی اس کے جسم و روح میں کسی قدر تعلق پیدا

www.sirat-e-mustaqeem.com

فراہم دیتا ہے جس سے اُسے علم وادراک و سماع حاصل ہوتا ہے اور جس کے باعث وہ قبر یا جس مقام میں رہے ، عذاب و ثواب پاتا ہے ۔شہدا اور دیگر مقربین بارگاہِ الٰہیہ کی برزخی زندگی دنیاوی زندگی سے زیادہ مشابہ ہوتی ہے ۔اسی لیے قرآن مجید میں ان کے لیے بَلْ اَحْیَاءٌ فرمایا گیا ہے اور حضرات انبیائے کرام کی دنیاوی اور اُخروی زندگی میں اس کے سوا اور کوئی فرق نہیں ہوتا کہ ان کی دنیاوی زندگی کے تقاضے ختم ہوئے اور وہ عوام کی نگاہوں سے پوشیدہ ہیں ۔

سماعِ موتیٰ کے اثبات اور منکرین کے تمام مزعومہ دلائل کو تارِ عنکبوت دکھاتے ہوئے چودھویں صدی کے مجددِ برحق اور اپنے دَور میں سرمایۂ ملت کی نگہبانی کرنے والے امام احمد رضا خاں بریلوی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی ۱۳۴۰ھ/۱۹۲۱ء) نے ۱۳۰۵ھ/۱۸۸۶ء میں حیات الموات فی بیان سماع الاموات کے تاریخی نام سے ایک رسالہ لکھا اور چار سو پچاسی نصوص سے مسئلہ کو ایسا ثابت و مبرہن فرمایا کہ تحقیق کا حق ادا کر دیا ۔ مانعین مسائل وغیرہ نے جتنے فلک بوس محل تعمیر کر کے شور مچایا ہوا تھا ، سب کی اینٹ سے اینٹ بجا کر زیرِ زمین دفن کر دیا ۔ یہ ایمان افروز رسالہ نافعہ تین مقاصد پر مشتمل ہے ۔ مقصد دوم میں ساٹھ احادیث مطہرہ پیش کیں ، جن کے مفادات کا اجمالی خاکہ یہ ہے :۔

۱۔ انیس۱۹ احادیث ایسی پیش کیں جن سے ثابت ہے کہ موت کے بعد بھی روح اور صفات و افعالِ رُوح کو بقا حاصل رہتی ہے ۔
۲۔ دو حدیثیں اس امر پر دلالت کرنے والی ہیں کہ احیاء نے اہلِ قبور سے حیا کی ۔
۳۔ چار احادیث ایسی کہ زندوں کے آنے ، پاس بیٹھنے سے اہلِ قبور کا جی بہلتا ہے ۔
۴۔ آٹھ احادیث اس امر پر دال کہ زندوں کی بے اعتدالی سے مُردوں کو اذیت پہنچتی ہے ۔
۵۔ تیرہ۱۳ احادیث سے ثابت کیا کہ زیارت کرنے والوں کو اہلِ قبور پہچانتے ، ان کا سلام و کلام سنتے اور جواب دیتے ہیں ۔ یہی نہیں بلکہ زندوں کے جوتوں کی آہٹ تک سنتے ہیں ۔
۶۔ چھ احادیث ایسی جن میں کفارِ مقتولینِ بدر سے کلام کرنا اور ان کا سننا مصرح ۔
۷۔ چار احادیث متعلقہ تلقینِ میت پیش فرمائیں ۔
۸۔ چار حدیثیں ایسی جن سے واضح ہوا کہ صحابۂ کرام نے اہلِ قبور سے کلام و خطاب فرمایا ۔

مجددِ دین و ملت نے مقصد سوم کے اندر تین سو پانچ اقوال پیش فرمائے اور تکملہ کے فائدہ رابعہ میں تین مزید مذکور ہوئے یوں جملہ تین سو آٹھ اقوال سے واضح و مبرہن کیا کہ سماعِ موتیٰ کے بارے میں امتِ محمدیہ کا شروع سے آج تک کیا عقیدہ رہا ہے ۔ ان اقوال کے مفادات کا خلاصہ یہ ہے :۔

۱۔ ایک سو پچاس اقوال سے موتیٰ کے علم و سمع و بصر کا صریح اثبات ۔
۲۔ پانچ اقوال اس بارے میں کہ بعد وصال بھی اولیاء کی کرامتیں باقی رہتی ہیں ۔
۳۔ پندرہ۱۵ اقوال ایسے کہ اولیاء اللہ بعد وصال بھی تصرف فرماتے ہیں ۔
۴۔ چوراسی اقوال اس بارے میں کہ رحلت کے بعد بھی اولیائے کرام نزدیک و دور سے مدد کرتے ہیں ۔
۵۔ بیالیس اقوال میں اس امر کی تصریح کہ بوقتِ حاجت اولیاء اللہ کو پکارنا ، اُن سے مدد چاہنا جائز ہے ۔
۶۔ تیرہ۱۳ اقوال اس سلسلے میں کہ حضرات اولیاء اللہ کو بعد وصال بھی دیکھنے سننے میں نزدیک و دور یکساں ہے ۔

www.sirat-e-mustaqeem.com

بعض منکرینِ سماعِ موتیٰ نے معتزلہ وغیرہ کی ہمنوائی کرتے ہوئے تفہیم المسائل، مائۃ مسائل اور سراج الایمان وغیرہ کے ذریعے مسئلہ یمین کا سہارا لیا، جس سے اپنا موقف ثابت بتانا اور کم علم لوگوں کو بہکانا شروع کیا۔ تو امام اہلسنت نے ۱۳۱۶ھ ۱۸۹۶ء میں حیات الموات کا تتمہ لکھا اور اسے الوفاق المتین بین سماع الدفین وجواب الیمین کا تاریخی نام دیا۔ اس میں پانچ مقدمات بارہ دلائل اور پچیس شواہد سے واضح کیا کہ مسئلہ یمین کو منکرینِ سماعِ موتیٰ سے دُور کا بھی تعلق نہیں اور ثابت کر دکھایا کہ بفضلہٖ تعالیٰ اہلِ سنت وجماعت ہی کا مذہب آیاتِ محکمہ، سنتِ قائمہ اور فریضۂ عادلہ سے پوری مطابقت رکھتا ہے۔ انصاف پسند حضرات کو رسالہ حیات الموات کا ضرور مطالعہ کرنا چاہیئے۔ ویسے ہدایت کی باگ ڈور اللہ تعالیٰ کے ہاتھ میں ہے۔

باب ۶۱۹ فِي تَحْوِيلِ الْمَيِّتِ مِنْ مَوْضِعِهِ لِلْأَمْرِ يَحْدُثُ۔

میت کو اسکی قبر سے ضرورتًا دوسری جگہ منتقل کرنا

۱۴۵۵۔ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ نَا حَمَّادُ ابْنُ زَيْدٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ يَزِيدَ أَبِي سَلَمَةَ عَنْ أَبِي نَضْرَةَ عَنْ جَابِرٍ قَالَ دُفِنَ مَعَ أَبِي رَجُلٌ فَكَانَ فِي نَفْسِي مِنْ ذٰلِكَ حَاجَةٌ فَأَخْرَجْتُهُ بَعْدَ سِتَّةِ أَشْهُرٍ مَا أَنْكَرْتُ مِنْهُ شَيْئًا إِلَّا شُعَيْرَاتٍ كُنَّ فِي لِحْيَتِهِ مِمَّا يَلِي الْأَرْضَ۔

ابو سلمہ نے ابو نضرہ سے روایت کی ہے کہ حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا، میرے والد ماجد کو ایک اور آدمی کے ساتھ دفن کیا گیا تھا تو میرے دل میں ایک تمنا کروٹیں لے رہی تھی۔ پس میں نے انہیں (اپنے والد ماجد کو) چھ ماہ بعد وہاں سے نکال لیا، ان کی کسی چیز میں کوئی فرق واقع نہیں ہوا تھا سوائے ڈاڑھی کے اُن بالوں کے جو زمین سے لگے ہوئے تھے۔ ف

ف۔ سبحان اللہ! یہ قرآنِ مجید کی صداقت وحقانیت کے شواہد ہیں۔ قرآنِ مجید نے فرمایا کہ شہداء کو نہ زبان سے مُردے کہو اور نہ دل میں مُردے خیال کرو کیونکہ وہ تو زندہ ہیں اور ان کے زندگی کا تمہیں شعور نہیں ہے۔

باب ۶۲۰ فِي الثَّنَاءِ عَلَى الْمَيِّتِ۔

میت کی تعریف کرنے کا بیان

۱۴۵۶۔ حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ نَا شُعْبَةُ عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ عَامِرٍ عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ مَرُّوا عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِجَنَازَةٍ فَأَثْنَوْا عَلَيْهَا خَيْرًا فَقَالَ وَجَبَتْ ثُمَّ قَالَ إِنَّ بَعْضَكُمْ عَلَى بَعْضٍ شَهِيدٌ۔

عامر بن سعد سے روایت ہے کہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ کچھ لوگ ایک جنازے کو لے کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس سے گزرے اور بھلے لفظوں میں اس کی تعریف کی۔ آپ نے فرمایا، "واجب ہوگئی"۔ پھر دوسرے جنازے کو لے کر گزرے تو بُرے لفظوں میں اسکا ذکر کیا۔ آپ نے فرمایا واجب ہو گئی، پھر فرمایا بیشک تم ایسے ایک دوسرے پر گواہ ہو۔

باب ۶۲۱ فِي زِيَارَةِ الْقُبُورِ۔

قبروں کی زیارت کرنے کا بیان

۱۴۵۷۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ الْأَنْبَارِيُّ نَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدٍ عَنْ يَزِيدَ بْنِ كَيْسَانَ عَنْ أَبِي حَازِمٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ أَتَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَبْرَ أُمِّهِ فَبَكَى وَأَبْكَى مَنْ حَوْلَهُ فَقَالَ اسْتَأْذَنْتُ رَبِّي تَعَالَى عَلَى

یزید بن کیسان نے ابو حازم سے روایت کی ہے کہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اپنی والدہ ماجدہ کی قبر پر گئے تو روئے اور جو آپ کے گرد تھے انہیں بھی رُلایا۔ فرمایا کہ میں نے اپنے رب سے ان کے لیے استغفار کرنے کی اجازت مانگی تھی لیکن مجھے اجازت نہ بخشی۔ پس

www.sirat-e-mustaqeem.com

أَنْ أَسْتَغْفِرَ لَهَا فَلَمْ يَأْذَنْ لِي فَاسْتَأْذَنْتُ أَنْ أَزُوْرَ قَبْرَهَا فَأَذِنَ لِي فَزُوْرُوا الْقُبُوْرَ فَإِنَّهَا تُذَكِّرُ بِالْمَوْتِ۔

میں نے اجازت مانگی کہ ان کی قبر کی زیارت کر لوں تو مجھے اجازت مرحمت فرما دی۔ پس قبروں کی زیارت کر لیا کرو کیونکہ ان سے موت یاد آجاتی ہے۔

۱۴۵۸۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ يُوْنُسَ نَا مُعَرِّفُ ابْنُ وَاصِلٍ عَنْ مُحَارِبِ بْنِ دِثَارٍ عَنِ ابْنِ بُرَيْدَةَ عَنْ أَبِيْهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَيْتُكُمْ عَنْ زِيَارَةِ الْقُبُوْرِ فَزُوْرُوْهَا فَإِنَّ فِي زِيَارَتِهَا تَذْكِرَةً۔

ابن بریدہ نے اپنے والد ماجد سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ میں نے تمہیں قبروں کی زیارت کرنے سے منع کیا تھا لیکن اب ان کی زیارت کر لیا کرو کیونکہ اُن کی زیارت کرنا باعثِ عبرت ہے۔

باب ۶۲۲ فِي زِيَارَةِ النِّسَاءِ الْقُبُوْرَ

عورتوں کا قبروں کی زیارت کرنا

۱۴۵۹۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيْرٍ نَا شُعْبَةُ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُحَادَةَ قَالَ سَمِعْتُ أَبَا صَالِحٍ يُحَدِّثُ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ لَعَنَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ زَائِرَاتِ الْقُبُوْرِ وَالْمُتَّخِذِيْنَ عَلَيْهَا الْمَسَاجِدَ وَالسُّرُجَ۔

محمد بن جحادہ نے ابو صالح سے روایت کی ہے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے قبروں کی زیارت کرنے والی، انہیں مسجدیں بنانے والی اور ان پر چراغ جلانے والی عورتوں پر لعنت فرمائی ہے۔

باب ۶۲۳ مَا يَقُوْلُ إِذَا مَرَّ بِالْقُبُوْرِ

قبروں کے پاس سے گزرے تو کیا کہے؟

۱۴۶۰۔ حَدَّثَنَا الْقَعْنَبِيُّ عَنْ مَالِكٍ عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ أَبِيْهِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ إِلَى الْمَقْبَرَةِ فَقَالَ السَّلَامُ عَلَيْكُمْ دَارَ قَوْمٍ مُؤْمِنِيْنَ وَإِنَّا إِنْ شَاءَ اللهُ بِكُمْ لَاحِقُوْنَ۔

علاء بن عبدالرحمٰن کے والد ماجد نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم قبرستان تشریف لے گئے تو فرمایا:۔ اے اہلِ ایمان کے گھر والو! تم پر سلامتی ہو اور اللہ نے چاہا تو ہم تم سے ملنے والے ہیں۔ ف

ف: اس حدیث سے معلوم ہوا ہے کہ مُردے بھی زندوں کی طرح سنتے اور زیارت کے لیے آنے والوں کو پہچانتے ہیں ورنہ اُن سے سلام و کلام کرنا کیسا؟ یہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے خصائص کی بات بھی نہیں کیونکہ آپ نے مسلمانوں کو بھی ایسا ہی کہنے کا دوسری احادیث میں حکم فرمایا ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم

باب ۶۲۴ كَيْفَ يُصْنَعُ بِالْمُحْرِمِ إِذَا مَاتَ۔

مُحرِم مر جائے تو اس کے ساتھ کیا کیا جائے؟

۱۴۶۱۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيْرٍ نَا سُفْيَانُ حَدَّثَنِي عَمْرُو بْنُ دِيْنَارٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ أُتِيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِرَجُلٍ وَقَصَتْهُ رَاحِلَتُهُ فَمَاتَ وَهُوَ

سعید بن جبیر سے روایت ہے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں ایک آدمی کو پیش کیا گیا جس کی گردن اُس کے اونٹ نے توڑ دی تھی جس سے وہ مر گیا اور حالتِ احرام میں تھا۔ فرمایا کہ اُسی کے دونوں

www.sirat-e-mustaqeem.com

مُحْرِمٌ فَقَالَ كَفِّنُوهُ فِي ثَوْبَيْهِ وَاغْسِلُوهُ بِمَاءٍ وَسِدْرٍ وَلَا تُخَمِّرُوا رَأْسَهُ فَإِنَّ اللّٰهَ يَبْعَثُهُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ يُلَبِّي قَالَ أَبُو دَاوُدَ سَمِعْتُ أَحْمَدَ بْنَ حَنْبَلٍ يَقُولُ فِي هٰذَا الْحَدِيثِ خَمْسُ سُنَنٍ كَفِّنُوهُ فِي ثَوْبَيْهِ أَيْ يُكَفَّنُ الْمَيِّتُ فِي ثَوْبَيْنِ وَاغْسِلُوهُ بِمَاءٍ وَسِدْرٍ أَيْ إِنَّ فِي الْغَسَلَاتِ كُلِّهَا سِدْرًا وَلَا تُخَمِّرُوا رَأْسَهُ وَلَا تُقَرِّبُوهُ طِيبًا وَكَانَ الْكَفَنُ مِنْ جَمِيعِ الْمَالِ

کپڑوں کا کفن دے دو نیز بیری کے پتّوں والے پانی سے غسل دو اور اس کا سر نہ چھپانا کیونکہ قیامت کے روز اللہ تعالیٰ اسے لبّیک کہتا ہوا اُٹھائے گا۔ امام ابوداؤد کا بیان ہے کہ میں نے امام احمد بن حنبل کو فرماتے ہوئے سنا کہ اس حدیث میں پانچ سنتیں ہیں:۔ اُس کے دونوں کپڑوں کا کفن دو یعنی میّت کے دونوں کپڑوں کا۔ اُسے بیری کے پتّوں کے پانی سے غسل دو یعنی ہر ایک کے غسل میں بیری کے پتّے ڈالے جائیں۔ اُس کے سر کو نہ ڈھانپنا۔ اُسے خوشبو نہ لگانا نیز کفن اس کے مجموعی مال سے دیا جائے۔

۱۲۶۲۔ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ وَمُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدٍ الْمَعْنٰى قَالَا نَا حَمَّادٌ عَنْ عَمْرٍو وَأَيُّوبَ عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ نَحْوَهُ قَالَ كَفِّنُوهُ فِي ثَوْبَيْنِ قَالَ أَبُو دَاوُدَ قَالَ سُلَيْمَانُ قَالَ أَيُّوبُ ثَوْبَيْهِ وَقَالَ عَمْرٌو ثَوْبَيْنِ وَقَالَ ابْنُ عُبَيْدٍ قَالَ أَيُّوبُ فِي ثَوْبَيْنِ وَقَالَ عَمْرٌو فِي ثَوْبَيْهِ زَادَ سُلَيْمَانُ وَحْدَهُ وَلَا تُحَنِّطُوهُ۔

سعید بن جبیر نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مذکورہ بالا حدیث کے مطابق روایت کرتے ہوئے فرمایا:۔ اسے دو کپڑوں کا کفن دو۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ سلیمان نے ایوب سے دو کپڑے روایت کیے ہیں اور ابن عبید نے ایوب سے روایت کی ہے کہ دو کپڑوں میں۔ عمرو نے کہا کہ اس کے دونوں کپڑوں میں۔ اکیلے سلیمان نے کہا ہے کہ اسے خوشبو نہ لگانا۔

۱۲۶۳۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا حَمَّادٌ عَنْ أَيُّوبَ عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ نَحْوَهُ بِمَعْنٰى سُلَيْمَانَ فِي ثَوْبَيْنِ۔

مسدد، حماد، ایوب، سعید بن جبیر نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے معنًا سلیمان کی طرح روایت کی کہ دو کپڑوں میں۔

۱۲۶۴۔ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ نَا جَرِيرٌ عَنْ مَنْصُورٍ عَنِ الْحَكَمِ عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ وَقَصَتْ بِرَجُلٍ مُحْرِمٍ نَاقَتُهُ فَقَتَلَتْهُ فَأُتِيَ بِهِ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اغْسِلُوهُ وَكَفِّنُوهُ وَلَا تُغَطُّوا رَأْسَهُ وَلَا تُقَرِّبُوهُ طِيبًا فَإِنَّهُ يُبْعَثُ يُهِلُّ۔

اٰخِرُ كِتَابِ الْجَنَائِزِ۔

سعید بن جبیر سے روایت ہے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا:۔ ایک محرم کی اس کے اونٹ نے گردن توڑ دی اور اُسے جان سے مار ڈالا۔ پس اُسے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں لایا گیا تو آپ نے فرمایا:۔ اسے غسل اور کفن دو لیکن اس کا سر نہ ڈھانپ دینا اور اسے خوشبو نہ لگانا کیونکہ یہ لبّیک کہتا ہوا ہی اٹھایا جائے گا۔ کتاب الجنائز ختم ہوئی۔

www.sirat-e-mustaqeem.com

اَوَّلُ كِتَابِ الْأَيْمَانِ وَالنُّذُوْرِ

بَابٌ ٦٢٥ اَلتَّغْلِيْظُ فِي الْيَمِيْنِ الْفَاجِرَةِ-

١٢٦٥- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الصَّبَّاحِ الْبَزَّازُ قَالَ نَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ قَالَ اَخْبَرَنَا هِشَامُ ابْنُ حَسَّانٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيْرِيْنَ عَنْ عِمْرَانَ ابْنِ حُصَيْنٍ قَالَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ حَلَفَ عَلٰى يَمِيْنٍ مَصْبُوْرَةٍ كَاذِبًا فَلْيَتَبَوَّأْ بِوَجْهِهٖ مَقْعَدَهٗ مِنَ النَّارِ-

بَابٌ ٦٢٦ فِيْ مَنْ حَلَفَ لِيَقْتَطِعَ بِهَا مَالًا

١٢٦٦- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِيْسٰى وَ هَنَّادُ بْنُ السَّرِيِّ الْمَعْنٰى قَالَا نَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ قَالَ نَا الْاَعْمَشُ عَنْ شَقِيْقٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ حَلَفَ عَلٰى يَمِيْنٍ هُوَ فِيْهَا فَاجِرٌ لِيَقْتَطِعَ بِهَا مَالَ امْرِئٍ مُسْلِمٍ لَقِيَ اللّٰهَ وَهُوَ عَلَيْهِ غَضْبَانُ فَقَالَ الْاَشْعَثُ فِيَّ وَاللّٰهِ كَانَ ذٰلِكَ كَانَ بَيْنِيْ وَ بَيْنَ رَجُلٍ مِنَ الْيَهُوْدِ اَرْضٌ فَجَحَدَنِيْ فَقَدَّمْتُهٗ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لِيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلَكَ بَيِّنَةٌ قُلْتُ لَا قَالَ لِلْيَهُوْدِيِّ احْلِفْ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِذًا يَحْلِفُ وَيَذْهَبُ بِمَالِيْ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالٰى اِنَّ الَّذِيْنَ يَشْتَرُوْنَ بِعَهْدِ اللّٰهِ وَاَيْمَانِهِمْ ثَمَنًا قَلِيْلًا اِلٰى اٰخِرِ الْاٰيَةِ-

١٢٦٧- حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ خَالِدٍ قَالَ نَا الْفِرْيَابِيُّ قَالَ نَا الْحَارِثُ بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ حَدَّثَنِيْ كُرْدُوْسٌ عَنِ الْاَشْعَثِ بْنِ قَيْسٍ اَنَّ رَجُلًا مِنْ كِنْدَةَ وَرَجُلًا مِنْ حَضْرَمَوْتَ اخْتَصَمَا

قسم اور نذر کا بیان

جھوٹی قسم کھانے کا عذاب

محمد بن صباح بزار، یزید بن ہارون، ہشام بن حسان، محمد بن سیرین، حضرت عمران بن حصین رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ جو مغلوب ہوکر دیدہ دانستہ جھوٹی قسم کھائے وہ اپنا ٹھکانا جہنم میں بنا لے۔

کسی کا مال ہڑپ کرنے کے لیے قسم کھانا

شقیق نے حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، جو حلف اٹھائے اور جو اپنی قسم میں جھوٹا تاکہ اس کے ذریعے کسی مسلمان کا مال ہڑپ کر سکے، وہ خدا کے حضور جب حاضر ہوگا تو وہ اس پر غضبناک ہوگا۔ حضرت اشعث نے فرمایا کہ خدا کی قسم یہ میرے متعلق ہے کیونکہ میرا ایک یہودی کے ساتھ زمین پر جھگڑا تھا اس نے مجھے دینے سے انکار کردیا تو میں اسے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں لے گیا۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مجھ سے فرمایا:۔ تمہارا کوئی گواہ ہے؟ میں عرض گزار ہوا کہ نہیں یہودی سے فرمایا کہ قسم کھاؤ، میں عرض گزار ہوا کہ یا رسول اللہ! ایسے حالات تو یہ قسم کھاکر میرا مال لے جائے گا۔ پس اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی:۔ بیشک جو لوگ اللہ کے عہد اور اپنی قسموں کو بیچ دیتے ہیں دنیاوی مال کے بدلے۔ (٣ : ٧٧)

حضرت اشعث بن قیس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ کندہ کے ایک شخص اور حضر موت کے ایک شخص نے اپنا جھگڑا نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں پیش کیا جو یمن کی زمین کے متعلق تھا۔ حضرمی عرض گزار ہوا کہ یا رسول اللہ! میری زمین اس کے باپ

www.sirat-e-mustaqeem.com

إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي أَرْضٍ مِنَ الْيَمَنِ فَقَالَ الْحَضْرَمِيُّ يَا رَسُولَ اللّٰهِ إِنَّ أَرْضِي اغْتَصَبَنِيهَا أَبُو هٰذَا وَهِيَ فِي يَدِهِ قَالَ هَلْ لَكَ بَيِّنَةٌ قَالَ لَا وَلٰكِنْ أُحَلِّفُهُ وَاللّٰهِ مَا يَعْلَمُ أَنَّهَا أَرْضِي اغْتَصَبَنِيهَا أَبُوهُ فَتَهَيَّأَ الْكِنْدِيُّ لِلْيَمِينِ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَقْتَطِعُ أَحَدٌ مَالًا بِيَمِينٍ إِلَّا لَقِيَ اللّٰهَ وَهُوَ أَجْذَمُ فَقَالَ الْكِنْدِيُّ هِيَ أَرْضُهُ۔

۱۲۶۸۔ حَدَّثَنَا هَنَّادُ بْنُ السَّرِيِّ قَالَ نَا أَبُو الْأَحْوَصِ عَنْ سِمَاكٍ عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ وَائِلِ ابْنِ حُجْرٍ الْحَضْرَمِيِّ عَنْ أَبِيهِ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ مِنْ حَضْرَمَوْتَ وَرَجُلٌ مِنْ كِنْدَةَ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ الْحَضْرَمِيُّ يَا رَسُولَ اللّٰهِ إِنَّ هٰذَا غَلَبَنِي عَلَى أَرْضٍ لِأَبِي فَقَالَ الْكِنْدِيُّ هِيَ أَرْضِي فِي يَدِي أَزْرَعُهَا لَيْسَ لَهُ فِيهَا حَقٌّ قَالَ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِلْحَضْرَمِيِّ أَلَكَ بَيِّنَةٌ قَالَ لَا قَالَ فَلَكَ يَمِينُهُ قَالَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ إِنَّهُ فَاجِرٌ لَا يُبَالِي مَا حَلَفَ عَلَيْهِ لَيْسَ يَتَوَرَّعُ مِنْ شَيْءٍ فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْسَ لَكَ مِنْهُ إِلَّا ذَاكَ فَانْطَلَقَ لِيَحْلِفَ لَهُ فَلَمَّا أَدْبَرَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَمَا لَئِنْ حَلَفَ عَلَى مَالٍ لِيَأْكُلَهُ ظَالِمًا لَيَلْقَيَنَّ اللّٰهَ وَهُوَ عَنْهُ مُعْرِضٌ۔

بَابُ ۶۲۷ مَا جَاءَ فِي تَعْظِيمِ الْيَمِينِ عِنْدَ مِنْبَرِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

۱۲۶۹۔ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ نَا ابْنُ نُمَيْرٍ قَالَ نَا هَاشِمُ بْنُ هَاشِمٍ قَالَ أَخْبَرَنِي عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نِسْطَاسٍ مِنْ آلِ كَثِيرِ بْنِ الصَّلْتِ

نے چھین لی تھی جواب اس کے قبضے میں ہے۔ فرمایا کیا تمہارے پاس کوئی شہادت ہے؟ عرض کی کہ نہیں لیکن میں خدا کی قسم کھاتا ہوں کہ یقیناً یہ زمین میری ہے جو اس کے باپ نے غصب کر لی تھی۔ پس کندی بھی قسم کھانے کے لیے تیار ہو گیا۔ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ جو قسم کھا کر کسی کا مال ہڑپ کرے وہ اللہ تعالیٰ کے حضور پیش ہوگا تو اس کے ہاتھ پیر نہیں ہوں گے۔ یہ سن کر کندی نے کہا کہ یہ زمین ان کی ہے۔

علقمہ بن وائل بن حجر حضرمی نے اپنے والد ماجد سے روایت کی ہے کہ ایک آدمی حضرموت سے اور ایک کندہ سے رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوئے۔ حضرمی عرض گزار ہوا کہ یا رسول اللہ! انہوں نے میری زمین پر قبضہ کر لیا ہے جو میری آبائی تھی۔ کندی نے کہا کہ وہ زمین میرے قبضے میں ہے اور میں اس میں کاشتکاری کرتا ہوں، لہٰذا ان کا اس زمین میں کوئی حق نہیں۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرمی سے فرمایا کہ کیا تمہارے پاس شہادت ہے؟ عرض کی نہیں۔ فرمایا کہ تمہارے مقابلے پر دوسرے کی قسم ہوگی۔ عرض گزار ہوئے یا رسول اللہ! یہ جھوٹے ہیں۔ قسم کھانے میں ایسے نڈر ہیں کہ کوئی چیز حائل نہیں ہوتی۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تمہارے لیے اس کے سوا اور کوئی چارہ نہیں۔ وہ قسم کھانے کے لیے چل دیئے۔ جب پیٹھ پھیری تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ اگر کسی نے ایسے مال پر قسم کھائی کہ اُسے ناحق کھائے تو جب اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں حاضر ہوگا تو وہ ایسے شخص سے اعراض فرمائے گا۔

منبرِ رسول کے پاس جھوٹی قسم کھانا گناہِ عظیم ہے۔

آلِ کثیر بن الصلت کے فرد عبداللہ بن نسطاس نے حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ کوئی شخص ایسا نہیں

أَنَّهُ سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللهِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَحْلِفُ أَحَدٌ عِنْدَ مِنْبَرِي هٰذَا عَلَى يَمِينٍ آثِمَةٍ وَلَوْ عَلَى سِوَاكٍ أَخْضَرَ إِلَّا تَبَوَّأَ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ أَوْ وَجَبَتْ لَهُ النَّارُ۔

جو میرے منبر کے پاس قسم کھائے اور وہ اُس میں جھوٹا ہو خواہ وہ ایک تر مسواک پر کھائی ہو مگر وہ اپنا ٹھکانا جہنم میں بناتا ہے یا اس کے لیے دوزخ واجب ہو جاتی ہے۔

باب ۶۲۸ الْيَمِينِ بِغَيْرِ اللهِ۔

اللہ کے سوا کسی اور کی قسم کھانا

۱۴۷۰۔ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ قَالَ أَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ حُمَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ حَلَفَ وَقَالَ فِي حَلِفِهِ وَاللَّاتِ فَلْيَقُلْ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ وَمَنْ قَالَ لِصَاحِبِهِ تَعَالَ أُقَامِرْكَ فَلْيَتَصَدَّقْ بِشَيْءٍ۔

حمید بن عبدالرحمان نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جس نے حلف اٹھایا اور اپنے حلف میں کہا کہ لات کی قسم، تو اُسے چاہیے کہ لا الٰہ الا اللہ کہے اور جو اپنے ساتھی سے کہے کہ آؤ جوا کھیلیں تو اُسے چاہیے کہ کوئی چیز خیرات کرے۔

۱۴۷۱۔ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللهِ بْنُ مُعَاذٍ نَا أَبِي نَا عَوْفٌ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَحْلِفُوا بِآبَائِكُمْ وَلَا بِأُمَّهَاتِكُمْ وَلَا بِالْأَنْدَادِ وَلَا تَحْلِفُوا إِلَّا بِاللهِ وَلَا تَحْلِفُوا بِاللهِ إِلَّا وَأَنْتُمْ صَادِقُونَ۔

محمد بن سیرین نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ قسم نہ کھایا کرو اپنے باپوں کی اور نہ اپنی ماؤں کی اور نہ بتوں کی اور قسم نہ کھایا کرو مگر اللہ کی اور اللہ کی قسم بھی نہ کھاؤ مگر جب کہ تم سچے ہو۔

باب ۶۲۹ فِي كَرَاهِيَةِ الْحَلِفِ بِالْآبَاءِ۔

آباؤ اجداد کی قسم کھانا منع ہے

۱۴۷۲۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ يُونُسَ نَا زُهَيْرٌ عَنْ عُبَيْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَدْرَكَهُ وَهُوَ فِي رَكْبٍ وَهُوَ يَحْلِفُ بِأَبِيهِ فَقَالَ إِنَّ اللهَ يَنْهَاكُمْ أَنْ تَحْلِفُوا بِآبَائِكُمْ فَمَنْ كَانَ حَالِفًا فَلْيَحْلِفْ بِاللهِ أَوْ لِيَسْكُتْ۔

حضرت ابن عمر نے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم انہیں ملے جبکہ وہ سواروں کے ساتھ تھے اور اپنے باپ کی قسم کھا رہے تھے۔ آپ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ تمہیں اپنے باپوں کی قسم کھانے سے منع فرماتا ہے۔ جس کو قسم کھانی پڑے تو وہ اللہ کی قسم کھائے یا خاموش رہے۔

۱۴۷۳۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ أَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَالِمٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عُمَرَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ سَمِعَنِي رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَ مَعْنَاهُ

سالم نے اپنے والد ماجد سے روایت کی کہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ میں نے رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے سنا ہے۔ پھر معناً مذکورہ حدیث کی طرح الی آبائکم تک روایت کی ہے یہ بھی ہے کہ حضرت عمر نے فرمایا۔ پس

www.sirat-e-mustaqeem.com

إلى يا أبا عكرمة إذ قال عمر والله ما حلفت بهذا ذاكرا ولا آثرا.

خدا کی قسم میں نے ان کی کبھی اصالتاً یا حکایتاً بھی قسم نہیں کھائی۔

١٢٧٤۔ حدثنا محمد بن العلاء نا إدريس قال سمعت الحسين بن عبيد الله عن سعيد بن أبي عبيدة قال سمع ابن عمر رجلا يحلف لا والكعبة فقال له ابن عمر إني سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول من حلف بغير الله فقد أشرك.

سعید بن ابو عبیدہ سے روایت ہے کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے ایک شخص کو کعبہ کی قسم کھاتے ہوئے سنا تو حضرت ابن عمر نے اس سے فرمایا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ جس نے خدا کے سوا کسی اور کی قسم کھائی تو اس نے مشرکوں جیسا کام کیا۔

١٢٧٥۔ حدثنا سليمان بن داود العتكي نا إسماعيل بن جعفر المدني عن أبي سهيل نافع بن مالك عن عامر عن أبيه أنه سمع طلحة بن عبيد الله يعني في حديث قصة الأعرابي قال النبي صلى الله عليه وسلم أفلح وأبيه إن صدق دخل الجنة وأبيه إن صدق.

سلیمان بن داؤد عتکی، اسمٰعیل بن جعفر مدنی، ابوسہیل نافع بن مالک، عامر ان کے والد ماجد نے حضرت طلحہ بن عبید اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی یعنی اعرابی کے قصے والی حدیث کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ نجات پا گیا، اس کے باپ کی قسم اگر سچا ہے، جنت میں داخل ہوگیا اس کے باپ کی قسم اگر سچا ہے۔

باب ٦٣٠ كراهية الحلف بالأمانة.

امانت کی قسم کھانا منع ہے

١٢٧٦۔ حدثنا أحمد بن يونس نا زهير نا الوليد بن ثعلبة الطائي عن ابن بريدة عن أبيه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من حلف بالأمانة فليس منا.

احمد بن یونس، زہیر، ولید بن ثعلبہ طائی، ابن بریدہ نے اپنے والد ماجد سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ جس نے امانت کی قسم کھائی وہ ہم میں سے نہیں ہے۔

باب ٦٣١ المعاريض في الأيمان.

قسم میں پہلو نکال کر بچنا

١٢٧٧۔ حدثنا عمرو بن عون قال أنا ح ونا مسدد قال نا هشيم عن عباد بن أبي صالح عن أبيه عن أبي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم يمينك على ما يصدقك عليها صاحبك قال مسدد قال أخبرني عبد الله بن أبي صالح قال أبو داود هما واحد عباد بن أبي صالح وعبد الله بن أبي صالح.

عباد بن ابو صالح کے والد ماجد ابو صالح نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ تمہاری قسم کی صحت اس پر موقوف ہے کہ تمہارا ساتھی تمہاری تصدیق کرے۔ مسدد کا بیان ہے کہ یہ حدیث بصیغہ خبر مجھے عبد اللہ بن ابو صالح سے پہنچی۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ عباد بن ابو صالح اور عبد اللہ بن ابو صالح، یہ دونوں ایک ہیں (یعنی ایک شخص کے دو نام ہیں)

www.sirat-e-mustaqeem.com

۱۲۷۸۔ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ مُحَمَّدٍ النَّاقِدُ نَا أَبُو أَحْمَدَ الزُّبَيْرِيُّ قَالَ نَا إِسْرَائِيلُ عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ عَبْدِ الْأَعْلَى عَنْ جَدَّتِهِ عَنْ أَبِيهَا سُوَيْدِ بْنِ حَنْظَلَةَ قَالَ خَرَجْنَا نُرِيدُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَعَنَا وَائِلُ بْنُ حُجْرٍ فَأَخَذَهُ عَدُوٌّ لَهُ فَتَحَرَّجَ الْقَوْمُ أَنْ يَحْلِفُوا وَحَلَفْتُ أَنَّهُ أَخِي فَخَلَّى سَبِيلَهُ فَأَتَيْنَا رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَخْبَرْتُهُ أَنَّ الْقَوْمَ تَحَرَّجُوا أَنْ يَحْلِفُوا وَحَلَفْتُ أَنَّهُ أَخِي قَالَ صَدَقْتَ الْمُسْلِمُ أَخُو الْمُسْلِمِ۔

ابراہیم بن عبدالاعلیٰ کی دادی جان سے ان کے والد محترم حضرت سوید بن حنظلہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا:۔ ہم رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہونے کے ارادے سے نکلے اور ہمارے ساتھ حضرت وائل بن حجر تھے۔ انہیں (حضرت وائل کو) اُن کے دشمن نے پکڑ لیا۔ پس لوگوں نے قسم کھانے سے گریز کیا لیکن میں نے قسم کھائی کہ یہ میرا بھائی ہے۔ پس اس نے انہیں چھوڑ دیا۔ ہم نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر آپ کو یہ بات بتائی کہ دوسرے لوگوں نے قسم کھانے سے کنی کترائی لیکن میں نے قسم کھائی کہ یہ میرا بھائی ہے۔ آپ نے فرمایا کہ تم نے سچ کہا کیونکہ ایک مسلمان دوسرے مسلمان کا بھائی ہے۔ ف

ف۔ جب تک مسلمانوں نے ہادیٔ برحق کے پڑھائے ہوئے اس سبق کو یاد رکھا کہ مسلمان آپس میں بھائی بھائی ہیں تو پوری دُنیا سے اپنی عظمت منواتے رہے اور آج جب کہ ہم ایک دوسرے کے لیے بلائے ناگہانی بن گئے تو اس کا نتیجہ بھی نگاہوں کے سامنے ہے کہ اقوامِ عالم کی نگاہوں میں سامانِ تضحیک بن کر رہ گئے ہیں۔ شاعرِ مشرق بھی اسی کے لیے دعا گو ہوئے تھے ؎

ہاں دکھا دے یا الٰہی پھر وہ صبح و شام تو
دوڑ پیچھے کی طرف اے گردشِ ایام تو

بَابُ ۶۳۲ مَا جَاءَ فِي الْحَلِفِ بِالْبَرَاءَةِ مِنْ مِلَّةٍ غَيْرِ الْإِسْلَامِ۔

اسلام کے سوا کسی ملت سے بری ہونے کی قسم کھانا

۱۲۷۹۔ حَدَّثَنَا أَبُو تَوْبَةَ الرَّبِيعُ بْنُ نَافِعٍ نَا مُعَاوِيَةُ بْنُ سَلَّامٍ عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي كَثِيرٍ قَالَ أَخْبَرَنِي أَبُو قِلَابَةَ أَنَّ ثَابِتَ بْنَ الضَّحَّاكِ أَخْبَرَهُ أَنَّهُ بَايَعَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَحْتَ الشَّجَرَةِ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ حَلَفَ بِمِلَّةٍ غَيْرِ مِلَّةِ الْإِسْلَامِ كَاذِبًا فَهُوَ كَمَا قَالَ وَمَنْ قَتَلَ نَفْسَهُ بِشَيْءٍ عُذِّبَ بِهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَلَيْسَ عَلَى رَجُلٍ نَذْرٌ فِيمَا لَا يَمْلِكُهُ۔

ابو قلابہ نے حضرت ثابت بن ضحاک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے جنہوں نے درخت کے نیچے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے بیعتِ رضوان کی تھی کہ رسول اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ جس نے اسلام کے سوا کسی اور دین و ملت کی جھوٹی قسم کھائی تو وہ اسی طرح ہے جیسا اس نے کہا اور جس نے کسی چیز کے ساتھ اپنے آپ کو قتل کیا تو قیامت کے روز وہ اسی کے ساتھ عذاب دیا جائے گا اور آدمی پر اس نذر کا پورا کرنا ضروری نہیں جو اس کے اختیار میں نہ ہو۔

۱۲۸۰۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ نَا زَيْدُ بْنُ حُبَابٍ نَا حُسَيْنٌ يَعْنِي ابْنَ وَاقِدٍ حَدَّثَنِي عَبْدُ اللَّهِ بْنُ بُرَيْدَةَ عَنْ أَبِيهِ قَالَ قَالَ رَسُولُ

عبداللہ بن بریدہ نے اپنے والد ماجد سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ جس نے قسم کھاتے ہوئے کہا کہ میں اسلام سے دُور ہوں۔ اگر وہ جھوٹا ہے

www.sirat-e-mustaqeem.com

اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ حَلَفَ فَقَالَ إِنِّي بَرِيءٌ مِنَ الْإِسْلَامِ فَإِنْ كَانَ كَاذِبًا فَهُوَ كَمَا قَالَ وَإِنْ كَانَ صَادِقًا فَلَنْ يَرْجِعَ إِلَى الْإِسْلَامِ سَالِمًا۔

تو اپنے کہنے کے مطابق ہے اور اگر سچا ہے تو اسلام کی طرف سلامتی کے ساتھ واپس نہیں لوٹے گا۔

باب ۷۳۳ الرَّجُلُ يَحْلِفُ أَنْ لَا يَتَأَدَّمَ۔

جو قسم کھائے کہ سالن نہیں کھائے گا

۱۴۸۱ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِيسَى نَا يَحْيَى ابْنُ الْعَلَاءِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى عَنْ يُوسُفَ ابْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ سَلَامٍ قَالَ رَأَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَضَعَ تَمْرَةً عَلَى كِسْرَةٍ فَقَالَ هَذِهِ إِدَامُ هَذِهِ۔

محمد بن عیسٰی، یحیٰی بن العلاء، محمد بن یحیٰی، حضرت یوسف بن عبداللہ بن سلام رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو دیکھا کہ آپ نے روٹی کے ٹکڑے پر کھجور رکھی اور فرمایا کہ یہ اس کا سالن ہے۔

۱۴۸۲ حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ عَبْدِ اللهِ نَا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ قَالَ نَا أَبِي عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي يَحْيَى عَنْ يَزِيدَ الْأَعْوَرِ عَنْ يُوسُفَ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ سَلَامٍ مِثْلَهُ۔

ہارون بن عبداللہ، عمر بن حفص، اُن کے والد ماجد، محمد بن ابو یحیٰی، یزید اعور نے حضرت یوسف بن عبداللہ بن سلام رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے اسی کے مانند روایت کی۔

باب ۷۳۴ الْإِسْتِثْنَاءِ فِي الْيَمِينِ۔

قسم میں ان شاء اللہ کہنا

۱۴۸۳ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ قَالَ نَا سُفْيَانُ عَنْ أَيُّوبَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ يَبْلُغُ بِهِ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ حَلَفَ عَلَى يَمِينٍ فَقَالَ إِنْ شَاءَ اللهُ فَقَدِ اسْتَثْنَى۔

نافع نے حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی کہ انہوں نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے مرفوعاً روایت کرتے ہوئے فرمایا، جو کسی بات پر قسم کھائے اور ان شاء اللہ کہے تو اُس نے استثناء کر لیا۔

۱۴۸۴ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِيسَى وَمُسَدَّدٌ وَهَذَا حَدِيثُهُ قَالَا نَا عَبْدُ الْوَارِثِ عَنْ أَيُّوبَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ حَلَفَ فَاسْتَثْنَى فَإِنْ شَاءَ رَجَعَ وَإِنْ شَاءَ تَرَكَ غَيْرَ حِنْثٍ۔

محمد بن عیسٰی اور مسدد، عبدالوارث، ایوب، نافع نے حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، جس نے قسم کھاتے ہوئے استثناء کر لیا تو چاہے رجوع کرے اور چاہے نہ کرے، قسم نہیں ٹوٹے گا۔

باب ۷۳۵ مَا جَاءَ فِي يَمِينِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا كَانَتْ۔

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کس طرح قسم کھایا کرتے تھے؟

۱۴۸۵ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ مُحَمَّدٍ النُّفَيْلِيُّ نَا ابْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ عَنْ سَالِمٍ

موسیٰ بن عقبہ نے سالم سے روایت کی ہے کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا، رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

www.sirat-e-mustaqeem.com

عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ اَكْثَرُ مَا كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَحْلِفُ بِهٰذَا الْيَمِيْنِ لَا وَمُقَلِّبِ الْقُلُوْبِ۔

اکثر یوں قسم کھایا کرتے: قسم ہے اُس ذات کی جو دلوں کا پھیرنے والی ہے۔

۱۲۸۶ - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ وَنَا وَكِيْعٌ نَا عِكْرِمَةُ بْنُ عَمَّارٍ عَنْ عَاصِمِ بْنِ شُمَيْخٍ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اجْتَهَدَ فِي الْيَمِيْنِ قَالَ لَا وَالَّذِيْ نَفْسُ اَبِي الْقَاسِمِ بِيَدِهٖ۔

عاصم بن شمیخ سے روایت ہے کہ حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو جب قسم میں تاکید منظور ہوتی تو فرماتے: قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضے میں ابوالقاسم (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) کی جان ہے۔

۱۲۸۷ - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ عَنْ اَبِيْ رِزْمَةَ اَخْبَرَنِيْ زَيْدُ بْنُ اَبِيْ حُبَابٍ اَخْبَرَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ هِلَالٍ حَدَّثَنِيْ اَبِيْ اَنَّهٗ سَمِعَ اَبَا هُرَيْرَةَ يَقُوْلُ كَانَتْ يَمِيْنُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا حَلَفَ يَقُوْلُ لَا وَاَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ۔

محمد بن عبدالعزیز بن ابورزمہ، زید بن ابوحباب، محمد بن ہلال کے والد ماجد نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب کسی بات پر قسم کھاتے تو فرمایا کرتے: نہیں اور میں اللہ سے مغفرت چاہتا ہوں۔

۱۲۸۸ - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ نَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ حَمْزَةَ نَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْمُغِيْرَةِ الْحِزَامِيُّ نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَيَّاشٍ السَّمْعِيُّ الْاَنْصَارِيُّ عَنْ دَلْهَمِ بْنِ الْاَسْوَدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ حَاجِبِ بْنِ عَامِرِ بْنِ الْمُنْتَفِقِ الْعُقَيْلِيِّ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَمِّهٖ لَقِيْطِ بْنِ عَامِرٍ قَالَ دَلْهَمٌ وَحَدَّثَنِيْهِ اَيْضًا الْاَسْوَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ عَاصِمِ بْنِ لَقِيْطٍ اَنَّ لَقِيْطَ بْنَ عَامِرٍ خَرَجَ وَافِدًا اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَقِيْطٌ فَقَدِمْنَا عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ حَدِيْثًا فِيْهِ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَعَمْرُ اِلٰهِكَ۔

حسن بن علی، ابراہیم بن حمزہ، ابراہیم بن مغیرہ حزامی، عبدالرحمٰن بن عیاش سمعی انصاری، دلہم بن اسود بن عبداللہ بن حاجب بن عامر بن منتفق عقیلی کے والد ماجد سے روایت ہے کہ ان کے چچا جان حضرت لقیط بن عامر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ دلہم کا بیان ہے کہ اسی طرح یہ حدیث بیان کی مجھ سے اسود بن عبداللہ نے عاصم بن لقیط کے واسطے سے کہ حضرت لقیط بن عاصم رضی اللہ تعالیٰ عنہ وفد لے کر نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوئے۔ حضرت لقیط کا بیان ہے کہ ہم رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوئے۔ پھر باقی حدیث بیان کی جس میں ہے: پس نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تمہارے معبود کی قسم۔

بَابٌ ۶۳۶ - الْحِنْثِ اِذَا كَانَ خَيْرًا۔

بھلائی کی وجہ سے قسم توڑ دینا

۱۲۸۹ - حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ نَا حَمَّادٌ نَا غَيْلَانُ بْنُ جَرِيْرٍ عَنْ اَبِيْ بُرْدَةَ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّ

ابوبردہ نے اپنے والد ماجد سے روایت کی کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: بیشک خدا کی قسم، اگر اللہ نے چاہا اور

النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِنِّي وَاللّٰهِ إِنْ شَاءَ اللّٰهُ لَا أَحْلِفُ عَلَى يَمِينٍ فَأَرَى غَيْرَهَا خَيْرًا مِنْهَا إِلَّا كَفَّرْتُ يَمِينِي وَأَتَيْتُ الَّذِي هُوَ خَيْرٌ أَوْ قَالَ أَتَيْتُ الَّذِي هُوَ خَيْرٌ وَكَفَّرْتُ يَمِينِي۔

میں کسی بات پر قسم کھالوں، پھر دیکھوں کہ بھلائی اس کے سوا دوسری صورت میں ہے تو میں اپنی قسم کا کفارہ دے کر بھلائی کی طرف آجاتا ہوں یا یوں فرمایا کہ بھلائی کی طرف آجاتا ہوں اور اپنی قسم کا کفارہ دے دیتا ہوں۔

۱۴۹۰۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الصَّبَّاحِ الْبَزَّارُ نَا هُشَيْمٌ قَالَ أَخْبَرَنَا يُونُسُ وَمَنْصُورٌ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ قَالَ لِيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ سَمُرَةَ إِذَا حَلَفْتَ عَلَى يَمِينٍ فَرَأَيْتَ غَيْرَهَا خَيْرًا مِنْهَا فَأْتِ الَّذِي هُوَ خَيْرٌ وَكَفِّرْ يَمِينَكَ قَالَ أَبُو دَاوُدَ سَمِعْتُ أَحْمَدَ يُرَخِّصُ فِيهَا الْكَفَّارَةَ قَبْلَ الْحِنْثِ۔

حسن نے حضرت عبدالرحمٰن بن سمرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مجھ سے فرمایا! اے عبدالرحمٰن بن سمرہ! جب تم کسی بات پر قسم کھاؤ اور بھلائی اس کے سوا میں دیکھو تو بھلائی کی طرف ہو جانا اور اپنی قسم کا کفارہ ادا کرنا۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ میں نے امام احمد بن حنبل سے سنا کہ قسم ٹوٹنے سے پہلے کفارہ دینے کی اجازت ہے۔

۱۴۹۱۔ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ خَلَفٍ نَا عَبْدُ الْأَعْلَى قَالَ نَا سَعِيدٌ عَنْ قَتَادَةَ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ نَحْوَهُ قَالَ فَكَفِّرْ عَنْ يَمِينِكَ ثُمَّ ائْتِ الَّذِي هُوَ خَيْرٌ قَالَ أَبُو دَاوُدَ أَحَادِيثُ أَبِي مُوسَى الْأَشْعَرِيِّ وَعَدِيِّ بْنِ حَاتِمٍ وَأَبِي هُرَيْرَةَ فِي هٰذَا الْحَدِيثِ رُوِيَ عَنْ كُلِّ وَاحِدٍ مِنْهُمْ فِي بَعْضِ الرِّوَايَةِ الْكَفَّارَةُ قَبْلَ الْحِنْثِ وَفِي بَعْضِ الرِّوَايَةِ الْحِنْثُ قَبْلَ الْكَفَّارَةِ۔

حسن نے حضرت عبدالرحمٰن رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے اسی طرح روایت کرتے ہوئے فرمایا کہ اپنی قسم کا کفارہ دے دو اور بھلائی کی طرف ہو جاؤ۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ حضرت ابوموسیٰ اشعری، حضرت عدی بن حاتم اور حضرت ابوہریرہ کی اس سلسلے میں جو روایات ہیں، ان میں سے بعض کے اندر کفارہ قسم ٹوٹنے سے پہلے ہے اور بعض روایتوں میں قسم کا ٹوٹنا کفارہ دینے سے پہلے وارد ہوا ہے۔

بَابُ ٦٣ فِي الْقَسَمِ هَلْ يَكُونُ يَمِينًا

کیا لفظ قسم بھی قسم کھانے میں شمار ہوتا ہے

۱۴۹۲۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ نَا سُفْيَانُ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ أَبَا بَكْرٍ أَقْسَمَ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تُقْسِمْ۔

عبیداللہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی کہ حضرت ابوبکر نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر قسم کھائی تو نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا: "قسم نہ کھاؤ۔"

۱۴۹۳۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ فَارِسٍ

محمد بن یحییٰ بن فارس، عبدالرزاق، ابن یحییٰ، معمر، زہری

www.sirat-e-mustaqeem.com

نا عبد الرزاق قال ابن يحيى كتبته من كتابه قال انا معمر عن الزهري عن عبيد الله عن ابن عباس قال كان ابو هريرة يحدث ان رجلا اتى رسول الله صلى الله عليه وسلم اني ارى الليلة فذكر رؤيا فعبرها ابو بكر فقال النبي صلى الله عليه وسلم اصبت بعضا واخطأت بعضا فقال اقسمت عليك يا رسول الله بابي انت لتحدثني ما الذي اخطأت فقال له النبي صلى الله عليه وسلم لا تقسم۔

عبید اللہ، حضرت ابن عباس نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ ایک شخص رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر عرض گزار ہوا کہ آج رات میں نے ایک خواب دیکھا ہے۔ اس نے خواب بیان کیا تو حضرت ابوبکر نے تعبیر بیان کی۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تعبیر کا کچھ حصہ درست ہے اور کچھ درست نہیں ہے۔ عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ میں آپ کو قسم دیتا ہوں، میرے والد ماجد آپ پر قربان، ارشاد فرمائیے کہ میں نے کون سی بات غلط کہی ہے؟ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اُن سے فرمایا کہ قسم نہ دو۔

۱۲۹۴۔ حدثنا محمد بن يحيى قال انا محمد بن كثير نا سليمان بن كثير عن الزهري عن عبيد الله عن ابن عباس عن النبي صلى الله عليه وسلم بهذا لم يذكر القسم زاد فيه ولم يخبره۔

محمد بن یحییٰ، محمد بن کثیر، سلیمان بن کثیر، زہری، عبید اللہ، حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مرفوعاً روایت ہے لیکن قسم کا ذکر نہیں بلکہ یہ ہے کہ آپ نے انہیں نہ بتایا۔

باب ۶۳۸ في الحلف كاذبا متعمدا۔

جان بوجھ کر جھوٹی قسم کھانا

۱۲۹۵۔ حدثنا موسى بن اسمعيل نا حماد انا عطاء بن السائب عن ابي يحيى عن ابن عباس ان رجلين اختصما الى النبي صلى الله عليه وسلم فسأل النبي صلى الله عليه وسلم الطالب البينة فلم تكن له بينة فاستحلف المطلوب فحلف بالله الذي لا اله الا هو فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم بلى قد فعلت ولكن غفر لك باخلاص قول لا اله الا الله قال ابو داؤد يراد من هذا الحديث انه لم يأمره بالكفارة۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ دو شخصوں نے اپنا جھگڑا نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں پیش کیا۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مدعی سے گواہ پیش کرنے کے لیے فرمایا۔ اس کے پاس گواہ نہ تھے۔ آپ نے مدعا علیہ سے قسم کے لیے فرمایا۔ پس اس نے حلف اٹھایا کہ خدا کی قسم جس کے سوا کوئی معبود نہیں۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم نے یہ کام کیا ہے لیکن تمہیں خلوص دل سے لا الٰہ الا اللہ کہنے کے سبب معاف کر دیا گیا۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ اس حدیث کو بیان پیش کرنے کا مقصد یہ ہے کہ آپ نے اُسے کفارہ ادا کرنے کا حکم نہیں فرمایا۔

باب ۶۳۹ كم الصاع في الكفارة۔

کفارہ کے کتنے صاع ہیں؟

۱۲۹۶۔ حدثنا احمد بن صالح قال قرأت على انس بن عياض قال حدثني عبد الرحمن

عبدالرحمان بن حرملہ نے اُم حبیب بنت ذؤیب بن قیس مزنیہ سے روایت کی ہے جو ان میں سے بنی اسلم کے ایک شخص

www.sirat-e-mustaqeem.com

ابْنُ حَرْمَلَةَ عَنْ أُمِّ حَبِيبٍ بِنْتِ ذُؤَيْبِ بْنِ قَيْسٍ الْمُزَنِيَّةِ وَكَانَتْ تَحْتَ رَجُلٍ مِنْهُمْ مِنْ أَسْلَمَ ثُمَّ كَانَتْ تَحْتَ ابْنِ أَخٍ لِصَفِيَّةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ ابْنُ حَرْمَلَةَ فَوَهَبَتْ لَنَا أُمُّ حَبِيبٍ صَاعًا حَدَّثَتْنَا عَنِ ابْنِ أَخِي صَفِيَّةَ عَنْ صَفِيَّةَ أَنَّهُ صَاعُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ أَنَسٌ فَجَرَّبْتُهُ فَوَجَدْتُهُ مُدَّيْنِ وَنِصْفًا بِمُدِّ هِشَامٍ۔

کے نکاح میں تھیں اور پھر نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی زوجۂ مطہرہ حضرت صفیہ کے بھتیجے سے نکاح کیا۔ ابن حرملہ نے فرمایا کہ ہمیں اُمِّ حبیب نے ایک صاع (کفّارہ) دیا۔ انہوں (اُمِّ حبیب) نے حضرت صفیہ کے بھتیجے سے حدیث روایت کی، انہوں نے حضرت صفیہ سے کہ وہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا صاع تھا۔ حضرت انس نے فرمایا کہ میں نے اُسے (نبوی صاع کو) تولا تو وہ ہشام بن عبد الملک کے مد سے اڑھائی مد تھا۔

بَابٌ ٦٤ فِي الرَّقَبَةِ الْمُؤْمِنَةِ۔

مسلمان لونڈی کا بیان

١٤٩٧۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا يَحْيَى عَنِ الْحَجَّاجِ الصَّوَّافِ حَدَّثَنِي يَحْيَى بْنُ أَبِي كَثِيرٍ عَنْ هِلَالِ ابْنِ أَبِي مَيْمُونَةَ عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ الْحَكَمِ السُّلَمِيِّ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ جَارِيَةٌ لِي صَكَكْتُهَا صَكَّةً فَعَظَّمَ ذٰلِكَ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ أَفَلَا أُعْتِقُهَا قَالَ ائْتِنِي بِهَا قَالَ فَجِئْتُ بِهَا قَالَ أَيْنَ اللّٰهُ قَالَتْ فِي السَّمَاءِ قَالَ فَمَنْ أَنَا قَالَتْ أَنْتَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ أَعْتِقْهَا فَإِنَّهَا مُؤْمِنَةٌ۔

عطاء بن یسار سے روایت ہے کہ حضرت معاویہ بن حکم سلمی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: میں عرض گزار ہوا کہ یا رسول اللہ! میں نے اپنی لونڈی کو خوب پیٹا ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر یہ بات گراں گزری تو میں عرض گزار ہوا کہ کیا اُسے آزاد کر دوں؟ فرمایا کہ اُسے میرے پاس لاؤ۔ راوی کا بیان ہے کہ میں اُسے لے کر آیا۔ آپ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کہاں ہے؟ اس (لونڈی) نے کہا کہ آسمان میں۔ آپ نے فرمایا کہ میں کون ہوں؟ لونڈی نے کہا کہ آپ اللہ تعالیٰ کے رسول ہیں (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) ارشاد ہوا کہ اسے آزاد کر دو کیونکہ یہ ایمان والی ہے۔ ف

ف۔ اللہ کو ماننا اور اس کے رسول کی رسالت کا اقرار کرنے سے آدمی دائرہ اسلام میں آجاتا ہے۔ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بھی ان دونوں باتوں کے اقرار پر اُس لونڈی کو مومنہ قرار دیا۔ ہاں جب کسی سے کوئی ایسی بات سرزد ہو جائے جو شریعتِ مطہرہ کی نظر میں کفر یا شرک ہو تو اس میں توحید و رسالت کا اقرار اور کلمہ گوئی بھی بے سود ہو کر رہ جائے گی بلکہ ایسا شخص خواہ مفتی و شیخِ طریقت بھی کیوں نہ بنتا اور کہلاتا ہو، ہرگز مسلمان نہیں رہے گا اور خدا کے نزدیک کافر و مشرک ہو جائے گا۔ دوسری بات یہ مدِ نظر رہے کہ اس حدیث سے اللہ تعالیٰ کا آسمان پر ہونا ہرگز ثابت نہیں ہوتا۔ مقصودِ سوال سے صرف اتنا تھا کہ اس لونڈی کو خدا کا تصور ہے یا نہیں۔ کسی جگہ میں وہ چیز ہوتی ہے جس کا جسم ہو اور اللہ تعالیٰ جسم سے پاک ہے۔ نیز اللہ تعالیٰ کسی جگہ میں سما نہیں سکتا، نہ کوئی چیز اس کا احاطہ کر سکتی ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

١٤٩٨۔ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْمٰعِيلَ نَا حَمَّادٌ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو عَنْ أَبِي سَلَمَةَ عَنِ

ابو سلمہ نے حضرت شرید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ ان کی والدۂ ماجدہ نے انہیں وصیت کی تھی کہ اُن کی

www.sirat-e-mustaqeem.com

الشَّرِيدِ أَنَّ أُمَّهُ أَوْصَتْهُ أَنْ يُعْتِقَ عَنْهَا رَقَبَةً مُؤْمِنَةً فَأَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ إِنَّ أُمِّي أَوْصَتْ أَنْ أُعْتِقَ عَنْهَا رَقَبَةً مُؤْمِنَةً وَعِنْدِي جَارِيَةٌ سَوْدَاءُ نُوبِيَّةٌ فَذَكَرَ نَحْوَهُ قَالَ أَبُو دَاوُدَ خَالِدُ ابْنُ عَبْدِ اللّٰهِ أَرْسَلَهُ لَمْ يَذْكُرِ الشَّرِيدَ۔

طرف سے ایک ایمان والی لونڈی آزاد کی جائے۔ پس یہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ میری والدہ محترمہ نے ایک ایمان والی لونڈی آزاد کرنے کی مجھے وصیت کی اور میرے پاس نوبیہ کی ایک کالی لونڈی ہے۔ پھر اسی طرح بیان کی۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ خالد بن عبداللہ نے اسے مرسلاً روایت کیا اور حضرت شرید کا ذکر نہیں کیا۔

باب ۶۴۱ كَرَاهِيَةِ النَّذْرِ۔

۱۴۹۹۔ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ ابْنُ أَبِي شَيْبَةَ نَا جَرِيرٌ عَنْ مَنْصُورٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُرَّةَ الْهَمْدَانِيِّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ أَخَذَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَنْهَى عَنِ النَّذْرِ وَيَقُولُ لَا يَرُدُّ شَيْئًا وَإِنَّمَا يُسْتَخْرَجُ بِهِ مِنَ الْبَخِيلِ۔

نذر کی ممانعت

عبداللہ بن مرہ ہمدانی سے روایت ہے کہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نذر سے منع ہی کیا کرتے اور فرماتے۔ نذر کسی چیز کو ٹالتی تو نہیں، ہاں اس کی وجہ سے بخیل کا مال نکل جاتا ہے۔

باب ۶۴۲ النَّذْرِ فِي الْمَعْصِيَةِ۔

۱۵۰۰۔ حَدَّثَنَا الْقَعْنَبِيُّ عَنْ مَالِكٍ عَنْ طَلْحَةَ بْنِ عَبْدِ الْمَلِكِ الْأَيْلِيِّ عَنِ الْقَاسِمِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ نَذَرَ أَنْ يُطِيعَ اللّٰهَ فَلْيُطِعْهُ وَمَنْ نَذَرَ أَنْ يَعْصِيَ اللّٰهَ فَلَا يَعْصِهِ۔

گناہ کی نذر ماننا

قاسم بن محمد نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جس نے نذر کی کہ اللہ تعالیٰ کا حکم مانے تو اُسے پوری کرے اور جس نے نذر مانی کہ اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کرے گا تو اُسے پوری نہ کرے۔

۱۵۰۱۔ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْمٰعِيلَ نَا وُهَيْبٌ نَا أَيُّوبُ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ بَيْنَمَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْطُبُ إِذَا هُوَ بِرَجُلٍ قَائِمٍ فِي الشَّمْسِ فَسَأَلَ عَنْهُ فَقَالُوا هٰذَا أَبُو إِسْرَائِيلَ نَذَرَ أَنْ يَقُومَ وَلَا يَقْعُدَ وَلَا يَسْتَظِلَّ وَلَا يَتَكَلَّمَ وَيَصُومَ قَالَ مُرُوهُ فَلْيَتَكَلَّمْ وَلْيَسْتَظِلَّ وَلْيَقْعُدْ وَلْيُتِمَّ صَوْمَهُ۔

عکرمہ سے روایت ہے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم خطبہ دے رہے تھے کہ ایک شخص کو دھوپ میں کھڑا دیکھا۔ اس کے متعلق پوچھا تو لوگوں نے کہا کہ یہ ابواسرائیل ہے۔ اس نے نذر مانی ہے کہ کھڑا رہے گا۔ بیٹھے گا نہیں، نہ سائے میں رہے گا، نہ کلام کرے گا اور روزہ رکھے گا۔ آپ نے فرمایا۔ اس سے کہو کہ کلام کرے، سائے میں رہے، بیٹھ جائے اور اپنا روزہ پورا کرے۔

باب ۶۴۳ مَنْ رَأَى عَلَيْهِ كَفَّارَةً إِذَا كَانَ فِي مَعْصِيَةٍ۔

جس کے نزدیک معصیت کی قسم توڑنے پر کفارہ ہے

۱۵۰۲۔ حَدَّثَنَا إِسْمٰعِيلُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ

ابوسلمہ نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے

www.sirat-e-mustaqeem.com

أَبُو مَعْمَرٍ نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ يُونُسَ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ أَبِي سَلَمَةَ عَنْ عَائِشَةَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا نَذْرَ فِي مَعْصِيَةٍ وَكَفَّارَتُهُ كَفَّارَةُ يَمِينٍ قَالَ أَبُو دَاوُدَ سَمِعْتُ أَحْمَدَ بْنَ شَبُّوَيْهِ قَالَ قَالَ ابْنُ الْمُبَارَكِ يَعْنِي فِي هٰذَا الْحَدِيثِ حَدِيثُ أَبِي سَلَمَةَ فَدَلَّ ذٰلِكَ عَلَى أَنَّ الزُّهْرِيَّ لَمْ يَسْمَعْهُ مِنْ أَبِي سَلَمَةَ قَالَ أَبُو دَاوُدَ سَمِعْتُ أَحْمَدَ بْنَ حَنْبَلٍ يَقُولُ أَفْسَدُوا عَلَيْنَا هٰذَا الْحَدِيثَ قِيلَ لَهُ وَصَحَّ إِفْسَادُهُ عِنْدَكَ وَهَلْ رَوَاهُ غَيْرُ ابْنِ أَبِي أُوَيْسٍ قَالَ أَيُّوبُ كَانَ أَمْثَلَ مِنْهُ يَعْنِي أَيُّوبَ بْنَ سُلَيْمَانَ بْنِ بِلَالٍ وَقَدْ رَوَاهُ أَيُّوبُ۔

روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا وہ گناہ کے کام کی کوئی نذر نہیں اور اس کا کفارہ قسم کے کفارے کی طرح ہے ۔امام ابوداؤد نے فرمایا کہ میں نے احمد بن شبویہ سے سنا جو ابن مبارک سے اس حدیث ابوسلمہ کے متعلق روایت کی۔ پس یہ اس بات کی دلیل ہے کہ زہری کو ابوسلمہ سے سماع حاصل نہیں ہے۔ امام ابوداؤد کا بیان ہے کہ میں نے امام احمد بن حنبل کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ اس حدیث کو ہمارے لیے بگاڑ دیا گیا۔ عرض کی گئی کہ اس کا بگاڑ آپ کے نزدیک ثابت ہے اور کیا اسے ابن ادریس کے سوا کسی نے روایت کیا ہے؟ فرمایا کہ ایوب بھی ان جیسے ہیں یعنی ایوب بن سلیمان بن بلال اور ایوب نے اسے روایت کیا ہے۔

۱۵۰۳۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَرْوَزِيُّ نَا أَيُّوبُ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنْ أَبِي بَكْرِ بْنِ أَبِي أُوَيْسٍ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ بِلَالٍ عَنِ ابْنِ عَتِيقٍ وَمُوسَى بْنِ عُقْبَةَ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ أَرْقَمَ أَنَّ يَحْيَى بْنَ أَبِي كَثِيرٍ أَخْبَرَهُ عَنْ أَبِي سَلَمَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا نَذْرَ فِي مَعْصِيَةٍ وَكَفَّارَتُهُ كَفَّارَةُ يَمِينٍ قَالَ أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَرْوَزِيُّ إِنَّمَا الْحَدِيثُ حَدِيثُ عَلِيِّ بْنِ الْمُبَارَكِ عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي كَثِيرٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الزُّبَيْرِ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَرَادَ أَنَّ سُلَيْمَانَ بْنَ أَرْقَمَ وَهِمَ فِيهِ وَحَمَلَهُ عَنْهُ الزُّهْرِيُّ وَأَرْسَلَهُ إِلَى أَبِي سَلَمَةَ عَنْ عَائِشَةَ۔

احمد بن محمد مروزی، ایوب بن سلیمان، ابی بکر بن ابوادریس، سلیمان بن بلال، ابن عتیق اور موسیٰ بن عقبہ، ابن شہاب، سلیمان بن ارقم، یحییٰ بن ابوکثیر، ابوسلمہ نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: گناہ کے کاموں کی نذر نہیں ہوتی اور اس کا کفارہ قسم کے کفارے کی طرح ہوتا ہے۔ احمد بن محمد مروزی نے کہا کہ یہ حدیث علی بن مبارک کی حدیث ہے جس کو روایت کیا یحییٰ بن ابوکثیر، محمد بن زبیر ان کے والدِ ماجد، حضرت عمران بن حصین رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے روایت کی۔ اس (احمد بن مروزی) کا مقصد یہ ہے کہ اس میں سلیمان بن ارقم کو وہم ہوا اور زہری کی روایت ہونے پر محمول کیا اور ارسال کر دیا کہ اسے ابوسلمہ نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کیا ہے۔

۱۵۰۴۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ الْقَطَّانُ قَالَ أَخْبَرَنِي يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ

مسدد، یحییٰ بن سعید قطان، یحییٰ بن سعید انصاری، عبید اللہ بن زحر، ابوسعید، عبداللہ بن مالک نے حضرت عقبہ بن عامر

الْأَنْصَارِيُّ قَالَ أَخْبَرَنِي عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ زَحْرٍ أَنَّ أَبَا سَعِيدٍ أَخْبَرَهُ أَنَّ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ مَالِكٍ أَخْبَرَهُ أَنَّ عُقْبَةَ بْنَ عَامِرٍ أَخْبَرَهُ أَنَّهُ سَأَلَ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ أُخْتٍ لَهُ نَذَرَتْ أَنْ تَحُجَّ حَافِيَةً غَيْرَ مُخْتَمِرَةٍ فَقَالَ مُرُوهَا فَلْتَخْتَمِرْ وَلْتَرْكَبْ وَلْتَصُمْ ثَلَاثَةَ أَيَّامٍ۔

رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ اُنہوں نے اپنی بہن کے متعلق نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے پوچھا جس نے نذر مانی تھی پیدل اور ننگے سر حج کرے گی۔ آپ نے فرمایا: اُن سے کہو کہ سر چھپائیں، سوار ہوں اور تین روزے رکھ لیں (کفارہ ادا کر دیں اور کھلے سر، پیدل حج نہ کریں)۔

١٥٠٥ - حَدَّثَنَا مَخْلَدُ بْنُ خَالِدٍ قَالَ نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ قَالَ نَا ابْنُ جُرَيْجٍ قَالَ أَخْبَرَنِي سَعِيدُ بْنُ أَبِي أَيُّوبَ أَنَّ يَزِيدَ بْنَ أَبِي حَبِيبٍ أَخْبَرَهُ أَنَّ أَبَا الْخَيْرِ حَدَّثَهُ عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ الْجُهَنِيِّ أَنَّهُ قَالَ نَذَرَتْ أُخْتِي أَنْ تَمْشِيَ إِلَى بَيْتِ اللَّهِ فَأَمَرَتْنِي أَنْ أَسْتَفْتِيَ لَهَا النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاسْتَفْتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لِتَمْشِ وَلْتَرْكَبْ۔

مخلد بن خالد، عبدالرزاق، ابن جریج، سعید بن ابوایوب، یزید بن ابوحبیب، ابوالخیر سے روایت ہے کہ حضرت عقبہ بن عامر جہنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: میری بہن نے بیت اللہ تک پیدل چل کر حج کرنے کی نذر کی تھی۔ پس انہوں نے مجھے حکم دیا کہ ان کے متعلق نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے دریافت کر کے انہیں بتاؤں۔ پس میں نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے فتویٰ پوچھا تو آپ نے فرمایا: وہ پیدل چلیں اور سوار بھی ہو جایا کریں۔ (یعنی صرف پیدل چلنا ضروری نہیں)۔

١٥٠٦ - حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ قَالَ نَا هِشَامٌ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا بَلَغَهُ أَنَّ أُخْتَ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ نَذَرَتْ أَنْ تَحُجَّ مَاشِيَةً قَالَ إِنَّ اللَّهَ لَغَنِيٌّ عَنْ نَذْرِهَا مُرْهَا فَلْتَرْكَبْ قَالَ أَبُو دَاوُدَ رَوَاهُ سَعِيدُ بْنُ أَبِي عَرُوبَةَ نَحْوَهُ وَخَالِدٌ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهُ۔

عکرمہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو یہ بات پہنچی کہ عقبہ بن عامر کی بہن نے پیدل حج کرنے کی نذر کی ہے تو آپ نے فرمایا: بیشک اللہ تعالیٰ اُس کی نذر سے بے نیاز ہے، اس سے کہو کہ سوار ہو جائے۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ اسے روایت کیا ہے سعید بن عروبہ نے اسی طرح اور خالد، عکرمہ نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے مذکورہ بالا حدیث کے مطابق۔

١٥٠٧ - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى قَالَ نَا أَبُو الْوَلِيدِ قَالَ نَا هَمَّامٌ قَالَ نَا قَتَادَةُ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ أُخْتَ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ نَذَرَتْ أَنْ تَمْشِيَ إِلَى الْبَيْتِ فَأَمَرَهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ تَرْكَبَ وَتُهْدِيَ هَدْيًا۔

عکرمہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ حضرت عقبہ بن عامر کی بہن نے بیت اللہ تک پیدل جانے کی نذر تھی۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اُسے حکم فرمایا کہ سوار ہو جائے اور ایک ہدی (قربانی) پیش کرے۔

١٥٠٨ - حَدَّثَنَا حَجَّاجُ بْنُ أَبِي يَعْقُوبَ

حجاج بن ابو یعقوب، ابوالنضر، شریک، محمد بن عبدالرحمٰن

www.sirat-e-mustaqeem.com

قال نا ابو النضر قال نا شريك عن محمد بن عبد الرحمٰن مولى آل طلحة عن كريب عن ابن عباس قال جاء رجل الى النبي صلى الله عليه وسلم فقال يا رسول الله ان اختي نذرت ان تحج ماشية فقال النبي صلى الله عليه وسلم ان الله لا يصنع بشقاء اختك شيئا فلتحج راكبة ولتكفر يمينها۔

مولیٰ آلِ طلحہ، کریب سے روایت ہے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا:۔ ایک آدمی نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر عرض گزار ہوا:۔ یا رسول اللہ! میری بہن نے پیدل حج کرنے کی منّت (نذر) کی ہے۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ اللہ تعالیٰ تمہاری بہن کی مشقت کا کوئی اجر نہیں دے گا۔ اُسے چاہیئے کہ سوار ہو کر حج کرے اور اپنی قسم کا کفارہ ادا کر دے۔

۱۵۰۹۔ حدثنا مسدد قال نا يحيى عن حميد الطويل عن ثابت البناني عن انس ابن مالك ان رسول الله صلى الله عليه وسلم رأى رجلا يهادى بين ابنيه فسأل عنه فقالوا نذر ان يمشي فقال ان الله لغني عن تعذيب هذا نفسه وامره ان يركب۔

ثابت بنانی نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک آدمی کو دیکھا جو اپنے دو بیٹوں کے درمیان ان کے سہارے چل رہا تھا۔ پس اس کے متعلق دریافت کیا گیا تو لوگوں نے کہا:۔ ایسے چلنے کی نذر کی تھی۔ فرمایا کہ اللہ تعالیٰ اس سے بے نیاز ہے جو یہ اپنی جان کو عذاب دے رہا ہے اور اُسے حکم فرمایا کہ سوار ہو جائے۔

باب ۶۴۴ من نذر ان يصلي في بيت المقدس۔

جس نے بیت المقدس میں نماز پڑھنے کی منّت مانی

۱۵۱۰۔ حدثنا موسى بن اسمعيل قال نا حماد قال حبيب المعلم عن عطاء بن ابي رباح عن جابر بن عبد الله ان رجلا قام يوم الفتح فقال يا رسول الله اني نذرت لله ان فتح الله عليك مكة ان اصلي في بيت المقدس ركعتين قال صل ههنا ثم اعاد عليه فقال صل ههنا ثم اعاد عليه فقال شانك اذا۔

عطاء بن ابو رباح نے حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ فتح مکہ کے روز ایک آدمی کھڑا ہو کر عرض گزار ہوا:۔ یا رسول اللہ! میں نے اللہ کے لیے منّت مانی ہے کہ اگر اللہ تعالیٰ نے مکہ مکرمہ کو آپ کے ہاتھوں فتح کروا دیا تو میں بیت المقدس میں دو رکعتیں پڑھوں گا۔ آپ نے فرمایا کہ اسی جگہ پڑھ لو۔ پھر اس نے دوبارہ (عرض کیا تو) فرمایا کہ اسی جگہ پڑھ لو۔ پھر تیسری مرتبہ دہراتے ہوئے (عرض کیا تو) فرمایا کہ جیسے تمہاری مرضی ہو۔

۱۵۱۱۔ حدثنا مخلد بن خالد قال نا ابو عاصم ح و ثنا عباس العنبري المعنى قال نا روح عن ابن جريج قال اخبرني يوسف ابن الحكم بن ابي سفيان انه سمع حفص ابن عمر بن عبد الرحمٰن بن عوف وعمرو

مخلد بن خالد، ابو عاصم۔ عباس عنبری، رَوح، ابن جریج، یوسف بن حکم بن ابو سفیان، حفص بن عمر بن عبد الرحمان بن عوف اور عمرو، عباس بن حنظہ، عمر بن عبد الرحمان بن عوف نے اسے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے کتنے ہی اصحاب سے روایت کی ہے۔ اس میں یہ بھی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے

قَالَ عَبَّاسٌ ابْنُ حَنَّةَ أَخْبَرَاهُ عَنْ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ عَنْ رِجَالٍ مِنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِهٰذَا الْخَبَرِ زَادَ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالَّذِي بَعَثَ مُحَمَّدًا بِالْحَقِّ لَوْ صَلَّيْتَ هٰهُنَا لَأَجْزَأَ عَنْكَ صَلٰوةً فِي بَيْتِ الْمَقْدِسِ قَالَ أَبُو دَاوُدَ رَوَاهُ الْأَنْصَارِيُّ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ فَقَالَ جَعْفَرُ بْنُ عُمَرَ وَقَالَ عَمْرُو بْنُ حَيَّةَ وَقَالَ أَخْبَرَاهُ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ وَعَنْ رِجَالٍ مِنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔

فرمایا۔ قسم اس ذات کی جس نے محمد مصطفےٰ کو حق کے ساتھ مبعوث فرمایا، اگر تم اس جگہ نماز پڑھتے تو وہ تمہیں بیت المقدس کی نماز کی جگہ کفایت کرتی۔ امام ابو داؤد نے فرمایا کہ روایت کیا ہے اسے انصاری نے ابن جریج سے۔ جعفر بن عمر اور عمرو بن حیہ نے فرمایا کہ انہیں یہ حدیث بتائی حضرت عبدالرحمان بن عوف نے نیز اور بھی نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے کتنے ہی اصحاب کے واسطے سے۔

باب ۶۲۵ قَضَاءِ النَّذْرِ عَنِ الْمَيِّتِ۔

میت کی طرف سے نذر پوری کرنا

۱۵۱۲۔ حَدَّثَنَا الْقَعْنَبِيُّ قَالَ قَرَأْتُ عَلٰى مَالِكٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ سَعْدَ بْنَ عُبَادَةَ اسْتَفْتٰى رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِنَّ أُمِّي مَاتَتْ وَعَلَيْهَا نَذْرٌ لَمْ تَقْضِهِ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اقْضِهِ عَنْهَا۔

عبیداللہ بن عبداللہ نے حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ حضرت سعد بن عبادہ فتویٰ پوچھتے ہوئے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض گزار ہوئے کہ میری والدہ محترمہ فوت ہو گئیں اور ان کے اوپر ایک نذر تھی جسے وہ پورا نہ کر سکیں۔ فرمایا کہ اُن کی طرف سے تم اُسے پوری کر دو۔

۱۵۱۳۔ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَوْنٍ قَالَ أَنَا هُشَيْمٌ عَنْ أَبِي بِشْرٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ امْرَأَةً رَكِبَتِ الْبَحْرَ فَنَذَرَتْ أَنْ نَجَّاهَا اللّٰهُ أَنْ تَصُومَ شَهْرًا فَأَنْجَاهَا اللّٰهُ فَلَمْ تَصُمْ حَتّٰى مَاتَتْ فَجَاءَتِ ابْنَتُهَا أَوْ أُخْتُهَا إِلٰى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَمَرَهَا أَنْ تَصُومَ عَنْهَا۔

سعید بن جبیر نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ ایک عورت نے سمندری سفر کرتے ہوئے منت مانی کہ اگر اللہ تعالیٰ اُسے بچائے رکھے تو ایک مہینے کے روزے رکھے گی۔ اللہ تعالیٰ نے اُسے بچائے رکھا لیکن اس نے روزے نہ رکھے یہاں تک کہ فوت ہو گئی۔ پس اُس کی بیٹی یا بہن رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوئی۔ آپ نے اُسے حکم دیا کہ اُس کی طرف سے تم روزے رکھ لو۔

۱۵۱۴۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ يُونُسَ قَالَ نَا زُهَيْرٌ قَالَ نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَطَاءٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ بُرَيْدَةَ أَنَّ امْرَأَةً أَتَتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

عبداللہ بن عطار نے عبداللہ بن بریدہ سے روایت کی ہے کہ ایک عورت نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض گزار ہوئی کہ میں نے ایک لونڈی اپنی والدۂ ماجدہ کو

وسلم فقالت كنت تصدقت على أمي بوليدة وإنها ماتت وتركت تلك الوليدة قال قد وجب أجرك ورجعت إليك في الميراث قالت وإنها ماتت وعليها صوم شهر فذكر نحو حديث عمرو.

صدقہ دی تھی۔ وہ فوت ہوگئیں اور وہی لونڈی پیچھے چھوڑی ہے فرمایا کہ تمہارا ثواب لازم ہوگیا اور وہ تمہارے پاس میراث میں لوٹ آئی۔ عرض کی کہ وہ فوت ہوگئیں اور ان پر ایک مہینے کے روزے تھے۔ پھر حدیثِ عمرو کی طرح حدیث بیان کی۔

باب ۶۳۷ ما يؤمر به من وفاء النذر

نذر پوری کرنے کا حکم

۱۵۱۵۔ حدثنا مسدد قال نا الحارث ابن عبيد أبو قدامة عن عبيد الله بن الأخنس عن عمرو بن شعيب عن أبيه عن جده أن امرأة أتت النبي صلى الله عليه وسلم فقالت يا رسول الله إني نذرت أن أضرب على رأسك بالدف قال أوفي بنذرك قالت إني نذرت أن أذبح بمكان كذا وكذا مكان كان يذبح فيه أهل الجاهلية قال لصنم قالت لا قال لوثن قالت لا قال أوفي بنذرك.

عمرو بن شعیب کے والد ماجد نے اپنے والد محترم سے روایت کی ہے کہ ایک عورت نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر عرض گزار ہوئی، یا رسول اللہ! میں نے آپ کے سر پر دف بجانے کی منت مانی تھی۔ فرمایا کہ اپنی نذر پوری کرلو۔ عرض گزار ہوئی کہ میں نے فلاں جگہ جانور ذبح کرنے کی نذر کی تھی، جہاں دورِ جاہلیت میں لوگ ذبح کیا کرتے تھے۔ فرمایا کیا بت کے لیے؟ عرض گزار ہوئی کہ نہیں۔ فرمایا کیا تھان کے لیے؟ عرض گزار ہوئی کہ نہیں۔ فرمایا تو اپنی نذر پوری کرلو۔

۱۵۱۶۔ حدثنا داود بن رشيد قال نا شعيب بن إسحاق عن الأوزاعي قال حدثني يحيى بن أبي كثير قال حدثني أبو قلابة قال حدثني ثابت بن الضحاك قال نذر رجل على عهد النبي صلى الله عليه وسلم أن ينحر إبلا ببوانة فأتى النبي صلى الله عليه وسلم فقال إني نذرت أن أنحر إبلا ببوانة فقال النبي صلى الله عليه وسلم هل كان فيها وثن من أوثان الجاهلية يعبد قالوا لا قال هل كان فيها عيد من أعيادهم قالوا لا قال النبي صلى الله عليه وسلم أوف بنذرك فإنه لا وفاء لنذر في معصية الله ولا فيما لا يملك ابن آدم.

یحییٰ بن کثیر نے ابو قلابہ سے روایت کی ہے کہ حضرت ثابت بن ضحاک رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا، ایک آدمی نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے مبارک زمانہ میں بوانہ کے مقام پر اونٹ ذبح کرنے کی منت مانی۔ پس وہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر عرض گزار ہوا کہ میں نے بوانہ کے مقام پر اونٹ ذبح کرنے کی منت مانی ہے۔ پس نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کیا وہاں جاہلیت کے بتوں میں سے کوئی بت ہے جس کی پوجا کی جاتی ہے؟ عرض گزار ہوئے کہ نہیں۔ فرمایا کہ کیا وہ ان کی عید منانے کی جگہوں میں سے کوئی عید منانے کی جگہ ہے؟ عرض گزار ہوئے کہ نہیں۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اپنی نذر پوری کر لو کیونکہ نذر وہ پوری نہیں کی جاتی جس میں اللہ تعالیٰ کی نافرمانی ہو اور نہ وہ جس کا آدمی مالک نہ ہو۔

www.sirat-e-mustaqeem.com

باب ۲۲۴ النَّذْرِ فِيمَا لَا يَمْلِكُ

۵۱۴ - حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ وَ مُحَمَّدُ بْنُ عِيسَى قَالَا نَا حَمَّادٌ عَنْ أَيُّوبَ عَنْ أَبِي قِلَابَةَ عَنْ أَبِي الْمُهَلَّبِ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ قَالَ كَانَتِ الْعَضْبَاءُ لِرَجُلٍ مِنْ بَنِي عُقَيْلٍ وَكَانَتْ مِنْ سَوَابِقِ الْحَاجِّ قَالَ فَأُسِرَ فَأُتِيَ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ فِي وَثَاقٍ وَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى حِمَارٍ عَلَيْهِ قَطِيفَةٌ فَقَالَ يَا مُحَمَّدُ عَلَامَ تَأْخُذُنِي وَ تَأْخُذُ سَابِقَةَ الْحَاجِّ قَالَ نَأْخُذُكَ بِجَرِيرَةِ حُلَفَائِكَ ثَقِيفٍ قَالَ وَكَانَ ثَقِيفٌ قَدْ أَسَرُوا رَجُلَيْنِ مِنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ وَقَدْ قَالَ فِيمَا قَالَ وَأَنَا مُسْلِمٌ أَوْ قَالَ وَقَدْ أَسْلَمْتُ فَلَمَّا مَضَى قَالَ أَبُو دَاوُدَ فَهِمْتُ هَذَا مِنْ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى نَادَاهُ يَا مُحَمَّدُ يَا مُحَمَّدُ قَالَ وَكَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَحِيمًا رَفِيقًا فَرَجَعَ إِلَيْهِ فَقَالَ مَا شَأْنُكَ قَالَ إِنِّي مُسْلِمٌ قَالَ لَوْ قُلْتَهَا وَأَنْتَ تَمْلِكُ أَمْرَكَ أَفْلَحْتَ كُلَّ الْفَلَاحِ قَالَ أَبُو دَاوُدَ ثُمَّ رَجَعْتُ إِلَى حَدِيثِ سُلَيْمَانَ قَالَ يَا مُحَمَّدُ إِنِّي جَائِعٌ فَأَطْعِمْنِي إِنِّي ظَمْآنُ فَاسْقِنِي قَالَ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَذِهِ حَاجَتُكَ أَوْ قَالَ هَذِهِ حَاجَتُهُ فَقَالَ فَفُودِيَ الرَّجُلُ بَعْدُ بِالرَّجُلَيْنِ قَالَ وَحَبَسَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْعَضْبَاءَ لِرَحْلِهِ قَالَ فَأَغَارَ الْمُشْرِكُونَ عَلَى سَرْحِ الْمَدِينَةِ فَذَهَبُوا بِالْعَضْبَاءِ فَلَمَّا ذَهَبُوا بِهَا وَأَسَرُوا امْرَأَةً مِنَ الْمُسْلِمِينَ قَالَ فَكَانُوا إِذَا كَانَ اللَّيْلُ يُرِيحُونَ إِبِلَهُمْ فِي

اس چیز کی قسم کھانا جو اپنے اختیار میں نہ ہو

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ عضباء اونٹنی بنی عقیل کے ایک شخص کی تھی جو حاجیوں کو لے کر سب سے آگے جاتی تھی۔ وہ قید ہوا اور باندھ کر نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں پیش کیا گیا۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم چادر اوڑھے ہوئے گدھے پر سوار تھے۔ اُس نے کہا کہ اے محمد! آپ مجھے اور حاجیوں کے آگے جانے والی کو کس لیے پکڑتے ہیں؟ فرمایا کہ ہم تمہیں بنی ثقیف کے جرم میں پکڑتے ہیں جو تمہارے حلیف ہیں۔ راوی کا بیان ہے کہ ثقیف نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے دو صحابیوں کو قید کر رکھا تھا۔ راوی کا بیان ہے کہ اُس نے یہ بھی کہا کہ میں مسلمان ہوں یا یہ کہا کہ میں مسلمان ہوتا ہوں جب آپ چلے گئے تو بقول امام ابوداؤد اور محمد بن عیسٰے وہ پکارا۔ اے محمد! اے محمد! چونکہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم رحیم و شفیق تھے، لہٰذا اس کی طرف لوٹ آئے اور فرمایا۔ کیا بات ہے؟ کہا میں مسلمان ہوں فرمایا کہ یہ تم اس وقت کہتے جب آزاد تھے تاکہ پوری طرح نجات پاتے۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ پھر میں حدیث سلیمان کی طرف لوٹتا ہوں اس نے کہا۔ اے محمد! میں بھوکا ہوں، مجھے کھانا کھلایئے۔ میں پیاسا ہوں مجھے پانی پلایئے۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تمہارا مقصد یہی ہے یا فرمایا کہ یہی اس کا مقصد ہے۔ راوی کا بیان ہے کہ وہ آدمی مذکورہ دونوں آدمیوں کے فدیہ میں چھوڑا گیا اور رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے عضباء کو اپنی سواری کے لیے رکھ لیا۔ راوی کا بیان ہے کہ مشرکوں نے مدینہ منورہ کے مویشیوں پر ڈاکہ ڈالا اور عضباء کو بھی لے گئے جب وہ اُسے لے گئے تو مسلمانوں کی ایک عورت کو بھی قید کر لیا تھا۔ راوی کا بیان ہے کہ رات کے وقت وہ اپنے اونٹوں کو میدانوں میں چھوڑ دیا کرتے تھے۔ ایک رات وہ سو گئے تو وہی عورت کھڑی ہوئی اور جس اونٹ پر ہاتھ رکھتی وہ آواز نکالتا یہاں تک کہ عضباء کے پاس آ گئی۔ راوی کا بیان ہے کہ ایسی اونٹنی کے پاس آئی جو مسکین اور تیز رفتار تھی۔ وہ اس پر سوار ہو گئی اور

www.sirat-e-mustaqeem.com

أَفْنِيَتِهِمْ قَالَ فَنَوَّمُوا لَيْلَةً وَقَامَتِ الْمَرْأَةُ فَجَعَلَتْ لَا تَضَعُ يَدَهَا عَلَى بَعِيرٍ إِلَّا رَغَا حَتَّى أَتَتِ الْعَضْبَاءَ قَالَ فَأَتَتْ عَلَى نَاقَةٍ ذَلُولٍ مُجَرَّسَةٍ قَالَ فَرَكِبَتْهَا ثُمَّ جَعَلَتْ لِلّٰهِ عَلَيْهَا إِنْ نَجَّاهَا اللّٰهُ لَتَنْحَرَنَّهَا قَالَ فَلَمَّا قَدِمَتِ الْمَدِينَةَ عُرِفَتِ النَّاقَةُ نَاقَةُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأُخْبِرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِذَلِكَ فَأَرْسَلَ إِلَيْهَا فَجِيءَ بِهَا وَأُخْبِرَ بِنَذْرِهَا فَقَالَ بِئْسَ مَا جَزَيْتِهَا أَوْ جَزَتْهَا إِنِ اللّٰهُ أَنْجَاهَا عَلَيْهَا لَتَنْحَرَنَّهَا لَا وَفَاءَ لِنَذْرٍ فِي مَعْصِيَةِ اللّٰهِ وَلَا فِيمَا لَا يَمْلِكُ ابْنُ آدَمَ قَالَ أَبُو دَاوُدَ وَالْمَرْأَةُ هَذِهِ امْرَأَةُ أَبِي ذَرٍّ۔

اُسے اللہ کے لیے کر دیا کہ اگر اللہ تعالیٰ اسے بچالے تو اونٹنی کو ذبح کر دے گی۔ جب وہ مدینہ منورہ میں پہنچی تو اونٹنی پہچان لی گئی کہ یہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی اونٹنی ہے۔ پس نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات بتائی گئی تو آپ نے اسے بلوایا وہ اُسے لے کر آئی اور اس کی نذر پیش کرنے کے متعلق عرض کیا۔ فرمایا کہ تم نے اسے بُرا بدلہ دیا کہ اللہ تعالیٰ نے تمہیں اس کے ذریعے بچایا اور تم اسے ذبح کرتی ہو۔ ایسی نذر پوری نہیں کی جاتی جس میں اللہ تعالیٰ کی نافرمانی ہو یا آدمی جس چیز کا مالک نہ ہو۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ وہ عورت حضرت ابوذر کی اہلیہ محترمہ تھیں۔ ف۔

ف۔ اس حدیث سے ایک تو یہ سبق ملا کہ محسن کے ساتھ نیک سلوک کرنا چاہیئے اور دوسری بات یہ معلوم ہوئی کہ جو چیز اپنی مِلک میں نہ ہو اُس کو راہِ خدا میں دینے کی نذر نہیں کرنی چاہیئے۔ اگر کوئی بے خبری میں ایسی نذر کر بیٹھے تو اس کا پورا کرنا ضروری نہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم

بَابٌ ۴۸ مَنْ نَذَرَ أَنْ يَتَصَدَّقَ بِمَالِهِ۔

اپنا مال راہِ خدا میں دینے کی نذر کرنا

۱۵۱۸ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ وَابْنُ السَّرْحِ قَالَ نَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ أَخْبَرَنِي يُونُسُ قَالَ قَالَ ابْنُ شِهَابٍ فَأَخْبَرَنِي عَبْدُ الرَّحْمَنِ ابْنُ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ وَكَانَ قَائِدَ كَعْبٍ مِنْ بَنِيهِ حِينَ عَمِيَ عَنْ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ إِنَّ مِنْ تَوْبَتِي أَنْ أَنْخَلِعَ مِنْ مَالِي صَدَقَةً إِلَى اللّٰهِ وَإِلَى رَسُولِهِ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَمْسِكْ عَلَيْكَ بَعْضَ مَالِكَ فَهُوَ خَيْرٌ لَكَ قَالَ فَقُلْتُ إِنِّي أُمْسِكُ سَهْمِيَ الَّذِي بِخَيْبَرَ۔

ابنِ شہاب نے عبدالرحمٰن بن عبداللہ بن کعب بن مالک سے روایت کی ہے کہ حضرت کعب کے خاندان کے بیٹوں میں سے عبداللہ بن کعب مالک ہوا کرتے۔ ان کا بیان ہے کہ حضرت کعب بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: میں عرض گزار ہوا کہ یا رسول اللہ! میری حقیقی توبہ تو یہ ہے کہ میں اپنے تمام مال سے جدا ہو جاؤں اور اُسے اللہ اور اس کے رسول کی بارگاہ میں صدقہ کے لیے پیش کر دوں۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اپنا کچھ مال روک لو تو تمہارے لیے بہتر ہے۔ عرض گزار ہوئے کہ میں اپنا خیبر والا حصہ اپنے لیے روک لیتا ہوں۔

۱۵۱۹۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى قَالَ نَا حَسَنُ بْنُ الرَّبِيعِ قَالَ ثَنَا ابْنُ إِدْرِيسَ قَالَ

عبدالرحمٰن بن عبداللہ بن کعب کے والد ماجد نے ان کے دادا جان کے واقعے میں روایت کرتے ہوئے فرمایا:

www.sirat-e-mustaqeem.com

قَالَ ابْنُ إِسْحٰقَ حَدَّثَنِي الزُّهْرِيُّ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ كَعْبٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ فِي قِصَّتِهِ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ إِنَّ مِنْ تَوْبَتِي إِلَى اللّٰهِ أَنْ أَخْرُجَ مِنْ مَالِي كُلِّهِ إِلَى اللّٰهِ وَإِلَى رَسُولِهِ صَدَقَةً قَالَ لَا قُلْتُ فَنِصْفَهُ قَالَ لَا قُلْتُ فَثُلُثَهُ قَالَ نَعَمْ قُلْتُ فَإِنِّي سَأُمْسِكُ سَهْمِي مِنْ خَيْبَرَ۔

میں (حضرت کعب بن مالک) عرض گزار ہوا کہ یا رسول اللہ! حقیقت میں میرا اللہ تعالیٰ سے توبہ کرنا یہ ہے کہ میں اپنے سارے مال سے الگ نکل جاؤں اور وہ اللہ اور اس کے رسول کے لیے ہو جائے صدقہ کے طور پر۔ فرمایا کہ ایسا نہ کرو۔ عرض گزار ہوئے کہ اس کا نصف؟ فرمایا کہ اتنا بھی نہیں۔ عرض گزار ہوئے کہ تہائی؟ فرمایا، ہاں۔ عرض گزار ہوئے کہ میں اپنا خیبر والا حصہ روک لیتا ہوں۔

بَابٌ ۴۹ نَذْرِ الْجَاهِلِيَّةِ ثُمَّ أَدْرَكَ الْإِسْلَامَ۔

زمانۂ کفر میں منت مانی پھر مسلمان ہو گیا

۱۵۲۰۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ قَالَ نَا يَحْيٰى عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ قَالَ حَدَّثَنِي نَافِعٌ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنْ عُمَرَ أَنَّهُ قَالَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ إِنِّي نَذَرْتُ فِي الْجَاهِلِيَّةِ أَنْ أَعْتَكِفَ فِي الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ لَيْلَةً فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَوْفِ بِنَذْرِكَ۔

نافع نے حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ حضرت عمر عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ! میں نے زمانۂ جاہلیت میں نذر مانی تھی کہ خانہ کعبہ میں ایک رات اعتکاف بیٹھوں گا۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا کہ اپنی نذر پوری کرلو۔

بَابٌ ۵۰ مَنْ نَذَرَ نَذْرًا لَمْ يُسَمِّهِ۔

غیر معین نذر ماننا

۱۵۲۱۔ حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ عَبَّادٍ الْأَزْدِيُّ قَالَ نَا أَبُو بَكْرٍ يَعْنِي ابْنَ عَيَّاشٍ عَنْ مُحَمَّدٍ مَوْلَى الْمُغِيرَةِ قَالَ حَدَّثَنِي كَعْبُ بْنُ عَلْقَمَةَ عَنْ أَبِي الْخَيْرِ عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَفَّارَةُ النَّذْرِ كَفَّارَةُ الْيَمِينِ۔

ہارون بن عباد ازدی، ابوبکر ابن عیاش، محمد مولیٰ مغیرہ، کعب بن علقمہ، ابوالخیر نے حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: نذر کا کفارہ بھی قسم کے کفارے کی طرح ہے۔

۱۵۲۲۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَوْفٍ أَنَّ سَعِيدَ بْنَ الْحَكَمِ حَدَّثَهُمْ قَالَ أَخْبَرَنَا يَحْيٰى يَعْنِي ابْنَ أَيُّوبَ قَالَ حَدَّثَنِي كَعْبُ بْنُ عَلْقَمَةَ أَنَّهُ سَمِعَ ابْنَ شَمَاسَةَ عَنْ أَبِي الْخَيْرِ عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ۔

محمد بن عوف، سعید بن حکم، یحییٰ بن ایوب، کعب بن علقمہ، ابن شماسہ، ابوالخیر نے حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: مذکورہ حدیث کی طرح۔

www.sirat-e-mustaqeem.com

باب ۲۳۵ لغو الیمین۔

۱۵۲۳۔ حَدَّثَنَا حُمَيْدُ بْنُ مَسْعَدَةَ قَالَ نَا حَسَّانُ يَعْنِي ابْنَ إِبْرَاهِيمَ حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ يَعْنِي الصَّائِغَ عَنْ عَطَاءٍ فِي اللَّغْوِ فِي الْيَمِينِ قَالَ قَالَتْ عَائِشَةُ إِنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ هُوَ كَلَامُ الرَّجُلِ فِي بَيْتِهِ كَلَّا وَاللَّهِ وَبَلَى وَاللَّهِ قَالَ أَبُو دَاوُدَ إِبْرَاهِيمُ الصَّائِغُ قَتَلَهُ أَبُو مُسْلِمٍ بِعَرَنْدَسَ قَالَ وَكَانَ إِذَا رَفَعَ الْمِطْرَقَةَ فَسَمِعَ النِّدَاءَ سَيَّبَهَا قَالَ أَبُو دَاوُدَ رَوَى هَذَا الْحَدِيثَ دَاوُدُ بْنُ أَبِي الْفُرَاتِ عَنْ إِبْرَاهِيمَ الصَّائِغِ مَوْقُوفًا عَلَى عَائِشَةَ وَكَذَلِكَ رَوَاهُ الزُّهْرِيُّ وَعَبْدُ الْمَلِكِ ابْنُ أَبِي سَلَمَةَ وَمَالِكُ بْنُ مِغْوَلٍ كُلُّهُمْ عَنْ عَطَاءٍ عَنْ عَائِشَةَ مَوْقُوفًا۔

باب ۲۳۶ فِي مَنْ حَلَفَ عَلَى طَعَامٍ لَا يَأْكُلُهُ۔

۱۵۲۴۔ حَدَّثَنَا مُؤَمَّلُ بْنُ هِشَامٍ قَالَ حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ عَنِ الْجُرَيْرِيِّ عَنْ أَبِي عُثْمَانَ أَوْ عَنْ أَبِي السَّلِيلِ عَنْهُ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي بَكْرٍ قَالَ نَزَلَ بِنَا أَضْيَافٌ لَنَا وَكَانَ أَبُو بَكْرٍ يَتَحَدَّثُ عِنْدَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِاللَّيْلِ فَقَالَ لَا أَرْجِعَنَّ إِلَيْكَ حَتَّى تَفْرُغَ مِنْ ضِيَافَةِ هَؤُلَاءِ وَمِنْ قِرَاهُمْ فَأَتَاهُمْ بِقِرَاهُمْ فَقَالُوا لَا نَطْعَمُهُ حَتَّى يَأْتِيَ أَبُو بَكْرٍ فَجَاءَ فَقَالَ مَا فَعَلَ أَضْيَافُكُمْ أَفَرَغْتُمْ مِنْ قِرَاهُمْ قَالُوا لَا قُلْتُ قَدْ أَتَيْتُهُمْ بِقِرَاهُمْ فَأَبَوْا قَالُوا وَاللَّهِ لَا نَطْعَمُهُ حَتَّى يَجِيءَ فَقَالُوا صَدَقَ قَدْ أَتَانَا فَأَبَيْنَا حَتَّى تَجِيءَ قَالَ فَمَا مَنَعَكُمْ قَالُوا مَكَانَكَ قَالَ فَوَاللَّهِ لَا أَطْعَمُهُ اللَّيْلَةَ قَالَ فَقَالُوا وَنَحْنُ وَاللَّهِ لَا نَطْعَمُهُ

فضول قسم

ابراہیم سنار نے عطاء سے فضول قسم کے بارے میں روایت کرتے ہوئے کہا: حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: وہ آدمی کا ایسا کلام ہے جو وہ اپنے گھر میں عموماً بولتا رہتا ہے جیسے کلا واللہ اور بلیٰ واللہ وغیرہ۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ ابراہیم سنار کو ابومسلم نے فرندس کے مقام پر قتل کیا تھا اور فرمایا کہ وہ ایسے آدمی تھے کہ جب ہتھوڑی اٹھاتے اور اذان کی آواز سنتے تو اسے چھوڑ دیتے۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ روایت کیا اس حدیث کو داؤد بن ابو فرات نے ابراہیم سنار سے حضرت عائشہ پر موقوف کرتے ہوئے اور اسی طرح روایت کیا اسے زہری اور عبدالملک بن ابوسلمہ اور مالک بن مغول سب نے عطاء سے حضرت عائشہ پر موقوف کرتے ہوئے۔

جس نے قسم کھائی کہ کھانا نہیں کھائے گا۔

حضرت عبدالرحمان بن ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ ہمارے پاس مہمان آئے اور حضرت ابوبکر رات کے وقت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے گفتگو کرنے میں مصروف تھے۔ فرمایا کہ میں تمہارے پاس واپس نہیں آسکوں گا یہاں تک کہ تم ان کی ضیافت اور کھانے سے فارغ ہو جاؤ گے۔ پس میں ان کے لیے کھانا لایا تو انہوں نے کہا کہ ہم نہیں کھائیں گے جب تک حضرت ابوبکر نہ آجائیں۔ پس وہ آگئے تو فرمایا: مہمانوں کے ساتھ کیا کیا؟ آپ حضرات کھانا کھا چکے؟ انہوں نے کہا نہیں۔ میں عرض گزار ہوا کہ میں نے کھانا حاضر کیا تھا لیکن انہوں نے انکار کر دیا اور کہا کہ خدا کی قسم، ہم نہیں کھائیں گے جب تک وہ تشریف نہ لے آئیں۔ انہوں نے میری تصدیق کی کہ ہمارے پاس کھانا لایا گیا لیکن ہم نے آپ کے تشریف لانے تک کھانے سے انکار کر دیا۔ فرمایا کہ آپ لوگوں نے کیوں کھانا نہ کھایا؟ کہا آپ کی وجہ سے۔ فرمایا کہ خدا کی قسم میں تو آج رات کھانا نہیں کھاؤں گا۔ انہوں نے کہا کہ ہم بھی خدا کی قسم آج

www.sirat-e-mustaqeem.com

حتى تطعمه. قال ما رأيت في الشر كالليلة قط قال قربوا طعامكم قال فقرب طعامهم فقال بسم الله فطعم وطعموا فأخبرت أنه أصبح فغدا على النبي صلى الله عليه وسلم فأخبره بالذي صنع وصنعوا قال بل أنت أبرهم وأصدقهم.

۱۵۲۵۔ حدثنا ابن المثنى قال نا سالم ابن نوح وعبد الأعلى عن الجريري عن أبي عثمان عن عبد الرحمن بن أبي بكر بهذا الحديث نحوه زاد عن سالم في حديثه قال ولم يبلغني كفارة.

باب ۶۵۳ اليمين في قطيعة الرحم.

۱۵۲۶۔ حدثنا محمد بن المنهال قال نا يزيد بن زريع قال نا حبيب المعلم عن عمرو بن شعيب عن سعيد بن المسيب أن أخوين من الأنصار كان بينهما ميراث فسأل أحدهما صاحبه القسمة فقال إن عدت تسألني عن القسمة فكل مالي في رتاج الكعبة فقال له عمر إن الكعبة غنية عن مالك كفر عن يمينك وكلم أخاك سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول لا يمين عليك ولا نذر في معصية الرب ولا في قطيعة الرحم ولا في ما لا تملك.

باب ۶۵۴ الحالف يستثني بعد ما يتكلم.

۱۵۲۷۔ حدثنا قتيبة بن سعيد قال نا شريك عن سماك عن عكرمة أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال لأغزون قريشا والله لأغزون قريشا والله

کھانا نہیں کھائیں گے جب تک آپ نہ کھائیں فرمایا کہ میں نے آج جیسی بُری رات ہرگز کوئی نہیں دیکھی۔ فرمایا کہ ان کا کھانا لاؤ، ان کیلئے کھانا لایا گیا تو حضرت ابوبکر بسم اللہ پڑھکر کھانے لگے اور انھوں نے بھی کھایا۔ مجھے بتایا گیا کہ صبح کے وقت میں حضرت ابوبکر نبی کریم کی بارگاہ میں حاضر ہوا اور آپ کو بتایا جو میں نے کیا اور جو کچھ انھوں نے کیا فرمایا بلکہ تم تو بہت نیک اور بڑے سچے ہو۔

ابو عثمان نے حضرت عبدالرحمان بن ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے اس حدیث کو اُسی طرح روایت کیا۔ سالم بن نوح نے اپنی حدیث میں یہ بھی کہا کہ کفارے کی بات مجھ تک نہیں پہنچی۔

رشتہ توڑنے کی قسم کھانا

عمرو بن شعیب نے سعید بن مسیب سے روایت کی ہے کہ انصار میں سے دو بھائیوں کو میراث ملی تو ایک نے اپنے دوسرے بھائی سے اُسے تقسیم کرنے کے لیے کہا۔ دوسرے نے کہا کہ اگر تم نے دوبارہ مجھ سے تقسیم کرنے کا سوال کیا تو میں اپنا سارا مال کعبے کے لیے وقف کردوں گا۔ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اس سے فرمایا کہ کعبہ کو تمہارے مال کی ضرورت نہیں ہے۔ تم اپنی قسم کا کفارہ دو اور اپنے بھائی سے کلام کیا کرو کیونکہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سُنا ہے کہ تم پر نہ ایسی قسم ہے اور نہ نذر جس میں رب کی نافرمانی ہو اور نہ قطع رحمی میں اور نہ اس چیز میں جس کے تم مالک نہ ہو۔

قسم کھانے کے بعد ان شاء اللہ کہنا

سماک نے عکرمہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، میں قریش سے جہاد کروں گا۔ خدا کی قسم میں قریش سے جہاد کروں گا۔ خدا کی قسم میں قریش سے جہاد کروں گا۔ پھر فرمایا کہ اگر اللہ نے چاہا۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ اس حدیث کو کتنے

www.sirat-e-mustaqeem.com

لَأَغْزُوَنَّ قُرَيْشًا ثُمَّ قَالَ إِنْ شَاءَ اللَّهُ قَالَ أَبُو دَاوُدَ وَقَدْ أَسْنَدَ هَذَا الْحَدِيثَ غَيْرُ وَاحِدٍ عَنْ شَرِيكٍ عَنْ سِمَاكٍ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ۔

بھی حضرات نے شریک، سماک، عکرمہ، حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مسنداً روایت کیا ہے۔

۱۵۲۸۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ قَالَ أَخْبَرَنَا ابْنُ بِشْرٍ عَنْ مِسْعَرٍ بْنِ سِمَاكٍ عَنْ عِكْرِمَةَ يَرْفَعُهُ قَالَ وَاللَّهِ لَأَغْزُوَنَّ قُرَيْشًا ثُمَّ قَالَ إِنْ شَاءَ اللَّهُ ثُمَّ قَالَ وَاللَّهِ لَأَغْزُوَنَّ قُرَيْشًا إِنْ شَاءَ اللَّهُ تَعَالَى ثُمَّ قَالَ وَاللَّهِ لَأَغْزُوَنَّ قُرَيْشًا ثُمَّ سَكَتَ ثُمَّ قَالَ إِنْ شَاءَ اللَّهُ قَالَ أَبُو دَاوُدَ زَادَ فِيهِ الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ عَنْ شَرِيكٍ ثُمَّ لَمْ يَغْزُهُمْ۔

مسعر بن سماک نے عکرمہ سے مرفوعاً روایت کی کہ آپ نے فرمایا خدا کی قسم میں قریش سے جہاد کروں گا۔ پھر فرمایا اگر اللہ نے چاہا۔ پھر فرمایا:۔ خدا کی قسم میں قریش سے جہاد کروں گا۔ پھر فرمایا اگر اللہ تعالیٰ نے چاہا۔ پھر فرمایا:۔ خدا کی قسم میں قریش سے جہاد کروں گا۔ پھر خاموش رہنے کے بعد فرمایا:۔ اگر اللہ نے چاہا۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ ولید بن مسلم نے شریک سے روایت کرتے ہوئے یہ بھی کہا:۔ پھر آپ نے ان سے جہاد نہ کیا۔

۱۵۲۹۔ حَدَّثَنَا الْمُنْذِرُ بْنُ الْوَلِيدِ قَالَ نَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ بَكْرٍ قَالَ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ الْأَخْنَسِ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا نَذْرَ وَلَا يَمِينَ فِيمَا لَا يَمْلِكُ ابْنُ آدَمَ وَلَا فِي مَعْصِيَةِ اللَّهِ وَلَا فِي قَطِيعَةِ رَحِمٍ وَمَنْ حَلَفَ عَلَى يَمِينٍ فَرَأَى غَيْرَهَا خَيْرًا مِنْهَا فَلْيَدَعْهَا وَلْيَأْتِ الَّذِي هُوَ خَيْرٌ فَإِنَّ تَرْكَهَا كَفَّارَتُهَا۔

عمرو بن شعیب کے والد ماجد نے اپنے والد محترم سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ جس چیز کا آدمی مالک نہ ہو اس میں نذر ہے اور نہ قسم۔ اسی طرح اللہ کی نافرمانی اور قطع رحمی میں بھی نہیں ہے اور جو کسی بات پر قسم کھائے، پھر اس کے خلاف میں بھلائی نظر آئے تو اس بات کو چھوڑ دے اور بھلائی والے پہلو کو اختیار کرے۔ اگر اُسے (برائی والے پہلو کو) چھوڑ دیا تو یہی اُس کا کفارہ ہے۔

باب ۶۵۵ مَنْ نَذَرَ نَذْرًا لَا يُطِيقُهُ۔

ایسی منت ماننا جو بس سے باہر ہو

۱۵۳۰۔ حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُسَافِرٍ التِّنِّيسِيُّ عَنِ ابْنِ أَبِي فُدَيْكٍ قَالَ حَدَّثَنِي طَلْحَةُ بْنُ يَحْيَى الْأَنْصَارِيُّ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ ابْنِ سَعِيدِ بْنِ أَبِي هِنْدٍ عَنْ بُكَيْرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ ابْنِ الْأَشَجِّ عَنْ كُرَيْبٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ نَذَرَ نَذْرًا لَمْ يُسَمِّهِ فَكَفَّارَتُهُ كَفَّارَةُ

جعفر بن مسافر تنیسی، ابن فدیک، طلحہ بن یحییٰ انصاری، عبد اللہ بن سعید بن ابو ہند، بکیر بن عبد اللہ بن اشج، کریب نے حضرت ابن عباس سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ جو نذر مانے اور اس کا نام نہ لے (غیر معیّن رکھے) تو اس کا کفارہ قسم کی طرح ہے اور جو گناہ کے کام کی نذر مانے تو اس کا کفارہ بھی قسم کے کفارے کی طرح ہے اور جو ایسی بات کی نذر مانے جو اس کی طاقت سے باہر ہو تو اس کا کفارہ بھی قسم کے کفارے کی طرح ہے جو ایسے کام کی نذر

الْيَمِيْنِ وَمَنْ نَذَرَ نَذْرًا فِيْ مَعْصِيَةٍ فَكَفَّارَتُهٗ كَفَّارَةُ يَمِيْنٍ وَمَنْ نَذَرَ نَذْرًا لَا يُطِيْقُهٗ فَكَفَّارَتُهٗ كَفَّارَةُ يَمِيْنٍ وَمَنْ نَذَرَ نَذْرًا أَطَاقَهٗ فَلْيَفِ بِهٖ قَالَ أَبُوْدَاؤدَ رَوٰى هٰذَا الْحَدِيْثَ وَكِيْعٌ وَغَيْرُهٗ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَعِيْدِ بْنِ أَبِي الْهِنْدِ أَوْقَفُوْهُ عَلَى ابْنِ عَبَّاسٍ

اٰخِرُ كِتَابِ الْأَيْمَانِ وَالنُّذُوْرِ۔

مانے جو اس کی بساط میں ہو تو اسے پورا کرے۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ روایت کیا اس حدیث کو وکیع وغیرہ نے عبداللہ بن سعید بن ابو ہند سے اور سب نے موقوف کیا ہے اسے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما پر۔ قسم اور نذر کا بیان ختم ہوا۔

اَوَّلُ كِتَابِ الْبُيُوعِ

تجارت کا بیان

بَابٌ ٦٥٦ فِي التِّجَارَةِ يُخَالِطُهَا الْحَلْفُ وَاللَّغْوُ۔

تجارت میں قسم اور غلط بیانی کو شامل کرنا

١٥٣١۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا أَبُو مُعَاوِيَةَ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ أَبِي وَائِلٍ عَنْ قَيْسِ ابْنِ أَبِي غَرَزَةَ قَالَ كُنَّا فِي عَهْدِ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نُسَمَّى السَّمَاسِرَةَ فَمَرَّ بِنَا النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَمَّانَا بِاسْمٍ هُوَ أَحْسَنُ مِنْهُ فَقَالَ يَا مَعْشَرَ التُّجَّارِ إِنَّ الْبَيْعَ يَحْضُرُهُ اللَّغْوُ وَالْحَلْفُ فَشُوبُوهُ بِالصَّدَقَةِ۔

ابووائل سے روایت ہے کہ حضرت قیس بن ابوغرزہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے مبارک عہد میں ہم تاجروں کو سماسرا کہا جاتا تھا۔ پس نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہمارے پاس سے گزرے تو آپ نے ہمارا نام ہی ایسا رکھا جو اس سے بہتر ہے چنانچہ فرمایا: اے تاجروں کے گروہ! بیشک بیع میں فضول باتوں اور قسم کو ملا لیا جاتا ہے لیکن تم اس کے ساتھ صدقہ ملا لیا کرو۔

١٥٣٢۔ حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ عِيسَى الْبِسْطَامِيُّ وَحَامِدُ بْنُ يَحْيَى وَعَبْدُ اللهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الزُّهْرِيُّ قَالُوا نَا سُفْيَانُ عَنْ جَامِعِ بْنِ أَبِي رَاشِدٍ وَعَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ أَعْيَنَ وَعَاصِمٍ عَنْ أَبِي وَائِلٍ عَنْ قَيْسِ ابْنِ أَبِي غَرَزَةَ بِمَعْنَاهُ قَالَ يَحْضُرُهُ الْكَذِبُ وَالْحَلْفُ وَقَالَ عَبْدُ اللهِ الزُّهْرِيُّ اللَّغْوُ وَالْكَذِبُ۔

حسین بن عیسیٰ بسطامی اور حامد بن یحییٰ اور عبداللہ بن محمد زہری سفیان، جامع بن ابو راشد اور عبدالملک بن اعین اور عاصم، ابووائل نے حضرت قیس بن ابوغرزہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے اسے معناً روایت کرتے ہوئے فرمایا: اس میں جھوٹ اور قسم کی ملاوٹ ہو جاتی ہے عبداللہ زہری نے کہا کہ فضول بات اور جھوٹ کی ملاوٹ۔ ف

ف۔ تجارت بڑا بابرکت پیشہ ہے۔ تاجر کا تعلق چونکہ مال کے بڑھانے سے بہت زیادہ ہوتا ہے اس لیے مال کی محبت کا دل میں جاگزیں ہونا ناگزیر ہے۔ دوسرے کاروباری لین دین میں چونکہ غلط بیانی کے بڑے بڑے خدشات ہوتے ہیں۔ اس لئے دل سے مال کی محبت کو گھٹانے اور نادانستہ غلط بیانی ہوئی ہو اُسے مٹانے کی خاطر تجارت پیشہ حضرات کو صدقہ و خیرات کی دوسروں سے زیادہ کوشش کرنی چاہیئے۔ جہاں وہ اپنا دنیاوی کاروبار چلانے کی غرض سے بینکوں میں دولت جمع کرواتے ہیں۔ وہاں اپنی ہمیشہ کی زندگی سنوارنے کی خاطر خدا کے بینک میں بھی کچھ جمع کرواتے رہا کریں۔ تو اُن کا اپنا ہی بھلا ہے۔ ازلؔ عظیم آبادی نے کہا ہے:۔

مال کی کثرت اگر منظور ہے خیرات کر
ایک کے دنیا میں دس عقبیٰ میں ستر دیکھ لے

بَابٌ ٦٥٧ فِي اسْتِخْرَاجِ الْمَعَادِنِ۔

کان سے دھات نکالنا

١٥٣٣۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ مَسْلَمَةَ

عکرمہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کی ہے

الْقَعْنَبِيُّ نَا عَبْدُ الْعَزِيزِ يَعْنِي ابْنَ مُحَمَّدٍ عَنْ عَمْرٍو يَعْنِي ابْنَ أَبِي عَمْرٍو عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ رَجُلًا لَزِمَ غَرِيمًا لَهُ بِعَشَرَةِ دَنَانِيرَ فَقَالَ وَاللَّهِ مَا أُفَارِقُكَ حَتَّى تَقْضِيَنِي أَوْ تَأْتِيَنِي بِحَمِيلٍ قَالَ فَتَحَمَّلَ بِهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَتَاهُ بِقَدْرِ مَا وَعَدَهُ فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ أَيْنَ أَصَبْتَ هَذَا الذَّهَبَ قَالَ مِنْ مَعْدِنٍ قَالَ لَا حَاجَةَ لَنَا فِيهَا لَيْسَ فِيهَا خَيْرٌ فَقَضَاهَا عَنْهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ.

کہ ایک آدمی نے اپنے مقروض کو پکڑ لیا جس پر اس کے دس دینار تھے۔ اس نے کہا کہ خدا کی قسم! میں تمہیں نہیں چھوڑوں گا یہاں تک کہ قرض ادا کرو یا ضامن دو۔ پس نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس کی ضمانت دے دی۔ پس وعدے پر وہ سونا لے کر حاضر ہو گیا۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس سے فرمایا کہ یہ سونا تمہیں کہاں سے ملا؟ عرض گزار ہوا کہ کان سے۔ فرمایا کہ ہمیں اس کی ضرورت نہیں اور نہ اس میں بھلائی ہے۔ پس رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس کی طرف سے قرضہ ادا کر دیا۔

بَابُ ۲۵۸ فِي اجْتِنَابِ الشُّبُهَاتِ.

شبہات سے بچنا

۱۵۲۳ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ يُونُسَ نَا أَبُو شِهَابٍ عَنِ ابْنِ عَوْنٍ عَنِ الشَّعْبِيِّ قَالَ سَمِعْتُ النُّعْمَانَ بْنَ بَشِيرٍ وَلَا أَسْمَعُ أَحَدًا بَعْدَهُ يَقُولُ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ إِنَّ الْحَلَالَ بَيِّنٌ وَإِنَّ الْحَرَامَ بَيِّنٌ وَبَيْنَهُمَا أُمُورٌ مُشْتَبِهَاتٌ وَأَحْيَانًا يَقُولُ مُشْتَبِهَةٌ وَسَأَضْرِبُ لَكُمْ فِي ذَلِكَ مَثَلًا إِنَّ اللَّهَ حَمَى حِمًى وَإِنَّ حِمَى اللَّهِ مَحَارِمُهُ وَإِنَّهُ مَنْ يَرْعَى حَوْلَ الْحِمَى يُوشِكُ أَنْ يُخَالِطَهُ وَإِنَّهُ مَنْ يُخَالِطُ الرِّيبَةَ يُوشِكُ أَنْ يَجْسُرَ.

شعبی سے روایت ہے کہ حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ حلال چیزیں ظاہر ہیں اور حرام بھی ظاہر ہیں اور جو اُمور ان کے درمیان ہیں وہ مشتبہ ہیں اور اس کی میں ایک مثال بیان کرتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ نے ایک چراگاہ بنائی اور اللہ کی چراگاہ اس کے محارم (حرام فرمائی ہوئی چیزیں) ہیں۔ جو چراگاہ کے گرد چرائے گا تو اس کے اندر چلے جانے کا خطرہ ہے۔ پس جو مشتبہ کاموں کو کرے گا تو خدشہ ہے کہ آگے بڑھ کر جسارت کر جائے۔

۱۵۲۵ حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُوسَى الرَّازِيُّ أَنَا عِيسَى عَنْ زَكَرِيَّا عَنْ عَامِرٍ الشَّعْبِيِّ قَالَ سَمِعْتُ النُّعْمَانَ بْنَ بَشِيرٍ يَقُولُ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ بِهَذَا الْحَدِيثِ قَالَ وَبَيْنَهُمَا مُشْتَبِهَاتٌ لَا يَعْلَمُهَا كَثِيرٌ مِنَ النَّاسِ فَمَنِ اتَّقَى الشُّبُهَاتِ اسْتَبْرَأَ دِينَهُ وَعِرْضَهُ وَمَنْ وَقَعَ فِي الشُّبُهَاتِ وَقَعَ فِي الْحَرَامِ.

عامر بن شعبی سے روایت ہے کہ حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا۔ پھر یہ حدیث روایت کرتے ہوئے فرمایا۔ ان کے درمیان میں مشتبہ اُمور ہیں جن کو اکثر لوگ نہیں جانتے۔ جو شبہات والی باتوں سے بچا تو اس نے اپنے دین کو محفوظ کر لیا اور عزت کو بھی اور جو شبہات میں پڑا وہ حرام میں داخل ہو جائے گا۔

www.sirat-e-mustaqeem.com

www.sirat-e-mustaqeem.com

١٥٢٦ - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِيسَى نَا هُشَيْمٌ نَا عَبَّادُ بْنُ رَاشِدٍ قَالَ سَمِعْتُ سَعِيدَ ابْنَ أَبِي خَيْرَةَ يَقُولُ نَا الْحَسَنُ مُنْذُ أَرْبَعِينَ سَنَةً عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ح وَحَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ نَا خَالِدٌ عَنْ دَاوُدَ يَعْنِي ابْنَ أَبِي هِنْدٍ وَهَذَا لَفْظُهُ عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي خَيْرَةَ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَيَأْتِيَنَّ عَلَى النَّاسِ زَمَانٌ لَا يَبْقَى أَحَدٌ إِلَّا أَكَلَ الرِّبَا فَإِنْ لَمْ يَأْكُلْهُ أَصَابَهُ مِنْ بُخَارِهِ قَالَ ابْنُ عِيسَى أَصَابَهُ مِنْ غُبَارِهِ۔

محمد بن عیسٰے، ہشیم، عباد بن راشد، سعید بن ابوخیرہ، حسن نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ وہب بن بقیہ، خالد، داؤد بن ابوہند، سعید بن ابوخیرہ، حسن نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ لوگوں پر ایسا زمانہ ضرور آئے گا جب کہ سود کھانے سے کوئی ایک بھی باقی نہیں بچے گا۔ اگر کھائے گا نہیں تو اُسے سود کا بخار ضرور پہنچے گا۔ ابن عیسٰے نے کہا کہ اُسے سُود کا غبار پہنچے گا۔ یہ سُود کے عام ہونے کی خبر ہے جو آج نگاہوں کے سامنے ہے۔

١٥٢٧ - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ أَنَا ابْنُ إِدْرِيسَ نَا عَاصِمُ بْنُ كُلَيْبٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ رَجُلٍ مِنَ الْأَنْصَارِ قَالَ خَرَجْنَا مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي جَنَازَةٍ فَرَأَيْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ عَلَى الْقَبْرِ يُوصِي الْحَافِرَ أَوْسِعْ مِنْ قِبَلِ رِجْلَيْهِ أَوْسِعْ مِنْ قِبَلِ رَأْسِهِ فَلَمَّا رَجَعَ اسْتَقْبَلَهُ دَاعِي امْرَأَةٍ فَجَاءَ وَجِيءَ بِالطَّعَامِ فَوَضَعَ يَدَهُ ثُمَّ وَضَعَ الْقَوْمُ فَأَكَلُوا فَنَظَرَ آبَاؤُنَا رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَلُوكُ لُقْمَةً فِي فَمِهِ ثُمَّ قَالَ أَجِدُ لَحْمَ شَاةٍ أُخِذَتْ بِغَيْرِ إِذْنِ أَهْلِهَا فَأَرْسَلَتِ الْمَرْأَةُ قَالَتْ يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنِّي أَرْسَلْتُ إِلَى النَّقِيعِ يَشْتَرِي لِي شَاةً فَلَمْ أَجِدْ فَأَرْسَلْتُ إِلَى جَارٍ لِي قَدِ اشْتَرَى شَاةً أَنْ أَرْسِلْ إِلَيَّ بِهَا بِثَمَنِهَا فَلَمْ يُوجَدْ فَأَرْسَلْتُ إِلَى امْرَأَتِهِ فَأَرْسَلَتْ إِلَيَّ بِهَا فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَطْعِمِيهِ الْأُسَارَى۔

عاصم بن کلیب نے اپنے والد ماجد سے روایت کی ہے کہ ایک انصاری نے فرمایا۔ ہم رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ ایک جنازے میں نکلے تو میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو دیکھا کہ آپ قبر پر قبر کھودنے والے سے فرما رہے تھے: پیروں کی جانب سے اور وسیع کرو، سر کی طرف سے اور کھلی کرو۔ جب آپ واپس لوٹے تو ایک آدمی ملا جو کسی عورت نے بلانے کے لیے بھیجا تھا۔ آپ تشریف لے گئے تو کھانا پیش کیا گیا۔ آپ نے اس میں دستِ مبارک ڈالا تو لوگ بھی کھانے لگے۔ ہمارے باپوں نے دیکھا رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم لقمے کو چباتے ہی جا رہے ہیں۔ پھر فرمایا کہ مجھے یُوں محسوس ہوتا ہے جیسے یہ بکری اس کے مالکوں کی اجازت کے بغیر لی گئی ہے۔ عورت نے کہلا بھیجا کہ یا رسول اللہ! میں نے بکری خریدنے کے لیے نقیع کی طرف آدمی بھیجا تھا لیکن نہ ملی۔ پھر میں نے اپنے ہمسائے کے لیے پیغام بھیجا کہ آپ نے جو بکری خریدی ہے وہ اسی قیمت پر مجھے بھیج دیجئے۔ ہمسایہ نہ ملا تو میں نے اُس کی بیوی کے لیے پیغام بھیجا۔ پس اس نے بکری میرے پاس بھیجدی۔ چنانچہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ یہ گوشت قیدیوں کو کھلا دو۔

www.sirat-e-mustaqeem.com

باب ٦٥٩ فِي اٰكِلِ الرِّبٰو وَمُوْكِلِهٖ۔

١٥٣٨۔ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يُوْنُسَ نَا زُهَيْرٌ نَا سِمَاكٌ حَدَّثَنِيْ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ لَعَنَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اٰكِلَ الرِّبٰو وَمُوْكِلَهٗ وَشَاهِدَهٗ وَكَاتِبَهٗ۔

سود کھانے اور کھلانے کا بیان

عبدالرحمان بن عبداللہ کے والدِ ماجد حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے سود کھانے والے، اس کی گواہی دینے والے اور اُسے لکھنے والے پر لعنت فرمائی ہے۔ف

ف۔ اس حدیث سے معلوم ہو رہا ہے کہ سود کھانے والے، کھلانے والے، گواہ بننے والے اور اُسے لکھنے والے یعنی سود سے متعلق چار آدمیوں پر اللہ تعالیٰ کی لعنت ہوتی ہے۔ لیکن دیگر احادیث سے معلوم ہوتا ہے کہ دس آدمیوں پر اللہ کی لعنت ہوتی ہے۔ کفار کی دیکھا دیکھی سود کو اپنے کاروبار میں شامل کر کے مسلمانوں نے کبھی یہ غور کیا ہے کہ ہم پر خدا کی لعنت کیوں پڑ رہی ہے؟ ہم اقوامِ عالم کے سامنے ذلیل و خوار کیوں ہو رہے ہیں؟ مسلمانوں کی ذلت کے اسباب میں سے ایک سبب اُن کا سودی لین دین بھی ہے۔ جس کے باعث وہ اپنے آپ کو رحمتِ خداوندی سے محروم کر بیٹھتے ہیں اور نہیں سوچتے کہ ہم کیا نہیں رہے بلکہ گنوار رہے ہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

باب ٦٦٠ فِي وَضْعِ الرِّبٰو۔

١٥٣٩۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا اَبُو الْاَحْوَصِ نَا شَبِيْبُ بْنُ غَرْقَدَةَ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ عَمْرٍو عَنْ اَبِيْهِ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ حَجَّةِ الْوَدَاعِ يَقُوْلُ اَلَا اِنَّ كُلَّ رِبًا مِنْ رِبَا الْجَاهِلِيَّةِ مَوْضُوْعٌ لَكُمْ رُءُوْسُ اَمْوَالِكُمْ لَا تَظْلِمُوْنَ وَلَا تُظْلَمُوْنَ اَلَا اِنَّ كُلَّ دَمٍ مِنْ دَمِ الْجَاهِلِيَّةِ مَوْضُوْعٌ وَاَوَّلُ دَمٍ اَضَعُ مِنْهَا دَمُ الْحَارِثِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ كَانَ مُسْتَرْضِعًا فِيْ بَنِيْ لَيْثٍ فَقَتَلَتْهُ هُذَيْلٌ۔

سود معاف کرنا

سلیمان بن عمرو کے والدِ ماجد نے فرمایا کہ میں نے حجۃ الوداع میں رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا۔ خبردار جاہلیت کے تمام سود ختم ہو گئے۔ پس تمہارے لیے صرف تمہارا اصل مال ہے۔ نہ لوگوں پر ظلم کرو اور نہ ظلم کیا جائے گا۔ خبردار ہو جاؤ کہ جاہلیت کے تمام خون معاف ہو گئے اور سب سے پہلے میں حارث بن عبدالمطلب کا خون معاف کرتا ہوں جو بنی لیث میں دودھ پلائے گئے اور ہذیل کے لوگوں نے انہیں قتل کر دیا تھا۔

باب ٦٦١ فِيْ كَرَاهِيَةِ الْيَمِيْنِ فِي الْبَيْعِ۔

١٥٤٠۔ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ السَّرْحِ نَا ابْنُ وَهْبٍ ح وَنَا اَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ نَا عَنْبَسَةُ عَنْ يُوْنُسَ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ قَالَ لِي ابْنُ الْمُسَيَّبِ اَنَّ اَبَا هُرَيْرَةَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اَلْحَلْفُ مُنَفِّقَةٌ لِلسِّلْعَةِ مُمْحِقَةٌ لِلْبَرَكَةِ وَقَالَ ابْنُ السَّرْحِ

تجارت میں قسم کھانے کی ممانعت

احمد بن عمرو بن سرح، ابن وہب۔ احمد بن صالح، عنبسہ یونس، ابن شہاب، سعید بن مسیب نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ قسم سامان کو بکوانے والی اور برکت کو مٹانے والی ہے۔ ابن السرح نے للکسب کہا ہے۔ روایت کیا ہے اسے سعید بن مسیب، حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے

لِلْكَسْبِ وَقَالَ عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔

نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے۔

بَابٌ ۶۶۲ فِي الرُّجْحَانِ وَالْوَزْنِ وَالْوَزْنِ بِالْأَجْرِ

جھکتا ہوا تولنا اور تولنے کی مزدوری لینا

۱۵۴۱۔ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللهِ بْنُ مُعَاذٍ نَا أَبِي نَا سُفْيَانُ عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ نَا سُوَيْدُ بْنُ قَيْسٍ قَالَ جَلَبْتُ أَنَا وَمَخْرَفَةُ الْعَبْدِيُّ بَزًّا مِنْ هَجَرَ فَأَتَيْنَا بِهِ مَكَّةَ فَجَاءَنَا رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَمْشِي فَسَاوَمَنَا بِسَرَاوِيلَ فَبِعْنَاهُ وَثَمَّ رَجُلٌ يَزِنُ بِالْأَجْرِ فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ زِنْ وَأَرْجِحْ۔

حضرت سوید بن سوید رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ میں اور مخرفہ عبدی دونوں ہجر کے بازار سے بیچنے کے لیے کپڑا لائے۔ جب ہم مکہ مکرمہ میں آئے تو رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پیدل چلتے ہوئے تشریف لائے، شلوار کے کپڑے کا سودا کیا تو ہم نے آپ کو بیچ دیا۔ پھر ایک آدمی مزدوری پر مال تول رہا تھا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس سے فرمایا کہ جھکتا ہوا تولو۔

۱۵۴۲۔ حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ وَمُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الْمَعْنَى قَرِيبٌ قَالَا نَا شُعْبَةُ عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ عَنْ أَبِي صَفْوَانَ ابْنِ عُمَيْرَةَ قَالَ أَتَيْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَكَّةَ قَبْلَ أَنْ يُهَاجِرَ بِهٰذَا الْحَدِيثِ وَلَمْ يَذْكُرْ يَزِنُ بِالْأَجْرِ قَالَ أَبُو دَاوُدَ رَوَاهُ قَيْسٌ كَمَا قَالَ سُفْيَانُ وَالْقَوْلُ قَوْلُ سُفْيَانَ۔

شعبہ نے سماک بن حرب سے روایت کی ہے کہ حضرت ابو صفوان بن عمیرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ مکہ مکرمہ کے اندر میں رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا ہجرت سے پہلے۔ اس حدیث میں جھکتا ہوا تولنے کا ذکر نہیں کیا۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ روایت کیا اسے قیس نے سفیان کی طرح اور سفیان کے قول کی کیا ہی بات ہے۔

۱۵۴۳۔ حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي رِزْمَةَ قَالَ سَمِعْتُ أَبِي يَقُولُ قَالَ رَجُلٌ لِشُعْبَةَ خَالَفَكَ سُفْيَانُ فَقَالَ دَمَغْتَنِي وَبَلَغَنِي عَنْ يَحْيَى ابْنِ مَعِينٍ قَالَ كُلُّ مَنْ خَالَفَ سُفْيَانَ فَالْقَوْلُ قَوْلُ سُفْيَانَ۔

ابن ابی رزمہ کا بیان ہے کہ میں نے اپنے والد ماجد کو فرماتے ہوئے سنا کہ ایک آدمی نے شعبہ سے کہا کہ سفیان نے آپ کے خلاف کہا ہے۔ فرمایا، آپ نے تو میرا دماغ کھا لیا۔ مجھے یحییٰ بن معین سے یہ بات پہنچی ہے کہ سفیان کی خواہ کسی نے مخالفت کی لیکن بات سفیان کی درست ہے۔

۱۵۴۴۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ نَا وَكِيعٌ عَنْ شُعْبَةَ قَالَ كَانَ سُفْيَانُ أَحْفَظَ مِنِّي۔

احمد بن حنبل، وکیع، شعبہ نے فرمایا کہ سفیان مجھ سے زیادہ حافظ تھے۔

بَابٌ ۶۶۳ فِي قَوْلِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمِكْيَالُ مِكْيَالُ الْمَدِينَةِ۔

فرمان رسالت کہ ماپ مدینے والوں کی معتبر ہے

۱۵۴۵۔ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ ابْنُ أَبِي شَيْبَةَ نَا

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ

www.sirat-e-mustaqeem.com

www.sirat-e-mustaqeem.com

ابنُ دُكَينٍ نا سُفيانُ عن حنظلةَ عن طاؤسٍ عن ابنِ عمرَ قالَ قالَ رسولُ اللهِ صلّى اللهُ عليهِ وسلّمَ الوزنُ وزنُ أهلِ مكّةَ والمكيالُ مكيالُ أهلِ المدينةِ قالَ أبو داؤدَ وكذا رواهُ الفِريابيُّ وأبو أحمدَ عن سفيانَ وافقهما في المتنِ وقالَ أبو أحمدَ عن ابنِ عبّاسٍ مكانَ ابنِ عمرَ ورواهُ الوليدُ بنُ مسلمٍ عن حنظلةَ فقالَ وزنُ المدينةِ ومكيالُ مكّةَ قالَ أبو داؤدَ واختُلِفَ في المتنِ في حديثِ مالكِ بنِ دينارٍ عن عطاءٍ عن النبيِّ صلّى اللهُ عليهِ في هذا۔

باب ٦٦٢ في التشديدِ في الدَّينِ۔

١٥٤٦۔ حدّثنا سعيدُ بنُ منصورٍ نا أبو الأحوصِ عن سعيدِ بنِ مسروقٍ عن الشعبيِّ عن سمعانَ عن سمرةَ قالَ خطبنا رسولُ اللهِ صلّى اللهُ عليهِ وسلّمَ فقالَ هٰهنا أحدٌ من بني فلانٍ فلم يُجِبْهُ أحدٌ ثمّ قالَ هٰهنا أحدٌ من بني فلانٍ فقامَ رجلٌ فقالَ أنا يا رسولَ اللهِ فقالَ ما منعكَ أن تُجيبَني في المرّتينِ الأوليينِ إنّي لم أُنوِّهْ بكم إلّا خيرًا إنّ صاحبَكم مأسورٌ بدَينِهِ فلقد رأيتُهُ أدّى عنهُ حتّى ما بقيَ أحدٌ يطلبُهُ بشيءٍ۔

١٥٤٧۔ حدّثنا سليمانُ بنُ داؤدَ المهريُّ نا ابنُ وهبٍ حدّثني سعيدُ بنُ أبي أيّوبَ أنّهُ سمعَ أبا عبدِ اللهِ القرشيَّ يقولُ سمعتُ أبا بردةَ بنَ أبي موسى الأشعريِّ يقولُ عن أبيهِ عن رسولِ اللهِ صلّى اللهُ عليهِ وسلّمَ أنّهُ قالَ إنّ أعظمَ الذنوبِ عندَ اللهِ أن

صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ تول اہلِ مکہ کی معتبر ہے اور ماپ مدینہ منورہ والوں کی زیادہ معتبر ہے۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ اسی طرح روایت کی ہے۔ فریابی اور ابو احمد نے سفیان سے اور متن میں دونوں موافقت رکھتے ہیں۔ ابو احمد نے حضرت ابنِ عباس سے روایت کی ہے۔ ولید بن مسلم نے اسے حنظلہ سے روایت کرتے ہوئے کہا۔ تول مدینہ منورہ کی ہے اور ماپ مکہ مکرمہ کی۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ مالک بن دینار کی حدیث کے متن میں اختلاف کیا گیا ہے جو اس سلسلے میں عطاء نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے روایت کی ہے۔

قرض کی مصیبت کا بیان

سمعان سے روایت ہے کہ حضرت سمرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ہمیں خطبہ دیتے ہوئے فرمایا۔ کیا یہاں بنی فلاں کا کوئی شخص ہے؟ پس کسی ایک نے آپ کو جواب نہ دیا۔ پھر فرمایا۔ کیا یہاں بنی فلاں کا کوئی شخص ہے؟ کسی ایک نے آپ کو جواب نہ دیا۔ سہ بارہ فرمایا۔ کیا یہاں بنی فلاں کا کوئی شخص ہے؟ ایک آدمی کھڑا ہو کر عرض گزار ہوا کہ یا رسول اللہ میں ہوں۔ فرمایا کہ پہلے دو دفعہ جواب دینے سے تمہیں کس چیز نے روکا؟ میں تمہیں نہیں بلاتا مگر بھلائی کے لیے تمہارا ایک ساتھی قرض کی وجہ سے قید کر لیا گیا ہے۔ پس میں (حضرت سمرہ) نے اُسے دیکھا کہ مقروض کی طرف سے اس نے سارا قرض ادا کر دیا اور کسی قرض خواہ کا اس پر کوئی مطالبہ نہیں رہا۔

سلیمان بن داؤد مہری، ابنِ وہب، سعید بن ابوایوب، ابو عبداللہ قرشی، ابوبردہ نے اپنے والدِ ماجد حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ کبیرہ گناہوں کے بعد اللہ تعالیٰ کے نزدیک سب سے بڑا گناہ یہ ہے کہ جن کاموں سے اللہ تعالیٰ نے منع فرمایا بندہ انہیں کر کے بارگاہِ خداوندی میں حاضر ہو کر آدمی اس

يَلْقَاهُ بِهَا عَبْدٌ بَعْدَ الْكَبَائِرِ الَّتِي نَهَى اللّٰهُ عَنْهَا أَنْ يَمُوتَ رَجُلٌ وَعَلَيْهِ دَيْنٌ لَا يَدَعُ لَهُ قَضَاءً۔

حالت میں مرے کہ اس پر قرض ہو اور اُسے ادا کرنے کے لیے مال نہ چھوڑے۔

۱۵۴۸۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُتَوَكِّلِ الْعَسْقَلَانِيُّ نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ أَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ أَبِي سَلَمَةَ عَنْ جَابِرٍ قَالَ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يُصَلِّي عَلَى رَجُلٍ مَاتَ وَعَلَيْهِ دَيْنٌ فَأُتِيَ بِمَيِّتٍ فَقَالَ أَعَلَيْهِ دَيْنٌ قَالُوا نَعَمْ دِينَارَانِ قَالَ صَلُّوا عَلَى صَاحِبِكُمْ فَقَالَ أَبُو قَتَادَةَ الْأَنْصَارِيُّ هُمَا عَلَيَّ يَا رَسُولَ اللّٰهِ فَصَلَّى عَلَيْهِ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمَّا فَتَحَ اللّٰهُ عَلَى رَسُولِهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ أَنَا أَوْلَى بِكُلِّ مُؤْمِنٍ مِنْ نَفْسِهِ مَنْ تَرَكَ دَيْنًا فَعَلَيَّ قَضَاؤُهُ وَمَنْ تَرَكَ مَالًا فَلِوَرَثَتِهِ۔

ابو سلمہ سے روایت ہے کہ حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ رسول اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اس آدمی کی نماز جنازہ نہیں پڑھتے تھے جس کے اوپر قرض ہوتا۔ ایک میّت آپ کے پاس لائی گئی تو فرمایا۔ کیا اس پر قرض ہے؟ لوگ عرض گزار ہوئے کہ ہاں دو دینار ہیں۔ فرمایا کہ تم اپنے ساتھی پر نماز پڑھ لو۔ حضرت ابو قتادہ انصاری عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ! وہ میں ادا کر دوں گا۔ پس رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اُس پر نماز پڑھی۔ جب اللہ تعالیٰ نے رسول اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فتوحات سے نوازا تو آپ نے فرمایا۔ میں ہر صاحبِ ایمان کا اسکی جان سے بھی زیادہ مالک ہوں۔ اگر قرض چھوڑے تو وہ مجھ پر ہے۔ اور جو مال چھوڑے تو وہ اُس کے وارثوں کے لیے ہے۔ ف

ف۔ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مسلمانوں کے ان کی جان سے بھی زیادہ مالک ہیں۔ درحقیقت مسلمان وہی ہے جو رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ہاتھوں بِک جائے اور اپنے مال و جان کو حضور کی ملکیت تصور کرے۔ شاعرِ مشرق نے اسی لیے تو فرمایا ہے ؎

بمصطفےٰ برساں خویش را کہ دیں ہمہ اوست
اگر باُو نہ رسیدی تمام بولہبی ست

۱۵۴۹۔ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَقُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ عَنْ شَرِيكٍ عَنْ سِمَاكٍ عَنْ عِكْرِمَةَ رَفَعَهُ قَالَ عُثْمَانُ وَنَا وَكِيعٌ عَنْ شَرِيكٍ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ قَالَ اشْتَرَى مِنْ عِيرٍ بَيْعًا لَيْسَ عِنْدَهُ ثَمَنُهُ فَأُرْبِحَ فِيهِ فَبَاعَهُ فَتَصَدَّقَ بِالرِّبْحِ عَلَى أَرَامِلِ بَنِي عَبْدِ الْمُطَّلِبِ وَقَالَ لَا أَشْتَرِي بَعْدَهَا شَيْئًا إِلَّا وَعِنْدِي ثَمَنُهُ۔

عثمان بن ابو شیبہ اور قتیبہ بن سعید، شریک، سماک نے عکرمہ سے اسے مرفوعًا روایت کیا ہے۔ عثمان، وکیع، شریک، عکرمہ حضرت ابنِ عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے اسی طرح روایت کرتے ہوئے فرمایا۔ آپ نے ایک چیز اُدھار خریدی کیونکہ آپ کے پاس اس کی قیمت نہ تھی۔ آپ نے وہ چیز منافع کے ساتھ بیچ دی اور اس کا نفع بنی عبد المطلب کی بیواؤں پر خرچ کر دیا۔ پھر فرمایا کہ آئندہ کوئی ایسی چیز نہیں خریدوں گا جس کی قیمت میرے پاس نہ ہو۔

باب ۶۶۵ فِي الْمَطْلِ۔

ادائیگی میں دیر کرنا

۱۵۵۰۔ حَدَّثَنَا الْقَعْنَبِيُّ عَنْ مَالِكٍ عَنْ

اعرج نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت

www.sirat-e-mustaqeem.com

www.sirat-e-mustaqeem.com

أبي الزناد عن الأعرج عن أبي هريرة أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال مطل الغني ظلم وإذا أتبع أحدكم على ملي فليتبع۔

ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا :۔ مالدار کا قرض ادا کرنے میں دیر کرنا ظلم ہے اور جب تم میں سے کسی کا حوالہ کیا جائے تو اُسے حوالہ قبول کرنا چاہیئے۔

باب ٦٦٦ في حسن القضاء۔

اچھے طریقے سے ادا کرنا

۱۵۵۱۔ حدثنا القعنبي عن مالك عن زيد بن أسلم عن عطاء بن يسار عن أبي رافع قال استسلف رسول الله صلى الله عليه وسلم بكرا فجاءته إبل من الصدقة فأمرني أن أقضي الرجل بكره فقلت لم أجد في الإبل إلا جملا خيارا رباعيا فقال النبي صلى الله عليه وسلم أعطه إياه فإن خيار الناس أحسنهم قضاء۔

عطاء بن یسار سے روایت ہے کہ حضرت ابو رافع رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا :۔ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک چھوٹا سا اونٹ قرض لیا۔ پس آپ کے پاس صدقہ کے اونٹ آئے تو آپ نے مجھے حکم فرمایا کہ اس آدمی کو چھوٹا اونٹ ادا کر دوں۔ عرض گزار ہوا کہ مجھے ان میں چھوٹا اونٹ نہیں ملا کیونکہ وہ بڑے ہیں یعنی خیار اور رباعی۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اُسے ایسا ہی دے دو کیونکہ بہتر لوگ وہ ہیں جو قرض اچھی طرح ادا کرتے ہیں۔

۱۵۵۲۔ حدثنا أحمد بن حنبل نا يحيى عن مسعر عن محارب قال سمعت جابر بن عبد الله قال كان لي على النبي صلى الله عليه وسلم دين فقضاني وزادني۔

محارب کا بیان ہے کہ میں نے حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما کو فرماتے ہوئے سنا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر میرا قرض تھا۔ آپ نے وہ ادا کر دیا اور مزید بھی مرحمت فرمایا۔

باب ٦٦٧ في الصرف۔

بیع صرف کا بیان

۱۵۵۳۔ حدثنا عبد الله بن مسلمة عن مالك عن ابن شهاب عن مالك بن أوس عن عمر قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم الذهب بالذهب ربا إلا هاء وهاء والبر بالبر ربا إلا هاء وهاء والتمر بالتمر ربا إلا هاء وهاء والشعير بالشعير ربا إلا هاء وهاء۔

مالک بن اوس نے حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا :۔ سونا سونے کے بدلے سود ہے مگر جب کہ ہاتھوں ہاتھ ہو۔ گندم گندم کے بدلے سود ہے مگر جب کہ ہاتھوں ہاتھ ہو۔ کھجوریں کھجوروں کے بدلے سود ہیں مگر جب کہ ہاتھوں ہاتھوں ہوں۔ جَو جَو کے بدلے سود ہیں مگر جب کہ ہاتھوں ہاتھ ہوں۔

۱۵۵۴۔ حدثنا الحسن بن علي نا بشر بن عمر نا همام عن قتادة عن أبي الخليل عن مسلم المكي عن أبي الأشعث الصنعاني عن عبادة بن الصامت أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال الذهب بالذهب

اشعث صنعانی نے حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا :۔ سونے کے بدلے سونا ڈلی ہو یا سکہ دار، چاندی کے بدلے چاندی ڈلی ہو یا سکہ دار۔ گندم کے برابر گندم جب کہ مُد کے برابر مُد ہوں۔ جَو کے بدلے جَو جب کہ مُد کے برابر مُد ہوں۔

www.sirat-e-mustaqeem.com

تِبْرُهَا وَعَيْنُهَا وَالْفِضَّةُ بِالْفِضَّةِ تِبْرُهَا وَعَيْنُهَا وَالْبُرُّ بِالْبُرِّ مُدْيٌ بِمُدْيٍ وَالشَّعِيرُ بِالشَّعِيرِ مُدْيٌ بِمُدْيٍ وَالتَّمْرُ بِالتَّمْرِ مُدْيٌ بِمُدْيٍ وَالْمِلْحُ بِالْمِلْحِ مُدْيٌ بِمُدْيٍ فَمَنْ زَادَ أَوِ ازْدَادَ فَقَدْ أَرْبَى وَلَا بَأْسَ بِبَيْعِ الذَّهَبِ بِالْفِضَّةِ وَالْفِضَّةُ أَكْثَرُهُمَا يَدًا بِيَدٍ وَأَمَّا نَسِيئَةً فَلَا وَلَا بَأْسَ بِبَيْعِ الْبُرِّ بِالشَّعِيرِ وَالشَّعِيرُ أَكْثَرُهُمَا يَدًا بِيَدٍ وَأَمَّا نَسِيئَةً فَلَا قَالَ أَبُو دَاوُدَ رَوَى هَذَا الْحَدِيثَ سَعِيدُ بْنُ أَبِي عَرُوبَةَ وَهِشَامٌ الدَّسْتَوَائِيُّ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ مُسْلِمِ بْنِ يَسَارٍ بِإِسْنَادِهِ۔

کھجور کے بدلے کھجور جب کہ مُدّ برابر برابر ہوں۔ نمک کے بدلے نمک جبکہ مُدّ برابر ہوں۔ جس نے زیادہ دیا یا زیادہ لیا، اُس نے سود دیا لیا۔ سونے کے بدلے چاندی بیچنے میں مضائقہ نہیں، خواہ چاندی زیادہ ہو جب کہ ہاتھوں ہاتھ ہو لیکن اُدھار کی اجازت نہیں۔ گندم کے بدلے جَو کی بیع میں مضائقہ نہیں خواہ جَو زیادہ ہوں جب کہ ہاتھوں ہاتھ ہوں لیکن اُدھار نہ ہو۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ روایت کی ہے یہ حدیث سعید بن ابوعروبہ اور ہشام دستوائی نے قتادہ سے مسلم بن یسار سے اپنی اسناد کے ساتھ۔

۱۵۵۵۔ حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ نَا وَكِيعٌ نَا سُفْيَانُ عَنْ خَالِدٍ عَنْ أَبِي قِلَابَةَ عَنْ أَبِي الْأَشْعَثِ الصَّنْعَانِيِّ عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِهَذَا الْخَبَرِ يَزِيدُ وَيَنْقُصُ زَادَ قَالَ وَإِذَا اخْتَلَفَتْ هَذِهِ الْأَصْنَافُ فَبِيعُوهُ كَيْفَ شِئْتُمْ إِذَا كَانَ يَدًا بِيَدٍ۔

ابوالاشعث صنعانی نے حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ اس خبر میں بعض باتیں زیادہ اور بعض کم ہیں۔ یہ بھی فرمایا:۔ جب ان چیزوں کا آپس میں اختلاف ہو تو جس طرح چاہو خرید و فروخت کر سکتے ہو جب کہ ہاتھوں ہاتھ ہو۔

بَابٌ ۶۸ فِي حِلْيَةِ السَّيْفِ تُبَاعُ بِالدَّرَاهِمِ۔

تلوار کی چاندی کو روپوں سے بیچنا

۱۵۵۶۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِيسَى وَأَبُو بَكْرِ ابْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَأَحْمَدُ بْنُ مَنِيعٍ قَالُوا أَنَا ابْنُ الْمُبَارَكِ ح وَنَا ابْنُ الْعَلَاءِ أَنَا ابْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ سَعِيدِ بْنِ يَزِيدَ قَالَ حَدَّثَنِي خَالِدُ بْنُ أَبِي عِمْرَانَ عَنْ حَنَشٍ عَنْ فَضَالَةَ بْنِ عُبَيْدٍ قَالَ أُتِيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَامَ خَيْبَرَ بِقِلَادَةٍ فِيهَا ذَهَبٌ وَخَرَزٌ قَالَ أَبُو بَكْرٍ وَابْنُ مَنِيعٍ فِيهَا خَرَزٌ مُعَلَّقَةٌ بِذَهَبٍ ابْتَاعَهَا رَجُلٌ بِتِسْعَةِ دَنَانِيرَ أَوْ بِسَبْعَةِ دَنَانِيرَ

محمد بن عیسٰی اور ابوبکر بن ابوشیبہ اور احمد بن منیع، ابن المبارک، ابن العلاء، ابن المبارک، سعید بن یزید، خالد بن ابوعمران، حنش سے روایت ہے کہ حضرت فضالہ بن عبید رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا:۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں غزوۂ خیبر کے سال ایک ہار لایا گیا جس میں سونا اور نگ تھے۔ ابوبکر اور ابن منیع نے کہا کہ اُس میں نگ تھے جو سونے کے ساتھ ٹانکے گئے تھے۔ ایک آدمی نے اُسے نو یا سات دینار میں خریدا تھا۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ ایسا نہ کرنا جب تک سونے اور نگوں کو علیحدہ نہ کر دیا جائے۔ عرض گزار ہوا کہ میں نے تو

www.sirat-e-mustaqeem.com

فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا حَتّٰى تُمَيِّزَ بَيْنَهُ وَبَيْنَهُ فَقَالَ إِنَّمَا أَرَدْتُ الْحِجَارَةَ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا حَتّٰى تُمَيِّزَ بَيْنَهُمَا قَالَ فَرَدَّهُ حَتّٰى مُيِّزَ بَيْنَهُمَا وَقَالَ ابْنُ عِيسَى أَرَدْتُ التِّجَارَةَ قَالَ أَبُو دَاوُدَ كَانَ فِي كِتَابِهِ الْحِجَارَةُ فَغَيَّرَهُ فَقَالَ التِّجَارَةُ۔

پتھر کے ارادے سے لیا ہے۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ بالکل نہیں، یہاں تک کہ دونوں کو جُدا کر دیا جائے۔ راوی کا بیان کہ اس نے وہ واپس کر دیا، یہاں تک کہ دونوں چیزیں جدا کر دی گئیں ابن عیسیٰ کا بیان ہے کہ میں نے التجارۃ کا ارادہ کیا ہے۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ اُن کی کتاب میں الحجارۃ ہے جسے بدل کر التجارۃ کہہ دیا ہے۔

۱۵۵۷- حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ نَا اللَّيْثُ عَنْ أَبِي شُجَاعٍ سَعِيدِ بْنِ يَزِيدَ عَنْ خَالِدِ بْنِ أَبِي عِمْرَانَ عَنْ حَنَشٍ الصَّنْعَانِيِّ عَنْ فُضَالَةَ بْنِ عُبَيْدٍ قَالَ اشْتَرَيْتُ يَوْمَ خَيْبَرَ قِلَادَةً بِاثْنَيْ عَشَرَ دِينَارًا فِيهَا ذَهَبٌ وَخَرَزٌ فَفَصَّلْتُهَا فَوَجَدْتُ فِيهَا أَكْثَرَ مِنِ اثْنَيْ عَشَرَ دِينَارًا فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَا تُبَاعُ حَتّٰى تُفَصَّلَ۔

حنش صنعانی سے روایت ہے کہ حضرت فضالہ بن عبید رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ فتح خیبر کے روز میں نے بارہ دینار میں ایک ہار خریدا جس میں سونا اور نگ تھے۔ میں نے انہیں الگ الگ کیا تو اُسے بارہ دینار سے زیادہ قیمتی پایا۔ پس میں نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے اس بات کا ذکر کیا تو آپ نے فرمایا: ہار سونے اور نگوں کو جُدا کئے بغیر فروخت نہ کرنا۔

۱۵۵۸- حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ نَا اللَّيْثُ عَنِ ابْنِ أَبِي جَعْفَرٍ عَنِ الْجُلَاحِ أَبِي كَثِيرٍ حَدَّثَنِي حَنَشٌ الصَّنْعَانِيُّ عَنْ فُضَالَةَ بْنِ عُبَيْدٍ قَالَ كُنَّا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ خَيْبَرَ نُبَايِعُ الْيَهُودَ الْأُوقِيَّةَ مِنَ الذَّهَبِ بِالدِّينَارِ قَالَ غَيْرُ قُتَيْبَةَ بِالدِّينَارَيْنِ وَالثَّلَاثَةِ ثُمَّ اتَّفَقَا فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَبِيعُوا الذَّهَبَ بِالذَّهَبِ إِلَّا وَزْنًا بِوَزْنٍ۔

جلاح ابوکثیر نے حنش صنعانی سے روایت کی ہے کہ حضرت فضالہ بن عبید رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ فتح خیبر کے روز ہم رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ تھے۔ ہم یہود سے ایک اوقیہ سونا دینار کے بدلے خریدتے تھے۔ قتیبہ کے سوا دوسرے حضرات نے کہا کہ دو یا تین دینار میں، پھر دونوں متفق ہوگئے۔ پس رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ سونے کی سونے کے بدلے خرید و فروخت نہ کیا کرو جب تک دونوں طرف وزن برابر نہ ہو۔

بَابٌ فِي اقْتِضَاءِ الذَّهَبِ مِنَ الْوَرِقِ۔

چاندی کے بدلے سونا لینا

۱۵۵۹- حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْمٰعِيلَ وَمُحَمَّدُ بْنُ مَحْبُوبٍ الْمَعْنٰى وَاحِدٌ قَالَا نَا حَمَّادٌ عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ

سماک بن حرب نے سعید بن جبیر سے روایت کی ہے کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ میں نقیع میں اونٹ بیچا کرتا تو بیچتا دیناروں کے بدلے اور لیتا درہم۔ نیز درہموں

www.sirat-e-mustaqeem.com

جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ كُنْتُ أَبِيعُ الْإِبِلَ بِالنَّقِيعِ فَأَبِيعُ بِالدَّنَانِيرِ وَآخُذُ الدَّرَاهِمَ وَأَبِيعُ بِالدَّرَاهِمِ وَآخُذُ الدَّنَانِيرَ وَآخُذُ هَذِهِ مِنْ هَذِهِ وَأُعْطِي هَذِهِ مِنْ هَذِهِ فَأَتَيْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ فِي بَيْتِ حَفْصَةَ فَقُلْتُ يَا رَسُولَ اللَّهِ رُوَيْدَكَ أَسْأَلُكَ إِنِّي أَبِيعُ الْإِبِلَ بِالنَّقِيعِ فَأَبِيعُ بِالدَّنَانِيرِ وَآخُذُ الدَّرَاهِمَ وَأَبِيعُ بِالدَّرَاهِمِ وَآخُذُ الدَّنَانِيرَ آخُذُ هَذِهِ مِنْ هَذِهِ وَأُعْطِي هَذِهِ مِنْ هَذِهِ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا بَأْسَ أَنْ تَأْخُذَهَا بِسِعْرِ يَوْمِهَا مَا لَمْ تَفْتَرِقَا وَبَيْنَكُمَا شَيْءٌ.

۱۵۶۰ - حَدَّثَنَا حُسَيْنُ بْنُ الْأَسْوَدِ نَا عُبَيْدُ اللَّهِ أَنَا إِسْرَائِيلُ عَنْ سِمَاكٍ بِإِسْنَادِهِ وَمَعْنَاهُ وَالْأَوَّلُ أَتَمُّ لَمْ يَذْكُرْ بِسِعْرِ يَوْمِهَا.

باب ۷۶ فِي الْحَيَوَانِ بِالْحَيَوَانِ نَسِيئَةً.

۱۵۶۱ - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْمَاعِيلَ نَا حَمَّادٌ عَنْ قَتَادَةَ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ سَمُرَةَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْ بَيْعِ الْحَيَوَانِ بِالْحَيَوَانِ نَسِيئَةً.

باب ۷۷ فِي الرُّخْصَةِ.

۱۵۶۲ - حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ نَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي حَبِيبٍ عَنْ مُسْلِمِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنْ أَبِي سُفْيَانَ عَنْ عَمْرِو بْنِ حُرَيْشٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَمْرٍو أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَمَرَهُ أَنْ يُجَهِّزَ جَيْشًا فَنَفِدَتِ الْإِبِلُ فَأَمَرَهُ أَنْ يَأْخُذَ فِي قِلَاصِ الصَّدَقَةِ فَكَانَ يَأْخُذُ الْبَعِيرَ بِالْبَعِيرَيْنِ إِلَى إِبِلِ

کے بدلے بیچتا اور دینار لیتا ہے۔ اس کے بدلے یہ لیتا اور اس کے بدلے وہ دینار۔ پس میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور آپ حضرت حفصہ کے مکان عرش آستان میں جلوہ افروز تھے۔ عرض گزار ہوا کہ یا رسول اللہ اطمینان کے ساتھ میں آپ سے یہ دریافت کرنا چاہتا ہوں کہ میں نقیع میں اونٹ بیچتا ہوں۔ پس میں بیچتا دیناروں کے ساتھ ہوں اور لیتا درہم ہوں۔ اسی طرح بیچتا درہموں کے بدلے ہوں اور لیتا دینار ہوں نیز اس کے بدلے یہ لیتا ہوں اور اس کے بدلے وہ دیتا ہوں۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اس میں کوئی مضائقہ نہیں جب کہ تم اس روز کے نرخ سے لیا کرو۔ اور دونوں کے جدا ہونے سے پہلے تم دونوں میں سے کسی کی طرف کوئی چیز بقایا نہ رہے۔

حسین بن اسود، عبیداللہ، اسرائیل نے سماک سے اپنی اسناد کے ساتھ اسے روایت کیا اور پہلی زیادہ مکمل ہے۔ اس میں اس روز کے نرخ کا ذکر نہیں کیا۔

جانور کے بدلے جانور ادھار لینا

حسن نے حضرت سمرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے جانور کے بدلے جانور ادھار بیچنے سے منع فرمایا ہے۔

اس کی اجازت

حفص بن عمر، حماد بن سلمہ، محمد بن اسحاق، یزید بن ابو حبیب، مسلم بن جبیر، ابو سفیان، عمرو بن حریش نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے انہیں لشکر کی تیاری کا حکم فرمایا۔ پس اونٹ کم رہ گئے تو آپ نے انہیں صدقہ کے اونٹ آنے کی شرط پر ادھار لینے کا حکم فرمایا۔ پس یہ ایک اونٹ لیتے دو اونٹوں کے بدلے صدقہ کے اونٹ آنے کی شرط پر۔

www.sirat-e-mustaqeem.com

الصَّدَقَةِ۔

بَابُ ۲۷۲ فِي ذٰلِكَ إِذَا كَانَ يَدًا بِيَدٍ۔

۱۵۶۳۔ حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ خَالِدٍ الْهَمْدَانِيُّ وَقُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ الثَّقَفِيُّ أَنَّ اللَّيْثَ حَدَّثَهُمْ عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اشْتَرَى عَبْدًا بِعَبْدَيْنِ۔

اس کی اجازت جبکہ ہاتھوں ہاتھ ہو

یزید بن خالد ہمدانی اور قتیبہ بن سعید ثقفی، لیث، ابوالزبیر نے حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے دو غلاموں کے بدلے ایک غلام خریدا۔

بَابُ ۲۷۳ فِي التَّمْرِ بِالتَّمْرِ۔

۱۵۶۴۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ عَنْ مَالِكٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَزِيدَ أَنَّ زَيْدًا أَبَا عَيَّاشٍ أَخْبَرَهُ أَنَّهُ سَأَلَ سَعْدَ بْنَ أَبِي وَقَّاصٍ عَنِ الْبَيْضَاءِ بِالسُّلْتِ فَقَالَ لَهُ سَعْدٌ أَيُّهُمَا أَفْضَلُ قَالَ الْبَيْضَاءُ قَالَ فَنَهَاهُ عَنْ ذٰلِكَ وَقَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُسْأَلُ عَنْ شِرَاءِ التَّمْرِ بِالرُّطَبِ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَيَنْقُصُ الرُّطَبُ إِذَا يَبِسَ قَالُوا نَعَمْ فَنَهَاهُ عَنْ ذٰلِكَ قَالَ أَبُو دَاوُدَ رَوَاهُ إِسْمٰعِيلُ بْنُ أُمَيَّةَ نَحْوَ مَالِكٍ۔

کھجوروں کے بدلے کھجوریں

ابوعیاش نے حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے سلت کے بدلے گندم بیچنے کے متعلق دریافت کیا حضرت سعد نے ان سے فرمایا۔ دونوں میں سے کون سی چیز بہتر ہے؟ کہا گندم۔ راوی کا بیان ہے کہ انہوں نے اس سے منع کیا اور فرمایا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے سنا جبکہ خشک کھجوریں تر کھجوروں کے بدلے خریدنے کے متعلق دریافت کیا گیا تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ کیا تر کھجوریں خشک ہونے پر گھٹ جاتی ہیں؟ لوگوں نے کہا ہاں۔ پس آپ نے ایسا کرنے سے منع فرمایا امام ابوداؤد نے فرمایا کہ روایت کیا ہے اسے اسمٰعیل بن امیہ نے مالک کی طرح۔

۱۵۶۵۔ حَدَّثَنَا الرَّبِيعُ بْنُ نَافِعٍ أَبُو تَوْبَةَ نَا مُعَاوِيَةُ يَعْنِي ابْنَ سَلَّامٍ عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي كَثِيرٍ أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ أَنَّ أَبَا عَيَّاشٍ أَخْبَرَهُ أَنَّهُ سَمِعَ سَعْدَ بْنَ أَبِي وَقَّاصٍ يَقُولُ نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ بَيْعِ الرُّطَبِ بِالتَّمْرِ نَسِيئَةً قَالَ أَبُو دَاوُدَ رَوَاهُ عِمْرَانُ ابْنُ أَبِي أَنَسٍ عَنْ مَوْلًى لِبَنِي مَخْزُومٍ عَنْ سَعْدٍ نَحْوَهُ۔

عبداللہ نے ابوعیاش سے روایت کی ہے کہ انہوں نے حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے تر کھجوروں کو خشک کھجوروں کے بدلے اُدھار بیچنے سے منع فرمایا ہے۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ روایت کیا اسے عمران بن ابوانس / بنی مخزوم کے ایک مولیٰ نے حضرت سعد بن ابی وقاص سے اسی طرح۔

بَابُ ۲۷۴ فِي الْمُزَابَنَةِ۔

۱۵۶۶۔ حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ نَا ابْنُ أَبِي زَائِدَةَ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ عَنْ نَافِعٍ عَنْ

بیع مزابنہ کا بیان

نافع نے حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے کھجوروں کے بدلے اندازہ

www.sirat-e-mustaqeem.com

ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنْ بَيْعِ الثَّمَرِ بِالتَّمْرِ كَيْلًا وَعَنْ بَيْعِ الْعِنَبِ بِالزَّبِيبِ كَيْلًا وَعَنِ الزَّرْعِ بِالْحِنْطَةِ كَيْلًا۔

کر کے بیچنے سے منع فرمایا ہے اور انگوروں کو کشمشوں کے بدلے اندازہ کر کے اور فصل کو گندم کے بدلے اندازہ کر کے بیچنے سے منع فرمایا ہے۔ ف

ف۔ اندازے سے فروخت کرنے کو بیع مزابنہ کہتے ہیں۔ یعنی پھل یا کھجوریں درخت پر لگی ہوئی ہیں، انہیں خشک میووں یا کھجوروں کے بدلے اندازے سے بیچنا یا فصل کھڑی ہے اور اس کا اندازہ کر کے خشک اناج کے بدلے بیچنا۔ اس میں کمی بیشی ضرور ہو گی۔ لہٰذا کسی ایک فریق کو نقصان اٹھانا پڑے گا، چنانچہ ایسی بیع سے منع کر دیا گیا ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

باب ۶۷۵ فِي بَيْعِ الْعَرَايَا۔

بیع عرایا کا بیان

۱۵۶۷ - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ نَا ابْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي يُونُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ أَخْبَرَنِي خَارِجَةُ بْنُ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ عَنْ أَبِيهِ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَخَّصَ فِي بَيْعِ الْعَرَايَا بِالتَّمْرِ وَالرُّطَبِ۔

احمد بن صالح، ابن وہب، یونس، ابن شہاب، خارجہ بن زید بن ثابت نے اپنے والد ماجد سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے خشک اور تر کھجوروں میں بیع عرایا کی اجازت مرحمت فرمائی ہے۔

۱۵۶۸ - حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ نَا ابْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ عَنْ بُشَيْرِ بْنِ يَسَارٍ عَنْ سَهْلِ بْنِ أَبِي حَثْمَةَ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنْ بَيْعِ التَّمْرِ بِالتَّمْرِ وَرَخَّصَ فِي الْعَرَايَا أَنْ تُبَاعَ بِخَرْصِهَا يَأْكُلُهَا أَهْلُهَا رُطَبًا۔

بشیر بن یسار نے حضرت سہل بن ابو حثمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے کھجوروں کو کھجوروں کے بدلے بیچنے سے منع فرمایا اور عرایا کے طور پر اجازت دی ہے کہ انہیں اندازے سے بیچ دیا جائے اور ان کے اہل تر کھجوریں کھائیں۔

باب ۶۷۶ فِي مِقْدَارِ الْعَرِيَّةِ۔

بیع عرایا کی مقدار

۱۵۶۹ - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ نَا مَالِكٌ عَنْ دَاوُدَ بْنِ الْحُصَيْنِ عَنْ مَوْلَى ابْنِ أَبِي أَحْمَدَ قَالَ أَبُو دَاوُدَ وَقَالَ لَنَا الْقَعْنَبِيُّ فِيمَا قَرَأَ عَلَى مَالِكٍ عَنْ أَبِي سُفْيَانَ وَاسْمُهُ قُزْمَانُ مَوْلَى ابْنِ أَبِي أَحْمَدَ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَخَّصَ فِي بَيْعِ الْعَرَايَا فِيمَا دُونَ خَمْسَةِ أَوْسُقٍ أَوْ فِي خَمْسَةِ أَوْسُقٍ شَكَّ دَاوُدُ بْنُ الْحُصَيْنِ۔

عبداللہ بن مسلمہ، مالک، داؤد بن حصین، مولیٰ ابن ابی احمد امام ابوداؤد نے فرمایا کہ کہا ہم سے قعنبی، مالک، ابوسفیان قزمان مولیٰ ابن ابی احمد نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بیع عرایا کی اجازت مرحمت فرمائی ہے جب کہ پانچ وسق سے کم ہو یا پانچ وسق ہو۔ اس میں داؤد بن حصین راوی کو شک ہے۔

www.sirat-e-mustaqeem.com

باب ۷۶۶ تَفْسِيْرِ الْعَرَايَا۔

عرایا کے معانی

۱۵۷۰۔ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ سَعِيْدٍ الْهَمْدَانِيُّ نَا ابْنُ وَهْبٍ اَخْبَرَنِيْ عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ عَنْ عَبْدِ رَبِّهِ بْنِ سَعِيْدٍ الْاَنْصَارِيِّ اَنَّهُ قَالَ الْعَرِيَّةُ الرَّجُلُ يُعْرِي الرَّجُلَ النَّخْلَةَ اَوِ الرَّجُلُ يَسْتَثْنِيْ مِنْ مَالِهِ النَّخْلَةَ اَوِ الْاِثْنَتَيْنِ يَاْكُلُهَا فَيَبِيْعُهَا بِتَمْرٍ۔

عمرو بن حارث سے روایت ہے کہ حضرت عبد ربہ بن سعید انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا:۔ عریہ یہ ہے کہ ایک آدمی دوسرے کو کھجور کا ایک درخت دے یا اپنے باغ میں سے ایک یا دو درختوں کو مستثنیٰ کرے کھانے کے لیے اور اس کی کھجوریں بیچ ڈالے۔

۱۵۷۱۔ حَدَّثَنَا هَنَّادُ بْنُ السَّرِيِّ عَنْ عَبْدَةَ عَنِ ابْنِ اِسْحٰقَ قَالَ الْعَرَايَا اَنْ يَّهَبَ الرَّجُلُ النَّخَلَاتِ فَيَشُقُّ عَلَيْهِ اَنْ يَّقُوْمَ عَلَيْهَا فَيَبِيْعُهَا بِمِثْلِ خَرْصِهَا۔

ابنِ اسحاق نے فرمایا:۔ عرایا یہ ہے کہ آدمی کھجور کے چند درخت دوسرے کو ہبہ کر دے۔ پس اس کا درختوں کی نگرانی کرنا گراں گزرے تو اندازے سے اُس کے برابر کھجوروں پر فروخت کر دے۔

باب ۷۶۷ فِيْ بَيْعِ الثِّمَارِ قَبْلَ اَنْ يَّبْدُوَ صَلَاحُهَا۔

پھلوں کو پختگی اور صلاحیت ظاہر ہونے سے پہلے بیچنا

۱۵۷۲۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ الْقَعْنَبِيُّ عَنْ مَالِكٍ عَنْ نَافِعٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنْ بَيْعِ الثِّمَارِ حَتّٰى يَبْدُوَ صَلَاحُهَا نَهَى الْبَائِعَ وَالْمُشْتَرِيَ۔

نافع نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے پھلوں کی صلاحیت ظاہر ہونے سے پہلے اُنہیں بیچنے سے بائع اور مشتری دونوں کو منع فرمایا ہے۔

۱۵۷۳۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ النُّفَيْلِيُّ نَا ابْنُ عُلَيَّةَ عَنْ اَيُّوْبَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنْ بَيْعِ النَّخْلِ حَتّٰى تَزْهُوَ وَعَنِ السُّنْبُلِ حَتّٰى يَبْيَضَّ وَيَاْمَنَ الْعَاهَةَ نَهَى الْبَائِعَ وَالْمُشْتَرِيَ

نافع نے حضرت ابنِ عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے کھجوروں کو بیچنے سے منع فرمایا جب تک پختہ نہ ہو جائیں۔ بالیوں کو سفید اور آفت سے محفوظ ہونے تک بیچنے سے بائع اور مشتری دونوں کو منع فرمایا ہے۔

۱۵۷۴۔ حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ النَّمَرِيُّ نَا شُعْبَةُ عَنْ يَزِيْدَ بْنِ خُمَيْرٍ عَنْ مَوْلًى لِقُرَيْشٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ بَيْعِ الْغَنَائِمِ حَتّٰى تُقْسَمَ وَعَنْ بَيْعِ النَّخْلِ حَتّٰى يُحْرَزَ مِنْ كُلِّ عَارِضٍ وَاَنْ يُّصَلِّيَ الرَّجُلُ بِغَيْرِ حِزَامٍ۔

یزید بن خمیر نے مولیٰ قریش سے روایت کی ہے کہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا:۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ نے مالِ غنیمت کو بیچنے سے منع فرمایا جب تک تقسیم نہ ہو جائے اور کھجوروں کے بیچنے سے جب تک ہر آفت سے محفوظ نہ ہو جائیں اور اس سے کہ آدمی کمر بند باندھے بغیر نماز پڑھے۔

www.sirat-e-mustaqeem.com

۱۵۷۵۔ حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ خَلَّادٍ الْبَاهِلِيُّ نَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ عَنْ سُلَيْمِ بْنِ حَيَّانَ قَالَ نَا سَعِيدُ بْنُ مِينَاءَ قَالَ سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللهِ يَقُولُ نَهَى رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ تُبَاعَ الثَّمَرَةُ حَتَّى تُشْقِحَ قِيلَ وَمَا تُشْقِحُ قَالَ تَحْمَارُّ وَتَصْفَارُّ وَيُؤْكَلُ مِنْهَا۔

سعید بن میناء کا بیان ہے کہ میں نے حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما کو فرماتے ہوئے سنا: رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے کھجوروں کو بیچنے سے منع فرمایا یہاں تک کہ شقح ہو جائیں۔ عرض کی گئی کہ شقح کیا ہے؟ فرمایا کہ وہ سرخ اور زرد ہو جائیں جو کھائی جاتی ہیں۔

۱۵۷۶۔ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ نَا أَبُو الْوَلِيدِ عَنْ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ عَنْ حُمَيْدٍ عَنْ أَنَسٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْ بَيْعِ الْعِنَبِ حَتَّى يَسْوَدَّ وَعَنْ بَيْعِ الْحَبِّ حَتَّى يَشْتَدَّ۔

حمید نے حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے انگوروں کی بیع سے منع فرمایا ہے یہاں تک کہ سیاہ ہو جائیں اور غلے کی بیع سے منع فرمایا یہاں تک کہ پختہ ہو جائے۔

۱۵۷۷۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ نَا عَنْبَسَةُ بْنُ خَالِدٍ حَدَّثَنِي يُونُسُ قَالَ سَأَلْتُ أَبَا الزِّنَادِ عَنْ بَيْعِ الثَّمَرِ قَبْلَ أَنْ يَبْدُوَ صَلَاحُهُ وَمَا ذُكِرَ فِي ذَلِكَ فَقَالَ كَانَ عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ يُحَدِّثُ عَنْ سَهْلِ بْنِ أَبِي حَثْمَةَ عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ قَالَ كَانَ النَّاسُ يَتَبَايَعُونَ الثِّمَارَ قَبْلَ أَنْ يَبْدُوَ صَلَاحُهَا فَإِذَا جَدَّ النَّاسُ وَحَضَرَ تَقَاضِيهِمْ قَالَ الْمُبْتَاعُ قَدْ أَصَابَ الثَّمَرَ الدُّمَانُ وَأَصَابَهُ قُشَامٌ وَأَصَابَهُ مِرَاضٌ عَاهَاتٌ يَحْتَجُّونَ بِهَا فَلَمَّا كَثُرَتْ خُصُومَتُهُمْ عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ كَالْمَشُورَةِ يُشِيرُ بِهَا فَإِمَّا لَا فَلَا تَتَبَايَعُوا الثَّمَرَةَ حَتَّى يَبْدُوَ صَلَاحُهَا لِكَثْرَةِ خُصُومَتِهِمْ وَاخْتِلَافِهِمْ۔

یونس کا بیان ہے کہ میں نے پھلوں کی صلاحیت ظاہر ہونے سے پہلے بیع کے متعلق ابوالزناد سے پوچھا اور جو کچھ اس بارے میں مذکور ہوا ہے۔ فرمایا کہ عروہ بن زبیر حدیث بیان کرتے ہیں۔ حضرت سہل بن ابوحثمہ سے کہا کہ حضرت زید بن ثابت رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ لوگ پھلوں کو اُن کی صلاحیت ظاہر ہونے سے پہلے بیچ دیا کرتے تھے۔ جب لوگ کاٹ لیتے اور وصول کرنے والے حاضر ہوتے تو خریدار کہتا ہے کہ اسے دمان یا قشام یا مراض کی بیماری لگ گئی تھی اور تخفیف چاہتے۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس سلسلے میں مشورہ دیتے ہوئے فرمایا کہ پھلوں کو نہ بیچا کرو جب تک ان کی صلاحیت ظاہر نہ ہو جائے کیونکہ لوگوں میں کثرت سے جھگڑے اور اختلافات ہونے لگے تھے۔

۱۵۷۸۔ حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ الطَّالْقَانِيُّ نَا سُفْيَانُ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنْ عَطَاءٍ عَنْ جَابِرٍ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْ بَيْعِ الثَّمَرِ حَتَّى يَبْدُوَ صَلَاحُهُ

عطاء نے حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے پھلوں کی بیع سے منع فرمایا ہے۔ جب تک کہ ان کی صلاحیت ظاہر نہ ہو جائے فرمایا کہ انہیں نہ بیچا جائے مگر دیناروں اور درہموں کے بدلے

www.sirat-e-mustaqeem.com

وَلَا يُبَاعُ إِلَّا بِالدَّنَانِيرِ أَوْ بِالدَّرَاهِمِ إِلَّا الْعَرَايَا۔

سوائے عرایا کی صورت کے ۔

بَابٌ ٧٦٤ فِي بَيْعِ السِّنِينَ۔

کئی سالوں کا پھل بیچنا

١٥٧٩۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ وَيَحْيَى ابْنُ مَعِينٍ قَالَا نَا سُفْيَانُ عَنْ حُمَيْدٍ الْأَعْرَجِ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ عَتِيقٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْ بَيْعِ السِّنِينَ وَوَضْعِ الْجَوَائِحِ۔

احمد بن حنبل اور یحییٰ بن معین، سفیان، حمید اعرج، سلیمان بن عتیق نے حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے کئی سالوں کے پھلوں کی بیع سے منع فرمایا اور نقصان وضع کروایا۔

١٥٨٠۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا حَمَّادٌ عَنْ أَيُّوبَ عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ وَسَعِيدِ بْنِ مِينَاءَ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنِ الْمُعَاوَمَةِ وَقَالَ أَحَدُهُمَا بَيْعِ السِّنِينَ۔

سعید بن میناء نے حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے معاومہ سے منع فرمایا ہے، اُن میں سے ایک نے کہا کہ کئی سالوں کے پھل بیچنے سے۔

بَابٌ ٧٦٥ فِي بَيْعِ الْغَرَرِ۔

بیع غرر کا بیان

١٥٨١۔ حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ وَعُثْمَانُ ابْنَا أَبِي شَيْبَةَ قَالَا نَا ابْنُ إِدْرِيسَ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ عَنْ أَبِي الزِّنَادِ عَنِ الْأَعْرَجِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْ بَيْعِ الْغَرَرِ زَادَ عُثْمَانُ وَالْحَصَاةِ۔

ابو بکر اور عثمان پسران ابو شیبہ، ابن ادریس، عبیداللہ، ابوالزناد، اعرج، حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بیع غرر سے منع فرمایا ہے۔ عثمان نے کہا کہ بیع حصات سے بھی۔

١٥٨٢۔ حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ وَأَحْمَدُ ابْنُ عَمْرِو بْنِ السَّرْحِ وَهَذَا لَفْظُهُ قَالَا حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَزِيدَ اللَّيْثِيِّ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْ بَيْعَتَيْنِ وَعَنْ لِبْسَتَيْنِ أَمَّا الْبَيْعَتَانِ فَالْمُلَامَسَةُ وَالْمُنَابَذَةُ وَأَمَّا اللِّبْسَتَانِ فَاشْتِمَالُ الصَّمَّاءِ وَأَنْ يَحْتَبِيَ الرَّجُلُ فِي ثَوْبٍ وَاحِدٍ كَاشِفًا عَنْ فَرْجِهِ أَوْ لَيْسَ عَلَى فَرْجِهِ مِنْهُ شَيْءٌ۔

عطاء بن یزید لیثی نے حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے دو قسم کی بیع اور دو قسم کے لباس سے منع فرمایا ہے۔ دونوں قسم کی بیع تو ملامسہ اور منابذہ ہے اور دو قسم کے لباس سے مراد ایک اشتمال صماء ہے اور دوسرا یہ کہ آدمی ایک کپڑے میں اس طرح ملفوف ہو جائے کہ شرمگاہ کھلی رہے اور اس کی شرمگاہ پر کپڑے کا کوئی حصہ بھی نہ ہو۔

١٥٨٣۔ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ أَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَزِيدَ اللَّيْثِيِّ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ

عطاء بن یزید لیثی نے حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ اس حدیث میں یہ بھی ہے کہ اشتمال صماء یہ ہے کہ ایک ہی

www.sirat-e-mustaqeem.com

النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِهٰذَا الْحَدِيْثِ زَادَ
وَاشْتِمَالُ الصَّمَّاءِ يَشْتَمِلُ فِي ثَوْبٍ وَاحِدٍ
يَضَعُ طَرَفَيِ الثَّوْبِ عَلَى عَاتِقِهِ الْأَيْسَرِ وَ
يَبْرُزُ شِقُّهُ الْأَيْمَنُ وَالْمُنَابَذَةُ أَنْ يَقُولَ
إِذَا نَبَذْتُ هٰذَا الثَّوْبَ فَقَدْ وَجَبَ الْبَيْعُ
وَالْمُلَامَسَةُ أَنْ يَمَسَّهُ بِيَدِهِ وَلَا يَنْشُرُهُ
وَلَا يُقَلِّبُهُ فَإِذَا مَسَّهُ وَجَبَ الْبَيْعُ۔

کپڑے کو اس طرح لپیٹ لے کہ اس کے دونوں کنارے بائیں کندھے پر رہیں اور دائیں جانب کھلی رہے۔ منابذہ یہ کہنا ہے کہ جب میں کپڑا تمہاری جانب پھینک دوں تو بیع واجب ہوگی۔ ملامسہ یہ ہے کہ اسے ہاتھ لگا دے۔ بغیر کھولے اور الٹ پلٹ کئے۔ پس جب ہاتھ لگا دیا تو بیع واجب ہو گئی۔

۱۵۸۴۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ نَا
عَنْبَسَةُ نَا يُونُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ أَخْبَرَنِي
عَامِرُ بْنُ سَعْدِ بْنِ وَقَّاصٍ أَنَّ أَبَا سَعِيْدٍ
الْخُدْرِيَّ قَالَ نَهَى رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ
وَسَلَّمَ بِمَعْنَى حَدِيْثِ سُفْيَانَ وَعَبْدِ الرَّزَّاقِ
جَمِيْعًا۔

عامر بن سعد بن ابی وقاص سے روایت ہے کہ حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے منع فرمایا ہے۔ یہ حدیث سفیان اور حدیث عبدالرزاق دونوں سے معناً مطابقت رکھتی ہے۔

۱۵۸۵۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ مَسْلَمَةَ عَنْ
مَالِكٍ عَنْ نَافِعٍ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ أَنَّ
رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْ
بَيْعِ حَبَلِ الْحَبَلَةِ۔

نافع نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حبل الحبلہ کی بیع سے منع فرمایا ہے۔

۱۵۸۶۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ نَا يَحْيٰى
عَنْ عُبَيْدِ اللهِ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ
صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهُ قَالَ وَحَبَلُ الْحَبَلَةِ
أَنْ تُنْتَجَ النَّاقَةُ بَطْنَهَا ثُمَّ تَحْمِلُ الَّتِي نُتِجَتْ۔

نافع نے حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: اسی طرح روایت ہے فرمایا کہ حبل الحبلہ یہ ہے کہ اونٹنی اپنے پیٹ کا بچہ جنے پھر وہ بچہ بڑا ہو کر حاملہ ہو جائے۔

بَابٌ ۱۸۱ فِي بَيْعِ الْمُضْطَرِّ۔

بیع مضطر کا بیان

۱۵۸۷۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِيْسٰى نَا هُشَيْمٌ
أَنَا صَالِحُ بْنُ عَامِرٍ قَالَ أَبُو دَاوٗدَ كَذَا قَالَ
مُحَمَّدٌ قَالَ نَا شَيْخٌ مِنْ بَنِي تَمِيْمٍ قَالَ خَطَبَنَا
عَلِيُّ بْنُ أَبِي طَالِبٍ أَوْ قَالَ قَالَ عَلِيٌّ قَالَ ابْنُ
عِيْسٰى هٰكَذَا حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ قَالَ سَيَأْتِي عَلَى
النَّاسِ زَمَانٌ عَضُوضٌ يَعَضُّ الْمُوسِرُ عَلٰى مَا
فِي يَدَيْهِ وَلَمْ يُؤْمَرْ بِذٰلِكَ قَالَ اللهُ تَعَالٰى وَ

محمد بن عیسیٰ، ہشیم، ابو صالح۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ اسی طرح کہا محمد! بنی تمیم کا ایک شیخ کہ حضرت علی بن ابو طالب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ہمیں خطبہ دیا یا یہ کہا کہ حضرت علی نے فرمایا۔ ابن عیسیٰ نے کہا کہ اسی طرح ہشیم نے حدیث بیان کی کہ: عنقریب لوگوں پر ایسا زمانہ آئے گا کہ کاٹنا عام ہوگا۔ دولت مند اپنے مال کو دانتوں سے پکڑے گا حالانکہ اسے اس بات کا حکم نہیں دیا گیا ہے جبکہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے: ایک دوسرے پر مہربانی کرنا نہ بھولو (۲:۲۳۷)

www.sirat-e-mustaqeem.com

لَا تَنْسَوُا الْفَضْلَ بَيْنَكُمْ وَيُبَايِعُ الْمُضْطَرُّوْنَ وَقَدْ نَهَى النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ بَيْعِ الْمُضْطَرِّ وَبَيْعِ الْغَرَرِ وَبَيْعِ الثَّمَرَةِ قَبْلَ اَنْ تُدْرِكَ۔

اور مجبوری میں لوگ بیع کریں گے اور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے منع فرمایا ہے مجبوری کی بیع سے، بیع غرر سے اور پھلوں کو حاصل ہونے سے پہلے بیچنے سے۔

باب ۱۶۲ فِي الشِّرْكَةِ۔

شرکت کا بیان

۱۵۸۸۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ الْمِصِّيصِيُّ نَا مُحَمَّدُ بْنُ الزِّبْرِقَانِ عَنْ اَبِي حَيَّانَ التَّيْمِيِّ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ رَفَعَهُ قَالَ اِنَّ اللهَ تَعَالٰى يَقُوْلُ اَنَا ثَالِثُ الشَّرِيْكَيْنِ مَالَمْ يَخُنْ اَحَدُهُمَا صَاحِبَهٗ فَاِذَا خَانَهٗ خَرَجْتُ مِنْ بَيْنِهِمْ۔

ابو حیان تیمی کے والد ماجد نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مرفوعاً روایت کی کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: میں دو ساجھیوں کے درمیان تیسرا میں ہوتا ہوں جب تک کوئی ایک اُن میں سے اپنے ساتھی سے خیانت کرے۔ جب وہ خیانت کرے تو میں درمیان سے نکل جاتا ہوں۔

باب ۱۶۳ فِي الْمُضَارِبِ يُخَالِفُ۔

مضارب کا خلاف ہدایت تصرف

۱۵۸۹۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا سُفْيَانُ عَنْ شَبِيْبِ بْنِ غَرْقَدَةَ قَالَ حَدَّثَنِي الْحَيُّ عَنْ عُرْوَةَ يَعْنِي ابْنَ اَبِي الْجَعْدِ الْبَارِقِيِّ قَالَ اَعْطَاهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دِيْنَارًا يَشْتَرِيْ بِهٖ اُضْحِيَّةً اَوْشَاةً فَاشْتَرٰى شَاتَيْنِ فَبَاعَ اِحْدٰهُمَا بِدِيْنَارٍ فَاَتَاهُ بِشَاةٍ وَدِيْنَارٍ فَدَعَا لَهٗ بِالْبَرَكَةِ فِي بَيْعِهٖ فَكَانَ لَوِ اشْتَرٰى تُرَابًا لَرَبِحَ فِيْهِ۔

حضرت عروہ بن ابوالجعد بارقی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اُنھیں ایک دینار عطا فرمایا قربانی کا جانور خریدنے کے لیے یا بکری کے لیے۔ پس اُنہوں نے اس کی دو بکریاں خرید لیں اور ایک بکری اُن میں سے ایک دینار کی بیچ دی۔ پس وہ بکری اور ایک دینار لے کر حاضرِ خدمت ہو گئے۔ آپ نے تجارت میں ان کے لیے برکت کی دعا فرمائی۔ پس وہ ایسے ہو گئے کہ مٹی بھی خریدتے تو اُس میں بھی نفع کماتے۔ ف

ف۔ حضرت عروہ بارقی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے قربانی کے لیے بکری لانے کے لیے ایک دینار لیا تھا لیکن اپنی تاجرانہ مہارت کے باعث قربانی کے لیے بکری بھی لے آئے اور دینار بھی بارگاہِ رسالت میں پیش کر دیا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اُن کے لیے دعائے برکت فرمائی تو انہیں تجارت میں حیرت انگیز منافع ہوتا ہے۔ معلوم ہوا کہ بزرگوں کی خدمت کر کے ان کی دعائیں لینا بڑی سعادت مندی ہے۔ جس سے دنیا و آخرت میں بڑے ثمرات حاصل ہوتے ہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

۱۵۹۰۔ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ الصَّبَّاحِ نَا اَبُو الْمُنْذِرِ نَا سَعِيْدُ بْنُ زَيْدٍ اَخُوْ حَمَّادِ بْنِ زَيْدٍ نَا الزُّبَيْرُ بْنُ الْخِرِّيْتِ عَنْ اَبِي لَبِيْدٍ حَدَّثَنِي عُرْوَةُ الْبَارِقِيُّ بِهٰذَا الْخَبَرِ وَلَفْظُهٗ مُخْتَلِفٌ۔

حسن بن صباح، ابوالمنذر، حماد بن زید کا بھائی سعید بن زید، زبیر بن خریت، ابولبید نے حضرت عروہ بارقی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے اس حدیث کو روایت کیا جب کہ اس کے الفاظ مختلف ہیں۔

۱۵۹۱۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيْرٍ الْعَبْدِيُّ

مدینہ منورہ کے ایک شیخ نے حضرت حکیم بن حزام رضی اللہ عنہ

أَنَا سُفْيَانُ حَدَّثَنِي أَبُو حُصَيْنٍ عَنْ شَيْخٍ مِنْ أَهْلِ الْمَدِينَةِ عَنْ حَكِيمِ بْنِ حِزَامٍ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَ مَعَهُ بِدِينَارٍ يَشْتَرِي لَهُ أُضْحِيَةً فَاشْتَرَاهَا بِدِينَارٍ وَبَاعَهَا بِدِينَارَيْنِ فَرَجَعَ فَاشْتَرَى أُضْحِيَةً بِدِينَارٍ وَجَاءَ بِدِينَارٍ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَتَصَدَّقَ بِهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَدَعَا لَهُ أَنْ يُبَارَكَ لَهُ فِي تِجَارَتِهِ۔

سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے انہیں ایک دینار دیا کہ آپ کے لیے قربانی خریدیں۔ اُنھوں نے ایک دینار کا جانور خرید لیا اور اُسے دو دینار میں بیچ دیا۔ دوبارہ گئے اور ایک دینار کا جانور خرید لیا۔ چنانچہ قربانی کا جانور اور ایک دینار لے کر نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو گئے۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اُسے خیرات کر دیا اور تجارت میں اُن کے لیے برکت کی دعا فرمائی۔ رف

ف۔ حدیث ۱۵۸۹ میں رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت عروہ بارقی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو ایک دینار دے کر قربانی کے لیے بکری منگوائی تو وہ اپنی تاجرانہ مہارت سے بکری اور دینار لے کر حاضر خدمت ہوئے یعنی ایک دینار کی دو بکریاں خرید لائے۔ راستے میں ایک بکری ایک دینار کی بیچ دی۔ لہٰذا دینار اور بکری لے کر بارگاہِ رسالت میں حاضر ہو گئے۔ اس حدیث میں رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت حکیم بن حزام رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو بکری خرید کر لانے کے متعلق ایک دینار دیا۔ اُنھوں نے جا کر ایک دینار کی بکری خریدی اور آتے ہوئے راستے میں دو دینار کی بیچ دی۔ پھر ایک دینار کی دوسری بکری خریدی اور بارگاہِ رسالت میں بکری اور ایک دینار لے کر حاضر ہو گئے۔ دونوں حضرات اپنی تاجرانہ مہارت سے دیا ہوا دینار بھی واپس لے آئے اور بکری بھی لائے۔ واللہ تعالیٰ اعلم

باب ۲۶ فِي الرَّجُلِ يَتَّجِرُ فِي مَالِ الرَّجُلِ بِغَيْرِ إِذْنِهِ۔

اجازت کے بغیر دوسرے کے مال سے تجارت کرنا

۱۵۹۲۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ نَا أَبُو أُسَامَةَ نَا عُمَرُ بْنُ حَمْزَةَ أَخْبَرَنَا سَالِمُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ عَنْ أَبِيهِ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ مَنِ اسْتَطَاعَ مِنْكُمْ أَنْ يَكُونَ مِثْلَ صَاحِبِ فَرَقِ الْأَرُزِّ فَلْيَكُنْ مِثْلَهُ قَالُوا وَمَنْ صَاحِبُ الْأَرُزِّ يَا رَسُولَ اللَّهِ فَذَكَرَ حَدِيثَ الْغَارِ حِينَ سَقَطَ عَلَيْهِمُ الْجَبَلُ فَقَالَ كُلُّ وَاحِدٍ مِنْهُمُ اذْكُرُوا أَحْسَنَ عَمَلِكُمْ قَالَ وَقَالَ الثَّالِثُ اللَّهُمَّ أَنْتَ تَعْلَمُ أَنِّي اسْتَأْجَرْتُ أَجِيرًا بِفَرَقِ أَرُزٍّ فَلَمَّا أَمْسَيْتُ عَرَضْتُ عَلَيْهِ حَقَّهُ فَأَبَى أَنْ يَأْخُذَهُ وَذَهَبَ فَثَمَّرْتُهُ لَهُ حَتَّى جَمَعْتُ لَهُ بَقَرًا وَرِعَاءَهَا فَلَقِيَنِي فَقَالَ

سالم بن عبداللہ کے والد ماجد نے فرمایا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ جو تم میں سے ایک فرق چاول والے کی طرح ہونا چاہے تو ہو جائے۔ لوگ عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ! وہ چاولوں والا کون ہے؟ پھر غار کی حدیث بیان کی جب کہ ان پر چٹان آگری تھی پس ان میں سے ہر ایک نے کہا کہ اپنا سب سے اچھا عمل یاد کرو۔ چنانچہ تیسرے نے کہا کہ اے اللہ! تجھے معلوم ہے کہ میں نے ایک فرق چاولوں کے بدلے ایک مزدور سے کام لیا تھا۔ شام کے وقت جب میں اس کا حق دینے لگا تو اس نے لینے سے انکار کر دیا۔ پس میں نے اُس کے لیے کاشتکاری کی۔ یہاں تک کہ اس سے گائیں اور چرواہے جمع ہو گئے۔ پس وہ مجھے ملا تو اُس نے کہا میرا حق ادا کر دو۔ میں نے کہا: لے جاؤ یہ گائیں

www.sirat-e-mustaqeem.com

أَعْطِنِي حَقِّي فَقُلْتُ اذْهَبْ إِلَى تِلْكَ الْبَقَرِ وَرِعَائِهَا فَخُذْهَا فَذَهَبَ فَاسْتَاقَهَا.

اور چرواہے آپ کے ہیں۔ پس اس نے وہ لے لیے اور ہانک کر لے گیا۔ ف

ف۔ مزدوری کے ایک فرق چاولوں سے زراعت کرنا۔ ان میں اتنی برکت ہونا کہ کتنی ہی گائیں اور چرواہے جمع ہو جانا۔ پھر ایک مدت کے بعد وہ سب اس مزدور کے حوالے کرنا امانت کو جائز طور پر بڑھانے کی نادر مثال ہے جس نے امتیازی نیکی کے طور پر بارگاہ خداوندی میں شرف قبولیت حاصل کیا۔ ایسی ہی نیکیاں ہیں جو آڑے وقت پر کام آتی ہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم

باب ۶۸۵ فِي الشَّرِكَةِ عَلَى غَيْرِ رَأْسِ مَالٍ.

راس المال کے بغیر ساجھی بننا

١٥٩٣ - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ مُعَاذٍ نَا يَحْيَى نَا سُفْيَانُ عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ اشْتَرَكْتُ أَنَا وَعَمَّارٌ وَسَعْدٌ فِيمَا نُصِيبُ يَوْمَ بَدْرٍ قَالَ فَجَاءَ سَعْدٌ بِأَسِيرَيْنِ وَلَمْ أَجِئْ أَنَا وَعَمَّارٌ بِشَيْءٍ.

ابو عبیدہ سے روایت ہے کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ میں اور حضرت عمار اور حضرت سعد اس میں شامل ہوئے جو غنیمت بدر سے ہاتھ آئے۔ حضرت سعد دو قیدی لائے جب کہ میں اور حضرت عمار کچھ نہ لا سکے۔

مزارعت کا بیان

باب ۶۸۶ فِي الْمُزَارَعَةِ.

١٥٩٤ - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ نَا سُفْيَانُ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ قَالَ سَمِعْتُ ابْنَ عُمَرَ يَقُولُ مَا كُنَّا نَرَى بِالْمُزَارَعَةِ بَأْسًا حَتَّى سَمِعْتُ رَافِعَ بْنَ خَدِيجٍ يَقُولُ إِنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْهَا فَذَكَرْتُهُ لِطَاوُسٍ فَقَالَ قَالَ لِي ابْنُ عَبَّاسٍ إِنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يَنْهَ عَنْهَا وَلَكِنْ قَالَ لِيَمْنَحْ أَحَدُكُمْ أَرْضَهُ خَيْرٌ مِنْ أَنْ يَأْخُذَ عَلَيْهَا خَرَاجًا مَعْلُومًا.

عمرو بن دینار کا بیان ہے کہ میں نے حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کو فرماتے ہوئے سنا کہ ہم مزارعت میں مضائقہ نہیں سمجھتے تھے یہاں تک کہ میں نے حضرت رافع بن خدیج کو فرماتے ہوئے سنا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس سے منع فرمایا ہے پس میں نے طاؤس سے اس کا ذکر کیا تو انہوں نے کہا کہ حضرت ابن عباس نے مجھ سے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس سے منع نہیں فرمایا ہے بلکہ یہ فرمایا ہے کہ اگر تم میں سے کوئی کسی کو اپنی زمین مزارعت پر دے تو اس سے بہتر ہے کہ رقم مقرر کر کے (ٹھیکے پر) دیا کرے۔

١٥٩٥ - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ نَا ابْنُ عُلَيَّةَ ح وَحَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا بِشْرٌ الْمَعْنَى عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ إِسْحَاقَ عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ ابْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَمَّارٍ عَنِ الْوَلِيدِ بْنِ أَبِي الْوَلِيدِ عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ قَالَ قَالَ زَيْدُ بْنُ ثَابِتٍ يَغْفِرُ اللَّهُ لِرَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ أَنَا وَاللَّهِ أَعْلَمُ بِالْحَدِيثِ مِنْهُ إِنَّمَا أَتَاهُ رَجُلَانِ قَالَ مُسَدَّدٌ مِنَ الْأَنْصَارِ ثُمَّ اتَّفَقَا قَدِ اقْتَتَلَا فَقَالَ رَسُولُ

ابو بکر بن ابو شیبہ، ابن علیہ۔ مسدد، بشر، عبدالرحمان بن اسحاق، ابو عبیدہ ابن محمد بن عمار، ولید بن ابو الولید، عروہ بن زبیر سے روایت ہے کہ حضرت زید بن ثابت رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ اللہ تعالیٰ حضرت رافع بن خدیج کی مغفرت فرمائے، خدا کی قسم، مجھے حدیث کا علم ان کی نسبت زیادہ ہے۔ حضور کی خدمت میں دو آدمی حاضر ہوئے تھے۔ مسدد نے کہا کہ انصار سے۔ پھر دونوں متفق ہو گئے۔ وہ دونوں آپس میں لڑ پڑے تھے پس رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جب تمہارا یہ حال

www.sirat-e-mustaqeem.com

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنْ كَانَ هٰذَا شَأْنُكُمْ فَلَا تُكْرُوا الْمَزَارِعَ، زَادَ مُسَدَّدٌ فَسَمِعَ قَوْلَهُ لَا تُكْرُوا الْمَزَارِعَ۔

ہے تو زمین کو کرائے پر نہ دیا کرو۔ مسدد نے یہ بھی کہا کہ انہوں نے صرف اتنی بات ہی سنی کہ زمین کو کرائے پر نہ دیا کرو۔

۱۵۹۶۔ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ نَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ أَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعْدٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عِكْرِمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ هِشَامٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ أَبِي لَبِيبَةَ عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ سَعْدٍ قَالَ كُنَّا نُكْرِي الْأَرْضَ بِمَا عَلَى السَّوَاقِي مِنَ الزَّرْعِ وَسَعِدَ بِالْمَاءِ مِنْهَا فَنَهَانَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ ذٰلِكَ وَأَمَرَنَا أَنْ نُكْرِيَهَا بِذَهَبٍ أَوْ فِضَّةٍ۔

عثمان بن ابوشیبہ، یزید بن ہارون، ابراہیم بن سعد، محمد بن عکرمہ بن عبدالرحمان بن حارث بن ہشام، محمد بن عبدالرحمان بن ابولبیبہ سعید بن مسیب نے حضرت سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے ہم اس زمین کو کرائے پر دے دیا کرتے تھے جو نالیوں کے کنارے پر تھی اور جن میں پانی پہنچ جاتا تھا۔ پس رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ہمیں ایسا کرنے سے منع فرمایا اور ہمیں حکم دیا کہ سونے اور چاندی کے بدلے کرائے پر دیا کریں۔

۱۵۹۷۔ حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُوسَى الرَّازِيُّ أَنَا عِيسَى نَا الْأَوْزَاعِيُّ ح وَحَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ نَا اللَّيْثُ كِلَاهُمَا عَنْ رَبِيعَةَ بْنِ أَبِي عَبْدِ الرَّحْمٰنِ وَاللَّفْظُ لِلْأَوْزَاعِيِّ قَالَ حَدَّثَنِي حَنْظَلَةُ بْنُ قَيْسٍ الْأَنْصَارِيُّ قَالَ سَأَلْتُ رَافِعَ بْنَ خَدِيجٍ عَنْ كِرَاءِ الْأَرْضِ بِالذَّهَبِ وَالْوَرِقِ فَقَالَ لَا بَأْسَ بِهَا إِنَّمَا كَانَ النَّاسُ يُؤَاجِرُونَ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَا عَلَى الْمَاذِيَانَاتِ وَأَقْبَالِ الْجَدَاوِلِ وَأَشْيَاءَ مِنَ الزَّرْعِ فَيَهْلِكُ هٰذَا وَيَسْلَمُ هٰذَا وَيَسْلَمُ هٰذَا وَيَهْلِكُ هٰذَا وَلَمْ يَكُنْ لِلنَّاسِ كِرَاءٌ إِلَّا هٰذَا فَلِذٰلِكَ زَجَرَ عَنْهُ فَأَمَّا شَيْءٌ مَضْمُونٌ مَعْلُومٌ فَلَا بَأْسَ بِهِ وَحَدِيثُ إِبْرَاهِيمَ أَتَمُّ وَقَالَ قُتَيْبَةُ عَنْ حَنْظَلَةَ عَنْ رَافِعٍ قَالَ أَبُو دَاوُدَ رِوَايَةُ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ عَنْ حَنْظَلَةَ نَحْوَهُ۔

ابراہیم بن موسیٰ رازی، عیسیٰ، اوزاعی، قتیبہ بن سعید، لیث ربیعہ بن ابوعبدالرحمن، حنظلہ بن قیس انصاری کا بیان ہے کہ میں نے حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے کرائے پر زمین دینے کے متعلق دریافت کیا جب کہ سونے چاندی کے بدلے ہو تو فرمایا کہ اس میں کوئی مضائقہ نہیں کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے مبارک زمانہ میں لوگ اجارہ کیا کرتے سیلابی جگہوں اور نالیوں کے کنارے والی زمینوں کا حالانکہ زراعت کبھی یہ ہلاک ہو جاتی اور وہ سلامت رہتی یا کبھی وہ ہلاک ہو جاتی اور یہ سلامت رہتی۔ لوگوں کے لیے کرائے پر دینے کی یہی صورت تھی اور اسی لیے اس سے روکا گیا اگر چیز محفوظ اور معلوم ہو تو اس میں کوئی مضائقہ نہیں اور حدیث ابراہیم زیادہ مکمل ہے۔ قتیبہ، حنظلہ نے حضرت رافع سے اسے روایت کیا ہے۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ یحییٰ بن سعید کی حنظلہ سے روایت بھی اسی طرح ہے۔

۱۵۹۸۔ حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ عَنْ مَالِكٍ

حنظلہ بن قیس کا بیان ہے کہ انہوں نے حضرت رافع بن

www.sirat-e-mustaqeem.com

عَنْ رَبِيعَةَ ابْنِ أَبِي عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ حَنْظَلَةَ بْنِ قَيْسٍ أَنَّهُ سَأَلَ رَافِعَ بْنَ خَدِيجٍ عَنْ كِرَاءِ الْأَرْضِ فَقَالَ نَهٰى رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ كِرَاءِ الْأَرْضِ فَقُلْتُ أَبِالذَّهَبِ وَالْوَرِقِ فَقَالَ أَمَّا بِالذَّهَبِ وَالْوَرِقِ فَلَا بَأْسَ بِهِ۔

خدیج رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے کرائے پر زمین دینے کے متعلق دریافت کیا۔ فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے کرائے پر زمین دینے سے منع فرمایا ہے۔ میں عرض گزار ہوا کہ کیا سونے چاندی کے بدلے دینے سے بھی فرمایا کہ سونے چاندی کے بدلے دینے میں کوئی مضائقہ نہیں ہے۔

www.sirat-e-mustaqeem.com

سنن ابوداؤد۔ جلددوم

جدول
(پاروں کے لحاظ سے)

نام پارہ	تفصیل ابواب	میزان ابواب	تفصیل احادیث	میزان احادیث	کیفیت
پارہ ۱۱	۱ تا ۴۰	۴۰	۱ تا ۱۴۶	۱۴۶	
۱۲	۴۱ تا ۹۸	۵۸	۱۴۷ تا ۳۱۹	۱۷۳	
۱۳	۹۹ تا ۱۴۶	۴۸	۳۲۰ تا ۴۶۰	۱۴۱	
۱۴	۱۴۷ تا ۱۹۴	۴۸	۴۶۱ تا ۵۷۳	۱۱۳	
۱۵	۱۹۵ تا ۲۶۷	۷۳	۵۷۴ تا ۷۲۲	۱۴۹	
۱۶	۲۶۸ تا ۳۶۱	۹۴	۷۲۳ تا ۸۷۶	۱۵۴	
۱۷	۳۶۲ تا ۴۲۳	۶۲	۸۷۷ تا ۹۹۲	۱۱۶	
۱۸	۴۲۴ تا ۴۹۹	۷۶	۹۹۳ تا ۱۱۵۳	۱۶۱	
۱۹	۵۰۰ تا ۵۳۰	۳۱	۱۱۵۴ تا ۱۲۷۰	۱۱۷	
۲۰	۵۳۱ تا ۶۰۳	۷۳	۱۲۷۱ تا ۱۴۲۹	۱۵۹	
۲۱	۶۰۴ تا ۶۸۶	۸۳	۱۴۳۰ تا ۱۵۹۸	۱۶۹	
	میزان	۶۸۶	×	۱۵۹۸	